UNIVERSAL
LIBRARY

OU_232780

UNIVERSAL
LIBRARY

الحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفى

درین دو رباعی بکت خطابه جامع جمیع حالات و معجزات از ابوالبشر تا خاتم الانبیاء صلی الله علیه و آله و سلم و حضرت حسنین علیهما السلام و ائمه طاهرین از روی آیات قرآنیه و احادیث نبویه و اقوال ادبا که در کتب سیر و تواریخ و ملفوظات صحیحه علماء ربانیین یافته شده

مسمی به

انوار الانبیاء فی تفریح الاذکیاء

جلد دوم

از تالیف لطیف زبده علما اسوه عرفا سوخته آتش جمال مصطفوی مولوی ابوالحسن صاحب مرحوم مغفور

حسب الحکم جناب مولوی محمد ابوالحسن صاحب حسب تحریک سعید زمن مولوی محمد احسن صاحب ادام الله فیوضهم بهادر مظفر شاهجهانپور مصنف

در مطبع نامی منشی نولکشور بحسن طبع رونق یافت

فہرست فوائد و بیانات تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا جلد دوم

صفحہ	مضمون		صفحہ	مضمون
۲	بیان نسب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	+	۴۶	بیان شرارت قریش
۳	فائدہ در بیان بعضے حالات اجداد		۴۸	بیان اولاد ولید ابن مغیرہ
	حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	+	۵۰	فضیلت صدیق اکبر
۶	بیان خواب عبد المطلب	+	۵۳	بیان ہجرت اولے جانب حبشہ
۹	فائدہ حفر چاہ زمزم	+	″	احوال ابو حذیفہ
۱۰	ذوائد تویبہ	−	۵۴	تقسیم سرزمین
″	دیدن عباس ابولیش را در خواب		″	بیان ہجرت حبشہ و عنایت نجاشی بادشاہ
″	ذکر حلیمہ سعدیہ		۵۵	اسلام امیر حمزہ
۲۲	ذکر شق صدر مبارک بتفصیل۔		۵۶	اسلام عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ
۲۶	وفات آمنہ خاتون		۵۸	بیان تسکتگی عہد نامہ
″	تحقیق اسلام ابوین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم		۵۹	وفات ابو طالب
۲۷	وفات عبد المطلب		″	وفات خدیجہ کبریٰ
″	سفر تجارت		۶۱	دعوت قبیلہ بنی بکر
۲۹	فائدہ عدم شرکت بحیرا		۶۵	قصہ مردے از مجاہد
″	بیان خلف الفضول		۶۷	ذکر معراج و ملاقات با انبیا مع دیگر کیفیات و معائنہ بہشت و دوزخ وغیرہ۔
۳۱	مہر و نکاح خدیجہ کبریٰ رضہ			
″	تحقیق ولیمہ		۸۴	تعین اوقات نماز
۳۴	اسباب خرابی بیت اللہ شریف		۸۵	بیان تفسیر آیہ وفی انفسکم
۳۵	ظہور نور وحی		۸۸	بیان بعضے عجائبات آسمان اول
۳۶	بیان بروں خدیجہ کبریٰ حضرت را نزد ورقہ		۸۹	بیان تصرف جن و شیاطین
۳۸	بیان حال نجاشی و قصہ تن نوفل		۹۰	بیان عجائبات آسمان دوم و سوم و چہارم
۳۸	طریق توجہ صوفیہ		۹۲	بیان عجائبات آسمان پنجم و ششم
۳۹	اقسام وحی۔ و کیفیت نزول آن		۹۳	بیان عجائبات آسمان ہفتم و سدرۃ المنتہیٰ
۴۲	بیان اختلاف در تاریخ نزول وحی		۹۰	بیان اختلافات در سال و ماہ تاریخ معراج شریف
″	قصہ اسلام ابو بکر صدیق رضہ		۱۰۶	قصہ وعظ مصعب ابن عمر
۴۵	پوشیدگی حضرت در شعب		۱۱۳	قصہ مسجد ضرار
۴۶	احوال ابولہب کافر		۱۱۴	حال آبادی مدینہ

صفحہ	مضمون
۱۱۹	وقائع سال اول ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	تعمیر مسجد مدینہ
۱۲۱	بیان طول وعرض منبر شریف
〃	بنا محراب
〃	فضائل مسجد مدینہ
〃	فرضیت نماز چہارگانہ
۱۲۳	روانگی زید ابن حارثہ
〃	اسلام سلمان فارسی
〃	عقد مواخات
〃	زفاف حضرت عائشہ صدیقہ
〃	شروع صیغہ اذان
۱۲۵	وفات اسعد وغیرہ از سال اول
〃	وقائع سال دوم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم روز عاشورا
〃	شروع جہاد
۱۲۶	بیان تعلیم طریق جہاد
۱۴۱	بیان اسماء مقتولان بدر
۱۴۸	آمد استمگی لشکر اسلام
〃	ذکر قتل شیبہ وعتبہ ووولید
〃	ذکر قتل ابوجہل ملعون
۱۵۳	روانگی زید ابن حارثہ برائے بشارت فتح
〃	شورہ در باب اسارے
〃	رہائی ابوالعاص
۱۵۴	آمد حضرت زینب
۱۵۶	سریہ غالب ابن عبداللہ لیثی
۱۵۸	قتل کعب
〃	سریہ محمد ابن مسلمہ
۱۶۰	وقائع سال سوم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	غزوہ بحران
〃	نکاح حضرت حفصہ وام کلثوم وزینب
〃	تولد امام حسن علیہ السلام

صفحہ	مضمون
۱۶۲	قتل طلحہ
〃	بہادری ابودجانہ
۱۶۵	شہادت عبداللہ ابن زبیر وابن سکن وامیر حمزہ ومصعب ابن عمیر
۱۶۶	شہادت نضر ابن النضیر
۱۶۲	قتل ابی ابن خلف
۱۸۶	حرمت شراب
〃	بیان اختلاف احادیث شراب
〃	تحقیق اہل حدیث در باب شراب
〃	بیان حرمت بنگ
۱۹۵	بیان حرمت نان پاو
〃	وقائع سال چہارم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	وفات عبداللہ ابن عثمان وفاطمہ بن اسد
〃	تولد امام حسین رض
〃	نکاح ام سلمہ
۱۸۹	غزوہ بدر موعد
〃	قصہ شتر جابر رضی اللہ عنہ
〃	استحباب نکاح باذن باکرہ
〃	وقائع سال پنجم ہجرت صلے اللہ علیہ وسلم
۱۹۵	قصہ افک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
۲۰۱	ذکر سلیمان
۲۰۳	احوال نظر بد
۲۱۵	وقائع سال ششم عرب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	غزوہ شعبان
۲۱۸	بیان سرایا وغیرہ
۲۲۱	معجزہ زیادتی آب
۲۲۲	قصہ بیعت رضوان
۲۲۳	بیعت غائبانہ حضرت عثمان
۲۲۴	سنت بودن بیعت صوفیہ
〃	حاصل شرائط در صلح حدیبیہ
〃	واپس کردن ابوجندل

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۲۲۶	ذکر موے مبارک	۲۷۴	اسلام کعب
۲۳۷	آمدن زبان مہاجرین	۲۷۵	بیان استباحت گناہ
۲۳۸	بیان فسخ نکاح مومنہ و کافرہ	〃	ذکر قتل دختر حمزہ
۲۴۰	حال نزول سورۂ انفطرنا	۲۷۶	سریہ خالد ابن ولید
〃	ذکر ابو جندل و عبید و برہ ما دران	۲۷۷	فراری سلیم وغیرہ۔
〃	بیان اختلاف در کتابت لفظ عبد اللہ	〃	فتح غزوہ حنین
۲۴۰	اختلاف در مدت مصالحہ با کفار	۲۷۸	آمد ملائک
〃	بیان فضائل بیعۃ الرضوان	〃	غزوۂ اوطاس
〃	قصہ صلوٰۃ الاستسقا	۲۷۹	اسیری شیمہ بنت خلیمہ
۲۴۳	عذرات افطار صوم	〃	سریہ طفیل
〃	وقائع سال ہفتم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	〃	غزوۂ طائف
۲۴۴	بیان حیاۃ آدمیان	۲۸۰	شکایت و عہد انصار
۲۵۲	معجزہ رد شمس	۲۸۲	قصہ ابن رد واس
۲۵۳	اخلاق و شمائل حضرت صلے	۲۸۳	دلیل اول حرمت متعہ
〃	اسلام ابو ہریرہ	〃	دلیل دوم و سوم و چہارم
〃	قصہ لیلۃ التعریس	۲۸۴	احادیث اہلبیت در حرمت متعہ۔
۲۵۴	اخلاق و شمائل حضرت صلے	۲۸۶	نکاح حضرت از فاطمہ کلابیہ
〃	بیان سرایا و مجاہدین	۲۸۷	وقائع سال نہم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۲۵۵	فضیلت حضرت جعفر طیار	〃	سریہ ابن بشر ابن سفیان
〃	نکاح حمادہ	〃	سریہ عیینہ ابن حصین
〃	وقائع سال ہشتم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	〃	سریہ خالد
۲۵۶	بیان اسلام خالد ابن ولید	۲۸۹	سریہ عباد
۲۶۵	بیان حاضر شدن ابو سفیان	〃	سریہ عبد اللہ
۲۷۰	نزول آیہ در شان حضرت بلال	〃	بیان غزوہ تبوک
۲۷۲	اسلام عکرمہ	۲۹۳	آمد وفدنی آسید
〃	قتل حویرث	〃	بیان اختزال النسا
〃	قتل بقیس [illegible]	〃	تعریف حدیث مرسل
〃	اسلام ابیار بن اسود	۲۹۴	وفات نجاشی
۲۷۳	اسلام صفوان	〃	وفات کلثوم
〃	قتل حارث بن طلاطلہ	۲۹۵	ضمان ہلال ابن امیہ

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۲۹۶	وقائع سال دہم ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	۳۴۳	احوال حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا
〃	سریہ خالد	〃	احوال حضرت زینب رضی اللہ عنہا
〃	سریہ علی مرتضی	〃	احوال حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
〃	گرفتاری دختر حاتم	۳۴۵	احوال و فضائل زید
〃	ظہور ذی الخلصہ در زمان آخر	۳۴۶	احوال حضرت صفیہ
〃	آمد وفد ابن حارث	۳۴۷	احوال ریحانہ
〃	سریہ جریر	۳۵۰	ذکر سراری
۳۰۱	تحقیق لفظ مباہلہ	〃	تفصیل ازواج
〃	بیان حجۃ الوداع	۳۵۱	بیان حرمت امہات المومنین
۳۰۲	ذکر تلبیہ	〃	بیان غیرت و رشک ازواج مطہرات
۳۰۳	معاودت علی مرتضے	۳۵۳	اختلاف در فضیلت فیما بین حضرت عائشہ و خدیجہ کبریٰ رض
〃	بیان جمع بین الصلوتین	۳۵۴	احوال اولاد حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	بیان حرمت نوحہ وغیرہ مع دیگر احکام	۳۵۵	اثبات کسوف
۳۰۴	تقسیم موے مبارک	〃	ابطال قاعدہ اہل تنجیم
۳۰۵	بیان اختلاف صحابہ	۳۵۶	ذکر بنات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۳۰۶	تولد محمد ابن ابی بکر	۳۵۷	ذکر ہلاکت عتبہ
۳۰۷	اخبار آنحضرت از وفات خود	۳۵۹	بیان وجہ لقب بتول و زہرا
۳۱۰	تشریف حضرت جبرئیل علیہ السلام	۳۶۰	نکاح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا
〃	وقائع سال یازدہم ہجرت صلے اللہ علیہ وسلم	۳۶۲	قصہ ارادہ نکاح علی مرتضے با غوار
〃	دعا برائے اموات بقیع	۳۷۰	فضائل امامت حضرت صدیق اکبر رض
۳۱۵	بیان اختلاف در یوم لحوق مرض	۳۷۲	احوال حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ
〃	فائدہ بیان اشکال در یوم وفات	〃	وجہ لقب امیر المومنین
۳۱۶	بیان وفات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	۳۷۳	اجرار حذر نا برابو تحمہ
〃	رفع شبہہ	۳۷۸	احوال حضرت عثمان ذی نورین رض
۳۱۸	بیان اختلاف در دفن وغیرہ	۳۸۴	احوال و فضائل حضرت علی مرتضے رض
۳۲۴	فوائد درود شریف	۳۸۵	وجہ بودن لقب حضرت مشکل کشا
۳۳۲	مواضع درود خواندن	۳۸۶	وجہ لقب تراب
۳۳۴	توضیح در مرض حضرت صلے اللہ علیہ وسلم	۳۸۷	قصہ شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۳۳۹	توضیح احوال خدیجہ کبریٰ رضی اللہ عنہا	۳۹۰	سوانح عجیبہ شہادت حضرت امیر المومنین
۳۴۱	احوال حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	۳۹۱	توضیح در بیان عم و عمات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم

صفحہ	مضمون
۳۹۲	توضیح مرضعات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	توضیح مولی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۴۰۵	توضیح در بیان اصحاب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۴۰۷	احوال و فضائل اویس قرنی رحمہ اللہ
〃	سرور بقا روانع برص
۴۰۸	شہادت حضرت اویس قرنی
〃	دعاے حضرت اویس قرنی بحق حضرت عمر و علی
〃	توضیح در بیان معجزات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۴۵۸	قصیدہ نعتیہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۴۷۲	بیان عبادت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	بیان فضائل غیر مشترکہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	بیان شفاعت کبرے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۴۷۴	بیان حال قیامت اجمالاً
〃	توجیہ قول جلال الدین سیوطی
۴۷۶	بیان آثار قیامت کبرے
〃	بیان دجال علیہ اللعنۃ
۴۷۸	بیان تشریف آوری حضرت عیسے علیہ السلام
〃	بیان خروج یاجوج و ماجوج
۴۷۹	بیان مقابلہ نصاریٰ
۴۸۰	بیان امام مہدی علیہ السلام
〃	بیان حدوث دخان
۴۸۶	شمار دمان زیر عرش
۴۸۷	حساب دواب و انعام
۴۸۹	بیان ملاحظہ نامۂ اعمال بندگان
〃	بیان حال میزان
〃	بیان حال پل صراط
〃	بیان عبور بر پل صراط
۴۹۰	بیان حوض کوثر
〃	بیان کشادگی فضاے بہشت
〃	بیان انبیاے علیہم السلام

صفحہ	مضمون
۴۹۰	احوال دوزخ و بہشت
۴۹۱	ذبح شدن موت
〃	بند شدن دروازہ جنت و نار
〃	بیان بہشت و دوزخ مختصراً
〃	فضائل منازل بہشت مطابق آیات قرآنیہ
〃	بیان فضیلت زوجہ بر حور بہشت
〃	بیان حور بہشت
۴۹۳	بیان خدام بہشت
〃	بیان راکب بہشت
〃	بیان ملاقات احباب بہشت
〃	بیان قد و قامت اہل بہشت
〃	بیان دیدار الٰہی جل شانہ بروز جمعہ
۴۹۴	بیان انکار رویۃ حضرت حق از روافض و معتزلہ
۴۹۷	بیان وفات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
〃	بیان اہل حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۵۰۰	ذکر شہادت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
۵۰۹	حال خلافت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ
۵۲۳	شمار معاویہ در ملوک
۵۴۹	بیان حرہ
۵۵۵	احوال ابن زیاد
۵۵۸	ذکر حجاج ظالم
〃	حال عبد الملک بن مروان
۵۵۹	حال عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ
〃	بیان سنت بودن تخنیک
۵۶۱	بیان اسمار و حالات دوازدہ امام مشہور بتفصیل

الحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفى

درین روزگار کتاب برکت خطاب جامع جمیع حالات و معجزات از ابو البشر آدم تا خاتم الانبیاء شمائل حضرت حسنین علیهم التحیة والثنا
از روی آیات قرآنیه و احادیث نبویه و اقوال اولیاکه در کتب سیر و تواریخ و ملفوظات صحیحهٔ علماء و مشائخین یافته شده

مسمّی به

احوال الانبیاء فی تفریح الاذکیاء

جلد دوم

از تالیف منیف زبدهٔ علما اسوهٔ عرفا سوخته آتش جمال مصطفوی مولوی **ابو الحسن** حسن مجتهم کاکوروی

تصحیح جناب مولوی **محمد ابو الحسن** صاحب و تحریک و تحریر من مولوی **محمد احسن** صاحب پیشکار ڈسٹرکٹ بہادر ضلع الہ آباد جناب مصنف مرحوم و مغفور

در مطبع نامی منشی نولکشور بحسن طبع و رقی یافت

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين والعاقبة للمتقين والصلوة على رسوله محمد وآله واصحابه واتباعه اجمعين

تتمه در احوال جناب رسالت مآب مستغنی از القاب حضرت سرور کائنات اول مخلوقات اشرف
برایات افضل موجودات خاتم الانبیاء والمرسلین شفیع المذنبین والعاصیین مقصود الطالبین
مطلوب العاشقین حبیب الداریں محبوب الثقلین ابن احمد مجتبی احمد مصطفی صلی الله علیه وعلی آله و
اصحابه وسلم نسب شریف اہل تحقیق نے اسطرح لکھا ہے کہ ابو القاسم محمد بن عبد الله بن شیبة
الحمد ابو الحارث عبد المطلب ابن عمرو الملقب بہاشم بن مغیرہ عبد مناف بفتح المیم المکنی بابی عبد الشمس
ویقال له القمر ایضا لکثرة الحسن والجمال بن قصی بضم القاف وفتح الصاد المہملة وتشدید التحتانیة
بصیغة التصغیر ویقال له زید ویزید ویلقب بالمجمع بن کلاب بکسر الکاف العربی اسمه الحکیم او عروه
بن مرة بضم المیم وتشدید الراء المہملة بن کعب بفتح الکاف وسکون العین المہملة لوی بضم اللام و
فتح الواو وتشدید التحتانیة بن غالب بفتح الغین المعجمة وکسر اللام بن فہر بکسر الفاء وسکون الہاء
ویلقب اقریش عند البعض بن مالک بن النضر بفتح النون وسکون الضاد المعجمة ویلقب بقریش عند البعض
بن کنانه بکسر الکاف وفتح النون ویلقب قریش عند البعض بن خزیمه بضم الخاء المعجمة وفتح الزاء المنقوطة

علی صیغۃ التصغیر بن مدرکہ بضم المیم وسکون الدال وکسر الراء المہملۃ علی صیغۃ اسم الفاعل من الادراک اسمہ عامرا وعمر بن الیأس بکسر الہمزۃ علی قول ابن الانباری وبفتحہا عند البعض اشتق من الیاس ضد الرجاء والہمزۃ للوصل ہو قول القاسم ابن الثابت والسہیلی بن مضر بضم المیم وفتح الضاد المعجمۃ بن نزار بکسر النون وفتح الزاء المعجمۃ المکنی بابی رمثۃ وابی ایاد بن معد بضم المیم وفتح العین المہملۃ او بفتح المیم وسکون المہملۃ وتشدید الدال کذا فی الکرمانی بن عدنان بفتح العین المہملۃ وسکون الدال المہملۃ کذا فی الوان الادب یہان تک اتفاق ہی بعد اسکے تا حضرت ابو البشر آدم علیہ السلام اختلاف بسیار چنانچہ بعضے تا حضرت اسمٰعیل علیہ السلام تین سو سے غیر مشہور بیان کرتے ہین اور بعضے چار اور بعضے اور بھی اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے تا حضرت آدم بھی اختلاف ہی اور کوئی روایت بلا معارض ثابت نہین ہوتی فالسکوت عن الذکر اولے بلکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب عدنان پر پہونچتے توقف فرماتے تھے رواہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کذا فی مسند الفردوس وقال ابن مسعود والسہیلی کذب النسابون الی بافوق عدنان و حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مین عدنان تک پہونچ کر سکوت کرتا ہون کہ بالاتر اس سے نہین جانتا مگر اہل سیر و تواریخ متفق ہین کہ حضرت اسمٰعیل و ابراہیم و نوح و ادریس و شیث علیہم السلام اجداد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین داخل ہین اور جو بہ شب معراج حضرت ادریس نے فرمایا مرحبا بالاخ والنبی الصالح سو یہ از روے تواضع ہی اور سنن بیہقی مین ابن عباس رضہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ میری پشت مین سفاح جاہلیت کو دخل نہین ہی اور امیر المؤمنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ آدم سے میرے والدین تک میرے سلسلۂ نسب مین ہرگز سفاح جاہلیت کا لگاؤ نہین ہوا اور والدہ آپ کی آمنہ بنت وہب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب بن مرہ تھین قائدہ عدنان سردار قوم تھے اشہر اولاد آپ کے معد بمعنی نمر تازہ نبت البوقضاعہ اشہر اولاد اسکی قضاعہ و آباد و نزار آثار النبوۃ مین ہی کہ نزار مشتق از نز بمعنی اندک انکی پیشانی مین نور محمدی چمکا تو معد خوش ہوا اور فقرا و مساکین کو الطعام والباس سے مسرور کیا اور فرمایا کہ جو کچھ صرف کیا جائے اس مولود کے حق مین اندک و قلیل ہی اسی رعایت سے نام نزار ہوا نزار کی اولاد مشہور تر و لائق تر مضر تھے کہ شریعت ابراہیمی انکے سبب سے رونق پکڑی اول فدا شتر جہت خانہ کعبہ و حدا شتر انھین نے جا ہی کیا ہی لقب الیاس ہوے اور دیدۂ البون بعد از یاس انکے جمال باکمال سے روشن ہوے و لہذا اسمی ما الیاس وفات انکی بیماری سل سے ہوئی ہی اور صحیح یہ ہی کہ ہدیہ کعبہ کو اونٹ اول الیاس نے بھیجے تھے

یہ بھی متبع و مروج شریعت ابراہیم علیہ السلام تھے اور الیاس کی اولاد مشہورہ مین مدرکہ ہین کہ انھون نے
اپنے آبا و اجداد کی بزرگی و شرافت بوجہ کمال حاصل کی ولہذا انکی بہ اور بہا رہوز مدرکہ ہین بنا بر
مبالغہ ہی کما ہو متعارف فی العرب اور انسے خزیمہ ہوے یہ بھی سردار قوم تھے اور قنانہ ملت حنفیہ
انسے کنانہ ہوے موصوف بصفات حسنہ خصوصاً صفت سخاوت و وسعت اخلاق اس مرتبہ تھی
کہ اوقات تنگدستی مین بھی بذل و ایثار مین دریغ نہ کرتے تھے آخر حیات مین انھون نے اولاد کو
وصیتین بہت فرمائین از انجملہ یہ بھی تاکید فرمائی کہ نور محمدی صلعم کو ارحام طاہرہ مین انتقال
کرتے رہو انکی اولاد مشہور سے نضر بین کنیت انکی ابو النضر ہی روایت ہی کہ نضر بن کنانہ
ایک روز سوتے تھے کسی نے پکارا یا نضر تجھکو خوشخبری دیا گیا درمیان ملک ظاہری
اور عزت سرمدی کی نضر نے کہا کلا یارب قد اخبرت ما یبقی الا بد بعضے اہل تاریخ لقب انکا قریش
بیان کرتے ہین اور وجوہ تسمیہ مین کئی توجیہین لکھتے ہین اول یہ کہ قریش ایک جانور بزرگ ہی
دریا مین کہ وہ مچھلیان کھایا کرتا ہی اور اسکو کوئی نہین کھاتا جسطرح صراح مین ہی موجب
نضر نے اکثر قوم عرب پر استیلا پایا تب انکو قریش کہنے لگے دوسرے قریش ماخوذ ہی تقریش سے
اور تقریش بمعنی تفتیش ہی نضر کا یہ دستور تھا کہ جب ایام حج مین خلق کثیر جمع ہوتی تو یہ حسن خلق
فقرا و مساکین کو تلاش کرکے کچھ دیا کرتے تھے اس سبب سے قریش کہلائے تیسرے یہ کہ قریش
مشتق ہی قرش بمعنی کسب سے اور نضر کا یہ دستور تھا کہ اپنی قوم کو اکثر بار تجارت بھیجا کرتے تھے
لہذا انکی بقریش پکارتے تھے قرش بمعنی جمع کردن و فراہم کردانیدن آیا و نضر نے اپنی اولاد کو عرب مین
جمع کیا اسلیے قریش کہلائے وہذا الوجہ صحیح جدا روایت ہی کہ وقت وفات نضر نے اپنی اولاد کو
جمع کرکے اکثر نصائح فرمائے اور مالک کو ولیعہد کہا اور مالک نے وقت وفات فہر کو نصائح کرکے
قوم کا سردار گردانا اور فہر نے غالب اپنے بیٹے کو وصی کیا اور غالب بمعنی شدت و سختی اور مرجع
جمیع آیا ہی اور غالب نے لوئی کو مرجع . لمجاے قوم وقت وفات قرار دیا اور لوی نے کعب کو کہ یہ
اپنے وقت مین بڑے سردار و مرجع جمیع امور تھے اور انکی اولاد مین مرۃ نامور ہوے کہ بروز جمعہ
قریش کو جمع کرکے نصیحت کرتے تھے اور کہتے تھے کہ میری اولاد سے پیغمبر آخر الزمان پیدا ہوگا انکی
متابعت کرنا اور ایمان لانا تمپر واجب ہی یہ بات مین نے اپنے آبا و اجداد سے سنی ہی اور تمکو وصیت
کرتا ہون کہ نطفہ زکیہ نبویہ کو ارحام طاہرات مین تفویض کرو اور انکا یہ دستور تھا کہ سال قحط مین
فقرا اور مساکین کو کھانا کھلاتے تھے اور وقت وفات اولاد کو جمع کرکے انواع وجوہ سے بنا بر

احوال کلاب

صیانت نور محمدی وصایا کیے اور کلاب کو ولیعہد گردانا اور کلاب بمعنی ہمدگر خصومت کرنے کے آیا ہی یہ جمع ہی کلب کی و کلب بالفتح بمعنی سگ ہی اور مراد اس سے معنی کثرت کے ہین اور داب عرب تھا کہ اس قسم کے نام اولاد کے جسطرح کلاب سباع واسطے تخویف وتحذیر دشمنون کے رکھتے تھے اور نام غلامون کے مانند مرزوق ورباح واسطے محبت اپنی کے رکھے تھے جب کہ وفات قریب پہونچی تو قصی نے اسی بیٹے کو سردار کیا اور قصی تصغیر قصی کہ اذرعی لغت بمعنی بعید ہی اور وجہ تسمیہ یہ ہوئی کہ بعد وفات پدر مع اپنی مان سمانہ فاطمہ کے بلاد قضاعہ حدود شام مین اقامت پذیر ہوے اور وطن سے دور پڑے تھے

احوال قصی

اور چونکہ انکے سبب بنے قریش بعد از پریشانی[1] کہ مین مجتمع ہوے اس جہت سے مجمع کہلائے دار الندوہ انھین کا بنایا ہوا ہی اسی مکان مین قریش کے اشراف جمع ہوکر مشورت کرتے تھے چنانچہ یہ بات جناب رسالت پناہ کے وقت تک باقی تھی اور دار الندوہ بمعنی مجلس قوم وجاے سخن ہی اور ندوہ از روے لغت بمعنی سخن گفتنی دندی ونادیہ بمعنی مجلس روایت ہی کہ قصی نے ایک روز اپنے اہل بیت کو جمع کرکے تقوی اور پرہیزگاری کی وصیت فرمائی اور غضب الٰہی سے ڈرایا بعد اسکے ہر ایک بیٹے کو ایک ایک کام پر معین کیا چنانکہ عبد الدار کو علم داری اور دربانی کعبہ کی عنایت کی اور ضیافت اور مہمانی حاجیان ام القری کے تفویض کی اور نقابت وایالت وامارت وسرداری عبد مناف سے متعلق کردی اُنکے چار بیٹے ہوے ہاشم جو عبد اللہ اور عبد الشمس جد بنی اُمیہ اور نوفل جد جبیر بن مطعم ومطلب جد اعلی امام شافعی ہین روضۃ الاحباب مین ہی کہ ہاشم اور عبد الشمس توام پیدا ہوے تھے اور دونون کی پیشانیون ملی ہوئین تھین تلوار سے جدا کی گئین کہ وہی تلوار دونون مین رہی چنانچہ حضرت صلعم مین اور ابو سفیان مین اور علی مرتضی اور معاویہ مین اور امام حسین رضی اللہ عنہ اور یزید علیہ مایستحقہ مین ظاہر ہوئی وقت وفات عبد مناف نے

احوال ہاشم

سرداری قوم ہاشم کو سپرد کی وجہ تسمیہ ہاشم یہ ہی کہ ہشم بمعنی نان ریزہ کردن آیا ہی انکا دستور تھا کہ قحط کے دنون مین دیار شام مین روٹیان اونٹون پر لاد کر لاتے اور دو اونٹ ذبح کرکے پکاتے اور خشک روٹیون سے ثرید بناکر لوگون کو کھلاتے تھے اول عرب مین طریقہ ضیافت انھین نے جاری کیا ہی اور سخاوت انکی ضرب المثل ہی انکی پیشانی سے نور محمدی چمکتا تھا نام انکا عمرو العلی ہی اور ہاشم لقب آخر عمر مین مسماہ سلمی بخاریہ بنت عمرو بخاری سے مدینے مین نکاح کیا کہ اُنسے عبد المطلب پیدا ہوے تب ہاشم جانب شام تشریف فرما ہوے اور بمقام غزہ یا غرفہ کہ متعلقات دمشق سے ہی وفات پائی اور وقت مرنے اپنے بھائی مطلب سے وصیت کی کہ کمان اسمعیل وعلم نزار وکلید خانۂ کعبہ شریف بدا

لڑکے کو جسکا نام شیبہ ہی عنایت کرنا اور بعضے کہتے ہین کہ ہاشم نے قبل ولادت عبد المطلب کے
وفات پائی اور وقت رحلت جوان تھے تین بیٹے موجود تھے ایک اسد پدر مادر علی مرتضیٰ دوم
فضیلہ سوم صیفی اور بعد وفات ہاشم عبد المطلب پیدا ہوے نام اُنکا شیبہ اس سبب سے ہوا کہ نکے
سر مین سب سفید بال تھے یا ایک بال سفید تھا اور بعد بلوغ بسبب کثرت محامد شیبۃ الحمد
کہلائے اور عبد المطلب کہلانے کی وجہ جمہور کے نزدیک یہ ہی کہ ایک شخص قوم قریش کا
بعد وفات ہاشم مدینے مین آیا اور اُسنے ایک لڑکے کو تیر چلاتے دیکھا اور وہ کہتا تھا انا ابن ہاشم
جب وہ شخص مکے مین آیا تو اُسنے حرم کعبے مین مطلب بن مناف سے ملاقات کر کے کہا جو کچھ
دیکھا اور سُنا تھا مطلب اسی مقام سے اونٹ پر سوار ہو کر مدینے مین پہونچا اور شیبۃ الحمد کو
بلا اطلاع اُنکی مان کے لے چلا چونکہ شیبہ جامۂ کہنہ پہنے ہوے تھے تو جو کوئی راہ مین مطلب سے پوچھتا
یہ کون ہی وہ کہتے کہ میرا غلام ہی جب مکے مین پہونچے تو پوشاک نفیس پہنا کے مجلس قوم مین لائے
اور حال مفصل بیان کیا اُسدن سے شیبہ عبد المطلب کہلائے اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ بعد
وفات ہاشم شیبہ کو مطلب نے پرورش کیا اور دستور تھا کہ جو کوئی کسی یتیم کو پرورش کرتا تھا
وہ یتیم اُسکا غلام کہلاتا تھا اس سبب سے عبد المطلب کہلائے ولاخلاف بین الرواۃ مین درج الدرہ
مین ہی کہ عبد المطلب کے بارہ بیٹے ہوے اور چھ بیٹیان ہوئین عبد اللہ و ابو طالب و زبیر
و عبد الکعبہ چار پسر اور مسماۃ بیضاء و امیمہ و برہ و عاتکہ چار دختر مسماۃ فاطمہ بنت عمر مخزومیہ سے
اور حمزہ سید الشہدا و مقوم و جحل بتقدیم الجیم علی الحاء المہملہ و بالعکس کہ اسکو عبد وس اور مغیرہ بھی
کہتے ہین اور مسماۃ صفیہ دختر بطن مسماۃ ہالہ بنت وہب ابن عبد مناف سے اور عباس و ضرار و قثم مسماۃ نتیلہ
بنت جناب سے اور حارث و ابو لہب جسکا نام عبد العزی تھا اور مسماۃ اروی مسماۃ صفیہ باقیلہ بنت
جندب سے کذا فی المواہب اور روضۃ الاحباب مین اروی کو سقیہ عبد اللہ لکھا ہی اور ابو لہب جسکا نام
عبد اق یا عبد العزی تھا بطن لبنی بنت ہاجر سے شمار کیا ہی اور عبد اق کو تیرھوان بیٹا لکھا ہی واضح ہو
کہ حارث پسر عبد المطلب سب سے بڑا تھا یہی شخص حفر چاہ زمزم مین عبد المطلب کا شریک تھا
اسی کے بیٹے ابو سفیان و مغیرہ و نوفل تھے سوا ابو سفیان و نوفل ایمان لائے تھے اور یہ ابو سفیان غیر پدر
معاویہ ہین اور ان لوگون مین سے ضرار و قثم و جحل کے کوئی اولاد نہین ہوئی اور بعضون کے نزدیک قثم حارث کا
بھائی مادری تھا صغر سنی مین مر گیا تھا ابن جوزی نے لکھا ہی کہ قبل پیدا ہونے عبد اللہ پدر رسول اللہ صلعم کے
ایک دن عبد المطلب نے خواب دیکھا کہ میری پشت سے ایک نخیر نورانی نکلی کہ اسمین چار طرفین ہین

ایک طرف جانب آسمان چلی اور دوسری طرف جانب زمین اور تیسری طرف سمت مشرق اور چوتھی جانب مغرب اور وہ زنجیر ایسی تابان و روشن و پرنور ہو کہ نگاہ کو تاب اُسکی رویت کی نہیں ہو پھر وہ زنجیر ایسی بڑھی کہ برابر ایک درخت کے سرسبز و شاداب ہو گئی اور ہر طرح کے میوے لگے اُسمیں نظر آئے اُسکے سائے میں دو شخص مہیب صورت کشیدہ قامت کھڑے ہوے دیکھ پڑے میں نے اُنسے پوچھا تم کون ہو ایک نے کہا ہم نوح نبی اللہ علیہ السلام ہیں دوسرے نے کہا میں ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ہوں اور کہا ہم اسلیے آئے ہیں کہ اس درخت کے سائے میں آرام لیں اور مژدہ ہو تمکو اے عبد المطلب اس خواب سے پھر میں خواب سے اُٹھ کر خوفناک و ترسناک باہر گیا اور قریش کے کاہنوں سے اُسکی تعبیر پوچھی کاہنوں نے کہا کہ اے عبد المطلب تیرے صلب سے ایسا شخص پیدا ہوگا کہ جسپر تمام اہل آسمان و اہل ارض ایمان لائینگے اور باعث رحمت ایک قوم اور سبب خرابی دوسری قوم کا ہوگا بالجملہ بعد وقوع اس واقعے کے عبد المطلب نے مسماۃ فاطمہ مخزومیہ بنت عمر بن عابد مخزومی سے نکاح کیا اُنسے عبد اللہ والد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پیدا ہوے عبد المطلب نے جانا کہ یہ لڑکا خواب والا ہے لیکن جو پوتا حکم بیٹے کا رکھتا ہے ظہور اُس خواب کا پشت عبد اللہ سے ہوا اور جب عبد اللہ جوان ہوے تو قطع نظر از پاکی طینت بڑے زور آور پہلوان تیرانداز بس خلیق و کریم و مجمع صفات کمالات و حسنات ہوے اُنکے حُسن و جمال کا ایسا شہرہ ہوا کہ صنادید قریش سے ہر ایک شخص آرزو رکھتا تھا کہ اپنی بیٹی کا عقد نکاح اُنسے کردے اور چونکہ نور حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم عبد اللہ کی پیشانی سے چمکتا تھا اہل کتاب اس نشان اور دیگر علامات سے جانتے تھے کہ پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم انھیں کے صلب سے ظاہر ہونگے اس سبب سے وہ لوگ عبد اللہ سے عداوت مانتے اور اکثر اوقات اُنکے مارنے کو اطراف مکے میں آتے اور بمشاہدۂ امور غریبہ و شواہد عجیبہ نامراد و ناکام پھر جاتے اور قبل اس خواب کے جب حکومت و پیشوائی اہل مکہ عبد المطلب کو بعد فوت مطلب اُنکے چچا کے پہونچی تو ایک دن فناء کعبے میں سوتے تھے ایک شخص نے خواب میں حکم دیا کہ چاہ زمزم کو کھود اور زمزم بسبب شامت ظلم و فساد قوم جرہم کے غائب ہو گیا تھا یعنی عمرو بن حارث سردار قوم جرہم نے حجر اسود کو رکن کعبے سے جدا کر کے مع ہر دو غزال کعبہ جنکو اسعد یا رفاسی نے بطور ہدیہ بھیجے تھے اور کئی ہتیار کہ بیت اللہ میں تھے چاہ زمزم میں رکھ کر نشان زمزم مٹا دیا تھا اس سبب سے عبد المطلب مقام زمزم سے واقف نہ تھے کہ واقع کہاں ہے دوسری مرتبہ پھر خواب دیکھا

کوئی کہتا ہی کہ زمزم ذخیرۂ شیخ اعظم یعنی اسمعیل ہی جب پیدا ہوے تو زیادہ تر حیران ہوے پھر سورہے
کہنے والے نے کہا کہ ہامین سرگین اور خون جس جگہ کو آپنی منقار سے سوراخ کرے اور اُسکے مقابل دو بُت
سُرخ رنگ رکھے ہوے نظر پڑین ناچار دوسرے دن بیت الحرام مین گئے اور مترصد علامات مرتبہ ہو کر بیٹھے
اتفاقاً کئی مشرک ایک حرّورہ ٹیلہ کو چک کے پاس ذبح کرتے تھے دفعتہً تہ تیغ سے نکل کر بھاگے اور چشمۂ
زمزم کے پاس پہونچے اور آساف و نایلہ کے سامنے کہ اُسی جگہ دونون منصوب تھے دونون نے اُسکو ذبح کیا
اور خون اُسکا اُنپر ملا اور گوشت و پوست خود لے گئے اور خون و سرگین وہین چھوڑ گئے اُسی وقت ایک کوّا
آیا اُسنے اپنی منقار سے وہان سوراخ کیا تب عبد المطلب نے خیال کیا کہ یہ میرے خواب کی علامتین ظاہر ہوئین
اور جو کچھ مین نے خواب مین دیکھا تھا اُسکی حقیقت و ماہیت یہ ہی بالجملہ امارات و علامات اُس خواب کے
بعنایت نبی عبد المطلب پر بخوبی ظاہر ہوے تو عبد المطلب جد رسول اللہ کا عزم مصمم حفر زمزم پر ہوگیا اور
ارادہ کیا کہ زمزم کو صاف کرین قریش مانع ہوے عبد المطلب مع اپنے بیٹے حارث کے برسر مقابلہ آئے
اللہ تعالے نے اُنکو غالب اور منصور کیا کہ زمزم کو ایسا صاف کیا کہ پانی نکلا اور بڑی نام آوری ہوئی
اُسوقت عبد المطلب نے یون نذر کی کہ اگر میرے دس بیٹے ہون تو ایک کو راہ خدا مین قربان کرونگا
اللہ نے دس بیٹے عنایت فرمائے جب سب جوان ہوے ایک رات عبد المطلب خانۂ کعبہ پاس سوتے تھے
خواب مین دیکھا کہ گوینده کہتا ہی نذر وفا کر عبد المطلب ترسان لرزان بیدار ہوے اور وفاے نذر مین
متامل تب ایک بکری ذبح کرکے فقرا کو کھلائے پھر خواب مین دیکھا کہ نذر ادا کر اور قربانی کر بزرگ تر
اس سے عبد المطلب نے گاے حلال کی پھر تیسری بار خواب دیکھا کہ قربانی کر بزرگ تر تب اونٹ
نحر کیا پھر خواب مین دیکھا کہ قربانی کر بزرگ تر اس سے عبد المطلب نے پوچھا کہ اس سے زیادہ کیا ہی
جواب ملا کہ ایک بیٹا ذبح کر اس بات سے عبد المطلب بہت ڈرے اور غمناک ہوے اور اپنے بیٹون کو
جمع کرکے صورت حال ظاہر فرمائی بیٹون نے کہا کہ ہم حاضر ہین عبد المطلب اس اطاعت سے بہت
راضی ہوے اور واسطے تسکین خاطر کے قرعہ ڈالا کہ جسکا نام نکلے اُسکو قربانی کرین قرعہ عبد اللہ کے نام
نکلا عبد المطلب متحیر ہوے لیکن ناچار چھری لیکر عبد اللہ کا ہاتھ پکڑ قربان گاہ مین لائے چونکہ عبد اللہ بہت
خوبصورت تھے قریش مانع آئے اور بعد رد و کد سجاح نامے ایک کاہنہ کے پاس گئے اُسنے کہا آدمی کی
دیت تمھارے یہان دس اونٹ ہین سو ایک طرف عبد اللہ کو رکھو اور دوسری طرف دس اونٹ
تب قرعہ ڈالو اور اسی طرح کرو یہان تک کہ قرعہ اونٹون کے نام نکلے چنانچہ اسی طرح عبد المطلب نے قرعہ ڈالا
یعنی دس اونٹ کہ عرب مین دیت انسان مقرر تھے علاحدہ کیے اور قرعہ ڈالا عبد اللہ ہی کا نام نکلا تب

دس اونٹ اور زیادہ فرمائے پھر بھی عبد اللہ کا نام نکلا یہاں تک کہ دسویں مرتبہ قرعہ ڈالا اور سو اونٹوں کی نوبت پہونچی آخر کیا، ہوا ان قرعہ اونٹوں کے نام نکلا کہ عبد المطلب نے بعوض عبد اللہ انکو نذر خدا مین قربان کیا اس عرصہ مین عمر عبد اللہ کی پچیس برس و بقولے تیس برس کی تھی اس سبب سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ انا ابن الذبیحین یعنی عبد اللہ اور حضرت اسمعیل علیہ السلام فائدہ دور اسلام مین شارع نے سو اونٹ کہ فدیہ عبد اللہ تھا خون بہا انسان کا مقرر فرمایا فائدہ قریش اس سبب سے چاہ زمزم کے صاف کرنے سے مانع ہوے تھے کہ قریب مقام زمزم کے دو بت یعنی آساف و نائلہ رکھے تھے اس سبب سے چاہ زمزم کے کھودنے سے ناراض تھے روضۃ الاحباب مین لکھا ہے کہ جس رات مین عبد اللہ پیدا ہوے ہین اہل کتاب نے جانا کہ پیغمبر آخر الزمان کی ولادت قریب ہوا اور سبب اسکا یہ ہوا کہ ایک جامہ صوف سفید ملبوس حضرت یحیی پیغمبر کا کہ انکو کافرون نے شہید کیا تھا خون آلودہ انکے پاس تھا اور مضمون کتب سماویہ سے جانتے تھے کہ جب وہ جامہ بارد گر بخون تازہ سرخ ہوجائے اور چند قطرے خون کے اسمین سے ٹپکین تو یہ علامت قرب تولد پیغمبر آخر زمانے کی ہے سو اس رات مین اس جامے مین یہ نشان ظاہر ہوا تھا اور اسی سبب سے ہمیشہ عبد اللہ سے دشمنی رکھتے اور عبد اللہ مشکار دوست تھے چنانچہ ایک دن عبد اللہ شکار کو گئے وہان نو آدمی اہل کتاب کے تلوارین زہر آلودہ کھینچے ہوے جانب شام سے انکے قتل کے ارادے پر آئے وہب بن مناف بھی اس جنگل مین دوسری طرف شکار کھیلتے تھے انھون نے دیکھ کر چاہا کہ مین اعانت کردن دفعۃً چند سوار ابلق گھوڑون پر یا شتر سوار کہ جنکو اس عالم کے لوگون سے کچھ بھی مشابہت نہ تھی غیب سے ظاہر ہوے یعنی فرشتے تھے کہ آسمان سے اترے اور اس گروہ بے شکوہ کو عبد اللہ سے دفع کیا سب ہلاک ہوے ایک بھی نہ بچا وہب بن مناف نے اسی دم سے چاہا کہ مسماۃ آمنہ بدہمزہ و کسر میم و نون منقوحہ اپنی بیٹی کو عبد اللہ سے عقد کردن سو اپنے گھر مین آکر اپنے اقارب سے مشورہ کیا سب لوگون کی راے مطابق ہوئی تب مسماۃ برہ بنت ام حبیبہ بنت ہرہ بنت قلابہ بنت امیمہ بنت وہب بنت لیلی بنت عوف والدۂ آمنہ زوجہ وہب بن زہرہ بن کلاب بن مرہ سے عبد المطلب کو پیغام بھیجا وہ اس تلاش ہی مین تھے کہ اگر کوئی عورت عفیفہ باحسب و نسب نظر پڑے تو عبد اللہ کا عقد کردون جب آمنہ بنت وہب کو بصفات حمیدہ موصوف پایا بلا تامل راضی ہوے کہ باہم خطبے کا طریق قائم ہوگیا بعد چندے شعب ابیطالب مین عقد سے فراغت حاصل ہوئی اہل سیر کے نزدیک شب جمعہ اوسط ایام تشریق مین قریب جمرۃ الوسطی نوبت مقاربت پہونچی تو نور محمدی

صلے اللہ علیہ وسلم کہ پیشانی عبد اللہ مین چمک رہا تھا منتقل ہوا یعنی آمنہ حاملہ ہوئین اسی سبب سے امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ یوم جمعہ کو لیلۃ القدر سے افضل جانتے ہین کیونکہ جو خیرات اور برکات اہل عالم پر اس رات مین نازل ہوئین کسی اور رات مین تا دور قیامت نازل نہونگی اس سال مین کافرون نے حج جمادی الثانی مین ادا کیا تھا کیونکہ طائفہ کفار جب حج بھول جاتے تھے تو تقدیم و تاخیر کا لحاظ نہ رکھتے تھے سوائے ذی الحجہ کے تھی ادا کرتے تھے روایت ہی کہ اس رات فرشتون کو حکم ہوا کہ تمام عالم کو منور کرین رضوان کو ارشاد ہوا کہ دروازے بہشت کے کھول کر مشام جبروت و لاہوت کو معطر کرے مالک کو ارشاد ہوا کہ آتش دوزخ کو آج کی رات ٹھنڈا کر دے اور تخت شیطان کہ بین السماء و الارض ہوا پر معلق تھا الٹ دیا گیا و مردود چالیس شبانہ روز جبل بوقبیس پر بحالت اضطراب و اویلا کرتا رہا پھر ایک فرشتے نے اسکو دریا مین غوطہ دیا پھر منہ کالا کیا تو ذریت ابلیس نے سبب پوچھا وہ مردود بولا کہ خرابی ہوئی ہماری تمہاری جو کبھی نہوئی تھی آج کی رات آمنہ زوجہ عبد اللہ نور پیغمبر آخر الزمان علیہ السلام سے منور ہوئین ہین یہ ایسا شخص ہوگا کہ اسکے باعث سے عبادت لات و منات و عزّیٰ و ہُبل کی بالکل موقوف ہو جائیگی یہ موحدین سب توڑی جائینگی جملہ ادیان منسوخ ہونگے شرک و کفر و زنا کاری و قمار بازی و شراب خواری کو منع کریگا جو نہ مانیگا اُسے سزا دینگا ہماری آمد و رفت آسمان پر نہوگی جب قصد کرینگے فرشتے انکا رمی پھینکینگے پس علم کہانت و غیب کوئی یک قلم نہ رہیگا تمام عالم عدل و انصاف سے معمور ہو جائیگا تمام روے زمین مساجد ہوکر عبادت حق سے آباد ہوگی افعال نیک کا روز بروز کمال بد باتون کا ہر دم زوال ہوگا روایت ہی کہ جس رات مین نور محمدی نے بطن پاک آمنہ کو منور کیا اور سپہر رسالت کا آفتاب برج حمل مین در آیا اُسکے صبح کو جہان کے بُت منہ کے بل گرے شیاطین صعود فلک سے بند کیے گئے بادشاہون کے تخت الٹ گئے حضرت احدیت سے ارشاد ہوا کہ اے ملائک ارض و سما آج تمام عالم کو نور محبوب سے منور کرو چنانچہ کوئی گھر نہ تھا جو نورانی نہوا کوئی جا نور نہ تھا جو گویائی مین نہ آیا مشرق سے مغرب تک وحوش و طیور نے خوشیان کین اور شادیانے جبروتی و لاہوتی خوب بجے روایت ہی کہ بعد نکاح و قبل زفاف ایک روز عبد اللہ علاقہ رقیقہ بنت نوفل کی طرف کہ بضم راء مہملہ و فتح قافین بصیغہ تصغیر ہی و بروایتے قتیلہ کہ بضم قاف و فتح مثناۃ فوقیہ و بروایتے فاطمہ شامیہ و بروایتے خثعمیہ بفتح خاء معجمہ و سکون ثاء مثلثہ و فتح عین مہملہ یعنی فاطمہ کہ منسوب بقبیلہ خثعم تھی ہو کر نکلے وہ از خود رفتہ ہو کر بولی سو اونٹ دونگی اگر تو میرے ساتھ

نزدیکی کرا اور میرا کہا مان عبد اللہ نے فرمایا کہ یہ بات بلا نکاح نہین ہوگی اُسنے اصرار کیا عبد اللہ نے بہانہ کیا کہ گھر ہو آتا ہون بعد اُسکے گھر آکر اپنی بی بی سے ہم بستر ہوے اور وہ نور جسکے چوٹ سے شیشۂ دل عورتون کے چور چور تھے آمنہ کے پیٹ مین پہونچا صبح کو عبد اللہ اُس عورت کے پاس گئے اور کہا کہ اگر نکاح کر تو مین راضی ہون یہ عورت بھی بڑی کاہنہ حسینہ وفصیحہ متمولہ صاحب عصمت وعفت دنا کتخدا تھی اُسنے کہا کہ مین بدکار نہین ہون لیکن مین نے نور محمدی کو تیری پیشانی مین چمکتا دیکھ کر چاہا تھا کہ جسطرح ہو مین اسکو لون خدا نے نہ چاہا اب مجھکو کچھ غرض نہین اے عبد اللہ سچ بتا تو کس عورت کے ساتھ سویا عبد اللہ نے احوال کہا اُسنے کہا اے عبد اللہ اپنی بی بی کو خبر کر کہ تو نے اپنے پیٹ مین بہترین اہل زمین کو اُٹھایا ہے اُسکی محافظت کر ناضرور ہے اور بعضے کہتے ہین کہ یہ عورت ام قتال ورقہ ابن نوفل کی بہن تھی اُسنے اپنے باپ سے آنحضرت کا حال سُنا تھا کہ نبی اسماعیل سے ہونگے سو اُسنے نور محمدی پیشانی عبد اللہ مین دیکھ کر خواہش کی اور بعضے کہتے ہین کہ نام اُس عورت کا جسنے خواہش وصال عبد اللہ سے کی تھی لیلی عدویہ تھا اور وجہ تطبیق روایات یہ ہے کہ ان سب عورتون نے خواہش کی تھی ہر ایک راوی نے جو اُسکو پہونچا روایت کیا ایک روایت ہے کہ اکثر عورتین قریش کی کہ نور محمدی کی چمک سے عاشق جمال عبد اللہ تھین کثرت غم واندوہ سے بیمار ہوگئین اور اُنمین سے دو سو لڑکیان اسی غم ودرد مین مرگئین روایت ہے کہ ان دنون قحط وخشک سالی کے سبب سے قریش پر بڑی سختی تھی سو آنحضرت کی برکت سے خوب مینہ برسا اور تمام عالم سرسبز ہوگیا اور سارے حیوانات اور نباتات پر ایک نور عجیب چھا گیا بلکہ اسی خوشی سے نام اس سال کا سنۃ الفتح والابتہاج رکھا گیا ابو نعیم نے حضرت عباس سے روایت کی ہے کہ اس رات مین اہل قریش کے دواب اور مویشی نے قدرت نطق پاکر خوشی مین پکار پکار کر کہا کہ قسم ہے پروردگار کی آمنہ کے پیٹ مین خدا کا رسول ہے تمام دنیا کا امام اور سارے خاندانون کا چراغ اور عمدۂ نبوت کا سرتاج روایت صحیحہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پورے نو مہینے نہ زیادہ نہ کم ماں کے پیٹ مین رہے اور جیسا کہ عورتون کی عادت ہے کہ حمل کے دنون مین بدمزگی طبیعت اور ناخوشی خاطر رہا کرتی ہے سو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کو اس قسم کے عوارض سے کوئی بھی عارضہ نہ تھا بلکہ وہ فرمایا کرتی تھین کہ حمل کے دنون مین مجھے یہ بھی معلوم نہوا کہ مین حمل سے ہون اور حضرت آمنہ فرماتی ہین کہ ایک رات مین مین کچھ سوتی کچھ جاگتی تھی

کہ ایک آواز میرے کان مین آئی کہ تو حمل سے ہی اور تیرے حمل مین بہترین خلائق ہی
اُسوقت سے مین نے جانا کہ حمل سے ہون اور مدت حمل تک ہر مہینے آسمان سے یہ آواز
آتی تھی کہ اے آمنہ تجھے مبارک ہو کہ ابوالقاسم کے ظہور کا دن آپہونچا بالجملہ بعد نو مہینے کے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پس از طلوع صبح صادق و پیش از طلوع آفتاب بارھوین ربیع الاول
بقول اشہر روز دوشنبہ بالاتفاق سرائے محمد ابن یوسف نزار مین محتون مسرور مستقبل
قبلہ دونون ہاتھ زمین پر رکھے اور سر آسمان کی طرف اُٹھائے ہوے پیدا ہوے اسی
شب مین حرمین شریفین کے لوگ ابتک مولد پڑھتے ہین اور آداب اور مناسک بجالاتے
اور اہل مکہ ابتک زیارت مقام مولد شریف کرتے ہین اور اس مقام کو متبرک جانتے ہین
اور وہ سرائے ایک کوچے مین واقع ہی کہ اُسکو زقاق المولد کہتے ہین اور وہ کوچہ ایک
شعب مین ہی کہ مشہور بشعب بنی ہاشم ہی اور جو لوگ کہتے ہین کہ ولادت شریف رمضان
مبارک مین واقع ہوئی ہی اور دلیل اُسکی یہ بیان کرتے ہین کہ عاتق لطفہ محمد یہ صلے اللہ
علیہ وسلم رحم آمنہ مین شب عرفہ یا اوسط ایام تشریق مین ہوا اور مدت حمل نو مہینے پوری تھی
پس ماہ رمضان ماہ ولادت پڑتا ہی سو تطبیق اس قول مین اور قول اشہر مین یہ ہی کہ کفار
اشہر حرام مین تقدیم و تاخیر کرتے تھے اس صورت مین جائز ہی کہ سال ولادت حضرت مین
کافرون نے حج جمادی الثانی مین کیا ہو اس تقدیر پر نو مہینے پورے ربیع الاول مین ہوتے ہین
گذارش روضۃ الاحباب **فائدہ** از روے تحقیق شیخ جلال الدین سیوطی کے واضح ہو کہ سب
بشر رسول پیدا ہیشی مختون ہین آدم نوح شام شیث ادریس خالح ہود یوسف لوط
شعیب موسیٰ سلیمان زکریا حنظلہ یحییٰ عیسیٰ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وعلیہم اجمعین چنانچہ
صاحب در مختار نے مسائل شتی جلد اخیر مین لکھا ہی اور کتب معتبرہ سے واضح ہی کہ جس دن
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیدا ہوے اُس دن واقعہ اصحاب فیل سے چالیس یا پچیس یا پچیس دن
گذرے تھے اور نوشیروان بادشاہ تھا اور اسکی سلطنت پر بیالیس برس گذر چکے تھے اور
آٹھ سو بیاسی برس سکندر رومی کو مرے ہوے تھے اور چھ ہزار تین سو اکاسی برس قمری
اور دو سو اُنتیس روز ہبوط آدم علیہ السلام کو ہو چکے تھے اور اہل حساب کے نزدیک بیسوین
یا اٹھائیسوین شہور رومیہ سے تھی اور بارھوین دے ماہ شہور فرس سے اور جس رات
حضرت پیدا ہوے نوشیروان کا محل زلزلے مین آیا اور چودہ کنگرے اُسکے گر پڑے یہ اشارہ

اسطرف ہی کہ اُسکی اولاد مین چودہ آدمیون کی بادشاہی رہیگی اور یہ معاملہ ہوا کہ آتشکدۂ فارس جو ہزار برس سے جلتا تھا ٹھنڈا ہوگیا اور سادہ کا دریا جو پڑے زور شور سے جاری تھا سوکھ گیا اور رود خانۂ سادہ مین جو ہزار برس سے سوکھا پڑا تھا پانی جاری ہوگیا اسمین یہ اشارہ ہی کہ آتش پرستون کا بازار سرد اور کفر کے دریا خشک ہونگے اور دریاے اسلام جاری رہینگے بالجملہ اس واقعہ سے نوشیروان گھبرایا اور بہت دنون تک خائف رہا مگر اس حال کو کسی سے بیان نہین کیا یہان تک کہ قاضی القضاۃ فارسیون نے جسکو موبدان کہتے تھے یہ خواب دیکھا کہ شتر تند سرکش عربی گھوڑون کو کھینچتے ہین یہان تک کہ دجلے سے گذر گئے اور بلاد مین پھیل پڑے موبدان نے تعبیر کی کہ عرب کے ملک مین حادثہ برپا ہوگا جس سے عجم کا ملک مغلوب ہوجائے پس نوشیروان ایسے ایسے واقعات سے پریشان ہوا اور اُسنے نعمان ابن المنذر کو لکھا کہ کوئی نجومی ایسا میرے پاس بھیجدے کہ اُس سے ان واقعات کا حال دریافت کرون نعمان نے عبدالمسیح ابن عمرو غسانی کو بھیجا کہ نوشیروان نے کیفیت واقعات سے مطلع کرکے کشف حقیقت چاہی اُسنے کہا یہ سب واقعات دلالت حدوث حادثہ پر کرتے ہین مگر تعین وقت حادثہ سے میرا مامون سطیح جواب دیسکتا ہی اور یہ سطیح وہ شخص تھا جو ایام سیل عرم پیدا ہوا عمر اُسکی چھ سو برس کی تھی اور بڑا کاہن شاطر اپنے علم مین ماہر تھا اور ہیئت ترکیبیہ اُسکی قدرت حق کی اعجوبہ تھی کہ تمام جسم مین جوڑ بند نہ تھے قدرت نشست و برخاست نہ رکھتا تھا مگر جب غضب مین آتا تو ہوا مین پھرتا اور بیٹھتا اور اعضا مین ہڈی نہ تھی سواے استخوان جمجمہ کے اور کنارے ہاتھ اور انگلیون کے گویا ایک سطح گوشت کی تھی جسوقت چاہتے کہ اُسکو کسی مقام پر لیجائین تو لپیٹ لیتے تھے جیسے کپڑی کو لپیٹتے ہین اور نہ اُسکے سر تھا نہ گردن منھ سینہ پر تھا جب کوئی غیب کی بات پوچھنا چاہتا اُسکو ہلاتا جیسے مشک دوغ ہلاتے ہین تب اسمین دم پڑتا اور جواب دیتا وہب ابن منبہ سے روایت ہی کہ ایک جن سطیح کا آشنا تھا وہ خبرین آیندہ بتلایا کرتا تھا اور یہ وہ جن تھا جسنے طور سینا پر اللہ صاحب کا کلام جو موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہوا تھا سُنا تھا الغرض نوشیروان نے عبدالمسیح کو سطیح کے پاس بھیجا جسوقت رسول کسریٰ سطیح کے شہر مین ایا تو اُسکو سکرات موت مین پایا وقت ملاقات بعد عرض سلام جانب کسریٰ سے ابلاغ پیام کیا سطیح نے جواب نہ دیا عبدالمسیح نے سطیح کو ہلایا اور چند بیتین مشتمل احوال کسریٰ اور اُسکے سوال کی پڑھین سطیح نے

جب اُن بیتون کو سُنا جنبش کی اور کہنا عبد المسیح آیا ہی بجانب سطیح سوار اور پر شتر و اماندہ رفتار کے
بہ تحقیق سطیح قریب اُسکے ہی کہ قبر مین داخل ہو بھیجا ہی تجھکو ملک نبی ساسان یعنی نوشیروان نے
بسبب اضطراب و تزلزل ایوان اور گر پڑنے کنگرون کے اور نہ بجھنے آتشکدۂ فارس کے اور خواب قاضی
موبدان کی کہ اونٹ سرکش عربی گھوڑون کو کھینچتے ہین یہان تک کہ دجلے سے باہر اور ترگئے اور
بلاد فارس مین منتشر ہوے اے عبد المسیح مین کہتا ہون اذا ظہرت التلاوۃ ولعبث صاحب الہراوۃ
وغاز وادی السماوۃ وغارت بحیرۃ ساوۃ وخمدت نیران فارس لم یکن بابل للفرس تقاما
دلا الشام لسطیح شاما یملک منہ ملوک وملکات علی عدد الشرفات ثم یکون نہات وہنیات و
کل ما ہو آت آت حاصل یہ کہ جسوقت ظاہر ہو تلاوت یعنی جسوقت قرآن خوانی ہوگی اور
لاٹھی والا یعنی محمد رسول اللہ صلعم پیغمبر ہوگا اور دریاے سماوہ مین پانی جاری ہوگا اور ساوہ کا دریا
خشک ہو جائیگا اور فارس کا آتشکدہ ٹھنڈا ہوگا نہ رہیگا بابل فارسیون کا مقام اور نہ شام
سطیح کا خوابگاہ یعنی اُسوقت سطیح اپنی زندگی مین نہوگا سلطنت عجم تمام ہو صرف چودہ آدمی سلطنت کیانی پر
تخت نشین ہون اے عبد المسیح جو کچھ ہونے والا ہی ظاہر ہوگا اور واقعات اس زمانہ کے افسانہ ہونگے
چنانچہ یہ کلام کے مرگیا اور عبد المسیح نے یہ جواب کسریٰ سے بیان کیا کہ چودہ آدمی بعد دیگرے پادشاہت
کرینگے اسکو مدت مدید درکار ہی لیکن تقدیر سے غافل تھا چنانچہ عرصۂ قلیل مین ریاست اُسکی برہم ہوگئی
اور وہ رئیس چار برس مین مرگئے اور چار شخصون کی دولت تا خلافت خلیفۂ ثانی رضی اللہ عنہ کے رہی
خلافت خلیفۂ ثالث مین وہ بھی جاتی رہی بالجملہ جو باتین سطیح نے کہین تھین وہ سب واقع ہوئین اور
یزدجرد کا ملک سال سی ویک ہجری مین بسر گردگی سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فتح ہوا اور یزدجرد
آخر خلافت حضرت عثمان مین ایک آسیابان کے ہاتھ سے جنگل مرو مین مارا گیا پھر اُنمین کوئی بادشاہ نہوا
محققین اہل تاریخ فرماتے ہین کہ بعد سطیح کے کوئی کاہن راست گو ظاہر نہین ہوا اور عبد اللہ ابن عمرو ابن
عاص سے روایت ہی کہ اہل شام مین ایک درویش عیص نام اکثر کہا کرتا تھا کہ اے اہل مکہ تم مین
ایک لڑکا پیدا ہوگا جسکے مطیع عرب و عجم ہونگے اور قریب تر ہونے والا ہی چنانچہ جب کوئی مکہ مین پیدا ہوتا
وہ درویش اُسکا حال پوچھتا حتی کہ آنجناب صلعم پیدا ہوے تو عبد المطلب نے اُسکو آگاہ کیا اُسنے کہا یہ
وہی لڑکا ہی تمنے اُسکا نام کیا رکھا عبد المطلب نے کہا محمد نام ہی کہنے لگا اُسکی تین علامتین مجھکو معلوم ہین
ایک شب گذشتہ مین ستارہ اُسکا طالع ہوا دوسرے دوشنبہ کو پیدا ہوا تیسرے محمد نام ہوا اور فاطمہ بنت
بنت عبد اللہ مادر عثمان ابن ابی العاص کہتے ہین کہ تولد حضرت صلعم کے وقت مین بھی آمنہ کے پاس موجود تھی

سو مجکو ایک نور ایسا نظر پڑا جس سے تمام گھر روشن ہوگیا اور ستارے آسمانی ایسے نزدیک آ گئے
کہ مجھے گمان ہوا کہ آمنہ پر یا مجھپر گرینگے تھا یہ وہ نور جلا جسکی تجلی سے طور طور پر موسی عمران
گرا ہوش سے دور دور اسکو نہ سمجھنا کہ ہے آنکھون کے حضور پس یہ واجب ہے کہ تم حسب حدیث مشہور
جب تلک ذکر میرے رہے محفل روشن صلوات اُسپہ پڑھو تاکہ رہے دل روشن اور حاکم نے عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ شہر مکہ مین ایک یہودی تاجر رہتا تھا اُسنے قریش سے کہا رات کو ایک لڑکا
تم مین پیدا ہوا ہے قریش نے کہا ہمکو خبر نہین بولا بے شبہہ ہوا ہے اور اُسکے مابین دونون شانون کے بال
مجتمع ہین جسطرح گھوڑے کی رگین تب قریش یہودی کو لیکر دروازہ آمنہ پر آئے اور حضرت صلعم کو دیکھا
تو وہ علامت پائی گئی اور یہودی بیہوش ہوکر گرا اور بے تحاشا کہ اُٹھا واللہ نبوت بنی اسرائیل سے
منتقل ہوئی اور عبدالرحمن ابن عوفؓ اپنی والدہ مسماۃ شفا سے روایت کرتے ہین کہ وہ کہتی تھین کہ جس
رات آمنہ کو دردزہ ہوا ہے مین قابلہ آمنہ تھی جب کہ حضرت صلعم میرے ہاتھون پر بطن مادر سے آئے تو مین نے
سُنا کوئی کہتا ہے یرحمک ربک اور شرق سے غرب تک ایک روشنی ایسی ہوگئی کہ مین نے بعضے قلعے روم کے
اپنی آنکھون سے دیکھے اور آمنہ فرماتی ہین کہ جب میرے دردشروع ہوا تو مین نے ایک آواز سنی اور ڈر گئی
پھر مین نے دیکھا کہ ایک پیالہ سفید شربت سے بھرا ہوا رکھا ہین سمجھی دودھ ہے اور مین پیاسی تھی سو مین نے
اُسکو پیا کہ دل کو اطمینان ہوا اور تحقیق محدثین اہل تاریخ کی یہ ہے کہ آمنہ شب تولد آنجناب صلے اللہ علیہ
وسلم مین تنہا تھین اسی سبب سے ترسان وہراسان ہوئین کہ غیب سے ایک طائفہ ملکوت نے نزول کیا
تب اطمینان ہوا اس روایت مین اور روایت موجودگی فاطمہ ثقفیہ اور شفا مادر عبدالرحمن مین تعارض واقع ہوتا ہے
کاتب الحروف کے نزدیک رفع تعارض ہوسکتا ہے اسطرح کہ جب دردزہ پیدا ہوا تو آمنہ اکیلی تھین اور
وہ اول شب تھی اور اواخر شب مین یعنی ہنگام طلوع صبح ظہور السرور صلعم جملہ دوست و اقارب سببی و
نسبی حاضر ہوے تھے اور بھی آمنہ فرماتی ہین کہ حضرت محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم
جسوقت پیدا ہوے اُسی دم سجدے مین گئے اور انگشت شہادت جانب آسمان اُٹھائی مین کہتا ہون
کہ یہ دعا فرمائی تھی واسطے نجات اُمت مرحومہ کے آمنہ فرماتی ہین کہ بعد اُسکے ایک سفید ابر آیا اُسنے
آنجناب کو اپنے بیچ مین چھپا لیا اور میرے کان مین آواز آئی کہ گوینده کہتا ہے اسکو مشرق و مغرب مین
پھرا لاؤ تاکہ سب مخلوق بری و بحری اور تمام ملائک ارضی و سماوی و جن و بشر و وحوش و طیور و شجر
و حجر اسکے نام سے واقف و آگاہ ہو جاوین اور بخوبی پہچان رکھین اور ابوالبشر حضرت آدم علی نبینا
و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خلق اور حضرت شیث علیہ السلام کی معرفت اور شیخ الانبیا حضرت نوح

علیہ السلام کی شجاعت اور ابراہیم کی خلت اور اسمعیل کی زبان اور اسحق کی رضا اور صالح کی فصاحت
اور لوط کی حکمت اور یعقوب کا بشرے اور موسیٰ کی شدت اور ایوب کا صبر اور یونس کی طاعت اور یوشع کا
جہاد اور داؤد کی آواز اور دانیال کا جشہ اور الیاس کا وقار اور یحیی کی عصمت اور عیسیٰ کا زہد عطا کر اور
بحر اخلاق امنہ زمین غوطہ دو آمنہ فرماتی ہین کہ جب یہ آواز سن چکی تو ابر کھل گیا اور حضرت محمد مصطفے
صلے اللہ علیہ وسلم اسوقت پیچیدہ پارچہ سبز مین پائے گئے کہ مثل چشمہ اُس حریر سے پانی ٹپکتا تھا اور
کہنے والا کہتا تھا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم حاکم ہوے تمام دنیا پر تمامی خلق اُنکے مطیع ہوگی اور روے مبارک
ماہ چہاردہم نظر آیا اور بوے مشک اذفر نے دماغ کو معطر کردیا اور تین شخص نظر آئے ایک کے ہاتھ مین
ابریق نقرہ اور دوسرے کے ہاتھ مین طشت زمرد سبز اور تیسرے کے ہاتھ مین حریر سفید ایک نے انگشتری
نکالی اور سات مرتبہ دھو کر بین الکتفین مُہر کردی اور اپنی گود مین ایک ساعت رکھ کر میری گود مین دیا
اور عبد المطلب سے منقول ہے کہ مین بشب ولادت آنحضرت صلعم مجاورت کعبہ مین مصروف تھا
جب نصف شب گذری تو کعبہ مقام ابراہیم پر سجدہ مین گرا اور در و دیوار سے آواز آتی تھی

اللہ اکبر اللہ اکبر رب محمد ن المصطفے الآن فطھرنی ربی من انجاس الاصنام وارجاس المشرکین
یعنی اللہ بزرگ ہے جو پروردگار محمد مصطفے کا ہے اب اُسنے مجھے پاک کردیا نجاست بتون اور خباثت
مشرکون سے اور اواز غیب سے آئی کہ بخدا سے کعبہ کہ مقبول ہوا اور مسکن محمد کا گردانا گیا
اور مین نے آنکھ سے دیکھا کہ مورتین جو گرد کعبہ رکھی تھین پارہ پارہ ہوگئین اور ہبل
نامی بت جو سب مین بڑا تھا اوندھے منھ زمین پر گرا پڑا تھا اور غیب سے ندا ہوئی
کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم آمنہ سے پیدا ہوے اور سحاب رحمت آیا یہ احوال مشاہدہ کرکے
عبد المطلب جانب خانہ آمنہ متوجہ ہوے تو تمام گھر نور سے بھرا نظر آیا عبد المطلب نے
آمنہ کو دیکھا تو نور تابان مصطفے پیشانی آمنہ پر نظر نہ آیا عبد المطلب نے پوچھا اے آمنہ
وہ نور کہان گیا فرمایا مین نے بیٹا جنا ہے عبد المطلب نے بشوق تمام کہا یہان جلد لا کہ
مین اُس سے مشرف ہون آمنہ بولین کہ توقف کیجیے اسوقت آپ اُسکو دیکھ نہین سکتے
کیونکہ جسوقت حضرت پیدا ہوے تو ایک شخص آیا کہ قد و قامت اُسکا خرمے کے درخت کے
برابر تھا اُسنے کہا اس لڑکے کو باہر نہ نکالنا اور تین دن تک کسی آدمی کو نہ دکھلانا اس
سبب سے مین مجبور ہون تب عبد المطلب نے شمشیر برہنہ کرکے کہا کہ مین تجکو مار ڈالونگا یا آپکو
ہلاک کرڈالونگا نہین تو جلد میرے فرزند کو دکھلا ناچار آمنہ نے وہ مکان حسین حضرت محمد مصطفے

صلے اللہ علیہ وسلم جلوہ فرما تھے بتلایا فوراً عبد المطلب اُسی طرف چلے گئے تو دیکھا کہ ایک مرد
باشوکت وحشمت وباہیبت وجلالت شمشیر برہنہ ہاتھ مین لیے ہوے کھڑا ہی اُسنے فرمایا
اے عبد المطلب تو کہان آیا عبد المطلب نے کہا مین اپنے نور البصر کو دیکھنا چاہتا ہون
فرمایا اے عبد المطلب جب تک ملائک سموات اور ارض اُسکی زیارت سے مشرف نہو لینگے
تب تک کسی بشر کو اجازت نہوگی کہ وہ دیکھے اس کلام کے سُنتے ہوے عبد المطلب کانپ گئے
اور تلوار ہاتھ سے گر پڑی اور کانپتے ہوے باہر کو بھاگے اور قصد کیا کہ اس معاملہ سے
قریش کو اطلاع کرون مگر طاقت بیان باقی نہ رہی محمد ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے
لکھا ہی کہ ان دنون عبد اللہ والد حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوچکی تھی موضع ابواء
اور درج الدرر مین مولانا اصیل الدین محدث لکھتے ہین کہ بعد معاملۂ نکاح وزفاف آمنہ
عبد المطلب نے عبد اللہ کو بنا بر تجارت جانب شام روانہ کیا تھا جب وہان سے معاودت کی
تو مدینۂ منورہ مین بیمار ہوے اور متوقف ہوے بنی نجار مین جب قافلہ جانب مکۂ معظمہ
روانہ ہوکر ابواء مین پہونچا تو عبد اللہ نے وفات پائی عمر اُنکی پچیس برس خواہ بائیس
برس کی ہوے دار النابغہ یا دار النائلہ مین مدفون ہوے اور مدارج النبوۃ مین ہی کہ
عبد اللہ اور آمنہ سے سوائے حضرت کے کوئی اولاد نہین ہوئی اور محمد ابن اسحاق کے
نزدیک وقت فوت عبد اللہ آنحضرت صلعم شکم مادر مین تھے اور بعضے کہتے ہین گود مین تھے
اٹھائیس مہینے یا سات مہینے کے اور بعضے دو ماہہ کہتے ہین اور یہ قول اصح اقوال سے ہی
اور حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ عبد اللہ نے وفات پائی تو فرشتون نے کہا اے
معبود بحق محمد تیرا پیغمبر یتیم ہوا ارشاد ہوا کہ مین حافظ اور نصیر اور کفیل اُسکا ہون تم
اُسپر صلوٰۃ وسلام بھیجا کرو اور دعا کیا کرو بالجملہ جب عبد المطلب نے حضرت صلعم کو دیکھا
تو نہایت مسرور ہوے اور بیت اللہ مین لے گئے اور پناہ خدا مین سونپ دیا اور محمد
نام رکھا اور دروازۂ کعبہ پر کھڑے ہوکر شکر خدا ادا کیا بعد اُسکے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کو بہ حفاظت تمام آمنہ کے پاس لائے اور محافظت کے واسطے نہایت تاکید کردی
اور کہا اے آمنہ آگاہ ہو کہ میرے اس فرزند سعادت مند کی شان عظیم ہوگی اور اسکو
مرتبۂ بلند عنایت ہوگا الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ فائدہ پوشیدہ نہ رہے
کہ محمد اشہر اسمار حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ہی اور اصل مین یہ لفظ بصیغۂ اسم مفعول

از باب تفعیل ہی اور تکریر و تکثیر اسکا خاصہ ہی پس محمد بمعنی ستودہ مکرر و بسیار و بنعم مامیل
مقام تو محمود و نامت محمد ؐ بدینسان مقامی و نامی کہ وارد ہی مطالع المسرات مین لکھا ہی کہ اللہ جل شانہ نے
دو ہزار برس پیش از خلقت خلق یہی نام حضرت کا رکھا تھا کہ یہی نام عبد المطلب کی زبان سے
نکلا بعض قریش نے پوچھا کہ تمھارے آبا و اجداد مین یہ نام کسی کا نہین ہوا ہی تمنے کسلیے یہ نام
رکھا عبد المطلب نے کہا مین نے یہ نام اسواسطے تجویز کیا کہ اللہ تعالی اُسکی تعریف کرے اور
اہل زمین اُسکی ستایش مین مصروف ہون کذا فی مزرع الحسنات اور مواہب لدنیہ مین لکھا ہی
کہ آمنہ نے ایام حمل مین خواب دیکھا کہ کوئی کہتا ہی انت حاملۃ بسید ہذہ الامۃ فاذا وضعت
فسمیہ محمدا اور اللہ صاحب نے چار جگہ اپنے کلام مین اسی نام سے یاد فرمایا ہی چنانکہ وما محمد
الا رسول اور ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور والذین
اتبعوا ما نزل علی محمد اور محمد رسول اللہ والذین معہ اور ذکر شریف حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا
کتب سابقہ اور السنہ انبیاء گذشتہ مین باسم محمد و احمد بیشتر تھا اور اس نام کو اور احمد کو
اللہ صاحب نے ایسا پوشیدہ رکھا تھا کہ کوئی شخص قبل حضرت کے اس نام سے نام زد
نہین ہوا لیکن احمد پس بالاتفاق کوئی اس نام کا مسمے نہین ہوا باقی رہا محمد سو یہ بھی ایسا ہی ہی
حتی کہ جب زمان ظہور نور نبوت احمدی قریب تر پہونچا اور علما ر توریت و انجیل اور کاہنون اور
نجومیون نے اس مژدہ جان فزا سے لوگون کو مسرور کیا تو بعضون نے اپنے بیٹون کے نام
محمد رکھے اس آرزو سے کہ یہ نبی آخر الزمان ہون اور عجائب حکمت آلہیہ سے یہ ہوا کہ اُنمین سے
کسی نے بھولے سے بھی دعوی نبوت نہ کیا کہ باعث التباس و اشتباہ واقع ہوتا حافظ ابن
حجر اور سخاوی نے قریب پندرہ آدمیون کے جنکے نام محمد رکھے گئے تھے بیان کیے ہین
محمد ابن عدی ابن ربیعہ تمیمی سعدی و محمد ابن اُحیحہ اویسی بصیغہ تصغیر و ہرد و مہلہ و محمد ابن اسامہ
و محمد ابن البراء بکری و محمد ابن حارث و محمد ابن حرمان یعمری و محمد ابن حرمان جعفی و محمد
ابن خزاعی سلمی و محمد ابن خولی ہمدانی و محمد ابن سفیان و محمد ابن یحمد اردی و محمد ابن یزید
و محمد ابن الاسدی و محمد ابن القصمی اور قاضی عیاض نے محمد ابن مسلمہ انصاری کو بھی
انھین مین شمار کیا ہی اور غرائب قدرت حق سے یہ ہی کہ یہ نام پاک یعنی احمد و محمد بعضے اوراق
و شمار پر بخط قدرت لوگون نے لکھا ہوا دیکھا ہی کہ اُنکے قصص و حکایات قاضی عیاض نے
شفا مین اور قسطلانی نے مواہب لدنیہ مین نقل فرمائے ہین جسکو ملاحظہ کرنا منظور ہو ملاحظہ کرے

اور عبد اللہ نوزری کہتے ہین کہ غرۂ رجب سنہ آٹھ سو چوہتر ہین ایک بچہ بکری کا پیدا ہوا تو اسکی پیشانی پر محمد رسول اللہ قلم قدرت سے لکھا تھا مین نے اسکو بچشم خود دیکھا اور صاحب فتح المتعال فرماتے ہین کہ سنہ ایک ہزار چھبیس مین فقیر نے بلدۂ فاس مین ایک پتھر ایک عورت کے پاس دیکھا تو اسکی ایک جانب پر بقلم قدرت بخط سیاہ لا الہ الا اللہ لکھا تھا اور دوسری پہلو پر محمد رسول اللہ سو مین نے اس عورت سے لینا چاہا اور دو وزن اسکے سونا دیتا رہا اسنے نہ دیا اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ اللہ جل شانہ اس شخص کو دوزخ مین نہ ڈالینگے جسکا نام محمد یا احمد ہی اگرچہ اس حدیث کو صاحب مقاصد حسنہ اور مصنف سفر السعادت نے ضعیف کر دیا ہی مگر پھر بھی امید ہی کہ اگر کوئی ایمان دار اس عقیدے سے نام رکھے تو عجب نہین کہ آتش دوزخ سے محفوظ رہے اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسکے گھر مین تین نام ہون محمد و احمد و عبد اللہ تنگی اس گھر مین نہین آئیگی اور ابن مسعود سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے جو شخص میری محبت کے واسطے اپنے بیٹے کا نام میرے نام پر رکھے قیامت کے دن وہ اپنے بیٹے کے ساتھ بہشت مین داخل ہوگا اور ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے جو بندہ مومن اپنے بیٹے کا نام محمد رکھے جب اسکو بلاوے اور کہے ای محمد تمام حاملان عرش اسکے جواب مین کہین لبیک یا ولی اللہ پھر کہین خوشخبری ہو تجکو ای ولی اللہ کے ہماری عبادت و طاعت مین لو شامل ہی اور اجر ہماری بندگی کا اللہ تجکو کرامت فرمائیگا کذا فی الرکن الثانی من المعارج پس کاتب الحروف کے نزدیک اس نام سے نامزد ہونا موجب فضیلت دنیا و آخرت ہی مگر تسمیہ باسم و کنیت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم یعنی محمد ابو القاسم افراداً یا جمعاً مین اختلاف واقع ہی امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بجواز مطلق قائل ہین اور بعضے افراداً قائل بجواز ہین اور جمعاً منع فرماتے ہین ہکذا مذہب الرافعی اور بعضے کہتے ہین کہ کنیت افراداً یا جمعاً مکروہ ہی صرف باسم محمد جائز ہی اور ملا عباد لپکنی حاشیۂ صدر امین لکھتے ہین کہ نام مبارک رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم بضم میم اعنی محمد بولنا چاہیے اور غیر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام بفتح میم لینا چاہیے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ القصد جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم بطون سے عالم ظہور مین تشریف لائے تو اول سات دن آمنہ نے دودھ پلایا پھر ابو لہب کی لونڈی ثویبہ نے اور یہ ثویبہ وہ ہی جسنے آنحضرت کے پیدا ہونے کی بشارت ابو لہب کو پہونچائی کہ تیرے بھائی عبد اللہ کے گھر مین لڑکا پیدا ہوا ہی اسی وقت ابو لہب نے اسکو اس بشارت کے صلے والنعام مین آزاد کیا اور یہ کہدیا کہ

تو جا کر دودھ پلا تب اُسنے دودھ پلایا اور حمزہ ابن عبد المطلب اور ابو سلمہ عبد اللہ ابن عبد الاسد مخزومی اور عبد اللہ جحش اسدی نے بھی اُسی کا دودھ پیا اور اُس عرصہ مین لڑکا ثوبیہ کا مسروح نام تھا اگرچہ ثوبیہ کے اسلام مین اختلاف ہی لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُسکی تعظیم کرتے تھے اور مدینہ منورہ سے اکثر اُسکے واسطے انعام اور پوشاک اور خلعت بھیجتے رہتے ہین اور ثوبیہ نے سنہ آٹھ ہجری مین خیبر کی واقعہ کے بعد وفات پائی اغلب یہ ہی کہ محبت آنحضرت سے مغفرت اُسکی ہوئی ہو اور حضرت عباس ابن عبد المطلب فرماتے ہین کہ مین نے اپنے بھائی ابو لہب کو دیکھا کہ بدحالت مین گرفتار ہی مین نے اُس سے حال پوچھا اُسنے کہا دوشنبہ کی رات کو عذاب مین رفاہیت ہوتی ہی اور باقی ہفتہ عذاب مین مبتلا رہتا ہون حضرت عباس نے کہا اسکا کیا سبب ہی اُسنے جواب دیا کہ جب پیدا ہوے محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو ثوبیہ نے مجھکو بشارت دی سو مین نے اُس خبر کے صلے مین اُسکو آزاد کیا اور دوشنبہ کی رات تھی اور صحیح بخاری مین بھی اسکا اشارہ ہی اس مقام سے معلوم ہوا کہ جو کوئی بروز ولادت آنجناب اظہار فرحت و سرور کا کرے تو ثواب پاوے بعد اُسکے حلیمہ سعدیہ بنت ابی ذویب کے دودھ سے پرورش ہوئی اسکا قصہ اسطرح سے ہی کہ طبرانی اور بیہقی اور ابو نعیم وغیرہ محدثین نے حلیمہ سے روایت کی ہی کہ حلیمہ فرماتی ہین کہ جب مین قبیلہ بنی سعد ابن بکر کی عورتون کے ساتھ جو شیر خوار لڑکون کی تلاش مین نکلی تھین مکے مین آئی تو اس سال بڑا قحط پڑا تھا اور میرے پاس ایک گدھی تھی کہ لاغری سے چل نہ سکتی تھی اور ایک اونٹنی تھی جو ایک قطرہ بھی دودھ نہ دیتی تھی اور میرا لڑکا اور خاوند میرے ساتھ تھے اور تنگدستی کا یہ مرتبہ تھا کہ فاقون کے مارے رات کو نیند آتی اور نہ دن کو کل پڑتی جب قوم کی عورتین مکے مین پہونچین تو سب نے اپنی خاطر خواہ اچھے اچھے مالدارون کے لڑکے دودھ پلانے کے واسطے لیے کہ سوا سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی لڑکا باقی نہ رہا سو بھی اس سبب سے کہ آنحضرت یتیم تھے کسی نے قبول نہ کیا ناچار مین نے اپنے خاوند سے مشورہ کیا کہ مجھے کمال شرم آتی ہی کہ مکے سے خالی پھر جاؤن اور کوئی لڑکا اپنے ساتھ نہ لیجاؤن اب مستحسن یہ ہی کہ اس یتیم کو لے لون سو بعد اس مشورہ کے مین آمنہ کے پاس گئی اور مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک سفید کپڑے مین لپٹے ہوے سوتے ہین اور منفس جاری ہی یعنی آپ سانس لیتے تھے اور یہ عادت محمود ہی اور جو بعضون نے خراٹا کر کے تعبیر کیا ہی یہ صحیح نہین ہی آپ کبھی خراٹا نہ لیتے تھے کیونکہ خراٹا ایک آواز ناپسند ہی اور خدا ے تعالی نے سب باتون سے آپ کو منزہ کیا تھا یہ تقریر ہی مولانا ولی اللہ محدث دہلوی والد حضرت استاد الاستاد مولانا مقتدانا حضرت شاہ عبد العزیز محمد شاہ قدس سرہ

اور بدن مبارک سے مشک کی بو ایسی آتی ہو کہ سارا مکان مہک رہا ہو سو میرا دل انکی صورت پر فریفتہ ہوگیا کہ میں آہستہ آہستہ پاس گئی اور سینۂ مبارک پر میں نے اپنا ہاتھ رکھا تو جھٹ حضرت نے آنکھیں کھولیں اور دیکھ کر متبسم ہوے میں نے بہت پیار سے دونوں آنکھیں چومیں اور گود میں لیکر پستان راست منھ میں دی کہ حضرت نے دودھ پیا پھر میں نے پستان چپ دینی چاہی حضرت نے منھ میں نہ لی اور تازمان رضاعت ایک ہی پستان کے شیر پر رہے دوسری پستان کو کبھی منھ بھی نہ لگایا حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ وجہ اسکی یہ تھی کہ حق تعالی نے ابتداے حال سے آنحضرت پر عدالت اور انصاف کا وصف کھول دیا تھا پس آپ نے دودھ پینے میں بھی سررشتۂ عدالت و انصاف ہاتھ سے نہ دیا ایک پستان کا دودھ آپ پیا کرتے اور دوسری کا اپنے بھائی رضاعی کے واسطے چھوڑ دیتے بعد اُسکے حلیمہ فرماتی ہیں کہ میں حضرت کو گود میں لیکر اپنے فرودگاہ پر آئی اور اپنے خاوند کو دکھلایا وہ بھی دیکھتے ہی عاشق ہوگیا اور میری اونٹنی لاغری اور فاقہ کشی سے ایک قطرہ بھی دودھ نہ دیتی تھی سو وہ دودھ سے سیراب ہوگئی اور تھن اُسکے بھر گئے پھر میرے خاوند نے دوہکر آپ پیا اور مجھکو پلایا کہ تکلیف فاقہ کشی کی اُس سے دفع ہوئی اور رات کو نیند بھر سو صبح میرے خاوند نے کہا اے حلیمہ یہ لڑکا تجھے مبارک ہو کہ اسکا تشریف لانا ہمارے لیے مبارک ہوا آخرش چند روز کے بعد حلیمہ آمنہ سے رخصت ہوئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنے آگے گود میں بٹھلا لیا اس مرکب میں ایسی طاقت آگئی کہ سب مرکبوں سے آگے جاتا تھا حلیمہ کہتی ہیں کہ چپے راست سے مجھے آواز آتی تھی کہ اے حلیمہ اب تو غنی ہوگئی اور جس منزل پر اوترتی تھی وہ منزل سرسبز اور تروتازہ ہوجاتی تھی حالانکہ قحط کے سبب سے سبزی کا نام بھی نہ تھا جب اپنے گھر پہونچی تو ایک عجیب رونق اور آبادی ہوگئی اور طرفہ یہ تھا کہ ہر چیز میں برکت پائی جاتی تھی بکریاں بہت بہت سا دودھ دیتیں کہ اور لوگ اپنے چرواہوں سے کہتے کہ جس چراگاہ میں حلیمہ کی بکریاں چرتی ہیں تم بھی اپنی بکریاں اُسی جگہ چرایا کرو اسی طرح سے اور انواع انواع طرح کی برکتیں برکت قدم مبارک سے ہوئیں کہ بیان اُنکا تفصیل وار مشکل ہو پھر جب آنحضرت کو طاقت گفتار ہوئی تو حلیمہ کہتی ہیں کہ میں نے سنا کہ اکثر آپ کی زبان پر یہ الفاظ جاری ہوا کرتے تھے اللہ اکبر اللہ اکبر الحمد للہ رب العالمین وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا اور کبھی کپڑوں پر بول و غائط نہ فرماتے تھے اور بول و غایط کا ایک وقت معین تھا اور جب طاقت رفتار ہوئی تو آپ خرامان خرامان گھر کے دروازہ پر جاتے

اور اکثر وہان لڑکے کھیلتے نظر آتے تو آنحضرت اُنمین شامل نہوتے بلکہ اُنکو کھیلنے سے منع فرماتے اور کہتے کہ تمکو لہو لعب کے واسطے پیدا نہین کیا ہی اور آپ کا نشو و نما اسطرح پر تھا کہ ایک مہینے مین اتنا پڑھتے جتنا اور لڑکے سال بھر مین اور رونا اور مچلنا اور روٹھنا اور لڑکون کی طرح آپ کی عادت مین نہ تھا اور کوئی چیز بائین ہاتھ سے نہ لیتے تھے اور جو چیز ہاتھ سے لیتے اُسپر ہاتھ رکھتے بسم اللہ فرماتے حلیمہ فرماتی ہین کہ مین کبھون آنحضرت کو اپنے پاس سے الگ نہونے دیتی مگر ایک دن غافل ہوگئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بہن رضاعی مسماۃ شیما کے ساتھ دھوپ مین باہر چلے گئے مین دھونڈھتی نکلی تو شیما کے ساتھ پایا مین نے خفا ہوکر شیما سے کہا کہ تو ایسی گرمی اور دھوپ مین کہان لے گئی تھی اُسنے کہا کہ انکو کچھ دھوپ سے مضرت نہ تھی انکے ساتھ بادل کا ایک ٹکڑا سایہ کر رہا تھا فائدہ قبیلہ بنی سعد ابن بکر عرب مین از بس فصیح و بلیغ تھا اور پانی خوش اور ہوا اُس مقام مین نہایت صاف تھی اس سبب سے مکے کے لوگ اپنی اولاد کو وہان کی عورتون سے دودھ پلواتے اور اسی طمع سے اُنکے سپرد کر دیتے تھے ولہذا سال مین دو مرتبہ یعنی فصل ربیع و خریف مین اُس قبیلے کی عورتین حرم شریف مین آتین اور بچون کو لیجاتین اور جب عمر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی تین یا چار برس کی ہوئی تو معاملہ شق صدر و غسل قلب اطہر پیش آیا کہ ایک دن آنجناب نے حلیمہ سے فرمایا میرے بھائی دن مین کہان جاتے ہین جو نظر نہین آتے حلیمہ نے کہا بکریان چرانے جاتے ہین فرمایا ہمکو بھی اُنکے ہمراہ کر دے اُسنے بنا بر سرور خاطر آنجناب علے الصباح منھ ہاتھ دھولاشانہ بالون مین کر پوشاک ہاں سرمہ لگا اپنے بیٹون کے ساتھ کیا اور واسطے رفع نظر بد کے ایک ہار مہرہ سلیمانی کا بھی گلے مین ڈالا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فی الفور گلے سے نکال کر پھینک دیا اور فرمایا میرا حافظ اللہ ہی مگر عصا ہاتھ مین لیکر بھائیون کے ہمراہ چلے گئے اور بکریان چرایا کیے دوپہر کو ضمرہ پسر حلیمہ افغان و خیزان روتا چلاتا آیا کہ امی آما دوڑ میرے بھائی محمد یا یہ کہا کہ بھائی محمد کی خبر بے قرب ہی کہ تو اُسکو زندہ نہ پائے کام تمام ہوجائے حلیمہ نے کہا کیا ہوا اُسنے کہا محمد ایک مقام پر کھڑے تھے دو شخص آئے اُنکو اُٹھا لیگئے پھر لٹا کر پیٹ چاک کیا آگے کا حال نہین جانتا حلیمہ پریشان ہوکر مع اپنے شوہر کے دوڑین پہاڑ پر گئین تو دیکھا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم صحیح و سالم بیٹھے ہوے جانب آسمان دیکھتے ہین الا رنگ چہرہ متغیر حلیمہ کو دیکھکر

تبسم فرمایا حلیمہ نے بوسہ لیکر کہا مین تمپر فدا کیا معاملہ ہی فرمایا دو یا تین شخص ملباس سفید آئے
ایک کے ہاتھ مین چاندی کی چھری دوسرے کے پاس طاس زمردی برف سے پُر اُنھون نے
مجھے اُٹھایا اور پہاڑ پر لائے ایک نے نہایت مہربانی سے لٹا کر میرا سینہ تا ناف چاک کیا
پر مجھے درد نہ معلوم ہوا پھر پیٹ مین ہاتھ ڈال رودے نکالے اور برف کے پانی سے دھوکر
رکھدیے دوسرے نے دل نکال کر چاک کیا اور نقطۂ سیاہ خون آلودہ نکال کر ڈال دیا اور
کہا ہذا حظ الشیطان منک یا حبیب اللہ اور ایمان و اتقی و عرفان حق و ایقان صادق کہ اُسکے ہاتھ مین تھے
میرے دل مین بھرے پھر اسی مقام مین رکھدیا اور ایک انگوٹھی نور کی نکال کر دل پر مُہر کی
سو میرا دل حکمت و نبوت کے نور سے پُر ہوگیا اور ایسی خنکی و تازگی دل مین سما گئی کہ میرے
جوڑ بند مین اثر باقی ہی ؎ دلم خزانۂ اسرار بود دست قضا ✤ درش ببست و کلیدش
بہ دلستانی داد ✤ پھر اُسی شخص نے اپنے ہاتھ سے میرا سینہ برابر کردیا صرف ایک خط باریک
سینہ سے تا ناف باقی رہا پھر مجھے چھوڑ پرواز کر گئے ؎ خط موسینہ سے تا ناف جو ہی
مشک سیاہ ✤ رشتۂ جان سے ہی شیرازۂ مکتوب آلہ ✤ یا رخ حور پہ ہی گیسوے مشکین سیاہ ✤
یا مصلے پہ رکھا سُبحہ ہی سبحان اللہ ✤ جسکے ہر دانے سے دانائے جہان ہی آگاہ ✤ یا شب
تار مین ہی وادی ایمن کی راہ ✤ انس ابن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مین نے
اُس زخم کا نشان شکم مبارک پر دیکھا تو ایک نشان لنبا باریک خط سا تھا ؎ بال
آئینۂ تن پر نہین واللہ مگر ✤ خط باریک ہی اک سینۂ نورانی پر ✤ کیون نہو سینہ سیہ مست
بہار دیگر ✤ سایہ سنبل جنت ہی بروے کوثر ✤ خط مشکین بہ سر سینۂ انور کیے ✤ آب
آئنہ مین یا موجۂ عنبر کیے ✤ سینہ پر حضرت موسیٰ کی پڑی شب کو نگاہ ✤ نہ ملی اُنکو بھی اس
وادی ایمن کی راہ ✤ جادۂ راہ سے جبرئیل مگر تھے آگاہ ✤ بولے دیکھو یہ ہی خس پوش
تہ خط سیاہ ✤ رہنمائی کو یہان خضر دل حق جو ہی ✤ کیا ہو اسینہ کا میدان جو مقام ہو ہی ✤
جب حضرت تمام احوال فرما چکے حلیمہ نے گود مین لیکر گھر پہونچایا وہان لوگون نے کہا انکو کاہن کے
پاس لیچلو تاکہ یہ حال دریافت ہو حضرت نے فرمایا کچھ اندیشہ نکرو الحمد للہ مین صحیح سالم ہون
ماجملہ اُن لوگون نے جن کا سایہ ٹھہرایا اور مصر ہوے کہ ضرور ضرور کاہن پاس لیچلو حلیمہ کو
کچھ بن نہ پڑی ناگزیر کاہن کے پاس لیگئین اور سرگذشت کہ چلین اُسنے کہا یہ لڑکا اپنا
حال آپ ہی کہے تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بالتفصیل ظاہر کیا کاہن نے کود کر حضرت کو

گلے سے لگایا اور سینے سے بزور چمٹایا اور باواز بلند پکارا اے اہل عرب اسکو مارو اور مجھے بھی اسی کے ساتھ قتل کرو جو نہ مارو گے تو جوان ہو کر تمھارے دین کو باطل اور عالمون کو جاہل کریگا اور ایسے خدا کی طرف بلائیگا جسکو تم پہچانتے جانتے نہو گے اور ایسے دین کی دعوت کریگا جسے تم مانتے نہو گے تب حلیمہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کاہن سے لیلیا کہا تو دیوانہ ہی جو میرا ایسا جانی زنہار تیرے پاس نہ لاتی تو البتہ سزاوار قتل ہی پھر حضرت کو گھر لائین حلیمہ کہتی ہین کہ جب یہ واقعہ عجیب ظاہر ہوا تو میرے شوہر نے کہا اسکو عبدالمطلب کے پاس پہونچانا چاہیے ایسا نہو کہ آسیب و نقصان کسی طرح کا پہونچ جائے سو ہین حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو لیکر جانب مکہ معظمہ روانہ ہوئی وقت شب مین نے سُنا کوئی کہہ رہا ہی کہ بنی سعد سے خیر و برکت جاتی ہی بطحا رکہ خوش ہون شادیانے بجا دین کہ انکی زیب و زینت پھر آئی وہ ہمیشہ حفظ و امان مین رہیگا جب کہ متصل مکے کے پہونچی تو دروازۂ حرم پر جاے محفوظ خیال کرکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بٹھلا دیا اور خود برائے قضاے حاجت بشری ایک جانب الگ گئی جب فارغ ہو کر وہان آئی تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مجھے نہ ملے ہر چند چپ و راست پیش و پس تلاش کیا کسی طرف نشان نہ ملا اور جس کسی سے مین نے پوچھا اُسنے بھی لاعلمی ظاہر کی حیران و پریشان سراسیمہ و گریان و احمداہ و واولداہ پکار رہی تھی یکایک ایک بوڑھا پھوس آدمی لاٹھی ہاتھ مین لیے ہوے آیا اُسنے پوچھا کیا حال ہی کیون روتی ہی مین نے سرگذشت بیان کی اُسنے کہا مین تجھے ایک بزرگ کے پاس لیچلون وہ تیرے گم شدہ کو بہم پہونچائیگا چنانچہ وہ مجھے ہُبل نامے بُت کے پاس لیگیا اُسنے سات بار طواف کیا اور نہایت منت و سماجت والحاح و زاری سے کہا کہ محمد ابن عبداللہ کا نشان بتلا سو وہ بُت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک سُنتے ہی اوندھے مُنھ گر پڑا اور جتنی مورتین اُسکے گرد تھین وہ بھی سب زمین پر گرین اور اندر سے آواز آئی کہ اے پیر مرد یہان سے دور ہو محمد صلی اللہ علیہ و آلہ سلم کا نام یہان نہ لے وہی ہمارا خراب کرنے والا و فضیحت و رسوا کرنے والا ہی سو وہ بوڑھا ڈرتا چلاتا ہانپتا کانپتا باہر آیا لاٹھی ہاتھ سے گر گئی بیہوش ہو گیا جب ہوش مین آیا کہا اے حلیمہ تیرے بیٹے کا حافظ خدا ہی ہرگز اُسکو ضائع نہ کریگا اگرچہ حلیمہ کو اس تقریر سے فی الجملہ تسکین و طمانینت ہوئی لیکن یہ سوچی کہ اس راز سربستہ کو کھولنا اور معاملۂ نہفتہ کو ظاہر کر دینا بلکہ عبدالمطلب جد حضرت صلعم کو آگاہ کرنا واجب لازم ہی چنانچہ حلیمہ کہتی ہین کہ مین ناچار ہو کر خیر کرنے عبدالمطلب کے پاس گئی اور معاملۂ گذشتہ و واقعۂ پیش آمدہ بیان کیا عبدالمطلب سُنکے نہایت مضطر و پریشان

مانند آئنہ حیران بہ تمنائے مشاہدۂ جمال جانان دوڑکر صفا پہاڑ پر چڑھے اور قریش کو آواز دی کہ اے
مآل غالب چلو اُنکی آواز سے سب قوم قریش جمع ہوکر آئے اعلائے مکہ سے تا اسفل مکہ حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو سب نے تلاش کیا نہ اسمین پیادے کا شمار ہی نہ سوار کا سب کی سب ڈھونڈھتے تھے مگر
کسی مقام پر آنجناب کا سراغ نہ لگا تب عبد المطلب بادہ ترمضطر ہوے اور مسجد حرام مین جاکر سات مرتبہ
طواف کعبہ کیا پھر دعا مانگی ہاتف غیبی نے آواز دی غم نہ کر محمدؐ کا حافظ خدا ہی عبد المطلب نے کہا محمدؐ
کہان ہین ہاتف نے جواب دیا کہ وادی تھامہ مین درخت کیلے کے نیچے بیٹھے ہین سو عبد المطلب اُدھر چلے
راہ مین ورقہ ابن نوفل علاوہ بھی عبد المطلب کے ہمراہ ہوا یہان تک کہ مقام معہود پر آئے تو حضرت
درخت کیلے کے نیچے بیٹھے تپے چنتے ہین عبد المطلب نے گود مین لیکر گھوڑے پر اپنے آگے بٹھالیا اور مکے مین
داخل ہوے بہت خوشی کی گئی اونٹ نحر کیے اور سونا خیرات کیا اور بکو بہت مال و اسباب عنایت کرکے
رخصت فرمایا اس قصے مین بھی بعض اہل تحقیق نے بدقت و فطانت کچھ اسرار کھول کر بیان کیے ہین
مگر تحقیق نہین ہوتا کہ اس معاملہ مین کیا اسرار حکمت رکھے تھے عالم الغیب والخفیات خود عالم ہی کسی کو کسب
اُسکے اسرار سے خبر ہو سکتی ہی فائدہ روایات صحیحہ سے واضح ہی کہ اول حضرت صلعم دو برس قبیلہ بنی سعد مین
جلوہ افروز رہے اور بعد گذرنے مدت رضاعت کے حلیمہ سعدیہ سپرد آمنہ کرگئین اور چونکہ ان دنون مکہ
معظمہ مین وبا کی شدت تھی لہذا باجازت آمنہ پھر آنجناب کو اپنے قبیلہ مین لیگئین کہ دو برس برد استے
تین برس اور اپنے پاس رکھا باجملہ پانچ برس تک حضرت صلعم کا رہنا قبیلۂ بنی سعد مین ثابت ہوتا ہی اور
بعد پانچ برس کے شروع چھٹی برس مین حلیمہ کو یہ خوف ہوا کہ شق صدر کا معاملہ ازبس نازک ہی ایسا نہو
کہ پھر واقع ہو اسلیے مکہ مین لاکر آمنہ و عبد المطلب کے سپرد کرگئین مخفی نہ رہے کہ روایات شق صدر مختلف ہین
ایک یہ کہ قبیلہ بنی سعد مین اول مرتبہ یا دوسری مرتبہ واقع ہوا اور ایک روایت مین ہی کہ جب آنجناب چھ برس کے
ہوے تب شق صدر ہوا اور بعضے دس برس کی عمر مین بیان کرتے ہین اور سوا اسکے احادیث صحیحہ سے
معلوم ہوتا ہی کہ شق صدر شب معراج بھی واقع ہوا پس جمع بین الروایات جس سے اختلاف رفع ہو جائے
یون ہوتا ہی کہ یہ معاملہ عجیب حادثہ غریب کئی مرتبہ واقع ہوا ہی فائدہ بعضے کہتے ہین کہ کشف الاطفال
جو ہند مین چار برس چار ماہ چار روز مین مقرر ہی اسکی توجیہ یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شق صدر
اسی عمر مین ہوا تھا حالانکہ یہ توقیت سراپا غلط ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر وقت شق صدر بروایت
صحیحہ تین برس کی تھی شرح شرعۃ الاسلام مین بھی یہ توجیہ بیان کی ہی بعد ازان لکھا ہی والمشہور انہ صلی اللہ علیہ وسلم
کان عمرہ ثلث سنین اھ مولانا محمد اسحق صاحب نے اربعین مین لکھا ہی کہ یہ جو ہند وستان مین مکتب الاطفال کے

مقرر ہوا ہی بے اصل ہی القصہ بعد رخصت ہوجانے حلیمہ سعدیہ کے مسماۃ برکہ مشہور ام ایمن حبشیہ
کنیز عبد اللہ کہ حضرت صلعم کو میراث والدین پہونچی تھین ہمواری و خدمت گزاری مین مصروف ہوئین
وہ فرماتی ہین کہ مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھونکہ و پیاس کی شکایت کرتے کبھون نہین سنا
بلکہ جب صبح ہوتی تھوڑا پانی نوش فرماتے تھے پھر دوپہر کو مین کھانے کو کہتی تو فرماتے مجھے حاجت
نہین ہی جب چھ برس و بروایتے سات برس کے ہوے تو آمنہ والدۂ حضرت مع ام ایمن آنجناب
صلی اللہ علیہ وسلم کو جانب مدینہ پاسکینہ لیگئین اور قبیلۂ بنی عدی مین اپنے ماموں کے گھر ایک مہینے کامل
مقیم رہین اس اثنا مین یہود مدینہ شواہد علامات سے پہچانتے اور کہتے کہ نبی موعود آخر الزمان یہی ہین
پھر بعد ایک ماہ کے آمنہ جانب مکہ معظمہ تشریف لیچلین اور موضع ابوا مین جو کہ ما بین مکہ و مدینہ واقع ہی
مقام کیا اُسی جگہ اُنکی وفات ہوئی اور وہین مدفون ہوئین اور بعض عالمون نے قبر انکی ام القری
مین لکھی ہی اور جمع بین الروایتین یہ ہی کہ اول ابوا مین دفن کیا تھا بعد اُسکے مکہ معظمہ مین لاکر دفن کیا ہی
فائدہ متقدمین کو عدم اسلام ابوین رسول اللہ صلعم مین یقین واثق ہی اور متاخرین مین ابن حجر
اور مولانا شاہ عبد العزیز دہلوی کا بھی یہی مسلک ہی مگر بعض متاخرین اہل حدیث نے اسلام ابوین
رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ جمیع آباء و امہات کا اسلام حضرت آدم علیہ السلام تک ثابت کیا ہی
اور اثبات اسلام کے تین طریق بیان کیے ہین اول یہ کہ والدین آنحضرت دین ابراہیم خلیل اللہ
علیہ السلام پر تھے دوسرا یہ کہ دونون زمانہ فترت مین تھے نہ زمانۂ نبوت مین یعنی اُنکو کسی نبی کی
دعوت نہین پہونچی تیسرا یہ کہ اللہ تعالی نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا سے دونون کو زندہ کیا
اور اسلام لائے چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے سوال کیا کہ
الٰہی زندہ کردے میرے ماں باپ کو سو اللہ نے زندہ کیا اور دونون مسلمان ہوے اگرچہ احادیث
صحیحہ مین تصریح اسکی خلاف ہی اور اس حدیث کو ضعیف بھی کہتے ہین لیکن تصحیح و تحسین حدیث احیا
محققین نے فرمائی ہی کئی طرح سے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ حدیث احیا اُن احادیث سے جنکو
متقدمین محدثین نے روایت کیا ہی متاخر ہی اور یہ علم کو یا متقدمین سے پوشیدہ و مستور تھا کہ متاخرین
اللہ نے کھولا و اللہ یختص برحمتہ من یشاء من فضلہ اور شیخ جلال الدین سیوطی نے اس بات مین
رسالے لکھے ہین اور مخالفین کو جواب دیے ہین کذا قال المحقق الدہلوی فی شرحہ للمشکوۃ الغرض
ام ایمن بعد وفات آمنہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ مین لائین اور عبد المطلب حضرت کی
تربیت و پرورش مین مصروف ہوے اور اپنے سب لڑکون سے زیادہ دوست رکھتے تھے ایک مرتبہ

عبد المطلب کو سفر یمن کا اتفاق پڑا اور قریش بھی ہمراہ گئے تھے جب وہان سے واپس آئے تو قریش پر قحط مستولی تھا اور وہ قحط ایسا طولانی ہوا کہ کئی برس تک رہا آخر عبد المطلب کو غیب سے آواز آئی کہ محمد صلعم سے استسقا کراؤ سو عبد المطلب حضرت صلعم کو اپنے کندھوں پر چڑھا کر پہاڑ پر لے گئے اور دعا کرائی اُسی وقت پانی برسا کہ قحط و خشک سالی جاتی رہی جب حضرت صلعم آٹھ برس دو ماہ دس روز کے ہوئے بروایتے آمنہ کی وفات سے دو برس گذرے تو عبد المطلب نے وفات پائی عمر انکی ایک سو بیس برس کی ہوئی اور اسی سال میں نوشیروان وحاتم نے وفات پائی اور بیٹا نوشیروان کا ہرمز بادشاہ ہوا آمنہ سے روایت ہے کہ جب جنازہ عبد المطلب باہر نکلا تو آنحضرت جنازے کے پیچھے روتے ہوئے جاتے تھے بالجملہ بعد وفات عبد المطلب کے ابو طالب عم آنحضرت صلعم خدمت میں مصروف ہوئے اور ابو طالب نے یہ نعمت غیر مترقبہ قرعہ ڈال کے حاصل کی تھی اور حضرت نے بھی بطیب خاطر قبول فرمایا اور ابو طالب کمال محبت کرتے ہمیشہ اپنے پاس رکھتے ایک دم جدا نکرتے تھے اور اشعار آپ کی مدح میں کہا کرتے اور بخوبی جانتے تھے کہ نبی موعود یہی ہیں ابن عساکر اپنی تاریخ میں غرفطہ بضم الغین المہملہ وسکون الراء المہملہ وضم الفاء و اہمال الطاء سے روایت کرتے ہیں کہ میں ابو طالب کے زمانہ کفالت میں داخل مکہ ہوا تو وہان قحط سالی تھی قریش کے لوگوں نے کہ عبد المطلب کے زمانے میں شاید قحط کا پڑنا اور حضرت سرور کائنات کی دعا سے مینھ کا برسنا دیکھ چکے تھے ابو طالب سے کہا کہ تم اپنے بھتیجے سے پانی کے واسطے دعا کراؤ سو ابو طالب گھر سے نکلے اور اطفال قریش کا ہجوم اُنکے ساتھ ہوا اُنمیں ایک لڑکا ایسا نورانی تھا کہ جسطرح آفتاب اُسکو ابو طالب نے اُٹھا کر اُسکی پیٹھ دیوار کعبے سے لگا دی اُسنے اُنگلی سے آسمان کی جانب اشارہ کیا تو چاروں طرف سے بادل گھر آیا اور پانی برسنے لگا اور ایسا برسا کہ جنگل بھر گئے حالانکہ بیشتر نشان ابر کا نہ تھا اور جب عمر صلی اللہ علیہ وسلم کی نو برس کی ہوئی تو حضرت اسرافیل علیہ السلام ملازمت میں حاضر رہنے لگے تین برس رہے پھر حضرت جبرئیل اُنتیس برس بطریق ملازمت پوشیدہ رہے اور جب بارہ برس کی عمر ہوئی بلکہ دو مہینے دس یوم زائد تو ابو طالب نے شام کا سفر کیا حضرت بھی ہمراہ تھے راہ میں جب شہر بصریٰ پر پہونچے تو بصریٰ کے چھ میل اسطرف موضع کفر میں ایک صومعہ تھا اسمیں ابو مدا س بضم العین المہملہ ملقب بحیر بالفتح باء موحدہ وکسر حاء مہملہ وسکون یاء تحتیہ کہ اسکو جرجیس بالفتح جیم وسکون راء مہملہ و باء ساکنہ بھی کہتے تھے اور وہ درویش زاہد نصرانی تھا اور مدت دراز سے قیام پذیر اسی سبب سے وہ قریہ دیرۂ بحیرا مشہور تھا اُسنے جب علامات مندرجہ کتب آسمانی

حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بخوبی پہچانا اور زیادہ تر تائید علامات و شواہد یہ ہوئی کہ اُسنے ایک ابر کا ٹکڑا سایہ کیے ہوے قافلے پر دیکھا تو یقین کامل ہوا کہ اس قافلے مین پیغمبر آخر الزمان تشریف فرما ہین اور مدت سے اُنکا منتظر تھا ہر ایک قافلے کو تاکتا رہتا تھا اسلیے تمام قافلے کی دعوت کی چنانچہ ابو طالب مع اہل قافلہ وہان گئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک درخت کے نیچے چھوڑ گئے اُسدم وہ ابر جو سایہ بان تھا اُسی درخت پر ٹھہر گیا قافلے کے ساتھ نہ گیا بحیرا نے لوگون سے پوچھا کہ تمھارے ساتھیون مین کوئی شخص فرودگاہ پر رہگیا ہی ابو طالب نے کہا ہان اور اسی وقت آنجناب کو طلب کیا تو وہ ابر سایہ کیے ہوے چلا آیا بحیرا نے بخوبی پہچان کے ابو طالب پر تاکید کردی کہ انکو شام مین ہرگز نہ لیجانا یہود انکے دشمن ہین لہذا ابو طالب نے مال تجارت بصریٰ مین فروخت کیا اور پلٹ آئے کر روایت کہ بحیرا نے حضرت کو سوکھی روٹی اور خرمے دیے تھے اور ترمذی نے ابو موسی اشعری سے روایت کی ہی کہ موٹی روٹی اور روغن زیتون ہمراہ کردیا اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ بحیرا نے دست مبارک پکڑ کے کہا کہ یہ شخص رسول رب العالمین ہی اہل قافلے نے کہا تو نے کسطرح جانا اُسنے کہا کہ جب تم لوگ مابین دو پہاڑون سے نکل کر یہان آئے تو ہر ایک شجر و حجر انکو سجدہ کرتا تھا اور یہ دونون سجدہ نہین کرتے مگر پیغمبر کو یہ روایت ہی ابو موسیٰ اشعری کی الغرض ابو طالب نے حضرت صلی اللہ وسلم کو بخوف یہود روانہ مکہ کردیا اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کہ وہ بھی قافلے مین تھے حضرت کے ہمراہ گئے اور ترمذی اور حاکم نے روایت کی ہی کہ اس عرصہ مین سات آدمی روم کے رہنے والے حضرتؐ کو ڈھونڈھتے ہوے آئے تھے بحیرا نے آنسے کہا تم کیون آئے اُنھون نے کہا کہ پیغمبر آخر الزمان ان دنون باہر نکلنے والا ہی اُسکی تلاش مین پھرتے ہین کہ اگر ملجائے تو قتل کرین بحیرا نے کہا کہ جو امر خدا نے مقدر کیا ہی اُسکو تغیر دے سکتے ہو بولے نہین بحیرا نے کہا کہ اُسکا ایمان لاؤ اور بیعت کرو کہ وہ بیشک نبی ہی عالی رتبہ تم ہرگز اُسکو ضرر نہ پہونچا سکوگے روایت ہی کہ بحیرا نے ابو طالب سے علاحدہ ہوکے پوچھا کہ یہ لڑکا تمھارا کون ہی ابو طالب نے کہا کہ میرا بیٹا ہی کہا غلط اسکے والدین زندہ نہونگے ابو طالب نے کہا یہ میرا بھتیجا ہی کہا یہ سچ ہی پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہوکے کہا تمکو لات و عزی کی قسم مجھے خبر دو کہ تمھارے مابین دونون شانون کے اس شکل کا نشان ہی فرمایا واللہ میرے نزدیک بدتر لات و عزے سے کوئی چیز نہین ہی اُسکی قسم مجھے نہ دے بحیرا نے کہا تمکو قسم خدا کی ہی سچ کہو فرمایا جیسا نشان

تو چاہتا ہو وہ تو بلا شک ہی بحیرا نے کہا اشہد انک رسول اللہ حقاً سر قدم مبارک کو بوسہ دیا
فائدہ اہل تحقیق کے نزدیک بحیرا بت پرست نہ تھا مگر اُسنے امتحانات وغیرہ کی قسم دلائی تھی نا مجملہ
پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ مین تشریف لائے اور سترہ برس کے ہوے تو زبیر خواہ عباس
ابن عبد المطلب بامید یمن جانب ملک یمن باجازت ابی طالب لے گئے اُنکو بھی اکثر خوارق
عادات نظر آئے اور جب بیس برس کے ہوے تو ظہور ملائکہ اور واقعات عجیبہ دیکھے گئے کہ
تواریخ و کتب حدیث مین موجود ہین اسی سال مین حلف الفضول واقع ہوا اور صورت یہ ہوئی
کہ زبیدہ یمنی نے اپنا اسباب عاص ابن وائل کے ہاتھ بیچ کیا عاص نے قیمت نہ دی زبیدہ نے
کوہ بوقبیس پر چڑھ کے عاص کے ظلم کی شکایت مین ایک شعر پڑھا اسپر قریش جمع ہوے اور
دار الندوہ مین اس بات پر عہد ہوا کہ ظالم کا ظلم دفع کرین زبیر بن عبد المطلب اسمین سرغنہ ہوے
بعد اُسکے ایک گروہ عبد اللہ ابن جدعان کی حویلی مین متفق ہوکے اختلاف کیا اور کہا ہذا
حلف الفضول مجلس اول مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بھی جلوہ فرما تھے لیکن عہد و پیمان مین
کسی کے شریک نہ تھے اور جب عمر شریف بیس برس سے متجاوز ہوئی تو حضرت نے کوہ اجیاد مین
کہ بفتح ہمزہ و سکون جیم و فتح تحتانیہ ہی شیبانی شروع کی اور جو کچھ مزدوری مین ملتا مسکینون کو
عنایت کرتے اور جب پچیس برس کے ہوے تو ابو طالب پر افلاس غالب آیا پر ایک دن اپنا
حال کہکر ملتمس ہوے کہ قریش کا قافلہ بقصد تجارت جانب شام روانہ ہوتا ہی اور سُنا گیا ہی کہ
خدیجہ بنت خویلد کو ایک شخص امین کی احتیاج ہی اگر اُسکا مال آپ لیجائین تو ہمکو شاید نفع ہو
دفعۃً خدیجہ نے یہ حال سُنا اور نہایت آرزو سے کہلا بھیجا کہ اگر حضرت راضی ہون تو مین دوچند
اُجرت دینے پر حاضر ہون ابو طالب نے قبول کیا اور خدیجہ نے بے تامل اجرت بھیجدی سو حضرت صلعم
بمراہی میسرہ غلام خدیجہ جانب شام روانہ ہوے جب شہر بصریٰ مین پہونچے تو ایک درخت خشک کے نیچے
اُترے وہان نسطورا راہب نصرانی رہتا تھا اُسنے دیکھ کر کہا کہ اس درخت کے نیچے سوائے پیغمبر کے
کوئی نہین اُترتا لہذا حضرت کے پاس حاضر ہوکے اسم شریف دریافت کرکے کہنے لگا کہ تم خاتم النبیین ہو
اور میسرہ سے خوارق عادات سنکر کہا کہ مین اس پیغمبر کے انتظار مین تھا الحمد للہ کہ زیارت نصیب ہوئی
اے میسرہ تجھے وصیت کرتا ہون کہ انسے ہرگز جدا نہونا اور شام مین نہ لیجانا کہ یہود انکے دشمن ہین
کیونکہ یہ پیغمبر آخر الزمان ہین میسرہ نے کہا کہ مین نے شدت حرارت مین انپر دو مرغ سایہ کرتے ہوے
دیکھے ہین اور زیر قدم سے پانی جاری ہوتا ہی اور ایک آدمی کے لائق کھانا تھا تو آدمی انکی برکت سے

کھاتے ہین اُسنے کہا سب درست ہی چنانچہ میسرہ نے اسباب تجارت وہین فروخت کرایا سہ چند نفع پایا
اور بعضے اس معاملے کو یون بیان کرتے ہین کہ جب حضرت صلعم کی عمر چوبیس برس نو مہینے چھ روز کی ہوئی
اور امانت و دیانت آپ کی عالم مین شائع ہوئی اور قوم قریش آپ کو محمد امین کہنے لگے تو خدیجہ کبریٰ کو
خواہش ہوئی کہ حضرت کو اپنا اسباب تجارت دیکر بھیجین اس بات کا پیغام بھیجا حضرت صاحم نے
بمشورۂ ابیطالب قبول کیا کہ خدیجہ نے میسرہ غلام اور خزیمہ اپنے رشتہ دار کو ہمراہ رکاب جناب
رسالت مآب صلعم کرکے جانب شام روانہ کیا یہ معاملہ دو مہینے چوبیس دن قبل نکاح سے ہوا ہی بالجملہ
جب حضرت صلعم نے بصریٰ مین اسباب فروخت کیا اور مراجعت فرمائی اور قریب حرم مکہ منضمت فرما ہوے
تو اُسوقت گرمی کی شدت تھی اور ایک اونٹ پر حضرت خاتم المرسلین سوار تھے دوسرے پر خزیمہ و میسرہ
اور خدیجہ الکبریٰ مع چند عورات قریش بالاے بام بیٹھی ہوئین راہ کے مسافرون کو غرفے سے دیکھتی تھین
دفعتہً حضرت محبوب رب العالمین اونٹ پر سوار نظر آئے تو خدیجہ نے دیکھا کہ دو مرغ درحقیقت وہ
دونون فرشتے تھے اپنے پرون سے سر مبارک پر سایہ کیے ہوے چلے آتے تھے اور میسرہ و خزیمہ دھوپ مین
تھے خدیجہ متحیر ہوئین اور عورتین متعجب یہان تک کہ میسرہ و خزیمہ خدیجہ کے پاس پہونچے اول خدیجہ نے
خیر و عافیت انکی پوچھ کر حضرت کا احوال پوچھا اور سایہ کی حقیقت کا سوال کیا اُن دونون نے
بطور راہب کا کلام بیان کرکے جو کچھ خوارق عادات دیکھے تھے بیان کیے بجۃ المحافل مین ہی کہ
جب حضرت صاحم و میسرہ جانب شام سے اسباب لیکر آئے خدیجہ نے اُسکو فروخت کیا اور دونا فائدہ اُٹھایا
اُجرت بھی حضرت کو دونی دی اور اجرت چار اونٹ جوان تھی بالجملہ جب خدیجہ نے حضرت کا حال سُنا
اُسی وقت خدیجہ عاشق ہوئین اور انکے دل نے چاہا کہ حضرت کے نکاح مین آؤن اگرچہ سیکڑون
ہزارون شریفون اور بڑے بڑے امیرون نے انکے ساتھ خواہش ازدواج کی تھی اس سبب سے
کہ خدیجہ شرافت و نجابت مین نہایت ممتاز اور دولت و عزت سے قریشیون سرفراز تھین مگر خدیجہ نے
سب کو جواب صاف دیا تھا بلکہ فرمایا تھا کہ مجکو خواہش نکاح نہین ہی لیکن خداوند تعالی نے انکو
حضرت کی محبت مین ایسا مشغوف کر دیا کہ بلا تامل مسماۃ نفیسہ بنت منیہ کو بلا کر کہا تو حضرت کے
حضور مین حاضر ہوکے دریافت کر کہ آپ کا میلان جانب نکاح ہی یا نہین ہو وہ عورت حضرت کے
پاس آئی اور اُسنے مافی الضمیر اپنا ظاہر کیا حضرت نے فرمایا نکاح کا ساز و سامان ہمارے پاس نہین ہی
وہ بولی اگر کوئی عورت اپنے قوم کی شریف و مالدار ایسی ملے کہ سامان نکاح کے بھی کفالت کرے تو کچھ
عذر نہین ہی حضرت نے فرمایا ایسی عورت کہان ہی اُسنے کہا خدیجہ بنت خویلد آپ کی تمنا رکھتی ہی اور

اور چاہتی ہی کہ نکاح کرون اور اُسنے مجکو استمزاجاً بھیجا ہی حضرت نے فرمایا مضائقہ نہین چنانچہ
نفیسہ خدیجہ کے پاس یہ مژدہ لیگئی خدیجہ ممنون ہوئین اور بیان کہتے ہین میسرہ غلام خدیجہ نے اس
مہم کو سرانجام کیا ہی بہرحال تقدیر جب خدیجہ نے جانا کہ حضرت کو نکاح سے انکار نہین ہی تو عمرو ابن اسد
اپنے چچا کو کہ بسبب مرجانے خویلد کے وارث تھا طلب کیا اور حال گذشتہ سے اطلاع بخشی اور بعض کے
نزدیک ورقہ ابن نوفل چچازاد بھائی اپنے کو بھی بلایا تھا الغرض دونون راضی ہوے اور ہمارے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اعمام سے احوال کہا وہ بھی راضی ہوے چنانچہ حمزہ و عباس و ابوطالب
وغیرہم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوکر خدیجہ الکبریٰ کے گھر گئے پھر وساء قریش کے سامنے
ابوطالب نے یہ خطبہ پڑھا الحمد للہ الذی جعلنا من ذریۃ ابراہیم وزرع اسمعیل وضیضیٔ معد وعنصر مضر
وجعلنا حضنۃ بیتہ وسوّاس حرمہ وجعل لنا بیتا محجوجاً وحرما آمناً وجعلنا الحکام علی الناس ثم ان
ابن اخی ہذا محمد بن عبد اللہ لا یوزن بہ رجل الا رجح وان کان فی المال قل فان المال ظل زائل
وامر حائل ومحمد من قد عرفتم قرابتہ وقد خطب خدیجۃ بنت خویلد وبذل لہا من الصداق ما آجلہ
وعاجلہ من مالی وہو واللہ بعد ہذا لہ نبا عظیم وخطر جلیل حاصل یہ ہی کہ حمد وسپاس اُس خدا کو ہی جسنے
ہمکو اولاد ابراہیم و دانہ اسمعیل سے گردانا اور منسبت نشو و نما ہمارا اصل مضر و معد بنایا اور اپنے
گھر و حرم کا نگہبان کیا اور صناد ید عرب و ارباب فضل و ادب کا مقتدا و پیشوا کیا اور بعد حمد میرا بھتیجا
محمد ابن عبد اللہ وہ شخص ہی کہ اُسکے ہموزن کوئی مخلوق خدا نہین ہوسکتا بلکہ اگر موازنہ کیا جائے
تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم راجح نکلین اگرچہ کیسہ مال اُسکا مشہور بقلت ہی لیکن مال کا اعتبار نہین یہ تو
سایہ ہی معرض زوال مین اور محمد وہ ہی جسکی قرابت تمکو معلوم ہی حالانکہ اُسنے خواہش کی ہی خدیجہ بنت
خویلد کی اور اُسکو نکاح مین لاتا ہی بعوض مہر جسکا مؤجل و معجل میرے مال سے متعلق ہی اور قسم خدا کی ہی
محمد کو بعد اس معاملے کے مرتبہ عظیم ہوگا بعد اسکے ورقہ ابن نوفل نے یہ خطبہ پڑھا الحمد للہ الذی جعلنا
کما ذکرت فضلنا علی ما عددت فنحن سادۃ العرب وقادتہم وانتم اہل ذلک کلہ لا ینکر العرب العشیرۃ بفضلکم
ولا یرد احد من الناس فخرکم وشرفکم وانا فی ہذا الامر راغبون حاصل یہ کہ حمد وسپاس اُس خدا کو ہی جسنے
ہمکو اُن فضائل مین گردانا جو تمنے بیان کیے پس ہم سردار عرب ہین اور تم ان کمالات کے اہل ہو کوئی
آدمی اور کوئی فرد افراد قبائل و عشائر عرب سے تمھارے فضل کا منکر نہین ہی اور نہ کوئی متنفس تمھاری
شرافت کو رد کرتا ہی اور حقیقۃً مجکو قبول اس خطبہ مین رغبت ہی الخ بعد اسکے ابوطالب نے کہا ہی و
مین چاہتا ہون کہ عمرو بن اسد بھی تیرا شریک ہو سو عمرو ابن اسد نے کہا ہی گروہ قریش تم گواہ ہو

کہ مین نے خدیجہ بنت خویلد کو محمد عبداللہ ابن عبداللہ کے نکاح مین دیا مالجملہ نکاح ایجاب و قبول طرفین سے منعقد ہوا اور بعد تمامی قاعدہ عقد صحیح ابوطالب نے کئی اونٹ نحر کرا کے اشراف قوم کو کھانا کھلایا اور بایمائے ام المؤمنین خدیجہؓ لونڈیون نے دف بجا کے رقص کیا اور دوپہر کے وقت اسی دن زفاف واقع ہوا فائدہ مہر حضرت خدیجہ کا ایک روایت مین چار سو مثقال طلا تھا و بروایتے پانسو درہم و بروایتے بیس اونٹ تھے فائدہ یہ جو کھانا ابوطالب نے کھلایا طعام ولیمہ تھا ولیمہ مشتق ہی الالتیام سے اور الالتیام کے معنی اجتماع چونکہ وقت اجتماع زوجین کے کھلایا جاتا ہی اسلیے اسکو ولیمہ کہتے ہین پس ولیمہ وہ طعام ہی جو نکاح مین کھلایا جائے اکثر علما اسپر ہین کہ ولیمہ سنت ہی اور بعضون نے کہا مستحب ہی اور بعضون نے کہا واجب ہی اور وقت ولیمہ کا بعض کے نزدیک بعد دخول ہی اور بعضے کہتے کہ وقت عقد کے ہی اور بعض قائل ہی دونون کے یعنی وقت عقد بھی کرنا چاہیے اور بعد دخول بھی اور اختلاف کیا ہی علما نے مکرار ولیمہ مین یا دو دن سے ایک جماعت علما نے مگر وہ کہا ہی اور مالکیہ نے مستحب جانا ہی ہفتہ تک اور مختار یہ ہی کہ ولیمہ بقدر حال خاوند کے ہو اور مجمع البحار مین لکھا ہی کہ ضیافت آٹھ قسم ہی ولیمہ بنا بر نکاح خرس بضم الخاء المعجمہ واسطے پیدا ہونے لڑکے کے اعذار ختنہ کے لیے وکیرہ بتعمیر مکان کے واسطے نقیعہ مسافر کے آنے کے لیے خواہ مسافر تیار کرائے یا اسکے لیے کوئی اور تیار کرے وضیمہ بالضاد المعجمہ مصیبت کے لیے عقیقہ واسطے تسمیہ ولد کے مأدبہ بالہمزہ وضم الدال والیاء الموحدۃ وہ کھانا ہی جو تیار کیا جائے واسطے ضیافت کے بے سبب اور یہ سب اقسام مستحب ہین مگر ولیمہ کہ بعضون کے نزدیک واجب ہی اور صحیح یہ ہی کہ ولیمہ سنت ہی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم و اصحاب آپ کے کیا کرتے تھے بعض عالمون کے نزدیک ولیمہ مین جانا واجب ہی جو نہ جائے وہ گنہگار اور بعضون کے نزدیک مستحب ہی کھانا ضرور نہین اگر کچھ عذر ہو نہ کھائے فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ خدیجہ اولاً نامزد ورقہ ابن نوفل ابن اسد کے تھین سو نوبت نکاح نہین پہونچی یہان تک کہ عتیق ابن عائذ مخزومی نے خواہش کی کہ اُس سے اول نکاح ہوا اور ایک بیٹا اور ایک بیٹی پیدا ہوے پھر عتیق مرگیا تو ابیاش ابن زرارہ تمیمی سے نکاح ہوا اُس سے بھی ایک بیٹا ہوا اور ایک بیٹی اور ایک روایت مین ہند و ہالہ دو زینب پیدا ہوے پھر وہ بھی مرا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح ہوا اُنسے قاسم و عبداللہ و طاہر تین بیٹے و زینب و رقیہ و ام کلثوم و فاطمہ چار بیٹیان پیدا ہوئین سو تینون صاحبزادے حالت شیر خوارگی مین قبل نبوت داخل بہشت ہوے اور زینب و رقیہ و ام کلثوم نے روبرو حضرت کے وفات پائی مگر فاطمہ علیہا السلام نے چھ مہینے بعد اور تمام اولاد حضرت کی خدیجہ سے تھی مگر ابراہیم ماریہ قبطیہ سے اور جب خدیجہ حضرت کے نکاح مین آئین تو عمر انکی عند البعض اٹھائیس برس کی تھی اور حضرت صلعم کی پچیس کی

مگر شیخ عبد الحق محدث رحمۃ اللہ علیہ نے عمر خدیجہ چالیس برس کی وقت نکاح لکھی ہو وہو الصحیح اور باقی حال انکا احوال وجوہات مطہرات مین لکھا جائیگا ایک فضیلت اس مقام پر قابل بیان ہو کہ بعد نکاح حضرت جبرئیل نے آکر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اللہ صاحب خدیجہ کو سلام کہتے ہین حضرت نے فرمایا اے خدیجہ یہ جبرئیل امین ہین تیرے رب کا سلام تجکو کہتے ہین خدیجہ نے کہا ان اللہ ہو السلام و منہ السلام وعلی جبرئیل السلام وعلیک یا رسول السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ من سمع السلام الا الشیطان اور جب عمر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پینتیس ۳۵ برس کی ہوئی تو قریش نے بنا کعبہ کو لیکر تعمیر کعبہ شروع کی اور چاہا کہ مسقف کرین کیونکہ قبل خرابی چار دیواری تھی اور طول یعنی بلندی مقدار قد آدم اسی عرصہ مین اتفاقیہ ایک کشتی کہ روم سے براہ دریا جاتی تھی تباہ ہوئی اہل کشتی مین ایک آدمی باقوم نام کارمعاری مین استاد پختہ کار تھا وہ مع اپنی قوم کے جدہ مین مقیم ہوا قریش نے یہ خبر سُنی ولید ابن مغیرہ نے جدہ مین جاکر کشتی کی لکڑی خریدی اور باقوم معمار کو حرم مین لایا اور تعمیر کعبہ پر معین کر دیا اور قرعہ قرعہ کی کہ مطابق بنا ابراہیم علیہ السلام بنا نا بدین شرط کہ اجزاء دیوار مین کسی طرح کا خلط نہو باقوم نے کہا یہ بات حیز امکان سے خارج ہو دو باتین اختیار کر دیا تو اجازت دو کہ پتھر و مٹی ملا کے بنایا جائے یا مقدار بیت سے کچھ کم کیا جائے سو قریش نے شق ثانی اختیار کی اور موضع حجر کو بیت سے قطع کیا اسی موضع کو اب حجر اور بھی حطیم بولتے ہین بعد اسکے چارون قبائل قریش مین تقسیم ہوے اور تعمیر شروع ہوئی اور سب مل کر پتھر لانے لگے حضرت صلعم بھی پتھر لانے مین شریک ہوے یہان تک کہ دیوارین تیار ہوئین اور آستانہ حرم بلند کیا گیا تاکہ سیل آب سے بیت اللہ محفوظ رہے اور بلا اذن بواب کوئی جا نہ سکے جب حجر الاسود کے رکھنے کی نوبت آئی تو بطون قریش یعنی بنو ہاشم و بنو امیہ بنو مخزوم و بنو زہرہ وغیرہم مین مخالفت پیدا ہوئی بلکہ عبد الدار نے اتفاق کیا اسپر کہ جب تک ہم سب لوگ قتل نہونگے ہرگز دوسرے قبیلہ کو وضع حجر مین دخل نہ دینگے چنانچہ اسی سبب سے لقب اس عہد کا عقد الدم قرار پایا جب یہ فساد ظاہر ہوا تو ولید ابن المغیرہ نے سب لوگون کو منع کر کے یہ قرار دیا کہ جو کوئی شخص باب بنی شیبہ سے اول آئے وہی اس قضیہ مین حکم ہو اُسی کے حکم پر عمل کرو چنانچہ حضرت خاتم المرسلین محبوب رب العالمین اول باب بنی شیبہ سے تشریف لائے سب لوگ آنجناب کو دیکھ کر خوش ہوے اور ملتمس ہوے کہ اس قضیہ مین جو کچھ آنجناب ارشاد فرماوین منظور ہو حضرت صلعم نے اپنی چادر دوش مبارک سے لیکر زمین پر بچھائی اور ید بیضا سے حجر اسود کو اُٹھا کر چادر مین رکھا اور فرمایا کہ ہر قبیلہ سے ایک ایک شخص چارون گوشے چادر کے پکڑ کر اُٹھائے اور دیوار حجر تک لائے تاکہ سعادت و برکت سے کوئی قبیلہ محروم نہ رہے بعد ازان سب لوگ مجھے حجر اسود کے رکھنے مین وکیل کرین قریش نے قبول کیا اور قتبہ ابن ربیعہ و ابو زمعہ و ابو حذیفہ

ابن المغیرہ وقیس ابن عدی نے چادرون کو نے چادر کے پکڑے اور اُٹھا کر موضع مسعود تک لیگئے تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے حجر کو اُٹھا کر موضع حجر مین رکھدیا اور جملہ بطون قریش اسپر راضی ہوے اسی عرصہ مین یہ ہوا کہ بیت اللہ کے اندر ایک کنوان تھا اسمین سے ایک سانپ بہت بڑا وقت طلوع آفتاب دیوار پر بیٹھتا تھا اور سب لوگ اُسکو دیکھ کر خوف کھاتے تھے سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ایک دن عقاب نے اُسکو اُٹھا لیا کہ سب لوگون کا خوف جاتا رہا فائدہ بیت اللہ کی خرابی کے وسبب مؤرخین بیان کرتے ہین بعضے کہتے ہین کہ بیت اللہ مین ایک کنوان تھا کہ حکام ماضیہ نے چند زیور مع ہو یرہ طلا کل بجواہر اُسمین دفن کیے تھے چند اوباشون نے اُسکو کھود کر نکال لیا اس سبب سے ایک نوع کا تزلزل چار دیواری بیت اللہ مین واقع ہوا بلکہ قریب الانہدام ہوگیا اور بعضے کہتے ہین کہ سیل آب سے بناء کعبہ مین صورت خرابی پیدا ہوگئی تھی اور جمع بین القولین یون ہوسکتی ہی کہ اول اوباشان قریش نے کنج مخفی کھود ا پھر سیل آب آیا کہ انمین دونون سببون سے بیت اللہ قریب الانہدام پہونچا تھا کہ قریش نے پھر بنایا بالجملہ اسی سال سے امارات خیر و برکت ام القریٰ مین ظاہر ہونے لگے اور لوائح نبوت روشن ہوچلے اور اخبار راہبین کاتبین کا ظہور شروع ہوا کہ وقت بعثت نبی قریب تر آیا پس زید ابن عمرو ابن نفیل و ورقہ ابن نوفل و عثمان ابن الحویرث و عبد اللہ ابن جحش ملکر قوم قریش کو بت پرستی پر لعن و طعن کرنے لگے اور دین قویم ابراہیم علیہ السلام کی طلب مین مکے سے نکلے اور غیر شہر دین مین متفرق ہوے چنانچہ زید ابن عمرو سے اطراف شام مین ایک عالم توریت ملاقی ہوا اُس سے زید نے طریقہ عبادت پوچھا اُسنے کہا جس شہر سے تو آیا ہی اُسی شہر مین خاتم المرسلین رسول رب العالمین جلد تر مبعوث ہونے والا ہی اُسی کے ہاتھ پر دین ابراہیم از سر نو عروج پکڑیگا پھر زید ابن عمرو اُسی مقام سے کہ شاید ارض بلقا سے تھا پھر اگر بلاد نجم مین دشمنون کے ہاتھ سے مارا گیا اور ورقہ ابن نوفل نصرانی ہوا اور کتابین بنی اسرائیل کی پڑھ کر صفات خاتم المرسلین سے بخوبی آگاہ ہوا اور اُسنے جانا کہ یہ نبی جلد تر مکہ مین ظاہر ہوتا ہی اور اسی انتظار مین عمر اپنی بسر کرتا اور خدیجہ کبریٰ سے پوچھا کرتا وہ حضرت کے صفات بیان کرتین تو ورقہ جب حضرت کو دیکھتا بمطابقت معلومات چہرۂ مبارک پر بوسہ دیا کرتا اور کہتا الا رب تمھین پیغمبر آخر الزمان ہوگے چنانچہ ابتداے نبوت تک یہ شخص زندہ رہا پھر مرگیا بعضے اُسکے ایمان کے قائل ہین اور بعضے تردد و توقف کرتے ہین لیکن میرے نزدیک بتصدیق حضرت صلعم مین شبہہ نہین ہی اسواسطے کہ آنجناب فرماتے ہین رایت بورقہ ابن نوفل جنۃ او جنتین پس اگر مومن نہ تھا تو بہشت اُسکے واسطے کیسی اور عثمان ابن الحویرث روم مین جاکر نصرانی ہوا اور عبد اللہ ابن جحش اول اسلام لایا پھر حبش مین جاکر مرتد ہوگیا اور

حالت ارتداد مین مرا اور اسی سال مین بروایتے حضرت فاطمہ پیدا ہوئین اور جب حضرت اڑتیس برس کے
ہوے تو آپ کو نور نظر آنے لگا اور غیب کی آوازین سُننے لگے دل مین شوق گوشہ گزینی و خلوت نشینی کا
پیدا ہوا کوہ حرا پر تشریف لیجاتے اور بیت اللہ کو دیکھا کرتے اور ذکر حق مین مشغول رہتے فائدہ
یہ پہاڑ جسکو حرا کہتے ہین بکسر حا و بفتح را مہملتین بروزن کتاب ہ تین میل مکے سے واقع ہ اسی کو
جبل نور بولتے ہین اُسی مین ایک غار ہ چار درعہ کا لنبا اور ایک درعہ اور تہائی درعہ کا چوڑا
وہان سے کعبہ نظر آتا ہ اسلیے وہ مقام پسند پڑا تھا اور ابن حجر عسقلانی شرح صحیح بخاری مین بیان کرتے ہین
کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان دنون متشرع بشریعت ابراہیمی تھے وہو الصحیح اور جو لوگ قائل ہین کہ تعبد آنحضرت
کسی دین سے مطلق نہ تھا اُسکا مطلب یہ تھا کہ بحکم عقل و استحسان کاربند تھے خواہ بالہام خواہ برویاے
صالحہ وہو المختار بظاہر قولہ تعالی وکذلک اوحینا الیک روحا من امرنا ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان
اور میل امام غزالی اس مسئلہ مین جانب توقف ہ اور عبادت مین اختلاف ہ بعضے بفکر قائل و بعضے بذکر
مائل وہو الصحیح لان الذکر اعلی من الفکر اور اتفاق ہ کہ آنحضرت نے کوئی ما یا کی جاہلیت کی اختیار
نہین کی بلکہ جمیع صغائر و کبائر سے معصوم تھے الغرض خلوت سے یہ نوبت پہونچی کہ شجر و حجر سے وقت ملاقات
آواز السلام علیک یا رسول اللہ آنے لگی چنانچہ حضرت فرماتے تھے کہ مین پہچانتا ہون ایک پتھر کو مکے مین
جو مجکو قبل نبوت سلام کرتا تھا اور سفر السعادت مین ہ کہ نزول وحی سے پہلے صرف آواز آتی تھی کہ یا محمد لکین
گوینده نظر نہ آتا تھا اور سات برس صرف نور نظر آیا کہ اسمین آنجناب مسرور رہتے تھے اور جب عمر شریف
چالیس برس کی ہوئی خواہ ایک دن زیادہ تو نور وحی کا شروع ہوا اور بقول صحیح ظہور اس نور کا تاریخ
ہشتم خواہ ستوم ربیع الاول یوم دوشنبہ تھا اور سنہ اکتالیس عام الفیل صحیح بخاری مین حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہ کہ اول علامات وحی مین رویاے صالحہ ہوے کہ جو کچھ رات کو حضرت خواب دیکھتے
صبح کو بعینہ ظاہر ہوتا بعد اسکے خلوت پسند آئی تو غار ثور مین چند روز کا کھانا لے کے تشریف لیجاتے اور
تسبیح و تہلیل و حمد و ثنا مین مشغول رہتے جب کھانا صرف ہو جاتا تو حضرت خدیجہ کے پاس آتے اور دو ایک دن
قیام کرکے پھر وہین تشریف لیجاتے تھے مدت اقامت غار ایک مہینے سے کم ہوتی تھی مگر بر سبیل ندرت الغرض
اس عرصہ مین ایک دن حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنا جسم مبارک دھونے کو غار سے نکلے دفعۃ حضرت جبرئیل آپنے
ہوا مین آواز دی اے محمد حضرت نے دیکھا تو کوئی نظر نہ آیا پھر دوسری مرتبہ آواز دی حضرت صلعم متحیر ہوا
بائین دیکھنے لگے تو ایک شخص نورانی مثل آفتاب روشن تاج نورانی بر سر و حلۂ سبز در بر تشریف لاتا ہوا
اور ایک ٹکڑا حریر کا ہاتھ مین دیکر کہا پڑھو حضرت نے فرمایا مین پڑھا نہین ہون پھر انھون نے بغل مین

حضرت کو خوب دبایا کہ عرق آگیا اور کہا کہ پڑھو حضرت نے کہا مین پڑھا نہین ہون پھر اُس بزرگ نے اُسی طرح کیا غرض کہ تین مرتبہ بقدر طاقت آنجناب صلعم کو خوب دبوچا پھر اقرء باسم ربک الذی خلق مالم تعلم تک پڑھایا اور ایک روایت ہی کہ اول تعوذ و بسملہ کہلاکے یہ آیتین پڑھائین کہ حضرت صلعم کو یاد ہوگئین چنانچہ تفسیر واحدی مین ہی کہ اول تعلیم جبرئیل یہ ہوئی کہ یا محمد استعذ باللہ ثم قل بسم اللہ اور ایک روایت ہی کہ بعد تعلیم آیات مذکورہ حضرت جبرئیل نے اپنا پیر زمین پر مارا کہ ایک چشمہ نکل آیا پھر استنجا کرکے مضمضہ و استنشاق کیا اور منہ دھویا پھر ہاتھ پیر تین تین دفعہ دھوکے ایک مرتبہ سر کا مسح کیا یعنی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اسطرح وضو کرنا سکھلایا کیونکہ ایسے افعال مین تعلیم فعلی زیادہ تر مفید ہوتی ہی بعد اُسکے حضرت جبرئیل نے ایک چلو پانی لیکے روے مبارک پر چھینٹا دیا اور خود آگے بڑھ کر دو رکعت نماز پڑھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اقتدا کی جب نماز سے فارغ ہوے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا وضو کرنا اور نماز کا پڑھنا اسطرح سے ہوتا ہی اور صحیح یہ ہی کہ یہ روایت بعد نزول سورۂ فاتحہ صحیح ہی بالجملہ حضرت جبرئیل بعد تعلیم آیات خود جانب آسمان چلے گئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی دولت خانے کو روانہ ہوے راہ مین ہر درخت اور پتھر سے آواز آتی تھی السلام علیک یا رسول اللہ اور حضرت کا دل کانپتا تھا اُسی حالت مین داخل دولت سرا ہوے اور حضرت خدیجہ کبریٰ سے فرمایا زملونی زملونی یعنی مجھے چھپاؤ مجھے چھپاؤ حضرت خدیجہ نے بالا پوش اُڑھایا اور ٹھنڈا پانی چھڑکا جب افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا مجھے اپنی جان کا خوف ہی حضرت خدیجہ نے کہا خدا سے تعالے تکو ضائع نہ کریگا اور آپ کے صفات حمیدہ بیان کرکے کہا کہ تم غریبون کی مدد کرتے ہو اور محتاجون سے سلوک اور ایسے کامون مین جنسے حق کی تائید ہوا عانت کرتے ہو پھر تم مستحق رحمت الٰہی ہو نہ غضب الٰہی پھر آپ کو پاس ورقہ ابن نوفل ابن عبد العزیٰ کہ برادر عم زاد اُنکے تھے لیگئین وہ کتب سابقہ پڑھے تھے اُنسے حال بیان کیا ورقہ نے حضرت سے کہا ای بیٹے میرے بھائی کے تمنے کیا دیکھا آپ نے تمام کیفیت بیان کی ورقہ نے کہا یہ ناموس اکبر تھا جسکو عربی مین جبرئیل کہتے ہین یہی فرشتہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تھا تم اس امت کے پیغمبر ہو کاش مین جوان ہوتا اُن دنون مین جب کفار تمھین نکالینگے آپنے پوچھا کہ یہ لوگ مجھے نکالینگے ورقہ نے کہا ہان ایسے ہی لوگون کے کافر دشمن ہوتے ہین اور تم وہ پیغمبر ہو جنکی خبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہی آپ اصلا خوف نہ فرمائین بلکہ خوش ہون پھر اُنھین دنون مین ورقہ نے انتقال کیا فائدہ حضرت خدیجہ نے ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ورقہ کا حال پوچھا کیا فرماتے ہین آپ نے ورقہ کے حق مین کہ اُسنے آپ کی تصدیق کی تھی مگر زمانۂ ظہور نبوت اور اتباع احکام اُسکو نصیب نہوا فرمایا اُسکو مین نے سفید کپڑے پہنے دیکھا ہی اگر نجات اُسکی نہوتی اور مسلمانون مین محسوب نہوتا

توسفید کپڑے پہنے نظر نہ آتا اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ اگر کوئی شخص کسی مردہ مسلمان کو سفید کپڑے پہنے خواب میں دیکھے تو یہ دلیل ہے
اسکے نجات کی اللھم نجنا من النار ولبسنا لباس الاخیار بحرمۃ سید الابرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فائدہ جسطرح ورقہ ابن نوفل زمانہ نبوت سے
پیشتر ایمان لائے تھے اسی طرح حبیب نجار وغیرہ ایمان لائے تھے چنانچہ عدابن کریب الحمیری کہ دو برس قبل از بعثت ایمان لایا ہے
اسی نے اول کعبہ کو لباس پہنایا ہے اور قیس ابن ساعدہ ایادی حکیم العرب کی عمر سات سو برس کی ہوئی اور زید ابن نفیل ابن عم
حضرت عمر ابن خطاب اور امیہ ابن الصلت شاعر و بحیرا راہب و نسطورا وغیرہم قبل ظہور نور نبوت ایمان لاچکے تھے فائدہ نبوت
اور رسالت محض عنایت و موہبت الٰہی ہے اسمیں کسب کو اصلا دخل نہیں کوئی یہ نہ سمجھے کہ ریاضت و مجاہدے کا نتیجہ ہے فائدہ اس
معاملے میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا کمال درست واضح ہوا و ظاہر ہوا کہ حقائق امور کی معرفت تامہ انکو حاصل تھی اور اگرچہ
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی نبوت اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ہونے میں شک و شبہہ نہ تھا مگر حضرت خدیجہ نے اپنی
رائے کے موافق ورقہ ابن نوفل کے پاس کا لیجانا مناسب جانا تاکہ آنجناب کو عین الیقین حاصل ہو جو خود وثیقت حاصل تھی
گزارش کرتا ہوں تو بیان نہو سکتا کیونکہ حالات کتب سابقہ انکو معلوم نہ تھے فائدہ ورقہ ابن نوفل نے جو حضرت کو برادر زادہ کہا
سو یہ از روے عرف و محاورے عرب کے تھا اور عبد اللہ کے ہم عمر بھی تھے فائدہ اس قصہ میں کئی نکتے ہیں اول یہ کہ
بنی آدم کی تربیت و تعلیم میں طریق تدریج جاری ہے خصوص ایسے بار عظیم کے اٹھانے میں تدریج واجبات سے ہے کیونکہ اگر اول
وہلے میں حضرت پر وحی قرآن نازل فرماتے تو اسکا تحمل دشوار تھا لہذا اول خواب میں علوم جزئیہ کی تعلیم شروع فرمائی
تاکہ آہستہ آہستہ علوم عالم غیب سے خوگر ہوں پھر بحالت بیداری و ہوشیاری خلوت کی محبت دل میں ڈالی کہ زن و فرزند کے
علائق سے علحدہ ہوے اور عالم غیب سے توجہ کلی بہم پہونچا اور ایک مکان مخلی بالطبع بتلایا کہ وہاں جنس بشر سے کوئی نہو تاکہ
بروقت نزول وحی کسی کو گمان تلقین و تلمذ دل میں نہ گذرے پھر وقت نزول وحی ایک صدمہ سخت قلب پر ڈالا کہ توہم تلبیس اور تصنع
پیدا نہو اور اس سے پہلے حضرت جبرئیل کو یہ ارشاد ہو لکہ تم حضرت پر نمود ہو اکرو اور تسلی و یا کرو تاکہ بمقتضاے بشریت از نبوت سے
گھبرا نہ جائیں دوسرا یہ کہ تاثیر روح حضرت جبرئیل ہلانے جھلانے سے روح حضرت صلے اللہ علیہ وسلم میں ایسی کامل ہوئی کہ آنجناب کو
طاقت قرأت حاصل ہوگئی اسی کو طریق توجہ کہتے ہیں اور یہ چار طرح پر اصحاب طریقت میں جاری ہے اول تاثیر العکاسی مثلا ایک شخص
عطر لگا کے مجلس میں آئے اور اسکی خوشبو سے اہل مجلس مستفید ہوں سو یہ استفادہ اسی وقت تک رہتا ہے جب تک وہ شخص مجلس میں ہے لہذا
یہ قسم اضعف اقسام تاثیر میں ہے دوسری تاثیر القائی مثلا کوئی شخص تیل اور بتی ایک سکورے میں رکھ کے لائے دوسرا شخص کہ آگ
لیے بیٹھا ہے اسکو روشن کردے کہ چراغ تیار رہ جائے سو یہ تاثیر فی الجملہ قوی ہے کہ بعد صحبت بھی اسکا اثر باقی رہتا ہے لیکن ہوا سے تند
وغیرہ سے زائل ہو جاتا ہے اور ایسی صورت میں نفس کو تہذیب کامل حاصل نہیں ہوتی جسطرح بلا روغن و فتیلہ شعلۂ آتش اصلاح نہیں کر سکتا
تیسری تاثیر اصلاحی مثلا کسی دریا یا چاہ سے پانی لیکے کسی خزانے میں جمع کریں اور فوارہ حوض تک رستہ بخوبی صاف کریں اور پانی کو
اسی راہ سے جاری کریں کہ فوارہ جوش و خروش سے چھوٹنے لگے تو اثر اسکا بہ نسبت تاثیرات بالا کے قوی تر ہے اور اصلاح نفس و تہذیب

بھی ہوتی ہے لیکن بقدر استعداد خزانہ و مسافت راہ نہ بقدر دریا و چاہ باین ہمہ اگر خزانے پر کوئی آفت آجانے تو نقصان میں شبہ نہیں
ہوتھی تاثیر اتحادی کہ مرشد کامل اپنی روح بکمال کو مسترشد کی روح سے ایسا ملاوے کہ مرشد کی روح کا کمال مسترشد کی روح میں
مل کر شیر و شکر ہو جاوے اور یہ صورت انواع تاثیر میں قوی تر ہو اور ان دونوں وحدین واحد ہو جاتی ہیں بار بار حاجت استفادے کی
نہیں پڑتی سو اس قسم کی تاثیر نادر الوقوع ہے مگر اولیاے امت مصطفویہ سے یہ بھی واقع ہوئی ہے بالجملہ تاثیر حضرت جبرئیل علیہ السلام
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں اتحادی تھی کہ حضرت جبرئیل نے اپنی روح لطیف کو مسامات بدن سے حضرت کے جسم لطیف میں داخل کر
روح عالی سے ہمچو شیر و شکر کر دیا کہ ایک حالت عجیب بشریت و ملکیت کی پیدا ہوئی کہ بیان میں نہیں آسکتی تیسرا یہ کہ ورقہ ابن نوفل نے
حضرت کی تشفی کر کے نزول وحی پر گواہی دی اور حضرت جبرئیل کو پہچان لیا اور خود نصرت و اعانت پر مستعد ہوا مگر خدا نے اسکو جلد اس
عالم سے اٹھایا تا کہ کسی کو گمان نہ ہو کہ اسنے قصص و اوائل و شرایع سابقہ سے مطلع کیا ہے اور یہ بھی منظور ہوا کہ کسی اہل کتاب کے باعث سے
نصرت آنحضرت نہو بہر نوع استقلال رہے چوتھا اول ایسا کلام لسان جبرئیل سے ارشاد کیا کہ اس سے دغدغہ امی محض ہونے کا جاتا رہے
یعنی فرمایا اقرء باسم ربک الذی خلق خلق الانسان من علق اقرء و ربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم یعلم یعنی پڑھ اپنے رب کا کلام
اسی کے نام سے اور اسی کی مدد سے اسواسطے کہ آدمی کلام قدیم کو اپنے نفس کے زور سے پڑھ نہیں سکتا اور اگر اس بات کا دغدغہ ہو کہ
ہمارا پڑھنا حادث ہے اور یہ کلام قدیم تو خیال کرو اسی پروردگار نے پیدا کیا ہے اشیا کو بصورت اپنے اسما کے پھر وہی کلام قدیم کو
بصوت حروف منصوبہ کر کے اوائل خیال میں ڈالیگا پھر زبان پر جاری کرائیگا کیونکہ خالقیت اشیا اسی دو سے ہے کہ اسما قدیمہ کو
بصور حادثہ جلوہ دیکے ظاہر کیا ہے اور جو یہ میل ہو کہ کلام قدیم مرتبہ عزت میں ہے اور آدمی مرتبہ ذلت میں تو ایسی چیز عزیز کو مقام
ذلیل میں اتارنا بعید ہے تو ملاحظہ کرو کہ انسان کو خون بستہ سے پیدا کیا اور کیسی عزت بخشی کہ اسرار حق کا حامل ہوا اور اعضاے مختلفہ سے
افعال آلیہ ظاہر ہوتے ہیں اور روح لطیف کو جسم کثیف سے ایسا رابطہ دیا ہے کہ لطافت روحیہ اپنے مقام پر ہے اور کثافت جسمیہ اپنے مقام پر
اور یہ ایک ملازمہ بخیس و ذلیل سے ظاہر فرمایا ہے کہ عند الشرع والعقل خون بستہ و ذلیل ہے پھر کیا تعجب ہے کہ اپنے کلام قدیم کو بالفاظ قدیمہ
جمع کر کے قوت متخیلہ اور آلات نطقیہ میں القا فرمائیں اور کلام کو اسی لطافت پر بلا تغیر قائم رکھیں اور چونکہ جناب رسالت مآب کو بخیال
ہیئت مشکل معلوم ہوتا تھا کہ میں کیطرح پڑھ سکونگا لہذا تاکید فرمائی کہ پڑھو تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے کہ اسکو امی کا عالم کر دینا اور
جاہل کا عاقل بنا دینا سہل ہے کیونکہ امی کو مانع علم بھی ہے کہ اسباب تحصیل اپنی پاس نہیں رکھتا اور یہ مانع تمام افراد انسانیہ میں
بہ نسبت بعض علوم کے موجود ہے باین ہمہ وہ کریم اپنے کرم سے ان علوم کو بعض اوقات کے ذریعے سے پہونچا دیتا ہے چنانچہ
قلم کہ جو چیزیں حواس و عقل سے دریافت نہ کر سکتے تھے ہو لکھنے سے معلوم کر لیتے ہیں جسطرح احوال قرون گذشتہ و کیفیات سنین ماضیہ
و حالات انبیا و اولیا اور اسکی تائید کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ اول حضرت صلعم کو ارشاد ہوا کہ اپنے ثواب نفس کے واسطے قرآن پڑھو
پھر اوروں کو پہونچاؤ کیونکہ نبی کو تبلیغ ضرور ہے جسطرح امت کو قرأت واسطے ثواب کے ضرور ہے اور اگر نبی تبلیغ نہ فرماوے تو
امت کو قرأت میسر نہو پس خدا سے کریم کو یہ منظور ہوا کہ آنحضرت اپنی امت کو بقدر استعداد انکے کارخانہ الوہیت سے مطلع فرماویں

اور بہ واسطے قلم تعلیم کرین جسطرح عادت سلاطین جاری ہی کہ اپنی رعایا کو اور نوکرون کو مافی الضمیر سے بواسطے قلم اطلاع دیتے ہین اور بالمواجہہ کمتر کہتے ہین مثلاً محل کے لوگون کے نام دفتر نظارت سے دریافت ہوتے ہین اور تعداد انکی قلم نویسات سے اور شمار ملازمین بموجب مقرری قلم دفتر بخشی گری سے حالات مستحقین اور وجوہ خیرات دفتر صدارت سے اور عرض وطول بلاد مشہور وقریات قلم دفتر تقسیم سے وشمار جاگیر وخالصہ قلم دفتر وزارت سے وتعداد قدیان ومحبوسان قلم دفتر اطلاع سے وتعداد خزانہ قلم دفتر میر سامانی سے دریافت ہوتے ہین فائدہ یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ باوصف امی ہونے کے آنحضرت کو پڑھنے کا حکم ہوا تو یہ تکلیف مالایطاق ہی کیونکہ یہ حکم تکلیفی نہین ہی بلکہ حکم تلقینی ہی جسطرح بچون کو مکتب مین لیجاکے استاد کہتا ہی کہ پڑھ حالانکہ وہ قرات نہین جانتا تو یہ مطلب استاد کا ہوتا ہی کہ مین پڑھون تو اسکو سن کے آمادہ پڑھنے پر ہو نہ یہ کہ خواہ مخواہ پڑھ اور لفظ اقرا اور اسی طرح پانچون سورتون کے قبل داخل قرآن ہین کیونکہ انسے آنحضرت کو مخاطب فرماتے ہین جسطرح اور اوامر ونواہی سے سو یہ لفظین بطور سرنامہ فرمان وخطوط ہین جیسے بایدشناخت برانند شناسند ہذا ما حققہ استاذ الاساتذ فی تفسیرہ القصہ اسی عرصہ مین ایک دن حضرت جبرئیل پھر ما بین آسمان وزمین ایک کرسی پر معلق بیٹھے ہوے دیکھ پڑے تو آنجناب گھبرائے اور فرمایا زملونی زملونی جسطرح قصہ غار مین واقع ہوا اور وحی ہوئی یاایہا المدثر قم فانذر یعنی اے لحاف مین لیٹے کھڑا ہو بھر ڈر سنا بعضے کہتے ہین کہ نبوت آنجناب رسالت پر مقدم تھی کیونکہ اہل حدیث کے نزدیک رسالت کے واسطے تبلیغ وانذار ضرور ہی سو تکمیل نفس وتعلیم وتلقین کے لیے سورۂ اقرا نازل ہوا اور تبلیغ وانذار کے واسطے سورۂ مدثر اول نبوت ہی دوسرے رسالت فائدہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا مرتبہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا ہی کہ روح القدس وروح الامین انکا خطاب ہی سب پیغمبرون کے پاس وحی لائے اور اللہ کے وکیل رہے انھین کا کام ہی شرائع کا پہنچانا عابدون کی امداد کرنا کافرون کو ہلاک کرنا فتح وشکست ظاہر کرنا انکا احسان آدمی پر زیادہ ہی مگر یہ فضیلت مطلقہ نہین بلکہ بالخصوص ہلاخلہ کارہاے نافع نوع انسانی کیونکہ حضرت اسرافیل اطلاع مکنونات لوح محفوظ مین وقرب منزلت مین پیش قدم بلکہ حضرت جبرئیل ومیکائیل وعزرائیل پر حاکم وفرمان روا ہین

فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ نزول وحی حضرت صلعم پر کئی طرح سے ہوتا تھا ایک یہ کہ حضرت صلعم سچی خواب مین دیکھتے تھے مکہ مین یہ بات ابتدا مین تھی یعنی جو خواب دیکھے اسکا ظہور فی الفور ہوگیا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے

روایت ہی اول ما بدی بہ رسول اللہ صلعم من الوحی الرؤیا الصالحۃ فی النوم فکان لایری رویا الا جاءت مثل فلق الصبح دوسرے یہ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام قلب آنجناب پر حکم الٰہی القا کرتے اور خود ظاہر نہوتے اور نہ آنجناب کوئی آواز سنتے کما قال اللہ نزل بہ الروح الامین علی قلبک اور اسی کو نفث کہتے ہین تیسرے حضرت جبرئیل بصورت مرد متمثل ہوکر آتے اور حکم خدا پڑھ کر سناتے اور بیشتر واکثر بصورت دحیہ کلبی تشریف لاتے تھے چنانچہ بعض اصحاب نے گاہ گاہ انکو دیکھا ہی بعض اہل تحقیق فرماتے ہین کہ رویت جبرئیل حالت

انزال وحی مین موجب فقدان وزوال بصارت ہی چنانکہ حضرت ابن عباس کو یہ معاملہ واقع ہوا کہ انھون نے
ایک روز حضرت صلعم کے پاس ایک شخص کو دیکھا جب وہ چلا گیا تو پوچھا یہ کون تھا حضرت نے فرمایا کیا تو نے دیکھ لیا
کہا ہان فرمایا جبرئیل تھے اب تیری آنکھون کی کو روشنی جاتی رہیگی مگر برکت صحبت آنجناب سے ظہور اسکا آخر عمر مین ہوگا
اور ابن عباس کہا کرتے تھے کہ اگرچہ میری بصارت ظاہری زائل ہوگئی ہی لیکن زبان و قلب مین روشنی ہی
ہذا ما خفظہ استاذ الاستاذ قدس اللہ سرہ العزیز اور شیخ عبد الحق شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین کہ فرمایا حضرت صلعم نے
جسنے جبرئیل کو سوائے پیغمبر کے دیکھا اُسکی بینائی جاتی رہی اور بینائی تیری بھی جانے والی ہی لیکن بروز وفات
پھر لیجائیگی کہتے ہین کہ جب ابن عباس مرے اور اُنکو کفن مین لپیٹا تو ایک جانور سفید آیا اور کفن مین غائب ہوگیا
ہر چند لوگون نے تلاش کیا نہ ملا لقب عکرمہ مولی ابن عباس نے کہا کیا احمق ہو یہ بینائی اُسکی تھی جسکا پیغمبر خدا نے
وعدہ فرمایا تھا اور جب انکو لحد مین رکھا تو ایک آواز غیب سے آئی یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ
اور جو کوئی شبہہ کرے کہ اور صحابہ نے بھی حضرت جبرئیل کو دیکھا تھا کبھون بصورت اعرابی اور کبھون بصورت
دحیہ کلبی جیسا جلال الدین سیوطی نے تحقیق کیا ہی کہ حضرت عائشہ اور ابی ابن کعب اور عبد الرحمن ابن عوف
وعباض ابن سارہ وغیرہ نے بھی دیکھا ہی اور ابی داؤد نے ابو جعفر سے روایت کی ہی کہ مناجات جبرئیل کی
پیغمبر خدا کے ساتھ ابو بکر صدیق نے سُنی ہی پھر اُنکی بصارت کیون نہ زائل ہوئی تو رفع اسکا یون ہوتا ہی کہ وہ
وقت نزول وحی نہ تھا اس سبب سے زوال بصر نہوا بعض علما فرماتے ہین کہ یہ تعلیل حضرت صلعم کی عام نہ تھی
بلکہ خاص ابن عباس کے واسطے تھی کیونکہ یہ حضرت صغیر تھے امور غیبیہ کے دیکھنے کی برداشت نہ رکھتے تھے لہذا
صدمۂ شدید پہونچا جب تک قوت معارض رہی بینائی بھی رہی اور جب سن کا انحطاط ہوا اُس صدمہ نے تاثیر کی
لیکن یہ توجیہ رکیک ہی صحیح یہ ہی کہ برکت خدمت حضرت صلعم کی معارض صدمہ ہوئی اور آخر عمر مین اسی برکت سے
جب آنکھین ابن عباس کی محسوسات ظاہری سے بند ہوگئین تو صور خیالیہ و اعیان مثالیہ سے مشغول ہوئین اور
شیخ عبد الحق محقق دہلوی شرح مین فرماتے ہین کہ اور صحابہ نے حضرت جبرئیل کو عالم ناسوت مین دیکھا تھا اور
حضرت ابن عباس نے عالم ملکوت مین اس سبب سے زوال بصارت ہوگیا اور علامہ ترمذی فرماتے ہین کہ حضرت
ابن عباس نے جبرئیل علیہ السلام کو دو مرتبہ دیکھا ایک بار بصورت دحیہ کلبی دیکھا تھا چنانچہ سیوطی نے جمع الجوامع مین
لکھا ہی کہ فرمایا ابن عباس نے ایک مرتبہ گذرا مین پیغمبر خدا پر پارچہ سفید پہنے اور حضرت صلعم دحیہ کلبی سے
راز کہہ رہے تھے اور وہ جبرئیل تھے سو جبرئیل نے حضرت سے کہا یہ ابن عباس ہی اگر سلام کرتا ہم پر تو ہم جواب دیتے
اُسکے کپڑے خوب سفید ہین اور بعد اسکے پہنیگی اولاد اُسکی کپڑے سیاہ اور جب چڑھ گئے جبرئیل آسمان پر تو حضرت صلعم
میری طرف پھرے اور فرمایا کسنے منع کیا تجکو سلام سے مین نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ باتین کر رہے تھے

دحیۂ کلبی سے مین نے مکروہ جانا کہ بازنکھون آپکو اُس سے فرمایا حضرت صلعم نے وہ جبرئیل تھے روایت کیا ہے اسکو
ابن عساکر اور ترمذی نے کہا کہ یہ قصہ دو بار ہوا کذا فی جامع الاصول اس جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ عالم ناسوت مین
دیکھا تھا دوسری مرتبہ عالم ملکوت مین اور روئیۃ ثانیہ موجب فقدان بصارت ہوئی اور شرح سفر السعادت مین لکھا ہے کہ
سبب تمثل جبرئیل علیہ السلام بصورت بشر بنا بر استیناس و ایتلاف تھا اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ ہرگاہ افادہ و استفادہ مین
مناسبت و جنسیت شرط ہے تو جب کبھون بشریت حضرت صلعم کی ملکیۃ جبرئیل علیہ السلام پر غالب آتی تھی تب
جبرئیل بلباس بشر ظاہر ہوتے تھے اور ہرگاہ کہ ملکیت جبرئیل بشریت آنجناب پر غالب آتی تھی تو حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم وجود بشریہ سے غائب ہو کر غیبت ملکوت مین جاتے رہتے تھے اور صورت اولی وحی کی بوجہ
بشارت ہوتی تھی اور صورت ثانیہ بوعید و نذارت ہذا ما حققہ استادی محمد حسن علی الہاشمی المحدث رحمۃ اللہ علیہ
اور مواہب لدنیہ مین ہے کہ دحیۂ کلبی نہایت حسین و جمیل و خوش اندام تھے حتی کہ جب سفر سے پلٹ کر آتے
تو عورتین یگانہ و بیگانہ اُنکو دیکھنے آتی تھین مین کہتا ہون کہ اسی مناسبت سے حضرت جبرئیل علیہ السلام
اکثر بصورت دحیۂ کلبی تشریف لاتے تھے کہ حسن صوری موجب مسرت و فرح روح انسانی کا ہے چوتھی طرح
وحی کی یہ تھی کہ ایک آواز مانند آواز جرس گوش مبارک مین سنائی دیتی تھی کہ سوائے آنجناب صلعم کے اور
کسی کو الفاظ و معانی اُسکے مفہوم نہوتے تھے اسی قسم مین جبین مبارک پر پسینا آتا تھا اور مرکب بیٹھ جاتا تھا
چنانچہ حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سردترین ایام زمستان مین وحی آتی تھی
تب بھی جبین آنجناب سے قطرات عرق ٹپکتے تھے اور ہنگام نزول وحی اگر آنجناب گھوڑے یا اونٹ پر
سوار ہوتے تھے تو وہ جانور گر پڑتا تھا مگر یا دہ شتر خاصۂ آنحضرت کہ غضبا و لقصوا نام رکھتی تھی ہاتھ و پیر اپنے
خم کر لیتی تھی اور افتادگی سے محفوظ رہتی تھی اور اس بات کی اُسکو عادت ہوگئی تھی اور اگر کسی کی ران پر
معتمد ہوتے تھے تو اُسکے ٹوٹ جانے کا خوف ہوتا تھا اور چہرۂ مبارک سرخ ہو جاتا تھا اور نفس شریف بلند ہوتا تھا
کہ دور سے آواز سنی جاتی تھی کذا ذکرہ استادی الاستاذ فی تفسیرہ تحت قولہ تعالے انا سنلقی علیک قولا ثقیلا و
بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ ایک مرتبہ آنجناب صلعم زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ کی ران پر سر رکھے لیٹے تھے دفعۃً
وحی آئی تو اُنکی ران گرانی سے ٹوٹنے لگی اور جب سورۂ مائدہ نازل ہوئی تو آنجناب ناقہ پر سوار تھے قریب تھا
کہ اُسکا بازو ٹوٹ جائے اور اہل تحقیق کہتے ہین کہ مطلق وحی کے نزول مین حضرت پر ایک نوع کی شدت ہوتی تھی
اور رنگ چہرہ کا متغیر ہو جاتا تھا کچھ صلصلۃ الجرس کی تخصیص نہین تھی کما اشار الیہ تعالی شانہ انا سنلقی
علیک قولا ثقیلا پانچوین طرح یہ تھی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بصورت اصلیہ تشریف لاتے تھے اور
حکم خدا بیان کرتے تھے چنانکہ سورہ والنجم مین فرماتے ہین ولقد رآہ نزلۃ اُخری عند سدرۃ المنتہی عند ہا

جنۃ الماوے یعنی اُسکو دیکھا ہی اُسنے ایک دوسرے آتارے مین پہلی حد کی بیری پاس اُسکے نزدیک ہی بہشت رہنے کی اس آیت سے قطعاً ثابت ہی کہ حضرت صلعم نے جبرئیل علیہ السلام کو بصورت اصلی اُنکی دو مرتبہ دیکھا ہی ایک اول نبوت مین جب سورۂ مدثر لائے ہین اور اسوقت کرسی پر بیٹھے اور آسمان ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک اُنسے بھرا تھا دوسری مرتبہ شب معراج مین ہفت فلک سنے اوپر بیری کے درخت پاس دیکھا اور اُسوقت حضرت جبرئیل کے چھ سو بازو تھے کذا حققہ الشیخ فی تکمیل الایمان روایت ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بارہ مرتبہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئے اور چار مرتبہ حضرت ادریس کے پاس اور پچاس مرتبہ حضرت نوح کے پاس اور بیالیس مرتبہ حضرت ابراہیم کے پاس اور چار سو مرتبہ حضرت موسیٰ کلیم کے پاس اور دس بار حضرت عیسیٰ کے نزدیک اور چھبیس ہزار مرتبہ حضرت محمد مصطفےٰ صلعم کی خدمت مین مگر بصورت اصلیہ دو ہی مرتبہ ملے ہین چھٹوین طرح یہ تھی جو کہ شب معراج یا اُس بجانب پر نازل ہوئی ساتوین حضرت حق نے بلا واسطہ ملک کلام کیا ورا سے حجاب سے آٹھوین بے واسطہ و بے حجاب شب معراج مین کلام ہوا اور پُر ظاہر ہی کہ وحی فوق السماوات اسی قبیل سے ہی نوین حضرت نے جناب حق کو خواب مین دیکھا اور کلام کیا چنانچہ حدیث زہری مین وارد ہی جاء نی ربی فی احسن صورۃ وقال التعلم فی ای شئی یختصمون الملأ الاعلیٰ دسوین وحی القائی کہ وقت فیصل خصومات حکم حق جانب خدا سے القا ہوتا تھا گیارھوین طرح یہ تھی کہ ایک آواز مانند آواز زنبور عسل گوش حق نیوش مین آتی تھی بارھوین استنشاق نفحات آلہیہ تھا کہ انی اجد نفس الرحمن من جانب الیمن اسطرف اشارہ ہی تیرھوین طرح وحی کی بطریق ملامستہ ہوتی تھی چنانچہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین وضع اللہ کفہ بین کتفی فوجدت بردہا بین ثدیی فعلمت ما فی السموات والارض چودھوین وحی بواسطہ حضرت اسرافیل علیہ السلام تھی چنانچہ صحاح مین عامر شعبی سے روایت ہی کہ اول معین ہوے حضرت اسرافیل اور تین برس تک دکھلائی دیے اور وحی لایا کیے پھر مؤکل ہوے حضرت جبرئیل اور لائے قرآن شریف اور طبرانی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ نازل ہوئی مجھپر اسرافیل اور بولے مین رسول خدا ہون اور حکم لایا ہون کہ چاہو پیغمبر و عبد اللہ ہو اور چاہو پیغمبر و بادشاہ تب مین نے جبرئیل کی طرف دیکھا اُسنے کہا کہ تواضع و بندگی اختیار کرو اور اسی حدیث مین ہی کہ اسرافیل علیہ السلام کسی پیغمبر و نبی پر نازل نہین ہوئی کذا فی المواہب اور یہ بھی اسی کتاب مین لکھا ہی کہ طریق انزال وحی حضرت پر چھیالیس طرح پر تھا اور ملا علی قاری نے فتح الباری مین لکھا ہی کہ چھیالیس طور وحی کے باعتبار اختلاف حامل وحی کے تھے فائدہ وحی لغت مین

آگاہ کرنا باخفا ہی جسطرح سے ہو اخواہ بہ کلام یا بہ کتابت یا بہ رسالت یا باشارت اور گاہے لفظ وحی سے معنی اسم مفعول کے قصد کرتے ہین چنانکہ خلق سے مخلوق اور یہ کلام الٰہی ہی جو کہ انبیا سے ہوتا ہی سو ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر قسم کی وحی ہوئی اور انبیاء سابقین پر بتوزیع فائدہ

تاریخ و ماہ نزول وحی مین اختلاف ہی محمد اسحٰق فرماتے ہین کہ نزول وحی رمضان شریف مین ہوا اور اسوقت چھ ہزار تینتیس برس ہبوط آدم علیہ السلام سے گذرے تھے اور جامع الاصول مین بعد بیان اختلاف تصحیح کی ہی کہ نزول وحی بتاریخ سوم خواہ ہشتم ربیع الاول ہوا اور عمر آنجناب کی اکتالیس برس کی تھی اور بہجۃ المحافل مین ہی کہ جبرئیل علیہ السلام اول بروز شنبہ وقت شب تشریف لائے اور یکشنبہ کو بھی آئے پھر بروز دوشنبہ تاریخ ہشتم یا دہم ربیع الاول مخاطب بالرسالہ کرگئے اور اسوقت قتل کسریٰ سے سات مہینے گذرے تھے القصہ حضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم نے اظہار کیا کہ مین پیغمبر خدا و خاتم الانبیا ہون سو اول حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا مشرف بایمان ہوئین بعد ازان اسی دن آخر وقت یا دوسرے روز اول وقت حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ ایمان لائے چنانچہ آنجناب فرماتے ہین صلیت مع النبی قبل الناس بعد انکے زید ابن حارثہ پھر حضرت امیر المومنین امام المتقین بالتحقیق ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور بعضے کہتے ہین کہ جسوقت حضرت محبوب رب العالمین کوہ حرا سے تشریف لائے اور احوال وحی بیان فرمایا اسی وقت خدیجۃ الکبریٰ ایمان لائین قد ذہبت الیہ جماعۃ من الصحابۃ والتابعین اور بعضے کہتے ہین کہ اول علی مرتضیٰ ایمان لائے اور بعضون کے نزدیک سب سے پہلے ورقہ ابن نوفل ایمان لایا اور شیخ ابن الصلاح کے نزدیک احوط یہ ہی کہ طائفہ عورتون سے اول خدیجہ ایمان لائین اور گروہ اطفال سے اول علی مرتضیٰ اور جوانون مین ابو بکر صدیق اور موالی مین زید ابن حارثہ اور غلامون مین بلال حبشی رضی اللہ عنہم اجمعین اور ابن عبد البر نے دعویٰ کیا ہی کہ بالاتفاق ثابت ہی کہ اول علی ابن ابیطالب ایمان لائے ہین لیکن صغر سن وخوف والد سے چھپاتے تھے اور صدیق اکبر فوراً بلا تامل و تردد ظاہر کر دیا اور دلیل اُنکی یہ ہی کہ امام حسن علیہ السلام فرماتے ہین کہ مین نے سنا اپنے باپ سے وہ فرماتے تھے کہ صدیق اکبر مجھسے چار باتون مین سابق ہین ایک افشاء اسلام مین دوسرے ہجرت مین تیسرے مصاحبت غار مین چوتھے اقامت صلوٰۃ مین اور مین براہ خوف اظہار اسلام و ادائے صلوٰۃ مین اخفا کرتا تھا اور حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ کریمہ سورہ احقاف حتیٰ اذا بلغ اشدہ و بلغ اربعین شان ابو بکر مین نازل ہوئی ہی اور قصہ اسکا یہ ہی کہ جب صدیق اکبر کی عمر بیس برس کی ہوئی تو ہمراہ حضرت رسالت مآب صلعم بقصد تجارت جانب شام گئے اور ایک مقام درخت بیری کے نیچے نزول فرما ہوے اسکے قریب ایک درویش کتابی

رہتا تھا ابو بکر رضی اللہ عنہ اُسکے پاس گئے اُسنے پوچھا کہ درخت بیر کے نیچے کون ہے ابو بکر نے کہا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب اُس راہب نے کہا واللہ یہ نبی ہین بعد عیسی ابن مریم علیہ السلام کے اس درخت کے سایہ مین کوئی نہین بیٹھا مگر محمد نبی اللہ سو یہ کلام اسی وقت سے صدیق اکبر کے دل مین جم گیا اور نقش فی الحجر ہو گیا کہ اُسی دن سے ابو بکر نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و محبت اختیار کی یہان تک کہ چالیس برس کے ہوے اور ابو بکر اسلام لانے کے وقت اڑتیس برس کے تھے القصہ حضرت صدیق کے ایمان لانے سے دعوت اسلام شروع ہوئی اور اُنکی فہمایش سے اور لوگ ایمان لانے لگے چنانچہ عثمان ابن عفان رئیس بنی عبد الشمس و زبیر بن العوام سردار بنی اسد و عبد الرحمن ابن عوف و سعد بن ابی وقاص افسران بنی زہرہ و طلحہ ابن عبد اللہ امیر بنی تیم حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہو کر مسلمان ہوے اور قبائل قریش کی شوکت شکست ہوئی انھین بزرگون کو سابقون بولتے ہین پھر دوسرے روز عثمان ابن مظعون و ابو عبیدہ ابن الجراح و ابو سلمہ ابن عبد اللہ بن عبد الاسد مخزومی و ارقم ابن ابی الارقم و عبد اللہ ابن مسعود ہذلی ایمان لائے کنیت ابن مسعود کی ابو عبد الرحمن ہے و ہذلی بضم الہاء و کسر الذال نسبت جانب قبیلہ ہذیل کے ہے یہ قبیلہ غیر قبایل قریش سے ہے اور بعضون کے نزدیک چند روز پیشتر اسلام لانے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ایمان لائے ہین اور بعض کے نزدیک بعد پانچ آدمیون کے چھٹے یہ حضرت ہین مسواک و پاپوشین و آب طہارت آنحضرت صلعم سفر مین انھین کے سپرد فرماتے تھے اور ہمارے ائمہ حنیفہ کے نزدیک بعد خلفاء اربعہ اُنسے زیادہ کوئی فقیہ نہ تھا اور نحیف البدن دبلے پتلے گندم گون تھے ساٹھ برس سے کچھ زیادہ عمر ہوئی اور وفات سال سی و دوم ہجری مین پائی بقیع مین مدفون ہین بعد ان حضرات کے سعید بن زید اور زوجہ اُنکی فاطمہ بنت خطاب و بلال و خباب ابن الارت و صہیب رومی ایمان لائے صہیب بن سنان غلام آزاد عبد اللہ بن جدعان تیمی کے ہین کنیت انکی ابو یحیی اور مسکن مدینہ مین موصل واقع میان دجلہ و فرات ہے اہل روم کی لوٹ مین ہاتھ آئے تھے اسوجہ سے رومی کہلائے اور رومیون سے قبیلہ کلب نے خرید کیا انسے عبد اللہ بن جدعان نے مول کیا اور آزاد کیا اور بعضے کہتے ہین کہ روم سے مکہ معظمہ مین بھاگ آئے تھے ان دنون کم عمر تھے جب جوان ہوے تو عبد اللہ بن جدعان سے ہم قسم ہوے اور اسلام لائے عمر شریف اُنکی ستر برس کی ہوئی سال شتا دہجری مین وفات پائی بقیع مین مدفون ہوے اور بعد اُنکے عمار ابن یاسر و مان اُنکی سمیہ و ام سلمہ و خولہ بنت حکیم ایمان لائے و ان سب کے ایمان لانے مین حضرت صدیق اکبر محرک ہوے و اللہ نے اُنکی دعوت کو اثر بخشا اور ابن سعد کہتے ہین کہ بعد حضرت خدیجہ کے سب عورتون سے پہلے ام الفضل زوجہ عباس و اسماء بنت ابی بکر ایمان لائین بالجملہ تین برس تک دعوت اسلام پوشیدہ و مخفی ہوتی رہی اور ضعفا و غربا ایمان لائے گئے چوتھی برس کریمہ فاصدع بما تومر و اعرض عن المشرکین نازل ہوئی یعنی اللہ نے حضرت سے فرمایا ظاہر کر اُس کام کو جسکا تجھے حکم ہے اور پھیر لے اپنا منھ

مشرکون سے تب تو حضرت نے کھلا کھلی دعوت اسلام شروع کی یہاں تک کہ سورۂ شعرا میں ارشاد ہوا وانذر عشیرتک الاقربین واخفض جناحک لمن اتبعک من المؤمنین یعنی ڈر سنا اپنے قریب تر کنبے والوں کو اور جھکا بازو اپنے ایمان والوں کے لیے جو تیری پیروی کریں جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صلعم نے تمامی قریش کو پکار کر سنایا اور اپنے چچا و پھوپھی و بیٹی سے فرمایا اللہ کے یہاں اپنی فکر کرو میں تمہارا خدا کے یہاں کچھ نہیں کر سکتا جب کہ دعوت اسلام آشکارا ہوئی تو ولید بن مغیرہ و عاص بن وائل و ابو زمعۃ الاسود بن المطلب و اسود بن عبد یغوث و حارث بن قیس بن عنطلہ شرارت و خباثت باطنی سے بدگوئی کرنے لگے کہ ایک دن میں اللہ نے پانچوں کو جو درحقیقت پنج عیب شرعی تھے کئی بیماریوں میں مبتلا کر کے داخل جہنم کیا اور بعضے کہتے ہیں عاص ولید بعد ہجرت مرے میں اسی عرصہ میں یہ معاملہ ہوا کہ ایک دن قاص چند آدمیوں کے ساتھ نماز پڑھنے کعبہ میں گئے تو مشرک آکر مانع ہوئے ایک مشرک کو انھوں نے قتل کیا یہی خون اول اسلام میں ہوا ہے ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ اول چالیس آدمی مسلمان ہوئے پھر تو عورت و مرد جانب اسلام دوڑے اور دین اسلام کا اظہار ہونے لگا قریش نے تعرض ہو قوف کیا مگر جب حضرت صلعم کی زبان مبارک پر بتوں کی نکوہش ظاہر ہوئی تب درپے ایذا ہوئے اور آپس میں یہ عہد باندھا کہ جو شخص اسلام لاوے اس سے ہاشم و بنو طالب و دیگر بنی ہاشم سوائے ابی لہب کے حضرت رسالت پناہ کے حامی و معین ظاہری ہو گئے ایک روز اشراف قریش جمع ہو کر ابو طالب پر چڑھ آئے اور کہنے لگے کہ تمہارا بھتیجا ہمارے ٹھاکروں کو برا کہتا ہے اور ہمارے آبا و اجداد کو گمراہ بتاتا ہے اور ہمارے دین کو باطل جانتا ہے اسکو منع کرو اسلیے کہ تم بھی اسی دین میں ہو جسمیں ہم ہیں ابو طالب نے ملائمت و حلم سے سمجھا دیا اسی طرح دو تین مرتبہ مجتمع ہو کر آئے پھر ایک روز عمارہ ابن ولید ابن مغیرہ کو لا کر کہا یہ شخص محمد کا عوض ہے ابو طالب نے کہا سبحان اللہ چہ نسبت خاک را با عالم پاک مجھکو ہرگز منظور نہیں تب کافر لوگ لڑائی پر مستعد ہوئے ابو طالب نے بنی ہاشم بنی مطلب و بنو عبد الشمس و بنی نوفل کو اعانت کے واسطے طلب کیا سوا بتشائے ابی لہب مرد و سب بنی ہاشم و بنی مطلب حاضر ہوئے و بنی عبد الشمس و بنی نوفل نہ آئے مگر فتنہ فرو ہو گیا فائدہ اسی باعث سے بنی مطلب ذوی القربی میں داخل ہیں جبیر ابن مطعم سے روایت ہے کہ جب حضرت صلعم نے سہم ذوی القربی تقسیم کیا تو میں نے اور عثمان ابن عفان نے کہا یا رسول اللہ ہم و بنی مطلب قرابت و بزرگی میں برابر ہیں انکو آپ نے حصہ دیا اور ہمکو نہ دیا فرمایا مطلب کی اولاد و ہاشم کی ایک ہی چیز ہے حاصل اس مقام کا یہ ہے کہ عبد مناف کے چار بیٹے ہاشم مطلب عبد الشمس نوفل سو نوفل سے جبیر و عبد الشمس سے عثمان رضی اللہ عنہما ہیں پس ہر گاہ حضرت صلعم نے خیبر کا پانچوان حصہ بنی ہاشم و مطلب کو دیا اور عبد الشمس و نوفل کی اولاد کو نہ دیا تب ان دونوں نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ بنی ہاشم کی شرافت کے ہم قائل ہیں لیکن کیا سبب ہے کہ مطلب کی اولاد کو آپ نے حصہ دیا اور ہمکو نہ دیا اگر از راہ برادری ہے تو ہم اور وہ برابر ہیں اسوقت حضرت صلعم نے فرمایا انما بنو ہاشم و بنو المطلب شیء واحد و خبک بین اصابعہ خلاصہ یہ کہ ان دونوں کی اولاد کبھی جدا نہیں رہی رنج و غم و راحت و الم

کاتب حاجی محمد صدر محلہ بلدہ حیدرآباد دکن

وکفر و اسلام مین شریک ہی انکی خصوصیت کا یہ سبب ہو پس امام شافعی رح اسی وجہ سے بنو المطلب کو آل مین داخل جانتے ہین القصہ موافق فرمان انذر عشیرتک الاقربین حضرت صلعم کوہ صفا پر چلے وہ فرما ہوے اور اپنے اقارب کو نام لیکر آواز دی اکثر سر دار آئے اور بعض نے آدمی بھیجا خبر کو پھر حضرت نے فرمایا اے اہل قریش اگر مین تمسے کہون کہ ایک لشکر اس پہاڑ کے نیچے ہی اور تمپر غارت کا ارادہ رکھتا ہی تو تم میرا کہنا سچ جانو یا جھوٹ سب بولے ہم سچ جانینگے اسلیے کہ ہمنے آپکو کبھون جھوٹ کہتے نہین سنا بعد اسکے حضرت نے فرمایا اے قریش مین تمکو عذاب خدا سے ڈراتا ہون سو میرا کہنا مانو ابولہب چچا آپکا جسنے پتھر مارے تھے بولا تبا لک سائر الیوم الہذا جمعتنا یعنی تو ہلاک ہو جیواسی واسطے تو نے ہمکو بلایا تھا حضرت نے تحمل کیا یا اللہ نے جواب یا تبت یدا ابی لہب وتب یعنی ٹوٹ جاوے دونون ہاتھ ابی لہب کے اور ہلاک ہو انام اس مردود کا عبد العزی تھا مگر بسبب چمک چہرے کے عبد المطلب نے ابولہب کہا تھا کہ یہی عنوان دوزخی ہونے کا پڑا اولہب بمعنی شعلۂ آتش ہی اور یہ مردود بمجرد موت داخل جہنم ہوا اور مراد دونون ہاتھون سے اعتقاد و عمل ہی سو یہ دونون ٹوٹے تو ہلاک ہوا اور ام جمیل اسکی عورت تھی نہایت دشمن تھی اسنے حضرت کی راہ مین ببول کے کانٹے بچھاتے تھے تاکہ آمد و رفت مین تکلیف ہو وہ بھی بڑی خرابی سے مری اور حطب جہنم ہوئی اور خدا نے اسی کو حمالۃ الحطب فرمایا ہی یعنی لکڑی اٹھانے والی بسبب بخت کے سو یہ لکڑی کا گٹھا اپنے سر پر لایا کرتی تھی لہذا حمالۃ الحطب ہو گیا اور بعد نزول سورۂ تبت یدا ایک دن ایک پتھر لیکے مسجد حرام مین کہ آپ اور حضرت ابو بکر وہان بیٹھے تھے آئی خدا نے اسکی آنکھون کو آپکے دیکھنے سے اندھا کر دیا صرف ابو بکر کو دیکھا اسنے کہا مین نے سنا ہی کہ محمد نے میری ہجو کہی ہی اگر مین انکو پاتی تو یہ پتھر سر سے مارتے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ مین دو ہمسایہ مین تھا ایک ابولہب اور دوسرا عقبہ ابن معیط کہ یہ دونون گوبر جمع کرکے راستے مین بچھاتے تھے کہ حضرت کو چلنے مین تکلیف ہو اور حلم آنحضرت یہ تھا کہ جب آنحضرت باہر نکلتے تو فرماتے کہ اے بنی عبد مناف یہ کیا ہمسائگی ہی اور گوبر کو راہ سے ایک طرف کر دیتے اور قریش کا یہ حال تھا کہ جو کوئی شخص مکے مین کہین سے آتا تو اس سے کہتے کہ محمد کی بات نہ مانو ورنہ فتنے مین پڑوگے اور کبھون کہتے کہ یہ شخص ساحر ہی یا کہتے کہ شاعر ہی یا کاہن اور کبھون کہتے کہ مجنون ہی چنانچہ ایک مرتبہ یہ اتفاق ہوا کہ ولید ابن مغیرہ بڑا قابل اور مسن تھا قریش سے کہنے لگا کہ موسم حج قریب ہی قبائل عرب اطراف و جوانب سے سمٹ کر زیارت بیت اللہ کو آئینگے اور آوازہ صداقت و نبوت محمد ابن عبد اللہ بخوبی سن چکے ہین لاریب وہ لوگ ایمان لائینگے ایسی کوئی بات تجویز کرنا چاہیے جسمین انکے دل پر بیٹھ جائین مگر ایک ہی بات تجویز کرو کہ پھر اسمین اختلاف نہ پڑے روسا قریش نے کہا کہ اے عبد الشمس تو ہی فکر کر ولید نے کہا تم لوگ اول تجویز کرو پھر مین بھی اپنی عقل کے موافق بتلاؤنگا تب کسی نے کہا کہ محمد کو کاہن کہنا چاہیے اسنے کہا واللہ مین نے بہت کاہن دیکھے اس مرد کا کلام ہرگز کاہنون کے سجع و زمزمہ سے مناسبت نہین رکھتا کیونکہ کاہن کبھون سچ کہتا ہی اور کبھون جھوٹ اور محمد کے کلام مین کبھون کذب نہین ہوتا اگر یہ تجویز کروگے تو عرب کے لوگ جھوٹھا بتلائینگے تب بولے کہ مجنون ہی کہین

ولید نے کہا واللہ جنون کی کوئی بات اُسمین نہین پاتا ہون مین نے بہت مجنون دیکھے ہین اور ظاہر ہی کہ مذیان مجنونون کے مشتمل
وعظ و نصائح پر نہین ہوتے اور اکثر کلام اُنکا جا بیجا خبط و بے ربط ہوتا ہی اور محمد کا کلام سراسر حکمت و وعظ ہی پھر اور لوگ بولے
کہ ہم شاعر کہینگے ولید نے کہا شاعر بھی نہین ہی مین نے عبد ابن الابرص اور امیہ ابن الصلت اور دیگر شعرائے متقدمین کے اشعار سنے
ہین اور خود بھی شعر شاعری مین خوب ماہر ہون اُسکا کلام اصلا شعر سے مناسبت نہین رکھتا اور نہ اُسکو سلیقہ شعر گوئی کا ہی تب کہنے لگے
کہ ساحر کہنا چاہیے ولید نے کہا ساحر لوگ مین نے بہت دیکھے وہ ہرگز ساحر نہین ہی اسواسطے کہ کلمات سحر کے مہمل اور بے معنی ہوتے ہین
اور ساحر ہمیشہ اپنے سحر سے کسب مال دنیوی کرتا ہی اور یہ کلام پر از معنی ہی اور محمد کو پروائے مال اصلا نہین اجداد بیان ان ہفوات کے
تامل مین جاتا رہا اور ترش رو ہوکر خاموش ہوا اب قریش گھبرائے اور کہنے لگے کہ تو ہی بتلا کیا کہین ولید بولا واللہ جو کلام محمد
علیہ السلام بولتے ہین اُسمین ایک عجیب حلاوت و فصاحت و قبول و نور ہی کہ کسی کلام مین نہین پاتا ہون اور وہ خود بذات خاص
ایسا نہین جسکو کوئی نہ پہچانے کیونکہ نسب مین سب سے افضل یعنی عبد المطلب کا پوتا ہی اور فصاحت بیانیہ مطلاقت لسانیہ مین
اپنا نظیر نہین رکھتا پھر جو بات تم تجویز کرکے کہوگے وہ بات بعد از ملاقات جھوٹی ٹھہریگی مگر اصل حقیقت یہ ہی کہ یہ سحر بابل ہی کہ محمد کو
بسند صحیح کہین سے پہونچا ہی اور سحر بابل ورائے انواع سحر کے ہی دلیل قوی اُسکی سحر ہونے پر یہ ہی کہ اُنکے کلام مین ایک تصرف
ظاہر ہی یعنی باپ بیٹون و جورو خصم مین جدائی پڑجاتی ہی اس حیثیت سے فی الجملہ سحر سے مشابہت رکھتا ہی مگر اگر کچھ کہا چاہتے ہو
تو ساحر ہی کہو اگرچہ بھی مفید نہوگا غرض کہ اسی پر سب لوگ خوش ہوکر متفق ہوے اور شہر مین منادی کروادی کہ اب محمد کو ساحر
کہا کرو اور کوئی شخص شاعر و مجنون و کاہن نہ کہے پھر موسم حج مین جو کوئی شخص اُنکے پاس آتا اُس سے بھی کہتے اسی ولید کے حال مین

سورۂ مدثر مین ارشاد ہوتا ہی انہ فکر و قدر فقتل کیف قدر ثم قتل کیف قدر ثم نظر ثم عبس و بسر ثم ادبر و استکبر فقال ان ہذا الا سحر
یوثر ان ہذا الا قول البشر یعنی اُسنے سوچ کیا اور دل مین ٹھہرایا سو مارا جائیگا کیسا ٹھہرایا پھر مارا جائیگا کیسا ٹھہرایا پھر نگاہ کی پھر
تیوری چڑھائی اور منہ تھنتھایا پھر پیٹھ دی اور غرور کیا پھر بولا اور نہین یہ جادو ہی چلا آتا اور نہین یہ کہا ہی آدمی کا سا عجب
اتفاق ہی کہ ولید ابن مغیرہ کے عناد کا سبب یہ واقع ہوا کہ ایک دن ولید مسجد مکہ مین بیٹھا تھا اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم بھی اس مسجد مین تشریف فرما تھے کہ سورۂ حم السجدہ نازل ہوا آن حضرت نے اُسکو باواز بلند حسب عادت پڑھا
تو ولید نے بھی کان رکھ کر سُنا آن حضرت نے دیکھا کہ یہ شخص بھی سُنتا ہی لہذا دوبارہ آنحضرت نے پڑھا اُسنے تامل کرکے
اپنی قوم سے کہا کہ انصاف یہ ہی کہ مین نے آج جو کچھ محمد سے سُنا ہی وہ ہرگز کلام آدمی کا نہین ہی اور نہ کلام جن کا اسلیے کہ
اس کلام مین وہ حلاوت ہی کہ کسی کلام مین نہین ہی اور یہ کلام غالب ہی کہ سب پر غالب آوے اور کبھون کسی سے
مغلوب نہو پھر جب اُس مجلس سے اُٹھا تو یہ خبر ابوجہل کو پہونچی کہ آج ولید کلام محمد پر فریفتہ ہوا ہی سو وہ مردود بعض رئیسون کو
ساتھ لیکر ولید کے گھر گیا اور بولا تجھسے سخت تعجب ہی شاید تو دین محمد پر مائل ہوا ہی اور تجھکو بھی رغبت اُس کھانے کی جو
ابوبکر اُسکے لیے پکا کر لاتا ہی ہوئی ہی ولید اس بات پر نہایت برآشفتہ ہوا اور کہنے لگا کہ تو میرا عیش و تنعم جانتا ہی پھر اوس

پسر ابو قحافہ تک میرے دروازے کے فقیر کے برابر بھی نہیں ہیں پس مجھکو انکے کھانے کی کیا پروا ہی ابو جہل نے کہا
کہ اگر یہ حال ہی تو مسجد میں چل کر قبائل قریش کو بلوا اور درباب محمد مشورہ کرو ولید مسجد میں آیا اور تمام قبائل قریش
و سردار اُس قوم کے جمع ہوے ابو جہل و ابو لہب و ابو سفیان و نضر بن الحارث و امیہ ابن خلف و عاص ابن وائل جانب
ولید متوجہ ہوے اور کہنے لگے کہ سخت مشکل درپیش ہی یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم دعوی نبوت کرتے ہین اور جو کلام
پڑھتے ہین اُسکو خدا کا کلام بتلاتے ہین اور موسم حج قریب ہی آدمی بہت آوینگے اب کچھ تجویز کرنا چاہیے کہ اُسی سے یہ مشورہ
ہوا جو اوپر بیان کیا گیا پس اس تقریر سے معلوم ہوا کہ ولید کو درحقیقت قرآن و نزول قرآن سے واقف ہوا اور
یہ وصف اس فہمید کے ابطال حقیقت مین ساعی ہوا اور ترقی کرکے اعلاے مرتبہ کفر مین کہ کفر عنادی منصب ابلیس ہی ہی
پہونچ گیا تو اُسکی شان مین نازل ہوا سأرہقہ صعودا یعنی اب اُسے چڑھاؤنگا بُری چڑھائی صعود نام ہی
ایک سیدھے پہاڑ کا جو دوزخ مین ہی حدیث شریف وارد ہی کہ ارتفاع اُسکا پچاس برس کی راہ ہی کافر معاند کو فرشتے
سر کل اُسپر لیجا کر تکلیف دینگے اور حالت اُس پہاڑ کی سوزش مین یہ ہی کہ جب ہاتھ اُسپر رکھینگے ہاتھ پگھل جائیگا
جب پھر اُسی لمحہ درست ہوجائیگا اسی طرح سے پیرون کی حالت ہوگی غرض اسی مشقت سے فرشتے زنجیرون مین کھینچے
پہاڑ پر لیجا پٹینگے پھر دہان سے نیچے ڈالینگے اور ہمیشہ اسی طرح کی آفت رہیگی اور ولید کو اس عذاب سے اسلیے تخصیص
فرمایا کہ وہ اپنی حرکت فکریہ مین درجہ بدرجہ مطالب سے مساوی پر صعود کرتا تھا اور قرب حق سے بعید ہوکر نیچے آتا تھا
اور دریاے جہل مرکب قدیم مین غوطہ کھاتا تھا اور حق پر نہین ٹھہرتا تھا واضح ہو کہ اس کافر شدید العناد سے بہت
اولاد کو رہوئی لیکن بہات آدمی مشہور ہین ولید ابن الولید خالد ابن الولید عمارہ ابن الولید ہشام ابن الولید
عاص ابن الولید قیس ابن الولید عبد الشمس ابن الولید سو چار شخص انمین سے مشرف باسلام ہوے ولید
خالد و عمارہ و ہشام اور تین شخص کافر مرے کہ اقوال استاذ للاستاذ فی تفسیرہ لیکن عمارہ کا اسلام ثابت نہین ہوتا
از انجملہ خالد نے ایسے ایسے جہاد فرمائے کہ منصب امیر الامرائی اُسکو بصورت آن حضرت سے عنایت ہوا اور بعد آنحضرت
خلافت خلیفۂ اول مین بھی اسی منصب پر بحال رہے اور آن حضرت نے اُنکو سیف اللہ خطاب دیا تھا اور فتح شام
و عراق انھین کے ہاتھ سے ہوئی اور بیشتر مہم مرتدین انھین نے سرانجام کی ہی اور ولید ابن الولید کو
ولید مردود نے کے مین قید کیا تھا کہ آنحضرت کے پاس بھیجے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُسکی خلاصی
کے واسطے نماز صبح مین قنوت فرماتے تھے اور باواز بلند کہتے تھے اللھم انج الولید بن الولید و عباس
ابن ابی ربیعہ و سلمۃ ابن ہشام و المستضعفین من المؤمنین یہان تک کہ یہ لوگ اُن ظالمون کے ہاتھ سے
چھوٹکر فیض یاب صحبت مبارک ہوے اور اُس کافر کو اللہ تعالے نے مال بھی سب طرح کا دیا تھا یعنی
مال زراعت اور مال مواشی اور مال تجارت کہ ان تین قسم کے مال سے جو کچھ حاصل ہوتا ہی خرچ سے

زیادہ ہوتا ہی بخلاف اور مالون کے اور قابلیت اور لیاقت شعر و سخن و تجر و کمال ہر فن اللہ نے عنایت کیا تھا کہ اسی سبب سے ریحانۂ قریش کہلاتا تھا اور باوصف ان امور کے ایسا ناشکر گزار تھا کہ کبھون کلمۂ شکر زبان پر نہ لایا اور سوائے بت پرستی و رعبادت لات و عزیٰ کے کسی کام مین مصروف نہوا آخر کار یہ نوبت پہونچی کہ پے در پے نقصان مال و جاہ لاحق ہونے لگا کہ فقیر ہوکر مرا اور آخرت مین کندۂ دوزخ بنا اور ان شبہات واہیہ کو اللہ جل شانہ نے رفع کیا ہی کہ سورۂ ذاریات مین ارشاد ہوتا ہی کذالک ما اتی الذین من قبلہم من رسول الا قالوا ساحر او مجنون اتواصوا بہ بل ہم قوم طاغون یعنی اسی طرح انسے پہلون کو جو رسول آیا ہی کہا کہ جادوگر ہی یا دیوانہ آیا یہی کہ مرے ہین ایک دوسرے کو کوئی نہین پر یہ لوگ شریر ہین اور سورہ طور مین فرماتے ہین فذکر فما انت بنعمۃ ربک بکاہن ولا مجنون ام یقولون شاعر نتربص بہ ریب المنون قل تربصوا فانی معکم من المتربصین یعنی اب تو سمجھا کہ تو رب کے فضل سے پر لون والا نہین نہ دیوانہ کیا کہتے ہین یہ شاعر ہی ہم راہ دیکھتے ہین اسپر گردش زمانہ کی تو کہہ تم راہ دیکھو کہ مین بھی ساتھ تمھارے راہ دیکھتا ہون روایت صحیح ہی کہ عروہ ابن زبیر نے عبداللہ ابن عمرو ابن عاص سے پوچھا کہ مجھکو خبر دے اس سخت تکلیف سے جو آنحضرت کو قریش سے پہونچی تھی اُسنے کہا کہ ایک دن قریش کعبے مین تھے اور مین بھی وہین تھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ذکر آیا تو کہنے لگے کہ واللہ ہمنے کبھون ایسا صبر نہین کیا جیسا آپ کرتے ہین یعنی جو کچھ محمد چاہتا ہی ہمکو اور ہمارے باپ دادون کو کہتا ہی اور ہمارے دین کو بُرا جانتا ہی اتنے مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور طواف کعبے مین مشغول ہوے تو آپ سے طواف مین قریش پر بھی گذر ہوا قریش نے ایک بات ایسی سخت کہی کہ آنحضرت کا چہرہ مبارک مین نے متغیر دیکھا پھر دوسرے اور تیسرے طواف مین بھی اُسی طرح بولے تیسری مرتبہ آنحضرت نے کھڑے ہوکر فرمایا کہ اے اہل قریش سنو کان لگا کر کہ مین تمپر ذبح لایا ہون اگر میرا کلام نہین سُنتے اور میری متابعت نہین کرتے تو بکری کی طرح ذبح کرونگا اور بخوبی مطلع ہو کہ میری لڑائی مین سب برباد و خراب ہوگے اس کلام کے سنتے ہی آواز سب کی بند ہوئی اور بدن مین لرزہ پڑا آخر تملق اور چاپلوسی سے پیش آئے دوسرے دن پھر جمع ہوے تو مین موجود تھا پھر آنحضرت تشریف لائے اور طواف مین مشغول ہوے یکایک بلوہ کرکے سب کافر آنحضرت پر کتون کی طرح دوڑے اور کہنے لگے تو ہی ہمارے حق مین اور ہمارے ٹھاکرون کے حق مین بدزبانیان کرتا ہی آنحضرت نے فرمایا کہ وہ مین ہی ہون تب ایک کافر نے کنارۂ چادر پکڑا اور گردن مبارک مین ڈال کر کھینچنے لگا کہ آنحضرت کا دم بند ہونے لگا ابوبکر صدیق یہ حال دیکھتے تھے وہ دوڑے اور کافرون سے

آنحضرت کو چھوڑا یا وہ لوگ صدیق سے لپٹ گئے اور مارنے لگے کہ حضرت صدیق بیہوش ہوگئے اور آپ کے
سر کے بال ٹوٹ گئے اور بڑی چوٹ آئی تب بنو تمیم نے چھوڑا یا جب تھوڑی دیر مین ہوش آیا تو کہنے لگے
اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ وقد جاءکم بالبینات من ربکم یعنی تم ایسے شخص کو قتل کیا چاہتے ہو
جو کہتا ہی کہ میرا رب اللہ ہی اور تمھارے پاس خدا کی نشانیان لایا ہی صحیح بخاری مین ابن عمر سے
روایت ہی کہ وہ کافر عقبہ ابن معیط تھا اور اس تکلیف مین آنحضرت کو غش آگیا تھا اور حضرت صدیق نے
حالت بیہوشی مین چھڑایا ہی محققین فرماتے ہین کہ مومن آل فرعون سے حضرت صدیق اکبر افضل تھے کیونکہ
اُسنے زبان ہی سے حضرت موسی کی خدمت کی تھی اور حضرت ابوبکر نے زبان اور ہاتھ سے کی اور قول اور
فعل سے نصرت کی اس سبب سے حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ ان مقدمون مین حضرت امیر المومنین
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی افضلیت کے قائل تھے اور عبد اللہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ ایک دن
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کے نزدیک نماز پڑھتے تھے اور ابوجہل ملعون مع ایک جماعت قریش کے بیٹھا تھا
مسخرہ پنے کہنے لگا کیا کر رہا ہی کوئی ایسا ہی کہ فلانی جگہ سے اونٹ کا شکنبہ یعنی اوجھ اُٹھا لائے اور جب یہ مرد نماز کے
سجدے مین جائے تو اُسکے شانون پر رکھدے عقبہ علیہ اللعنۃ گیا اور اونٹ کا شکنبہ اُٹھا لایا جب آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم سجدے مین گئے اُسنے دونون شانون کے بیچ بیٹھ پر وہ اوجھ رکھدیا آنحضرت سجدہ مین رہ گئے
اور سر مبارک سجدہ کے لیے نہ اُٹھایا قریش ہنسنے لگے تا آنکہ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کو خبر ہوئی وہ تشریف
لائین آنحضرت سجدے مین تھے اُنھون نے وہ بلا کی دفع کی کافرون کو ملامت فرمائی جب آنحضرت نماز سے فارغ ہوے
تو بنظر بے حرمتی نماز کے دعا بد فرمائی کہ اللھم علیک بقریش اسی طرح تین مرتبہ دعا کی پھر نام لیکر کہا اللھم علیک بابی جہل
ابن ہشام وشیبہ ابن ربیعہ وشیبہ ابن ربیعہ ولید ابن عقبہ وامیہ ابن خلف وعقبہ ابن ابی معیط وعمارۃ
ابن الولید راوی اسمعیل عن عبد اللہ ابن مسعود پس عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ واللہ جس کسی کا
نام حضرت نے دعا مین لیا تھا وہ جنگ بدر مین مارا گیا اور امیہ بن خلف ناخلف آنجناب کے دست نصرت سے زخمی ہو کر
مکے مین آیا اور مر گیا فائدہ عمارہ ابن ولید کے نام مین شک ہی مولف مشارق الانوار کے نزدیک یہی شخص تھا
جسکو راوی بھول گیا مگر اس قول پر وثوق نہین کیونکہ موت عمارہ حبش مین لکھتے ہین شاید کوئی اور کافر تھا جسکا
نام حضرت نے لیا مگر راوی بھول گیا ابن اسحق فرماتے ہین کہ جب قریش کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی طرح دست رس نہ ہوا
تو باہم یہ عہد و پیمان کیا کہ جو کوئی مسلمان بے قوم و قبیلہ و درماندہ و عاجز ہو اُسکو ایذا دین چنانچہ عمار ابن یاسر رضی
اللہ عنہ اور اُنکے والدین و ہمشیرہ کی تکلیف تصدیع مین مشغول ہوے بلکہ ایک دن گرم ریت پر لٹا رہے ہوے مارتے تھے
کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اور فرمایا صبرا یا آل یاسر فان موعدکم الجنۃ آخر کار ابوجہل مردود نے یاسر و سمیہ

ف نسبت صدیق

ف

ف

بضم السین المہملۃ وکسر المیم وتشدید التحتانیۃ زوجہ یاسر کو مارتے مارتے مار ڈالا کہ ابتدا سے اسلام میں درجۂ شہادت انھیں کو نصیب ہوا پھر حبشہ کو ہجرت کی اور جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے ساتھ حبش کو تشریف لیگئیں تھیں جب وہاں سے مراجعت کی تو اس دود نے ہلاک کیا وہ بروایتے قبل ہر ستوار العنۃ اللہ علیہ وعلی من تبعہ اور سوائے اُنکے بلال رضی اللہ عنہ کو ایسی ایسی تکلیفیں دیتے تھے کہ بیان میں نہیں آسکتیں یعنی حضرت بلال عاشق خدائے ذوالجلال امیہ بن خلف سالک راہ ضلال کے غلام تھے اپنے رشید و دلیر ایمان سے آراستہ و لباس ایقان سے پیراستہ ہو چکے تھے اور عبادت حق حسب فرمودۂ رسول برحق کیا کرتے تھے جستہ جستہ یہ خبر ابن خلف نا خلف کو پہونچی اُسنے اپنی خدمت سے الگ کیا اور کلید خزانہ و بت خانہ دوسرے غلام کو دی اور بلال سے پوچھنے لگا تم کسکی پرستش کرتے ہو فرمایا خدائے محمد مصطفےٰ کی اُسنے کہا اس عبادت کو چھوڑ نہیں تو مارا جائیگا فرمایا یہ تو ہرگز نہوگا تب وہ کافر آگ بگولا ہو گیا اور وضع تعذیب و تادیب باتفاق رائے شیطان ادیب اپنے کے یون نکالی کہ غلاموں سے حکم دیا کہ صبح کو دن چڑھنے پر لوگ کانٹے بلال کے بدن میں چبھویا کرو اور جب آفتاب خوب گرم ہو تو انکو دھوپ میں چت لٹا کر سر تا پا گرم پتھر رکھا کرو تاکہ ہل نہ سکیں اور گرد اگ جلا دیا کرو کہ خوب جلیں اور جب شام ہو ہاتھ پیر باندھ اندھیری کوٹھری میں قید رکھو اور باری باری تازیانے مارا کرو اور صبح تک یہی کام کیا کرو اسی طرح ایک مدت گذری مگر حضرت بلال پکار پکار احد احد کیا کئے یعنی معبود میرا ایک ہی چنانچہ ایک مرتبہ وقت شب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اُس مکان کی طرف گذرے تو اس ملعون کے گھر سے آواز نالہ و زاری کان میں آئی پوچھا اس گھر میں کیا ہوتا ہے لوگوں نے بیان کیا جو حال تھا صدیق اکبر کو نہایت رنج ہوا اور صبح کے وقت اُسکے گھر میں تشریف لیگئے اور نصیحت فرمائی کہ خدا سے ڈر اور ظلم ناحق نہ کر کیونکہ اُسنے سچا دین قبول کیا ہے اُسکو غنیمت جان اور مت ایا کر یا حسان کہ آخرت میں کام آوے گا اور سختی قیامت سے بچا دیگا اُسنے جواب دیا کہ آخرت کہاں ہے اور کیونکر معلوم ہو کہ یہ دین سچا ہے اور اگر بالفرض آخرت بھی ہو تو مجھکو دنیا میں کس چیز کی کمی ہے جو آخرت کی نعمتوں پر کہ محض وہمی خیالی ہیں فریفتہ ہوں مگر باایں ہمہ حضرت صدیق اکبر نے بہت نرمی سے پھر سمجھایا کہ میرا کہا مان اور اس بیچارے پر ظلم نہ کر تب اُس کمبخت نے جل کر کہا کہ اگر اسکا دل کڑھتا ہے تو اسکو خرید کر لیجیے حضرت صدیق اکبر نے فرمایا اچھا اسکے عوض میں جو تو طلب کرے میں دینے کو طیار ہوں اُسنے کہا کہ تم سو کو خرید کر سکتے ہو اور اگر منظور ہے تو اپنا غلام نسطاس رومی کہ دلیر و کارگزار بھی ہے اور دو ہزار کی جمع بھی رکھتا ہے مجھکو دو اور اس غلام کو لو حضرت صدیق راضی ہوئے اور اللہ کی رضامندی کیواسطے نسطاس کو دیا اور بلال کو لیا بلکہ چالیس وقیہ اور اسپر یا دیکے اور جب حضرت بلال کو لیکر چلے تو وہ کافر ہنستا اور کہتا تھا کہ یہ شخص بلا سخت غلاظت و زبونی کی اس مقام پر دھوپ کا کھا گیا میں تو بلال کو ایک دانق کے بدلے بھی نہ لیتا کہ درہم کا چھٹواں حصہ ہے بلکہ مفت بھی پسند نہ کرتا یہ کلام سنکر حضرت صدیق نے فرمایا کہ اے بے وقوف اس غلام کا مرتبہ ایسا ہے کہ اگر تمام یمن کی بادشاہت کے عوض میں تو بیچتا تو میں خرید کرتا پھر بلال رضی اللہ عنہ کو لیکر حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر کیا اور تمام احوال گذشتہ عرض کیا اور کہا آپ گواہ رہیے کہ اللہ کی رضامندی

کے واسطے انکو مین نے آزاد کیا آنحضرت بہت خوش ہوے اور حضرت بلال فارغ البال ہو کے حضرت کی خدمت مین رہنے لگے
اور سعادت دارین حاصل کی مخفی نہ رہے کہ مکۂ معظمہ مین دو شخص رئیسون مین بڑے مالدار تھے ایک حضرت صدیق اکبر اور دوسرا امیہ
ابن خلف اکفر سو ان دونون کا معاملہ صرف مال مین متکلف ہوا امیہ نے بارہ غلام لیے اور ہر ایک کو تربیت کر کے ایک ایک کام مین
لگایا کسی کو کھیتی و زراعت مین کسی کو مویشون کی حفاظت مین کسی کو قیمتی اموال کی تجارت مین کسی کو کاشانۂ عمارت مین
کہ اس تدبیر سے مال بکثرت جمع ہو گیا باینہمہ فقیر و محتاج کو بھولے سے بھی ایک حبہ نہ دیتا اور اگر کوئی ظالم کسی کو کچھ دیتا تو
ناراض ہوتا بلکہ عہدہ سے معزول کر دیتا اور جب کوئی نصیحت کرتا اور آخرت کا تذکرہ لاتا تو کہتا اول آخرت کہان ہی اور اگر
بالفرض ہو تو مجھکو کیا احتیاج ہی اور حضرت صدیق اکبر نے ابتدا اسلام سے کہ مسلمانون کی نہایت ضعیفی کا وقت تھا اپنے مال کو
اللہ صاحب کی رضامندی کے واسطے حضرت صلعم کے مصارف مین اور مسلمانون کے چھڑانے مین اور دوسرے نیک کامون مین صرف کر کے
ذخیرۂ آخرت کا جمع کیا تھا چنانچہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے معاملہ مین ظاہر ہوا کنیت حضرت بلال ابن رباح کی ابو عبد اللہ اور بعضون کے
نزدیک ابو عبد الرحمن اور بعضون کے نزدیک ابو عبد الکریم اور بعض کے نزدیک ابو عمر ہی والدہ انکی حمامہ بفتح الحاء المہملۃ وتخفیف المیم ہی
انھین کے ہاتھ سے امیہ بن خلف جمحی خزوہ بدر مین مارا گیا اور حضرت بلال سخت گندم گون طویل القامۃ کثیر الشعر تھے سال بیتم ہجری
دمشق مین وفات پائی عمر شریف بروایتے ساٹھ برس کی کسر سے زائد و بروایتے ستر برس کی ہوئی فضائل انکے اکثر ہین اور بس ہی انکی
فضیلت مین فرمانا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ سابقین چار ہین مین سابق عرب ہون اور بلال سابق حبشہ اور صہیب سابق روم اور سلمان
سابق فرس اور بھی فرمایا کہ بلال کو مین نے اپنے آگے بہشت مین دیکھا ہی القصہ اسی طرح کے سات نفر غلام و کنیز اور بھی مبتلاے
بلا تھے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کافرون سے خرید کر کے آزاد کیا از انجملہ عامر ابن فہیرہ تھے کہ حضرت صدیق نے بعوض
ایک رطل سونے کے بنی جذعان سے مول لیکر آزاد کیا اور بروز ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب تھے و بروز بیر معونہ شہید
ہوے بڑے اولیاؤن مین تھے از انجملہ زہیرہ تھین کہ بڑی ایماندار ی سے کافرون کی تکلیف دہی مین بسر کرتی تھین جب انکو
حضرت صدیق اکبر نے مول لیکر آزاد کیا تو انکی آنکھین جاتی رہین مالکون نے طعنہ دے کر کہا کہ شمہ لات و عزی دیکھ لیا فرمایا یہ سب
جھوٹ ہی ہرگز لات و عزی کو طاقت نفع و ضرر کی نہین ہی سوا اللہ کے اللہ نے اسی وقت صحت عطا کی از انجملہ انہین مین سے
مہدیہ اور انکی بیٹی ہی کہ یہ دونون ایک عورت بنی عبد الدار کی لونڈیان تھین اور وہ عورت انکو نہایت ایذا دیتی تھی حضرت ابو بکر
خبر پاکر اسکے پاس گئے اور نصیحت فرمائی اور کہا جو کچھ قیمت ہو مجھسے لے اسنے بہت قیمت مانگی آنجناب نے بلا تکرار عنایت فرمائی
اور ان دونون سے فرمایا کہ خوش خبری ہو تمکو مین نے مول لیکر آزاد کر دیا اٹھو چلو وہ دونون آٹا پیستی تھین کہنے لگین ہمنے ایک مدت تک
اسکا نمک کھایا ہی ادھورا کام نہ چھوینگے حضرت صدیق نے آفرین کی اور اجازت دی از انجملہ ایک عورت بنی مویل کی لونڈی تھی
یہ بھی ایک فرقہ ہی بنی عدی کا سو حضرت عمر اسوقت تک اسلام نہ لائے تھے اس لونڈی کو اسلام لانے کے سبب سے سخت اذیت دیتے تھے
یہان تک کہ حضرت صدیق اکبر کو خبر ہوئی اسکو بھی خرید کر کے آزاد کر دیا از انجملہ ابو عبیدہ کو بھی خرید کر کے آزاد کیا ہی اور اسے

بھونکو رہوے اور بہت بردون کو آزاد کیا القصہ جب اکثر مال حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا صرف ہوا تو ابو قحافہ نے
باپ نے کہا اے ابوبکر ان لوگون کے آزاد کرنے سے کیا فائدہ ہے اگر چالاک خوبصورت غلام لیکر آزاد کرتے تو وقت پر معین و مددگار
ہوتے حضرت صدیق اکبر نے فرمایا انما ارید ما ارید پھر یہ آیت قرآن مین نازل ہوئی فاما من اعطی واتقی وصدق بالحسنی
فسنیسرہ للیسری یعنی سوجنے دیا اور ڈر رکھا اور سچ جانا بھلی بات کو تو اسکو ہم سہج سہج پہونچا دینگے آسانی مین اور یہ بھی
نازل ہوئی وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلی ولسوف یرضی یعنی اور کسی کا نہین اسپر احسان جسکا بدلا دے
مگر رضامندی اپنے پروردگار کی جو سب سے اوپر اور آگے ہے وہ راضی ہوگا اس مقام سے کہا ہے دلیل فضیلت حضرت صدیق اکبر کی ہے تم
نے سنی ہے کہ اس سورہ مین اللہ صاحب نے ابوبکر صدیق کو اتقی فرمایا اور سورۂ حجرات مین ارشاد ہوا ہے ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم ان
دونون آیتون کے ملانے سے حاصل ہوا کہ خداوند تعالے کے نزدیک اس امت مین افضل و اکرم ابوبکر صدیق ہین القصہ جب حضرت
صدیق اکبر رض کا اکثر مال ایسے نیک کامون مین صرف ہوگیا تو اب چالیس ہزار درہم سرمایہ رہا اسکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر اور
دیگر مسلمانون پر بارشاد رسول صرف کر بیٹھے کہ ہمگین چھ ہزار درہم باقی رہے اسکو سفر ہجرت و تعمیر مسجد نبوی وغیرہ مین صرف کیا
اسی باعث سے آنحضرت فرماتے تھے کہ جیسا ابوبکر کے مال نے مجھکو فائدہ بخشا ایسا کسی کے مال نے فائدہ نہین دیا کیونکہ مال
خدیجہ الکبری و ابوطالب و عبدالمطلب جد حضرت کا حضرت کی خاص ذریات اور صلۂ رحم و مہمانون کی ضیافت و محتاجون کی اعانت مین
صرف ہوا تھا اور مال ابی بکر شوکت اسلام اعانت و خلاصی اہل اسلام مین خرچ ہوا سو ان دونون مصرف مین فرق ہین ہے جب سب مال صرف ہوگیا
تو ایک روز حضرت صدیق اکبر کمل کا کرتہ پہنے حضور مین آئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پوچھا کہ ابوبکر تو بڑا مالدار تھا اسکا کیسا حال ہوگیا
فرمایا کہ اسنے سب مال اپنا مجھپر صرف کر دیا جبرئیل نے کہا اللہ صاحب نے ابوبکر کو سلام کہا ہے اور پوچھا ہے کہ اس مسکینی و محتاجی مین بھی مجھسے
راضی ہے حضرت صدیق اکبر یہ کلام سنکر وجد مین آئے کہ بیخود ہوگئے اور بار بار فرماتے تھے انا عن ربی راض انا عن ربی راض اسی کا اشارہ ہے
ولسوف یرضی القصہ جب کافرون نے اصحاب پر حد سے زیادہ ظلم کیا تو حضرت نے فرمایا کہ تم لوگ حبشہ کو چلے جاؤ وہان کا سلطان دعادل ہے
وہ خاطرداری و پاسداری سے پیش آویگا سو ماہ رجب سال پنجم نبوت مین گیارہ یا بارہ مرد اور چار عورتین پوشیدہ روانہ ہوے حضرت عثمان و
رقیہ بنت رسول اللہ و زبیر ابن العوام و عبداللہ ابن مسعود و عبدالرحمن ابن عوف و مصعب ابن عمیر و ابوسلمہ ابن عبدالاسد و ام سلمہ زوجہ انکی
و عثمان ابن مظعون و عامر بن ربیعہ و لیلی زوجہ انکی و خاطب ابن عمرو و سہیل ابن بیضاء و ابوحذیفہ ابن ربیعہ قرشی و سہلہ بنت سہیل ابن عمرو
زوجہ انکی مشہور یہ ہے کہ ابوحذیفہ کا نام ہشام ہے دو قبلتین و دو ہجرتین ہین اور قبل دار ارقم اسلام لائے اور بدر مین حاضر ہوے اور بروز یمامہ شہید ہوے
عمر چون یا ترپن برس کی ہوئی جب یہ لوگ حبشہ مین پہونچے تو اواخر رمضان سال مذکور مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ مشرکون سے صلح ہوگئی تو
مہاجرین نے بمقتضاے حب الوطنی حبشہ فرمائی اور شوال مین قریب ام القری آگئے وہان ایک قافلہ ملا اسنے خبر کو غلط کہا ناچار مہاجرین بامان
داخل ہوے چنانچہ عثمان ابن مظعون جوار ولید ابن مغیرہ مین اور ابوسلمہ ابن برہ بنت عبدالمطلب جوار ابوطالب مین مکہ آگر عبداللہ ابن مسعود
بامان عبداللہ ابن مسعود سیدابرار مین حاضر ہوے پھر دوسری مرتبہ بعد تحمل ایذاء قریش جانب حبشہ گئے اور انکی مرتبہ اور اصحاب بھی ہمراہ ہوے

چنانچہ جعفر ابن ابیطالب بھی انھیں میں تھے و بروایات صحیحہ ثابت ہے کہ ایکی بار مہاجرین اسی نفر سے زیادہ مرد تھے اور گیارہ عورات قریشیہ اور سوائے اگر کون کے اور جو حبشہ میں پیدا ہوئے وہ علاوہ فائدہ یہ اصل ہجرت ہے بعد اسکے ہجرت مدینہ مطہرہ ہوئی اور یہ حکم باقی ہے جب اسکے معنی پائے جائیں یعنی قرار بالدین و محرز از فتنہ و مامون از تسلط کفار و ملحدین اہل علم فرماتے ہیں کہ سیر میں کی دو قسم ہے ایک ہجرت دوسری طلب پس ہجرت ایک بار ہے کہ ایک بار نکلنا دار حرب سے کہ تا قیامت باقی ہے دوسرے خروج از ارض بدعت سے اگر اسکے ازالہ کی قدرت نہ ہو تیسرے خروج از انس میں ہے جہاں حرام زیادہ ہو سوا اسکے طلب حلال مسلمان پر فرض ہے چوتھے قرار ایذاء بدنی سے کہ اللہ نے اسکی رخصت دی ہے جسطرح حضرت موسی کے حال سے خبر دی فرمود منہا خائفا یترقب پانچویں خروج بلاد بسبب ہوا و ناموافق ہے جنانچہ قصہ عرنیین سے ظاہر ہے مگر وبا طاعون اس حکم سے مستثنی ہے لقیام الدلیل علیہ چھٹویں خروج بخوف قتال و اسباب اور طلب دین و طلب دنیا پس طلب دین نو قسم ہے ایک طلب عبرت کما قال اللہ تعالی اولم یسیروا فی الارض فینظروا دوسرے سفر حج تیسرے سفر جہاد چوتھے سفر بطلب معاش پانچویں سفر تجارت چھٹویں سفر بنا بر طلب علم ساتویں سفر بنا بر زیارت بقاع متبرکہ آٹھویں سفر بنا بر پابندی کے نوان سفر بنا بر زیارت اخوان الغرض حضرات مہاجرین حبشہ میں با امن و امان گذران کرنے لگے یہ خبر قریش مکہ کو پہنچی انھوں نے بروایت ابن اسحق جریر و عمارہ ابن ولید عمر و ابن عاص سہمی کو باہدایا و تحف روانہ کیا تا کہ مسلمانوں کو وہاں سے نکلوا دیں اور نزدیک انھوں بجیہ المخاصل کے بجائے عمارہ عبداللہ ابن ربیعہ ہے و بعض کے نزدیک تینوں شخص گئے تھے اور صحیح یہ ہے کہ ایک بار عبداللہ ہمراہ عمرو گیا دوسری بار عمارہ گیا اور وہیں مر گیا یعنی ایک عورت سے متہم ہو کر اس نجاشی نے سحر کروا کے مروا ڈالا علی التقدیرین جب یہ لوگ دربار میں داخل ہوئے تو اول نجاشی کو سجدہ کیا اور تحائف پیش کیے اور وزیروں کو رشوت دی کر اپنا معین گردانا پھر منت و سماجت التماس کرنے لگے کہ ہمارے بنی اعمام اپنا وطن قدیم چھوڑ کر یہاں آئے ہیں اور عقیدہ انکا یہ ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام کو غلام کہتے ہیں کہ یہ عقیدہ بادشاہ کے بھی خلاف ہے سو انکو ہمارے ساتھ کر دیجیے نجاشی بادشاہ اگرچہ اسوقت تک نصرانی تھا مگر اس تقریر سے از بس ناراض ہوا اور نہایت غصہ و غضب میں آیا اور بولا کہ میری شان کے یہ امر نہایت خلاف ہے کہ جو لوگ میرے پاس پناہ پکڑیں انکو میں دشمنوں کے سپرد کروں پھر مسلمانوں کو طلب کیا وہ سب حاضر ہوئے اور سلام علیک بجا لا کر مجلس بادشاہ میں داخل ہوئے اہل دربار نے لفظ سلام سنکر کہا تم لوگوں نے خلاف آداب کیا اور جسطرح رسم دربار عالی شان کے مسطح سجدہ نہ کیا جعفر ابن ابیطالب نے فرمایا کہ ہم لوگ سوائے اپنے پروردگار حقیقی کے کسی کو سجدہ نہیں کرتے اور نہ ہم کسی کو اس لائق جانتے ہیں ہمارے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی یہی نصیحت ہے کہ سوائے خدا کے کہ وہ معبود برحق ہے اور کسی کو سجدہ کرنا گناہ عظیم ہے بعد ازاں اپنے دین مقبول اسلام کے اکثر احکام بیان کیے اور کفار قریش کی شرارتیں اور خباثتیں ظاہر فرمائیں کہ ان لوگوں نے مسطح کی تکلیفیں مسلمانوں کو دی ہیں کہ بیان انکا دشوار ہے اور ہم کمی فی الحال ان کافروں سے طاقت مقابلہ نہیں ہے بلکہ اسی وجہ سے تمہارے شہر میں بھاگ آئے ہیں انکو عادل اور منصف سمجھتے ہیں نجاشی نے یہ کلام سنکر بہت خوف کھایا اور کہا اے جعفر ابن ابیطالب جو کچھ کلام الہی تمہارے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوتا ہے اسمیں میرے سامنے کچھ پڑھو تا کہ میں اسکی حقیقت سے آگاہ ہوں چنانچہ جعفر ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ نے سورہ مریم کا شروع پڑھا بسم اللہ الرحمن الرحیم کہیعص ذکر رحمۃ ربک عبدہ زکریا اذ نادی ربہ نداء خفیا قال رب انی وہن العظم منی واشتعل الراس شیبا ولم اکن بدعائک رب شقیا وانی خفت الموالی من ورائی وکانت امراتی عاقرا فہب لی من

لذبک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب واجعلہ رب رضیا یعنی یہ مذکور ہے تیرے رب کی مہر کا اپنے بندے زکریا جب پکارا اپنے رب کو چھپی
پکار بولا اے میرے رب بوڑھی ہوگئیں ہڈیاں اور ڈیک نکلی سر سے بڑھاپے کی اور تجھسے مانگ کر اے رب میں محروم نہیں رہا اور میں ڈرتا ہوں
بھائی بندوں سے اپنے پیچھے اور عورت میری بانجھ ہے سو بخش مجھکو اپنے پاس سے ایک کام اٹھانے والا جو میری جگہ بیٹھے اور یعقوب کی اولاد کے اور
کر اسکو اے مرب من راضی تو نجاشی فصاحت کلام سے رونے لگا کہ آنسو اسکے داڑھی پر بہے اہل دربار متحیر ہوئے نجاشی نے کہا واللہ یہ کلام اور توریت کا کلام
ایک ہی مقام کا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ہمکو اسی طرح پہونچا ہے مجھکو کسی طرح شبہہ و شک نہیں سو میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم رسول برحق ہیں عیسیٰ روح اللہ نے انہیں کی خبر دی تھی بعد اسکے نقد و جنس مدیہ آیا قریش واپس کیا اور عمرو عاص و عمارہ سے صاف جواب دیا کہ
واللہ میں مسلمانوں کو تمہارے سپرد نہ کرونگا اور جو امور پادشاہت مجھسے متعلق نہوتے تو میں حاضر ہو کے کفش برداری سے سرفرازی حاصل کرتا اور
بالفعل لوشیدہ ایمان لایا اور مسلمانوں سے کہا تمکو سی بیان ہو کوئی مزاحم ہوگا کافروں نے کہا کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو برا کہتے ہیں نجاشی نے
اہل اسلام سے پوچھا جعفر بن ابیطالب نے کہا کہ ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں کہتے ہیں کہ وہ خدا کے بندے تھے اور یہ کلمہ کن مریم کے پیٹ سے
پیدا ہوئے بغیر باپ کے اور پیغمبر والا قدر ہیں نجاشی نے کہا انجیل میں صفت عیسیٰ اسی طرح مندرج ہے تم صادق ہو الغرض الچی قریش کے دربار سے دور ہوئے
اور خائب خاسر و سیاہ چہرہ آئے اور اہل اسلام مدینہ میں رہے جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینے کو روانگی نجاشی تک تینتیس ۳۳ مرد اور آٹھ عورتیں داخل ہوئے القرشی
یعنی کہ ہوئے از انجملہ دو شخص فوت ہوئے اور سات نفر قید رہے اور چوبیس ۲۴ غزوۂ بدر میں حاضر ہوئے اور بقایا مہاجرین بروز فتح خیبر آئے جعفر ابن ابیطالب
تشریف لائے اور حضور اقدس میں قید بوس ہوئے روایت ہے کہ جب دوسری مرتبہ اصحاب نے حبشہ کی تو حضرت صدیق اکبر بھی تشریف لیگئے تھے مگر مالک ابن الدغنہ
سردار قبیلہ قارہ نے برگ الغماد سے واپس لایا اور اپنی پناہ میں رکھا فائدہ دغنہ اہل لغت کے نزدیک بضم دال مہملہ و سکون غین معجمہ و تشدید نون ہے وہو المشہور
اور توشیح شرح بخاری میں بفتح دال مہملہ و کسر غین معجمہ و نون مفتوحہ اور نام سکا حارث ابن یزید اور عند البعض مالک ہے اور دغنہ نام اسکی ماں کا ہے
اور قارہ بفتح قاف و تخفیف راء مہملہ ایک قبیلہ ہے قبائل مصر سے اور برک الغماد بفتح باء موحدہ و سکون راء مہملہ و کسر غین معجمہ و میم خفیفہ ایک موضع ہے
پانچ میل یوم القری سے جانب یمن اور بعض نے بکسر موحدہ و بضم غین معجمہ بھی پڑھا ہے الغرض ابن دغنہ نے حضرت صدیق اکبر کو اپنی پناہ میں لیا اور
انکے مکان پر پہونچکے حال پناہ دہی کا سردار قریش سے بیان کیا انھوں نے کہا کہ ہماری شرط میں منظور ہے کہ قرآن کو گھر سے باہر یا واز بلند نہ پڑھیں
کیونکہ اسکو سن کے ہمارے لڑکے بالے فریفتہ ہوتے ہیں حضرت صدیق نے چند روز ایسا ہی کیا پھر روبرو صحن خانہ میں مسجد بنائی اور نماز تہجد میں
اور نمازوں میں قرآن مجید باواز بلند پڑھنا شروع کیا اور عادت حضرت صدیق کی تھی کہ جب قرآن شریف پڑھتے تو بے اختیار روتے تھے
ہمسائے کی عورتیں اور لڑکے مجتمع ہو کے سننے لگے کافروں نے ابن الدغنہ سے کہلا بھیجا اسنے حضرت صدیق سے کہا کہ آپ برخلاف عہد کرتے ہیں ہمکو
قائم نہ رہیگی آنجناب نے فرمایا کہ مجھے سوا خدا کے اور کسی کی پناہ میں رہنا بھی منظور نہیں ہے وہ اپنی پناہ توڑ کر چلا گیا اور حضرت صدیق اکبر بامان خدا
محفوظ رہے عینی شرح صحیح بخاری میں ہے کہ اول مسجد اسلام میں یہ ہے کہ جسکو صدیق اکبر نے تعمیر کیا جب سال ششم نبوت کا آیا تو حضرت
امیر حمزہ ابن عبدالمطلب ایمان لائے لقب انکا سید الشہدا اور اسد اللہ بھی آیا ہے حضرت بڑے شجاع و بہادر و غیور و قوی جوان تھے والدہ انکی ہالہ
رسول اللہ کی حقیقی بہن تھیں نام انکا ہالہ بنت وہب تھا اور معاملہ انکا یہ ہوا کہ ایک دن ابوجہل ملعون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

کچھ بے ادبانہ کلام کیا حضرت نے از رہ حلم نہایت تحمل فرمایا مگر عبداللہ جدعان کی لونڈی نے حضرت حمیزہ رضی اللہ عنہ سے کہدیا کہ حضرت اُسوقت شکار سے آئے تھے وطواف کعبہ کرتے تھے سنتے ہی غصے میں بھرے ابی جہل کے پاس گئے اور اس زور سے کمان اُسکے سر پر ماری کہ اُس ملعون کا پھٹ گیا اور کہا او معقول تو محمد کو گالی دیتا ہے حالانکہ میں اُسکے دین میں ہوں اور اُسی وقت حضور اقدس میں حاضر ہو کر مسلمان ہوگئے آنحضرت نہایت خوش ہوئے اور اب اُنتالیس ۳۹ اہل اسلام حضرت کے ہمراہ ہوئے اور اُسوقت جناب ارقم کے گھر میں مع اصحاب باصفا تشریف فرما تھے اور سب پوشیدہ رہتے تھے اور قریش میں دو شخص سخت سرکش سردار تھے ایک ابوجہل ابن ہشام دوسرے عمر ابن خطاب حضرت نے دعا فرمائی یا اللہ دین اسلام کو عزت دے اسلام عمر ابن الخطاب یا ابوجہل ابن ہشام سے حضرت عمر کے حق میں دعا قبول ہوئی کہ دوسرے دن اسلام لائے اور صورت اُسکی یوں ظاہر ہوئی کہ جب آیہ انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جہنم وانتم لہا واردون نازل ہوا تو ابوجہل لعین نے ایک مجمع میں جسمیں حضرت عمر بھی تھے متصل خانہ کعبہ کے کھڑے ہو کے کہا کہ جو کوئی محمد کا کہا مانے گا اور دین اُسکو چھوڑ دیگا اور چالیس ہزار درہم دوں حضرت عمر نے کہا کہ میں یہ کام کر سکتا ہوں ابوجہل نے لات وعزیٰ کی قسم کھائی اور کعبے میں جا کے سہل کو گواہ کیا عمر اس قصد سے روانہ ہوئے راہ میں ایک شخص نعیم بن عبداللہ ابن النحام سے ملاقات ہوئی وہ مسلمان تھے اُنھوں نے پوچھا کہاں جاتے ہو عمر نے کہا محمد کے قتل کو نعیم نے کہا بنی ہاشم سے کسطرح بچو گے عمر نے کہا شاید تو نے تبدیل دین کیا ہے اگر ایسا ہو تو پہلے تجھی پر ہاتھ صاف کروں نعیم نے کہا کہ میں آبائی دین پر ہوں اور بہن یہ بھی کہ حضرت ابراہیم و اسمٰعیل کے دین پر ہوں اور ظاہر میں یہ معلوم ہوا کہ آبائی مشرکین کے دین پر ہیں پھر دونوں باہم مل کر چلے موضع الطبح میں ایک شخص بکری ذبح کرنے پر مستعد تھا جب اُسنے بکری کے پیر باندھے تو بکری نے کہا یا آل ذبح امر نجیح جلل فصیح بلسان فصیح یعرکم الی شہادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمد ارسول اللہ یعنی اے ذبح کرنے والے ایک کام کی بات ہے ایک فصیح زبان فصیح تمکو بلاتا ہے طرف گواہی لا الہ الا اللہ الخ کے اور صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عمر کہتے ہیں کہ ایک دن میں ایک تنخانے میں تھا اور مشرکین نے بکے کے پیٹ میں سے یہ آواز آئی یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول لا الہ الا اللہ یعنی اے شخص کام کی بات ہے ایک فصیح کہتا ہے لا الہ الا اللہ سو لوگ یہ آواز سُن کے بھاگ گئے میں ٹھہرا رہا دوسرے دن پھر اُسنے وہی آواز سُنی اُنھیں دونوں سے معلوم ہوا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم طرف لا الہ الا اللہ کے دعوت فرماتے ہیں یہ معجزہ پیش از یوم اسلام معلوم ہوتا ہے بالجملہ اس بکری کو ذبح نے چھوڑ دیا اور عمر نے کہا واعجبا سعادت مشکل ہوئی محمد کو جلد مارنا چاہیے پھر آگے بڑھے کہ سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ملے پوچھا اے عمر کہاں کا ارادہ ہے کہا محمد کو مارنے جاتا ہوں سعد نے کہا اُنکی قوم سے کسطرح نجات پاؤ گے عمر نے تلوار میان سے کھینچی اور سعد بھی مقابل ہوئے قریب تھا کہ باہم محاربہ واقع ہو سعد نے زبان بدلکے کہا کہ اول اپنی بہن فاطمہ خواہ آمنہ اور بہنوئی اپنے سعید کو جو اسلام لا چکے ہیں قتل کر لو پھر اور کو دیکھنا عمر نے کہا کسطرح معلوم ہو کہ وہ مسلمان ہوئے ہیں سعد ابن وقاص نے فرمایا کہ تمھارے ہاتھ کا ذبیحہ کھائینگے عمر طیش کھا کے اپنی بہن کے گھر کو پھرے اُسوقت اُنکے گھر میں خباب ابن الارث صحابی تھے اور سورہ طٰہٰ کہ اُنھیں دنوں عمر نازل ہوئی تھی سعید و فاطمہ کو پڑھا رہے تھے اور کیواڑ در وازے کے بند تھے عمر نے کان لگا کے سُنا اور آواز دی خواہ دستک دی خباب صحابی مع صحیفہ چھپ رہے اور کر پوچھا کیا پڑھتے تھے اُنھوں نے کہا باتیں کرتے تھے پھر عمر نے ایک بکری ذبح کی اور گوشت اُسکا بھون کر بہن اور بہنوئی کو کھانے کو دیا اُنھوں نے نہ کھایا عمر نے جانا کہ سعد کی بات درست ہے اور غصے ہو کے بہن کو ایسا مارا کہ سر اور منہ خون آلودہ ہو گیا اور بہنوئی کو بھی مارا تب اُنھوں نے کہا اے عمر کے کہا چاہو ہمارے ٹکڑے کر ڈالو ہم تو محمد پر ایمان لا چکے ہیں اور پیغمبر برحق ہیں عمر نے دین اسلام میں اُنکو مضبوط پایا اور بہن کے سر اور منہ کو خون آلودہ دیکھ کر رحم کیا اور الگ ہو بیٹھے تھوڑی دیر کے بعد کہا جو تم پڑھتے تھے میرے پاس اللاؤ تب اس صحیفے کو جسمیں سورہ طٰہٰ تھے نکالا

۱۰۰

عمر نے چاہا کہ ہاتھ میں لیکر پڑھیں انکی بہن نے کہا تم نجاست شرک سے آلودہ ہو والمسہ الا المطہرون یعنی نہیں چھوتے ہیں اسکو مگر پاکیزہ لوگ
تب عمر نے غسل کیا محدثین نے لکھا ہے کہ عمر نے سورہ طہٰ ہاتھ میں لیکر شروع سے پڑھا جب یہاں تک پہونچے کہ لا الٰہ الا ہو لہ الاسماء الحسنیٰ
تو بے طاقت ہو گئے اور کہا کہ جس خدا کا یہ کلام ہے اسکی پرستش میں تقصیر کرنا تقصیر ہے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمدا رسول اللہ اب حضرت
خباب رضی اللہ عنہ تکبیر کہتے ہوئے باہر نکلے اور فرمانے لگے کہ میں نے سنا تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اللہم ایدالاسلام بابی الحکم ابن ہشام
و بعمر ابن الخطاب فما للہ یا عمر تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں لے چلو خباب رضی اللہ عنہ نے کہا حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم حضرت امیر حمزہ ابن عبدالمطلب کے گھر میں جلوہ افروز ہیں فائدہ روایات صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے
زمانہ جاہلیت میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب رضی اللہ عنہ کے حق میں کوئی بات ناز یبا نہیں کی اور نہ کسی طرح کی ایذا دی بالجملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ
بعزم قتل جو حضرت امیر حمزہ کے گھر پر آئے اور آواز دی کسی صحابی نے شگاف در سے حضرت عمر کو مسلح دیکھا اور کہا کہ عمر مسلح آتے ہیں سب نے کہا نعوذ باللہ
من شر عمر مگر امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا دروازہ کھول دو اگر بعزم خیر آئے ہیں تو مبارک دل ماشاد و چشم ما روشن اور جو بقصد شر آئے ہیں تو انشاء اللہ
انھیں کی تلوار سے قتل کرونگا چنانچہ دروازہ کھول دیا تو حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکل آئے اور بغل گیر ہو کے عمر کو خوب دبایا
کہ بند بند انکا ہل گیا اور فرمایا ای عمر ابن خطاب اللہ اگر بنیت خیر آیا ہے تو خیر ہے والا جیتا نہ پھر لگا عمر رضی اللہ عنہ نے التماس کیا کہ میں اسلام
لانے آیا ہوں اور بدن کانپا اور تلوار ہاتھ سے گر پڑی اور پکار اٹھے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و انک رسول اللہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ اکبر
کا آواز بلند فرمایا اور مسلمانوں نے تکبیر کی اور بہت خوش ہوئے حضرت عمر نے پوچھا کہ سب کتنے مسلمان ہوئے ہیں آپنے فرمایا کہ تمسے چالیس کا عدد
پورا ہوا حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ کفار عبادت لات و عزیٰ کی علانیہ کرتے ہیں ہم لوگ خدائے وحدہ لاشریک کی عبادت کیوں پوشیدہ کریں
اور وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو لے کے نکلے داہنی طرف امیر المومنین ابی بکر صدیق رفیق باتوفیق اور بائیں طرف سید الشہدا امیر حمزہ عم شفیق اور پیش پیش
اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی ابن ابیطالب سید العرب والعجم اور آگے آگے امیر المومنین عمر ابن خطاب فاروق اعظم رضی اللہ عنہم مسلح و تیار اور پیچھے
دیگر اصحاب سید ابرار رضوان اللہ علیہم اجمعین اور جانب بیت اللہ شریف متوجہ ہوئے اسوقت مشرکین قریش بانتظار عمر ابن خطاب بحجر میں بیٹھے تھے
دفعتہ حضرت عمر خوش و خطرناک نظر آئے تو مشرکوں نے پوچھا تمھارے پیچھے کیا ہے فرمایا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اگر کسی نے اپنے مقام سے جنبش و حرکت کی
بیشک تہ تیغ ہوگا چنانچہ کفار نامنہاد کعبے سے نکل کے چلے گئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبے میں داخل ہو کے دو رکعت نماز ادا فرمائی اسی دن
حی آئی یا ایہا النبی حسبک اللہ و من اتبعک من المومنین الغرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے غلبہ اسلام شروع ہوا صحیح بخاری میں عبداللہ
ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ما زلنا اعزۃ منذ اسلم عمر یعنی ہم ہمیشہ باعزت رہے جب سے اسلام لائے عمر رضی اللہ عنہ اب اسلام کا غلبہ ہوا اور کفار قریش نے
جانا کہ ہجرت کا و اصحاب حبشہ ہوا تو یہ مشورہ کیا کہ سب لوگ اتفاق کر کے حضرت پر چڑھ کر جائیں مگر ابوطالب کے خوف سے قابو نہ پاتے تھے آخر کار
ابوطالب کے پاس گئے کہ اب ہم تمسے لڑینگے در نہ محمد کو حوالے کرو ابوطالب نے قبول نہ کیا آنجناب کو لیکر مع بنی ہاشم و بنی مطلب و اصحاب ایک گھاٹی میں
یا اپنے احاطے میں پوشیدہ ہوئے اور بحفاظت رہنے لگے کفار نے برابر کوشش کی کہ بنی ہاشم اور بنی مطلب سے کوئی سلوک نہ کریں بلکہ بنیوں
اور دوا گروں کو منع کر دیا کہ ان لوگوں کے پاس کوئی چیز نہ بھیجیں اور ایک نوشتہ قطع طے کا لکھ کر خانہ کعبہ میں آویزاں کیا کاتب اسکا منصور

ابن مکرمہ تھا اُسکے ہاتھ شمل ہوگئے یہ سال ہفتم نبوت ہوا واقعہ بعاث بھی اسی سال میں واقع ہوا ہی بعاث ایک قلعہ ہے جسکے مالک اوس تھے اُنسے اور خزرج سے لڑائی ہوئی یہ لڑائی آخری تھی پھر آٹھویں برس نبوت میں مابین فارس و روم فرقہ عراق پر لڑائی ہوئی فارسی مجوسی تھے اور رومی نصاریٰ اہل اسلام فتح نصاریٰ چاہتے تھے اور قریش مجوسیوں کی مخبر آئی کہ فارس روم پر غالب ہے کافر خوش ہوئے مسلمان رنجیدہ اور کافر کہنے لگے کہ آج ہم بھائی تمہارے بھائیوں پر غالب ہوئے ہیں کل ہم تم پر غالب ہونگے خدا تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی الم غلبت الروم فی ادنی الارض وھم من بعد غلبھم سیغلبون فی بضع سنین للہ الامر من قبل ومن بعد ویومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ ینصر من یشاء وھو العزیز الرحیم یعنی مغلوب ہیں رومی اپنے ملک میں اور وہ بعد اسکے غالب ہونگے کئی برس میں اللہ کے ہاتھ میں ہیں کام پہلے اور پچھلے اور اُسی دن خوش ہونگے مسلمان اللہ کی مدد سے مدد کرے جسکی چاہے اور وہی زبردست رحم والا اور حضرت نے مسلمانوں کی تسلی کی حضرت صدیق اکبر قوی دل ہوکے نکلے اور کہنے لگے خوش نہو روم غالب ہوگئے فارس پر ہمارے نبی نے خبر دی ہے ابی ابن خلف نے تکذیب کی اور دس اونٹ کی شرط ہوئی اور تین برس کا وعدہ ہوا یہ جوا کھیلنا اُسوقت تک حرام تھا چنانچہ قبیلہ حضرت ابی بکر نے حضرت صلعم سے کہا آپنے فرمایا کہ بضع تین سے نو تک ہوتا ہے تم جاکے مدت زیادہ کرو اور تعداد اونٹوں کی بھی بڑھاؤ حضرت صدیق اکبر پھر تشریف لائے اور اُس کافر سے کہا کہ سو اونٹ کی شرط ہو اور مدت نو برس کی اُسنے قبول کی چنانچہ اس معاملے سے سات برس غزوہ حدیبیہ باغزوہ بدر میں پھر روم و فارس میں مقابلہ ہوا تو روم کا غلبہ بخوبی ہوا یہ خبر یہاں پہونچی اہل اسلام خوش ہوئے اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے شرط کے اونٹ ابی ابن خلف کے وارثوں سے لیے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں لائے آپ نے ارشاد کیا کہ خیرات کرو فائدہ وارثوں سے اونٹ لینے کی یہ ہوئی کہ ابی ابن خلف غزوہ احد سے مجروح ہوکے آیا اور مر گیا جب روم کا غلبہ معلوم ہوا تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اُسکے وارثوں سے اونٹ لیے اور چونکہ ابی ابن خلف نے باین خیال کہ شاید ابو بکر بک سکے مین چلے جائیں بابت شرط ایک کفیل بالمال طلب کیا تھا اُنھوں نے عبداللہ اپنے بیٹے کو کفالت میں چھوڑا تھا سو بعد فتح پانے رومیوں کے انکو بھی کفالت سے نکال لیا اس قصہ سے حضرت امام اعظم و امام محمد نکالتے ہیں کہ عقود فاسدہ مثل ربوا وغیرہ مابین مسلمان اور کافر کے دار الحرب میں درست ہوتے ہیں قصہ نویں برس نبوت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مع اپنے اہل کے محاصرہ سے نکلے اور عہد نامہ توڑا گیا اور اُسکے ٹوٹنے کی یہ صورت نکلی کہ ہشام ابن عمر حارثی اور زہیر ابن ابی امیہ مخزومی اور والدہ اُسکی مسماۃ عاتکہ بنت عبدالمطلب اور مطعم ابن عدی نوفلی اور ابو البختری ابن ہشام اور زمعہ ابن اسود اسدی پانچوں سردار قریش رات کو ایک جگہ جمع ہوئے اور تجویز ہوئی کہ بنو ہاشم اور بنو مطلب پر تخلیف بات ہے حمیت مقتضی نہیں کہ وہ لوگ اسطرح سے تکلیف پائیں اور ہم راحت میں بسر کریں اب اس عہد نامہ کو شکست کرنا واجب ہے غرض کہ پانچوں شخص باہم قسمیہ ہوئے کہ صبح کے وقت عہد نامہ چاک کرینگے جب صبح ہوئی تو زہیر ابن ابی امیہ بیت اللہ شریف میں آیا اور طواف کرکے کہنے لگا کہ اے اہل مکہ ہم بعیش و نشاط کھانا کھائیں اور بنو ہاشم ہلاک ہوں واللہ میں یہاں نہ بیٹھونگا جب تک وہ عہد نامہ نہ توڑا جائیگا ابو جہل نے کہا واللہ تو کاذب ہے کبھو یہ عہد نہ توڑیگا زمعہ ابن اسود نے کہا اے ابو جہل تو بڑا کاذب ہے ہم راضی نہ تھے اس صحیفہ پر جسوقت لکھا جاتا تھا پھر مطعم ابن عدی نے کہا کہ تم دونوں سچے ہو جو شخص کہ اور بات کہتا ہو وہ جھوٹا ہے ہم بھی اس قول و قرار اور عہد نامہ سے بیزار ہیں پس مطعم ابن عدی نے وہ عہد نامہ دور کر لیا تو تمام عہد نامہ کیڑوں نے کھایا تھا صرف اللہ کا نام باقی تھا اُسنے چاک کر ڈالا ابو جہل نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشورہ رات کو ہوا ہے اب قریش میں خصومت اور نزاع پڑی

فائدہ قبل اس معرکہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ازروے وحی ابوطالب سے فرمایا تھا کہ اس صحیفہ مین سوائے نام اللہ کے اور جو باتین ظلم وجور کی لکھی ہین کچھ بھی باقی نہ رہینگی کیڑے کھا جائینگے چنانچہ جس دن وہ پانچون سردار کعبے مین آئے ہین اتفاقاً ابوطالب بھی کچھ آشنا اپنے ساتھ لیکر گھاٹی سے باہر نکلے اور کعبے مین آکر بیٹھے اور فرمانے لگے کہ اے قوم قریش وصحیفہ مُہری ہے کہنے لگے مُہری ہے ابوطالب نے کہا مجھسے محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے ازروے وحی خبر کہی ہے کہ سوائے نام خدا اور جو کچھ ہے اس عہدنامے مین نہ رہیگا پس اُس صحیفے کو دیکھو اگر یہ قول انکا سچ ہے تو مضمون صحیفے سے درگذر کرو اور جو جھوٹ نکلے تو البتہ انکو تمھارے سپرد کرونگا ساری قوم نے کہا کہ یہ بات تم نے منصفانہ فرمائی ہے چنانچہ عہدنامہ کھولا گیا تو خبر خبر صادق کی صادق نکلی اور کافر شرمندہ ہوے مگر ابوجہل اور اُسکے توابع اُسی عہد پر رہے ابوطالب اُنکے حق مین بددعا فرما کر چلے آئے الغرض اُن پانچون سردارون نے وہ عہد توڑا اور مطعم ابن عدی نے عہدنامہ چاک کیا اور بنوہاشم وبنومطلب حصار سے باہر نکلے قریش دیکھ کر رہ گئے اس عرصہ مین عمر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اُنچاس برس کی تھی پھر دسوین برس بعد گذرنے نو مہینے اکیس دن کے ابوطالب نے وفات پائی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نہایت غم ہوا پھر بعد تین دن کے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے انتقال فرمایا آنحضرت کو دوگونہ ملال ہوا کہ عام الحزن اس سال کا نام فرمایا عمر ابیطالب کی ستاسی برس کی حضرت خدیجہ پینسٹھ برس کی بعد نکاح کے پچیس برس رہی ہین صحیحین مین سعید ابن مسیب سے روایت ہے کہ جب ابوطالب کو موت لاحق تھا حضرت صلعم تشریف لائے ابوجہل وعبداللہ ابن ابی امیہ دونون کافر وہان حاضر تھے حضرت نے فرمایا اے چچا لا الٰہ الا اللہ کہو تاکہ ہی روز قیامت شفاعت کرون ابوطالب نے کہا اے بھتیجے اگر قریش کا خوف نہوتا کہ وہ یہ طعنہ دینگے کہ موت کے خوف سے کلمہ محمد پڑھا تو مین بلا تامل اسکو پڑھتا اور تمکو خوش کر دیتا اور اس حالت مین ابوجہل وعبداللہ ابوطالب کو روکتے تھے کہ اے ابیطالب تو عبدالمطلب کے دین سے بدلیگا روایت ہے کہ ابوطالب نے کچھ شعر اس مضمون کے اُسوقت پڑھے کہ اُنسے صدق رسول اللہ اور حق ہونا دین اسلام کا ظاہر ہوتا تھا اور یہ بھی نکلتا تھا کہ مجھکو اگر خوف طعنہ زنی قریش کا نہوتا تو اول مین یہی دین کو قبول کرتا اب کافر چلاتے کہ اے ابوطالب دین آبائی سے تو پھر گیا ابوطالب نے کہا نہین مین دین آبائی پر مرتا ہون خلاصہ یہ کہ آخر وقت ابوجہل وغیرہ کے روکنے سے مُنھ سے نکلا علی ملۃ عبدالمطلب اُسوقت حضرت نے فرمایا مین بخشاؤنگا اگر منع نہ کیا گیا چنانکہ بعد موت اونکی حضرت نے استغفار کیا اصحاب نے بھی اپنے آباو اجداد کے لیے استغفار کرنا شروع کیا اُسپر یہ آیت اُتری سورۂ توبہ مین ماکان للنبی والذین امنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی من بعد ما تبین لہم انہم اصحاب الجحیم یعنی نہین پہونچتا ہی نبی کو اور ایمان والون کو کہ بخشش مانگین مشرکین کی اگرچہ وہ ہون قرابتی جب کھل چکا اُنپر کہ وہ ہین دوزخی اور تفسیر نظم الجواہر مین منقی ولی اللہ فرخ آبادی لکھتے ہین کہ سدی سے روایت ہے کہ جب ابوطالب کی وفات قریب ہوئی قریش نے مشورہ کیا کہ چلو اس شخص سے درخواست کرین کہ اپنے برادرزادہ کو منع کردے اور ہمکو حیا آتی ہے کہ بعد موت ابیطالب کے

اُسکو قتل کرین کیونکہ اہل عرب کہینگے کہ ابوطالب کی حمایت جب نہ رہی تو مار ڈالا چنانچہ ابوسفیان و ابوجہل و نضر ابن حارث و امیہ و ابی پسران خلف و عقبہ ابن معیط و عمرو بن عاص و اسود بن نجتری ابوطالب کے پاس آکر کہنے لگے کہ تو ہمارا بزرگ ہی اور محمدؐ نے ہمکو اور ہمارے بتون کو ایذا دی ہی بہتر ہی کہ اُسکو فہمایش کر ہمارا اور ہمارے بتھا کرون کا ذکر نہ کیا کرے ابوطالب نے حضرتؐ کو بلوایا اور کہا یہ لوگ تمھاری قوم و عم زاد بھائی ہین فرمایا کیا چاہتے ہین حاضرین بولے کہ تم ہمکو اور بتون کو چھوڑ دو اور ہم تمکو اور تمھارے خدا کو چھوڑ دین ابوطالب بولے کہ یہ بات تو انصاف کی ہی قبول کرو فرمایا پھر کہو جب اُنھون نے مکر رکہا فرمایا اگر مین ایسا کرون تو مجھکو تم ایک کلمہ دو کے ابوجہل نے کہا قسم تیرے باپکے دین کی اور تم بھی دو مانند اُسکے اور کہو وہ بات فرمایا تم کہو لا الہ الا اللہ وہ سب مگر گئے ابوطالب نے کہا اور کچھ کہو فرمایا اگر لاوین آفتاب اور رکھین میرے ہاتھ پر نہ کہون مگر یہ اور صحیحین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اُنھون نے کہا اے محمدؐ ابوطالب چچا تمھارے واسطے قریش سے لڑتا تھا اور تمھاری حمایت مین سعی وافر بجا لاتا تھا سو تم بھی کچھ اُسکو نفع پہونچاؤ گے فرمایا وہ ضحضاح آتش مین ہی کہ دونون ٹخنون تک پہونچتا ہی جسسے اُم دماغ جوش مارتا ہی اور جو مین نہوتا تو وہ درک اسفل دوزخ مین ہوتا سہیلی نے لکھا ہی کہ حکمت اس عذاب مین یہ ہی کہ ابوطالب باوجود محبت آنحضرت ملت آبائی پر قائم رہے اسواسطے قدمون پر عذاب مسلط کیا کہ اُنھین سے ملت آبائی پر ثابت رہی تھی فائدہ ضحضاح آب قلیل کہ زمین مناک مین جمع ہوا و شتا لنک تک ہو یا کم اس سے بالجملہ اور روایات سے یہی موت ابیطالب ملت آبائی پر واضح ہی الا بعض اہل تاریخ نے ایمان اُنکا نقل کیا ہی چنانچہ ابن اسحاق نے کہا ہی انہ اسلم عند الموت اور ایک روایت ہی کہ جب وفات ابیطالب قریب ہوئی تو عباس ابن عبدالمطلب نے دیکھا دونون لب ابوطالب کے ہلتے تھے سو لگائے دونون کان اُسکی طرف اور کہا یا ابن اخی واللہ لقد قال اخی الکلمۃ التی امرتہ یعنی اے بیٹے میرے بھائی کے قسم خدا کی کہا میرے بھائی نے اُس کلمہ کو جو بتایا تھا تمنے کما فی الدلائل لیکن اہل تحقیق اس قول کی تضعیف کرتے ہین اور ظاہر یہ قول اول کلام کے جو صحیحین سے لکھا گیا ہی خلاف ہی اور شیعہ کہتے ہین کہ ابوطالب مسلمان تھے اور حشویہ کہتے ہین کہ وہ کافر مرے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اور اعانت و حمایت و محبت و شفقت و رعایت و طرف داری و جان نثاری و خاطر داری حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ابوطالب کی طرف سے جو ہوئین ہین کتب سیر مین مفصل مذکور ہین اور جو کچھ وقت نزع روح کے ابوطالب نے صدق حضرت صلعم مین اشعار پڑھے ہین وہ بھی کتابون مین مذکور ہین پس اُنکے ایمان لانے و دلانے کے باب مین گفتگو کرنا ہمکو نزدیک ضرور نہین کیونکہ کچھ محجب نہین ہی کہ حضرت صلعم نے جسطرح اپنے والدین کو زندہ کرکے ایماندار فرمایا اسی طرح اپنے چچا کو بھی بعد موت مسلمان کیا ہو جیسا مخدوم شیخ سعد نے مجمع مین امام المعانی سے اور سبع سنابل مین مجمع سے نقل کیا ہی کہ بعد معراج کے حضرت نے والدین و ابوطالب کو بخشایا اور اللہ نے اُنکو زندہ کیا کہ تینون مسلمان ہوکر اپنے اپنے مقام کو گئے

اور متاخرین محدثین کو والدین کے ایمان لانے میں تردد نہیں ہے ورنہ اسکے ممکن ہے کہ دل ابوطالب کا نور ایمان سے بہ برکت حضرت صلعم منور ہو اور ظاہر میں بخوف کفار ایمان نہ لائے ہوں القصہ بعد وفات ابوطالب کے قریش نے تعذیبین و ایذائین دینی شروع کیں کہ ہرگز ابوطالب کی زندگی میں ایسی نوبت نہ پہونچی تھی چنانچہ ایک دن کسی کافر نے حضرت پر مٹی ڈالی آپ نے صبر کیا اور اپنی بیٹی کے گھر تشریف لیگئے اُسنے دھوئی اور رونے لگی حضرت نے فرمایا صبر کر اللہ تعالی اُنکے شر سے مجھے محفوظ رکھیگا جب تک ابوطالب زندہ رہے کسی نے ایسا نہیں کیا بعد اُسکے ابولہب تھوڑے دنون حمایت پر متوجہ ہوا تھا آخر کار کافرون میں ملا عجب اتفاق ہے کہ سب تکلیف دینے والے جوار ہی میں تھے اور کوئی اُنمیں سے مسلمان نہوا مگر حکم ابن ابی العاص سو بھی مضطرب ہوکر فائدہ یہ سب ایذائین حضرت اُٹھاتے تھے اسلیے کہ مقام صبر جسکے مامور تھے حاصل ہو کما ورد واصبر کما صبر اولوالعزم یعنی من الانبیاء والرسل بالجملہ بعد وفات ابیطالب کے کئی طرح سے حضرت نے دعوت اسلام فرمائی پر کسی نے قبول نہ کی بلکہ ایذا دیتے رہنے ناچار آنجناب مایوس ہوکر مستعد ہوے کہ اب بیگانون کو دعوت کرونگا چنانچہ وفات ابیطالب سے تین مہینے بعد قبیلہ بنی بکر میں تشریف لیجاکے دعوت اسلام فرمائی اُنھون نے ٹھہرنے نہ دیا تب قبیلہ قطان میں گئے وہ بھی بشرارت پیش آئے پھر جانب طائف ثقیف مع زید ابن حارثہ تشریف لیگئے اُس عرصہ میں بنی ثقیف میں تین سردار تھے عبد یالیل و مسعود و حبیب یہ تینون عمرو ابن عمیر کے بیٹے تھے اُنکو اور جملہ اشراف اس قوم کو دعوت فرمائی ہر ایک بدسلوکی سے پیش آکر اقامت کے بھی روادار نہوے اور ایسی ایذائین اُنھون نے پہونچائین کہ حضرت کے نزدیک وہ دن یوم احد سے زیادہ تھا صحیحین میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سے پوچھا یا حضرت یوم احد سے بھی کوئی دن سخت آپ پر گذرا فرمایا سخت ترین ایام یوم عقبہ تھا جب میں نے ابن عبد یالیل ابن کلال کو دعوت کی اُسنے قبول نہ کی سو میں رنجیدہ ہوکر چلا اور ہوش میں نہ آیا مگر اس مکان میں میرے حواس درست ہوے جب میں موضع قرن الثعالب میں پہونچا اور وہان میں نے جانب آسمان سر اُٹھایا تو ایک ٹکڑا ابر کا مجھپر سایہ کیے نظر آیا وہان سے حضرت جبرئیل نے کہا انمحمد اللہ نے تمھاری قوم کے حالات دیکھکر ملک الجبال کو بھیجا ہے جو چاہو حکم فرماؤ پھر ملک الجبال نے سلام کرکے کہا اگر حکم ہو تو کافرون پر ڈھادون اُن دونون پہاڑون کو جنکے درمیان مکہ ہے میں نے کہا مجھے منظور نہیں ہے میں امید رکھتا ہون کہ حق تعالی اُنکی پشت سے ایسی اولاد پیدا کرے جو صرف خدا کی عبادت کرین اور لاشریک لہ سبحان اللہ کیا ہی صبر تھا کہ باوجود ایسی تکلیفات شاقہ کے اپنا کرم نہ چھوڑا مطلب ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اسی جگہ سے ظاہر ہے اور عقدۂ الرسول خیر خواہ دشمنان اس مقام سے حل ہوتا ہے تواریخ سے ظاہر ہے کہ سرداران بنی ثقیف نے بڑی بڑی شرارتین کین ہین یعنی لڑکون اور شہدون کو ہشکارو یا اُنھون نے نہایت بے ادبی کی اور گالیان دین اور پتھرون سے حضرت کی ایڑیان زخمی کرڈالین مگر آپ نے اُنکے واسطے بددعا نہ فرمائی اللھم صل وسلم علی سیدنا ومولانا محمد سید الصابرین و امام الکاظمین علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ مین لکھتے ہین کہ حضرت سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم دس دن طائف مین رہے بعد اُسکے جانب مکہ روانہ ہوے پھر تے وقت آپکو نہایت وحشت تھی اور زید ابن حارثہ اس سفر مین ہمراہ رکاب تھے اثنا راہ مین ایک باغ عتبہ و شیبہ پسران ربیعہ کا ملا اسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے عتبہ و شیبہ موجود تھے

انھون نے انکو پریشان دیکھکر بلحاظ قرابت و خویشی رحم کھاکر عداس نامے غلام نصرانی کے ہاتھ ایک خوشہ انگور کا طبق مین رکھوا کر بھیجا حضرت نے بسم اللہ کہکر اسے کھایا عداس نے کہا مین نے یہ کلمہ کبھی اس بستی مین سنا نہین حضرت صلعم نے فرمایا تو کہان کا رہنے والا ہی اور کس دین مین ہی اُسنے عرض کیا کہ مین متوطن نینوٰی دین مین نصرانی ہون فرمایا تو یونس ابن متی کے گانون کا ہی وہ بولا تجھے کیسطرح یونس کو جانا فرمایا یونس میرا بھائی تھا یعنی وہ پیغمبر تھا مین بھی پیغمبر ہون اور جمیع انبیا و علانی بھائی ہین عداس نے پوچھا آپکا اسم شریف کیا ہی فرمایا محمد صلعم اُسنے کہا مین نے مدت دراز سے انجیل مقدس مین اوصاف حضرت پڑھتا ہون اور توریت مین بھی لکھا ہی کہ خدا تعالیٰ پیغمبر کریگا مگر قوم کے لوگ قبول نہ کرینگے اور شہر سے ہجرت کرنا ہوگی آخر کار نصرت الٰہی شامل ہوگی اور تمام زمین پر آپ کا دین پھیلیگا یہ کلمہ عداس ایمان لایا اور قدمبوس ہوا علیہ شیبہ نے قدمبوسی دور سے دیکھی جب عداس گیا تو کہا اسنے تجھکو فریب دیا اُسنے کہا کہ پیغمبر ہین اور آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم جانب مکہ مبارکہ تشریف لے چلے راہ مین ایک باغ یعنی بطن نخلہ ملا جو مکہ سے رات بھے کی راہ ہی دین منزل فرمائی آدھی رات کو نماز پڑھنے لگے اُسوقت سات نفر جن دیر واپسی نو نفر قرارت آنحضرت سنکر آپ کو پہچانا اور اپنی قوم مین جاکر اسکا چرچا کیا وہ ایمان لائے یہ روایت ابن اسحاق اور انکے تو ابع کی ہی اور صحیحین سے ثابت ہی کہ یہ معاملہ بازار عکاظ مین واقع ہوا جب کہ آنجناب مع اصحاب نماز صبح پڑھتے تھے اور حال یہ ہی کہ جب آنجناب طائف سے پھرے تو بازار مذکور مین جلوہ فرما ہوے اور یہ بازار ایسا تھا کہ اسمین سب قسم کے تاجر جمع ہوتے تھے یعنی بطور پیشہ بیسوین شوال سے دسوین ذیقعدہ تک وہان قیام کرتے تھے اسی سبب سے چند اصحاب آنحضرت سے وہان مل گئے اُنکے ہمراہ آن حضرت ایک مقام مین جو کہ مکہ مکرمہ سے رات بسے کی راہ ہی شب باش ہوے جب صبح ہوئی تو آنجناب مع اصحاب نماز صبح پڑھنے لگے کہ اُس حال مین نو نفر جن رہنے والے شہر نصیبین متعلقات شام کے فرقہ بنی شیصان سے کہ سادات قوم مذکور ہین اُس طرف گذرے اور قرارت آنجناب سنی از انجملہ رویعہ وعمرو دو نفر سردار عظیم الشان تھے اُنھون نے اپنی قوم کی دعوت اسطرح شروع کی

کما قال اللہ تعالے فی سورۃ الاحقاف یا قومنا انا سمعنا کتابا انزل من بعد موسی مصدقا لما بین یدیہ یہدی الی الحق والی طریق مستقیم یا قومنا اجیبوا داعی اللہ وآمنوا بہ یغفر لکم من ذنوبکم ویجرکم من عذاب الیم ومن لا یجب داعی اللہ فلیس بمعجز فی الارض ولیس من دونہ اولیاء اولئک فی ضلال مبین یعنی اے قوم ہماری ہمنے سنی ایک کتاب جو اتری موسے کے بعد سچا کرتی ہی سب اگلیون کو سوجھاتی سچا دین اور ایک راہ سیدھی اے قوم ہماری مانو اللہ کے بلانے والے کو اور اُسپر یقین لاؤ بخشے تمکو کچھ تمھارے گناہ اور بچادے تمکو ایک دکھ کی مار سے اور جو نہ مانیگا اللہ کے بلانے والے کو تو وہ نہ تھکا سکیگا بھاگ کر زمین مین اور نہ کوئی تہین اُسکو اُسکے سوا مدد گار وہ لوگ بہکے ہین صریح سو یہ باتین قوم جن نے سنی احدیت لوگ ایمان لائے مگر اس مرتبہ جنون سے ملاقات نہین ہوئی جیسا مواہب لدنیہ مین اور روضۃ الاحباب مین ملاقات کا ہونا لکھا ہی ہو سکتا ہی کہ جن یہ بھی کافر ہون

کافر کو عذاب نا رہی بالاتفاق مومن مین اختلاف ہی مالک و ابن ابی لیلی و ابو یوسف و محمد کہتے ہین جسطرح مسلمان ذمیون کو جنت مین ثواب ملیگا اسی طرح جن کو بھی قاضی اور صاحب کشاف کا مختار یہی قول ہی اور ضحاک کہتے ہین کہ جن بہشت مین کھائین گے پیین گے مختار اکثر مشائخ کا یہی اور بعضے کہتے ہین جسطرح آدمی نعمت سے لذت پائینگے وہ تسبیح ذکر سے پائینگے اور بعض کہتے ہین بہشت مین جائینگے گرد دھوئینگے اور امام اعظم فرماتے ہین کہ ثواب انکو نہوگا ایمان فقط آگ سے بچاویگا اور اہل شہر کہتے ہین کہ کئی دن حضرت صلعم نے مقام مذکور مین اقامت فرمائی پھر عازم مکہ ہوے زید ابن حارثہ نے عرض کیا کہ یا حضرت جن لوگون نے آپکو نکالا ہی انھین مین آپ تشریف لیے جاتے ہین فرمایا نا امید نہو اللہ تعالی مدد کریگا خاطر جمع رکھ بالجملہ مکہ مبارکہ کے قریب جاکر ایک یار کو قریش کے پاس بطلب جواب روانہ فرمایا اور بلا تامل اس وجہ سے داخل نہوے کہ شاید اہل مکہ طائف کے حالات سنکر مانند انکے پیش آوین سو کسی مشرک نے جوار قبول نہ کیا مگر مطعم ابن عدی نے تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کعبے مین آئے اور طواف فرمایا اور حجر اسود کو چوما اور دو رکعت ادا کرکے دعا مانگی کہ یا مسبب ایسا سبب کر کہ ایسی قوم ایمان لائے جو تیرے دین صادق کی مدد کرے بعد اسکے باعانت ظاہری مطعم ابن عدی کے اپنی منزل خاص مین جلوہ فرما ہوے اور مطعم مع اپنے توابع و لواحق کے مشغول بحراست و حمایت ہوا اور لوگون کو بنا بر متابعت دین اسلام ملانے لگا اور ابو لہب اسکے پیچھے لگا ہوا جاتا اور کہتا کہ مطعم جھوٹا ہی اپنے دین آبائی سے برگشتہ ہی پھر اسی سال مین طفیل ابن عمرو دوسی کہ اشراف قوم تھا حاضر ہوکر مسلمان ہوا اور کہنے لگا یا رسول اللہ مین چاہتا ہون کہ اپنی قوم کو اسلام کی دعوت کرون لیکن کوئی نشان ایسا ہو کہ اسکے سبب سے قوم مین صورت امتیاز پیدا ہو جائے حضرت صلعم نے دعا فرمائی اللہ نے ایک نور مانند چراغ دونون آنکھون کے بیچ مین روشن کیا تب طفیل دوسی جانب قوم روانہ ہوا پھر اسکے دل مین گذرا کہ شاید اس علامت کو مردم قوم کوئی بیماری سمجھین اور یہ کہنے لگین کہ اسلام لانے سے اس مرض مین مبتلا ہوا ہی لہذا دعا مانگی کہ یا الٰہی یہ نشان تبدیل ہو جائے خداوند مجیب نے اس کو کوڑے کے تازیانہ مین روشن کیا کہ ہمچو قندیل تابان ہوا جب اس نشان کے قوم مین داخل ہوا اور دعوت اسلام شروع کی چند نفر ایمان لائے کہ طفیل راضی ہوکر حضرت صلعم کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ قوم سر الحق اہلاک ہی آپ دعا فرماوین کہ ہلاک ہو جائے حضرت نے کہا یا الٰہی قوم دوس کو راہ مستقیم اختیار کرے اور طفیل سے ارشاد کیا کہ تو قوم مین بکمال رفق و نرمی مسبر کر کہ طفیل رخصت ہوا اسکی برکت سے ستر یا اسی خاندان کے لوگ ایمان لائے اور بعد فتح خیبر و قبل فتح داخل مدینہ ہوے اور جب تین مہینے دخول مکہ پر گذر گئے تو تونے نفر جن رہنے والے شہر نصیبین و نینوی مع توابع بنا بر ملازمت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہر دن مکہ حاضر ہوے از انجملہ ربیعہ سردار جن نے حضرت صلعم سے آکر عرض کیا یا رسول اللہ جنات ملازمت کو حاضر ہین حضرت نے اذن پاوین قدمبوس ہون فرمایا شعب الحجون مین جمع ہون اگر یہان آوینگے لوگ ڈریگے چنانچہ ربیعہ نے اسی تعاقب مین سب جنات کو جمع کیا اور بعد ادا صلوۃ عشا مع عبد اللہ ابن مسعود آنجناب تشریف لیگئے تو آنجناب صلعم نے ایک خط کھینچ دیا اور فرمایا اسی مین قائم رہ اور خود آنحضرت داخل دہ کوہ ہوے اور جنات نے بشوق دیدار از دحام کیا حضرت عبد اللہ ابن مسعود فرماتے ہین کہ مین نے جنات کو دیکھا بعضے بصورت گرگس و بعضے بصورت قوط

یعنی فرقہ جنت کہ متصل بھرہ رہتے ہین اور سب برہنہ سر و برہنہ پا اور سیاہ رنگ تھے اور ایک پارچہ سفید بطور رنگ بنا برستر عورت باندھے ہوے تھے اسی طرح اس فرقے کے لوگ بصورتہا مختلفہ تھے انکی تلقین مین آنجناب صلعم تا صبح مشغول رہے جب وہ لوگ رخصت ہونے کو ہوے تو کہنے لگے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو کچھ توشہ تبرکاً عنایت ہو فرمایا تمکو ایسا توشہ دیتا ہون کہ تمھاری اولاد اور اولاد وغیرہ کے بھی کام آوے یعنی جس جگہ ہڈی خالی یا پشک شتر و بزد گوسفند و سرگین گاو و گاو میش ہو انکیشت ملے وہ تمھاری اور تمھارے دواب کی غذا ہی اور اُسمین خالق کبریا ایسی لذت عطا فرمائیگا کہ اور ماکولات و مشروبات مین حاصل نہوگی یعنی استخوان غذا تمھاری اور سرگین وغیرہ غذا دواب کی تب جنات نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ بنی آدم ان اشیا کو آلودہ نجاست کرینگے تو ہمکو اُنکے کھانے مین نفرت پیدا ہوگی فرمایا مین اُنکو منع کر دونگا پھر کوئی ان چیزون کو نجاست سے آلودہ نہ کریگا بعد اُسکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اشیاء مذکورہ سے استنجا منع فرمایا سبحان اللہ کیا معجزہ ہی کہ جو استخوان خالی ہوتی ہی اُسمین گوشت پیدا ہو جاتا ہی اور سرگین مین دانہ پھر اُسی عرصہ مین ایک خون قوم جن مین ہو گیا کہ سب قوم نے برضا و رغبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم مقرر کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے موافق حکم خدا کے فیصلہ کر دیا کہ سب قوم راضی ہوئی اور عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ بارہ ہزار جن و بروایتے چھ لاکھ رہنے والے جزیرۂ موصل کے جزایر مین جسکو اب جبل نور کہتے ہین جمع ہوے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تن تنہا تشریف لے گئے اور تمام شب اُسی جگہ تقیم رہے وقت صباح اصحاب رسول اللہ نے آثار و امارات دیکھے اور جو کچھ از قسم اسباب و آلات چھوڑ گئے تھے ملاحظہ کیے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی دکھلائے کہ یہ قصہ صحیح مسلم مین موجود ہی اسی طرح احادیث صحیحہ سے حاضر ہونا جنات کا کئی مرتبہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم مین اور تحقیقات امور دینیہ کی کرنا بخوبی ثابت ہی اصلا جاے شک و شبہہ نہین حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فے مین قوم رط کو دیکھ کر ڈرتے تھے اور پوچھتے تھے کہ یہ کیا جن ہین لوگون کو تعجب ہوتا تھا اور کہتے تھے کہ یہ تو آدمی ہین تب خوف جاتا ورنہ یہی جانتے تھے کہ یہ جنات ہین اور کچھ شک نہین ہی کہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جسطرح عالم انسان پر مبعوث برسالت و نبوت تھے اسی طرح جنات پر تھے اور از روے حدیث صحیح متواتر ثابت ہی کہ جب حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ الرحمن علم القرآن فرقۂ جنہ پر تلاوت فرمائی تو اس قوم نے نہایت آداب سے سنی اور کرنہ فبای آلاء ربکما تکذبان شکر عرض کرنے لگے کہ اے پروردگار ہم کسی نعمت کے ساتھ ناشکری نہین کرتے فائدہ اول مرتبہ فرقۂ جنات کے حاضر ہونے کا جناب سالار آب صلی اللہ علیہ وسلم مین یہ سبب تھا کہ جب آنجناب نبی ہوے تو آمد و حی کا شور تمام عالم مین پڑ گیا اور شیاطین و جنات کا جانا قطعاً آسمان کا اور اخبار غیبیہ کا سُننا کان کا بند ہوا دہان جنے پر مارے جاتے اور بجاے خبر انکاری آتے ابلیس و توابع اُسکے جن پر ابلیس کہ منصب اضلال و ضلال پر مامور تھے ذلیل و خوار و مجبور ہوے اور اپنے حیلون و مکرون سے معطل اور بیکار رہے تو باہم مشورت و صلاح کی کہ تمام دنیا مین گھوم کر خبر لو اور دیکھو کہ زمین پر کون خبر ظاہر ہوئی ہی جسکی باعث سے ہمکو ممانعت ہوئی ہی اگر کچھ بھی معلوم ہو جائے تو بصورت امکان اُسکا تدارک کرین چنانچہ شیاطین اور جنات نے دنیا مین پھرنا شروع کیا از انجملہ نو نفر جن قبیلہ بنو شیصان کے کہ عمدہ قبائل سے ہی شہر نصیبین کے رہنے والے وادی نہاوند سے

پھرتے ہوے وادی نخلہ مین وارد ہوے اور وہان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قرآن پڑھنا سنکر یقین لائے کہ یہ کلام معجز نظام ملک علام کی
طرف سے اُترتا ہی اُسی کی ہوشیاری ہو رہی ہی تاکہ اسکو کوئی چرانے نہ پاے پھر اپنی قوم مین جاکر یہ حال کہا اور مع جماعہ کثیر حضور جناب
رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوکر ایمان لائے اور بلا تامل بآواز بلند منادی کردی کہ اب قوم جنات عمدہ خبر رسانی اور
سفارت سے معزول ہوا اور معطل بیکار کیا گیا اور پیغمبر اولوالعزم خاتم المرسلین پیدا ہوا سب چھوڑکر اُنکی پیروی کرو اور قدمبوسی مین جلد سبقت
چنانچہ اکثر جنات نے جو عرب کے جزایر مین رہتے تھے یہی وتیرہ اختیار کیا کہ خود حاضر ہوکر ایمان لاتے تھے کہ اکثر حکایات بطریق تو
کتب حدیث مین منقول اور مذکور ہین از انجملہ صحیح بخاری وغیرہ مین حضرت امیرالمومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ وہ
فرماتے ہین کہ مین ایکدن اپنے بتون کے پاس بیٹھا تھا اُسوقت ایک شخص گائے کا بچہ لایا اور نذر کے واسطے ذبح کیا ایک بُت کے
پیٹ سے آواز بہت سخت نکلی کہ ایسی آواز مین نے کبھی نہ سُنی تھی اور ہر ایک خاص و عام نے اُس آواز کو سُنا وہ کہتا تھا یا جلیح امر نجیح
رجل فصیح یقول لا الہ الا اللہ یعنے اے نور آور آدمی ایک کام کی بات ہی ایک شخص پکار کر کہتا ہی لا الہ الا اللہ حضرت عمر فرماتے ہین کہ
جتنے لوگ وہان تھے سب بھاگے لیکن مین کھڑا رہا کہ دیکھون یہ آواز کسکی ہی چنانچہ مین نے دوسری اور تیسری بار بھی وہی آواز
سُنی مجھکو نہایت حیرانی ہوئی سو کچھ مدت نہ گذری تھی کہ نبوت حضرتؐ کی خبر سُنی اور سُنا کہ لا الہ الا اللہ کی تلقین فرماتے ہین اور
اسی طرح ایک بوڈھے آدمی سے مجاہد رفعہ روایت کرتے ہین کہ وہ کہتا تھا ایکدن مین ایک گائے اُنکے لیے جاتا تھا دفعۃً مین نے ایک
آواز سُنی کہ یا الذریح قول فصیح رجل فصیح ان لا الہ الا اللہ یعنے اے ذبح بات ابھی کھلی ہی ایک شخص پکار کے کہتا ہی کہ لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ مکے مین آیا ہون سُنا ایک پیغمبر مبعوث ہوے ہین وہ فرماتے ہین یہ کلمہ فاذہ ذبح یعنے پھر ذبح بالفتح اور بمعنی پشتہ تھا ولہا بھی آیا ہی اسی طرح
دلایل بیہقی نے سواد بن قارب سے روایت کی ہی کہ وہ کہتے تھے کہ امام جاہلیت مین ایک جن میرا آشنا تھا کہ اخبار آئندہ سے وہ اطلاع
دیتا تھا اور بھی گون سے کہتا تھا اور مذہ نیا نے لیتا تھا ایک مرتبہ رات کو سوتا تھا وہی جن آیا اور کہنے لگا اُٹھ اور سمجھ اگر تجھکو عقل ہی
ایک نبی لوی بن غالب کی اولاد مین ہوا ہی اور چند شعر پڑھے حاصل اُسکا یہ کہ ہماری قوم کے سردار مکے کو جاتے ہین ایمان لانے تو سبھی جلکر
مسلمان ہوے سواد کہتا ہی کہ مین جو نکہ پڑا اور تمام شب خوش رہا پھر دوسری اور تیسری رات کو بھی یہ معاملہ گذرا تب تو محبت اسلام کی میرے
دل مین پیدا ہوئی اور مین سامان سفر کرکے حضرت کی حضور مین حاضر ہوا آپنے دیکھتے ہوے فرمایا مرحبا ای سواد بن قارب مجھے معلوم تھا کہ
جس بعثت سے تو آیا مین نے کہا یا رسول اللہ مین نے چند بیتین مرتجز مین کہی ہین اول اُنکو سُن لیجیے چنانچہ سواد نے قصیدہ بائیہ پڑھا
جسکا آخر شعر یہ ہی ؎ وکن شفیعًا یوم لا ذو شفاعۃ ؎ سواک بمغن عن سواد بن قارب یعنے ہو جا شفیع میرا اُسدن کہ نہو گا کوئی شفاعت
تیرے سوا کوئی کام آنے والا سواد بن قارب سے از انجملہ امام احمد نے جابر سے اور ابو نعیم نے ضمیرہ سے روایت کی ہی کہ اول خبر بعثت آنحضرت
مدینے مین اسطرح ہوئی کہ ایک عورت مدنیہ کسی جن پر عاشق تھی وہ جن رات کو اُسکے پاس آتا تھا اور اکثر بندر یا نور کی صورت
دیوار پر آبیٹھا جب عورت اکیلی ہوجاتی آدمی کی صورت اُسکے پاس آتا اور صحبت کرتا دفعۃً چند روز نہ آیا بعد اُسکے ایک روز حسب دستور
دیوار پر آبیٹھا عورت نے پوچھا اور کہا اتنے تو کیون نہین آیا اُسنے کہا کہ اب ہمارے تمہارے جدائی ہوئی اس لیے کہ مکے مین ایک

پیغمبر پیدا ہوا ہے اُسنے زنا کو حرام کیا ہے اور بیہقی نے بطریق ارسال امام زین العابدین سے روایت کیا ہے اور حضرت عثمان نے اسی طرح کا ماجرا شام مین دیکھا تھا چنانچہ ابونعیم نے اُسنے نقل کیا ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ہم ایک تجہ جانب ملک شام گئے تھے اُسطرف ایک عورت کا سر برآوردہ فن کہانت مین مشہور تھی ہم بھی اُسکے پاس گئے اور اپنے سفر کا حال پوچھا کہ آگے کیا ہوگا اُسنے کہا اب مجھے کچھ معلوم نہین ہوتا وہ جن جس سے کہ مجھے ملاقات تھی اور اخبار آئندہ کی اطلاع کرتا تھا ایکدن میرے دروازے پر آکر یہ کہگیا کہ ہم خصمت ہوتے ہین مین نے سبب پوچھا اُسنے کہا ظاہر ہوے محمدؐ اور آیا حکم جسکے مقابلے کی طاقت نہین اور چلا گیا پھر نہ آیا ازانجملہ اسحق بن شاہین وغیرہ محدثین نے وہب بن حارث سے روایت کی ہے کہ وہ کہتا تھا مجھسے ایک جن سے آشنائی تھی اخبار غیبیہ کہا کرتا تھا ایکدن آیا مین نے پوچھا خبر آسمانی ہے بھی اُسنے حضرت سے میری طرف دیکھکر کہا محمدؐ نبی موعود کے مین پیدا ہوے ہین ساتھ کتاب کے بلاتے ہین اللہ کی طرف اور اُنکی بات کوئی نہین سُنتا وہ اب کہتا ہے کہ مین نے کہا تو کیا کہہ رہا ہے کہا تھوڑے دنون مین میری بات سمجھیگا یہ کہکر چلا گیا چند روز کے بعد حضرت کی پیغمبری مین نے سُنی ازانجملہ فاکہی نے تاریخ مکی مین عامر بن ربیعہ سے اور ابونعیم نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ ایکدن جبل ابوقبیس پر ایک جن نے سخت آواز سے چند اشعار دین اسلام کی ہجو مین پڑھے اور یہ بھی مضمون تھا کہ اہل اسلام کو جلد قتل کرنا اور شہر سے نکالنا چاہیے اور بت پرستی بدستور جاری رکھنا لازم ہے کفار اس مضمون سے بہت خوش ہوے اور مسلمانون سے کہنے لگے کہ دیکھو تمھارے قتل اور شہر بدر کرنے کا حکم غیب سے بھی آیا مسلمانون کو بہت رنج ہوا حضرت صلعم کی خدمت مین حاضر ہوکر عرض کیا حضرت نے فرمایا تم سب خاطر جمع رکھو یہ آواز ایک شیطان کی ہے کہ نام اُسکا متعر ہے اُسکو قریب ترا للہ سزا دیگا تیسرے دن حضرت نے خبر دی کہ آج ایک دیو مسلمان ہوا اور مینے اُسکا نام عبداللہ رکھا اُسنے مجھسے کہا کہ اگر حکم ہو تو متعر کو قتل کرون سو مینے اجازت دی انشاء اللہ تعالیٰ آج متعر جہنم واصل ہوگا مسلمانون کو خوشی ہوئی شام کے وقت اُسی پہاڑ سے ایک آواز بہت مہیب سخت سُنی کہ کوئی کہتا ہے مین ہون جسنے قتل کیا متعر کو جبکہ سرکشی کی اُسنے اور خود کیا اور جھوٹا جانا حق کو اور راہ ڈالی بُری واسطے دشنام دہی ہمارے نبی پاک کے ازانجملہ ابن سعد نے کتاب شرف المصطفے مین جندل بن ثعلبہ سے روایت کی ہے کہ جندل رضی اللہ عنہ نے حضرت سے التماس کیا کہ یارسول اللہ میرا ایک جن دوست تھا غیب کی خبرین پہونچایا کرتا تھا ایک رات مضطرب آیا اور مجھے سوتے سے جگایا اور آپکی خدمت مین حاضر ہونے کو موکد ہوا بالجملہ اس قسم کے قصے بیشمار ہین کہ حد تواتر کو پہونچے ہین اور بعض اُسمین سے نہایت صحیح تفسیر عزیزی مین استاد الاساتذہ نے لکھے ہین جسکا دل چاہے تفسیر سورہ جن ملاحظہ کرے فقیر کے نزدیک اگر قصص اور حکایات اس قسم کی کوئی لکھنا چاہے تو ایک کتاب ضخیم ہوجائیگی اور بعضے جنات کہ جو اسوقت تک اسلام سے مشرف نہوے تھے وہ انسانون کے ذریعے سے سلام اور تحیہ اور اپنی حاضری اور فرمان برداری خدمت حضرت مین کہلا بھیجتے تھے چنانچہ ابن سعد نے جعد بن قیس مرادی سے روایت کی ہے کہ جعد کہتے تھے کہ ہم چار آدمی حج کو چلے راہ مین ایک جنگل یمن کا ملا وہان سے آواز آئی کہ اے سوار جب تو محمد نبی کی خدمت مین پہونچے تو میرا سلام اور تحیہ پہونچانا اور کہنا کہ ہم سب یہان کے جنات تمھارے دین کے مطیع ہین اسی طرح وصیت کی تھی ہمکو عیسے بن مریم نے اور ابن عساکر نے مرداس بن قیس سے روایت کی ہے کہ ایکدن مجلس رسول اللہ مین کاہنون کا کچھ تذکرہ تھا لوگ نقل کرتے تھے کہ یہ کارخانہ کہانت کا بظہور نبوت اور نزول وحی بالکل موقوف ہوگیا اور

مذکور نے کہا یا رسول اللہ مجھے عجیب اتفاق ہوا کہ میری ایک لونڈی تھی خلعتہ نام نہایت عفیفہ وہ ایکدن سیر سے باہر آئی اور کہنے لگی کہ تم مجکو کیسا جانتے ہو میں نے کہا کہ نیکبخت اور صالحہ کہنے لگی اے مولیٰ مجھپر کیا عجب حال گذرا ہے کہ میں اکدن گھر میں تنہا بیٹھی تھی کہ ایک شے سیاہ مجھپر چڑھ بیٹھی اور جسطرح مرد عورت سے صحبت کرتا ہے اسی طرح اسنے میرے ساتھ کیا پھر مجھے معلوم نہوا سو مجکو یہ خوف ہے کہ حمل رہ گیا ہو اور تم لوگ مجکو زنا کی تہمت کرو میں نے کہا کہ مجھکو تیری طرف ایسی بات کا وہم بھی نہیں تو خاطر جمع رکھ بعد چندے معلوم ہوا کہ وہ لونڈی حاملہ ہے بھر موافق معمول کے لڑکا جنی ایسا کہ دونوں کان اسکے کتوں کے سے اور رنگ بدن بھی خلاف انسان سو وہ لڑکا ہمارے لڑکوں کے ساتھ کھیلا کرتا دفعۃً ایکدن برہنہ ہو کر جلانے لگا کہ فرعون دشمن کے سوار بہاڑ کے اسطرف لوٹنے کو کھڑے ہیں اور تم غافل ہو میں ہتھیار باندھ کر نکلا اور انکو لڑکر ہٹا آیا اسوقت سے اسکی بات کا اعتبار ہو گیا اور جو کہتا تھا سچ ہوتا تھا جسدن سے آپ مبعوث ہوے جو کہتا ہے دروغ ہوتا ہے سبب پوچھا بولا جو مجھے خبر دیتا ہے وہ اب جھوٹ کہتا ہے اسمیں تاریک میں قید کرو کہ وہ جن اگر مجھمیں سرایت کریگا اس سے استفسار کر لونگا میں نے قید کیا تیسرے دن وہ حجرہ کھولا دیکھا جن کا تمام بدن اسکا آگ سا چمکتا ہے میں سمجھا کہ جن نے اسمیں سرایت کی ہے تب میں نے کہا اے عزیز تو بیشتر اس سے سچی خبر دیتا تھا اب جھوٹی خبر کیسے کہتا ہے اسنے کہا اب خیر الانبیا ختم المرسل مبعوث ہوے اور آسمان پر چوکیدار مقرر ہوے ہیں اب کوئی خبر راست نہیں مل سکتی ہے میں نے کہا وہ پیغمبر کہاں ہیں اسنے کہا مکہ میں ہیں اور اب میں مرا ہوں مجھکو قلعہ کوہ میں دفن کرنا اور بعد دفن آگ کے شعلے اٹھینگے سو تین کنکریاں آتشکدہ اللھم پڑھ کر مارنا کہ شعلہ زنی بند ہو جائیگی غرض یہ کہکر مر گیا میں نے اسکو قلعہ کوہ میں اسی طرح دفن کر دیا بعد چند روز کے یا رسول اللہ آپکی خبر بعثت مجکو پہونچی فائدہ حضرت ابن مسعود نے جنات کو دو مرتبہ خدمت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں دیکھا ہے ایک مرتبہ درہ حجون میں دوسری مرتبہ لیلۃ الجن میں یہ معاملہ مدینہ منورہ میں بعد از نکاح حضرت ام سلمہ کے موضع بقیع الغرقد میں واقع ہوا تھا اور اس مرتبہ کی کثرت شمار سے باہر تھی اور زبیر رضی اللہ عنہ نے بھی ایک مرتبہ جنات کو ہمراہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیکھا ہے اور انکے کام سنے ہیں چنانچہ دلائل ابو نعیم میں انکے قصص مذکور ہیں اور ابو نعیم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایکبار کئی گروہ جنات کے واسطے ملازمت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے آئے اور بعد قیام چند روزہ اپنے وطن کو گئے اور امام احمد اور ابو یعلی اور بیہقی وغیرہ بحدیث بلال ابن حارث سے روایت کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ ہمراہ آنحضرت سفر میں تھا مقام عرج میں منزل ہوئی میں اپنے خیمہ سے واسطے ملازمت آنحضرت کے نکلا دیکھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم غیر سے دور جنگل میں بیٹھے ہیں میں نے چاہا کہ آپکے پاس حاضر ہوں جب نزدیک پہنچا تو ایک دردناک شور کی آواز میرے کان میں پہونچی میں نے توقف کیا اور دریافت کیا کہ شاید آنحضرت کے پاس غیر کے لوگ حاضر ہیں اسوقت وہاں جانا اچھا نہیں یہانتک کہ آنحضرت خود تشریف لائے اور تبسم ہو کر مجھسے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیا شور و غوغا تھا ارشاد ہوا کہ مسلمانان جن کافران جن سے سکونت و قرار میں نزاع کرتے تھے اور واسطے فیصلے کے میرے پاس آئے تھے میں نے فیصلہ کر دیا کہ مسلمان جلس میں رہیں اور کافر غور میں اور دونوں آپسمیں ملیں کثیر ابن عبد اللہ کہ راوی اس حدیث کے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے تجربہ کیا ہے کہ جس شخص کو ملک جلس میں آسیب جن ہوتا ہے وہ جلد صحت پاتا ہے اور جس کسی کو غور میں آسیب ہو جاتا ہے کمتر بچتا ہے اور عقیلی اور بیہقی اور ابو نعیم نے حضرت امیر المومنین عمر فاروق سے روایت کی ہے کہ میں ایکدن ایک پہاڑ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا یکایک ایک بوڑھا آدمی لاٹھی لیے حاضر ہوا اور سلام کیا آنحضرت نے جواب دیکر فرمایا کہ اسکی

آواز جن کی آئی ہے اور پوچھا تو کون ہے اُسنے کہا میں ہامہ ابن ہیثم بن لاقیس ابن ابلیس ہوں آنحضرت نے فرمایا تجھسے ابلیس سے دو پشتون کا فصل ہے سو تو بیان کر کہ تیری عمر کتنی ہے اُسنے کہا یا رسول اللہ میری عمر دنیا کے برابر ہے جبکہ قصہ ہابیل و قابیل واقع ہوا ہے تب میں لڑکا تھا مگر بات سمجھتا تھا اور پہاڑون پر جاکر غلہ چراتا تھا اور آدمیون کے قلوب میں وسوسے ڈالتا تھا آنحضرت نے فرمایا تو شریر ہے بولا یا رسول اللہ میں بقصد آیا ہون آپ مجھکو اجازت فرماتے ہین یا رسول اللہ میں نے حضرت نوح سے ملاقات کی اور اُنکے ساتھ مسجد میں رہا اور اول اُنکے ہاتھ پر میں نے توبہ کی اور پھر ایک برس تک مسجد میں رہا حضرت ہود اور حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہم السّلام کے ساتھ رہا اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے بھی ملاقات کی اور توریت میں نے سیکھی اور سلام انکا میں نے حضرت عیسیٰ کو پہونچایا اور حضرت عیسیٰ نے فرمایا تھا کہ اگر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہو تو میرا سلام اُنسے کہنا سو میں وہ امانت پہونچانے آیا ہون اور امید رکھتا ہون کہ آپ مجھکو کچھ قرآن سکھائین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ واقعہ و سورۂ مرسلات و عم یتسائلون و اذا الشمس کوّرت و معوذتین و قل ہو اللہ سات سورتین تعلیم فرمائین اور ارشاد کیا ای بات تجھکو حاجت ہو تو میرے پاس آنا حضرت عمر فاروق فرماتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور مجھکو اُسکے مرنے کی خبر نہین ہوی میں نہین جانتا کہ وہ مرگیا یا جیتا ہے فائدہ بعض جن آنحضرت کے صحابیون میں بھی تھے منجملہ اُنکے ایک عمر ابن جابر تھے صفوان ابن معطل نے اُنکو دفن کیا ہے دوسرے عمر وکہ کافران جن کی لڑائی میں شہید ہوا اُنکو عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے یاروں نے دفن کیا تیسرے برق کہ صحابیون میں ہین عمر ابن عبدالعزیز نے مکہ معظمہ کی راہ میں اُنکو دفن کیا ہے اور شیخص اہل ہیت میں تھا چوتھے حرق اُنکو بھی عمر ابن عبدالعزیز نے مکہ معظمہ کی راہ میں دفن کیا ہے اسی طرح قصص و حکایات علامہ بیہقی نے دلایل النبوۃ میں باسناد صحیح نقل فرمائے ہین فائدہ حضرت حسن بصری سے روایت ہے کہ جنکے اختلاف جنات میں بھی ہے یعنے بعضے قدریہ اور بعضے جبریہ اور بعضے روافض اور بعضے ہنود اور بعضے یہودی اور بعضے نصرانی اور بعضے مجوسی ہین اور اسی سبب سے ہر مذہب کے جن خواب بیداری میں اپنے مذہب کے لوگون کو جو انسانون میں ہین خبر ہین موافق مذہب القا کرتے ہین اور جہلا و حمقا جانتے ہین کہ تصدیق ہمارے مذہب کی عالم غیب سے ہوئی کہ اُس سے زیادہ تر گمراہی میں پڑجاتے ہین اور بھی حاجات و مہمات و دفع بلیات میں امداد و اعانت اپنے اہل مذہب کی کرتے ہین تاکہ آدمی اُس مذہب کی جانین کہ ہمارے مذہب کی وقعت عالم غیب میں بھی ہے اُس سے ہماری حقانیت ہوا ہوتی ہین اور بلائین دفع ہوتی ہین مخفی نہ رہے کہ سفارت اس فرقہ کی ہے میں عالم انسان اور عالم غیب کے مستلزم ضلالت و قباحت تھی لہذا حکیم مطلق نے ایک قلم اس کارخانہ کو بے اعتبار فرمایا اور وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بند کردیا باین ہمہ اگر بنی آدم اس کارخانہ منہدمہ کو جاری کرتے ہین اور ارواح خبثہ جنیہ سے مہمات مشکلہ میں استعانت چاہتے ہین تو گویا اپنی شقاوت سے معزول کو منصوب سمجھتے ہین اور حماقت سے اُنکے مکر و فریب میں دغا کھاتے ہین اور مقتضائے عقل انسانی یہ تھا کہ جب خبر اُنکے عزل کی معلوم ہوگئی تو اُنسے دست برداری لازم تھی کیونکہ جب وکیل دربار سے خارج کیا گیا تو اُسکی معرفت سوال اور جواب کرنا کسی عاقل کے نزدیک درست نہین اور یہ بات کلام مجید میں بہت جگہ مذکور ہے کہ فرقہ جنیہ سفارت سے معزول ہین پس اگر شنیدہ و ناشنیدہ اور دیدہ نادیدہ تصور کیا جائے تو ہدایہ تبلیغیہ میں قصور نہین ہے اور جو فی الجملہ اس فرقے کو اخبار عالم غیب کی اطلاع ہوتی ہے سو وہ بمقتضائے خاصیت جنسیہ ہے نہ از روے سفارت اور قدرت اعمال شاقہ اور تاثیرات خارقہ عادت اور القاے وساوس

اور برہم و درہم کردینا بدن اور روح انسانی کا از روے لوازم خلقت جنیہ کے ہی نہ کسی اور سبب سے پس اگر یہ دونو صفتین علم و عمل کی بھی اسنے سلب کرلیجائین تو جن اپنی جنیت سے خارج ہوجاتا اور مقتضاے حکم عزل خدمت سفارت و وکالت کا یہ نہین ہی بلکہ غرض معزول کرنے سے یہی ہی کہ بنی آدم اسنے جو ع نہ لاوین اور اپنے مہمات مین مدد نہ پاوین گو کہ اُنکو قدرت بھی ہو چنانچہ اسی عزل کا یہ فائدہ ہوا کہ لاکھون آدمی اُنکے فریب سے بیگنتی بعضے ورطۂ ہلاکت مین گرفتار ہون اور ظاہر ہی کہ ہدایت ہر ایک فرد کی افراد بنی آدم سے متعلق ہی اور یہ مقتضاے حکمت اور یہ بھی ثابت ہوا ہی کہ جو لوگ جنات سے ایمان لائے وہ خود اُنکو معزول سمجھے اور اپنی آوازون سے آدمیون کو مطلع کردیا خصوصًا حضرت عزیر کے جنات کا یہی احوال ہوا اور جو لوگ ایمان نہ لائے وہ عزل خدمت سے راضی نہوے اور آدمیون کو مطلع کرتے رہے کہ ہم اپنی خدمت پر بحال ہین سو وہ چار فرقے ہین اوّل کفار جن کہ بے پردہ مخالف ہوے اور شکلکشائی اور غیب دانی اپنے آدمیون کو جتاتے رہے چنانچہ یہودون اور بت پرستون کے معبود کہ باوجود ممنوع ہونے آمد و رفت آسمان سے اغواے بنی آدم پر مصروف ہین اور دعوت شرک کیا کرتے ہین دوسرا فرقہ منافقین کہ اہل اسلام مین داخل ہوکر مکر و فریب سے اپنے نام نرگون کے نام پر رکھکر پیر کہلاتے ہین اور دعواے ولایت و غیب دانی و شکلکشائی سے در پردہ اپنی الوہیت ظاہر کرتے ہین اور کوئی بات لازم شرک و بت پرستی سے اُٹھا نہین رکھتے اور بعضے آدمی جاہل اور اکثر عوام کالانعام اُنمین مبتلا ہین چنانچہ شیخ محمد و زین خان و سرور والی وغیرہ ہندوستان مین مشہور ہین تیسرا فرقہ فساق ہین کہ ٹھگون کی طرح آدمیون کو ایذا دیتے ہین اور نمود و ریا سے اپنے تئین ولی ظاہر کرتے ہین چوتھا فرقہ جنات مین عجیب ہی کہ چور بنکر بعضی ارواح بنی آدم مین جو خبوث و کبر وغیرہ سے مناسبت تامہ رکھتے تھے گھستے ہین اور ان اوصاف کو زیادہ کرکے نفوذ مسامات اور برہمی امزجہ اور تغیر صورت وغیرہ امور خارقہ عادت تعلیم کرتے ہین اور اسی وسیلہ سے بنی آدم کو رنج پہونچاتے ہین یہ چارون فرقے قاسطین مین معدود ہین کہ دین اسلام اور متابعت قرآن سے خارج ہین کو بظاہر بعضے کلمہ گو بھی ہین پسندیدہ رہے کہ یہ تقسیم خود ان لوگون کی زبان سے ثابت ہی کما ہو فی سورۃ الجن وَاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقَاسِطُوْنَ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا وَاَمَّا الْقَاسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا یعنے اور یہ کہ کوئی ہم مین حکم بردار ہین اور کوئی بے انصاف سو جو حکم مین آئے سو اُنھون نے اُنکی نیک راہ اور جو بے انصاف ہین وہ ہوے دوزخ کا ایندھن اس جگہ اگر کوئی ملحد بیوقوف کہے کہ خلقت جن خود آگ سے ہی اُسکو آگ کیا ضرر کریگی اس لیے کہ کوئی شی اپنے جنس سے ضرر نہین پاتی تو جواب یہ ہی کہ آگ اگرچہ مادۂ جنات ہی مگر صورت ترکیبیہ اور مزاج امر دیگر ہی سو آتش اُس صورت اور مزاج کی منافی پڑیگی اور وہی کلفت اور عذاب کا سبب ہوگا چنانچہ مشہور ہی کہ ایک ظریف نے ایسے ہی ملحد کے جواب مین ایک پتھر کھینچکر مارا وہ چلانے لگا ظریف نے کہا تو تو جنس زمین سے ہی اور پتھر بھی زمین سے ہی اسنے تجھکو کسطرح تکلیف دی اسی طرح جن تو تکلیف ہوگی وراے اسکے اکثر تجربہ کیا گیا ہی کہ صفراوی مزاج کو آگ اور آفتاب سے زیادہ تر ضرر پہونچتا ہی برخلاف بلغمی مزاج کے کہ اُسکو عشر عشیر اُسکا نہین ہوتا بلکہ بلغمی مزاج قرب دریا اور ہواے سرد سے کمال ہی منحال ہوتا ہی کہ صفراوی مزاج کو اصلا نہین ہوتا پس معلوم ہوا کہ آتش سبب تفرق اجزا اور افناے رطوبات واقع ہوتی ہی اور تحلیل ترکیب اور ابطال مزاج کردیتی ہی اور ممزوج و مرکب کو جو رنج

پہونچتا ہو وہ محض تحلیل ترکیب و ابطال مزاج سے ہو نہ کہ مخالفت مادہ سے ہذا ما حققہ استاذنا الاستاذ فی تفسیرہ اور ماہ شوال اسی سال مین حضرت صلعم نے سودہ بنت زمعہ اور عایشہ بنت ابی بکر سے نکاح فرمایا اور اسی سال مین کہ سال یازدہم نبوت تھا موضع عقبہ مین ایک جماعہ خزرج مدینہ سے آئی انمین سے چھ مرد ایمان لائے ابو امامہ اسعد ابن زرارہ و عوف ابن حارث ابن عفرا و رافع ابن مالک ابن العجلان قطبہ ابن عامر و عقبہ ابن عامر جابر ابن عبد اللہ ابن رباب ان بزرگون کو اہالیان مدینہ سے سابق اسلام بولتے ہین چنانچہ انمین کے سبب سے مدینے مین ذکر حضرت صلعم مشہور ہوا اور کوچہ و برزن مین اسلام کا چرچا ہونے لگا یہان تک کہ کوئی گھر باقی نہ تھا جسمین حضرت خاتم المرسلین کا ذکر نہوتا ہو انمین لوگون کو انصار کہتے ہین اور اس بیعت کو بیعہ عقبہ اولی بولتے ہین اس لیے کہ عقبہ کے نزدیک جو منا کے متصل واقع ہو اول یہی بیعت واقع ہوئی ہو اب یہان ایک مسجد واقع ہو پوشیدہ نہ رہے کہ جب فیض کرامت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن و بشر کو زمین پر شرف کیا اور ساکنان تحت الارض وقت جلوہ فرمائی غار حرا سعادت اندوز ہوے تب ساکنان ملکوت و لاہوت و مالک دو جہان مشتاق دیدار حبیب ہوے تو یہ معاملہ واقع ہوا کہ جب ماہ رمضان سال نبوت کا ہوا اور عمر شریف نبوی اکاون برس نو مہینے کی ہوئی تو اکثر محدثین کے نزدیک آنجناب صلعم ام ہانی کے گھر تھے کہ وہ گھر مابین صفا و مروہ واقع ہو اور نماز عشا ادا کر کے اور مصلے پر بیٹھے ہوے ارادہ خواب رکھتے تھے کہ جہت منشق ہوئی اور حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور بہت نرمی سے جناب مستطاب علیہ الصلوۃ سے عرض کی کہ ساغر خواہش ایزدی شوق وصال مین سرشار ہو اور چشم کبریائی اشتیاق دیدار مین دو چار تشریف لیجیے اور مہجور بیقرار نشہ دیدار کو زلال وصال سے سیراب کیجیے آپکو اللہ تعالی بزرگی دیا چاہتے ہین جو نہین دی آج تک کسی کو انبیاے سلف سے اور نہ ایسی سربلندی عطا فرمائی کسی کو سواے آپ کے اور نہ سنا کسی نے اس شرف کو اور نہ خطرہ آیا کبھی کسی کے دل مین آسکی طرف سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ مین نے طہارت کی اور دو رکعت نماز پڑھی اور باہر آیا اور ایک روایت ہو کہ وقت ارادہ طہارت رضوان بہشت دو ابریق یاقوتی آب کوثر کے بھرے ہوے لایا کہ اس سے غسل کیا بعد اسکے حلہ نور کے حضرت کو پہنائے اور عمامہ سر مبارک پر رکھا اور جبریل نے چادر نور کی ڈالی اور نعلین زمرد سبز کی پہنائین اور بٹکایا یاقوت سرخ کا کمر پر باندھا اور تازیانہ زمرد کا دست مبارک مین دیا اور ہاتھ پکڑ کر گھر سے بیت الحرام مین لائے وہان آنجناب نے آب زمزم سے وضو کیا اور سات مرتبہ طواف الوداع ادا فرمایا پھر حجر مین کہ حطیم کے پاس ہی تھوڑا بیٹھے یا سوئے وہان جبرئیل نے خواجہ عالم کو لٹایا اور طشت سونے کا لائے جسمین اور انبیا کے دل دھوئے گئے تھے اور سینہ بے کینہ کو ناف تک چاک کیا اور دل مطہر باہر نکالا اور میکائیل سے تین طشت سونے کے پر از آب زمزم منگائے اور اسمین دل کو خوب دھویا پھر دل کو چیر کر دھویا اور حکمت و عرفان بھر دیا اور وہان تھا دین رکھدیا کذا فی الصحیحین بعد اسکے جبرئیل دست مبارک تھام کر مسجد حرم سے بطحاے مکہ مین لائے وہان میکائیل و اسرافیل ستر ستر ہزار فرشتون مقرب سے صفین باندھے کھڑے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ انھون نے سلام کیا اور

تعظیم بجالائے میں نے جواب سلام دیا پھر انھوں نے مجھے انعام الٰہی سے بشارت سنائی اسوقت ایک مرکب کھڑا ہوا
دیکھا گدھے سے اونچا خچر سے نیچا آدمی کا سا منہ ہاتھی کے سے کان اونٹ کی سی گردن گھوڑے کی سی ایال خچر کا سا
سینہ شیر کے سے پٹھے گائے کے سے پیر و دُم جڑے ہوئے تھے منہ مانند یاقوت سُرخ چمکتا تھا کہ اُسکی مانند موتی شفاف
وسنگ ہمچو برق سفید و صاف اور اُسکے دو پر تھے رانوں کو پروں سے ڈھکے رکھتا تھا اور جب کھولتا تھا مشرق سے
مغرب تک پھیلتے تھے اور جب سمیٹتا پہلو کے برابر ہو جاتے تھے اور ایک زین بہشتی اُسپر بندھا ہوا تھا اور پیشانی پر لکھا
ہوا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پھر جبرئیل نے رکاب اور میکائیل نے عنان براق پکڑی اور سوار کرایا اور جانب مسجد
اقصیٰ لیچلے روایت ہے کہ اسّی ہزار فرشتے داہنی اور اسی قدر بائیں طرف تھے اور ہر ایک کے ہاتھ میں نور عرش سے
شمعیں روشن تھیں روایت ہے کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم دونوں باگیں کھینچے تھے حضرت جبرئیل نے کہا یا حبیب اللہ
باگیں ڈھیلی رکھو یہ امور ہے جہاں جانا ہے اُس مقام کو جانتا ہے کہ حضرت نے باگیں ڈھیلی فرمائیں وہ ایسا جلد چلا کہ
حضرت نے فرمایا ان ترکتہا سارت وان حرکتہا طارت جب باگیں چھوڑیں تو زمین کو نہایت طے کرتا تھا اور جب چڑھتا تھا
تو اُڑنے لگتا تھا اور حضرت جبرئیل نے یہ وصیت کی کہ اے محمد اگر راہ میں کوئی پکارے تو التفات نہ فرمانا اور جواب نہ دینا
اور میں آگے چلتا ہوں بیت المقدس میں ملونگا القصہ سرور عالم فرماتے ہیں کہ جب میں تھوڑی سی راہ چلا کسی نے
داہنی طرف سے آواز دی یا محمد لا تعجل فانک اخطأت الطریق یعنے اے محمد جلدی نہ کر تو راہ بھولا ہے ٹھہر تو میں رہبری کروں
میں متفت نہوا پھر بائیں طرف سے یہی آواز آئی مگر میں نے التفات نہ کیا اسوقت ایک عورت انواع لباس سے
آراستہ سامنے آئی اور بولی اے محمد تھوڑا ٹھہرو تو کچھ بھید تمسے کہوں میں نے نظر نہ ڈالی اور براق کو جلد بڑھایا اور جبرئیل سے
اُسکا حال پوچھا کہا اول داعی یہود تھا اگر آپ جواب دیتے تو بعد آپکے امت آپکی یہودی ہو جاتی اور دوسرا داعی
نصاریٰ تھا اگر اُسکا جواب دیتے تو نصرانی ہو جاتی اور وہ عورت دنیا تھی اگر آپ اُسکی طرف توجہ فرماتے تو تمام امت
آخرت کو چھوڑ کر دنیا اختیار کرتی روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے بعد اسکے ایک پتھر دیکھا اُسمیں سوراخ باریک تھا
اُس سے پانی نکلتا تھا پھر وہ پانی سوراخ میں الٹا جانے کا قصد کرتا تھا لیکن نہیں جا سکتا تھا جبرئیل نے کہا اُسکی
مثال منہ ہے اور سوراخ زبان اور پانی نشان سخن اُسمیں یہ اشارہ ہے کہ جو بات منہ سے نکلی پھر بعد پشیمانی ہٹ
نہیں سکتی پھر فرمایا میں شخص آگے آئے ایک بوڑھا ایک جوان ایک کہل یعنے دو موہو میں نے جوان کی طرف
دیکھا اور کہل و بوڑھے کو نہ دیکھا جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ اصبت بہ مطلب رسیدی یعنے دولت و بخت پر آپنے
نظر نہ فرمائی عاقبت کو اختیار کیا بہت خوب کیا دولت دنیا کی بے اعتبار ہے اور بخت ناپائیدار ہے اور عاقبت کو
قرار ہے خوشخبری ہو آپکو کہ عاقبت تمھاری امت کے نزدیک بہتر رہیگی پھر فرمایا دو پیالے آگے لائے ایک میں دودھ
ایک میں شراب دودھ کو میں نے اختیار کیا اور اُسمیں سے کچھ پیا جبرئیل نے کہا آپنے راہ بتلائی مستقیم اپنی

امت کو اور شراب کو حرام کیا پھر دو پیالے اور لائے ایک مین پانی دوسرے مین شہد دونون مین سے مین نے تھوڑا تھوڑا پیا جبرئیل نے کہا خوب کیا شہد مین شفا ہی اور پانی پاکیزہ ہی واسطے امت کے قیامت تک اور پانی سبب دھونے اعمال بد امت کا ہی پھر تھوڑا آگے چلا تو جبرئیل نے کہا اہی محمد یہ یثرب یعنے مدینہ ہی ہجرت گاہ آپ کا ہی اُتر کر نماز پڑھیے چنانچہ مین نے وہان نماز پڑھی فرمایا حضرت نے پھر سوار ہوا اور چلا تو راہ مین مین طور سینا مقام تجلی موسیٰ اور بیت اللحم مولد عیسیٰ مین پہ اشارہ جبرئیل نماز پڑھی پھر بیت المقدس مین آیا تو ایک جماعہ ملائکہ کرام میرے استقبال کو حاضر تھی اُنھون نے کہا السلام علیک یا اول یا آخر یا حاشر پھر جبرئیل نے بُراق سے اُتارا اور بُراق کو رسن حریر بہشت سے میدان مسجد اقصیٰ مین جہان اور انبیا کے مرکب بندھے تھے باندھا و پہر حلقہ دے باندھا پھر مسجد مین لائے تو ارواح مقدسہ انبیا علیہم السلام نے کہ بنا بر استقبال آئے تھے شرف واد بجا لائے وبسم تحیہ وسلام ادا کی مین نے دوگانہ شکرانہ ادا کیا اور انبیا و ملائکہ مقتدی ہوے مین نے اول رکعت مین فاتحہ والم ترکیف دوسری مین فاتحہ ولایلاف پڑھا جب نماز سے فراغت ہوئی تو خواص انبیا نے پروردگار کی ثنا کی اول حضرت آدم علیہ السلام نے کہا الحمد للہ الذی اتخذنی صفیا وجعل خلیفۃ ولما ابکۃ مسجودا لہ وعلم حوا دون جمیع صالحۃ حنیفا واباح لنا الجنۃ انہارا وقصورا ونعیما وطرد عدوی شیطانا رجیما یعنے تعریف ہی اُس خدا کو جسنے مجکو برگزیدہ کیا اور اپنا خلیفہ بنایا اور فرشتون سے سجدہ کروایا اور حوا نیک بخت پاکیزہ کو جوڑا میرا کیا اور مباح کیا مجکو انہار و قصور و نعیم بہشت و مردود کیا میرے دشمن شیطان راندہ کو پھر نوح علیہ السلام نے کہا کہ حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے مجکو نبی کیا اور دعوت کی مین نے اپنی قوم کو ہزار برس پچاس رات دن پھر میرے بلانے سے اور زیادہ بھاگتے رہے اور نہ ایمان لائے میرا اور اللہ کا مگر تھوڑے اور قبول کیا خدا نے میری دعا کو اُنکے اہلاک مین پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا حمد ہی اُس خدا کو جسنے مجکو اپنی دوستی مین قبول کیا اور پیشوا و امام بنایا اور میری ذات واحد کو امت کیا اور ملک عظیم ارزانی رکھا اور نمرود کی آگ سے مجھے بچایا پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے مجھے کلیم اپنا کیا اور سات معجزے ظاہر عطا فرمائے ایک پتھر سے بارہ چشمے پانی کے نکالے دوسرے امت پر من و سلویٰ بھیجا تیسرے ابر نے سایا کیا چوتھے دریا نے رستہ دیا پانچوین فرعون اور اسکی قوم کو ہلاک کیا چھٹے توریت نازل کی ساتوین میری امت کے حق مین نازل کیا یہدون بالحق وبہ یعدلون پھر داؤد علیہ السلام نے کہا حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے مجکو علم زبور کا دیا اور احسان مند کیا اپنے کرم سے اور آواز خوش دی اور نرم کیا سخت لوہے کو میرے ہاتھ مین اور مسخر کیا پہاڑ اور جانورون کو اور ہلاک کیا میرے ہاتھ سے جالوت کو اور فضل و خلافت و حکومت و خطاب عنایت کیا پھر سلیمان علیہ السلام نے کہا حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے ہوا کو میرا مسخر کیا اور لشکر دیو و پری میرے فرمان مین کیا اور زبان طیور مجھے سکھلائی اور ملک عظیم دیا بلا حساب

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے مجکو کلمہ اپنا کہا اور روح اپنی فرمایا اور مجھو آدم بے پدر پیدا کیا اور مان کے پیٹ مین کتاب اپنی سکھائی اور گنج حکمت کا جو توریت انجیل زبور مین مخفی ہی مجکو دیا اور میرے دم مین تاثیر دی کہ جب مٹی سے صورت مرغ بنا کر دم پھونکون جان پڑ جائے اور میرے ہاتھ مین شفا رکھی کہ میرے چھونے سے اندھے کوڑھی لولے لنگڑے اچھے ہوتے تھے اور مجکو آسمان پر لاکر سب آلائش سے بچایا اور میری مان کو اور مجکو شر شیطان سے پناہ مین رکھا خواجۂ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب سب انبیا محامد کبریائی سے فارغ ہوے مین نے بھی حمد الٰہی اور ثناے بادشاہی شروع کی اور کہا حمد و سپاس اُس خدا کو جسنے مجکو تمام عالم کا رحمت لکھا اور مجموع خلایق کی ہدایت کا مامور فرمایا اور ہر ایک کے واسطے بشیر نذیر کیا اور قرآن جسمین ہر چیز کا بیان ہی مجھپر اُتارا اور میری امت کو بہترین امم فرمایا اور سب کے لیے مجھے وسط و عدل کیا اول و آخر صفت میری بیان کی سینہ میرا کھول دیا خطرات دل دور کیے میرے نام کو بلندی بخشی مجکو فاتح و خاتم کہا اور سپاس خاص اُس جناب کبریا کو ہی جسنے تمام زمین کے میدان کو میرے واسطے مسجد کیا اور تمام خاک کو حکم پانی کا دیا اور فتوحات ہدایا و غنایم کی مجکو کرامت فرمائی اور خواتیم سورۂ بقرہ سے مکرم کیا اور سبع مثانی یعنے سورۂ فاتحہ ارزانی فرمایا اور مجکو علم توحید اور بیان قرآن کا بہت آسان کیا اور ملایک میری مدد کو بھیجے اور قیامت تک دروازہ توبہ کا میری امت کے لیے کھلا رکھا اور حوض کوثر مجھے دیا اور پیغمبر کی دعا قبول تھی مجکو گناہ کبیرہ کی شفاعت مین ذخیرہ قبولیت دعا کا عنایت کیا اور بعض روایت مین صفات کمال اور نوابت جاہ و جلال حضرت الٰہی کے جو حضرت رسالت پناہی سے تخصیص فرمائے ہین زیادہ لکھے ہین بالجملہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جب مین یہ مدح کر چکا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اور انبیا کی طرف اشارہ فرمایا اور کہا ہذا افضلکم محمدًا پھر پیغمبرون نے مجھے کہا اے محمد حق تعالیٰ نے آج کی رات تمکو وہ شرف دیا ہی کہ بھلا انبیاے اولین و آخرین کو نصیب نہین ہوا اور یہ درجہ کسی نے نہین پایا اب لازم ہی کہ جہان تک ہو سکے امت کے واسطے تخفیف و رفاہیت طلب کیجیو پھر جبرئیل نے ہاتھ پکڑا اور صخرے پر لائے وہ ایک سنگ معلق مابین آسمان و بیت المقدس ہی ابوبکر ابن عربی شرح مؤطا مالک مین لکھتے ہین کہ یہ پتھر اعجوبہ قدرت الٰہی سے ہی غبار و گرد آلود درمیان مسجد بیت المقدس کے بے سہارے معلق ادھر مین ہی کسی طرف سے اُسکو علاقہ نہین اُسکو وہ ٹھہرائے ہی جسنے آسمان کو روکا ہی زمین کے گرنے سے اُسمین اوپر کی طرف جانب جنوب نشان قدم خاتم النبیین صلعم کا ہی جب سوار ہوے تھے براق پر اور وہ جھکا تھا بنا بر تعظیم اور دوسری طرف اُسکے فرشتون کی انگلیون کا نشان ہی کہ اُنھون نے جھکتے ہوے تھام لیا تھا اور سیر حلبی مین لکھا ہی فقد اثر فی صخرۃ بیت المقدس لیلۃ الاسرا و ان ذلک الاثر موجود الی الآن اور اسی کے موافق حافظ شمس الدین ناصر الدین دمشقی نے بھی معراج نامہ مین فرمایا ہی اور فتح المتعال مین لکھا ہی قد رایت حجرا اثر قدم بقیۃ الصخرۃ الشریفۃ بالبیت المقدس والناس یلمسونہ و یبرکونہ یعنے مین نے دیکھا پتھر اسمین نشان تھا آپکے

قدم مبارک کا صخرہ شریف مین بیچ بیت المقدس کے اور آدمی تعظیم کرتے تھے اُسکی اور تبرک سمجھتے تھے اُسکو بالجملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بروایت صحیحہ براق پر سوار ہوکے معراج کے راستے سے آسمان پر گئے اور جبرئیل علیہ السلام ہمراہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جب معراج سے آگے بڑھا تو ایک دریا فاضہ بام دوسو برس کی راہ کا گہرا ہوا مین معلق نظر آیا ایک قطرہ اُس دریا کا زمین پر نہین گرتا اور رنگ اُسکا بسبب عمق کے نیلا ہی اور اُسکے عکس سے آسمان نیلا نظر آتا ہی پھر وہان سے فراتر ہوا پر پہونچا وہان سے فلک پردہ ایک دریا ہی آسمان پر کھینچا ہوا دامن اُسکا سرا پردہ کے مانند زمین مین ہی اور ہر آسمان کا ایسا ہی ایک فلک ہی ستارے آسمین تیرا کرتے ہین کما قال اللہ وکل فی فلک یسبحون یعنے تیرتے ہین ستارے فلک مین پھر فرمان الٰہی پہونچا تو فلک بیری تکمین کے لیے حرکت دوری سے ٹھہرا قدم اُسکے سر پر رکھ کر آگے چلا باب الحفیظ آسمان دنیا پر پہونچا دربان اُسکا اسمٰعیل نامے فرشتہ مع بارہ ہزار فرشتون کے تھا اور وہ دروازہ ایک دانہ یاقوت سرخ کا ہی اسپر مواربد کا قفل لگا تھا جبرئیل نے پکارا اسمعیل نے باواز بلند کہا کون پکارتا ہی جبرئیل نے کہا مین ہون جبرئیل سے پوچھا تیرے ساتھ کون ہی کہا محمد رسول اللہ کہا اُنکو بلایا ہی کہا ہان اسمعیل نے کہا کیا خوب ہی آئے اور کیا ہی اچھا آنا آئیے تب اور توابع اسمعیل کی یہ ہی سبحان الملک الاعلی سبحان العلی الاعلی سبحان من لیس کمثلہ شئی روایت ہی کہ یہ آسمان زمرد سبز کا ہی نام اسکا رفیقا عجائب اسکے جو حضرت نے ملاحظہ کیے ہین وہ علاحدہ بطور فائدہ لکھے جائینگے بالجملہ دروازہ کھولا گیا تو حضرت صلعم داخل ہوے حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو حضرت نے بہ تعلیم جبرئیل سلام و تحیہ ادا کیا آدم علیہ السلام نے نہایت شگفتگی سے جواب سلام دیا اور تبسم کیا اور کہا مرحبا بالابن الصالح والنبی الصالح الحمد للہ الذی اکرمک و شرفک من نسلی اور تسبیح حضرت آدم کی یہ تھی سبحان الجلیل الرجل سبحان الواسع الغنی سبحان اللہ وبحمدہ سبحان العظیم وبحمدہ استغفر اللہ پھر دو دروازے دیکھے ایک داہنی طرف دوسرا بائین طرف کہ حضرت آدم جب داہنی طرف دیکھتے تھے ہنستے تھے اور جب بائین طرف دیکھتے تھے روتے تھے حضرت فرماتے ہین مین نے جبرئیل سے استفسار کیا کہ گریہ و خوشی کیسی ہی جبرئیل نے کہا دروازہ راست سے ارواح نیک اولاد آدم کی بہشت مین جاتی ہی اُس سے خوش ہین اور بائین سے ارواح بد دوزخ کو جاتی ہین اُس سے رنج ہی فائدہ حضرت آدم علیہ السلام آسمان اول پر اس سبب سے ملے کہ اول انبیاؤن سے ہین اور اول کو اول سے نسبت ظاہر ہی پھر فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب آسمان دوم پر پہونچا تو اُسکو نہایت نورانی پایا اور ایک روایت ہی کہ یہ آسمان زرسرخ کا ہی اور نام اسکا قیدوم ہی اور دربان اسکا اسرافیل دو لاکھ فرشتے اُسکے مطیع ہین جبرئیل نے بڑھکر دروازہ کھلوایا تو اُسی دربان نے کہا کون ہی جبرئیل نے کہا مین ہون اور میرے ساتھ محمد ہین اُسنے کہا محمد پیدا ہوے جبرئیل نے کہا ہان دربانون نے کہا الحمد للہ خوش آمدی بعض روایت مین ہی کہ حضرت نے فرمایا تسبیح اسرافیل دربان آسمان دوم کی یہ ہی سبحان اللہ کلما سبح اللہ سبح والحمد للہ کلما حمد اللہ حامد اولا الہ الا اللہ کلما ہلل اللہ مہلل واللہ اکبر کلما کبر اللہ مکبر اور یہی تسبیح اُسکے الیمین کی ہی حضرت نے فرمایا کہ جب آگے بڑھا تو دو جوان ملے یحیی و عیسی اور یہ دونون خالائی بھائی ہین کہ اُنکو تعلیم جبرئیل سلام کیا مین نے اُنھون نے جواب دیا

آسمان دوم

یحیی و عیسی

اور کہا مرحبا بالابن الصالح والنبی الصالح ایک روایت ہی کہ عیسے علیہ السّلام نے مجھسے مصافحہ کیا اور بہت خوشخبری سُنائی اور تسبیح اُنکی یہ تھی سبحان المنان سبحان الابد الابد سبحان المبدء المعید اسی طرح اور عجائبات دیکھے فائدہ حضرت عیسیٰ و یحییٰ دونوں خالاتی بھائی ہین اور درحقیقت ایک شعبہ سے ہین اسی سبب سے ایک مقام مین ملے اور چونکہ عیسے من حیث الزمان حضرت صلعم سے قریب تھے اور بشارت یاتی من بعدی اسمہ احمد دی تھے اور زمانہ آخر مین قواعد شریعت محمدیہ پر دعوت فرماوینگے اس لیے آسمان دوم پر ملاقی ہوے فائدہ حضرت یحییٰ علیہ السّلام کی مان کا نام ایشاعہ ہی اور وہ مٹی فاقودا کی ہین اور والدہ عیسیٰ علیہ السّلام کی مان مریم ہین اور وہ مٹی ہین حسنہ کی اور حسنہ مٹی ہی فاقودا کی اسطرح خالاتی بھائی ہین فرمایا حضرت صلعم نے کہ پھر آسمان سوم پر پہونچا جبرئیل نے بعد استفتاح و سوال و جواب بدستور دروازہ کھلوایا اور مین داخل ہوا یہ آسمان نہایت تابان و روشن مروارید کا بنا ہی نام اسکا زیلون ہی دربان اسکا بہت عظیم الشان ہی اور توابع اُسکے تین لاکھ فرشتے ہین تسبیح اُسکی سبحان المعلی الوہاب سبحان الفتاح العلیم سبحان المجیب لمن دعاہ وہان بھائی یوسف علیہ السّلام سے ملاقات ہوئی اور اُنکو ملا تھا بارہ حسن سے اور عابد اُسکی امت کے ساتھ تھے مین نے بتعلیم جبرئیل سلام کیا اُسنے جواب دیکر کہا مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح یعنے کیا ہی اچھا نیک بھائی اور نیک پیغمبر آیا اور مجھسے بغلگیر ہوے اور کرامت الٰہی سے بشارتین دین تسبیح اُنکی یہ تھی سبحان الجلیل الاجل سبحان الفرد الوتر سبحان الابد الابد اور ایک روایت ہی کہ آگے بڑھکر داؤد و سلیمان علیہما السّلام ملے اُنھون نے بعد تحیہ و سلام میرے کے جواب دیکر بشارتین دین اور کہا آج کی رات امت کی شفاعت مین کوتاہی نہ کرنا اور تسبیح داؤد کی یہ تھی سبحان الخالق النور سبحان التواب الوہاب سبحان الشدید العقاب اور تسبیح سلیمان یہ تھی سبحان المالک الملوک سبحان القاہر الجبار سبحان من الیہ تصیر الامور فائدہ حضرت یوسف اس سبب سے آسمان سوم پر ملے کہ اہل جنت امت مرحومہ کے جوان بصورت یوسف ہونگے سو اُنکے حسن کو حضرت پر عرض کیا تاکہ حسن و جمال اپنی امت کے دریافت فرماوین روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ جب آگے بڑھا تو ایک دریاے عظیم ملا اسی کو بحر النقم کہتے ہین کسی قدر پانی اُسکا زمانہ نوح مین نیزہ پر پہونچا تھا طوفان برپا ہوا اور جب دریا سے آگے بڑھا تو آسمان چہارم پر پہونچا یہ مروارید سے زیادہ سفید ہی نام اسکا زیلان ہی موکل اسکا عزرائیل و بہ روایتے میکائیل و بروایتے میمائیل ہی تسبیح اسکی سبحان الخالق الظلمات والنور سبحان الخالق الشمس والقمر نیر سبحان الرفیع الاعلیٰ اور چار لاکھ فرشتے اُسکے تابع ہین اور امور کلیہ اُسکے تفویض ہین اور یہ آسمان آسمانوں سے بڑا ہی کہ ہفت طبقہ زمین اور ہر سہ آسمان اُسکے مقابل مین برابر ایک طبقہ کے ہین وہان ادریس علیہ السّلام سے ملاقات ہوئی اُنکو سلام کیا اُنھون نے جواب دیکر کہا مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح اور بعضی روایت مین ملاقی ہوا حضرت موسیٰ کا اس آسمان پر لکھا ہی فائدہ حضرت ادریس کا محل موت بقول بعض آسمان چہارم ہی اسی سبب سے یہان ملے بعد اسکے اسی آسمان پر حضرت عزرائیل علیہ السّلام سے ملاقات ہوئی جبرئیل نے کہا یہ الگ کرتا ہی دوست کو دوست سے اور بیٹے کو باپ سے اور باپ کو بیٹے سے اور ویران کرتا ہی گھروں کو اور اُجاڑتا ہی شہروں کو اور موت کو مامور ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ عزرائیل مجھے دیکھکر مسکرایا اور تعظیم کو اُٹھا اور کہا مرحبا بک حق تعالیٰ نے تمھارے برابر کوئی بزرگ و عزیز تر خلق پر نہین بھیجا اور ہر امت تمھاری بہترین امم ہی اور مین اُنپر والدین سے زیادہ رحم کرتا ہون پھر بعد معاینہ عجائبات آسمان چہارم

آسمان سوم — ملاقات یوسف — ملاقات سلیمان و داؤد — آسمان چہارم — ملاقات ادریس

آسمان پنجم

آسمان پنجم پر آپ نام اُسکا البیا میقون دربان اسکا سقطائیل ہی تسبیح اُسکی قدوس قدوس رب الارباب سبحان ربی الاعلی الاعظم قدوس قدوس رب الملائکۃ والروح اور پانچ لاکھ فرشتے اُسکے تابع ہین اُسنے خوشخبری کرم حق کی سُنائی بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ اس آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام ملے اور بعض روایت مین ہی کہ حضرت ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق و لوط و یعقوب علیہم السلام کو بھی دیکھا بالجملہ حضرت ہارون نے بھی مرحبا کہا اور دعاے خیر کی فائدہ چونکہ حضرت موسیٰ سے آپکو خصوصیت تامہ اخوت وغیرہ کی تھی اس سبب اُنسے قریب تر ملے اور حضرت موسیٰ سبب تہ کلیمی کے حضرت ہارون سے بالاتر ملے پھر وہان کے عجائبات ملاحظہ فرما کے آسمان ششم پر گئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے

ملاقات ہارون

آسمان ششم

روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ دربان اسکا دعائیل ہی اُسنے مین نے سلام کیا اُسنے جواب دیا اور دعا کی کہ بارک اللہ فی حسناتک و زادنی کرامتک و نور فیک مین نے کہا آمین اور چھ لاکھ فرشتے اُسکے تابع تھے تسبیح اُسکی یہ تھی سبحان اللہ الکریم سبحان اللہ النور المبین سبحان اللہ من فی السمٰوات و من فی الارضین بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ فرمایا بعد اُسکے آگے بڑھا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی اُنکو مین نے بقلیم جبرئیل سلام کیا اُنھون نے جواب دیا اور بغلگیر ہوے اور میٹھائی پر بوسہ دیکر کہا الحمد للہ الذی ہدانی و جمیع بنی کرامت الٰہی سے خوشخبری دی اور کہا آج کی رات امت کو نہ بھولیو اور جو کچھ خدمت امت پر فرض ہوا سمین تخفیف مانگیو اور تسبیح اُنکی مین نے یہ سُنی سبحان اللہ بعدی من یشاء و یصل من یشاء و ہو الغفور الرحیم نقل ہی کہ حضرت نے فرمایا جب آگے بڑھا تو موسیٰ رونے لگے کسی نے سبب رونے کا پوچھا کہا مین روتا ہون اسپر کہ ایک لڑکا میرے بعد نبی ہوا خواہ یون کہا کہ ایک جوان کو نبی کیا اور پیدا کیا میرے پیچھے اور داخل ہوگی امت اُسکی بہشت مین زیادہ میری امت سے اور ایک روایت ہی کہ موسیٰ نے کہا مجکو یہ گمان تھا کہ مجکو اولاد آدم مین فضیلت ہی حالانکہ یہ جوان فاضل ترین اولاد ہی اور جو فضیلت اُنکو میری ذات پر ہی اُسمین پاک نہین ہی لیکن امت اُنکی میری امت سے افضل ہی اور روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے سُنا مین نے کہ موسیٰ علیہ السلام کہتے تھے اکرمتہ و فضلتہ بزرگ کیا اُسکو تو نے اور فضیلت دی اُسکو سب پر کہا مین نے اے جبرئیل موسیٰ کیسر عتاب کرتا ہی کہا خفگی کرتا ہی پروردگار پر تیری بزرگی کے سبب سے کہا مین نے جھڑ جھڑ بولتا ہی اپنے رب پر کہا خدائے تعالیٰ نے اُسکو معاف کیا ہی اب تک اُسکو یہ گمان تھا کہ مین سب انبیا مین بزرگتر ہون اب جانا اُسنے کہ آپ سب سے افضل ہین اُسپر شکایت ہی فائدہ روایت ہی کہ حضرت موسیٰ کا حسد سے نہ تھا معاذ اللہ اس لیے کہ پیغمبر لوگ حسد سے پاک ہین بلکہ اُنکو اپنی امت پر افسوس آیا کہ مین ایک مدت تک اُنکو سمجھاتا رہا اور معجزات ظاہر دکھلاتا رہا لیکن ایمان کامل نہ لائے اور جو ایمان لائے تو بہت کم اب بہشت مین بھی کم جائینگے اور محمد کی تھوڑی عمر مین بیشمار لوگ ایمان لائے اور قیامت تک لائینگے تو بہشت مین بھی زیادہ جائینگے اور جو معاذ اللہ حسد سے ہوتا تو بار بار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معانقہ کرکے پچاس وقت کی نماز کو پانچ وقت تک کیونکر تخفیف کرواتے اور یہ جو حضرت صلعم کو لڑکا فرمایا سو نعوذ باللہ حقارت کی راہ سے نہین ہی بلکہ کبیر سن جوان کو لڑکا بولتے ہین اور اس کلام مین گویا تعریف فرمائی ہی کہ باوجود کم عمری ایسا رتبہ بلند حاصل کیا کہ سب پیغمبرون سے افضل ہوے فائدہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام جو آسمان ششم پر پہلے اُسمین نکتہ یہ ہی کہ صحیفہ فضل و کرامت سید المرسلین و صفیہ بزرگی امت عالی ہمت کو جلسہ ملاء اعلیٰ مین باحسن وجہ کھول کر پڑھین دوسرے یہ کہ مقدمہ تخفیف اوقات نمازین حضرت صلعم سے التماس کرین

اور آنجناب کو پھر حضرت رب الارباب مین بھیجین اگر حضرت موسیٰ دور ہوتے تو آمد و رفت مین تکلیف ہوتی بالجملہ بعد ملاحظہ عجائبات
آسمان ششم آسمان ہفتم پر تشریف لیگئے فرمایا حضرت صلعم نے کہ یہ آسمان پانسو برس کی راہ ہی اور ہر ایک آسمان کے بیچ مین اتنا ہی
فرق تھا یہ آسمان جو ہر سفید یا نور تاباں سے بنا ہی نام اسکا اسحاقائیل ہی دربان اسکا روحائیل نام رکھتا ہی تو ابع اسکے ساٹھ لاکھ ہین
تسبیح اسکی یہ تھی سبحان الذی بسط السموات فرقھا سبحان الذی سطح الارض ففرشھا سبحان الذی اطلع الکواکب ازہرا سبحان الذی
ارسی الجبال فھیا ہا سو اسکو مین نے سلام کیا اُسنے جواب دیا اور خوشخبری کرامت کی سُنائی اور بعد معاینہ عجائبات اس آسمان کے جبرئیل
مجکو آگے لیگئے اور طی کیے مین نے ستر ہزار پردے آگ کے پھر ستر ہزار حجاب سونے کے پھر ستر ہزار حجاب ابرق کے پھر ستر ہزار حجاب
یاقوت سُرخ کے پھر ستر ہزار ظلمت کے اور ہر حجاب مین پانسو برس کی راہ کا فرق تھا پھر ستر ہزار حجاب نور کے پھر ستر ہزار ہوا کے
طی کیے پھر داخل ہوا حجب سلطانی مین پھر پہونچا حجب قربت مین پھر حجب عظمت مین پھر حجب کبریا مین پھر حجب ملکوت مین پھر حجب
جلال مین پھر حجب عزت مین پھر حجب فردانیت مین پھر سایۂ سدرۃ المنتہیٰ مین پہونچا یعنے درخت بیری کے پاس یہ درخت
بڑے سرے کا بلند درخت ہی اور اُسکے بیر ایسے جسطرح حجر کے مٹکے حجر عرب مین ایک مکان ہی جسکے مٹکے بڑے بڑے ہوتے ہین اور پتے
ایسے جیسے ہاتھی کے کان اور جڑ اُس درخت کی ششم آسمان مین ہی اور وہی درخت نیچے اوپر مین حد ہی کہ نیچے کے لوگ اوپر نہین
پہونچتے اور اوپر کے نیچے نہین آتے اور اُسپر فرشتے چھا رہے ہین جسطرح پروانہ اور اس کثرت سے ہین کہ سوائے خدا کے کوئی شمار
نہین کرسکتا اور اُسی کے بیچ مین مقام حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ہی اور سدرۃ المنتہیٰ اس سبب سے کہلاتا ہی کہ علوم خلق خدا
وہین تک پہونچتا ہی آگے نہین جاتا اور سوائے حضرت صلعم کوئی اُس سے آگے نہین گیا اُسی کے پاس بہشت ہی اور بعضے کہتے ہین
کہ جو تحت سے فوق کو جاتا ہی وہان منتہی ہوتا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ ارواح شہیدون کی وہان تک پہونچتی ہی اور وہ اُنکی رواح کی
سیر کا منتہی ہی اور وجہ تسمیہ اسکی یہ سدرہ موقوف علم شارع پر ہی وہ ایک درخت ہی کہ سیر کرے سوار اُسکے سایہ مین ستر برس اور
ایک پتہ اُسکا سائبان ہی تمام خلق پر اور کہا ابن عباس نے کہ سدرہ ایک درخت ہی بیر اُسکا رُسخ کا اور شاخین مروارید کی جڑ سے
شاخون تک پچاس ہزار برس کی راہ ہی بالجملہ ایک پھل اُسکا توڑ کر جبرئیل نے حضرت صلعم کو دیا نہایت خوشبودار و بامزہ تھا حضرت
صلعم نے فرمایا کہ اُس درخت کی جڑ مین چار نہران دیکھین دو ظاہر دو پوشیدہ جبرئیل نے کہا پوشیدہ نہرین سلسبیل و کوثر ہین کہ بہشت کو
جاتی ہین اور دو ظاہر نیل مصری و فرات کوفہ کہ یہانسے بہکر دنیا مین جاتی ہین مین کہتا ہون اس سے یہ مراد ہی کہ اگر اُس عالم کے
پانی کو اس جہان کے پانی سے مشابہت دین تو نیل مصر اور فرات کوفہ کا پانی اُن نہرون کا نمونہ ہی یا حقیقت مین فرات و مصر کو اُنسے
مدد ہوتی ہو کہ ہمکو نظر نہین آتا اور روایت مسلم مین ہی کہ چار نہرین دنیا کی بہشت سے ہین نیل و فرات و سیحان و جیحان اور طریق جمع
یہ ہی کہ یہ چار سدرہ کی بہشت مین ہی پھر جب نہرین اُس سے نکلین تو بہشت سے ہوئین اور جو شریک نام راوی نے کہا ہی کہ آسمان دنیا مین
حضرت کو دو نہرین نظر آئین اور حضرت جبرئیل نے کہا یہ نیل مصر و فرات کوفہ مین سو یہ امر بحسب ظاہر کمال اشتہار ان نہرون کے تھا اور سوائے
اُنکے اور بھی نظر آئین مین فرمایا حضرت صلعم نے ثم رفع الی البیت المعمور یعنے پھر اُٹھایا گیا طرف بیت المعمور کے یہ گھر فرشتون کا کعبہ ہی

کہ ہر لحظہ اُنسے بعد راستا ہو اور مقابل بعبہ معظم ہفتم آسمان پر رکھا ہو کہ اگر گرے زمین پر تو کعبہ پر گرے وہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کعبہ
لگائے بیت المعمور سے بیٹھے تھے اور بعض روایت میں ہو کہ دروازہ بہشت پر جلوہ فرما تھے کرسی پر حضرت نے فرمایا میں نے آکر سلام
کیا اُنھوں نے جواب دیکر مصافحہ کیا اور فرمایا اے محمد آج کی رات است کو یاد رکھیو اور جہاں تک ہو سکے تخفیف طلب کیجیو اور یہ تسبیح پڑھتے

سبحان من لا یصف الواصفون عظمتہ وفناء سبحان من نصبت الرقاب وذلت للصواب بعد اُسکے حضرت سے
وصیت فرمائی از انجملہ ایک یہ ہو کہ اے محمد زمین بہشت کی پاک و قابل زراعت ہو اپنی امت سے فرما دو کہ اس میں
خواجہ عالم نے پوچھا کس طرح بووین فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے کہنے سے فائدہ آسمان ہفتم پر حضرت ابراہیم اس سے
ملکہ یہ آسمان برزخ حقیقی میان عالم غیب و شہادت ہو اور حضرت ابراہیم خلیل ہین اور آنجناب حبیب روایت ہو کہ بیت المعمور کے
پاس تین پیالے لائے گئے ایک مین شراب دوسرے مین دودھ تیسرے مین شہد حضرت صلعم نے کسی قدر شہد پیا اور شراب کو نہ دیکھا اور
دودھ کو اختیار کیا جسطرح پہلے دودھ لیا تھا حضرت جبرئیل نے کہا دودھ پیدائشی دین اسلام کی صورت ہے جسپر آپ ہین اور آپکی
امت اور بعض روایات مین چار پیالے لکھے ہین ایک از انجملہ پانی کا تھا مگر حضرت صلعم نے دودھ کو اختیار کیا تب فرشتوں نے آفرین کی
اور کہا کہ اگر آپ پانی اختیار کرتے تو امت آپکی غرق آب ہو جاتی اور جو شہد لیتے تو لذت دنیا مین گرفتار ہو جاتی اور اگر شراب لیتے تو گمراہ
ہو جاتی دودھ کے اختیار کرنے مین آفت و بلا سے بچی لیکن چونکہ تھوڑا دودھ آنجناب نے چھوڑ دیا اس سے تھوڑے گناہ باقی رہتے حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے کہا اب شیر اتنی مانندہ پی لون جبرئیل نے کہا تقدیر مین اُمتی حضرت نے بہت تاسف کیا اور فرمایا
اختیار کرنا دودھ کا تناول ہو در باب اختیار است علم و ہدایت کو کہ اسلام عبارت اُس سے ہے کیونکہ عرب کو دودھ مین نہایت منفعت ہے
اور دودھ محبوب تین اشیا ہے و لہذا جو کوئی دودھ پیتا خواب مین دیکھے تو موافق احادیث صحیحہ کے تعبیر اسکی حصول علم و حکمت ہے کیونکہ
منفعت علم عائد بحال دنیا و آخرت ہے بالجملہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ جبرئیل نے میرا ہاتھ پکڑا اور اپنے مقام سے سدرہ پر لایا
اور مجھ سے غیبت کیا مین نے کہا اسوقت مجھے کیون تنہا چھوڑتا ہے کہا یا رسول اللہ مجھے یہانسے آگے بڑھنے کی طاقت نہین ہے و ما منا الا لہ
مقام معلوم ہین یہانتک آپکے ساتھ تھا اب آپ تشریف لیجائیے خواجہ عالم نے فرمایا تمنے اقرار کیا تھا میرے ساتھ رہنے کا اور کہا تھا انا
حافظک لی اللہ پھر کیوں اسلیے یہان ٹھہرتے ہو یہ کہکر حضرت نے جبرئیل کا ہاتھ پکڑا اور ایک قدم اپنی جانب کو کھینچا جبرئیل نہایت نور
ہمچو عصفور ہو گئے اور رونے لگے اور کہا یا رسول اللہ مجکو میرے مقام پر پہونچا دو اگر ایک انگلی کے برابر آگے بڑھونگا تو بال کے پہائے سے جل
خاکستر ہو جاؤن لو دونوں انملہ لاحترقت تب حضرت نے دست مبارک سے اشارہ کیا اور اُنکے مقام پر کہ انہون نے کہا تھا پہونچا دیا
پہونچایا اور ایک روایت ہو کہ فرمایا جب سدرہ سے آگے بڑھا تو جبرئیل نے کہا آپ آگے چلیں مین نے کہا تم چلو کہا یا محمد تقدم فانک کرمت علی ربک
یعنی تم آگے بڑھو اور چلا جبرئیل پیچھے چلے پھر پہونچایا مجکو حجاب عزت تک اور اسکو ہلایا آواز آئی کہ کون ہو کہا مین ہون جبرئیل
اور یہ ساتھ محمد ہین فرشتہ نے حجاب کے اندر سے کہا اللہ اکبر اللہ اکبر حجاب کے پرے سے آواز آئی صدق عبدی انا اکبر انا اکبر
پھر فرشتے نے کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ حجاب کے پرے سے آواز آئی صدق عبدی انا اللہ لا الہ الا انا پھر فرشتے نے کہا اشہد ان محمد رسول اللہ

اور مجھ کو پردے سے آواز آئی صدق عبدی انا ارسلت محمدا پھر فرشتے نے کہا ھی علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح وہ مجھ سے آواز آئی صدق عبدی ودعانی عبادی پھر سنا میں نے کہ آواز آئی یا محمد انک لدیک اشرف علی الاولین والآخرین پھر اس فرشتے نے پردے کے اندر سے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اٹھا لیا جبرئیل وہیں کھڑے رہ گئے حضرت نے فرمایا کہ اے جبرئیل ایسے مقام میں مجھ کیوں جدا ہوتے ہو کہا یا رسول اللہ وما منا الا لہ مقام معلوم اس سے کوئی فرشتہ اپنے مقام سے بڑھ نہیں سکتا مگر آج کی رات آپکے سبب سے میں یہاں تک پہنچا ہوں نہیں تو کبھی سدرہ سے آگے نہیں بڑھا فاما جبرئیل کا قول سے معلوم ہوا کہ ہر فرشتہ کا مقام معلوم ہے معین لیکن افضل ترین بشر کو مقام معین کی قید نہیں اسواسطے حضرت سرور انبیا کو مقام معلوم نہیں پھر فرمایا حضرت نے پھر وہاں سے تنہا روانہ ہوا اور ستر ہزار حجاب نور وظلمت کے طے کیے اب برق بھی رہ گیا اور رفرف نورانی آیا اسپر سوار ہو کے نیچے عرش تک گیا اور ایک روایت ہے کہ بعد جبرئیل کے میکائیل آئے کہ حضرت نے انکے پروں پر یا سر پر قدم رکھے تو میکائیل پچاس دور گئی دریا اسنے اپنے بازو کے زور سے طے کیے پھر پردے آئے ہر پردہ پانسو برس کی راہ انکو بھی طے کیا پھر حجاب آئے ہر حجاب ایک ہزار برس کی راہ تھا وہاں میکائیل ضعیف ہوے اور اڑنے سے تھکے اور عذر خواہی کر کے پھرے تب اسرافیل نے اپنے پروں پر اٹھایا اور انھوں نے حجابات چند طے کرائے پھر حجاب قدرت آیا اسکو بھی طے کیا جب حجاب عظمت آیا تو اسرافیل تھک رہے اور عذر کر کے لوٹے پھر رفرف آیا حضرت فرماتے ہیں کہ وہ ایک موتی سفید کا بنا ہوا ہے اسنے سلام کیا اور اسکی تسبیح وتہلیل کا آوازہ ملکوت میں پڑا ہوا تھا سو میں نے قدم اپنا رفرف کے سر پر رکھا اسنے ایک جست میں ساق عرش پر پہونچایا اور اسنے حجاب مروارید یاقوت ونور وظلمت کے کہ ستر ستر ہزار تھے طے کرائے اور پردہ داران عرش میں پہونچایا وہاں ستر ہزار پردے دیکھے بعضے مروارید کے اور بعضے یاقوت کے اور بعضے جواہر کے سو رفرف نے طے کرائے جب ایک پردہ رہ گیا تو رفرف قدم کے نیچے سے غائب ہو گیا اور ایک بڑا موتی سفید کا نظر آیا اسنے اٹھا کر وہ پردہ طے کرایا جب حجاب کبریا آیا وہ بھی غائب ہوا اور کوئی سواری میرے پاس نہ رہی میں اس میدان میں حیران رہا تھا خطاب ہوا اے حبیب میرے آؤ اور اس پردہ کو طے کر لو گا کی میں نے حجاب طے ہوا اور کئی قدم نیچے رہا پھر خطاب آیا اُدْنُ مِنِّی پاس آؤ میرے ہر بار میں اسی خطاب سے مشرف ہوتا تھا اور قدم رکھتا تھا جسقدر مسافت زمین سے وہاں تک طے ہو چکی تھی ہر قدم میں طے ہوتی تھی ہزار مرتبہ خطاب اُدْنُ مِنِّی کا سنا میں نے آخر وہاں سے ترقی کر کے رتبۂ دنی پر پہونچا اور وہاں سے درجۂ قتدلی پر پہونچا اور وہاں سے خلوت خانہ فکان قاب قوسین او ادنی سے کامیاب ہوا اور محرم اسرار فاوحی الی عبدہ ما اوحی ہوا روایت ہے کہ آخر الامر آنجناب ایسے مقام پر پہونچے کہ تحت وفوق ویمین وشمال سے منزہ تھا پس اللہ تعالیٰ اور حضرت میں ایسی واقفیت کلیہ متحقق ہوئی کہ ایک کی رضا دوسرے کی رضا ہوئی اور ایک کا مقبول دوسرے کا مقبول ہوا اور جو کلمہ وکلام واقع ہوا ہے اسکا بیان خالی از اشکال نہیں ہے کیونکہ جب حبیب حبیب سے ملتا ہے تو یہی طرح کی بات چیت ہوتی ہے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم قرب الٰہی کے اعلیٰ مقام پر پہونچے تو آپنے بزبان حال کہا اب میں یہاں سے نجاؤنگا ارشاد ہوا کہ اے محمد فی الحال یہاں سے جانا نہیں ہے تاکہ گمراہوں کو ہدایت ہو اور میں قادر ہوں کہ تجھ کو پھر یہاں لاؤں اور جب خلق سے ملال پہونچے تو روبے نیاز قبلہ گاہ نماز کی طرف لانا اسوقت اسی مقام میں ہوگا چنانچہ

جب کبھی حضرت صلعم کو رنج ہوتا تھا تو نماز شروع کر دیتے تھے نقل ہی کہ جب حضرت رحمۃ للعالمین عرش معلی کے نیچے پہونچے تو خوف
لاحق ہوا اُسی دم ایک قطرہ شیرین بامزہ دہن مبارک مین گرا کہ علم اولین و آخرین کشف ہوگیا روایت ہی کہ فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام
نے کہ مین نے ایک روز حضرت سے پوچھا کہ اللہ تعالی نے آپسے کیا کیا کلام فرمائے ارشاد کیا کہ اللہ نے میری امت کی چند شکایتین
فرمائین ایک یہ کہ مین رزق و روزی بندگان کا ضامن ہون اور تیری امت اس ضمانت پر اعتماد نہین کرتی دوسرے یہ کہ تیری
امت کے واسطے مین نے جنت بنائی ہی مگر وہ رغبت اسطرف نہین کرتی تیسرے دوزخ اُنکے دشمنون کے واسطے بنا ہی اور امت تیری
ساعی اُسی مین جانے کی ہی چوتھے خلوت مین گناہ کرتی ہی اور مجھسے نہین شرماتی اور بندون سے بخوف ملامت ڈرتی ہی پانچوین
مین کل کا کام آج نہین لیتا اور وہ برسون و مہینون و ہفتون کا رزق مجھسے طلب کرتی ہی چھٹے مین روزی اُسکی دوسرے کو
نہین دیتا اور وہ میری عبادت و طاعت غیر کو دیتی ہی یعنے ریا کے طور پر طاعت کرتی ہی اور غیر کو میری عبادت مین شریک
کرتی ہی ساتوین تیری امت غیر سے عزت چاہتی ہی حالانکہ عزت دینے والا مین ہون آٹھوین نعمت مین دیتا ہون شکر اور کا
کرتی ہی نوین مین اُنکی نافرمانی کی شکایت اپنے فرشتون سے نہین کرتا اور امت تیری انمک رنج و بلا مین لوگون سے میری
شکایت کرتی ہی روایت ہی کہ ایک دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس کیا کہ یا رسول اللہ سخنان
پوشیدہ معراج سے کوئی بات ارشاد ہو فرمایا کہ اللہ نے کہا اے محمد امت سابقہ جو گناہ کرتی تھی عذاب نازل کرتا تھا اور جو یہ امت گناہ
کرتی ہی تو پردہ ڈالتا ہون روایت ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نے اے محمد تیری امت دو قسم ہی مطیع و عاصی مطیعون کی طاعت میری
رضا سے ہی اور عاصیون کی معصیت قضا سے پھر جو میری رضا سے ہی مقبول ہی کہ مقتضائے کرم یہی ہی اور جو میری قضا سے ہی وہ
لائق عفو ہی کہ یہی مقتضائے رحمت ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ صاحب نے کہا اے محمد کچھ اور مانگ کہ عنایت کرون حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا الٰہی تو میرے مطلب سے آگاہ ہی فرمایا تقصیرات امت سے غمگین رہتا ہی سو تقصیرات فرائض مین تو شفیع ہی اور
تقصیرات سنن مین مین شفیع ہون اور بعض ثقات نے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ مجھے وحی ہوئی اے محمد تجھمین اور تیری
امت مین کئی شرطین ہین اوّل جو کوئی اطاعت کریگا اُسے رد نہ کرونگا اور بقدر استطاعت اُس سے اطاعت چاہونگا نہ لائق اپنے
اور جزا اُسکی کرم کے موافق دونگا دوسرے جو کوئی گناہ سے توبہ کریگا قبول کرونگا تیسرے ہفت اندام پر نظر کرونگا اگر چہ عضو گناہ سے
ملوث ہونگے اور ایک مشغول بہ طاعت تو عضو مطیع کے طفیل سے سب کو بخشونگا چوتھے مین دل کو دیکھتا ہون اگر گناہ کر کے
پشیمان ہوتا ہی تو عفو کرتا ہون پانچوین جب میرا بندہ گناہ پر اصرار نہین کرتا اور نادم ہوتا ہی تو اُسکو درد و بیماری دیتا ہون
تاکہ کفارہ گناہ ہو جائے چھٹے افعال تیری امت کا شمار بفضل کرتا ہون نہ بہ عدل اگر طاعت زیادہ ہوتی ہی تو اُسکی جزا دیتا ہون
اور جو معصیت زیادہ ہوتی ہی تو اُسکے ظلم کرنے والے پر رکھتا ہون ساتوین تیری امت کا حساب کرم سے کرونگا اور گناہ اُنکے
اپنے فضل سے بخشونگا اور جنت مین رحم سے لیجاؤنگا اور بعض روایات مین آیا ہی کہ اللہ تعالی نے فرمایا اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم
اپنی امت کو پانچ پیغام میرے پہونچاؤ تہلا یہ کہ اگر تم کسی کو بسبب احسان کرنے کے دوست رکھو تو مجھی کو دوست رکھو کیونکہ مین نے

تم بہت احسان کیے ہیں دوسرا اگر کسی سے خوف کرو تو مجھی سے کرو کہ میں زیادہ اُنسے قدرت رکھتا ہوں تیسرا اگر کسی سے امید رکھو کہ مراد کو پہونچینگے تو مجھی سے امیدوار ہو کہ مراد دینے والا میں ہوں اور حاجات روا کرنے والا میں ہوں اگر دعا مانگو تو مجھی سے مانگو اور حیا التجا کرو تو مجھی سے کرو جو تمھا اگر کسی سے شرم رکھو جھا کرنے میں تو بہتر ہو کہ مجھ سے رکھو کہ تمسے جفا کا عرق ہوتی ہے اور مجھ سے وفاداری پانچواں اگر کسی کی خدمت کرو جان و مال سے تو بہتر ہو کہ مال کو میری راہ میں صرف کرو اور جان و تن کو میری خدمت میں حاضر کرو کہ میں تکلف و کذب سے منزہ اور غرض و طمع سے مبرا ہوں حدیث شریف میں وارد ہوا کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا میں نے اللہ کو اچھی صورت میں اور مجھسے حق تعالیٰ نے پوچھا کہ رات میں ملاء اعلیٰ کے جھگڑتے ہیں میں نے کہا الٰہی تو عالم ہے سو رکھی اللہ تعالیٰ نے ہتیلی اپنی درمیان دونوں شانوں میرے کے کہ پایا میں نے اثر رحمت و راحت کا درمیان دونوں پستان اپنی کے پھر جو کچھ آسمان و زمین میں غیبات سے تھا کھل گیا پھر پوچھا مجھسے ای محمد کچھ جانتا ہے فرشتے کیا کہتے ہیں میں نے کہا کفارات یعنی عبادات میں کلام کرتے ہیں فرمایا کیا ہیں کفارات میں نے کہا الکفارات اسباغ الوضو فی المکارہ و المشی بالاقدام الی الجماعات و انتظار الصلوٰۃ بعد الصلوٰۃ یعنے پوشیدہ کرنے والی گناہوں کی تین چیزیں ہیں پہونچانا پانی وضو کا مقامات وضو میں وقت سرما و شدائد نفس کے اور جانا پیادہ واسطے جماعت نمازوں کے اور انتظار نماز کرنا بعد ادائے نماز کے جو کوئی ان تین چیزوں پر قیام کرے زندگانی اسکی بوجہ احسن بسر ہوا اور اس عالم پائیدار سے نیکنامی کے ساتھ عالم پائیدار کو جائے اور گناہوں سے پاک رہے اور ایک روایت میں ہے کہ جب عصمتین الکتفین خواجہ کونین صلے اللہ علیہ وسلم کف کفایت الٰہی سے مشرف ہوا اور جملہ غیبات ارض و سماوی منکشف ہو گئے تو حضرت حق نے پوچھا فیم یختصم الملأ الاعلیٰ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا فِی الْکَفَّارَاتِ وَالدَّرَجَاتِ وَالْمُهْلِکَاتِ حق تعالیٰ نے فرمایا صَدَقْتَ یَا مُحَمَّدُ پھر فرشتوں کو خطاب ہوا کہ ای ملائکہ تمنے حلال مشکلات کو پایا پوچھو اس سے جو مشکل ہو اسرافیل نے پوچھا یا محمد کیا ہیں کفارات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ الخ فرمایا حق نے سچ کہتا ہے تو ای محمد صادق پھر میکائیل علیہ السلام نے پوچھا کیا ہیں درجات یعنے جس سے بندوں کے درجے بلند ہوتے ہیں فرمایا اِطْعَامُ الطَّعَامِ وَاِفْشَاءُ السَّلَامِ وَالصَّلٰوۃُ بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ یعنے کھانا کھلانا اور سلام ظاہر کرنا اور رات میں نماز تہجد پڑھنا کہ لوگ سوتے ہوں حق تعالےٰ نے فرمایا صَدَقْتَ یَا مُحَمَّدُ پھر جبرئیل علیہ السلام نے پوچھا کیا ہیں منجیات یعنے نجات دینے والی چیزیں عذاب الٰہی سے کیا ہیں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خَشْیَۃُ اللّٰہِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃِ وَالْقَصْدُ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنَاءِ وَالْعَدْلُ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضَاءِ یعنے ڈرنا اللہ سے پوشیدہ و ظاہر و میانہ روی درویشی و تونگری میں اور راستی غضب و خوشی میں یا یہ معنی ہیں کہ ظاہر و باطن میں اللہ سے ڈرنا اور نیکی و فراخی میں رضامند رہنا اور غصہ میں حد سے تجاوز نہ کرنا فرمایا حق تعالیٰ نے صَدَقْتَ یَا مُحَمَّدُ پھر عزرائیل نے پوچھا کیا ہیں مہلکات یا محمد فرمایا حضرت نے شُحٌّ مُطَاعٌ وَهَوًى مُتَّبَعٌ وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ یعنی بخیلی

اطاعت کی گئی کہ جو کچھ اُسپر عمل کرے یا شیطان کے کہے پر چلنا اور ہوائے نفس کی پیروی کرنا اور اپنے نفس کو نیک اعتقاد کرنا حق تعالیٰ نے فرمایا صدقت یا محمد نقل ہی کہ چار لاکھ یا چار ہزار برس سے اِن چارون مسئلون مین یہ چارون فرشتے گفتگو کر رہے تھے اور جواب نہین جانتے تھے شب معراج مین آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم سے خاطر جمعی ہوئی جبکہ جواب پائے بعض اہل سیر نے یہ وجہ بھی معراج کی لکھی ہی لیکن لایعباء بہ کیونکہ اصل وجہ ملاقات حبیب تھی اور سب تاویلات ہین بالجملہ جب حضرت محبوب رب العالمین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم عرش مجید پر پہونچے تو ارشاد ہوا کہ ثنا کر میری تب حضرت صلعم نے کہا التحیات للہ والصلوات والطیبات حق تعالیٰ نے فرمایا السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر حضرت صلعم نے کہا السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین جب ملائکہ ملکوت نے یہ رتبہ ملاحظہ کیا تو اکبارگی سب پکار اُٹھے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ اُسوقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا التحیات آخر تک کہنا گویا حضور بادشاہ مین کورنش وتسلیم ہوا اور خداوند تعالیٰ کا السلام علیک تا آخر فرمانا جیسے بادشاہ اپنے مقرب کا سلام بہ مہربانی وتوقیر لیتے ہین پھر آنجناب کا السلام علینا آخر تک کہنا ایسا ہی جیسے عالی ہمت مقربان بادشاہی بوقت توجہ بنسبت بخود اورون کو یاد فرماتے ہین تاکہ وہ بھی مشمول مراحم ہون اور ملائکہ کا اشہد ان لا الٰہ الخ کہنا گویا بادشاہ کی اور اُس مقرب کی تعریف ہی اور قعود نماز مین پڑھنا اسی واسطے مقرر ہوا کہ حال معراج یاد آوے کیونکہ قعود جملہ صورتون سے زیادہ دلالت تو قیر پر کرتا ہی نقل ہی کہ جب خداوند عالم نے قلم کو پیدا کیا تو فرمایا لکھ قلم نے کہا کیا لکھون فرمایا لا الٰہ الا اللہ چار ہزار برس مین قلم نے یہ کلمہ لکھا پھر حکم ہوا کہ قلم نے عرض کیا کیا لکھون ارشاد ہوا محمد رسول اللہ چار ہزار برس مین قلم نے یہ اسم مبارک لکھا پھر نالان ہوکر بولا یہ کون ہی جسکا نام نامی تیرے اسم گرامی کے پاس لکھا ہی خطاب ہوا کہ یہ اسم محمد عربی نبی آخر الزمان کا ہی قلم کو عشق پیدا ہوا اور بے اختیار بول اُٹھا السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حق تعالیٰ نے آنجناب کی نیابت کرکے جواب مین فرمایا السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین پھر وہ سلام وجواب امانت رکھا گیا شب معراج مین آنجناب کو پہونچایا اور جواب اپنا آپکی زبان سے کہلایا اسی واسطے سلام سنت ہی اور جواب فرض اور اسمین اشارت ہی کہ سلام قلم کا اللہ تعالیٰ نے ضایع نہین کیا ہم امیدوار ہین کہ صلوٰۃ وتسلیمات ہماری کہ آج ہم آنجناب صلعم پر بھیجتے ہین فردائے قیامت آنکو پہونچاویگا اور بسبب مغفرت سیئات وباعث رفع درجات کریگا اگر کوئی سند کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عباد صالحین کو معراج مین یاد فرمایا اور گنہگارون کو یاد نہ کیا تو جواب یہ ہی کہ حضرت نے فرمایا السلام علینا اسمین گنہگارون کا شمول ہی اور عباد صالحین کو علیحدہ کیا ہی اور آنکو اول بنظر غریب پروری یاد کیا ہی کیونکہ مستحق کرامت گنہگاران اُمت جملہ کے پاس وقت کی نماز فرض ہوئی اور مراجعت کا حکم ہوا چنانچہ حضرت سید المرسلین جسطرح سے مقام مقصود تک تشریف لائے تھے اسی طرح مقام جبرئیل علیہ السلام تک پہونچے حضرت جبرئیل نے التماس کیا مبارک ہو آپ بہترین خلائق ہین شب اللہ نے آپکو ایسے مقام پر پہونچایا کہ کسی مخلوق آدمی کو نصیب نہین ہوا اور نہ کوئی فرشتہ مقرب

وہان گیا یہ کرامت آپ ہی کو مخصوص ہوئی اسکا شکر کیجیے کہ ان اللہ یحب الشاکرین سو حضرت نے شکر کیا بعد اسکے جبرئیل حضرت کو بہشت مین لیگئے تو وہان کے لوگ اکثر فقیر و درویش نظر آئے پھر دوزخ دیکھی تو وہان متکبر و جبار و ظالم و بکار دیکھ پڑے پھر عزرائیل سے ملاقات ہوئی اُنسے سفارش امت کے واسطے فرمائی کہ قبض روح مین تکلیف نہ دینا پھر وہان سے چلکر حضرت موسیٰ پاس آئے انھون نے کہا پچاس وقت کی نماز تمھاری امت سے ادا نہو سکیگی استدعائے تخفیف کرنا چاہیے کہ حضرت لوٹے پھر سے اور درخواست تخفیف کی چالیس وقت کی نمازین رہین پھر حضرت موسیٰ کے پاس آئے اور فرمایا دس وقت کی تخفیف ہوئی ہے حضرت موسیٰ نے کہا آپکی امت سے ادا نہو سکیگی لہذا حضرت رحمۃ للعالمین پھر تشریف لیگئے تو دس وقت کی اور تخفیف ہوئی جب پھر حضرت موسیٰ کے پاس آئے انھون نے پھر واپس بھیجا آنحضرت پھر تشریف لیگئے تو دس وقت کی اور کم ہوئی بالجملہ پانچوین بار مین پانچ وقت کی نماز باقی رہی تسپر بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مبالغہ کیا تھا مگر شفیع الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب بار بار دربار بے نیاز مین عرض کرنے سے شرم آتی ہے اب مین اسپر راضی ہوا اسی وقت حضرت عزت جل جلالہ سے خطاب ہوا کہ ای محمد ایک وقت کی نماز دس دس کے برابر قبول کرونگا کہ پچاس ہوجائین معہ اہب صوفیہ مین لکھا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تین صورتین تھین بشری ملکی حقی کما قال اللہ انما انا بشر مثلکم وقال علیہ السلام انی لست کاحدکم ابیت عند ربی یطعمنی ویسقینی ولی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل اور حق جل علی نے ہر ایک صورت مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کیا یا صورت بشری کلمات مرکبہ جسطرح قل ہو اللہ احد اور صورت ملکی سے بحروف مفردہ جیسے یٰسٓ اور بصورت حقی مبہم فاوحیٰ الی عبدہ ما اوحیٰ اور دلیل صورت ثالثہ ہر ایک یہ ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے من رانی فقد رانی الحق الحاصل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمراہ جبرئیل علیہ السلام ام ہانی بنت ابیطالب کے گھر تشریف لائے حضرت عمار کی روایت مین تین ساعت اس سفر مین گذرین اور وہب ابن منبہ و ابن اسحٰق کے قول پر چار رباب سیر لکھتے ہین کہ حضرت نے وقت معاودت صحرائے ذی طوی مین جبرئیل سے فرمایا کہ قریش اس واقعے کی انکار کرینگے کہا مجھ ڈر نہین ابوبکر تصدیق کریگا اول اور وہ ہی صدیق اس مقام سے مفہوم ہوا کہ حضرت صدیق اکبر کو اللہ تعالیٰ نے یہ سب حالات دکھلائے تھے چنانچہ مواہب صوفیہ مین ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای رب اول جلال کبریائی سے متوحش تھا جب آواز ابوبکر کی آئی قف یا محمد فان ربک یصلی تب اطمینان ہوا اور اللہ نے فرمایا اسی واسطے آواز ابوبکر کی سنائی کہ وہ تیرا بڑا دوست ہے انتہی اور مراد صلوٰۃ سے اس جگہ رحمت خدا ہے ام ہانی سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات میرے گھر مین تھے صبح ہوئی تو ارشاد کیا کہ جبرئیل رات کو مجھے بیت المقدس مین لیگئے وہانسے افلاک پر اور قبل صبح پھیر لائے ام ہانی کہتی ہین کہ مین نے کہا یا رسول اللہ اس راز کو منکرون کے روبرو نہ کہنا وہ عمل کر دشمنی کرینگے فرمایا واللہ ای ام ہانی مین کہونگا حضرت عباس سے روایت ہے کہ صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم موضع حجر مین جلوہ افروز تھے

فضیلت ابوبکر صدیق

کہ ابوجہل لعین آیا اور از روے تمسخر و مضحکہ بولا کچھ نیا استفادہ کیا فرمایا ہان رات کو مین نے سفر کیا اُسنے کہا کہان کا حضرت نے بالتفصیل معراج کا حال فرمایا کہا رات کو گئے صبح کو پھر آئے بھلا اورون سے بھی بیان کروگے فرمایا ہان سب سے کہونگا ابوجہل نے بنی کعب بنی لوی کو آواز دی وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو حاضر ہوے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی تقریر تفصیلی کو اعادہ کیا اُنھون نے سر اپنے پیٹے اور ہاتھ ملے بعد اُسکے ابوجہل نادانی سے مع جماعتی کعب و لوی ابوبکر صدیق کے پاس گیا اور تمام احوال حضرت کی زبانی بیان کیا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو کچھ حضرت نے فرمایا ہی سب سچ ہی سر مو تفاوت نہین خدا کی قدرت سے بعید نہین دیکھو جبرئیل ہر لمحہ آتے ہین آسمان ہفتم کے اوپر سے آتے ہین اور پھر جاتے ہین وہ مردود شرمندہ ہوا بعد اُسکے بعض قریش نے جو کہ بیت المقدس دیکھ چکے تھے وہ نشانیان پوچھنے لگے حضرت نے باعانت عالم الغیب ایک ایک نشانی بتلائے کہ رہنے والا وہان کا بھی بیان نہ کرسکے اور سبب ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد اقصیٰ کے صفات بیان کرنے مین کچھ شبہہ پڑا تھا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اپنے پرون بیت المقدس کو لاکر عقیل بن ابیطالب کے گھر کے متصل سامنے رکھدیا تھا پھر قریش نے پوچھا کی قافلے راہ مین ہین کسی کو دیکھا فرمایا آیا مین روحا کے اندر ایک قافلے پر گیا تو اونٹ کھو گیا تھا اُسے ڈھونڈھتے تھے اور منزل پر پانی کا پیالا بھرا رکھا تھا مین نے اُسکا پانی پیا جب وہ تلاش کرکے آئے تو پیالا ویسا ہی پُر ملا جب وہ آوین سب پوچھ لینا اور فرمایا کہ جب ہو نچا مین ذی مرو مین ایک قافلے پر تو دو مرد ایک اونٹ پر سوار ملے اُنکا اونٹ میرے براق کو دیکھ کر بھڑکا ایک آدمی گر پڑا اُسکا ہاتھ ٹوٹ گیا جب آوین پوچھ لینا پھر قریش نے کہا ہمارے گھر کا قافلہ کہان دیکھا تھا فرمایا تنعیم مین اور جتنا اُنکے پاس اسباب تھا اور جتنے اُس قافلے مین آدمی تھے ایک ایک کو نام بنام بیان کیا اور کہا دو اونٹ خاکستری رنگ تھے مخطط غرارے لدے تھے وہ دونون آگے آگے قافلے کے تھے اور فرمایا یہ قافلہ پرسون وقت طلوع آفتاب آئیگا پھر وہ لوگ حضرت کے پاس سے گئے اور کہا واللہ بقدر نص محمد شیا بینہ یعنے قسم خدا کی محمد نے بیان کی ٹھیک بات مگر ابن ہمدلی ہین ہم تاب کہاتے اور کہتے کہ جہانتک ہوسکے سب باتون کو تحقیق کرنا ضرور ہی کوئی بات خلاف نکلیگی اُسی کو ذریعہ تکذیب کرینگے چنانچہ روز موعود بعض منکر فجر کے وقت گھر سے نکل راہ مین بیٹھے اور طلوع شمس کے منتظر ہوے اور قافلے کو تاکنے لگے اور اپنے بتون کے نام لیکر دعا مانگنے لگے کہ قافلہ نہ آوے اتنے مین کسی نے کہا کہ وہ قافلہ آیا بے آنکھ اُٹھا کر دیکھا تو قافلہ چلا آتا ہی جب پہونچا تو وہ باتین پوچھین جو حضرت نے فرمائین تھین سب درست نکلین قریش مغموم ہوے اور اپنی شامت سے کہنے لگے یہ ساحر ہین روایت ہی کہ جس روز معراج کے سفر سے حضرت تشریف لائے علی الصباح جبرئیل علیہ السلام آئے صبح سے عشا تک پانچ وقت کی نماز سید المرسلین و جمیع صحابہ کے ساتھ اول وقت بہ امامت ادا کی دوسرے دن پھر نماز کے آخر وقت آئے اور اسی طرح آخر وقت بہ امامت نماز پڑھی تب حضرت صلعم کو اول و آخر وقت ہر نماز کا معلوم ہوا اور ہر نماز مین سوائے مغرب کے دو دو رکعت فرض ہوئین تھین پھر بعضی نمازون مین دو رکعت اور شکرانہ کی زیادہ ہوئین اسی واسطے سفر مین قصر کا حکم آیا اور چونکہ مغرب مین تین رکعت فرض ہوئین تھین اُنکو سفر مین بدستور رکھا یعنے ظہر و عصر و عشا کی کو رکعتین پڑھنا سفر مین فرض ہی اور جب کوئی مقیم مسافر کا مقتدی ہو تو مسافر دو رکعتین پڑھکر سلام دے اور مقیم اپنی نماز

فرض اوقات نماز

پوری کرے لیکن نماز میں سوائے رکوع و سجود کے کچھ پڑھنا نہ چاہیے کذا فی الدر المختار فائدہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ
تفسیر کریمہ ثم دنی فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی میں فرماتے ہیں کہ دنی یعنی نزدیک ہوئے محمد صلعم اپنے پروردگار سے بکیف
فتدلی پس اٹھایا حجاب کو اور حضرت اس حجاب کے اندر گئے پھر اس حجاب کو بدستور چھوڑ دیا وہاں کسی ملک مقرب کی گنجائش نہ تھی
اور حضرت کو پھر کسی نے نہیں دیکھا اور حضرت نے حجاب بے نہایت طے کیے حتی کان ہیں الحبیب و المحبوب قاب قوسین یعنی یہانتک
کہ فرق تھا درمیان حبیب و محبوب کے بقدر دو قوس کے کذا فی تاج المذکورین اور شرح تعرف میں لکھا ہے کہ جب حضرت ہنی کریم
جبرئیل سے جدا ہوئے تو سات اور مقام طے کیے کہ جبرئیل اول مقام سے بھی خبر نہ تھے پس اس کریمہ کے معنی مشکل ہیں اور بعض ارباب
حال نے لکھا ہے کہ قوسین سے مراد حاجبین ہیں یعنی دونوں ابرو سے زیادہ قرب ہوا اور ادنی عبارت ہے آنکھ کی سیاہی و سفیدی
سے یعنی قرب حضرت کا جناب الٰہی میں ایسا تھا جسطرح قرب دو ابرو کا باہم بلکہ اس سے بھی نزدیک تر تھے جسطرح سپیدی
آنکھ کی سیاہی سے ملی ہوتی ہے اور بعضوں نے کہا ترک نفسہ فی السما فتدلی و ترک قلبہ فی سدرۃ المنتہی و ترک وحدہ بقاب
قوسین او ادنی فبقی سرہ و ربہ یعنی چھوڑا اپنے نفس کو آسمانوں پر پھر آگے بڑھے اور چھوڑا دل مطہر کو سدرۃ المنتہی پر اور چھوڑا
روح کو قاب قوسین و ادنی کے مقام پر باقی رہا سر اسکا اور پروردگار اسکا تو کہا نفس نے کہاں ہے دل اور دل نے کہا کہاں ہے
روح اور کہا روح نے کہاں ہے سر اور کہا سر نے کہاں ہے دوست فرمایا خدا نے اے نفس تیرے واسطے نعمت ہے اور مغفرت اور بہ دل
واسطے تیرے عشق و محبت ہے اور اے روح تجکو بزرگی و نزدیکی ہے اور اے سر میں تیرے واسطے ہوں اور تو میرے واسطے ہے فذلک قولہ او ادنی
یہ اسواسطے کہا تا کہ حضرت کا قرب زیادت ہو اور تفسیر تبیین میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا تفسیر میں کریمہ مذکورہ کے
فرق تھا درمیان دونوں کے برابر دو ہاتھ یعنی قوسین بمعنی ذراعین کے اور ذراع کو قوس اس لیے کہتے ہیں کہ قیاس کیا جاتا ہے اس سے
قدوع بلکہ دو ہاتھ سے بھی فرق کم تھا بیچ نہ تھا کوئی ملانے والا اور منع کرنے والا قرب و بعد میں تکمن و نظر سے خدا کی طرف یعنی ایسے
لیے ہوئے خدا سے تھے جسطرح دنیا میں وزرا و امرا بادشاہوں سے کان لگائے باتیں کیا کرتے ہیں اور ابو الحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ سے
کسی نے معنی دنی فتدلی کے پوچھے فرمایا اسمیں جبرئیل کو گنجائش نہیں پھر نوری کی کیا حقیقت ہے اور کون ہے نوری جو انکشاف میں
سر کا کرے پھر کہا دنی بجد کے پیچھے ہوتا ہے وہاں بجد کہاں اور تدلی مکان میں ہوتا ہے مکان کا وہاں کیا امکان اور مکان عبارت
زمانہ سے ہے زمانہ وہاں کہاں اور قاب اشارہ مقدار کا ہے اور مقدار کا وہاں کیا شمار ہے اور قوسین کنایہ ہے مثال کا اور مثال کا وہاں
کیا خیال اور او کلمہ ہے شک کا شک خود وہاں معدوم ہے اور ادنی مبالغہ ہے دنو میں یعنی نزدیک تر میان نزدیک تر کی کیا گفتگو ہے
یہ مقام اظہار و بیان سے دور ہے اور علم جمیع خلائق کا اس آیت کی تفسیر میں معترف بقصور ہے اور بعضے تفسیر اس آیت کی یوں
کرتے ہیں کہ دنی عبد یعنی گیا پروردگار کے پاس حالت عبودیت میں فتدلی فردا اور آیا وہاں سے مرتبہ فردانیت میں دنی کیا
کہ کار ہنے والا فتدلی ملکیا دنی قرشیا فتدلی عرشیا دنی مجاہدا فتدلی مشاہدا یعنی آیا وہاں سے فرشتہ خو ہو کر جاتی دفعہ قرشی تھا
آتی دفعہ عرشی ہو گیا مجاہد اور آیا مشاہد دنی طالبا فتدلی واصلا یعنی گیا طالب اور آیا مطلب کو پہونچ کر دنی دمعہ الرحمۃ

فقتدی ومعنے رحمۃ یعنی گیا تو اُسکے ساتھ شفقت تھی اور آیا تو اُسکے ساتھ رحمت تھی دنی افتقار افتدی افتخار یعنی گیا حالت فقر مین
اور آیا مفتخر ہوکر دنی منادیا فتدی منا جیا یعنی گیا مذاکرتا ہوا پس آیا نجات پاکر دنی مادحا فتدی ممدوحا یعنی گیا مدح کرتا اور آیا ممدوح
دنی شاکرا فتدی شکورا یعنی گیا شکر کرتا ہوا اور آیا مشکور ہوکر اور حکمت ذکر قوسین مین یہ ہی کہ جب اہل عرب باہم عہد باندھتے تھے
اور چاہتے تھے کہ پھر وہ عہد نہ ٹوٹے تو دونون عہد باندھنے والے اپنی کامین لاتے اور کمانون کو ملاتے اور ایک دفعہ اپنی کمانون کا قبضہ
پکڑتے اور ایک ساتھ کھینچکر تیر چلاتے اس بات سے گویا عہد ہوجاتا پھر کوئی اُس عہد سے برگزنہ پھرتا تھا جو رضا اسکی ہوتی وہ رضا اسکی بتانے کو یہ
اشارہ ہی کہ خدائے تعالی کو حضرت سے اسقدر قرب ومحبت ہی کہ جو مقبول ہی رسول اللہ کا وہ قبول ہی خدا کا اور جو مردود ہی رسول خدا کا
وہ مردود ہی خدا کا چنانچہ کلام مجید مین کئی جگہ واقع ہی اور بعضل اہل تفسیر نے نسبت دنو کی جبرئیل سے کی ہی ای دنی جبرئیل من الارض
یعنی نزدیک ہوا جبرئیل زمین سے یعنی آسمان سے زمین پر آیا فتدلی ای فاسترسل الی محمد صلی اللہ علیہ وسلم یعنی پیام الہی حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کو پہونچایا تو وہ پیغام بدرقہ ہوا معراج کی راہ کا فکان قاب قوسین ای قدر ذراعین یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین اور
جناب کبریا مین ہر دو کو شہ کمان کے قرب تھا اور بعضے کہتے ہین ثم دنی یعنی نزدیک ہوے حضرت سرور کائنات خدائے عزوجل سے اسقدر
پس سجدہ کیا خداوند رب العزت کو اور سجدہ عبادت ہی حصول قرب سے حدیث مین آیا ہی اقرب ما یکون العبد من ربہ ان یکون
ساجدا یعنی بندہ کو سجدہ کرنے کے سبب سے خدا کے نزدیک قرب حاصل ہوتا ہی کذا فی الزاہدی اور بعضے کہتے ہین دنی اشارہ ہی حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس کے مقام کا اور فتدلی اشارہ ہی مقام قلب سے اور قاب قوسین اشارہ ہی مقام روح سے اور او ادنے
اشارہ ہی سر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ان چار مقام پر ذات اور دل اور روح اور سر ہر ایک اپنے مطلب کو پہونچے مثلاً ذات مطہر آپکی
مقام خدمت مین اور دل مقام محبت مین اور روح مقام قرب مین اور سر مقام مشاہدہ مین فائدہ دربیان بعضے عجائبات
جو حضرت سرور کائنات نے آسمان اول پر معائنہ فرمائے از انجملہ یہ ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک گروہ فرشتون کا
نظر آیا صفین باندھے اور سر جھکائے ادب سے کھڑے ہوے یہ تسبیح پڑھتے تھے سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ مین نے جبرئیل سے
پوچھا کہ عبادت ان فرشتون کی یہی ہی جبرئیل علیہ السلام نے کہا ہان جس دن سے آسمان بنا ہی اُس دن سے قیامت تک اِنکی
عبادت یہی ہی حق تعالی سے آپ بھی سوال کیجیے تو یہ طریقہ آپکی امت پر بھی لازم ہو مین نے خدا سے دعا مانگی اُسنے حق یہ عبادت
بخشش فرمائی کہ قیام نماز مین فرض ہوا انسان مسلمان کو واجب ہی کہ قیام کو نماز مین خوب ادا کرے اور تعہد اسکا یاد رکھے پھر
حضرت نے پوچھا ای جبرئیل یہ فرشتے شمار مین کتنے ہونگے جبرئیل نے کہا تعداد انکی سواے خدا کے کسی کو معلوم نہین وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ
رَبِّكَ اِلَّا هُوَ یعنی نہین جانتا بندہ خدا کے لشکر کو مگر وہی خدا بعد اُسکے حضرت آدم ابو البشر علیہ السلام سے ملاقات کرکے آگے
تشریف لیچلے تو ایک نہر سفید عظیم الشان نظر آیا کہ ایک پیر اسکا عرش تک و سر تحت الثری تک اور ایک پاؤں مشرق مین دوسرا
مغرب مین اور سر یاقوت کا پر نور کے لگائے وظیفہ اسکا حمد خدا حضرت نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا یہ کون ہی انھون نے کہا
یہ طاؤس الملائکہ ہی یا یہ کہا کہ یہ وہ فرشتہ ہی کہ جب رات آخر ہوتی ہی تو یہ فرشتہ پر اپنے جھاڑ کر کہتا ہی سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ الْكَبِيرِ

فصل در ذکر قوسین

بیان بعضے عجائبات آسمان اول

المتعال لا الٰہ الا ہو الحی القیوم سو اسکی آواز سے دنیا کے مرغ آواز دیتے ہین اور جاگ پڑتے ہین پھر ایک فرشتے کو دیکھا کہ آدھا برف کا اور آدھا آگ کا ہی آگ برف کو نہین بجھاتی برف آگ کو نہین بجھاتی جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ یہ رعد فرشتہ ہی اللہ نے اسکو ابر پر مکل کیا ہی جب ابر کو چلاتا ہی آواز رعد ظاہر ہوتی ہی جب اظہار غضب کرتا ہی برف پیدا ہوتی ہی کما قال اللہ تعالیٰ الم تران اللہ یزجی سحابا طبرانی و ابو نعیم نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی ہی کہ اثنائے راہ مین ایک جماعت نظر آئی کھیتی بوتی اسی وقت کاٹتی ایک دانے کے سات سو دانے حاصل کرتی حضرت جبرئیل نے کہا یہ لوگ مجاہدین فی سبیل اللہ منفقین للہ ہین کما ورد فی القران العظیم فی سورۃ البقرہ مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مائۃ حبۃ یعنی مثال انکے جو خرچ کرتے ہین اپنے مال اللہ کی راہ مین جیسے ایک دانہ اس سے اگین سات بالیان ہر بالی مین سو سو دانے پھر کچھ لوگ نظر پڑے کہ فرشتے انکا سر پتھرون سے کچلتے تھے پھر حالت اصلی پر ہو جاتے تھے پھر کچلتے تھے حضرت جبرئیل نے کہا یہ وہ لوگ ہین کہ نماز جمعہ و جماعت مین سستی کرتے ہین اور رکوع و سجود کو باطمینان ادا نہین کرتے اور نماز بیوقت پڑھتے ہین کما ورد فویل للمصلین الذین ہم عن صلوتہم ساہون یعنی پھر خرابی ہی ان نمازیون کی جو اپنی نماز سے بیخبر ہین پھر اور جماعت پر گذرے کہ بھوکے پیاسے ننگے طعام و شراب و زن کی طرف چارپایون کی طرح جاتے ہین فرشتے انکو نوچتے ہین جبرئیل نے کہا یہ وہ لوگ ہین جو زکوۃ نہین دیتے اور فقیر پر رحم نہین کرتے اور صدقہ فطر و قربانی سے انکار رکھتے ہین کما ورد والذین یکنزون الذہب والفضۃ ولا ینفقونہا فی سبیل اللہ فبشرہم بعذاب الیم یعنی جو لوگ جمع کرتے ہین سونا اور چاندی اور نہین خرچ کرتے اللہ کی راہ مین پس بشارت دے انکو عذاب سخت کی پھر ایک جماعت پر گذرے کہ انکے آگے چوپی چوپی ہنڈیان رکھی ہین وہ نہین کھاتے انکے سامنے ایک دیگ مین گوشت پختہ و لطیف رکھا ہی اور دوسری دیگ مین گوشت خام و مردار ہی سو مردار کھاتے ہین جبرئیل نے کہا یہ وہ مرد ہین کہ اپنی عورتون کو چھوڑ کر غیر عورتون کی طرف میل کرتے ہین اور یہ وہ عورتین ہین کہ اپنے خاوندون کو چھوڑ کر اور مردون کی طرف توجہ رکھتی ہین اور یہ وہ ہین کہ مال حلال رکھتے ہین اور جو بدی و خیانت پر مصروف ہین کما ورد والخبیثات للخبیثین والخبیثون للخبیثات یعنی گندیان ہین گندون کے واسطے اور گندے واسطے گندون کے اور روایت ہی کہ ایک عورت نظر پڑی کہ بال اسکے آویختہ ہی اور ایک چھاتیون سے اور ایک پیرون اور ایک ہاتھون سے حضرت جبرئیل نے بروقت استفسار عرض کیا کہ اول زبان دراز تھی دوسری وہ ہی جسنے بے اجازت شوہر کسی کو دودھ پلایا تیسری وہ ہی جسنے بلا اجازت باہر گئی چوتھی وہ کہ اسنے اپنے خاوند کا مال ناحق ضایع کیا پھر ایک شخص نظر آیا جسکی پیٹھ پر اسقدر بوجھ رکھا تھا کہ ہل نہ سکتا تھا باین ہمہ کہتا تھا کہ اور لاکے رکھو جبرئیل نے کہا یہ وہ ہی جو امانت مین خیانت کرتا ہی اور باوصف اسکے کہ لوگون کے حقوق اسکی گردن پر ہین پر ظلم کیے جاتا ہی کما ورد یا ایہا الذین امنوا لا تخونوا اللہ والرسول وتخونوا امانتکم یعنی اے ایمان والو نہ خیانت کرو اللہ و رسول کی اور نہ خیانت کرو امانتون مین پھر ایک قوم نظر آئی کہ آگ کی مقراضون سے لب و زبان انکے کاٹتے ہین پھر اسی دم ویسے ہو جاتے ہین پھر کاٹتے ہین جبرئیل نے کہا یہ لوگ خطیب فتنہ ہین اور ایک روایت مین ہی کہ یہ لوگ وہ ہین کہ جو در بار و شاہی مین جاتے ہین اور انکی جھوٹی باتون کو تصدیق کرتے ہین اور امر بالمعروف و نہی منکر نہین کرتے کما ورد فی سورۃ ہود ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار یعنی مت جھکو

انکی طرف جو حصہ سے گذرے ہین پھر چھوٹے تنکو آگ پھر ایک پتھر چھوٹا نظر آیا اسمین سے ایک گائے نکلی بہت بڑی وہ چاہتی تھی کہ پھر اسی پتھر مین جاؤن جا نہین سکتی جبرئیل نے کہا یہ وہ آدمی ہی جسنے بڑی بات منھ سے نکالی اور پشیمان ہوا طاقت نہین رکھتا کہ اسکو رد کرے پھر ایک جنگل مین گذر ہوا کہ وہان سے خوشبوئیون کی لپٹین آتی تھین اور آواز خوش سنی جاتی تھی جبرئیل نے کہا یہ آواز بہشت ہی کہتی ہی یا الٰہی وعدہ وفا کر جو تونے فرمایا ہی ارشاد ہوا ای بہشت تیرے واسطے مسلمان مرد و عورت ہین وَاَنَّا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنَا لَا اُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَقَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ بہشت نے التماس کیا مین راضی ہوئی پھر ایک جنگل ملا کہ اس سے بوے بد و آواز ناخوش آتی تھی جبرئیل نے کہا یہ آواز دوزخ ہی کہتی ہی یا الٰہی وعدہ وفا کر اسکو زنجیرین و طوقین سیری بڑھ گئین ہین ارشاد ہوا تیرے واسطے ہی ہر مشرک و منکر و کافر و کافرہ اور وہ جبار کہ منکر قیامت ہی دوزخ نے کہا مین راضی ہوئی اور بعض روایات مین ہی کہ بوے بہشت و دوزخ حضرت صلعم کو آسمان ششم پر آئی تھی رسالہ معراجیہ مین ہی کہ حضرت صلعم ایک جماعت پر گذرے کہ آگ کی سولیون پر چڑھے ہین اور وہ سولیان ایسی ہین جیسے خاردار درخت کہ راہ چلنے والون کے کپڑے پھاڑے جبرئیل نے کہا یہ وہ لوگ ہین جو راہون مین بیٹھ کر مسافرون اور راہگیرون کو ایذا پہونچاتے ہین اور اشارون کنایون مین گالیان دیتے ہین کما قال اللّٰہ تعالیٰ وَیْلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ یعنی عذاب ہی واسطے ہر سخن چین و بدزبان کے اور وَلَا تَقْعُدُوْا بِکُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یعنی مت بیٹھو جس راہ مین ڈراتے ہو اور باز رکھتے ہو خدا کی راہ سے اور وَاِذَا مَرُّوْا بِہِمْ یَتَغَامَزُوْنَ یعنی جب مسلمان کافرون کے پاس نکلتے ہین تو کافر انکی طرف بخفا بروے اشارہ کرتے ہین اور بعض روایات مین ہی کہ حضرت صلعم نے ایک جماعت دیکھی ایسی کہ انکے منھ سیاہ انکھین ازرق اوپر کے ہونٹ سرون پر نیچے کے ہونٹ پائون پر بیچ لہو ہونٹون سے بہتا ہی گدھون کی طرح چیختے تھے جبرئیل نے کہا کہ یہ لوگ آپکی امت کے بیخوار ہین پھر ایک گروہ پر گذر ہوا کہ زبانین انکی سرون کی طرف کھنچتی ہین اور صورت مانند خوک ہی اوپر سے عتاب نیچے سے عذاب ہوتا ہی حضرت جبرئیل نے کہا یہ لوگ جھوٹی گواہی دینے والے ہین اور بیہقی نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہی کہ ایک قوم حضرت صلعم نے دیکھی جنکے پیٹ پھولے رنگ زرد ہتھکڑیان ہاتھون مین طوق گردنون مین اٹھتے ہین تو اوندھے منھ گرتے ہین جبرئیل نے کہا یہ لوگ سود خوار و راشی ہین کما قال اللّٰہ تعالیٰ اَلَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا یَقُوْمُوْنَ اِلَّا کَمَا یَقُوْمُ الَّذِیْ یَتَخَبَّطُہُ الشَّیْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ یعنی جو لوگ کھاتے ہین سود نہین کھڑے ہوتے مگر جیسا کھڑا ہوتا ہی وہ شخص جسکو دیوانہ کر دیا ہی شیطان نے مس سے یعنی دھکا کھاتا ہوا شیطان کے ہاتھ سے

فائدہ اس آیہ سے معلوم ہوتا ہی کہ تصرف جن و شیاطین بدن آدمی مین یعنی روح ہوائی مین جائز و ممکن ہی اسی کو صرع انجن عربی مین اور آسیب و خبط عرف مین بولتے ہین اور نزدیک اہل سنت و جماعت کثرہم اللّٰہ لکہ نزدیک اکثر فرق اسلام کے مسلم ہی چنانچہ تفسیر نیشاپوری وغیرہ مین اسی آیہ کی تفسیر مین مذکور ہی کہ واکثر المسلمین علی ان الشیطان قادر علی الصرع والقتل والایذاء بتقدیر اللّٰہ تعالیٰ اور سوائے فرقہ معتزلہ کے کوئی مخالف نہین ہی اور معتزلہ نے کچھ تو جہین رکیک اپنی تفسیرون مین لکھی ہین نقل اُن واہیات کا بیحاصل محض ہی اور اناجیل اربعہ مین دس پندرہ قصے

تصرف جن و شیاطین جائز

اسبب جن کے لکھے ہین اور احادیث مین قدر کثیر اس مقدمہ کا مذکور ہی ہر گز جاے انکار نہین مگر علماے اہل سنت اس باب مین
مختلف ہین کہ آدمی بعد مرگ یہ کام کرسکتا ہی یا نہین اکثر اہل تحقیق قائل بجواز ہین اور بعضے منع کرتے ہین دلیل منکرین یہ ہی
کہ انسان تین حال سے خالی نہین یا صالح و متقی ہی یا فاسق فاجر یا کافر پس اگر انسان صالح و متقی ہی تو ایذا و اضرار کی اُس سے
توقع نہین کہ خلاف صلاح ہی اور خود فاسق و کافر ہی تو موکلین عذاب کے ہاتھ سے اُنکو فرصت کہان کہ یہ عمل کرسکین ولہذا مجوزین
دو گروہ ہوے ہین ایک جماعت اسطرف گئی ہی کہ یہ بات از باب انقلاب نہین ہی بلکہ از قسم مسخ اخروی ہی کہ اصل اُسکی آخرت مین و
ما بعد الموت احادیث کثیرہ سے ثابت ہی اور جب یہ معاملہ از قسم مسخ اخروی ہوا تو خلاصی عذاب سے نسبت فاسق و کافر کے بسطرح
لازم آتی ہی بلکہ یہی از قسم تعذیب ہی کہ اُسمین گرفتار ہی علماے ماتریدیہ کا یہی مسلک ہی ملا معین شرح برزخ مین فرماتے ہین کہ
انسان کیون جن ہوجاتا ہی عالم برزخ مین بالمسخ اور یہ تعذیب و غضب ہی خدا کی طرف سے جیسے جاہے جسطرح امم سابقہ و قرون ماضیہ مین
سور و بندر ہوجاتے تھے مگر اللہ نے عالم شہادت مین اس عذاب سے امت مرحومہ کو محفوظ رکھا ہی ببرکت حضرت صلعم سے مگر احادیث سے
اسقدر ثابت ہی کہ عند القیامۃ اس امت مین بھی مسخ و خسف واقع ہوگا بعد اُسکے فرماتے ہین کہ ہوجانا انسان کا عالم برزخ مین
جن غالب ہوگا کفارمین اور منافقین ظالمین و زانین و مغلمین مین خصوصًا جب مرے ہون یا مارے گئے ہون حالت جنابت مین
اسی طرح مرتدین غیر تائبین کا حال ہی مگر یہ ضروری نہین کہ جو شخص ایسا ہو وہ مسخ ہوجاے بلکہ جس کسی کو اللہ مسخ کرنا چاہے کرے اور
مسخ نہین ہوتا صلحا و اولیا مین اگرچہ ناپاک مرے ہون اور مسخ قیامت مین اکثر ہوگا چنانچہ وارد ہوا ہی کہ اصحاب کہف کا کتا بعینہ کی
صورت ہوگا اور بلعم بصورت سنگ اور وہ داخل ہوگا بہشت مین اور یہ دوزخ مین اور اسی قبیل سے ہی یہ کہ جو کوئی شخص اپنا سجدہ سے
قبل امام کے نماز مین اٹھاوے وہ سر گدھے کا ہوگا اور اسی قبیل سے ہی مسخ آخذ الرشوۃ و واضع احادیث و امثالہ لک انتہی اور دوسری
جماعت اسطرف گئی ہی کہ یہ صورت نہ از باب انقلاب ہی اور نہ از قسم مسخ اخروی بلکہ ایک نوع مشابہت کی ہی افعال و حرکات مین کہ ایک
صنف کو دوسری صنف سے ہوجاتی ہی جسطرح اس زمانہ مین بعض اہل ہند جاہل بر جس و پتلون پہن کر ڈاڑھی منڈوا کر ٹوپی انگریزی
رکھ کر چند الفاظ انگریزی سیکھ کر معاملات مین حرکات فرنگیون کی کرتے ہین جیسے جاہل من تشبہ بقوم فہو منہم ان افراد انسانیہ کو جو کام
جنات کا کرتے ہین عرف مین جن و بھوت کہتے ہین بے اسکے کہ جو کچھ تغیر اُنکی حقیقت مین واقع ہوا و ریی ہی مسلک مختار اکثر علماے
عراق و عرب کا اس مسئلہ مین وہو الاقوی والاصح نظرًا الی الدلیل ہذا ما حققہ استاذنا الاستاذ فی بعض تقریراتہ اور منجملہ عجائبات کے یہ ہی
کہ ایک قوم ایسی نظر پڑی کہ آگے گو یا لب اونٹون کے ہین اور آگ کھاتے انگارے کھتے ہین حضرت جبرئیل نے کہا یا رسول اللہ ان لوگون نے
یتیمون کا مال ناحق کھالیا ہی رواہ البیہقی عن ابی سعید الخدری از انجملہ ایک قوم دیکھی کہ اُنکے بدن کا گوشت اُنھین کو کاٹ کر کھلاتے
تھے ہین جبرئیل نے کہا یہ چغلخور ہین اور نمام و غمار و غیبت گو و عیب جو ہین حدیث شریف مین مذمت ان باتون کی بہت آئی ہی
اور اللہ صاحب فرماتے ہین ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرہتموہ یعنی کیا دوست رکھتا ہی تمھارا کوئی کہ کھاوے گوشت
اپنے بھائی مردہ کا پھر برا جانو اسکو از انجملہ ایک گروہ نظر آیا کہ منھ اُنکے سیاہ اور آنکھین کبری نیچے کا لب پیرون تک اوپر کا

سر پر اور خون اور ریم منھ سے بہتا ہی گدھے کی طرح بولتے ہین اور خون و ریم کے پیالے بھرے ہوے سامنے ہین جبرئیلؑ نے کہا کہ یہ شراب خوار ہین ازانجملہ ایک قوم نظر آئی کہ ما بین دنیا و آخرت کے قید تھے اور ہوا مین لٹکتے تھے جبرئیلؑ نے کہا یہ منافق ہین کما قال اللہ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار یعنی منافق نیچے کے طبقے مین ہین دوزخ کے ازانجملہ ایک گروہ نظر آیا کہ اسکو دوزخ کے جنگل مین جلاتے تھے اور وہ ہر دفعہ مرتے اور زندہ ہوتے تھے مگر اسی عذاب مین مبتلا تھے جبرئیلؑ نے کہا کہ اس گروہ نے اپنے ماں باپ کی نافرمانی کی ہی اور حال اس نافرمانی کا حضرت یوسف علیہ السلام کے احوال مین بالتفصیل لکھا گیا ہی ازانجملہ ایک گروہ عورتون کا نظر آیا کہ انکے منھ کالے اور آنکھین کبڑی لباس آگ کا انکے بدن پر آتشین گرزون سے ماری جاتی ہین اور مانند سگ و خوک کے شور کرتی تھین جبرئیلؑ نے کہا یہ وہ عورتین ہین جنھون نے اپنے خاوندون کو آزار دیا ہی اسکا حال تفصیلی معجزات مین لکھا جائیگا انشاء اللہ ازانجملہ ایک گروہ دیکھا کہ انکو آگ کی چھریون سے مار رہے تھے اور کالا خون انکے بدن سے بہتا تھا ہر دفعہ مرتے تھے اور زندہ ہوتے تھے جبرئیلؑ نے کہا یہ وہ لوگ ہین جو ناحق خون کرتے ہین اور مسلمانون کو مارتے ہین اسی طرح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور عجائبات بھی آسمان اول پر دیکھے ہین یہ امور عجیبہ جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مشاہدہ فرمائے اکثر کتب تواریخ مین مذکور ہین لیکن کتب معتمدہ احادیث مین انکا نشان نہین پایا جاتا ہی کتاب الرویا مشکوٰۃ المصابیح مین بروایت بخاری ایک حدیث ہی جسمین خواب مین مشاہدہ کرنا اس جنس کی باتون کا مذکور ہی جیسے شب معراج مین لوگ ذکر کرتے ہین فائدہ عجائبات آسمان دوم کے جو حضرت سرور کائنات نے معائنہ فرمائے بہت ہین ازانجملہ ایک جماعہ ملائکہ نظر آئی کہ صف بستہ رکوع مین مشغول تھی اور کہہ رہی تھی سبحان الواحد الواسع سبحان الغنی الذی یدرک لا بصار و لا یدرکہ الابصار سبحان العظیم العلیم جبرئیلؑ نے کہا عبادت انکی قیامت تک یہی ہی یا رسول اللہ آپ بھی طلب کیجیے حضرت صلعم نے دعا کی کہ رکوع نماز مین فرض ہوا ازانجملہ ایک فرشتہ دیکھا کہ اسکے ستر سر تھے اور ایک روایت مین ستر ہزار سر جسمین ستر ہزار دہن اور ہر دہن مین ستر ہزار زبان اور ہر زبان مین ستر ہزار لغت جدا اور تسبیح اسکی یہ تھی سبحان الخالق العظیم سبحان العظیم الاعظم اور ایک روایت مین اسقدر زیادہ ہی سبحان اللہ العظیم و بحمدہ و سبحان اللہ و بحمدہ استغفر اللہ حضرت جبرئیلؑ نے کہا کہ اسکا نام قاسم ہی اسکو اللہ نے بندون کی رزق رسانی پر معین کیا ہی کہ ہر روز ہر ایک کو پہونچاتا ہی حدیث شریف مین وارد ہی کہ جس کسی کو رزق کی تنگی ہو وہ اس تسبیح کو ما بین سنت و فرض فجر کے پڑھا کرے تو اسکو نجات ہوگی فائدہ عجائبات آسمان سوم کے بہت ہین جو حضرت صلعم نے دیکھے ہین ازانجملہ ایک یہ ہی کہ فرشتے دیکھے صفین باندھے سجدے مین تھے اور کہہ رہے تھے سبحان الخالق العلیم سبحان الذی لا مفر و لا ملجا الا الیہ سبحان العلی الاعلی جبرئیلؑ نے کہا یہ انکی عبادت ہی آپ بھی یا رسول اللہ سے اسکی درخواست فرمائیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ سجدہ نماز مین فرض ہوا اور چونکہ ان فرشتون نے جواب سلام کا سر اٹھا کر حضرت کو دیا تھا اور پھر سجدے مین گر رہے تھے اس لیے دوسرا سجدہ فرض ہوا ازانجملہ ایک دریا دیکھا نہایت عظیم اسکا نام بحر العقم ہی اسی کا پانی تھوڑا سا آیا تھا کہ طوفان نوح ہوا فائدہ عجائبات آسمان چہارم کے بھی اکثر ہین ازانجملہ حضرت صلعم نے ایک گروہ فرشتون کا

عجائبات آسمان دوم

عجائبات آسمان سوم

عجائبات آسمان چہارم

دیکھا کہ سب کے سب قعدہ مین تھے اور کہتے تھے سبحان الرؤف الرحیم سبحان النور المبین سبحان الذی لا یحصی علیہ شیئ سبحان رب العالمین جبرئیل نے کہا عبادت ان فرشتون کی یہی ہی حضرت بھی یہ عبادت خدا سے مانگ لین سو حضرت صلعم نے دعا کی کہ قعدہ اخیر و نماز مین فرض ہوا از انجملہ مریم خاتون والدہ عیسیٰ علیہ السلام و نوخانمادر موسیٰ علیہ السلام اور آسیہ عورت فرعون لعین اور انھون نے استقبال کیا مریم کے ستر ہزار محل مروارید سفید کے تھے اور نوخانمد کے ستر ہزار محل زمرد سبز کے اور آسیہ خاتون کے ستر ہزار یاقوت سرخ کے اور ستر ہزار مرجان کے تھے از انجملہ ایک فرشتہ دیکھا حضرت نے کرسی پر بیٹھا ہوا نہایت غمگین و آزردہ اس کرسی کے چار گوشے تھے اور ساٹھ لاکھ پائے اور گرد اسکے فرشتے کھڑے ہوے داہنی طرف خوبصورت لباس سبز پہنے ہوے اور بائین طرف بدصورت و بدزبان گرز آتشین لیے ہوے کھڑے اور ایک دفتر عظیم اسکے روبرو رکھا تھا اور ایک لوح ہاتھ مین تھی اسی پر نظر جمائے ہوے تھا اور سامنے کرسی کے ایک درخت عظیم لگا ہوا ہے پیل کا لیکن برگ بیشمار تھے اور ہر برگ پر نام ہر ایک کا جدا جدا لکھا ہوا اور ایک طشت سامنے رکھا تھا کہ وہ فرشتہ کرسی نشین ہر وقت اپنا ہاتھ دراز کرتا تھا اور اسمین سے کچھ لیتا تھا کبھی داہنے ہاتھ سے نورانی خادمون کو دیتا تھا اور کبھون بائین ہاتھ سے فرشتون ظلمانی کو جبرئیل نے کہا یہ عزرائیل فرشتہ موکل قبض ارواح ہی پھر اسنے حضرت کی تعظیم کی اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تو مقبوض و امد و عین کس واسطے ہی اسنے کہا یا رسول اللہ خدا نے مجکو قبض ارواح کا عہدہ دیا ہی سو مین سیاست کبریائی سے نہایت مخوف ہون فرمایا یہ طشت کیا ہی کہا یہ مثال تمام دنیا کی ہی اس سرے سے اس سرے تک میرا تصرف ہی پھر فرمایا یہ لوح کیسی نظر آتی ہی کہا اسمین سب کی اجل لکھی ہی فرمایا یہ دفتر کیسا نظر آتا ہی کہا یہ روزنامچہ ہی بندون کا فرمایا یہ درخت کیا ہی کہا یہ نشان ہی نیک و بد کی زندگی کا اسکے پتون پر ایک طرف نام لکھا ہی دوسری طرف نیک بختی و بدبختی لکھی ہی جب بندہ دنیا مین پیدا ہوتا ہی تو اسکے نام کا پتہ زرد ہو جاتا ہی اور جب اجل آپہونچتی ہی وہ پتہ درخت سے جھڑ کر لوح پر گرتا ہی اور نام اسکا لوح سے مٹ جاتا ہی یہان سے مین اپنا ہاتھ بڑھا کر روح اس بندہ کی قبض کر لیتا ہون گو وہ کسی جگہ ہو جو نیکبخت ہی اسکی روح تو ابعین اہل رحمت کو دیتا ہون اور جو بدبخت ہی اہل زحمت کو سپرد کرتا ہون معلوم ہوتا ہی کہ یہ مثال اسی جگہ سے ہی جیسے روح ویسے فرشتے پھر فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرشتے تو ابع تیرے شمار مین کتنے ہین کہا مین نہین جانتا ہون لیکن ہر بندہ کی جان قبض کرنے کو چھ لاکھ فرشتے رحمت کے اور اسی قدر عذاب کے مقرر ہین اگر بندہ نیک ہی تو فرشتگان رحمت قبض روح کرتے ہین والا فرشتے عذاب کے اور جو ایک دفعہ قبض روح کر لیجاتے ہین وہ پھر قیامت تک نہین آتے پھر فرمایا اے ملک الموت تو بذات خود جاکر قبض روح کرتا ہی یا اور فرشتون کو بھیجتا ہی کہا مین کبھی نہین گیا ہون اپنے تو ابع کو بھیجتا ہون وہ قبض روح کرتے ہین اور اسکی جان کو حنجرہ حلق تک لاتے ہین اسوقت مین اپنا ہاتھ بڑھا کر اس روح کو قالب سے باہر لاتا ہون تجھے

حضرت رسول مقبول نے ملک الموت کا ہاتھ پکڑا اور اپنی امت کے واسطے سفارش فرمائی حضرت محی الدین ابن عربی قدس سرہ العزیز نے فتوحات مین لکھا ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایسا گھر کوئی نہین جسمین موت کا فرشتہ دن مین پانچ وقت نہ آتا ہو جسکی موت آتی ہی وہ اُسکی روح کو قبض کرتا ہی اور اُسکے گھر والے روتے ہین اور واویلا کرتے ہین موت کا فرشتہ کہتا ہی افسوس تمھاری گریہ وزاری پر مین نے تمھارا رزق نہین کم کیا اور کسی کو اُسکے عوض نہین مارا اور بحکم یہان نہین آیا اور تحقیق مین تمھارے پاس پھر آؤنگا پھر آؤنگا پھر آؤنگا یہانتک کہ کسی کو نہ چھوڑونگا از انجملہ ایک دریاے عظیم دیکھا کہ اُسکا پانی برف سے زیادہ سفید تھا جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ بحر الثلج ہی اگر تھوڑا سا پانی اس دریا کا باہر آوے تو سب حیوان سردی سے تلف ہوجائین از انجملہ آفتاب کو مشاہدہ فرمایا ایک روایت مین آفتاب کا میدان برابر روے زمین کے ہی اور ایک روایت مین ابن عباس سے ہی کہ میدان آفتاب کا اسی ہزار برس کی راہ ہی اور بعض مفسرین نے قرارگاہ خورشید زیر عرش لکھا ہی کذا فی العرایس فائدہ عجایب آسمان پنجم کے بھی اکثر ہین از انجملہ ایک گروہ ملائکہ نظر پڑا کہ عبادت کر رہے ہین اور پشت پا پر اُنکی نگاہ جمی ہی اور یہ تسبیح کہہ رہے تھے سبحان القاضی الاکبر سبحان العدل الذی لا یجور جبرئیل نے کہا کہ عبادت اُنکی یہی ہی یارسول اللہ آپ بھی طلب کیجیے تو آپکو اور آپکی امت کو کرامت فرمائی جائے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی عطا ہوئی اُسی دن سے نماز مین حضوری قلب و عجز و نیاز زیادہ ہوا اور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا صلوۃ الا بحضور القلب از انجملہ ایک دریا حضرت نے دیکھا آگ کا بھرا ہوا گرد اُسکے فرشتے سخت درشت خو بدمزاج تھے جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ بحر الصعق ہی کہ بجلی سوزش و برق جہندہ اسی سے نکلتی ہی فائدہ عجایبات آسمان ششم جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مشاہدہ کیے حد حصر سے زیادہ ہین از انجملہ ایک گروہ فرشتون کا دیکھا کہ عجز و نیاز سے عبادت کر رہے تھے اور یہ تسبیح اُنکی تھی سبحان من یسبح لہ العوام فی الکمنہا سبحان من یسبح لہ الانعام فی صحاریہا سبحان من یسبح لہ الوحوش فی رواسیہا سبحان من یسبح لہ الدیدان فی ضیفہا وضنکہا از انجملہ ایک دروازہ کا فوری نہایت عظیم الشان دیکھا اُسمین دو کیواڑ تھے اُسپر قفل لگا تھا جبرئیل علیہ السلام نے کہا یارسول اللہ یہ باب الامان ہی اور وجہ تسمیہ اُسکی یہ ہی کہ جب دوزخ کو خدا نے پیدا کیا تو ایکدن آگ اُسکی بھڑکی اور کچھ پتنگے اُس آگ سے جھڑے تمام خلق جل کر خاک ہوگئی ملائک افلاک اور ساکنان کرۂ خاک شور مچاکے طالب امن ہوے تب اللہ نے اس دروازے کو دربان دوزخ اور کائنات کے کھڑا کر دیا اُس دن سے خلقت مین امن ہی پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باشارہ انگشت اُس دروازے کو کھولا تو دھوان و اندھیرا اور غبار دوزخ کا ظاہر ہوا پھر دوزخ کے اندر نظر کی تو ایک فرشتہ بڑا قد اور لباس سیاہ پہنے ہوے بکمال ہیبت لوہے کے منبر پر بیٹھا ہوا تھا اور آگے اُسکے بہت فرشتے ترش رو ہیبت ناک ہاتھون مین آگ کے گرز لیے کھڑے تھے اور وہ جھکائے یہ تسبیح پڑھتا تھا سبحان الذی لا یجور ہو ملک جبار سبحان المنتقم من اعدائہ سبحان المعطی من یشاء سبحان من یسیر

لشکر تھی اور آگ اُسکے مُنہ سے جھڑتی تھی اور دونوں نتھنوں سے آگ کے شعلے نکلتے تھے نہایت ترش رو و خشمناک تھا اور دونوں آنکھوں سے آگ لپٹ مارتی تھی اور ایک ایک آنکھ برابر تمام دنیا کے تھی جبرئیل نے کہا کہ یہ مالک دوزخ کا نگہبان ہی جسمدن سے پیدا ہوا ہی ہنسا نہین اور نہ کبھی خوشی کی چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا تو وہ خبر نہوا جبرئیل علیہ السّلام نے کہا اے مالک یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین تب اُسنے سر اُٹھایا اور جواب سلام دیکر واسطے تعظیم کے اُٹھا پھر ہاتھ پکڑا اور کہا اے محمد خدا کے کرم و رضا کی آپکو بشارت ہی گوشت و پوست آپکا آگ پر حرام ہی جو کوئی تمھاری اطاعت کرے دوزخ کی آنچ سے پناہ مین رہے حدیث مین آیا ہی کہ جتنے دوزخی دوزخ مین ہین اُسی قدر مالک کی اُنگلیان ہین ہر ایک دوزخی کو ہر ایک اُنگلی سے عذاب کرتا ہی قسم ہی خدا کی اگر ایک اُنگلی کو اُن اُنگلیون سے آسمان پر رکھے تو وہ پگھل جائے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ دوزخ کے فرشتے ایک ہزار برس دوزخ کی پیدائش سے پہلے پیدا ہوے ہین اور ہر روز قوت اُنکی بڑھتی ہی ہی ازانجملہ ایک فرشتہ کرسی پر جلوہ فرما دیکھا اُسکے روبرو ترازو بہت بڑی رکھی تھی ہر پلہ مین اُسکے زمین و آسمان تول سکتے ہین اور ڈنڈی اُسکی مشرق سے مغرب تک پہونچتی تھی اور اعمال نامہ بیشمار اُسکے پاس رکھے ہوے تھے ابن عباس سے روایت ہی کہ میزان کے عمود کی درازی پچاس ہزار برس کی راہ ہی اور دو پلہ ہین ایک نور کا اور ایک ظلمت کا نیکی کو نور کے پلے مین رکھینگے اور بدی کو ظلمت کے پلہ مین پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السّلام سے پوچھا یہ کون ہی کہا یہ میکائیل ہی سو حضرت نے بڑھکر سلام کیا اُسنے جواب دیا اور بغلگیر ہوا اور کہا زہے کرامت و فرخا پھر کہا اے محمد بشارت ہو تمکو تمھاری امت کے برابر خیر و برکت کسی امت کو نصیب نہین اور اُنکے عمل کا پلہ سب استون کے پلے سے بھاری ہی زہے نصیب اُسکے جو تمھارا دوست اور پیرو ہوا اور افسوس ہی اُسپر جو تمھاری دشمنی کرے اور میکائیل کے خادم بہت تھے سو اُسنے کہا یا رسول یہ سب آپکے خادم ہین آدم کی پیدائش سے پچیس ہزار برس پہلے سے آپ پر درود بھیجتے ہین اُنھین خادمون سے ایک فرشتہ موکل مینھ کی بوندون پر اور برف پر اور کھانس پر ہی جو زمین سے اُگتی ہی اور تسبیح میکائیل کی یہ تھی سبحان رب کل مومن و کافر سبحان من یضع مس بہیۃ مافی البطون الحوامل ازانجملہ ایک دریا نظر آیا کہ اُسمین فرشتے بیشمار یہ تسبیح کہتے تھے سبحان القادر المقتدر الکریم الاکرم سبحان رب الجلیل الاعظم جبرئیل علیہ السّلام نے کہا یہ بحر الاخضر ہی ازانجملہ ایک دریا نظر آیا کہ اُسکا پانی نہایت سیاہ و تاریک تھا اور اُسمین بہت فرشتے تھے اور یہ تسبیح کہتے تھے سبحان من علی قہر سبحان المطلع علی من ضافت وجہر جبرئیل نے کہا نہ اِن فرشتون کو جانتا ہون اور نہ اِس دریا کو اِسکی حقیقت خدا ہی کو معلوم ہی ازانجملہ ایک میدان دیکھا خوشبودار جبرئیل علیہ السّلام نے کہا یہ خوشبو جنت کی ہی اور بہشت سے آواز آتی تھی یارب آتنی وعدتنی فقد کثر عبقری واستبرقی وحریری وسندسی یعنی اے پروردگار میرے عنایت کر مجکو

جسکا وعدہ تو نے کیا ہی بڑھ گئے ہین فرش نفیس میرے اور دیبا و ریشمی کپڑے اور تنک و نازک جبرئیل علیہ السلام نے کہا
یہ آواز بہشت ہی پھر اُسکا جواب خدا سے ہوا لک کل مسلم و مسلمۃ و مومن و مومنۃ یعنی تیرے لیے ایمان دار زن و مرد ہین
نہین ہی خدا سوائے میرے مین نہین جھوٹا کرتا اپنے وعدے کو بہشت نے جواب دیا قد رضیت از انجملہ ایک صحرا دیکھا
نہایت بدبو وہان سے آتی ہی جبرئیل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ یہ بوے جہنم ہی اور یہ آواز آتی تھی کہ خداوندا
جو شخص میرے لائق ہی اور جسکا تو نے وعدہ کیا ہی اُسکو میرے پاس پہونچا سلاسل و اغلال و حمیم و ضریع و غساق
میرے زیادہ ہو گئے ہین خدا نے جواب ارشاد کیا لک کل مشرک و مشرکۃ و کافر و کافرۃ دوزخ نے کہا مین راضی
ہوئی فائدہ عجایب آسمان ہفتم کے اکثر ہین از انجملہ ایک فرشتہ کرسی پر بیٹھا ہوا نظر آیا کہ سر اُسکا عرش کے نیچے
اور پیر اُسکے ساتوین زمین کے نیچے اور تسبیح اُسکی یہ تھی سبحان المتعجب من خلقہ سبحان السمیع العلیم سبحان ربنا و تعالی
جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ اسرافیل صاحب صور ہی از انجملہ ایک گروہ عابدون کا نظر پڑا کہ با ادب کھڑے ہوے
پکار پکار کر پڑھتے تھے سبحان الجلیل الکریم الحلیم من لا یصف الواصفون کنہ عظمتہ و صفتہ عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا
از انجملہ ایک فرشتہ عظیم نظر آیا کہ سات لاکھ اُسکے سر تھے اور ہر سر مین سات لاکھ چہرے اور ہر چہرے مین سات لاکھ
منھ اور ہر منھ مین سات لاکھ زبان اور ہر زبان مین سات لاکھ لغت جداگانہ ہر لغت مین تسبیح کہتا تھا اور تسبیح اُسکی
یہ ہی قیامت تک سبحان یا اعظم شانک سبحان سیدی ما اعلی مکانک سبحان سیدی ما ارحم بخلقک فائدہ غرائب
سدرۃ المنتہی کے اس کثرت سے ہین کہ بیان اُسکا دشوار ہی از انجملہ ایک یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
ایک نہر دیکھی جسکے کنارے یاقوت و مروارید و زبرجد کے خیمے کھڑے تھے اور سبز جانورون کا اُسکے کنارون پر
جمگھٹ تھا جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ یہ حوض کوثر ہی اسکے سنگریزے یاقوت و زمرد کے ہین پانی اسکا دودھ سے
زیادہ سفید اور اُسپر برتن نظر آتے ستارون سے زیادہ روشن ہر مومن کے نام پر جدا جدا رکھے تھے حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن اُٹھایا اور پانی نہر کا لیکر پیا تو شہد سے زیادہ شیرین اور مشک سے زیادہ خوشبو
اور برف سے زیادہ سرد قاضی شہاب الدین نے سورۂ کوثر کی تفسیر مین لکھا ہی کہ حوض کوثر فرشتے کی کمر پر ہی
وہ فرشتہ قیامت کے دن میدان قیامت مین حاضر ہوگا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہیگا از انجملہ اُسی
سدرہ کی جڑ سے نکلا ہوا چشمہ سلسبیل دیکھا تھا اور حقیقت اس چشمہ کی شروع کتاب مین لکھی گئی ہی فائدہ
عجایبات آسمانی جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت مراجعت ملاحظہ و مشاہدہ فرمائے ہین کتب حدیث مین
بتفصیل مذکور ہین از انجملہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبرئیل علیہ السلام مجکو بہشت مین لیگئے منازل
و درجات بہشت کے دیکھلائے قصور و قصور و غلمان و درخت و میوہ و باغ و سبزہ و نہرین و حوض اور جو کچھ
بہشت مین ہی ہم دیکھا مین نے قسم ہی خدا کی جسطرح اپنی مسجد کے طاق و دیوار و در سے واقف ہون

عجایبات آسمان ہفتم

عجایبات سدرۃ المنتہی

عجایبات آسمانی وقت مراجعت

اس سے زیادہ بہشت کے ہر درجہ و قصر و خانہ و غرفہ و خیمہ کو جانتا ہون چونکہ اوصاف جنت و مافیہا خود اللہ صاحب نے اپنے
کلام مین بیان فرمائے ہین اور مشکوٰۃ شریف وغیرہ کتب حدیث مروجہ مین موجود ہین اس لیے فقیر نے اسی قدر پر اکتفا کی اور
جس کسی کو زیادہ تفصیل منظور ہو تو معراج نامہ دیکھے اور ریاض النضرۃ کو ملاحظہ کرے اور کسی قدر احوال مختصر بہشت کا مقدمہ
اس کتاب مین بھی لکھا ہی از انجملہ حضرت نے فرمایا کہ جب بہشت کی سیر کر چکا تو جبرئیل نے ہاتھ پکڑا اور مالک کے پاس لیگئے
اور کہا کہ اپنے قیدیون کو دکھلاؤ اُسنے حضرت صلعم سے کہا کہ آپ اپنے پیرون کے نیچے نظر کیجیے مین نے نظر کی تو زمین و
آسمان شق ہوے اور بیت المقدس نظر آنے لگا وہان ایک شخص ہیبت ناک دکھائی دیا مالک نے اسکو پکارا اُسنے
لبیک و ساز سخت لبیک کہا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ خازن دوزخ ہی صرحائیل اسکو کہتے ہین دوزخیون پر سختی کرنا اور
مارنا اسی کا کام ہی پھر اُسنے درکات دوزخ کے دکھلائے اول طبقہ مین حضرت نے طوق و زنجیر بکثرت دیکھے اور ستر ہزار
پہاڑ اور ستر ہزار اُسمین غار اُسمین ستر ہزار مار اور بعض روایت مین ستر ہزار صحرا اور ہر صحرا مین ستر ہزار شعبے اور ہر شعبے مین
ستر ہزار شہر اور ہر شہر مین ستر ہزار قصر اور اُسمین ستر ہزار سراے اور اُسمین ستر ہزار گھر اور اُسمین ستر ہزار صندوق
اور ہر صندوق مین ستر ہزار قسم کے عذاب نعوذ باللہ منہ نام اس طبقے کا وکیا رمرحائیل اسکا خازن ہی اور طبقات کا
احوال بمقدمۂ کتاب مین لکھا گیا ہی اور اول طبقۂ دوزخ پر لکھا ہی فویل للمصلین الذین ہم عن صلوٰتہم ساہون اور دوسرے
لکھا ہی ویل للمشرکین تیسرے پر لکھا ہی ویل للکذبین چوتھے پر لکھا ہی ویل للمطففین پانچوین پر لکھا ہی ویل للقاسیۃ قلوبہم عن
ذکر اللہ چھٹے پر لکھا ہی ویل لکل ہمزۃ لمزۃ ساتوین پر لکھا ہی ویل للذین یکتبون الکتاب بایدیہم ویقولون ہذا من عند اللہ

فائدہ معراج اسم آلہ ہی عروج سے مراد اس سے نردبان ہی کہ اُس سے حضرت نے عروج کیا اور ساتون آسمان سے
گذر گئے اور اُس معراج کے دو عارض تھے ایک یاقوت سُرخ کا دوسرا زمرد سبز کا اور اُسکے پرتھے زمرد سبز کے اگر
پھیلاتے تو تمام دنیا ڈھک جاتی اور یہ معراج راستہ ہی اُن فرشتون کا جو آسمان سے زمین پر آتے ہین اور پھر جاتے ہین
نقل ہی کہ حضرت عزرائیل کے تابع اسی راہ سے بنا بر قبض ارواح آتے ہین اور مرتے وقت جو آنکھون کو خیرگی ہوتی ہی
اسی سبب سے ہی کہ معراج نظر آتی ہی واللہ اعلم بالجملہ معراج وہ ہی کہ جس سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عروج کیا
اور مکہ معظمہ سے بیت المقدس و مسجد اقصیٰ تک جانے کا نام اسرا ہی جو شخص اسرا کا منکر ہو وہ کافر ہی لنزول القرآن
فیہ بلکہ فقیر کاتب کے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جنۃ الماوی تک تشریف لیجانا اور عرش و کرسی وغیرہ عجائبات
دیکھنا کلام اللہ سے ثابت ہی اور وہ کریمہ قال فما خطبکم کے چوتھے رکوع مین ہی میرے نزدیک اسکا منکر بھی کافر ہی
اللہم ان یقال ان آیۃ الاسراء محکمۃ قطعیۃ الدلالۃ وآیۃ سورۃ النجم مجمل غیر قطعی کما قالہ البعض اور جو کچھ اس باب مین
احادیث مشہورہ سے ثابت ہی منکر اُسکا مبتدع و ضال ہی اور جو کچھ احادیث غریبہ مین وارد ہوا ہی اُسکا منکر جاہل ہی

تنبیہ اگر کوئی عیسائی کہے کہ مسجد بیت المقدس چھ سو برس پیشتر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نیست و نابود ہو گئی تھی

پھر اُسمین جانا کسطرح ہوا تو جواب اُسکا یہ ہی کہ ہرگز کسی تفسیر یا حدیث مین بلکہ کسی تاریخ مین نیست و نابود ہونا مسجد بیت المقدس کا بیان نہین کیا اسقدر البتہ ثابت از روے تواریخ ہوتا ہی کہ ازمنہ سابقہ مین اولا بخت نصر مجوسی نے وقت مقابلہ بنی اسرائیل مسجد قصیٰ کو خراب کیا تھا اور گورنش ہمدانی نے بعد اُسکے تیس ہزار معمار وغیرہ لاکر ولایت ایلیا کو آباد کیا بعد ازان طرطوس رومی نے تخریب مسجد قصیٰ اور قتل و غارت بنی اسرائیل کیا ہی لیکن نیست و نابود کرنا ثابت نہین ہوتا اور نہ یہ ثابت ہی کہ عرصہ چھ سو برس مین پھر اُس مسجد کو کسی نے باوصف اسکے کہ قبلہ سلاطین و امراے بنی اسرائیل تھے درست نہین کیا اور نیز ظاہر ہی کہ بیت المقدس کہ معظمہ سے چندان بعید نہ تھا اگر موجود نہونا تو بنا بر تکذیب معجزہ معراج شریف بھی دلیل کافی تھی کہ ہر کس و ناکس مطلع ہوگا حالانکہ کفار مکہ نے تمام آثار و علامات اُسکے استفسار کیے اور قاصد وغیرہ بھیج کر اطمینان حاصل کی اور بعض مشرکین نے ساحر قرار دیا مگر یہ کسی نے نہ کہا کہ بیت المقدس نیست و نابود تھا بلکہ موجود ہونا مسجد موصوف کا ثابت ہوتا ہی کیونکہ ولیم نیل صاحب مورخ انگریزی مصنف مفتاح التواریخ نے لکھا ہی عبارت مسجد قصیٰ در شہر آوز سلیم است کہ آنجا بیت المقدس در ایام سلف استادہ چون یکے از قیاصرۂ روم کہ اصنام پرست بود در شہنشاہی عیسوی بیت المقدس را از بیخ و بن برکندہ مسمار ساخت بعد ازین سہ صد سال قیصر روم بسبب آنکہ آن مکان مولد حضرت عیسیٰ است مسجد قصیٰ را تعمیر ساختہ بود عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ در ایام خلافت خود سنہ ۶۳۷ عیسوی آن شہر را تسخیر نمود انتہی بلفظہ اس گواہی سے ثابت ہوتا ہی کہ بناے جدید مسجد اقصیٰ تین سو برس پیش از معراج ہوئی فلا اشکال اور بر تقدیر تسلیم قول معترض جواب یہ ہی کہ طاق و دیوار کا ہونا دلیل قیام مسجد نہین ہی مسجد تو نام اُس زمین کا ہی جو خدا کی عبادت یدیہ کے لیے باذن عام موقوف ہوئی ہو ایسی چیز مین کسی کا تصرف نہین چلتا چنانچہ زبور یکصد و بست و نہ مین کہ اُسوقت پیش نظر ہی لکھا ہی کہ صیہون تا ابد الآباد باقی خواہد ماند و بسرایندہ خدا کہ در صیہون است اور پھر ظاہر ہی کہ صیہون عبادت گاہ قدیم اور شلیم کا نام ہی اُسکو ابدی بتلایا ہی اور اسی کا ذکر حدیث معراج مین ہی اور اسی صیہون کے بعض نشیمن کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وقت فتح اور شلیم صاف کیا اور نماز پڑھی اور کچھ بقیہ عمارت کا ذکر بعض روایات مین آیا ہی سو واقعہ رومیہ انصاری کی منافی نہین ہی اس لیے کہ اُس سے واضح ہی کہ اکثر تخریب مسجد بیت المقدس کی باندودگی و انباشتگی ہوئی تھی نہ یہ کہ مطلق نام و نشان اسکی عمارت کا اُسوقت باقی نہ رہا ہوا اور بعد ازان کسی نے اُسکے کسی نشیمن کو مطلق نہ بنایا ہو اور اگر بالفرض کسی تاریخ مین ایسا بھی لکھا ہو تو کچھ ضرور نہین کہ سچ ہی ہو بعض باتین تواریخ مین بے سر و پا بھی ہوتی ہین چنانچہ ایک تاریخ انگریزی مین اور شلیم کے ذکر مین لکھا ہی کہ حضرت عمر کی وہان قبر ہی حالانکہ جمیع اہل تاریخ کا اتفاق ہی اور بتواتر متوارث ثابت ہی کہ مزار حضرت عمر کا مدینہ مین ہی اگر کوئی کہے کہ بیت المقدس جانے مین کیا فائدہ تھا تو جواب یہ ہی کہ بیت المقدس زمین محشر ہی آنجناب کو اس لیے وہان لیگئے کہ برکت قدم سے امت پر

حساب آسان ہو کذا فی المغنی **فائدہ** چونکہ بیان احوال معراج مین ذکر اختلافات کا جو بعض امور مین واقع ہوا ہی نہین کیا گیا اس لیے اب وہ اختلافات لکھے جاتے ہین مخفی نہ رہے کہ اصل قصہ اسرا و معراج مین کسی مسلمان کو خلاف نہین مگر بعض جزئیات مین **اختلاف پہلا** سال ماہ و یوم و تاریخ معراج مین بعضے کہتے ہین کہ یہ معاملہ بارھوین برس نبوت مین واقع ہوا اور ابن حزم نے اسی پر اجماع نقل کی ہی اور طبری و سدی و بیہقی نے ایک برس پانچ مہینے قبل ہجرت کے بیان کی ہی اس قول پر ماہ شوال پڑتا ہی اور ابن فارس نے ایک برس تین مہینے قبل ہجرت لکھی ہی اس تجویز پر ماہ ذیقعدہ ہوتا ہی اور ابن اثیر نے تین برس قبل ہجرت تجویز کی ہی اور قاضی عیاض نے زہری سے پانچ برس بعد نبوت کے نقل کی ہی اور قطبی و نووی نے اس قول کی ترجیح بیان کی ہی کذا فی المواہب مین کہتا ہون کہ شفا مین قاضی نے ڈیڑھ برس بعد نبوت زہری سے نقل کی ہی شاید صاحب مواہب نے کسی اور کتاب مین قاضی کا قول دیکھا ہو تو درست ہی خواہ نقل مین غلطی ہوئی ہی اور ابن عبد البر نے ماہ رجب قرار دیا ہی اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح سفر السعادت مین شب بست و ہفتم رجب معراج کی بقول مشہور لکھی ہی اور روضۃ الاحباب مین بقول اکثر علما سال دوازدہم ماہ ربیع الاول نقل کیا ہی اور ابن وحیہ قائل ہی کہ انشاء اللہ شب دوشنبہ ہوگی تاکہ موافق مولد و بعثت و ہجرت و وفات کی پڑے اور بعضے شب جمعہ اور بعضے شب شنبہ بھی کہتے ہین اس مقام پر یہ بھی جاننا چاہیے کہ جن لوگون نے روایت کی ہی نام انکے یہ ہین ابو بکر صدیق[۱] عمر فاروق[۲] عثمان ذی النورین[۳] علی مرتضی[۴] عبد اللہ بن عباس[۵] عبد اللہ بن عبد المطلب[۶] عبد اللہ بن عمر بن الخطاب[۷] عبد اللہ بن زبیر[۸] عبد اللہ ابن مسعود[۹] عبد اللہ بن اوفی[۱۰] عبد اللہ بن عمر ابو ہریرہ[۱۱] انصاری انس[۱۲] ابن مالک جابر[۱۳] ابن عبد اللہ انصاری بلال[۱۴] ابن سعید بلال حبشی مولاے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالک[۱۵] ابن صعصعہ حذیفہ[۱۶] ابن الیمان ابو سلمہ[۱۷] ابو ایوب انصاری ابو امامہ باہلی[۱۸] عمران ابن الحصین اسامہ[۱۹] ابن زید ابو ذر غفاری[۲۰] ابی ابن کعب ابو سعید خدری[۲۱] ابو درداء عبد الرحمن ابن عوف[۲۲] عایشہ صدیقہ[۲۳] ام ہانی بنت ابیطالب ام کلثوم[۲۴] بنت رسول اللہ مولانا استاذ الاستاذ عبد العزیز قدس سرہ العزیز نے لکھا ہی کہ جناب سرور انبیا کو دو معراج علم ازلی مین مقدر تھے ایک معراج علوی دوسرے سفلی معراج علوی مین تن تنہا تشریف لیگئے اور حضرت صدیق اکبر کی آواز سے وہان مانوس ہوے اور معراج سفلی مین جو غار ثور ہی اپنے یار غار کی رفاقت مین رہے اور وہ غار مکہ سے اڑھائی کوس کا فاصلہ رکھتا ہی اور یہ معراج چہار شنبہ کے دن انتیسوین تاریخ صفر کے مہینے مین حضرت کو حاصل ہوئی اور اسی دن مہتاب ظاہر ہوا صبح غرہ ربیع الاول قرار پایا **اختلاف دوسرا** معراج روحانی و بیداری کا ہی اور اجماع امت تو اس بات پر ہی کہ اگر خواب مین بھی ہو تو بھی حق ہی کیونکہ رویاے انبیا حکم وحی کا رکھتے ہین اور خواب انکا بیداری ہی خصوصًا خواب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پس بعضے بیداری مین بروح و جسد بیان کرتے ہین اور بعض خواب مین بروح اور بعضے تفرقہ کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اسرا مکہ سے بیت المقدس تک بیداری مین روح و جسد سے ہوا

اور وہان سے سمٰوات تک خواب مین تھا کہتا ہون شاید قابل اسکا یہ جانتا ہو کہ اسرا و معراج مختلف راتون مین ہوا ہو
اور دلیل ان لوگون کی ایک یہ ہو کہ قرآن مجید مین وارد ہو سبحان الذی اسری بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ
یعنے پاک و مبرا ہو سب نقصان و عیب سے وہ خدا جو لیگیا اپنے بندہ کو رات کے وقت مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک مسجد حرام سے پس
خدا نے غایت سیر مسجد اقصیٰ قرار دیا اگر جسم مبارک کو مسجد اقصیٰ سے آگے سیر ہوتی تو ہر آینہ ذکر فرماتے اور تردید اس دلیل کی
یہ ہو کہ تخصیص ذکر مسجد اقصیٰ کا آیۂ کریمہ مین اس لیے ہو کہ قریش معراج کو سنکر منکر ہوے تھے اور علامات و آیات بیت المقدس
حضرت سے پوچھے اور امتحان کیا تھا کیونکہ بعض نے بیت المقدس دیکھا تھا اور بعض سے سنا تھے اور آسمانون کے
حالات سے اور مقامات انبیا سے قریش کو خبر نہ تھی کہ استفسار کرتے اور نہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسکو بیان فرماتے لہذا
اسکو غایت قرار دیا اور کوئی دلیل اس بات پر نہین کہ بیت المقدس مین جاکر حضرت نے قیام فرمایا اور وہان سو گئے
اور جو لوگ خواب مین معراج کا ہونا کہتے ہین وہ ایک دلیل یہ کہتے ہین کہ حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین ما فقدت
جسد رسول اللہ یعنی نہین گم کیا مین نے جسد پیغمبر خدا کو اور جواب یہ ہو کہ یہ قول قابل استدلال نہین ہو کیونکہ
وقوع قصہ معراج بروح و جسد بیداری مین بروایت صحیحہ قبل ہجرت تھا اور حضرت ام المومنین کو ہم بستری مدینہ منورہ مین
نصیب ہوئی شاید یہ معراج روحی تھی جو مدینہ مین بحالت خواب ہوئی تھی ورنے اسکے حدیث عایشہ رضی اللہ عنہا کے
غالب نہین ہو سکتی انکی حدیث پر جنھون نے اس معاملہ کو دیکھا اور بطریق مشاہدہ کے بیان کیا کذا فی المدارج اور شرح
عقاید مین ہو والحق انہ جسدہ عن الروح بل کان مع روحہ یعنی جدا نہوا بدن آپکا روح سے بلکہ تھا ساتھ روح کے
اور دلیل دوسری یہ ہو کہ حضرت انس روایت کرتے ہین کہ فرمایا حضرت نے بینا انا نائم فی الحطیم و مضطجع فی الحجر یعنی مین تھا
حطیم مین اور کبھی کہا مین لیٹا تھا حجر مین اور تردید اسکی یہ ہو کہ حضرت انس نے مشاہدہ معراج کا نہین کیا اور نہ حضرت سے
سنا کیونکہ معراج قبل ہجرت ہوئی اور انس رضی اللہ عنہ خدمت حضرت مین بعد ہجرت کے آئے ہین اُن دنون مین
آٹھ سات برس کے تھے تیسری دلیل یہ ہو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آخر حدیث مین جسمین بینا انا نائم ہی فرمایا ہو
فاستیقظت و انا بالمسجد الحرام یعنی پھر جاگا مین اور تھا مسجد حرام مین اس سے معراج کا خواب مین ہونا معلوم ہوتا ہو
مگر یہ دلیل کئی طرح سے ناقص ہو اول یہ کہ قبل آنے فرشتے کے آنجناب خواب مین تھے پھر جاگے یعنی فرشتے نے جگایا
دوسرے یہ کہ مراد نایم سے صورت و ہیئت نایم ہو جیسا دوسری روایت مین ہو بین النائم و الیقظان تیسرے استیقاظ
جو آخر قصہ مین آیا ہو اسے بیداری وقت صباح کی مراد ہو نہ بیداری خواب سے یعنی بعد اتمام معراج و سیر کے حضرت نے
آرام فرمایا پھر صبح کو اُٹھے اور فرمایا استیقظت اور بعض اہل تحقیق نے لکھا ہو کہ استیقاظ سے مراد افاقہ و ہوشیاری ہو جب
اس مسافت کو طی فرما کر آئے تو کوفت منزل کی محسوس ہوتی تھی باقی رات مکان مین ٹھہر کر سکون و قرار پایا تیسری
دلیل آیۂ کریمہ وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس یعنی نہ کیا ہمنے اُس خواب کو جو دکھلایا تجھکو مگر فتنہ اور سبب

آزمائش کا واسطے آدمیوں کے کہتے ہین کہ رویا کلام عرب مین بمعنی دیدن خواب شایع ہی اور یہ آیت معراج کے حال مین نازل ہوئی اور شیخ بدرالدین زرکشی نے حریری سے اور یہی ابن مالک سے نقل کی ہی کہ رویا بمعنی دیدن چشم نہین آیا جواب یہ ہی کہ یہ حجت ناتمام ہی اس لیے کہ رویا بمعنی دیدن بصر بھی آیا ہی جسطرح قربت و قرابت ایک معنی مستعمل ہین اور کلام مُنتہی مین موجود ہی ع ورویاک فی العیون اعلی من نعاس اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اس آیہ مین رویا کی تفسیر برویۃ بصر فرماتے ہین اور پر ظاہر ہی کہ رویت بصر مین فتنہ و آزمائش ہی اور وہی موجب انکار و کفر و باعث ازدیاد ایمان ہوتا ہی اور نہ خواب مین کچھ مقام انکار نہیں اور نہ کچھ فتنہ و آزمائش سب لوگ خواب دیکھا ہی کرتے ہین اور اگر تسلیم کیا جاے کہ رویا بمعنی دیدن خواب ہی آیا ہی اور بمعنی دیدن بصر نہین آیا تو یہ گمان سے بالیقین ثابت ہوتا ہی کہ یہ آیہ قصہ معراج مین نازل ہوئی ہی بلکہ اہل تحقیق اسکا نزول قصہ حدیبیہ مین بیان کرتے ہین اور رویا سے وہ خواب مراد لیتے ہین جس کہ حضرت نے دیکھا کہ ہمنے عمرہ ادا کیا اور طواف خانۂ کعبہ بجا لائے اور اصحاب کے روبرو بیان کیا سب نے کعبہ کی طرف توجہ کیا مگر اُس سال مین عمرہ نصیب نہوا آخرکار کافرون سے صلح کرکے اُلٹے مدینے کو آئے منافقون نے زبان درازیان کین مگر ثمرۂ خواب آیندہ مین ظہور پکڑا اور جو لوگ کہتے ہین کہ اس آیت کی سورت مکی ہی اور قصہ مدنی ہی اس سبب سے تردد ہی سو رفع تردد یون ہوتا ہی کہ خواب حضرت نے مکے مین دیکھا اور جب مدینہ مین تشریف لائے بیان کیا اور بعض کہتے ہین کہ حضرت صلعم نے خواب مین دیکھا ایک گروہ بنی امیہ کا میرے منبر پر دوڑتا ہی اور بندرون کی طرح کودتا ہی سو جب اس قوم کی حکومت ہوئی تو ایک فتنہ برپا ہوا اور جو حضرت نے دیکھا تھا ظاہر ہوا یہان وہی فتنہ مراد ہی اور ابوالعباس قرطبی فرماتے ہین کہ مراد رویا سے رویت عین ہی کہ حضرت جبرئیل نے جنگ بدر مین قریش کے سرداروں کو خاک و خون مین لوٹتے ہوے دکھلایا تھا کہ حضرت نے مسلمانون سے کہا اور قریش نے سنا تو مسخر اپن کرنے لگے کہ اس سبب سے بعض کے دل مین شبہہ پڑتا تھا اور جو رویا سے خواب مراد ہو تو یہ بات ہی کہ اس معاملے کو حضرت نے خواب مین بھی دیکھا تھا اور جنگ بدر مین بچشم ظاہر مشاہدہ کیا ہر گاہ یہ حال معلوم ہوا تو اب جاننا چاہیے کہ جمہور سلف و خلف اہل اسلام اسپر یقین کلی رکھتے ہین کہ تمام سیر اور عروج ابتدا سے انتہا تک بروح و جسد بیداری مین ہوئی جناب ابن عباس و جابر و انس و حذیفہ و عمر ابن خطاب و ابی ہریرہ و مالک ابن صعصعہ و ابن مسعود وغیرہم رضی اللہ عنہم کا یہی مذہب ہی اور تابعین سے ضحاک و سعید ابن جبیر و قتادہ و سعید ابن مسیب و حسن و ابراہیم و مسروق و مجاہد و عکرمہ و ابن جریج وغیرہ اسی کے قائل ہین اور آیات قرآنیہ اور احادیث صحیحہ سے دلیل پکڑتے ہین از انجملہ سبحان الذی اسری بعبدہ مین کہتے ہین کہ اسری اُس سیر کو کہتے ہین جو رات کے وقت عین بیداری مین ہو اور منجملہ خواب مین نظر آوے اسکو رویا بولتے ہین اور اگر اسرا بروح ہوتی تو بروح عبدہ فرماتے اور جب صرف عبدہ ارشاد کیا تو معلوم ہوا کہ بالروح والجسد تھا کیونکہ عبد شامل تمام جسم کو ہی از انجملہ آیت ما زاغ البصر وما طغی یعنی بہکی نہین نگاہ اور حد سے

نہین بڑھی اور زیغ صفت بصر جسمانی کی ہی اسکو نفی فرماتے ہین پس اگر بالجسم آنحضرت نہین گئے تھے تو یہ کلام خلاف ہوتا ہی
از انجا انبار صحیحہ رکوت براق وصلوٰۃ انبیا و فتح ابواب سماوات وغیرہ امور دلالت صریح کرتے ہین کہ یہ جسمانی بیداری مین
ہوئی ہی اور مذہب اہل سنت جماعت کا یہی ہی اور مواہب لدنیہ مین نووی سے نقل کی ہی کہ قصۂ اسرا دو بار ہوا ہی ایک
مرتبہ خواب مین دوسری مرتبہ بیداری مین اور سہیلی نے ابوبکر عربی سے نقل کی ہی کہ یہ مذہب صحیح ہی اور جو خواب مین اسرا ہوا
گویا تو حلیہ بیداری تھا جسطرح ابتداے نبوت مین رویاے صالحہ ہوتی تھی تاکہ آسانی تحمل وحی کی حاصل ہو قاضی ابوبکر
ابن عربی لکھتے ہین کہ حضرت کو پہلے خواب مین عجائب و غرائب آسمانی دکھلائے تاکہ استعداد و قوت قدرت الٰہی کے
معاینہ کی سہم پہونچے پھر جب بیداری مین معراج ہو تو دہشت نہ دل مین لائین ولہذا بعضے قائل ہین کہ اسرا دو نوبت قبل ہجرت
ہوا تھا چنانچہ شریک نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی وذلک قبل ان یوحی اور سفر السعادت مین ہی کہ معراج
ایکبار بدن سے بیداری مین ہوئی اور بعض دو بار کہتے ہین ایکبار مبشیں از وحی اور ایک مرتبہ بعد وحی اور بعضے تین بار
اور بعضے چار مرتبہ اور بعضے زیادہ اس سے بیان کرتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت کو چونتیس ۳۴ دفعہ معراج ہوئی ایکدفعہ
خاص جسم مقدس سے بیداری مین باقی روح سے اور شیخ عبدالحق محدث فرماتے ہین کہ بدن و روح سے ایکبار معراج ہوئی
اور جاگتے مین مع الروح والجسم سماوات سے گذرے اور صرف روح سے اکثر ہوئی اسکے حصر مین کوئی دلیل قاطع نہین ملتی ہی
اور حقیقت معایج روحی کی اولیاؤ اللہ کے کلام سے معلوم ہوتی ہی یعنی علماے ظاہر اس سے ناواقف ہین تذییل چونکہ
بعضے معراج سے منکر تھے اور بعضے معراج نومی کے قائل تھے اور بعضے بیت المقدس تک بیداری مین اور آگے خواب مین
کہتے تھے اور معراج کے باب مین ایسا خیال عقاب عیب کی بات تھی اور خداوند بیچون عیب و نقصان سے مبرا ہی اور حضرت
خاتم الانبیا کی جناب مین ایسا قصور دل مین لانا از بس نازیبا لہذا لفظ سبحان کا شروع مین ارشاد کیا تاکہ دلالت کرے
اوپر معراج بیداری کے اور کسی کو شک اور شبہہ نہ رہے کیونکہ خداوند قادر ہی کہ اپنے حبیب کو بجسم مقدس عین بیداری مین
لیگیا اور آن واحد مین تمام سیر کرا کر پھیر لایا تو کیا عجب ہوا سیاحت ارض و تصاعد سما اسکے نزدیک کچھ حقیقت نہین اور
صوفیہ کرام فرماتے ہین کہ یہ شرف بدون طی ارض اور عروج فلک کے حضرت نبی کریم کو حاصل ہی قطعہ ہر کوس حقیقتش
نا در شد ٭ او بمن تراز سیر بہنا در شد ٭ لما گوید کہ رفت احمد بہ فلک ٭ سر مگو بدیکہ فلک باحمد در شد ٭ اگر کوئی شبہہ
کرے کہ جب اسری رات کی سیر کو بولتے ہین تو پھر لیلاً کہنے کا کیا فائدہ ہی تو جواب یہ ہی کہ اگر لیلاً نفرماتے صرف اسری بعبدہ
کہتے تو گمان ہوتا کہ حضرت صلعم کو ہر رات مین معراج بدستور پہلی رات کی ہوتی تھی اسواسطے لیلا فرمایا تاکہ معلوم ہو کہ
معراج ایک رات ہوئی مگر عروج ستر ہزار بار ہوا کذا فی شرف النبی اور جو رات مین معراج ہوئی اور دن مین نہوئی
اسمین یہ حکمت تھی کہ رات محبین کے واسطے خلوت کا وقت ہی اور اگر دن کو ہوتی تو ایمان عیانی ہوجاتا ایمان بالغیب
نہ رہتا اور حق تعالیٰ کو ایمان بالغیب منظور ہی اور جو حضرت موسیٰ کو دن مین ہوئی سو اس لیے کہ وہ کلیم تھے اور حضرت

ہمارے حبیب بادشاہ اپنی رعایا سے دن مین کلام کرتے ہین اور اپنے حبیب سے رات مین بھید کہتے ہین سوائے اسکے موسیٰ
علیہ السلام بارادۂ سوال آئے تھے تاکہ صحف والواح حاصل کرین اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارادۂ وصال تشریف لیگئے
کہ قرب ارواح ملے جو کوئی بہ نیت سوال جاتا ہی وہ دن مین جاتا ہی تاکہ مسئول پاوے اور جو کوئی وصال کی نیت سے
جاتا ہی وہ رات کو جاتا ہی تاکہ مشاہدہ جمال حاصل کرے **اختلاف تیسرا** اسمیں اور اسرا مین ہی ترمذی نے انس رضی اللہ عنہ سے
روایت کی ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ میرے گھر کی چھت پھاڑی گئی اور مین مکہ مین تھا اور واقدی نے کہا کہ شب اسرا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم شعب ابیطالب مین تھے اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ
حضرت صلعم نے فرمایا مین حطیم مین تھا اور کبھی فرمایا حجر مین کروٹ لیے لیٹا تھا کہ دفعتاً آنے والا آیا اور صحیح بخاری مین آنحضرت سے بھی
کہ فرمایا مین بیت مین تھا اور قاضی نے شفا مین ام ہانی بنت ابیطالب سے روایت لکھی ہی کہ حضرت میرے گھر مین تھے پس
ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اسطرح ان روایتون مین جمع کیے ہی کہ حضرت صلعم ام ہانی کے گھر شب باش تھے اور وہ گھر شعب ابیطالب مین
واقع ہی اور اسکی چھت پھاڑی گئی اور اضافت خانہ اپنی طرف بلحاظ سکونت فرمائی ہی اور وہین سے فرشتہ مسجد مین لایا
اور حضرت صلعم کروٹ لیکر لیٹے اور کچھ اثر خواب بھی تھا پھر مسجد سے وہی فرشتہ باہر لایا اب براق پر سوار ہوے **فائدہ**
حجر وحطیم اُس مکان کا نام ہی جسکو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بنانے کے وقت کعبہ مین داخل کیا تھا اور جب
قریش نے عہد نبوت سے پہلے کعبہ بنایا تو اُس چندگز مکان کو کعبہ سے اُتر کی طرف علحدہ کردیا کہ نا ؤدان کعبہ اُسی طرف ہی
اختلاف چوتھا شق صدر مین ہی قاضی عیاض نے نقل کی ہی کہ شق صدر کا معاملہ قصۂ معراج مین زیادت شریک
نام راوی سے ہی اور حافظ ابن حجر نے کہا ہی کہ شق صدر شریف کئی مرتبہ ہوا اور معراج مین بروایات متعددہ صحیحہ وارد ہی
جاے انکار نہین ہی جیسا کہ بخاری نے قتادہ اور انس اور مالک ابن صعصعہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہی اور قاضی نے خود
کتاب شفا مین بیان کیا ہی کہ یونس ابن شہاب نے انس سے قضیۂ شق صدر معراج مین نقل کیا ہی پس معلوم ہوا کہ زیادت
شریک سے نہین ہی اور صحیح عند المحققین یہ ہی کہ شق صدر چار مرتبہ ہوا ہی اول حالت اطفال مین جبکہ دائی حلیمہ کے
پاس تھے اور یہ اسواسطے ہوا تاکہ دل مین ہوس لہو ولعب کی نرہے دوسرے بار دس برس کی عمر مین قریب بلوغ جبکہ
لیا گیا تاکہ جوانی کی خواہش زور نہ پکڑے تیسرے بار قریب زمانہ نبوت کے چاک کیا گیا تاکہ صفاے کامل اور قوت حاصل ہو
وحی کے قبول کی چوتھی مرتبہ معراج مین شق صدر ہوا تاکہ لیاقت دربار الٰہی کی رتبۂ اعلیٰ پر حاصل ہو اور بعض اہل جدال
وتحقیق فرماتے ہین کہ نماز مومن کے واسطے معراج ہی جب مومن ارادہ نماز کرتا ہی تو اول وضو کرتا ہی پھر نماز پڑھتا ہی سو ہمارے
حضرت صلعم نے کہ سالار قافلہ انبیا علیہم السلام تھے جب ارادۂ نماز معراج فرمایا اور قصد راز ونیاز کہنے کا درگاہ کبریا مین کیا
تو اُسکے لیے وضو لازم تھا اور اس وضو کے لائق شق صدر تھا سو ہوا کیونکہ رویت الٰہی مین تین چیزین شرط ہین اول
لطافت دوم پاکیزگی اعلیٰ مرتبہ کی جو اربعہ عناصر سے خارج ہو دوسرے زبان تیسرے مکان کہ یہ تینون باتین حضرت صلعم کو

حاصل نہین تب شق صدر سے وضو کرکے رویت الٰہی سے مشرف ہوے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ تینون باتین حاصل تھین اس سبب سے رویت الٰہی نصیب ہوئی اور اتفاق اس وضو کا یہ پڑا ابن عطا تفسیر الم نشرح مین کہتے ہین الم نشرح لک صدرک یعنی کیا نہ کھولا سینہ تیرا تیرے واسطے یعنی شرح صدرہ للرویۃ و شرح صدر موسیٰ علیہ السلام للکلام **اختلاف پانچوان** براق مین ہی اول اشتقاق مین دوسرا اسمین کہ انبیاے سابقین بھی بُراق پر سوار ہوے تھے یا نہین پس بعض براق کو مشتق برق سے کہتے ہین یعنی درخشندگی کے لحاظ چمک رنگ کے اور بعضے برق سے بلحاظ سرعت سیر اور بعضے برقار سے کہ ابلق کبری کو بولتے ہین چنانچہ قاضی نے شفا مین لکھا ہی کہ رنگ بُراق ابلق تھا اور بیہقی نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین نے باندھا اپنے چارپایہ کو حلقہ در سے جہان اور انبیاؤن نے باندھتے تھے اس سے ظاہر ہی کہ اور انبیا بھی بُراق پر سوار ہوے ہین اور مغازی ابن اسحٰق مین ہی کہ بُراق نے سرکشی کی سواری کے وقت کیونکہ مدت سے اُسپر سواری نہوئی تھی اور بعض روایت مین ہی کہ اسی براق پر حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام سوار ہوکر حضرت اسمٰعیل کو دیکھنے جاتے تھے لیکن مع زین اور لگام خصایص آنحضرت مین ہی اور ابن دحیہ نے انکار کیا ہی اور کہا ہی کہ اور کوئی نبی اُسپر سوار نہین ہوا اور احادیث کو تاویل کرتا ہی کہ اور انبیاؤن کے واسطے بھی اسی قسم کا بُراق آیا تھا یہ بےمعنا اور اسکا تو کوئی قایل نہین ہی کہ سواے حضرت صلعم کے اور کوئی نبی بُراق پر سوار نہین ہوا یہ جو بُراق مختلف شکل قد و قامت مین ہے سواری حضرت کے واسطے آیا اور گھوڑا کہ اسمین زیادہ تھی نہ آیا اسمین یہ حکمت تھی گھوڑا موضوع ہی کہ مقام طرب و خوف مین اُسپر سوار ہون اور یہ مقام سلامتی و امن تھا اور بہتی قامت و اختلاف لون مین یہ فایدہ ہی کہ ایسا جانور اسقدر مسافت کے لائق نہین ہوتا اُسنے آن واحد مین یہ سفر دور و دراز کیا کذا فی مدارج النبوۃ **اختلاف چھٹا** اس بات مین ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہمراہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیادہ پا تھے یا وہ بھی بُراق پر سوار تھے اور اگر سوار تھے تو پیچھے تھے یا آگے ابن سعد نے شرف المصطفےٰ مین لکھا ہی کہ جبرئیل نے رکاب تھامی اور میکائیل نے لگام پکڑی اس سے معلوم ہوتا ہی کہ پیادہ پا تھے مگر احتمال ہی کہ سوار کرا کر خود بھی سوار ہوے ہون اور مسند امام احمد مین حذیفہ سے موقوفاً روایت ہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت جبرئیل علیہ السلام دونون بُراق پر سوار تھے یہانتک کہ بیت المقدس مین آئے اور صحیح ابن حبان مین ابن مسعود سے روایت ہی کہ ان جبرئیل حملہ علی البراق ردیفاً لہ اور یہ دونون قول محتمل ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ردیف جبرئیل تھے یا بالعکس پس مسند حارث مین بہ تصریح آیا ہی کہ جبرئیل آگے تھے اور حافظ ابن حجر نے اسی پر اعتماد کیا ہی کذا فی المواہب **اختلاف ساتوان** بُراق کے باندھنے اور نہ باندھنے مین ہی حذیفہ نے باندھنے کے انکار کی اور کہتے تھے کہ حاجت نہ تھی کیونکہ تمام عالم غیب و شہادت اُسوقت مسخر تھا کذا رواہ احمد والترمذی اور بھی حذیفہ نے نماز بیت المقدس کے انکار کی ہی اور بیہقی اور ابن کثیر نے کہا ہی کہ قول ربط بُراق اور اداے صلوٰۃ قول بالاثبات ہی اور اثبات نفی سے اولیٰ ہی اور بھی باندھنا بُراق کا حلقہ مجرہ سے از روے احادیث صحیحہ ثابت ہی چنانچہ اول قصہ مین بیان ہوچکا ہی اور

ثابتؓ نے انسؓ سے اور بزار نے بریدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت صخرہ مین آئے اور اپنی انگلی رکھی اور پھاڑا اسکو اور براق کو باندھدیا اور بیہقی نے ابوسعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین آیا بیت المقدس مین اور مین نے باندھا براق اپنا اُس حلقے مین جہان اور انبیاؤن نے باندھے تھے پھر مین اور جبرئیل بیت المقدس کے اندر آیا اور دونون نے دو رکعت نماز ادا کی اور ابن ابی حاتم نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیت المقدس مین تشریف لائے تو پہونچے ایک مکان مین جسکو باب محمد کہتے ہین سو وہان ایک پتھر تھا جبرئیل نے اپنی انگلی سے سوراخ کیا اور براق کو وہین باندھا **اختلاف آٹھوان** ادائے صلوٰۃ مین ہے کہ آنحضرت نے اور انبیاؤن کے ساتھ آسمان پر نماز پڑھی ہے یا بیت المقدس مین اور جاتے وقت پڑھی یا آتے وقت اور وہ نماز فرض تھی یا نفل اور اگر فرض تھی تو نماز عشا یا نماز صبح اور جو نفل تھی تو کس رکعتین تھین قاضی عیاض نے شفا مین روایت بزار کی علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے کہ اُس سے ادائے صلوٰۃ آسمان پر معلوم ہوتی ہے اور جو بیہقی نے ابوسعید خدریؓ سے روایت نقل کی ہے اُس سے نماز پڑھنا حضرت کا اور حضرت جبرئیل کا دو رکعت بلا جماعت پایا جاتا ہے شاید بطریق تحیۃ المسجد ہو اور ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت فرماتے تھے کہ مین مسجد مین داخل ہوا تو انبیا علیہم السلام ملے پھر موذن نے اذان کہی تو سب نماز پر کھڑے ہوے اور منتظر ہوے کہ کون امام ہو حضرت جبرئیل نے میرا ہاتھ پکڑکر امام کیا اور امام احمد نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت صلعم مسجد قبا مین کھڑے ہوے تا کہ نماز پڑھین سب انبیاؤن نے اقتدا کی پس قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ احتمال ہے کہ آنحضرت نے انبیاؤن کے ساتھ بیت المقدس مین نماز پڑھی ہو پھر بعضے انبیا آسمان پر عروج فرما گئے تو وہان بھی ملاقات ہوئی اور احتمال ہے کہ بعد ہبوط آسمان سے نماز پڑھی ہو اور انبیا علیہم السلام اول آسمان پر ملے ہون پھر حضرت کے ساتھ بیت المقدس مین آئے اور نماز پڑھی اول احتمال ظاہر تر ہے اور ابن کثیر قایل ہے کہ قبل عروج اور بعد عروج بھی نماز پڑھی تھی اور صاحب مواہب فرماتے ہین کہ جو شخص ادائے نماز کا قبل عروج قایل ہے اُسکے قول پر عشا تھی اور جو شخص بعد عروج کے قایل ہے اُسکے قول پر نماز صبح قریب تر ہے اور ہمارے اساتذہ کرام کی اس مقام مین تحقیق ہے کہ ظاہر تر اور قریب تر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بیت المقدس مین پہونچے تو حضرت جبرئیل نے اور آپنے بطریق تحیۃ المسجد دو رکعت نماز ادا کی اور دیگر انبیا کہ آپسے پہلے پہونچے تھے وہ رکوع اور سجود صلوٰۃ تحیۃ المسجد مین تھے پھر نماز تہجد کہ آنحضرت پر فرض تھی اذان سے ادا فرمائی تو اور انبیاؤن نے اقتدا کی اور جب عروج آسمان فرمایا تو اور انبیا بھی عروج فرما گئے وہان بھی واسطے اظہار شرف و کرامت آنحضرت کے ملاء اعلیٰ پر حضرت صلعم کو جبرئیل نے امام کیا پھر جب مراجعت فرما کر بیت المقدس مین آئے تو بعضے صلوٰۃ اللیل یا نافلہ دیگر بروجہ شکرانہ ادا فرمائین اور کاتب اوراق کہتا ہے کہ جو شخص قایل ہے کہ نماز عشا یا صبح تھی سو اس قول کی حدیث انس مالک بنت ابیطالب کی رد کرتی ہے اس لیے کہ وہ فرماتی ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم شب اسرا میرے گھر تھے اور نماز عشا پڑھکر سوئے تھے اور قریب صبح مجھکو جگایا اور جب نماز صبح کی ادا فرما چکے اور مین بھی پڑھ چکی تو آپنے فرمایا اے ام ہانی مین نے نماز عشا کی

یہان پڑھی پھر بیت المقدس مین گیا اور وہان نماز پڑھی پھر نماز صبح تمھارے ساتھ ادا کی **اختلاف نوان** اس بات مین ہی کہ پیالے
شیر و شراب کے بعد نماز لائے گئے تھے یا بعد وصول سدرۃ المنتہے اور کتنے پیالے تھے پس حدیث انسؓ اور امام احمدؒ سے واضح ہی کہ مسجد
اقصیٰ مین بعد نماز قبل عروج دو پیالے آئے تھے ایک دودھ کا دوسرا شراب کا اور روایت شداد ابن اوس بھی اسی طرح ہی اور حدیث
بخاری سے جو قتادہ نے انسؓ سے اور انسؓ نے مالک ابن صعصعہؓ سے روایت کی ہی معلوم ہوتا ہی کہ بعد پہونچنے سدرۃ المنتہے کے تین پیالے
آئے ایک مین شراب دوسرے مین دودھ تیسرے مین شہد اور روایت ابزار مین پانی اور دودھ اور شراب ہی سو جمال الدین محدثؒ نے
یون جمع بین الروایات فرمائی ہی کہ یہ معاملہ دو بارہ واقع ہوا ایک مرتبہ مسجد مین اور دوسری بار سدرہ مین اور قسطلانی نے فرمایا ہی
کہ حافظ عماد الدین ابن کثیر نے بھی اسی طرح تصریح فرمائی ہی اور جو اختلاف عدد ظروف مین واقع ہی معمول پر اختصار راوی ہی
حاصل یہ کہ مجموع ظروف چار تھے ایک مین پانی دوسرے مین دودھ تیسرے مین شہد چوتھے مین شراب کہ یہ بات موافق پڑتی ہی ان
تہرون کے جو سدرۃ المنتہے کی جڑ سے جاری ہین **اختلاف دسوان** زدبان ہین ہی اکثر روایات دلالت کرتی ہین کہ آنحضرتؐ نے
زدبان پر ہو کر عروج فرمایا اور اکثر احادیث صحیحہ سے واضح ہی کہ براق پر عروج فرمایا اور ایک روایت ہی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہاتھ
پکڑ کر آسمان پر لیگئے اور ایک روایت ہی کہ اپنے پرون پر بٹھلا کر لیگئے پس طریق جمع یون ہی کہ بعد فراغ نماز و حمد الٰہی بیت المقدس مین
حضرت جبرئیل نے حضرت صلعم کا ہاتھ پکڑا اور باہر لائے اور براق پر سوار کرایا اور براق اس زدبان پر لیچلا اور جب دروازۂ آسمان
پہونچایا تو جبرئیل نے اپنے پرون پر بٹھلایا **اختلاف گیارھوان** سدرۃ المنتہے مین کہ آسمان ششم مین ہی یا ہفتم مین پس قتادہ و ثابت
حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہین کہ سدرہ آسمان ہفتم مین ہی اور ابن مسعودؓ سے مسلم نے حدیث روایت کی ہی کہ سدرۃ آسمان ششم مین ہی
حافظ ابن حجر نے یون جمع فرمائی ہی کہ جڑ سدرہ کی آسمان ششم مین ہی اور شاخین ہفتم پر لہذا ششم و ہفتم دونو مذکور ہوے **اختلاف**
بارھوان تعداد انہار مین ہی حدیث انسؓ سے چار معلوم ہوتی ہین دو پوشیدہ کہ بہشت مین جاری تھین اور دو ظاہر کہ نیل
و فرات ہین اور صحیحین مین ہی کہ سدرۃ المنتہے کی جڑ سے جاری تھین اور ایک روایت مسلم کی ہی کہ چار نہرین بہشت سے ہین نیل و فرات
و صیحان و جیحان اور بروایت شریک واضح ہی کہ آسمان دنیا پر دو نہرین نظر پڑین تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیل و
فرات ہین اور سدرہ انکی جڑ ہی اور قاضی عیاض نے شفا مین ایک حدیث حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہی کہ اس روایت سے
چار قسم کی نہرین معلوم ہوتی ہین اور ہر قسم سے متعدد نہرین نکلتی ہین مثلاً انہار آب و انہار شیر و انہار شہد و انہار خمر اور جمع
بین الروایات یون ہوتا ہی کہ سدرہ کی جڑ بہشت مین ہی پھر یہ نہرین جب سدرہ سے نکلین تو بہشت سے ہوئین اور جو آسمان
دنیا پر نظر آئین وہ دلیل کمال اقتدار پر ہی اور مانی رہا بعد سو بعد تجاوز منبع سے ہوا ہی **اختلاف تیرھوان** رویت الٰہی مین ہی
کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے شب معراج مین خدائے تعالیٰ کو بچشم سر دیکھا یا نہین حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ
جسنے کہا محمدؐ نے دیکھا خدا کو اسنے جھوٹ کہا اور دلیل لاتی ہین آیۃ لاتدرکہ الابصار و ہو یدرک الابصار یعنی نہین دیکھ سکتی اسکو
آنکھین اور وہ دیکھتا ہی آنکھون کو اکثر صحابی اس دلیل کے مخالف ہین اور جس قول مین صحابی مختلف ہون وہ قول قابل

حجت و سند کے نہین ہوتا اور امام نووی لکھتے ہین کہ ابن خزیمہ نے کہا ہی کہ عایشہ صدیقہ نے نفی رویت کی حدیث مرفوع سے
نہ کی اگر انکو کوئی حدیث مرفوع معلوم ہوتی تو البتہ بیان فرماتین تفسیر شاہی مین لکھا ہی کہ آیت مین نفی ادراک ہی نہ نفی رویت
اور ادراک واقف ہونا ہی اور جو اب حدود شی مرئی کے اور رویت دریافت کرنا ایک شی کا بینائی سے پس نفی ادراک سے نفی رویت
لازم نہین آتی اور ابصار سے کافرون کی آنکھین مراد ہین اور انس و ابن عباس اور حسن و عکرمہ رضی اللہ عنہم قائل ہین کہ
حضرت نے اپنے رب کو آنکھ سے دیکھا چنانچہ ترمذی نے عکرمہ سے روایت کی ہی کہ ابن عباس نے کہا دیکھا محمد صلعم نے اپنے
پروردگار کو بچشم سر ہین نے کہا لا تدرکہ الابصار کسطرح فرمایا ہی ابن عباس نے کہا افسوس ہی تجھپر یہ اسوقت فرمایا ہی کہ جب
حضرت حق بنور ذات تجلی فرمائین اور ابن عمر نے ابن عباس سے کہا بھیجا کہ محمد رسول اللہ نے اپنے رب کو معراج مین دیکھا
انہین کہا ہان دیکھا اور کہا خدا سے تعالی نے خلت ابراہیم کو دی اور کلام موسی کو اور رویت محمد کو کذا فی العالم اور ابی ذر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین نے پوچھا رسول اللہ سے کہ آپنے دیکھا اپنے پروردگار کو فرمایا ایکبار بشبک دیکھا کہ دیکھا یا گیا اور روایت کی
امام احمد سے کہا عایشہ صدیقہ فرماتی ہین جسنے کہا محمد نے اپنے رب کو دیکھا اسنے افترا کیا اللہ پر یہ کلام کسطرح دفع کیا جائے امام نے
فرمایا حضرت صلعم کے قول سے کہ رایت ربی ہی اور فرمایا حضرت صلعم کا بالاتر قول عایشہ صدیقہ سے ہی کذا فی المواہب اور قاضی عیاض نے
شفا مین لکھا ہی کہ نقاش نے امام احمد سے حکایت کی ہی کہ وہ فرماتے تھے مین بملاحظہ حدیث ابن عباس کہتا ہون کہ حضرت صلعم نے خدا کو
بچشم سر دیکھا ہی اور اس کلام کو اتنا مکرر سے فرمایا کہ انکا دم بند ہو گیا اور امام ابو الحسن اشعری اور امام حسن بصری سے منقول ہی کہ قسم کھائی
اور کہا کہ محمد نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہی اکثر صحابہ اسی پر متفق ہین اور یہی مذہب ہی عروہ ابن زبیر و کعب احبار و زہری اور تمام
صحابہ و تابعین و تبع تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اور مسلم نے ابو العالیہ سے اور اسنے ابن عباس سے تفسیر کر کے یہ مائذبہ
الفواد و مارای مین نقل کی ہی کہ حضرت صلعم نے حضرت حق کو دو مرتبہ دیدۂ دل سے دیکھا اور طبرانی نے روایت کی ہی کہ ایک مرتبہ
دل سے دوسری مرتبہ دیدۂ سر سے دیکھا الا سعید ابن جبیر کہتے ہین کہ اس مقام مین توقف اولی ہی کیونکہ دلائل طرفین باہم متعارض ہین
اور یہ مسئلہ عملیات مین نہین ہی کہ دلیل ظنی پر اکتفا کیجائے فافہم القصہ بعد اس واقعہ عجیبہ کے اسی سال مین بارہ آدمی بقیلہ اوس خزرج کے
مع چھ نفر مسلمانون کے جو عقبہ اولی مین بیعت کر گئے تھے اسی مقام مین حاضر ہوے اسعد ابن زرارہ و خوف و معاذ پسران عفرا
و رافع ابن العجلان و ذکوان ابن عامر و عبادہ ابن صامت و یزید ابن ثعلبہ و عباس ابن عبادت و عقبہ ابن عامر از قبیلہ
خزرج و ابو الہیثم ابن التیہان و عویم ابن ساعدہ اور ایک شخص اور جسکا نام کتب حدیث و سیر مین صاف صاف بلا اختلاف
نہین ملتا قبیلہ اوس سے تھے سو ان صاحبون نے یون بیعت کی کہ ہم شریک ٹھہرائین اللہ کا اور چوری نہ کرین اور زنا نہ کرین اور اولاد کو
نہ ماریں اور کسی پر بہتان نہ باندھین یعنی کسی پر جھوٹا دعوی نہ کرین اور جھوٹی گواہی نہ دین یا کسی معاملہ مین جھوٹی قسم نہ کھائین اور
آپکی بے حکمی نہ کرین کسی بھلے کام مین اور یہی بیعت مومنات ہی جسکا ذکر سورۂ ممتحنہ مین اللہ صاحب نے فرمایا ہی اور بیعت جہاد اسی
سبب سے نہین کی کہ اسوقت تک جہاد فرض نہوا تھا اور بعد کر لینے بیعت کے ملتمس ہوے کہ یا رسول اللہ آپ ایک شخص ہمارے ساتھ

کردین تو وہ بکو قرآن سکھائے اور احکام شرع بتلائے حضرت صلعم نے مصعب ابن عمیر عبدری کو وقت رخصت اُنکے ہمراہ فرمایا انھین لوگون نے مصعب کا نام مقری رکھا تھا اور انھین نے نماز جمعہ اول مدینہ مین ادا کی ہی اور انھین نے دعوت اسلام مدینہ مین جاری کی ہی اور کلمۂ اسلام انھین کے سبب سے بعنایت حق مدینہ مین شایع ہوا کہ اشراف اور اکابر قوم سب اسلام لائے اور سبنے اپنے بت توڑ ڈالے بلکہ ہر ایک گھر مین کوئی نہ کوئی مرد یا عورت مسلمان ہوگئی ایکدن مدینہ مین مصعب ابن عمیر بنی عبدالاشہل کے باغ کے دروازے پر قرآن پڑھتے تھے کہ سعد ابن معاذ کو جو خالاتی بھائی اسعد ابن زرارہ کا تھا خبر ہوئی وہ نیزہ لیکر غصہ مین بھرا آیا اور کہنے لگا کہ یہانسے چلجاؤ نہین تو سزا کرونگا مصعب ابن عمیر اُٹھ گئے دوسرے دن اسعد ابن زرارہ کے ساتھ اُسی جگہ وعظ فرمانے لگے پھر کسی نے یہ خبر سعد ابن معاذ کو پہونچائی سو وہ بانکا شیر آیا لیکن نرمی کے ساتھ تب سعد ابن زرارہ نے کہا ای بھائی یہان بیٹھکر سنو یہ شخص کیا باتین کرتا ہی اگر اسکا کلام ناقص ہو تو تم اس سے بہتر کلام کرو اور راہ راست بتلاؤ اور جو اسکے کلام مین ہدایت ہو تو پرانا کہو باوجود اسکا غنیمت جانو تب سعد ابن معاذ نے مصعب ابن عمیر سے کہا تم کیا فرماتے ہو مصعب نے کلام الٰہی پڑھکر سنایا بسم اللہ الرحمن الرحیم حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ اِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ الآیہ خبر سعد ابن معاذ کے اُجھل پڑا اور حال اُسکا متغیر ہوگیا اگرچہ اُسنے فی الفور کلمۂ شہادت نہین کہا لیکن دل اُسی وقت ایمان سے بھر گیا کہ اُسنے اپنی قوم مین آکر بنی عبدالاشہل کو بلایا اور خود مسلمان ہوکر اُنکو دین اسلام پر دعوت فرمائی اور کہا ای حضیر دکبیر جسکو اس امر مین شک ہو بسم اللہ بہتر اس سے کچھ کہے واللہ یہ وہ امر ہی کہ جان اُسکی فدا ہی ای بنی عبدالاشہل تم لوگون مین میرا مرتبہ کتنا ہی کہنے لگے انت سیدنا و افضلنا فرمایا تمسے کلام کرنا حرام ہی جبتک ایمان نہ لاؤ چنانچہ سب ایمان لائے اور بہجۃ المحافل مین لکھا ہی کہ جب مصعب ابن عمیر اور سعد ابن زرارہ نے بنی ظفر کے باغ مین قرآن پڑھا تو سعد ابن معاذ سنکر بہت ہی ناراض ہوے اور اسید ابن حضیر کو بھیجا وہ ایمان لائے اور بعد اُنکے سعد ابن معاذ بھی مسلمان ہوے اور ان دونون کے ذریعہ سے بنی عبدالاشہل ایمان لائے جب تیرھوان برس نبوت کا ہوا اور اعزاز اسلام سے ارادہ قدیمہ الٰہی متوجہ ہوا تو مصعب ابن عمیر مع ایک جمعیت کثیر ہ بشوق دیدار سید ابرار راہ ذالحجہ مین داخل مکہ ہوکر ملازمت آنحضرت سے سعادت اندوز ہوے انھین سے کچھ لوگون نے التماس کیا کہ ہم اوسط ایام تشریق مین رات کے وقت عقبے مین حاضر ہونگے جب عدد کی رات آئی تو ستر آدمی اپنے ہمراہی مشرکون سے علاحدہ ہوکر بطریق خفیہ وہی رات کو آکر ایک شعبہ پہاڑ مین بیٹھے اور جمال اکمال حضرت رسالت مآب کے مشتاق ہوے آنحضرت کو خبر پہونچی آپ مع عباس ابن عبدالمطلب ہنوز ایمان نہ لائے تھے اُس مقام پر تشریف فرما ہوے حضرت عباس اُن لوگون سے متوجہ ہوکر کہا کہ محمد کا مرتبہ ہمارے یہان بڑا ہی اور ہر چند ہمنے منع کیا مگر وہ ہمکو چھوڑکر تمسے ملا چاہتے ہین اگر تم عہد مضبوط کرو اور وفاے عہد پر قائم ہو تو صاف بیان کرو اُنھون نے کہا یا رسول اللہ عباس نے کہا سو ہمنے سن لیا آپ فرمائین کیا ہمسے عہد و پیمان لیتے ہین بسم اللہ ہم حاضر ہین تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی آیتین قرآن مجید کی پڑھین اور فرمایا عہد خدا یہ ہی کہ اُسکو واحد لاشریک سمجھ کر عبادت کرو اور میرا عہد یہ ہی کہ جو کچھ مین کہون اُسکو دل و جان سے سنو اور تبلیغ رسالت مین اعانت کرو اور جو کوئی منع کرے اُس سے لڑو کہا یا رسول اللہ ہمارا کام قتال و حرب ہی اور اگرچہ ہمسے

اور یہود سے عہد ہے مگر ہم توڑے دیتے ہین لیکن عرض یہ ہے کہ ایسا نہو کہ آپ ہمکو تنہا چھوڑکر پھر اپنی قوم سے جا ملین تب حضرت صلعم نے تبسم ہوکر فرمایا ایسا نہوگا مین تمسے ہون تم مجسے جان باجان وتن باتن زندگی اور موت میری تم مین ہوگی پھر بولے یارسول اللہ اگر ہم جان ومال سے آپ پر فدا ہون تو جزا اسکی کیا ہوگی فرمایا بہشت بولے بیع البیع یارسول اللہ آپ ہاتھ بڑھاوین ہم بیعت کرتے ہین چنانچہ ان لوگون نے بیعت کی اور یہ آیت نازل ہوئی اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ یعنی اللہ نے خریدلی مسلمانون سے انکی جان اور مال بہشت کے عوض یہ بیعت عقبہ کبری کہلاتی ہے اسی کو بروایت صحیحہ عقبۃ اللہ کہتے ہین انکی بارہ تنسو نفری آئے تھے انمین سے تہتر مرد ایمان لائے اور دو عورتین اور اول سب سے براء ابن معرور نے بیعت کے واسطے ہاتھ بڑھایا پھر سب نے متابعت کی اور اسی دن آنحضرت صلعم نے انصار کے بارہ فرقے فرمائے اور بارہ آدمیون کو انپر نقیب اور سردار کیا اسعد ۱ بن زرارہ عبداللہ ۲ ابن رواحہ ۳ سعد ۴ ابن الربیع ۵ رافع ۶ ابن مالک ابن العجلان ۷ براء ۸ ابن معرور ۹ سعد ۱۰ ابن عبادہ ۱۱ عبداللہ ۱۲ ابن عمر ابن حرام والد جابر کہ اسی رات ایمان لائے تھے ۱۳ منذر ابن عمر ۱۴ عبادہ ۱۵ ابن صامت قوم خزرج سے اُسید ۱۶ ابن حضیر ۱۷ سعد ۱۸ ابن خیثمہ ۱۹ رفاعہ ۲۰ ابن عبدالمنذر قبیلہ اوس عبدالبعض بجاے رفاعہ ابوالہیثم ۲۱ ابن التیہان تھے اور کعب ابن مالک اسکا قائل ہے کہ ان معاملون مین ابتدا سے حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی تھے اور سب لوگون کو بیعت کا اشارہ کرتے جاتے تھے جب بیعت تمام ہوگئی تو ابلیس پکار کر کہا اے اہل منا اہل یثرب نے محمد سے بیعت کرلی اب ملکر تمسے لڑینگے آنحضرت نے فرمایا کہ اسمع ۲۲ یا عدو اللہ واللہ لافرغن لک پھر اسی وقت سعد ابن عبادہ نے التماس کیا یارسول اللہ اگر حکم ہو تو جتنے مشرک اسوقت منا مین جمع ہین انکو صبح کے وقت تہ تیغ کرین آنحضرت نے فرمایا ابتک مجکو جہاد کا حکم نہین ہوا ہے پھر عرض کیا یارسول اللہ اگر آپ مدینہ مین چلکر اقامت فرمائین تو ہماری سعادت ہے فرمایا ابتک ہجرت کا حکم نہین ہوا ہے جس جگہ کی اجازت ملیگی وہین جاؤنگا پھر انصار کو رخصت فرمایا اور مصعب بن عمیر ۲۳ رہ گئے جب کفار قریش نے انصار کے اسلام لانے کی خبر پائی تو بڑی حسرت سے چھاتیان پیٹین حدیث شریف مین ہے کہ ایکدن آنحضرت صلعم کعبہ کے سایے مین چادر کا تکیہ دیے بیٹھے تھے جناب ۲۴ ابن الارت نے عرض کی یارسول اللہ آپ ہمارے واسطے دعا نہین کرتے کہ اللہ کافرون کے غلبہ سے نجات دے حضرت اٹھ بیٹھے اور چہرہ آپکا سرخ ہوگیا یعنی بے صبری پر غصہ آیا اور فرمانے لگے کیون بے صبری کرتے ہو تمسے اگلے دینداروں پر ایسی ایسی تکلیفین آئی ہین کہ آرے کے گوشت ناخنے گئے پر تو ایسی سختی کبھی نہین ہوئی باقی رہا دین کا غلبہ سو خدا تعالی اپنے وعدے کے موافق کریگا کہ ملک مین ایسا امن وچین دور تک ہوجائیگا کہ تنہا سوار بیخوف وخطر چلیگا یا خدا کا خوف ہوگا یا بکری پر بھیڑیے کا لیکن تم جلدی کرتے ہو چنانچہ یہ وعدہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے وقت مین پورا ہوا اس حدیث مین ارشاد ہے کہ ایمان دار آدمی تکلیف کے وقت مضطرب نہو صبر کرے اور دین پر مضبوط رہے آخر مخلصی ہوتی ہے الجملہ اس سال مین بعض اصحاب جانب مدینہ روانہ ہوئے مثل عمر ۲۵ ابن خطاب زید ۲۶ ابن خطاب عباس ۲۷ ابن ربیعہ حمزہ ۲۸ ابن عبدالمطلب عبدالرحمن ۲۹ ابن عوف طلحہ ۳۰ ابن عبداللہ عثمان ۳۱ بن عفان زید ۳۲ بن حارثہ عمار ۳۳ ابن یاسر عبداللہ ۳۴ ابن مسعود صہیب ۳۵ رومی بلال ۳۶ حبشی سعد ابن ابی وقاص مصعب ۳۷ بن عمیر وغیرہم رضی اللہ عنہم اور کبار اصحاب مین سوائے صدیق اکبر و علی مرتضی کوئی شخص حضرت صلعم کے ہمراہ نہین رہا معاجر مین ہے کہ اکثر اصحاب پوشیدہ گئے مگر عمر ۳۸ کہ یہ حضرت مسلح کعبہ مین آئے اور

سات طواف کیے اور دو رکعت نماز پڑھی بمقام ابراہیم اور آواز بلند کہا کہ آئی اوقات صنایع جو پتھروں کے مکروں کو خدا جانتے تھے اور قریش وہاں مجتمع تھے پھر اسی سال میں جناب باستجازت ہجرت اور تعین مقام جناب حق میں متوجہ ہوئے اول ایک مقام ایسا نظر آیا کہ دو قبیلوں سے مشترک تھا اول بر بلاد بحرین سے دوسرا قنسرین ارض شام سے تیسرا یثرب زمین حجاز میں بعد ازاں مقام ثالث متعین ہوا لیکن تعین وقت میں توقف ہوا غرض میں تامل باطنی ہوا کہ نزاکل و ابہام کے بعد تخصیص و تعین جو ہوئی سو یہ بات ہے کہ دستورات سے ہے کہ مہمان عزیز کو مکانات متعدد دکھلاتے ہیں تاکہ امین جس مکان کو پسند کرے وہاں رہے اسی طرح حضرت کو مقامات مختلفہ دکھلائے کہ حضرت نے مدینہ منورہ پسند کیا اور عزم بالجزم فرمایا اور بسبب ہجرت کرنے صحابہ کے مشرکین قریش کو بھی یہ خیال ہوا کہ اب حضرت بھی قریب جانب مدینہ تشریف لیجائینگے سو ایکدن سرداران قریش مثل ابوجہل وغیرہ دار الندوہ میں کہ متصل کعبہ ایک مکان تھا اور مشورت کے واسطے قریش وہاں مجتمع ہوا کرتے تھے بنا بر مشورت جمع ہوئے اور دروازہ بند کرلیا ابلیس لعین بصورت پیر مرد موجود ہوا کفار متعجب ہوئے اور خلل انداز مشورہ سمجھے اُسنے کہا کہ میں نجد کا رہنے والا مرد تجربہ کار ہوں اس امر میں صلاح نیک و نگاہ محکم سے لایا ہوں تمہارے دل کے اسرار پر مطلع کر دیا ہے تو کفار اسکو غنیمت سمجھے بعد ازاں کافروں نے کہا کہ محمد نے سخت تنگ کیا ہے اگر اسکو دفع کیا چاہتے ہیں ایک شخص نے کہا شاید ہشام بن عمر تھا کہ اگر ایک کوٹھری میں قید کرو شیخ نجدی نے کہا کہ یہ رائے ناپسندیدہ ہے محمد کے اقارب و توابع مزاحم ہونگے اور مقاتلے کی صورت قائم ہوگی پھر ایک شخص نے شاید ابو البختری تھا جو الیہان سے نکالو شیخ نجدی نے کہا یہ بھی رائے ناصواب ہے کیونکہ محمد سحر البیان ہیں جہاں جائینگے لوگوں کو اپنا مسخر کرینگے اور بقوت جماعت تم پر چڑھ آوینگے بعد ازاں ابوجہل نے کہا کہ ہر قبیلے سے ایک ایک شخص انتخاب کیا جائے رات کو اکٹھا ہو کر محمد کو قتل کریں کہ بنی ہاشم کو جمیع قبائل قریش سے طاقت مقاومت نہیں ہوگی بالضرور دیت پر راضی ہونگے تو دیت بے تکلف دینگے ابلیس نے یہ بات پسند کی اور مجلس ختم ہوئی تسمیہ شیطان کا شیخ نجدی اسی قصہ سے ہوا ہے چنانچہ پانچ قبیلے کے پانچ سردار جوان اس حرکت پر مقرر ہوئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اس معاملے کی خبر آنحضرت کو پہونچائی کہ اللہ صاحب فرماتے ہیں واذ یمکر بک الذین کفروا لیثبتوک او یقتلوک او یخرجوک ویمکرون ویمکر اللہ واللہ خیر الماکرین یعنی جب فریب بنانے لگے کافر کہ تجکو بٹھاویں یعنی قید کریں یا مار ڈالیں یا نکالدیں اور وہ داؤ کرتے ہیں اور اللہ بھی داؤ کرتا ہے اور اللہ بہتر داؤ کرنے والا ہے اور یہ بھی حضرت جبرئیل نے کہدیا کہ آپ مدینہ کو ہجرت فرمائیں صحیح بخاری اور مسلم میں ہے کہ جب سب اصحاب ہجرت کر گئے تو صدیق اکبر نے بھی حضرت سے اجازت چاہی فرمایا جلدی نہ کرو ٹھہر جاؤ اسواسطے کہ میں امید رکھتا ہوں کہ مجکو بھی ہجرت کی اجازت ہوا چاہتی ہے سو حضرت صدیق ہمراہی کے لیے منتظر رہے اور دو اونٹ چار مہینے پیشتر سے کھلا پلا کے تیار کر رکھے تھے اور بروز اجازت دوپہر کو یہ حال حضرت مسلم نے صدیق اکبر سے کہا انھوں نے التماس کیا کہ یا حضرت میں ساتھ چلوں فرمایا ہاں اور ایک اونٹ حضرت نے کہ نام اسکا قصوی و بقولی جدعا تھا جناب صدیق اکبر سے مول لیا تاکہ اس معاملے میں استعانت بالغیر نہو اپنا ہی مال صرف ہو اور عبد اللہ اریقط دیلی کو نوکر رکھا کہ تین دن بعد دونوں اونٹ جبل ثور میں حاضر کرے یہ شخص اگرچہ موافق تحقیق امام نووی مسلمان نہ تھا مگر امین تھا بالجملہ رات کے وقت کہ تاریخ ہشتم ربیع الاول و صحیح ستائیسویں صفر یوم الاثنین سال چہاردہم نبوت تھا ابوجہل ابن ہشام حکم ابن ابی العاص عقبہ

ابن معیط نضر ابن حارث امیہ ابن خلف وغیرہم مثل طلحہ بن عبید اللہ و ابو جہل ابن ہشام و حکیم ابن حزام بتعجیل تمام بسکنہ و دولت سباک پر جمع ہوئے آنحضرت صلعم کو دولت سرا میں تشریف فرمائی اور ارشاد کیا کہ تم سے اور مکہ پر ہی جگہ سود ہو یہ لوگ تک کچھ ضرر نہ پہونچا سکینگے تم تمام اسباب کافروں کو دیکر مدینہ کو چلے آؤ وہ سودا ہے اور آنحضرت ایک چادر اوڑھ کر دروازہ سے نکلے اول سورہ یٰسین تا فھم لا یبصرون تک پڑھکر ایک مٹھی خاک جماعت کفار پر پھینکی ہر کافر کے سر اور منہ اور آنکھوں میں پہونچی اور آپ صاف نکل گئے کسی نے تعرض نہ کیا بعد شیطان ملعون نے کہا تم بیٹھے ہوا نہوں نے کہا تمہارا کیا شیطان نے کہا یہ کون خاک آنکھوں میں ڈال گیا ہے کافروں نے اپنے چہروں پر ہاتھ پھیرا تو خاک جھڑی اور ایک روایت ہے کہ جب حضرت صلعم دروازہ سے نکلے تو ابو جہل لعین نے کہا یہی محمد ہیں کہ ہمکو کہتے ہیں اور اپنے دین میں بلاتے ہیں تاکہ ملک عرب و عجم دنیا میں اور بہشت عدن میں ملے فرمایا میں ہی ہوں اور خاک ڈال کے چلے گئے مگر کافروں کو دھوکا ہوا جب انکے بھائی بند نے خبر دی تب خاک جھاڑی اس خاک کا یہ معجزہ ہوا کہ جس کافر پر خاک پڑی وہ غزوہ بدر میں بحالت کفر مارا گیا مگر حکیم ابن حزام کہ وہ مشرف باسلام ہوئے اور ایک بھی بدن پر زخم نہ رہے ساٹھ برس بحالت کفر اور ساٹھ برس بحالت اسلام خود بھی صحابی ہیں اور انکے بیل بھی حزام کے جھاڑنے فتح زاد صحابی ہیں اور انکا بیٹا حزام ابھی ہے پھر کفار نے دروازہ سے جھانک کر دیکھا تو حضرت کی جگہ خالی نہ تھی اندر گھر میں کودے حضرت علی مرتضیٰ کھٹکا سنکے اٹھ کھڑے ہوئے انسے پوچھا کہ محمد کہاں ہیں انھوں نے فرمایا اللہ اعلم بحال سوا مجھے نہیں معلوم پھر علی مرتضیٰ سے متعرض نہوئے اور حضرت کی تلاش میں مشغول ہوئے اور حضرت صلعم اپنے دروازہ سے نکل کے صدیق اکبر کے گھر گئے انھوں نے پانچ ہزار دینار لیکر اور ہمراہ ہوئے اور دونوں پیادہ پا چلے جو ابھی حضرت نے نکالا تھا کہ کفار نے دروازہ توڑ ڈالا مگر انکو نہ پایا انگلیوں کے بل چلے آپکے پاؤں مجروح ہوگئے صدیق اکبر نے اپنے کندھے پر سوار کرایا اور غار ثور تک پہونچا دیا وہ ایک غار ہے متصل مکہ جب قریب غار کے پہونچے تو حضرت صدیق اکبر نے کہا آپ باہر ٹھہریں میں اندر جاکے غار کو صاف کرلوں کیونکہ پہاڑوں کے غار اکثر حشرات سے خالی نہیں ہوتے پھر حضرت صدیق غار میں گھسے اور اپنی چادر کو پھاڑ کے سوراخ بند کیے ایک سوراخ باقی رہا اسمیں اپنے پاؤں کی ایڑی لگادی اور حضرت صلعم کو غار میں بلایا آپ اندر تشریف لیگئے اور صدیق کے زانو پر سر رکھکر سو رہے سانپ نے حضرت صدیق کے پاؤں میں کاٹا انھوں نے جنبش کی مبادا خیال کرے آپکی نیند میں خلل پڑے لیکن بسبب شدت تکلیف کے آنکھوں سے آنسو نکل کے رخسار مبارک پر گرے آپ جاگ اٹھے بوکر عرض کیا کہ مجھے سانپ نے کاٹا آنجناب نے آب دہن مبارک لگا دیا فوراً آرام ہوا بعد اسکے صدیق اکبر کو کسی جانور نے پاؤں کاٹا بلکہ بھونکا اولاً صحیح زہر اثر نہیں کرتا چنانچہ کاٹنے خود شاہد کیا ہے پھر بعد دخول غار مکڑی نے جالا تنا کبوتر کے جوڑے نے آکر انڈے دیے اور سینا شروع کیا اور ببول کا درخت دروازے پر اگا یعنی وہ غار ایسا ہوگیا گویا برسوں سے وہاں آدمی کا گذر ہی نہیں ہوا تھا مقصد یہ کہ دولت آنحضرت صلعم سے روسیاہ پلٹ کر دولت خانہ صدیق اکبر پر گئے وہاں اسماء بنت ابی بکر کو پائیں انسے انکے باپ کو پوچھا انھوں نے کہا میں نہیں جانتی ابو جہل نے ایک طمانچہ مارا اگر گوشوارہ کان سے نکل پڑا پھر ایک اور قریب تھا کہ شانہ کو صدمہ کے وقت ساتھ لیکے پاؤں کے کھوج پر تا غار دولت آنحضرت صلعم پہونچے راہبر نے کہا تمہارا مطلوب یہاں سے آگے نہیں گیا ہے حضرت صدیق اکبر نے اس تقریر کو سنکر حضرت صلعم سے کہا کہ یا رسول اللہ اگر ہمارے دشمن کی نگاہ قدم پر نظر ڈالینگے تو ہمکو دیکھ لینگے حضرت نے فرمایا ما بکر ما ظنک باثنین اللہ ثالثھما یعنی اے ابو بکر تو کیا گمان کرتا ہے ان دو کی نسبت جنکا تیسرا خدا ہو یعنی ہم دونو تنہا نہیں ہیں بلکہ ہمارے ساتھ خدا ہے کہ تمہارے سے محفوظ رکھیگا اور یہ بھی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لا تحزن ان اللہ معنا

یعنی بخت کرد اللہ ہمارے اور تمہارے دونوں کے ساتھ بیشک وہ ایک گھنٹہ آرہا اور کافروں کی دیکھا اور جالا کہ ہری کا نظر آیا تو کہنے لگے کہ یہاں ہرگز کوئی آدمی نہیں آیا اگر کوئی گھسا ہوتا تو جالا ٹوٹ جاتا اور جنگلی کبوتر کہ وحشی جانور ہیں آرہے بعض نے کہا کہ ہنسے جالا محمد صلعم کی پیدائش سے پہلے دیکھا تھا ویسا ہی ہے جا کر غار کا منہ بھر گئے سبحان اللہ اپنے حبیب کی حفاظت کے لیے اللہ تعالیٰ نے تار عنکبوت اور وحشی جانور سے ایسا کام لیا کہ صد ہا زرہ آہنی اور قلعہ ہائے سنگی اور جوان جنگی سے نہ نکلا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بمقتضائے بل جزاء الاحسان الا الاحسان اپنی امت کو حکم کیا کہ عنکبوت ایک اسکی آہو کو نہ مارو اور حرم کعبہ کو بہتر دیکھ کر واسطے عاے خیر فرمائی اور انکے شکار سے منع فرمایا قصہ ہجرت میں انشاء اللہ جالا نے حضرت علی مرتضیٰ اور ابو بکر صدیق کو بڑی فضیلت عنایت فرمائی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو یہ کہ محل فوت جان میں بجاے حضرت صلعم لیٹے اور حق جان نثاری ادا کیا بعضے عالم یہ کہتے ہیں کہ آیہ ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ واللہ رؤف بالعباد یعنی اور بعضے آدمی جیتے ہیں اپنی جان خدا کی رضامندی کی تلاش میں اور اللہ بہت مہربان ہے اپنے بندوں پر حضرت علی کی شان میں نازل ہوئی ہے اور حضرت صدیق کی فضیلت ظاہر ہے کہ تمام سفر ہجرت میں حق خدمت گذاری و جان نثاری جیسا کہ چاہیے بجا لائے اور بڑی فضیلت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابو بکر کو تخصیص صاحب اپنا فرمایا اور اپنے حبیب کی زبان سے معیت خاصہ الٰہیہ کی بشارت دی کہ اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا سبحان اللہ کیا ہی عمدہ مرتبہ ہے کہ جو اللہ و رسول کے ساتھ میں آوے مشکوٰۃ شریف میں حضرت عمر سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا کہ ابو بکر صدیق میری ساری عمر کے اعمال حسنہ لے لیں اور بدلے اسکے ایک رات اور ایک دن کے اعمال اپنے دے دیں تو میں راضی ہوں اعمال شب ہجرت و اعمال یوم وفات اور سارا قصہ غار اور یوم وفات ایسا بیان کیا کہ ایوجہل نے منادی کرائی کہ جو کوئی حضرت صلعم اور ابو بکر صدیق کو زندہ یا مردہ گرفتار کرلائے تو دو سو اونٹ انعام میں ملیں جو ایک کو ملے دو سو اونٹ اور حضرت صلعم نے تین دن غار میں تشریف رکھی عامر ابن فہیرہ دودھ پلاجاتے تھے اور اسما بنت ابی بکر کھانا لے جاتی تھیں اور عبد اللہ ابن ابی بکر جوان تھے رات کو آکے اخبار قریش بیان کرتے تھے جب تیسری رات کی صبح ہوئی تو یوم پنجشنبہ تھا خواہ شب غرہ ربیع الاول تھی یا شب دوشنبہ بعد گذشت چار شب ماہ مذکور و بقول صاحب مدارج دخول غار ست و ہفتم صفر و خروج یکم ربیع الاول ہو اہر حال عبد اللہ ابن یقطر کی دونوں اونٹ موافق قرار داد لایا اور قصوا پر حضرت صلعم و صدیق دوسرے پر عبد اللہ و عامر سوار ہو کے براہ ساحل ناریکی میں روانہ ہوے راہ میں ایک سنگلاخ کے سایہ میں صدیق اکبر نے اپنا پوستین بچھا کے حضرت کو بٹھایا اور خود محرابیں پھرنے لگے ایک چرواہا قریش سے کہ وہ قریش انکا آشنا تھا دودھ پیا میں پھیر لیا اور پانی مانگے حضرت کو پلایا تو حضرت نے تھوڑا پیا فائدہ اگر کوئی شبہ کرے کہ بلا اجازت اصل مالک کے حضرت صدیق اکبر نے دودھ کیسطرح لیکر حضرت کو پلایا تو رفع اسکا کئی طرح سے ہو سکتا ہے اول یہ کہ حضرت صدیق کے یار کی بکریاں تھیں سو انکا یقین تھا کہ وہ اس بات سے راضی ہوگا نہ کہ ناراض سو اسلئے اپنے دودھ پیا اور غلام نے بلا تامل دیا دوسرے اہل مکہ کی عادت تھی کہ اپنے اپنے چرواہوں کو اجازت عام دیتے تھے کہ جب کوئی بھوکا پیاسا مسافر تم سے دودھ طلب کرے تو اسکو بلا تامل دیا کرو تیسرے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت صدیق اکبر نے قیمت دیکر دودھ لیا ہو واللہ اعلم و رفیہ ا بالجملہ حضرت صلعم یہاں سے سوار ہو کے اور دلیل قدیم بن ام عبد عائذ خزاعیہ بنت خالد کے خیمہ پر پہنچے یہاں معجزہ عجیبہ ظاہر ہوا کہ بیان معجزات میں لکھا جائیگا اور جب اس مقام سے تشریف لیچلے تو سراقہ ابن مالک کا معاملہ پیش آیا اور اس مقام پر جو معجزہ ظاہر ہوا وہ بھی حسب روایت بخاری معجزات میں بیان کیا جائیگا اہل سیر کہتے ہیں کہ بعضے صحابہ کا بیان ہے کہ آنحضرت صلعم کو مکہ میں بعض اعوام بھی تھے شام کو بہ سبب تجارت

گئے تھے اسی ان شام سے لوٹ رہے تھے کہ جاتے تھے سوا اس منزل میں مستعد خدمت ہوئے اور جامہ ہائے سفید صاف حضرت سید العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو اور اشرف المہاجرین صدیق اکبر کو پہنائے لیکن اہل تحقیق کے نزدیک واقعہ بعد واقعہ ابوہریرہ اسلمی کے واقع ہوا اور وہ یہ ہے کہ ابوہریرہ ابن الحصیب سلمی اپنے مقام میں یہ دریافت ہوا کہ حضرت خاتم المرسلین سید العالمین افضل الاولین والآخرین محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع افضل الاصحاب والاکمل الاحباب ثانی اثنین فی الغار ہمراہی ابوبکر صدیق اکبر کہ معظمہ سے بقصد ہجرت جانب مدینہ روانہ ہوئے ہیں اور قوم قریش نے عہد کیا ہے کہ جو کوئی ان دونوں کو قتل کرے یا گرفتار کرلائے تو اسکو سو اونٹ انعام میں جنانچہ بریدہ سلمی سو اونٹ لیکر بطمع انعام چلا اور نہایت خوشی میں حضرت صلعم کے متصل پہنچا آپنے پوچھا تو کون ہے اسنے کہا بریدابن الحصیب سلمی حضرت نے صدیق اکبر سے فرمایا بَرَدَ اَمْرُنَا وَنَجَحَ کہ ٹھنڈا ہوا کام ہمارا یعنی ہمارا کام خوش ہوا اور صلاح پر آیا پھر پوچھا تو کس قبیلے سے ہے اسنے کہا قبیلہ اسلم سے فرمایا سَلِمْنَا پھر کہا کون قوم سے ہے بولا قبیلہ اسلم سے حضرت نے فرمایا اَصَبْتَ سَهْمَكَ یعنی تو نے اپنا حصہ پایا اسی وقت بریدہ سلمی اور اسکی قوم کے مسلمان ہوا سبحان اللہ آئے تھے اور وہی نیت سے حضرت صلعم کا جمال مبارک دیکھکر اور کلام سنکر عاشق ہوگئے اور رات بھر حضرت صلعم کی خدمت میں رہے جب صبح ہوئی تو بریدہ نے التماس کیا یا رسول اللہ بغیر لوا امحمدی میں مدینہ میں تشریف نہ لیجائیے چنانچہ بریدہ نے اپنی دستار کھول کر ایک نیزہ سے باندھی اور آگے ہولیا جسطرح علمدار چلتے ہیں اور دست بستہ عرض کیا یا حضرت آپکا ان جلوہ فرما ہونگے اور مدینہ میں کس مکان پر اتریں گے فرمایا میرا اونٹ امور ہے جس جگہ بیٹھ جائیگا اسی جگہ اترونگا رشتہ در گردنم افگندہ دوست میبرد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست ہیچ زور نیست در کوئی تو مشتاقان شیدا را ہیچ رنج نیست بقلاب محبت میکشد بار فائدہ زیرا ان ہوام بسر یعین و تشدید الواو وہی حضرت رسول مقبول صلعم میں فصحی ابن کلاب سے آتے ہیں اور والدہ انکی صفیہ بنت عبدالمطلب بعین او اسمار بنت ابی بکر انکی زوجہ اسلام لائے مع اپنی والدہ کے حضرت صدیق اکبر کے ہاتھ پر عمر انکی وقت اسلام سولہ خواہ پچیس برس کی تھی شہید ہوئے جنگ جمل میں بسال چھتیس ۳۶ ہجری تھے اور عمر چھیاسٹھ برس کی ہوئی اور ابن صرمہ نے کہ لشکر علی مرتضی میں تھا عین نماز میں تھا ہی اور جب سنے یہ حال حضرت علی مرتضی کا فرمایا فرمایا بشارت ہو تجھے آتش دوزخ کی مدفون ہوا ول وادی السباع میں پھر لائے گئے بصرہ میں اور قبر انکی مشہور ہے سو انھوں نے حضرت رسول مقبول صلعم اور صدیق اکبر کو پارچہ سفید سوقت پہنائے ہیں جب آنجناب قریب مدینہ منورہ مع بریدہ سلمی کے پہونچے ہیں فائدہ در بیان تفاول و تطیر باب دوم اکثر گفتگو کرتے ہیں اسواسطے اس مقام میں بیان بعض مطالب کا ضرور ہوا بوشیدہ نہ رہے کہ تفاول مشتق فال سے ہے اور فال ایک لفظ عام ہے شامل نیک و بد کو لیکن بسبب اضافت کے تخصیص آجاتی ہے مثلاً فال نیک اور فال بد اسکی تنگون اور تنگین بولتے ہیں لیکن یہ دونوں لفظیں از روئے لغت موضوع فال نیک کیلئے ہیں اور محاورہ اہل ہند میں بد کو بھی اس سے اضافت کرتے ہیں اور مانند فال کے عام تصور کرتے ہیں اور طیرہ مخصوص فال بد ہے اگاہے اسکو بھی فال نیک میں استعمال کرتے ہیں اور ہمارے دین میں فال کا اطلاق نیک پر ہے اور طیرہ کا بد سو احادیث سے مبالغت تطیر اور اجازت تفاول پائی جاتی ہے کہ اس واقعہ بریدہ اسلمی سے واضح ہے اور ابوداؤد نے بریدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت صلعم فال بد کسی چیز سے نہ لیتے تھے اور ہرگاہ کسی کو کسی کام کا عامل مقرر فرماتے تو اسکا نام پوچھتے اگر خوش آتا تو مسرور ہوتے اور چہرہ مبارک پر سرور پیدا ہوتی اور جو مکروہ معلوم ہوتا تو کراہت اگر کسی موضع میں وارد ہوتے تو اسکا نام دریافت فرماتے تب بھی یہ کیفیت چہرہ مبارک پر نمودار ہوتی تھی مراد حدیث یہ ہے کہ اگر نام عامل کا یا قریہ کا سعید ہوتا تو آنحضرت تفاول فرماتے اسکی سعادت پر ورنہ بالعکس فقیر مؤلف

کہتا ہی کہ حضرت صلعم فال بد سمجھتی لیتے تھے اور اسپر عمل کرتے تھے چنانچہ ابو داؤد و ترمذی نے عبداللہ ابن مسعود سے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے فال میں کیا شرک ہی اور نہیں ہی ہم میں سے کوئی چیز مگر یہ کہ اللہ بسبب توکل کے اسکو دور کر دیتا ہی یعنی جو ضرر کہ نظر سے مکمن الوقوع ہوتا ہی بالضرور بسبب توکل کے ساتھ ہونے کے دور کر دیتا ہی ترمذی فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک اس حدیث کا قول ابن مسعود ہی اور بخاری و مسلم و احمد و ابو داؤد و ترمذی و نسائی باختلاف الفاظ انس سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حضرت صلعم نے نہیں ہی نحوست مگر تین گھر اور دوسری روایت میں ہی کہ صحابی نے نحوست کا ذکر کیا تو فرمایا اگر نحوست ہی تو گھوڑے اور عورت اور گھر میں ہی اور روایت سہیل ابن سعد میں ہی فرمایا اگر نحوست کسی چیز میں ہی تو گھوڑے اور عورت اور گھر میں ہی اور ابو داؤد نے انس سے روایت کی ہی کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ایک گھر میں تھا وہاں ہمارے مال اور اسباب تجارت بہت تھے جب سے دوسرے گھر میں آیا ہوں سب چیزوں میں قلت ہی فرمایا اس گھر کو چھوڑ دے کہ مذموم ہی اور یہ بھی روایت ہی کہ فرمایا جو شخص سفر کو چلا اور فال بد سے لوٹ آیا تو وہ کافر ہو گیا اسکے جو نازل ہوا محمد پر اور دوسری روایت ہی کہ جو شخص اپنی حاجت سے فال بد لیکر اپنی حاجت سے شرک کیا اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کفارہ کیا ہی فرمایا اللھم لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک اسی طرح اکثر احادیث وارد ہیں حضرت شیخ عبدالحق رسالہ اثبت بالسنۃ میں فرماتے ہیں کہ بعض احادیث میں نفی فال ہی اور نہی اسکے اعتقاد سے مطلقاً وارد ہی اور بعض میں ثبوت اسکا بعض اشیا میں ہی مثل زن و دابہ و خانہ بصیغہ جزم خواہ الحال یا جو کچھ تھا جاہلیت کی باتوں سے اور یہ بھی منجملہ نفی اور نہی ہی یا بصیغہ شرط ہی مثلاً اگر نحوست ہوتی تو ان چیزوں میں بھی تھی پس معنی اور مراد واللہ اعلم یہ ہی کہ تطیر کا وجود نہیں ہی اگر ہوتا تو ان چیزوں میں مظنہ اور محل اسکا تھا چنانچہ فرمایا ہی کہ اگر کوئی چیز سبقت تقدیر پر تو نظر بہ مرتبہ اور حدیث حضرت عائشہ ابن عباس کی بصراحت نفی تطیر پر دلالت کرتی ہی پس وجہ تطبیق کی یہ ہی کہ تاثیر بالذات منفی ہی اور مؤثر حقیقی جملہ اشیا میں جناب باری ہی اور ہر چیز بخلق و تقدیر الٰہی ہی اور اثبات اسکا ان اشیا میں بسبیل جریان عادت الٰہی ہی کہ انمیں پیدا کرکے اسباب عادی قرار دیا ہی جیسا کہ آتش کو سبب احراق گردانا ہی پس نفی راجع تاثیر بالذات کی طرف ہی اور اثبات حسب عادت ہی اور حکمت تخصیص کی علم شارع میں ہی اور کتے ہیں کہ نحوست عورت کی یہ ہی کہ نافرمان بردار خاوند ہو اور گھر کی یہ ہی کہ ہوا اسکی منتفع ہو اور ہمسایہ بد ہو اور گھوڑے کی یہ ہی کہ کم شوخ و گران قیمت ہو اور بقول اصح صحیح بخاری میں ہی کہ ایام مدینہ خبر عزم ہجرت آنحضرت پہنچنے سے پیش چکے تھے ابن ابی جبل جرد اور پہاڑوں اور ٹیلوں پر منتظر بیٹھے تھے اور جب آفتاب گرم ہو جاتا چلے جاتے جب حضرت داخل سنخوں والے ہوئے اسدن بھی لوٹ جاتے تھے ناگاہ ایک یہودی پکارا کہ یا معشر العرب ہذا جدکم یعنی یہ گروہ عرب یہ تمہارا مقصد و مطلب آیا پس سب اہل مدینہ دوڑے اور جبل حرہ پر قدسوں سے ہوا اور مبارکباد دینے لگے اور خوشیاں کیں اور دختران بنی نجار دف بجائے حضرت نے انکو بلا بھیجا خاص دیکھ کر فرمایا واللہ میں تمکو دوست رکھتا ہوں بعد اسکے جانب مدینہ سے داہنی طرف متوجہ ہوئے اور دوشنبہ ۱۲ ربیع الاول چہارم تیر فاسی اور دہم ایلول رومی اور ۹۳۲ اسکندری میں بمحلہ سعد بن خیثمہ قوم بنی عمرو بن عوف بن کلثوم بن الہدم کہ والدہ عبدالمطلب اسی قوم سے تھیں جلوہ فرما ہوئے اور حضرت ابوبکر عوالی مدینہ محلہ شیخ قبیلہ بنی حارث بن الخزرج بن حبیب بن نساف بن قریش پہونچے روایت صحیحہ ہی کہ حضرت صلعم سایہ درخت میں خاموش بیٹھے اور حضرت صدیق اکبر بنا بر تنظیم مہمانداران کھڑے ہوئے دفعۃً وہ انصاری جو حضرت کو نہیں پہچانتے تھے اس سبب سے حضرت صدیق سے سلام علیک کرتے اور جانتے کہ یہ رسول اللہ ہیں جبتک کہ درخت کا سایہ ڈھلا اور دھوپ آگئی تب حضرت ابوبکر نے اپنی چادر تانی اور دھوپ کو بچایا اور کمال انکسار نے حضرت صلعم کو پہچنوایا صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ ظاہر کلام سے

مفہوم ہوتا ہے کہ آنجناب نے دعوت نبی معنی وسیاسہ کرنا اور فرقتوں کا قبل بعثت تھا کہ اپنے محل میں نہیں ہے کتب معتبرہ میں ہے کہ اول نصیحت حضرت صلعم نے اہل مدینہ سے یوں فرمائی ہے افشوا السلام وطعموا الطعام وصلوا الارحام وصلوا باللیل والناس نیام تدخلوا الجنۃ بسلام یعنی ظاہر کرو سلام کو خوشی اور بشاشت کے ساتھ اور کھانا کھلاؤ یعنی مواسات فقرا کرو اور صلہ رحم کرو اور یعنی بپوندکرو اہل قرابت سے اور رات میں نماز پڑھو حالانکہ آدمی سوتے ہوں داخل ہو گے جنت میں سلامتی سے عبد اللہ ابن سلام بھی اس نصیحت کے سامعین میں تھے اور اس مقام میں پہنچ کر وہ مقام فرع کے مسجد قبا بانا عانت خلفائے ثلثہ رضی اللہ عنہم تعمیر کرکے نماز پڑھی اس مسجد کی شان میں ہے مسجد اسس علی التقوی اور اسی کی تعریف ہے فیہ رجال یحبون ان یتطہروا یہ اول مسجد ہے کہ عہد اسلام میں بنائی گئی اسکے فضائل احادیث میں بہت ہیں اور بڑی فضیلت یہ ہے کہ آنجناب دو شنبہ و پنجشنبہ کو میں نماز پڑھتے تھے اور جبتک محا قبا میں رہے اسی مسجد میں نماز پڑھتے رہے اسی مسجد مقابلے میں منافقوں نے ایک مسجد بنائی تھی جسکی مذمت سورۂ توبہ میں مذکور ہے قصہ اسکا یہ ہے کہ ابو عامر راہب ایک مفسد قوم خزرج میں سے تھا اسنے پہلی کتابیں پڑھی تھیں اور نصرانی ہو گیا تھا اول حضرت صلعم کی خبر اہل مدینہ سے بیان کرتا تھا جب آپ مدینہ میں پہنچے سبب اور اغوائے شیطان کے مسلمان نہوا اور عداوت میں سرگرم رہا بعد غزوۂ بدر کے بھاگ گیا اور قریش کے ہمراہ جنگ احد میں آیا اور سب سے پہلے تیر مسلمانوں پر اسنے چلایا اور غزوۂ حنین میں شریک تھا جب بھوس جنگ ہوا تو گیا ایلچی بنکر روم کو پاپ بلانے کو صورت نہ بندھی اسنے مدینہ میں بھرا جانا اور منافقان مدینہ کو کہلا بھیجا کہ ایک مسجد متصل مسجد قبا بناؤ میں ہرقل سے لشکر لیکر آتا ہوں کہ تمکو اور حضرت کے غلبہ دینے میں کروں گا اور مشورت کے لیے جگہ ہوگی چنانچہ منافقوں نے قریب مسجد قبا مسجد ضرار بنائی اور بنا بر خفاے نفاق حضرت صلعم سے مستدعی ہوئے کہ آپ اس میں چلکر نماز پڑھیں آنجناب کو قریب اسکا معلوم نہ تھا رشاد کیا کہ ابتو ہم جہاد کو جاتے ہیں واپسے پھر کے دیکھا جائیگا جب بھوس جنگ سے واپس ہوئے تو یہ لوگ ہوئے کہ اس مسجد کی رونق کے واسطے حضرت کو لاویں اللہ جل جلالہ نے آیہ والذین اتخذوا مسجدا ضرارا نازل فرمائی اور انکے فریب سے مطلع کیا مطابق اسکے آنجناب نے اس مسجد کو گھدوا ڈالا اور جلا دیا اس مقام سے عالموں نے استنباط کیا ہے کہ جو مسجد کی بنا میں ریا اور سمعہ یا اور کسی غرض نفسانی کی ہو سوا ہو یا مال پاک سے مثل سود و رشوت وغیرہ سے تعمیر کی گئی ہو وہ مسجد ضرار میں داخل ہے اسی لیل سے ہمارے استاد الاساتذہ مولانا عبد العزیز محدث قدس سرہ نے فتوی لکھا ہے کہ مسجد رقاصہ میں نماز ذمہ سے ساقط ہو جاتی ہے اگر ثواب مسجد کا نہیں ہوتا کیونکہ وہ مسجد ضرار ہے یعنی مال پاک سے تعمیر نہیں ہوئی ہے اور کریمہ فیہ رجال یحبون ان یتطہروا سے علما نے استنباط کیا ہے کہ استنجا کرنا پانی سے افضل ہے گو اول کلوخ سے کرنا چاہیے کہ یہ مسجد قبا کے لوگ اسی طرح کرتے تھے کہ ممدوح حق ہوئے اور علماے اصول نے اخذ کیا ہے کہ مسرف کرنے وضو میں جائز اسواسطے کہ اللہ تعالی نے مستحبی طہارت کو موصوف طہارت سے فرمایا اگر مسرف کرنا نقص وضو کا طہارت سے کبھی صوف نہو نا کذا فی الاکلیل و الاحمدی پھر جمعہ حضرت صلعم محلہ قبا میں تشریف فرما ہوئے کہ حضرت امیر المومنین علی مرتضی قریب دس روز بروایت صحیحہ تشریف لائے اور بعد دو دہ روز اقامت محلہ قبا کے حضرت نے اندر شہر کے اقامت کا ارادہ کیا شہر کے لوگ کمال متمنی اس بات کے تھے اور ہر ایک کی آرزو تھی کہ آپ ہمارے محلہ میں ٹھہریں جب آپ سوار ہوے ہر قبیلے کے لوگ ملتجی ہوے اور وہی درخواست زبان پر تھی آپنے فرمایا کہ اونٹنی مامور ہے جہاں بیٹھیگی وہاں ٹھہرونگا اونٹنی چلتے چلتے وہاں آئی کہ جو مقام دروازے مسجد کے محاذی ہے اور اب وہاں خانقاہ شہامہ واقع ہے اصح یہ ہے کہ منبر مسجد شریف کی جگہ بیٹھ گئی پھر حضرت نے اٹھایا پھر اٹھی اور چند گام چلکر دروازے ابو ایوب انصاری پر بھی بھر اٹھی اور مقام اول پر آکر بیٹھی اسوقت حضرت صلعم نے فرمایا ہذا المنزل ان شاء اللہ فائدہ یہ ابو ایوب جدہ حضرت صلعم سے قرابت قریبہ رکھتے تھے اور مکتوب تبع بادشاہ

کہ کا بھیجنے کے پاس تھا غرض ابو ایوب انصاری نے سباٹ بلادا اور اپنے گھر لیگئے حضرت صلعم بھی یہی چاہتے تھے کہ بنی نجار میں اتروں چنانچہ فرماتے ہیں خیر و دار الانصار دار بنی النجار فہم صعد و دار الانصار و اخوال عبد المطلب تھے نے موافق خواہش اپنے نسب کے اختیار کیا اور اسی جگہ اتارا کہ حضرت صلعم انکے گھر میں اسوقت تک رہے جبتک مسجد اور گھر تعمیر ہوئے اور جو الذین ہی کہ سات مہینے آنحضرت انکے گھر میں رہے اور صحیح یہی کہ اول ربیع الاول یونے حضرت کو نیچے کے مکان میں اترا اور خود مع اہل و عیال بالا خانہ رہنے لگے پھر سوا دو مہینے کے حضرت بالاخانہ لیگئے فائدہ بناے مدینہ طیبہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام یوں واقع ہوئی کہ بعد طوفان حضرت نوح علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام اہل کشتی نوح بابل میں اترے اور اولاد و احفاد کی کثرت ہوئی نمرود بن کنعان بن حام بن نوح نے انکو سرکش اور مغرور قرار دیا اور اپنی شوکت اور شوکت ظلم کرنے لگا اور ظلم و ستم بنا اور بازار کفر اور فسق کو رونق دینے لگا اور اولاد سام بن نوح کی ایک جماعت نے اپنا گذارہ نہ دیکھا وہ اس میں سے آکر آباد ہوے اور گرد مدینہ کے کچھ میں اپنے تصرف میں لاکر زراعت کرنے لگے انھیں کو عالقہ بولتے ہیں یعنی عمالق بن ارفخشد بن سام بن نوح ہیں اور حجاز بر و شام و فراعنہ مصر انہیں سے ہوے ہیں بعد انکے یہود زمین مدینہ پر متصرف ہوے اسکی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ ابن زبالہ نے عبد اللہ بن حنظلہ و عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے کتاب جذب القلوب الی دیار المحبوب میں نقل کیا ہے کہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ مع طوایف بنی اسرائیل حج بیت اللہ شریف کو تشریف لائے تو پھرتے وقت مدینہ طیبہ پر انکا گذر ہوا علماے توریت نے اس بلدۂ شریفہ کو موصوف بلدہ طیبہ پیغمبر پیشان آخر الزمان علیہ صلوٰۃ الرحمان طابق تصریحات اور اشارات توریت کے پایا اور رفاقت حضرت کلیم اللہ چھوڑ کر اس عالیمقام میں مقیم ہوے دوسرے یہ کہ ابن زبالہ نے عروہ ابن زبیر سے نقل کی ہے کہ جب عمالقہ کا طغیان اور انکا بار حد سے تجاوز ہوا تو حضرت موسیٰ کو خبر پہنچی اسوقت میں آپ بعمالقہ زعونس تھے خاموش رہے جب فرعون اور فرعونیوں سے فراغت و طمانیت حاصل ہوئی تب آپ لشکر عظیم الشان نامزد بہ استیصال عمالقہ روانہ کیا اسنے بادشاہ عمالقہ کو جسکا نام ارقم بن ارقم تھا قتل کیا اور اسکی قوم کو باستثنا رصیبان و نسوان تہ تیغ کیا وقت مراجعت خبر وفات حضرت کلیم اللہ لشکر کے کانوں نے سنی آخر وہ لشکر نے مدینہ میں اقامت اختیار کی اور طبری نے لکھا ہے کہ تسلط یہود بخت نصر کے عہد میں ہوا ہے مگر یہ تعارض روایات یوں رفع ہو جاتا ہے کہ اول جماعہ یہود یہاں ہی وارد لشکر کے آنے پر متسلط ہوئی پھر جب بخت نصر نے یہود کو شام سے نکالا تو بعض یہود یہاں آئے اور بعد ہجرت انصار نے اس بلدے میں قیام فرمایا اور معاملہ انکے قیام کا یوں ہوا کہ ایک قوم نسل یعرب ابن قحطان سے ارض سبا میں آباد تھا وہ حبش میں رہنے لگے اسکا نام ابنۂ طیبہ تھا یہ لوگ عیش و عشرت میں بسر کرتے تھے چونکہ کفران نعمت تا زمانہ ہی دم ہے یکدن دعا مانگنے لگے کہ الٰہی بادی و برانی ہو جائے تاکہ ہم سفر کریں و شہروں کی ہوا کھائیں خدا نے ایک فوج بھیجی اسنے آکر شہر کو ویران کیا اور پانی ایسا برسا کہ بڑے بڑے مکانات گر گئے یہانتک کہ سد اتمان اکبر عادی بھی ٹوٹ گئی اور سب لوگ اڑ گئے صرف چند آدمی نسل سبا سے اور ایک عمرو ابن عامر مزیقیا و اولاد و عیال کا مع اپنے تیرہ بیٹوں کے بجاسوبھی قبل دل عذاب شہر سے نکل گیا تھا اور اسنے اپنی اولاد سے کہا کہ جس جگہ تم چاہو سکونت اختیار کرو ازانجملہ تعلبہ ابن عمرو پسر کلان اسکا کہ ورث اعلیٰ اوس و خزرج کا ہے کہنے لگا ہکو زمین حجاز پسند ہے کہ وہ مع اولاد و اتباع جانب یثرب کہ باکنام مدینہ کا تھا اور فنون میں فتح یہود یہاں رہتی تھی انھیں کے پاس بھی مقیم ہوا اور اللہ تعالیٰ نے ثروت عطا کی تب یہود سے نزاع شروع ہوئی یعنی ہر قریظہ و بنو نضیر کہ قبائل یہود سے تھے لوٹنے لگے اور یہ مرتبہ جور و ظلم کا یہود پر کرگئی و عوت نعوس اپنے شوہر کے پاس جانے نہ پاتی جبتک کہ وہ لوگ دست تصرف دراز نہ کر لیتے تھے اجاد اوس و خزرج نے ہر جملہ سلطان شام سے استغاثہ کیا اسنے ایک لشکر عذاب بھیج کر یہود یوں کو مار اور نکالا اور سب مال و متاع اور خانہ و باغ انکا اوس و خزرج کے ہاتھ آیا چند روز دونوں بھائی باہم متفق رہے آخر کار باہم نزاع و فساد شروع ہوا کہ ایک مدت لڑائیاں ہوئیں مگر عہد کراست مہد حضرت صلعم میں انکی اولاد کے باہم اتفاق ہو گیا

انھیں کی اولاد انصار رضی اللہ عنہم و بعض اہل تاریخ لکھتے ہیں کہ جب تبع بادشاہ یمن بنا بر تسخیر ممالک مشرقیہ گرم روانگی ہوا تو مدینہ منورہ میں ہو کر نکلا اور اپنے بیٹے کو خلیفہ بنا مدینہ میں مقرر کر کے جانب شام و عراق گیا اہل مدینہ نے شرارت سے خلیفۂ سلطان کو قتل کیا یہ خبر سلطان نے سنی وہ بنا بر مقام مدینہ میں آیا اور حکم عام قتل اہل مدینہ کا جاری کیا دفعۃً اسی وقت اس کا خچر صبیہ سواری کا رگیا تو اس نے قسم کھائی کہ جبتک اس شہر کو غارت نہ کرونگا آگے نہ بڑھونگا علماء یہود نے کہا کہ یہ شہر دار الہجرت پیغمبر آخر الزمان محفوظ بحفیظ خالق دو جہان ہے تیرا حکم اس پر اصلا جاری نہ ہوگا ناچار تبع اپنے ارادہ سے باز رہا اور جانب یمن چلا گیا اسوقت چار سو عالم توریت مجلہ ہمراہ ایمان بادشاہ با امید وصول سعادت ملازمت سرور عالم صلعم مدینہ میں رہ گئے اور تبع نے ہر شخص کے واسطے گھر بنا دیے اور یہودیان بنا بر تصرف ملک یمن ہر کیں ورز نقد بھی عنایت کیا اور ایک خط لکھکر شاہ روم کے یہودی کو سپرد کر کے وصیت فرمائی کہ اگر پیغمبر آخر الزمان سے ملاقات ہو تو یہ خط انکو دینا اور جو تجکو ملاقات نصیب نہ ہو تو اپنی اولاد کے سپرد کر دینا کہ وہ گذرانے گا اور ایک ولت خانہ تعمیر کرا کے ایک عالم کے تفویض کیا اور فرمایا کہ پیغمبر آخر الزمان وقت نزول مدینہ باسکینہ اسی گھر میں تشریف رکھینگے چنانچہ ابو ایوب انصاری اسی عالم کی اولاد میں تھے اور انھیں کے بادشاہ کا عریضہ حضرت صلعم کو دیا تھا اور نامذکور میں تبع بادشاہ یمن نے شہادت اسلام اپنی لکھی تھی اور یہ اشعار عربی تھے شہدت علی احمد انہ رسول من اللہ باری النسم فلو مد عمری الی عمرہ لکنت وزیرا لہ وابن عم یعنی میں گواہی دیتا ہوں احمد پر کہ وہ رسول خدا ہی ایسا خدا کہ پیدا کرنے والا آدمیوں کا ہر نفس پر نگہبانی ہے اگر میری عمر اسکی عمر کو پہونچے تو میں وزیر و ابن عم اور معراج النبوۃ میں ہے کہ یہ نامہ ابو ایوب انصاری نے بمدینہ ابی لیلی وقت جلوہ فرما ہونے جناب سالت مآب صلعم کے قبا بنی سلیم میں پیش کیا تھا اور عبارت نامہ یہ تھی الی محمد بن عبد اللہ خاتم النبیین ورسول رب العالمین من تبع ابن حمیر بن ورو ع اما بعد یا فانی آمنت بک و بکتابک الذی نزل علیک و انا علی دینک و سنتک و انت بربک رب کل شی و بکل ما جاء من رسل من شرایع الایمان فان ادرکتک فبها و ان لم ادرکتک فاشفع یوم القیامۃ ولا تنسی فان من ذریتک لاولین و الاٰخرین و ابعثک قبل مجیئک و قبل رسال اللہ تعالی ایاک و انا علی ملتک و ملۃ ابیک ابراہیم خلیل علیہ السلام اور اس نامہ پر اپنی مہر کی اور مہر میں یہ کندہ تھا اسلم من قبل و من بعد و سند یفرح المومنین تفسیر حسینی میں سورۂ دخان کی شرح میں ہے کہ جب نامہ ابو ایوب نے پیش کیا تو حضرت نے تین مرتبہ فرمایا مرحبا بالاخ الصالح اور یہ نامہ لکھا ہوا اکثر اوراق میں برس قبل نبوت کا تھا چنانچہ درج الدرر سے بھی معلوم ہوتا ہے اس مقام سے واضح ہے کہ انصار اولاد ان عالموں کے ہیں تفسیر معتبرہ سے واضح ہے کہ تبع جمیری نام اور اسکا سعد بن ملکی کرب ہے اور کنیت ابو کرب بسبب کثرت اتباع کے تبع کہلایا ہے جیسا تفسیر ابن عباس میں ہے بعضے تبع کو نبی کہتے ہیں اور بعضے مرد صالح جیسا تفسیر جلالین میں بحث کریما اہم خیر ام قوم تبع میں سورۃ الدخان لکھا ہے نبی و جلیل صالح اور بیضاوی اور مدارک میں ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا میں نہیں جانتا کہ نبی تھا یا غیر نبی بالجملہ اسکے اسلام میں شک نہیں اور موضح القرآن میں کہ تبع بادشاہ یمن تھا اسکی قوم بت پرست تھی اسکو توریت یقین آیا اپنی قوم کے سامنے آزمایا کہ ستیادین کو نہ جلا آگ جلوائی دو عالم توریت بغل میں لیکر گھسے نہ جلے اور بت پرست بت بغل میں لیکر جلنے لگے الٹے بھاگے اسکی قوم مسلمان ہوئی فائدہ اول ام مدینہ منورہ کا یثرب اور اثرب اثارب یکسر اہمل تھا آنحضرت نے مدینہ رکھا ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ یثرب نام اس میں کا ہے جو طرف غربی احد کے واقع ہے اور وہاں عیون و نخیل بکثرت واقع ہیں اور ابن زبالہ کہ مورخین مدینہ سے ہیں روایت کرتے ہیں کہ مدینہ کو یثرب کہنا منع ہے اور بخاری نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ جو کوئی ایک تمر یثرب کہے تو واسطے ادائے کفارہ کے دس بار مدینہ کہے اور امام احمد و ابو یعلی سے روایت ہے کہ استغفار کرے کیونکہ نام مدینہ کا طابہ ہے اور وجہ کراہت اس نام کی یہ ہے کہ یثرب مشتق ہے ثرب سے

کہ یہود فساد آبادی ہے یثرب یعنی عقاب سے خراب ام ایک قوم ہے اور نوح علیہ السلام سے کہ اول اس جگہ رہا تھا پھر گئی گاہ اللہ نے عہد اسلام میں اسکو خس و خاشاک فساد و عناد و کفر و شرک سے بالکل پاک کر دیا تو پر اس کو کہنا بیجا ہے اور کلام الٰہی میں یا اہل یثرب لا مقام لکم وارد ہے سو بطریق حکایت ہے اور وجہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں وہ قبیلہ اوس و خزرج جذب القلوب باتفاق حضرت صلعم ابو ایوب انصاری کے گھر اترے تو عبد اللہ ابن سلام سب سے پہلے حاضر ہوئے اور کلمات ہدایت سنکر پڑھ گئے جو کلمہ شہادتین اسلام دل میں قائم ہو گئی تھی وقت خلوت پھر آئے اور بولے یا حضرت تین سوال میرے ہیں اور سوائے پیغمبر کے جواب کسی سے نہیں دے سکتا اول یہ کہ اول علامت قیامت کیا ہوگی دوسرا بہشت میں اول طعام کیا ہوگا تیسرا کیا سبب کہ لڑکا کبھی مشابہ پدر و کبھی مشابہ مادر ہوتا ہے حضرت صلعم فرمانے لگے تم نے مجھ سے پوچھا جو کچھ پوچھا اور مجھکو علم نہ تھا لیکن اللہ نے علم دیا پھر فرمایا اول علامت قیامت کی آگ ہوگی جو لوگوں کو مشرق سے غرب کو لاوے گی اور بہشتیوں کو اول کلیجہ ماہی کا گوشت ملیگا اور جو منی مرد کی غالب ہوتی ہے لڑکا مشابہ اسکے ہوتا ہے اور عبد اللہ ابن سلام نے کلمہ شہادتین پڑھا اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمد رسول اللہ سے مرتبی بود کہ مشتاق ملاقات بود مدام الحرم مروست تراوید و دوانیدن و التماس کردیا رسول اللہ صلعم قبل اسکے کہ یہود اسلام لانے کی خبر شہرت پکڑے آپ یہودیوں کو بلا کر دریافت کیجئے کہ عبد اللہ کیسا آدمی ہے یہود بلائے گئے حضرت نے عبد اللہ کو پردہ میں بٹھا دیا یہود آئے حضرت نے پوچھا عبد اللہ کیسا آدمی ہے کہنے لگے وہ ہمارا سردار ہے اور سردار کا بیٹا ہے بڑا عالم ہے بڑے عالم کا بیٹا ہے حضرت نے فرمایا اگر وہ مسلمان ہو جائے تو کہنے لگے اللہ اسکو اس سے بچائے رکھے حضرت نے عبد اللہ کو بلایا وہ آئے اور کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد انک رسول اللہ یہود کہنے لگے یہ تو بدترین ہمارے ہے اور بدترین کا بیٹا ہے حضرت نے فرمایا یا ابن سلام یہ لوگ تجھ سے ڈرتے تھے اور تیرے حق میں برا کہتے تھے عبد اللہ نے کہا یا رسول اللہ اسکو دفع کیجئے مجھے اس سے خوف لگتا ہے کہ حضرت نے اسکو دور کیا تفسیر ابن جریر و ابن حاتم و ابو نعیم و بیہقی و مسند امام احمد و مسند عبد حمید میں روایت ہے کہ جب حضرت صلعم مدینہ میں جلوہ فرما ہوئے تو عبد اللہ ابن سلام حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ میں آپ کے پاس آیا اور قصد کیا ہے تمام ہوا کہ اول اپنے خواب سے مجکو مطلع کر دیجئے کیونکہ پیغمبر آخر الزمان کی علامات اپنی کتاب میں دیکھے ہیں حضرت نے فرمایا کہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور دل جاگتا ہے اگر یہی علامت ہے تو مجھ میں موجود ہے اسنے کہا بیچ ہے پھر کہا اور کسی سوال کرتا ہوں کہ اسکا جواب سوائے پیغمبر کے کوئی دے نہیں سکتا حضرت نے فرمایا پوچھو لیکن وہ اقرار کرو جو حضرت یعقوب نے اپنے بیٹوں سے لیا تھا کہ اگر میں تمہارے سوالات کا جواب دوں تم ایمان لاؤ میری متابعت اختیار کرو اسنے کہا قبول ہے آخر اسنے سوال کیا کہ مولوگا ہے بابکے مشابہ ہوتا ہے اور کبھی مشابہ مان کے اسکا سبب کیا ہے آنحضرت نے وہ جواب دیا جو عبد اللہ ابن سلام کو دیا تھا پھر پوچھا کون عضو مرد کی منی سے ہوتا ہے اور کون عورت کی منی سے فرمایا استخوان و پی و مغز سر باپ کی منی سے اور گوشت و خون و بال و ناخن ماں کی منی سے

سورۃ ہے

یہودی نے کہا درست ہی پھر سوال کیا کہ مہمانی اہل بہشت کی بچہ دوخول کیا چیز ہوگی فرمایا جگر گوسفند ماہی یا گوشت بیل ماہی اُسنے کہا درست ہی پھر پوچھا کون طعام حضرت یعقوب اسرائیل نے اپنے نفس پر حرام کیا تھا فرمایا شیر و لحم شتر اور سبب یہ ہوا کہ اُنکو مرض عرق النساء عارض ہوا تب نذر کی کہ اگر صحت ہو جائے تو جو کھانا مرغوب ہی اُسکو حرام کرونگا جب آرام ہوا تو یہ دونوں چیزیں مرغوب طبع تھیں حرام کیں بعد اُسکے اُنکی اولاد پر بھی حرام ہو گئیں اُسنے کہا یہ بھی درست ہی تب حضرت صلعم نے فرمایا تمھارے سوالات کے جواب میں نے موافق دیے پھر کیوں ایمان نہیں لاتے کہا ایک بات اور باقی ہی وہ یہ کہ وحی الٰہی پر کون فرشتہ لاتا ہی فرمایا جبرئیل کہ ہر نبی و پیغمبر کے ساتھ تھے اور وحی لاتے تھے کہنے لگا ہم لوگوں کو ستا بعث منظور نہیں ہی اگر کوئی اور فرشتہ وحی لاتا ہوتا تو ہم تمھاری اطاعت کرتے یہ تو ہمارا دشمن ہی اسی نے بخت نصر کو بھیجا تھا الجملہ یہی سبب عداوت و شرارت یہود نا ہنجار کی بہت ہیں درحقیقت اس قوم سے زیادہ کوئی خبیث و مکار نہیں ہی یہ لوگ حضرت صلعم کو ایسا پہچانتے تھے کہ یہ نبی موعود ہیں اور موسیٰ علیہ السلام نے انکی خبر دی ہی جسطرح کوئی اپنے باپ دادوں اور بیٹوں پوتوں کو جانتا ہو مگر حق پوشی کرتے تھے انتہا اللہ علیہم

فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ مشاہیر مہاجرین رضی اللہ عنہم اجمعین یہ لوگ ہیں مصعب ابن عمیر عبدری عبداللہ ابن ام مکتوم ابو عبدالرحمن بلال ابن رباح سعد ابن ابی وقاص عمار ابن یاسر عمر ابن خطاب عثمان ابن عفان غراب بنو جحش زہیر ابن العوام اسما بنت ابی بکر عبدالرحمن ابن عوف طلحہ ابن عبداللہ ابو سلمہ ام سلمہ زوجہ ابو سلمہ عیاش ابن ابی ربیعہ عثمان ابن مظعون زوجہ عثمان مذکور زید ابن خطاب حمزہ ابن عبدالمطلب عم رسول اللہ صلعم زید ابن حارثہ ابو بکر صدیق عتبہ ابن غزوان عبیدہ ابن الحارث ابن المطلب طفیل حصین برادر طفیل مسطح ابن اثاثہ علی ابن ابیطالب غزوان برادر عتبہ انھیں حضرات کے فضائل میں یہ کریمہ قرآن میں نازل ہوئی للفقراء المہاجرین الذین اخرجوا من دیارہم و اموالہم الخ ہم الصادقون اور انھیں لوگوں کو انصار نے نہایت خاطرداری سے اپنی حویلیوں میں رکھا چنانچہ اوس ابن ثابت برادر حسان ابن ثابت نے حضرت عثمان کو اپنے گھر اتارا اور نہایت خاطر کی اور نازیت اُنسے محبت قاطعہ رہی بلکہ یہ پہلے مہاجر ہیں جو مدینہ میں آئے اور یہ اوس ابن ثابت اُنکے وارث بھی ہوئے اور غراب رضی اللہ عنہ سعد ابن خیثمہ کے گھر رہے اور بنو نجش عاصم ابن ثابت کی حویلی میں اور زبیر سماء بنت ابی بکر سفیان ابن حارث کے گھر اترے وہیں عبداللہ ابن زبیر پیدا ہوئے انھیں کے محلہ کے اندر حضرت صلعم نے معاذ ابن ماعز کا مکان لیا ہی اور عبدالرحمن ابن عوف سعد ابن ربیع کے گھر مقیم ہوئے اور سعد ابن ابی وقاص سعد یمامی کے پاس اترے اور طلحہ ابن عبداللہ عمر ابن معبد کے گھر رہے اور ابو سلمہ مع زوجہ خود ام سلمہ عیاش ابو لبابہ کی حویلی میں اترے اور عثمان ابن مظعون مع زوجہ خولہ ابن حکیم کے پاس رہے اور عمر ابن خطاب مع زید و توابع اپنے کے رفاعہ ابن رافع انصاری کے گھر جلوہ فرما ہوئے و حمزہ و زید ابن حارثہ مع توابع و لواحق کلثوم ابن الہدم کے پاس اترے اور صدیق اکبر مع توابع خارجہ ابن زید کے گھر رہے اور علی مرتضیٰ عویم ابن ساعدہ کی حویلی میں اترے اور عتبہ ابن غزوان سعد ابن عباد ابن بشر کے گھر رہے اور عبیدہ ابن الحارث مع خلیل و حصین برادران اور مسطح ابن اثاثہ وغیرہ عبداللہ ابن مکتوم کے مکان میں رہے انھیں انصار کی شان میں کریمہ جلیل الشان سورہ حشر میں نازل ہوئی ہی والذین تبوؤ الدار والایمان من قبلہم یحبون من ہاجر الیہم و لا یجدون فی صدورہم حاجۃ مما اوتوا و یؤثرون علی انفسہم و لو کان بہم خصاصۃ یعنی جو گھر کر رہے ہیں اس گھر میں اور ایمان میں

اسسے پہلے محبت کرتے ہیں اس سے جو وطن چھوڑ آئے انکے پاس دولت نہیں پاتے اپنے دل میں غرض اس چیز سے جو آلو ملا اور مقدم رکھتے ہیں انکو اپنی
جان پر اور اگرچہ ہو انکے اوپر حاجت کما حضرت رسول مقبول ﷺ نے بسبب نصرت دینے کے نام انکا انصار رکھا اور فرمایا نشانی ایمان کی محبت انصار اور علامت
نفاق دشمنی انصار کی رواہ البخاری و مسلم عن انس رضی اللہ عنہ و مسلم نے زید بن ارقم سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت نے الٰہی بخش انصار کو اور انکے
بیٹوں اور پوتوں کو بہ پہلے درجے والے اصحاب ہوئے اور دوسرے درجے والے تابعین اور تیسرے درجے کے تبع تابعین و لفظ الحدیث کذا اللھم اغفر
للانصار ولابناء الانصار وابناء ابناء الانصار یعنی نہیں ہے کہ مراد حضرت کی اولاد ابناء انصار سے قیامت تک اگر ابناء کو بمعنی اولاد حمل کریں تو بیشمار
پوتیاں بھی داخل ہوں اور قرن کتب حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اقامت مہاجرین رضی اللہ عنہم کی دیار انصار میں از روے قرعہ تھی اور
اہل سیر لکھتے ہیں کہ اول ہجرت بجانب مدینہ ابو سلمہ ابن الاسد و عبد اللہ ابن جحش و عامر ابن ربیعہ نے کی ہے مگر صحیح بخاری میں برادر ابن عازب سے
روایت ہے کہ اول ہمارے پاس مصعب ابن عمیر و ابن ام مکتوم آئے پھر بلال و سعد و عمار ابن یاسر آئے پھر عمر ابن خطاب کے بعد ازاں جناب
رسالت مآب تشریف فرما ہوئے سو میں نے اہل مدینہ کو کبھی ایسا خوش دیکھا تھا جیسا اسدن دیکھا یا جملہ بعد تشریف فرما ہونے رسول مقبول صلعم کے
مدینہ منورہ کی ہوا متغیر ہو گئی کہ اکثر مہاجرین بیمار ہو گئے کہ حضرت صدیق اور عامر ابن فہیرہ اور بلال رضی اللہ عنہم کو اتنا ضعف ہو گیا کہ نماز میں
قیام نہ کر سکتے تھے یہ حال دیکھ کر حضرت صلعم نے دعا فرمائی کہ عفونت ہوا موضع جحفہ میں کہ مدینے سے چھ کوس ایک مکان ہے اور وہاں بہت رہتے تھے جا پڑی
اور ہوائے مدینہ روا عند الالہی اسی دن سے آج تک مدینہ طیبہ و بہ اسے محفوظ ہے صحاح میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ جب حضرت صلعم کے صحابہ مدینہ
آئے تو بلال اور ابو بکر عارضہ تپ میں مبتلا ہوئے اور بلال کہتے کہ جائے کہ شتابی میں شعر پڑھنے لگے یہ حال میں نے حضرت سے عرض کیا حضرت نے
یہ دعا فرمائی اللھم حبب الینا المدینۃ کحبنا مکۃ او اشد اللھم صححھا وبارک لنا فی مدھا وصاعھا وانقل حماھا فاجعلھا بالجحفۃ یعنی یا الٰہی محبوب کر دے ہمارا مدینہ کو
جسطرح کے کو دوست رکھتے ہیں یا اس سے زیادہ الٰہی چنگا کر دے مدینہ کو اور برکت عطا کر ہمارے لیے اسکی مد و صاع میں اور دور کر اسکی تپ کو
سوڈالے جحفہ میں فائدہ بعد ہجرت کرنے حضرت صلعم کے کسی کا اسلام بلا ہجرت قبول نہ ہونا اگر کوئی عذر رکھتا ہو جیسا عیاش بن ابی ربیعہ کہتے ہیں کہ میں ان
معذورین میں معدود تھا جنانکہ حضرت صلعم قنوت میں یوں فرماتے تھے اللھم انج عیاش ابن ابی ربیعہ والولید بن الولید وسلمۃ بن ہشام اللھم انج
المستضعفین من المومنین اگر جب مکہ فتح ہوا تو یہ حکم منسوخ ہو گیا اور ارشاد ہوا لا ہجرۃ بعد الفتح الا مہاجر یکہ حضرت سے رجوع نہیں دی بلکہ یوں
فرمایا کرتے تھے للمہاجر الاصحابی ہجرتھم والاترد ھم علی اعقابھم یہ عیاش کہ بعین مہاجر و صحابی شدہ و تین مجمہ ہے اور ابو ری ابو جہل کے ماں شریک
قدیم الاسلام اور مہاجرین حبشہ و مدینہ میں شمار ہوتے ہیں جب حضرت عمر کے ساتھ مدینہ میں آئے تو ابو جہل ملعون کو آیا اور کہا کہ تیری ماں نے
قسم کھائی ہے کہ سایہ میں نہ بیٹھوں جبتک عیاش کو نہ دیکھوں تب عیاش کہ گئے اور ابو جہل نے آکر قید کیا پھر بھاگ کر مدینہ میں آئے اور جنگ
بدر تک میں شہید ہوا اور ولید ابن الولید برادر خالد ابن ولید ہیں قوم میں قریشی مخزومی انکو عبد اللہ ابن جدعان نے جنگ بدر میں گرفتار کیا تب خالد
اور ہشام دونوں بھائی چار ہزار درہم فدیہ دیکر مدینہ سے چھڑا لیگئے کہ وہ بلا دعوت مسلمان ہو گئے لوگوں نے کہا قبل دے فدیہ کیوں ایمان نہ لائے
فرمایا تم لوگ کتنے بے صبری سے ایمان لایا ہے چنانچہ عداوت اسلام خالد اور ہشام پر ظلم کرنے لگے اور قید کیا سو حضرت صلعم نے دعا فرمائی کہ اللہ
ان لوگوں کے ہاتھ سے نجات بخشی اور بعیر کے پاس پہونچایا اور سلمہ ابن ہشام بروقیشی بھی جہل لعون کا تھا مگر قدیم الاسلام اور اخیار صحابہ میں

حال اول مہاجرین

حال عیاش

حال ولید

معدود مین انکو بھی کافرون نے قید کیا معاویہ بھی بھاگ کر حضرت رسول مقبول سے ملحق ہوے اور عہد عمر فاروق مین جہاد روم پر گئے اور شہید ہوے

وقائع سال اول سے تعمیر مسجد مدینہ طیبہ ہے حدیث شریف مین وارد ہے کہ حق تعالی نے مجکو حکم دیا کہ بناؤن ایک عرش مثل عرش موسی کہ بلندی اسکی زیادہ سات گز سے نہو عریش وہ گھر ہے جسکی پوشش چوب و برگ خرما سے ہوا و قبیل تیار مسجد یہ دستور تھا کہ جس جگہ وقت نماز آتا وہین ادا فرماتے جب حکم الہی یون ہوا تو حضرت صلعم نے اس مقام پر مسجد کی تعمیر تجویز فرمائی جہان ناقہ شریف بیٹھا اور پھر اٹھا اور چند گام چلکر پھر بیٹھی جہان آیا اور وہ مقام بروایتے بنو نجیل خزاعہ کو گورستان شرکین تھا اور بروایتے ایک میدان تھا محوط قبیلۂ بنی نجار سے یا مالک اسکے دو یتیم تھے انھون نے اسکو مربد قرار دیا تھا مربد وہ مقام ہے جہان خرمے خشک کرکے تم بناوین بہر تقدیر حضرت صلعم نے ان دونون یتیمون سے جنکا نام سہل اور سہیل تھا اور اسعد ابن زارہ و بروایتے معاذ ابن عفرا ان دونون کے کفیل تھے فرمایا کہ یہ زمین بیچو تو ہم یہان مسجد بناوین وہ بولے ہم بلا قیمت دیتے ہین قیمت درکار نہین ہے حضرت نے انکار فرمایا اور بعد قیل و قال دس مثقال طلا ٹھہری کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنے پاس سے کہ وقت ہجرت اپنے ساتھ لیگئے تھے ادا فرمائی بعد ازان درخت کھود کر زمین کو ہموار فرمایا اور گورستان کو پست کر دیا اور صحابہ کو ارشاد کیا کہ اینٹین پاتھو کہ صحابہ نے موافق حکم عمل کیا وہ مقام جانب بقیع ابتک موجود ہے پھر دیوارین کچی اینٹون سے بنائین و جہت غربی کی شاخون سے اور ستون چوبی سے قائم کیے اس جگہ سے معلوم ہوا کہ گورستان کا کھودنا اور ہموار کرنا واسطے بنا مسجد کے جائز ہے شیخ عبدالحق مدارج النبوۃ مین فرماتے ہین یارب مگر از اخصوص کہ رسائل مشرکان و امثال ندفیہ کاتب الحروف کے نزدیک تاویل اس صورت مین کرنا پڑتی ہے جب اس مقام کو خرابہ و گورستان قرار دین اور جب مربد قرار دیا جائے تو کچھ حاجت نہین ہے بلکہ صاحب بہجۃ المحافل نے اس مقام کو میدان یا نخلستان کرکے روایت کیا ہے جب حضرت رسول مقبول صلعم مدینہ طیبہ مین رونق افروز ہوے تو نماز بیت المقدس کی طرف جانب شمال ادا کرتے تھے اس لیے خرمے کی لکڑیون سے ایک مکان مانند عریش بنا لیا تھا بعد پندرہ یا سولہ مہینہ کے جب تحویل قبلہ کا حکم الہی صادر ہوا تو اس مکان کو بطور خود چھوڑ کر محاذی اسکے مسجد جانب جنوب تعمیر فرمائی اور اس مکان کا نام صفہ ہوا اسمین اصحاب بے خانمان کہ روزانہ فکر قوت مین بسر کرتے اور شب کو اسی مکان مین عبادت فرماتے تھے اور بعد تشریع جہاد اکثر ہمراہ غازیان تشریف لیجاتے تھے سکونت پذیر تھے انھین کو اصحاب صفہ کہتے ہین بعض کے نزدیک ستر تھے اور بعض کے نزدیک اسی اور مدارج النبوۃ مین ہے کہ بتحقیق ثابت ہوا ہے کہ کسی وقت اصحاب صفہ چار سو تک رہ جاتے تھے اور کبھی کم ہوتے تھے اور کبھی زیادہ ہو جاتے تھے اور غزوۂ معونہ مین ستر آدمی انمین سے شہید ہوے مجملا اصحاب صفہ بے خانمان کی تعداد بخوبی طلاع نہین ہوئی چند نام تفسیر نظم الجواہر مین نظر پڑے سو لکھتا ہون اوس[1] بن اوس ثقفی برادر ابن مالک[2] انصاری بشیر[3] بن سعید سلمی ابوزید[4] سلمی ثابت[5] بن ضحاک خزرجی ثابت[6] بن ودیعہ عزرجی ابوثعلبہ[7] انصاری حارثہ[8] بن جمیل شجعی جعیل[9] بن سراقہ ضمیری حذیفہ[10] بن اسید غفاری حبیب[11] بن زید انصاری حارثہ[12] بن نعمان انصاری حازم[13] بن حرملہ غفاری حنظلہ[14] بن عامر غسیل الملائکہ حکم[15] بن عمرو غفاری حرملہ[16] بن اناس نمری حنیش[17] بن حذافہ قرشی خالد[18] بن زید انصاری خزیم[19] بن مالک ساری خریم[20] بن اوس طائی حبیب[21] بن اساف انصاری دکین[22] بن سعید مزنی رفاعہ[23] بن عبداللہ انصاری ربیعہ[24] بن کعب سلمی ابوزرزبن[25] عقلی ابورحیانہ[26] مولی رسول مقبول صلعم زید[27] بن خطاب عدوی سفینہ[28] مولی رسول اللہ صلعم سعید[29] بن مالک ابوسعید خدری سالم[30] بن عبید شجعی سالم[31] بن عمیر بن ثابت سائب[32] بن خلاد انصاری شقران[33] مولی رسول اللہ صلعم شداد[34] بن اسید صفوان[35] بن بیضا فہری صحفہ[36] بن قیس غفاری طلحہ[37] بن عمرو بصری عبداللہ[38] بن اسود سدوسی عبداللہ[39]

بن جوال ازدی عبد اللہ بن ام مکتوم عبد اللہ بن عمرو بن حرام سلمی عبد اللہ بن حبشی خثعمی عبد اللہ بن انس جہنی عبد اللہ بن مدحج جہنی عتبان بن خالد غفاری عمرو بن عوف انصاری عمرو بن ملق سلمی عمرو بن ثعلبہ انصاری عویم بن ساعدہ عتبہ مولی رسول اللہ صلعم عکاشہ بن محصن اسدی عراض بن ساریہ سلمی عیینہ بن السندر سلمی عبادہ بن قرص لیثی عیاض بن حمار مجاشعی ابو عبید مولی رسول مقبول صلعم ابو عیب فزاری بن حبان عجلی فضالہ بن عبید انصاری ابو فراس سلمی قرہ بن اباس مزنی کنانہ بن حصین غنوی ابو کبشہ مولی رسول اللہ صلعم معاویہ سلمی مسعود بن الربیع خاری طلحہ بن اشانہ قرشی ابو مویہبہ مولی رسول اللہ صلعم بلال مولی غیرہ بن شعبہ ابو ہریرہ دوسی وائلہ بن اسقع لیثی وائلہ بن معبد جہنی

بسیار مولی رسول اللہ صلعم واللہ اعلم روایت ہی کہ آنحضرت وقت تعمیر فرماتے تھے اللھم لا خیر الا خیر الاخرہ فاکرم الانصار والمہاجرۃ ۔ الجملہ مسجد جسکی بسبب گزرکی تھی اور طول قبلہ سے شمال تک جو دہ گز اور مشرق سے مغرب تک سو گز اور کسی طرح اور کسی طور کا تکلف و تجمل نہ تھا یہانتک کہ ستون بھی جو خرمے سے اور چھت بھی کہ جب پانی برستا تھی گرتی اور تین درجے فتح خیبر تک اسی قدر طول مسجد رہا بعد ازاں از سر نو تعمیر عمل مین آئی تو حضرت صلعم نے اور زمین لیکر داخل مسجد فرمائی کہ دونون طرف سے صدود صد ہو گئی حال یہ کہ ابتدا مین کچھ تکلف نہ تھا بلکہ عریش تھا مثل عریش حضرت موسیٰ کے جو زمین ہی جسکو حضرت عثمان نے دس ہزار درم کو لیا و بعوض بہشت حضرت کے ہاتھ بیچا چنانچہ خطبہ ابی نقل کرتے ہین کہ حضرت صلعم نے ایک انصاری سے مسجد سے فرمایا کہ قطعہ زمین بے دسکتا ہی کہ ہم داخل مسجد کرین اور اسکے بدلے تجھے بہشت مین گھر ملے خدا نے اسے توفیق نہ دی تو اسنے کہا یا رسول اللہ مین عیال دار ہون فقیر و محتاج اسکی گنجائش نہین رکھتا کہ مفت دے ڈالون مگر بقیمت البتہ تب حضرت عثمان نے مول لیکر بھی بالجملہ اس مسجد مین اول حضرت نے اینٹ رکھی پھر ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم نے امام احمد ابو ہریرہ سے روایت کرتے ہین کہ ایک مرتبہ مین نے دیکھا کہ حضرت کے پاس

اینٹین زیادہ ہین مین نے کہا یا رسول اللہ آپ مجھے عنایت فرماوین تو مین پہونچاؤن فرمایا تو بھی لا یہ میرے واسطے چھوڑ دیا ابو ہریرہ لا یشتل الا عیش الآخرہ

کتب حدیث مین وارد ہی کہ مسجد شریف کی تعمیر مین حضرت صلعم نے ایک پتھر رکھکر ارشاد کیا حضرت ابو بکر سے کہ تم ایک پتھر اس پتھر سے ملا کر رکھو اور حضرت عمر سے متصل پتھر حضرت ابو بکر کے اور حضرت عثمان سے متصل پتھر حضرت عمر کے پتھر رکھوا کے فرمایا ہولاء الخلفاء من بعدی بعد بنا مسجد سمت قبلہ اول یا شہر مہینہ جانب بیت المقدس تھا پھر تحویل قبلہ کا حکم ہوا تو حضرت جبرئیل نے جبال و شجار حائلہ بین الکعبہ و المسجد کو دور کیا اور بنا مسجد جانب قبلہ میزاب درست فرمائی اور جو دہ خواہ پندرہ روز تک حضرت صلعم بنا بر امامت عقب اطوانہ مختلف کھڑے ہوتے تھے جسکو اب اسطوانہ عائشہ بولتے ہین پھر وہان محراب قرار دی لیکن علامت محراب نہین تھی ابتدا اسکی عمر ابن عبد العزیز کے وقت مین ہوئی وضع سنہ سبع سبعین ہجری مین مشیر حضرت علیہ السلام جانب غربی سے ملے محراب کے ترتیب کھڑے ہوتے تھے اسی جگہ ایک لکڑی گڑی تھی جب طول قیام سے تکلیف ہوتی تو حضرت اسکی ٹیک لگا لیتے تھے ایک روز کسی نے کہا ارشاد ہو تو یہان منبر بنجائے حضرت نے قبول کیا اسنے تین درجے کا منبر بنایا کہ اسپر خطبہ فرمانے لگے ایکدن وہ لکڑی مفارقت صحبت محبوب الٰہی صلعم سے بیٹھی اور مانند ناقہ جلائی حضرت نے منبر سے اتر دست شفقت پھیرا اور فرمایا کہ اگر تیری مرضی ہو تو اسی طرح چھوڑ دون اور جو پھلنا پھولنا منظور ہو تو بہشت مین جاؤن اسنے جنت کا رہنا قبول کیا قاضی عیاض کہتے ہین کہ یہ حدیث مشہور بلکہ متواتر ہی کہ جماعہ کثیرہ صحابہ نے اسکی روایت کی ہی حسن بصری جب اس حدیث کو سنتے تو روتے اور فرماتے کہ اے خدا کے بندون چوب خشک اشتیاق رسول مقبول مین روتی و چیختی ہی تم کیون غافل ہو رہے ہو کیا تمکو لیاقت نہین ہی جو اسکی برابری کرو روایت ہی

مولد عالمتہ محمد بن عبد اللہ بن عبد العزیز

کہ وہ شاخ باذن آنجناب علیہ السلام اُسی جگہ دفن کردی گئی اور شیخ عبد الحق محقق شرح سفر السعادت وجذب القلوب میں فرماتے ہیں کہ طول منبر پنج وجب صحیح دو گز تھا اور عرض ایک گز کا اور ہر درجہ ایک بالشت کا تھا یہ منبر از زمان علی مرتضیٰ اُسی مقام پر رہا اُسی پر حضرت عثمان نے جامہ قبطیہ پہنا یا تھا آثار باقیہ سے یہ ہے کہ معاویہ ابن ابی سفیان نے اپنی امارت یا سلطنت میں چاہا کہ اسکو شام میں لیجاؤں بفور خبش دینے کے آفتاب منکسف ہوا کہ ستارے نظر آنے لگے آخر کار چھ درجے اور بڑھا کر منبر نبوی اُسپر رکھدیا بعد ازاں خلیفہ مہدی نے زیادہ کرنا چاہا امام مالک نے منع فرمایا پھر ۸۸۶ھ میں جل گیا پھر بادشاہوں نے منبر بنائے حتیٰ کہ سلطان مراد ابن سلطان سلیم نے ۹۸۶ھ میں کہ اُس زمانے میں محقق دہلوی وہاں موجود تھے پھر کا منبر بنایا

بنائے حجرات

بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ بنائے مسجد کے ساتھ دو حجرے بھی بنائے گئے ایک حجرہ صدیقہ دوسرا حجرہ سودہ پھر جب اور دو سبب نکاح فرمایا تو انکے لیے حجرے بنے مگر کچھ طرف مسجد کوئی گھر نہ تھا البتہ اکثر دروازے جانب مسجد تھے اور اکثر بیوت چرید نخیل سے مگر بعض زخشت خام سے بلندی سب کی قدر آدم سے ایک ٹھہر زیادہ اُسی جگہ سیدۃ النساء علیہا السلام کا بھی مکان تھا کہ حضرت عائشہ کے گھر سے گھر کی عتبی آنحضرت اُسی راہ اکثر آتے جاتے اور حال پرسی حضرت بتول زہرا و جناب علی مرتضیٰ و حضرت امام حسن مجتبیٰ و حضرت امام حسین شہید کربلا علیہم السلام فرمانے بھی جاتے فضائل مسجد

شرف حد حصر سے باہر ہیں بخاری میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ ایک نماز اس مسجد میں ہزار نماز سے افضل ہے جو اور مساجد میں پڑھی جاوے مگر مسجد حرام اور صحیحین میں ہے مابین بیتی و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ اور بھی فرمایا ہے منبری علی حوضی و علی ہذا القیاس اور طبرانی معجم کبیر میں نقل کرتا ہے کہ راقم بیت المقدس کو جانے لگا تو حضرت کے پاس رخصت ہونے آیا فرمایا قصد تجارت ہے یا کچھ اور اُسنے کہا کہ برائے نماز فرمایا ایک نماز میری مسجد میں بہتر ہے وہاں کی ہزار نماز سے اور بعض حدیثوں میں ہے کہ ایک نماز مسجد بیت المقدس میں ہزار نماز کے برابر ہے پس نماز مسجد مدینہ لاکھ نماز کے برابر ہوئی جو اور مساجد میں ہوئی ہو اور مستثنا مسجد حرام یا بنا بر مساوات ہے جیسا بعض علما قائل ہیں یا بنا بر زیادتی کہ اسکا قائل کوئی نہیں ہے یا بنا بر قلت عدد ہے کہ امام مالک اسی کو ملحوظ کرکے فرماتے ہیں کہ فضل نماز مسجد مدینہ سائر مساجد پر بہ تعداد ہزار ہے اور مسجد مکہ پر کم از ہزار اور تشبیہ اس بقعہ شریفہ کی بہشت سے در باب نزول رحمت ہے یا من قبیل اطلاق سبب بر مسبب یعنی یہ موضع کثرت عبادت سے سبب وصول جنت ہے

اگر صحیح یہ ہے کہ فرمودہ حضرت صلعم محمول بر حقیقت ہے یعنی یہ موضع ایک قطعہ بہشت کا ہے کہ آخرت میں جزو بہشت ہوگا یا یہ زمین ایک ٹکڑا ہے کہ بہشت سے لایا گیا جسطرح مقام ابراہیم اور اسی سال کے ربیع الآخر میں رکعات نماز فرض مغرب و فجر کی بدستور ہیں اور ظہر اور عصر اور عشا حضر میں چار رکعتیں فرض ہوئیں اول دو ہی تھیں چلپی حاشیہ شرح وقایہ میں لکھا ہے کہ نماز جمیع اول حضرت آدم نے ادا کی ہے یعنی جب حضرت آدم زمین پر آئے تو اس عالم میں اندھیرا تھا اور رات ہوئی یہ دیکھا نہ تھا ڈرے جب تاریکی جاتی رہی دو رکعت شکرانہ ادا فرمائی بطور نفل اور ہر پہر فرض ہوئی اور صلوٰۃ ظہر اول حضرت ابراہیم نے بعد زوال شمس ادا کی جب قربانی ولد کا حکم ہوا اول بنا بر شکر رفع الذبح ولد دوم بنا بر نزول فدا سوم بنا بر رضاے حق حتی کہ ارشاد ہوا قد صدقت الرؤیا چہارم بنا بر صبر اسمٰعیل یہ چار رکعت بطور نفل تھیں پس امت پر فرض ہوئیں اور صلوٰۃ العصر اول حضرت یونس نے ادا کی جب ظلمات اربعہ سے نکلے ہیں ایک ظلمت زلت یعنی لغزش قدم کی تاریکی دوسری تاریکی شب تیسری تاریکی آب چوتھی ظلمت بطن حوت یہ بھی ہم پر فرض ہے پر نفل تھی اور صلوٰۃ المغرب اول حضرت عیسیٰ نے ادا فرمائی بعد غروب آفتاب جب خطاب ہوا انت قلت اول بنا بر نفی الوہیت اپنی ذات سے دوسرے نفی الوہیت اپنی والدہ سے

قیسرے بنا برا ثبات اویسیہ خدائے تعالیٰ یہ بطریق نفل تھی ہمپر فرض ہوئی اور صلوٰۃ العشا اول حضرت عیسیٰ نے ادا کی جسوقت مدینہ سے نکلے اور اندھیرا ہوا
اور غم والم زوجہ و ہارون و فرعون لاحق تھا نجات پائی چار روز سے اور ارشاد ہوا یا موسیٰ انی انا ربک فاخلع نعلیک انک بالوادی المقدس طویٰ
اسوقت چار رکعت نفل ادا فرمائی مگر ہمپر فرض ہوئی اور اسی سال ہین باوائل شروع بنائے مسجد زید ابن حارثہ و ابو رافع بندگان آزاد کے کو گئے
اور فاطمہ ام کلثوم و سودہ و عائشہ کو مع اسامہ ابن زید و ام ایمن و عیال صدیق کو مدینہ مین لائے طلحہ ابن عبد اللہ بھی ہمراہ آئے اسی
سے حضرت نے پانسو درہم و دو اونٹ بھیجے تھے اگرچہ بنات آنحضرت و سودہ کی طلب تھی مگر عبد اللہ ابن ابی بکر کمال شوق سے
مع عائشہ وغیرہ بھی چلے آئے اسی عرصہ مین آنجناب ابو ایوب انصاری کے گھر سے اپنے گھر مین جلوہ فرما ہوے اور جمادی الاولیٰ سال اول مین
سلمان فارسی بوصیت راہب عموریہ مدینہ مین آکر اسلام لائے اسی سال مین حضرت صلعم نے عقد مواخات یعنی برادری مہاجرین و انصار
باندھی بہبتا الیہ مہاجرون و بہبتا الیہ انصار تھے اور برواسطے ڈیڑھ ڈیڑھ سو اور توریث بھی باہم گردی مگر میراث بعد غزوہ بدر منسوخ ہوئی
والتفصیل فی المطولات اسی طرح مہاجرین مین خاصتہ بھی عقد مواخات فرمایا چنانچہ ابو بکر و عمر مین و طلحہ و زبیر مین اور عثمان و عبد الرحمن مین
و حمزہ و زید ابن حارثہ مین رضی اللہ عنہم اور علی مرتضیٰ صلوٰۃ اللہ علیہ السلام سے فرمایا کہ مین تیرا بھائی ہون اور اسی سال کے شوال مین
زفاف حضرت ام المومنین صدیقہ واقع ہوا مگر طعام ولیمہ نہین پکایا صرف ایک کاسہ دودھ سعد ابن عبادہ کے گھر سے آیا تھا قدرے خود
حضرت نے پیا اور باقی حضرت عائشہ کو دیا عمر حضرت عائشہ کی نو برس کی تھی ام المومنین فرماتی ہین کہ حضرت نے میرے ساتھ عقد کیا
شوال مین اور گھر مین داخل فرمایا شوال مین اور کوئی عورت حضرت کے نزدیک مجھسے زیادہ خوشتر نہ تھی اسی سال مین صیغہ اذان
مشروع ہوا اور وجہ یہ ہوئی کہ جب جمعہ و جماعت قائم ہوئی تو اہل اسلام علامت کے خواستگار ہوے سید ابرار نے مشورہ کیا کسی نے بوق
تجویز کیا کسی نے نکھ کسی نے آگ جلانا حضرت نے رد کیا کہ اول اتباع یہود ہی دوسری موافقت نصاریٰ تیسری مرافقت مجوس
تب حضرت عمر نے فرمایا یا رسول اللہ کوئی پکار دیا کرے کہ نماز کا وقت آگیا یہ بات قبول ہوئی کہ حضرت بلال وقت پر ندا کر دیتے الصلوٰۃ جامعۃ بعد
چند سے حضرت عمر عبد اللہ بن زید انصاری نے خواب مین اذان و اقامت سنی پھر حضرت جبرئیل مین نے تعلیم کیا اس تقریر سے صیغہ اذان
مسموع توفیقیین بھی ہے کیونکہ اول عبد اللہ کو فرشتہ نے خواب مین تعلیم کیا پھر حضرت عمر نے سنا اور حضرت صلعم نے فرمایا انہا رؤیا حق پس
حکم وحی مین داخل ہوا اور پھر چند اشارات قرآنیہ سے حکم تنزیل مین در آیا اور آخر اذان مین دعاے تامہ کی صفت فرمائی پس یہ ترتیب
خالی از حکمت نہوگی بلکہ کوئی نکتہ معتمد ہوگا اور کلمہ الصلوٰۃ خیر من النوم اسطرح زیادہ ہوا کہ ایکدن حضرت بلال نے وقت صبح حجرۂ مبارک پر
ندا کی کہ الصلوٰۃ یا رسول اللہ لوگون نے کہا حضرت آرام مین ہین بلال نے کہا الصلوٰۃ خیر من النوم کہ بیدار ہوے اور اس کلمہ کو پسند
فرمایا اور نکتہ یہ ہوگا کہ اہم مہمات توحید ہی سو دو قسم ہی توحید فی العبادۃ و توحید فی الاستعانۃ اول مقصود اصلی دوسری شرط اول کی
اور توحید عبادۃ صحت پر موقوف ہی علم بحاجات کمال قدرت انجاح و وفور رحمت کہ یہ تینون لازم و ملزوم ہین کیونکہ صحت اقتدا
باوجود علم بحاجات محتاجین اگر ارادہ مہربانی نہ رکھتا ہو تو حصول نفع و ضرر کی اس سے توقع فضول ہی اور اگر قدرت نہ رکھتا ہو
تو معذور ہی کہ بجز غمخواری اور کچھ نہین کر سکتا و لہذا وسائل و وسائط کا ہونا سلاطین و امرا کی حضور مین پر ضرور ہوا کیونکہ

یہ لوگ احوال محتاجین سے مطلع نہین ہوتے جبتک کوئی عرض نہ کرے یا انجاح حاجت پر مستعد نہین ہوتے جبتک کوئی متقرب سعی وغیرہ نہ کرے یا کارروائی فقیرون کی نہین کرسکتے مگر بواسطہ پیشکاران اور درصورت خیانت وخلل اندازی انکے محتاج محروم رہتا ہی سو یہ امور درگاہ حضرت حق مین بیدخل محض ہین مگر بوفور رحمت وبمقتضاے حکمت انبیا واولیا کو باب ہدایت وشفاعت مین اور والدین وطبیب کو معالجہ تربیت ومعالجت مین واسطہ گردانا ہی تاکہ بعض کا مطلب بعض کی سعی سے بانجام ہو اس وضع پر کہ تابع ومتبوع مورد تحقیقی فیض مبدء فیاض کے برابر ہون اور انمین بہا کسی طرح کا شرک نہین ہوتا ہے ضرور ہے کہ سمیع بالذات شریف ہو ورنہ بقول نعمت اہل حقارت سے موجب عار ہوتا ہی پس یہ فرمان ہین اول ارشاد ہوا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اکبر اللہ اکبر پھر گواہی دی اللہ اکبر اللہ اکبر پھر کہا گیا اشہدان لا الہ متصرفا فی الوجود الا اللہ اشہدان لا الہ مستحقا للمعبودیۃ الا اللہ پھر چاہا بندے نے اپنے معبود کو بوصف علم وقدرت وحکمت وشرف بخوبی پہچانا تو اسکو یقین کامل ہوا کہ ایسے معبود جلیل الشان کی حضور مین بلا وسیلہ چلے جانا نہین ہوسکتا تب مجبور ہوا اسمین کہ اب کوئی راہ نکلے جسسے مرضی ومامرضی معبود دریافت ہو کہ عبادت مین کسکی تکمیل ہوجاوے اور ظاہر ہو کہ معبود عبد کو عطل وبیکار نہین چھوڑتے کہ بلکہ بواسطہ سفیر تکمیل اسکی فرماویگا اور سفیر دو قسم ہی ایک سفیر حکم رسانی دوسرا سفیر حضور درگاہ عالی تب دعا یہ کہنے لگا اشہدان محمدا رسول اللہ رسالۃ الابلاغ اشہدان محمدا رسول اللہ رسالۃ الایصال ونائب آنجناب قسم اول مین علماء متقدمین اور انبیا مین اب بمثال امر رسول کہ سبب قرب معبود ہی لازم ہوا تو کہا حی علی الصلوٰۃ یا جسا کہ حی علی الصلوٰۃ تقلد کہم بعد اسکے ثمرۂ عمل بیان کیا تاکہ عمل مین غایت کوشش کرے تب کہا حی علی الفلاح فی الدنیا بعصمۃ النفس والمال للعوام ولذۃ المناجات والمشاہدۃ للخواص حی علی الفلاح فی العقبیٰ بتبییض کرب العرصات والنجات من المدرکات والفوز بنعیم الجنات وزویۃ فاطر السموات والارض وطالب کو فیض نبوی صلعم حاصل ہوا اور ان مراتب سے آشنا ہوا مستعد ترقیات ہوا اور معرفت کاملہ سے معزز ہوا اور معاملہ بطور دیگر ہوگیا اول طلب حاجات تھا اب بنابر اخلاص محبت ہی تو کہا اللہ اکبر علو فی ذاتہ سن حیث کونہ فی اعلی طبقات الوجود واکملہا اللہ اکبر فی احاطۃ مظہرہ من جمیع الوجوہ کمالاتہ فی المظاہر المعقولۃ والمشہودۃ اسرہا اور خلاصہ اس معرفت کا نفی حجبت ومحو ظلمات کثرت وجہ قدیم سے انداز اکشاف قیومیت ہی تب کہا لا الہ الا اللہ یعنی کوئی موجود نہین ہی مواطن خارج مین بحیث الحقیقۃ اور نہ ظاہر بجمیع کمالات بالاصالۃ مگر اللہ کہ محیط بجمیع کمالات ومراتب ہی اور ان مراتب مین وسایط ووکالا کی گنجائش نہین ہی اس لیے ذکر رسالت کی احتیاج نہ پڑی برخلاف توحید فی العبادۃ کے کہ انتظام اسکے سلسلے کا بواسطہ رسالت ہی اور اسی واسطے لفظ اشہد کہ حکایت نفس متکلم سے باظہار شہادت تھا متروک ہوا اور اس ترتیب سے کلمہ اذان وتر ہوا وشفع وتر بحیث لو تراد فردیۃ بکلمۃ توحید متحقق ہوئی تاکہ لفظ ومعنی مطابق ہون اور انقطاع کلام اسم ذات پر ہو اکہ ہو المبدء والمنتہی اگرچہ کلمہ محمد رسول اللہ مین بھی ہر آخر مین اسم ذات ہی لیکن بحیث معنی مجموع رسول اللہ ہی فافہم ہذا وفیق جدا وہذا ما افادہ مولانا رفیع الدین الدہلوی فی بعض تقریراتہ اور تفسیر احمدی مین ہی کہ صیغۂ اذان نص قرآن سے ثابت ہی نہ صرف حدیث خواب سے کما قال اللہ واذا نادیتم الی الصلوٰۃ اتخذوہا ہزوا ولعبا ذلک بانہم قوم لا یعقلون یعنی جسوقت پکارو نماز کو اسکو ٹھہراوین ہنسی اور کھیل یہ اسواسطے کہ وہ لوگ بیوقوف ہین کیونکہ اللہ کی بڑائی ہر دین مین بہتر ہی نقل ہی کہ ایک نصرانی جب اذان مین سنتا اشہدان محمدا رسول اللہ کہتا جلاوے اللہ کاذب ایک مرتبہ رات کے وقت اسکا غلام آگ لایا اور سب گھر کے آدمی خواب غفلت مین سوتے تھے آگ کی چنگاری اڑی اور تمام گھر مین

پھیل پڑی کہ وہ نصرانی مع تمام گھر والوں کے جل گیا کذا فی الاحمدی اور تفسیر بوطالب مین لکھا ہی کہ جب حضرت صلعم نے بلال کو اذان کا اذن دیا اور اذان قبل الصلوٰۃ ہونے لگی ایک روز حضرت صلعم بستون محرم بروز جمعہ بیش از نماز مسجد مین تشریف لائے اور ستون سے ملکر بیٹھے اور بلال اذان دینے لگے جب اشہد ان محمدا رسول اللہ پر پہونچے تو صدیق اکبر نے اپنے دونون ہاتھون کے انگوٹھے اور اپنی دونون انکھون کے پھیرے اور کہا قرۃ عینی بک یا رسول اللہ جب اذان ہوگئی حضرت رسالت پناہ نے فرمایا اے ابوبکر جو کوئی یون کہے اور کرے شوق و محبت سے جسطرح تو نے کہا اور کیا بخشے گا اللہ گناہ اسکے قدیم و جدید و عمد و خطا پوشیدہ و ظاہر اور مین شفیع بخشانے والا ہون اسکے گناہون کا یہ روایت کی ہی ابن عیینہ نے پیغمبر خدا صلعم سے اور روایتی حضرت علی مرتضی علیہ السلام سے نقل کرتا ہی کہ وہ بھی اسی طرح کرتے تھے اور کہتے تھے رضیت باللہ ربا و بالاسلام دینا و بمحمد نبیا اور چومتے تھے اپنے دونون انگوٹھے کے تسلم کو اور رکھتے تھے دونون انکھون پر اور فتوح الاوراد مین ملا فتح محمد حدیث مین لکھا ہی کہ اسوقت دونون پشت انگشت شہادت اپنی دونون انکھون پر رکھے کیونکہ علی علیہ السلام وقت شہادت ثانیہ یون ہی کرتے تھے اور مقاصد حسنہ مین یہ حدیث ہی من قبل عند سماعہ من المؤذن کلمۃ الشہادۃ ظفری ابہامیہ ومسحہا علی عینیہ وقال عند المس اللہم احفظ حدقتی ونور بہا بصرہ حدقتی محمد ونور بہا لم یعم یعنی جو کوئی چومے جسوقت سنے موذن سے کلمہ شہادت دونون ظفر اپنے انگوٹھون کے اور ملے انگوا اپنی انکھون پر اور کہے اللہم احفظ الخ ہنوز انمعا اور مفتاح السعادت مین ہی کہ جو ہمیشگی رکھے اس عمل پر محفوظ رہینگی اسکی انکھین اندھی ہونے سے اور شیخ زادہ وقایہ کی شرح مین لکھا ہی کہ یہ فعل سنت ہی اور طریقہ ہی خلفا کا اور یہ کہے وقت چومنے کے اللہم احفظ عینی ونور بہا اور مسعودی مضمرات مین ہی کہ وضع الابہامین علی العینین سنۃ اور روایت کی ہی حسن طیبی نے اپنی سند سے قال رسول اللہ صلعم من سمع اسمی فی الاذان ووضع ابہامیہ علی عینیہ غفر اللہ لہ ذنوبہ یعنی جسنے سنا میرا نام اذان مین اور رکھے دونون انگوٹھے اپنی انکھون پر بخشتا ہی اللہ اسکے گناہ اور کنز العباد مین لکھا ہی کہ جو شخص اشہد ان محمدا رسول اللہ سنے کہے صلی اللہ علیک یا رسول اللہ اور جو دوسری بار سنے کہے قرۃ عینی بک یا رسول اللہ اور دونون انگوٹھے اپنی انکھون پر رکھ کر کہے اللہم متعنی بالسمع والبصر کذا فی مقدمۃ الصلوٰۃ اور صلوٰۃ تحفتی مین لکھا ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سمع اسمی فی الاذان ووضع ابہامیہ علی عینیہ فانا طالبہ فی صفوف القیامۃ وقائدہ الی الجنۃ یعنی جسنے سنا میرا نام اذان مین اور رکھے دونون انگوٹھے اپنے ہاتھون کے دونون انکھون پر پس مین تلاش کرونگا اسکو صف قیامت مین اور لیجاونگا اسکو طرف جنت کے اور کتاب احادیث قدسیہ مین ہی روی ان ادم علیہ السلام اشتاق الی لقاء محمد صلی اللہ علیہ وسلم حین کان فی الجنۃ فاوحی اللہ الیہ ہو من صلبک وانظر فی اخر الزمان فاظہر اللہ تعالی صورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی صفاء ظفری ابہامیہ فمسح علی عینیہ فصار اصلا لذریتہ فلما اخبر جبریل النبی صلی اللہ علیہ وسلم بہذہ القصۃ قال من سمع اسمی فی الاذان فقبل ظفری ابہامیہ ومسح علی عینیہ لم یعم ابدا یعنی روایت ہی تحقیق آدم علیہ السلام مشتاق ہوے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دیکھنے کے جن دنون بہشت مین تھے سو اللہ صاحب نے وحی کی آدم علیہ السلام کی طرف کہ یہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم تیری پشت سے پیدا ہوگا آخری زمانہ مین پس ظاہر کیا اللہ صاحب نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کو دونو انگوٹھون کی صفائی مین سو ملا آدم نے دونون انگوٹھون کو اپنی دونون آنکھون پر سو ہی سنت ہوئی انکی اولاد کے واسطے پھر جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بیان فرمایا یہ قصہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

تو آنجناب نے فرمایا جسنے سایر اعضا وضو مین اور جیسے ناخن اپنے انگوٹھون کو اور لے اپنی آنکھون پر اندھا نہو گا کہا گرچہ یہ روایات صحیح نہین
وقت سماع اشہد ان محمدا رسول اللہ محققین اہل فقہ وحدیث نے نہین لکھی مگر کتب تاریخ مین باسناد مروی ہین عمل کے واسطے کافی ہین سند دیگر
ضرور نہین اور اگر بدعت ہو تو حسنہ ہو ملا علی قاری حنفی کتاب مختصر الموضوع فی تعریفہ وصحیح مین فرماتے ہین بعد نقل کلام سخاوی کہ جب صحیح ہوئی
وہ بات عمل صدیق سے تو کفایت کرتا ہو واسطے عمل کے بمقتضاے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین من بعدی انتہی اور حق یہ ہو کہ حدیث
ضعیف فضائل مین مقبول ہو باتفاق علما باوجود اس بات کے کہ اسکو احتجاج کیا ہو محدثین اور فقہانے اور نجز یہ قوت دیتا ہو حدیث کو
باتفاق ایمہ معرفت اسی سال مین اسمعیل بن زرارہ اور برزا بن معرور بن کلثوم ابن الہدم مسلمان مدینہ منورہ نے اور عثمان ابن مظعون
مہاجر کرنے عزم سفر جنت الفردوس فرمایا اور عاص ابن وائل سہمی اور ولید ابن مغیرہ کہ سردار قریش سے تھے داخل نار ہوے اور حضرت صلعم نے
براء ابن معرور کی قبر پر بعیت اپنے اصحاب کے نماز پڑہی تھی اور اسی سال دہم محرم مین روز عاشورا تاریخ دہم روزہ رکھا اور یارون کو روزہ رکھنے کا
امر کیا اور حال اسکا یہ ہوا کہ مدینہ کے یہود آسمدن روزہ رکھتے تھے آنجناب نے پوچھا یہ کون روزہ ہو یہود نے کہا آج کے دن اللہ جل ثنانے
موسیٰ پیغمبر اور انکی قوم کو فرعون کے ظلم سے نجات بخشی اور فرعون اور اسکی قوم کو دریا مین غرق کیا ہو سو حضرت موسیٰ اسکی شکرگزاری مین
یہ روزہ رکھتے تھے ہم بھی انکی اتباع کرتے ہین حضرت نے فرمایا نحن احق واولیٰ باتباع سنۃ اخی موسیٰ پھر حکم دیا سنہ رمضان کے فرض ہوے
تو اس روزے کا اہتمام نہ رہا صرف استحباب باقی ہو مگر آخر عمر مین حضرت صلعم فرماتے تھے کہ اگر سال آیندہ کے محرم تک زندہ رہونگا تو دہم کے ساتھ
نہم کا بھی روزہ رکھونگا تاکہ مخالفت یہود ہو جائے الا نوبت اسکی نہ پہونچی اور اسی سال مین بعد اطمینان کلی عقد مواخات وغیرہ امور
لازمہ سے حضرت رسول کریم نے بحکم متقم جلیل صحابہ سے ارشاد فرمایا کہ اب مشرکون سے انتقام لو اور اپنی محافظت لازم جانو اور جہاد اللہ کہ تانے
اسکے قتل کرو اور اپنی طرف سے لڑائی نہ لڑو لیکن اگر کوئی تم پر چڑھکر آوے تو اسکو دفع کرو بس ایک شاخ عظیم الشان تیار کرایا اور تجہیز
اور جیوش اور اہتمام لشکر اور درستی سامان حرب مین مصروف ہوے پوشیدہ نہ رہے کہ قتل کرنا کافرون کا نسبت کفر کے مخصوص
بشریعت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام نہین ہو بلکہ اگلے دینون مین بھی ہوتا رہا ہو چنانچہ ہنود کی بڑی پوتھی مہابھارت مین لکھا ہو کہ
راجہ یدھشٹر جسنے سارے صرف دنیا کے کنارے اسکو خدا کا حکم عام ہوا تھا کہ لوگون کو میری بندگی کے لیے دعوت کرے اگر قبول کرین تو بہتر نہین تو
مار ڈال اور سنکر اجارج جو کہ راجا بیت کے بعد ہوا اپنی پوتھی مین صاف لکھتا ہو کہ تو جیکے نہ مانے پرتدیسون کو قتل کرنا جائز ہو اور کرشن اوتار
اور لہراسپ نے شمشیر زنی سے دین کا رواج دیا اور نوشیروان وغیرہ سلاطین عالم نے مزدک متنبی وغیرہ کو صرف جھوٹے دعوے نبوت پر مروا ڈالا
اور کتب موسویہ مین تو اس معاملے کی بخوبی تفصیل مطراق سے سبیل من جملہ موجود ہی چنانچہ کتاب عدد باب پچیس نسخہ ۲۵ کے اور سنہ سات مین ہی
کہ انھون نے مدیانیون سے لڑائی کی جیسا یہوواہ نے فرمایا تھا اور مدیانیون کو مار ڈالا اور ان مقتولون کے سوا اوی ور قیم وصور وحور وراع
کہ پانچون مدیان کے بادشاہ تھے انکو بھی جان سے قتل کیا اور بعور کے بیٹے بلعام کو بھی تلوار سے قتل کیا اور بنی اسرائیل نے مدیان کی عورتون
اور بچون کو اسیر کیا اور انکے مویشی اور چارپائے اور مال واسباب سب کچھ لوٹ لیا اور انکی ساری بستیون اور گھرون اور محلون کو
پھونک دیا اور انھون نے ساری غنیمت اور سارے اسیر اور انسان وحیوان سب لیے اور موسیٰ کے پاس قیدیون اور غنیمت لوٹ لائے

سخت غصہ ہوا اور انکو کہا کہ تمنے سب مڈیون کو جیتا رکھا سو اُن بچون کو جتنے لڑکے ہین سب قتل کرو اور ہر ایک مڈی کو جو مرد کے ساتھ سونا جانتی ہے جان سے مارو لیکن وہ لڑکیان جو مرد کے ساتھ سونا نہین جانتی ہین اُنھین اپنے لیے رہنے دو پھر جب اُنھون نے ایسا ہی کیا تو اگر کوئی فرقہ یہ دین ہمارے ساتھ جہاد سے ٹھہرا کرے تو ہرگز اُسکو نہ یہ لکھا ہے کہ اپنے گریبان مین سر ڈال کر دیکھے اور شرمندہ ہو اور لحاظ کرے کہ ہماری شریعت مین بچون کے مارنے کا حکم نہین ہے اور نہ عورتون کا گرفتار کرنا اور فساد ہوا حضرت موسی نے کیسا بے تکلف بچون اور عورتون کے مار ڈالنے کا حکم دیا ہے حالانکہ وہ بیگانہ تھے اور کتاب استثنا کے باب ساتوین نسخہ عبرانی مین موجود ہے کہ جب یہوداہ تیرا خدا تجکو اُس زمین مین کہ تو جسکا وارث ہونے جاتا ہے داخل کرے اور اُنھین تیرے ہاتھ مین گرفتار کروا دے تو تو اُنھین مار ڈالیو اور ایک نفس اُنھین زندہ نہ رہنے دیجیو نہ تو اُنسے کوئی عہد کیجیو اور نہ اُنپر رحم کریو نہ اُنسے بیاہ کرنا نہ اُنکے بیٹون کو اپنی بیٹیان دینا نہ اپنے بیٹون کے لیے اُنکی بیٹیان لانا کیونکہ وہ تیرے بیٹے کو میری پیروی کرنے نہ دینگی تاکہ اور معبودون کی عبادت کرے اُسوقت خدا کا غضب تجھ پر بھڑکیگا اور وہ تجھے یکایک ہلاک کر دیگا سو تم یہ سلوک کرو کہ اُنکے مذبحون کو ڈھا دو اور اُنکے بتون کو توڑو اُنکی بسیر بتون کو کاٹ ڈالو اور اُنکی تراشی ہوئی صورتون کو جلا دو انتہی اور کتاب تواریخ کے باب بیسویں ہم مین ہے کہ داؤد نے فلستیون کو مارا اور اُنھین مغلوب کیا اور جت اور اُسکا دیہات فلستیون کے ہاتھ سے لے لیا پھر اُسنے موآبیون کو مارا اور بادشاہ ہدد عزر کو بھی حمات تک مار لیا اور ایک ہزار رتھ اور سات ہزار سوار تھی اور تیس ہزار پیادے اسیر کر لیے اور سارے گھوڑون کو لنگڑا کیا اُنمین سے سو رتھ کے اپنے لیے غرض اسی طرح بھلائات موسوی اور یوشعی اور داؤدی جمع ابواب توریت اور کتاب یوشع اور سموئیل اور سلاطین اور تواریخ عبرانی مین موجود ہین اگر تفصیل سے بیان کرون تو ایک دو بھی کتاب تالیف کرنا پڑے اسقدر واسطے سند کے کافی ہے اور اس بیان سے طریق جہاد موسوی کہ نہایت شدید و سخت تھا معلوم ہو گیا اور جو بعضے جاہل عیسائی کہتے ہین کہ حضرت صلعم کے جہاد اور حضرت موسی وغیرہ کے جہاد سے فرق یہ ہے کہ ان حضرات کو کتاب مقدس مین فرمانا تھا کہ تم کنعانیون کو دعوت ایمان کرو اگر نہ مانین تو مار دو اور مین اشارہ بھی تھا کہ جبراً دیندار بناؤ بلکہ جب کنعانی شریر ہو گئے تو سزا دہی مفسدون کی عدل و انصاف سے ہوئی بخلاف جہاد محمدی کے کہ بجبر و کرہ تھا مین کہتا ہون کہ یہ محض افترا ہے کہین قرآن و حدیث سے ثابت نہین کہ جبراً قہراً مسلمان کرو بلکہ جسطرح حضرت موسی وغیرہ کا جہاد تھا ویسا ہی ہمارے حضرت کا جہاد تھا اور نیز ظاہر ہے کہ حضرت موسی وغیرہ کنعانیون کی طرف مبعوث ہوئے تھے یا نہین اگر مبعوث تھے تو بلاشک اُنپر ایمان کی طرف بلانا فرض تھا پس دعوت کی یا نہین اگر نہین کی تو کنعانی بے قصور مارے گئے اور حضرت موسی گنہگار ہوئے اور اگر دعوت کی اور وہ نہ مانے تو بحکم خدا سزایاب ہوئے اور یہی ہمارا مطلب ہے اور اگر مبعوث نہین ہوئے تھے تو کنعانیون کو حضرت موسی وغیرہ کا حکم بجالانا کیا ضرور تھا پھر اُنکو مجرم و شریر ٹھہرانا بیوقوفی ہے آب طریق ہمارے حضرت محمد مصطفے رحمۃ اللعالمین شفیع المذنبین صلعم کا سنو کہ جب حضرت کا ارادہ جہاد کا ہوتا تو اوّل اپنے یارون سے مشورے فرماتے پھر لشکر کو آراستہ و پیراستہ فرما کر روانہ کرتے اور خود سب کے پیچھے تشریف لیچلتے تاکہ کوئی بھولا بھٹکا یا ماندا تکلیف نہ اُٹھاوے اور حضرت سے آگے نہ جاوین تلوار حمایل کرتے اور نیزہ ہاتھ مین لیتے اور کمان بازو پر لٹکاتے اور کبھی ایک رہ بیٹھتے اور کبھی دوسرے پر رکھتے اور گاہے سپر بھی لیتے تھے اور جاسوس واسطے خبر گیری لشکر عدو کے مقرر کر دیتے اور مقدمات طلایہ مین بس بھیجتے اور پاسبان گرد لشکر متفرق فرما دیتے اور ہمیشہ اپنے لشکر کو دلاسا دیتے رہتے اگر کبھی ایک چادر اُسکے لوگون پر ڈالی تو سب چھپ جاوین اور لشکر کی صفین حضرت صلعم خود بنفس نفیس راست کرتے تھے اور جس وقت لشکر کا مقابلہ عدو سے ہوتا اور نوبت قتال و جدال قریب پہونچتی تو اپنے لشکر کے بہادرون

بیان تغیر طریق جہاد

اور شجاعون کو ایک ایک قطع برابر اپنے ہاتھ سے عین فرماتے اور سب لوگون سے زیادہ خود بہادر تھے تاکہ دشمن سے قریب تر رہتے اور اپنے یارون کو بولبان سکھاتے تھے تاکہ بیچان رہے کبھی ہمت امت اور کبھی یا منصور اور حضرت کو لڑائی مین چلنا پھرنا پسند تھا اور جب نوبت جدال و قتال پہونچ جاتی تو اللہ سے نصرت کی دعا مانگتے اور یارون سے ذکر حق مین مشغول ہوتے تھے اور پکار کر فرماتے تھے کہ عورتون اور بچون کو قتل کرو اور کسی کا ناک اور کان نہ کاٹیو اور جب کسی قوم پر غالب آتے تو وہان تین روز ٹھہرتے اور غنیمت کو جمع کرواتے اور جامہ و رخت مقتولون کا قاتلون کو عنایت فرماتے تھے اور باقیماندہ مین اول پانچوان حصہ حق اللہ نکالتے اور اسکو مصالح اسلام مین صرف کرتے بعد اسکے تھوڑا عورتون اور لڑکون کو اور غلامون کو لطف فرماتے بقیہ لشکریون تقسیم کردیتے سوار کو تین حصے پیادے کو ایک کذا فی الاسفار المعتبرہ یہ تو وہ صورت ہوئی کہ جب حضرت صلعم خود لڑائی مین شریک ہوتے اور جب کبھی آنجناب تشریف لیجاتے اور کسی صحابی کے ساتھ لشکر بمقابلہ عدو اللہ روانہ کرتے تو اُس لشکر کے سردار سے یون نصیحت فرماتے تھے کہ بسم اللہ لڑو خدا کی راہ مین اور مارو جو خدا کو نہ مانے اور لوٹو تو غنیمت مین چوری نہ کریو اور قول و قرار نہ توڑیو اور ناک کان نہ کاٹیو اور عورت اور لڑکے کو نہ مارو اور جب دشمن سے ملاقات ہوجائے تو اُس سے تین باتون کی درخواست کرنا سو انمین سے جس بات کو وہ قبول کرلے اور قتال سے باز رہنا ایک تو یہ کہ اُنسے اسلام کی درخواست کرو اگر وہ مانین تو قبول کرو اور اُنکے قتال سے ہاتھ اُٹھاؤ پھر اُنسے درخواست کرو کہ اپنے وطن کو چھوڑ کر مہاجرین کے مقام مین یعنی مدینے مین آرہین اور خبر کردے کہ اگر وہ یہ کام کرینگے تو اُنکو ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہی یعنے ثواب اور غنیمت اور اُنپر واجب ہوگا جو مہاجرین پر یعنی جہاد سو اگر قبول نہ کرین تو اُنسے کہدینا کہ وہ جنگلی مسلمانون کی طرح ہونگے اُنپر حکم خدا جاری ہوگا جسطرح مومنون پر جاری ہوتا ہی اور غنیمت و صلح کے مال سے کچھ حصہ نہ لینگا مگر اُس صورت مین کہ مسلمانون کے ساتھ ہوکر جہاد کرین اور جو وہ لوگ مسلمان ہونے سے انکار کرین تو اُنسے جزیہ مانگنا اگر مانین تو قبول کرنا اور اُنکے قتال سے باز رہنا اگر وہ جزیہ دینا بھی قبول نہ کرین تو خدا سے مدد مانگ اور اُنکو قتل کرو جب کہ قلعہ والے دشمنون کو محاصرہ کرے اور وہ چاہین کہ تو اُنسے خدا اور رسول کا عہد کرے تو یہ نکرنا بلکہ اپنا قول اور اپنے لشکریون کا قول کرلینا کیونکہ اگر اپنی اور اپنے ساتھیون کی عہد شکنی ہوجائیگی تو خدا اور رسول خدا کی عہد شکنی سے گناہ مین کمتر اور آسان تر ہی اور جو وہ لوگ تجھسے چاہین کہ تو اُنکو خدا کے حکم پر اُتارے تو خدا کے حکم پر نہ اُتارنا لیکن اپنے حکم پر اُتارنا اسواسطے کہ تو اُنکے مقدمہ مین خدا کی صحیح ناصحی جان نہ سکیگا یہ جو لکھا گیا بالکل حدیث مسلم کا ترجمہ ہی کہ بریدہ ابن حصیب سے مروی ہی اس جگہ سے واضح ہوا کہ غرض نہ تھی کہ زبردستی مار مار کر مسلمان ہی کرین کیونکہ اگر یہ ہوتا تو اگر یہود وغیرہ و کفار کو جو بلاد عرب مین بطور رعایا جزیہ قبول کرکر مسلمانون کے زیر رہتے تھے مسلمان کرلیتے اور جو تیان مار مار کر سیدھا کرلیتے اور اوروں سے مقابلہ کرتے حالانکہ ایسا نہوا بلکہ اُن لوگون سے کبھی کسی طرح کا جبر و اکراہ بھی عمل مین نہ آیا تو معلوم ہوا کہ مطلب تھا کہ جو لوگ راہ دین اسلام مین رخنہ اندازی مین اور شوکت اور جمعیت رکھتے ہین اُنسے مقابلہ کرین تاکہ اُنکی شوکت ٹوٹ جائے اور اذیت دینے کی طاقت نہ رہے اور یہ بھی فائدہ نکلے کہ خود گمراہی سے باز رہین اور دین حق پر رجوع کرین اور یہ تو آگے چل کر ظاہر ہوجائیگا کہ صرف چند مقام مین نوبت قتال و جدال پہونچی ہی نہین تو خدا کے فضل سے اور حضرت رحمت للعالمین کی برکت اور معجزات سے ہزارون لاکھون کافر شوق سے اسلام لائے اور اپنے خویش و اقارب و مال و دولت چھوڑ کر حاضر ہوے اور دنیوی بلاؤن مین ایسے پڑے کہ یہان سے باہر گرکر اسلام سے منہ نہ موڑا ہر چند کافرون نے طرح طرح کی طمع دی اور طعنے دیے لیکن صحیحین پر آنکو نہایت

اسلام مین ایسا نظر و عالی حال تھا کہ باوجود بھوکے پیاسے پیٹ پر پتھر باندھے ارادہ خدا مین کافرون سے مقابلہ فرماتے تھے اب بیان جاننا چاہیے کہ جہاد کے چار مرتبے ہین ایک جہاد نفس کہ اسکے چار مرتبے ہین اول جہاد تعلیم دین حق پر دوسرا جہاد عمل اس علم پر تیسرا جہاد دعوت چوتھا جہاد صبر یعنی تکلیفات اور ایذا خلق اٹھانا اور صبر کرنا دوسرا جہاد شیطان اسکے دو مرتبے ہین اول جہاد دفع شبہات و شکوک شیطانیہ پر کہ اسکے ہتھیار یقین کامل ہے دوم جہاد دفع ارادات اور شہوات پر جو شیطان سکھاتا ہے اور سوجھاتا ہے کہ اسکا ہتھیار صبر ہے تیسرا جہاد کفار و منافقین اسکے چار مرتبے ہین اول بدل دوم بزبان سوم بمال چہارم بنفس چوتھا جہاد ظالمان و مبتدعان کہ اسکے تین مرتبے ہین اول ہاتھ سے مٹانا یعنی اگر قدرت رکھتا ہو تو اس ظلم و بدعت کو ہاتھ سے مٹادے دوم زبان سے یعنی اگر قدرت نہین ہے تو زبان سے منع کرے سوم دل سے یعنی اگر زبان سے ممکن نہو تو اس منع ظالم اور اسکے فعل کو کراہت دل سے جانے پس تیرہ مرتبے جہاد کے ہوے سو مجموع ان مراتب مین ہمارے رسول مقبول کو کامل حاصل تھا اور جمیع طرق جہاد مین عادت شریف اکمل عادات تھی اور اوقات و ساعات آپکے ایسے مین مرتب پر حضر تھے کہ ہم بزبان و ہم بجنان و ہم بسیف و سنان چنانکہ ابتداے بعثت سے جن و انس و عرب و عجم چھوٹے بڑے آزاد و بندہ زن و مرد کو دعوت بدین حق فرمائی اور کفر و شرک سے منع کیا اور کس کس طرح کی تکلیفین اپنے وطن مین اٹھائین یہان تک جو زبان سے نکوہش قریش کے ٹھاکرون کی نکلی تو ایسے دشمن جانی بنگئے کہ حضرت کو وطن چھوڑ دینے کا حکم ہوا اور جب مدینہ باسکینہ مین جلوہ فرما ہوے تو انصار نے الفت و محبت کی قریش مکہ تو کیا بھی دشمن ہوے اور اپنے ہم شہریون کو لیکر یورش کی تب بعد از حرمت قتال ذوق قتال ہوا بطور رخصت جب اسپر بھی نہ مانا تو ناچار قتال و جدال فرض کیا گیا کہ اول لشکریان عرب سے مقابلہ پر آکر تعرض حضرت صلعم تشریف لیگئے اور کسی جگہ پہنچا کچھ روانہ فرمایا تو اہل سیر مین مشہور ہے کہ جس لشکر مین خود حضرت گئے وہ غزوہ کہلایا اور جسمین آپکے اصحاب گئے وہ سریہ و بعث نامزد ہوا اور قید عدد معتبر نہین رکھتے مگر یہ امر باعتبار اصطلاح ہو سکتا ہے ورنہ از روے لغت عدد کا بھی اعتبار ہے چنانچہ تا سو مین ہو کر سریہ پانسو تک کہتے ہین اور مجمع احادیث سے پانسو تک بیان کیا ہے [illegible] کہ سریہ فطعہ بیس تک لشکر ہے سو سے پانسو تک اور بیشتر سو ہو تو وہ سو روز کا ہے سو سے کم ہو تو چند روز کا ہے اور اگر زیادہ آٹھ سو ہو جاتو تین ہوتے ہین اور اگر زیادہ چار ہزار پر ہو تو جحفل تعظیم جیش جرار و زخار جعفر کہا جاتا ہے اور جو لشکر عظیم کو بولتے ہین جیش بالفتح یعنی من قدمہ و قلب و میمنہ و میسرہ و ساقہ و کتیبہ لشکر کا جو مجمع ہو اور متشتت ہو تو مین کہتا ہون کہ جیش کا اطلاق اسپر بھی آیا ہے جیش حضرت صلعم شریف لیگئے [illegible] لشکر شریف مین بروایت احمد ابن آمنہ کتاب ہذا مین وارد ہے کہ مین نکلا رسول صلعم کے ساتھ سریہ مین اور سریہ تحقیق شتہ سری سے ہے یعنی نفیس اشیاء سے اہل سریہ خاصہ لشکر ہوتے ہین اور بعض سریہ کا خود سمجھتے ہین یعنی شرف پس سید جمال الدین محدث دہلوی اصحاب مین بیان کرتے ہین کہ مجموع غزوات جسمین حضرت صلعم تشریف لیگئے بعض اہل سیر کے نزدیک اکیس و بقولے چوبیس ہین اور بقول صاحب لب سیرۃ تیس ہین اور صحیح بخاری بروایت زید ابن ارقم انیس ہی معلوم ہوتے ہین اور سرایا و بعوث پچاہ و شش کم و بیش و بقولے چہل و ہفت مگر مولف کہتا ہے کہ باستقرا کتب سیر و احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سرایا و بعوث کا حصر نہین ہے سو مین اس کتاب مین ساٹھ لشکر اور ٹھائیس غزوات انشاء اللہ لکھونگا پس واضح ہو کہ نصف آخر سال اول سال دوم ہجرت مین حضرت رسول صلعم کو خبر ہوئی کہ قریش و قبیلہ بنی حمزہ مقام ابوا مین جمع ہوے ہین اور ارادہ رکھتے ہین کہ مسلمانون کو مزاحمت سعد ابن عبادہ کو مدینہ باسکینہ مین خلیفہ فرمایا اور بذات خاص بجانب رضوان اللہ علیہم اجمعین موضع ابوا مین کہ مدینہ منورہ کے اطراف مین واقع ہی تشریف لے گئے تو مخفی ابن عمر

عمرو ضمیری نے ہیبت و جلالت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشاہدہ کی اور بمقتضائے وقت صلح مناسب ہمچو کرسید عالم کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح فرمائی اور مدینہ مقدسہ مین واپس تشریف لائے اور کچھ نوبت قتال و جدال کی نہین پہونچی اسی غزوہ کو غزوہ ودان بھی کہتے ہین کیونکہ ابواء اور ودان قریب قریب واقع ہین محمد ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ و برکاتہ اس غزوہ کو غزوہ اولی اور بواط کو غزوہ ثانیہ اور عشیرہ کو ثالثہ قرار دیتے ہین اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہی اور علامۃ الوقت مولانا ابی زکریا یحیی ابن ابی بکر ابن محمد الشافعی العامری صاحب بہجۃ المحافل نے اس غزوہ کو سال دوم مین لکھا ہی اور مسند الوقت والزمان حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے گیارھوین مہینے بعد ہجرت کے ماہ صفر مین بیان کیا ہی تو مین کہتا ہون کہ اگر تقرر تاریخ ہجری ماہ ربیع الاول سے شمار ہو تو آخر سال اول ہوتا ہی اور جو تاریخ محرم قرار پائے اول سال دوم ہوتا ہی سو شیخ عبد الحق محقق رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخ ہجرت وقت ہجرت سے کہ ماہ ربیع الاول تھا قرار دی ہی چنانکہ بعضے قائل ہین کہ تعیین تاریخ عہد خلافت حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ مین وقت ہجرت سے قرار پائی ہی اور صاحب بہجۃ المحافل نے ماہ محرم سے تاریخ قرار دی ہی کیونکہ عزم ہجرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم محرم سے تھا اور بعض محققین نے اس قول کو ترجیح دی ہی اور فقیر کاتب اوراق نے بیان غزوات و سرایا مین اکثر اتباع صاحب بہجۃ المحافل کا تعیین تاریخ مین کیا ہی بالجملہ بعد اس واقعے کے ماہ ربیع الاول مین حضرت خاتم النبیین رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ اجمعین کو معلوم ہوا کہ ایک جماعت کفار قریش کے مکے معظمہ سے مسلح ہوکے نکلی ہی اور عکرمہ ابن ابی جہل و ابوسفیان ابن حرب یا کرز ابن جفص انکا سردار ہی حضرت نے یہ خیال فرمایا کہ ایسا نہو مدینے مین غفلت پڑے اور کفار وحشت وقت پاکے اہل اسلام پر دست اندازی کرین یا کسی طرح کا گزند پہونچا دین لہذا عبیدہ ابن الحارث ابن المطلب ابن عبد مناف کو سردار کیا اور ساٹھ یا اسی مہاجرین کے ساتھ کہ انمین کوئی انصار نہ تھا روانہ فرمایا اور ایک نشان سفید بھی طیار فرماکر عنایت کیا چنانچہ کفار مکہ نسار سے زمین حجاز مین مقابلہ ہوا پر نوبت مقابلہ نہین پہونچی مگر سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایک تیر جانب کفار چلایا یا دل تیر ہی کہ اہل اسلام نے القاہم اللہ و کثرہم جانب کفار قریش چلایا الغرض جماعت کفار مکہ بسوار سے ہیبت و جلالت شان اسلام دیکھ کر بھاگے ان غریب مسافرون نے بھی پیچھا نہین کیا اور یہ فائدہ ہوا کہ مستضعفین مکے سے دو شخص ایک مقداد ابن اسود عمر البہرانی اور دوسرے عتبہ ابن غزوان المازنی کہ بہیس تجارت مکے سے نکلے تھے فرصت وقت غنیمت جان کر لشکر اسلام مین بھاگ آئے بعضے کہتے ہین کہ یہ سریہ اسوقت ہوا ہی جب کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ ابوا سے مراجعت فرمائی اور ہنوز مدینہ باسکینہ مین نہ پہونچے تھے اور بعضے کہتے ہین کہ قبل غزوہ ابوا واقع ہوئی بالجملہ عبید ابن حارث ہنوز مدینہ مین نہ آئے تھے کہ دفعۃً یہ خبر آئی کہ ابوسفیان با جماعۃ قریش شام سے پلٹا ہوا مکہ کو جاتا ہی تو مسلمانون نے پہلی انیدائین کا قرون کی یاد کرکے ربیع الاول کے مہینے مین ہوئے تب حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے حمزہ ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو جانب سیف البحر کہ ناحیہ عیص مین واقع ہی سو سوار بناکے روانہ کیا اور تیس نفر مہاجرین انکے ہمراہ کیے اور ایک نشان سفید عنایت فرماکے ابو مرثد غنوی کو عنایت فرمایا ابوجہل کی جماعہ کفار مین تھا اور تین سو سوار اسکے ساتھ تھے ساحل دریا پر ملاقی ہوا اہل اسلام باوصف قلت جمعیت کے مدد الٰہی کے متوقع ہوکے جدال و قتال

پر مستعد ہوئے مجدی بن عمرو جہنی کہ حلیف فریقین تھا اور عرب کے لوگوں نے بیچ میں پڑ کے صلح کرا دی کہ نوبت قتال نہ پہنچی اور عمرو ابن عبد المطلب مدینے کو لوٹ آئے اور کفار قریش جانب مکہ چلے گئے پھر سعد ابن ابی وقاص کو آٹھ یا بیس نفر مہاجروں کے ساتھ دوسرے کاروان قریش پر بھیجا اور علم تعدا و ابن اسود کو دیا اور ارشاد کیا کہ موضع خرار تک جانا سو یہ لوگ گئے تو قافلہ جا چکا تھا پھر آخر ربیع الاول میں غزوۂ ابواط ہوا اور سبب یہ ہوا کہ امیہ ابن خلف جمحی سو نفر قریشی اور دو ہزار پانسو اونٹ لیے جاتا تھا حضرت کو اطلاع ہوئی آپ ابن عفان ابن مظعون کو خلیفہ کیا اور سعد ابن ابی وقاص کو علمدار اور خود جناب پاک دو سو صحابی ہمراہ لے کے موضع ابواط تک کہ ناحیہ رضوی میں تین منزل مدینہ سے واقع ہے تشریف لے گئے پر ملاقات نہ ہوئی بالجملہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ سے بلا جدال و قتال مدینے میں واپس تشریف لائے اور تقریبا ربیع الثانی اور بعض جمادی الاول مدینے میں رہے پھر خبر ہوئی کہ ابوسفیان تیس اونٹ غلہ کے لیے ہوئے مع جماعت کثیرۂ قریش بر سم تجارت جانب شام جاتا ہے تب حضرت نے حمزہ ابن عبد المطلب کو علمدار فرمایا اور ابو سلمہ مخزومی کو خلیفہ کیا اور دو سو صحابی بیس اونٹ ساتھ لیے اور موضع عشیرہ تک کہ معجمہ اور مہملہ و زن پر آیا ہے اور دار العشیرہ بھی اسکو بولتے ہیں اور متعلقات ینبع سے ہے اور اٹھارہ منزل مدینے سے واقع ہے تشریف لے گئے وہاں دریافت ہوا کہ قافلہ کل گیا آنحضرت نے کئی دن وہاں توقف فرمایا اور بنی مدلج اور بنی حمزہ سے معاہدہ فرما کر مدینہ میں تشریف فرما ہوئے **فائدہ** صحیح بخاری میں زید ابن ارقم سے مروی ہے کہ اول غزوۂ عشیرہ واقع ہوا ہے اگرچہ یہ سخن خلاف مشہور ہے لیکن طریق جمع یہ ہے کہ اول غزوہ جس میں زید ابن ارقم آنحضرت کے ساتھ تھے یہی تھا پھر خبر پہونچی کہ کرز ابن جابر فہری نے اونٹ حضرت کے نواحی مدینے سے از راہ بغض و عداوت نکال دیے اگرچہ اسکا ارادہ یہ تھا کہ ساربانوں سے چھین لے مگر اور لوگوں نے ساتھ نہ دیا تب اسنے قسات قلیبہ سے چرنے نہ دیا سو حضرت نے زید ابن حارثہ کو خلیفہ مدینہ فرمایا اور علی مرتضی کو علمدار کیا اور خود موضع سفوان تک کہ ناحیہ بدر میں واقع ہے کچھ لوگ اپنے اصحاب سے ہمراہ لیکر تشریف لے گئے معلوم ہوا کہ کرز ابن جابر فہری بھاگ گیا تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ آئے اگرچہ مال و متاع از قسم شیر وغیرہ وادی میں موجود تھا جو اہل اسلام چاہتے تو سب چھین لیتے مگر مشار غزوہ یہ نہ تھا کہ مال و منال ہاتھ آئے بلکہ شریروں کو سزائے شرارت دینی مقصود تھی جب وہ بھاگ گیا تو آنحضرت نے مال و متاع سے تعرض نہ فرمایا اور چلے آئے اسی غزوہ کو بدر اولی اور صغری کہتے ہیں اور در اصل میں اس شخص کا نام تھا جسنے کنواں کھودا تھا سو اسی کے نام سے یہ موضع مشہور ہو گیا بعد اسکے جمادی الثانی میں عبد اللہ ابن جحش اسدی کہ حضرت کے پھوپھی زاد بھائی تھے بارہ یا آٹھ نفر اصحاب کے ساتھ جسمیں سعد ابن عقبہ ابن ابی وقاص اور عکاسہ ابن محصن اسدی اور عتبہ ابن غزوان اور ابو حذیفہ ابن عتبہ ابن ربیعہ اور عامر ابن ربیعہ و سہیل ابن بیضا اور اقدام عبد اللہ تیمی اور خالد ابن بکیر بھی تھے جانب بطن نخلہ ملقب بامیر المومنین فرما کر روانہ فرمایا اور ایک فرمان عنایت کیا اور تاکید فرمائی کہ اسکو دو دن بعد کھولنا اور عمل کرنا چنانچہ عبد اللہ روانہ ہوئے اور دو دن بعد فرمان کھول کر پڑھا تو اسمیں لکھا تھا کہ بطن نخلہ میں یا بین طائف و مکہ اترنا اور منتظر کاروان ٹھہرجانا اور کسی کو جبرا کراہ اپنے ساتھ نہ لے جانا اس سے صاف ثابت ہوا کہ صرف خبر لانے کو بھیجا تھا نہ کہ لڑنے کو بعض عبد اللہ بطن نخلہ میں پہونچے سعد ابن ابی وقاص و عتبہ ابن غزوان کے پاس ایک اونٹ تھا جسپر دونوں نوبت بنوبت سوار ہوتے تھے وہ گم ہو گیا

سو وہ دونوں عبداللہ سے اجازت لیکر ڈھونڈھنے چلے گئے اور دو فرقہ قافلہ تریش طائف سے مونیہ طائف وغیرہ ایکدار دہوا
اور اُس قافلے مین عمرو ابن الحضرمی اور حکم ابن کیسان اور عثمان ابن عبداللہ ابن مغیرہ اور نوفل ابن عبداللہ مخزومی بھی تھے ان لوگون نے
اہل اسلام کو دیکھ کر جانا کہ بقصد عمرہ یہان ٹھہرے ہین سو اطمینان سے اونٹ اپنے جنگل مین چھوڑے اور کھانا پکانے مین مصروف
ہوئے تب مسلمانون نے قافلہ پر یورش کی اور واقد ابن عبداللہ نے عمرو ابن حضرمی کو تیر سے مارا اور حکم اور عثمان کو قید کر لیا اور
نوفل بھاگ گیا اور سارا مال اُنکے لیا یہ اول قتل اور اول غنیمت اور اول گرفتاری مشرکون کی ہے اور یوم وقعہ تاریخ اول رجب
تھی اور مسلمانون نے سلخ جمادی الثانی سمجھی تھی یعنی یہ معاملہ نادانستگی مین واقع ہوا نہ بقصد جب مدینے مین لوٹ کر آئے تو مشرکون
نے کہے مین مسلمانون کو طعنے دیے کہ محمد نے ماہ حرام بھی حلال کر دیا سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سُنکر عبداللہ پر عتاب
فرمایا اور تقسیم غنیمت مین بھی تامل کیا اور اسیرون کے حق مین کچھ حکم نہ دیا کہ صحابہ پر یہ حرکت پشیمان ہوئی تب یہ آیت کلام مجید مین
نازل ہوا یسألونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر حاصل یہ کہ ان مہینون مین قتل کی برائی شدید گناہ ہے اور جن کافرون
نے مسلمانون سے ان مہینون مین قصور نہ کیا اُنسے لڑنا منع نہین تب عبداللہ اور اُنکے یار خوش ہوئے اور حضرت نے مال غنیمت
تقسیم کیا اور خمس قبول فرمایا اور اہل مکہ نے دونون قیدیون کے واسطے فدیہ بھیجا حضرت نے فرمایا کہ سعد اور عتبہ جب تک نہ آئینگے
فدیہ منظور نہ ہوگا آخر وہ دونون آگئے تب حکم کو دعوت اسلام فرمائی وہ ایمان لایا اور ہر دو بیر معونہ شہید ہوا اور عثمان حالت کفر مین جانب مکہ روانہ ہوا اور
حضرت نے اُسکا فدیہ قبول کر لیا پھر وہ بے ایمان مرا یہ قصہ کتب سیر و تواریخ مین مختلف طور پر بیان ہوا ہے اور قراین سے معلوم
ہوتا ہے کہ سراپا مشتبہ و مشکوک ہے کیونکہ واقدی نے خط کا ذکر نہین کیا اور بعضون نے دیت بقبول کے دلوانا لکھا ہے اور یہی قراین
عدم صحت فقیہ کے بہت ہین از انجملہ ایک یہ کہ قتال کے واسطے جماعت قلیلہ کا روانہ کرنا بین قید کہ کسی کو بجبر ساتھ نہ لے جانا
کہ یہ بات دور اندیشی اور مصلحت کے خلاف ہے دوسرے مقتول کی دیت دلوانا تیسرے قیدیون کا فدیہ لینا چوتھے مال غنیمت کو
قبول نہ کرنا ما دقت نزول آیہ کہ یہ کیونکہ کارروائی عبداللہ کی خلاف تھی تو قیدیون کا فدیہ کیون لیا گیا اور مال غنیمت کیون
رکھا گیا اور اگر موافق تھی تو مقتول کی دیت کیون دلوائی اور خمس سے کیون انکار ہوا بالجملہ تواریخ کی ہر بات قابل اعتماد نہین
فائدہ اس سریہ مین عبداللہ ابن جحش امیر المومنین کہلاتے تھے اور یہ مشہور ہے کہ اول خطاب عمر ابن خطاب نے پایا ہے سو مراد یہ ہے
کہ خلفاء حضرت مین اول انکو خطاب ملا ہے اسی سال کی رجب مین یا بقولے رمضان مین حضرت فاطمہ علیہا السلام کا نکاح حضرت امیر المومنین
علی مرتضی سے ہوا حال مفصل اُنکا اولاد آنحضرت کے بیان مین آویگا بعد اُسکے اسی سال کے نصف شعبان مین بقول صحیح نصف
رجب قبلہ وجہ شدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سہ ماہ بشہر کے گھر کہ منازل بنی سلمہ مین واقع تھا تشریف فرما ہوئے اُسنے آپکے لیے
کھانا پکایا ہنوز بوقت تناول نہ پہونچی تھی کہ نماز ظہر کا وقت آگیا تو آنحضرت بنی سلمہ کے لوگون کی مسجد مین اپنے یارون کے ساتھ
نماز مین مشغول ہوئے ایک رکعت پڑھ چکے تھے دوسری رکعت کے رکوع مین تھے کہ آیت قد نری تقلب وجهك في السماء
فلنولينك قبلة ترضاها نازل ہوئی جہاں شطر المسجد الحرام یعنی ہم دیکھتے ہین پھیر پھیر جانا تیرا منہ آسمان مین سو البتہ پھیر دینگے تجھکو

جس قبلہ کی طرف تو راضی ہو اب پھیر منھ اپنا طرف مسجد حرام کے نازل ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی دم جانب کعبہ پھر گئے اور سب مقتدی بھی پھر پڑے کہ مرد عورتوں کے مقام پر ہوئے اور عورتیں مردوں کی جگہ ہو گئیں اور یقہ نماز ظہر اسی طرف ادا فرمائی اس مسجد کا نام جامع القبلتین ہوا اور اہل قبا کو نماز صبح میں خبر ہوئی وہ بھی جس حال میں تھے جانب کعبہ پھر گئے بعد ازاں حضرت صلعم قبا میں تشریف لے گئے اور دیوار مسجد تعمیر فرمائی اور قبلہ اسکا سمت کعبہ قایم کیا اور دست مبارک سے اسکے بنا ڈالی اسی جگہ سے شافعیہ نکالتے ہیں کہ ایک نماز جہات متعددہ میں بالاجتہاد درست ہے بعد اس واقعے کے بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم لوگ تو زندہ ہیں نمازوں کی قضا جانب کعبہ کر سکتے ہیں جو لوگ مر گئے ہیں انکا کیا حال ہوگا آنحضرت نے ارشاد کیا کہ تمھارے مردے اور زندے اُن نمازوں میں جو جانب بیت المقدس پڑھ چکے ہیں ثواب ہیں وما کان اللہ لیضیع ایمانکم کیونکہ حکم منسوخ اپنے وقت میں حق تھا جس طرح حکم ناسخ اپنے وقت میں حق ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ترتب ثواب ایمان پر ہے کہ صورت عمل میں ظاہر ہوتا ہے نہ صرف صورت عمل پر اور اس وقت حکم استقبال بیت المقدس ہی مقتضائے ایمان تھا اور اب استقبال کعبہ اور بعض کچے مسلمان یہود کے ہمکانے سے کہنے لگے کہ بیت المقدس سب پیغمبروں کا قبلہ تھا اور آنحضرت صلعم نے بھی سولہ برس اسی طرف نماز پڑھی اب کیا ہوا جو اسکو ترک کیا وہ گمراہی تھی اور اللہ صاحب نے پہلے سے اپنے پیغمبر کو کہدیا تھا کہ سیقول السفہاء من الناس ما ولیھم عن قبلتھم التی کانوا علیھا یعنی بیوقوف لوگ کہینگے کاہے پر پھر گئے مسلمان اپنے قبلہ سے جس پر تھے تب یوں جواب دیا کہ للہ المشرق والمغرب یعنی اللہ کا ہے پورب پچھم جس طرح چاہے حکم دے پھر جب لوگوں نے شبہ کیا تو آنحضرت نے یہ جواب دیا کہ فرمایا انما الھدی ما امر اللہ بہ والضلالۃ ما نھی عنہ تو بولے پھر کیوں پھیرے آیا اسمیں نقصان تھا اور دوسرے قبلہ میں نیکی ظاہر ہوئی اگر یہی تھا تو پہلے سے اختیار کیا ہوتا یہ کیا ناعاقبت اندیشی تھی اور اگر یہودیوں کی تعصب سے ترک کیا یا عبث اہل مکہ سے اختیار کیا تو تعصب و جانبداری مقدمات دین میں نہیں چاہیے پس آنحضرت نے فرمایا کہ مجکو ان باتوں سے کوئی امر باعث سروکار دانی کا نہیں ہوا اس واسطے کہ اصل دین ہمارا اتباع حکم حق ہے نہ اتباع استحسان عقلی نہ تعصب غلو محبت قوم بلکہ باعث اسکا حکم الٰہی ہے کہ اول باستقبال بیت المقدس ہوا تھا اور اب باستقبال کعبہ اور ہدایت اسی بات میں ہے جسپر حکم ہوا اور گمراہی اسمیں ہے جسکی نہی ہوئی اور اللہ جل شانہ کسی جہت اور مکان کا محتاج نہیں ہے بلکہ مشرق اور مغرب خدا کی ہے جس طرف چاہے قبلہ کرے اور جس طرف کو چاہے متوجہ کرے مجھے وجہ اسکی پوچھنا سفاہت اور بیخبری ہے یعنی ایسا ہے جس طرح کوئی کسی شخص کے غلام سے پوچھے کہ آقا نے تجھے یہ کام کیا اب اسکو چھوڑ کر دوسرا کام کیوں کرتا ہے اور پوچھنے والا سمجھتا نہیں کہ غلام کے ارادے اور خواہش کو اسمیں دخل نہیں ہے بلکہ ارادہ مالک پر اسکا مدار ہے جس کام پر چاہے مشغول کرے اور اگر تمھارا استفسار اسواسطے ہے کہ تم کو اسرار احکام مختلفہ مالک سے آگاہ کروں سو اول میں خود جمیع اسرار کا واقف نہیں دوسرے تم کو استعداد نہیں کیونکہ فہم اسرار کے لیے اور ہی جوصلہ درکار ہے وہ تم میں مفقود ہے بارے اسقدر بیان کرتا ہوں کہ تمین تمہا محض عبادت کی رہنمائی ہے اور اصل عبادت تمین داخل نہیں اور مالک ملک اس رہنمائی میں اپنے بندوں سے معاملے مختلف رکھتا ہے کسی کو کسی راہ سے نشان دیتا ہے اور کسی کو کسی راہ سے

چنانچہ خود فرماتا ہی یہدی من یشاء الی صراط مستقیم سو یہ نیک راہ مجھکو تبدائی کرو اسطے توجہ بہترین قبلہ کے حکم کیا تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ اللہ صاحب نے دو قوتین انسان کو عنایت فرمائی ہین ایک قوت عقلیہ کہ اُس سے ادراک مجردات پر قدرت حاصل ہوتی ہی اور دوسری قوت خیالیہ کہ اُس عالم اجسام مین درآمد حاصل ہوتی ہی اور جب قوت خیالیہ معین قوت عقلیہ پر ہی تو کام قوت عقلیہ کا قوی تر ہوا جس طرح مہندسی وقت ادراک احکام مقادیر کی جب تک صور و اشکال کو متصور و مشکل نہین کرتا اور جس خیال کو اُسکا مددگار نہین بناتا تب تک احکام اُسکے دریافت نہین کرسکتا اسی طرح جو کوئی شخص کسی امیر یا بادشاہ کی ثنا اور مدح کرنا چاہتا ہی تو اول اُسکے مقابل کھڑا ہوتا ہی تب زبان ثنا و مدح کھولتا ہی اور عبادت کی روح خشوع خضوع ہی اور یہ بدون ترک التفات بجانب ماسوا غیر ممکن الحصول اور بلا سکون و قرار ممنوع الوصول اور ترک التفات و سکون حاصل نہین ہوتا جب تک عابد وقت عبادت ایک طرف مین کو قایم نہ کرے اور اُسکے التزام پر مستعد نہو پھر وہ طرف بھی ایسی ہو کہ اُسکو مخلوقات سے کسی نوع کا علاقہ ظاہری و باطنی نہو والا عوام کے حق مین وہ عبادت متوجہ الیہ نہین مخلوقات سے ہوسکیگی اور ذات پاک باری تعالے پر نہ پڑیگی جسطرح عینک کو چاہیے کہ شیشہ اُسکا صاف و شفاف بے رنگ ہو تاکہ شعاع بصری اُسی سے نفوذ کرے اور مقصود کو دیکھے اور اُسکے رنگ مین محجوب نہو جاے چہ جاے سنگ و شجر و دیگر مخلوقات کہ لطیف کے ادراک مین سد سکندری ہوجاتی ہین لہذا تعین جہت اور مکان امر سماوی غیبی پر موقوف رکھنا چاہیے اپنی عقل سے اُسکی تشخیص و تعین مین دخل نہ دے وقوع و نما سب ہی ورنہ اُسکے عبادت عبد کی حق معبود کا ہی اور کسی کا حق بدون اجازت و حکم اُسی حقدار کے کسی مصرف مین خولہ لطیف ہو یا کثیف صرف کرنا خلاف دیانت ہی بلکہ بنجانب محض اللہ حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام و ابراہیم علی نبینا و علیہ السلام و صلوٰۃ کو [illegible] حیات افضل مکانات بنا بر قبلہ تعین نمائی اسواسطے کہ کعبہ معظمہ سید ترابی انکی تھی اور زمین اسی جگہ سے بڑھی تھی اور جب ظاہر عابد کا مسجد رخ ظاہر سے متوجہ ہوا تو باطن مسجد باطن سے متوجہ ہوگا کیونکہ ظاہر کو باطن سے علاقہ ہی اور عوام ظاہر اور باطن مین مجانست ہی اور جہت جو وہ کونہ ارکان حضرت عیسیٰ و دیگر انبیا و مرسلین کو جو کہ ابین انکے گذری صخرہ بیت المقدس جو کہ اسمین یہ نکتہ تھا کہ صخرہ بعضو بدن انسان کے تشبیہ دیا گیا تھا تاکہ تعین راہ عبادت اُسکے خوف سے عبادت امین ادب و حضور و شوق سے محض بیخبر نہ ہو بدون تعین جہت عبادت ادا نہین کرسکتے تھے کہ انبیا انکے ہاں سبب سے کہ مقتدا تھے کہ ہوتے ہین بھی اسی استقبال سے امور تھے اور یہی ہی کہ اُس مکان کو ایک خصوصیت اور بھی ہی کہ تجلی عرش الٰہی کی ہی ان پر ہوتی اور وہ اہل قبلہ اسی کی گرد ہوگا پس استقبال اُس مکان کا مذکر قیامت بازپرس اعمال غیر کا ہی لہذا حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب اُس حجر پر قبلہ بنایا اور گرد اُسکے مسجد تعمیر کی تو تصور دوزخ و بہشت بھی بنا بر مذکر حول قیامت درست کی ہی اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ ابتدا بعثت سے کمال آدمی اور ابراہیمی سے متکمل ہوئے اور کعبہ کے جوار مین نشو و نما پائی اور تعظیم و تکریم اُس گھر کی صغر سن سے اُنکے ذہن مین جم گئی تھی سو اُسی کے استقبال پر رہے ہوئی کہ افضل و اکمل تھا یہان تک کہ آپ کو شب معراج مین بیت المقدس مین لیگئے اور ارواح طیبہ انبیا سے ملاقات واقع ہوئی تو انوار اور برکات اُنکے نبوت کے بھی نبوت آدم ابراہیمی سے ملحق ہوگئے اور صعود جانب آسمان اُسی مقام سے ہوا جانا چاہیے ضرور پڑا کہ بنا بر تتمیم و تکمیل آثار و برکات اُن پیغمبرون کے بھی بطور شکرانہ معراج استقبال بیت المقدس فرمائین چنانچہ اُس وقت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح نماز مین کھڑے ہوتے کہ استقبال کعبہ و بیت المقدس دونون ہاتھ سے بجا آتے بیہقی نے اپنے سنن مین اور ابو داؤد نے ناسخ و منسوخ مین اور ابی شیبہ نے

اپنی مسند میں ابن عباس رض سے روایت کی ہو کہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الی بیت المقدس و الکعبۃ بین یدیہ بعد ما تحول الی المدینۃ ستۃ عشر شہرا ثم صرف الی الکعبۃ پس استقبال صخرہ بیت المقدس اس وقت مین بنا بر تکمیل کمالات انبیا بنی اسرائیل تھا کہ انوار نبوت انکی شب معراج مین اجمالا ملحق انوار محمدیہ سے ہوگئی تھی اور بھی اس سبب سے کہ معراج اسی مقام سے واقع ہوئی تو اس مقام کو ایک برتری آنحضرت کے حق مین ہوگئی اور بھی استقبال اسکا باعث صدق بعض دو فریقین کہ از جملہ خصائص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انبیا پیشین سے منقول ہوا اور استجماع کمالات جملہ انبیا پر اشارہ کرنا تھا ہوگا کہ آنحضرت ابتدائے بعثت مین خلیفہ حضرت آدم اور حضرت ابراہیم تھے و بعد معراج خلافت انبیا بنی اسرائیل بھی حاصل فرمائی اور جب مدینہ ہجرت فرما ہوتے تو استقبال دونون قبلون کا ممکن تھا کیونکہ دونون جہتین وہان سے متقابل واقع تھین پس آپ نے ایک اجتہاد و تمیز فرمایا کہ مجھکو مکے سے جانب مدینہ ہجرت کا حکم ہوا ہے تو پشت پر بلکہ اور رو برو بیت المقدس ہوگا بہتر و کہ عبادت مین بھی نسبت اسی امر کی کرون لہذا استقبال بیت المقدس کو استقبال کعبے پر ترجیح دیکر روز خروج کہے کہ عند التحقیق اول ربیع الاول تھی یا نصف جمادی الاول سال دوم ہجرت کہ قول پہلے کسر نے زیادہ ہوتے ہین اور بعضے شہر و مہینے بھی کہتے ہین نماز بیت المقدس کی طرف اور فرمائی اور جب کمال محمدی کا عروج اوج کمال کو پہونچا اور کمالات آدمی و ابراہیمی و موسوی و عیسوی بلکہ جمیع انبیا بنی اسرائیل کے کمالات سے جامع ہوئے اور غزوہ بدر کہ مبدا ظہور خلافت کبری تھا واقع ہوئی تب بحکم النہایۃ الرجوع الی البدایۃ پھر جانب کعبہ متوجہ خلافت اور تحویل نہایت کمال پر شعر ہے **فائدہ** اگر کوئی شخص یہ کہے کہ آیہ قد نری تقلب وجہک فی السماء کہ ناسخ استقبال بیت المقدس کا ہے نازل نہین ہوئی اور قبلہ کی تبدیل عمل مین نہین آئی اور نہ سنا کہ موقوف اس حکم پر تھا کہ فلانے مین آیا پھر قبل وقوع واقعہ پیش بندی فرمانا کہ سیقول السفہاء من الناس کیا ضرور تھا جواب اسکا اگر منصف ہو یہ ہے کہ آیت قد نری تقلب وجہک نزول مین مقدم ہے پس باعث تحویل متحقق تھا اگرچہ حکم نہوا ہو اور جب باعث ایک امر کا پایا گیا تو گویا وہ امر متحقق ہوا مدار کار اسکا نظر حکم مین کا وجب ہے اور اگر ترتیب نزول بھی موافق ترتیب قرآن کے ہو تو بھی اس پیش بندی مین کئی فائدے ہین اول یہ کہ اخبار بالغیب اس کلام اعجاز نظام مین واقع ہونہ الاول اعجاز بین معہود کی جاوے دوسرے یہ کہ اس امر کا واقعہ مکرر ہے طبع آدمی پر شاق ہوتا ہے اور اگر آمد اسکی اول سے معلوم ہوجاتی ہے تو نوعے الفت ہوجاتی ہے اور اسکے وقوع مین چنداں بصیرت فکر نہین ہوتی جسطرح کوئی شخص سنت بیمار ہوکر مرجاے اور دوسرا بعد مرگ مفاجات مرے بس تجھ پر شاق ہے کہ اول مین ہاتھ سے نہ جاوے گا جتنا دوسری موت مین ہوگا لہذا اللہ تعالی نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانون کو سابق سے مطلع کردیا کہ سفیہ جو وقت اس حکم کا سوال کرینگے تاکہ وقت وقوع مین ہیجانہوں اور سوال کرنے سے انکا طبیعت پر شاق نہ گذرے تیسرے جو کوئی شخص سابق سے کسی امر پر قدرے وصیا ہوجاتا ہے تو وہ فی الفور دندان شکنی حریف کی کرتا ہے اور تامل اور تفکر کی اسکو حاجت نہین ہوتی اور اگر کوئی شخص کہے کہ اس سوال مین سفاہت اور حمق کی کون بات ہے تو جواب آسکا یہ ہے کہ سفاہت تسکی عقل کا نام ہے سو باوجود اسکے کہ وہ لوگ پیغمبر اور مسلمانون کا حال جانتے تھے کہ بلا حکم الہی انکا حرکت اور سکون واقع نہین ہوتا بہر حیثیت ترک قبلہ منسوخہ اور استقبال قبلہ معمولہ سے سوال کرنا صریح دلیل سفاہت ہے **فائدہ** حقیقت اس تبدیل اور تحویل کی اول یہ ہوئی تھی کہ پیشتر تو ابراہیم علیہ السلام کے قریشی نژاد تھے اور باپ دادون سے تعظیم کعبہ معظمہ کے خوگر ہو رہے تھے

اور اُسی واقعہ معظمہ کو قبلہ حضرت ابراہیم جانتے تھے اور اُسکی عمارت اپنا فخر سمجھتے تھے بلکہ تمام عرب کے لوگ غیر قریش بھی اسی مکان کی تعظیم میں مصروف تھے پس ترک استقبال اُس مکان کا اور استقبال بیت المقدس کا گویا امتحان تھا تا کہ مخلصین متردد سے علیحدہ ہو جائیں ہر چند کہ علم الٰہی ازل میں جمیع وقایع کلیہ اور جزئیہ و ظاہرہ و مخفیہ کا محیط تھا حاجت امتحان نہ تھی لیکن جو غیر خدا مثل ملائکہ و غیرہ کہ کارخانہ عالم انسے متعلق کیا گیا تھا محتاج اسی ظہور اور اتیاز کے تھے تا کہ بسبب مرتبہ ایمان و درجہ امتحان ہر ایک کو سمجھیں اور اُسکے ساتھ معاملہ مناسب حال اُسکے کریں علاوہ اسکے تالیف قلوب یہود یان بھی منظور نظر تھی اور جب بتالبت یہودیوں سے مایوس ہوئے اور استفادہ انبیا بنی اسرائیل کہ مرکوز خاطر تھا کمال کو پہنچا تو آپ نے جانب کعبہ توجہ کیا **فائدہ** اہل کتاب بھی جانتے ہیں کہ درحقیقت قبلہ وہ تھا جسکی طرف نماز میں سجدہ واقع ہوا اور قبلہ استقبال انکا وہی ٹھہر معلق ہوا ہے جو بیت المقدس میں ہے اور حکم ہوا اور آسمان کا رکھتا ہے سو وہ سمت قبلہ واقع نہیں ہو سکتا بخلاف کعبہ کہ اُس سمت پر سجدہ واقع ہو سکتا ہے آسمان قبلہ دعا ہے نہ قبلہ نماز اور جو حکم آسمان میں ہے مثل صخرہ بیت المقدس کے بھی اسیطرح ہو سکتا ہے اور گو کرہ تھا کلان اور عریض ہو لیکن اُسکی نسبت تمام گھر سے دیکھنا چاہیے کہ کس مقدار ہے **فائدہ** اول معلوم ہو چکا ہے کہ استقبال بیت المقدس بعد شب معراج و پیش ہجرت بالاجتہاد آنحضرت قرار پایا تھا اور بعد تتبع کتب در یافت ہوتا ہے کہ ملت آنحضرت ملت ابراہیم تھی اور نسبت آنحضرت اولاً بسوے عرب و ثانیاً بسوے مردم دیگر اور عرب قدیم سے کعبے کی طرف جھکے تھے اور مکہ جسمیں کعبہ واقع ہے مولد و منشا آنحضرت ہے اور آدمی آرزوی جبلت خواہان ہے کہ ہمارے وطن کو ہر طرح کا شرف حاصل ہو سو ان اسباب سے آنحضرت راضی اسی پر تھے کہ قبلہ میرا کعبہ ہو چنانچہ اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ فلنولینک قبلۃ ترضاھا پس ان دونوں امر میں تعارض ظاہر ہے جواب اسکا یہ ہے کہ اس جگہ دو احتمال ہیں اول یہ کہ اجتہاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متغیر ہو گیا ہو بسبب اسکا یہ کہ آنحضرت نے پیشتر اقبال بیت المقدس واسطے تالیف قلوب یہود اور استفادہ کمالات انبیا منظور کیا تھا جب بتالبت سے مایوسی ہوئی اور استفادہ کمال ہو گیا بالضرور وجوہ ترجیح کعبہ بہم پہونچے تو بالطبع بسبب استعداد خواہان استقبال کعبہ ہوئے دوسرا یہ کہ علی الدوام استیصال بیت المقدس میں آنحضرت راضی باستقبال کعبہ ہوں اما بسبب ضرورت تالیف قلوب و استفادہ کمالات انبیا استقبال بیت المقدس اختیار فرمایا ہو تو عجب نہیں اور بعضے محققین نے فرمایا ہے کہ استقبال صخرہ بیت وحی تھا نہ از روی اجتہاد اور قاضی عیاض نے اکثر علما سے نقل کیا ہے کہ از روے سنت تھا نہ از روے قرآن اس قول سے اُس قائل کی دلیل نکلتی ہے جو کہ قائل النسخ سنت کا بالقرآن ہے اور ابو زکریا ابن یحیی شافعی تہذیب المسائل میں فرماتے ہیں کہ توجہ بیت المقدس بالاجتہاد آنحضرت نہ تھا بلکہ بوحی الٰہی تھا اور اس قول پر دو دلیلیں نقل کی ہیں ایک قول الٰہی وما جعلنا القبلۃ التی کنت علیہا الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیہ یعنی اور وہ قبلہ جو ہم نے مقرر کیا جس پر تو تھا نہیں مگر اسواسطے کہ معلوم کریں کون تابع رہیگا رسول کا اور کون پھر جائیگا اوندھے پاؤں دوسرا قول آنحضرت کہ جب آنحضرت جانب بیت المقدس نماز پڑھتے تو جبرئیل علیہ السلام سے فرماتے کہ میرا دل تو یہی چاہتا ہے کہ اللہ پھیر دے قبلہ میرا کعبہ کی طرف اسلیے کہ وہ قبلہ ابراہیم ہے جبرئیل نے کہا میں بندہ خدا ہوں مثل تمہارے اور تمہارا تمام اللہ کے نزدیک بہت ہے سو اللہ سے درخواست کرو پھر حضرت جبرئیل آسمان پر گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جانب آسمان

نظر کرکے منتظر ہوئے اسی بات مین آپ قدر سی تقلب وجہک فی السماء نازل ہوئی اور یہ بھی احتمال ہی کہ اول اجتہاد آنحضرت باسید موافقت یہود واقع ہوا ہو پھر وحی سے اس اجتہاد کی تقریر ہوئی ہو فائدہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحکم الٰہی جانب کعبہ پھرے تو حضرت جبرئیل نے سارے پہاڑ جو کعبہ سے حائل تھے دور کردیے کہ آپ کی نظر کعبہ پر پڑنے لگی اور قبلہ آپکا جانب ودان ہوگیا پھر اسی سال کی شعبان مین جو زے ماہ رمضان کی فرضیت مین یہ آیت سورہ بقر مین نازل ہوئی یا ایہا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون یا ماسعدودات یعنی اے ایمان والو حکم ہوا تم پر روزے کا جیسے حکم تھا تم سے اگلون پر شاید تم پرہیزگار ہوجاؤ یعنی جی روکنے کا سلیقہ پیدا ہوگئے دن مین گنتی کے تفصیل اسکی یہ ہی کہ اے ایمان والو مقتضاے ایمان یہ ہی کہ اپنی نفس کے مارنے مین مستعد ہو اور روح کے زندہ کرنے مین کوشش کرو کیونکہ نفس موذی ہی اور روح بیگناہ اور ظاہر ہی کہ موذی راہ دین کو مارنا اور بیگناہ کی زندگی مین کوشش ضرور نیکی ہی اور حصول اس امر کا یون ممکن ہی کہ اس موذی کو کھانے اور پینے اور جماع کرنے سے از طلوع صبح صادق تا غروب آفتاب بشرطے کہ حیض اور نفاس سے پاک ہو روکو کیونکہ یہ انھین چیزون کا راغب ہی اور رغبت کو شی مرغوب دینا گویا مارنا ہی اور بیشتر زمانہ رغبت سوا اٹھنے کا وقت ہی کہ اس وقت شہوت تر و تازہ اور حواس بیکے ہوتے ہین اور جماع اگرچہ سونے کے وقت ہوتی ہی لیکن اکثر شامل و تدقیق نظر دریافت ہوا ہی کہ بمقتضاے نفس نہین ہوتی بلکہ از روے دفع طبیعت اور شخص بنظر شرع اندا اس وقت تاریک مین کہ شکل دیو و پری مین امتیاز نہین ہوتی منی کو کسی محل مین زوال کرکے حاصل کرتا ہی و لہذا یہ جماع اگر اپنی منکوحہ یا مملوکہ سے واقع ہو تو از قبیل مطہرات ہی جس طرح استبرا اول اور براز سے سو اس سے روح کی صفائی ہوتی ہی نہ فوت نفس اور جو بعضے اقوال الفطرت بنا بر نفس پروری بزور روشنی مشعل و چراغ رات کو دن بنا کر دن کا کام رات مین بہتر کرتے ہین نکایت نیخوابی اور کلال حواس و فتور عقل و محرومی استیفاے لذات و رسے جو کچھ ہوا ہی پر ظاہر ہی لہذا رات کو محل روزہ نہ کیا کیونکہ رات بالطبع وقت سکون و آرام و ہنگام ترک شہوات و مستلذات ہی و لہذا اکثر عقلا رات مین سوا سونے کے اور کوئی شغل نہین کرتے پس اگر اسکو محل روزہ قرار دیتے تو عبارت عبادت سے اور حکم شرع مقتضاے طبع سے متمانز نہوتا بلکہ بطور مخالفت کے واسطے روزون کی رات مین تراویح پڑھنے کا حکم ہوا ہی تاکہ کمال مخالفت مقتضاے طبیعت سے متحقق ہو کیونکہ طبیعت سوزہ دار کی آرام و استراحت چاہتی ہی اور یہان مقتضاے نفس و طبع کا قلع و قمع درپیش ہی اور سب باتین جو امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر روزے مین حرام ہین اسی طرح اگلی امتون پر بھی حرام تھین پس حضرت آدم علیہ السلام سے تا آخر شرایع کہ نصرانیت ہی اسی طرح رہا ہی کہ دن مین کھانا پینا اور صحبت عورت سے کرنا حرام تھا صرف تعداد ایام مین البتہ اختلاف تھا کہ حضرت آدم پر روزے ایام بیض کے ہر مہینے مین فرض تھے اور یہودیون پر صوم عاشورا اور مسیحی کا روزہ ہر ہفتہ مین اور چند روزے اور مگر نصاری پر روزے رمضان کے فرض تھے انھون نے گرمی و سردی کی شدت سے تکلیف پائی تو فصل ربیع مین پچاس دن کے روزے اسکے عوض مین رکھنے لگے اور یہ ظاہر ہی کہ حکیم کا فعل خالی از حکمت نہین ہوتا دیکھو ایام معدودات نے کیسے فایدے بخشے ہین کہ ایک کتاب علیحدہ اگر کوئی عاقل عالم چاہے تو لکھ سکتا ہی اور نمونہ ان فواید کا یہ ہی کہ اگر مدت اس سے کم ہوتی تو کمال یہ نقصان تھا اور کسر قوت شہویہ اور غضبیہ مین تاثیر کامل نہوتی کیونکہ نفس و طبع ایک دو بار کے صدمے کو خیال مین نہین لاتی

اور اگر ماہ کامل سے زیادہ ہوتے تو کسر قوت شہویہ و غضبیہ تو بخوبی ہوتا مگر اعتدال مزاج نہ رہتا اور قوت طاعت اور عبادت درہم برہم ہوجاتی اور عبادات سے بیکار ہوجاتا مثل نماز نوافل اور سفر حج اور جہاد اور طلب علم اور مطالعہ کتب دین اور عبادت مرضی اور متابعت جنائز وغیرہ امور شرعیہ کہ جنمیں قوت بدن کا ہونا لازم ہے اور اس صورت میں تقوی اور صلاح میں نقصان پڑجاتا تھا لہذا ایک ماہ کامل مقرر فرمایا کہ یہ مدت متوسط ہے مابین مدت خفتہ کہ نہایت قلیل ہے اور مدت سال میں کہ بہت طویل ہے اور ادوار حقیقیہ کہ تجددات اوضاع آسمانی پر مترتب ہیں چار ہیں تین دورے ہیں اول دورہ دن و رات کا کہ حرکت فلک اولی سے متعلق ہے دوسرا دورہ ماہ کہ حرکت قمر پر موقوف ہے تیسرا دورہ سال کہ حرکت آفتاب سے وابستہ ہے اگر ان تینوں سے دورہ شب و روز اختیار کرتے تو دخول شب روز میں لازم آتا اور بہت قلیلہ کے کچھ تاثیر بھی نہوتی مگر یہ کہ تکرار کی جاتی اور ایسی تکرار جس سے مابین دو دوروں کے فاصلہ ہوجاتے تو بھی تاثیر متدبہ ہوتی اور اگر فاصلہ نہ رکھا جاوے تو تکرار متصل راجع بدورہ دوم ہوجاتی ہے یا مثل اسکے اور اگر دورہ سوم اختیار فرماتے تو تبدیل فصول وغیرہ موجب اختلال مزجہ ہوجاتا ناچار دورہ دوم اختیار کیا اور اسمیں ایک سر اور بھی ہے کہ نزول قرآن اول لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر واقع ہوا ہے اس مقام پر جسکو بیت العزت کہتے ہیں پس مدت دورہ حرکت اس آسمان کو اس عبادت میں قرار دیا تاکہ نزول قرآن سے بھی مشابہ پیدا ہوجاوے اور رمضان اسی واسطے قرار پایا کہ اسمیں قرآن نازل ہوا ہے فائدہ اس آیہ سے فرضیت صوم کی نکلی اور شبہ صرف فرضیت میں ہے نہ تعداد ایام میں کیونکہ ایام سابقہ پر صیام رمضان فرض نہ تھے بلکہ عاشورہ کا صوم حضرت موسی علیہ السلام پر اور ایام بیض کے آدم پر مگر کیفیت میں بلاشک شبہ ہے اسلیے روزہ مریم سکوت تھا اور دن کا یہ کہ غروب آفتاب سے تا غشا ئل و شرب و جماع دست تھا پھر تا صبح حرام یہ بات ہمارے حضرت کے زمانے تک تھی یہانتک کہ بعض صحابہ نے غلبہ شہوت سے راتوں کو صحبت کی اور صبح کو ندامت اپنی حضرت سے التماس کی تو نازل ہوا احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الخ تم اتموا الصیام الی اللیل اس سے نکلا کہ تمام رات فجر تک صحبت کرنا حلال ہے نیز دوسری نے بحث اشارۃ النص میں لکھا ہے کہ جب جماع فجر تک جائز ہوئی تو اسمیں اشارہ ہوا کہ جنابت منافی صوم نہیں اسکو جو آخر شب کو مرتکب ہوا اور صبح کو جنب اٹھا کیونکہ اسکا غسل دن میں ہوگا اور بعض کہتے ہیں کہ حرملہ ابن قیس غسوی ایک شخص فقیر تھا فردوری سے لڑکے پالتا تھا ایک مرتبہ رات کو مہمان آئے بے کھائے سوگیا دوسرے دن روزہ رکھے حضرت کے پاس آیا آن جناب نے چہرہ متغیر پاکر پوچھا اسنے حال کہا اسکے حق میں کلوا واشربوا الخ نازل ہوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر اللہ نے نازل فرمایا اس آیت سے صوم کی حد واضح ہوئی یعنی بازر ہنا کھانے پینے جماع سے پس کفارہ اکل و شرب سے بھی لازم آتا ہے جسطرح جماع سے نہ جیسا کہ امام شافعی صرف جماع سے کفارہ کا لزوم سمجھے ہیں اور آیت میں اشارہ ہے کہ نیت صوم دن میں چاہیے کیونکہ جب مفطرات فجر تک مباح فرمائیں پھر ثم اتموا الصیام الی اللیل ارشاد کیا اور حرف ثم بتاخیر سے تراخی ہے تو معلوم ہوا کہ لامحالہ عزیمت بعد فجر ہو اسلیے کہ جب تک کچھ بھی دن کا نہو گا رات منقضی نہوگی پھر ہم نے جانبر رکھا ہے اور کہ نیت فجر پر تقدم کرے اور اس آیت سے حرمت صوم وصال کی بھی نکلی چنانچہ کشاف و مدارک میں ہے اور اکلیل میں ہے کہ اللہ صاحب نے منع کیا ہے اکل کو تبین فجر تک اور شک میں تبین نہیں جیسا امام مالک کہتے ہیں اور بعضوں نے استدلال کیا ہے کہ ایک شخص جماع

کرتا تھا یا کھاتا تھا اتنے میں فجر ہوئی اسنے ترک کیا تو روزہ صحیح ہوا بعضوں نے جنکی تبیین الحکم سے دلیل پکڑی ہے کہ فجر سے مراد ہے جو حاکم معلوم ہو نہ یہ کہ نفس الامر میں ہوا ور خیط ابیض سے جو معترض یعنی صبح صادق ہے صبح کاذب فجر مستطیل اور کلوا واشربوا حتی یتبین لکم الفجر تک سے بعضوں نے دلیل پکڑی ہے کہ جس شخص کو فجر میں شک ہو کھانا درست ہے اسکو اور اتموا الصیام الی اللیل سے جسکو غروب میں شک ہو اسکو کھانا درست نہیں یہ تو بعض اشارات مسائلین کے حق میں ہوئے اب جو مہربانی پر نظر ہوئی تو فرمایا کہ فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر علی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین یعنے پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہے یا سفر پر تو گنتی چاہیے اور دونوں سے اور جنکو طاقت ہے تو بدلا چاہیے ایک فقیر کا کھانا اس آیت سے نکلا کہ مریض و مسافر کو افطار کی رخصت ہے مریض وہ کہ جسکو زیادتی مرض کا خوف ہو جسطرح درد چشم و تب و لرزہ اور جس مرض کی زیادتی کا خوف روزہ رکھنے سے نہ ہو یا کھانا مضر ہو جسطرح استسقا تو حکم اسکو افطار جائز نہیں اور امام مالک کے نزدیک رخصت مطلق ہے جو مرض ہو اور مسافر وہ ہے جو تین دن تین رات کا سفر از روے سیر سطر کرے اور سیر سطر خشکی میں اونٹ کے قدموں پر ہم کہ بارہ ہزار قدم کا آدھ کوس یعنی میل ہوتا ہے اور بعضوں نے پینتالیس میل اور بعضوں نے چون اور بعضوں نے ترسٹھ کیے اپنی سفر دریا میں اعتدال ہوا اور بیابان میں یا ثلث روز مشی طرح ہو وہاں دیہی اور جلدی کا اعتبار نہیں ہے جو کسی نے تین رات دن کی مسافت کو ایک رات دن میں طے کیا اسکو بھی افطار کی رخصت ہے اور بالعکس میں رخصت نہیں ہمارے نزدیک ہر مسافت کو رخصت افطار ہے حتی کہ قطاع الطریق و باغی کمانی الاحمدی اور یہ جو الدر صاحب نے علی سفر کہا مسافر نہ فرمایا جسطرح مریضا کہا تھا اسلیے کہ علی بنا بر استعلا ہے وہ شہر ہے اپنے کہ سفر امر اختیاری ہے اور مرض امر اضطراری اسی سبب سے ہے کہ متیمم نے افطار کیا پھر مسافر ہوا تو کفارہ ساقط نہیں ہوتا بخلاف مریض کہ اسنے صحت میں افطار کیا اور اسی دن بیمار ہو کفارہ ساقط ہے اور عدۃ من ایام اخر سے نکلا کہ تمام سال میں اختیار ہے مریض مسافر کو صوم کا سوائے یحیٰ ذرد منوعہ امر رمضان فضلا سب حج جائز ہے اور الذین یطیقونہ کے دو معنی ہیں ایک کہ طاقت ہے مگر مشقت نہیں وہ کھانا ایک فقیر کا دین جیسا اختیار اول اسلام میں تھا دوسرے یہ کہ لا نافی کا محذوف ہے یا ہمزہ بابِ افعال بنا بر سلب سے اس صورت میں شیخ فانی کے حق میں ہے اور امام شافعی کے نزدیک حاملہ اور مرضعہ کے واسطے بھی ہے اور شیخ فانی وہ کہ جسکی طاقت سو برس میں گھٹتی ہو اور فدیہ یہ ہے کہ ہر روزے کے بدلے ایک غریب کو آدھے صاع گیہوں یا آٹا یا ایک صاع خرما خشک یا جو دے الکلیل میں ہے کہ بمجرد مرض کے اگرچہ آسان ہو اور بمجرد سفر کے اگرچہ چھوٹا ہی ہو یا غیر مباح افطار جائز ہے بدلیل کریمہ فمن کان منکم مریضا او علی سفر کے اور فعدۃ من ایام اخر سے بعضوں نے دلیل پکڑی ہے کہ قضا بر فور لازم نہیں بخلاف ادا کے اور جو کوئی سارا رمضان افطار کرے وہ قضا کرے موافق شمار دنوں کے اور اگر رمضان کے تیس دن پورے تھے اور ماہ قضا کم تو نقصان نہیں کر سکتا اور جو رمضان کے انتیس دن تھے اور ماہ قضا کامل ہوا تو پورا دینا قضا لازم نہیں بخلاف اسکے جسنے دونوں صورت میں مخالفت کی ہے اور دلیل پکڑے گئی آیت سے اس بات پر کہ جو روزے رمضان کے بڑے دنوں میں تھے اور قضا چھوٹے دنوں میں کیا تو درست ہے اور طعام مسکین سے معلوم ہوا کہ اس فدیہ کا مصرف گروہ غربا ہے نہ اہل زکوٰۃ اور ابو عبیدہ نے کہا کہ حامل و مرضعہ میں اختلاف ہے بعضوں نے کہا فدیہ ہے قضا نہیں کیونکہ بزرگ شیخ فانی ہیں اور بعضوں نے کہا فقط قضا ہے فدیہ نہیں کیونکہ بیمار دن میں معذور ہیں اور بعضوں نے کہا فدیہ و قضا دونوں ہیں کیونکہ اللہ نے ندر والوں کو وہ حکم فرمائے ایک قضا کا دوسرا فدیہ کا یہ دونوں کسی میں نہیں لہذا احتیاطاً قضا بھی کریں فدیہ بھی

دین اور صحیح قضا ہی نہ فدیہ اور سہ قابل نے آیت مین تاویل کی ہو اور تفسیر احمدی مین ہو کہ آیا ما معدودات اور آیت شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ہدًی للناس و بینات من الہدی والفرقان فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ مین اشارہ ہو کہ روزہ و فطار معتبر ہو چاند دیکھنے سے کیونکہ ہلال شہر کا اختلاف ہو خواہ انتیس دن ہو یا تیس اور اس آیت مین دلیل ہو کہ لیلۃ القدر رمضان مین ہو کیونکہ نزول قرآن یہان رمضان مین ہو چکا گیا اور انا انزلناہ سے لیلۃ القدر مین تو تطبیق ضرور ہو اسطرح کہ قرآن رمضان مین اترا اگر ایک رات معین مین کہ وہ شب قدر ہو پھر اختلاف ہو کہ وہ رات کون ہو ہر ایک اپنے طریق پر دلیل لاتا ہو مگر صحیح ستائیسوین رات ہو اور فمن شہد منکم الشہر کی دو توجیہین ایک یہ کہ جو تم مین سے حاضر ہو اور مقیم غیر مسافر وہ روزہ رکھے اس صورت مین معذور مخصص ہو دوسرے یہ کہ جو بارے تم مین سے اس ماہ کو وہ روزہ رکھے اس صورت مین عام ہو مریض و مسافر کو مگر تخصیص مرئی قول قوی سے ہو کما ان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر کیونکہ اگر تخصیص کی جائے تو احتمال تھا کہ انکے واسطے بھی رخصت نہین ہو فائدہ فضائل صوم احادیث مین اکثر ہین انجملہ صحاح ستہ مین مروایات متعددہ وارد ہو کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہشت کے آٹھ دروازے ہین ان مین ایک کا نام ریان ہو اس سے صرف روزہ دار داخل ہونگے اور خاصیت اسکی یہ ہو کہ جو اس سے در آیا کبھی پیاسا نہوگا از انجملہ یہ کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی تمام رمضان کے روزے رکھے بحکم ایمان و طلب اجر و ثواب تو گناہ گذشتہ اسکے معاف ہوتے ہین اور بھی حدیث شریف مین ہو کہ روزہ دار کو تین بشارتین ہین ایک یہ کہ ایک دعا اسکی وقت افطار خواہ مخواہ قبول ہوتی ہو دوسری یہ کہ خاموشی اسکی بجائے تسبیح ہو تیسری یہ کہ نسائم کو ہر عمل کا ثواب دو چند ملتا ہو چوتھی یہ کہ دعا حالت صوم مین قبول ہو پانچوین یہ کہ گناہ روزہ دار کے معاف ہین رواہ النسائی و البیہقی اور بھی بیہقی نے روایت کی ہو کہ فرمایا حضرت نے کہ روزہ دوزخ کے واسطے سپر ہو اور ابن ماجہ نے مرفوعًا روایت کی ہو کہ روزہ دار کے روبرو جو اور کھاتے ہین تو فرشتے اسپر درود بھیجتے ہین اور سر بند دستخوان اسکا تسبیح کرتا ہی اسی طرح اکثر احادیث فضائل صوم مین وارد ہین فائدہ نزدیک ابن عباس رضی اللہ عنہ کی منسوخات اول حکم استقبال قبلہ بیت المقدس ہو اور صوم عاشورا بعض از مشیخ ابو القاسم ہبۃ اللہ ابن سلامہ رضی اللہ عنہ کتاب ناسخ و منسوخ مین فرماتے ہین کہ اولین نسخ حکم نماز ہو پھر تحویل قبلہ بعد ازان سورہ برات ازان زکوٰۃ تم الاغراض عن المشرکین بعد اسکے حکم جہاد پھر آگاہ کردنیا حضرت کو جہاد کرنے سے پھر حکم قتال باہشرکین پھر حکم قتال باہل کتاب یہان تک کہ خیبر دین بعد اسکے نسخ توریث عاقدین و اخات بعد ازان امتناع بیان حکایات جاہلیہ پھر منع مخالطہ بالکفار یعنی مسلمانون کو منع کیا گیا کہ مخالطہ کفار سے نہ کرین بعد ازان عہد و پیمان جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مہینے تک کا بعد یوم النحر فرمایا تھا شکست ہوا باجملہ نزول منسوخات اکثر مکہ مبارکہ مین واقع ہوا اور نزول ناسخات مدینہ باسکینہ مین و اعلم بعد ازان تحویل رمضان و فرضیت روزہ شعبان سنہ دو ہجری غزوہ بدر کبری واقع ہوا اور سبب وقوع اس واقعہ کا یون واقع ہوا کہ دفعہ اول مدینہ منورہ مین خبر ہوئی تھی کہ ابو سفیان ابن صخر و عمرو عاص و مخرمہ ابن نوفل مع چالیس آدمیون کے بقصد تجارت جانب شام جاتے ہین سو آنحضرت صلعم موضع عشیرہ تک تشریف لے گئے لیکن ان لوگون سے ملاقات نہ ہوئی جبکہ شام سے وہ لوگ پھرے تو حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے اطلاع کی کہ تجارم قریش شام سے آتے ہین خبر سنکر آنجناب نے طلحہ ابن عبید اللہ و سعید ابن زید قریشی عدوی کو بطور جاسوس مقرر کرکے روانہ فرمایا تاکہ قافلے تجار کا حال دریافت کرکے خبر کرین یہ دونون موضع حناء مین

کہ راضی حوراء میں واقع ہے گذشتہ جمعہ کے گھر میں پوشیدہ ہوئے اور خبر ابوسفیان کو بھی پہونچی اُسنے ضمضم ابن عمرو غفاری کو اجرت دیکر
مشرکین مکہ سے کہلا بھیجا کہ محمد صلعم منتظر عود قافلہ بتھے میں مالکان اموال یہاں آئیں اور قافلے کو بچائیں نہیں تو انصار مدینہ لوٹ لینگے ضمضم یہ خبر
موضع خیبر میں آکر گذرگیا اور ملحہ وسعید راتوں رات چل کر مدینے میں داخل ہوئے یہاں حضرت صلعم سے بدر روانگی اور دنوں کی خبر عود قافلہ
تحقق دریافت کر کے مدینے سے تشریف لیجا چکے تھے اور حال یہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ ابن ام مکتوم کو مدینے میں خلیفہ کیا اور
تاریخ دوازدہم یا ہفتم رمضان شریف چاہ بوغبہ پر کہ مدینے سے بفاصلہ ایک میل واقع ہے خیمہ لا اور عبداللہ بن عمرو زید ابن ثابت و براء ابن عازب
وغیرہ صحابوں کو نسبت خورد سالی کے واپس فرمایا اور عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ بعذر بیماری زوجہ اپنی مسماۃ رقیہ بنت رسول اللہ صلعم باذن
آنجناب مدینے میں رہے اور دو مہاجر اور پانچ انصار سوائے اُنکے بھی بعذرات لایقہ نہیں گئے چنانچہ طلحہ ابن عبداللہ و سعید ابن زید بجاسوسی
کے واسطے جانب شام گئے تھے اور عاصم عجلانی کو اہل عالیہ پر خلیفہ فرمایا تھا اور ابو لبابہ کو موضع روحا سے بجائے عبداللہ ابن ام مکتوم خلیفہ مدینہ کر دیا
اور انکو امام مسجد فرمایا اور اس مقام سے حارث ابن حاطب کو عمر ابن عوف کے ہمراہ بھیجا تھا اور عاتب ابن الصمد اور فرات ابن حبیر راہ میں گرفتار ہوئے
اور چوبت بہت لی کہ راہ سے واپس گئے روایت ہے کہ لشکر سید البشر صلعم میں ستر اونٹ یا اسی اور دو یا تین گھوڑے تھے ایک گھوڑا مقداد
ابن عمرو کندی کا بخلاف اور دوسرا ابی مرثد غنوی کا اور سیر بیر کا اور چھ زرہیں اور آٹھ تلواریں تھیں اور دو دو تین تین آدمیوں میں ایک ایک اونٹ
پہنچتا کہ نوبت بنوبت سوار ہوتے تھے اور شریک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی مرتضی شیر خدا رضی اللہ عنہ ہمیشہ ہوتے تھے اور زید ابن حارث
بھی اور جس وقت حضرت صلعم پیادہ ہوتے تو اصحاب رضی اللہ عنہم التماس کرتے کہ یا رسول اللہ آپ سوار ہوں ہم پیادہ چلینگے تب حضرت صلعم فرماتے
کہ تم مجھسے قوی نہیں ہو اور میں تم سے اجر میں بے نیاز نہیں یعنی میں بھی اجر کا خواستگار ہوں جیسا تم اور اس غزوہ میں سیصد تیرہ
آدمی تھے انمیں ستر مہاجرین اور دو سو چھتیس انصار و بروایتے تراسی مہاجر اور باقی انصار انمیں بھی آٹھ نفر حاضر نہ تھے مگلمین تین سو پندرہ
نفر لڑائی میں تھے یہ اول سفر انصار کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور چونکہ عزم جنگ بالجزم نہ تھا اس سبب سے لشکر مین سستی کوشش
نہیں فرمائی اور تعداد لشکر مشرکین ایک روایت میں ایک ہزار کی تھی اور ایک روایت میں نو سو پچاس اور ایک قول سے ہزار سے کم نو سو سے زیادہ
اور اسی خواہ سو گھوڑے تھے اور بڑے بڑے سردار قریش جسطرح ابوسفیان ابن صخر ابن حرب ابوجہل عتبہ و ہمراہ تھے فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ اہل بدر کی تعداد
میں مختلف و بعض کے نزدیک تین سو پندرہ چنانچہ ابی داؤد نے ابن عمر سے روایت کی ہے اور بعض نے تین سو تیرہ اور بعض نے تین سو دس لکھے ہیں اور
بعضوں نے تین سو چودہ لکھے ہیں چنانچہ براء ابن عازب سے صحیح بخاری میں روایت ہے کہ اصحاب بدر موافق اصحاب طالوت تھے تین سو تیرہ
آدمی مہاجرین اور باقی انصار جماعہ انکے قبیلہ اوس ابن خارجہ کے اکسٹھ اور بطون خزرج کے ایک سو ستر اور وہ بھی اصحاب بدر تھے
جنکو حضرت نے حصہ و یا گو لڑائی میں نہ تھے غنیمت چنانچہ استیعاب میں اس قول ثالث کو ترجیح دی ہے اور جعفر بن حسن بن عبدالکریم برزنجی نے
اپنے رسالہ حالیۃ الکرب باصحاب سید العجم والعرب میں تین سو تیرہ لکھے ہیں مگر اسنے بھی صاحب استیعاب کی قول کو ترجیح دی ہے لہذا فقیر
مولف اسماء اہل بدر رضوان اللہ علیہم اجمعین استیعاب سے نقل کرتا ہوں باللہ التوفیق وہو الرفیق سیدنا محمد صلعم و سیدنا عبداللہ بن عثمان ابی بکر
الصدیق القریشی و سیدنا عمر ابن الخطاب العدوی و سیدنا عثمان بن عفان القرشی خلفہ النبی علی ابنتہ رقیہ فضربہ لہ بسہمہ و سیدنا علی ابن ابی طالب الہاشمی

وسیدنا ایاس بن البکیر لیثی وسیدنا بلال بن رباح مولی ابی بکر الصدیق القرشی وسیدنا عمرۃ بن عبد المطلب الہاشمی وسیدنا حاطب بن ابی بلتعہ حلیف بقرشی وسیدنا ابی حذیفہ ابن عتبہ بن ربیعہ القرشی وسیدنا حارثہ بن سراقہ الانصاری قتل یوم بدر وہو حارثہ ابن سراقہ وکان فی النظارۃ وسیدنا خبیب بن عدی الانصاری وسیدنا خنیس بن حذافہ السہمی القرشی وسیدنا رفاعہ بن رافع الانصاری وسیدنا رفاعہ بن المنذر ابی لبابہ الانصاری وسیدنا الزبیر بن العوام القرشی وسیدنا ابو الاعور سعید بن زید بن عمرو بن نفیل القرشی وسیدنا سہل بن حنیف الانصاری وسیدنا زید بن سہل ابو طلحہ الانصاری وسیدنا ابو زید الانصاری وسیدنا سعد بن ابی وقاص مالک الزہری وسیدنا سعد بن خولہ القرشی وسیدنا ظہیر بن رافع الانصاری واخیہ وسیدنا عبد اللہ بن مسعود الہذلی وسیدنا عتبہ بن مسعود الہذلی وسیدنا عبد الرحمن بن عوف الزہری وسیدنا عبیدہ بن الحارث القرشی وسیدنا عبادہ بن الصامت الانصاری وسیدنا عمرو بن عوف حلیف بنی عامر بن لوی وسیدنا عقبہ بن عمرو الانصاری وسیدنا عامر بن ربیعہ العنزی وسیدنا عاصم بن ثابت الانصاری وسیدنا عویم بن ساعدہ الانصاری وسیدنا عتبان بن مالک الانصاری وسیدنا قدامہ بن مظعون القرشی وسیدنا قتادہ بن النعمان الانصاری وسیدنا ماعز بن عمرو بن الجموح الخزرجی وسیدنا مسعود بن عمرو اخو معاذ بن عمرو واخیہما وسیدنا مالک ابن بقیۃ ابی اسید الانصاری وسیدنا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن المطلب بن عبد مناف وسیدنا مالک بن ربیع الانصاری وسیدنا من بن عدی الانصاری وسیدنا مقداد بن عمرو الکندی حلیف بنی زہرہ وسیدنا ہلال بن امیہ الانصاری وسیدنا ابی عمرو بن سعد بن معاذ الاشہلی الانصاری وسیدنا اسید بن حضیر الانصاری الاشہلی وسیدنا اسید بن ثعلبۃ الانصاری وسیدنا انیس بن قتادہ الانصاری وسیدنا اوس بن ثابت النجاری الانصاری وسیدنا اوس بن خولی الانصاری وسیدنا اوس بن الصامت الخزرجی الانصاری وسیدنا سعد ابن زرارہ النجاری الانصاری الخزرجی وسیدنا الاسود بن یزید بن غنم الانصاری وسیدنا ایاس بن بکر فتہ الانصاری من بنی سالم بن عوف الخزرجی وسیدنا الارقم بن ابی الارقم الہاشمی وسیدنا البراء بن عازب الخزرجی الانصاری وسیدنا البشیر بن البراء بن معرور الانصاری الخزرجی وسیدنا البشیر بن سعد الخزرجی الانصاری وسیدنا البشیر بن ابی زید الانصاری وسیدنا بجیر بن ابی بجیر الجہنی النجاری وسیدنا بشیش بن عمرو الخزرجی الانصاری وسیدنا بجاد بن ثعلبۃ الانصاری الخزرجی وسیدنا تمیم بن یعار الانصاری الخزرجی وسیدنا تمیم الانصاری مولی بنی غنم وسیدنا تمیم مولی خراش بن الصمۃ وسیدنا ثابت بن الجذع الانصاری الاشہلی وسیدنا ثابت بن ہزال بن عمرو الانصاری الحبلی وسیدنا ثابت بن عمرو بن زید النجاری الانصاری وسیدنا ثابت بن خالد بن عمرو بن النعمان النجاری الانصاری وسیدنا ثابت بن خنساء النجاری الانصاری وسیدنا ثابت بن اقرم الانصاری حلیف بنی عمرو بن عوف وسیدنا ثابت بن زید الاشہلی الانصاری وسیدنا ثابت بن ثعلبۃ الانصاری الخزرجی وسیدنا ثابت بن عامر الانصاری وسیدنا ثابت بن عبید الانصاری وسیدنا ثابت بن الحارث الانصاری وسیدنا ثعلبۃ بن غنمۃ الانصاری وسیدنا ثعلبۃ بن ساعدۃ الساعدی الانصاری وسیدنا ثعلبۃ بن عمرو النجاری الانصاری وسیدنا ثعلبۃ بن حاطب الانصاری وسیدنا ثقف بن عمرو الکلبی وسیدنا جابر بن خالد بن سعد الانصاری النجاری الاشہلی وسیدنا جابر بن عبد اللہ البجلی الانصاری وسیدنا جابر بن صخر الانصاری وسیدنا جبیر بن ایاس الانصاری الزرقی وسیدنا حارثہ بن النعمان النجاری الانصاری وسیدنا حارثہ بن مالک الانصاری الزرقی وسیدنا حارث بن حاطب الجمحی الانصاری وسیدنا حارث بن حبیل الانصاری الاوسی وسیدنا حارث بن ہشام المخزومی القرشی وسیدنا الحارث بن حاطب النجاری وسیدنا الحارث بن معیص الانصاری وسیدنا الحارث بن اوس الانصاری وسیدنا الحارث بن انس الاشہلی الانصاری وسیدنا الحارث بن النعمان بن عقیسی وسیدنا الحارث بن النعمان بن خنصہ الخزرجی الانصاری وسیدنا حرثہ بن

زید الخزرجی الانصاری وسیدنا الحکم بن عمرو الثمالی وسیدنا حبیب بن الحصین الانصاری وسیدنا الحصین بن الحارث الطلبی وسیدنا حاطب بن عمرو الاوسی وسیدنا
ابراهیم بن لمحان البخاری وسیدنا الحباب بن المنذر الانصاری السلمی وسیدنا خالد بن النکیر وسیدنا خالد بن العاصی قتل یوم بدر وسیدنا خالد بن قیس الانصاری
العجلانی وسیدنا خلاد بن رافع العجلانی الانصاری وسیدنا خلاد بن سعید الانصاری الخزرجی وسیدنا خلاد بن عمرو الانصاری السلمی وسیدنا خزیمة
بن ثابت الانصاری وسیدنا خارجة بن زید الانصاری الخزرجی وسیدنا خارجة بن حمیر الاشجعی وسیدنا خبیب بن الارث الخزاعی وسیدنا خباب مولی عقبة
بن غزوان وسیدنا خریم بن فاتک الاسدی وسیدنا خراش بن الصمة الانصاری السلمی وسیدنا خولی بن خلی العجلی الجعفی وسیدنا خبیب بن اساف الانصاری
وسیدنا خات بن جبیر الانصاری وسیدنا خیثمة بن الحارث الانصاری وسیدنا خلیفة بن عیسی الانصاری وسیدنا خلیدة بن قیس الانصاری وسیدنا
ذکوان بن عبد قیس الانصاری وسیدنا ذی مخبر الحبشی وسیدنا ذی الشما ابن الخزاعی وسیدنا رافع بن مالک الانصاری الخزرجی وسیدنا رافع بن الحارث الانصاری
وسیدنا رافع بن المعلی الانصاری وسیدنا رافع بن عنجدة الانصاری العوفی وسیدنا رافع بن سهل الانصاری وسیدنا رافع بن زید الانصاری وسیدنا رافعة
ابن عمرو الانصاری وسیدنا رفاعة بن رافع الانصاری وسیدنا رفاعة بن الحارث الانصاری وسیدنا رفاعة بن عمرو الجهنی وسیدنا رجیة بن الاکثم الانصاری
وسیدنا ربیع بن ایاس الانصاری وسیدنا جثیلة بن ثعلبة الانصاری البیاضی وسیدنا زید ابن الخطاب العدوی وسیدنا زید بن حارثة الکلبی وسیدنا
زید بن سلم العجلانی الانصاری وسیدنا زید بن الدثنة الانصاری البیاضی وسیدنا زید بن عاصم المازنی الانصاری وسیدنا زیاد بن لبید الانصاری
البیاضی وسیدنا زیاد بن عمرو الانصاری وسیدنا زیاد بن کعب الانصاری وسیدنا زاهر بن حرام الاشجعی وسیدنا طلیب بن عمر القرشی وسیدنا الطفیل
بن الحارث الطلبی اخیه قتل یوم بدر وسیدنا الطفیل بن مالک الانصاری وسیدنا کعب بن عمرو الانصاری السلمی وسیدنا کعب بن زید النجار الانصاری وسیدنا
کعب بن جماز الانصاری وسیدنا کلفة بن زید حصین الانصاری وسیدنا محمد بن سلمة الانصاری وسیدنا معاذ ابن عفراء الانصاری وسیدنا عوف بن العفراء قتل یوم بدر
وسیدنا معاذ بن ماعص الانصاری وسیدنا مالک بن عمیلة العبدری وسیدنا مالک بن قیمة الانصاری وسیدنا مالک بن رافع العجلانی وسیدنا مالک بن عمرو
السلمی وسیدنا مالک بن امیة بن عمرو السلمی وسیدنا مالک بن ابی خولی العجلانی وسیدنا مالک بن نمیلة الانصاری وسیدنا معن بن الحارث الجهنی وسیدنا معن بن
عضاة الانصاری وسیدنا معن بن عامر الانصاری وسیدنا معن بن زید السلمی وسیدنا معبد بن قیس الانصاری وسیدنا المنذر بن عمرو الانصاری الخزرجی
وسیدنا المنذر بن ابی الانصاری وسیدنا المنذر بن قدامة الانصاری وسیدنا منقذ بن الحمراء الانصاری وسیدنا منقذ بن البشیر الانصاری وسیدنا
مصعب بن عمیر القرشی وسیدنا بشر بن عبد المنذر الاوسی وسیدنا نبیل بن بدة الانصاری وسیدنا نعمان بن صاحل مولی عمر بن الخطاب وسیدنا نذیر الاج
بن عمرو السلمی وسیدنا نوفل بن ثعلبة الانصاری وسیدنا النعمان بن عبد النجاری وسیدنا النعمان بن عمرو الانصاری وسیدنا النعمان بن عمرو الانصاری
وسیدنا النعمان بن ابی خزمة الانصاری وسیدنا النعمان بن سنان الانصاری وسیدنا نفر بن الحارث الانصاری الظفری وسیدنا نحات بن ثعلبة الانصاری
وسیدنا النعمان بن عمرو النجاری وسیدنا صیفی بن سنان الرومی وسیدنا صفوان بن امیة بن عمرو السلمی وسیدنا ضمرة بن مالک بن امیة وسیدنا الضحاک بن حارثة الانصاری
وسیدنا الضحاک بن عبد الانصاری النجاری وسیدنا عبد الله بن ثعلبة الانصاری وسیدنا عبد الله بن جبیر الانصاری وسیدنا عبد الله بن الحصین الاشجعی
وسیدنا عبد الله بن واقدة الانصاری وسیدنا عبد الله بن رافع الانصاری وسیدنا عبد الله بن بیع الانصاری وسیدنا عبد الله بن طارق الانصاری
وسیدنا عبد الله بن کعب الانصاری وسیدنا عبد الله بن طغوان الجمحی وسیدنا عبد الله النعمان الانصاری وسیدنا عبد الله بن عبد الله بن سلول الانصاری

۲۱۷ وسیدنا عبد اللہ بن عمرو بن حرام الانصاری ۲۱۸ وسیدنا عبد اللہ بن عامر الانصاری ۲۱۹ وسیدنا عبد اللہ بن عمیر الانصاری ۲۲۰ وسیدنا عبد اللہ بن عبس الخزرجی
۲۲۱ وسیدنا عبد اللہ بن عبدۃ الانصاری ۲۲۲ وسیدنا عبد اللہ بن سلمۃ العجلانی ۲۲۳ وسیدنا عبد الرحمن ابن کعب المازنی ۲۲۴ وسیدنا عبد الرحمن بن جبیر الانصاری ۲۲۵ وسیدنا
عبد الرحمن بن عبد اللہ الانصاری ۲۲۶ وسیدنا عبد الرحمن بن سہل الانصاری ۲۲۷ وسیدنا عبید ابن اوس ۲۲۸ وسیدنا عبید بن زید الانصاری ۲۲۹ وسیدنا عبد ربہ
بن قیس الانصاری ۲۳۰ وسیدنا عبید بلیل بن نائب الہنی ۲۳۱ وسیدنا عباد بن عبید التیمان ۲۳۲ وسیدنا عباد بن قیس الانصاری ۲۳۳ وسیدنا عمیر بن حرام الانصاری
۲۳۴ وسیدنا عمرو بن قیس الانصاری ۲۳۵ وسیدنا عمرو بن ثعلبۃ الانصاری ۲۳۶ وسیدنا سفیان بن بشر الانصاری ۲۳۷ وسیدنا سالم بن عمیر الانصاری ۲۳۸ وسیدنا سنان بن
سنان الاسدی ۲۳۹ وسیدنا سماک بن خرشۃ الانصاری ۲۴۰ وسیدنا سہل بن عتیک الانصاری ۲۴۱ وسیدنا سہیل بن رافع الانصاری ۲۴۲ وسیدنا السائب بن مطعون الجمحی
۲۴۳ وسیدنا ابی بن کعب الانصاری النجاری ۲۴۴ وسیدنا ابی بن معاذ النجاری ۲۴۵ وسیدنا اسیر بن عمرو الانصاری النجاری ۲۴۶ وسیدنا عبد اللہ بن عامر الانصاری ۲۴۷ وسیدنا
عمائر بن عطیۃ الانصاری ۲۴۸ وسیدنا عباس بن عامر الانصاری ۲۴۹ وسیدنا عکاشہ بن محصن الاسدی ۲۵۰ وسیدنا عتیک بن التیہان الانصاری ۲۵۱ وسیدنا عقبۃ الہلالی ۲۵۲ وسیدنا
عاقل بن البکیر ۲۵۳ وسیدنا فروۃ بن عمرو الانصاری ۲۵۴ وسیدنا غنام بن اوس الانصاری ۲۵۵ وسیدنا الفاکہ بن بشر الانصاری ۲۵۶ وسیدنا قیس بن مخلد الانصاری
۲۵۷ وسیدنا قیس بن محصن الانصاری ۲۵۸ وسیدنا قیس بن صعصعۃ الانصاری ۲۵۹ وسیدنا قطبۃ بن عامر الانصاری ۲۶۰ وسیدنا سعد بن خیثمۃ الانصاری ۲۶۱ وسیدنا سعد
بن الربیع الانصاری ۲۶۲ وسیدنا بن سعد عبادۃ الانصاری الساعدی ۲۶۳ وسیدنا سعد بن عثمان الانصاری الزرقی ۲۶۴ وسیدنا سعد بن زید الانصاری الاشہلی
۲۶۵ وسیدنا سفیان بن بشر الانصاری ۲۶۶ وسیدنا سالم بن عمیر العوفی ۲۶۷ وسیدنا سلیم بن عمرو الانصاری ۲۶۸ وسیدنا سلیم بن الحارث الانصاری ۲۶۹ وسیدنا سلیم بن قیس
بن فہد الانصاری ۲۷۰ وسیدنا سلیم بن ملحان الانصاری ۲۷۱ وسیدنا سلمۃ بن سلامۃ الانصاری الاشہلی ۲۷۲ وسیدنا سلمۃ بن ثابت الانصاری الاشہلی ۲۷۳ وسیدنا سہیل بن
عمرو الانصاری ۲۷۴ وسیدنا سہیل بن سفیان القرشی الفہری ۲۷۵ وسیدنا سعید بن مخشی الطائی ۲۷۶ وسیدنا سلیط بن عمرو العامر القرشی ۲۷۷ وسیدنا سلیط بن قیس الانصاری
النجاری ۲۷۸ وسیدنا سراقۃ بن کعب الانصاری النجاری ۲۷۹ وسیدنا سراقۃ بن عمرو الانصاری النجاری ۲۸۰ وسیدنا سبیع بن حاطب الانصاری ۲۸۱ وسیدنا سواد بن غزیہ
عثمان النخزومی ۲۸۲ وسیدنا سعید بن سہیل الانصاری الاشہلی ۲۸۳ وسیدنا شماس بن عثمان المخزومی ۲۸۴ وسیدنا شجاع بن ابی وہب الاسدی حلیف عبد شمس ۲۸۵ وسیدنا
ہانی بن نیار الانصاری ۲۸۶ وسیدنا ہلال بن المعلی الانصاری ۲۸۷ وسیدنا ہلال بن خولی الانصاری ۲۸۸ وسیدنا ہمام بن الحارث ۲۸۹ وسیدنا وہب بن ابی سرح الفہری
القرشی ۲۹۰ وسیدنا وداعۃ بن عمرو الانصاری ۲۹۱ وسیدنا یزید بن الحرث الانصاری ۲۹۲ وسیدنا یزید بن ثابت الانصاری ۲۹۳ وسیدنا ابو ایوب الانصاری ۲۹۴ وسیدنا
ابی الحمراء مولی آل عفراء ۲۹۵ وسیدنا ابی خالد الحارث بن قیس الانصاری ۲۹۶ وسیدنا ابی خزیمۃ بن اوس الانصاری ۲۹۷ وسیدنا سلیم ابی کبشۃ مولی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ۲۹۸ وستی وسیدنا ابو لبیل الضبی ۲۹۹ وسیدنا ابی المنذر یزید بن عامر الانصاری ۳۰۰ وسیدنا ابی علۃ الانصاری ۳۰۱ وسیدنا ابو عبیدہ بن الجراح القہری القرشی ۳۰۲
سیدنا ابی عبد الرحمن یزید بن ثعلبۃ الانصاری ۳۰۳ وسیدنا ابو عیش الحارثی الانصاری ۳۰۴ وسیدنا یزید بن الاخنس السلمی ۳۰۵ وسیدنا ابی سہیل الساعدی و
۳۰۶ سیدنا ابی سلمۃ الانصاری ۳۰۷ وسیدنا ابی الدرعور بن الحارث الانصاری النجاری ۳۰۸ وسیدنا سعد بن سہیل الانصاری ۳۰۹ وسیدنا سعد بن خولۃ بن المہاجر
الاولین ۳۱۰ وسیدنا سعد بن خولی حلیف حاطب ابن بلتعۃ ۳۱۱ وسیدنا سالم مولی ابی حذیفہ ۳۱۲ وسیدنا سلمۃ بن حاطب الانصاری ۳۱۳ وسیدنا ابی ثمیر الغنوی ۳۱۴ وسیدنا
ابی مسعود الانصاری ۳۱۵ وسیدنا ابی فضالۃ الانصاری ۳۱۶ وسیدنا عامر بن یاسر المہاجر ۳۱۷ وسیدنا طلحۃ بن عبید اللہ القرشی ۳۱۸ وسیدنا سماک بن سعید الحزرجی
رضی اللہ عنہم اجمعین فضائل انکے حد شمار سے افزون ہیں کسی قدر تقریر بھی بیان کریگا اور خواص انکے اسمار کے یہ ہیں کہ کمابیش جالیس نے

اپنی سیرت مین اور زرقانی نے مشایخ حدیث سے نقل کیا ہو کہ دعا جو اہل سمارا ہل بدر سے متوسل ہوتی ہو اور کہا شیخ عبداللطیف نے رسالہ مین کہ اکثر اولیا دین کو ولایت انکے نامون کی برکت سے حاصل ہوئی ہو اور بالشبہ بہت مرضیون کو خدا تعالی برکت اسمارا ہل بدر سے شفا بخشی ہو اور عفا علیہم الرحمہ فرماتے ہین کہ جب ہم بیمار کے سرہانے کھڑے ہوکر اسمارا ہل بدر بنیت خالص پڑھے تو خدا نے اسکو صحیح کردیا اور اگر عاقبت محمود ہوتی اجل اسکی تو تخفیف ہوجاتی تھی اور فرمایا ہو ہم نے تجربہ کیا انکے نامون کا امور مہمہ مین بکثرت برکات اور نہین دیکھی کوئی دعا سریع القبول اس سے زیادہ اور جعفر ابن عبداللہ کہتے ہین کہ وصیت کی میرے والد نے مجکو بحسب اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور توسل کرنے کے ساتھ اہل بدر کے تمام مہمات مین یا د کیا ہو کہ امر مطلب انکے ذکر کرنے کے وقت دعا قبول ہوتی ہو اور مغفرت و رحمت و برکت و رضوان شہدا کو احاطہ کرلیتا ہو وقت دعا کرنے کے بوسیلہ نامون کے اور جسنے پڑھا ان اسمارا کو ہر روز اور سوال کیا اللہ تعالی سے بوسیلہ انکے فی الفور اللہ نے حاجت روا فرمائی ہو لیکن لائق ہو ہر مسلمان کے کہ ہر روز پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسالک بسیدنا محمد المہاجری صلی اللہ علیہ وسلم وبسیدنا عبداللہ ابن عثمان ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ علی ہذا النمط آخر تک بہ بیت صحیحہ ثابت ہوا ابوجہل خبیث و سبعہ کافر اس لڑائی مین قتل اور البدار ہوئے اور تیرہ آدمی گرفتار اور ابولہب غیر حاضر تھا سات مین اس مرض عدسہ مین مبتلا ہوکر مکے مین مرگیا اور محققین اہل سیر کے نزدیک چودہ آدمی اصحاب بدر سے شہید ہوئے آٹھ انصار اور چھ مہاجرین رضی اللہ عنہم اجمعین اور روایات مین تیرہ لکھے ہین انمین سے پانچ مہاجرین مین بالقصہ منزل رجعا مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بشیر ابن عمرو فرمایا نے رحمتی ابن ابی الزغبا جہنی کو جاسوسی مقرر کرکے بھیجا کہ وہ بدر مین جاکر خبر تحقیق لائے اور مخرمہ ابن عمرو غفاری نے تمام اتہی کہ مین پیام ابوسفیان کا پہونچا دونگا اپنے کہنے سے پھر کر ذکر کرنے لگا کہ اے قریش تمہارا مال ابوسفیان لیے آتا ہی سو محمد مزاحم ہوئے اسکو بچاؤ قریش تیار ہوگئے اور بعضے لوگ نہ گئے سو گئے گرنی عدی نے تخلف کیا اور ابولہب عاصی ابن ہشام ابن عدی خواہ ہشام ابن المغیرہ کو یا جرت پانی جگہ طائف کے اور امیہ ابن خلف نے بوجہ قول اول انکار کیا مگر ابوجہل نے بجبر اسکو ساتھ لیا فائدہ امیہ ابن خلف نا خلف کا سبب انکار یہ تھا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ جو بہت خیر خواہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مین آئے چونکہ آپ سے دوستی تھی اسکے گھر مہمان ہوئے ایک دن اسی کے ساتھ طواف مین مصروف تھے کہ ابوجہل آیا اسنے پکار کے امیہ سے کہا کہ تم کیون انسے دوستی کرتے ہو انھون نے تو دین بدلنے والون کو اپنے گھر ٹھہرایا ہو حضرت سعد نے جھڑک کر کہا اگر تم ہمارا آنا یہان کا بند کروگے تو ہم تم کو روکینگے ایسے مقام سے کہ تم کو مشکل پڑیگا یعنی شام سے امیہ نے کہا کہ ابوجہل سردار قوم ہی اسکے ساتھ نہ جاؤ حضرت سعد نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ سے سنا ہی کہ ابوجہل تیرا قاتل ہی اسنے باعث قتل ہوجانے ابوجہل کے ترغیب و تحریص قتال نفیر بدر مین شروع کی مقولہ حضرت سعد کا اسکو یاد آیا اور خوف ہوا لہذا عذر کیا یہانتک کہ ابوجہل اسکے پاس سردان سے گیا اور کہا تم مرد نہین ہو عورتون کی طرح گھر کے گھر مین بیٹھو اور بہت طعنے دیے اور ساتھ لیا مگر ہر فرد اسکا ارادہ رہتا تھا کہ ملیہ جاؤن بلکہ رقت روانگی اسکے جو رونے مقولہ سعد کا یاد دلایا اسنے کہا تھا کہ مین دو تین دن مین پھر آؤنگا اتفاق نہوا اور ارشاد حضرت نبی صادق آیا تھا ابوجہل میرے سامان سے جانب بدر چلا اور ابوسفیان نے باجانب ساحل نکل راہ پھیر لی ساحل قریب مکہ منظم پہنچ کر سردران قریش کو اطلاع دی کہ قافلہ محفوظ رہا اب تم لوگ پھر جاؤ ابوجہل نے کہا ہم ہرگز نہ پھرینگے اور تین دن بدر مین قیام کرینگے اونٹون کے کباب کھائینگے اور شراب پیئنگے اور عیش کرینگے تاکہ شوکت ہماری قبائل عرب

ظاہر ہو جس پر شریق سردار بنی زہرہ نے اپنے گروہ سے کہا تم پھر جاؤ یہ بدخو ناحق لڑائی مول لیتا ہے سو بنی زہرہ اسی مقام سے پھر آئے یہ خبر ابوسفیان کو ہوئی اُسنے افسوس کرکے کہا ابوجہل اپنے جہل سے قریش کو تباہ کیا چاہتا ہے اس گفتگو سے مرضی ابوسفیان کی تھی مگر جب ابوجہل سے ملا تو چار ناچار بسبب نسبت قلبیہ سبب ابوجہل بدر میں آیا اور معرکہ بدر سے مجروح ہوکے بھاگا اور وقت فرار کہتا تھا کہ ایسا مقام مخوف میں نے نہیں دیکھا ہے خدا کی قسم ابوجہل مردِ نابکار کے اسی اثنا میں بوادی صفرا خراد روحا حضرت جبرئیل امین سے خبر دی کہ قریش تیرے ساز سامان سے چڑھے آتے ہیں حضرت نے اصحاب سے مشورا کیا اور فرمایا اللہ نے دو گروہ کا مجھسے وعدہ کیا ہے یا کاروان قریش یا قریش یاروں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے قتال کا ذکر نہ کیا کہ ہم سامان بیت کرتے فرمایا قافلہ تجار نکل گیا یا ابوجہل آیا ہے عرض کیا کہ قتال کو چھوڑ کے جانب کاروان متوجہ ہوں ان بات پر حضرت ناراض ہوئے تب حضرت شیخین رضی اللہ عنہما نے آہستہ سب القلس کہ آنجناب بہت خوش ہوئے اور دعا فرمائی اور مقداد بن عمرو الاسود نے کہا یا رسول التقلید جو کچھ اللہ صاحب نے فرمایا ہر اسکو بجا لایئے ہم آپ کے ہمراہ ہیں ہمارا مقولہ یہ نہیں ہے جو بنی اسرائیل کا حضرت موسیٰ سے تھا اذہب انت وربک فقاتلا انا ہہنا قاعدون یعنی جاکے تو اور تیرا رب لڑے ہم تو یہیں بیٹھے ہیں بلکہ ہم یہ عرض کرتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں آگے چیچے دائیں بائیں ہر طرف سے لڑینگے اور جبتک آپ ہمیں لجا نہ لیجائینگے لجا جائینگے اگرچہ برکِ العماد تک ہو چونکہ انصار نے وقت بیعت عقبہ یہ عہد کیا تھا کہ جو کوئی آپ پر مدینہ میں چڑھ آوے گا اُس سے لڑینگے یہ نہیں کہا تھا کہ ہم آپ کے ساتھ نکل کے لڑینگے آپ نے ایسی تقریر کی جس سے انصار سمجھے کہ آپ کو موافق اس معاہدے کے یہ خیال ہے کہ شاید ہم باہر نہ نکلے آپ کے شریک نہونگے انھوں نے عرض کیا کہ ہر چند ہمارا معاہدہ مرافقت کا بوقت چڑھ آنے دشمن کے مدینے پر تھا لیکن جب ہم آپ پر ایمان لائے اور آپ کو نبی برحق جانتے ہیں اب ہماری جان آپ کی جان پر فدا ہے آپ کہیں ہوں اگر آپ ہمیں سمندر میں گھسنے کا حکم دیں تو گھس جائیں اور کسی طرح دشمن سے لڑائی میں ہمیں عذر نہیں ہے اور وقت جنگ انشاء اللہ تعالیٰ آپ ہماری جانثاری سے راضی ہونگے اس گفتگو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہایت راضی ہوئے اور فرمایا چلو خوش ہوکر بخدائے قہار میں انکے قتل و مقتل کو اسطرح دیکھتا ہوں گویا میں نظر ہے بعض کے نزدیک یہ التماس سعد بن عبادہ کا ہے مگر انکو اہل سیر اور ابن عقبہ نے بدریوں میں شمار نہیں کیا اور واقدی اور مدائنی اور کلبی نے اہل بدر میں لکھا ہے و ہوالصحیح مسلم نے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہل بدر کے حال میں بیان کیا کہ جناب باری نے ہمیں جائے قتل ایک ایک کا فرق جو بدر میں مارے گئے ایک ایک دن پہلے دکھا دی تھی اور فرمایا تھا کہ کل اس جگہ فلان قتل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ اور اس جگہ فلان قتل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ پھر حضرت عمر نے کہا کہ قسم اُس ذات کی جس نے جناب رسول خدا کو دین حق کے ساتھ بھیجا کسی نے ان میں سے اُس جگہ سے تجاوز نہ کیا جہاں رسول اللہ صلعم نے اُسکا مقتل بتایا تھا انتہی القصہ جب حضرت نے یوں فرمایا تو اصحاب کو قوت ہوئی اور ہمراہ رکاب بدر چلے اور ادھر حضرت نے اپنا لشکر عدوہ دنیا پر اُتارا اور مشرکین نے عدوہ قصوی پر کما اللہ تعالیٰ سورہ انفال میں فرماتے ہیں اذ انتم بالعدوۃ الدنیا وہم بالعدوۃ القصوی والرکب اسفل منکم یعنی جس وقت تم تھے درے کے ناکے اور وہ تھے پرلے کے ناکے اور قافلہ اتر گیا نیچے تم سے اور حال یہ تھا کہ مابین دونوں کے خبگل حائل تھا ایک کو دوسرے کی خبر نہ تھی اول حضرت مع ایک صحابی کے سوار ہوئے اور خبگل میں پھرنے لگے

ایک شخص بدر کا ملا اُس سے پوچھا محمد اور قریش کی کچھ خبر ہے اُسنے کہا یہ بات مین اُسے دم بتلا دونگا جب تم کہو کہ ہم فلان مقام کے ہین حضرت نے فرمایا جب تک تو نہ کہیگا ہم نہ کہینگے اُسنے کہا سنا ہے کہ محمد مع اصحاب فلان غزوہ سے نکلے ہین اگر یہ خبر سچ ہے تو آج فلان مقام پر ہونگے یعنی عدد وہ دنیا پر دریہ بھی سنا ہے کہ قریش فلان غزوہ سے نکلے ہین اگر یہ بات سچ ہے تو فلان مقام پر ہونگے یعنی جہان لشکر کفار تھا اب تم کہو کہان سے آئے ہو حضرت نے فرمایا نحن من الماء اُسنے جانا کہ یہ اہل عراق سے ہین کیونکہ عرف عرب مین عراق کو اہل الماء بولتے ہین بسبب کثرت پانی کے اور حضرت نے تو یہ لطیف فرمایا تھا یعنی ہین مخلوق نطفی سے ہون اور وہ پانی ہے بعد اُسکے آن جناب منزل پر تشریف فرما ہوے جب رات ہوئی تو حضرت علی مرتضی اور زبیر بن العوام اور سعد بن ابی وقاص کو روانہ کیا کہ تم خبر لاؤ وہ گئے تو قریش کے پنہاروں سے ملے وہ بھاگے حضرت اُنہم غلام بنی الحجاج کا اور عریض غلام بنی العاص سعید بن سعد کا ہاتھ لگا دونون کو پکڑ لائے اُس وقت آن جناب نماز مین تھے اصحاب نے پوچھا تم کون ہو کہا ہم پنہارے ہین یارون نے جھوٹ جان کر انکو ڈرایا اور مارا تب کہا ہم ابوسفیان کے غلام ہین جب حضرت نماز سے فارغ ہوئے آپ نے فرمایا تم نے سچ کو جھوٹ جانا اور جھوٹ کو سچ واللہ یہ دونون غلام قریش ہین پھر جناب رسول خدا نے اُنسے پوچھا قریش کہان ہین کہا عدوہ قصوی پر پوچھا کتنے رہین کہا نہین معلوم فرمایا کتنے اونٹ نحر ہوتے ہین کہا ایک دن نو دوسرے دن دس فرمایا نہار سے کم نو سے زیادہ ہین پھر پوچھا اشراف قریش کون کون ہین غلامون نے کہا عتبہ اور شیبہ پسران ربیعہ ابوالبختری حکیم بن حزام حارث بن عامر طعیمہ بن عدی نضر بن حارث زمعہ بن الاسود ابن المطلب ابوجہل امیہ بن خلف بنیہ اور سہیل پسران حجاج سہیل بن عمر عمر بن عبدود یہ سنکے حضرت نے فرمایا کہ مکے نے اپنے جگر گوشے نکالے ہین الغرض قریش کا حال اسطرح معلوم ہوا اور بھاگے ہوئے لوگون سے ایک شخص عجز نامے نے لشکر اسلام کی خبر قریش کو پہنچائی تھی کہ قریش مین اضطراب تھا پھر عجیب اتفاق ہوا کہ رات مین بعض مسلمانون کو احتلام ہو گیا اور موقع ایسا تھا کہ لشکر اسلام پانی سے دور اور کفار نزدیک غسل و وضو کی مشکل پڑی اور زمین ریتی کہ پیر دھنسے صبح کو رائی کرتا تھا مسلمانون کو تردد ہوا فکر مین پڑے کہ یہ تو آثار شکست ہین اس حالت مین شیطان وسوسے ڈالنے لگا کہ عبث طلب رسی ہوا تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی اُسوقت پانی برسا زمین جم گئی پیر دھرنے لگے غسل کرکے چاق ہوئے پھر اونگھ آئی سوگئے جاگے تو سوے جاتے رہے اور کافرون پر یہ مشکل پڑی کہ جہان تھے وہان زمین تھی سخت پانی برسنے سے کیچ ہو گئی کفار چلنے پھرنے سے معذور ہوئے خدا کی مار بھی ہے اسی معجزے کا اشارہ سورۂ انفال مین ہے ینزل علیکم من السماء ماء لیطہرکم بہ صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رائی کی علیاری کی اور سعد بن معاذ نے عریش بنانے کی تجویز کی اور جناب ابن التیہان نے کنوین کھودنے کی تدبیر کی چنانچہ ایک عریش مثل عریش موسی بنا لیا اور کنوان بھی کھودا گیا عریش کہتے ہین اُس گھر کو جو باغ مین لکڑی اور پتون سے بنایا جاتا ہے کہ اُسکے سایہ مین رام لیتے ہین کذا فی المدارج الغرض لشکر کفار غازیان اسلام پر چڑھ آیا اور پھیپھر چھاڑ نکالی کہ ایک جانب پانی پینے کے بہانے حوض پر آئے اہل اسلام نے روکا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بیا سے ہین پانی پینے دو مگر اسود بن عبدالاسد مخزومی قسم کھائی تھی کہ واللہ حوض سے پانی بھی پیونگا اور خراب بھی کرونگا لہذا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے اول سمجھا یا کہ ایسا قصد نہ کر اگر پیاسا ہے تو پانی پی لے وہ مرد سخت کلامی سے پیش آیا ناچار حضرت امیر حمزہ نے راہ مین ٹھنڈا کر دیا یعنی ایک تلوار ایسی ماری کہ اُسکے پیر کٹ گئے اور گر پڑا تب سینے اور پہلو سے بار الفاے قسم جانب حوض حضرت چلا امیر حمزہ نے سر ایک اُسکا کاٹ لیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

عریش میں داخل ہوئے اور درگہ نماز ادا فرماکے کمال الحاح اور زاری سے دعا کی صحیح مسلم میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سجدہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب الٰہی میں التماس کیا الٰہی یاد کر جو تو نے وعدہ کیا ہے الٰہی کہاں ہے وہ فتح جسکا تو نے مجھسے وعدہ کیا ہے الٰہی اگر تو نے اس جماعۂ اسلامیہ کو مار ڈالا تو زمین میں تیری عبادت نہوگی یعنی پر روئے زمین میں ہم ہی لوگ تیری عبادت کرنے والے ہیں اگر تیری مشیت مقتضی ان بات کو ہوگی کہ مشرک غالب آدیں اور ہم لوگ فنا ہوجاویں تو پرستش تیری بالکل موقوف ہوجائیگی اور اس حالت میں چادر دوش مبارک سے گر پڑی صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت صدیق اکبر نے چادر دوش مبارک پر ڈالی اور بازوے شریف بغل میں لے کر التماس کیا کہ یارسول اللہ بس کیجیے اللہ جل جلالہ نے آپ سے وعدہ کیا ہے فتح کا تو بیشک فتح دیگا تب آپ اٹھ کھڑے ہوئے اور زرہ پہنے ہوئے عریش سے باہر آئے اور یہ آیت پڑھی سیہزم الجمع ویولون الدبر بل الساعۃ موعدہم والساعۃ ادہی وامر یعنی اب شکست کھائیگا میل اور بھاگینگے پشت دیکر بلکہ وہ گھڑی ہے انکے وعدہ کا وقت اور وہ گھڑی بڑی آفت ہے اور بہت کڑوی چنانچہ مطابق اس پیشین گوئی کے ظاہر ہوا یعنی اس آیت میں اللہ تعالے نے خبر دی کہ مشرکین کہ کو جناب رسول مقبول کے مقابلہ میں شکست فاش ہوگی اور بھاگ جائینگے سو مطابق اسکے بزور بدر واقع ہوا مسلمانوں کی جماعت قلیلہ سے لشکر کفار قریش کو شکست فاش ہوئی حالانکہ لشکر اسلام میں تین سو تیرہ آدمی تھے اور لشکر کفار تین سو سے اور برے ساز و سامان سے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بے سامانی لشکر سے یہ بھی دعا فرمائی تھی کہ الٰہی یہ ننگے ہیں انکو سپرا دے الٰہی یہ بھوکے ہیں انھیں کھانا دے الٰہی یہ پیادے ہیں انھیں سواری دے راوی حدیث کہتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بعد فتح بدر کے ایسا نہ تھا جسکے پاس سواری اور کپڑا اور نقد و غیرہ نہو اس حدیث کو ابوداؤد نے عبداللہ بن عمر سے روایت کی ہے اور باب معجزات فصل دوم مشکوۃ شریف میں موجود ہے کہا شان معبود ہے کہ بعد فتح جب اصحاب رسول مقبول بدر سے پھرے تو کوئی ایسا نہ تھا جسکے پاس ایک اونٹ یا دو اونٹ نہوں اور سب نے کپڑے پائے اور سب کا پیٹ بھرا اس غزوہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا کہ قریب ہزار آدمی کے لشکر کفار ہے باسازو سامان اور اہل اسلام ہمگی تین سو تیرہ بے سامان تب اضطراب سے دعا کی اللہ نے قبول کی اور فتح نصیب کی فائدہ اگر کوئی کہے کہ جب خدا تعالی نے فتح کا وعدہ کیا تھا تو اضطراب کا مقام کیا تھا جواب اول یہ ہے کہ حضرت صلعم بے نیازی اور بے پروائی کی شان سے دور ہے وہ مالک ہے جو چاہے کرے دوسرے اسکا ہاتھ کون پکڑنے والا ہے اور بندگی اسی کا نام ہے کہ اپنے مالک سے بندہ ہمیشہ ڈرتا رہے کبھی نڈر نہو دوسرے یہ کہ رعایت ادب مقام ربوبیت کا ہے کہ باوجود وثوق بصدق وعدہ خدا یہ اعتقاد رکھے کہ خدا پر کوئی حق واجب نہیں ہے اور اگر کوئی کہے کہ جب یہ ہوا تو خلف وعدہ لازم آجائے تو جواب یہ ہے کہ وعدہ کی اجابت کا وقت معین نہ تھا کہ اسمیں صعوبت امکان ہو کاہلی ہو اور اگر فرض کریں کہ وقت معین بھی ہو اور اجابت موعود اس وقت میں واقع نہو تو بھی صدق وعدہ میں شک و تردد نہیں ہوتا کیونکہ جایز ہے کہ وقوع وعدہ معلق باسباب مشروط ہو اور اسکا علم خدا کو ہو اور بندہ کو اطلاع نہ دی ہو اور واجب نہیں ہے کہ جو قیود و شروط علم الٰہی میں ہوں انسے بندہ کو مطلع کرے اکثر اوقات سر کہتا ہے انکا مقصود ہوتا ہے تاکہ سطوت ہیبت بندہ پر ظاہر رہے اسی جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبروں اور بشروں کو خوف بسبب خوف حکم الٰہی ہے نہ بسبب عدم وثوق بوعدہ چنانچہ حضرت ابراہیم نے وقت ارشاد قوم فرمایا ولا اخاف ما تشرکون الا ان یشاء ربی شیئا وسع ربی کل شیء علما خلاصہ یہ کہ حضرت کو یہ تین حاصل تھا کہ وعدہ حق جو نصرت رسل اور غلبہ وعدہ کا ہے مضبوط ہے اور یہ تینوں صرف بنظر وسعت

علم الٰہی اور بہ مشیت فرمایا اور اگر کوئی کہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت صلعم کو امر کیا اور بار رکھا الحاح سے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یقین ابوبکر کا رفع تھا حالانکہ ایسا نہیں ہے تو جواب یہ ہے کہ اسوقت آنجناب صلعم مقام خوف میں تھے اور صدیق اکبر مقام رجا میں تو اسکے حضرت صلعم کے واسطے تقویت اور قوت اصحاب کے یہ الحاح فرمایا تاکہ اپنی بے سامانی سے نہ ڈریں اسلیے کہ اصحاب جانتے تھے کہ دعا حضرت کی مقبول ہے پھر جب ابوبکر نے عرض کیا جو کچھ عرض کیا آنحضرت باز رہے اور جانا کہ دعا مستجاب ہوئی کہ ابوبکر نے اپنے دل میں قوت و طمانیت پائی و لمذا بعد اسکے فرمایا سینہرم الجمع الخ اور یہ جو حضرت نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ ہلاک ہوئے تو عبادت تیری نہ ہوگی سو یہ مطلب ہے کہ حضرت نے جانا کہ میں خاتم الانبیا ہوں اور میرے بعد نبی نہ ہوگا جو لوگوں کو ہدایت کرے اور شرک سے باز رکھے پھر اگر میں اور میرے ساتھی مسلمان ہلاک ہو گئے تو پھر کون صورت ہے خالص عبادت ہونے کی باوجود جب کفار مجاہدہ جنگ سے باز نہ آئے تو حضرت صلعم نے بھی لشکر اسلام کی صف آراستہ فرمائی اور ارشاد کیا کہ تم حملہ نہ کرنا جب تک میں اذن نہ دوں اور اگر کافر لوگ تیر برسائیں تیر باران کریں تو لیکن بہت تیر بھی خرچ نہ کرنا اور اس حال میں لشکر اسلام میں علمدار دو تھے کھڑا تھا علمدار مہاجرین مصعب ابن عمیر تھے اور حباب ابن المنذر علمدار خزرج اور سعد ابن معاذ علمدار اوس اور راس مخ رو میں شعار مہاجرین یا بنی عبدالرحمن تھا اور شعار اوس یا بنی عبداللہ اور شعار خزرج یا بنی عبیداللہ اور بعض روایت میں ہے کہ جملہ مہاجرین و انصار کا شعار یہ صورت تھا اور جانب کفار مجارب بھی تین علمدار تھے ایک طلحہ ابن طلحہ دوسرا ابوعزیز ابن عمیر تیسرا نضر ابن حارث اور اس حالت میں حضرت صدیق اکبر آنحضرت کے پاس تھے مع یک جماعہ انصار کے تاکہ امداد کا شرط میں رکھیں و فاضل دل لشکر کفار سے عتبہ و شیبہ پسران ربیعہ و ولید ابن عتبہ نکلے اور مبارز طلب کیے لشکر اسلام سے اول غوث و معاذ پسران حارث و عبداللہ ابن رواحہ برآمد ہونے کا رد ہوئے نے پوچھا تم کون لوگ ہو بولے ہم انصار ہیں کہنے لگے ہم کو تم سے کچھ کام نہیں ہم اپنے ہی عام کو چاہتے ہیں تب علی مرتضی و حمزہ و عبیدہ ابن حارث میدان میں آئے اور مقابلہ ہوا تو حسب روایت سیر اہل شہر حضرت علی نے ولید کو قتل کیا اور حمزہ نے شیبہ کو اور عبیدہ سے عتبہ کہ اسی برس کا تھا مقابل ہوا اور محاربت واقع ہوئی کہ حضرت حمزہ و علی مرتضی نے باعانت عبیدہ اسکو بھی قتل کیا اور عبیدہ کو زخمی لوٹا لائے اسکے ساق میں زخم تھا کہ وقت بازگشت موضع صفراء اور یا روحا میں شہید ہوئے اور رہین مدفون مگر اہل حضرت کے نزدیک قاتل شیبہ علی مرتضی ہیں اور قاتل عتبہ اسیر حمزہ اور قاتل ولید عبیدہ فاحدہ عتبہ و شیبہ نے اس سبب سے سبقت کی کہ یہ دونوں اول لشکر کے ساتھ جانے سے جی چراتے تھے اور وجہ یہ تھی کہ خاندان میں غلام نصرانی انکا جو وقت معاودت از طائف باغ عنب میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر اسلام لایا تھا مانع تھا اور کہتا تھا کہ یہ سب لوگ رسوا جائینگے ابوجہل نے انکو تہمت نامردی کی لگائی اور طعنے دیے ہر دونوں نے پیش قدمی کی الغرض جب یہ واقعہ ہوا تو بقیہ کے قریش اقارب نے ابوجہل سے کہا کہ تو نے یہ فساد برپا کرایا ہم تو جیتے جاتے ہیں لیکن ابوجہل نے کچھ نہ سنی بات تو سب نے انکو روکا کہ ابوجہل سے بھی ابوجہل بن گئے اور زرہ آہن طلبیدہ کی جسم میں تیغ و تبر اثر نہ کرتا تھا عادت کی تاکہ جو کوئی لڑنے کو جائے اسی کو پہن جائے چنانچہ تین منکروں نے پہنی کہ دو شخص علی مرتضی کے ہاتھ سے مارے گئے اور ایک اسیر حمزہ کے ہاتھ سے دخل نار ہوا پھر اس زرہ کو کسی نے نہ پہنا پھر بعد ایک خطہ کے ابوجہل و عتبہ و ولید یکلا عبدالرحمن ابن عوف فرماتے ہیں کہ میں اس غزوے میں تھا اور معاذ و معوذ دونوں جوان میرے ساتھ تھے ایک نے پوچھا کہ تو ابوجہل کو پہچانتا ہے میں نے کہا ہاں تجھے اس سے کیا کام ہے بولا میں اسکو دشمن نبوں جانتا ہوں اور میں نے یہ عہد کیا ہے کہ جہاں اسکو دیکھوں قتل کروں اس بات سے میرے دل کو قوت ہوئی تھوڑے عرصہ کے بعد ابوجہل مع جوانان جنگی نمودار ہوا

تب دونون مین نے بہادرون سے کہا یا ابوجہل ہی وہ دونون دیکھتے ہوے لشکر قریش مین سے اور قریب ابوجہل کے پہنچے کہ اول معاذ نے ایک تلوار اسکے ساق پر ماری کہ جدا ہوگئی اور عکرمہ بن ابی جہل نے ایک تلوار معاذ کے ماری کہ ہاتھ انکا شانے سے جدا ہوگیا اور پہلو پر آگرا اور وہ لڑتے رہے پھر معوذ نے ابوجہل ملعون کو گرا دیا رمق باقی رہی اور یہ دونوان حضرت صلعم کی حضور مین حاضر ہوئے اور خبر قتل ابوجہل کی پہونچائی حضرت نے پوچھا کس نے اسکو مارا سو ایک ایسی بات کا مدعی ہوا کہ مین نے مارا ہی آنجناب نے تلوارین ملاحظہ فرمائین اور کہا دونون نے مارا ہی اور سلب معاذ کو ہی یعنی پارچہ وغیرہ ابوجہل کا حق معاذ ہی کہ من قتل قتیلا فلہ سلبہ کذا فی المدارج اور صحیح یہ ہی کہ معوذ شریک قتل نہ تھا دونون معاذ تھے ایک معاذ عمرو بن الجموح اور دوسرے معاذ بن حارث غفراء کی بیٹے اور معوذ بھی اسی غفراء کا بیٹا اور معاذ بن حارث کا بھائی ہی مگر شریک قتل نہین مشکوۃ شریف مین صحیحین سے حدیث متفق علیہ یون ہی والراجح انہما معاذ بن عمرو بن الجموح ومعاذ بن عفراء اور مرقات شرح مشکوۃ مین یون ہی وہما اخوان الی معاذ احد والبوہما مختلف اور آخر مشکوۃ مین بھی ملا علی قاری نے اصحاب بدر کے شمار مین لکھا ہی کہ شریک قتل ابوجہل ایک تو معاذ بن عمرو ہی دوسرا معاذ بن حارث بھائی حقیقی معوذ بن عفراء کا سلب یعنی مقتولین کپڑے ہتھیار وغیرہ کو جو قتول کے پاس ہوا امام شافعی کے نزدیک سلب کا مستحق ہمیشہ قاتل ہی ہوتا ہی اور غنیمت کے ساتھ ملا کے اسکی تقسیم نہین ہوتی اور امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک جب امام ترائی مین کہدے کہ جو جسکو مارے سلب اسکا پاوے تب سلب قاتل ہی کا ہوتا ہی ورنہ مثل غنیمت تقسیم ہوجاتا ہی اور جنگ بدر مین آپ نے یہ بات فرمائی تھی اور اکثر لڑائیون مین فرمادیتے تھے قاضی عیاض نے لکھا ہی کہ زخم معاذ پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ٹھوکا لاکر ہاتھ انکا شانہ سے چسپیدہ ہوگیا اور وہ تا زمانہ حضرت عثمان زندہ رہے روایت ہی کہ معوذ برادر معاذ بن عفراء ہی لڑائی مین شہید ہوے ہین بالجملہ بعد قتل ہونے ابوجہل کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجمع غزاۃ مین تشریف لائے اور لڑائی کی تحریص فرمانے لگے اور ایک مشت خاک در کنکریون کی لے کے کافرون کی طرف پھینک ماری اور فرمایا شاہت الوجوہ یعنی بُرے ہوئے یہ منہ وہ خاک در کنکریان کافرون کے چہرون پر جا لگین اور فوقہ تیزی نگاہ کند ہوگئی اور تھوڑی دیر نگذری تھی کہ وہ بھاگے اسی معجزہ کا حال قولہ تعالی مین یون ہی وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی یعنی نہین پھینک مارا تونے جس وقت کہ پھینک مارا لیکن اللہ نے پھینک مارا یعنی تاثیر قوی کہ ایک مشت خاک در کنکریون نے لشکر جرار کا منہ پھیر دیا طاقت بشری سے باہر ہی لہذا یہ تیر تمہاری قوت بشری سے نہین ہوئی بلکہ قدرت الہی سے ہوئی کہ اسنے تمہارے ہاتھ پر ظہور کیا صاحب مواہب کے نزدیک نزول اس آیت کا جنگ بدر مین ہوا ہی اگرچہ بروز حنین بھی یہ معجزہ ہوا ہر روایت ہی کہ جب حضرت صلعم نے حملہ کرنے کا حکم دیا تو اول عمر بن بجام تلوار لے کے فوج کفار مین در آئے اور کئی کافرون کو مار کے شہید ہوئے اور ابن اسحق نے روایت کی ہی عکاسہ بن محصن اسدی کی تلوار اس لڑائی مین ٹوٹ گئی تو حضرت نے ایک لکڑی دست مبارک سے دے کے فرمایا کہ اس سے کافرون کو مار وہ جو بدست عکاسہ مین تلوار سخت پشت سفید آہن کی ہوگئی اسی سے عکاسہ لڑتے رہے یہان تک کہ فتح اسلام ہوئی اور اس تلوار کا نام عون ہوا اور تا شہادت انکے ہاتھ مین تھی احادیث سے واضح ہی کہ بعد فتح حضرت صلعم نے فرمایا کون ہی جو ابوجہل کی خبر لائے عبداللہ بن مسعود گئے دیکھا کہ میدان مین وہ لعین پڑا ہی اور ایک سخت جوان آہنین بانکی ہی حضرت ابن مسعود اسکے سینے پر چڑھ بیٹھے اسنے انکو دیکھ کر کہا کہ اے بکری چرانے والے بہت اونچی جگہ تو بیٹھا ہی پھر اسنے کہا میرا حال

جو ہوا سو ہوا مگر یہ کہو کہ فتح کسکی ہوئی حضرت ابن مسعود نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے اپنے رسول کو فتح دی اور کفار کو شکست ہوئی اور ذلیل و خوار ہوئے بعد اسکے سر کاٹنے کا ارادہ کیا اس لعین نے کہا میرا سر کندھوں کی اتصال سے کاٹیو تاکہ اونچا نظر آوے لوگ جانین کہ سردار کا سر ہے پھر ابن مسعود نے سر اس لعین کا کاٹا اور حضور اقدس میں لائے حضرت خوش ہوئے اور فرمایا الحمد اللہ الذی اخزاک اعدا اللہ یا یہ فرمایا الحمد اللہ الذی نصر عبدہ اغر دینہ پھر سجدہ شکر ادا کیا اور فرمایا یات فرعون ہذہ الامۃ فائدہ جسطرح نبی اس امت کے بلند رتبہ تھے بہ نسبت حضرت موسی علیہ السلام فرعون آپ کی امت کا بھی بلند رتبہ تھا بہ نسبت فرعون حضرت موسی کے کیونکہ اس فرعون نے مرتے وقت کلمہ اسلام و ایمان کہا گو قبول نہوا اور اس امت کے فرعون نے مرتے وقت بھی کلمات کفر اور تکبر کے کہے اس مقام سے بعض فقہا نکالتے ہین کہ دفع بلا اور حصول نعمت جدیدہ پر سجدہ شکر کرنا مستحب ہے مگر علما کو یہ اختلاف ہے کہ سجدہ خارج صلوۃ و ورائے سجدہ تلاوت مشروع ہے یا نہین جمہور حنفیہ قائل بعدم جواز ہین اور کہتے ہین کہ اس حدیث سے سجدہ نماز مراد ہے اور ایک روایت ہے کہ حضرت نے دو رکعت نماز پڑھی اسمین سجدہ ہوا تھا اور امام شافعی اور امام احمد اور جماعتین بہ سنت ہین اسواسطے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب باصفا سجدات شکر ادا فرمائے ہین اور تفصیل اسکی شرح سفر السعادت مین ملاحظہ کی جاے فائدہ اس لڑائی مین ابوجہل مردود اصل الاصول تھا اسی نے گردن تکبر و ناز کی تھی حالانکہ ابتداے آثار ہزیمت قریش از روے خواب و غیرہ معلوم ہو چکے تھے چنانچہ قبل آمد ضمضم غفاری مسماۃ عاتکہ بنت عبد المطلب نے خواب دیکھا کہ شتر سوار آیا اور موضع ابطح مین کھڑے ہو کر کہنے لگا کہ اپنے مقتل پر جلد آؤ جب یہ خبر ابوجہل کو پہونچی تو اسنے عباس بن عبد المطلب سے کہا اے ابو الفضل یہ عورت بھی تمہارے گھر مین پیغمبر ہوئی تین روز اور صبر کرتا ہون اگر کچھ اثر خواب ظاہر نہوا تو اہل بنی قبایل عرب مین لکھونگا کہ بنی ہاشم نرے جھوٹے ہین ابن ضمضم سے روایت ہے کہ مین بے وقت جدا ہونے کے قافلے سے خواب دیکھا کہ ایک اونٹ پر سوار ہوا ہون اور جنگل خون سے بھرا ہے جب بیدار ہوا تو مین نے تعبیر کی کہ قریش پر مصیبت عظیمہ آنے والی ہے ایسے ایسے واقعات سے اکثر مرد قریشی جی چراتے تھے مگر ابوجہل نے زبردستی اپنے ساتھ بمقابلہ رسول مختار لے گیا از مارا گیا اور انکو بھی دریاے قلیب مین ڈلوایا اور یہ بھی اتفاق ہوا کہ جب قریش منزل جحفہ مین اترے تو جہم بن الصلت بن مخرمہ بن المطلب بن عبد مناف نے خواب دیکھا کہ ایک مرد گھوڑے پر سوار آتا ہے ایک اونٹ بھی اسکے ساتھ ہے اور وہ کہتا ہے عتبہ اور شیبہ اور ابو الحکم بن ہشام اور امیہ بن خلف اور فلان فلان آدمی مارے گئے پھر ایک چھری اسنے گردن شتر پر مار کے چھوڑا کوئی خیمہ قریش کا نہ بچا کہ اسمین خون کے چھینٹے نہ پڑے ہون یہ واقعہ بھی ابوجہل نے سنا کہا یہ دوسرا نہ پیغمبر بنی مطلب مین پیدا ہوا اب دیکھتا ہون کون مقتول ہوتا ہے کذا فی المدارج فائدہ شاید ابوجہل بن ہشام ملعون کو ایک واقعہ سے قریش کے فتح پانیکا ظن غالب تھا اسی سبب سے اس طرح کی نخوت و اسکبر تھی واقعہ یہ ہے کہ جب قریش جمع ہو کر لڑائی کو نکلے تو ایک آدمی بدر عاملا اور کہنے لگا کہ مین بھی اہل اسلام کا دشمن ہون تمہاری رفاقت کرونگا اور جنگ کا خوب مشہر ہون تم ضرور غالب ہوگے جب لڑائی ہونے لگی تو ابوجہل کا ہاتھ چھوڑ کر بھاگا اسکو نہ اول کسی نے دیکھا تھا نہ پیچھے دیکھا وہ تھا شیطان مردود کہ حضرت جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام کو مسلمانون کی جانب دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوا اسی کا اشارہ اللہ صاحب سورۂ انفال مین فرماتے ہین واذ زین لہم الشیطان اعمالہم وقال لا غالب لکم الیوم من الناس وانی جار لکم فلما تراءت الفئتان

تمکص علی عقبیہ وقال انی بری منکم انی اری مالا ترون انی اخاف اللہ واللہ شدید العقاب یعنی اور جس وقت سنوارنے لگا شیطان انکی نظر مین آنکے کام اور بولا کوئی غالب نہو گا تم پر آج کے دن اور مین تمہارا پھر جب سامنے ہوئین دونون فوجین الٹا پھر اپنی ایڑیون پر اور کہا مین تمہارے ساتھ نہین مین دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے مین ڈرتا ہون اللہ کو اور اللہ کا عذاب سخت ہی الغرض ابوجہل کی موت آئی تھی ان باعث سے جو کوئی کچھ اسکے معاملے مین کہتا تھا اسکو جواب کبر اور نخوت سے دیتا تھا چنانچہ قریش نے ایک لشکری کو خبر لینے کو لشکر اسلام مین بھیجا تھا اسنے خوب دریافت کرکے کہا کہ آدمی تو تین سو کم وبیش ہونگے لیکن رائی بہتر نہین ہی تمہاری نہ ہیت ہوگی حکیم بن حزام نے سنکر عتبہ سے کہا پٹ جاؤ اسنے قبول کیا جب ابوجہل سے کہا تو اسنے کہا اسع بجز کہ یہ کیا ہی بزدلی سے اور نامردی سے عتبہ نے کہا قریب تر معلوم ہوتا ہی کہ برباد کون ہوتا ہی خلاصہ یہ کہ ابوجہل ملعون فرعون سے بھی زیادہ منکر تھا کہ اسنے بسبب تکبر کسی کا کہنا نہ مانا آخر کار آپ مارا گیا اور لوگون کو اپنے ساتھ لے گیا اور ستر برادرون کو گرفتار کرا گیا القصہ بجملہ ستر مقتولون کے چوبیس لاشین حضرت نے ایک کوئین مین کہ بلید تر تھا بدر مین ڈلوادین اور امیہ ابن خلف کو جو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا شدے سے مارا گیا تھا اس سب سے اس چاہ مین نہین ڈالا کہ اسکی لاش سڑہ مین پھول گئی تھی ناچار اس جگہ جہان لاش پڑی تھی خاک انداز کردی گئی اور عادت شریف یون جاری تھی کہ بعد فتح کے تین دن وہان مقام فرماتے تھے یہان بھی ایسا ہی اتفاق پڑا اور تیسرے دن ارشاد کیا کہ سواری طیار ہو اور سوار ہوکر اونٹ پر مع ایک جماعہ اصحاب اس چاہ پر جہان مقتولان قریش ڈالے گئے تھے تشریف لے گئے اور ہر ایک کافر کو باسم خاص و تقید ولدیت پکار کر فرمایا کہ مجھسے جو وعدہ اللہ نے کیا تھا بورا کیا آیا تم بھی اپنے وعدہ کو پہونچے اور ایک روایت مین ہی کہ فرمایا کہ اے افتادگان چاہ تم بدترین دار تھے کہ تم نے میری تکذیب کی تھی اور تصدیق کی لوگون نے عمر خطاب نے التماس کیا یا رسول اللہ آپ کلام فرماتے ہین اجساد بلا ارواح سے فرمایا قسم خدا کی جسکی بید قدرت مین میری جان ہی کہ تم لوگ انسے زیادہ شنوا نہین ہو لیکن یہ جواب نہین دیتے ہین اس حدیث متفق علیہ سے صریح دریافت ہوتا ہی کہ موتی کو سماع اور شعور وادراک اور علم بخطاب و کلام احیا قرار دیا گیا ہی اور جو منکر ہین سماعت و ادراک موتی کے وہ مخطی ہین اور تفصیل اس قصہ کی مدارج اور شرح مشکوۃ شریف مین کہ تصنیف حضرت شیخ عبدالحق دہلوی کی ہین ملاحظہ کرنا لازم ہی فائدہ اعظم فضائل وخواص غزوہ بدر سے حضور وقتال ملائکہ ہی کہ آیات و احادیث سے ثابت ہی چنانچہ اللہ صاحب سورۂ انفال مین فرماتے ہین اذ تستغیثون ربکم فاستجاب لکم انی ممدکم بالف من الملائکۃ مردفین یعنی جب تم لگے فریاد کرنے اپنے رب سے پہونچا تمہاری پکار کو کہ مین مدد بھیجون گا ہزار فرشتے پیچھے لگے آوین اور امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ اس غزوہ مین بسعود شعور سے ہوا تین بار چلی فرمایا حضرت صلعم نے اول جبرئیل تھے ہزار فرشتون سے دوسرے میکائیل تھے ہزارون فرشتون سے تیسرے اسرافیل تھے مع ہزار فرشتون کے اور بھی حضرت علی سے روایت ہی کہ سیماے ملائکہ صوف سفید تھا اور بعض روایات مین عمامے سیاہ و سبز اور بعض مین زرد بھی آیا ہی ظاہر یہ معلوم ہوتا ہی کہ فرشتے مختلف رنگ کے عمامے باندھے تھے اور ظاہر احادیث سے واضح ہی کہ بصورت مرد نظر آتے تھے اور اپنے گھوڑون پر سوار تھے اور مشرک لوگ آواز گھوڑون کی تا یون کے سنتے تھے اور صورت نہ دیکھی تھی اور جو مشرک بمقابلہ مسلم نکلتا تھا قبل اسکے کہ اس تک پہونچے سر تن سے جدا ہوتا تھا روایت ہی کہ ضربہ ملائکہ پر

اور بند مشرکین پر پڑتا تھا کما قال اللہ تعالی فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منہم کل بنان اور نجاری بیچ حضرت ابن عباس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے بروز بدر کہ یہ جبرئیل ہی کہ پری اپنے گھوڑے کی باگ اور سلاح جنگ سے آراستہ اور احادیث
سے واضح ہی کہ نام گھوڑے کا جبرئیل علیہ السلام سوار تھے خیرو برکت خاوجمہ وسکون تحتانیہ وراے مضمومہ تھا چنانکہ ابن عباس
سے روایت ہی کہ ایک مرد انصاری کافر کے پیچھے دوڑا دفعۃً آواز تازیانہ اور آواز سوار کہ اقدم یا حیزوم سنی تو اُسنے دیکھا کہ ایک
کافر اُسکے آگے مراہ ہی ناک پھٹ گئی ہی کوڑے کے اثر سے وہ جگہ نیلی ہوگئی ہی یہ دیکھکر حضرت صلعم کے پاس آیا اور یہ حال بیان کیا
حضرت نے فرمایا کہ یہ مرشتہ مدد آسمان سوم کے تھا اور یہ جو بعضے لکھتے ہین کہ قتال ملائکہ مخصوص نہ تھا بلکہ ملائکہ بدر ہی اور احد اور احزاب
اور حنین اور بنی قریظہ مین صرف بنابر اعانت اور امداد مسلمین اور ترہیب وتخویف مشرکین وکافرین نازل ہوئے تھے سو یہ قول
لایق التفات نہین ہی چنانکہ امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین اسکی تصریح فرمائی ہی اور سعد ابن ابی وقاص سے صحیح مسلم مین موجود ہی
کہ یمین وشمال حضرت صلعم کے دو مرد سفید پوش احد دیکھے کہ قبل اُسکے اور بعد اُسکے نہین دیکھے یعنے جبرئیل ومیکائیل جاہاے
سفید پہنے ہوئے قتال کرتے تھے اشد قتال اس حدیث سے یہ ہی معلوم ہوا کہ رویت ملائکہ مخصوص بہ پیغمبر دن کے واسطے نہین ہی
بلکہ صحابہ اور اولیا بھی دیکھ سکتے ہین چنانکہ قصہ رویت جبرئیل علیہ السلام کا نسبت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی مشہور ہی مگر حالت
وحی مین رویت ملائکہ مخصوص بانبیا ہی اور حق یہ ہی کہ وحی مخصوص بانبیا ہی نہ رویت القصہ بعد تین دن کے فتح سے حضرت رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وسلم جانب مدینہ باسکینہ متوجہ ہوئے اور وادی صفرا مین غنائم بدر کہ وہ گھوڑے اور شتر اونٹ وسلاح
واسباب وغیرہ تھے جمع فرما کر تقسیم فرمائے اور حاضرین اور غائبین کو حصہ مساوی عنایت کیا یعنی اُن چھ شخصون کو جو کسی
عذر سے مدینہ مین رہ گئے تھے یا بحکم رسول اللہ واپس گئے تھے حصہ دیا اور شمشیر ذوالفقار کہ منبہ ابن الحجاج کی تھی اور اونٹ
سواری ابوجہل کا حضرت نے پسند فرمایا اور اسی جگہ برواپسی نضر ابن حارث کو علی مرتضی کے ہاتھ سے قتل کرایا اور عرق الطبیعہ
مین عقبہ ابن معیط کافر کو جسنے شکنبہ شتر عین نماز مین حضرت پر ڈالا تھا عاصم ابن ثابت جد عاصم ابن عمر ابن خطاب کے ہاتھ سے
قتل کرایا یہ روایت ضعیف ہی بسبب اختلافات کے باوجود اس معاملے مین کتاب انسان العیون واقدی ومغازی وکتب تواریخ سے واضح
ہوتے ہین اور ظاہر ہی کہ حضرت رحمۃ للعالمین نے بمقتضاے شان رحمت کسی کافر کو بعداوت وکینہ کسی نے قتل نہین کرایا ہی
مگر کسی سے ذاتی کا بدلا نہین لیا ہی جیسا کہ اسیران بدر کے حالات سے ظاہر ہی اور جب موضع روحا مین کہ چھتیس میل مدینے
سے ہی پہنچے تو اعیان مدینہ کہ بعد متخلف ہوئے تھے عذر خواہ ہوئے حضرت نے عذر اُنکا قبول کیا کیونکہ نکلنا بدینے
سے بقصد قتال متعین نہ تھا بلکہ منظور تاراج کاروان تھا قتال تو دفعۃً واقع ہوا اور اسی جگہ اہل مدینہ نے مبارکباد دی
ورجب اہل مدینہ نے اصحاب سے مبارکباد دی تو وہ بولے کہ اے اہل مدینہ ہم کو کیون تہمت کرتے ہو یہ فتح ہمارے زور بازو
سے نہین ہی اور ہم دیکھتے تھے کہ سر کافرون کا تن سے جدا ہی اور قاتل نظر نہین آتا تھا اور کافر شل شتر بھی گرتے تھے ہاتھ پیر
بندھے اور ہم جاکر سر کاٹ لیتے تھے یہ بات سمع مبارک حضرت رسول اللہ صلعم مین پہنچی تو حضرت نے فرمایا کہ وہ ملائکہ تھے اور مراد

یہ نہیں ہے کہ سب کا یہ حال تھا بلکہ بعض جہاد زیارت و مقاتلت بھی کرتے تھے صحابہ سے اور بعض ضرب ملائکہ سے فی الفار ہوتے تھے اور بعضے گرے ملتے تھے معارج النبوۃ میں ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم قضیۂ بدر سے آخر رمضان میں فارغ ہوئے تو اول روز شوال میں زید ابن حارثہ کو واسطے بشارت فتح کے جانب مدینہ روانہ فرمایا اور یہ خبر اس وقت پہونچی جب رقیہ بنت رسول اللہ کے دفن سے اہل مدینہ فارغ ہو چکے تھے اور بعض کتب میں ہے کہ عبد اللہ ابن رواحہ بھی ہمراہ زید کے گئے تھے اور شرکت رسول مقبول کی دفن رقیہ میں بدلائل ثابت نہیں ہے صرف ایک روایت احاد بعض کتب میں مذکور ہے واللہ اعلم الغرض آنجناب صلعم مدینے میں تشریف فرما ہوئے اور دوسرے دن اسارٰی بدر کہ ستر آدمی تھے لائے گئے ان میں عباس ابن عبد المطلب عم رسول اللہ و نوفل ابن الحارث بن عبد المطلب و عقیل و جعفر ابن ابی طالب و سہیل ابن بیضا و ابو العاص زوج زینب بنت رسول اللہ وغیرہم تھے کہ نام انکے بالفعل کسی کتاب میں نظر نہیں آتے موجود تھے چنانکہ صرف عباس اور نوفل ایمان لائے اور معلوم نہیں ہوا کہ انمیں سے کون کون ایمان لائے مگر سہیل ابن بیضا حسب روایت عبد اللہ ابن مسعود بھی ایمان لایا روایت ہے کہ جب مسلمانوں نے اسیران بدر کو بند کیا تو عباس ابن عبد المطلب نے بسبب گرانی بند کے رات کو شور کیا کہ حضرت صلعم کو نیند نہ آئی یاروں نے پوچھا یا رسول آپ کیوں خواب نہیں فرماتے فرمایا نالہ عباس سے جب انصار نے رضائے رحمۃ للعالمین در باب سبک کرنے قید عباس کے دیکھی تو انکے بند سبک کر دیے اور عباس سو گئے حضرت صلعم نے فرمایا اب آواز عباس کی نہیں آتی صحابہ نے کہا یا رسول اللہ بند گران انکی سبک کر دی گئی ہے فرمایا سب قیدیوں کی بند سبک کرو سبحان اللہ اسی کا نام انصاف ہے فائدہ جس شخص نے حضرت عباس کو اسیر کیا تھا بہت حقیر تھا ہرگز طاقت مقاومت حضرت عباس کی نہیں رکھتا تھا حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو نے عباس کو کس طرح گرفتار کیا اسنے کہا کہ ایک شخص نے میری مدد کر کے انھیں اسیر کر دیا اور اسکو نہ میں نے پہلے دیکھا تھا نہ پھر دیکھا حضرت صلعم نے فرمایا کہ وہ فرشتہ تھا اور اس سے پیشتر حضرت صلعم نے فرمایا تھا کہ عباس اس لشکر میں کافروں کے ساتھ آئے ہیں جو کوئی انکو پاوے قتل نہ کرے سو فرشتے نے بھی اس حکم کو مانا کہ اسیر کرا دیا قتل نہ کیا بعد اسیر ان بدر ابو بکر صدیق سے پوچھا کہ انکو قتل کرنا چاہیئے یا فدیہ لیکر چھوڑنا حضرت صدیق اکبر نے عرض کیا یا رسول اللہ فدیہ لیکر چھوڑ دیجیے شاید توبہ کریں اور انکی نسل سے اولاد مسلمان پیدا ہو اور اسی کے مطابق اور بعض اصحاب نے کہا پھر حضرت عمر ابن خطاب سے پوچھا وہ بولے یا رسول اللہ انکو قتل فرمائیے ان لوگوں نے تکذیب کی اور مکے سے نکال دیا اور یہ سخت کافر ہیں انکے مارنے سے شوکت کفر ٹوٹ جائیگی اور آپ کو اللہ نے مال دنیا سے بے نیاز کر دیا ہے بلکہ ہر کافر کو اسکے عزیز کے ہاتھ سے قتل کرائیے تاکہ معلوم ہو کہ انکی محبت دلوں میں نہیں ہے چنانچہ تفسیر مجمع البیان و منہج الصادقین اور خلاصۃ التفاسیر جناب مذہب امامیہ کی بھی اس کلام کے مؤید ہیں اور سعد ابن معاذ و عبد اللہ ابن رواحہ وغیرہ بعض صحابہ اس رائے کے صواب ہونے میں شریک ہوئے چنانچہ سعد ابن معاذ نے کہا کہ انکو وادی کثیر الحطب میں قید کر کے جلا دیجیے حضرت صلعم نے فرمایا اے ابو بکر تیری مثال ابراہیم پیغمبر کی ہے کہ وہ فرماتے تھے فمن تبعنی فانہ منی و من عصانی فانک غفور رحیم یعنی جو میری متابعت کرے وہ

وہ تجھسے ہو اور جو میرے خلاف کرے پھر تو بخشنے والا مہربان ہو اور اسکی تیسری مثال نوح پیغمبر کی ہو کہ وہ فرماتے تھے رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا یعنی اے پروردگار نہ چھوڑ کوئی کافر زمین پر رہنے والا پھر میلان فرمایا حضرت نے جانب رائے صدیق اکبر کے اور فدیہ لینا منظور کیا اور فی نفر اہل دولت سے ہزار درہم فدیہ قرار دیا اور تفسیر کشاف میں ہو کہ فدیہ قیدیان بدر کا فی نفر تیس اوقیہ تھا اور فدیہ عباس چالیس اوقیہ اور محمد ابن سیرین کہتے ہیں کہ فی نفر سو اوقیہ تھا اور چالیس درہم اور چھ دینار کا اوقیہ ہوتا ہے اور تفسیر زاہدی میں ہو کہ فدیہ ہر اسیر کا چالیس اوقیہ اندرے درہم تھے مگر فدیہ عباس چالیس اوقیہ عباس دینار تھا اور فدیہ عقیل کا ایک روایت میں اور فدیہ عقیل کا دوسری روایت میں اپنے ذمہ عباس نے لیا تھا اور بعضے کہتے ہیں کہ فدیہ اقل از ہزار و اکثر چار ہزار سے نہ تھا اور بعض مفلسوں کو حضرت نے باحسان چھوڑ دیا اور بعض جو لکھنا جانتے تھے انکو ارشاد فرمایا کہ فی کس دس دس بچے انصار کو تعلیم کریں اور ابو عزہ شاعر کو اس شرط سے چھوڑا کہ پھر ہمارا مشرکین خروج نہ کرے اور رسول کے ایمان لانے پر عبداللہ ابن مسعود نے گواہی دی وہ بھی مسلمان ہوا اور ابوالعاص زوج زینب بنت رسول اللہ اسطرح ہوا کہ آنحضرت نے زینب کو لکھ بھیجا کہ فدیہ بھیجو انھوں نے اپنا چمڑا ہار کہ انکو اپنی ماں کی میراث سے ملا تھا کچھ اور نقد ملا کر بھیجدیا حضرت نے آسیہ بھیجا تو آپ کو رنج ہوا اصحاب نے اسوقت واپس کیا اور ابوالعاص کو بلا اخذ فدیہ رہائی دلوائی مگر یہ شرط کر لی کہ مکہ میں جاکر زینب کو مدینے میں بھیجدیا سو اسنے وہاں جاکر فوراً روانہ کیا جب زینب مدینے میں آئیں تو حضرت صلعم نے مفارقت کر دی پھر بعد چند سال کے جب ابوالعاص مدینے میں آکر مسلمان ہوا تو حضرت نے نکاح جدید و قبولی نکاح اولی زینب کو پھر ابوالعاص کو دیا اور زینب اسطرح مکے سے آئیں کہ حضرت صلعم نے زید ابن حارثہ اور ایک مرد انصار کو مدینہ کو بھیجا اور فرمایا کہ مکے میں داخل نہ ہونا بلکہ بطن وادی یاجج میں کہ نبوان و جیم و حاء مہملہ ایک مقام ہے رہ پیش مسجد عائشہ واقع ہے اور وہاں سے احرام عمرہ کرتے ہیں قیام کرنا وہاں زینب تمہارے پاس آئیگی اسکے ساتھ مدینے کو چلے آنا سو زید ابن حارثہ نے اسی طرح کیا اور دو برس یا چھ برس کے بعد ابوالعاص مکے سے مع مال تجارت اہل مکہ کے آمد ہوا وقت مراجعت اصحاب رسول اللہ صلعم طلب قافلہ نکلے اور ابوالعاص سے ملاقی ہوئے چاہتے تھے کہ مال غارت کریں اور ابوالعاص کو قتل فرمائیں یہ خبر زینب کو ہوئی وہ عرض کرنے لگیں یا رسول اللہ مسلمانوں کو امان دینا کسی کا درست ہوا یا نہیں فرمایا درست ہے زینب نے کہا آپ گواہ رہیں یا رسول اللہ میں نے امان دی ابوالعاص کو جب اصحاب رسول اللہ اس بات سے مطلع ہوئے تو ابوالعاص اور اسکے مال سے متعرض نہ ہوئے بلکہ دعوت اسلام کرنے لگے اور یہ بھی کہا کہ یہ مال نکلا ابوالعاص نے کہا مجھکو نفرت آتی ہے کہ ناپاک کروں اپنے دین کو پلیدی سے پھر ابوالعاص داخل ہوئے اور مال تجارت سپرد کر کے بولا تم لوگ گواہ رہو کہ میں کہتا ہوں تمہاں لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ پھر جانب مدینہ ہجرت کی اور حضرت نے نکاح سابق یا جدید زینب کو سپرد ابوالعاص فرمایا اسی مقام سے علما کو اختلاف ہے کہ سلام احد الزوجین موجب فسخ نکاح ہے یا نہیں روایت ہے کہ ابوالعاص کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت

دوست رکھتے تھے اور نہایت شفقت اور عنایت اُسکے حال پر فرماتے تھے یہ ابو العاص ابن الربیع بن عبد العزی بن عبد الشمس بن عبد مناف ہی اور ان کی ہند بنت خویلد اخت خدیجۃ الکبری تھی اور ابو العاص مشہور بہ کنیت ہوا ہی اور نام بقطیا بتقسم کبیر سیم وسکون قاف یا قاسم بایا سر ہی عبد البر کے نزدیک اکثر قول اول ہی باجملہ جب اصحاب رسول اللہ اخذ فدیہ پر راضی ہوئے اور لینے لگے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام سورۂ انفال مین یہ آیت کریمہ لائے وما کان لنبی ان یکون لہ اسری حتی یثخن فی الارض تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الآخرۃ واللہ عزیز حکیم اُنبی کیا چاہیے نبی کو کہ اُسکے یہان قیدی آوین جبتک خون کرے ملک مین تم چاہتے ہو جنس دنیا کی اور اللہ چاہتا ہی آخرت اور اللہ زور آور ہی حکمت والا کہ غالب کرتا ہی دوستون کو دشمنون پر اس مقدمہ مین اللہ نے اپنے رسول کو سمجھایا ہی کہ پیغمبرون کو جہاد سے مال جمع کرنا منظور نہین بلکہ کافرون کی ضد توڑنا وہ بات اسمین ہی کہ قتل کرین کافرون کو تاکہ اُسکے خوف سے کفر کی ضد چھوڑین اہل اسلام یہ بات سنکر مال غنیمت سے نہایت دُرے تب اُنکی تسلی کے لیے ارشاد ہوا فکلوا مما غنمتم حلالاً طیبا یعنی کھاؤ جو غنیمت لاؤ حالانکہ سترہی کہ یہ اللہ کی بخشش اور عطا ہی لیکن غنیمت کے واسطے جہاد کرو بعد اُسکے حضرت امیر المومنین عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ خدمت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رو رہے ہین حضرت عمر نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ رو صحابہ کے کس واسطے گریہ فرماتے ہین اگر رونا آوے تو مین بھی رؤون اور جو نہ آوے تو بنا کے اور تکلف کرون یعنی باختیار نہ رائی و اسباب گریہ لاؤن فرمایا حضرت رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ روتا ہون اپنے اصحاب پر کہ اُنھون نے فدیہ اختیار کیا اور الکا عذاب مجھ پر عرض کیا گیا قریب تر اس درخت سے یعنی اشارہ فرمایا ایک درخت کی طرف جو نزدیک واقع تھا روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے اگر نازل ہوتا عذاب تو نجات نہ پاتے مگر عمر و سعد ابن معاذ اسی واسطے اضطراب مین یہ آیت کریمہ سورۂ انفال مین نازل ہوئی ولولا کتاب من اللہ سبق لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم یعنی اگر نہ ہوتی بات کہ لکھ چکا اللہ آگے سے تو تم کو پہنچتا اس لینے مین عذاب یعنی اکثر کی قسمت مین مسلمان ہونا لکھا تھا اس سبب سے بچا دیا علما تفسیر اس آیت سے استدلال کرتے ہین کہ حضرت انبیا علیہم السلام بھی کبھون اجتہاد کرتے ہین اور اُسمین خطا بھی ہو جاتی ہی لیکن اللہ صاحب اُس خطا پر رہنے نہین دیتے بلکہ صواب پر ہدایت فرماتے ہین لیکن جب پیغمبر نے ازروے اجتہاد ایک حکم جاری فرمایا اور بعد ازان اُسکے خلاف نازل ہوئی نص تو عمل بالاجتہاد ساقط نہین ہوتا اور عمل بالنص واجب نہین اسواسطے کہ حضرت صلعم نے جب فدیہ لینے کا حکم بالاجتہاد فرمایا اور بعد اسکے نص برخلاف نازل ہوئی تو حضرت نے قتل کی طرف رجوع نہین فرمائی بلکہ اُسی فدیہ پر قایم رہے بخلاف مجتہد کے کہ اُسکو بعد اجتہاد اگر ظاہر ہو نص برخلاف تو رجوع کرنا لازم ہی اور مراد کتاب سے مدم مراخذہ ہی خطاے اجتہادی پر یا عدم تورید اہل بدر اور بعضے کہتے ہین کہ اللہ صاحب کسی قوم کو عذاب نہین فرماتے بسبب اُس فعل کے جسکی نہی نہ کی ہو اور بعضے کہتے ہین اس آیہ سے حلال ہوا وہ فدیہ جو مسلمانون نے اس وقت لیا تھا شیخ ابن حجر نے صحیح بخاری کی شرح مین بیان کیا ہی کہ مسند ہی و نسائی و ابن حبان و حاکم نے باسناد صحیحہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہی کہ جب اصحاب یا صفات

چھوڑنا اسیرون کا فدیہ لیکر منظور کیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا یا رسول اللہ آپنے اصحاب کو قتل و فدا پر مخیر فرمایئے بدین شرط کہ سال آیندہ مسلمان شہید ہون گے مثل اسیرون کے تب حضرت نے اصحاب کو بین القتل والفدا اختیار دیا اس سے معلوم ہوا کہ اختیار فدا و تخییر الٰہی تھا لیکن عتاب اسلیے ہوا کہ وجہ مرجح اختیار کی اور قاضی ابوبکر کہتے ہین کہ عتاب اخذ فدیہ پر نہین ہوا کیونکہ سترہ عبداللہ ابن جحش مین بھی فدیہ لیا گیا تھا بلکہ اختیار وجہ ضعیف پر عتاب ہوا ہو اسی پر شتر مسلمان جنگ احد مین شہید ہوئے اسی جگہ سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ اگر کافر یکبین آوین تو انکو چھوڑ دینا مال لیکر جایز نہین اور مفت چھوڑنا بھی درست نہین اسلیے کہ پھر کافرون مین جا ملینگے بلکہ غلام کر رکھنا یا چھوڑنا اس شرط پر کہ رعیت ہو کر ملک اسلام مین رہین جایز ہے اور امام شافعی کے نزدیک چھوڑنا بھی جایز ہے اور دلایل جانبین کتب اصول فقہ مین مذکور ہین فایدہ اگرچہ اسوقت اس حکم پر عتاب ہوا کیونکہ بنا بر ہیبت اسلام حکم قتل مناسب تھا لیکن بعد اسکے اس شریعت مین فدیہ لینے کا حکم آگیا اور کریمہ لولا کتاب من اللہ الخ سے پہلے ارشاد بھی فرمایا ہے کہ جنگ مین خوب خونریزی کفار کی نہ کرے تب تک اسیرون سے فدیہ نہ لینا چاہیے اس سے بھی معلوم ہوا کہ بعد خونریزی اور رسوخ ہیبت و رعب اسلام فدیہ لینا نامناسب نہین فایدہ اصحاب بدر کی بشارت بہشت کی وجہ سے خلفا اربعہ انکے سرگروہ ہین چنانچہ حاطب ابن بلتعہ سے یہ تصور ہوا کہ انھون نے اہل مکہ کو عام الفتح مین حضرت صلعم کی آمد کا حال خفیہ لکھ بھیجا یہ خبر ظاہر ہوئی تو حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ اگر ارشاد ہو تو اسکو مارون حضرت نے فرمایا کہ مرنے دے صحابیون سے ایمان اللہ نے جانچ لیے ہین انکے گناہ پر گرفت نہین ہو تو کیون اُسکے قتل کا ارادہ کرتا ہے فایدہ اس خوفزدہ کا نام قرآن مجید مین یوم الفرقان و یوم التقی الجمعان و یوم البعثہ الکبری ہوا اور یہ فتح اول تھی مسلمان کی اس سے مشرکون کے دل خوب ہل چلے اور بعد اسکے کافرون پر صدق تخییر بخوبی ظاہر ہوا کہ جو مراد تھی حاصل ہوئی جانکر مراد تخییر یا وہ بھی پہچان کر کہ کافرون پر ایسا رعب طاری ہوا کہ عبداللہ ابن ابی سلول منافق سے اپنے توابع کے ظاہر ہوا مسلمان ہوا اور شہید ہوا یہ کہ جس تاریخ غزوہ بدر واقع ہوا اسی دن روم فارس پر غالب آیا تو مسلمانون کو دوہری خوشی ہوئی اسی سال مین عدد قبلہ کا حکم ہوا اگرچہ مین ماہ مین اختلاف ہے بعضے شعبان کہتے ہین اور بعضے رمضان اور اسی سال دوم ہجرت تاریخ یکم شوال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد مدینہ طیبہ مین نماز عید پڑھی اسی سال دوم ہجرت عمیر ابن وہب مروان یہود یہ کہ بھیسہ خدا اور مسلمانون کی ہجو کرتی تھی عمیر ابن عدی ابن خرشہ کے ہاتھ سے قتل ہوئی کما یاتی تفصیلہ انشاء اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت صلعم کے ارشاد سے ہوا اور یہ انتخاب کا حکم تھا عمیر اس عورت کا خاوند پہلا تھا اسنے اسکی ان فعل قبیح تاریخ پندرھوین شوال کو سنا ہوا اور ہیبت ہوا کہ بغیر تتبع کی مارا رہین ایک عورت سے کسی یہودی نے سنا کہ عمیر نے شوہر اسکا قتل کیا اسنے شور کیا اتفاقاً ایک مسلمان اسکے آنے یہودی کو ملامت کی وہ غصہ ہوا اور سب مسلمانون کو برا کہنے لگا اور قصد کیا کہ مسلمان کو مارون مسلمانون نے بحکم ضرورت تلوار چلائی یہودی مارا گیا چونکہ وہ محلہ یہودیون کا تھا اکثر یہود نے جمع ہوکر مسلمان کو شہید کیا یہ خبر حضرت صلعم کو پہونچی آنجناب نے شرفاے یہود کو طلب کرکے ارشاد کیا کہ بعہدی نہ کرو اللہ کے غضب سے ڈرو ایسا نہو تم کو بھی وہ معاملہ پیش آوے

جو قریش سے ہوا اور یہ تم بھی جانتے ہو کہ میں رسول خدا ہوں تم کو مجھسے بدعہدی کرنا روا نہیں تب انھوں نے منافقانہ دست بستہ عرض کی کہ ہم نے حسد نہیں کیا آپ ہمارا ایسا خیال نہ فرمائیں حضرت نے سکوت فرمایا بعد اسکے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خبر دی کہ ان لوگوں نے منافقانہ آپ سے بیعت کی ہے انکا قلع و قمع کرنا چاہیے پس حضرت صلعم نے انکی طرف عزم کیا اور ابو لبابہ کو خلیفہ مدینہ فرمایا اور حضرت حمزہ کو علمدار فرما کے مع لشکر روانہ ہوئے جب قریب تر بہونچے تو یہود نے فیقاع حصار میں پناہ لی ہوئی ہے اور لشکر اسلام نے انکو گھیر لیا گیارہ یا پندرہ دن کے بعد از خود حصار سے باہر نکلے حضرت صلعم نے حکم دیا مندرین ابن خدیج صلعم کو حکم دیا کہ انکو قید کریں مگر عبداللہ ابن ابی سلول منافق نے بہت منت و خوشامد سے چھڑایا سو حضرت للعالمین نے قید سے چھوڑ کر یہ حکم کیا کہ وطن سے نکالے جائیں چنانچہ تین دن کے بعد عبادہ ابن صامت نے نکالا کہ موضع اذرعات نفیح ہمزہ و سکون ذال معجمہ و ضم راء اراضی شام سے ہو چلے گئے و بعد چندے مرے اور سلحہ انکے اہل لشکر کے ہاتھ آئے انمیں سے تین کمانیں قوم ورد حاد بیضا اور دو زرہ صفدیہ و ذنفہ اور تین تلوار ابن قلعی و تبار تیسرے کا نام نہیں معلوم اور دو نیزے کہ شاید انکے نام بھی کسی تاریخ کی کتاب میں نہیں لکھے ہیں پسند فرمایئے بعد اسکے پانچواں حصہ اللہ کا حق نکال کر تقسیم کیا اسی سال میں تاریخ پانچویں ذیحجہ غزوہ سویق واقع ہوا وجہ اسکی یہ ہوئی کہ ابوسفیان نے یہ قسم کھائی تھی کہ جب تک کشتگان بدر کا عوض محمد سے نہ لونگا عورت سے صحبت و غسل جنابت نہ کرونگا سو قسم اتارنے کو دو سو سوار ساتھ لیکر موضع عریض تک جہاں سے مدینہ تین میل ہے آیا اس جگہ ایک دی انصاری اپنا مزدور لیے ہوئے کھیت میں کام کرتا تھا بعضے کہتے ہیں کہ وہ سعید ابن عمر تھا سو اسکو شہید کرکے پھر گئے اور گھر اور درخت جلا دیئے اور اپنے زعم میں سمجھا کہ قسم اتر گئی جب یہ خبر حضرت صلعم کو بہونچی تو حضرت نے ابو لبابہ کو خلیفہ کرکے دو سو بہادروں سے اسطرف تشریف لے چلے ابوسفیان بھاگا انجناب اسکے پیچھے قرقرہ الکدر نک چلے گئے مگر وہ نہ ملا صرف اکثر زادراہ جو اضطراب کی حالت میں چھوٹ گیا تھا ہاتھ لگا اسمیں کئی گونیں سویق کے بھی تھیں یعنی گیہوں اور جو کے ستو جا بجا انحضرت پانچ دن بعد مدینے میں تشریف لائے اور دسویں ذیحجہ صلوۃ عید الاضحی ادا کی اور قربانی فرمائی اس غزوہ کو بعضوں نے سال سوم میں لکھا ہے اور بعض نے قتل غزوہ سویق لکھا ہے اسی سال میں غزوہ قرقرۃ الکدر ہوا اور سبب وقوع یہ ہوا کہ بنی سلیم و غطفان کے جمع ہونیکی خبر موضع کدر میں دریافت ہوئی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ لوگ ایذا دہی اہل اسلام کا مشورہ کرتے ہیں سو انجناب نے عبداللہ ابن ام مکتوم کو خلیفہ کیا اور لوائے مبارک حضرت علی مرتضی علیہ السلام کو دیا اور دو سو اصحاب اپنے ہمراہ لیکر روانہ ہوئے جب قرقرۃ الکدر میں پہونچے تو وہ لوگ نہ ملے صرف جنگل میں چند چرواہے مع اونٹ ہاتھ آئے انمیں یسار نامی ایک غلام بھی تھا اصحاب نے اس سے کفار کا حال دریافت کیا اسنے کہا میں واقف نہیں ہوں ناچار آنحضرت صلعم جانب مدینہ روانہ ہوئے اور موضع ضرار میں پہونچکر شتران غنیمت تقسیم کیے دو دو اونٹنی ایک ایک نفر کے ملے اور یسار غلام اور سو اونٹ آنحضرت کو ملے یسار کو انجناب نے بسبب نمازی ہونے کے آزاد فرمایا پوشیدہ نہ رہے کہ اس سفر میں پندرہ شب مدینہ باسکینہ سے غیبت رہی ہے بعد اسکے غالب ابن عبداللہ لیثی مع لشکر قبیلہ غطفان و سلیم پر بھیجے گئے وہاں مقابلہ ہوا تین مرد اسلام کے اس معرکہ میں شہید ہوئے اور باقی مسلمان

باغنیمت مدینہ کو لوٹ آئے اور اسی سال مین امیہ ابن الصلت شاعر مرگیا یہ شخص ایام جاہلیہ مین خیال آخرین وتمام دل مین رکھتا تھا بعد ازان عیسائی ہوا اور بت پرستی سے تبرا کرکے علماے اہل کتاب کی صحبت مین رہنے لگا انھون نے اخبار ظہور پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم مطابق توریت وانجیل کے بیان کیے یہ ازراہ حماقت بنظر اپنے فضائل نفسانیہ کے امید رکھتا تھا کہ نبی ہون گا جب کہ خبر طلوع آفتاب نبوت حضرت محمد مصطفے محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اسکے کان مین پہونچی تو اسکو خدا نے ایسا گھیرا کہ شقاوت ازلیہ مین گرفتار ہوا اور اسی حال مین داخل نار ہوا اشعار اسکے متضمن علم وحکمت جب حضرت کے سامنے پڑھے جاتے تو فرماتے آمن لسانہ وکفر قلبہ یا آمن شعرہ وکفر قلبہ فائدہ حسد ایسی بدچیز ہی کہ آدمی کا ایمان اس سے جاتا ہی شیطان رجیم کو دیکھو کیسا عابد وزاہد تھا اور کسطرح کا علم وحکمت اللہ نے اسکو دیا تھا صرف حسد نے اسکو سرد وکردیا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحسد یاکل الحسنات کما یاکل النار الحطب یعنی حسد کھا لیتا ہی نیکیون کو جسطرح آگ کھاتی ہی لکڑی کو اور تفصیل اسکی قصہ حضرت یوسف علیہ السلام مین لکھی گئی ہی بعد ازان اسی سال مین غزوہ بحد جسکو غزوہ ذی امر وانمار بفتح ہمزہ وسکون نون کہتے ہین واقع ہوا اور سبب یہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا کہ بنی ثعلبہ ومحارب موضع نجد پر مجتمع ہین باین غرض کہ اطراف مدینہ لوٹین اور انسے انکا دفع کرین بفتح دال وسکون عین مہملتین وثانی مثلثہ غرقانیہ ابن سحاسل ہی وبروایتی غورث بفتح معجمہ وسکون واو پسر حارث تعالبہ انحناب نے حضرت عثمان کو مدینے مین خلیفہ کیا اور چار سو پچاس سوارے کے تشریف لیچلے اور موضع ذی القصہ مین پہونچے زنگار پہاڑ کی کھائی مین جو پڑے ہے ایک ماہ کامل اسی جگہ اقامت فرماکے واپس تشریف لائے صرف ایک شخص سے ثعلبہ کا ہاتھ آیا کہ وہ مسلمان ہوا اور دفع بھی اسلام لایا کذا فی المدارج اور جو صاحب مواہب لدنیہ نے اسکا غزوہ ذات الرقاع مین لکھا ہی سو ہی اس سبب سے کہ بخاری کی حدیث سے وہ دوسرا شخص معلوم ہوتا ہی فائدہ مخفی نرہے کہ غزوہ بنی قینقاع وسویق وبنی سلیم وذی امر حسب تحقیق صاحب حجۃ المحافل سال دوم مین بعد جنگ بدر واقع ہوئے مین اور باین انکے سریہ قردہ بفتح باکسر قاف وسکون راجیین زید ابن حارثہ مع ۱۰۰ سو سوارون کے بھیجے گئے تھے واقع ہوا اور سبب یہ ہوا کہ مدینے مین خبر پہونچی کہ قریش براہ عراق شام کو بقصد تجارت جاتے ہین زید ابن مع سواران بحکم رسول مقبول جاکر انکو لوٹ لیا چاندی وغیرہ ہاتھ آئی کہ تین ہزار درم خمس نکلا ابوسفیان وصفوان ابن امیہ وخویطب ابن اعبد العزی وعبد اللہ ابن ابی سبیعہ مع دیگر شرفاے قریش بھاگ گئے یہ سریہ بموجب تحقیق صاحب مدارج غرہ جمادی الاخری مین ہوا اور بعضے اہل سیر غزوہ نجد اور سریہ زید ابن حارثہ سال سوم مین بیان کرتے ہین اسی سال مین بعد سریہ زید لعب ابن اشرف یہودی مارا گیا یہ مردود قبیلہ بنی طے سے تھا ان اسکی یہود بنی نضیر سے یہ شخص بڑا مالدار تھا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال دشمنی رکھتا تھا محمد ابن مسلمہ صحابی انصاری اسکے قتل پر مامور ہوے اور اجازت حاصل کی جو کچھ جی مین آوے کہین چنانچہ اس کافر سے محاورا رابطہ قدیم جتلے اسنے پوچھا کہان آئے فرمایا مرض خواہ آیا ہون کیونکہ جب سے تو شخص یا ہی اشارہ بحضرت رسول مقبول کیا تب سے ہم لوگون کو بڑی زیر باری ہی اس مردود نے کہا انھین نکال دو نہین تو زیادہ خراب ہوگے

فرمایا اپنی بات کا خیال ہی ابھی خلاف عہد کرنا مناسب نہین معلوم ہوتا چند روز دیکھتے ہین کب ہر دو شکایت سنکر راضی ہوا اور کیا کچھ رہن کے لیے لاؤ محمد ابن مسلمہ نے کہا شام کو تمہیارے لاؤنگا چنانچہ مع ابو نائلہ خون قبل الف وبعدہ تحتانیہ نام انکا ملکان ابن سلام کہ برادر رضاعی کعب ابن اشرف کے تھے گئے اور تین آدمی اور کہ بروایت بخاری ابو عبس بن جحر حارث بن اوس وعباد بن بشر انکے نام ہین محمد ابن مسلمہ کے ہمراہ تھے اسوقت کعب گھر مین تھا آواز دی اسنے ارادہ باہر آنے کا کیا اسکی عورت نکاہنہ تھی آواز ہی سے اسنے جانا کہ یہ لوگ بارادۂ قتل آئے ہین سو اسنے بمبالغہ تمام منع کیا کہ مت جا اس آواز سے خون ٹپکتا ہی کعب نے کہا کہ محمد ابن مسلمہ میرا دوست اور ابو نائلہ برادر رضاعی ہمارا اپنے کام کو آئے ہین کچھ اندیشہ نہین ہی القصہ کعب باہر آیا اسکے آنے سے پیشتر محمد ابن مسلمہ نے اپنے ہمراہیون سے یہ صلاح کر رکھی تھی کہ مین بالون مین ہاتھ لگانے کے بہانے سے اسکے بال پکڑونگا تم اسکا سر کاٹ لینا جب کعب آکر بیٹھا لباس نفیس پہنے خوشبو لگائے تھا محمد ابن مسلمہ نے کہا تم تو اسوقت خوب ہی خوشبو مین مہکتے ہو اور کپڑے اچھے پہنے ہو اسنے کہا میرے پاس عورتین بہت پاکیزہ خوبصورت ہین اس سبب سے مین معطر رہتا ہون محمد ابن مسلمہ نے کہا تمھارے بالون مین بہت اچھی خوشبو آتی ہی اگر اجازت ہو تو مین ہاتھ مین لے کے سونگھون اسنے کہا بہت اچھا محمد ابن مسلمہ نے بال ہاتھ مین لیے اور سونگھنے لگے اور اپنے ساتھیون کو سونگھائے پھر دوسری بار سونگھنے کی اجازت لی اکی خوب مضبوط پکڑا اور ہمراہیون سے کہا لو انھون نے صاف سر کاٹ لیا اور حضور اقدس مین آکر خبر کی اور سر پاک قدم مبارک کے نیچے ڈال دیا مدارج النبوۃ مین ہی کہ یہ اول زمانہ اسلام مین سر کٹ کر حضور اقدس مین آیا ہی اور حارث ابن اوس کے ایک زخم اسی ہمراہیون کے ہاتھ سے لگا تھا جب سر کاٹنے مین خون بہت جاری تھا رسول مقبول صلعم نے اس زخم کو ہاتھ سے مل دیا فوراً اچھا ہو گیا یہ کعب یہودی مدینے سے مکے مین گیا اور اسلام کی ہجو اور پیغمبر خدا صلعم کے نکوہش کر کے کشتگان بدر پر نہایت متاسف ہو کر قریش کو آمادہ کیا کہ تم چل کر لڑو پھر مدینہ منورہ مین آیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہایت رنج ہوا محمد ابن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے التماس کیا کہ اگر مجھے اجازت ملے تو مین اسکا سر کاٹ لاؤن سو انکو اذن ملا کہ انھون نے یازدہم ربیع الاول عین شب ماہ مین سر کاٹا اور حضور مین حاضر کیا کذا فی روضۃ الاحباب مگر بخاری مین قتل کعب مذکور ہی سر کاٹ لانیکا ذکر نہین ہی اکثر اہل سیر نے اس قصہ کو سال سوم مین قبل غزوہ بنی نضیر بیان کیا ہی جبکہ قبیلہ اوس بہادر نے کعب ابن اشرف یہودی دشمن پیغمبر خدا کو قتل کیا تو قبیلہ خزرج کے عاقلون نے یہ مشورہ کیا کہ ہم بھی کسی دشمن پیغمبر کو جو بنظر ابن الاشرف ہو قتل کرین تاکہ اوسیون کو ترجیح نہونے پاوے چنانچہ یہ قرار پایا کہ ابو رافع تاجر یہودی برا مزدی ہی اور خیبر مین رہتا ہی اسکو قتل کرنا چاہیے اسی سال مین بقول ابن اسحق قتل ہوا اور صورت واقعہ یون ہوئی کہ عبد اللہ بن عتیک سہ زن فعیل رضی اللہ عنہ صحابی انصاری خزرجی کو چند آدمی انصار پر سردار کر کے روانہ کیا یہ حضرت قریب شام خیبر مین پہونچے ابو رافع سلام ابن ابی الحقیق بردکنانہ ابن الحقیق زوج اول صفیہ ام المومنین برا مالدار تاجر تھا ایک گڑھی اسنے بنائی تھی لوگون کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑائی کی ترغیب کیا کرتا تھا اور قرار واقعی مدد و اعانت کرتا تھا جب گڑھی کے متصل گئے تو عبد اللہ نے اپنے ہمراہیون سے کہا

کہ تم ٹھہرو مین اکیلا جاتا ہون اگر دھب لگیگا تو چپکے سے گھس کے ابورافع کا کام تمام کرونگا جب آسکے دروازے کے پاس پہونچے تو معلوم ہوا کہ گدھا گم ہو گیا تھا اُسکی تلاش کے لیے کچھ لوگ مشعل لیے نکلے تھے یہ اون مین شامل ہو گئے جب وہ لوگ دروازے مین داخل ہونے لگے تو یہ باہر دروازے کے بیٹھ گئے جسطرح کوئی اشتبے کو بیٹھ جاتا ہی دربان نے جانا کہ یہ آدمی گدھی کا ہی کہا اے بندہ خدا جلد آمین کو اُرنبد کرتا ہون عبداللہ ابن عتیک دروازے مین داخل ہوئے فرماتے ہین کہ مین ایک گدھے کے نہان مین پوشیدہ ہو رہا جو کیدار نے جس مقام پر کنجیان رکھین اُنکا دھیان مین نے رکھا جب وہ سو گیا مین نے کنجیان لین ابورافع کے پاس کہ وہ بالاے خانہ پر رہتا تھا قصہ گو دیر تک قصہ کہتا رہا جب وہ خاموش ہوا مین بالاخانے پر گیا اور جس دروازے کو کھولتا تھا اُسکو پھر اندر سے بند کر لیتا تھا کہ اور کوئی باہر سے آنہ سکے ابورافع اپنے عیال مین سوتا تھا مجھے معلوم نہوا کہ وہ کہان ہی مین نے پکارا اے ابورافع وہ بولا مین نے اُسکی آواز پر تلوار ماری خالی پڑی کچھ کام نہ نکلا ابورافع نے ایک چیخ ماری اور مین اُس مکان سے باہر نکل آیا اور تھوڑا توقف کر کے پھر اندر مکان کے جا کے بہ تبدل آواز کہا کیا ہی ابورافع تو نے کیون آواز کی اُسنے کہا تمھاری خرابی ہو کسی شخص نے مجھ پر ابھی حربہ کیا تب مین نے بڑھ کے اوسکے پیٹ پر تلوار مار کے اس زور سے دبائی کہ بیٹھ کی ہڈیون سے بھی گذر گئی اور مین وہان سے دروازے کھولتا ہوا چلا زینے سے اُترتے شب ماہ تابی مین سمجھا کہ زمین آگئی پیر کو دھوکے سے بڑھا کے رکھا تو گر پڑا میری پنڈلی کی ہڈی ٹوٹ گئی اُسی وقت پگڑی پھاڑی اور پنڈلی پر باندھی دروازے سے نکل گدھی کے قریب ٹھہرا ہاس خیال سے کہ جب خوب تحقیق ہو جاے کہ ابورافع فی النار ہوا تب چلون جب صبح ہوئی تو قلعہ کے برج پر نوحہ گر عورتنے پکارا الی ابا رافع تاجر اہل الحجاز یعنی خبر موت سناتی ہون ابورافع تاجر اہل حجاز کی تب مین نے وہان سے چلکے عبداللہ ابن انیس وغیرہ ساتھیون کو خبر کی اور کہا یہ خبر حضور اقدس مین پہونچاؤ مین بھی آتا ہون پھر یارون سے جلد پہونچا اور سب حال حضور مین عرض کیا آپ بہت خوش ہوئے اور سری چوٹ پر دست مبارک پھیرا فوراً صحت ہوئی گویا کبھی چوٹ نہ تھی اس قصہ مین عبداللہ امیر تھے اور عبداللہ ابن عتبہ ابوقتادہ اور اسود ابن سفیان اور اسعود ابن خزاعی و عبداللہ ابن انیس ہمراہ اُنکے صحیح بخاری مین حدیث اس قصہ کی اوائل کتاب المغازی مین بعد غزوہ بدر کے لکھی ہی اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ قاتل ابورافع عبداللہ ابن عتیک تھے لیکن اکثر اہل تاریخ کہتے ہین کہ قاتل ابورافع عبداللہ ابن انیس تھے باجملہ جب سال سوم ہجری شروع ہوا تو آنجناب صلعم اکثر ربیع الاول مدینے مین جلوہ فرما رہے بعد ازان جانب نجران تشریف لے گئے اور تمام ماہ ربیع الثانی و جمادی الاول وہین مقیم رہے مگر نوبت محاربہ نہین پہونچی آخر کار مدینے مین رونق فرما ہوئے اور ماہ شعبان مین حفصہ بنت عمر ابن خطاب سے نکاح فرمایا اور ام کلثوم کو عثمان ابن عفان سے عقد کر دیا اور ارشاد کیا کہ اگر چالیس یا سو مسلمان ہوتے تو ایک کو دوسرے کے بعد عثمان سے عقد کر دیتا حتی کہ اُنمین کوئی باقی نرہتی اور ماہ رمضان مین زینب بنت خزیمہ ہلالیہ سے نکاح کیا اور پانزدہم ماہ مذکور حضرت امیر المومنین حسن مجتبیٰ پیدا ہوئے فائدہ حضرت شیخ المحدثین نے جذب القلوب مین غزوہ نجران اسی سال مین لکھا ہی اور اُنکے حساب سے یہ غزوہ دہم قرار پاتا ہی اور مولف بہجۃ المحافل نے اس غزوہ کا ذکر نہین کیا اور غزوہ احد کو غزوہ نہم قرار دیا ہی اور احد بضمتین ایک پہاڑ

بفاصلہ ایک فرسخ مدینے سے زبیر ابن بکار کے نزدیک قبہ ہارون علیہ السلام کی وہین واقع ہے کذافی التوشیح الغرض تباریخ پانچوین
سوال روز شنبہ دبروایتے یازدہم دبروایتے ہشتم دبروایت امام مالک رح بعد انقضاے ایک سال غزوہ بدر سے کہ اکتیسوان مہینہ ہجرت
کا شروع تھا غزوہ احد واقع ہوا اور سبب یہ ہوا کہ جب مشرکین قریش بدر سے مراجعت کرکے مکہ معظمہ مین آئے تو اقارب و عشائر
مقتولین وبرابوسفیان ابن حرب کے پاس گئے اور کہا کہ تمام منفعت مال تجارت جسکو تو شام سے لایا ہم لشکر آرائی مین صرف کرین گے
ہم کو محمد صلعم سے مقابلہ کرنا منظور ہے تو اسمین کیا صلاح دیتا ہے ابوسفیان نے کہا کہ اگر تم سب لوگ اسپر راضی ہو تو مین اس بات
پر راضی ہون اور بنی عبد مناف بھی میرے شریک ہین جب یہ صلاح باہم قرار پائی تو سب نے ملکر متاع تجارت کہ دار الندوہ مین
رکھی تھی نکالی اور بیچ ڈالی چنانچہ ایک ہزار اونٹ اور پچاس ہزار مثقال طلا اس تجارت کا راس المال تھا جب بیچا تو وسا قی
فائدہ ہوا راس المال مالکون نے اپنے گھر مین رکھا اور انتفاع کی مال کو لشکر آرائی مین صرف کیا اور اعراب مین الیچیون کو
بھیجکر اپنے ہمشہریون کو بلوایا عمرو ابن العاص وسعید ابن ابی وہب وابن الزبعری وابوعزہ جمحی شاعر نے اپنی گرمی کی تھی
بعد اسکے یون صلاح ہوئی کہ ایکی مرتبہ عورتین بھی ساتھ چلین اور وقت جنگ سرد ولیکر اپنے باپون وبھائیون کا قتل ہونا یاد
کرکے نوحہ کرین تاکہ اہل فوج کو داعیہ حرب مین مضبوطی پیدا ہو اس عرصہ مین عباس ابن عبد المطلب مکے مین تشریف رکھتے تھے
انھون نے ایک مرد قبیلہ بنی غفار کو قاصد اجورہ وار مقرر کرکے مدینے مین بھیجا اور ایک خط بھی لکھدیا جب قاصد مذکور یہان آیا
تو حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات نہوئی اسنے حضرت کو پوچھا لوگون نے کہا آنجناب محلہ قبا مین جلوہ فرما ہین
وہ قاصد وہین چلا گیا جب مسجد قبا پر پہونچا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوتے تھے اسنے خط دیا آنجناب نے لفافہ چاک کرکے
ابی ابن کعب کو دیا انھون نے مضمون سنایا حضرت نے فرمایا کہ اس راز کو پنہان رکھ بعد اسکے سعد ابن ربیع کے گھر گئے اسنے
خلوت مین تمام حال کہا اور مدینے کو تشریف لائے سعد کی عورت نے بھی کسی طرح سن لیا تھا اس سبب سے کھلا بعد اسکے یہودیون
ومنافقون مین کانا پھوسی شروع ہوئی کہ آدمی مکے سے آیا ہے مگر خیر خوش نہین لایا ہے جس سے سعد کو مسرت ہوئی ہو الغرض یہ خبر
مشہور ہوئی اور کفار قریش مکہ معظمہ سے باہر نکلے ابوعامر راہب اپنی قوم کے پچاس آدمی لیکر شامل لشکر کفار ہوا پس کفار قریش نے
جتھا باندھکر ذوالحلیفہ مین دیرہ ڈالا مدینون کا مقام پورے لشکر کا شمار کیا تو سرجنگی تین ہزار ہوئے اسمین سات سو زرہ پوش تھے
اور سامان یہ کہ تین ہزار اونٹ دو سو گھوڑے پندرہ سو زرہ ہزار خفیات اور سوا ہندہ ابوسفیان کی جورو بھی سب کے ساتھ اور جمیع کہار
وشر فاشل ابی سفیان اسود ابن مطلب وجبیر ابن مطعم وصفوان بن امیہ عکرمہ بن ابی جہل وحارث ابن ہشام وعبد اللہ ابن ربیعہ وخویطب
ابن عبد العزی وخالد ابن ولید وابوعزہ جمحی شاعر مع خویش واقارب اپنے سب اس لشکر مین موجود تھے سرداری اس لشکر کے ابوسفیان
برقرار پائی تھی ورسالداری خالد ابن ولید پر جب یہ سب اخبار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دریافت ہوئے تو آنجناب نے انس ابن سلمہ کو
منافق کو بنا بر تحقیق احوال لشکر جاسوس روانہ کیا وہ خبر لایا کہ عریض کے کھیتون مین کافرون نے اپنے لشکر کے اونٹ اور گھوڑے
چھوڑے ہین ایسا نظر آتا ہے کہ اب سبزہ باقی نہ رہیگا بعد اسکے بنا بر الحمیان دوسری بار حباب ابن المنذر کو روانہ فرمایا کہ تم خبر خوب تحقیق

عرض کرو وہ جب پلٹ کر آئے تو خبر مفصل مع کیفیت و کمیت لشکر بطابق تحریر عباس ابن عبد المطلب التماس کی اُس رات یعنی شب جمعہ جسکی صبح کو لڑائی ہونے والی تھی سعد ابن معاذ و سعد ابن عبادہ و اسید ابن حضیر باجماعہ دلاوران دودمان رسول مقبول پر بیدار رہے اور اکثر اصحاب باصفا حراست مدینہ طیبہ میں مصروف رہے اس غزوہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مرضی ہوئی کہ مدینہ سے باہر نہ نکلیں اسلیے اصحاب سے مشورہ فرمایا اکثر مہاجر و انصار نے نیز عبد اللہ ابن ابی ابن سلول منافق نے بھی حضرت رسول مقبول کی رائے سے موافقت کی اور کہا کہ ہمارا تجربہ شاہد ہے کہ عدم خروج میں ظفر ہوتا ہے اور ابی ابن کعب بھی اسمیں شریک ہوئے الا بعض جوانان انصار نیز غیب شہادت تمنی ہوئے کہ میدان میں نکل کر مقابلہ کفار نگون سار کرنا چاہیے حضرت حمزہ عم رسول اللہ و سعد ابن عبادہ و نعمان ابن مالک و قبائل اوس و خزرج نے اُنکی موافقت کی بالجملہ اس رود بدل میں اسقدر مبالغہ ہوا کہ حضرت صلعم بھی اُسی طرف مائل ہوئے چنانچہ صبح کو جمعہ کا دن تھا حضرت نے خطبہ فرمایا و بالہام حق اعلا کہ ان مطلع ہو علانیہ ارشاد کیا کہ اللہ کی مرضی فتح و نصرت کی ہے دل قوی رکھو اور لشکر آراستہ کرو پھر بعد نماز عصر حجرہ شریف میں تشریف لیگئے شیخین رضی اللہ عنہما ہمراہ تھے دونوں نے اپنے ہاتھ سے سر مبارک پر دستار باندھی اور دو زرہیں پہنا کر اوپر کا پٹکا کر سے باندھا اصحاب جان نثار بقدوم سید ابرار بیرون حجرہ منتظر تھے کہ حضرت صلعم اس شان سے تلوار حمائل کیے سر پشت پر لٹکائے نیزہ ہاتھ میں لیے تشریف لائے تو جن لوگوں کی مرضی باہر جانے پر قرار پائی تھی وہ سخت نادم ہوئے اور کہا یا رسول اللہ جو کچھ آپ کے دل میں ہو کیجیے ہم خلاف مرضی کرنا نہیں چاہتے فرمایا میں نے اول تم سے کہا تم نے نہ مانا اب میں سلاح باندھ کر کھول نہیں سکتا جب تک اللہ تعالے فیصلہ نفرما دے اب تو جو ارادہ کر چکے ہو کرو بشرط صبر فتح تمہاری ہے اگر میرے کہنے پر قائم رہو گے پھر تین نیزے طلب فرمائے اور تین جھنڈے تیار کرائے مہاجرین کا علم بردار علی مرتضی شیر خدا کو و بقولی مصعب ابن عمیر کو فرمایا اور قبیلہ اوس کا جھنڈا اسید ابن حضیر کو دیا اور طائفہ خزرج کا نیزہ و خباب ابن المنذر کو خواہ سعد ابن عبادہ کو بخشا اور عبد اللہ ابن عم مکتوم کو مدینہ مقدسہ میں اپنا خلیفہ فرمایا اور اسپ تیز گام خوش خرام پر سوار ہوئے کمان گردن سے لٹکائی نیزہ ہاتھ میں لیا اور جانب احد کہ تین کوس مدینے سے ایک پہاڑ ہے متوجہ ہوئے اُسوقت ہمراہ رکاب ظفر انتساب سو زرہ پوش تھے اور سعدین رضی اللہ عنہما مدار حجاج انصار زرہ میں بنے ہوئے پیش پیش اللہ کفار کی شرارت سے دل ریش شوق شہادت میں از ہر پیش چلے جاتے تھے دفعۃً جمال ابن سراقہ حضرت رقۃ للعالمین کے روبرو ہوا اور ٹھنڈی سانس بھر کر بولا یا رسول اللہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کل مارے جائینگے حضرت صلعم نے فرمایا الیس الدہر کلہ غدا زیادہ اس سے نہیں کیا بعد ازاں بنی نجار میں منزل فرمائی اور اپنے لشکر کی موجودات دیکھی تو جماعہ اطفال نوخیز ان سے مثل عبد اللہ ابن عمر ابن خطاب و زید ابن ثابت و اسامہ ابن زید ابن ارقم و براء ابن عازب و ولید بن عتبہ و غرابہ ابن اوس و ابو سعید خدری و سمرہ بن جندب و رافع بن خدیج بسبب کم سنی کے جھانٹ ڈالے گئے اور روانہ مدینہ ہوئے الا رافع و سمرہ اپنی استدعا سے رہ گئے جب آفتاب غروب ہوا بلال نے نماز مغرب کی اذان کہی حضرت نے نماز بجماعت ادا فرمائی رات بھر وہیں مقام ہوا یعنی حضرت صلعم نبی نجار میں فروکش ہوئے اور تمام اصحاب گرد خیمہ تقریب اترے اس رات محمد ابن مسلمہ نے پچاس آدمی لیکر لشکر کی حفاظت کی و ذکوان ابو سمع بن عبد قیس نے خیمہ مبارک کی

پاسبانی کی لشکر قریش وہان سے بہت نزدیک تھا سب حال یہان کا وہ لوگ مشاہدہ کرتے تھے کہ لشکر ظفر پیکر اسلام مین ہوشیاری ہی ہوشیاری ہی کہ وہ بھی ہوشیاری اپنی جوکی پہرے سے کرنے لگے الحاصل جانبین مین رات بھر ہوشیاری بیداری رہی صبح کو حضرت رسول مقبول صلعم سوار ہوئے وابوحشیمہ خازنے راہ بتلانے کو پیش پیش چلے قبیلہ بنی حارث مین ایک اندھے منافق بے ایمان بے شرم بے حمیت بے ایمان خاک کی لشکریون پر ڈالین جو کہ خاکساری وعاجزی وتسلیم وایمانی ہر کسی نے تعرض کیا مگر سعد بن زید اسہل نے نارافض ہوکر اس اندھے کی ایک کمان ماری تاکہ اپنی حرکت حاسدانہ سے باز آوے حضرت صلعم اس حرکت سے بھی ناراض ہوئے کہ خلاف حلم وبردباری ہے جب احد مین پہونچے صبح کا وقت تھا نماز صبح بجماعت ادا کی واقامت وامامت فرمائی اور عبداللہ ابن ابی سلول منافق کہ مع تین سو نفر بنی حارثہ وبنی سلمہ کے لشکر کے ساتھ تھا باوجود خواہش عبداللہ ابن حرام کی چلا گیا ایک روایت ہے کہ پہلی ہی منزل سے چلا گیا تھا کہ اہل مدینہ نے بہت ملامت کی اور اسکے رفقا نہایت پشیمان ہوئے بعد اسکے غزوہ اسلام نے بحکم سید انام علیہ السلام صفوف اہل اسلام آراستہ کین احد کو پشت گرد انا مدینہ پاسکیزہ کو رکھا عینین نفتح عین ونسکون تحتیہ علی صیغۃ التثنیہ جانب چپ قرار دیا یہ بھی ایک پہاڑی قریب احد واقع ہے اسمین ایک غار بھی تھا بنظور بدر آئندہ کفار رند حضرت علیہ السلام نے عبداللہ ابن جبیر کو بچاس تیر اندازون سے وہان معین فرمایا اور تاکید کردی کہ مقام نہ چھوڑنا غالب ہوئے تب بھی اور مغلوب ہوئے تب بھی دو نفر بیس نفر مین غازیان آراستہ فرمائی کہ عکاشہ ابن محصن اسدی یا زبیر ابن العوام کو میمنہ اور ابوسلمہ ابن عبدالاسد مخزومی کو میسرہ کیا اور ابوعبیدہ ابن الجراح وسعد ابن ابی وقاص کو آگے اور مقداد ابن الاسود کو پیچھے فرمایا اور امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو قلب مین جگہ دی اور امیر المومنین یعسوب المسلمین علی ابن ابی طالب کے معیت ومصاحبت اشجع العرب والعجم صلعم کی اختیار کی اور مترصد ہوئے کہ جس مقام سے ارشاد ہو اسی طرف توجہ ہو ان ادھر لشکر کفار نے بھی صف آرائی کی میمنہ مین میسرہ خالد ابن ولید کو اور میسرہ مین عکرمہ ابن ابی جہل کو اور ابوسفیان قلب لشکر مین ٹھہرا اور صفوان ابن امیہ مع عمرو ابن عاص سواروں کا سردار ہوا اور صحیح یہ ہے کہ صفوان مع توابع اپنے کے برابر رخنہ کوہ قایم ہوا اور عبداللہ ابن ابی ربیعہ تیر اندازون کا افسر مقرر پایا اور علم بردار طلحہ ابن ابی طلحہ ہوا جب حضرت صلعم نے یارون سے پوچھا علمدار اہل شرک کون شخص ہوا یارون نے عرض کیا کہ بنی عبدالدار فرمایا مصعب ابن عمیر علمدار اسلام ہو کہ وہ علم اسلام لیکر آگے ہوئے اہدم بردلیہ جانب اسلام ثابت سو نفر پیادے تھے اور لشکر کفار مین تین ہزار جب صفین آراستہ ہوین تو اول ابوعامر درویش فاسق مع اپنے توابع کے نکلا اور تیر مارنے لگا اور کہتا تھا انا ابوعامر اہل اسلام بولے لا مرحبا بک یا اہلا اور عورتون نے دف بجا کر اشعار گانا شروع کیے اور اپنے نامردون کو لڑائی کی تحریص کرنے لگین جبکہ جانب کفار سے تقدیم ہوئی تو اسطرف کے تیر اندازون نے بھی تیر اندازی شروع کی ابوعامر مع توابع دو واحق دو برداتی پندرہ دو برداتی پچاس نفر تھے بھاگا اسکے بھاگنے سے سوار ان مشرکین بھی بھاگ چلے اس حالت مین طلحہ ابن عثمان بنی عبدالدار میدان مین آکر کہا اے محمد صلعم تمہارا زعم یہ ہے کہ ہم لوگ تمہاری تلوار سے دوزخ مین جاتے ہین تم لوگ ہماری تلوار سے جنت مین جاتے ہو سو کون ہے جو میدان مین آوے کہ اسکو بہشت مین داخل کردون یا وہ مجھے دوزخ مین پہونچاوے اسی وقت حضرت امیر المومنین اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب تلوار کھینچ کر میدان مین آئے اور دو ضربہ نفرا ایک سر پر لگا اور دوسرا پیرین پر کہ مردود گرا اور برہنہ ہو گیا اسنے نہایت بیحیائی وبیحیاءت سے عقوق نوفیلی وقرابت یاد دلائے حضرت امیر سے درگذر کیا بات حضرت رحمۃ للعالمین صلعم نے پوچھا اے علی کس لیے اسکو چھوڑ دیا

التماس کیا کہ رحمت ربانی وصلہ رحم نے اُسکی شفاعت کی ناچار مین نے چھوڑدیا روایت ہی کہ مصعب ابن عمیر نے آخر کار قتل کیا ہی بعد اُسکے طلحہ ابن ابی طلحہ علم بردار نے میدان مین آکر پکارا جس کسی کو دعوی بہادری ہو نکل آئے اُسی وقت نقطہ دائرہ مطالب معبود علی حضرت امیر المومنین علی مرتضی شیر خدا مابین صفین جلوہ فرما ہوئے اور علمدار سے مقابلہ فرمایا اور ایک تلوار ماری کہ اُسکے سر زخم پہونچا اس حال مین اُسکی زوجہ نے دوڑ کر کہا اے علی اُسکو نہ مار آنجناب نے چھوڑدیا اور لشکر مین لوٹ آئے لوگون نے پوچھا اے علی طلحہ کا کام ناتمام کیونکر چھوڑ آئے فرمایا اُسکی عورت نے منت کی اس باعث سے مجھکو رحم آیا اور بعض اہل تحقیق نے لکھا ہی کہ آنجناب نے کام طلحہ کا تمام کردیا اور اُسکے مارے جانے سے لشکر اسلام مین بکبیر فتح ہونے لگی اور مشرکین قریش مین صورت اضطراب نمودار ہوئی بعد اُسکے عثمان ابن طلحہ نے علم لیا حمزہ ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے ایک تلوار ماری کہ اُسکا ہاتھ شانے سے جدا ہوگیا تب ابو سعید ابن ابی طلحہ نے علم لیا حضرت سعد ابن ابی وقاص نے ایک تیر مارا کہ حلق مین لگا اور زبان اُسکی مانند سگ نکل آئی پھر شافع ابن طلحہ ابن ابی طلحہ نے علم لیا عاصم ابن ثابت ابن ابی افلح نے اُسکو تیر سے مجروح کردیا کہ قریب ہلاکت پہونچا مشرکون نے اُسکی لاش سماۃ سلافہ بنت سعد اُسکی والدہ کے پاس پہونچائی اُسنے شافع سے پوچھا یہ تیر کس نے مارا وہ بولا صحیح معلوم نہین ہوتا مگر مارنے والا کہتا تھا خذہا وانا ابن ابی الافلح سلافہ نے عہد کیا کہ عاصم کے کاسہ سر مین شراب پیون تو سہی اور منادی کرائی کہ جو کوئی عاصم کو پکڑ لاوے زندہ یا سر لاوے اُسکو سو اونٹ انعام دونگی لیکن شافع اسی زخم سے داخل نار ہوا بعد اُسکے حارث ابن طلحہ ابن ابی طلحہ نے علم لیا تو زبیر ابن العوام رضی اللہ عنہ نے قتل کیا اور بعض کے نزدیک عاصم ابن ثابت نے اُسکو بھی مارا بعد اُسکے کلاب ابن طلحہ ابن ابی طلحہ نے غلام اُنھا اور علی مرتضی شیر خدا نے اُسکو مارا و بروایتی زبیر ابن العوام نے قتل کیا تب جلاس ابن طلحہ ابن ابی طلحہ نے علم لیا کہ طلحہ ابن عبید اللہ نے مارا بعد اُسکے ارطاۃ ابن شرحبیل نے علم لیا کہ علی مرتضی نے اُسکو بھی مارا تب شریح ابن قارض نے علم لیا وہ بھی قتل ہوا مگر قاتل اُسکا معلوم نہین ہوتا بعد ازان صواب غلام بنی عبد الدار نے علم لیا کہ بروایت بعضے حضرت علی نے و بروایتی سعد ابن ابی وقاص نے قتل کیا اور صحیح یہ ہی کہ قزمان نے مارا آخر کار علم کفار گر گیا اور کوئی شخص بنی عبد الدار کا نہ رہا جو علم برداری کرتے تب سماۃ عمرہ دختر علقمہ حارثیہ نے علم اُٹھا لیا اور اہل اسلام نے ثعلبہ تمام ہجوم کیا اور زبیر ابن العوام و مقداد ابن الاسود نے بین ولیسا سے خالد ابن ولید کو منہزم کیا اور حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے ابو سفیان کو قلب لشکر سے دور کیا صحیح مسلم مین حضرت انس سے روایت ہی کہ حضرت سید المرسلین صلعم نے ذوالفقار کو ہاتھ مین لیکے فرمایا کہ اس تلوار کو کون لیتا ہی لوگون نے ہاتھ بڑھائے کہ ہم کو دیجئے حضرت نے ارشاد کیا کہ اسکو وہ شخص لیوے جو کہ اسکا حق ادا کرے ابو دجانہ سماک انصاری نے عرض کیا یا رسول اللہ اسکا حق کیا ہی فرمایا اسکا حق یہ ہی کہ خوب پل کر لڑے سو ابو دجانہ نے ذوالفقار کو لیا اور دو میان دونون صفون کے اکڑتا پتیرے بدلتا چلا حضرت صلعم نے فرمایا انہا مشیۃ یبغضہا اللہ الا فی ہذا الموطن یعنی اسطرح تبختر و غرور کرتے ہوئے چلنا بیشک اللہ کو ناپسند ہی لڑائی کے میدان مین درست ہی زبیر ابن العوام کہتے ہین کہ مین بھی ابو دجانہ کے پیچھے گیا تاکہ دیکھون کیا کرتا ہی سو دیکھا تو جسطرف اُسنے منہ کیا صف کی صف اُلٹ پلٹ گئی روایت ہی کہ ابو دجانہ لڑتا ہوا اُس مقام مین پہونچا جہان سماۃ ہند عورتون کے ساتھ دف بجا بجا کر رجز پڑھتی تھی

ابو دجانہ کے دل مین آیا کہ ہند پر ایک تلوار ماردون لیکن اُسنے سوچا کہ پیغمبر خدا کے عطا کی ہوئی تلوار ایک عورت ناپاک کے خون سے آلودہ کرنا خوب نہین تب اُسنے اپنا ہاتھ روکا اور اُسکو نہ مارا روایت ہی کہ حنظلہ ابن ابی عامر رضی اللہ عنہ اور ابوسفیان ابن حرب سے مقابلہ ہوا تو حنظلہ نے تلوار ماری پیچھے سے شدّاد ابن اوس یا ابن جعونہ نے آکر حنظلہ کو شہید کیا اُسوقت حضرت صلعم نے فرمایا کہ ملائک حنظلہ کو غسل دے رہے ہین چنانچہ بعد معرکہ جمیلہ عورت حنظلہ نے کہا یا رسول اللہ بے شبہہ حنظلہ جب تمھا جب لڑائی کو گیا ہی بالجملہ بہادران اسلام نے کفار مکون سارے کو تلوارون پر رکھ لیا اور یہانتک تلوار چلائی کہ لشکر کفار اپنی قرارگاہ سے ہٹ گیا اور عورتین دف و سرود ڈال کر پہاڑ پر بھاگین مسلمانون نے کافرون کا تعاقب منا سب نہ جان کر جانب غنیمت توجہ کیا خالد ابن ولید و عکرمہ ابن ابی جہل نے کہ با جماعۂ مشرکین نمار کوہ سے لگے ہوئے تھے یہ معاملہ دیکھکر چاہا کہ غار سے نکل کر مسلمانون پر حملہ کرین عبداللہ ابن جبیر رضی اللہ عنہ نے اپنی جماعت سے اُنکو روکا اور درآمد کی جگہ پر ڈٹے ناچار پھر گئے اور ایک نمار مین ایسا پوشیدہ ہوئے کہ ہرگز کسینے نہ جانا اب گھاتی والے تیراندازون نے سوچا کہ اب اندیشہ نہین ہی چلو ہم بھی غنیمت مین شریک ہون عبداللہ ابن جبیر نے ہر چند روکا اور ڈانٹا باز نہ آئے اور خلاف فرمان قضا جریان رسول اللہ غنیمت پر دوڑ پڑے کہ عبداللہ بیس آدمیون سے کم مین رہ گئے خالد و عکرمہ با جماعہ کفار گھاتی مین در آئے اور عبداللہ کو مع انکے ہمراہیون کے شہید کیا اور اُسی کیفیت سے لشکر اسلام پر آگرے کہ جمعیت لشکر متفرق ہوگئی اور نافرمانی کی شامت سے لشکر اسلام درہم و برہم ہوگیا اور اسی حال مین ابلیس ملعون نے موقع وقت پاکر بصورت جعال ابن سراقہ کے بھیس بدلا اور پکار پکار کر کہنے لگا الا ان محمد اقد قتل یعنی آگاہ ہو کہ محمد مارے گئے اُسوقت مسلمان وہ نیدار کہ عاشق نثار سعید ابرار تھے یہ افواہ سنتے ہوئے مضطرب ہوگئے کہ باہم نوبت مجادلہ پہونچی چنانچہ اسید ابن حضیر کے کئی زخم مسلمانون کے ہاتھ سے لگے اور ایک انصاری نے ابوبردہ کے دو تلوارین ماریں اور کفار قریش جو بھاگے ہوئے جاتے تھے پلٹ پڑے اور اہل اسلام نرغہ مین پڑ گئے کہ فتنہ عظیم برپا ہوا حضرت زیاد ابن السکن مع چودہ نفر جوانان انصار ملازمت سید ابرار مین حاضر ہوئے اور سب لوگ تو بہ نوبت سینہ سپر ہوئے اور کہتے تھے وجہی لوجہک الوقار و نفسی لنفسک الفداء آخر کار سب کے بعد کافرون نے زیاد ابن السکن کو شہید کیا اور چاہا کہ سر انکا کاٹین مگر بعض بہادران اسلام نے قریب لاش کے آنے نہ دیا اور لاش کو حضرت صلعم کے حضور مین لائے کہ اُنھون نے قدم مبارک پر جان دی اور حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا یہ حال تھا کہ دونون ہاتھون مین تلوارین تھین اور دونون سے لڑتے تھے کہ وحشی کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور مصعب ابن عمیر علمدار اسلام ابن حمیہ کے ہاتھ سے شہید ہوئے اُسی وقت ایک فرشتہ آیا اُسنے بصورت مصعب ہوکر علم اسلام اُٹھایا اور آخر روز تک علمداری مین مصروف رہا جب لڑائی بند ہوئی تب آنجناب صلعم کی حضور مین آیا حضرت نے فرمایا تقدم یا مصعب اُسنے کہا مین مصعب نہین ہون آنجناب نے جانا کہ یہ فرشتہ ہی پھر وہ رخصت ہوگیا اور مصعب کی شہادت سے لوگون کو اطلاع ہوئی سبحان اللہ مصعب ابن عمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کا عجب ماجرا ہی کہ مصعب صلعم مہاجرین لیے ہوئے لڑتے تھے دفعۃً ابن خمیہ گھوڑے پر سوار آیا اور اُسنے تلوار مصعب کی سیدھے ہاتھ پر ماری کہ ہاتھ کٹ گیا

تب انھون نے علم کو دست چپ مین لیا اور فرمانے لگے ما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل سو ابن قمیہ نے اُس ہاتھ کو کاٹا پھر مصعب نے دونون بازو سے علم اُٹھایا اور یہ آیت زبان پر تھی حالانکہ اُسوقت تک نازل نہوئی تھی بعد اُسکے ابن قمیہ نے نیزہ مارا کر زمین پر گرے اور فرشتے نے علم اُٹھالیا اور جو بعض مورخین نے لکھا ہے کہ ابو الروم ابن عمیر نے علم اُٹھایا یہ روایت ضعیف ہے حقیقت یہ ہے کہ اللہ جلشانہ کو منظور نہوا کہ علمدار اسلام کی شہادت سے کوئی واقف ہو کیونکہ اگر اطلاع ہوجاتی تو زیادہ تر موجب ہمتی لشکر تھا اسلیے فرشتہ بھیجا تاکہ یہ سر مکشف نہو بالجملہ اس لڑائی مین صدہا مشرک مارے گئے اور غازیان اسلام سے بھی اکثر لوگ شہید ہوئے اور اس معرکہ مین پانچ خواہچہ کافرون نے عہد کیا تھا کہ رسول مقبول صلعم کو قتل کرینگے ایک عبد اللہ ابن شہاب زہری دوسرا عتبہ ابن ابی وقاص زہری تیسرا عبد اللہ ابن ابی وقاص زہری اور بعضے اسکی جگہ عبد اللہ ابن حمید اسدی کو لکھتے ہین مگر شیخ ابو دحانہ کے ہاتھ سے مارا گیا چوتھا عبد اللہ ابن قمیہ پانچوان ابی ابن خلف جمحی چھٹوان عبد اللہ ابن حمید اسدی چنانچہ ابن قمیہ نے حضرت صلعم کو پتھر مارے کہ حلقہ ہاے خود رخسار مبارک مین در آئے اور پیشانی نورانی مجروح ہوئی و محاسن شریف خون سے تر ہوگئی کہ آنجناب خون کو چادر سے پوچھتے اور منھ سر پر ملتے تھے اور فرماتے تھے کیونکر فلاح پاوینگے وہ لوگ جو اپنے پیغمبر سے ایسا کرین حالانکہ وہ خدا کی طرف بلاتا ہو پھر فرمایا اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون اور عبد اللہ ابن ابی وقاص کے پتھر سے لب زیرین مجروح ہوا اور رباعیہ زیرین گر گئے روایت ہے کہ اس مردود کی نسل مین جو کوئی ہوا اُسکے دندان پیشین نہین جمے اور ابن شہاب نے ایک پتھر کنی پر مارا تھا اسی لیے ابن قمیہ نے تلوار ماری سو اللہ نے اسطرح بچایا کہ اسی جگہ ایک گڈھا تھا اور حضرت اُسوقت دو زرہین پہنے سر زرہ و ہتیار دن کے بوجھ سے آہین گر پڑے اور لوگون کی نظر سے غائب ہوگئے اور زانو مبارک پھسل گئے طلحہ ابن عبد اللہ دوڑ کر آئے اور اپنی بغل مین لیا اور اپنے ہاتھ کو سپر کر دیا کہ ابن قمیہ نے اسی پر تلوار ماری کہ انگشت مسبحہ و وسطی دست راست بیکار ہوگئین اور ہاتھ زخمون سے چور ہوگیا اور شدت زخمون سے زمین پر گر گئے اس حال مین حضرت صدیق اکبر قدری آب حضرت کے پاس لے گئے آنجناب نے نہ پیا اور فرمایا کہ طلحہ کے پاس بھجاؤ صدیق اکبر فرماتے ہین کہ طلحہ بیہوش تھا اور خون جاری تھا مین نے پانی چھڑکا کہ ہوش آیا تو اُسنے اول یہی پوچھا کہ رسول اللہ کا احوال کیا ہے مین نے کہا آپ بخیریت ہین مجھے تیرے پاس بھیجا ہے طلحہ نے کہا الحمد للہ اب جو مصیبت ہوگی آسان ہے روایت ہے کہ ابن قمیہ نے جب حضرت پر تلوار ماری اور حضرت گڈھے مین گرے تو اُسنے پکار دیا کہ مین نے محمد کو مار لیا یہ خبر سنتے ہی ہوش نہ رہا تو انس ابن النضر عم انس ابن مالک رضی اللہ عنہ تلوار کھینچ کر لشکر کفار پر دوڑے اور سعد ابن وقاص سے کہنے لگے کہ والسلام احد کی طرف سے بوے بہشت آتی ہے یہ کہتے ہوے بجلی کی طرح لشکر کفار پر جا گرے اور خوب مقابلہ کیا آخر کار شہید ہوئے اور اتنے زخم کھائے کہ اُنکی لاش شہیدون مین پہچان نہ پڑتا تھا اُنکی بہن نے ایک تل کے سبب سے جو اُنکے ہاتھ کی انگلی مین تھا پہچانا روایت ہے کہ انکے زخمون سے کچھ زیادہ تیر و شمشیر و نیزہ کے زخم انس ابن النضر کے لگے تھے روایت ہے کہ عبد اللہ ابن حمید اسدی کافر حضرت رسول خدا کو زخمی کرنے لگا کہ اگر کوئی مجھکو نشان دے تو فوراً حضرت کو مار ڈالون یا خود مارا جاؤن کسی شریر نے دور سے بتلا دیا وہ مردود حضرت کا قصد کرکے چلا ابو دجانہ انصاری نے اُسکو راستے ہی مین ٹھنڈا کیا روایت ہے کہ

ابن قیبہ نے جس وقت حضرت کے تلوار ماری تو ازراہ تکبر بولا خذ ہا وانا ابن قریہ سید رسل نے فرمایا امماک اللہ وانا لک اسی سال مین یہ مردود پہاڑ پر بکریان چراتا تھا سو گیا کہ ایک بھیڑیے نے اکر پیٹ پھاڑ ڈالا صحیح مسلم مین ہے کہ اس حال مین حضرت نے سات مرتبہ فرمایا من یردہم عنا فلہ الجنۃ چنانچہ ایک صحابی نکلے اور کافرون سے لڑکر شہید ہوئے پھر کافرون نے ہجوم کیا پھر ارشاد فرمایا کہ جو کوئی کافرون کو مجھسے ہٹاوے اسکو بہشت ہے پھر دوسرے صحابی نکلے اور شہید ہوئے اسیطرح سات مرتبہ فرمایا سات صحابی نکل کر شہید ہوئے بخاری اور مسلم مین علی مرتضی شیر خدا اور سعد ابن وقاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ارم سعد تیر مار میرے ماں باپ تجھپر قربان یہ اسوقت حضرت نے فرمایا کہ جب کافرون نے ہجوم کرکے حضرت کو نرغہ کر لیا اور حضرت اور لوگون سے تیر لیکر سعد کو دیتے جاتے تھے اور سعد ابن وقاص بڑے تیر انداز تھے مصابیح مین علی مرتضی سے روایت ہے کہ مین نے حضرت صلعم سے کسی کے حق مین نہین سنا کہ میرے ماں باپ تجھپر قربان ہون سوائے سعد ابن وقاص کی اس حدیث سے سبحی فضیلت سعد ابن وقاص کی ثابت ہوئی سبحان اللہ کیسا رنگارنگ کی قدرت ہے آدمیون کے اختلاف مین کہ سعد ابن ابی وقاص تو ایسے حضرت کے جان نثار جنکو حضرت ایسی عمدہ فضیلت فرمائین اور انکا بیٹا عمر ابن سعد ایسا کہ بخت سخت دل کہ حضرت کے لخت جگر یعنی حضرت امام حسین علیہ السلام کو شہید کرے سچ ہے ولی سے شیطان پیدا کرنا اور شیطان سے ولی پیدا کرنا اللہ کی قدرت سے ہے روایت ہے کہ گروہ کفار مین حبان ابن العرقہ اور ابو سلمہ حبشی بڑے تیر انداز تھے سو حضرت نے سعد ابن وقاص کو انکے مقابلہ کو ارشاد کیا یہ خوش ہوکر تیر مارنے لگے سو ابن العرقہ نے ایک تیر مارا کہ وہ ام ایمن کی جامے پر داہنی طرف آلگا اور ام ایمن اسوقت اسلام کے مجروحون کو پانی پلاتی تھین جب تیر لگا تو انکا جامہ اتنا کھل گیا کہ ٹخنہ اور ساق ظاہر ہوگیا ابن عرقہ تبسم مار کر ہنسا حضرت کو یہ بات گران گذری آپ نے ایک تیر بلا پیکان سعد کو دیا اور فرمایا کہ یہ تیر ابن عرقہ کی طرف مار سعد رضی اللہ عنہ نے وہ تیر مارا تو اس مردود کے سینے پر جا کر لگا کہ زمین پر گرا اور بے ستر ہوگیا اور اپنی سزاے اعمال کو پہونچا حضرت نے یہ حال دیکھکر تبسم فرمایا اور سعد کے حق مین دعا کی کہ سعد مستجاب الدعوات ہوگئے کہ بعد اسکے لوگ اپنے مصائب مین اُنسے دعا کراتے روایت صحیح ہے کہ ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کے جب تیر چک گئے تو یہ گھبرا کے حضرت صلعم لکڑی زمین سے اٹھا اٹھا کر دیتے اور فرماتے کہ یہ لکڑی کمان مین رکھو کر مار سو وہ لکڑی تیر ہوجاتی اور اسی تیر کو دشمن پہ مارتے اور ایک نعرہ تکبیر باواز بلند کرتے انکی آواز کی نسبت حضرت صلعم نے فرمایا کہ لشکر مین طلحہ کی ایک آواز جالیس مرد سے بہتر ہے بوشیدہ نرہے کہ اس لڑائی مین ایسا نعرہ عظیم خبر موحش یعنی شہادت رسول اللہ سے پڑگیا کہ حضرت کے ساتھ کلہم اجمعین جو بارہ آدمی رہ گئے سات مہاجر اور سات انصار مہاجرون مین تو حضرت صدیق اکبر اور علی مرتضی اور عبد الرحمن ابن عوف اور سعد ابن ابی وقاص اور طلحہ ابن عبد اللہ اور ابو عبیدہ ابن الجراح اور زبیر ابن العوام رضی اللہ عنہم اور انصار سے خباب ابن المنذر اور ابو دجانہ اور عاصم ابن ثابت اور سہیل ابن حنیف اور اسید ابن حضیر اور سعد ابن معاذ رحارث ابن الصمہ رضی اللہ عنہم حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ جب کافرون نے نرغہ کیا تو حضرت صلعم میری نظر سے غائب ہوگئے مین نے ہر چند ڈھونڈھا پا نہ لگا آخر شہیدون کی [illegible]

دیکھا تب بھی نشان نہ چلا تو میرے دل مین آیا کہ عجب معاملہ ہی کہ نہ حضرت زندون مین نظر آتے ہین اور نہ مردون مین مگر
ایسا ہوا ہوگا کہ اللہ تعالی ہم سے ناراض ہوا اور اپنے پیغمبر کو آسمان پر اُٹھالیا پھر تو دل مین آیا کہ کفار سے مقابلہ کرکے تو بھی شہید
ہوجاؤ اور تلوار سنبھال سے لیکر مشرکون کی فوج مین گھسا اور ایسی شمشیر زنی کی کہ جمعیت اعداد ہم برہم ہوگئی اس حالت مین رسول اللہ
صلعم مجھے نظر پڑ گئے تو دل میرا خوش ہوا چنانچہ حضرت علی مرتضی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوئے سو کافرون نے حضرت
کو تنہا دیکھکر دو مرتبہ حملہ کیا پر علی مرتضی شیر خدا نے وہ شجاعت اور مردانگی خداداد دکھلائی کہ سب کافرون کے دانت کھٹے ہوگئے
اسی وقت حضرت جبرئیل نے آکر کہا کہ یا رسول اللہ یہ زور و قوت کا کمال درجہ ہی کہ علی مرتضی نے دکھلایا حضرت نے فرمایا کہ انہ منی
وانا منہ جبرئیل نے کہا انا منکما (رح الدرمین مولانا اصیل الدین محدث شافعی لکھتے ہین کہ اسوقت بلاشک ہاتف سے آواز آئی تھی
لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار سبحان اللہ کیا بڑی فضیلت حضرت علی مرتضی کی ہی کہ اسکے بیان کی حاجت نہین ہی اسی کلام
معجز نظام سے یہ ظاہر ہی تفصیل کی کیا حاجت ہی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
روے مبارک مجروح ہوگیا اور خود کے حلقے رخسارہ پاک مین بیٹھ گئے تو مین میدان جنگ سے آپ کی طرف چلا اثنائے راہ مین
ایک مرد نظر آیا کہ دوڑا ہوا چلا آتا تھا مین نے اپنے دل مین کہا اگر یہ محض رسول اللہ کے پاس جاتا ہو تو مین اور وہ بلا توقف خدمت
رسول مین حاضر ہون جب وہ شخص نزدیک آیا تو مین نے پہچانا کہ ابوعبیدہ ابن الجراح تھا اور حضرت ہی کی خدمت مین جاتا تھا
سو مین اور وہ دونون حضرت کے حضور مین گئے اُسنے مبادرت کرکے کہا کہ اے ابوبکر خود کے حلقے روے مبارک سے مین نکالونگا
مین نے کہا بہت اچھا سو اُسنے اپنا دانت خود کے حلقے پر رکھکر کھینچا حلقہ باہر نکل آیا مگر دانت اُسکا ٹوٹ گیا پھر دوسرا حلقہ
نکالا تو دوسرا دانت ٹوٹ گیا جب حلقے نکل آئے تو خون بہ نکلا ابوسعید خدری فرماتے ہین کہ میرے باپ مالک ابن سنان نے
موضع جرحت پر اپنا منہ لگا کر خون چوسا لوگون نے اُسے کہا کہ تو خون پیتا ہی اُسنے کہا ہان رسول اللہ کا خون شہد سے زیادہ شیرین ہی اور حضرت نے فرمایا
کہ جو کوئی ایسے شخص کو دیکھنا چاہے کہ اُسکے خون مین میرا خون ملا ہوا ہو تو مالک ابن سنان کو دیکھے پھر فرمایا جہنم میرا خون ملا ہوا آتش دوزخ اُسے نہ کریگی فائدہ (اس مقام سے
بڑی فضیلت سادات کی ظاہر ہوتی ہی روایت صحیح ہی کہ طلحہ نے اپنی پشت پر بائے مبارک رکھوا کر گڑھے سے نکالا اور علی مرتضی
نے دست مبارک پکڑ کر اپنی طرف سے کھینچا پھر جب حضرت گڑھے سے باہر نکلے تو کعب ابن مالک نے پہچان کر بآواز بلند پکارا یا معشر المسلمین
ابشروا ہذا رسول اللہ حیا سوی یا اور انکی سے اشارہ کردیا جب مسلمانون نے سنا کہ حضرت بخیر و عافیت ہین ہر طرف سے جمع
ہوآئے کہ سعید رسل جماعت اہل اسلام کے ساتھ نار احد کی طرف متوجہ ہوئے سماۃ ہند عورت ابوسفیان کی اور قریش کی
سارے خوشین میدان خالی پاکر اہل اسلام کے مقتولون کی لاشون مین گھس پڑین اور کسی کا پیٹ چیر ڈالا اور کسی کا کلیجہ
نکال لیا کسی کے ناک کان [illegible] چنانچہ ہند نے حضرت امیر حمزہ کا کلیجہ نکال کر چبا سا ہی مگر خطرہ نگل کو چھوڑ دیا تھا اسی سبب سے
کہ باپ اُنکا ابوعامر راہب جسکو حضرت نے فاسق کہدیا تھا مشرکون کے ساتھ تھا مگر روایت اہل سیر کی یون ہی کہ وحشی قاتل
امیر حمزہ نے کلیجہ نکالکر ہند کو دیا اور کہا کہ دیکھ یہ جگر حمزہ تیرے باپ کے قاتل کا ہی تب اُسنے جگر لیکر چبا سا اور اپنے کپڑے

اور زیور وحشی کو انعام مین دیے اور وحشی ہند کو اپنے ساتھ لاش امیر حمزہ پر لیگیا اُسنے ناک کان کاٹ لیے اور مکے کو لیگئی اور لاش وہین پڑی رہی باجملہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم باجملہ اصحاب پہاڑ کے نیچے پہونچے ابوسفیان نے مشرکون سے مشورہ کیا کہ مسلمانون کو تمار مین جانے دین اور آگے بڑھا حضرت نے خدا سے دعا مانگی کہ اللھم لیس لھم ان یعلونا یعنی اے اللہ ان لوگون کو یہ بات حاصل نہو کہ ہم پر بلند اور غالب ہوجائین حق تعالی نے ایسا رعب دل مین ڈال دیا کہ اپنی جگہ سے کافر بڑھ نہ سکے اور حضرت نے غایت ضعف سے نماز ظہر بیٹھکر پڑھی بعد ازان ارادہ کیا کہ پھر بالاے کوہ چلین راہ مین ایک تپھر ملا کہ حضرت ضعف کے سبب سے اُسپر چڑھ نہ سکے طلحہ بیٹھ گئے اور حضرت پاے مبارک اُنکی پشت پر رکھکر اوپر چڑھے اب ابوسفیان کا یہ ارادہ ہوا کہ اپنے لشکر کو لیکر مکے کو چلا جاے لیکن سب مشرکون نے ملکر یہ صلاح کی کہ مکے کو چلنے سے پہلے یہ دریافت کرلین کہ محمد زندہ ہین یا نہین اور یہ جانتے تھے کہ حضرت شہید ہوگئے اور خواص اصحاب آپ کے بھی مارے گئے ہین صحیح بخاری مین براء ابن عازب سے روایت ہے کہ ابوسفیان بلندی سے نیچے آیا اور پکارا انی القوم محمد یعنی قوم مین محمد بھی ہین حضرت صلعم نے فرمایا کوئی جواب نہ دو سو کسی نے جواب نہ دیا تب اُسنے کہا انی القوم ابن ابی قحافہ یہان سے پھر بھی جواب نہ ملا تب ابوسفیان نے کہا انی القوم عمر ابن الخطاب یہان سے پھر بھی جواب نہ ملا تب ابوسفیان نے قوم سے کہا کہ سب مارے گئے اگر زندہ ہوتے تو جواب دیتے حضرت عمر سے نرہا گیا سو بآواز بلند ابوسفیان کو پکار کر بولے کہ اے دشمن خدا تو جھوٹ کہتا ہے کہ سب مارے گئے اللہ تعالی نے تیری جان مارنے کو سب کو زندہ رکھا ہے پھر ابوسفیان نے اپنے بتون کی تعریف کرنی شروع کی حضرت نے فرمایا کہ کچھ جواب نہ دو اصحاب نے عرض کیا پھر کیا کہین فرمایا یہ کہو اللہ اعلی واجل یہ سنکر ابوسفیان نے کہا لنا العزی ولا عزی لکم حضرت نے فرمایا کہو اللہ مولانا ولا مولی لکم ابوسفیان نے پکار کر کہا کہ آج کافرون بدر کی لڑائی کا جواب ہے اور لڑائی کا معاملہ نوبت بنوبت ہوتا ہے اور باری باری سے ہوتا ہے کبھی ہم کو موقع مل گیا کبھی تم کو تم اپنے مقتولون کو دیکھو کوئی مُثلہ اور کوئی بوچا ہوگیا ہے حضرت عمر نے جواب مین کہا کہ آج کا دن بدر کے برابر نہین ہے ہمارے مقتول بہشت مین ہین اور تمھارے مقتول دوزخ مین ابوسفیان نے کہا کہ ہمارے تمھارے دوسرے سال کا وعدہ ہے پھر بدر پر لڑائی ہوگی حضرت نے فرمایا کہ اس سے کہدو اچھا اسی پر قایم رہنا پھر ابوسفیان اپنی قوم لیکر ڈرتا کانپتا مکے کو روانہ ہوا تو مسلمانون کو یہ خدشہ ہوا کہ شاید یہ لوگ مدینے کو چلے جائین اور اُسکو لوٹین اس واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علی مرتضی اور سعد ابن وقاص کو انکے پیچھے پیچھے روانہ کیا آخر وہ سب مکے کو چلے گئے اُنھون نے حضرت کو اطلاع کی کہ آپ کو خاطر جمعی ہوئی روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمادیا تھا کہ اگر اونٹون پر سوار ہون اور گھوڑون کو کوتل لیجائین تو جانیو کہ مدینے کو جاتے ہین اور نہین تو مکے کو سو اِن دونون صاحبون نے اسی قرینے سے جانا کہ مدینے کو نہ جائینگے تو اوٹ کر حضرت کو خبر دی کہ آپ کو اطمینان ہوا جب مشرک لوگ چلے گئے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میدان مین تشریف لائے اور اپنے شہیدون کو دیکھا تو اعیان مہاجرین سے چار شخص جلیل القدر شہید ہوئے تھے حضرت امیر حمزہ ابن عبدالمطلب کہ عم بزرگوار رسول اللہ اور بھائی رضاعی آپ کے تھے انکو وحشی ابن حرب حبشی نے شہید کیا تھا حال یہ ہوا کہ لڑائی کے ہنگامے مین جبیر ابن مطعم وحشی سے

کہا کہ اگر تو حمزہ کو قتل کرکے ملیمہ ابن عدی میرے چچا کا بدلہ لے تو مین تجھے اپنے ملک سے آزاد کردون اور ساتھ ہندبھی اکثر وحشی سے یہی کہا کرتی تھی کہ تو حمزہ کو جسنے بدر کی لڑائی مین میرے باپ عتبہ کو مارا ہی کسی طرح مارڈال تو مین انعام دون اور حارث ابن عامر ابن نوفل کے بیٹے یہ کہتی تھی کہ اے وحشی اگر تو محمد یا علی یا حمزہ سے ایک کو بھی قتل کرے تو آزاد کردون چنانچہ وحشی نے اول حضرت علی مرتضیٰ کو تلاش کیا جس وقت انکا سامنا ہوا تو انکی شجاعت اور بہادری اور بیداری ہوشیاری سے طرح دیکر نکل گیا یکایک حضرت امیر حمزہ مثل شیر مست نظر آگئے اور انکے آنے سے فوج قریش کی درہم برہم ہوگئی اور سباع ابن عبدالعزی خزاعی نے مقابلہ کیا تو امیر حمزہ نے اسکو قتل کیا وحشی کہتا ہی کہ مین یہ حال دیکھکر ایک پتھر کی آڑ مین لگ رہا جب امیر حمزہ رضی اللہ عنہ سباع کو قتل کرکے پلٹے اور میری کمین گاہ کے متصل آئے تو مین نے حربہ چلایا اور میرا حربہ کبھی خالی نہ جاتا تھا سو وہ حربہ زیر شکم و بر دو ثنیے زیر ناف لگا حمزہ مجھ پر لپکے مین بھاگا وہ پیچھے دوڑے مگر شدت زخم سے راہ مین گرے سو دشمنون نے میری مدد کرکے شہید کردالا پھر مین نے خنجر سے کلیجہ نکال کر ہند کو دیا بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ ستر پانوے زخم تیر و تلوار و نیزے کے جسم مبارک حمزہ پر تھے مگر کوئی زخم آنجناب کی پشت پر نہ تھا محققین اہل سیر نے لکھا ہی کہ حضرت صلعم نے جب لاش کو دیکھا تو سخت رنج اٹھایا کہ ویسا رنج کبھی نہین ہوا تھا اور اسی وقت فرمایا کہ واللہ اگر مجھکو فتح دے اللہ ان کافرون پر تو ستر کافرون کو بعوض حمزہ کے قتل کرون حضرت جبرئیل نے اللہ صاحب کی طرف سے کہا وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم بہ ولئن صبرتم لھو خیر للصابرین اسی وقت سے حضرت صلعم نے مثلہ کرنے سے نہی فرمائی مگر اللہ تعالی اپنے پیغمبر کو بھیجا کہ فتح مکہ مین خالد ابن ولید کے مقابلہ مین تیرہ کافر مارے گئے کہ تفصیل اسکی فتح مکہ مین لکھی جائیگی اور حدیث شریف مین ہی کہ دیکھا مین نے فرشتون کو غسل دیتے ہین حمزہ ابن عبدالمطلب کو اور حنظلہ ابن راہب کو اور یہ بھی فرمایا لکھے ہوئے ہین خدا کے نزدیک ساتوین آسمان مین حمزہ ابن عبدالمطلب اسد اللہ و اسد رسولہ دوسرے عبداللہ ابن جحش ابن رباب اسدی ابن عمہ رسول اللہ کہ ابن احت حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے تھے بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ حضرت صلعم کو حضرت حمزہ کے دفن کرنے کا ارادہ نہ تھا بلکہ فرماتے تھے کہ مین انکو اسی طرح رہنے دیتا کہ بروز قیامت پرندون اور درندون کے پیٹ سے اٹھائے جاتے لیکن یہ خیال آتا ہی کہ حمزہ کی بہن صفیہ برا مانیگی اور تمام اہل بیت پر یہ بات گران گذریگی اور سب لوگ اس فعل کو سنت سمجھکر پیروی کرنے لگینگے بعد ازان عبداللہ ابن جحش اور حمزہ رضی اللہ عنہما کو ایک ہی قبر مین دفن فرمایا اب ایک قبہ عظیم اس مقام مین بنا ہوا ہی تیسرے مصعب ابن عمیر عبدری کہ ابن قمیہ لیثی کے ہاتھ سے شہید ہوئے یہ حضرت مصعب قرشی عبدری اجلہ صحابہ اور فضلاء کاملین سے ہین اور اول مہاجرین مین ہین اور بدری صحابی ہین انھین نے اہل مدینہ کو قرآن پڑھایا اور انھین نے اول جمعہ مدینے مین پڑھا اور یہ دو بھائی تھے ایک عامر بن عمیر دوسرے مصعب ابن عمیر اور دونون کا مالداری مین ایک حال تھا کیونکہ اپنے باپ کا ترکہ دونون نے پایا تھا مگر ماں انکی انکو بہت پیار کرتی تھی اور ایام جاہلیت مین مصعب بڑے چین مین بسر کرتے تھے اور بہت اچھا لباس پہنتے تھے جب حضرت کی صحبت سے سرفراز ہوئے تو زہد و فقر اختیار کیا اور لذتین دنیا کی چھوڑین کہ انکی شان مین اللہ صاحب نے فرمایا وھی النفس عن الھوی فان الجنۃ ھی المادی حدیث شریف مین وارد ہی کہ ایک روز مصعب حضرت کے پاس

یعنے جو کوئی روکے اپنے جی کو ہوس سے سو بیشک بہشت ہی ٹھکانا اس کا ۱۲

آئے اس حال مین کہ تسمہ کمر ہی کے چمڑے کا کمر سے باندھے تھے حضرت نے فرمایا ننگا ہو کر دو اسکو اللہ نے رسوا کیا ہے اور مشرکین کیا ہے کہ دل نور ایمان سے بھرے دیکھا ہے کہ والدین اسکے بہترین طعام کھلاتے تھے اور مین نے دیکھا ہے اسپر جو ردہ دو سو درہم کا اب باعث ہوئی محبت خدا اور رسول کی جو اس حالت کو پہونچا ہے بالجملہ مصعب کو یہ آزادگی حاصل ہوئی تھی کہ انکے کفن کے واسطے سوائے ایک لنگ کے کچھ نہ ملا وہ بھی قدسے چھوٹا کہ اگر یہ چھپاتے تو سر کھلتا تھا اور جو سر ڈھانکتے تھے تو پیر کھلتے تھے تب حضرت نے فرمایا کہ سر چھپاؤ اور پیر اذخر کہاس سے بند کرو اور دوسرے بھائی دنیا کی لذتون مین گرفتار رہا اور ایمان بھی نہ لایا آخر کار غزوہ بدر مین مارا گیا اسی کے حال مین یہ آیت نازل ہوئی فامامن طغی واثر الحیوۃ الدنیا فان الجحیم ہی الماوی یعنی پس جسنے شرارت کی اور بہتر سمجھا دنیا کا جینا سو دوزخ ہی ہے ٹھکانا اور بخاری اور مسلم نے جناب بن الارت سے روایت کیا ہے کہ کہا انھون نے ہجرت کی ہمنے ساتھ رسول اللہ صلعم کے اس حال مین کہ طلب کرتے تھے ہم ذات خدا کی پس واقع ہوا ثواب ہمارا خدا کے نزدیک سو بعضے ہم مین سے وہ ہین جو گذر گئے اس عالم اور نہین کھایا انھے اجر سے یعنی دنیا کے اجر سے کچھ یعنی قسم غنائم وغیرہ سے انمین مصعب ابن عمیر ہین رہے گئے بروز احد اور نہ پایا گیا انکے لیے کپڑا کہ کفن دیے جائین اسمین مگر ایک کملی سیاہ منقش مانند رنگ نمر یعنی چیتے کے اور وہ بھی پوری نہ تھی کہ سر سے پیرون تک ڈھک جائے پس تھے ہم جس وقت ڈھانکتے سر انکا تو کھلے رہتے پیر انکے اور جس وقت ڈھانکتے ہم پیر انکے تو کھلا رہتا سر انکا سو ہم متحیر ہوئے انکے امر مین پس فرمایا نبی صلعم نے ڈھانک دو اس سے سر انکا اور دیکھو اسکے پیرون پر اذخر کہ نام ہے ایک گھاس کا کہ مکے مین ہوتی ہے اور بعضے امور مین کام آتی ہے اور بعضے ہم نے وہ ہین کہ پختہ ہوا واسطے انکے میوہ انکا پس وہ چنتے ہین اس میوے کو یہ کنایہ ہے غنیمتون سے کہ پایا اسکو ان لوگون نے زمانہ فتوح بلاد مین خلاصہ کلام یہ ہے کہ بعضے وہ ہین کہ نہین جلدی لیا انے ثواب مین سے کچھ اور بعضے وہ ہین کہ جلدی لیا بعض ثواب اپنا اور حدیث مین آیا ہے کہ نہین کوئی جماعت جہاد کرنیوالی کہ جہاد کرے اللہ کی راہ مین پھر بچ رہے وے غنیمت مگر کہ جلدی لے لیا دو تہائی اجر اپنا اور باقی رہا انکے لیے تہائی اجر یعنی آخرت کا سو مصعب ابن عمیر قسم اول مین ہے کہ انھون نے کچھ دنیا کا ثواب نہین لیا جو تھے شماس مخزومی تھے کہ انکو بھی حضرت نے دفن کرایا اور انصار عصر دارن کے ایک جماعۃ شہید ہوئی تھی از انجملہ ایک عبداللہ ابن عمر ابن حرام حضرت جابر کے والد بزرگوار تھے کہ انکو آنحضرت صلعم نے عمرو ابن الجموح انکے بھتیجے زاد بھائی کے ساتھ ایک قبر مین دفن کیا صحیح بخاری مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین جب شہید ہوئے میرے باپ بروز احد تو مین روتا تھا اور کپڑا انکے منہ سے اٹھاتا تھا اور اصحاب رسول اللہ صلعم مجکو منع کرتے تھے مگر حضرت صلعم نے منع نہین کیا اسقدر فرمایا کہ تو گریہ وزاری کر قیامت تک ملائکہ اپنے پرون سے اسپر سایہ کیے ہین گے اور ترمذی نے جابر سے روایت کیا کہ کہا انھون نے کہ ملے مجھسے رسول اللہ فرمایا اے جابر کیا ہے مجکو کہ دیکھتا ہون تجکو شکستہ خاطر کہا مین نے شہید کیا گیا باپ میرا اور چھوڑے انھون نے عیال و قرض فرمایا کیا خوشخبری ندون تجکو اس خبر کی کہ پیش آیا خدا ساتھ اسکے تیرے باپ سے کہا مین نے ہان خبر دیجیے یا رسول اللہ فرمایا کہ نہین کلام کیا اللہ نے کسی سے ہرگز مگر پردہ کے پیچھے سے اور زندہ کیا خدا نے تیرے باپ کو اور کلام کیا اس سے روبرو کہ نہ پردہ تھا بیچ مین اور نہ رسول اور فرمایا خدا نے اے بندے میرے آرزو کر مین تجھکو کہا اسنے اے پروردگار مین یہ آرزو رکھتا ہون اور چاہتا ہون کہ زندہ کرے تو مجکو اور بھیجے دنیا مین پس مارا جاؤن تیری راہ مین دوسری بار فرمایا پروردگار نے کہ تحقیق گذرا ہے حکم میرا کہ مردے نہین پھر کر آوینگے دنیا مین پس نازل ہوئی یہ آیت ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ انخ دوسرے سعد ابن ربیع کہ انکو حضرت رسول اللہ صلعم نے خارجہ ابن زید رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک قبر مین دفن کیا

تیسرے انس ابن النضر رضی اللہ عنہ کہ انس ابن مالک کے چچا تھے جو تھے مالک ابن سنان رضی اللہ عنہ کہ والد ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ
کے تھے پانچویں حنظلہ ابن ابی عامر راہب رضی اللہ عنہ کہ انکو فرشتوں نے غسل دیا چھٹے عبد اللہ ابن جبیر رضی اللہ عنہ برادر خواتین جبیر کہ پہاڑ درے
ناکے پر تھے ساتویں عمرو ابن الجموح آٹھویں ہیرم سہیلی کہ عین معرکہ احد مین ایمان لائے اور فی الفور میدان کارزار مین جاکر شہید ہوئے اور
حضرت صلعم نے انکے حق مین ارشاد فرمایا از من اہل الجنۃ نویں عمر ابن اطہام رضی اللہ عنہ انھون نے عین معرکہ جنگ مین حضرت صلعم سے التماس کیا
کہ یا رسول اللہ صلعم جو کوئی اس معرکے مین مارا جاے وہ کہان ہیگا فرمایا بہشت مین اُسوقت کئی خرمے اُنکے ہاتھ مین تھے سو انکو پھینک
فوج کافران اور مشرکون مین گھسے اور شہید ہوئے داخل جملہ شہدا اُحد سات شخص قوم انصار کے ہین جنھون نے یہ حدیث سنکر کہ من یردہم عنا
فلہم الجنۃ اپنے نفوس کو فداے رسول الثقلین کر دیا روایت ہے کہ آخر انکے زیاد ابن السکن یا عمارہ ابن یزید ابن السکن تھے اور آزاد نجار یمان والد حذیفہ
اور ثابت ابن قیس رضی اللہ عنہما ہین کہ ثابت رضی اللہ عنہ مشرکون کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور یمان رضی اللہ عنہ مسلمانون کے ہاتھ سے گھبراہٹ
مین قتل ہوے چنانچہ رسول اللہ صلعم نے انکی دیت دلوانا چاہتے تھے مگر حذیفہ رضی نے عفو فرمایا یہ حذیفہ ابن الیمان صاحب سر رسول اللہ صلعم
تھے اور آن اسرار مین سے یہ تھا کہ حضرت نے انکو نام منافقون کی اور نسب اور علامتین انکی تا دین تھین کہ سوا اُنکے یہ بھید کوئی نہ جانتا تھا
مروی ہے کہ امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ نے ایک روز حذیفہ سے پوچھا آیا کچھ دیکھتا ہو مجھ مین نشانی نفاق کی تم قسم خدا کی کچھ نہین سوا اسکے
کہ لوگ کہتے ہین کہ تمھارے ہمسر حوان پر رنگ رنگ کے کھانے ہوتے ہین اور جب تحقیق کیا تو معلوم ہوا کہ اندیشے انکو تو اندرون شدید ہوے
وفات پائی انھون نے مدینہ مین سال سی و پنج ہجری مین اور مدفون ہوے بالجملہ متفق اہل سیر نے کہا ہے کہ اُحد مین پچاسی مسلمان
شہید ہوے مگر صحیح بخاری مین ستر آدمی لکھے ہین چھ تو مہاجرین سے اور باقی انصار رضی اللہ عنہم اجمعین و ہوا قرباء الصواب پوشیدہ نہ رہے
کہ اس معرکہ مین ابی ابن خلف حضرت کے ہاتھ سے زخمی ہوکر بھاگا اور راہ مین مر گیا سوا اسکے اور کوئی شخص حضرت کے ہاتھ سے مارا نہین
گیا مسلمون مین سے کہ حضرت نے فرمایا جو شخص جہاد مین پیٹھ کے ہاتھ سے مارا جاے اسپر غضب خدا کا ہے اور کتب تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ ابی ابن خلف
ملعون اول بدر کے قیدیون مین گرفتار ہوکر آیا تھا اور فدیہ دیکر قبول کرکے چھوٹ گیا اور کہ گیا کہ مین نے گھوڑے کو خوب طیار کرکے
تم سے لڑونگا اور تمھارے قتل بغیر نہ چھوڑونگا حضرت نے بسلم ہوت از راہ مشین گوئی فرمایا تھا کہ انشاء اللہ مین تجھے قتل کرونگا اور تو اسی گھوڑے
سوار زخم کھاکر مارا جاویگا سو غزوہ احد مین حضرت نے اپنے اصحاب سے فرمایا تھا کہ جب ابی ابن خلف نظر پڑے تو مجھے اطلاع کرنا جب احد کی
لڑائی ختم ہونے کو پہونچی اور حضرت نے شعب احد مین جانے کا ارادہ کیا تو دفعتہ ابی ابن خلف ظاہر ہوا اور اُسنے پکار کر کہا اے محمد اگر تو آج کے روز
ابی کے ہاتھ سے بچ جاؤ تو خدا ابی کو نہ بخشیو اور کئی کلمے بے ادبانہ کہے اصحاب نے عرض کیا کہ ابی آپہونچا جیسا ارشاد ہو کیا جاے اگر فرمایئے تو ہم
ماریں حضرت نے فرمایا صبر کرو اتنے مین ابی بہت قریب آیا حضرت صلعم نے زبیر رضی اللہ عنہ کا حربہ ہاتھ مین لیکر ابی کی طرف پھینکا کہ اس ملعون
کی گردن پر لگا کہ وہ گھوڑے سے سوار ہی جا گرا اور قوم مین پہنچکر گھوڑے سے گرپڑا اور چلاتے چلاتے پھرتے قتا مرا اور ان یا فرغ شرہ مین گیا جب ابی ابن خلف
مردود واصل جہنم ہوا تو لشکر کفار مین پہونچا تو لوگون نے کہا تیرے ایسا تم کا ری نہین لگا ہے جس سے تو ایسا متوحش ہوا ہے اُسنے کہا محمد کے ہاتھ کا
زخم ہو اگر وہ تھوک دیتے تو مر جاتا بیہقی نے حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایکبار مین رات کو بطن رابغ مین جہان

ابی ابن خلف مرا تھا جدا جاتا تھا دیکھا کہ ایک شخص آگ کی زنجیر مین بندھا ہوا چلا تا ہی کہ مجھے پانی دو اور ایک محافظ اُسکے ساتھ ہی وہ کہتا ہی خبردار پانی نہ دینا یہ مقتول رسول مقبول ہی ابی ابن خلف کا فر فائدہ صحیح بخاری مین سعد ابن وقاص سے روایت ہی کہ اس غزوہ مین مین نے دو شخص سفید کپڑے پہنے حضرت کے ساتھ دیکھے کہ نہ مین نے قبل اس سے دیکھا تھا اور نہ کبھون بعد اُسکے دیکھا اور وہ دونون لڑتے بھی تھے وہ دونون جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام تھے اور بعض روایات مین ہی کہ اس لڑائی مین اور ملائکہ بھی حاضر تھے مگر عمواً نہین لڑے الا جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام اور یہی صحیح بخاری مین ہی کہ مشرکین سے بائیس آدمی داخل نار ہوئے مین القصہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کو دفن کرایا اور ستر مرتبہ استغفار فرمایا اور دو دن ٹھہلتے مدینے کو مراجعت فرما ہوئے راہ مین جس قبیلے پر گذر ہوا اُسکے عورت و مرد دوڑے آئے اور رسول خدا کی سلامتی پر شاد ہوئے اور شکر الٰہی بجا لائے اور جب حضرت مدینے مین قبیلہ بنی عبد الاشہل پر پہونچے تو کبشہ بنت رافع ابن معونہ سعد ابن معاذ کی ماں باہر آئین اور حضرت کی طرف دوڑین دیکھا کہ سعد ابن معاذ حضرت کے گھوڑے کی باگ پکڑے ہوئے تھے سعد نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میری ماں آپ کے حضور مین آئی ہی ذرا ٹھہر جائیے حضرت ٹھہر گئے سو وہ موئنہ پاک نزدیک آئی و رجال مبارک کی زیارت کر کے بولی یا رسول اللہ مین خدا کا شکر کرتی ہون کہ مین نے آپ کو سلامت پایا اب جو مصیبت گذرنی ہی آسان ہی پھر حضرت نے عمر ابن معاذ کی تعزیت کر کے اُنکو بہشت کی بشارت دی اُس ضعیفہ نے خوش ہو کر کہا یا رسول اللہ مین بہت خوش ہون پھر حضرت نے سعد ابن معاذ سے کہا کہ میرے ساتھ زخمی بہت ہین مناسب ہی کہ جلد اپنے اپنے گھرون مین پہونچکر زخمون کی دوا کرین میرے ساتھ چلنا ضرور نہین کیونکہ اُنکو تکلیف ہوگی سعد نے یہ حکم سب بنی عبد الاشہل کو سنا دیا وے لوگ اپنے اپنے گھرون کو روانہ ہوئے اور سب قریب تیس آدمی کے تھے اور سعد حضرت کے ساتھ در دولت تک آئے پھر رخصت ہو کر گھر گئے جب انصار اپنے اپنے گھرون مین پہونچے تو اکثر نے اپنی عورتون سے کہا کہ تم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے گھر جاؤ اور اُنکے یہان رسم تعزیت ادا کرو چنانچہ سب عورتین متفق ہو کر حضرت حمزہ سید الشہدا کے گھر گئین اور آدھی رات تک گریہ و زاری مشغول رہین حضرت اُسوقت سوتے تھے جب بیدار ہوئے تو آپ نے آواز رونے کی سنکر منع کیا اور یہی تاکید شدید فرمائی اس جملہ سے معلوم ہوا کہ نوحہ کرنا ممنوع ہی کیونکہ اگر رونا مصیبت سے رونا ہی تو بیشبہی ہی اور بیشبہی کے واسطے امتناع ہی اور اگر بناوٹ ہی تو مسلمان کو بناوٹ ورنا ممنوع ہی اور احادیث صحاح سے معلوم ہوتا ہی کہ جب حضرت نے آواز رونے کی سنی تو پوچھا کون روتا ہی لوگون نے کہا کہ عورتین انصار کی اپنے شہیدون پر نوحہ کرتی ہین حضرت نے فرمایا کہ حمزہ ابن عبد المطلب کو کوئی نہین روتا سعد ابن معاذ اور اسید ابن حضیر نے اپنے قوم کی عورتون سے کہا کہ تم حمزہ ابن عبد المطلب پر گریہ کرو اور اپنے شہیدون کو چھوڑو سو سب عورتین مسجد کے دروازے پر پہنچکر رونے لگین یہانتک کہ حضرت صلعم تشریف لائے تو فرمایا کہ یرحمکن اللہ فقد آسیتین بانفسکن یعنی تم پر اللہ رحم کرے تم نے اپنے نفسون کے واسطے برا کیا اسی وقت سے نوحہ گری ممنوع ہوئی فائدہ اس لڑائی مین بعض مسلمان کامل تھے بسبب شیوع خبر شہادت رسول اللہ صلعم کے ہٹ گئے تھے اسی پر سورۂ آل عمران مین ارشاد ہوا ہی وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیہ فلن یضر اللہ شیئا وسیجزی اللہ الشاکرین یعنی محمد تو ایک رسول ہی ہو چکے پہلے اُس سے بہت رسول پھر گیا اگر وہ مر گیا یا مارا گیا تم پھر جاؤ گے

آئے پانون اور جو کوئی پھر جاویگا اپنے پانون وہ نہ بگاڑیگا اللہ کا کچھ اور اللہ ثواب دیگا بھلائی والون کو خلاصہ یہ کہ رسول زندہ رہے یا مرے دین اللہ کا ہمیشہ قائم رہیگا اس آیت مین یہ اشارہ ہے کہ بعد وفات حضرت کے بعض لوگ پھر جائینگے اور جو قائم رہینگے انکو بڑا ثواب ہے اسی طرح ہوا کہ بعد وفات حضرت کے بہت لوگ مرتد ہوگئے حضرت صدیق نے انکو پھر مسلمان کیا اور بعض کو قتل کیا تنبیہ اس لڑائی مین دو جگہیان ہوئین ایک یہ کہ حضرت نے پچاس تیر انداز گھاٹی پہاڑ مین کھڑے کیے تھے اور کہدیا تھا تم نہ ہٹنا فتح ہو یا شکست انھون نے نہ مانا اکثر چلے آئے دس آدمی رہ گئے کافرون کی فوج نے پیچھا ری ماری دوسرے یہ کہ جب کافر بھاگنے لگے تو مسلمان پیچھے دوڑے حضرت پکارتے تھے کہ میری طرف آؤ اور جو اسطرف غنیمت تھی وہ لوگ نہ پھرے اسی سبب سے شکست ہوئی حقیقت یہ کہ رسول کا دل تنگ کیا اسکے بدلے یہ تنگی پڑی تاکہ آگے کو یاد رکھین کہ پیغمبر کے حکم پر چلنا چاہیے کچھ ہاتھ سے جاے یا بلا سامنے آئے مگر دیکھا چاہیے اللہ کی عنایت کہ باوصف اس بے حکمی کے اللہ جل شانہ نے مٹنے والون سے گناہ اتار لیا اور ارشاد فرمایا ان الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعان انما استزلھم الشیطان ببعض ما کسبوا ولقد عفا اللہ عنھم ان اللہ غفور رحیم یعنی جو لوگ تم مین ہٹ گئے جسدن مٹھبھیڑ ہوئی دو فوجین سو انکو وہ کار یا شیطان نے کچھ انکے گناہ کی شامت سے اور انکو بخشدیا اللہ نے اور اللہ بخشنے والا ہے تحمل رکھتا واضح ہو کہ اس لڑائی مین منظور الٰہی یہ بھی تھا کہ صادق اور منافق معلوم ہوجائین چنانچہ سست ایمان والے بعد ہوشیاری آن حضرت کے اور قائم ہونے لڑائی کے کہنے لگے کہ کچھ بھی کام ہمارے ہاتھ ہے کما قال اللہ یقولون ھل لنا من الامر من شئی ظاہر یہ معنی کہ اس شکست کے بعد کچھ بھی کام ہمارے بنے کا یا بالکل بگڑ چکا یا یہ معنی کہ اللہ نے جو چاہا کیا ہمارا کیا اختیار اور پیٹ مین یہ معنی تھے کہ ہماری مشورت پر عمل نہ کیا جو اتنے لوگ مرے اللہ صاحب نے دونون باتون کا جواب سورۂ آل عمران مین دیا ہم کو اس مین حکمت منظور تھی تا صادق اور منافق معلوم ہوجائین فائدہ اس لڑائی مین شاید حضرت کا دل مسلمانون سے خفا ہوا تھا کہ اب سے مشورت نہ لی سو اللہ نے مسلمانون کی سفارش فرمائی کہ فاعف عنھم واستغفر لھم وشاورھم فی الامر یعنی تو انکو معاف کر اور انکے واسطے بخشش مانگ اور انسے مشورہ لے کام مین فائدہ اس معرکے مین جب مسلمانون کے دل ٹوٹے تو کافرون اور منافقون نے دست پایا بعضے الزام دینے لگے اور بعضے خیر خواہی کے پردے مین سمجھانے لگے تاکہ آگے لڑائی مین دلیری نہ کرین سو اللہ صاحب فرماتے ہین یا ایھا الذین اٰمنوا ان تطیعوا الذین کفروا یردوکم علی اعقابکم فتنقلبوا خاسرین یعنی اے ایمان والو اگر تم کہا مانوگے منکرون کا تو تم کو پھیر دینگے الٹے پانون پھر جاؤ بدے نقصان مین خلاصہ یہ کہ دشمن کے فریب مین نہ آؤ اور پھر اللہ صاحب نے مسلمانون کو تسلی کے واسطے یون سمجھایا اولما اصابتکم مصیبۃ قد اصبتم مثلیھا قلتم انی ھذا قل ھو من عند انفسکم ان اللہ علی کل شئی قدیر یعنی کیا جس وقت پہونچی تم کو ایک تکلیف کہ تم پہونچا چکے ہو اسکے دوبرابر کہتے ہو یہ کہان سے آئی تو کہہ آئی تم کو اپنی طرف سے اللہ ہر چیز پر قادر ہے یعنی تم پہلی لڑائی مین ستر کافرون کو مار چکے ہو اور ستر کو پکڑ لائے تھے اور اب بھی بیس کافر مار چکے ہو تمھاری تو اس لڑائی مین ستر ہی آدمی شہید ہوئے پھر بددل کیون ہوتے ہو سو یہ بھی اپنے قصور سے کہ تیر سے لڑے یا قصور یہ کہ بدر کے

اسیرون کو مارکیون نہ ڈالا مال لیکر چھوڑ دیا اور حضرت نے فرمایا تھا کہ اگر انکو چھوڑتے ہو تم مین ستر آدمی شہید ہونگے لوگون نے قبول کرکے مال لیا اور انکو چھوڑ دیا باین ہمہ شہیدون کو کیسا مرتبہ حاصل ہوا کہ جسکی انتہا نہین اور حقیقت تو یہ ہے کہ وہ کیونکر مرے جب ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربہم یرزقون فرحین بما آتاہم اللہ من فضلہ ویستبشرون بالذین لم یلحقوا بہم من خلفہم الا خوف علیہم ولا ہم یحزنون انکی شان مین ہے یعنی تو نہ سمجھ جو لوگ مارے گئے اللہ کی راہ مین مردے بلکہ زندہ ہین اپنے رب کے پاس روزی پاتے خوشی کرتے ہین اسپر جو دیا انکو اللہ نے اپنے فضل سے اور خوشوقت ہوتے ہین انکی طرف جو ابھی نہین پہونچے اُن مین پیچھے سے اس واسطے کہ نہ ڈر ہے اُنپر نہ انکو غم عبد اللہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ مین نے آنحضرت سے پوچھا کہ یا حضرت قرآن مین حق تعالی فرماتے ہین کہ شہیدون کو مُردہ نہ سمجھو وہ زندہ ہین روزی پاتے ہین خوشیان کر رہے ہین خدا کے فضل سے سو آیت کا کیا مطلب ہے اور شہیدون کا مفصل حال کہنا کہ تب حضرت نے فرمایا کہ شہیدون کی روحین سبز چڑیان ہین بہشت کے میوے کھاتی ہین انکے واسطے عرش کے نیچے قندیلین لٹکتی ہین کھاتی پھرتی ہین بہشت مین جہان انکا جی چاہتا ہے اور رات کو انھین قندیلون مین آکر بسیرا کرتی ہین سو انکے رب نے انکو دیکھا اور فرمایا کہ بھلا کسی چیز کو تمھارا جی چاہتا ہے شہیدون نے کہا کس چیز کو ہمارا جی چاہے ہم تو اس چین مین ہین کہ بہشت مین کھاتے پھرتے ہین جہان چاہتے ہین پھر خدا نے تین بار اسی طرح پوچھا جب شہیدون نے دیکھا کہ بدون کچھ مانگے نہین چھوٹتے تو کہا اے رب ہم چاہتے ہین کہ ہماری روحین ہمارے بدنون مین پھر ڈالی جاوین تو ایکبار اور بھی تیری راہ مین مارے جاوین اور مکرر ٹکڑے ہون پھر جب خدا نے دیکھا کہ انکو اب کسی چیز کی ہوس اور آرزو نہین رہی ہے تو پھر اُنسے پوچھنا چھوڑا اس حدیث کو مسلم نے روایت کی ہے اسی طرح اکثر احادیث اور آیات شہیدون کے فضائل مین موجود ہین اور صحیح بخاری مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ شہدا احد کے دفن مین آنحضرت نے یہ طریق کیا تھا کہ دو شخصون کو ایک کپڑے مین لپیٹا اور فرمایا کون انکا قرآن زیادہ پڑھتا تھا جب ایک اُن مین سے معلوم ہوا تو اسکو لحد مین مقدم کر دیا اور فرمایا کہ انا شہید علی ہؤلاء یوم القیامۃ اور سب کو مع خون دفن کیا نہ اُنپر نماز پڑھی نہ غسل دیا اور حجۃ الحافل مین ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ کے نزدیک چھ نہر گیان شہید کے واسطے ہین ایک تو اول دفعہ بخشا جاتا ہے دوسرے بہشت مین رہتا ہے تیسرے عذاب نار سے محفوظ رہتا ہے چوتھے فزع اکبر یوم قیامت سے مصئون و مامون ہوتا ہے پانچوین ایک تاج یاقوت کا مرصع اُسکے سر پر بنایا جاتا ہے چھتیسوین بہتر حوریان ملتی ہین اور ستر اقارب کی شفاعت کرتا ہے یہ حدیث ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کی ہے احادیث سے واضح ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم واسطے زیارت قبور شہدا احد کے تشریف لے گئے اور فرمایا کہ مین تیرا بندہ اور رسول تیرا گواہ ہون کہ یہ لوگ تیری راہ مین اور تیری رضا مین شہید ہوئے ہین پھر فرمایا کہ جو کوئی ان شہیدون کی زیارت کرے اور اُنپر سلام کرے

تو یہ لوگ جواب دینگے خطاب ابن خالد مخزومی گئے اور دو غلام ساتھ لیگئے اور سلام کیا تو سب قبروں سے جواب سلام آیا کہ وہ
سے ٹھہر سکے چلے آئے اور فاطمہ خزاعیہ فرماتی ہین کہ مین ایکدن صحرائے احد مین پھرتے تھے جب مجھے ابن حمزہ کی قبر نظر پڑی
تو مین نے کہا السلام علیک یا عم رسول اللہ قبر سے آواز آئی وعلیک السلام ورحمۃ اللہ فائدہ شہید بروزن فعیل بمعنی فاعل ہی کیونکہ
شہید بعد مفارقت اس عالم کے شاہدہ زبانی اور شہود ملاء اعلی مین فانی ہوجاتے ہین یا بمعنی مفعول ہی کہ زبان پیغمبر صلی اللہ
علیہ وسلم پر مشہود یا نخبۃ واللقاء والرویۃ والرضوان ہین اور شہید وہ ہی کہ اعلاء کلمۃ الحق مین مارا جاے اور تتبع کتب احادیث
سے واضح ہوتا ہی کہ سواے اس شہادت کے اور بھی شہادت ہی چنانچہ ابن عساکر نے امیر المومنین علی مرتضی سے روایت کی ہی
کہ غریق اور سوختہ آتش اور مار گزیدہ اور جو پیٹ کی بیماری سے مرا اور جس کسی پر عمارت گری یا بالاخانہ سے گرا یا کوئی پتھر گرا اور مرگیا
وہ بھی شہید ہی اور جس عورت کا خاوند مرگیا اور وہ تنہا رہی تو مجاہدہ ہی اور مرکے اسکو بھی اجر شہید کا ہی اور جو شخص اپنے تعرض نفس مین
مارا گیا وہ بھی شہید ہی اور جو کوئی اپنے بھائی کے بچانے مین مارا گیا وہ بھی شہید ہی اور آمر بالمعروف اور ناہی عن المنکر بھی شہید ہی
اور جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب بغیۃ مین اور بھی بڑھائے ہین چنانچہ مرگی سے مرنے والا اور جس شخص کے گلے مین پانی
وغیرہ کا پھندا لگکر اچھو ہوا ہو اور جسکو بادشاہ نے ظلماً مارا ہو یا زبردستی چھینا ہو یا بادشاہ کے خوف سے پوشیدہ پھرتا ہو اور
مرجاے اور جسکو بچھو نے کاٹا ہو اور جو بنیت ثواب اذان دیتا ہو اور جو سوداگر سچ بولتا ہو اور جو شخص اپنے اہل وعیال اور
مماليک مین حکم خدا جاری کرتا ہو اور حلال کمائی سے کھلاتا ہو اور جسکے جہاز مین تلی تر سے وفات ہوئی ہو اور جو عورت غیرت پر
صبر کرکے مرے اور جو شخص ہر روز ۲۰ بار یہ کلمات کہا کرے اللھم بارک لی فی الموت وفی مابعد الموت اور جو شخص نماز چاشت
برسے اور ہر مہینے مین تین روزے رکھے اور وتر کو سفر اور حضر مین ترک نہ کرے اور جو شخص امت کے فساد کے وقت
سنت پر قائم رہے اور جو شخص اپنی مرض موت مین چالیس بار کہے لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین وہ
گذشتہ بطاری اور طبرانی نے ابو موسی اشعری سے مرفوعاً روایت کی ہی کہ جو کوئی طاعون یعنے وبا سے مرا یا آسیب دشمنان
جن سے مرا یا اپنے مال کے بچانے مین مارا گیا وہ بھی شہید ہی اور حدیث راشد ابن خثیس مین مرفوعاً وارد ہی کہ جو شخص
سیل مین بہ گیا یا عورت حالت نفاس مین مرے شہید ہی اور حدیث ابن قانع سے جو ربیع انصاری سے مرفوعاً مروی
ہی واضح ہو کہ ذات الجنب بھی شہادت ہی اور عبادہ ابن صامت سے روایت ہی کہ جو کوئی چارپائی سے گرکر مرجاے
وہ بھی شہید ہی اور عبد اللہ ابن عباس سے مرفوعاً روایت ہی کہ جو بیمار مرے وہ بھی شہید ہی اور حضرت عائشہ صدیقہ سے
مرفوعاً روایت ہی کہ جو شخص عاشق ہوا اور عفت اختیار کرے اور مرجاے تو شہید مرا کما فی المقاصد الحسنہ اور حدیث
ابن النجار کی ابن عباس سے وارد ہی کہ جو کوئی اہل یا مال یا ہمسایہ مین ظلماً مارا جاے وہ بھی شہید ہی اور حضرت انس سے
مرفوعاً مروی ہی کہ نمی بھی شہادت ہی اور حاکم کی روایت ہی کہ جس عورت کے پیٹ مین لڑکا ہو اور وہ مرجاے تو شہید ہی
احمد ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ جو کوئی شخص حالت مرابطت مین یعنی محافظت حدود بلاد اسلام مین درآمد کفار سے

مرنع ہوا اور مرے تو شہید ہے اور صاحب درمختار نے بیان کیا ہے کہ جو کوئی مسافر مرے اور جو شخص شب جمعہ میں یا روز جمعہ میں یا طلب علم میں مرا ہو وہ بھی شہید ہے شامی نے کہا کہ علما و مالکیہ نے اسقدر اور زیادہ کیے ہیں کہ جو شخص گھوڑا کس کر منتظر جہاد کا رہے اور جو ہر شب سورۂ یٰسین والقرآن الحکیم پڑھے اور جو شخص سواری کے جانور سے گر کر مرجاے اور جو رات کو طہارت کے ساتھ سووے اور مرجاے اور جو شخص تمام عمر لوگوں کی مدارات کرتا رہے اور جو شخص ہر روز سو بار درود پڑھے اور جو شخص صدق دل سے اللہ کی راہ میں قتل ہونے کی دعا مانگا کرے اور جو شخص حاجت کے وقت مسلمانوں کے کسی شہر میں غلہ مہیا دے اور جو شخص وقت صبح اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم تین بار پڑھا کرے اور تین بار سورۂ حشر کی آخر کی پڑھے اور اسی دن وفات پاوے یہ جو تفصیل شہدا کی بیان ہوئی شہدا آخرت میں ان پر احکام دنیویہ از قسم ترک غسل وغیرہ امور مذکورہ کتب فقہیہ جاری نہ کیے جائیں گے بلکہ وہ احکام اس شخص پر جاری ہونگے جو ہتھیار تیز مثل شمشیر و نیزے وغیرہ سے اہل حرب یا اہل بغی یا قطاع الطریق کے ہاتھ سے مارا جاے یا معرکۂ جنگ میں پایا جاے اور جسم پر اثر جراحت ہو یا موضع غیر معتاد مانند گوش و چشم و دہن سے خون نکلتا ہو کہ دلالت جراحت باطنی پر کرتا ہے یا کسی مسلمان نے ظلماً مارا ہو اگرچہ بے آلۂ جارحہ ہو اور دیت اسکے قتل سے واجب نہ ہوئی ہو اور بالغ و طاہر مکلف عقل و دیوانہ یا مخنث یا زن حائض یا نفساء نہ ہو اور قبل موت کھانے پینے علاج کرنے سے اور بیع و شرا و وصیت و تدبیر کرنے سے منتفع نہ ہوا ہو اور کوئی نماز بعد زخمی ہونے کے اسپر فرض نہ ہوئی ہو اسکو غسل نہ دینا چاہیے بلکہ انھیں کپڑوں میں دفن کرنا چاہیے لیکن نماز اسپر پڑھنا لازم ہے اور اگر کوئی شخص حد یا قصاص میں مارا جاے وہ شہید نہیں ہے غسل دیا جاے اور نماز پڑھی جاے اور اگر قاطع طریق اور باغی مارا جاے تو غسل دیا جاے گا نماز پڑھی نہ جاے گی واللہ اعلم بالصواب **فائدہ** عوام میں مشہور ہے کہ غزوۂ احد تاریخ چودھویں شعبان یوم شب برات واقع ہوا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بوجہ شکستگی دندان مبارک اسدن حلوا کھایا تھا اس سبب سے شب برات کو حلوا پکایا جاتا ہے یہ سراسر غلط ہے کسی مؤرخ نے کہیں نہیں لکھا ہے البتہ شب برات میں حضرت صلعم نے شہداے احد و اہل بقیع کے واسطے استغفار کیا ہے پس شب برات کو شہداے احد و دیگر اموات کے لیے استغفار اور انکو ثواب دادن و بدنی پہونچانا مطابق سنت ہے کذا فی اللمعات بعد اسکے ہی حال میں غزوۂ حمراء الاسد واقع ہوا یہ موضع آٹھ میل مدینہ منورہ سے واقع ہے اور سبب یہ ہوا کہ ابوسفیان ابن حرب قریشی جب احد سے لوٹا تو موضع روحا میں آیا اور قوم قریش سے کہا کہ اگرچہ لشکر اسلام کی شکست ہوئی لیکن مہم ناتمام رہی اب بہتر ہے کہ اہل اسلام کا استیصال قبل قوت و شوکت کے کیا جاے جانب مدینہ جانا بفائدہ محض ہے مدینے کو حملہ کرو صفوان بن امیہ نے کہا کہ محمد صلعم اور انکے اصحاب اس معرکہ سے بہت جی چلے ہیں اور ابکی بار اوس و خزرج بھی انکے شریک ہونگے ابھی تم کو غلبہ ہے پھر دیکھا چاہیے کیا ہو شاید مغلوب ہو جاؤ اسلیے قصد مدینہ بہتر نہیں ہے یہ خبر مدینے میں پہونچی کہ ایسا سخن قریش میں

ہوا اہل تحقیق فرماتے ہین کہ آخر روز شنبہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم احد سے خاص مدینے مین تشریف لائے اور شب کو مدینے مین رہے صبح کو بروز یکشنبہ یہ خبر سنی اُسی دن حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے منادی کرائی کہ سب لوگ مسلح ہون چنانچہ سب لوگ اس خبر کے سنتے ہی آمادہ مستعد ہوئے اور زخمی خون چکان اپنے گھرون سے نکلے اور حضرت رسول مقبول آنکو لیکے چلے حضرت جابر انصاری نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین غزوۂ احد مین حاضر نہ تھا آج ساتھ چلونگا آن حضرت نے اذن دیا اور سوا اُنکے کسی کو ساتھ نہ لیا بلکہ وہ ہی لوگ تھے جو غزوہ احد مین شریک رہے تھے پھر ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مدینہ فرمایا اور علی مرتضی شیر خدا کو دبقولے صدیق اکبر کو علم بردار کیا جب حمراء الاسد مین آئے تو شب دوشنبہ پانسو تھام پر آتش روشن کرائی تاکہ شوکت اسلام اطراف وجوانب مین روشن ہو روایت ہے کہ معبد ابن ابی معبد خزاعی موضع تھامہ مین برسم تعزیت حضرت صلعم سے ملا اور اس معرکے سے متاسف ہوگئے جانب مکہ معظمہ روانہ ہوا اگرچہ یہ شخص مسلمان نہ تھا مگر خزاعی تھا اور بنو خزاعہ سے عہد وپیمان ہوگیا تھا سو وہ ابوسفیان سے موضع روحا مین ملا اور خبر جمعیت اصحاب حضرت رسول وشوکت وشجاعت احباب نبی مقبول بیان کرکے کہنے لگا کہ پیغمبر خدا صلعم باجماعہ کثیر تشریف لاتے ہین میری دانست مین تم لوگون سے کوئی شخص اُنسے مقابلہ نہین کرسکتا سو قریش پریشان وسراسان ہوئے صفوان بولا جو مین کہتا تھا وہی ہوا اب جلدی بھاگو نہین تو مشکل ہوگی پس لشکر کفار نے کوچ کیا اور معبد نے یہ خبر حضرت صلعم سے کہلا بھیجی آن حضرت نے فرمایا ارشد ہم صفوان و اصحابہ برشید یعنی صفوان نے راہ راست بتلائی حالانکہ خود راہ راست پر نہ تھا اور جب ابوسفیان جانب مکہ معظمہ بھاگا تو راہ مین ایک جماعہ عبد القیس مدینے کے جانے والے ملے سو ابوسفیان نے کہلا بھیجا حضرت صلعم سے کہ میرا ارادہ تمھارے استیصال کا ہے چنانچہ ان لوگون نے پیغام اُسکا حضرت رسالت مآب صلعم سے عرض کیا تو مسلمانون نے کہا حسبنا اللہ ونعم الوکیل پھر بروز جمعہ منزل حمراء الاسد سے معاودت فرمائی اس غزوہ مین تین دن حمراء الاسد مین قیام رہا اور پانچ شب مدینے سے غیبت رہی اور دو کافر ہاتھ لگے ایک معاویہ ابن مغیرہ ابن اُمیہ جد عبد الملک ابن مروان دوسرا ابوعزہ جمحی شاعر کہ غزوہ بدر مین گرفتار ہوکے منت وزاری سے رہا ہوا تھا چنانچہ معاویہ ابن مغیرہ حضرت امیر المومنین عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کی شفاعت سے باین شرط چھوڑا گیا کہ تین روز سے زیادہ مدینے مین نہ رہے ورنہ قتل ہوگا سو اسکی موت آگئی تھی جا نہ سکا اور نہ اُسنے اپنے شفیع کو خبر کی شاید یہ مردود اسلیے ٹھہرا ہوگا کہ یہان سے اخبار نویسی کرے اور اللہ نے نہ چاہا آخر کار مسلمانون نے جانا کہ معاویہ مدینے مین ہے لہذا زید ابن حارثہ وعمار بن یاسر بازوان رسول سے خبر لینے کو تشریف لیگئے وہ ملا تو اُسنے ملاقات مین درشتی وشرارت جبلی ظاہر کی اون دونون نے قتل کیا اور ابوعزہ ملعون پر فریب ونفاق سے بہت پیش آیا اور کہنے لگا ایکمرتبہ مجھے چھوڑ دو تو میں ویسا نہ کرونگا چونکہ اس کاذب کی گفتگو درحقیقت شاعرانہ تھی اور دغابازی اُسکی ظاہر ہو چکی تھی حضرت نے

فرمایا لا یلدغ المومن من جحر واحد مرتین یعنی سانپ کو نہین کہتا مسلمان دو مرتبہ ایک گڈھے سے اب تو رہا ہو گا اور تجکو یہ میسر نہو گا کہ تو مکہ مین جا کے کہے کہ مین دو مرتبہ محمد صلعم کو فریب دے آیا آخر کار وہ بھی قتل کیا گیا اور اسی سال کے آخر مین بروایت محمد ابن اسحاق صفر یہ رجیع کہ بفتح مہلہ و کسر جیم و سکون تحتیہ و عین مہملہ ایک کنوان بنی ہذیل کا ہے مابین مکہ و عسفان واقع ہوا اور وجہ یہ ہوئی کہ بعد معرکہ احد سفیان ابن خالد ہذلی لیحیانی باجماعہ عضل و قارہ کہ مکہ مین آیا اور قریش کو فتح احد پر بہار کہا دی جب صحابہ نبی عبد الدار سے آواز نوحہ سنی تو سلافہ بنت سعد کے پاس گیا اور اسکے چار بیٹون اور شوہر کی تعزیت کی اس قطامہ نے یہ قسم کھائی تھی کہ تیل بالون مین نہ ڈالون جب تک کشتگان احد کا عوض نہ لیلون اور کاسہ سر عاصم ابن ثابت مین شراب نہ پیون اور بال بھی سر کے اکھاڑے تھے سو ابو سفیان وغیرہ کو دیکھ کر بولی کہ جو کوئی عاصم ابن ثابت خواہ طلحہ ابن عبید اللہ یا زبیر ابن العوام کو مارے اور سر لائے تو مین سو اونٹ اسے انعام دون سفیان ہذیلی نے بطمع انعام اپنے ساتھیون سے کہا اور سمجھایا کہ دو فائدے عمدہ ہین ایک تو نفع دنیا بہت بڑا ہے دوسرے تمہارے دشمن قتل ہونگے وہ بولے اسکی راہ بتلاؤ کہا تم لوگ محمد صلعم کے پاس جاؤ اور اسلام ظاہر کرو اور بنا بر تعلیم احکام اسلام کچھ لوگون کو طلب کرو جز کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا توجہ خاص ان باتون پر ہے ضرور اپنے اصحاب کو تمہارے ساتھ کرینگے شاید ان لوگون سے بھی کوئی شخص ہاتھ آجاوے چنانچہ سات آدمی عضل و قارہ کے باظہار اسلام مدینے مین آئے اور مسلمانون سے موافقت پیدا کی اور حضرت رحمۃ للعالمین سے درخواست کی اور قبیلہ ثابت ابن ابی الاقلح مین ورغلایا عاصم کے باپ کے گھر اترے اور عاصم ابن ثابت سے نہایت محبت ظاہر کی اور اکثر کہا کرتے اے ثابت خوب بات ہو جو تم بھی ہمارے ساتھ چلو اور لاریب تم اصحاب اخیار مین ہو حضرت عاصم فرماتے کہ مجکو امید نہین کہ مین جاؤنگا آخر کار بعد چند روز کے حضرت رسول مقبول نے مرثد ابن ابی مرثد اور خبیب ابن عدی بضم معجمہ و کسر مہملہ اور زید ابن الدثنہ کہ بفتح دال مہملہ و کسر مثلثہ و تشدید نون ہے اور عبد اللہ ابن طارق اور خالد ابن ابی البکیر اور معتب ابن عبید اور تین شخص اور جنکے نام معلوم نہین ہوتے شاید سردارون مین نہ تھے عاصم ابن ثابت کے ساتھ کرکے روانہ فرمائے اور عاصم کو امیر کر دیا جب یہ اصحاب موضع ہدہ مین کہ سات میل عسفان سے اسطرف ہے پہونچے تو ایک مردود کافرون مین سے پیش پیش سفیان ابن خالد کے پاس گیا وہ بارہ سو کفار بنو لحیان کے جنمین سو تیر انداز تھے ہمراہ لیکر استقبال کے بہانے نکلا اور مسلمانون پر کہ جادہ مین آ رہے تھے آیا اور یہ لوگ رجیع مین نزول فرما صبح کو ہو چکے تھے اور خرمے کھا کر جانب جبل فہ فد کہ ایک اونچی پہاڑی ہے چلے گئے تھے آفتاب نکلے ایک عورت لیحیانیہ نے کہ بکریان چرانے کو آئی تھی گٹھلیان خرمون کی دیکھین اور جانا کہ یہ خرمے مدینے کے ہین سو اسنے کافرون کو خبر کر دی وہ سب مردود پہاڑ کی طرف دوڑ پڑے خالد ابن ابی البکیر نے عاصم سے کہا اے ابو سفیان ان لوگون نے فریب کیا وہ بولے نعم و رب الکعبۃ مگر کیا اچھی شہادت ہے اسکو غنیمت جان کر دشمنان دین سے لڑنا بہتر ہے پس عاصم ابن ثابت مع چھ نفر کے شہید ہوے اور خبیب ابن عدی

و زید ابن الدثنہ و عبد اللہ بن طارق پکڑے گئے سو عبد اللہ بہ کوشش تمام چھوٹ کر تلوار سے خوب ہی لڑے اور شہید ہوئے بعد اسکے کافرون نے چاہا کہ عاصم کا سر کاٹین اللہ جل ذکرہ نے ایک لشکر زنبور کا جسم عاصم ابن ثابت پر متعین فرمایا کہ اسکے خوف سے کوئی کافر سر کاٹنے کو نہ جا سکا ناچار مصلحت سوچے کہ رات کے وقت کاٹینگے جب رات ہوئی تو قدرت الٰہی سے ایک سیل آیا اسنے جسم مردہ حضرت عاصم ابن ثابت رضی اللہ عنہ بہایا اور بحر رحمت مین پہونچایا پس کافرون نے انکا سر مبارک نہ پایا اور جب وہ لوگ بعد فراغت اس حرکت سے سلامۃ بنت سعد مزدار کے پاس انعام لینے گئے تو اسنے جواب دیا کہ تم لوگ عاصم کا سر مبارک سلامے اب مین ایفاے وعدہ نکرونگی ناچار جانب وطن سر لیٹ آئے اسی کو خسر الدنیا والاخرہ بولتے ہین اور خبیب رضی اللہ عنہ کو دختر حارث ابن عامر نے خرید کیا اور زید رضی اللہ عنہ کو صفوان ابن امیہ نے بعوض بجاے خون کے لیا چونکہ یہ معاملہ ذیقعدہ مین واقع ہوا تھا اسلیے دونون کو قید رکھا جب اشہر حرم گذر گئے تب دونون کو موضع تنعیم مین لیجاکر سولی کھڑی کرائی اکثر لوگ مکے کے رہنے والے تماشا دیکھنے آئے صحیح بخاری مین ہے کہ خبیب نے ایک بار استرہ واسطے بال لینے کے حارث کے ایک بیٹے سے مانگ لیا تھا اسی حالت مین ایک لڑکا اسکا خبیب کے پاس پہونچا خبیب نے اسے اپنے زانو پر بٹھالیا اس عورت کو ڈر ہوا کہ یہ قیدی ہے کہین اس لڑکے کو مار نہ ڈالے خبیب نے کہا مت ڈر مین ایسا نہ کرونگا بیچے کو قتل نکرونگا وہ عورت کہتی ہے کہ مین نے خبیب سے بہتر کوئی قیدی نہین دیکھا مین نے خبیب کو حالت قید مین انگور کھاتے دیکھا حالانکہ اس وقت مکے مین کوئی میوہ نہ تھا اور خبیب زنجیرون مین قید تھے روایت ہے کہ جب حضرت خبیب و زید رضی اللہ عنہما کو میدان تنعیم مین لاتے تھے تو راہ مین دو کافرون سے باہم ملاقات ہوئی اور خوب بغل گیر ہوکر لڑے اور باہم صبر و شکر کیے وہ صابر ہوئے جب خبیب رضی اللہ عنہ سولی کے پاس آئے تو مشرکون سے اذن لیکر دو رکعت نماز ادا کی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ جس نے اول قتل کے وقت نماز پڑھی وہ خبیب ہے پھر جب نماز ادا کر چکے تو فرمایا کہ اگر مجھ کو یہ خوف نہ ہوتا کہ لوگ طعنہ دینگے اس بات کا کہ موت سے جی چراتا ہے تو مین نماز کو دراز و طویل کر دیتا پھر کہی جنتین یہ مضمون اس مضمون کی کہ ہرگاہ کہ مین اسلام مین مارا جاتا ہون تو مجھکو کچھ خوف نہین کیونکہ اللہ تعالیٰ مجھپر مہربان ہے اور اسکی ذات مین یہ صفت ہے کہ اگر وہ چاہے تو عضو پارہ پارہ کے ٹکڑون مین برکت بھیجے معاویہ ابن سنین سے منقول ہے کہ وہ کہتا تھا کہ خبیب رضی اللہ عنہ نے سولی دیتے وقت ایسی دعا مانگی کہ حاضرین معرکہ پر لرزہ پڑا اور نہایت ہیبت غالب ہوئی کہ میرے باپ نے مجھے زمین پر لٹایا کیونکہ عرب مین یہ رسم تھی کہ جب کوئی مظلوم دعا مانگتا تھا تو ظالم زمین پر لیٹ جاتا تھا اس خیال سے کہ لیٹ جانے سے وبال نہ پڑیگا اور اسی وقت یہ ہوا کہ خویلب ابن عبد العزیٰ نے خوف سے اپنے کان بند کر لیے اور بھاگا اور حکیم ابن حزام درخت کی آڑ مین چھپ گیا

روایت ہے کہ اُن لوگوں میں سے جو کوئی شریک قتل تھے سخت بلاؤں میں مبتلا ہوئے چنانچہ سعید میں عاصم تین تھا کہ گاہ گاہ بے سبب اُنکو غش آجاتا تھا اور بعد مسلمان ہونے کے بھی یہ عارضہ نہ گیا الغرض خبیب رضی اللہ عنہ کو سولی دی اور فاعل اس فعل کا ابو سروعہ ابن حارث تھا بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ خبیب رضی اللہ عنہ نے دار پر فرمایا کہ یا الٰہی کوئی ایسا نہیں ہے جو میرا سلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچا دے زید ابن اسلم فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت صلعم کی خدمت میں حاضر تھے دفعۃً آثار نزول وحی کے نمودار ہوئے اور حضرت نے فرمایا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ بعد ازاں فرمایا کہ اس وقت خبیب کو قریش نے شہید کیا جبرئیل علیہ السلام مجھسے اُسکا سلام کہتے ہیں روایت ہے کہ مشرکوں نے نہایت عناد سے خبیب کا منہ از جانب کعبہ پھیر کر جانب مدینہ کر دیا تو خبیب نے فرمایا کہ اگر تم لوگوں نے یہ کیا تو کچھ مضر نہیں ہے اللہ صاحب فرماتے ہیں انما تولوا فثم وجہ اللہ روایت ہے کہ کافروں نے کہا کہ اگر تم دین اسلام ترک کرو تو ہم تمکو چھوڑ دیں خبیب نے کہا کہ اگر تمام روئے زمین مجھے دیں تو بھی اسلام سے نہ پھروں ایک جان کیا سو جان اسلام کے قربان کافروں نے کہا کہ تمھارا جی چاہتا ہے کہ تمھارے عوض محمد کو سولی ہو خبیب نے کہا کہ میرا ول ہرگز نہیں چاہتا کہ میں گھر میں ہوں اور پیغمبر خدا صلعم کے پیر میں ایک کانٹا چبھے پھر مقتولان بدر کی اولاد اقارب چالیس آدمی نیزے لیے اور ہر طرف سے مارنے لگے اسوقت منہ حضرت خبیب کا کعبے کی طرف ہو گیا فرمایا شکر خدا جس نے میرا منہ اُس قبلے کی طرف کر دیا جو اُسنے اپنے رسول اور مسلمانوں کے لیے پسند کیا ہے پھر جب رجیع سے لوٹ کر لوگ مدینہ میں آئے اور احوال واقعی کا بیان کیا تو خبیب کی شہادت کا رہی وقت تھا جس وقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی اور جب زید رضی اللہ عنہ دار کے نیچے لے گئے تو اُنھوں نے بھی باقتدائے خبیب رضی اللہ عنہ دو رکعت نماز ادا کی اور شہید ہوئے اور قاتل انکا نسطاس صفوان کا غلام تھا علما نزول فرماتے ہیں کہ آیت کریمہ ومن یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ خبیب و زید رضی اللہ عنہما کی شان میں نازل ہوئی ہے بالجملہ کافروں نے حضرت خبیب ابن عدی بدری صحابی کی لاش کو سولی پر چھوڑا تاکہ آنیوالوں کو آگاہی حاصل ہو یہ خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی حضرت نے فرمایا کہ جو کوئی لاش خبیب کی لائے اُسکو بہشت ہے زبیر ابن العوام اور مقداد ابن الاسود وقت شب گئے اور لاش کو سولی سے اُتار لائے اور عجب ماجرا ہوا کہ اُس لاش کی حفاظت چالیس آدمی کرتے تھے جب اصحاب رسول اللہ علیہ وسلم کے لاش پر پہونچے تو سب سو گئے اور خبیب کو آہستہ سولی سے اُتارا اور گھوڑے پر رکھ کے لے چلے اور چالیس دن قتل پر گذر رہے تھے مگر بدن ویسا ہی تازہ تھا زخموں سے خون ٹپکتا تھا اور مشک کی بو آتی تھی صبح کو قریش جاگ پڑے اور پیچھا کیا چونکہ مشرک زیادہ تھے قریب تر آگئے اور چاہا کہ لاش کو چھینیں حضرت زبیر و مقداد نے مجبوری سے لاش زمین پر ڈال دی اُسی وقت زمین نگل گئی اسی سبب سے خبیب رضی اللہ عنہ کو بلیع الارض بولتے ہیں پھر زبیر رضی اللہ عنہ نے مقابل کفار ہو کر کہا کہ میں زبیر ابن العوام ہوں اور ماں میری صفیہ بنت عبد المطلب ہے اور مقداد ابن الاسود میرے رفیق ہیں تمھارا جی چاہے تو نیزوں سے لڑو

اور کہو اتر کر تلوار نیزے سے لڑیں اور جا ہو پھر جاؤ وہ خوف کھا کر بھاگے اور زبیر اور مقداد رضی اللہ عنہما خدمت آنحضرت
مین حاضر ہوئے اور قبل حاضری ان دونون کے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے تمام احوال کی خبر دی اور فرمایا کہ یا رسول اللہ
ان دونون کی تعریف فرشتے کرتے ہین اسی سال مین سریہ بیر معونہ واقع ہوا معونہ بفتح المیم وضم العین المہملہ مع الفنون
ایک موضع ہے مابین مکہ وعسفان بلاد ہذیل سے اس واقعہ کو سریتا المنذر بن عمرو نیز سریہ القراء کہتے ہین اور سبب وقوع
واقعہ یہ ہوا کہ ابو براء ابن مالک ابن جعفر کلابی عامری جسکو قبیلہ نجد و بنی عامر مین ملاعب الاسنہ بفتح الہمزہ وکسر السین وتشدید
النون کہتے تھے مدینہ طیبہ مین وارد ہوا اور حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوا اور کچھ تحفہ پیش کیا حضرت نے قبول
نہ کیا اس سبب سے کہ وہ مشرک تھا پھر آنجناب نے دعوت اسلام فرمائی اسنے نہ انکار کیا نہ اقرار صرف اسی قدر کہا کہ مین
تمہارے دین کو شریف جانتا ہون اور میری قوم کے لوگ کثرت سے ہین اگر چند اصحاب باصفا میرے ہمراہ چلین تو امید ہو کہ
وہ لوگ ایمان لاوین اور شریعت کی رونق ہو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل نجد سے امین نہین ہون
اسنے کہا مین ضامن ہوتا ہون آپ خوف نہ کیجیے آنحضرت نے اسکے قول پر اعتماد فرمایا اور اپنے اصحاب سے چالیس یا ستر
آدمی کہ اکثر انمین انصار اور بعض مہاجرین تھے لیکن سب قراء صحابہ مین تھے ہمراہ کیا اور منذر ابن عمرو رضی اللہ عنہ کو میر قافلہ
مقرر فرمایا اور سرداران بنی نجد و بنی عامر کو ایک خط لکھوا دیا اس جماعہ مین حرام ابن ملحان ورافع ابن بدیل ابن ورقاء وعامر ابن فہیرہ
وعمرو ابن امیہ ضمیری وغیرہم تھے جب بیر معونہ پر پہونچے اور منزل کی تو اونٹ اپنے عمرو ابن امیہ ضمیری اور حارث صمہ کے
ساتھ چرانے کو روانہ کیے اور فرمان واجب الاذعان رسول حضرت سبحان کا حرام ابن ملحان کو دیا کہ عامر ابن طفیل ابن مالک
برادر زادہ ابو براء کے پاس لیجاے سو حرام مع اور دو شخصون کے وہان گئے جب قریب اس قوم ناپاک کے پہونچے تو ساتھیون سے
کہا تم ٹھہر جاؤ مین جاتا ہون اگر ان لوگون نے مجھے امان دی تو تم کو بلاؤنگا ورنہ تم منزل پر چلے جانا چنانچہ حرام نے دور ہی
سے کھڑے ہو کر پکارا کہ اگر مجھے امان دو تو مین پیغام پیغمبر خدا تم کو سناؤن اس قوم کے لوگ بڑے مفسد بدنہاد تھے انھون نے
ایک نامرد کافر کو اشارہ کیا اسنے پشت سے آکر نیزہ مارا کہ حرام شہید ہو گئے بعد ازان عامر ابن طفیل نے بنی عامر سے اعانت چاہی
چونکہ ابو براء ابن عامر نے پیشتر سے اطلاع بنی عامر کو کر دی تھی کہ مین اپنی ضمانت مین اصحاب رسول کو لایا ہون اس سبب سے
بنی عامر نے انکار کیا اور کہا کہ ہم عہد شکنی نہ کرینگے تب ابن طفیل نے قبایل سلیم بضم السین وفتح اللام بصیغہ تصغیر وعقیہ وزعل
بکسر الزاء وسکون العین وذکوان بفتح الذال وسکون الکاف کہ یہ دونون قبلہ سے سلیم مین ہمراہ لیکر با فوج کثیر بیر معونہ پر آیا
اور ہر چہار طرف سے اصحاب رسول کو گھیر کر شہید کیا صرف منذر باقی رہے وہ بھی مقتل حرام پر مقابلہ کر کے شہید ہوئے پھر عمرو
ابن امیہ وحارث ابن صمہ چراگاہ سے آئے تو دیکھا کہ جس مقام پر لشکر اسلام تھا وہان غبار ہے اور جانور اڑتے ہین اور
کافرون کے سوار کھڑے ہین تب باہم مشورہ کیا عمرو نے کہا چلو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کرین حارث نے کہا
شہادت مفت ہے کیون چھوڑین چنانچہ حارث نبسی بہادری سے لڑے اور دو کافر مارے بالآخر دونون اسیر ہوئے

اور جان کی پناہ پائی باین ہمہ حارث نے وہ کافر اور قتل کیے اور آپ بھی شہید ہوئے اور عمرو بن امیہ نے کہا کہ مین قبیلہ بنی مضر سے ہون تب عامر ابن طفیل نے پیشانی کے بال کاٹ کے چھوڑ دیا اور اس رہائی کو اپنی ماں کے ذمہ ڈالا کیونکہ اسپر ایک بندہ آزاد کرنا تھا اسمین محسوب کیا پھر عمرو سے ہر ایک مقتول اہل اسلام کا حال دریافت کیا عمرو نے سب کا حال کہا پھر پوچھا کہ تمھارے یار دن سے کوئی گم تو نہین ہے عمرو نے کہا عامر ابن فہیرہ نہین ہین کہا وہ کون تھے عمرو نے کہا کہ وہ شائقین اصحاب مین تھے عامر بن طفیل نے کہا کہ مین نے بخوبی کہا کہ قتل کے بعد انکو آسمان پر اٹھائے گئے ہین اور قاتل حضرت عامر کا ایک شخص جابر بن سلمی نام یا جبار بن سلمی قبیلہ بنی کلاب کا تھا سو وہ کہتا ہے کہ مین نے نیزہ مارا عامر کے اور وہ پار ہو گیا تو عامر نے کہا فزت والہ یعنی پا لیا مین نے قسم خدا کی اور دیکھا مین نے کہ عامر کو آسمان پر لے گئے مجھے عامر کے کلام مین تامل ہوا کہ مین نے ضحاک بن سفیان کلابی سے جا کے مطلب پوچھا انھون نے کہا کہ مطلب یہ ہے کہ جنت کو پا لیا مین نے ضحاک سے کہا کہ اسلام مجھے تلقین کرو اور مین بسبب مشاہدہ احوال عامر کے مسلمان ہو گیا یہ تمام کیفیت حضرت جبرئیل نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیے اور آنجناب نے اپنے اصحاب سے عن عن فرمائی بعد اسکے ضحاک کا عریضہ آیا اسمین مطابق سنجرہ مندرج پایا گیا اور جو لوگ پھر کر آئے انھون نے بھی سارا حال کہا القصہ ابو براء عامر بن مالک اس بیوفائی اور مکر سے جو اسکے بھتیجے نے اصحاب رسول اللہ سے کیا نہایت ملال ہوا کہ اس عرصہ مین مر گیا اور عامر بن طفیل کے سینہ پر ایک نیزہ مارا اس سے تو نہ مرا مگر ایک بچوڑا برابر کوہان شتر از قسم طاعون نکلا بے فاصلہ نار ہوا اسنے براہ حماقت حضرت صلعم سے کہلا بھیجا تھا کہ ملک مجھے بانٹ دو اسطرح کہ دیہات اور خیبل کے اراضی سے مجھے کام نہین تم لو اور شہر سے حصے مین چھوڑ دو اگر اسپر راضی نہو تو بعد وفات اپنے مجھے اپنا خلیفہ کرو نہین تو مین ایک لشکر جرار کثیر المقدار لا کے تم سے لڑونگا آنجناب نے فرمایا اللھم اکفنی عامر اے اللہ تو خود کام تمام کر دے عامر کا کہ مجھ تک نہ پہونچے کہ وہ طاعون سے فی النار واسقر ہو گیا باجملہ عمرو بن امیہ وہان لوٹے راہ مین دو شخص مشرک بنی عامر کے مل گئے عمرو نے ایک درخت کے نیچے سوتے مین قتل کیا دل مین سوچے کہ یہ بھی ایک طرح کا انتقام عامر بن طفیل سے ہے اور یہ دونون مقتول حضرت صلعم کی امان مین تھے ان باتون کی عمرو کو خبر نہ تھی جب حضرت نے یہ حال سنا تو فرمایا اے عمرو یہ کام اچھا نہ ہوا اب دیت دینا پڑیگی اور بنی عامر اور یہود بنی نضیر ہم عہد تھے لہذا آپ کو ملحوظ ہوا کہ بمشورت انکے معاملہ دیت کو طے فرماوین اسی پر غزوہ بنی نضیر واقع ہوا فائدہ ایک قصے مین حضرت صلعم نے ایک ماہ خواہ چالیس یوم قاتلون کے حق مین بد دعا کی ہے اور اسمین نبی لحیان و رعل و ذکوان اور عصیہ کا ذکر کیا اور عضل و قارہ کو بھی شریک گردانا کس واسطے کہ قصہ بیر معونہ و رجیع کی خبر ایک وقت مین ہوئی اور دونون قریب قریب واقع ہوئے تھے بخاری و مسلم مین حضرت انس سے روایت ہے کہ بعد شہادت شہدائے بیر معونہ نے جناب الٰہی مین عرض کیا کہ ہمارے حال سے پیغمبر کو خبر دے کہ حضرت جبرئیل نے خبر دی اور حضرت نے اصحاب سے کہا کہ تمھارے بھائی شہید ہوئے اور انھون نے کہا کہ ہم تجھسے ملے اور تو ہم سے راضی ہوا اور ہم تجھسے راضی ہوئے اور اسی طرح فضائل انکے کتب حدیث مین مذکور ہین نجبۃ المحافل سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف کعب ابن زید زخمی ہو کر اس قضیہ مین پیچھے مین بعد اسکے جنگ خندق مین شہید ہوئے اور صحیح بخاری سے معلوم ہوتا ہے کہ سب شہید ہوئے صرف ایک شخص لنگ

بیچ گیا تھا کہ وہ اسوقت بہاڑ پر تھا تنبیہ اگر کوئی بیوقوف کہے کہ حضرت نے قضیہ رجیع اور بیر معونہ مین بے تامل اصحاب کو بھیجدیا اور کچھ خیال نہ کیا کہ یہ لوگ ناحق مارے گئے تو جواب اسکا یہ ہے کہ انبیا علیہ السلام کا یہی کام ہے انکو خدا کی راہ بتلانے مین منافق اور دوست اور دشمن سب یکسان ہین انھین ہر حال مین اپنے رب کی پیغام رسانی مقصود ہوتی ہے پس اس نظر سے کہ وے لوگ خدا کی راہ دریافت کرنے کے نام سے حضرت کے پاس آئے تھے اور اصحاب کو ساتھ لیجانے کی آپ سے درخواست کی تھی حضرت نے انکو ساتھ بھیجدیا جیسے کوئی اپنے تابعین کو جنگ دشمن پر بھیجتا ہے اور مسلح کرکے بھیجتا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آنحضرت کو اس کار پر بالہام الٰہی آگاہ تھے لیکن جناب باری کو یہ منظور تھا کہ مومنین ان منافقین کے ساتھ چلے جاوین اور سب پر یہ بات کھل جاے کہ اہل اسلام راہ خدا مین کس قدر جان نثار ہین کہ دوست و دشمن مین کچھ تمیز نہ کرکے راہ خدا تعالی مین جان و تن جلفر بین پس حبیب اللہ نے بھی کچھ دم نہ مارا اور یہ ویسا ہی معاملہ ہے جیسا حضرت مسلم کے ساتھ اہل کوفہ نے کیا ہے پوشیدہ نہ رہے کہ بعد بعد حبیب صحابی کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو ابن امیہ ضمیری اور خبیب ابن عدی انصاری کو جانب مکہ بھی روانہ کیا تھا اور فرمایا کہ تم پوشیدہ جاکر ابوسفیان کو قتل کر دو گئے تو خبر مشہور ہو گئی ناچار پھر آئے مگر ابن اسحاق نے اسکو ذکر نہین کیا ہے صرف ابن ہشام نے لکھا ہے کذا فی بہجۃ المحافل اسی سال مین غزوہ بنی نضیر ہوا اور یہ واقعہ یون واقع ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم با طائفہ اصحاب خاص اور ایک جماعت یاران اختصاص کے جسمین ابوبکر صدیق اور عمر خطاب اور علی مرتضی اور زبیر اور طلحہ اور سعد ابن معاذ اور اسید ابن حضیر اور سعد ابن عبادہ یہ سب موجود تھے بنی نضیر مین یہودیون کے پاس لے گئے تاکہ انسے اون دونون مقتولون کے خون بہا کی بابت جنکو عمرو ابن امیہ ضمیری نے قتل کیا تھا کچھ تدبیر کرین ان اور بنی نضیر حضرت سے عہد و پیمان کر چکے تھے اور بنی عامر سے بھی قول و قسم ہو چکا تھا جب حضرت نے اس بات مین انسے کلام کیا تو بولے اے ابوالقاسم کچھ تم کہوگے ہم وہی کرینگے ایک لحظہ توقف کیجیے اور آرام لیجیے ہم آپ کی اور آپ کے اصحاب کی ضیافت کرینگے آپ تشریف رکھین بعد فراغت کھانے سے اس امر مین عرض کرینگے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکا التماس قبول فرمایا ان لوگون نے خلوت مین جاکر مشورہ کیا کہ کوئی تدبیر ایسی ہو جس سے حضرت اور انکے یارون کا کام تمام کرین اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پشت بدیوار بیٹھے تھے جب حیی ابن اخطب نے کہا ایسا قابو کبھی نہ ملیگا صلاح یہ ہے کہ ایک شخص چھت پر چڑھ کر ایک بڑا پتھر محمد کے سر پر ڈھکیل دے کہ کام انکا تمام ہو جاے عمرو ابن جحاش ابن کعب بولا کہ مین یہ حرکت کرونگا سلام ابن مشکم نے کہا خدا کی قسم ایسا کام اگر کروگے تو محمد کو آسمان سے خبر ہو جائیگی اور نقض عہد لازم آویگا مگر کسی نے نہ مانا عمرو ابن جحاش ایک پتھر کہین سے اٹھا لایا فوراً حضرت جبرئیل امین نے بامر رب العالمین سید المرسلین کو خبر کردی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہان سے اٹھ کھڑے ہوئے اسطرح جیسے کوئی تقاضاے حاجت کو اٹھتا ہے اور مدینے کی طرف تشریف لیچلے اصحاب بھی بعد انتظار آپ کے پیچھے چلے گئے اور عمرو ابن جحاش کا پتھر ہاتھ مین رہ گیا جب سب لوگ مدینے مین داخل ہوئے تو اصحاب نے حال دریافت کیا حضرت صلعم نے بیان فرمایا اور مدینے سے محمد ابن مسلمہ کو اس قوم ناپاک کے پاس بھیجا اور کہلا بھیجا کہ اب تمھارا قول و پیمان ٹوٹ گیا تمھارا اظہار اور باطن یکسان نہین

ہر لہذا تمھارا رہنا مسلمانون کے پہ دس مناسب نہین ہے دس دن کی مہلت ہے اس عرصہ مین نکل جاؤ جو کوئی دس دن بعد ملے اسکی گردن ماری جاے یہ خبر سنکر سفر کی تیاری مین مصروف ہوئے عبداللہ ابن ابی منافق نے کہلا بھیجا کہ مین تمھاری مدد کو حاضر ہون تم قلعہ مستحکم کرلو اور ہرگز نہ نکلو اور یہود بنی قریظہ اور خیبر سے غطفان بھی اعانت کرینگے سو ابن اخطب سنتے ہی مغرور ہو گیا اور حضرت سے کہلا بھیجا کہ ہم نہ نکلینگے تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ام مکتوم کو خلیفہ مدینہ کیا اور علی مرتضی کو علمدار اور مدینے سے کوچ کیا اور اس جلدی سے گئے کہ نماز عصر بنی نضیر مین ادا فرمائی اور بعضے ظہر کے وقت پہونچے لیکن یہ دیکھکر مشرکان یہود اپنے اپنے قلعون مین پوشیدہ ہو رہے اور تیرون اور پتھرون سے آمادہ جنگ ہوئے چنانچہ روایت ہے کہ خیمہ آنحضرت صلعم بنی حمیلہ مین قایم کیا گیا تھا غرورا ایک تیر انداز نے تیر چلایا کہ خیمہ مین پہونچا وہان سے خیمہ دوسری جگہ کھڑا کیا علی مرتضی اسکی حفاظت مین تھے ناگاہ دیکھا کہ وہ مردود شمشیر برہنہ مع نو نفر یہودیون باسر آیا علی مرتضی نے اسکو قتل کیا اور سر ناپاک اسکا حضرت کے روبرو لا ڈالا اسوقت حضرت نے ابو دجانہ وسہیل کو مع آٹھ نفر دیگر ہمراہ علی مرتضی بنابر تنبیہ ہمراہیان غرورا کر دیا کہ انھون نے جا کر سب کو قتل کیا اور سب کے سر حضرت کے پاس لائے باجملہ گیارہ شانہ روز یا پندرہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قلعہ کا محاصرہ کیا ہی نضیر بحالت محصوری منتظر رہے کہ کوئی ہماری مدد اور کمک کرے کوئی بھی نہ آیا ناچار ہوکر کہلا بھیجا کہ ہم سے کچھ تعرض نہ کیجیے ہم خود ہی نکلے جاتے ہین حضرت نے فرمایا کہ تم نکل جاؤ کوئی تمھاری جان و تن سے تعرض نہ کریگا مگر ہتھیار چھوڑ جاؤ کہ یہ سزاے سرکشی ہے اور مال و اسباب سے جو کچھ جا سکے لیجاؤ یہود راضی ہوئے اور اپنے گھر اپنے ہاتھون سے خراب کر کر نکل گئے چنانچہ آیت ہوالذی اخرج الذین کفروا من اہل الکتاب من دیارہم لاول الحشر تا قولہ تعالی فاعتبروا یا اولی الابصار یعنی وہی ہین جنھے نکال دیے جو منکر ہین کتاب والون مین سے اُنکے گھرون سے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محمد ابن مسلمہ کو اُنکے اخراج پر سے فرمایا کہ بعضے شام کو گئے اور بعضے خیبر مین رہے اور بعضے دیہات مین چنانچہ پچاس رہے ہین اور پچاس خود اور تین سو چالیس تلوارین مسلمانون کے ہاتھ آئین اور چونکہ اموال اُنکے مثل اراضی اور نخیل اور اسلحہ وغیرہ بے قتال و جدال ہاتھ آئے تھے اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل غنیمت تقسیم نہین فرمایا بلکہ روسرو انصار کے مہاجرین کو عنایت کیا اور انصار کو کچھ بھی نہین دیا مگر تین شخصون کو کہ وہ بھی حاجت مند تھے ایک ابو دجانہ دوسرا سہیل ابن حنیف تیسرا حارث ابن الصمہ اور تلوار ابن الحقیق کی سعد ابن معاذ کو عنایت فرمائی اور باقی اسلحہ اور اراضی حوائج مسلمانون کے لیے مقرر کیے اور محصول اراضی سے نفقہ یکسالہ امہات المومنین وغیرہ کو عنایت فرمائی تھی اور اس تقسیم مین انصار کو کسی طرح کا حسد نہین ہوا بلکہ نہایت خوش ہوئے چنانچہ اللہ صاحب سورہ حشر مین فرماتے ہین ولا یجدون فی صدورہم حاجۃ مما اوتوا ویؤثرون علی انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ یعنی نہین پاتے اپنے دل مین غرض اُس چیز سے جو اُنکو ملا اور اول رکھتے ہین اپنی جان سے اگرچہ آپ پر ہو کیونکہ اور اس تقسیم مین دونون کو فائدہ بھی ہوا کیونکہ مہاجرون کا خرچ انصار پر تھا سو انکو فراغت ملی اور حضرت صلعم انصار سے خوش ہوکر فرمانے لگے اللھم ارحم الانصار وابناء الانصار وابناء ابناء الانصار جب بنی نضیر محصور تھے حضرت صلعم نے قطع اشجار کا حکم دیا اسلیے کہ یہود کو درخت خرما جو متصل گڈھی تھے نہایت محبوب تھے مثل اولاد اُنکو صدمہ ہوگا اصحاب نے

قطع اشجار شروع کیا بعضون نے قسم عمدہ درخت کاٹے باین نیت کہ بنی نضیر کو رنج ہو اور بعض نے بُری قسم کے کاٹے بسبب یقین فتح اسلام کے تو عمدہ قسم ہمارے کام آویگی اللہ تعالیٰ نے دونون فعل بمقتضاے حسن نیت پسند فرماے اور حکم فرمایا تعلقم من لینۃ او ترکتموھا قائمۃ علی اصولھا فباذن اللہ ولیخزی الفاسقین یعنی کاٹے تم نے ایک قسم درخت خرما کے یا چھوڑے قائم اپنی جڑون پر سو بحکم خدا ہی اور اسلیے کہ رسوا کرے نافرمانون کو اور صحیح بخاری مین ہی کہ جلانے کا بھی حکم دیا تھا چنانچہ درخت جلائے بھی گئے فائدہ جبتک نضیر مصور تھے تب حرمت شراب کا حکم ہوا اور بقول بعض غزوہ حدیبیہ مین کریم خمر نازل ہوئی اور صحیح یہ ہی کہ تحریم خمر مکہ مین نازل ہوئی تھی اور حق یہ ہی کہ شراب کے حق مین چار بار حکم ہوا ہی اول ربا یوداالذین کے ستر ھوین رکوع مین ارشاد ہوا ومن ثمرات النخیل والاعناب تتخذون منہ سکرا ورزقا حسنا یعنی اور میوون سے کھجور کی اور انگورون سے بناتے ہین اُس سے نشا اور روزی خاصی تفسیر احمدی مین ہی کہ بعضون نے سکر سے شراب مراد لی ہی اس صورت مین منسوخ ہی اور بعضون نے شہد مراد لیا ہی اور شہد وہ جو انگور اور منقے اور خرمے کا شیرہ پکاتے ہین یہانتک کہ دو ثلث جل جاتا ہی اور رزق جس سے سرکہ اور دبس شراب اور خرما اور منقے مراد ہی خلاصہ یہ کہ اس آیت سے سمجھا گیا کہ شراب طلقاً حلال ہی دوسرے بار حکم ہوا کہ قل فیھما اثم کبیر ومنافع للناس اس سے معلوم ہوا کہ گناہ تو ہے بار حکم ہوا کہ یا ایہا الذین آمنوا لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاری اس سے کھلا کہ نماز کے وقت شراب پینا حرام ہی بعد اسکے چوتھی مرتبہ یہ آیت آئی یا ایہا الذین آمنوا انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون یعنی اے ایمان والون یہ جو ہی شراب اور جوا اور بت اور پانسے گندے کام ہین شیطان کے سو ان سے بچتے رہو شاید تمھارا بھلا ہوگا اور یہ آیت واذا سمعوا مین ہی اس آیت سے صراحتاً حرام ہونا شراب کا دریافت ہوا اور شراب کی ماہیت مین اختلاف ہی ہمارے نزدیک جب انگور کا پانی جوش دیا جاے اور شدید ہو اور کف لاوے وہ شراب ہی مگر صاحبین کے نزدیک قذف بالزبد شرط نہین ہی اور امام اعظم کے نزدیک شرط ہی اور فتویٰ اسی پر ہی اور بعضون کے نزدیک شراب نام ہی نشے والی چیز کا ہمارے نزدیک شراب بعینہ حرام ہی اور بعضون کے نزدیک شراب نشہ کے سبب سے حرام ہی اور نجس ہی پنجاست غلیظہ اُسکا حلال جاننے والا کافر ہی مسلمان کو اُسکی بیعت و اُسکی حرام ہی اور نفع اُسکا حرام ہی اُسکے پینے والے کو حد واجب ہی گو نشہ نہ لاوے اور جو اُسکو بھر پکاوے اُسکی حرمت نہین جاتی مگر سرکہ بنانا اُسکا درست ہی بخلاف شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اور تحقیق محدثین کی یہ ہی کہ شراب جس چیز کا پانی سڑا ہی کہ نشہ لانے لگے وہ تھوڑا اور بہت حرام ہی پس تاڑی وغیرہ بھی اسی تعریف مین داخل ہی کذا سمعت عن الاستاد صحیحین مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا ہر ایک نشہ دار چیز شراب ہی اور سب نشہ والی چیزین حرام ہین اور جسنے شراب پی دنیا مین پر وہ شراب کو سدا پیتا ملا تو بہ مر گیا تو وہ آخرت کی شراب نہ پیگا اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ جو چیز مست کردے اور نشہ لاوے وہ شراب ہی اور حرام خواہ انگور سے بنے خواہ کھجور یا منقے یا شہد یا گیہون یا جوار یا باجرا یا جو سے خواہ درخت کا عرق ہو جسطرح تاڑی اور سیندھی یا کوئی گھاس ہو جیسے بنگ وغیرہ قلیل اور کثیر اسکا ست حرام ہی اور یہی مذہب ہی امام مالک اور شافعی اور احمد اور امام محمد اور محدثین کا ہر چند امام اعظم کے نزدیک

نجس حرام شراب وہی ہے جو شیرہ انگور سے بنے اور جوش مار کے گاڑھی ہو کر جھاگ لاوے اور چیزیں بدون نشے کے حرام نہیں لیکن اکثر محتاط محققین کے نزدیک امام محمد کے قول پر فتوی ہے چنانچہ نہایہ اور زیلعی اور عینی اور فتاوی عالمگیری اور درمختار اور اشباہ نظایر میں مذکور ہے اور بحر العلوم مولانا عبد العلی لکھنوی نے تاڑی اور نان پاؤ کی حرمت میں جو فتوی لکھا ہے خوب تحقیق فرمایا ہے جو چاہے اسکو ملاحظہ کرے اور مولوی رشید الدین خان صاحب نے صاف لکھا ہے کہ حرمت نان پاؤ موجود عدیدہ ثابت ہے وھو الحق والحق احق بالاتباع جب سال چہارم ہجرت نبویہ صلی اللہ علیہ وعلی اصحابہ وازواجہ وسلم کا آیا تو کئی حادثہ ہوئے چنانچہ عبد اللہ ابن عثمان سبط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ برس کی عمر میں وفات پائی اور فاطمہ بنت اسد ام علی مرتضی کرم اللہ وجہہ اور ابو سلمہ ابن الاسد مخزومی اور زینب بنت خزیمہ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور ماہ شعبان میں حضرت امام حسین علیہ السلام پیدا ہوئے اور ماہ شوال میں ام المومنین سلمہ زوجات مطہرات میں داخل ہوئیں اور قصہ رجم یہود اور یہودیہ بہ ثبوت زنا واقع ہوا اسی سال میں یہود نے انکار کی تھی کہ ہماری شریعت میں رجم کا حکم نہیں ہے صرف منہ کالا کر کے بسواری شتر تشہیر کرا دیتے تھے مگر عبد اللہ ابن سلام نے انکی تکذیب فرمائی اور توریت طلب کر کے دکھلائی ایک یہود نے آیہ رجم پر ہاتھ رکھ دیا عبد اللہ نے اسکا ہاتھ اٹھایا تو آیت مذکور کھلی یہود پشیمان ہوئے اور زانی و زانیہ سنگسار کیے گئے اور اسی دن زید ابن ثابت کو ارشاد ہوا کہ یہود کی خط و کتابت سیکھو کہ زید نے پندرہ دن میں بخوبی سیکھ لیا اسی سال میں یہ معاملہ ہوا کہ قتادہ ابن نعمان انصاری کے زرہ آٹے میں رکھے تھے جاتے صبح کو تلاش کی تو آٹے کا خط طعمہ ابن ابیرق کے گھر تک پایا گیا وہاں تلاش کی زرہ نہ ملی وہ خط آگے نظر آیا تو زید ابن سمین یہودی کے گھر تک تعاقب اسکے گھر کی تلاشی ہوئی تو زرہ ملی یہودی نے ظاہر کیا کہ مجھے طعمہ نے تفویض کی تھی طعمہ نے کہا یہ جھوٹا ہے میں بری ہوں چور وہ جسکے یہاں مال ملا طعمہ کی قوم نے باہم یہ شوریٰ کیا کہ ہم حضرت کے پاس سب مل کر گواہی دینگے کہ طعمہ بری ہے تو حضرت ہماری حمایت کرینگے اور یہودی چور قرار پاویگا صبح کو ان لوگوں نے ایسا ہی کیا اور عالم الغیب نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کر دیا کہ طعمہ ابن ابیرق چور ہے کہ اسپر حد جاری ہوئی اور کریمہ انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراک اللہ ولا یکن للخائنین خصیما الخ وہ المضامین میں نازل ہوئی یعنی ہم نے اتاری تجھپر کتاب سچی کہ تو انصاف کرے لوگوں میں جو سوجھاوے تجھکو اللہ اور تو مت ہو دغابازوں کی طرف سے جھگڑنے والا اس آیت سے مسئلہ قضا بالحق نکلا اور واضح ہوا کہ حضرت کو اجتہاد کرنا جائز تھا کہ بارک اللہ سے واضح ہے اور ثابت ہو گیا کیونکہ شیخ ابو منصور نے منے لکھے ہیں کہ جو الہام کرے تجھپر اللہ بسبب فکر کرنے کے اصول منزلہ میں اور حضرت کے اجتہاد میں اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں جائز ہے اور بعضے عدم جواز کے قائل ہیں ہمارا مذہب یہ ہے کہ آنجناب ہر مقدمہ میں انتظار وحی کے مامور تھے اگر وحی آئے تو بہتر ورنہ بعد انتظار حسب مصلحت کی فوت ہونے کا اندیشہ ہوتا تو اجتہاد فرماتے جو صواب ہوتا تو نور علی نور اور جو خطا ہوتا تو اسپر ٹھہرے نہ رہتے بلکہ وحی آتی بخلاف اور مجتہدوں کے وہ اپنی خطا پر ہمیشہ ٹھہرے رہتے ہیں روایت ہے کہ جب طعمہ پر حکم اجرائے حد کا صادر ہوا تو وہ جانب بیت اللہ شریف بھاگ گیا

سال چہارم ہجرت
نان پاؤ
سال پنجم ہجرت
وفات عبد اللہ ابن عثمان
وفات ہجرت
وفات فاطمہ بنت اسد
وفات ابو سلمہ
وفات زینب بنت خزیمہ
ولادت حسین
ولادت ام سلمہ
نکاح ابو سلمہ
واقعہ رجم یہود
نصیحت تاڑی
اختلاف در اجتہاد حضرت

وہان بھی جو رہی کی اور خیبر مین بھاگ آیا یہان کسی کے گھر مین نقب دینے لگا کہ دیوار گر پڑی اور طعمہ مر گیا اور اسی سال سریہ ابوسلمہ ابن الاسد مخزومی قبیلہ بنی اسد پر واقع ہوا اور بعضے سال سوم مین لکھتے ہین وجہ یہ ہوئی کہ طلحہ و سلمہ پسران خویلد نے اپنی قوم کو جمع کر کے چاہا کہ مدینے کے اوپر مین یہ خبر یہان ہوئی تب آنجناب نے دیڑھ سو مہاجرین انصار ہم اور کر کے ابوسلمہ کو روانہ کیا ابوعبیدہ ابن الجراح و سعد ابن ابی وقاص و سعید ابن حضیر و ابوناءلہ و ابوبشیرہ ابن ابی رہم غفاری و عبداللہ ابن سہیل ابن عمرو و ازقسم ابن ابی الارقم بھی اس جماعت مین تھے چنانچہ ابوسلمہ بہ رہبری ابن زبیر طائی جانب بنی اسد روانہ ہوئے جب موضع قطن مین آئے تو وہان مونسی بنی اسد کے چرتے تھے انکو پکڑ لائے اور تین نفر غلام ہاتھ آئے باقی سب بھاگ گئے اور اپنی قوم مین خبر دی وہ سب باوصف کثرت جماعت کے بھاگ گئے غازیون نے اموال و اسباب مونسی انکے لیے اور خمس نکال کر تقسیم کر دیے ہر ایک شخص کو سات سات اونٹ اور چند بکریان ملین دس دن بعد مدینے مین لوٹ آئے اور اسی سال مین بروایت بعض اہل تاریخ نماز قصری کا حکم بحالت سفر صادر ہوا کہ مسافر چوگانے کو دوگانے پڑھے اور دوگانی اور سہ گانی مین تقصر نہ کرے اور واجب ادا کرے سنت مین مختار ہے و احکامہ فی الفقہ اور اس سال مین سریہ عبداللہ ابن انیس انصاری بنابر قتل سفیان بن خالد ہذلی جسنے حضرت عاصم وغیرہ کو شہید کیا تھا واقع ہوا اور عبداللہ ابن انیس سفیان کو پہچانتے نہ تھے آنجناب نے اسکا حلیہ بیان کیا اور فرمایا کہ اسکے دیکھنے سے تمہارے دل مین خوف پیدا ہوگا عبداللہ نے جواب لیا کہ جو ہے جی مین آرے اس سے کہون اور تلوار لیکے روانہ ہوئے بعد قطع منازل بطن عرنہ کہ بضم عین مہملہ و فتح راے مہملہ ایک جگہ عرفات مین ہر چہ نیچے وہان سفیان ملا عبداللہ کے حسب نشاندہی پیغمبر خدا پہچانا اور اسکے قریب تشریف لیگئے اسنے کہا تم کون ہو کہا مین قبیلہ خزاعہ سے ہون مین نے سنا ہے کہ آپ نے محمد سے لڑنے کی طیاری کی ہے سو مین بھی حاضر ہوا کہ شریک ہون اور بہت باتین خوشامد کے طور پر کین سفیان راضی ہوا عبداللہ اسکے خیمے مین در آئے اور موقع پاکر کار کر لیا اور مدینے کو روانہ ہوئے اثنار راہ ایک غار مین چھپ رہے اور مکڑی نے مانند غار ثور جالا تنا قوم سفیان خبر پاکر در پے تلاش عبداللہ دوڑے اور بہت تلاش کیا وہ نہ ملنا چار پھر گئے اور عبداللہ غار سے نکل مدینے مین آئے اور سر ناپاک اسکا زیر قدم مبارک پر ڈال دیا اسوقت آنجناب مسجد مین جلوہ فرما تھے دیکھ کر خوش ہوئے اور فرمایا افلح الوجہ عبداللہ نے کہا افلح وجہک یا رسول اللہ بعد اسکے عبداللہ نے تمام قصہ عرض کیا حضرت صلعم نے انکو بہشت کی بشارت سنائی اور ایک عصا عنایت کیا کہ تا وقت وفات انکے پاس رہا کہ ہر دم اپنے ساتھ رکھتے تھے یہانتک کہ بوقت مرگ اپنے کفن مین رکھوا لیا اس مقام سے حضرات صوفیہ رحمہم اللہ کو سند شجرہ رکھنے کی قبر مین ہاتھ لگی اور ہمارے استاد الاستاد نے اسکے دو طریق لکھے ہین ایک بالاے کفن سینہ مست پر دوسرا اندرون قبر ایک طاقچی پر اول کو تعمانع کرتے ہین مگر یہ رکاکت ہے پھر اسی سال مین غزوہ بدر صغری جسکو ثانیہ بھی بولتے ہین شروع ماہ ذیقعدہ واقع ہوا سبب یہ ہوا کہ ابوسفیان احد سے پھرتے وقت کہہ گیا تھا کہ سال آیندہ بدر پر لڑائی ہوگی سو اسنے بظاہر سامان کیا اور سبب خشک سالی کے دل مین منظور نہ تھا اسنے جانا کہ حضرت صلعم بھی بدر

نہ آویں تاکہ فجاءت انہوا نے نعیم بن مسعود کو جانب مدینہ بھیجا کہ اصحاب پیغمبر کو خبر دے کہ ابوسفیان نے لشکر جمع کیا ہے مدینہ پر آتا ہے
مدینے میں آکر اہل اسلام سے کہا انھوں نے کہا حسبنا اللہ ونعم الوکیل اور حضرت صلعم نے خبر پائی تو علی مرتضی کو علمدار اور عبداللہ بن
رواحہ کو خلیفہ کیا اور مع لشکر کہ پندرہ سو آدمی تھے بدر کو تشریف لیگئے ابوسفیان خوف سے نہ آیا آنجناب نے آٹھ دن مقام کیا اور وہاں
اصحاب نے بہ تجارت اموال بہت نفع اٹھایا حضرت عثمان فرماتے تھے کہ ہر بنیا پر مجھے ایک دینار نفع ملا پھر وہاں سے بے جنگ و قتال پھرے
ین سنہ چہارم اسی سال کے ماہ محرم میں بروایت ابن اسحق سال چہارم میں غزوہ ذات الرقاع ہوا اور سبب یہ ہوا کہ ایک شخص نے مدینہ میں خبر
دی کہ قبائل محارب و انمار و ثعلبہ موضع ذی امر میں جمع ہیں ارادہ مدینہ کا رکھتے ہیں حضرت نے عثمان بن عفان کو خلیفہ کیا، مع لشکر
سات سو آدمی کے روانہ ہوئے وہ لوگ بھاگ گئے پر بعضوں نے کہا کہ اس غزوہ کو ذات الرقاع اسلیے کہتے ہیں کہ اصحاب حضرت پیادہ پا برہنہ
لتے لتے تھے خواہ نام درخت تھا خواہ کوئی موضع تھا جسمیں سیاہ و سفید تلی تھی وجہ اول صحیح ہے صحیح بخاری میں جابر سے روایت ہے کہ حضرت
در درخت سمرہ کے نیچے اپنی تلوار شاخ میں لٹکا کر سونے لگے اور میں بھی سو گیا دفعتہ آنجناب نے مجھے پکارا میں حاضر ہوا دیکھتا ہوں کہ ایک اعرابی
گھڑا ہے حضرت نے فرمایا کہ اسلیے میری تلوار میان سے نکالی میں جاگ پڑا اسنے کہا کون تجھکو مجھسے بچاتا ہے میں نے کہا اللہ وہ بیٹھ گیا میں نے نہیں
مارا اور ایک روایت ہے کہ تلوار اسکے ہاتھ سے گر پڑی حضرت صلعم نے لیلی اور فرمایا اب کون بچاتا ہے تجھکو وہ بولا تو بہتر پکڑنیوالا ہے سو حضرت نے
اسکو چھوڑ دیا اور اپنی قوم میں آکر کہنے لگا کہ میں نیک آدمی کے پاس سے آتا ہوں اور اسلام لایا اور اس لڑائی میں ابن ہشام نے بروایت ابن اسحق
ایک حدیث جابر کی روایت کی ہے کہ جب حضرت صلعم غزوہ سے پھرے تو راہ کے وقت جابر رضی اللہ عنہ ایک اونٹ ضعیف کہ زیر پر سوار تھے
اور قابل ہونے کے انمنظور تھا اور اونٹ نہ چلتا تھا حضرت صلعم نے ایک تازیانہ سے اونٹ کو مارا کہ وہ دوڑنے لگا تب حضرت صلعم نے حضرت جابر سے کہا
تو کیوں جلدی کرتا تھا جابر نے التماس کیا کہ میں نے بیاہ کیا ہے فرمایا کہ باکرہ سے یا ثیبہ سے جابر نے عرض کیا ثیبہ سے فرمایا باکرہ سے کیوں
نکاح نہ کیا کہ تو اسکے ساتھ کھیلتا اور وہ تیرے ساتھ کھیلتی بعد اسکے حضرت صلعم نے وہ اونٹ چالیس درم کو مول لیا جابر نے کہا
یا رسول اللہ مدینے میں داخل ہو کر تسلیم کرونگا اور قیمت بھی لونگا حضرت صلعم نے قبول کیا لیکن یہ روایت امام المحدثین مسلم کے خلاف ہے
یونکہ صحیح مسلم سے یہ حال سوقت معلوم ہوتا ہے جب کہ مکے سے جانب مدینہ روانہ ہوئے ہیں فائدہ اس حدیث سے استحباب نکاح باکرہ
باکرہ و لہو و لعب انہیے زجہ سے ثابت ہوا اور امام مالک رضی اللہ عنہ نے جواز بیع مع الشرط اس حدیث سے نکالا ہے اور امام اعظم و شافعی رحمہما اللہ
علیہما نے تاویل فرمائی ہے مناظرہ تھی کہ جو بیع مع شرط میں وارد ہوئی ہے فائدہ یہ غزوہ حسب روایت بخاری بعد غزوہ خیبر کے واقع
ہوا لیکن خود علامہ الزمان بخاری علیہ الغفران نے بعد غزوہ خندق کے ذکر کیا ہے اور غزوہ خندق بالاتفاق پیش از غزوہ خیبر واقع ہوا ہے اور
رفع تعارض یوں ہو سکتا ہے کہ غزوہ ذات الرقاع کئی مرتبہ واقع ہوا ہے از انجملہ ایک یہ ہے اور ایک دوسرا طرح غزوہ ذات الرقاع بروایت
ابن سعد و ابن حبان سنہ خامسہ میں بھی ہوا ہے جب پانچوان برس ہجرت کا شروع ہوا تو اس سال میں فتنہ حادث اور کئی واقعہ ظاہر ہوئے
از انجملہ حکم پردہ پوشی عورات مطہرات کا قرآن میں نازل ہوا چنانچہ کریمہ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ یعنی اور جب سوال کرو تم
انسے تو سوال کرو پردے کی آڑ سے سورہ احزاب میں آسکا ازواج مطہرات پر حجاب فرض ہوا حجاب کہتے ہیں اسکو کہ عورت اپنے شخص کے سامنے

جس سے نکاح جائز ہی نہ آوے اور یہ حجاب ہی اور عورتون کو مستحب ہی اور ستر عورت اُسکو کہتے ہین کہ جس مرد سے
جتنا بدن دیکھنا فرض ہی اُسکو چھپاوے اگرچہ اُسکے سامنے آوے اور یہ ستر عورت سب عورتون پر فرض ہی شیخ عبد الحق
محدث نے اسیطرح لکھا ہی اور اور علما کے بھی تحقیق سے یہی پایا جاتا ہی اور درباب ستر سورۂ نور مین ارشاد ہوا وقل للمومنات
یغضضن من ابصارہن ویحفظن فروجہن ولا یبدین زینتہن الا ما ظہر منہا ولیضربن بخمرہن علی جیوبہن ولا یبدین زینتہن
الا لبعولتہن او آبائہن او اٰبآء بعولتہن او ابنائہن او ابناء بعولتہن او اخوانہن او بنی اخوانہن او بنی اخواتہن او نسائہن او ما ملکت ایمانہن
او التابعین غیر اولی الاربۃ من الرجال او الطفل الذین لم یظہروا علی عورات النساء ولا یضربن بارجلہن لیعلم ما یخفین من
زینتہن یعنی اور کہدے اے محمد ایمان والون کو نیچے رکھین تک اپنی آنکھین اور تھامے رہین اپنے ستر اور نہ دکھاوین
اپنا سنگار مگر جو کھلی چیز ہی اُسمین سے اور ڈال لین اپنی اوڑھنی اپنے گریبان پر اور نہ کھولین اپنا سنگار مگر اپنے
خاوند کے آگے یا اپنے باپ کے یا خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے یا خاوند کے بیٹے کے یا اپنے بھائی کے یا اپنے
بھتیجون کے یا اپنے بھانجون کے یا اپنی عورتون کے یا اپنے ہاتھ کے مال یا کمیرون کے جو مرد کچھ غرض نہین
رکھتے یا لڑکون کے جنھون نے نہین پہچانے عورتون کے بھید اور نہ دھمکا دین اپنے پانون سے کہ جان
پڑے جو چھپاتے ہین اپنا سنگار **فائدہ** الا ما ظہر سے مراد چھپنی سفید کپڑے اور نئے پاپوش ہوا تھوڑا سا منھ اور
ہاتھ کی انگلیان اور پہنچا کھولنا عورت کو درست ہی بضرورت ناچاری سے کہ اسمین ہاتھ کی مہندی کھلے گی یا
آنکھ کا کاجل یا انگلی کا چھلا اور باقی بدن اور گہنا ڈھانکنا ضرور ہی غیر سے مگر اپنے محرمون سے چھاتی سے زانو
تک اور جو عورتین جو نیک چلن والیان ہون اُنسے بھی اتنا ضرور ہی اور بدراہ عورتون سے کنارہ پکڑنا ضرور اور
کمیرے جنکو غرض نہین وہ کہ کھانے سونے مین غرق ہین شوخی نہین رکھتے اور لڑکا دس برس کا اور اپنا غلام بھی محرم کی
بہت علما کے نزدیک لیکن اس زمانہ مین غلام اور کمیرے سے پردہ کرنا لازم ہی اور تفسیر کبیر مین ہی کہ مراد ما ظہر منہا
وہ ہی کہ جو حسب عادت کھلا رہتا ہی اور غیر اولی الاربۃ سے شیوخ صلحا بھی مراد ہو سکتی ہی انتہی اور پیرون کی جھلک
سے معلوم ہوتے ہین گھونگرو یا گوجری اور باریک کپڑا جس سے بدن نظر آوے ننگی برابر ہی اگر اتنا بھی نہ کھلے تو
بہتر ہی پوشیدہ مرے کہ غلام و لونڈی و لڑکون کو تین وقت مین بے پروانگی جانا جائز نہین کما قال اللہ تعالی فی السورۃ
النور یا ایہا الذین آمنوا لیستاذنکم الذین ملکت ایمانکم والذین لم یبلغوا الحلم منکم ثلث مرات من قبل صلوۃ الفجر وحین تضعون
ثیابکم من الظہیرۃ ومن بعد صلوۃ العشاء ثلث عورات لکم لیس علیکم ولا علیہم جناح بعدہن طوافون علیکم بعضکم علی بعض وإذا بلغ
الاطفال منکم الحلم فلیستاذنوا کما استاذن الذین من قبلہم والقواعد من النساء اللاتی لا یرجون نکاحا فلیس علیہن جناح یعنی اے ایمان والو
بے پروانگی مانگ کر آوین تم مین سے جو تمھارے ہاتھ کا مال ہین اور جو نہین پہونچے تم مین عقل کی حد کو تین بار فجر کی
نماز سے پہلے اور جب اُتار رکھتے ہو اپنے کپڑے دوپہر مین اور عشا کی نماز سے پیچھے یہ تین وقت کھلنے کے ہین تمھارے

کچھ گناہ نہین تم پر اور اُنپر اُنکے پیچھے پھرا ہی کرتے ہو ایک دوسرے پاس اور جب لڑکون کو عقل ہو اور جوانی کو
پہونچین تو بلا اذن نہ آوین اور جو عورتین بوڑھی ہین جنکو بیاہ کی امید نہین وہ اگر اپنے کپڑے اُتار رکھین تو اُنپر گناہ
نہین یعنی تھوڑے کپڑون مین رہین تو درست ہو اور اگر پورا پردہ رکھین تو اور بہتر جائز نہین خوجون کا داخل
ہونا پاس عورتون کے اور اسی طرح خنثے کا اور جس آدمی کو نظر نہ آتا ہو بعض کے نزدیک اُسکے روبرو ہونا مضائقہ
نہین اور بعض کے نزدیک جائز نہین اسی طرح غیر مرد کو آواز سُنانا بھی جائز نہین جب نزول آیت حجاب اہل کے نزدیک
یہ ہوا کہ جب حضرت زینبؓ سے نکاح ہوا تو حضرت صلعم بعد الطعام طعام ولیمہ روز روشن دولتخانہ زینبؓ مین داخل ہوئے اصحاب بھی
موجود تھے وہ دیر کو اُٹھے اُسی پر آیت حجاب نازل ہوئی اور صحیح بخاری مین سبب نزول آیت حجاب کا یہ لکھا ہی کہ ایک دفعہ حضرت رات
کے وقت ام المومنین سودہؓ سے ملاقی ہوے اور کہا اے سودہ مین نے تجھے پہچانا اُسوقت اُنکے دل مین آیا کہ اگر عورتین مردون سے پردہ کرتی تو
بہتر تھا اِدھر حضرت سے اِلتماس کیا کہ اُسی پر آیت حجاب نازل ہوئی فائدہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے ترجمہ مین بطور فائدہ لکھا ہی کہ آیت
سورہ احزاب مین حکم ہوا پردے کا کہ مرد حضرت کی عورتون کے پاس نہ جائین سب مسلمانون کی عورتون پر یہ حکم واجب نہین اگر عورت سامنے
ہو کسی مرد کے سب بدن کپڑون مین ڈھکا ہو تو گناہ نہین اور اگر نہ سامنے ہو تو بہتر ہو ورنہ شر فانے امر مستحب حجاب کو بطور تاکید اختیار
کیا اور رسم پردہ نشینی کی علی الاطلاق قائم کی اور یہ بات نہایت مستحسن ہوئی مگر اب ہندوستان مین ایسا طریق بگڑ گیا کہ رہا
رہا ستر عورت حجاب مین تو خلل ہی کہ اکثر خورات بعض نامحرمون کے سامنے جیسے چچا کا بیٹا ماموں کا بیٹا اور بہن کا خاوند پھوپھا اور خالو کے سامنے آتی ہین مطلق حجاب نہین کرتی مین اور حقیقت حجاب کی یہ ہی کہ کسی نامحرم کے سامنے نہ آوے
اور ستر عورت مین یہ خلل ہی کہ لباس اسطرح کا قائم ہوا ہی کہ اُس لباس سے سوا شوہر کے اور کسی کے سامنے جانے کے قابل نہین
ہوتی ہین لاحول ولاقوۃ الا باللہ اور شوہر اُنکے منع نہین کرتے حالانکہ ایسا کپڑا جس سے بدن نظر آوے اُسکا حکم ننگے کا ہی ابوداؤد
نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہی کہ اسماء صدیق اکبر کی بیٹی باریک کپڑے پہنے جناب رسالت مآب کے حضور مین آئین آپ نے منھ
پھیر لیا اور فرمایا اے اسماء جب عورت جوان ہو جاے تو نہین جائز ہی کہ دکھلائی دے اُسکے بدن سے کچھ مگر یہ اور یہ اور اپنے منھ اور ہاتھون
کی طرف اشارہ فرمایا اس حدیث سے مفہوم ہوتا ہی کہ دونون ہاتھون عورت کے بھی عورت ہین لیکن ہدایہ اور شرح وقایہ اور نقایہ کی کتاب
الصلوۃ مین ہی کہ عورت نہین ہی اگرچہ اکثر متنون کی کتاب الکراہیہ مین چھپا ہا پیرون کا فرض لکھا ہی اور تاویل اس حدیث کی علماء
نے یہ کی ہی کہ حضرت صلعم کو جواز قدمون کے کھلے رہنے کا معلوم تھا کیونکہ عورتین عرب کی حضرت کے زمانہ مین موزے نہین پہنتی تھین جو ہاتھ چھپتے تھے
اس سبب سے پیرون کا ظاہر ہونا ظاہر تھا لہذا ذکر اُنکا نہ فرمایا لباس باریک کے اتصال مین جو دو عضو عورت نہ تھے اوپر کے
بدن مین اُنھین کا ذکر کیا یعنی ہاتھ اور منھ اور کفایہ حاشیہ ہدایہ مین جو دلیل لکھی ہی وہ بھی دلالت کرتی ہی کہ دونون ہاتھ عورت کے
عورت نہین ہین وہ دلیل یہ ہی کہ عورت کو چلنے مین حاجت کھولنے قدمون کی ہوتی ہی جیسے وقت معاملات کے ہاتھ منھ کھولنے
کی ضرورت ہوتی ہی حالانکہ ان دونون کے دیکھنے سے احتمال شہوت کا زیادہ ہی بہ نسبت قدمون کے پس قدمون کا عورت نہ ہونا

بطریق اولی ہی باجملہ کتب فقہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ عورت کے پانوں مین دو روایتین ہین ایک یہ کہ چھپانا انکا فرض نہین دوسری یہ کہ چھپانا فرض ہی درمختار اور ہدایہ مین روایت اول کو معتمد لکھا ہی اور طحطاوی حاشیہ درمختار مین ہی کہ قدم اجنبیہ کے عورت ہونے مین اختلاف ہی ہدایہ اور شرح جامع صغیر قاضی خان مین تصریح ہی کہ قدم عورت نہین اور محیط مین اُسی کو اختیار کیا ہی اور اقطع اور قاضی خان نے فتاوی مین تصریح کی ہی کہ قدم عورت نہین اور سیچابی اور مرغینانی نے اُسی کو پسند کیا ہی اور صاحب اختیار نے تصحیح کی ہی کہ نماز مین عورت نہین خارج نماز عورت ہی اور شرح منیہ مین مطلقاً عورت ہونے کو مرجح لکھا ہی احادیث سے اب واضح ہو کہ عورت آزاد کو سوا منہ اور ہاتھ کے گھٹنون تک اور پیرون سے ٹخنون تک تمام بدن کا چھپانا ایسے مردون سے جنکے ساتھ نکاح درست ہی فرض ہی اگر نہ چھپاوے گی تو موافق حدیث رسول مقبول کے ناظر اور منظور لعنت خدا مین پڑینگے چنانچہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ سے روایت ہی کہ جناب رسول صلعم نے فرمایا ہی لعن اللہ الناظر والمنظور الیہ یعنی اللہ کی لعنت ہو جو خدا کی آسپر جو کسی کا ستر دیکھے اور آسپر جسکا ستر دیکھا جاوے یعنی دکھلانے والے پر اسی طرح مردون کو بھی ناف تلے سے گھٹنون تک ڈھکنا فرض ہی اور بندیون کو بھی مانند مردونکے مع پیٹ اور پیٹھ فرض ہی درمختار مین ہی کہ جوان عورت منع کیجاے منہ کھولنے سے مردون کے سامنے نہ ہوا سطے کہ منہ عورت ہی بلکہ بخوف فتنہ اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ جس عضو کا دیکھنا جائز ہی اگر وہ بدن بھی الگ ہو جاوے تب بھی اُسکا دیکھنا درست نہین مثلاً اگر عورت کے بال گنگھی کرنے سے جدا ہون تو انکو ایسی جگہ ڈالے کہ اجنبی مردونکی نظر نہ پڑے اور دانتون کے ایسی جگہ نہ ڈالے کہ کسی کی نظر پڑے اور اپنے سے جس سے کبھی نکاح درست نہین جیسے بیٹا باپ ماں بھائی پیٹ پیٹھ ناف کے تلے سے گھٹنون تک ڈھکنا فرض ہی مثلاً بیٹے کے سامنے سر یا ہاتھ کھلا دین پنڈلی کھلی جاے تو کچھ مضائقہ نہین ہی مگر حین دوران سر کے بال نکاح جائز نہین مگر اتنا ہو سکتا ہی جتنا کہ چھوچھا یا بھانجی بھتیجی کا شوہر انکا حکم اجنبی کا ہی اور نیز عورت کو دوسری عورت سے ناف سے تلے گھٹنون تک بدن کا دیکھنا فرض ہی اگر عورتین سمجھتی ہین کہ عورت کا عورت سے کچھ ستر نہ چاہیے یہ غلط ہی مگر ضرورت کے وقت بقدر ضرورت ستر کھلا جائز ہی مطلع دوا کرنے کو بغیر دکھلائے دوا نہ ہو سکے یا دائی جنائی کو اور محارم کو جسقدر بدن کا کھلانا جائز ہی اُسکا چھونا بھی جائز ہی مگر شہوت نہین مثلاً اُسکے ہاتھ کا بے شہوت دیکھنا درست ہی چھونا جائز نہین لیکن جو عورت بوڑھیا ہو کہ کوئی اُسکی طرف شہوت سے نظر نہ کرتا ہو اُسکا بدن کچھ بھی عورت نہین ہی بشرطیکہ ذرا برابر ہو تو جب تک قابل شہوت نہین تو ستر قبل و دبر کا دیکھنا فرض ہی چھونا اور مصل بدن کا دس برس کی عمر تک چھوٹے لڑکے کا سا حکم بالغ کا سا ہی کذا فی الدر المختار اور جو عورت بضرورت کسی غیر محرم کے سامنے آوے تو واجب ہی کہ تمام بدن چادر سے ڈھک کر آوے مردون کو لازم ہی کہ عورتونکو تاکید کرین ورنہ گنہگار ہونگے بعد اُسکے غزوہ دومۃ الجندل واقع ہوا بعض کے نزدیک یہ مقام شام کی طرف ہی دمشق سے دس روز برابر تبوک سے تین منزل ہی تیسرا مواہب مین ہی کہ ایک شہر ہی مدینہ سے پندرہ مراحل شب کی راہ پر ہی اُسکی جانب وادی ابن اسمعیل ہی کہ وہان نازل ہوا تھا سبب اس واقعہ کا یہ ہوا کہ حضرت کو خبر ہوئی کہ کچھ لوگ جمع ہو کر راہ مارتے ہین حضرت نے سباع ابن عرفطہ کو خلیفہ کیا اور ہزار آدمی سے تشریف لے گئے وہ خبر سنکر بھاگے ہاتھ نہ آئے اسی عرصہ مین دفعۃً والدہ ابن عبادہ نے وفات پائی سعد نے کہا اگر میری ماں حیات پاتی تو صدقہ دیتی خواہ میت

کرتی اگر میں کروں صدقہ تو کچھ فائدہ ہوگا ارشاد کیا کہ فائدہ ہوگا سعد نے عرض کیا کہ کون صدقہ افضل ہے فرمایا کہ پانی تب سعد نے ایک کنواں اس سبیل کے طور پر کھود دادیا اور حضرت نے اُنکے ماں کی قبر پر نماز پڑھی بعد اسکے ماہ شعبان میں غزوہ بنی مصطلق واقع ہوا اس غزوہ کو مریسیع بھی کہتے ہیں مریسیع باہمال راو سین بصیغہ تصغیر ایک کنواں بنی خزاعہ کا ہے ناحیہ قدید میں بسبب اس لڑائی کے یوں واقع ہوا کہ ہشام ابن ابی ضرار نے مشرکوں کو ترغیب دیکر لڑائی پر تیار کیا یہ خبر مدینہ میں آئی تو اول حضرت صلعم نے بُریدہ ابن الحصیب اسلمی کو انکا حال دریافت کرنے کو بھیجا بُریدہ اُنسے ملکر خبر تحقیق لائے اور حضرت نے سامان جنگ کیا کہ زید ابن حارث کو خلیفہ مقرر کیا اور علی مرتضیٰ یا ابوبکر صدیق کو علمدار مہاجرین گردانا اور سعد ابن عبادہ کو علمدار انصار اور عمر ابن خطاب کو مقدمۃ الجیش قرار دیا اور تشریف لیچلے اور امہات المومنین سے حضرت عائشہ اور ام سلمہ ہمراہ گئی تھیں اور اس لڑائی میں اکثر اہل نفاق بھی بطمع غنیمت ہمراہ چلے راہ میں ایک جاسوس بنی مصطلق کا ہاتھ لگا تو اُسکو پکڑ لیا اور حال پوچھا اُسنے بالکل انکار کیا تب حضرت عمر نے دھمکی دی اُسنے سب حال کھولکر کہدیا لہذا حضرت کے پاس لیگئے وہ جاسوس سخت کلامی اور درشتی سے پیش آکر آمادہ مقابلہ ہوا حضرت عمر نے اُسکو قتل کیا یہ خبر مشہور ہوئی اور مشرکوں کو اطلاع ہوئی وہ سب خوف سے منتشر ہوگئے بعض مشرک باقی رہ گئے اور لشکر اسلام مریسیع پر خیمہ زن ہوا اُس مشرک مقابلہ پر آئے حضرت رحمۃ للعالمین نے حضرت عمر سے فرمایا کہ انکو نصیحت کرکے دعوت اسلام کر حضرت عمر نے تقدیم حلم کی انھوں نے ایک بھی نصیحت نہ سنی تب مسلمانوں نے اول تیروں سے مارا پھر حملہ کیا سب مشرک بھاگے آخر گرفتار ہوئے بعضین دس مشرک مارے گئے اور اسطرف ایک آدمی شہید ہوا جب لڑائی ہوچکی تو ابونضلہ طائی بنابر اخبار فتح و نصرت جانب مدینہ باسکینہ روانہ ہوئے اور ایک شخص بنی مصطلق کا بطوع و رغبت ایمان لایا اور اُسکے میلان خاطر کا یہ سبب تھا کہ اُسنے لڑائی کے وقت دیکھا تھا کہ کچھ لوگ ابلق گھوڑوں پر سوار مسلمانوں کی مدد کو آئے ہیں یہ حال دیکھکر اُسکو یقین ہوگیا کہ دین اسلام سچا دین ہے اور جویریہ بنت حارث ابن ابی ضرار کا بھی ایسا ہی حال ہوا کہ لشکر اسلام کی شوکت دیکھ کر کفر سے متنفر ہوئی اور اسکی جزا میں اللہ نے اُسپر یہ کرم کیا کہ جب جویریہ غنیمت میں آئیں اور مسلمان ہوئیں حضرت نے اُنسے نکاح کیا اور آزادی اُنکی انکا مہر ہوا بعد اسکے مسلمانوں نے تجویز کیا کہ حضرت صلعم کی بی بی کے قبیلہ کے لوگ بندہ کرنا مناسب نہیں ہے اسواسطے زیادہ سو عورتوں سے آزاد کردیں اس غزوہ میں اٹھائیس دن مدینہ سے غیبت رہی اور مال غنیمت سے بحکم حضرت خمس نکالا گیا اور باقی لشکر میں تقسیم کیا گیا اور اسی سال میں حضرت صلعم نے زینب بنت جحش سے کہ حضرت کی پھوپھی کی بیٹی تھیں اولاً زید ابن حارثہ کے نکاح میں تھیں بعد طلاق و انقضاے عدت کے بحکم مالک حقیقی نکاح کیا اور اسی سفر میں مابین سنان بن وبر جنبی و جہجاہ بن سعید غفاری کے جو عمر بن خطاب کا اجیر و دار تھا نزاع واقع ہوئی کہ سنان اور جہجاہ نے اپنا اپنا ڈول کوئیں میں ڈالا اور دونوں کے ڈول ایک ہی وقت ایک مُنہ گر پڑا اور دوسرا نکال آیا درحقیقت سنان کا تھا جہجاہ نے کہا میرا ہے دونوں میں جھگڑا پڑا یہاں تک کہ جہجاہ نے سنان کے ایک طمانچہ مارا کہ خون بہ نکلا سنان پکارا یا للانصار یا للمہاجرین اور جہجاہ چلایا یا للکنانۃ یا للقریش سو مہاجر و انصار کے لوگ ہتھیار لیکر دوڑے قریب تھا کہ فساد برپا ہو مگر مہاجرین سے بعض اشخاص نے سنان کو سمجھایا سنان نے درگذر کی عبداللہ ابن ابی سلول منافق بھی اپنے یار و رفیق سمیت

وہاں بیٹھا تھا اور زید بن ارقم بھی وہیں موجود تھے سو عبداللہ بن ابی سلول بڑے غصہ سے چلا کر بولا کہ یہ مہاجر تو ہماری جان کے پیچھے پڑ گئے ہیں صاحب قسمت بن بیٹھے اگر میں ابکی بار مدینہ میں جاؤنگا تو وہ جو عزیز ہے اسکو جو خوار ہے مدینہ سے نکال دیگا یعنی محمد کو نکال دیگا پھر اپنی قوم سے کہنے لگا کہ یہ بلا تو تمنے آپ اپنے سر پر لی ہے کہ مسلمانوں کو مدینہ میں رہنے دیا زید بن ارقم نے سب معاملہ حضرت سے بیان کیا اسوقت حضرت کے حضور میں سب اصحاب کبار حاضر تھے حضرت نے اس خیال سے کہ شاید کوئی اصحاب میں سے ناراض ہو کر دے اقدام ہو جائے فرمایا کہ اے زید شاید تو اس سے خفا ہے کہ ایسی بات تو اسکی نسبت کہتا ہے زید نے عرض کی کہ میں نے اسکی زبان سے سنا ہے حضرت نے فرمایا شاید تیرا اسنے کہا نہیں نا حضرت خاموش ہو رہے اسید ابن حضیر نے جب سنا کہ عبداللہ بن ابی سلول منافق نے یہ بے ادبی کی وہ رسول خدا کے پاس آئے اور کہا یا حضرت یہ جو عبداللہ نے کہا ہے کہ وہ جو عزیز ہے اسکو جو خوار ہے مدینہ سے نکال دیگا سو آپ عزیز گرامی ہیں اور وہ ذلیل و خوار ہے آپ اسکو مدینہ سے نکال دیجئے حضرت نے جواب نہ فرمایا اور ابن ابی سلول کے بعض دوستوں نے کہا کہ اے ابن ابی سلول بدبخت تجھ پر کیا غضب پڑا جو تو نے پیغمبر خدا کے حق میں ایسی بے ادبی کی اگر یہ بات سچ نہیں ہے تو انکی خدمت میں جا کر عذر خواہی کر ابن ابی سلول نے کہا واللہ میں نے ایسی بات نہیں کہی اور حضرت کی خدمت میں اگر چھوٹی قسم کھائی کہ یا حضرت زید ابن ارقم نے آپ سے غلط بات کہدی ہے میں نے کچھوں ایسا سخن نہیں کہا بعضوں کے دل میں آیا کہ زید کے تو طیبہ باندھا تھا ابن ابی سلول سچا ہے جبھی کہ زید کے بعض اقربا نے ملامت کی زید بیچارے سخت غمناک ہوئے ایکدن مضطرب و غمگین گھوڑے پر سوار میدان میں نکلے ناگاہ حضرت سرور عالم بھی آگئے زید کہتے ہیں کہ حضرت نے بعلم نبوت میری تخجیلگی دریافت فرمائی اور میرا کان پکڑ کر مروڑا اور فرمایا غمگین مت ہو اللہ صاحب تیرے قول کی تصدیق اور منافق کے قول کی تکذیب فرماتے ہیں اور سورہ منافقون مجھے سنائی تب میری تسکین ہوئی عبداللہ ابن ابی سلول کا بیٹا تھا عبداللہ نام وہ بڑا مسلمان صادق موحد تھا اسنے حضرت سرور کائنات سے عرض کیا کہ اگر آپ میرے باپ منافق کا قتل چاہتے ہیں تو مجھے اجازت دیجئے کہ میں اپنے ہاتھ سے اسکے دو ٹکڑے کر دونگا حضرت نے فرمایا اے عبداللہ میں تیرے باپ کا قتل ہونا نہیں چاہتا اس خیال سے درگذر جب تک وہ ہم میں ہے ہم اسکے ساتھ نیکی کرینگے جب مدینہ کو مراجعت کی تو وادی عقیق میں سر راہ کھڑے ہو کر ہر ایک سوار کا تفحص شروع کیا حتی کہ اسکا باپ عبداللہ بھی نکلا تو اسنے اونٹ کی مہار پکڑ کے بیٹھایا اور اونٹ کے زانو پر پانو رکھکر کھڑا ہو گیا ابن ابی سلول نے کہا کیا ارادہ ہے عبداللہ نے کہا میں تجھے ہرگز نہ چھوڑونگا کہ تو مدینہ میں جانے پائے جب تک رسول اللہ کی اجازت نہ ہو اور تو یہ اقرار نہ کرے کہ میں ذلیل ہوں اور رسول اللہ عزیز ہیں جو شخص ان دونوں باتوں میں شک کرتا تھا یہاں تک کہ حضرت صلعم کو یہ خبر پہونچی آپ تشریف لائے اہل جلسہ سے کہا کیا ہو رہا ہے لوگوں نے سارا ماجرا حضرت سے بیان کیا حضرت اسکے پاس تشریف لیگئے دیکھا تو فی الحقیقت بیٹا باپ کا اونٹ پکڑے کھڑا ہے اور باپ سے کہہ رہا ہے لا واللہ لا تذل من الصبیان لانا اذل من النساء حضرت نے عبداللہ سے کہا کہ بس زیادہ اصرار نہ کر چھوڑ دے عبداللہ نے حضرت کے فرمانے سے چھوڑ دیا پھر مستعرض ہوا ایکدن عبادہ ابن الصامت نے عبداللہ ابن ابی سلول سے کہا کہ تو رسول اللہ کے پاس جا کر تیرے لیے استغفار کریں اسنے منہ پھیر لیا اسوقت رسول خدا صلعم وہاں سے کچھ دور تھے کہ آیہ وجی نازل ہوئی اور وہ منافقون میں یہ آیت تلاوت فرمائی واذا قیل لہم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لووا رؤسہم ورایتہم یصدون وہم مستکبرون یعنی جب کسی کو کہا جاوے کہ آؤ معافی کروا دے تمکو رسول اللہ کا مکاتے ہیں اپنے سر تو دیکھے رکتے ہیں اور غرور کرتے ہیں پھر قبل اسکے کہ عبادہ بن صامت یا حوال

کسی سے کہیں سب کو اس آیت کے پڑھنے سے اطلاع ہو گئی اور تفسیر بغوی میں لکھا ہے کہ جب کنز عبداللہ بن ابی سلول اللہ نے کہا اور صدق زید بن ارقم ظاہر ہوا تو کسی شخص نے عبداللہ منافق سے کہا یا ابا حباب تیرے شان میں آیت سخت نازل ہوئی سو تو چل کر رسول اللہ کے حضور میں عذر کر شاید کی درخواست کرائے نے منہ پھیر لیا اور کہنے لگا کہ تم نے کہا ایمان لاؤ میں ایمان لایا پھر تم نے سمجھایا کہ زکوۃ دو میں نے مال سے زکوۃ دی اب صرف محمد کا سجدہ کرنا باقی ہے اسپر یہ آیت نازل ہوئی اسی سفر میں یہ نفاق پڑا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچھتے وقت چاہ نقاب پر رات کے وقت جلوہ فرما ہوئے تو ہوا کی شدت ہوئی کہ لشکر کے لوگ بہت خوفناک ہوئے اور ناقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھل گئی تلاش کرنے سے نہ ملی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی خوف نکرو یہ ہوا ایک کافر کے مرنے سے چلی ہے اور وہ کافر مدینہ میں بتھا کسی نے پوچھا وہ کافر کون ہے فرمایا رفاعہ ابن زید ابن تابوت یہ بات سنکر ایک منافق نے کہا یہ شخص آپ کو عالم الغیب جانتا ہے حالانکہ اونٹنی بھاگتی رہی اسکا مکان نہیں معلوم ہوتا ہے کیوں نہیں خبر دیتا ہے وہ شخص وحی لاتا ہے اسیوقت حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور مقولہ منافق اور مکان ناقہ سے مطلع کر گئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے ارشاد کیا اور فرمایا کہ میں نہ گمان کرتا ہوں کہ غیب جانتا ہوں اور نہ عالم الغیب ہوں لیکن اللہ نے مجھکو مقولہ منافق اور مکان ناقہ سے خبردار کر دیا ہے کہ ناقہ شعب میں ہے اسکی ایک درخت سے بندھی ہے سو اصحاب جا کر لائے اور اسی جگہ سے جہاں حضرت نے فرمایا تھا ناقہ شریف لے آئے اور جب مدینہ میں پہونچے تو رفاعہ ابن زید ابن التابوت اسی دن اسی وقت مرا تھا جس وقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی یہ رفاعہ عظماء یہود میں تھا اور منافقون کا تھا گی دار اور اسی سال میں قضیۂ افک واقع ہوا افک کہتے ہیں جھوٹھا اور تہمت لگانے کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو منافقین نے تہمت لگائی تھی اور بعض مخلصین بھی بسبب ناوانی کے شریک ہو گئے تھے وہ یہ ہے کہ غزوۂ بنی المصطلق میں رسول مقبول صلعم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو ساتھ لیگئے تھے اور آیۃ حجاب نازل ہو چکی تھی سو کوچ و مقام میں ایسا ہوتا کہ حضرت عائشہ صدیقہ ہودج میں ستور ہوتیں اور لوگ اس ہودج کو کوچ کے وقت اتار کر الگ رکھ جاتے جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ مریسیع سے فارغ ہو کر مدینہ کو پھرے تو مدینہ کے قریب اتفاق ہوا کہ جب سحر کو کوچ کی ندا ہوئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کوچ کی طیاری سنکر قضاے حاجت کے لیے لشکر گاہ سے علاحدہ تشریف لیگئیں جب وہاں سے پھریں تو گردن بند جسمیں مہرہ یمانی پڑا تھا گلے میں نہ پایا معلوم ہوا کہ کھل گلا اسیدم اونٹے پاؤں پھر تشریف لیگئیں اور ہار ڈھونڈھ کر لائیں لشکر کا کوچ ہو گیا تھا صفوان ابن معطل سلمی کے ذمہ کے واسطے پیچھے لشکر کے رہا کرتا تھا اسکا اونٹ پر چڑھکر لشکر میں تشریف لائیں منافقون نے عیب لگایا اور ہر مرار انکا عبداللہ ابن ابی سلول مردود تھا قصہ مختصر نزول کا نجاری میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے یوں منقول ہے کہ حضرت کا معمول تھا جب کسی لڑائی میں تشریف لیجاتے تو بیبیوں کے واسطے قرعہ ڈالتے جسکا نام نکلتا اسکو ساتھ لیجاتے تھے چنانچہ اس لڑائی میں میرے نام قرعہ نکلا سو میں ساتھ گئی جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فتح کر کے مدینہ کے قریب پہنچے تو رات کو کوچ کی پھر ہوئی میں قضاے حاجت کے واسطے لشکر کے باہر گئی اور فراغت ہو کر مکان پر آئی یہاں معلوم ہوا کہ گلا یا گر پڑا ہے میں اسی مقام پر تلاش کرنیکو گئی وہاں تلاش میں دیر لگی جو لوگ میرے کجاوہ کے گھنے پر مقرر تھے وہ میرے کجاوہ کو اٹھا کر اونٹ پر کسکے لشکر کے ساتھ روانہ ہو گئے میں تو کم خوراک اور نہایت دبلی ہوتی تھی اس سبب سے کجاوہ کے اٹھانے والوں کو میرے ہونے نہونے کی کچھ خبر نہ ہوئی جب مجھکو منازل میں مقام

پر آئی دیکھا تو لشکر کا کوچ ہوگیا ہو ناچار مین وہین بیٹھ گئی اس خیال سے کہ آخر جب میرا حال معلوم ہوگا تب ضرور میرے لینے کو آدمی اونٹ کے ساتھ بھیجینگے
اس واسطے لشکر کے پیچھے رہا کرتا تھا کہ میرے ماندے کو ساتھ لاوے اُسنے مجھکو سوتے دیکھا تو پہچانا کیونکہ پردہ پوشی سے پہلے مجھکو دیکھا تھا سو اُسنے
افسوس و تعجب کیا اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور کہا یہ تو پیغمبر کی بی بی ہو اور اُسکی کوئی بات سوائے استرجاع کے مین نے نہین سنی اُسنے
اپنا اونٹ بٹھلایا مین اُسپر سوار ہوئی اُسنے اونٹ کی نکیل پکڑ کے روانہ ہوا ظہر کے وقت لشکر مین پہونچے تہمت کرنے والون نے مجھپر تہمت باندھی
اور ربانی مبانی اس تہمت کا عبداللہ ابن ابی سلول ہوا مین مدینہ مین آکر بیمار ہوگئی اور ایک مہینہ کامل بیمار رہی اور مجھکو اس تہمت کی خبر نہ تھی ہان اتنا تردد تھا
کہ جسطرح میری بیماری مین حضرت مہربانی کرتے تھے اس مرتبہ ویسی مہربانی نہ تھی گھر مین آتے صرف اتنا پوچھتے کہ اس عورت کا حال کیا ہی اُسوقت تک گھر سے
باہر خانے نہ تھے مین شہر کے باہر مسطح کی ماں کے ساتھ جاضر ورت کو گئی اُسکا پیر چادر مین الجھا وہ گر پڑی اُسنے اپنی بیٹے کو بددعا دی مین نے کہا تو اُسکو کیون بددعا
دیتی ہی وہ تو بدری صحابی ہو تب اُسنے مجھکو اس تہمت کی خبر کی کہ مسطح بھی تہمت کرنیوالون مین شریک ہی سنتے ہی میری بیماری دونی ہوگئی مین حضرت سے
اجازت لیکر اپنے مان باپ کے گھر آئی کہ اس خبر کو تحقیق کرون مین نے اپنے مان سے کہا اے مان کیا بات ہی جسکا لوگونمین چرچا ہی میری مان نے کہا اے
بیٹی تو مت گھبرا جو عورت اپنے خاوند کی پیاری ہوتی ہی اُسکو اکثر لوگ حسد سے تہمت لگاتے ہین مین نے کہا سبحان اللہ یہ بھی لوگون کو باتین
اس رات مین تمام شب نہین سوئی میرے آنسو جاری رہے پھر حضرت نے علی مرتضی ابن ابیطالب و اسامہ ابن زید کو بلایا اور میرے
چھوڑنے مین مشورہ پوچھا اسلیے کہ اس عرصہ مین حضرت جبرئیل علیہ السلام کا آنا اور وحی کا اترنا بالکل موقوف ہوگیا تھا سو اسامہ نے میری پاکدامنی
بیان کی اور کہا یا رسول اللہ وہ آپ کی بی بی ہین مجھکو تو سوائے پاکی اور بہتری کے کچھ خیال مین نہین آتا اور علی نے کہا کہ خدا نے حضرت پر کچھ تنگی نہین
کی ہی اُنکے سوائے اور بہت عورتین ہین مگر بریرہ کنیز سے آپ دریافت کرین وہ سچ سچ بتلاوے گی حضرت نے اُسے بلایا اور فرمایا کہ اے بریرہ
تو نے کبھون عائشہ سے ایسی بات دیکھی ہی جس سے تجھکو اُسکی پاکدامنی مین شک پڑے اُسنے کہا یا رسول اللہ قسم اُس خدا کی جسنے تجھکو سچا
پیغمبر کیا ہو مین نے کبھی اُسکی پاکدامنی مین فرق نہین پایا ہان اتنی بات البتہ ہو کہ عائشہ کم سن ہو بکری خمیر کہا جاتی ہو اور وہ سو جاتی ہو یعنی کم عمری سے
گھر کا بندوبست نہین کرتی تب ظاہر کلام حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کا دلالت اس بات پر کرتا ہو کہ علی مرتضی سے ناراض ہوئین اور یہ گمان
ہوا کہ علی کو مجھپر سوء عقیدت ہو حالانکہ حضرت علی کو بجز حسن عقیدت و کمال صداقت اصلا کسیطرح کا سوء ظن نہ تھا بلکہ ثابت و مقرر ہو کہ آپکو
ولایت مآب نے بمقتضائے دیانت و ایمان بالغ و وجہ طہارت ذیل صدیقہ پر گواہی دی ہی چنانچہ کریمہ ولولا اذ سمعتموہ قلتم مایکون لنا ان نتکلم
بہذا سبحانک ہذا بہتان عظیم یعنی اور کیون نہ جب تمنے سنا تھا اُسکو کہا ہوتا ہمکو نہین لائق کہ منہ پر لاوین یہ بات اللہ تو پاک ہی یہ بڑا
بہتان ہو اس بات کی خبر وحی ہوا اور علی مرتضی خود جانتے تھے کہ سوائے طیبات کی محبت طیبین مین نہین رہ سکتی لیکن جب اُنھون نے دیکھا
کہ رسالت مآب صلعم کو نہایت اضطراب ہی تو چاہا کہ بوجہ احسن تکمین خاطر کرین اور خلاصہ یہ ہو کہ ولایت مآب نے کلام کرنے مین جانب رسول اللہ
کو ترجیح دی اور اُس کی تعین مین حضرت صدیقہ کی مہم کو سرانجام کیا اور کہا یا رسول اللہ حقیقت اس معاملہ کی جانب خدا ہی آپ پر منکشف
ہو جائیگی اور اگر مسلمان خاطر عاطر اسطرف ہو کہ عائشہ سے مفارقت واقع ہو تو چندے صدیقہ آپ سے جدا والدین کے گھر مین جب اطمینان
ہو جائے تو دولتخانہ عالی مین قدم رنجہ فرماوین اور اگر یہ ارادہ ہو کہ اسکی حقیقت زبان خلق سے تحقیق ہو جائے تو بریرہ لونڈی سے استفسار فرمائیے

وہ بخوبی حالات صدیقہ سے واقف ہوگی کہ وہ شب و روز انکی خدمت مین رہتی ہی اس کلام سے بھی حسن اہتمام
علی مرتضیٰ کا معلوم ہوتا ہی کیونکہ علی مرتضیٰ خوب جانتے تھے کہ بریرہ کے کلام سے حضرت صلعم کو تسکین ہوگی اور ایسا ہی
ظاہر بھی ہوا اگرچہ حضرت صدیقہ اس زمانہ مین خرد سال تھین اس وقیقے کو نہ پہونچین اور اسی باعث سے انکو ملال ہوا بایں ہمہ
حضرت صدیقہ فرماتی ہین کہ حضرت صلعم بعد دریافت حال بریرہ سے مسجد مین تشریف لیگئے اور منبر پر چڑھکر یہ حدیث
فرمائی کہ ای مسلمان کے گروہ کون ایسا میرا ہم درد ہی جو دریافت کرکے بدلا لے اس مرد سے جسکی باعث ایذا و تخلیف
میری گھر والی بی بی کو پہونچی سو خدا کی قسم نہین جانتا مینے اپنی بی بی کو مکر نیک اور البتہ لوگون نے ذکر کیا ہی اس مرد کو جسکو
نہین جانتا مینے مگر نیک، وہ تو میری بی بی پاس کبھی نہ جاتا تھا میرے ساتھ کے سوائے پس سعد بن معاذ انصاری نے کہا
یا رسول اللہ مین بدلا لینے کو تیار ہون اگر تہمت کرنیوالا ہمارے قوم سے ہو تو مین اسکی گردن مارون اور اگر دوسرے قوم سے
یعنی خزرج سے ہو تو جیسا ارشاد ہو ویسا کرین تب سعد بن عبادہ سردار خزرج نے اپنی قوم کی سچ سے کہا کہ ای ابن معاذ زیادہ گوئی
کرتا ہی ہمارے قوم والے پر تیرا کچھ مقدور نہین اور اپنی قوم کی تو بھی حمایت کریگا پھر اسید بن حضیر سعد بن معاذ کے چچیرے بھائی نے
کہا ای سعد بن عبادہ تو زیادہ گوئی کرتا ہی قسم خدا کی ہم تہمت کرنیوالے کو قتل کرینگے کیا تو منافق ہی جو منافقون کی حمایت کرتا ہی
الغرض قریب تھا کہ کشت و خون ہو حضرت نے سب کو چپکا کیا صدیقہ فرماتی ہین کہ مین بیٹھی رو رہی تھی کہ حضرت
تشریف لائے اور میرے نزدیک بیٹھے اور فرمانے لگے ای عائشہ تیرے حق مین ایسا ایسا سنا ہی اگر بیگناہ ہی تو قریب تر
خدا تیری پاکدامنی بیان کریگا اور اگر تو نے گناہ کیا ہی تو بہ کر اسواسطے کہ جب بندہ نے توبہ کی تو خدا گناہ معاف کرتا ہی جب
حضرت صلعم کلام تمام فرما چکے تو میرے آنسو تھم گئے مین نے اپنے باپ سے کہا کہ تم حضرت کی بات کا جواب دو وہ بولے مین
نہین جانتا کیا جواب دون پھر مین نے اپنی ماں سے کہا کہ تم اسکا جواب دو انھون نے بھی کچھ جواب نہ دیا تب مینے
حضرت سے کہا کہ مجھکو معلوم ہی کہ اس بات کی خبر آپکو ہوئی اور دل مین جگہ پکڑ چکی ہی اگر مین یون کہون کہ اس عیب سے مین پاک
ہون تو آپ کو یقین کا ہیگا اور اگر ناکردہ گناہ اقرار کرون تو حضرت سچ ہی جانینگے اب میرے حال کے مطابق بات
یوسف کے باپ کی ہی فصبر جمیل واللہ المستعان علی ما تصفون یعنی اب صبر ہی اچھا ہی اور اللہ کی مدد چاہیے تمھاری باتون پر وقت
بسبب غم کے حضرت یعقوب کا نام زبان پر نہ آیا اسلیے یوسف کا باپ کہا حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ مین اپنی حقیقت ایسی جانتی تھی
کہ میرے حق مین قرآن نازل ہوگا بلکہ یہ گمان تھا کہ میرے معاملے مین خواب کی طور پر حضرت کو اطلاع ہوگی لیکن
اللہ کی کریمی کہ آپ وہین تشریف رکھتے تھے کہ وحی نازل ہوئی تو آپ نے ہنس کر فرمایا ای عائشہ خدا تعالیٰ نے تمھاری
پاک دامنی اور صفائی نازل فرمائی اور سورہ نور کی آیتین ان الذین جاءو بالافک عصبۃ منکم آخر رکوع تک پڑھ سنائین مین نے کہا
بحالائی میرے باپ نے کہا ای عائشہ اٹھ حضرت کی تعظیم کو اسوقت مین غصہ مین تھی مین نے کہا مین نہ اٹھونگی اور نہ تعریف کرونگی مین نہ خدا کی
تعریف اور نہ شما کرونگی بسنے میرے حق مین قرآن نازل کیا جو قیامت تک پڑھا جائیگا فائدہ اس حدیث سے کئی قاعدے ظاہر ہوئے اول یہ

کوئی بے گناہون کو تہمت لگاتا ہو وہ آخر کو فضیحت ہوتا ہی اور پاک لوگون کی پاکی زیادہ ثابت ہو جاتی ہو دوسرا یہ کہ جسنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بدکہا اُسنے مقرر حضرت کو رنج دیا اور منافقون مین معدود ہوا تیسرا یہ کہ علم غیب سوائے خدا کے اور کسیکو نہین کیونکہ ایک ماہ کامل حضرت کو تردد رہا لیکن بدون خدا کے بتلائے حقیقت حال نہ کھلی چوتھا یہ کہ جو کوئی شخص نعوذ باللہ اس برارت منصوصہ قطعیہ مین شک کرے وہ باجماع اہل اسلام کافر ہی حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ کسی نبی کی بی بی نے زنا نہین کیا ہی پانچوان یہ کہ قرعہ ڈالنے کی اصل کتاب اور سنت سے ثابت ہوئی چھٹا یہ کہ جب کوئی شخص اپنا دوست ہو یا عزیز کسی اہل فضل کی برائی کرے تو اُسکو مکروہ جانے جسطرح مسطح کی والدہ نے کہا ساتوان یہ کہ تفضیل اہل بدر کی اس حدیث سے بھی ثابت ہوتی ہی آٹھوان یہ کہ عورت کو اپنے والدین کے گھر جانا بلا اجازت خاوند کے نہ چاہیے نوان یہ کہ استشہاد اور استفسار عورتون سے امور عارضہ مین جائز ہی جسطرح حضرت نے بریرہ سے پوچھا کہ اس حدیث مین مذکور ہی اور دوسری حدیث مین استفسار کرنا زینب بنت جحش اور ام ایمن اور اسامہ سے مذکور ہی اُنھون نے بھی پاک دامنی حضرت عائشہ کی بیان کی ہی دسوان یہ کہ بدکہنا متعصب بالباطل کا جائز ہی جسطرح سعد بن معاذ نے سعد بن عبادہ سے فرمایا کیا تو منافق ہی جو منافقون کی طرفداری کرتا ہی گیارھوان یہ کہ حسن ادب وقت غضب کے یون لازم ہی کہ مہربانی معمولی کم کردے تاکہ دوسرا معلوم کرے کہ یہ شخص ہمسے ناراض ہی جیسا حضرت نے حضرت عائشہ سے کیا بارھوان یہ کہ جو امر جدید خلاف ہو تو اُسمین عقلا سے دریافت کرنا ضرور ہی چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ بن زید اور علی مرتضی اور عمر بن خطاب اور عثمان بن عفان سے دریافت کیا سب لوگون نے پاکدامنی حضرت صدیقہ کی ظاہر کی فائدہ ایسے حالات کے واقع ہونے مین معاملات انبیا اور اولیا مین بہت حکمتین ہوتی ہین بعض شروح بخاری مین قصہ افک کی حکمتین شمار کی ہین از انجملہ یہ معاملہ سبب ہوا نزول تعریف حضرت عائشہ کا قرآن مین دوسرے جو مصیبت مسلمانون پر ہوتی ہی وہ موجب ثواب اور رفع درجات ہوتی ہی تیسرے یہ کہ حال مومنین کا ایسے معاملات مین کھل جاوے اور اللہ کے بیان سے واضح ہو جائے کہ مسلمانون کی شان ایسے معاملات مین مقتضی اس بات کو ہی کہ کہین سبحانک ہذا بہتان عظیم یعنے پاک ہی تو یہ بڑا بہتان ہی اور گمان نیک رکھین اور کہین یہ بات ہمارے زبان پر لانے کی نہین اور یہ بات کھلی کھلی جھوٹھ ہی چوتھے یہ کہ ہمیشہ بیگناہ کو ذریعہ تسلی ہو کہ جب جناب مطہرہ سی پاکدامن پر لوگون نے تہمت لگائی تو ہماری کیا حقیقت ہی پانچوین یہ کہ ایسا مصیبت زدہ باقتدائے حضرت عائشہ صبر جمیل کرے اور اللہ سے مدد مانگے فائدہ اس تہمت مین عبداللہ بن ابی بن سلول

بانی فساد تھا اور حسان بن ثابت اور مسطح بن اثاثہ کہ حضرت صدیق کے خالاتی بہن کا بیٹا تھا اور حمنہ اخت زینب بنت جحش اوسکی شریک تھی اور بعضے زید بن رفاعہ کو بھی شریک مفسدہ کہتے ہین انھین لوگون کو آنجناب نے اسّی اسّی درے حد قذف کے مارے بالجملہ جب پاکدامنی ام المومنین مین قرآن نازل ہوا اور حضرت صدیق اکبر نے پڑھا تو صدیقہ کے سر کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ اب مسطح کی خبرگیری نہ کرونگا اللہ صاحب نے اسکی سفارش فرمائی کہ سورۂ نور مین ارشاد ہوا ولا یاتل اولوا الفضل منکم والسعۃ ان یوتوا اولی القربی والمساکین والمہاجرین فی سبیل اللہ ولیعفوا ولیصفحوا الا تحبون ان یغفر اللہ لکم واللہ غفور رحیم یعنی قسم نکھائین بڑائی والے تم مین اور کشایش والے اس سے کہ دین رشتہ دارون کو اور محتاجون کو اور وطن چھوڑنے والون کو اللہ کی راہ مین اور چاہیے معاف کرین اور درگذرین کیا تم نہین چاہتے کہ اللہ تمکو معاف کرے اور اللہ بخشنے والا ہے مہربان جب یہ آیۃ نازل ہوئی تو صدیق نے قسم کھائی کہ آپ مسطح کے تفقد احوال مین قصور نکرونگا اس مقام سے کیسی بڑی فضیلت صدیق اکبر کی نکلی جنکو اللہ نے بڑائی والا فرمایا پھر جو کوئی اُنکی بڑائی نہ مانے وہ اللہ ہی سے جھگڑے کہ اُسنے کیون فضیلت دی اور اسی سال مین موضع مصطلق مین وقت معاودت غزوۂ مصطلق سے پانی نہ ملا تب حکم تیمم نازل ہوا اور کیفیت یون واقع ہوئی کہ اس سفر مین ہار حضرت صدیقہ کا گم ہوگیا اوسکی تلاش مین توقف ہوا اتفاقاً وہان پانی نہ تھا اور وقت نماز آگیا تو اصحاب ملول ہوے اور صدیق اکبر سے شاکی ہوے وہ حضرت صلعم کے پاس آئے آنجناب صلعم اُسوقت عائشہ کی گود مین استراحت فرماتے تھے حضرت ابوبکر نے عائشہ کو طعنہ دیا اور ناراض ہوکر غصے مین ایک ہاتھ نیزہ وار تہیگاہ مین مارا لیکن عائشہ صدیقہ نے بلحاظ بیداری رسول اللہ جنبش نہین فرمائی پھر آنجناب ازخود بیدار ہوے اور یہ حال سنکر جناب الٰہی مین متوجہ ہوے فی الفور حضرت جبرئیل کریمہ فان لم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا لائے کہ حضرت صلعم نے اصحاب کو اجازت تیمم فرمائی اور تمام آیۃ یہ ہے وان کنتم مرضی او علی سفر او جاء احد منکم من الغائط او لامستم النساء فلم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم منہ یعنی اگر تم بیمار ہو یا سفر مین یا آیا ہو کوئی شخص تم مین جاے ضرور سے یا لگا ہو عورتون سے پھر نہ پایا پانی تو ارادہ کرو زمین پاک کا پھر مل تو اس سے منھ کو اور ہاتھون کو وہان سے شرح وقایہ مین ہے کہ جو چیز زمین کی جنس سے ظاہر ہو اور سپر تیمم درست ہے جسطرح مٹی ریت پتھر سرمہ ہرتال اور جو چاندی اور سونا کان مین کھلا ہوا ہو اور سپر درست نہین اور جو کھلا نہو مٹی مین ملا ہو درست ہے بالجملہ بعد اس واقعے کے اُسید ابن حضیر نے کہا کہ یہ فائدہ جلیلہ بخش برکات صدق حضرت صدیقہ سے امت کو حاصل ہوا ہے آخر نماز تیمم سے ادا کی گئی اور شکر کا

کوچ ہوا اور گلے کا ہار شتر سواری حضرت رضی اللہ عنہا بقہ کے نیچے مل گیا مخفی نرہے کہ یہ واقعہ دوسرا ہی اسکو واقعہ اولے سے کچھ علاقہ نہین تفصیل اسکی مولانا اصیل الدین محدث نے معالم الاسلام فی سیرۃ النبی علیہ السلام مین بخوبی فرمائی ہی من شاء فلینظر الیہ اللہ صاحب نے فرمایا کہ اگر پانی کا عذر ہو اور طہارت ضرور ہو تو زمین مین تیمم کرو پھر ملو اپنے منھ کو اور ہاتھ کو پانی کا عذر تین صورت سے بتایا اور طہارت کا ضرور ہونا دو صورت سے ایک عذر کی صورت یہ کہ مریض ہو یا پانی ضرر کرتا ہو دوسرے یہ کہ سفر درپیش ہی پانی پینے کو رکھا ہی دور تک پھر نہ ملیگا تیسرے یہ کہ پانی موجود ہی نہین اس تیسری کے ساتھ دو صورتین طہارت کے ضرور کی فرمائین ایک یہ کہ شخص جاے ضرور سے آیا وضو کی حاجت ہو دوسرے یہ کہ عورت سے لگا غسل کی ضرورت ہی اور تیمم کی شرطین بھی معلوم ہوئین یعنی جب تم پانی پر قادر نہو خواہ اسکے استعمال پر یا اسکے نہونے سے یا اسکی دوری سے یا رسی اور ڈول کے گم ہونے سے یا اژدھے درندے دشمن کے خوف سے تو تیمم کرو اور یہ بھی آیت سے نکلا کہ تیمم مین نیت کرنا فرض ضرور ہی کیونکہ تیمم قصد کو کہتے ہین یہ حکم بالاتفاق ہی اور صعید کہتے ہین روے زمین کو خواہ مٹی ہو خواہ اور کچھ اس سے امام صاحب مٹی و ریگ و پتھر پر اگرچہ اوسپر غبار نہو تیمم درست کہتے ہین مگر شرط ہی کہ طہارت کامل ہو اسی پر ایک مسئلہ متفرع ہوتا ہی کہ جو زمین نجس ہو کہ جائے نماز اوسپر پڑھے پر تیمم نکرے اور تفرع کرنا تیمم کو پانی کے نہونے پر دلیل ہی کہ پانی کی طہارت اصل ہی اور تیمم عوض ہی یہ بالاجماع ہی پر ہمارے نزدیک عوض مطلق ہی یعنی جسطرح پانی حدث کو زائل کرتا ہی ویسا ہی تیمم بھی لہذا جائز ہی کہ ایک تیمم سے کئی نمازین ادا کرے جب تک نہ ٹوٹے اور امام شافعی کے نزدیک عوض ضرور ہی یعنی نماز ہو جاتی ہی پر حدث حقیقت مین رہجاتا ہی لہذا ہر فرض کے لیے تیمم واجب کہتے ہین اور اس آیہ سے معلوم ہوا کہ تیمم حدث اصغر و حدث اکبر دونون سے ہوتا ہی اور فقط منھ اور دونون ہاتھون کا ملنا چاہیے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قبل تیمم پانی کا تلاش کرنا چاہیے اور یہ پوچھا گیا کہ جو تھوڑا پانی غیر کافی وضو کو ملا تو استعمال کرنا واجب ہی کیونکہ واجد الماء ہی اور بدلیل اذا قمتم الی الصلوۃ کے قبل وقت کے تیمم نہ چاہیے پھر اسی سال کے شوال مین غزوہ خندق جسکو غزوہ احزاب بھی بولتے ہین واقع ہوا اس غزوہ کو موسیٰ ابن عقبہ نے سال چہارم ماہ شوال مین لکھا ہی اور ابن اسحق مطلبی نے سال پنجم مین لکھا ہی اور اکثر اہل سیر اسکے موافق ہین لیکن بخاری اور ولی الدین عراقی کا میلان بقول اول ہی کذا فی المواہب اور معاملہ اس قضیہ کا یون ہوا کہ حضرت صلعم نے جب یہود بنی نضیر کو نکال دیا تو وہ لوگ متفرق ہوئے چنانچہ حیی ابن اخطب و سلام ابن الحقیق اور کنانہ ابن الربیع ابن ابی الحقیق اور ہوذہ ابن قیس ابو عمار یا ہلی خیبر مین گئے اور بعد توقف چند روزہ

بیس آدمی ہمراہ لیکر مکہ مین آئے ابوسفیان نے کہا تمہارا کیا ارادہ ہے بولے ہملوگ عداوت محمدؐ پر عہد و پیمان کرتے ہین ابوسفیان نے بہت خاطر کی اور پچاس آدمیون سے بیت اللہ مین جاکر ہم قسم ہوا اور یہ قرار دیا کہ اگر ایک بھی زندہ رہے لڑائی سے منھ نہ موڑے جب قریش سے اطمینان ہوا تو قبیلہ غطفان مین گئے اور طمع دی کہ ایک سال کے خرمے خیبری تمکو ہونجاوینگے اگر شریک ہو عیینہ ابن حصین فزاری پیر غطفان نے قبول کیا اور اپنی ہم عہدون کو خطوط لکھے چنانچہ بنی اسد و فزارہ و مرہ و اشجع سب شریک ہوگئے اور سرداری قریش کی ابوسفیان پر قرار پائی اور افسری غطفان عیینہ ابن حصین پر اور مہتری بنی فزارہ حذیفہ بن بدر پر اور ریاست بنی مرہ حارث بن عوف بن ابی حارثہ مزنی پر اور امارت بنی اشجع شعر بن رحیلہ بن نویرہ بن طریف پر قرار پائی معالم التنزیل مین ہی کہ جب یہود سے قریش کے لوگ ملے تو پوچھا اے یہود تم لوگ اہل کتاب ہو ہم تم سے پوچھتے ہین کہ دین محمد اچھا ہے یا دین ہمارا وہ بولے تمہارا دین حق ہے اور تم حق پر ہو انہین ملاعنہ کے حق مین یہہ آیت نازل ہوئی الم تر الی الذین اوتوا نصیبا من الکتاب یومنون بالجبت والطاغوت ویقولون للذین کفروا ہولاء اہدی من الذین آمنوا سبیلا یعنے تو نے نہ دیکھا انکو ملا ہی کچھ حصہ کتاب کا مانتے ہین بتون اور شیطان کو اور کہتے ہین کافرون کو یہ زیادہ پائے ہین مسلمانون سے راہ القصہ بعد قول قرار ابوسفیان چار ہزار آدمی لیکے نکلا اور علم عثمان بن طلحہ بن ابی طلحہ کو دیکر ہزار اونٹ اور نو سو گھوڑے ساتھ لیے اور چلا جب مر الظہران مین آیا تو قبائل اسلم و اشجع و بنو مرہ و بنو کنانہ و بنو فزارہ و غطفان بھی مل گئے کہ جملہ دس ہزار کفار ہوگئے آخر یہ خبر حضرت صلعم کو ہوئی تو آنحضرت نے مہاجرین و انصار سے شوریٰ فرمایا سلمان فارسی نے التماس کیا کہ یا نبی اللہ ہمارے بلاد مین ایسے موقع پر خندق کھودتے ہین چنانچہ تجویز سلمان حضرت کو پسند آئی فائدہ یہہ سلمان اکابر یہود اولاد یوسف ابن یعقوب علیہ السلام سے تھے عجمی ہین ابو عبداللہ کنیت ہی حضرت صلعم نے یہودیون سے مول لیکر آزاد کیا تھا اور شرفاے اصحاب مین معدود ہوے اصل اونکی بجوسیان فارس سے تھی قوم رام ہرمز سے کہ ابلق گھوڑون کو پوجتے ہین اور بقولے اصفہان سے ہین اور سلمان طلب دین مین اول نہایت سرگردان ہوے کہ نصرانی ہوئے اور توریت پڑھی پھر عرب نے اونکو گرفتار کیا اور یہود کے ہاتھ بیچا بعد اُسکے کسی اور نے خرید کیا پھر کسی اور نے لیا اسیطرح دس جگہ بکے حتے کہ باشارہ راہب عموریہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ مین آکر اسلام لائے اصل یہ ہی کہ علماء یہود و نصاریٰ سے خبر بعثت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ہجرت مدینہ سنکر مدینے مین آرہے تھے اُن دنون جب حضرت مدینہ مین تشریف فرما ہوئے تو ایک یہودی کے غلام تھی حضور

سلمان

ہین حاضر ہوئے اور کچھ چیز پیش کی اور کہا کہ صدقہ ہو آپ نے فرمایا کہ ہمین صدقہ نہین کھاتا پھر لایا کہ ہدیہ ہو آپ نے لیلیا اور ایک دن پشت پر حلکے مہر نبوت دیکھی اور فوراً مسلمان ہو گئے کیونکہ یہ علامات نبی آخرالزمان کی سنی تھی آپ نے حضرت سلمان سے کہا کہ اپنی آزادی کی فکر کرو انھون نے مالک سے اپنی آزادی کو بہ کتابت کہا اور سنے چالیس اوقیہ سونا کہ ایکسو پانچ تولہ ہوتا ہی اور وزن مروج ہندوستان سے ڈیڑھ سیر ہوتا ہی بدل کتابت قرار دیا اور یہ شرط کی کہ تین سو درخت خرمے کے لگاوین جب وہ تیار ہون تب آزاد ہون آنجناب نے اپنے ہاتھ سے درخت لگائے کہ اوسی سال بار آور ہوے ایکدرخت حضرت عمر نے لگایا تھا وہ نہ پھلا حضرت نے اوکھاڑ کر پھر لگایا وہ بھی پھلا اور بقدر ایک بیضہ کے سونا لوٹ مین آیا تھا وہ سلمان کو دیا سلمان نے کہا کہ چالیس اوقیہ ہنوز باقی ہین حضرت نے دعاے برکت فرمائی تو وزن مین پورا ہوا وہ یہود کو دیکر آزاد ہوے اور خدمت مین رہنے لگے قال البغوی ہذا اول مشہد شہدہ سلمان الفارسی مع رسول اللہ وہو یوم حفر عمر شریف انکی بروایتے تین سو برس کی وبروایتے ازمانی سو برس کی ہوئی اور بعض کے نزدیک حضرت عیسی سے بھی ملاقات ہوئی واللہ اعلم اور آخر عمر مین مقصد کو پہونچے اپنے ہاتھ کے کسب سے قوت کرتے تھے اور جو کچھ ملتا تھا اوسے صدقہ کر دیتے تھے فضائل و مناقب اُنکے احادیث مین بہت ہین چنانچہ مدارج مین بعض فضائل مذکور ہین پینتیس ۳۵ ہجری مین بمقام مدائن وفات پائی القصہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ ابن ام مکتوم کو خلیفہ مدینہ کیا اور لواء مہاجرین زید ابن حارثہ اور لواء انصار سعد ابن عبادہ کو عنایت فرما کر بیرون مدینہ منعت فرما ہوئے اور عبداللہ ابن عمر و زید ابن ثابت و ابوسعید خدری و براء ابن عازب کہ سب نوجوان پندرہ برس کے ہونگے ساتھ رکھا اور کم عمرون کو واپس فرمایا کہ جمیع لشکر تین ہزار کا تھا اور چھتیس ۳۶ گھوڑے تھے بعد اسکے بنی قریظہ سے کہ ہم عہد تھے پھاوڑے و کدال و ٹوکرے بعاریت لیکے حفر خندق مین مشغول ہوے چنانچہ بعضے جانب شرقی مدینہ مین کھودنے لگے اور بعضے جانب شامی مین اور دو طرفین جو بسبب استحکام عمارت کے لائق حفر نہ تھین اونکو چھوڑ دیا اور اٹھارہ نفر مین دس دس گز خندق کا کھودنا قرار پایا اور لشکر پہاڑ کے نیچے آڑ لینے کو وسیع پشت پر رہنا اور خندق پیش رو اور جسوقت حضرت صلعم نے یہ تقسیم مابین مہاجرین و انصار فرمائی تو سلمان فارسی مین نزاع واقع ہوئی مہاجرین کہتے کہ سلمان ہمارے ساتھ ہین اور انصار کہتے ہمارے ساتھ ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ حال دیکھکر فرمایا سلمان منا اہل البیت چنانچہ سلمان فارسی رضی اللہ عنہ پانچ گز طول و عرض مین ہر روز خندق کھودتے تھے ایک روز قیس ابن معصعہ کی نظر لگی تو سلمان ہیبت

ہوکے گر پڑے تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنکر فرمایا کہ تیس وضو کرے اور پانی لیکر ایک ظرف مین
جمع کرو اور اُسی پانی سے سنان کو نہلاؤ اور ظرف آب اوندھا پشت سلیمان پر ڈال دو چنانچہ یارون
نے ایسا ہی کیا تو سلمان کو صحت ہوئی فائدہ حضرت استاد الاستاذ قدس سرہ العزیز فرماتے ہین کہ
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نظر کا لگنا ٹھیک ہی اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی تو نظر غالب
ہوتی اور جب کوئی تم سے دھلادے تو دھو دینے اگر دفع نظر کے واسطے کوئی تمسے درخواست کرے
منھ وغیرہ دھو دیجئے تو دھو دینا چاہیے کہ شاید تمہارے ہی نظر لگ گئی ہو اسکا بُرا ماننا عبث ہی اور
قول جمیل ہین ہی کہ جب نظر لگانا اور نظر کا لگنا یقینی الاثبات ہو جائے تو اوسکی منھ اور دونون ہاتھ اور
دونون پیر اور اوسکی شرم گاہ کے دھونے کو کہ ایک برتن مین اور اس پانی کو چھڑکے جس پر نظر لگی ہی
تو اوسی دم اچھا ہو جاوے امام مالک نے موطا مین روایت کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نظر لگانے والے کو اسیطرح کے مانند کا حکم کیا ہی یعنی شرم گاہ وغیرہ دھونے کا اور روایت ہی کہ
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت لڑکا دیکھا تو فرمایا اسکی ٹھڈی مین کالا ٹیکا لگادو
تاکہ نظر نہ لگے شفاء العلیل مین ہی کہ اس مقام سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ جو لڑکون کے کالا ٹیکا لگادیتے ہین
بے اصل بات نہین ہے واللہ اعلم مین کہتا ہون کہ کالا ٹیکا لگانا لڑکون کے واسطے دفع نظر بد کے
ترمذی مین موجود ہی اور ایک عمل مجرب دفع نظر بد کا یہ ہی کہ ایک تاگا تین ہاتھ ناپے اور اوسکے
پاس رکھے جو نظر زدہ کو رکھتا ہو پھر یہ عزیمت پڑھے اس نظر زدہ پر پھر اوسی تاگی کو دوسرے
مرتبہ ناپے اگر تین ہاتھ سے زیادہ ہو جاوے یا کم تو معلوم کرے کہ نظر لگی ہی اور اسی عمل کو تین مرتبہ
کرے نظر دفع ہو جائیگی اور طریقہ عزیمت یہ ہی بسم اللہ ولا قوۃ الا باللہ ۳ بار پھر سورۂ فاتحہ
تین بار پڑھ کر کہے عزمت علیک ایتہا العین التی فی فلان بن فلانۃ او فلانۃ بنت فلانۃ بعزۃ اللہ
وبنور وجہہ اللہ بما جری بہ القلم من عند اللہ الی خیر خلق اللہ محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
عزمت علیک ایتہا العین التی فی فلان بن فلانۃ بحق اشہ ایسا بر اہیا اذونیا صباث ال شدای عزمت
علیک ایتہا العین التی من فلان بن فلانۃ بحق شمت بہت انہت یا قطاع النجا بالذی لا یقوی
علیہ ارض ولا سمار اخرجی بالنفس السوء من فلان بن فلانۃ کما اخرج یوسف من المضیق وجعل لموسی
فی البحر طریقا والا فانت بریئی من اللہ تعالے واللہ تعالے بری منک اخرجی یا نفس السوء من فلان بن فلانۃ
بالف الف فل ہو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد اخرجی یا نفس السوء یا [illegible]
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم و ننزل من القرآن ما ہو شفاء و رحمۃ للمومنین ولا نزید لنا ہذا القرآن علی [illegible]

لرائیتہ خاشعاً مصدعاً من خشیتہ اللہ فالہ خیر حافظاً وہو ارحم الراحمین حسبنا اللہ ونعم الوکیل ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم کاتب الحروف نے اسے بارہا تجربہ کیا ہی حدیث صحیح مین وارد ہی کہ اصحاب رسول اللہ صبح کے وقت حالت سردی وکرسنگی مین خندق کھودتے تھے چنانچہ رسول اللہ نے اونکا حال معائنہ فرماکر فرمایا اللھم العیش عیش الاخرۃ فاغفر الانصار والمہاجرۃ جناب نے جواب دیا نحن الذین بایعوا محمداً علی الجہاد ما بقینا ابداً رواہ البخاری عن انس رضی اللہ عنہ اور عمرو ابن عوف سے روایت ہی کہ ہم اور سلمان وحذیفہ ونعمان اور چھ نفر اور چالیس گز خندق کھودتے ہین شریک تھے کہ دفعۃً ایک پتھر ایسا سخت نکلا کہ پھاؤڑے وکدالیان ٹوٹنے لگین تب ہمنے سلمان سے کہا کہ تم حضرت سے کہو اوسنے عرض کیا کہ آنجناب تشریف لائے اور کدال ہاتھہ مین لیکے اوس پتھر کو توڑا تو ایسی روشنی ہوئی کہ مدینہ مین پھیل گئی گویا چراغ تھا اندھیرے مین اور حضرت نے تکبیر کہی اور مسلمانون نے بھی تکبیر کہی پھر تیسرے ضربہ مین بھی ایسا ہی ہوا بعد اُسکے حضرت نے سلمان کا ہاتھہ پکڑا اور تشریف لیچلے سلمان نے کہا یا نبی اللہ بابی انت وامی مین نے عجیب معاملہ دیکھا کہ ہر گز نہ دیکھا تھا حضرت نے اہرون سے فرمایا تمنے بھی دیکھا ہی کہا یا رسول اللہ نعم فرمایا اول چمک مین قصور حیرہ ومدائن کسریٰ نظر پڑے جبرئیل نے کہا تمہاری امت کو ملینگے دوسری بار قصور ارض روم نظر پڑے جبرئیل نے کہا یہ بھی ملینگے تیسری بار مین قصور یمن دیکھہ پڑے جبرئیل نے کہا یہ بھی امت تمہاری پاویگی سو تم خوش ہو مسلمانون نے کہا الحمد للہ ہو صدق ووعدنا النصر بعد الصبر یہ سنکر منافقون نے کہا کیا خوب شیرب سے قصور حیرہ نظر آئے اور تم خندق کھودتے ہو دیکھین کسطرح فتح کروگے یہ تو محمد کی دم بازی ہی غرض یہ تھی کہ محمد صلعم کہتے ہین کہ دین اسلام مشرق سے مغرب تک پھیلیگا دیکھین کیسے پھیلتا ہی یہان رفع ضرورت کو بھی بالکل نہین سکتی ہو انہین کے حق مین سورۂ احزاب مین فرماتے ہین واذ یقول المنافقون والذین فی قلوبہم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورا یعنی جب کہنے لگے منافق اور جنکی دلون مین روگ ہی جو وعدہ دیا تھا ہمکو اللہ ورسول نے سب فریب تھا فائدہ خلفاء ثلثین کونبی کا بخوبی ہوا یعنی ملک یمن تو آپ کی حیات مین قبضے مین آگیا مگر بسبب ارتداد مرتدین ودعوی نبوت اسود عیسی کذاب اوسمین خلل ہوگیا تھا کہ حضرت ابوبکرؓ کے عہد مین دفع ہوا اور ملک شام وفارس مین فساد عہد خلیفۂ اول مین شروع ہوگیا تھا اور کچھہ اہل اسلام کے قبضہ مین آگیا تھا حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے خلافت مین تمام ملک یمن وشام وفارس قبضۂ اسلام مین آیا اور علامۂ بغوی کے قول پر کریمہ قل اللھم الخ اس قصہ مین الی آخر الآیۃ سورۂ آل عمران مین نازل ہوئی ہی یعنے تو کہہ یا اللہ

مالک سلطنت کے تو سلطنت دے جسکو چاہے اور سلطنت چھین لے جس سے چاہے اور عزت
دے جسکو چاہے اور ذلیل کرے جسکو چاہے تیرے ہاتھ پر سب خوبی ہی بیشک تو ہر چیز پر قادر ہی تو لے
رات کو دن مین اور تو لے آئے دن کو رات مین اور تو نکالے جیتا مردے سے اور تو نکالے مردہ جیتے
سے اور تو رزق دے جسکو چاہے بے شمار فائدہ مسلمانون کو اسمین تنبیہ کی گئی ہی کہ نا امیدی کے وقت
بے ایمانی کی باتین کبھون نہ کیجیو کہ یہ بہت بدبات ہی سو دھی یہی جانتے تھے کہ جو اول ہم مین بزرگی تھی
وہ ہمیشہ رہیگی اور منافق نامعقول ظاہر حال دیکھہ کر بولے تھے کہ پیغمبر کی امت کو کہان سے ایسا زور
ہو جائیگا جو روم و شام فتح کرینگے اور دین انکا مشرق سے مغرب تک کس طرح پھیلیگا اور اللہ کی قدرت
سے غافل تھے یہ نہین سمجھتے کہ وہ قادر ہی جسکو چاہے عزیز کرے اور سلطنت دے اور جس سے چاہے
چھین لے اور ذلیل کرے اور چاہے جاہلون سے کامل پیدا کرے اور کاملون سے جاہل اور جسکو
دیا چاہے رزق بے حساب دے روایت ہی کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوشک مدائن
کی صفت بیان فرمائی تو سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا واللہ یہی صفت ہی صدقت یا رسول اللہ پھر
فرمایا کہ یہان تک میری امت کا عمل ہوگا اور خزائن کسریٰ اور قیصر راہ خدا مین صرف کرینگے سلمان
فرماتے ہین کہ واللہ مین نے سب کا ظہور پایا اور اپنی آنکھون سے دیکھا القصہ مسلمانون نے چھ روز مین
خندق کھودنے سے فراغت حاصل کی اور اہل و عیال حصارون مین در آئے تب کفار مکہ سارا قریش
مع اپنے توابع کے جانب اُحد اکر اُترے اور لشکر ظفر پیکر اسلام جانب سلع اور دونون کے بیچ مین خندق
حائل تھی بعد اوسکے ابو سفیان نے حیی ابن اخطب سردار بنی نضیر کو کعب ابن اسد افسر یہود بنی قریظہ
کے پاس بھیجا اور بنی قریظہ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عہد پیمان ہو گیا تھا کہ جب تک تم نقض
عہد نہ کروگے ہم تمسے کچھہ تعرض نکرینگے سو نقض عہد کرانیکے ارادے پر حیی ابن اخطب کعب کے
پاس گیا دروازہ قلعہ کا بند پایا اُس دشمن حق نے پکارا دربان نے کعب کو اطلاع کی اُسنے کہا کہ یہ
شوم بوالفضول بنا بر نقض عہد رسول مقبول آیا ہوگا کچھہ جواب دینا ضرور نہین ہی جب جواب نہ ملا
تو اُسنے دروازہ کھٹکھٹایا اور کہا کہ اے کعب مین حیی ابن اخطب ہون دروازہ کھولوا دے
کعب نے جواب دیا کہ تو نے بنی نضیر کو ہلاک کیا اب چاہتا ہی کہ اپنی شامت ہم پر ڈالے ہم تو کبھون
محمد سے نقض عہد نہ کرینگے حیی نے کہا اے کعب مین عزت دائمی لایا ہون کہ سب اشراف قریش
وکنانہ وغطفان حاضر ہوئے ہین اور سب عہد و پیمان کر چکے ہین کہ جب تک استیصال محمد اور اصحاب
محمد نہ کرین ہرگز نہ پھرین کعب نے کہا کہ تو عزت نہین لایا ہی بلکہ ذلت لایا ہی بلکہ تو مجھکو کیہنہ جہت

تجھے نہین ہی اور تیرے قول پر ہرگز عمل نکرونگا جب ابن اخطب نے یہ حال سنا تو فریب سے کہنے لگا کہ تو نے بنی نضیر کی خوف سے دروازہ بند کرلیا ہی اے کعبہ تو نے بخل کب سے اختیار کیا تب تو کعب کو بُرا لگا ناچار کعب نے دروازہ کھول دیا ابن اخطب نے جاکر ایسا باغ سبز دکھلایا کہ کعب ابن اسد فریب مین آگیا اور بولا کہ اگر محمدؐ نہ مارے گئے اور قریش وغیرہ اپنے اپنے گھر چلے گئے تو ہم گرفتار ہوجائینگے اوسنے کہا کہ اگر ایسا ہوگا تو مین تیرا شریک رہونگا تب تو کعب نے عہدنامہ رسول اللہ طلب کرکے چاک کرڈالا ابن اخطب خاطر جمع کرکے لشکر مین داخل ہوا اور قصہ نقض عہد آنحضرت بنی قریظہ بیان کیا اور کعب نے رئیسان بنی قریظہ کو اطلاع کی زبیر ابن باطا اور نباش ابن قیس اور عقبہ ابن زید وغیرہ رئیسون نے ملامت شدید کی بعد اسکے یہ خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی تو حضرتؐ نے زبیر کو بنابر تفتیش حال بھیجا اُنھون نے آکر عرض کیا کہ بیشک بنی قریظہ اپنے قلعے صاف کرتے ہین اور مویشی جمع کرتے جاتے ہین یہ حال سنکر حضرت نے سعد ابن معاذ سردار اوس اور سعد ابن عبادہ سید الخزرج کو روانہ فرمایا کہ تم جاکر سمجھاؤ اور اُنکی ساتھ عبداللہ ابن رواحہ اور خوات ابن جبیر کو بھی کردیا اور بعض روایات مین اسید ابن حضیر کا بھی ہمراہ جانا ان حضرات کے ساتھ پایا جاتا ہی غرض ان لوگون نے کعب ابن اسد سے ملاقات کرکے جو مراتب سمجھانے کے تھے ادا کئے پر کچھ بھی اثر نہوا ناچار سب اصحاب پلٹ آئے اور حضرت صلعم سے حال بیان کیا تو حضرتؐ نے فرمایا حسبنا اللہ ونعم الوکیل اور تکبیر کہی مسلمانون نے متابعت کی پس خبر نقض عہد بنی قریظہ مشہور ہوئی اور غاربان اسلام سوچ مین تھے کہ یکایک لشکر کفار نگونسار نمودار ہوا یعنے بنی اسد و غطفان دو فرسخ مدینہ کے شرقی طرف سے کہ اونچی ہے اور قریش نکنانہ طرف غربی سے جو نیچی ہی آئے کہ اُنکی کثرت و شوکت باضلالت سے بعضون کے تیور بدلتے اور دل دھڑکنے لگے مسلمانون نے سمجھا کہ ایکی مرتبہ نہ بچینگے اور منافق کہنے لگی کہ محمد تو کہتے تھے کہ خزانے کسری و قیصر کے تصرف کرینگے یہان ہیشاب اور جاے ضرور کو بھی نکلنا دشوار ہی اور اسی اثنا مین اوس ابن قیظی کہ ایک شخص قوم بنی حارثہ کا تھا مع اپنے توابع کے کہنے لگا کہ سارے عرب ہمارے دشمن ہوے اب ہمکو نہ رہنے کا گھان ہی ہم تو جاتے ہین اور بعض مسلمانون نے یہ بہانہ کیا کہ ہمارا محلہ خالی ہی ہمکو اجازت ہو تو ہم جاکر اپنے گھر کھلے ہوے پڑے ہین حالانکہ یہ بات محض جھوٹھ تھی کیونکہ جب حضرت صلعم لشکر کے ساتھ مدینے باہر تشریف لائے ہین تب مضبوط حویلیون مین نا کے بند کرکے سب کے زنانے کر گئے تھے انھین لوگون کے حال سے اللہ صاحب سورہ احزاب مین خبر دیتے ہین واذ قالت

طائفۃ یا اہل یثرب لا مقام لکم فارجعوا ویستاذن فریق منہم النبی یقولون ان بیوتنا عورۃ وما ہی بعورۃ
ان یریدون الا فرارا یعنی جب کہنے لگے ایک لوگ اونمین سے اے یثرب والو یعنی مدینے والو تمکو ٹھکانا
نہین سو پھر چلو اور رخصت مانگنے لگے ایک لوگ اونمین نبی سے کہنے لگے ہمارے گھر کھلے پڑے ہین
اور وہ کھلے نہین پڑے غرض اور نہین مگر بھاگنا فائدہ اللہ صاحب نے اس حالت مین
لوگون کو خوب جانچ لیا اور اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو منافق اور مسلمان مین فرق بتلا دیا القصہ
جو لوگ خراب ہونے کو تھے چلیگئے اور جنکو اللہ نے ایمان کا مزہ دیا تھا رہ گئے اور کافرون نے خندق گھیر
لی مگر درآمد مین متحیر تھے بیس ۲۰ دن یا چوبیس ۲۴ یا ستائیس ۲۷ دن یا ایک مہینے علی اختلاف الاقوال گھیرے
رہے کہ اہل اسلام پر ننگی ہو لی ان دنون مین ایک روز بنی قریظہ نے مدینے پر شبخون مارنے کا ارادہ کیا اور
قریش سے اعانت چاہی یہ خبر حضرت صلعم کو پہونچی تو حضرت نے سلمہ ابن اسلم کو دو سو آدمی
سے اور زید ابن حارثہ کو تین سو آدمی سے بنابر حراست مدینہ طیبہ روانہ فرمایا اور ایام محاصرے
مین عباد ابن بشر حارس خیمۂ رسول مقبول تھے اور اہل شرک بہ قصد خیمہ مبارک آتے تھے اور اصحاب
باصفا تیر و پتھر سے اُنکو دفع کرتے تھے اور اسطرح سینہ سپر ہو جاتے کہ ہرگز خندق سے گذرنے نہ دیتے تھے
اور ان دنون مین کبھون کبھون خود بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض مواضع خندق پر حراست
کرتے تھے اور اس غزوہ مین شعار مہاجرین یا خیر اللہ اور شعار انصار ہم لا ینصرون تھا حضرت ام سلمہ
رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیمے مین تھے آدھی رات کے وقت
ایک شور عظیم برپا ہوا اور کہنے والا کہتا تھا یا خیر اللہ سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خیمہ سے باہر تشریف
لائے اور پوچھا کیا شور ہی عباد ابن بشر نے کہا یہ آواز عمرو ابن ودّ کی ہی آج شاید اوسکی نوبت ہی
لہذا حضرت صلعم نے عباد کو خبر لینے کو بھیجا وہ خبر لائے کہ عمرو ابن ودّ ایک جماعۂ مشرکین کے ساتھ
آیا ہی اور تیر و پتھر سے لڑ رہا ہی حضرت صلعم مسلح ہوے اور سوار ہو کر تشریف لیگئے اور خوش خوش
واپس تشریف لائے اور فرمایا کہ اللہ نے شر کفارون کو دفع کیا کہ زخمی ہو کر پلٹ گئے پھر حضرت
صلعم سو رہے اور مین نے آواز تنفس سنی دفعۃً پھر شور ہوا کہ حضرت چونکے اور باہر گئے اور
عباد ابن بشر کو بھیجا عباد نے لوٹ کے عرض کیا کہ اب ضرار ابن خطاب با جماعۂ مشرکین آیا ہی
اور مسلمانون سے لڑتا ہی چنانچہ حضرت صلعم مسلح ہو کر کافرون کی جانب پھر تشریف
لیگئے اور کافرون کو مار کے ہٹا آئے اس مرتبہ صبح ہو گئی جب تشریف لائے تو فرمایا کہ بہت
کافر زخمی ہو کے بھاگے بالجملہ بسبب تکلیف محاصرے کے حضرت صلعم نے یہ مصلحت دیکھی کہ ایک تہائی

اثمار مدینے کے غطفان اور فزارہ کو عنایت کرین تو شاید یہ لوگ لوٹ جائین اور قریش اکیلے رہ جائین لہذا ایک آدمی کی معرفت عیینہ ابن حصین فزاری اور حارث ابن عوف غطفانی کو کہلا بھیجا آنھون نے کہا کہ اگر نصف اثمار مدینہ عنایت کرین تو ہم لوٹ جائین حضرت صلعم نے قبول نہ کیا آخر ثلث ہی پر راضی ہوئے اور کئی زنبیل اپنی لیکے آئے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کو طلب فرما کے صلح نامہ لکھوایا اور ارادہ کیا کہ بعض اصحاب کی گواہی کرادین اس عرصہ مین اسید ابن حضیر آگئے اور عیینہ ابن حصین اپنے پیر پھیلائے مجلس رسول مین بیٹھا تھا اسید رضی اللہ عنہ نے کہا اپنے پیر سمیٹ لے واللہ اگر مجلس رسول اللہ کی حرمت نہوتی تو تیرے پیر کاٹ ہی ڈالتا اور حضرت سے ملتمس ہوئے کہ یا رسول اللہ ایسی صلح کے واسطے اگر اللہ کا حکم یا آپ کی مرضی ہے تو ہم مطیع و فرمان بردار ہین ورنہ واللہ سوائے شمشیر کے اور کچھ ہم انکو نہین دینگے کس دن انکو یہ گروہ ہوا تھا کہ ہم سے ایک ٹکڑا خرمے کا لین حضرت صلعم نے جواب نہ دیا بعد آسکے سعد ابن معاذ و سعد ابن عبادہ تشریف لائے انسے حضرت صلعم نے صلاح پوچھی انکی بھی مرضی نہ ہوئی بلکہ آنھون نے وہی تقریر کی جو اسید رضی اللہ عنہ نے کی تھی تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین صرف تمھارے واسطے یہ تدبیر کرتا ہون کیونکہ عرب کے لوگ تم پر یکبارگی چڑھ آئے ہین یہان تک کہ ایک کمان سے تیر مارتے ہین سو مین چاہتا ہون کہ بعض لوگون کی استرضا سے تفرقہ پڑ جائے اس حال مین سعد ابن معاذ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے صلحنامہ لیلیا التماس کیا کہ یا رسول اللہ ان لوگون نے ایام جاہلیت مین کبھون ایک خرمے کی بھی ہم سے طمع نہین رکھی مگر بشری یا قری اور اب تو اللہ صاحب نے آپ کے سبب سے ہمکو تقویت و جلالت و عزت و شرافت اسلامیہ عطا فرمائی ہے واللہ ہم تو ایک خرمہ بھی نہ دینگے چہ جائے ثلث اثمار مدینہ بلکہ اب تو سوائے تمر شجرہ سیف ہم سے کچھ بھی نہ پائینگے حتی یحکم اللہ بیننا وبینہم تب تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد ابن معاذ کے ہاتھ سے وہ صلحنامہ چاک کرادیا اور عیینہ و حارث بے نیل مرام واپس ہوئے اس عرصہ مین ایک دن بعضے پہلوان و دلاور کفار قریش مثل عمرو ابن عبدود و نوفل ابن عبداللہ و ضرار ابن خطاب و ہبیرہ ابن ابی وہب و عکرمہ ابن ابی جہل وغیرہم کہ اونمین مرداس نامی ایک شخص بنی محارب کا بھی تھا ایک طرف سے خندق مین در آئے اور ابوسفیان و خالد ابن ولید در سے خندق کے ما قبائل عرب صف جنگ آراستہ کرکے کھڑے ہوئے سو عمرو ابن عبدود نے کہ مشاہیر بہادرین مین تھا اور ہزار آدمی کے برابر قوت و شجاعت مین شمار کیا جاتا تھا روایت ہے ایک مرتبہ قافلہ

قریش پر کہ تجارت کو گیا تھا فراق آپڑے سکتے ہین کہ پچاس نفر تھے اور عمرو ابن عبدود نے سنا اُنکے مقابل ہو کے حملہ کیا سب بھاگے جب جنگ بدر سے زخمی ہو کر بھاگ گیا تھا تو اُسنے عہد کیا تھا کہ جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے انتقام نہ لے لون گا تیل سر مین نہ ڈالونگا سو اوسنے بمارزہ اپنے مقابل مین طلب کیا سب لوگ خاموش ہو رہے مگر امیر المومنین امام الاتقیا علی مرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ نے لشکر سے نکل کر فرمایا کہ یا رسول اللہ مجکو ارشاد ہو تو مین اس کافر سے لڑون حضرت صلعم نے جواب نہ دیا پھر عمرو نے مبارزہ مانگا علی مرتضی نے پھر یہی اجازت چاہی لیکن حضرت نے جواب نہ دیا تیسرے بار عمرو نے یون آواز دی کہ ای مسلمانو کیا تم لوگون مین کوئی بھی اس لائق نہین ہی جو میرے سامنے ہو تب حضرت اسد اللہ نے کہا یا رسول اللہ بیشک مجھکو اجازت دیجیے کہ مین اس گستاخ بیصرفہ کے مقابلہ پر جاؤن تب حضرت رسول الثقلین محبوب کونین نے علی مرتضی کو ذوالفقار اپنی بخشی اور زرہ مبارک اپنی پہنائی اور اپنی پگڑی سر سے بندھوائی اور فرمایا اللھم اعنہ علیہ اور یہ بھی فرمایا کہ یا آخی عبیدہ ابن حارث کو تو نے جنگ بدر مین لیا اور حمزہ ابن عبد المطلب کو غزوہ بدر مین یہ علی مرتضی میرا بھائی چچا کا بیٹا ہی فلا تذرنی فردا و انت خیر الوارثین بعد اسکے رخصت کیا کہ علی مرتضی پیادہ پا باہیبت و جلال عمرو ابن دوسے مقابل ہوے وہ مرد و گھوڑے پر سوار تھا سو اول حضرت علی مرتضی نے اُسکو دعوت اسلام فرمائی اُسنے قبول نہ کی پھر کہا اے عمرو تو پلٹ جا اُسنے یہ بھی قبول نہ کیا اور کہا کہ قریش کی عورتین مجھکو ہنسینگی اور کہینگی جیسا کیا ویسا ہی لوٹ آیا تب حضرت امیر نے فرمایا اگر نہین پھرتا تو مقابلے پر آمادہ ہو یہ بات سنکر عمرو ہنسا اور کہنے لگا اے علی نوجوان لڑکے ہو مین تم پر کیا ہاتھ ڈالون مجھکو تمسے یہ گمان نہ تھا کیونکہ تمھارے باپ سے اور مجھسے کمال محبت تھی اے علی مین نہین چاہتا کہ تمھارا خون کرون اور تمکو بہادرون کے مقابلہ کی طاقت نہین دیکھتا حضرت امام الاتقیین نے فرمایا کہ اے عمرو ابن ودّ مین چاہتا ہون کہ تجھکو قتل کر کے اللہ کو راضی کرون سو وہ کافر آگ بگولا ہو گیا اور غصے کے مارے گھوڑے سے اوترکر ایک آواز ماری اور تلوار میان سے لیکر ایک وار اسد اللہ الغالب پر کیا کہ حضرت نے سر پر وکا کہ سپر کاٹ کے ہلکا سا زخم سر مبارک پر پہونچا جب اُسکے جانب سے تقدیم ہوئی تو جناب علی مرتضی حیدر کرار نے بھی ایک وار ذوالفقار کا کیا کہ سر اُس کافر نابکار کا زمین پر گرا حضرت امیر نے اللہ اکبر کہا یہ حال دیکھکر ضرار و عکرمہ و ہبیرہ و نوفل دوڑے مگر ضرار حضرت امیر کو دیکھتے ہی بھاگا اور ہبیرہ ذرہ مقابل ہو کر ہلکا سا زخم کھا کر مع عکرمہ چل دیا اور نوفل دور ہی سے حضرت

کو دیکھکر سہ کا تھا لیکن گھوڑے نے خندق مین گرا دیا مسلمانون نے فرصت پاکر پتھرون سے مار لیا اب حال مین نوفل کتون کی طرح چلاتا اور کہتا تھا کہ اے مومنون کوئی اچھی مار سے مارو ہر چند کہ سنگسار کتون کے مناسب حال تھی لیکن اوسکی درخواست کے موافق جناب امیر نے ایک تلوار اوسکی کمر مین ماری کہ آتش غوغا آب شمشیر سے بجھ گئی ابوسفیان اس حال کو دیکھ کر گھبرایا اور کافرون نے سردار کی سراسیمگی سے نقارے فرار کے بجا دیے اور موضع عقیق مین نزل کی اور عسکر اسلام کو فتح نصیب ہوئی واضح ہو کہ اس لڑائی مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی مجروح ہوے ہین حال اُسکا یہ ہوا کہ جب ضرار وغیرہ نے حضرت علی مرتضی پر حملہ کیا تو لشکر اسلام سے زبیر ابن العوام و عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہما علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی مدد کو نکلے کہ انکے پہونچتے پہونچتے حضرت شیر خدا فتحیاب ہو چکے تھے اور ضرار بھاگا جاتا تھا حضرت عمر اوسپر لپکے تو ضرار دھوکھا دیکر نہار خواہون کی صورت بنا کر انکی طرف پلٹا اور نزدیک آکر حضرت عمر کے ایک نیزہ مارا حضرت عمر مجروح ہوئے روایت ہی کہ موضع عقیق سے مشرکون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس درخواست بھیجی کہ لاش عمرو ابن ودّ اور نوفل کی اگر بھیجنا منظور ہو تو ہم لوگ قیمت دینے کو حاضر ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمکو جسم ناپاک کی قیمت درکار نہین یون ہی اٹھوا دی جائین سو وہ لوگ دونون لاشین لیگئے فائدہ اس فتح کا سارا سبب ظاہری یہ تھا کہ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نے خدا کی فضل سے عمرو ابن ودّ کو مارا جس سے کفار کی کمر ٹوٹی اور اسی لڑائی مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا ہی مبارزۃ علی ابن طالب یوم الخندق افضل من اعمال امتی الی یوم القیامۃ یعنے غزوۂ خندق مین علی کی بہادری و شجاعت تمام امت کے اعمال سے بہتر ہی یعنی جمیع امت کے اعمال شجاعت و مردانگی سے جو غزوات فی سبیل اللہ مین قیامت تک انسے وقوع مین آوینگے اونسے علی کی بہادری جو بروز خندق ہوئی ہی افضل ہی بالجملہ اوس دن تو کفار بھاگے مگر دوسرے دن پھر سب قبائل جمع ہو کر آئے اور خندق سے چمٹ گئے کہ رات تک مقابلہ رہا اور نماز عصر و ظہر و مغرب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی قوت ہوئی جب قتال سے فراغت ہوئی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تینون نمازین باذان و اقامت و جماعت قضا ادا فرمائین کذا فی روضۃ الاحباب صحیح بخاری مین ہی کہ جب نمازین قضا ہوئین تو حضرت صلعم نے کافرون کے واسطے بددعا کی ملأ اللہ بیوتہم و قبورہم نارًا کما شغلونا عن صلوۃ الوسطی حتی غابت الشمس یعنی بھرے اللہ اونکے گھرون اور قبرون مین آگ جیسا باز رکھا اُنھون نے ہمکو نماز عصر سے یہانتک کہ آفتاب غروب ہوا حضرت شیخ عبدالحق شرح مشکوۃ مین لکھتے ہین کہ تردد جنگ اور تیر اندازی مین چار نمازین فوت

ہوئین کہ اونمین نماز عصر بھی تھی سو حضرت نے بنا بر بیان زیادتی فضیلت عصر کے یون ارشاد کیا اور عقاب دنیا و آخرت کی دعا کی پوشیدہ نہ رہے کہ اس مقام پر حضرت نے کافرون کے حق مین دعاے بد فرمائی اور جنگ احد مین کیسی کیسی تکلیفین کافرون سے وجود مبارک کو پہونچین پھر حضرت نے دعاے بد نہ فرمائی تو سبب یہ تھا کہ اس مقام پر حق اللہ کا فوت ہوا تھا اور وہان اپنے نفس کا حق فوت ہوا تھا سو حضرت نے نہ چاہا کہ اپنے نفس کے واسطے کافرون کے حق مین دعاے بد فرماوین فائدہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلوۃ وسطے صلوۃ العصر ہی اور یہی قول اکثر علما و صحابہ و تابعین اور ابو حنیفہ و احمد رضی اللہ عنہم کا ہی اور ماوردی کہ ایمہ شافعیہ سے ہین فرماتے ہین کہ مذہب شافعی بھی یہی فائدہ صلوۃ فائتہ مین اختلاف ہی حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو مسلم نے روایت کی ہی مفہوم ہوتا ہی کہ کوئی نماز فوت نہین ہوئی صرف نماز عصر تباخیر ادا ہوئی اور حدیث عمر ابن خطاب رضی اللہ علیہ سے جو بخاری نے روایت کی ہی معلوم ہوتا ہی کہ صرف نماز عصر کی فوت ہوئی تھی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد غروب شمس قبل اداے صلوۃ المغرب ادا فرمائی اور موطا سے دریافت ہوتا ہی کہ نماز ظہر و عصر دونون فوت ہوئین اور ترمذی نے روایت کی ہی کہ چار نمازین فوت ہوئین چنانچہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی کہ بشرط صحت روایات جمع بین الروایات یون ہو سکتا ہی کہ ایام متعددہ مین ہر ایک ان نمازون سے ضرورتاً یا نسیاناً فوت ہوئی ہونگی جیسے دیکھا روایت کیا اور اوسوقت تک نماز خوف مشروع نہوی تھی اور بسبب شغل لڑائی کے فرصت بھی نہ تھی بالجملہ ایکبار کافر لوگ تو خندق سے چٹے تھے اور جانتے تھے کہ ہم غالب آئے مگر عنایت الٰہی کی یہ اعانت پہونچی کہ رات ہی کو اللہ جل شانہ نے ہواے مشرقی نہایت تیز و تند بھیجی کہ کافرون کے خیمے گر پڑے اور گھوڑے چھوٹ گئے اور آگ بجھ گئی کہ کسی شخص کو روٹی نصیب نہ ہوئی اور ایسا رعب غالب ہو گیا کہ تمام لشکر کافرون کا برباد ہو کر بھاگا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بخاری مین روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا نصرت بالصبا و اہلکت عاد بالدبور مقام التنزیل مین ہی کہ اسی رات مین تکبیر ملائکہ اتنی بلند ہوئی کہ ہر سردار قبیلہ مارے خوف کے پکارتا تھا کہ ای بنی فلان ہمارے پاس آؤ اور اسی ہوا کا ذکر اللہ صاحب سورۂ احزاب مین فرماتے ہین یا ایہا الذین آمنوا اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جاءتکم جنود فارسلنا علیہم ریحا و جنودا لم تروہا و کان اللہ بما تعملون بصیرا یعنے ای ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب آئین تم پر فوجین پھر بھیجی ہم نے ان پر ہوا اور وہ فوجین کہ نہین دیکھتے تم انکو اور ہی اللہ جو کچھ تم کرتے ہو دیکھا روایت ہی کہ اس غزوہ مین فرشتے اللہ کے لڑے نہین صرف واسطے ترہیب کے آئے تھے حذیفہ ابن النعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہین

کہ یہ رات نہایت سرد تھی اور ابر بھی تھا اوسمین چلی ہوا تو بڑی تکلیف ہوئی اسی حال مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی شخص آج کی رات کافرون کی خبر لاوے اُسکو اللہ صاحب قیامت کے دن ابراہیم خلیل اللہ کی رفاقت مین رکھے گا کوئی شخص نہ اوٹھا پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی آج کافرون کی خبر لاوے اُسکو اللہ بروز حشر میرا رفیق کرے تو بھی کوئی شخص نہ اوٹھا اور بسبب شدت سردی کے جنبش نہ کی آخرکار مجھکو طلب فرمایا تو مین حاضر ہوا اور بسبب سردی کے کانپ رہا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے میرا کلام نہ سنا مین نے عرض کیا کہ سنا تو تھا مگر جاڑے کی شدت سے اور بھوکھ کی بیتابی اور حدت سے قدرت جواب نہ پاتا تھا پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اپنا میرے منھہ اور سر پر ملا اور فرمایا کہ قبیلہ قریش مین جا اور دیکھ تو وہ لوگ کیا کر رہے ہین مگر شرط یہ ہی کہ جب تک میرے پاس پھر کر نہ آوے کسی سے کلام سخت نکرنا اور کچھ دست برد نکرنا خدا لقہ کہتے ہین کہ حضرت کے دست مبارک کی برکت سے میرا لرزہ جاتا رہا اور ہمت بندھی چلتے وقت مین نے مسکرا کے حضرت سے عرض کیا کہ ایسا نہو شرک لوگ مجھے گرفتار کرین حضرت صلعم نے فرمایا خاطر جمع رکھہ تو گرفتار نہوگا بعد اُسکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یون دعا فرمائی کہ اللّٰھم احفظہ من بین یدیہ ومن خلفہ وعن یمینہ وعن شمالہ ومن فوقہ ومن تحتہ یہ دعا حضرت نے واسطے رفع میرے خوف کے فرمائی تھی سو بالکل خوف جاتا رہا اور مین مسلح ہوکر خندق سے نکلا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ حمام مین چلا جاتا ہون اور سردی کا نام بھی نہین تھا یہانتک کہ لشکر قریش مین پہونچا تو دیکھتا ہون کہ شدت ہوا سے خیمے گرے پڑے ہین اور آگ بجھ گئی ہی دیگین چولہون سے نیچے پڑی ہین اور پتھر ٹوٹے جاتے ہین اور گھوڑے چھوٹے پھرتے ہین غرض عجب پریشانی تھی کہ بیان سے باہر اور ابوسفیان کا یہ حال تھا کہ خیمہ سے باہر کھڑا ہوا آگ سے تاپتا تھا سو مین نے اپنا تیر کمان سے جوڑا تاکہ ابوسفیان کو مارون جو مارتا تو اوسکا کام تمام ہوجاتا مگر ارشاد حضرت یاد آیا کہ لاتحدثن شیئا حتی ترجع الی سو مین نے اپنا تیر ترکش مین رکھ لیا اور ایک شخص کے پہلو مین بیٹھہ گیا یکایک ابوسفیان پکارنے لگا کہ ہوا کی شدت ہی اور سب احباب لشکر برباد ہوا جاتا ہی چاہیے کہ سب لوگ اپنے اپنے جلیس کا ہاتھہ پکڑین سو مین نے مبادرت کرکے اپنے جلیس کا ہاتھہ پکڑا اور پوچھا تو کون ہی اوسنے کہا سبحان اللہ مین فلان ابن فلان نہین ہون تب مجھے معلوم ہوا کہ یہ شخص قبیلہ ہوازن سے ہی بعد اُسکے ابوسفیان بولا کہ یہ معاملہ بیڈھب ہی اول بنی قریظہ نے اختلاف کیا دوسرے یہ آفت پڑی ہی کہ دیکھتے ہو سو یہان سے نکل جانا بہتر ہی پھر سب لشکر نے کوچ کیا مین چلا آیا اوسوقت ابوسفیان اپنے اونٹ پر سوار ہوا وہ بندھا تھا اوسنے حرکت نہ کی حالانکہ تین مرتبہ اوسنے مارا اور جب غفطان بے

قریش کے بھاگنے کا حال سُنا تو وہ بھی اپنے گھر کو بھاگے پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوا تو آپ نماز میں تھے جب فارغ ہوئے تو میں نے بشارت دی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے اور دندان مبارک چمک اٹھے کذا فی المعالم حذیفہ فرماتے ہیں کہ اسوقت تک تو میں ویسا ہی گرم تھا مگر اسکے بعد کچھ کچھ سردی مجھے معلوم ہوئی لیکن حضرت نے مجھے اپنے پاس بٹھا لیا اور اپنی چادر مبارک کا ایک گوشہ اوڑھا دیا اور پائے مبارک میرے سینہ پر رکھا کہ مجھے ایسا آرام ہوا کہ میں صبح تک سوتا رہا نماز کے وقت حضرت نے یہ فرما کر جگایا کہ قم یا نومان اور ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ قریش کے لشکروں کا نکلنا مدینہ منورہ سے اسطرح پر ہوا کہ نعیم بن مسعود بن عامر بن عمر غطفانی ندیم بنی قریظہ ایمان لائے اور حضرت کے حضور میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ یا رسول اللہ اب تک کوئی آدمی میرے ایمان لانے سے جو میں نہیں رکھتا ابھی جو میں چاہوں کر سکتا ہوں سو آپ جو کچھ ارشاد کریں بجا لاؤں حضرت نے فرمایا کہ ان کافروں میں کسی طرح تفرقہ ڈالنا چاہئے نعیم نے کہا مجھے تو دیجئے کہ جو کچھ میں چاہوں کہوں حضرت نے اجازت دی اور فرمایا الحرب خدعۃ یعنی لڑائی فریب ہے جھوٹ گناہ نہیں بلکہ ثواب ہے پس نعیم بنی قریظہ کے پاس گیا اور کہا کہ تم کو تو میں پہلے سے دوست جانتا ہوں یا نہیں تم بھی ہم تو دوست و غمخوار جانتے ہیں نعیم نے کہا کہ قریش غطفان رسول اللہ کے مقابلہ کو آئے ہیں اور تم انکے معین ہو ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ کام تمام کر کے اپنے گھر کو چل دیں اور تم گرفتار ہو رہو قریظہ نے کہا پھر صلاح کیا ہے نعیم نے کہا جب تک قریش کے لوگ بعض اشراف قریش کو اور تین سو اعانت کر کے نہ دیں تم اعانت نہ کرو کیونکہ یہ لوگ اپنے لوگوں کے سبب سے اعانت کریں گے نہیں تو تمکو چھوڑ کر چل کھڑے ہونگے سی قریظہ نے یہ صلاح پسند کر لی فائدہ اول سے کہتے ہیں کہ کسی سردار کی اولاد یا قریب کو کوئی بادشاہ یا امیر اپنے پاس رکھ لے اس خیال سے کہ وہ شخص بخیال اپنی اولاد یا قریب کی مخالفت نہ کرے پھر نعیم انسے مطمئن ہو کے ابوسفیان کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں نے خفیہ جو سُنا ہے کہ بنی قریظہ نقض عہد محمد سے کر کے سخت پشیمان ہوئے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس پشیمانی کو دفع کریں تو اپنا آدمی محمد کی پاس بھیجا ہے کہ ہم تمہاری رضامندی کے واسطے کچھ لوگ اشراف قریش و غطفان کے ایکر اول کرتی ہیں جسوقت اول تمہارے پاس بھیجینگے کہ تم انکو قتل کرنا پھر ہم بھی تمہارے مددگار ہو کے قریش سے لڑینگے سو یہ بھی سنا ہوں کہ محمد صلعم اس بات پر راضی ہوئے ہیں بلکہ میں بنی قریظہ کی مجلس میں تھا جب آدمی پلٹ کر آیا تھا سو میں کہے دیتا ہوں کہ اگر بنی قریظہ تم سے کچھ آدمی طلب کریں ہرگز ہرگز نہ دینا نہیں تو خطا کھاؤ گے اور بنی قریظہ کا ارادہ اس عہد پر مصمم ہو گیا ہے آئندہ تمکو اختیار ہو گا کہ جیسے یہ راز افشا نہ ہوئے پاوے میں نے صرف دوستی و اخلاص سے تمکو مطلع کر دیا ہے ابوسفیان وغیرہ افسران قریش نے کہا کہ ہم ہرگز یہ بات کسی سے نہ کہینگے بعد اُسکے نعیم قبیلہ غطفان میں تشریف لیگئے اور اُنسے کہا کہ میں تمہارا دوست ہوں اور تمہاری قوم میں بھی ہوں سو تم کو اطلاع کرتا ہوں کہ بنی قریظہ کا یہ ارادہ ہے اور وہی تقریر جو ابوسفیان سے کی تھی بعینہٖ ادا کی اور یہ قصہ ماہ شوال میں جمعہ کے دن واقع ہوا بعد اس معاملہ کے ابوسفیان نے عکرمہ ابن ابی جہل وغیرہ قریش کو مع چند کس غطفان بنی قریظہ کے پاس بھیجا اور پیغام دیا کہ یہاں بہت روز اقامت کو گذرے اور اونٹ گھوڑے بہت مر گئے اور تکلیف شاقہ ہوئی آج کی رات سب لوگ مسلح ہو کر اور صبح کے وقت بالاتفاق محمد پر حملہ کرو بنی قریظہ نے کہا کلہ شنبہ کا دن ہے ہم تو اسدن کچھ کام نہیں کرتے پرسوں اس شرط پر لڑینگے کہ چند آدمی اشراف اپنے قوم کے ہمارے سپرد کرو کہ شاید تمہارے چلے جانے کے بعد محمد صلعم ہم پر چڑھ آویں تو تم اپنے آدمیوں کے سبب سے

اعانت نہ کرو گے عکرمہ وغیرہ نے لوٹ کر نبی قریظہ کی گفتگو بیان کردی قریش و غطفان بولے کہ نعیم کا کلام سچا تھا بعد اسکے یہود سے کہلا بھیجا کہ ہم تو اپنے آدمی گرو نہ کرینگے تمہارا جی چاہے مدد ہماری کرو یا نہ کرو جب بنی قریظہ کو یہ جواب ملا تو کہنے لگی نعیم نے سچ کہا تھا آخر بنی قریظہ اور قریش میں اختلاف پڑ گیا اور قریش کی چولیں ڈھیلی ہوئیں یہ تو ظاہر ہی تدبیر کارگر ہو گئی تھی رات کو پروا ہوا تمام لشکر کو برباد کر دیا اور قریش و غطفان وغیرہ بھاگے اور حضرت رسول خدا صلعم کو فتح عظیم ہوئی تب حضرت نے فرمایا کہ اب قریش مجھ سے لڑنے نہ آوینگے میں انہیں چڑھ کر جاوینگا یہاں تک کہ مکہ فتح ہوا فائدہ اس پیشین گوئی کا ظہور بخوبی ہوا کہ پھر کوئی کافر چڑھ کر نہ آیا بروایات صحیحہ معتبرہ ثابت ہے کہ اس غزوہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن برابر مسجد فتح میں بیٹھ کر دعا مانگی تیسرے دن حضرت کی دعا قبول ہوئی اور آپ کی پیشانی مبارک پر تازہ فرح و سرور نمودار ہوئے اور قبولیت کا نشان ایک تو یہی ہوا کہ قریش و غطفان و بنی قریظہ میں پھوٹ پڑی دوسرا یہ ہوا کہ اللہ نے فرشتے بھیجے انہوں نے خیموں کی طنابیں کاٹ ڈالیں خیمے اکھاڑ دیئے آگ بجھا دی ہوا نے زور یکبارگی کافروں کو سوائے بھاگ جانے کے کچھ نہ سوجھا فائدہ اس غزوہ میں محاصرہ کی حالت میں سعد ابن عبادہ رضی اللہ عنہ کی اکحل یعنی ہاتھ کی رگ میں جو ان بن العرقہ کے ہاتھ سے تیر لگا اور خون بہت نکلا سعد نے جانا کہ اب زندگی مشکل ہوئی تو دعا کی کہ یا الٰہی اگر تیرے رسول کو قریش سے اور بھی لڑائی مقدر ہو تو مجھکو زندہ رکھ تاکہ میں مقابلہ کروں اور جواب لڑائی نہیں ہوگی تو اس تیر کو سبب شہادت کر دے لیکن اتنی فرصت دے کہ بنی قریظہ کا حال و مآل کا رد بعدی کا دیکھوں آلقصہ خون بند ہو گیا بروز چہارشنبہ بست و سوم و بست و چہارم ذیقعدہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ فرمائے مدینہ ہوئے اور اہل مدینہ نے مبارکبادیاں دیں اسی سال میں غزوہ بنی قریظہ ہوا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احزاب سے لوٹ کر داخل مدینہ ہوئے ہیں تو وقت ظہر تھا حضرت نے اپنے ہتیار کھولے اور غسل فرمایا دفعۃً ایک شخص نے باہر دروازے سے سلام کیا کہ آپ جلدی سے چلے میں پیچھے پیچھے دروازہ تک گئی تو میں نے دیکھا کہ دحیہ کلبی جو بہت خوبصورت آدمی تھے سفید اونٹ پر سوار کئے ہیں اور آگے کے دانتوں پر گرد جمی ہے حضرت سے باتیں کرتے ہیں اور حضرت اپنی چادر سے انکی گرد جھاڑتے ہیں پھر وہ چلے گئے اور حضرت گھر میں آئے اور فرمایا کہ یہ حضرت جبرئیل تھے غزوہ بنی قریظہ کی تحریص کرنے آئے تھے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت نے غزوہ احزاب سے مراجعت فرمائی اور داخل مدینہ ہوئے تو بعد رفع گرد رت سفر نماز ظہر میں مشغول ہوئے پس اثنا فراغت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا یا رسول اللہ آپ نے ہتیار کھول ڈالے اور ملائکہ اب تک مسلح کھڑے ہیں جلدی مسلح ہو جیئے اور بنی قریظہ پر یورش فرمائیے میں بھی چلتا ہوں اسی وقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال کو ارشاد کیا کہ تو پکار دے کہ کوئی شخص نماز عصر ادا نہ کرے مگر بنی قریظہ میں اور علی مرتضی کو علم دار کیا اور پیش پیش روانہ فرمایا اور خود ہتیار سج کر نجیب نام گھوڑے پر سوار ہوئے اور عبداللہ ابن مکتوم کو خلیفہ مدینہ فرما کر تشریف لیچلے دیکھنے سے اور لوگ حاضر ہوئے صحیح بخاری میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کوچہ بنی غنم میں حضرت جبرئیل کے سوار دن کی گرد دیکھی تھی بالجملہ حضرت راہ میں تھے کہ وقت عصر کا آگیا تو بعضوں نے بحسب مفہوم لفظ بروایت وقت رہا لحاظ مبالغہ نماز عصر ادا کرلی اور بعضوں نے مطابق ظاہر حکم کے بنی قریظہ میں قضا پڑھی اور حضرت نے دونوں پر زجر نہیں فرمایا فائدہ جب حضرت کے اصحاب نے نماز عصر کے پڑھنے میں حدیث سے وہ مطلب

سمجھے کہ بعض نے ظاہر حدیث پر عمل کیا اور بعض نے قیاس کیا اور سبب خطا کا ایسے ہی مجتہد لوگ ہیں جنھے جگہ قرآن و حدیث کے کئی طرح مطلب سمجھتے ہیں اور سب حق پر ہیں اہل سنت چاروں اماموں کی مذہب کو حق جانتے ہیں اور جو بعضے ناواقف کہتے ہیں کہ کیوں ایک دین محمدی میں اختلاف کیا اور چار مذہب ہوئے سو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ نادان ہیں اختلاف میں کچھ حرج نہیں حضرت کے روبرو ایسا اختلاف اصحاب میں ہوا ہی اور حضرت نے درست رکھا فائدہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خطاء اجتہادی میں مواخذہ نہیں ہوتا دونوں میں سے ایک بیشک خاطی تھے اور آپ نے عتاب نہ فرمایا نماز پڑھنے والے حنیفہ کی مثابہ ہیں اور قضا کرنے والے شافعیہ کی انتہی جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں المغرب العشا منازل بنی قریظہ میں داخل ہوئے اسوقت تین ہزار اصحاب اور چھتیس گھوڑے لشکر ظفر پیکر میں تھے پس علی مرتضیٰ شیر خدا نے خالی ہوتے قلعہ کے نزدیک اپنا علم نصرت قائم کر دیا اور اصحاب نے قلعہ گھیر لیا اور پچیس روز برابر گھیرے رہنے ناچار بنی قریظہ نے بناش ابن قیس کو بھیجا اور درخواست کی کہ ہم کو اذن ہو تو نکل جائیں جس طرح بنی نضیر نکل گئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شرط نکلو کہ جو میں حکم دوں بجالاؤ جب یہ جواب ملا تو کعب ابن اشرف نے اشراف قوم سے بلا کر کہا کہ تین باتوں میں ایک بات اختیار کرو اول یہ کہ اس پیغمبر کی حقیقت از روی توریت ثابت ہو چکی ہے بہتر ہے کہ ایمان لاؤ دوسرے عیال و اطفال کو قتل کر ڈالو کہ بعد ہمارے ذلیل نہوں تیسرے کہ شنبہ کا دن ہے اہل اسلام بھی ہم سے بے خوف ہونگے سو تم لوگ جمع ہو کر غفلت میں ٹوٹ پڑو اشراف بنی قریظہ نے کہا ہمیں جی ابن اخطب بھی تھا ایک بات بھی قبول نہ کی مگر ایک دربرکارہ اپنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور میں بھیجا کہ ابولبابہ ابن المنذر کو ہمارے پاس بھیجدیجئے تو ہم کچھ مشورہ کریں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابولبابہ کو بھیجا انھوں نے بھی صلاح دی کہ موافق حکم پیغمبر خدا کے عمل کرو تمہارے حق میں بہتر ہے اور انگشت سبابہ سے گردن کا اشارہ کیا یعنی یہ کہ سب کو قتل کر دینگے آخر بنی قریظہ قلعہ سے نکلے اور مجذر ابن مسلمہ نے کہ اقیع میم و سکون سین مہملہ و فتح لام و میم ہے حکم رسول مقبول انکے ہاتھ گردنوں سے باندھے اور عبداللہ ابن سلام نے عیال و اطفال و اسباب نکال کر جمع کیا اوسیوں نے کہا یا رسول اللہ آپ بنی قریظہ کو ہمیں بخش دیجئے جسطرح یہود بنی قینقاع خزرجیوں کو بخشے تھے فرمایا اگر تم راضی ہو تو انکے مقدمہ میں ایک شخص بطور حکم مقرر کیا جاوے جو وہ کہے اسی پر راضی ہو جاؤ کہنے لگے ہم راضی ہیں فرمایا سعد ابن معاذ جو کچھ کہ وہ کیا جائے اور ان دونوں سعد بسبب جراحت کے مدینے میں تھے سو انکو طلب کیا جب انکی آمد کی خبر گرم ہوئی اوسیوں نے باستقبال و اعزاز انکو لیا اور کہا آپ کو رسول اللہ نے بنی قریظہ کے معاملہ میں پنچ مقرر کیا ہے اور یہ لوگ ہمارے قدیم حلیف ہیں اور حرب بغاث غیرہ میں ہمارے معاون رہے ہیں اور جو کچھ موالی نے یہود بنی قینقاع کو زر کرایا تھا اب تم انکو حوالہ کیا چنانچہ سعد ابن معاذ انکا کلام سنتے ہوئے چلے آتے تھے اور جواب دیتے تھے جب تقریر انکی عرض سے تجاوز ہوئی تو سعد ابن معاذ نے کہا کہ یہ وقت ایسا نہیں ہے کہ میں خدا کی راہ میں ملامت اختیار کروں تب اوسیوں کو نا امیدی ہوئی اور دریافت کرنے لگے کہ سعد ابن معاذ نے ہمارے حلیف قتل کا حکم فرمایا تھا انتہی سعد ابن معاذ رضی اللہ عنہ مجلس پاک سرور کائنات میں حاضر ہوئے اور جامہ ادب سے انکو تعظیم و توقیر سے آثار اور التماس کیا آنحضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے مقدمہ بنی قریظہ میں حکم کیا ہے سعد نے کہا تم میرے حکم پر راضی ہو کہنے لگے راضی ہیں بعد ازاں سعد نے حضرت صلعم سے عرض کیا کہ جو لوگ اس طرف ہیں وہ میرے حکم پر راضی ہیں حضرت صلعم نے فرمایا اگر تم راضی ہیں تو حکم صادر کرتا ہوں سعد ابن معاذ نے کہا کہ انکی عورتیں اور اطفال غلام بنائے جائیں اور جمیع رجال جوان و بوڑھے قتل

کیجائین اور جو کچھ مال و اسباب ہو غازیون و مسلمانون مین تقسیم ہو تب حضرت صلعم نے فرمایا کہ یہی حکم خدا کا ہی بالجملہ بعد نبی قریظہ کے بردا ئے چھ سو برتبہ ستات سو و بروایت صحیح نو سو تھے مع حیی ابن اخطب عاطہ بنی نجار مین کہ مشہور بحیوط بنت الحارث ہی قتل کیے گئے اور بازار مدینہ مین ایک خندق کھودا گیا اور علی ابن ابیطالب اور زبیر ابن العوام نے سب کو قتل کیا صرف ثابت ابن قیس ابن شماس منت و سماجت زبیر ابن باطا سے اس کو قتل نہین ہوا اور حضرت صلعم نے اسکا خون معاف کیا تھا لیکن جب اسنے سنا کہ تمام قوم قتل ہوگئی تو اسنے خود درخواست قتل گذرانی آخر کار وہ بھی مارا گیا اور عورتین و صبیان غلام و کنیز کیے گئے اور ایک ہزار پانسو قبضہ شمشیر اور تین سو زرہین اور دو ہزار نیزے اور پانسو سپر اور دو ہزار پانسو اونٹ اور دیگر مال و اسباب بعد خمس کے غازیان اسلام پر تقسیم کیا گیا اور بجز عورات بچانہ بنت عمرو پر آنجناب نے ممالک مین تصرف کیا اور بعض انصار کو عبدالرحمن ابن عوف اور عثمان ابن عفان نے خریدیا اور بعض جانب شام بابیع ہمراہ سعد ابن زید انصاری اشہلی کے روانہ کی گئین بعد ازان آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم مدینے مین تشریف لائے اور پندرہ دن بعد ابولبابہ کے باندھا ستون مسجد سے کھولے اور کیفیت اس واقعہ کی یون ہوئی کہ ابولبابہ عبداللہ ابن عمرو ابن عمیر ابن عوف ابن عمرو ابن عوف ابن مالک ابن اوس ابن عمرو ابن عوف ابن الخزرج الاوسی حلیف بنی قریظہ کے جب اس قوم مین گئے تو ان لوگون نے مشورہ شروع کیا کہ اب ہم کیا کرین ابولبابہ نے کہا جو چیز خدا فرماوین اسکو بجا لاؤ اور اپنے ہاتھ سے حلقوم پر اشارہ کیا کہ ہمارے جاؤ گے یہ کہکر ابولبابہ سوچے کہ یہ تو خیانت واقع ہوئی لہذا بالا بالا مدینہ مین آئے اور بنا بر قبول توبہ ہاتھ اپنا ستون مسجد سے باندھا اور کہدیا کہ غیر وقت نماز کے کسیوقت کوئی نکھولے یہان تک کہ میری توبہ بقبول ہو یہ خبر حضرت صلعم کو پہونچی تو فرمایا کہ اگر ابولبابہ میرے پاس چلا آتا تو مین اسکے لیے استغفار کرتا اب مین نکھولونگا جب تک اللہ تعالے توبہ قبول کرے چنانچہ پندرہ شبانہ روز کے بعد یہ ہوا کہ حضرت رسالت مآب صلعم صبح کو ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر مین رونق افروز تھے وقت تبسم فرمایا ام سلمہ نے سبب پوچھا فرمایا توبہ ابولبابہ کی قبول ہوئی ام سلمہ نے کہا مین خبر کردون فرمایا اختیار ہی سو ام سلمہ نے دروازۂ حجرہ سے ابولبابہ کو خبر دی اہل مسجد نے چاہا کہ ہاتھ کھولین ابولبابہ نے کہا جب تک حضرت صلعم دست مبارک سے نہ کھولین گے ہرگز نہ کھولواؤن گا آخر آنجناب نے صبح کی نماز کے وقت اپنے ہاتھ سے کھولدیا روایت ہے کہ اس عرصہ مدید مین ختر ابولبابہ خرمہ خیدمنھ مین ڈال دیتی تھی اور کچھ کھانا پینا نہ تھا اس باعث سے قوت سمع و بصر قریب زوال ہوگئی تھی فائدہ اس غزوہ مین ایک عورت بھی ماری گئی تھی احوال یہ ہوا کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ فرماتی ہین کہ ایک عورت میرے پاس بیٹھی تھی و فعتہ کسینے پکارا کہ فلانیہ کہان ہی اسنے کہا یہان ہون بھرہ جستی ہوئی اٹھی اور کہنے لگی مجھے قتل کے واسطے بلاتے ہین تب مین بولی کہ عورت کو نہین مارتے ہین تیری تخصیص کیا ہی اسنے کہا مین اپنے شوہر سے کمال محبت رکھتی تھی جب محاصرہ شدید ہوا تو مین نے کہا افسوس یا مفراق آگئے اور مین تیرے بغیر زندگی نہین چاہتی اسنے کہا محمد عورتون کو نہ مارینگے اور جو تو دعوی محبت صادق رکھتی ہو تو ایک جماعت اہل اسلام قلعہ کے سایہ مین ہی اونیچر چلی جا بلکہ اول مارے تاکہ انمین کوئی مرجاے اور تو اسکی عوض معقول ہو مین نے ویسا ہی کیا کہ خلاد ابن سوید ابن ثعلبہ شہید ہوئے اے عائشہ اسکی قصاص مین مجھے مارینگے اسلیے بلاتے ہین حضرت صدیقہ فرماتی ہین کہ مجھکو خوشی اسکی نہین سمجھتی کہ باوجود قتل یقینی کیسی مسرور تھی و لعلم ما قیل ؎ مردنی کو دیدہ دل سال بیارہ خوشتر از زندگی ہزاران بارہ نام اس عورت کا بنانہ تھا اور حکیم بلخی کی جو روتھی فائدہ بروایت صحیح ثابت ہی کہ بعد فیصلے سے قریظہ سعد ابن معاذ خیمے مین آئے اور اسی زخم سے وفات خلد آشیانی اور حضرت کو ملال ہوا اور شیخین با واز بلند روئے اور بعد ادا سے صلوۃ جنازہ آنحضرت پیادہ بالبقیع تک ساتھ گئے اور انکی قبر سے بوی مشک

آئی تھی عمر سینتیس برس کی ہوئی اور وقوع فتح غزوہ بنی قریظہ آخر ذیقعدہ میں سوا برس واقعہ اوائل الحجہ میں اور بقول شیخ نبی اسلام سے تمہید
اور اسی سال میں حج فرض ہوا اور بروایتے سال ششم میں و بروایتے سال نہم میں بروایتے سال دہم میں مگر بعض اہل سیر کہتے ہیں
کہ نویں برس حضرت نے حج کا حکم دیا اور خود دسویں برس ہجری میں ادا کیا پھر جو لوگ فرضیت حج کے سال ششم میں قائل ہیں وہ کہتے ہیں
کہ آیۃ اتموا الحج والعمرۃ سال ششم میں نازل ہوئی اور حج فرض ہوا مگر اس سال کہ استطاعت میں داخل تھا واجب تاخیر واقع ہوا اور فریق
ثانی کہتے ہیں کہ آنحضرت نے برس فتح ہوا ہی اگر سال ششم میں حج فرض ہو گیا ہوتا تو حضرت اسی سال میں حج ادا کرنے کا حکم دیتے نویں برس
کیوں موقوف رکھتے اور آیتہ مذکورہ فرضیت پر دلالت نہیں کرتی بلکہ حج و عمرہ ملانے پر یعنی جب کہ فرضیت حج شروع ہو جائے تو ایسا کریں
اور اسی سال میں صلوۃ الخوف شروع ہوئی اور سورہ البقرہ میں کریمہ فان خفتم رجالا اور کبانا نازل ہوئی یعنی اگر تمکو ڈر ہو تو پیادہ
پیدل ہو یا سوار قبلہ رو ہو یا غیر قبلہ رو ہو یعنی خوف عام ہو یعنی خوف دشمن یا سیل یا درندہ وغیرہ کو شامل ہے اور اطلاق آیتہ سے نکلا کہ اگر پیادہ و سوار غیر قبلہ رو نماز
ادا کریں تو اعادہ نہیں ہے اور صاحب ہدایہ نے اسی آیتہ سے استدلال کر کے کہا ہے کہ جب بہت ڈر ہو تو نماز ادا کریں سوار علیحدہ علیحدہ اور
رکوع و سجود کا اشارہ کریں جس طرف جا ہیں جب کہ قادر نہ ہوں قبلہ پر اور کریمہ حیث ما کنتم سے کہ اذا کنت فیہم فاقمت لہم الصلوۃ الخ سے
نماز خوف کا باجماعت ادا کرنا جائز نکلتا ہے اور صحیح یہ ہے کہ نماز خوف حضرت صلعم کے بعد بھی باجماعت درست ہے کیونکہ آنجناب کو خطاب ہے امت کو
خطاب ہے اور طریق جماعت کا بالتفصیل کتب فقہ میں مذکور ہے اور مختصر یہ ہے کہ فوج دو حصے ہو جاوے ہر جماعہ نصف نماز میں شریک امام ہو
اور نصف جدی پڑھے جب تک دوسری جماعت دشمن کے مقابل رہی اور اسوقت نماز میں آمد و رفت کرنا اور سلاح و زرہ و سپر باس کمند درست
اور اگر اتنی فرصت نہ ملے تو جماعت کو موقوف کرنا چاہیے تنہا پڑھ لیں پیادہ و سوار باشارہ اور اگر اسقدر بھی فرصت نہ ملے تو فضا کریں
اور اسی سال میں نماز خسوف شروع ہوئی اور خسوف قمر واقع ہوا اور اسی سال میں حضرت صلعم گھوڑے سے گرے
ران مبارک میں چوٹ لگی کہ بایں ہمہ دولت سر سے باہر تشریف نہ لائے اور نماز بھی قاعدہ ادا فرمائی اور اصحاب نے اقتدا بھی بالقعود کی
بعد ازاں اقتدا کرنا قاعدہ منع ہوا حتا کہ مرض موت میں آنحضرت نے بیٹھ کر امامت فرمائی اور اصحاب نے کھڑے ہو کر اقتدا کی اور جب سال ششم ہجری
ہوا اور تین مہینے غزوہ بنی قریظہ سے گذرے تو غزوہ ذی القصہ کہ بکسر لام و سکون صاد ہے واقع ہوا اور سبب وقوع یہ ہوا کہ اہل نجد نے
لشکر اصحابہ کو پیر معونہ پر شہید کیا تھا آنحضرت کو رنج تھا اسکے انتقام کو تشریف لیچلے جب وادی غطفان کے قریب پہونچے تو شنیدہ ان کے
حق میں دعا فرمائی اور قوم لحیان خبر لشکر پیغمبر سنکے بھاگی صرف دو دن آنحضرت وہاں رہے جب مراجعت فرمائی تو قبر والدہ اپنی پر تشریف لیجا کر
روئے اصحاب بھی روئے اس غزوہ کو صاحب تجرید الصحابہ و ابن حجر نے سال پنجم میں لکھا ہے اور شیخ عبد الحق محدث نے سال ششم میں بوجہ الصحیح قرار دیا
میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مع دس نفر سواروں کے غنیم میں روانہ کیا تا کہ اوازہ لشکر اسلام قریش کو پہونچ جاوے حضرت صدیق اکبر
وہاں سے بلا غارت لوٹے تب حضرت صلعم نے رجوع مدینہ فرمائی مدت غیبت چودہ شب و روز ہوئے بعد اسکے محمد ابن مسلمہ تیس نفر سواروں سے
جماعہ بنی بکر ابن کلاب پر موضع قردہ من ارض نجد جو دس منزل مدینہ سے واقع ہے بھیجے گئے اور نعمہ جانور مکروہ بھاگے صرف چھ نفر
کافر مارے گئے اور ایک سو پچاس اونٹ اور تین ہزار بکریاں ہاتھ آئیں کہ حضرت نے بعد اخراج خمس تقسیم فرمائے اور مدت سفر انیس دن

غزوہ ذی القصہ

غزوہ ذی قرد

کی تھی اور سبب یہ ہوا کہ ایک جماعت بنی بکر نے موضع مذکور مین یہ فساد برپا کیا تھا کہ جو مسلمان اُسطرف سے گذرتا اُسکو بطور ہدیہ زہر ملی مار دیتے تھے بعد اُسکے
غزوہ غابہ بالنبین معجمہ و تخفیف موحدہ کہ نام موضع ہی اور اصل مین بئر بھی ہے واقع ہوا اور اُسکو غزوہ قرد بفتح قاف و راء مہملہ بھی کہتے ہین اور اسکا سبب
یہ ہوا کہ عیینہ بن حصین فزاری مع چالیس نفر سوارون کے موضع غابہ پر آیا وہان دس اونٹنیان شیر دار حضرت کی چرائی پر تھین اُسنے ناتک لین
اور محافظ کو قتل کیا ابوذر غفاری بھی اُنھین اونٹنیون پر تھے اُنکا بیٹا بھی مارا گیا وہان سے قریب ترسلہ ابن اکوع اور رباح غلام پیغمبر بھی
موجود تھے سو ابن اکوع نے رباح کو نبا برا خبار روانہ کیا تب حضرت صلعم مدینے سے پانسو سوار لیکر سوار ہوئے اور علم اسلام مقداد کو دیا اور
ابن ام مکتوم کو خلیفہ فرمایا صحیح بخاری مین سلمہ ابن الاکوع سے روایت ہی کہ مدینے سے قریب کئی کوس پر حضرت کی اونٹنیان چرائی پر تھین مجھکو خبر ملی
کہ قوم عطفان پکڑے لے جاتے ہین سو مین نے مدینے کے جنگل مین تین مرتبہ چیخ ماری کہ لوگو دوڑو کوئی نہ آیا تب مین اُنکے پیچھے اکیلا دوڑا
یہان تک کہ اُنکو جا لیا اور مین تیر مارنے لگا اور یون کہتا تھا کہ انا ابن الاکوع آج کمبختون کے موت کا دن ہی سو اُنکو پانی پینے کی فرصت نہ ملی
اور مین نے سب اونٹنیان چھین لین اور ناتک بچلا راہ مین حضرت صلعم ملے کہ سوار پیچھے ہوئے آتے ہین مین نے کہا یا رسول اللہ وہ لوگ
پیاسے ہین مین نے اُنکو پانی نہین پینے دیا سو آپ جلد جائین تب حضرت نے فرمایا اپنی چیز ملی اور تو غالب آیا اب درگذر جانے دے وہ
اپنے قوم مین کھاتے پیتے ہونگے پھر حضرت مدینہ کو لوٹے اور سلمہ کو ردیف کر دیا روایت ہی کہ جب سلمہ نے اونٹنیان جانب مدینہ ناتک دین تب
کافرون کا تعاقب کیا اُسوقت عیینہ ابن بدر فزاری مدد کو آیا کہ وہ لوگ جانب سلمہ پھرے اسطرف بھی لخزہ شدید دی و ابو قتادہ و مقداد تینون
سوار آگئے کہ سب کافر بھاگے مگر اخرم اور عبدالرحمن ابن عیینہ بن حصین سے باہم نیزہ چلا عبدالرحمن مجروح ہوا اور اخرم شہید پھر ابو قتادہ نے
عبدالرحمن کو بھی مارا اس غزوہ مین حضرت صلعم نے فرمایا خیر فرساننا الیوم ابو قتادہ و خیر رجالنا سلمہ اور رسلہ کو پیادے و سوار کا حصہ دیا بخاری و
مسلم مین ہی کہ یہ غزوہ تین روز بعد غزوہ خیبر سے واقع ہوا مگر اہل سیر نے قبل حدیبیہ لکھا ہی اور بعض کتب مین ایسی غزوہ مین آنحضرت گھوڑے سے
گرے تھے اور اسی سال مین عکاشہ بضم عین مہملہ و تخفیف کاف ابن محصن بکسر میم و سکون مہملہ و فتح صاد نجدی اسدی پر واقع ہوا کہ عکاشہ چالیس نفر
موضع غمر مین کہ بکسر غین معجمہ ہی گئے تو بنی اسد کے گھر جاتے تھے شجاع بن وہب ایک آدمی کو پکڑ لائے اُسنے امان پاکے مویشی بتلا دیے گئے وہ سو اونٹ
لیکر مدینہ کو آئے اور اسی سال مین محمد ابن مسلمہ بھیجے بنی ثعلبہ بنی ثعلبہ پر کہ چوبیس میل پر مدینے سے موضع ذی القصہ مین کہ بفتح قاف و تشدید
صاد ہی رہتے تھے بھیجے گئے رات کو پہونچے اور تیر اندازی ہوئی تو نو مسلمان شہید ہوئے اور محمد ابن مسلمہ کو مجروح ایک مسلمان کندھے پر لایا
تب حضرت نے ابو عبیدہ ابن الجراح کو نبا برانتقام چالیس آدمیون سے روانہ فرمایا انکی پہونچتے ہی سب کافر بھاگ گئے مویشی اُنکے ہاتھ
لگے سو لائے اور اسی سال مین زید ابن حارثہ جانب بنی سلیم بھیجے گئے سو وہ موضع جموم پر کہ قریب بطن نخلہ واقع ہی پہونچے اور اُنھون نے
چند مشرکون کو گرفتار کیا اور کچھ مویشی پکڑ لائے اور اسی سال مین دوسری مرتبہ زید کو موضع عیص مین کاروان قریش پر کہ شام سے
آتا تھا مع شتر سوارون کے روانہ کیا اُنھون نے جا کر چند قریش کو گرفتار کیا اور اسباب لوٹ لیا ابو العاص ابن الربیع شوہر زینب بنت حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم بھی ان لوگون مین تھا سو زینب نے اُسکو امان دی حضرت صلعم نے منظور فرمائی اور جو کچھ مال اُسکا آیا تھا وہ بھی واپس کیا اور
ابو العاص ابن الربیع مکے کو لوٹ گیا اور ابن عقبہ کی روایت ہی کہ ابو العاص بعد حدیبیہ کے اسپر ہوا ہی اسی سال مین عبدالرحمن

ابن عوف موضع دومۃ الجندل میں بنی کلب پر روانہ کیے گئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے انکے سر پر دستار باندھی اور فرمایا اغزو باسم اللہ وفی سبیل اللہ فقاتل من کفر باللہ لا تغدر ولا تقتل ولیدا یعنی جہاد کر خدا کی نام پر اور خدا کی راہ میں پھر مقاتلہ کر انکے ساتھ جو منکر خدا کے ہیں اور لوٹ میں کمی و عذر نہ کر اور قتل مت کر لوگوں کو اور رخصت کے وقت تاکید تمام ارشاد کیا کہ اول دعوت اسلام کرنا سو عبدالرحمن نے وہاں پہنچکر تین دن توقف کیا اور دعوت اسلام فرمائی اصبغ ابن عمرو کلبی نصرانی سردار قوم مع اپنے توابع کے اسلام لایا اور ایک جماعت نے جزیہ دینا قبول کیا اور تماضر بنت اصبغ سے کہ بضم شناۃ و کسر ضاد ہے نکاح کیا اوس کے پیٹ سے ابوسلمہ فقہائے سبعہ و اکابر تابعین سے ہیں پیدا ہوئے اور سوا سب مدینہ میں ہجرت کر جمادی الثانی سال ششم ہجرت میں بھی ایک سریہ زید ابن حارثہ واقع ہوا ہے اور حال یہ ہوا کہ دحیہ کلبی قیصر کے پاس سے آتے تھے سمی ہیند نے کئی شخص بنی جذام کے اپنے ساتھ لیے اور مال و اسباب دحیہ سے چھین لیا تو ایک جماعت نے کہ ہم حد مسلمین تھے دحیہ کی مدد کی اور اسباب انکا کافروں سے چھڑا دیا الغرض دحیہ کلبی نے مدینے میں آکر یہ معرکہ حضرت صلعم سے بیان کیا تو حضرت صلعم نے زید ابن حارثہ کو پانسو آدمیوں کے ہمراہ بھیجا اور دحیہ کلبی کو ساتھ کر دیا انھوں نے جا کے خوب لوٹا از انجملہ ہزار بکریاں اور سو عورتیں اور لڑکے بھی پکڑے اور شنید ابو اسکے بیٹے کو قتل کیا اسی عرصہ میں زید ابن رفاعہ جذامی مع ایک جماعہ توابع اپنے کے مدینے میں آکر مسلمان ہوا اور عہدنامہ جو اسکے پاس تھا حضرت کو دکھلایا سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو اسکے ہمراہ کیا اور فرما دیا کہ اسکا مال و اسباب پھیر دو واپس کرا دو چنانچہ زید نے بموجب ارشاد رسول اللہ اور موافق کہنے علی مرتضی کے عمل کیا فائدہ علامہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سریہ کو بعد غزوہ خیبر کے بیان کیا ہے اور مواہب لدنیہ میں دو سریہ زید ابن حارثہ کی اور بھی اسی سال میں لکھی ہیں ایک بنی ثعلبہ پر کہ اسمیں بلا محاربہ و قتال واپس آئے صرف بیس اونٹ ہاتھ لگے تھے اور دوسرا وادی القریٰ پر کہ اسمیں خود زید ابن حارثہ مجروح ہوئے اور بیدان معرکے سے اوٹھائے آئے ہیں اسی سال میں سریہ امیرالمومنین علی مرتضی واقع ہوا اور سبب وقوع یہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہونچی کہ فدک کے رہنے والے اہل خیبر کی اعانت سے مدینے کو غارت کیا چاہتے ہیں اسواسطے آنجناب نے علی ابن ابیطالب کو بھیجا اور سو آدمی آنکے ہمراہ گئے علی مرتضی نے یہ دستور مقرر کیا کہ رات بھر چلتے دن کو آرام کرتے جب موضع ہجیع میں پہونچے تو ایک کافر ملا اسکو امان دیکر راہ بتلانے کو ساتھ لیا اور اچانک اہل فدک پر جا پہونچے وہ لوگ دیکھتے ہی بھاگ گئے اور پانسو اونٹ اور دو ہزار بکریاں ہاتھ لگیں سو حضرت امیر نے کئی اونٹ حضرت صلعم کے واسطے نکال کر سب غنیمت اہل سریہ پر تقسیم فرمائی اسی سال میں زید ابن حارثہ رضی اللہ عنہ کچھ اسباب صحابہ کا لئے ہوئے برسم تجارت جانب شام جاتے تھے وادی القریٰ کے متصل جماعہ بنی بدر نے لوٹ لیا زید نے حضرت صلعم سے آکر عرض کیا آنجناب نے چند آدمی انکے ساتھ کیے انھوں نے جا بعض شریروں کو قتل کیا اور بعض کو گرفتار کیا ازانجملہ اسکی چند عورتیں بھی تھیں اور اسی سریہ میں لعم قرفہ ماری گئی تھی اور اسکے گھر سے پچاس تلواریں ملیں اسی سال میں ماہ شوال قضیہ غزیں واقع ہوا اور اسکو سریہ کرز بن جابر فہری بھی کہتے ہیں اور حال یہ ہوا کہ جماعہ عکل و عرنیہ مدینہ یا سکینہ میں آکے اور مسلمان ہوئے ہوا نے مدینہ نے انکو ناموافقت فرمائی یہاں تک کہ مرض استسقا میں مبتلا ہوئے

حضرت صلعم نے فرمایا کہ انکو وریٰ بلد کی نواح مین کوہ عیرہ کے متصل یعنے سنا کے قریب بجاؤ وہان صدقے کے اونٹ چرتے مین انکے دودھ و پیشاب پین سو وہ لوگ چند مدت وہین رہے اور اونٹنون کا دودھ پی پی کے خوب صحیح و تندرست ہوے اب انکو شرارت سوجھی کہ پندرہ اونٹ لیکر بھاگے اور چرواہے کے ہاتھ پیر کاٹ ڈالے اور اسکی زبان اور آنکھ پر کانٹے گاڑ دیئے یہ خبر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی سو حضرت نے کرز ابن جابر فہری کو بھیجا اور بیس سوار اسکے ساتھ کیے اسنے دور کر انونٹون سمیت گرفتار کیا صرف ایک اونٹ نہ ملا کہ اسکو ذبح کر چکے تھے جب کرز مدینے مین آیا تو حضرت صلعم سفر غابہ مین تھے سو کرز مجمع البحرین کی راہ مین حضرت کے پاس پہونچا حضرت کے حکم خدا آن شریرون کے ہاتھ پیر کٹوائے اور سلائی آنکھون مین پھروادی اور ناحیہ حرہ مین ڈلوادیا کہ نہایت ذلت و خواری سے مرگئے فتح الباری مین ہے کہ ابن التین نے زعم کیا ہے کہ عرینہ وعکل ایک قبیلے کا نام ہے اور یہ گمان اسکا غلط ہے بلکہ وہ قبیلے تھے عکل عدنان سے اور عرینہ قحطان سے فائدہ اس مقام سے امام مالک رح طہارت بول ماکول اللحم کے قائل ہوئے اور آئمہ اربعہ و شافعی رح اللہ علیہم نے جواب دیا کہ یہ حکم دوا کے لیے تھا اور تداوی کل نجاسات سے سوا خمر کے جائز ہے اسی سال کے ماہ ذیقعدہ مین غزوہ بنی قریظہ واقع ہوا اور حال یہ ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا کہ مع اصحاب یارن کے مکے مین عمرے کے واسطے گئے ہین اور حلق راس کر رہے ہین اور بیت اللہ کی کنجی ہاتھ آگئی ہے سو آنجناب نے یہ خواب اپنے اصحاب سے نقل فرمایا انھون نے عزم بالجزم کر دیا پندرہ سو بیس آدمی اور صحیحین کی روسے حدیث متفق علیہ یہ ہے کہ چودہ سو آدمی ساتھ لیکر تاریخ یکم ذیقعدہ روز دوشنبہ تشریف لیچلے اور زوجات مطہرات سے ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہمراہ ہوئین اور عبداللہ ابن ام مکتوم کو خلیفہ مدینہ کر دیا جب ذوالحلیفہ مین تشریف فرما ہوئے تو سب کا یا ذھا جمہور اصحاب نے بجی اسی جگہ احرام باندھا اور بعضے نے جحفہ مین اور اس جگہ سے ناجیہ اسلمی کو مع شتران ہدای پیش پیش روانہ کیا اور عباد ابن بشر کو بیس آدمی کے ساتھ تہین مہاجرین و انصار تھے فرش کا حال کہنے بھالنے کو آگے بھیجا اور آنکے پیچھے خود بدولت روانہ ہوئے یہ خبر قریش نے سنی وہ لوگ منع کرنے کو حرم سے باہر نکلے اور موضع بلدح مین مقیم ہوئے یہان حضرت نے خیال فرمایا تو اگر قریش حج و عمرے سے دشمن کو بھی نہین روکتے ہین لہذا مسافرانہ تشریف لیچلے تھے کہ سوائے شمشیر اور کوئی حربہ ہمراہ نہ تھا سو بھی بعض اصحاب کے پاس تلوارین تھین اور بقول اسکا نام حقیقت یہ ہے کہ باشتیاق بیت اللہ جسطرح بیٹھے تھے اٹھ کھڑے ہوئے تھے ہتھیار لینے کی فرصت نہین ہوئی بالجملہ کافرون نے خالد ابن ولید کو مکہ سے ابن ابی جہل کو لشکر کا سردار کیا اور دو سو سوار اسکے ہمراہ کیے حضرت کو اسبات کی خبر تھی تو اس غنستان مین بشر بن سفیان خزاعی جسکو حضرت نے ذوالحلیفہ سے بنابر جاسوسی روانہ کیا تھا ملا اسنے قریش کا حال بیان کیا حضرت صلعم نے اپنے یارون سے مشورہ کیا کہ آیا مناسب ہے کہ ان لوگون کو جو اپنے دیار سے واسطے اعانت قریش کے چلے ہین راستے مین روکین یا نہین حضرت صدیق اکبر نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ زیارت کو آئے ہین لڑائی کو آپ تشریف لیچلین اگر کوئی منع کریگا تو ہم مقابلہ کرینگے حضرت صلعم نے یہ راے پسند فرمائی اور کہا بسم اللہ چلو مگر سیدھے ہاتھ پر کیونکہ خالد ابن ولید کمینگاہ مین بیٹھا ہے سو غازیان اسلام داہنے ہاتھ چلے اور ایسے سیدھے گئے کہ غبار تک نہین اوٹھا اور خالد کو مطلق خبر نہوئی جب دفعۃً یہ آفت ناگہانی ٹوٹ پڑی اور مسلمان فرشتون کی طرح یکایک آ پڑے تو خالد یہ حواس ہوکر بھاگا اور قریش کو خبر دی اور حضرت صلعم اونٹنی ہانکے چلے جاتے تھے جب

موضع ثنیۃ المرار میں جہاں سے مکہ نظر آتا ہے پہونچی تو ناقہ قصواء جس پر حضرت صلعم سوار تھے بیٹھ گئی ہر چند اٹھایا نہ اٹھی لوگوں نے کہا ماندی ہوگئی ہے فرمایا اسکی عادت ماندگی کی نہیں ہے بلکہ اسکو اللہ نے روکا ہے جیسا اصحاب فیل کے ہاتھی کو روکا تھا سو میں قسم کھاتا ہوں کہ ادب حرم کا لحاظ رکھوں گا گویہ لوگ چڑھ چڑھ بولیں تب اونٹنی حضرت کی اٹھی اور حضرت صلعم نے بیت اللہ شریف کا مقابلہ چھوڑ کر میدان حدیبیہ میں لشکر اسلام اتارا کنوئیں حدیبیہ میں پانی نہایت کم تھا سارے کے لوگوں نے اوسی سے پانی لینا شروع کیا تھوڑے دیر میں پانی ہو چکا تو ہر شخص نے پیاس کی شکایت کی حضرت صلعم نے اُس کنوئیں کے کنارہ بیٹھ کے ایک برتن میں پانی منگوا کر وضو کیا اور کلی اُس پانی میں ڈالی اور دعا کی اور فرمایا تم جاؤ سو اُس کنوئیں میں اتنا پانی ہو گیا کہ سب آدمی و جانور سیراب ہو گئے دوسرے مرتبہ پھر شکایت ہوئی تو آنجناب نے اپنے دست مبارک سے ایک تیر عنایت کیا اور فرمایا کہ اس کنوئیں میں ڈالو بروایات صحیحہ متصادمۃ تا ہے کہ تیر کے ڈالتے پانی نے جوش مارا کہ سب نے اپنے اپنے برتن بھر لیے اور خوب نہائے دھوئے پیا اور خدا کا شکر کیا تیسری بار آپ کے یاروں نے شکایت بے آبی ظاہر کی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی نکلا جو تیسری بار شکر کے لوگوں نے زیادہ تر شکایت کی تو حضرت نے دعا مانگی کہ خوب ہی پانی برسا اور شکایت جاتی رہی القصہ اس منزل میں بدیل بن ورقاء خزاعی مع چند نفر نبی خزاعہ کے حاضر ہوا حالانکہ نبی خزاعہ دوست حضرت تھے سو بدیل نے التماس کیا کہ قریش زیارت سے روکنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور جدھر میں جہاں کہیں پانی ہے سب پر اپنا قبضہ کر کے روک لیا ہے حضرت صلعم نے فرمایا کہ ہم کسی سے لڑنے کو نہیں نکلا ہوں صرف عمرہ کرنے آیا ہوں قریش کو یہ کیا سوجھی ہے جو لڑائی کیا چاہتے ہیں یہ بات تو مضر ہوگی کیونکہ غزوات و سرایا نے قریش کو ضعیف کر دیا ہے اگر چاہیں تو میں چند برسے انسے صلح کر لوں اور مقابلہ اور کافر ونسے کروں اسمیں اگر مغلوب ہو گیا تو قریش کی مراد ملی اور جو غالب ہوا تو اور دین کی طرح قریش بھی اطاعت کریں وآلا مدت صلح میں آرام پاوینگے اور اگر اس بات سے انکار کرینگے تو قسم اُس مالک کی جسکی ہاتھ میں میری نفس ہے میں بیشک لڑونگا اور شہید ہونگا اور اللہ اپنے دین کی مدد کریگا بدیل نے کہا کہ میں یہ کلام آپ کا قریش سے بیان کرتا ہوں جیسا جواب دینگے عرض کرونگا سو وہ گیا اور اسنے تقریر رسول اللہ صلعم بیان کی چونکہ قریش بنی خزاعہ کو ہوا خواہ رسول مقبول جانتے تھے بدیل کے کہنے پر یقین نہ لائے تب عروہ بن مسعود ثقفی نے کہا کہ اے قریش تم میرے باپ کی جگہ ہو اور خوب جانتے ہو کہ مجھسے تمہاری خیر خواہی میں کسیطرح کا تصور نہ ہوگا بولے بیشک تو ہمارا دل و جگر ہے ہم تجھکو متہم نہیں کر سکتے پھر ابن مسعود نے اپنے حقوق بیان کیے اور خیر خواہی و دوستی اپنی ظاہر کر کے کہا کہ یہ تقریر محمد نے بہت بہتر فرمائی ہے قبول کر لو اور مجھے بھیجو تو میں دریافت کر آؤں چنانچہ عروہ حضرت صلعم کے حضور میں حاضر ہوا حضرت نے جو تقریر بدیل سے فرمائی تھی وہی عروہ سے فرمائی اُسنے حضرت سے کہا کہ اے محمد میں تم سے پوچھتا ہوں کہ اگر تمنے اپنی قوم کا استیصال کیا تو کیا ہاتھ آیا اور اُس سے پہلے کسی نے عرب میں اپنی اہل و اصل کو خراب نہیں کیا اور اگر تم مغلوب ہوئے تو خوب جانتے ہو کہ جو کچھ ہمارا حال ہوگا اور میں خوب جانتا ہوں کہ چند آدمی اوباش تمہارے ساتھ ادھر اودھر کے جمع ہو گئے ہیں بعد چندے ساتھ چھوڑ کر چلے جائینگے اور تم تنہا بیار و مددگار رہجاؤ گے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو یہ مقولہ اسکا نہایت ناگوار ہوا انقون نے کہا امصص بظر اللات انفرعنہ چوس اللات کا ذکر

آپ کو چھوڑ کر بھاگ جائینگے چونکہ حضرت صدیق نہایت غصہ سے بے تاب تھے لہذا فحش زبان پر لائے نظر کرنے میں پارۂ گوشت کو جو عورت کی فرج کے اوپر ہوتا ہے ہندی میں اُسکا نام مشہور ہے عروہ نے حاضرین سے پوچھا کہ یہ کون شخص ہے لوگ بولے کہ ابوبکر عروہ نے کہا ای ابوبکر اگر تیرا ایک حق مجھ پر نہ ہوتا تو میں تیری بات کا جواب دیتا اور حق یہ تھا کہ زمان جاہلیت میں حضرت ابوبکر صدیق نے ایک قصد تحمل دیت میں اُسکی بڑی اعانت فرمائی تھی اور دس اُونٹ جوان عنایت کیے تھے بالجملہ عروہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے باتیں کرتا تھا اور کلام کرنے میں اپنا ہاتھ ریش مبارک تک لیجاتا تھا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ شمشیر حمائل کیے حضرت کے پاس کھڑے تھے جب عروہ اپنا ہاتھ ریش مبارک تک لیجاتا تب ہی مغیرہ کو بھی تلوار کی اُسکے ہاتھ پر مارتے اور کہتے کہ ہاتھ اپنا دور رکھ عروہ نے پوچھا یہ کون ہے میں نے اسکی بدتمیزی و لئیم تر نہیں دیکھا رسول اللہ صلعم نے تبسم فرماکے کہا ای عروہ یہ تیرے بھائی کا بیٹا مغیرہ ہے عروہ نے کہا ای غدار میں تو تیرے غدر کی اصلاح کرنے والا ہوں غرض کہ عروہ نے اطاعت اصحاب ملاحظہ کرکے معلوم کیا کہ کسیطرح یہ لوگ اطاعت و انقیاد سے پھرنے والے نہیں ہیں آخر کار لوٹ کر قریش کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں قیصر کسریٰ و نجاشی کے پاس گیا مگر یہ اطاعت و تعظیم اصحاب کی کہیں نہیں دیکھی جیسے اصحاب محمد محمدؐ کی کرتے ہیں پھر سارا حال بیان کیا اور کہا کہ جو کچھ محمد نے تم سے کہا وہ بیشک تمہارے حق میں اصلح ہے قبول کرو تب حلیس یا علقمہ ایک شخص بنی کنانہ کا اجازت لیکے چلا جب بمقابلہ لشکر اسلام آیا تو حضرت صلعم نے دیکھکر فرمایا کہ یہ شخص اُس قوم کا ہے جو بدن کی تعظیم کرتے ہیں بعض اصحاب اسکو لبیک کرکے باستقبال لائے اُسنے یہ حال دیکھکر کہا سبحان اللہ ایسے لوگوں کو قریش کعبہ کی زیارت سے روکتے ہیں میرے نزدیک انکو ہرگز روکنا نہ چاہیے چنانچہ خدمت قریش کے پاس پہونچا تو کہنے لگا کہ ایسے لوگوں کو زیارت کعبہ سے منع کرنا مناسب ہے قریش کہنے لگے کہ ای حلیس تو ان باتوں سے واقفیت نہیں رکھتا اس بات پر حلیس بہت ناراض ہوکر اٹھا بعضوں نے سمجھا کر منجھلایا اور کہا تو پھر محمد کے پاس جاہم خاطر خواہ صلح کرتے ہیں روایت ہے کہ اولاً حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خراش بن امیہ کعبی کو شتر کین مکہ کے پاس بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ اگر چاہو صلح کرو اور ایک مدت تک دم لو کہ میں اور لوگوں کو مسلمان کروں پھر دل چاہے تو اسلام لائیو یا لڑیو قریش نے انکو پکڑ کر قتل کرنا چاہا مگر اُنکی قوم نے حمایت کرکے لیا تب حضرت صلعم نے عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ سے ارشاد کیا کہ تم جاکر یہ پیغام کہو حضرت عمر نے الحاح کیا کہ ای رسول مقبول قریش کا مجھسے سال عداوت مانتے ہیں اگر مجھے پاویں تو جان سے مار ڈالیں اور آپ پر روشن ہے کہ بنی عدی میں سے کوئی شخص میرا حامی و معین نہو گا لہذا حضرت صلعم نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو مع چند آدمیوں کے روانہ فرمایا جب حضرت عثمان موضع بلدح میں پہونچے تو ابان بن سعید ابن عاص ملاقی ہوا اُسنے اپنے اونٹ پر سوار کرا کر مکے میں پہونچایا اور حضرت عثمان نے پیغام رسول اللہ اشراف قریش سے جو کہ مکے سے نہیں نکلے تھے کہا اور ارادہ کیا کہ لوٹ جاؤں ان لوگوں نے کہا ای عثمان اگر تو طواف بیت اللہ کیا چاہتا ہے تو کرلے حضرت عثمان نے فرمایا کہ میں حضرت رسول اللہ کے ساتھ طواف کرونگا اس بات سے قریش ناراض ہوئے اور حضرت عثمان کو قید کرلیا وقعہ لشکر اسلام میں خبر آئی کہ عثمان شہید ہوئے شیطان نے خبر شکر میں پکارکے کہدی حضرت کو نہایت رنج ہوا اب حضرت نے فرمایا کہ مجھکو ڈر ہے کہ اکیوں کہ ابتدائے فساد ان لوگوں کی طرف سے ہوئی ہے آمادہ جہاد ہوکر ایک درخت ببول کے نیچے ہو بیٹھے اور

اصحاب باصفا سے فرمایا کہ تم لوگ مجھسے عہد کرو کہ مرتے دم تک فرمان برداری میں کوتاہی نہ کرینگے سب نے قبول کیا مگر جد ابن قیس منافق نے قبول نہ کیا اسی بیعت کو بیعۃ الرضوان کہتے ہیں اور اسی کی شان میں پیشین گوئی کلام الٰہی میں وارد ہے لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ فعلم ما فی قلوبہم فانزل السکینۃ علیہم واثابہم فتحا قریبا ومغانم کثیرۃ یاخذونہا یعنی اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے جب ہاتھ ملانے لگے تجھسے اس درخت کے نیچے پھر جانا جو انکی دل میں تھا پھر اتارا ان پر چین اور انعام میں دی انکو فتح نزدیک اور بہت غنیمتیں جو انکو ملیں گی ہراہ اس سے فتح خیبر اور فتح مکہ ہے کہ دونو بطابق ارشاد الٰہی کے واقع ہوئیں بعد اس واقعے کے خبر آئی کہ شہادت عثمان کی خبر غلط تھی وہ تو زندہ ہیں تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہوکر فرمایا کہ میں نہیں چاہتا کہ عثمان اس بیعت سے محروم رہے سو دست راست اپنے پر اشارہ کیا کہ یہ ہاتھ ہے عثمان کا اور دست چپ اپنا قرار دیا اور بیعت فرمائی یعنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا یہ بیعت عثمان کی ہے فائدہ اس بیعت میں سب سے پہلے سنان ابن وہب اسدی نے بیعت کی ہے اور سلمہ ابن عمرو بن الاکوع نے تین مرتبہ متفرقاً بیعت کی اور عبداللہ ابن عمر نے بھی اپنے والد بزرگوار سے اول بیعت کی ہے اور سبب یہ ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسوقت دوسری جانب بمقابلہ کفار مستعد قتال کھڑے تھے اور عبداللہ کو واسطے خبر و عافیت حضرت صلعم کے بھیجا تھا وہ آئے تو دیکھتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اصحاب بیعت کر رہے ہیں انھوں نے بھی بیعت کر لی اور فوراً جاکر اپنے والد سے خبر کی انھوں نے بھی آکر بیعت رضوان کی یہ پیشین گوئی قرآن شریف کی کس عموم سے ظاہر ہوئی اور عہد پر استقامت و استقلال و جان نثاری اصحاب سول اللہ اللہ تعالے کو پسند ہوئی کہ یہ آیتیں بنا بر اظہار رضامندی نازل فرمائیں اور وعدہ کیا کہ عنقریب انعام اس بیعت میں ہمنے تمھیں ایک فتح قریب عنایت کی جسمیں بہت کثرت سے غنایم پاؤگے سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ حدیبیہ سے پھرتے ہی خیبر فتح ہوا کہ اصحاب سول مقبول غنی ہوگئے اور خود حضرت نے فدک و غیرہ باغات اپنے ذات سے خاص کر لیے کہ اسمیں سے خرچ ایک سال کی قوت کا اپنی عیال کیواسطے رکھ لیتے تھے اور فقرائے بنی ہاشم پر بھی صرف کرتے تھے فائدہ اس مقام سے حضرت مشائخ رحمۃ اللہ علیہم کو جواز بیعت غایبانہ کی سند ہاتھ لگی ہے فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ احادیث مشہورہ سے ثابت ہے کہ لوگ بیعت کرتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی ہجرت و جہاد پر اور کبھی اقامت ارکان اسلام یعنے صوم و صلوۃ و حج و زکوۃ پر اور کبھی ثبات و قرار پر معرکہ کفار میں چنانچہ بیعۃ الرضوان اور کبھی سنت نبوی کی تمسک پر اور بدعت سے بچنے پر اور عبادات کے حریص اور شایق ہونے پر چنانچہ بروایت صحیحہ ثابت ہوا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کی عورتوں سے بیعت لی نوحہ کرنے پر اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے چند محتاج مہاجرین سے بیعت لی اس پر کہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نکریں سو انمیں سے کسی شخص کا یہ حال تھا کہ اسکا کوڑا اگر جاتا تھا تو اپنے گھوڑے سے اتر کر اسکو اٹھا لیتا تھا اور کسی سے کوڑا اوٹھا دینے کا بھی سوال نکرتا تھا اور صحیح بخاری سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جریر رضی اللہ عنہ سے انکی بیعت کے وقت شرط کی اور فرمایا کہ خیر خواہی لازم ہے ہر مسلمان کے واسطے اور حضرت نے بیعت لی قوم انصار سے سو یہ شرط کر لی کہ نڈریں امر خدا میں کسی ملامت کنندہ کی ملامت سے اور حق ہی بات کہیں جہاں رہیں سو انمیں سے بعضے لوگ امراء سلاطین سے کھل کر بلا خوف رد و انکار کرتے تھے انکے سوائے بہت امور میں بیعت ثابت ہے اور وہ سب امور از قسم تزکیہ نفسی اور امر بالمعروف

بیعت غایبانہ جناب عثمان

اور نحن عن المنکر ہین اسیطرح بیعت خلافت پر اور بیعت اسلام پر بالجملہ ہر گاہ کہ بیعت لینا امور مذکورہ کا بطریق عبادت بکمال اہتمام تھا تو اب بیعت کے مسنون ہونے ہین کچھ شک و شبہہ نہین اور یہ بیعت جو حضرت صوفیہ مین جاری ہی لاریب سنت رسول مقبول ہی القصہ جبکہ اس بیعت کی قریش کو پہونچی تو وہ مضطرب ہوئے اور سہیل ابن عمرو کو بھیجا اور صحیح یہ ہی کہ جلیس کے بعد مکرز ابن حفص آیا تو حضرت صلعم نے اسکو دیکھ کر فرمایا کہ یہ شخص فاجر ہی وہ کلام کر رہا تھا کہ سہیل ابن عمرو مع ایک جماعت کے پہونچا حضرت صلعم نے فرمایا سہل الامر اور سہیل نے کہا قریش صلح پر راضی ہین بشرطے کہ امسال عمرہ نفرمائیے دوسرے سال قضا کریجیے گا اگر اس بات پر راضی ہو تو صلحنامہ لکھو حضرت صلعم نے قبول کیا اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے بلا کر ارشاد کیا اکتب بسم اللہ الرحمن الرحیم سہیل نے کہا واللہ مین رحمن کو نہین جانتا ہون اکتب باسمک اللھم جسطرح ہمیشہ لکھتے تھے مسلمانون نے کہا کہ ہم تو یہ لکھینگے حضرت صلعم نے علی مرتضی سے کہا اکتب باسمک اللھم سو علی مرتضی نے یہی لکھا بعد اسکے حضرت نے فرمایا کہ لکھو ہذا ما قاضی علیہ محمد رسول اللہ و اقریش سو وہ جنیہ ہو جسپر صلح کی محمد رسول اللہ نے اور قریش نے علی مرتضی سے لکھا سہیل نے کہا واللہ ہم تمکو رسول خدا نہین جانتے والا زیارت سے منع کرتے سو تم محمد ابن عبداللہ لکھو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واللہ مین بے شک خدا کا رسول ہون گا گو تم نہ مانو اور محمد ابن عبداللہ بھی ہون اے علی تو لکھ محمد ابن عبداللہ اور کلمہ رسول اللہ کو محو کردے علی مرتضی بولے کہ مین ہرگز وصف رسالت کو نہ محو کرونگا تب حضرت نے اپنے دست مبارک سے مٹا دیا اور بن عبداللہ لکھا بالجملہ جو شرائط سہیل کرتا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسکو قبول کرتے تھے اور حاصل شرائط یہ تھا کہ چار برس یا دس برس تک قریش سے نہ لڑین اور طرفین کی آمد و رفت شہرون مین جاری ہی اور کسیطرح کا تعرض اموال و نفوس سے صراحۃً و خفیۃً واقع نہو اور جو کوئی آدمی چاہے عہد محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین در آوے قریش مزاحم نہون اور جو چاہے عہد قریش مین داخل ہو کوئی مسلمان مزاحمت نکرے اور بعہد دون طرفین سے بھی کوئی تعرض نکرے چنانچہ بنو خزاعہ آنحضرت سے ہم عہد ہوے و بنو بکر قریش سے اور امسال مسلمان لوگ عمرہ ترک کرین سال آیندہ قضا کرین مگر یا این ہمہ تین دن سے زیادہ مکہ مین نہ رہین اور اپنے ہتھیار غلاف مین رکھین اور جب کوئی شخص قریش کا بے اذن اُنکے محمد صلعم کے پاس جائے تو اسکو آنحضرت واپس فرماین اگرچہ مسلمان بھی ہو اور جو شخص مسلمانون کا قریش مین جا ملے تو قریش اسکو پھیرین اس شرط پر مسلمانون کو سخت تعجب ہوا کہنے لگے سبحان اللہ ہم مسلمان کو کسطرح واپس کرینگے حضرت نے فرمایا مین تو اسپر راضی ہون عمر ابن خطاب بولے کہ یا رسول اللہ آپ کیونکر راضی ہوئے جاتے ہین حضرت نے ارشاد کیا تبسم فرما کر کہ اے عمر جسکو مین پھیر دون حالانکہ وہ مسلمان ہی تو اللہ تعالے اسکو فرج و مخرج روزی فرمائیگا یعنے اللہ اسکو پھر نکال لیگا اور جو کوئی از خود مشرکون مین ملے گا وہ اُنہین کے مصاحبت کے لائق ہی ہمکو اسکی حاجت نہین یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ ابو جندل ابن سہیل کہ اسلام لایا تھا اور سہیل نے اسکو قید کیا تھا لشکر اسلام مین بھاگ آیا سہیل نے دیکھکر کہا اے محمد یہ اول بات ہی جسپر صلح ہوئی ہی آپ اسکو واپس کرین حضرت نے فرمایا کہ ابتک صلحنامہ لکھ نہین گیا سہیل بولا کہ ہم صلح نہین کرتے حضرت نے فرمایا کہ میری خاطر سے ابو جندل کو امان دے اُسنے انکار کی تب کہا کہ

اسکو تکلیف نہ دینا اسوقت مکرز ابن حفص ضامن ہوا کہ ابو جندل کو تکلیف نہ دی جائے گی الغرض حضرت نے ابو جندل کو واپس
فرمایا تو اسنے کہا ای مسلمانو باوجودیکہ مین اسلام لایا ہون اور انکے ہاتھون سے انواع تکلیف پا چکا ہون تم مجکو واپس کرتے
ہو حضرت نے فرمایا صبر کر تجکو اجر ملے گا ای ابو جندل مین خلاف شرط نہین کر سکتا القصہ صلحنامہ تمام ہوا اور حضرت صدیق اکبر اور
عمر فاروق اور عبد الرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور ابو عبیدہ بن الجراح اور محمد ابن مسلمہ وغیرہم اصحاب باصفا کی گواہی
ہوئی اور حویطب ابن عبد العزیٰ اور مکرز ابن حفص وغیرہ مشرکون نے بھی گواہی اپنی لکھ دی یہ صلح جو ہوئی تو کچھ اس راہ سے
نہ تھی کہ جماعہ اسلام بمقابلہ کفار مکہ سا رکم زور و مغلوب ہون حاشا و کلا بلکہ مسلمان بہمہ جہت کفار پر غالب و قوی تھے
اور جمیع اصحاب و یار بشجاعت و ہمت خداداد یہی چاہتے تھے کہ صلح نہو اور ہم کافرون کو مارین چنانچہ حضرت عمر فاروق حضور
مین آکر بولے کہ یا رسول اللہ کیا ہم حق پر نہین ہین اور ہمارے دشمن باطل پر اور کیا ہمارے مقتول بہشتی نہین اور کافر دوزخی
حضرت نے فرمایا کہ تم حق پر ہو اور تمھارے مقتول بہشتی ہین تب تو حضرت عمر نے کہا کہ پھر کسواسطے دین حق مین اتنی
وقت اختیار کرین فرمایا ای عمر مین نے بحکم خدا کیا ہی جو کچھ کیا اللہ اپنے پیغمبر کو ضائع نکریگا یہ صلح حکمت سے خالی نہین ہے پھر
عمر نے صدیق اکبر سے کہا انھون نے بھی یہی کلام کیا جو حضرت نے فرمایا تھا سبحان اللہ بحمدہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی طبیعت مین کیسا صبر تھا کہ باوصف غلبہ ایسی عاجزی اختیار فرمائی اور یہ انکسار بعض پیغمبران پیشین کے انکسار سے بہت
زاید ہوا کیون کہ انھون نے جو ظلم و ستم گوارا کیے سو اگرچہ حکمت و مصلحت سے خالی نہ تھے مگر ظاہر مین کہہ سکتے ہین
کہ بسبب بے مقدوری و قلت توابع کے بجز جفاکشی کے کچھ چارہ نہ تھا آدمی نبی ہو یا غیر نبی فقیر ہو یا بادشاہ دین کے کام مین
یا دنیا کے زور اور غلبہ کے ہوتے عاجزی اور انکسار اختیار کرے تو وہی قابل اعتبار عقلا کے نزدیک ہوتا ہے ورنہ منکرین
موافق مثل مشہور عصمت بی بی از بے چادری کہ سکتے ہین کہ جب قابو نہ پایا تو سوائے جفاکشی کے اور کیا کرتے مگر صلح حدیبیہ
مین کوئی دم نہین مار سکتا اور ملحدون کا وہ قول کہ مسلمان نے سوائے شمشیر زانی اور کچھ نہین کیا اس صلح کی واقعہ سے باطل
ہو گیا اب دیکھنا چاہیے کہ اس صلح سراسر حکمت سے کسطرح کے فوائد ہوئے کہ جب قریش کی طرف سے اطمینان کلی ہوا تو خیبر
فتح ہوا اور اسلام کی ترقی ہوئی کہ مکہ فتح ہوا حقیقت یہ ہی کہ اللہ اور رسول کی حکمت کون معلوم کر سکتا تھا حالانکہ کوئی فعل
حکیم مطلق اور اسکے رسول کا خالی از حکمت نہین ہوتا الغرض بعد وقوع صلح حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے
یارون سے فرمایا کہ تم سب قربانی اور حلق راس کرو مگر اصحاب ایسے پژمردہ اور شکستہ دل ہو گئے تھے کہ حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے کئی بار حکم دیا مگر کوئی نہ اٹھا تب آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم خیمۂ مبارک مین جلوہ فرما ہوئے
اور حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے شکایت اپنے یارون کی فرمائی ام سلمہ نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ
اصحاب کو اس معاملے مین آپ معذور رکھین اور ملاحظہ فرمائین کہ حضور نے موافق مراد قریش اہل دغا بر خلاف اصحاب
باصفا کے صلح فرمائی حالانکہ وہ چاہتے تھے کہ ہم مکہ فتح کرینگے اور اپنے دل کے پھپھولے توڑینگے اور خوشیان کرینگے

بھلا وہ کیونکر حزین و غمگین ہوں پس اگر آپ کو حلق اور نحر منظور ہو تو آپ اسکو بجا لائیں اصحاب آنجناب کو اسوقت سوائے مطاوعت اور متابعت کے کچھ بن نہ پڑیگی چنانچہ حضرت رسول مقبول رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم خیمۂ مبارک سے باہر تشریف لائے اور نحر شتر اور حلق راس میں مشغول ہوئے یہ حال دیکھکر جملہ یاروں نے متابعت کی یعنے بعضوں نے سر کے بال ترشوائے اور بعضوں نے چنوائے اور بعضوں نے منڈائے لیکن از بس مغموم و مکروب جبکہ اس حال سے فراغت ہوئی تو خداوند کریم نے ایک تند ہوا ایسی چلائی کہ اسنے مسلمانوں کے بال میدان حدیبیہ سے اڑا کر حرم محترم کی زمین میں پہونچا دیئے کتب سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ خراش ابن امیہ خزاعی نے حضرت خاتم النبیین سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے موی مبارک مونڈے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن بالوں کو درخت ہمرہ پر ڈال دیا تھا اور اصحاب باصفا نے تبرکاً اٹھائے اور اپنے پاس رکھے صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت انس خادم رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ یوم نحر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حلق راس فرماکر بالوں کی تقسیم کا حکم دیا اور جمع بین الروایات یوں ہو سکتا ہے کہ یہ حکم دوسری مرتبہ صادر ہوا ہوگا اور حدیبیہ میں درخت ہمرہ پر ڈال دیئے تھے اور لوگوں نے تبرک سمجھکر لیے ام عمارہ سے روایت ہے کہ بہت تلاش سے کئی بال میں نے بہم پہونچائے تھے سو اپنے پاس رکھے تھے اور جو کوئی بیمار ہوتا تھا اُن بالوں کو دھوکر اُسے پلاتی تھی فوراً صحت پاتا تھا اور صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جملہ نقرہ میں موی مبارک تھا جب اصحابوں کو کچھ تکلیف و رنج ہوتا تو اُنکے پاس ایک پیالے میں پانی بھر کر لیجاتے تھے واسطے تبرک کرنے کے سوام سلمہ موی مبارک نکال کر پانی میں حرکت دیتی تھیں اور بیہقی اور حاکم نے روایت کی ہے کہ خالد ابن ولید کی ٹوپی جنگ یرموک میں گم ہوگئی اور بہت تلاش سے ملی تو خالد نے کہا عمرہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حلق راس فرمایا لوگوں نے دوڑ دوڑ کر بال جوانب کے حاصل کیے اور میں نے پیشانی کی طرف کے بال لیے انکو اس ٹوپی میں رکھا سو کسی لڑائی میں نہیں گیا اور یہ ٹوپی میرے پاس ہوئی مگر میری فتح ہوئی کتب سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ جب تاج خالد ابن ولید گم ہو گیا تو خالد نے حملہ سخت فرمایا کہ بہت آدمی مارے گئے اصحاب نے اس حرکت پر انکار کی خالد نے کہا کہ میں نے یہ لڑائی ٹوپی کے واسطے نہیں کی ہے بلکہ اسواسطے کہ اس میں بال پاک رسول شاہ لولاک کے تھے انکا شرکوں کے ہاتھ میں پڑنا میرے نزدیک اچھا نہ تھا دوسرے میرے پاس سے برکت جاتی رہتی فائدہ اس مقام سے واضح ہوا کہ تعظیم و تکریم موے مبارک کی قرن اول میں بایں مرتبہ تھی کہ اس زمانہ میں اسکا عشر عشیر بھی نہیں ہے بلکہ اس زمانہ بعض جہال بالی مشرب تبرک بآثار صالحین میں انکار شدید کرتے ہیں اور دلائل ضعیفہ واہیہ تقریر و تحریر میں بیان کرتے ہیں حالانکہ تبرک بآثار صالحین او تعظیم و تکریم تبرکات انبیاء و اولیا کی کرنا اور حاجات دین و دنیا میں اُنسے توسل ڈھونڈھنا اور بادب اپنے پاس رکھنا اور بنا بر دفع بلیات اور حصول مرادات زیارت کرنا آیات اور احادیث اور احوال صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین سے ثابت ہے انکار کرنا اور آسمین کلام کرنا غیر از زندقہ و الحاد نہیں ہے دیکھو قصۂ تابوت سکینہ جسمیں ٹکڑے الواح توریت کے

اور عصاے موسیٰ اور عمامہ ہارون اور نعلین وغیرہ تھے کہ بنی اسرائیل میں اُسکی برکت تھی اور لڑائی میں تبرکاً اُسکو لے جاتے تھے اور فتح پاتے تھے اور جب سے وہ گیا بنی اسرائیل پر آفت پڑی کہ قرآن شریف کے سورۂ بقر میں موجود ہے یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم الخ اور مشکوٰۃ شریف میں حدیث طلق ابن علی کی در باب تبرک کرکے لیجانا آبادیۂ منورہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شہروں میں داخل ہی اسپر کہ اصحاب رسول اللہ فضلۂ حضرت کو تبرک جانکر شہروں میں لیجاتے تھے ملا علی قاری شرح اس حدیث میں لکھتے ہیں کہ اس جگہ سے نکلا کہ فضلہ وارثین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ علما اور صلحا ہیں یہی حکم رکھتا ہی اور شیخ عبدالحق دہلوی نے شرح اور ترجمہ میں اور بھی جذب القلوب میں اور قاضی عیاض نے شفا میں اور سمہودی نے اپنی تصانیف میں اس مرحلہ کو بخوبی طے فرمایا ہی حاجت بیان کی نہیں اور یہ ظاہر ہی کہ محبت شخص واجب التعظیم کی مقتضی محبت و تعظیم آثار اور منتسبات اُس شخص کی واقع ہوتی ہی اور تہاون اور عدم اعتبار اُس میں دلیل عدم محبت ہی کذا حققہ استاذنا الاستاذ فی بعض تقریراتہ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث والد حضرت استاذ الاستاذ انتباہ میں اپنے والد شاہ عبدالرحیم سے نقل فرماتے ہیں کہ حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو خواب میں دو موی مبارک اپنے مرحمت فرمائے ہیں اُنکے خواص میں یہ ہی کہ دونوں بیٹے رہتے ہیں اور جب درود پڑھا جاتا ہی تو ہر ایک جدا کھڑا ہو جاتا ہی اور ایک مرتبہ تین منکروں نے امتحان چاہا میں اس سوءادبی سے راضی نہوا جب تکرار زیادہ ہوئی تو وہ منکر بالوں کو دھوپ میں لے گئے اسی دم ابر کا ٹکڑا ظاہر ہوا حالانکہ آفتاب اُسوقت نہایت گرم تھا اور ابر کا موسم نہ تھا ایک نے توبہ کی دوسرے نے کہا یہ بھی قضیہ اتفاقیہ ہی پھر دوسری بار لے گئے پھر ٹکڑا ابر کا آگیا دوسرے نے توبہ کی تیسرے نے کہا یہ بھی قضیہ اتفاقیہ ہی سو تیسری بار لے گئے پھر بادل کا ٹکڑا آگیا تیسرے نے بھی توبہ کی اور ایک مرتبہ مجمع عظیم میں زیارت کیواسطے نکالنے لگے ہر چند قفل پر کنجی لگائی اور کوشش کی قفل نہ کھلا تب میں دل کی طرف متوجہ ہوا تو معلوم ہوا کہ فلان کس حالت جنابت میں ہے اُسکی نجاست سے زیارت نصیب نہیں ہوتی میں نے عیب پوشی کرکے سب لوگوں سے کہا کہ طہارت جدیدہ کرو سو وہ جنبی اس مجلس سے علیحدہ ہو گیا اُس وقت قفل آسانی سے کھل گیا اور سب کو زیارت نصیب ہوئی بعد اُس گفتگو کے لکھتے ہیں کہ حضرت والد نے آخر عمر میں تبرکاً تقسیم فرمائے چنانچہ ایک بال رسول پاک کا مجھے عنایت کیا الحمد للہ رب العالمین انتہی قولہ الکریم القصہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم منزل حدیبیہ میں بیس دن جلوہ فرما رہے اس اثنا میں گروہ عورتوں کا ہجرت کنان خدمت بابرکت میں آیا حسب روایت محدثین ام کلثوم بنت عقبہ ابن معیطہ بھی انہیں تھیں کافروں نے موافق شرط کے واپس لینا چاہا اور تفسیر کشاف میں ہی کہ سبیعہ بنت الحارث بھی اسی گروہ میں تھی کہ مسافر مخزومی خواہ صیفی ابن الراہب زوج اُسکا پیچھے لگا ہوا آیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے واپس کرنے کی درخواست کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم منتظر وحی ہوئے اسی وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آکر کہا اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ مسلمان عورتوں کو کافروں کے پاس نہ بھیجو اس لیے کہ بسبب بزرگی اسلام کے عورت کوئی

ہو سنہ کافر کے نکاح مین نہین رہے اور اب کوئی مومن عورت کافر کو اپنے نکاح مین نہ رکھے اور آیہ کریمہ سورہ ممتحنہ مین نازل ہوئی یا ایہا الذین آمنوا اذا جاءکم المومنات مہاجرات الخ اور یون حکم نافذ ہوا کہ عورت کافر کی اگر مسلمان ہوکر آوے تو جو مسلمان اُسکو نکاح مین لاوے سوائے مہر کے خرچہ اُس کافر کا بھی واپس کرے اور جو مسلمان کی عورت کافر رہ گئی ہو اور وہ اُسے طلاق دے پھر جو کافر اُسکو نکاح مین لاوے اُس مسلمان کا خرچ دے اس حکم کو کافرون نے قبول نکیا اور مسلمان راضی ہوئے یعنے مسلمان اخذ و اعطا پر راضی ہوئے اور کافر دینے پر راضی نہوے اور لینے پر تیار ہوئے تب یہ حکم ہوا کہ جس مسلمان کی عورت گئی اور کافر اُسکا خرچ کیا نہین پھیرتے تو جس کافر کی عورت آوے اُسکا خرچ مسلمان ندین کافر کو بلکہ اُس مسلمان کو دین جنکی عورت جاتی رہی یہ حکم اُس وقت تھا جب کافرون سے واپس کرنے پر صلح ٹھہر گئی تھی اب یہ حکم نہین ہے مگر یہ کہ کسی ایسی جگہ صلح کا اتفاق پڑے کذا ذکرہ مولانا عبدالقادر فی فائدۃ موضح القرآن الغرض بعد نزول اس حکم کے مسلمانون نے کافرہ عورتون کو طلاق دی چنانچہ حضرت عمر نے اپنی دو عورتون کو جو مکہ معظمہ مین تھین طلاق دی ایک سے معاویہ ابن ابی سفیان نے نکاح کیا اور دوسری سے صفوان ابن امیہ نے مدارک مین ہے کہ یہ آیتہ بیان واقع ہوئی اس پر کہ صلح مردون کے واپس کرنے پر ہوئی تھی نہ عورتون کی یا حکم اول منسوخ ہوگیا الغرض بعد قربانی دہدی آنجناب روانہ مدینہ باسکینہ ہوے راہ مین سورۂ انا فتحنا نازل ہوئی اور اُس مین اللہ تعالے نے بشارت فتح مکہ و خیبر و رضامندی بیعت سے اور بہت تعریف اصحاب کی نازل فرمائی کہ آپ بہت خوش راہ مین اونٹ پر سوار بہ لہجہ خوش کمال خوشی سے فرماتے تھے انا فتحنا لک فتحا مبینا بعض اہل تفسیر کہتے ہین کہ انا فتحنا لک فتحا مبینا صلح مدینہ مین نازل ہوئی اور یہ صلح مقدمہ فتوح واقع ہوئی کہ مسلمانان مکہ کو اظہار اسلام اور جہر بالقرآن نصیب ہوا اور اسی کے حق مین حضرت نے فرمایا ہے مجھپر ایک آیتہ نازل ہوئی کہ تمام دنیا سے بہتر ہے اور حضرت عمر کے روبرو پڑھی کہا عمر نے افتح ہو فرمایا نعم اور اکثر کے نزدیک فتح خیبر اور یہ مراد ہے اور جب حضرت مدینہ مین آئے تو ابو بصیر ابن اسعد مکہ سے مدینے مین آیا مسلمان ہوکر کافرون نے دو آدمی اُسکے لینے کو بھیجے حضرت نے بمقتضا ایفاء عہد ابو بصیر کو اُنکے ساتھ کردیا اُس نے کہا یا رسول اللہ مجکو مشرکون مین نہ بھیجے مبادا ایذا پہونچاوین آپ نے فرمایا صبر کر اللہ تعالے تجکو مخلصی دیگا ناگزیر ابو بصیر جانب مکہ روانہ ہوے جب ذوالحلیفہ مین سب لوگ اترے تو ابو بصیر نے مسجد مین جاکر دو رکعت نماز پڑھی پھر کھانا کھانے کو بیٹھا اُسکے ہمراہی بھی کھانے لگے دفعۃً تلوار کا ذکر آیا تو اُن دونون سے ایک نے اپنے تلوار نکالی دکھلانے کو ابو بصیر نے غالبًا سمجھا کہ مجھکو مارینگے سو بولا اے یار یہ تلوار تمہاری بہت اچھی ہے اُس نے کہا البتہ خوب ہے واللہ مین نے اسکو کئی مرتبہ آزمایا ہے ابو بصیر کہا ہم تو دیکھین اُس نے دے دی ابو بصیر نے اُسکو قتل کیا دوسرا ساتھی بھاگ کر مدینہ مین آیا اور رئیس کے پیچھے ابو بصیر بھی آیا اور کہا یا نبی اللہ آپ نے تو مجھے واپس کیا تھا مگر اللہ نے مجھکو نجات بخشی حضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر کوئی

مددگار اُس کا ہو تو یہ شخص روشن کنندۂ آتش حرب ہی اس کلام سے ابوبصیر نے جانا کہ حضرت صلعم پھر مجھکو واپس کرینگے سو ابوبصیر بھاگا اور سیف البحر میں مقیم ہوا یا موضع عیص میں ساحل بحر پر مگر اس عرصہ میں ابوجندل بھی مکے سے بھاگ کر آملا اور اُس کے پیچھے بہت آدمی آئے یہاں تک کہ قریب ساٹھ یا ستر مسلمان بلکہ تین سو جمع ہوگئے اور کاروان قریش کو جو بطریق تجارت شام کو جاتا تھا لوٹنا شروع کیا قریش نہایت تنگ ہوئے اور ابوسفیان کے ذریعہ سے حضرت کو پیغام بھیجا کہ ان لوگوں کو اپنے پاس طلب کر لیجئے اب ہم اس شرط سے باز آئے جو کوئی آدمی ہمارا آپ کے پاس آوے امان میں رہے ہمکو اُس سے کام نہیں تب حضرت نے ابوبصیر کو خط لکھوایا اور اپنے حضور میں طلب کیا جس وقت نامہ مبارک پہونچا ابوبصیر حالت نزع میں تھے سو نامہ شریف ہاتھ میں لیا اور جان بحق تسلیم کی ابوجندل نے ابوبصیر کو دفن کیا اور ایک مسجد تعمیر کرا کے مع ہمراہیان مدینے میں آیا اور کریمہ وھو الذی کف ایدیھم عنکم وایدیکم عنھم ببطن مکۃ اُنھیں کی شان میں نازل ہوئی ہی فائدہ اختلاف ہی اس بات میں کہ صلح نامہ حدیبیہ میں ابن عبداللہ حضرت علی نے لکھا تھا یا خود حضرت صلعم نے پس امام احمد نے روایت کی ہی فاخذ الکتاب ولیس یحسن ان یکتب فکتب مکان رسول اللہ ہذا ما قاضی علیہ محمد ابن عبداللہ اور بخاری نے براء ابن عازب سے بھی اسی طرح روایت کی ہی اور فتح الباری میں لکھا ہی کہ ابوالولید باجی نے اس حدیث سے دعوی کیا ہی کہ حضرت نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا علماء اُندلس نے کہا کہ ابوالولید زندیق ہی بسبب مخالفت قرآن سوا میر عہد نے علماء اندلس اور باجی کو طلب کیا باجی نے کہا کہ خلاف قرآن میں نے کچھ نہیں کہا ہی اس لیے کہ خداوند کبریا نے نفی کتابت وخط واثبات امیت زمان سابق میں فرمائی ہی کہ وما کنت تتلو من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینک لیس بعد ثبوت امیت قرآن کا پڑھنا معجزہ ہی اور لکھنا معجزہ دیگر سو ابوذر ہروی وابوالفتح نیشاپوری وغیرہ علماء اقر لقیہ ابوالولید موافق ہوئے اور نیموی ونووی بھی اسیطرف مائل ہوئے ہیں اور قاضی عیاض نے شفا میں بیان کیا ہی کہ بعضے آثار دلالت کرتے ہیں کہ حضرت صلعم حسن خط سے واقف تھے کیونکہ ایک مرتبہ کاتب سے ارشاد کیا تھا کہ قلم اپنا کان پر رکھ لے تو جلدی یاد آوے اور معاویہ سے کہا تھا کہ دوات کشادہ کر اور قلم اپنا محرف رکھ اور دندانہ شین علیحدہ علیحدہ لکھ اور حرف میم کو کور نہ کر اور بعض علماے محققین فرماتے ہیں کہ لکھنا بعد امیت معجزہ نہیں ہی بلکہ باعث شک ہی اور آیات قرآن میں شبہہ پڑتا ہی کیونکہ منکر کو گنجایش اس کلام کی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُمی نہ تھے اور امیت ظاہر فرماتے تھے پس تحقیق حق یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی مرتضی سے فرمایا کہ لکھو چنانچہ روایات دیگر بتصریح اس باب میں وارد ہیں اور جو قاضی عیاض نے اطلاع حسن خط دلالت آثار سے بیان کی ہی جمہور اُس کی تضعیف پر اتفاق رکھتے ہیں اور بفرض تسلیم اطلاع صورت بعض حروف سے کتابت ثابت نہیں ہوتی کیونکہ اکثر ناخواندہ بعض حروف کے صورت سے واقف ہوتے ہیں کذا فی المواہب اللدنیہ اور تحفۃ المحافل میں لکھا ہی

حضرت صلعم نے اسم رحمن اور رسول اللہ اپنے ہاتھ سے محو کیا اور علامہ تقی نے لکھا ابن عبداللہ و ہما لا صح روایت ہی کہ جب بجاے رسول اللہ علی مرتضی نے ابن عبداللہ لکھا تو حضرت نے علی مرتضی کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ تجھکو بھی ایسا ہی واقعہ پیش آویگا چنانچہ منفین کے وقت جب امیر المومنین علی مرتضی اور حاکم شام کے درمیان صلح نامہ لکھنے لگے تو کاتب نے لکھا کہ یہ صلح نامہ امیر المومنین علی کا ہی وکیل حاکم شام بولا کہ امیر المومنین نہ لکھو اگر ہم ایسا جانتے تو تابلہ نہ کرتے بلکہ علی ابن ابیطالب لکھو فائدہ امام شافعی نے صلح حدیبیہ سے قیاس کیا کہ مصالحہ کفار سے دس برس تک درست ہی اور اگر امام کو قدرت ہو تو چار برس سے زیادہ جائز نہیں اور امام مالک کے نزدیک کچھ حد نہیں امام کی راے پر موقوف ہی فائدہ بیعۃ الرضوان کی مبایعین کے فضائل حدیث و قرآن سے ثابت ہیں منکر کا کافر ہی چنانچہ کریمہ لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ اسمیں ناطق ہی یعنے اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے جب ہاتھ ملانے لگے تجھے اس درخت کے نیچے اور پھر ارشاد کیا ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیہم یعنے جو لوگ ہاتھ ملاتے ہیں تجھسے وہ ہاتھ ملاتے ہیں اللہ سے اللہ کا ہاتھ ہی اونکے ہاتھوں پر اور حدیث میں بکمال تفصیل سے فضائل اہل بیعت کے موجود ہیں جابر ابن عبداللہ سے علامہ بغوی نے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت نے لا یدخل النار احد ممن بایع تحت الشجرۃ اور شعبی فرماتے ہیں کہ السابقون الاولون من المہاجرین والانصار بیعت رضوان کے لوگ ہیں اور پوشیدہ نرہے کہ حضرت صلعم نے اس بیعت کو فتح میں شمار کیا ہی چنانچہ صحیح بخاری میں براء ابن عازب سے روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ تم لوگ فتح مکہ کو فتح گنتے ہو حالانکہ فتح مکہ بھی ایک فتح تھی اور میں بیعت رضوان کو فتح شمار کرتا ہوں اور زہری رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ کوئی فتح عظیم بیعۃ الرضوان سے نہیں ہوئی کیونکہ اس صلح و آشتی میں سب شرک مسلمانوں سے مل گئی اور آمد و رفت باہم جاری ہوئی تو مشرک قریش اکثر احوال و افعال و خوارق عادات و معجزات باہرات اور حسن سیرت و جمیل طریقت رسول رب العالمین سے بخوبی آگاہ ہوے اور اس سبب سے از خود میلان خاطر جانب ایمان پیدا ہوا کہ بہت مشرک مسلمان ہوئے بلکہ یہی علت صلح تھی القصہ اسی سال میں قضیۂ صلوۃ الاستسقا واقع ہوا یعنے پانی کا برسنا موقوف ہو گیا تھا سو حضرت نے دعا فرمائی کہ سات دن متواتر پانی برسا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اسکا طریقہ یہ ہی کہ جب پانی کی حاجت ہو تو امام قوم کے ساتھ محراب میں جاے اور دعا و استغفار کرے اور قبلہ رو رہے اور چادر کو نہ پھیرے جیسا کہ مذہب امام محمد رح کا ہی اور رد کی کو آنے نہ دے اور جو جمعے کے نماز پڑہیں تو جائز ہی اور جماعت و خطبہ سنت نہیں یہ صاحبین جماعت کے قائل ہیں اور محمد کہتے ہیں کہ دو خطبے چاہییں اور ابو یوسف کہتے ہیں کہ ایک ہی خطبہ چاہیے اور در مختار میں ہے کہ تین دن متواتر نکلیں اور امام نکلنے کے قبل تین روزوں کے لیے حکم کرے جب ادا ہو جاویں تب چوتھے دن پیادہ پا کپڑے دھلائے پہن کر زاری کرتے ہوے نکلیں اور نکلنے کے پیشتر کچھ صدقہ دیں اور توبہ کریں اور مسلمانوں کی بخشش چاہیں اور

ضعیف و ناتوان عورتوں اور بچوں کو شریک نہ کریں اور بچوں کو ان سے دور رکھیں اور مستحب ہے کہ دواب کو بھی نکالیں اور مستحب ہے کہ امام لوگوں کے ساتھ جائے اور جو قوم کہ امام کے اذان سے یا غیر اذان سے جانے کو درست ہے اور جو نکلنے سے پیشتر پانی برس پڑے تو مستحب ہے کہ شکر کے واسطے نکلیں اور جو جھڑی لگی ہو تو اسکے بند کرنے کے لیے دعا مستحب ہے اور صلوۃ الاستسقا آیت کلام اللہ سے مستنبط ہے فقلت استغفروا ربکم انہ کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا تفسیر احمدی میں ہے کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ استغفار سبب ہے پانی کے اترنے کا اور یہی معنی صلوۃ الاستسقا کے ہیں چنانچہ تفصیل اسکے قصہ حضرت نوح میں لکھی گئی ہے پھر اسی سال میں کسوف مشروع ہوا اور صلوۃ الکسوف شروع ہوی اور احکام اسکے کتب فقہ میں تصریح ہیں حاجت بیان نہیں اور اسی سال میں خولہ بنت ثعلبہ ابن قیس ابن مالک ابن الجراح نے اپنے شوہر کی شکایت کی کہ یا رسول اللہ میرے شوہر نے مجکو مان کہا اور اسلام سے قبل جو مرد عورت کو کہتا کہ تو میری مان ہے وہ عورت تمام عمر اسپر حرام ہو جاتی تھی اسی سبب سے حضرت نے فرمایا کہ آپ کیونکر تم دونوں مل سکتے ہو تب تو وہ عورت شکوہ کرنے لگی کہ یا حضرت گھر ویران ہوتا ہے اور اولاد پریشان ہوی جاتی ہے میں کیا کروں اسی تغیر میں یہ آیت قد سمع اللہ میں نازل ہوئی کہ والذین یظاہرون من نسائہم ثم یعودون لما قالوا فتحریر رقبۃ من قبل ان یتماسا ذلکم توعظون بہ واللہ بما تعملون خبیر فمن لم یجد فصیام شہرین متتابعین من قبل ان یتماسا فمن لم یستطع فاطعام ستین مسکینا یعنی جو لوگ مان کہہ بیٹھیں اپنی عورتوں کو پھر وہی کام چاہیں جسکو کیا ہے تو آزاد کرنا ایک بردہ پہلے اسکے کہ آپس میں ملیں اور ہاتھ لگاویں اسی سے تمکو نصیحت ہوگی اور اللہ خبر رکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو پھر جو کوئی نہ پاوے تو روزہ دو مہینے کا لگاتار رکھے پہلے اس سے کہ آپس میں چھوئیں پھر جو کوئی نہ کر سکے تو کھانا دینا ہے ساٹھ محتاج کا تفسیر میں ہے کہ ظہار اوس کہتے ہیں کہ ایک شخص نے اپنی زوجہ کو محرمات نسبی یا رضاعی کی ایسے عضو سے تشبیہ دی کہ انکا دیکھنا حرام ہے جیسے کہی کہ تو ایسی ہے مجھپر جیسے میرے مان کا پیٹ یا ران یا فرج اسکی یا جیسے میری بہن یا پھوپھی کا پیٹ یا کہے کہ تیرا سر جیسے میرے مان کا پیٹ یا تیرا آدھا بدن یا تہائی یا غیر اسکے جیسے میری مان کا پیٹ یا میرے دودھ پلانے والی کا پیٹ اس کہنے سے عورت حرام رہتی ہے جب تک کفارہ نہ دے اور جبکہ کہ تو مجھپر ایسی ہے جیسے میری مان ہے اس قول سے اگر کرامت یا ظہار کی نیت ہے تو صحیح ہے اور اگر طلاق کی نیت ہے تو بائنہ ہوگا اور جو کچھ نیت نہیں ہے تو لغو ہے اور اگر کہا کہ تو مجھپر حرام ہے جیسے میری مان اگر نیت طلاق یا ظہار ہے تو صحیح ہے اور جو کہا کہ تو حرام ہے جیسے میری مان کا پیٹ تو فقط ظہار ہے گو طلاق یا ایلا کی نیت ہو فائدہ من نسائہم سے معلوم ہوا کہ لونڈی سے ظہار نہیں ہوتا کیونکہ نساء کے معنی ازواج کے ہیں اور لونڈی ازواج میں نہیں ہے اور بھی اس عورت سے ظہار نہیں ہوتا جو کہ بے اذن نکاح میں لایا اور ظہار کیا بعد اسکے عورت نے اجازت دی کیونکہ ظہار کے وقت زوجہ نہ تھی اس لئے کہ نکاح اوس پر موقوف تھا اور یعودون لما قالوا سے مراد ہے کہ توڑتے ہیں اس چیز کو جسکو ظہار مقتضی ہے یہ قول جمہور ائمہ کا ہے

پر تو رشنے مین اختلاف ہی ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ فرماتے ہین کہ استمتاع کو مباح جاننے سے گو بغیر شہوت بھی ہو ظہار ٹوٹ جاتا ہی اور شافعی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ جو عورت کو ظہار کے بعد اس قدر گھرایا کہ اس زمانہ مین مفارقت ہو سکتی ہی تو وہ نقض ہی اور مالک کے نزدیک جماع کا ارادہ نقض ہی اور امام احمد حنبل کے نزدیک جماع ہی اور لفظ رقبہ سے یہ بات معلوم ہوئی کہ بردہ عام ہی مومن ہو یا کافر کیونکہ وہ مطلق ہی بلا قید اور وصف کے حق مین مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہی اور امام شافعی مومن کو خاص کرتے ہین اور قیاس کرتے ہین قتل کے کفارہ پر اور من قبل ان یتماسا معلوم ہوا کہ وطی و بوسہ و کنار کفارہ کے پیشتر حرام ہی یہ مذہب ہمارا ہی اور بعضے صرف وطی حرام کہتے ہین کیونکہ تماس سے مراد جماع ہی اور رقبہ کے نہ پانے سے مالک کے نزدیک یہ مراد ہی کہ نہ بردہ پاوے اور نہ بردہ کی قیمت کہ اس سے مول لے سکے جو بردہ پاوے آزاد کرے گو خدمت کی حاجت رکھتا ہو اور جو بردہ نہو تو اگر قیمت پاوے مول لیکر آزاد کرے گو نفقہ کی حاجت ہو اور اگر قیمت بھی نہ پاوے تو روزے رکھے اور شافعی کہتے ہین کہ مراد یہ ہی کہ نہ پاوے بردہ یا اسکی قیمت فاضل حاجت اصلی سے جو بردہ یا پاوے خدمت کی حاجت ہو یا قیمت پاوے پر نفقے کی حاجت ہو تو اسکو روزے چاہین اور ہمارے امام کے نزدیک اگر بردہ ملے گو خدمت کی حاجت ہو آزاد کرے اور جو قیمت ہو تو مول نہ لیوے گو وہ قیمت حاجت اصلی سے فاضل ہو بلکہ روزے رکھے اس قول کی مانید یہ ہی کہ بعد اسکے اللہ نے کفارہ کو کھانا کھلانے پر رکھا اور کھانا کھلانا بدون قدرت کے نہین ہوتا اس سے معلوم ہوا کہ بردہ نہ پانے سے نہ پانا بردہ کا بعینہ مراد ہی نہ قیمت اسکی کیونکہ اگر قیمت کا اعتبار ہوتا اور کھلانے والے کو قدرت مقدم ہی تو بجاے اطعام کے شراو عبد ارشاد ہوتا اور ہیئت البعین سے معلوم ہوا کہ تتابع شرط ہی اور تتابع اسے کہتے ہین کہ دو مہینے کے مابین وہ پانچ دن جسمین روزہ نہین درست ہی نہو اور انکے درمیان افطار نکرے عذر سے یا غیر عذر سے پھر جو بے عذر افطار کیا تو بالاتفاق استیناف ہی اور جو بعذر کیا تو ہمارے نزدیک استیناف ہی اور من قبل ان یتماسا کہ یہ معنی ہین کہ روزہ جماع اور بوسہ وغیرہ پر مقدم ہی اور بعضون نے فقط جماع پر مقدم کیا ہی معلوم ہوا کہ روزہ مین مس بھی نہو کیونکہ دو مہینے کے روزے کا تقدم علی المس شرط ہی کتب اصول مین بھی کہ روزے کے اندر اگر رات کو عمدًا اور دن کو سہوًا وطی کرے تو ابو حنیفہ اور محمد کے نزدیک استیناف ہی اور ابو یوسف اور شافعی کے نزدیک نہین کیونکہ اللہ نے واجب کیا کہ سب روزے مس کے قبل ہون جو استیناف کریگا تو سب روزے مؤخر ہون گے اور جو استیناف نکریگا تو بعض مس پر مقدم ہونگے یہ بہتر ہی اور طرفین کہتے ہین کہ اللہ نے دو چیزین واجب کی ہین ایک تقدم علی المس دوسرا خالی ہونا مس سے اس صورت مین کل کا تقدم علی المس ساقط ہوا پھر خالی ہونا مس سے کل کا استیناف سے ہو سکتا ہی اسلیے سب ہی ممکن کیے اور فمن لم یستطع کے یہ معنی ہین کہ اصل صوم کی طاقت نہ رکھے یا اصل صوم پر قادر ہو پر بیماری سے تتابع کی طاقت نہین ہی تو واجب ہی کہ ساٹھ مسکین کو کھلاوے ہر ایک کو ایک صاع گیہون یا ایک صاع جو یا سوکھے خرمے اور اگر پکا کر کھلاوے

تو سال میں دو وقت کھلاوے اور اگر اناج دے تو ہر ایک محتاج کو دو سیر گیہوں جیسا بیان کیا گیا اور اطعام کی صورت میں تماس کا ہونا ہمارے نزدیک شرط نہیں ہے کیونکہ وہ اس قید سے مطلق ہے اور مطلق اپنے اطلاق پر رہتا ہے گو ایک حادثہ میں ہو اور شافعی کے نزدیک شرط ہے اور صاحب کشاف اور مدارک نے کہا ہے کہ جو مظاہر کفارہ سے بعض رہا تو عورت کو چاہیے کہ مدافعہ کرے اور قاضی کو چاہیے کہ کفارہ کے لیے جبر کرے اور قید رکھے اور الکیل میں ہے کہ ان آیتوں سے بہت مسائل معلوم ہوئے ظہار کا حکم اور اسکا کبیرہ ہونا اور خاص ہونا ظہار کا زوجات سے اور کفارہ عود کی صورت میں اور امام مالک نے من لسنائھم سے دلیل پکڑی ہے کہ سریہ سے بھی ظہار ہوتا ہے کیونکہ وہ بھی نساء میں داخل ہے اور بعضوں نے ظاہر آیت سے دلیل پکڑی ہے کہ ظہار فقط اسی وقت ہوتا ہے کہ خاص پیٹ سے تشبیہ دے اور فقط ماں کے ساتھ تشبیہ دے زوجات وغیرہ محارم سے رضاعی ہوں یا نسبی اور بعضے کہتے ہیں کہ عورت کے واسطے مسئلہ ظہار نہیں ہے یعنی مثلاً اگر زوجہ اپنے شوہر کے پیٹ کو والدین سے تشبیہ دیوے تو کفارہ ظہار لازم نہیں آتا کیونکہ یہ حکم مرد کو خاص ہے اور والدین کے عموم سے دلیل پکڑی ہے کہ غلام کے واسطے بھی ظہار ہوتا ہے اور اس پر وہی جو بچہ پر ظہار کے کفارہ واجب جانتا ہے اور عود کا اعتبار نہیں کرتا فائدہ یہ جو لکھا گیا کہ بسبب بیماری کے تتابع صوم کی طاقت نہ ہو سو اسکا حال یہ ہے کہ مریض وہ شخص ہے جو خوف کرتا ہو کہ روزہ رکھنے سے بیماری بڑھ جائے گی جس طرح درد چشم یا تپ و لرزہ ہو اور جو مرض کہ اسمیں زیادتی کا خوف نہ ہو یا اسکو کھانا مضر نہ ہو جسطرح اسقلار شکم اسکو رخصت افطار نہیں ہے اسکو روزے برسبیل تتابع رکھنا لازم ہے مگر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک کسی طرح کا مرض ہو اسمیں رخصت ہے اور باقی حال مسئلہ ظہار کا کتب فقہ میں بتصریح مذکور ہے اس قدر آیت قرآن سے متعلق تھا جو بیان کیا گیا اسی سال میں ام رومان زوجہ حضرت امیر المومنین امام المتقین افضل الصحابہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ابن ابی قحافہ اور والدہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے وفات پائی وقت دفن حضرت محبوب رب العالمین رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وسلم انکے قبر میں اترے اور انکے واسطے استغفار کیا رحمۃ اللہ علیہ الحق ابی بکر و عائشہ رضی اللہ عنہما و قضاء الحق ام رومان اور جب انکو قبر میں رکھا تو فرمایا من اراد ان ینظر الی امرأۃ من الحور العین فلینظر الی ہذہ المرأۃ اور اسی سال کے ماہ ذیحجہ میں حضرت رحمۃ العالمین حبیب رب العالمین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارادہ کیا کہ بادشاہان عجم کو فرامین لکھوائیں تاکہ انکو رغبت اسلام ہو و خوف و ترس بھی لاحق ہو روایت ہے کہ جب یہ ارادہ ہوا تو اصحاب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ان ملوک و سلاطین کا دستور ہے کہ جس خط پر مہر نہ ہو اسے نہیں پڑھتے لہذا حضرت نے خاتم بنانے کا حکم دیا چنانچہ خاتم طلائی طیار ہوئی بعض اصحاب نے بھی جو کہ متمول تھے باتباع حضرت انگشتری بنوائی اور جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنی تو اصحاب نے بھی پہنی دوسرے روز حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا اے محمد سونا پہننا تمہاری امت کے مردوں پر حرام ہے

ظہار کا حکم

وفات ام رومان

تقرر ابو بکر بن عبد الرحمن بن ابی بکر صدیق

عزم حضرت بر ارسال فرامین بنام بادشاہان

اتخاذ خاتم

اس وقت حضرت صاحب نے خاتم طلا تیار کرا کے بعد اسکے خاتم نقرہ بنوائی کہ اسکا حلقہ وگین دو تھا اور اسکے
لکھوایا کہ سطر اول مین اللہ اور سطر دوم مین رسول اور سطر سیوم مین محمد اس انگشتری کو حضرت داہنے ہاتھ کے چھنگلیا مین
اکثر پہنا کرتے تھے بعد آپ کے حضرت صدیق اکبر نے پہنی پھر حضرت عمر نے پھر حضرت عثمان نے انکے ہاتھ سے بیر اریس مین
گر گئی اور باوصف تلاش نہ ملی اسی دن سے امور خلافت راشدہ مین بے انتظامی شروع ہوئے محققین نے لکھا ہی کہ انگشتری
مبارک خاصیت انگشتری سلیمان رکھتی تھی الغرض جب ایسی صفت کے خاتم مرتب ہو گئی تو حضرت صلعم نے چھ خط
چھ بادشاہون کو لکھوائے اور چھ شخص اصحاب سے ایلچی مقرر ہوئے دحیہ ابن خلیفہ کلبی ہرقل قیصر روم کے پاس روانہ
ہوئے اور عبداللہ حذافہ سہمی کسرے حاکم فارس کے پاس بھیجے گئے اور عمر ابن امیہ ضمیری نجاشی رحمۃ اللہ علیہ سلطان
حبش کے پاس اور خاطب ابن بلتعہ لخمی مقوقس والے اسکندریہ کے جانب اور شجاع ابن ابی وہب حارث ابن ابی شمر
غسانے یمامی مقدم دمشق کے پاس اور سلیط ابن عمرو عامری ہوذہ ابن علی حنفی پیشوا یمامہ کی طرف روانہ ہوئے اور
معجزے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے ہوے کہ جو شخص جس قوم کی طرف گیا اسی قوم کی بولی بولنے لگا صحیح بخاری مین
عبداللہ ابن عباس سے روایت ہی کہ ابوسفیان نے مجھسے قصہ نقل کیا کہ جب ہم سے اور حضرت سے حدیبیہ مین صلح ہوئی
تو مین شام کے ملک مین گیا اس زمانہ مین حضرت نے دحیہ کلبی کے ہاتھ روم کے بادشاہ کو خط لکھا سو دحیہ کلبی نے
شام کے سردار کو خط دیا اسنے روم کے بادشاہ کو حوالہ کیا ہرقل نے کہا اگر اس شخص کا جو آپ کو پیغمبر جانتا ہی کوئی اہل قوم
ہو تو بلاؤ سو مجھے بلوایا مع چند قریش کے ہرقل نے پوچھا کون آدمی قریب تر نسبت مین اس صاحب خط کا ہی مین نے کہا
مین ہون مجھکو لوگون نے بادشاہ کے سامنے بٹھلایا اور میرے پیچھے ہمراہیون کو پھر مترجم لینے دوبھاسیا بلایا اور بادشاہ نے
میرے ساتھیون سے کہا کہ مین اس شخص سے کچھ پوچھتا ہون اگر یہ جھوٹ بولے تو تم جھٹلا ئو ابوسفیان نے کہا کہ خدا
کی قسم اگر دروغ گو مشہور ہونے کا ڈر نہوتا تو مین حضرت کے حال مین کچھ جھوٹ بولتا غرض بادشاہ نے پوچھا کہ حسب و نسب
اس نبی کا کیا ہی مین نے کہا نہایت شریف اور عمدہ خاندان ہی پھر پوچھا کوئی شخص اسکے باپ دادون مین بادشاہ بھی تھا
مین نے کہا نہین پھر پوچھا کہ کبھون اس پر جھوٹ بولنے کی تہمت بھی لگی ہی مین نے کہا نہین پھر پوچھا کہ سردار لوگ اسکے تابع
ہوتے ہین یا غریب مین نے کہا ضعفا پھر پوچھا تو ابع اسکے زیادہ ہوتے جاتے ہین یا گھٹتے ہین مین نے کہا کم نہین ہوتے بلکہ
زیادہ ہوتے جاتے ہین پھر کہا کوئی شخص تابعین سے مرتد بھی ہوجاتا ہی ناخوش ہوکر مین نے کہا نہین بادشاہ نے کہا تم
اس سے لڑتے ہو مین نے کہا ہان کہا کس طرح لڑائی ہوتی ہی مین نے کہا کبھی ہم غالب آتے ہین کبھی وہ پھر کہا کبھون عہد شکنی
بھی اسکے طرف سے ہوتی ہی مین نے کہا نہین لیکن اب ہمسے امد اس سے صلح ہوئی ہی ہمکو معلوم نہین کہ اب کیا کرے الا ابو
ابوسفیان کہتا ہی کہ واللہ اتنی بات کے سوا کوئی بات اور مین نہ ملا سکا بادشاہ نے کہا کہ اور بھی کسیتے تم لوگون
مین سے قبل اسکے دعوی نبوت کیا ہی یا نہین مین نے کہا نہین پھر بادشاہ نے مترجم سے کہا کہ اس سے کہدے کہ مین نے

اُسکا حسب و نسب پوچھا تو نے کہ شریف اور عالی خاندان ہی سو پیغمبر لوگ اسی طرح کے ہوتے آئے ہین مین نے پوچھا
اُسکے باپ دادا مین کوئی بادشاہ تھا تو نے کہا نہین سوا گر کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو مین کہتا کہ یہ شخص نبوت کے پردے
مین اپنے آبائی سلطنت چاہتا ہی اور مین نے اُسکے تابعداروں کا حال پوچھا تو نے کہا غریب ہین سو یہی حال ہی
پیغمبرون کا کہ اول غریب لوگ اُنکی اطاعت کرتے ہین یعنے بڑے آدمی غرور سے بے نصیب رہتے ہین اور مین نے
پوچھا کہ نبوت سے قبل کبھی اُسکی دروغ گوئی بھی ثابت ہوئی ہی تو نے کہا نہین مین نے جانا کہ وہ کبھی خدا پر جھوٹھ نہ
باندھے گا اور مین نے تجھسے پوچھا کہ اُسکے لوگ دین سے ناخوش ہوکر پھر بھی جاتے ہین تو نے کہا نہین سو یہی حال ہی
ایمان کے نور کا جب دل مین رچ گیا اور مین نے پوچھا کہ اُسکے لوگ زیادہ ہوتے جاتے ہین یا کم تو نے کہا زیادہ ہوتے
ہین سو یہی حال ہی ایمان کا کہ اُسکو ترقی ہوتی ہی یہان تک کہ کمال کو پہونچتا ہی اور مین نے کہا کہ اُسکی لڑائی کا کیا حال ہی
تو نے کہا کبھی وہ غالب ہوتا ہی کبھی ہم سو یہی سنت ہی پیغمبرون کی کہ اول ایمان والون کی آزمایش ہوتی ہی پھر انجام کو فتح
نصیب ہوتے ہین اور مین نے پوچھا کہ وہ دغا بھی کرتا ہی تو نے کہا نہین سو یہی عادت ہوتی ہی پیغمبرون کی کہ وہ ہرگز
دغا نہین کرتے اور مین نے پوچھا ایسا دعویٰ اُسکی قوم مین کسی اور شخص نے بھی کیا تھا تو نے کہا نہین سوا گر ایسا پہلے
دعویٰ کیا ہوتا تو مین جانتا کہ یہ شخص بھی اپنے قوم کی راہ پر چلا انکلون کی طرح اسکو بھی ہوس نے لیا پھر بادشاہ نے
کہا ہمکو کیا حکم دیتا ہی مین نے کہا صلوٰۃ و زکوٰۃ اور برادر پروری اور پرہیزگاری کا بادشاہ نے کہا اگر یہ سب باتین اُس
شخص مین ہین تو وہ بیشک پیغمبر ہی اور مین آگے سے جانتا تھا کہ اس وقت مین پیغمبر ظاہر ہوا چاہتا ہی لیکن میرا یہ گمان
نہ تھا کہ تمھارے قوم مین ہوگا اور اگر مین یہ جانتا کہ مین اُس تک پہونچ سکون گا تو مین اُسکے دیدار کا عاشق ہوتا اور
جو مین اُسکے پاس ہوتا تو اُسکے قدم دھویا کرتا پھر بادشاہ نے حضرت کا یہ خط مانگا اور پڑھا جب وہ خط پڑھ چکا تو
اہل دربار مین بہت گفتگو اور نہایت شور و غل ہوا پھر ہم بموجب حکم دربار سے نکالے گئے ابوسفیان نے کہا کہ جب
ہمارا اخراج ہوا تو مین نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ محمدؐ کا یہ رتبہ پہونچا کہ بادشاہ روم اُس سے ڈرتا ہی کما قال لقد امر امر ابن
ابی کبشۃ انہ یخافہ ملک بنی الاصفر یعنی بزرگ ہوا کام ابن ابی کبشہ کا کہ اُس سے ڈرنے لگے بادشاہ بنی الاصفر یعنے
قیصر روم ابوسفیان کہتا ہی کہ اس وقت مین نے یقین سے جانا کہ حضرت سب پر غالب ہون گے یہان تک کہ خدا
نے مجھکو اسلام مین داخل کیا راوی کہتا ہی کہ پھر ہرقل نے روم کے سرداراپنے ایک مکان مین جمع کیے اور دروازون مین
قفل ڈلوائے پھر اُنسے کہا کہ ای لوگو اگر تمیا مستا تک اپنی ہدایت اور بہتری اور اپنی سلطنت کا قیام چاہتے ہو تو اُس
پیغمبر کا ایمان لاؤ سو روم کے سردار سب بھڑکے اور گورخرون کیطرح بدکے اور بھاگے لیکن دروازے بند پائے پھر بادشاہ
نے انکو بلایا اور کہا مین نے تمھارے دین کی مضبوطی آزمائی تھی شاباش جو بات مجھکو پسند تھی وہی تمنے کی تب تو اُن لوگون نے
بادشاہ کو سجدہ کیا اور خوش ہوگئے حقیقت یہ ہی کہ روم کے لوگون نے بادشاہ پر دست اندازی کا ارادہ کیا تھا مگر دروازے بند ہونے سے دست رس نہ ہوئی

بخوف ملک و دولت و عزت و جان زبان بدلکر کہا کہ آزمایش تمہاری منظور تھی سو تم دین پر اپنے ثابت قدم نکلے
یہ معاملہ شہر حمص مین واقع ہوا ہی کیونکہ جب دحیہ کلبی مدینہ باسکینہ سے خط لیکر ہرقل کے پاس چلے ہین تب ہرقل
بیت المقدس کو نذر ادا کرنے گیا تھا اور قبل پہونچنے دحیہ کے حمص مین آگیا تھا اور مضمون خط رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ تھا
کہ یہ خط محمد خدا کے رسول کا ہی ہرقل کی طرف جو روم کا سردار ہی اُس پر سلام ہی جو راہ راست پر چلا بعد اسکے مین تجکو بلاتا
ہون اسلام کی دعوت سے قبول کر تا کہ دین و دنیا مین سلامت رہے اور تو مسلمان ہو جا خدا تجھکو دوہرا ثواب دیگا
یعنے ایک تو اب عیسوی دین قبول کرنے کا اور دوسرا ثواب محمدی ہونے کا اور اگر تو نے اسلام نہ قبول کیا تو تیرے
اوپر رعیت کا اور تابعداروں کا گناہ پڑیگا یعنے جب تو مسلمان نہوا تو رعیت بھی مسلمان نہوگی تو انکی گمراہی کا عذاب
تجھپر ہوگا یہ آیت لکھی تھی یا اہل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم الا نعبد الا اللہ ولا نشرک بہ شیئاً ولا یتخذ بعضنا بعضاً
ارباباً من دون اللہ فان تولوا فقولوا اشہدوا بانا مسلمون یعنے اور اے کتاب والو آجاؤ اس بات پر جو ہمارے اور تمہارے
درمیان برابر ہی وہ بات یہ ہی کہ ہم اور تم خدا کے سوائے کسیکی عبادت اور پرستش نکرین اور کسی چیز کو اُسکے ساتھ
شریک نٹھہرائین اور ہم مین سے بعضے آدمی بعضون کو خدا کے سوائے اپنا رب اور مالک نہ بنادین سو اگر اہل کتاب
توحید سے موڑین تو اُنسے کہدو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو مسلمان ہین حکم الہی کے مطیع فائدہ یہ جو ابوسفیان نے کہا کہ قد
امر امر ابن ابی کبشۃ سو حال اس مقولہ کا یہ ہی کہ ابی کبشہ قبیلہ خزاعہ مین ایک شخص تھا ساحر کہ اُس سے امور عجیبہ وقوع
مین آیا کرتے تھے اُسنے بت پرستی مین قریش سے مخالفت کرکے ستارہ شعرے یمانی کی پرستش شروع کی تھی اُس
مشابہت سے مشرک بت پرست حضرت رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کو ابن ابی کبشہ کہنے لگے کیونکہ
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدائے تعالے کو برخلاف قریش پوجتے تھے اور نکوہش بتون کی کیا کرتے تھے اور سخت بیزار
تھے سو اُنکے نزدیک جیسا ابن ابی کبشہ برا تھا ویسا ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو برا جانتے تھے فائدہ ہرقل بکسر
الہاء وفتح الراء وسکون القاف بروزن دشمن وہو اسم علم لہ لا ینصرف للعلمیۃ والعجمیۃ اور قیصر بادشاہ روم کا لقب ہی
جس طرح بادشاہ فارس کا کسرے اور سلطان حبش کا نجاشی اور فرمان روائے ترک کا خاقان اور فرمان روائے
قبط کا فرعون اور رئیس حمیر کا تبع فائدہ اس بات مین اختلاف ہی کہ ہرقل ایمان لایا یا نہین بعض علماء اسلام کثرہم اللہ
فرماتے ہین کہ ہرقل بادشاہ روم اُسی وقت ایمان لایا جب اُسنے نامہ مبارک پڑھا مگر پوشیدہ اور مخفی وبخوف ہلاکت
ذات وزوال مملکت عادت و افعال اُسکے برخلاف دین اسلام تھے لیکن مسند امام احمد رحمۃ اللہ علیہ مین موجود ہی
کہ ہرقل نے تبوک سے ایک خط حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا اور اُسمین مندرج کیا کہ مین مسلمان ہون
حضرت حبیب اللہ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ کاذب اس خط کا جھوٹا ہی یہ شخص ابتک اپنے نصرانیت پر قایم
ہی لہذا بعض علماء محققین شکر اللہ سعیہم ورضی اللہ عنہم فرماتے ہین کہ ہرقل ایمان نہین لایا وہذا صحیح جداً اور روایت

کا نامہ مبارک ایک سونے کی ڈبی مین اتبک رکھا ہی کہ جب پانی نہین برستا تو اُس سے استسقا کرتے ہین فائدہ ایک شخص خفاظ عالم نصاریٰ نہایت معظم و مکرم وہان رہتا تھا ہرقل نے وحیہ کلبی سے کہا کہ تم اپنے پیغمبر کا حال اُس سے کہو اگر وہ ایمان لاوے تو سب نصاریٰ ایمان لاوینگے اُنھون نے جاکر بیان کیا اُسنے سنتے ہی عصا اپنے ہاتھ مین لیا اور سپید کپڑے پہن کر باہر نکلا اور کلیسا مین جہان بڑے بڑے نصاریٰ جمع تھے گیا اور کہا کہ مین پیغمبر عربی پر ایمان لایا بیشک یہ وہی پیغمبر ہین جنکی بشارت عیسیٰ نے دی ہی سنتے ہوے نصاریٰ اُسپر دوڑ پڑے اور مارتے مارتے مار ڈالا پھر یہ حال سُنکر کہا ہم بھی یہی حال کرینگے اگر مین ایمان لاؤن مؤرخین محققین نے لکھا ہی کہ عبداللہ نے عظیم البحرین کے مرزبان کا نامہ مبارک کسریٰ کے پہونچایا اُسنے پڑھکر چاک کر ڈالا اور کہا غلام لوگ مالکون کو ایسا لکھتے ہین تو حضرت نے سُنکر فرمایا ان یمزق کل ممزق یعنی پارہ کیے جاوین وہ تمام پارہ ہون اس دعا کی اثر سے چودہ ۱۴ بادشاہ ایک ہی سال مین مرگئے پھر ایک عورت بادشاہ ہوئی پھر سلطنت جاتی رہنے کی روایت ہی جبدان حضرت نے دعا فرمائی اُسی رات کسریٰ بالاخانہ سے گرا اور مر گیا اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ دسنوین جمادی الاول سال سبع عشر من الہجرۃ شب سہ شنبہ یہ معاملہ ہوا کہ شیرویہ کسریٰ کے بیٹے نے کسریٰ کے پیٹ چھری سے چیر ڈالا اور مکتوب خوشنویسی کا مضمون یہ تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ خط محمد رسول اللہ کے طرف سے لکھا جاتا ہی کسریٰ بادشاہ فارس کو سلام اُس شخص کو جو راہ ست کے متابعت کرے اور خدای تعالیٰ جل شانہ کا گرویدہ ہو کر گواہی دے کہ خدا ایک ہی اور محمدؐ اُسکا بندہ اور رسول ہی کسریٰ مین تجھسے اسلام کی دعوت کرتا ہون بیشک مین خدا کا رسول ہون تمام جہان کے لیے تاکہ ہر ایک زندے کو ڈراؤن اور خدا کے عذاب سے خوف دلاؤن اور کافرون پر حجت تمام کرون پس ای کسریٰ تو خدا سے ڈر اور مسلمان ہو کہ ہلاکت سے نجات پاکر فلاح کو پہونچے اور اگر سرکشی کریگا تو خوف سمجھ لیجیو کہ مجوس کا سا وبال تجھپر بھی پڑیگا جب یہ نامہ اُسکے سامنے پڑھا گیا تو اُسنے ہاتھ مین لیکر چاک کر ڈالا اور بے ادبانہ کلام کیا یعنی اپنا نام میرے نام سے پہلے کیون لکھا یہ خبر حضرت کو پہونچی حضرت نے فرمایا کہ جس طرح کسریٰ نے میرا نام پھاڑا اللہ تعالیٰ اُسکا پیٹ پھاڑے پھر کسریٰ نے باذان حاکم یمن کو لکھا کہ شخص مدعی نبوت کو گرفتار کرکے بھیجدے اُسنے مانو اور خزینہ فارسی کو بھیجا اور ایک خط حضرت کو لکھا کہ تم ان دونون کے ساتھ کسریٰ کے پاس جاو چنانچہ وہ دونون طائف کے سرزمین مین آئے ابوسفیان اور صفوان ابن امیہ وغیرہ ملے اُنھون نے حضرت کا مسکن تبلایا اور خوش ہوئے کہ بھلا جلیل القدر بادشاہ دشمن رسول ہوا القصہ دونون ایلچی باذان کے مدینہ مین آئے اور حضرت کے مجلس شریف مین حاضر ہوئے اور پیغام باذان اور گفتگوی کسریٰ بیان کی حضرت نے متبسم ہو کر دونون کو دعوت اسلام فرمائی کہ اُن پر ایسی ہیبت طاری ہوئی کہ کانپنے لگے اور بیرون مجلس آپسمین کہنے لگے کہ اس مجلس کی ہیبت سے جان کا خوف تھا اب معلوم ہوتا ہی کہ اس شخص کے تمام معاملے خدا کی طرف سے ہین اُسدن تو وہ دونون بموجب ارشاد پیغمبر خدا

ایک دکان میں ٹھہرے دوسرے دن پھر آئے حضرت نے فرمایا کہ باذان سے کہدو میرے خدا نے کسریٰ کو ہلاک کردیا
اور ایک کمربند زردوزی کا خسرہ کو عنایت کیا پھر دونوں رخصت ہوکر یمن میں پہونچے اور حال گذشتہ باذان سے
بیان کیا باذان نے کہا کہ ان حالات سے محمد پیغمبر برحق معلوم ہوتے ہیں اور اگر خبر ہلاکی کسریٰ کی صحیح ہوتی ہے تو پھر کچھ بھی
شک نہیں ہیں ایمان لاؤنگا یہ تذکرہ ہو رہا تھا کہ شیرویہ کا خط آیا کہ میں نے پرویز خسرو کو نام سمجھکر مار ڈالا اور تم اس شخص سے
جو مدعی نبوت ہے تعرض نکرو سو باذان نے خط پڑھا اور مع پسران و توابع مسلمان ہوا اور جب عمرابن امیہ نجاشی رح کے پاس پہونچے تو نجاشی نے نہایت تعظیم تکریم کی
اور خط حضرت سے آنکر کر نامہ مبارک لیا اور اپنے آنکھوں سے لگایا اور اسلام لایا مگر صحیح یہ ہے کہ نجاشی اسلام لاچکا تھا اور ایلچی
نامہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے تزویج ام حبیبہ در طلب جعفر ابن ابی طالب وغیرہ رضی اللہ عنہم کے لکھا تھا کہ
اس نے بوکالت خالص ابن عاص ام حبیبہ کو نکاح کرکے بھیجا اور مہاجرین کو مع مال و اسباب بسیار در کشتیون پر سوار
کراکر روانہ کیا روایت ہے کہ نجاشی نے اس خط کو عاج کے ڈبے میں باحتیاط رکھا تھا و بروایتے اتبک موجود ہے کہ اسکا اثر
ہوتا ہے اور نجاشی نے کہدیا تھا کہ جب تک حبش میں یہ خط رہیگا خیر و برکت سے معمور رہیگا فائدہ نجاشی بفتح نون
و عند البعض بالکسر خانچہ صاحب قاموس نے بالکسر و تشدید تحتیہ افصح کہا ہے اور بعض کے نزدیک صواب تخفیف یا ہے
اور اہل تحقیق کے نزدیک یا نسبت نہیں ہے بلکہ اصلی و ساکن ہے فضائل نجاشی اکثر ہیں اور جب خاطب بن بلتعہ نے اسکندریہ
میں مقوقس کو نامہ دیا تو اسنے بھی تعظیم کی اور جواب لکھا خلاصہ اسکا یہ ہے کہ آپ کے مکتوب کو میں نے خوب سمجھا اور میں جانتا
ہوں کہ ایک پیغمبر جو باقی ہے ظاہر ہوگا لیکن میرا گمان یہ ہے کہ شام میں ہوگا اور چند تحائف روانہ کیے اور تفصیل لکھی از انجملہ جاریہ
لونڈیان ترکی اور ایک خواجہ سرا اور ایک نیزہ اور بیس قد جامہ نرم اور ہزار مثقال طلا اور خاطب کو سو مثقال سونا
اور پانچون کپڑے انعام میں دیے اور تنہائی میں حضرت کا حال پوچھا اور سنکر بولا کہ یہ سب صفات پیغمبر کے ہیں پھر مخاطب
پانچ دن قیام کرکے رخصت ہوئے اور مع تحایف مرسلہ حضور رسالت پناہ میں حاضر ہوئے تو منجملہ لونڈیون کے
حضرت ماریہ قبطیہ کو مسلمان کرکے بطور سریہ بملک یمین اپنے تصرف میں لائے کہ ابراہیم ابن رسول اللہ انھیں سے
پیدا ہوئے اور سیرین اخت ماریہ حضرت حسان ابن ثابت کو بخشی اور دلدل خاص اپنی سواری میں رکھا اور دراز گوش سفیر
خواہ یعفور نام پر بھی کبھی سواری فرماتے تھے چنانچہ دراز گوش سفر حجۃ الوداع میں فوت ہوا اور دلدل بعد وفات آنجناب
حضرت علی مرتضیٰ کے سواری میں رہا پھر امام حسن علیہ السلام کے پاس رہا زمان معاویہ میں مرگیا اور مقوقس کہ نام اسکا
جریج ابن مینا تھا عہد خلیفہ دوم میں فوت ہوا اسلام اسکا ثابت نہیں ہے فائدہ اس مقام سے معلوم ہوا کہ ہدیہ مشرک
کا مقبول ہوا اور بعض احادیث سے رد فرمانا ہدیہ مشرکون کا پایا جاتا ہے اور رفع تعارض یون ہوتا ہے کہ جسکا ہدیہ قبول کیا
اسکے اسلام کی امید تھی اور جسکا رد فرمایا اسکے اسلام سے ناامیدی تھی اور شجاع اس وہب نے نامہ مبارک حضرت صلعم کا
بذریعہ ایک نصرانی کے جسکا نام خراب تھا اور حالات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سنکر باطن میں ایمان رکھتا تھا حارث

ابن شمر غسانی کے پاس بھجوایا اُسنے خط پڑھا اور پھینک دیا یہ خبر سُنکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ملک اُسکا جائیگا
ہوجیسا چنانچہ حارث مذکور سال فتح مکہ مین مرگیا اور ملک اُسکا جبلہ ابن الیہم غسانی کے ہاتھ آیا اُسکے پاس بھی شجاع ابن وہب
مع نامہ آئے ہین سو وہ بخوشی ایمان لایا مگر خوف حاکم سے پھر نصرانی ہوگیا اور اسی حال مین مرا اور بعضے اہل سیر کہتے ہین
کہ حارث ابن شمر بھی بوشیدہ ایمان لایا تھا اور جب سلیط ابن عمرو نے نامہ مبارک ہوذہ کو دیا تو ہوذہ ابن علی
حنفی نے بھی بہت تعظیم سے لیا اور جواب لکھا کہ طریقہ آپ کا نہایت بہتر ہی لیکن مین اپنے قوم مین خطیب شاعر ہون
مجھکو بھی اپنا شریک کیجیے اور سلیط کو انعام دیکر رخصت کیا اُسنے جواب نامہ حضرت کے حضور مین پیش کیا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے درخواست اُسکی نامنظور فرمائی اور بعد فتح مکہ ہوذہ بھی کافر مرا ہی اور اسی سال مین حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے یارون کو رخصت دی کہ گھوڑے اور اونٹ مضمار مسابقت مین دوڑایا کرو مگر گھوڑون کے
لیے میدان علیحدہ قرار دیا اور اونٹون کے واسطے علیحدہ روایت ہی کہ اس دوڑ مین شتر عضباء حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ہمیشہ سب اونٹون سے آگے نکل جاتا تھا ایک روز اتفاقاً ایک اونٹ سے پیچھے رہ گیا تو یارون کو رنج ہوا تب
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جائے ملال و رنج نہین ہی ہر کمال کو زوال اور ہر شرف کو وبال و ہر رفع کو وضع
اور ہر جمع کو منع عارض و متعارض ہوتی ہی پھر رنج کرنا بیفائدہ ہی اور اسی سال مین حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ
دوسی شرف ملازمت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوے اور اصحاب صفہ مین معدود انکے نام مین اختلاف
ہی اور باپ کے نام مین بھی پس بقول ارجح نام انکا عبد الرحمن اور باپ کا نام صخر تھا اور چونکہ ایک ہرہ صغیرہ اُنکی پاس تھی
اس باعث سے کنیت انکی ابو ہریرہ ہوئی اور مدت قلیلہ مین خدمت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت کی اور
حضرت کی دعا سے قوت حافظہ ایسی خدا نے عنایت کی کہ جو کچھ زبان فیض ترجمان سے سنا یاد رکھا چنانچہ روایت احادیث
کی ابو ہریرہ رض سے اسقدر ہی کہ اور کسی صحابی سے نہین ہی یعنے پانچ ہزار تین سو چوہتر حدیث اُنسے کتب احادیث
مین مروی ہین از آنجملہ چھ سو نو صحیحین مین اُسمین تین سو چھبیس متفق علیہ اور ترانوی فرد بخاری اور ایک سو نوی
فرد مسلم وفات ابو ہریرہ کی سال پنجاہ و چہارم ہجری مین ہوئی بقیع مین مدفون ہوے عمر ستہتر برس کی ہوئی القصہ
جب ساتوان برس ہجرت کا اور ساٹھوان مولد کا ہوا تو آخر محرم مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نیابر غزوہ
خیبر کہ مدینہ طیبہ سے تین منزل کے فاصلہ پر واقع ہی تشریف لیچلے اور سبب اس واقعے کا یون واقع ہوا کہ جب حضرت
سرور کائنات اشرف موجودات شفیع المذنبین سید المرسلین امام الاولین والآخرین رحمۃ للعالمین صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حدیبیہ کے سفر سے مراجعت فرمائی اور ماہ ذیحجہ مین داخل مدینہ باسکینہ ہوے اور
قریب بیس دن کے دنمان اقامت فرمائی تو شرارت یہود خیبر کہ ایک مدت سے ظاہر تھی اور عداوت سید البشر کی
اُنکے قلوب مین قائم تھی اس زمانہ مین علانیہ ہوئی لہذا حضرت نے حکم تیاری کا واسطے غزوۂ خیبر کے نافذ کیا اور آخر

پڑھا ہوا کہ خدا سے تعالے نے فتح خیبر اور غنائم کثیرہ کا وعدہ کیا ہے قوم یہود وجود مدینہ بہت جگہ سے مسلمان
سے قرض لیتا تھا اُس نے تقاضا کیا عبداللہ بن صد رضی انصاری پر ابوشحم یہودی کے پانچ درم تھے اُس نے تقاضا کیا
یہودی نے کہا کہ جب غنائم خیبر سے مجھے ملے گا دونگا اُسنے کہا کہ خیبر کا حال اور مقاموں سے کیا پوچھتا ہے تو خیبر میں دس نہار
مرد شجاع ہیں صحابی نے بہت زجر کیا اور کہا مردود تو مجھکو تکلیف کرتا ہے وہ حضور اقدس میں ناشی ہوا اور عبداللہ نے مقولہ
یہودی کا بیان کیا آپ نے زیر لب کچھ فرمایا اور عبداللہ سے ادائے قرض کو ارشاد کیا چنانچہ عبداللہ نے ایک کپڑا
اپنا بیچ درم کو بیچا اور دو درم ایک صحابی سے قرض لیکر قرض ادا کیا سلمہ ابن اسلم نے کپڑا یہود کو دیا کہ وہ پہنکر غزوہ
خیبر میں گئے اور وہاں بہت لوٹ ملی اور ایک عورت قریبہ ابوشحم کے ہاتھ آئی کہ اسکو لقبیت گران بیچا بالجملہ حضرت صلعم
آخر محرم الحرام سال ہفتم ہجری میں بانوج وحشم جانب خیبر تشریف لیچلے اُس وقت ایک ہزار چار سو غازی اور
دو سو اسپ عربی و ترکی از انجملہ تین گھوڑے خاصہ یعنی لزاز و سکب و ظرب ازان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
تھے اور ایک ہزار چار سو شتر اور دس نفر منافق تھے اور بیس عورتیں ہمراہ رکاب تھیں اور اس غزوہ میں
امہات المومنین سے حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے نام قرعہ پڑا تھا کہ وہ ساتھ حضرت سید المرسلین
محبوب رب العالمین کے گئی تھیں اور سباع ابن عرفطہ مدینہ طیبہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں خلیفہ مقرر کیے
گئے تھے اور عکاسہ ابن محصن اسدی مقدمۃ الجیش کیے گئے اور حضرت امیر المومنین الناطق بالحق والصواب عمر ابن الخطاب
رضی اللہ عنہ سردار میمنہ تھے اور میسرہ اور ساقہ کا حال دریافت نہیں ہوا اور حضرت اسد اللہ الغالب قطع
دائرہ مطالب امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کی آنکھوں میں درد شدید تھا وہ اس سبب سے
ہمراہ جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لیگئے مگر جب حضرت رحمۃ العالمین خیبر میں جلوہ فرما
ہوئے تو حضرت امیر بھی داخل ہوئے لیکن خیمہ میں رہے بالجملہ جب لشکر ظفر پیکر اسلام باشوکت ملک علام جانب
خیبر روانہ ہوا تو عبداللہ بن ابی سلول منافق نے یہ خبر یہودیان خیبر کو مفصل پہونچائی اُن لوگوں نے مضطرب
ہوکر یوساطت کنانہ بن ابی الحقیق اور ہوذہ بن قیس قوم غطفان سے اعانت و مدد چاہی اُنھوں نے خوف
سے انکار کیا اور جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مہبان میں پہونچے وضو کرکے نماز عصر ادا فرمائی اور بعد نماز عصر
تدرے خرمے اور ستو تناول فرماکے اُسے وضو سے نماز مغرب ادا فرمائی اور بعد عشا دو شخص راہبر طلب فرمائے
اور کہا ایسی راہ لے چلیو کہ سیدھے قبائل غطفان اور خیبر کے درمیان پہونچیں اُن دونوں میں سے ایک نے
جسکا نام حُبیل تھا آگے ہو چلتے چلتے ایک ایسے مقام پر پہونچے جہاں سے کئی طرف راستہ پھٹتا تھا حسل بولا
یارسول اللہ جس راہ فرماؤ لیچلوں اور راہوں کے نام لینا شروع کیا جب مقام مرحب کا نام آیا تو حضرت نے
فرمایا اس راہ سے چل چنانچہ اُسی راہ جانب خیبر تشریف لیچلے اور عباد ابن بشر کو چند سواروں کے ساتھ

آگے بطور طلیعہ بھیجدیا عباد نے ایک جاسوس اُس طرف کا رخ کیا اور اُس سے حال خیبرون کا پوچھا اُسنے کہا
دس ہزار آدمی جنگی مسلح طیار ہین پھر عباد نے مکر پوچھا تو اُسنے کہا تمھارے خوف سے سب تھرا رہے ہین سو عباد اُس جاسوس کو
حضرت کے حضور مین لائے تو اُسنے سب حال کہدیا حضرت عمر کی مرضی ہوئی کہ اسکو قتل کرین عباد نے کہا مین نے
امان دی ہی حضرت نے فرمایا اسکو باعزت و خاطرداری رکھو چنانچہ وہ جاسوس خیبر مین پہونچے ایک مسلمان ہوا
اور غاریان اسلام وادی حرصہ کی راہ سے خیبر کے قلعون کے آس پاس کی سرزمین مین داخل ہوئے حضرت نے
جناب باری مین دعا و التجا کرکے اصحاب کو حکم دیا ادخلوا علی برکۃ اللہ پھر سب چلے اور منزل نامہ ایک مصر پر پہونچکر
اترے اور وہان ایک مکان مسجد کے لیے قرار دیا اور نماز تہجد وہین ادا فرمائی اور نماز صبح بھی تاریکی مین پڑھی صحیح مسلم مین
حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خیبر مین تشریف لائے اور مین نے صبح کی نماز
مجلس مین آنحضرت کے ساتھ پڑھی اور آنحضرت مع ابو طلحہ سوار ہوئے اور مین ابو طلحہ کا ردیف ہوا پھر حضرت خیبر کی گلیون مین
چلے تو خیبرون پر خواب مسلط تھا کہ انکو آنحضرت کے آنے کی خبر نہوئی حالانکہ بسبب دریافت ہوجانے خبر آمد لشکر اسلام
ہر روزہ منتظر اور مسلح باہر نکل کر رات کو پھرتے تھے اُس رات یہ غلبہ خواب ہوا کہ کسی نے جنبش بھی نہین کی بلکہ مرغون نے
بانگ نہ دی اور جانورون نے حرکت نہین کی صبح کے وقت وہان کے لوگ خواب غفلت سے چونکے مگر سب کے دلون مین
گھبراہٹ تھی اور آپس مین کہتے تھے کہ یہ اضطراب قلب کیسا ہی اور اسی حالت اضطراب مین یہ سوچے کہ اپنی جمعیت لیکر
لیکر کھیتون پر چلے جب باہر نکلے دفعتہً لشکر اسلام نظر آیا دیکھنے والون نے کہا محمد و خمیس یعنی محمد مع پورے لشکر کے آپہونچے فائدہ خمیس پورے لشکر کو اسلئے
کہتے ہین کہ پورا لشکر وہ ہوتا ہی جسمین پانچون ٹکڑے لشکر ہون مقدمہ ساقہ میسرہ قلب مقدمہ آگے کے لشکر کو اور ساقہ
پشتہ والے کو اور میمنہ داہنے طرف کے لشکر کو اور میسرہ بائین طرف والا اور قلب بیچ کا لشکر جسمین سردار ہوتا ہی بالجملہ
خبر سنکر سب اُلٹے پاؤن حصارون کو بھاگے اور دروازے بند کرلیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محاصرہ فرمایا اور
بوحی آلہی جملہ معاملات خیبر سے اصحاب کو اطلاع فرمائی کہ اُنکے واسطے یہ ہوتا ہی ویسا ہی ہوا خیبر مین سات قلعے تھے چنانچہ
نصاب کے قطعہ مین مذکور ہین خیبر بتذکیر مصطلح ہفت قلعہ عند الشیخ اوانجان للکاف الکتیبہ بدو یاعم وشق انکہ غموص و نطاۃ بضمہ و سلالم کتیبہ
بفتح کاف تازی و کسر تاے فوقانیہ مشناۃ و سکون مشناۃ تحتانیہ و فتح بای موحدہ آخر آن ہای ہوز بروزن عفیفہ ناعم
بفتح نون و کسر عین مہملہ بروزن عالم شق بفتح شین معجمہ و تشدید قاف اسلحہ و ادوات حربی مین رکھے تھے غموص بفتح نون معجمہ صاد مہملہ نطاۃ
بفتح نون و طای مہملہ شطیہ بشین معجمہ و طای حطی مہملہ بکسورہ و یای مشناۃ تحتانیہ و ہاے ہوز مہملہ بروزن امیر سلالم بضم
سین مہملہ و کسر لام ثانیہ بالجملہ اہل خیبر پر بڑا خوف طاری ہوا تھا مگر سلام ابن مشکم نے انکو تسلی و دلاسے سے مضبوط کیا
کہ محاربہ پر مستعد ہوئے اور اپنے عیال و اطفال قلعہ کتیبہ مین بھجا لیے اور کھانیکا ذخیرہ حصن ناعم مین کہ حصن معصب
بھی تھا رکھا اور لڑنے والے لوگ حصار نطاۃ مین جمع ہوئے اور اسلام ابن مشکم رئیس خیبرون کا باوصف

بیماری کے لشکر مین حاضر ہوا اور ہر ایک کو مقابلے اور محاربے کی ترغیب و تحریض کرنے لگا آخر کار اُسی قلعہ مین فی النار ہوا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب کو تسلی دی اور فرمایا کہ تم صبر کرو یقینا اللہ تعالے فتح دیگا اتنے مین جناب ابن المنذر نے التماس کیا کہ یارسول اللہ اگر آپ اس مقام پر بحکم آلہی اُترے ہین تو کچھ کلام کی مجال نہین ہی اور اگر کسی خاص وجہ سے یہان قیام نفرمایا تو مین کچھ عرض کیا چاہتا ہون آپ نے فرمایا یون ہین اترے ہین کوئی وجہ خاص تو نہین ہی تب حباب نے عرض کی کہ یہ مقام محظور ہی یعنی قلعہ نطاۃ سے نزدیک ہی اور ہوا بھی متعفن ہی حضرت نے فی الفور محمد ابن سلمہ کو واسطے تحریز مقام کے بھیجا انھون نے مقام رجیع پسند کرکے حضرت سے التماس کیا ارشاد ہوا کہ رات کو وہین چل کر رہینگے اُسی دن حصار نطاۃ سے لڑائی شروع ہوگئی اور تیرون کی بوچھار پڑنے لگی اہل اسلام اُنہین کافرون کے تیر اُٹھا کر مارنے لگے اُسدن گرمی کی شدت تھی محمود ابن مسلم حصار ناعم کی دیوار کے سایہ مین جاسویا مرحب یہودی یا کنانہ ابن الحقیق نے ایک چکی بھاری محمود کے سر پر ماری کہ سر پھٹ گیا اور اُسی زخم سے شہید ہوئے بعد اُسکے حباب ابن المنذر نے کہا کہ یہود خرمون کے اشجار کو دوست رکھتے ہین اُنکو کاٹنا چاہیے باجازت رسول اللہ خرمے کے درخت کٹنے لگے چار سو درخت کاٹے گئے تھے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ یارسول اللہ خیبر تو فتح ہوگا کیونکہ خدائے تعالے ہمکو انعام مین دے چکا ہی یہ درخت مسلمانون کے واسطے رہنے دیجئے فورا حضرت نے منع کردیا جب رات ہوئی تو منزل رجیع مین اترے اور وہی مقام لشکر گاہ ہوا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہر روز قلعہ کے نیچے پڑتے جاتے تھے اور اس منزل مین یہ دستور تھا کہ ایک صحابی ہر شب حراست کرتا تھا ایک رات حضرت عمر رض کی باری تھی تو ایک یہود کا جاسوس آگیا حضرت عمر نے اُسکے قتل کا حکم دیا اُسنے کہا مجھے اپنے پیغمبر کے پاس لیچلو تو مین کچھ عرض کرون حضرت عمر اُسکو لائے اُسنے سلام کیا آپ نے پوچھا کیا خبر ہی بولا ابوالقاسم مجھے امان دو تو مین سچا حال کہون حضرت نے امان دی تب اُسنے کہا کہ مین حصن نطاۃ سے آیا ہون یہود اضطراب سے آج کی رات حصن شق مین بھاگ آئینگے صبح کو جب مین حصن مین داخل ہون تو آپ بھی تشریف لائیے فرمایا انشاء اللہ اُس یہودی نے کہا انشاء اللہ غرض دوسرے دن حصار نطاۃ فتح ہوا اور حصن شق بھی بعد اُسکے فتح ہوا اکثر کتب سیر مین اسیطرح مذکور ہی مگر ابن اسحاق نے لکھا ہی کہ اول حصن ناعم فتح ہوا ہی روایت ہی کہ ایک دن حصن ناعم مین ابن معاذ نے ترنا شروع کیا مرحب یہودی نکلا اور رجز پڑھنے لگا عامر ابن الاکوع نے راستہ بند کیا مرحب نے تلوار چلائی عامر نے سپر پر لی اور جب عامر نے وار کیا تو تلوار تھی چھوٹی وار اُنکا اوچھا پڑا کہ تلوار عامر کی زانو پر پڑی کہ اُسی زخم سے عامر شہید ہوئے اور منزل رجیع مین محمود ابن مسلمہ کے ساتھ دفن کیے گئے روایت ہی جب حضرت نے خیبر سے مراجعت فرمائی تو اثناے راہ مین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سلمہ ابن الاکوع برادر زادہ عامر کو ملول پایا اور سبب پوچھا سلمہ سے روایت ہی کہ مین نے روکر کہا یارسول اللہ اسید ابن حضیر وغیرہ اصحاب کہتے ہین کہ عامر کا عمل باطل ہوا اس لیے کہ اپنی تلوار سے قتل ہوا ہی حضرت نے فرمایا وہ ناسمجھ خطا پر ہین اُسکو دو اجر ہین اور درمیان دو انگلیون کے جمع کرکے فرمایا انہ لجاہد وجاہد درج الدرین یہ معرکہ اُس مقام پر لکھا ہی جب علی مرتضی سے اور مرحب سے مقابلہ واقع ہوا

زہد الاغر بالی الصواب روایت ہی کہ ایام محاصرہ مین صحابہ کے پاس کھانا کم تھا اور تکلیف ہوتی تھی ایک دن حصار صعب سے بیس بکریان چرنے کو نکلین ابو ایسہ کعب ابن عمرو انصاری نے دوڑ کر دو بکریان پکڑین اور حضرت کے پاس لائے ارشاد ہوا کہ ذبح کرو اور پکاؤ چنانچہ بکریان ذبح ہو کر پکائی گئین اور تمام لشکر نے اُس گوشت سے کھایا اور تلخیص المغازی ابن اسحٰق مین ہی کہ ایام محاصرہ حصن صعب مین بیس یا تیس ۳۰ دراز گوش اہلی حصار سے نکلے مسلمانون نے انکو پکڑ لیا اور دیگون مین چڑھایا کہ جوش دیکر کھائین گے اس حالت مین سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم وہان تشریف لائے اور پوچھنے لگے ان دیگون مین کیا آپ لیتے ہو بولے گوشت دراز گوش اہلی فرمایا کہ منادی کرو کہ گوشت دراز گوش اہلی کا اور حیوان ذی ناب وذی مخلب کا یعنے وہ جانور جسکے کچلیان ہون اور پنجون سے کھاتے پیتے ہون اور نکاح متعہ حرام ہوا اور اسی کتاب مین معتب ابن قشیر اسلمی سے روایت ہی کہ جنکے ہم حصار نطاۃ کو گھیرے تھے ہم پر بڑی تکلیف تھی یہان تک کہ صحابہ نے تنگی کی شکایت حضرت سے کی اور عرض کیا کہ ہمارے واسطے دعا فرمائیے کہ وہ قلعہ فتح ہو جسمین کھانا بہت ہو حضرت نے دعا فرمائی اور مسلمانون کو جمع فرما کر حباب ابن المنذر کو علمدار کیا اور حکم دیا کہ حصن صعب پر ایکبارہ حملہ کرو چنانچہ سب نے ملکر حملہ کیا تو قلعہ صعب فتح ہو گیا اور انواع اطعمہ اور امتعہ ہاتھ لگے اور مسلمانون نے مشکین شراب کی بھری ہوئین نکال کر پھینکین اُسمین سے عبد اللہ خمار مرد مسلمان نے تھوڑی شراب لیکر پی سو اُسکو مسلمان لوگ حضرت کے پاس پکڑ لے گئے اور حضرت کو اُس سے نفرت ہوئی اور ناخوش ہو کر نعلین مبارک سے اُسے مارا اور اصحاب جو موجود تھے اُنھون نے بھی جوتیون سے مارا یہ شخص برابر اسی طرح کئی بار اسکو للکارا ہو چکی تھی مگر باز نہ آتا تھا حضرت عمر ناخوش ہو کر فرمانے لگے اللھم العنہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمر ایسی بات نہ کہو وہ تو خدا اور رسول کا دوستدار ہی پھر حصن نبی القیق جسکو حصن قموص کہتے ہین فتح ہو گیا اور حصن وطیح وسلالم بھی گھیرے گئے یہ آخر حصن یہود تھے اور انمین مال بہت تھا اسی سبب سے یہود خوب لڑے کئی رات و دن یہ دونون قلعے محصور رہے اور فتح ہوئے حالانکہ ہر روز ایک صحابی جلیل القدر جاتے تھے اور قتل شدید کر کے پھر آتے تھے چنانچہ ایک دن علم نصرت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عنایت کر کے مع لشکر روانہ کیا کہ حضرت عمر رات تک خوب لڑے اور فتح نہوئی دوسرے دن حضرت صدیق اکبر تشریف لیگئے اور حتی المقدور کوشش کرتے رہے پھر فتح نہوئی تیسرے دن پھر حضرت عمر کو روانہ فرمایا تو اُنھون نے حد سے زیادہ کوشش فرمائی لیکن فتح مقدر اُنکے ہاتھ پر نہ تھی بلا فتح پھر آئے اور اندنون حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درد شقیقہ لاحق تھا اس سبب سے میدان کارزار مین خود تشریف نہ لیجاتے تھے صحیح بخاری اور مسلم مین ہی کہ جس رات کی صبح کو فتح مقدر تھی آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا کہ کل علم اُس شخص کو عنایت کرونگا جو اللہ و رسول کو دوست رکھتا ہی اور اللہ و رسول اسکو دوست رکھتا ہی اور اُسی کے ہاتھ سے حق تعالے فتح کریگا بعد اُسکے محمد ابن مسلمہ سے ارشاد کیا کہ مین تجکو بشارت دیتا ہون کہ کل تیرے

بھائی کا قاتل دوزخ مین داخل ہوگا سہیل ابن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ جب حضرت نے یہ کلام فرمایا
تو اصحاب رضی اللہ عنہم سنکر رات بھر تردد مین رہے کہ دیکھئے وہ کون شخص ہے جسکو یہ نعمت نصیب ہوتی ہے بریدہ ابن الحصیب
کہتے ہین کہ ہم مین سے ہر شخص امید رکھتا تھا کہ وہ شخص مین ہونگا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین امارت کو دوست
نہین رکھتا مگر آج جب صبح ہوئی تو سب لوگ خیمہ آنحضرت پر جمع ہوئے کہ حضرت باہر تشریف لائے اور فرمایا علی ابن
ابیطالب کہان ہے اصحاب نے کہا یا رسول اللہ انکی آنکھون مین درد ہے فرمایا اُسے بلاؤ سلمہ ابن الاکوع ہاتھ پکڑکر حضرت
علی مرتضی کو لائے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر کیا حضرت علی مرتضی علیہ السلام فرماتے ہین
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا سر گود مین رکھا اور اپنے دہن مبارک کا لعاب ہاتھ مین لیکر میری آنکھون مین ملا
سو اُسکی برکت سے درد چشم جاتا رہا اور اُسدن سے پھر کبھی آنکھین نہ دُکھین اور نہ درد سر ہوا بعد اُسکے حضرت نے
میرے حق مین دعا فرمائی اور کہا اللھم اذہب عنہ الحر والبرد یعنی ای خدا گرمی اور سردی کی اذیت سے علی کو محفوظ رکھ
اُس روز سے مجھکو جاڑا نہ لگا اور نہ گرمی کی تکلیف ہوئی تھی بالجملہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے زرد مبارک حضرت
علی کو پہنائی اور دو ذوالفقار کمر سے باندھی اور علم شریف ہاتھ مین دیکر ارشاد کیا کہ ای علی قتال کفار مین جلدی نکرنا پہلے
نرمی سے اسلام کی دعوت کرنا اور حقوق الٰہی جو حالت اسلام مین بندون پر واجب ہین اُنکو بتلانا اگر راہ راست
پر آجاوین تو فہو المراد ورنہ بمجبوری سے مارنا پھر رخصت کیا تو علی مرتضی نے حصار قموص کے نیچے جاکر علم اپنا گاڑا ایک
یہودی نے بالاے قلعہ سے پوچھا تو کون ہے فرمایا علی ابن ابی طالب وہ یہودی اسم مبارک سنتے ہی ڈر گیا اور بدحواس
ہوکر چلایا ہا ای خیبر یواب بڑا بہادر آیا ہے تم مغلوب ہوجاؤگے غرض حضرت امیر مرتضی نے اول دعوت اسلام کی کسی
نہ مانا اور یہود وہ لڑنے لگے ناچار آپ بھی آمادہ جنگ ہوئے اول قلعہ سے حارث بھائی مرحب یہودی کا مع ایک جماعہ یہود
نکلا اُسنے اہل اسلام کے دو شخصون کو شہید کیا آخر کار حضرت امیر کے ہاتھ سے داخل نار ہوا پھر مرحب خود نکلا وہ بھی
مارا گیا اُسوقت سب سات کافر یہود مارے گئے حضرت علی کے ہاتھ سے پھر لشکر اسلام نے حملہ کیا تو یہود قلعہ مین بھاگے
اور فتح اسلام ہوئی وہو الصحیح روایت ہے کہ جب یہود بھاگے تو امیر المومنین نے پوچھا کیا اُسوقت ایک یہودی کافر نے
تلوار دست مبارک پر ماری کہ سپر گر پڑی دوسرے یہودی نے اُٹھالی حضرت امیر نے ایک بھاٹک آہنی اُس قلعہ کا
اُکھاڑ کر بجاے سپر ہاتھ مین لیا اہل قلعہ نے جب یہ قوت دیکھی تو امان مانگنے لگے کہ بعد استجازت رسول اللہ انکو امان
بخشی بشرط اسکے کہ نقود اور اسلحۂ اہل اسلام کے لیے چھوڑین اور کچھ پوشیدہ نکرین اور یہان سے نکل جائین جب
ترائی آخر ہوئی تو حضرت امیر نے اُس بھاٹک کو پس پشت یا چالیس ہاتھ پر پھینک دیا کہ سات آدمیون نے
پھیرنا چاہا نہ پھیر سکا اور چالیس آدمیون نے اُٹھانا چاہا نہ اُٹھا سکے واضح ہو کہ ان احادیث کے رجال مین گفتگو ہے
ولہذا بعضے علما نکر اس قصے کے ہوئے ہین کذا قال السخاوی فی المقاصد الحسنہ اور صاحب حجۃ المحافل نے بصیغۂ
مجہول

بھول اس قصہ کی روایت کی ہو کہ دلیل ضعف پر ہو مین کہتا ہون کہ اس قصہ مین گو اختلاف ہو مگر کرامات حضرت ولایت
آب سے وقوع اس واقعے مین تردد نہین ہو ہمت اولیاء اللہ سے پہاڑ جنبش کر جاتا ہو وراے اسکے کتب حدیث مین
یہ قصہ مذکور و مسطور ہو مگر بخاری نے حدیث فتح امیر المومنین کی لکھی ہو اور ذکر قلعہ باب نہین کیا ہو اس سے لازم
نہین آتا کہ صحیح نہو اور زیارت حضرت امیر المومنین علی مرتضی کی صاحب روضۃ الاحباب نے فتح حصار قموص مین
لکھی ہو اور صاحب تحفۃ المحافل نے ولیم وسلام مین لکھی ہو مگر ورد شقیقہ آنحضرت کا ذکر نہین کیا فائدہ یہ جو بعضے
کوتہ اندیش حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول پر استدلال کر کے کہتے ہین کہ ہرگاہ حضرت نے عطاے علم کا
وعدہ ایسے شخص کے لیے فرمایا جو صفات مرقومہ کے ساتھ متصف ہو اور پھر جناب علی مرتضی کو دیا تو ظاہر ہو کہ جو لوگ
آنحضرت سے پہلے بھیجے گئے تھے وہ ایسے ایسے صفات نرکھتے تھے جواب اسکا یہ ہو کہ یہ سخن اوہام باطلہ سے ہو وہی شخص کے گا جو عادات
واخلاق عمیمہ اور صفات عظیمہ رسول اللہ سے آگاہ نہین اگر ان باتون سے جو حضرت اپنے یاران جان نثار سے
ارشاد فرمایا کرتے تھے واقف ہوتا تو ایسا گمان نکرتا قطع نظر اور دلائل اور براہین کے یہ امر خلاف عادت بھی ہو مثلاً
کوئی بادشاہ اپنے کسی نوکر کے حق مین قدردانی کی راہ سے یون کہے ہمارا فلانا سپاہی بڑا بہادر ہو اور ہم اسکو
بہت چاہتے ہین اور وہ ہمکو بہت چاہتا ہو تو یہ بات کہنے سے ساری سپاہ کی نامردی ثابت نہین ہوتی اور
نہ یہ ثابت ہوتا ہو کہ اس شخص کے سوا کوئی بادشاہ کا دوست نہین ہو اور بادشاہ اور کسی کو نہین چاہتا روایت
ہو کہ جب قلعہ قموص فتح ہوا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم قلعہ قموص مین جلوہ فرما ہوئے کنانہ بن ابی الحقیق سردار
یہود بکڑا ہوا آیا یہ شخص بڑا مالدار تھا حضرت نے اس سے پوچھا کہ تیرے باپ کا خزانہ کہان ہو اسنے کہا
واللہ لڑائیون مین صرف ہو گیا اسی طرح اور یہودیون نے بھی کہا حضرت نے فرمایا اگر یہ بات جھوٹھ ہوئی تو
امان نہین ہو اتنے مین حضرت جبرئیل نے آکر گنج مخفی کا نشان دیا تو سب مال ستر ہزار دینار کا نکلا اور حضرت نے
کنانہ کو سپرد محمد ابن مسلمہ کے فرمایا اور ارشاد کیا کہ اسے قتل کر مگر یہودیون نے بہت منت وعاجزی کی
حضرت نے چھوڑ دیا بعد اسکے فروہ بن عمرو بیاضی کو مامور کیا کہ خیبر کے غنیمتین حصار نطاۃ مین جمع کرے فروہ نے بموجب
ارشاد تمام اسباب اور ہتھیار اور اقسام اقسام کی نعمتین اس حصار مین جمع کین اس اسباب مین توریت
کی بھی بہت جلدین نکلین یہودی انکے مانگنے کو آئے حضرت نے فورًا وہ کتابین واپس فرمائین اور صفیہ بنت
حیی ابن اخطب اسی قلعہ مین ہاتھ آئین اور ازواج مطہرات مین داخل ہوین تذکرہ انکا بیان ازواج مطہرات
مین آوے گا الغرض جن دنون فروہ مال ومتاع غنیمت حصار مین جمع کرتا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
منادی کرادی تھی کہ مال غنیمت سے ایک ناگہ اور سوئی کے برابر کوئی شخص نہ چرا وے بلکہ امیر غنیمت کے
پاس پہونچا وے اور تم سب لوگ سچ جانو کہ غنیمت مین خیانت بڑا عیب ہو اور نہایت شرم کی بات ہو آخر کو

سلم وفروہ ابن عمرو بیاضی کو مامور کیا

دوزخی ہونا پڑے گا اور جلتی آگ میں ڈالے جاؤ گے الحاصل جب سب مال اور متاع جمع ہو گیا تو زید بن ثابت سے فرمایا کہ غازیوں کا شمار کرو چنانچہ مردم فوج چودہ سو ہوئے کہ حضرت نے خمس نکال کے باقیماندہ انہیں پر تقسیم کیا اور ابن ہشام نے نقل کیا ہے کہ جعفر بن ابی طالب اور اسماء بنت عمیس اور ابو موسے اشعری رضی اللہ عنہم کو کہ یہ لوگ مع اپنے رفقا کے پہونچ گئے تھے شریک کر لیا تھا اور صورت یہ واقع ہوئی کہ آنجناب صلعم خیبر میں جلوہ فرما تھے کہ حضرت جعفر وغیرہ مہاجرین حبشہ تشریف لائے کہ آنجناب بہت خوش ہوئے اور استقبال کر کے معانقہ فرمایا اور انکی پیشانی چومی اور فرمایا کہ میں کہہ نہیں سکتا کہ جعفر کے آنے سے خوش ہوں یا فتح خیبر سے اسماء بنت عمیس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے کشتی والو تمہارے دو ہجرتیں ہیں اور ون کی ایک الغرض غنیمت اسطرح تقسیم ہوئی کہ پیادے کو ایک حصہ اور سوار کو تین گھوڑے کے دو سوار کا ایک اور تھوڑا تھوڑا عورتوں کو بھی دیا تھا اور خمس تمام بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کو عنایت کیا یہ روایت صحیح ہے کہ جو لوگ غزوہ حدیبیہ میں تھے وہ سب غزوہ خیبر میں حاضر تھے مگر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سو حضرت نے انکو بھی حصہ دیا کذا فی منتخب طراز المغازی فائدہ اس لڑائی میں چودہ یا پندرہ اہل اسلام سے شہید ہوئے اور ترانوے کافر مارے گئے اور مشکوۃ المصابیح میں ہے کہ جب جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم قلعہ قموص میں داخل ہوئے تو زینب بنت حارث زوجہ سلام بن مشکم بھتیجی مرحب یہودی نے زہر کھلایا اور حال تفصیلی یہ ہے کہ جب آنجناب اس قلعہ میں جلوہ افروز ہوئے زینب نے سنا کہ حضرت کو دست و شانے کا گوشت مرغوب ہے اسنے ایک بکری بھونی اور زہر آلود کی خصوص گوشت شانہ اور دست میں زہر زیادہ لگایا اور مغرب کے وقت ہدیہ لائی اسوقت کئی صحابی حاضر تھے فرمایا آؤ شام کا کھانا کھاؤ سب بیٹھ گئے حضرت نے گوشت دست سے ایک لقمہ منہ میں رکھا ہنوز چبایا نہ تھا کہ فرمانے لگے یا رد ہاتھ رو کو یہ گوشت کہتا ہے کہ مجھ میں زہر ملا ہے سنتے ہوئے سب لوگ دست کش ہوئے بشر بن البراء نے ایک لقمہ کھایا تھا اسکے بشرے پر کیفیت ہیبت طاری ہو گئی اور ایک برس کے بعد اسی اثر سے مرے ہیں بالجملہ حضرت نے کھانا اٹھوا دیا اور زینب کو طلب کر کے روبرو چند افراد یہود بلوا بھیجا تیرا باپ کون ہے اسنے کہا فلاں فرمایا جھوٹ ہے اسکا نام تو یہ ہے یعنے حارث یہودی متحیر ہو کے کہنے لگے آپ سچے ہیں پھر پوچھا تو نے زہر ملایا تھا زینب نے کہا ملایا تھا اسلئے کہ آپ نے میرے باپ چچا بھائی شوہر کو قتل کرایا تھا سو میں نے خیال کیا کہ آپ جھوٹے ہونگے تو میری تدبیر سے لوگوں کو نجات ملے گی اور جو سچے ہونگے تو اللہ تعالے مطلع کر دیگا سو تم سچے نکلے اور جو کوئی آپ کو جھوٹا کہتا ہے وہ اپنی عاقبت بگاڑتا ہے اور اسیوقت اسلام لائی آنجناب اسکے کہنے سے خوش ہوئے اور عفو کیا اور بنابر رفع مضرت زہر کے مابین شانوں کے پچھنا لگوائے اور اسی طرح تین شخصوں نے کہ انھوں نے لقمہ زہر آلودہ منہ میں رکھا تھا تھوڑا تھوڑا خون نکلوایا بعد ازاں

گوشت بالکل جلوا دیا فائدہ اہل روایت کو اختلاف ہی کہ زینب قتل ہوئی یا چھوڑی گئی علامہ بیہقی نے حضرت ابوہریرہ سے چھوڑ دینا روایت کیا ہی اور جابر رضی اللہ عنہ سے بھی یہ روایت ہی اور زہری نے بیہقی کی متابعت کی ہی لیکن بیہقی فرماتے ہین کہ اول زینب رہا ہوئی تھی جب بشر بن البراء صحابی نے وفات پائی تب قصاص مین قتل ہوئی اگر کوئی شبہہ کرے کہ بشر بن البراء کی تخصیص قصاص کے واسطے کیا ہی اور صحابی بھی اُسی زہر سے مرے تھے تو رفع شبہہ یون ہو سکتا ہی کہ اورون سے پہلے حضرت بشر بن البراء نے وفات پائی ہوگی لہذا انکے قصاص مین ماری گئی کذا قال الشیخ فی شرح المشکوۃ فائدہ صحیحین مین حضرت جابر رض سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تمہارے دوا ؤن مین سے کسی دوا مین بہتری اور شفا ہی تو سینگی کے پچھنون مین اور شہد کے پینے مین اور آگ سے داغنے مین بھی شفا ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر خونی بیماری ہی تو اُسکا علاج پچھنے لگانا ہی اور اگر مواد کی کثرت ہی تو شہد سے استعمال کرانا چاہیے اور اگر مادہ جلد کے اندر جم گیا ہی تو داغنا اُسکی تدبیر ہی اس حدیث مین تمام فن طب کے علاج کا مجمل فائدہ فرمایا عبداللہ ابن عمر سے ابن ماجہ مین روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ پچھنے لگانا نہار بہتر ہی اور پچھنے لگانے سے یعنے بس سر عقل اور حافظہ زیادہ ہوتا ہی اور خون نکالنا دوشنبہ اور سہ شنبہ اور پنجشنبہ کو بہتر ہی اور شنبہ اور یک شنبہ اور چہار شنبہ اور جمعہ کو منع ہی اور ترجمہ شارق مین ہی کہ حدیث مین آیا ہی کہ جسکے درد سر ہوتا تھا اُسکو حضرت پچھنے لگوانے کو فرماتے تھے اور تیرھوین تاریخ اور اکیسوین تاریخ کو منع کرتے تھے لیکن ایک حدیث بخاری مین ہی کہ حضرت نے داغنے سے منع کیا ہی اور مسلم مین روایت ہی کہ جنگ خندق جب سعد بن معاذ کے ہاتھ مین رگ ہفت اندام مین تیر لگا تو خون بند ہوتا تھا حضرت نے اُس رگ کو اپنے دست مبارک سے داغا اور حضرت کے اصحاب مین بھی داغنے کا دستور تھا سو رفع اختلاف مین علماے حدیث نے فرمایا ہی کہ جبتک اور علاج ممکن ہو تو داغنا درست نہین کہ اسمین تکلیف اور خطرہ ہی اور جب کہ بیماری نہایت سخت ہو اور سوا ے داغنے کے کوئی علاج کارگر نہ ہوتا ہو اُسوقت مین داغنا درست ہی فائدہ حدیث بخاری سے معلوم ہوتا ہی کہ ابو طیبہ غلام آزاد بنی بیاضہ نے شاخ اور پچھنی سے پچھنے لگائے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاع کھجورین اجرت مین عنایت کی تعین اور خوش ہوکے اُسکے مالکون سے ارشاد کیا کہ جس قدر ابو طیبہ کی کمائی مین سے لیا کرتے ہو اُس سے کچھ کم لیا کرو اس حدیث سے نکلا کہ علاج کرنا اور اجرت معالجہ دینا جائز ہی اور کسب حجام یعنے شاخ کش کا حلال ہی اگر نہوتا حلال تو حضرت صلعم اجرت اسکی نہ دلواتے مگر کھانا اس اجرت کا مکروہ تنزیہی ہی چنانچہ حدیث محیصہ سے جسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ نے روایت

کی ہی وہ حدیث یہ ہی انہ استاذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اجرۃ الحجام فنہاہ ثم لم یزل یستاذنہ حتی قال اعلفہ ناضحک واطعمہ رقیقک یعنے محیصہ نے برداشتگی چاہی رسول سے مزدوری سینگی کھینچنے والے مین سو منع کیا

حضرت نے اُسکو سودہ ہمیشہ اجازت چاہتا رہا یہان تک کہ فرمایا کہ اپنے اونٹ کو کھلا اُسے اور اپنے غلام کو یعنے
محیصہ نے اجازت چاہی کہ مزدوری سینگی کھینچنے والے کی حلال ہو کھانا یا نہین حضرت نے منع کیا پھر وہ اذن مانگنے رہے
اس امید سے کہ حضرت اُسکے کھانے کی اجازت دین اسلیے کہ اکثر صحابہ کے غلام تھے اور بعضے اُنمین سینگی کھینچتے تھے
اور صحابہ اُنکی کمائی کھاتے تھے اور بہت اچھی کمائی جانتے تھے جب حضرت نے منع فرمایا تو اُنہیں دشوار ہوا لہذا
بار بار اجازت چاہی یہانتک کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکا دانگا اس لیکے اونٹ کو کھلاؤ اور لونڈی غلام کو کھلاؤ
چونکہ یہ مزدوری خون کھینچنے کی تھی حضرت نے کھانا اُسکا اشراف کے واسطے مکروہ جانا اور عالی ہمتی پر رغبت
دلائی اور لونڈی غلامون کے لیے اجازت دی کیونکہ وہ شرافت ایسی نہ رکھتے تھے کہ اُسکو یہ دنارت سمجھین ہو بخلاف
آزاد کے سو یہ بھی تیر ہی ہو والا مالک کو یہ نہین پہونچتا کہ لونڈی غلام کو حرام کھلاوے اور جو حدیث مسلم مین رافع بن
خدیج سے روایت ہو کہ فرمایا حضرت نے کہ ثمن الکلب خبیث ومہر البغی خبیث وکسب الحجام خبیث یعنی قیمت کتے کی
پلید ہو اور خرچی عورت زنا کار کی حرام ہو اور مزدوری سینگی کھینچنے والے کی زبون ہو سو خباثت سے مراد غیر طیب ہے
پس وہ مکروہ ہو نہ حرام اس حدیث سے امام شافعی نکالتے ہین کہ بیچنا کتے کا جائز نہین ہو معلم ہو یا غیر معلم اور امام
اعظم اور امام محمد اور بعضے اور امام فرماتے ہین کہ جائز ہو بیچنا کتے اور چیتے کا اور اور درندون کا معلم ہو یا غیر معلم
اور اس حدیث کا یہ جواب دیا ہو کہ لفظ خبیث کا حرمت پر دلالت نہین کرتا اسلیے کہ اس حدیث مین کسب الحجام
خبیث بھی ہو باوجود اسکے کہ وہ حرام نہین ہو بالاتفاق اور خرچی زانیہ کی بالاتفاق حرام ہو اور رسول اللہ کا اسوقت
منع ہوا تھا کہ اُنکے مارنے کا حکم دیا تھا پھر اجازت دیدی اُنسے نفع لینے کی بلکہ روایت ہو کہ ایک شخص نے کیکا
کتا شکاری مار ڈالا تھا حضرت نے چالیس درہم دینے کا حکم دیا کذا فی مظاہر الحق فائدہ بخاری مین مقدام بن معدی
کرب سے روایت ہو کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل یدیہ
وان نبی اللہ داؤد علیہ السلام کان یاکل من عمل یدیہ یعنے نہین کھایا کسینے کوئی کھانا کبھی بہتر اس سے کہ کھائے اپنے
ہاتھ کے کسب سے اور تھے داؤد پیغمبر کھاتے اپنے ہاتھون کے عمل سے یعنے کسب کرنا بنی کی سنت ہو چنانچہ حضرت
داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے زرہ بنا کر بیچتے تھے سو تم بھی طریقہ اُنکا اختیار کرو اب جاننا چاہیے کہ کسب
کیا چیز ہی اور کون کون کسب کرنا افضل ہو اور کون حرام اور کون مکروہ ہو پس کسب کے معنے ہین ڈھونڈنا
رزق کا اور فقہ کی کتابون مین تفصیل اسکی اسطرح لکھی ہو کہ افضل کسب جہاد ہو پھر تجارت بعد ازان زراعت
پھر دست کاری اور کسب کی چار قسمین ہین فرض ومستحب ومباح وحرام فرض اسقدر ہو کہ کسب کرنے والے
اور اُسکے عیال کو کافی ہو اور فرض ادا ہو اور مستحب اس سے زیادہ ہو کہ خبر گیری فقرا اور اقربا کی کرے اور
مباح ہو زیادہ کسب کرنا بہ نیت تجمل اور حرام ہو اس نیت سے کسب کرنا کہ مال جمع کرون بنا بر فخر اور تکبر اگرچہ

حلال سے ہو اور لازم ہی کہ کاسب کسب کرکے اپنے نفس اور اپنے عیال پر بلا اشراف اور تنگی خرچ کرے اور جو کوئی کسب
قدرت رکھتا ہو اسکو کسب کرنا لازم ہی اور جو عاجز ہو تو سوال کرنا چاہیے اگر سوال نہ کیا اور مر گیا بھوک سے تو گنہگار مرا
اور اگر کوئی شخص کسب سے معذور رہو تو اسکے حال جاننے والے کو فرض ہی کہ اسکو کھلاوے یا کسی سے سفارش کرے
ہمارے استاد الاستاد حضرت شاہ عبدالعزیز قدس سرہ العزیز نے اپنی تفسیر سورۂ بقر مین تحت کریمہ یا ایہا الذین آمنوا
کلوا من طیبات ما رزقناکم کے تحریر فرمایا ہی کہ بہترین کسب جہاد ہی اسلیے کہ حدیث شریف مین وارد ہی کہ ہر ایک نبی کو
اللہ نے ایک حرفہ دیا تھا اور حرفہ میرا جہاد ہی راہ خدا مین اور وجہ بہتری اس کسب کی یہ ہی کہ غازی اپنے طرف سے
اعلاء کلمہ دین مین سعی کرتا ہی اور اس عبادت مین مال حلال غنیمت کا پاتا ہی لیکن شرط یہ ہی کہ وقت قصد کرنے جہاد کے
ہرگز خیال غنیمت ملنے کا نہ لاوے اور نیت خالص رکھے بعد ازان تجارت ہی خصوصًا وہ تجارت جسمین حاجت روائی
مسلمانون کی ہو جسطرح ایک ملک سے دوسرے ملک مین یا ایک شہر سے دوسرے شہر مین لیجائے چنانچہ حدیث
مین وارد ہی الجالب مرزوق والمحتکر ملعون پس اگر تاجر کی نیت خدمت مسلمانون کی اور حاجت روائی مسلمانون کی ہو
تو یہ تجارت عبادت کا حکم پیدا کرتی ہی بعد ازان زراعت ہی کہ اسمین بھی نیت خیر ہوتی ہی یعنے نیت حاصل کرنے قوت انسان
اور حیوان کی ہوتی ہی اور توکل اور اعتماد قوی رحمت الٰہی پر ہوتا ہی کہ وہ باد و باران ہی بعد ان تین کسبون کے اور کسب
باہم چندان فضیلت نہین رکھتے مگر کتاب کہ اسمین علوم دینیہ اور احکام شرعیہ اور احوال انبیا اور اولیا یاد ہوتے ہین
بہتر معلوم ہوتی ہی بعد ازان اور حرفے کہ تعلق بقاء عالم سے رکھتے ہین جسطرح معماری اور بیلداری اور خشت پزی
اور چونہ پزی اور روغن کشی و پنبہ فروشی اور سوت بیچنا یعنے جولاہہ گری اور خیاطی یعنے رزی گری اور آردسائی
یعنے آٹا پیسنا بہتر ہی ان حرفون سے اور صنعتون سے کہ محض بنا بر تکلف اور تزئین اور تفاخر اور رونق دولت کے
ہوتے ہین مانند سناری اور نقاشی اور زردوزی اور حلوائی گری اور عطر فروشی اور نگریزی پھر یہ صنعتین اگر خلاف
شرع نہون تو کچھ قباحت نہین رکھتے اور نہ کسیطرح کی کراہیت ہی بخلاف ان کسبون کے کہ انمین آلودگی نجاست
کی ہو یا بدخواہی خلایق کی یا اعانت معصیت الٰہی پر یا دین فروشی یا جھوٹھ بولنا اور فریب اور دغا کرنا انمین لازم
ہو مانند شاخ کشی اور قصابی اور کناسی یعنے خاکروبی اور دباغی اور احتکار غلہ اور حجامی اور مردہ شوئی اور کفن فروشی
اور خناگری اور رقاصی یعنے ناچنا اور بقالی اور جرہ بازی یعنی چہل بازی جیسا زبان سابق مین چہل باز ایک شخص
کو راہ مین کہڑا کرتے کہ جو کوئی راہ مین نکلتا یہ شخص اسکو اس انداز سے چھو دیتا تھا کہ راہرو واقف نہوتا تھا اور ادھر اودھر
پریشان ہوکے دیکھتا تھا اور چہل باز ہنستے تھے اور دلالی اور وکالت پیشگی یعنے وہ دلالی اور وکالت جسمین
جھوٹھ و فریب ہو اور اجرت لینا امامت اور خدمت مساجد اور اجرت تلاوت قرآن اور تعلیم قرآن کی یہ سب کسب مکروہ ہین
انتہی اور منتہی الطالب مین لکھا ہی کہ احادیث مین فضیلت کسب اور کاسب کی اکثر آئی ہی اور تارک کسب کی مذمت

طاقت کے بھائی لکھی ہو یعنے کسب ترک کرے بجبری اور کسل سے اور بھیک مانگتا پھرے لیکن جو کوئی کہ سوال نہ کرے
اور بسبب اعتماد رزاقی خدا یا بلحاظ نقصان اعمال دینیہ اور تخلل اذکار اور عبادات مین کسب نکرے
تو داخل وعید نہین ہو بشرطیکہ تعلق دلی اور توقع خدمت خلق سے نرکھتا ہو کیونکہ یہ سوال دل ہو اور جو کوئی
بقدر کفایت مال رکھتا ہو بالقدر کفایت اوقات لبسری اوقات سے کرسکتا ہو یا اور جگہ سے بہم پہونچ سکتا ہو
اسکو بلا خلاف عبادت کرنا افضل ہو اسیطرح معلم علوم دینیہ اور قاضی اور مفتی وغیرہ اگر بقدر کفایت معین
رکھتے ہون تو انکو اپنے کامون مین مشغول رہنا چاہیے نہ کسب مین اور جو کوئی کسب کرنا اختیار کرے تو اسکو
طلب کرنا حلال کا فرض ہو اور لازم ہو کہ ہر پیشے اور ہنر مین احکام شرعیہ کی رعایت کرے اور باوجود کسب کے
خدا پر توکل کرے ورنہ شرک خفی لازم ہو جائے گا اور لازم ہو کہ لینے مال حرام اور کسب حرام سے محترز رہے فرمایا
حضرت صلعم نے کہ جو کوئی مال حرام سے صدقہ دے تو قبول نہین ہوتا اور ہنین چھوڑتا مال حرام بیچے اپنے لیئے بعد مرنے کے
نکر ہوتا ہو توشہ اسکا پہونچانے والا آتش دوزخ کی طرف اور یہ جانے کہ اگر تھوڑا مال حرام بھی حلال مین مل جائے
تو سب مال مشتبہ ہو جائیگا اور اسیطرح مال اور کسب مشتبہ سے بھی بازرہنا اولے ہو اور اگر کوئی اسیکو کچھ دے
اور اسمین شبہہ ہو تو چاہیے کہ نرمی سے واپس کرے اور جو دینے والا اسمین آزردہ ہو تو نہ پھیرے اور یہی حال ہو
شکوک کا کہ اگر دینے والا آزردہ نہو تو تحقیق کرے والا نہ کرے کیونکہ آزردگی مسلمان کی ہوگی اور یہ حرام ہو اور
تحقیق کرنا ورع ہو پس مرتکب حرام کا نہو مگر یہ کہ حرام محض ہو جسطرح شراب وتاڑی اور جس بازار مین کہ اکثر
مال حرام بکتا ہو اسمین خرید و فروخت نہ کرے اور بلا علم حرمت اور شبہہ کے ہر جگہ تجسس اور تحقیق مین پڑنا وسوسہ ہو
اور مزدوری کسب تا شروع کی بھی حرام ہو جسطرح مزدوری زناکاری اور رقاصی اور نوحہ گری اور سینے والے
ریشمی اور زیور واسطے مردون کے اور تجارتون مین تجارت بزازی ہو اور پیشون مین بہتر پیشہ مشک دوزی ہو
اور خرید فروخت مین سیسے تانبے کے روپئے اور کھوٹے درہم و دنانیر مروج نہ کرے اور جو اس قسم کے ہاتھ آوین
تو کنوے مین ڈالدینے چاہیے اور معاملے مین فریب و دغل نہ کرے اور قسم نہ کھائے اور عیب اسباب کا نہ
سے نہ چھپاوے اور تعریف اپنی اسباب کی زیادہ نہ کرے اور کوئی چیز ایسے کے ہاتھ نہ بیچے کہ لینے والا اسکو فعل
حرام مین لگاوے جسطرح انگور شراب ساز کے ہاتھ اور ہتھیار قزاق لیئے رہزن وغیرہ کے ہاتھ اور پیشون مین
آمیزش بری چیز کی نہ کرے کہ مزدوری اسکی حرام ہوتی ہو اور ناپ تول مین کمی نہ کرے اسیطرح بہت باتین ہین
کہ فقہ کی کتابون مین مذکور ہین القصہ بعد فتح خیبر کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود خیبر کو ارشاد کیا کہ تم سب
نکل جاؤ تب وہ لوگ بمنت ملتمس ہوے کہ آپ کو نبا برادائے خدمات باغون کے فرودرد رکار ہون گے
اگر ہم لوگون کو اس کام کے لیے رہنے دیجیے تو بہتر ہو کیونکہ ہم دل لگاکے کام کرینگے صرف مزدوری لینگے اور

اصل ملکیت مین کسیطرح دخل نہ کرینگے حضرت رحمۃ للعالمین نے منظور کرکے فرمایا کہ جب تک ہم چاہینگے رکھینگے
اور جب چاہینگے نکالدینگے اُنھون نے قبول کیا آنجناب نے فرمایا کہ نصف بحاصل بیت المال مین داخل کیا کرو اور
نصف تم لیا کرو چنانچہ اسیطرح قرار پایا کہ ہر سال حضرت عبداللہ بن رواحہ نصف لیجایا کرتے تھے صحیح مسلم مین عبداللہ
بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے عنایت کیے درخت کھجور خیبر کے یہود خیبر کو اور زمین اُسکی اس شرط پر
کہ محنت کرین اپنے مال سے اور حضرت کے واسطے نصف میوہ اُسکا اور بخاری کی روایت ہی کہ رسول اللہ نے دیا خیبر
یعنے درخت اور زراعت خیبر کی یہود کو اس شرط پر کہ محنت کرین اُسمین اور کھیتی کرین اور ہو یہود کے لیے نصف
اُس چیز کا کہ نکلے اُس سے اس حدیث سے مسئلہ جواز مساقات اور مزارعہ کا نکلا امام اعظم رح ان دونون عقدون کو
فاسد کہتے ہین اس دلیل سے کہ یہ اجارہ ہی ساتھ اجر مجہول اور معدوم کے کیونکہ مساقات یہ ہی کہ اپنے درخت کسیکو دے
اور یہ کہے کہ اسمین پانی دینا اور اصلاح کرنا جو کچھ میوہ حاصل ہوگا باہم تقسیم کرلین گے آدھا خواہ تہائی خواہ چوتھائی
یا مانند اسکے اور مزارعہ یہ کہ کسیکو زمین دے کہ اس زمین مین کاشت کرے جو اُسمین پیدا ہوگا باہم بانٹ لین گے
آدھا تہائی وغیرذلک حاصل یہ کہ مساقات درختون مین ہوتی ہی اور مزارعہ زمین مین اور امام صاحب فرماتے ہین
کہ یہ حدیث اُس قبیل سے نہین ہی اس لیے کہ درخت اور زمین حضرت کے ملک سے نہ تھی کہ اُنکو بطریق مساقات اور مزارعہ
دیا ہو بلکہ اُنھون کے درخت اور زمین کو اپنیر مسلم رکھا اور اپنیر خراج مقرر کرلیا اور خراج دو قسم ہی خراج مُوظف
اور خراج مقاسمت پس خراج مُوظف کہ امام ہر سال کچھ لینا مال کا مقرر کرے جسطرح اہل نجران سے ہر سال
ایک ہزار اور دو سو جُبے یعنی جوڑے لیتے تھے اور مقاسمت یہ ہی کہ تقسیم کرے باہم حاصل زمین کا جیسا کہ اہل خیبر سے کیا گیا
اور مخابرہ مشتق خیبر سے ہی اور اس سے حدیث مین نہی بھی واقع ہوئی مگر صاحبین رح کے نزدیک اور ایمہ ثلثہ کی رائے مین
جائز ہی اور فتوے صاحبین کے قول پر ہی لدفع الحرج بعد ازان حضرت عمر رض نے عہد خلافت مین یہ حکم دیا کہ سوائے اہل اسلام
کے جزیرہ عرب مین کوئی اہل ملت نہ رہے لہذا یہود خیبر کو نکالنا منظور فرمایا ایک یہودی نے کہا ہمکو حضرت نے رکھا تھا
تم کیون نکالتے ہو حضرت عمر نے کہا مجھے خوب یاد ہی کہ آنجناب نے تم سے کہدیا تھا کہ جب چاہینگے نکالدینگے اور تجھسے کہا تھا
کہ تیرا حال کیا ہوگا جب اونٹنی تیری تجھے رات کو لیے پھرے گی بھکتی ہوئی اُس یہودی نے کہا ایک ٹھٹھے کی بات تھی
ابوالقاسم کی حضرت عمر نے کہا تو جھوٹا ہی آپ نے ٹھیک فرمایا تھا اور سب یہودیون کو خیبر سے نکالدیا کہ
شام کو چلے گئے القصہ بعد اس بندوبست کے حضرت صلعم نے خیبر سے سعادت فرمائی اور اطراف و حوالی خیبر مین
جلوہ فرما ہوئے اور محیصہ ابن مسعود حارثی کو جانب فدک روانہ فرمایا کہ وہان کے لوگون کو ہدایت کرین سو محیصہ نے
فدک مین جاکر ہدایت و تعلیم کرنا شروع کی اور سرکشون کو تکلیف کرنے لگے کہ اگر نہ مانوگے تو وہی معاملہ تمہارے
ساتھ کیا جائیگا جو خیبریون سے ہوا وہ بولے اے محیصہ تو بے فائدہ کلام نکر تو اپنے پیغمبر سے کیا ہمکو ڈراتا ہی دیکھ عامر

وابیسر و حارث اور سارے یہودیون کا سردار مرحب قلع نطاۃ مین موجود ہین اور دس ہزار آدمی جنگی اُنکے ساتھ ہین پھر کیونکر خیال کیا جاے کہ محمد ان لوگون کے ساتھ مقابلہ کر سکے گا محیصہ نے جب دیکھا کہ یہ لوگ راہ راست پر نہین آتے تو ایک دو دن ٹھہر کر مراجعت کا ارادہ کیا وہ لوگ بولے ای محیصہ اگر تو فی الجملہ صبر کر تو ہم اپنے سردارون سے مشورہ کرکے درصورت صلاح کچھ لوگ تیرے ساتھ محمد کے پاس بھیجین تاکہ صلح کی تدبیر کرین اسی رد و بدل مین تھے کہ دفعتہ اہل حصن نے عم کی قتل کی خبر پہونچی تو بہت گھبرا گئے اور محیصہ کی خوشامد کرکے کہنے لگے کہ ای محیصہ وہ کلام جو ہمنے پہلے کیا تھا کسی سے اسکا ذکر نہ کرنا ہم اس جلد وہین تجھکو بہت کچھ نقد و جنس دینگے محیصہ نے کہا کہ مین ایک حرف بھی اپنے پیغمبر سے نہین چھپاؤنگا غرض کہ محیصہ روانہ ہوکر حضرت کے خدمت مین حاضر ہوا اور تمام سرگذشت التماس کی یہود فدک نے جو لالچی کرکے اپنے سردارون مین سے ایک شخص کو مع ایک جماعۃ یہود کے حضرت کے پاس بھیجا کہ صلح کرے اُسنے بہت گفتگو اور عرض معروض کرکے یہ طے پایا کہ فدک کی آدھی زمین حضرت کو دین اور آدھی اپنے قبضہ مین رکھین حضرت رحمۃ للعالمین صلعم اسپر راضی ہوگئے اور صلح قرار پائی کیونکہ محاربہ و مجادلہ سے غرض ہی تھی کہ منکرین اسلام باتو ہدایت پاکر مشرف باسلام ہون یا مطیع اسلام ہوکر رہین سو ایک امر وقوع مین آیا یعنی یہود فدک نے سرکشی چھوڑ کر اطاعت اسلام قبول کی اور نصف فدک دینے پر راضی ہوئے چنانچہ حضرت صلعم نے صلح اختیار فرمائی یعنے نصف یہود کو دیا اور نصف بطور وقف کے رکھا کہ انبار السبیل کا صرف رہا پھر آغاز خلافت حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ فدک کی زمین اُسی ستور پر رہی بعد اُسکے حضرت عمر نے یہ مصلحت دیکھی کہ یہود کو بسبب سرکشی و دغابازی کے فدک سے نکال کر شام کو بھیجدین اور نصف زمین فدک خرید کرکے داخل دار اسلام کرلین چنانچہ پچاس ہزار درم بیت المال سے لیکر معرفت ابو الہیثم ابن التیہان و زید ابن ثابت و سہل ابن ابی حثمہ کے دیے اور زمین خریدی اور یہود کو نکال دیا اسیطرح یہود خیبر کو بھی اپنے خلافت مین خیبر سے نکالا ہے اور اُنکے شر سے مسلمانون کو بچایا ہے مگر خلفاء راشدین کے عہد تک صرف محصول اس نہین کا موافق تجویز رسول مقبول رہا ہے القصہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر سے کوچ کیا تو آپ نے وادی القریٰ کے جانب توجہ فرمائی راہ مین جب صہبا خیبر مین نزول فرما ہوئے تو وقت صلوۃ عصر کے معجزہ رد الشمس دکھلایا اور وادی القریٰ کے لوگون نے اہل اسلام کی تشریف لانے کی خبر پائی اور آمادۂ جنگ و جدال ہوے اور باہر نکلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اُنکو مقابلہ و محاربہ پر طیار دیکھکر غازیان اسلام کی صفین آراستہ فرمائین اور سعد بن عبادہ کو علم لشکر اسلام عنایت کیا وہ کمال نرمی سے پیش آئے اور بہت سمجھایا مگر اُن سرکشون نے مقابلہ مین سبقت کی ناچار اہل اسلام نے بھی مقابلہ کیا کہ ایک شب و روز یہود وادی القریٰ خوب لڑے اور دس آدمی مارے گئے دوسرے روز صبح کو فتح اسلام ہوئی اور تمام مال و متاع اُنکا ضبط ہوا لیکن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے براہ رحمت و شفقت زمین و باغات اُنھین کو متاجری مین واپس کر دیے اور اُنکو وادی القریٰ مین رہنے دیا جب یہ خبر یہود تیما کو پہونچی تو اُنھون نے خوف کھاکر جزیہ دینا قبول کیا اور بروایت صحیح نزل

سبب ہیں زقاف صفیہ واقع ہوا اور اسی غزوہ میں نکاح متعہ حرام ہوا کیونکہ اسوقت تک متعہ حلال تھا پھر بروز اوطاس کہ بعد فتح مکہ واقع ہوا ہے مباح کیا گیا اور تین دن کے بعد حرام قطعی ہوا اور بیع مغانم قبل القسمۃ اور وطی حواری قبل الاستبراء اور گوشت دراز گوش اہلی و استرو سبع نیش دار و بیع اشیاء بولیہ بلا رعایت مساوات ممنوع ہوئی صحیح مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صلعم غزوۂ خیبر سے معاودت فرما کر جانب مدینہ تشریف لیچلے ایک مرتبہ رات کو اتفاق چلنے کا پڑا یہاں تک کہ حضرت کو نیند لگی آخر شب میں واسطے استراحت کے نزول فرما ہوے بلال سے ارشاد کیا کہ تم رات کی نگہبانی کرو ہمارے واسطے یعنی خیال رکھو کہ نماز صبح کے واسطے جگا دو سو بلال نماز میں مشغول ہوئے تاکہ نیند نہ آوے اور پڑھنے نماز میں جتنی مقدر تھی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع اپنے یاروں کے سو رہے جب صبح ہونے لگی تو بلال رضی اللہ عنہ نے اپنے اونٹ سے تکیہ لگا مطلع صبح سے متوجہ ہوئے آنکھ بے اختیار نیند آگئی اور اسیطرح تکیہ لگائے سو گئے یہاں تک کہ آفتاب نکل آیا یہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جاگے نہ اصحاب باصفا نہ بلال با وفا سب سے پہلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے اور ڈرے سو جانے سے اور نماز کے فوت ہونے سے اور ارشاد کیا کہ اے بلال کیا معاملہ پڑا جو تو سو گیا تو نے پاسبانی میں تقصیر کی بلال نے التماس کیا کہ میرے نفس کو وہ بات عارض ہوئی جو حضرت کے نفس کو عارض ہوئی فرمایا کہ اپنی سواریاں کھینچ کر روانہ ہوئے منزل شیطان ہے سب لوگ اپنے اپنے اونٹ کھینچ کر اس وادی سے تھوڑے دور چلے اور اترے پھر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور بلال کو حکم دیا کہ اقامت کہے بلال نے اقامت کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز جماعت ادا کی اور فرمایا من نسی الصلوۃ فلیصلہا اذا ذکرہا فان اللہ تعالے قال اقم الصلوۃ لذکری یعنی جو کوئی بھول جائے نماز خواب سے یا کسی امر باعث سے پس چاہیے کہ پڑھے اسکو جسوقت یاد آوے اسکو اسلیے کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ برپا کر نماز کو میرے یاد کرنے کے وقت فائدہ سبب خروج وادی میں علما کو اختلاف ہے حنفیہ کہتے ہیں کہ وجہ خروج وادی بلند ہونا آفتاب کا ہے کیونکہ انکے نزدیک قضا روایت اوقات میں نہیں ہے اور شافعیہ کہتے ہیں کہ سبب خروج یہ تھا کہ وہ وادی جاے شیطان تھا کسواسطے کہ وہ لوگ اوقات منہیہ خصوصاً منزل میں داخل جانتے ہیں فائدہ ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان نماز قضا میں نہیں ہے کہ ایک قول امام شافعی کا یہی ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ نماز قضا میں نہ اذان ہے نہ اقامت ہدایہ میں ہے کہ پیغمبر خدا صلعم نے نماز فجر غداۃ لیلۃ التعریس میں باذان و اقامت قضا فرمائی تھی اور شیخ ابن الہمام اس بات میں مسلم و ابو داود اور موطا سے احادیث نقل کر کے فرماتے ہیں کہ مسلم نے جو اس قصہ میں اقامت نقل کی ہے سو منافی ان احادیث کے نہیں ہے کیونکہ صحیح یہ ہے کہ حضرت صلعم نے قضاے فجر باذان و اقامت فرمائی ہے اور جو لوگ کہتے ہیں کہ مشروعیت اذان اسواسطے ہے کہ آدمی مطلع ہوں اور نماز بجماعت ادا کریں اور نماز قضا میں ان دونوں کی ضرورت نہیں ہے جواب اسکا یہ ہے کہ مشروعیت اذان اگرچہ بنا بر اعلام ہے لیکن ان کلمات کے ذکر میں بھی ثواب ہے ولہذا افضل یہ ہے کہ نفرد بھی اذان و اقامت کہے فائدہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ آنکھیں میری خواب کرتی ہیں لیکن میرا دل بیدار ہے پس باوجود بیداری دل کے عدم اطلاع طلوع فجر سے کیا معنی جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ اگرچہ دل بیدار ہو مگر ملائکہ

وغروب معلوم نہیں ہوتا اور جو کوئی کہے کہ از روی کشف اور وحی کسواسطے دریافت نہ کیا تو ہم کہتے ہیں کہ یہ فعل خدا کا ہے حضرت کے اختیار سے باہر ہے ہمیں کچھ حکمت ہوگی ظاہر اور حکمت تشریع احکام کی ہے حضرت شیخ المحدث عبد الحق دہلوی فرماتے ہیں کہ ہم دل بیدار ہست ولیکن تواند کرا و را حالتے و شہودے دست دہد کہ دران مستغرق گردد و تا سوئے مشہود از جمیع صور معانی و اہل معانی غافل گردد چنانچہ در بعضے احیان در حالت وحی مثل ایں حالت روی میدہد و پس باعث نسیان و غفلت نیز ہم قلب نبی شدید ملکہ طریان حالتے عظیم کہ خبر خدائے رب العزت حقیقت آن را اندانند فانہم اسی سال میں زفاف ام حبیبہ دختر ابو سفیان ابن حرب امویہ واقع ہوا عمر انکی اس عرصہ میں تینتیس برس کی ہوگئی تھی اور اسی سال میں خبر ہوئی کہ یہود خیبر نے بعد قتل ابن ابی الحقیق کے اسید بن زرارہ کو امیر کیا ہے اور باعانت غطفان لڑا چاہتے ہیں حضرت نے عبد اللہ بن رواحہ کو مع تیس آدمیوں کے بھیجا عبد اللہ نے اسید سے کہا کہ حضرت نے تجھکو بلایا ہے تاکہ عامل خیبر کریں سو وہ چلا عبد اللہ نے اسکو اثنا راہ میں قتل کیا اور مدینہ میں حاضر ہوئے اور اسی سال میں عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کو قبیلہ ہوازن پر روانہ فرمایا وہ لوگ خبر آمد امیر المومنین عمر سنکر بھاگ گئے ناچار امیر المومنین واپس تشریف لائے اور اسی سال میں امیر المومنین ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مع ایک جماعہ مجاہدین فی سبیل اللہ قبیلہ بنی فزارہ خواہ کلاب پر کہ نواحی نجد میں رہے تھے بھیجے گئے اس جماعہ اسلامیہ میں سلمہ ابن الاکوع بھی تھے وہ گئے تو بعض کو قتل کیا اور بعض کو اسیر کر لائے ازاں جملہ ایک عورت حسینہ جمیلہ سلمہ بن الاکوع کے ہاتھ آئی کہ صدیق اکبر نے انہیں کو عنایت فرمائی اُنسے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لیکر یہیں بھیجا اور اُسکے عوض اسیران مکہ کو چھڑایا اسی سال میں بشیر بن سعد انصاری بنی مرہ پر کہ متصل فدک رہتے تھے روانہ کیے گئے وہ نہ ملے ناچار انکے مویشی لیکر چلے بنی مرہ کے لوگ خبر پاکر دوڑے کہ نوبت مقاتلہ پہونچی مسلمانوں کے پاس تیر زرہے کافروں نے قتل کیا اکثر مسلمان شہید ہوگئے اور بشیر بن سعد بھی مجروح ہوئے اور فدک میں آئے جب بحال صحت ہوئی اور زخم مندمل ہوگئے تب مدینے میں آئے یہ خبر حضرت صلعم کو پیش از حضوری بشیر بن سعد ہوگئی تھی کہ حضرت نے اسی کا عوض سال ہشتم میں لیا اسی سال میں بشیر ابن سعد مع تین سو مجاہدین کے اہل یمن و جبار پر روانہ ہوئے وہ لوگ انکے خوف سے بھاگے مگر دو آدمی گرفتار ہوئے اور مدینے میں آکر اسلام لائے اور مال و اسباب لوٹ میں بہت ملا اسی سال میں ابن ابی العوجاء بنی سلیم پر روانہ ہوئے کہ ان لوگوں نے مقابلہ کیا اور خوب لڑے تھے کہ سردار سریہ بھی مجروح ہوئے اسی سال میں غالب ابن عبد اللہ لیثی باجماعہ دو صد و بیست کس بنی عوال بضم العین المہملہ پر اور نیز بنی عبد ابن ثعلبہ پر بھیجے گئے انھوں نے بعض کو تہ تیغ کیا اور بشتر و غنم اکثر لوٹ لائے بعد ازاں اسی سال کی ماہ ذیقعدہ میں حضرت صلعم نے بجماعہ دو ہزار کس عمرہ قضا ادا فرمایا روایت ہے کہ اس سفر میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے میمونہ بنت حارث ہلالیہ سے موضع سرف میں نکاح کیا اور وقت رجوع مکے سے اسی موضع میں زفاف واقع ہوا اور اسی مقام میں سال شصت و سہ ہجری میں میمونہ نے وفات پائی یہ میمونہ خالہ عبد اللہ بن عباس و خالد ابن ولید و یزید بن الاصم کی تھیں بعضے قائل ہیں کہ حضرت صلعم محرم تھے اور بعض کے نزدیک وقت نکاح محرم نہ تھے اور اقوی از روی دلیل یہ ہے کہ آنجناب صلعم محرم تھے اور یہ بات منجملہ خصائص آنحضرت صلعم ہے مگر شافعیہ کے نزدیک

آنحضرت محرم نہ تھے بالجملہ جب حضرت صلعم کو تین روز مکہ معظمہ میں گذرے تو کافروں نے حضرت علی مرتضے سے کہا کہ مدت اقامت ختم ہوگئی آپ اپنے پیغمبر سے کہیے کہ تشریف لیجائیں چنانچہ حضرت علی مرتضی کے کہنے سے آنحضرت وہاں سے روانہ ہوئے روایت ہے کہ یہ کلام دوپہر کو چوتھے دن سہیل بن عمرو اور حویطب بن عبدالعزی نے حضرت علی مرتضی سے کہا تھا کہ اسیدم آنحضرت روانہ ہوئے اور عمارہ دختر امیہ حمزہ رضی اللہ عنہ پیچھے سے پکارتی ہوئی چلیں کہ یا عم یا عم حضرت علی مرتضی نے انکا ہاتھ پکڑ کر سیدہ فاطمہ علیہا السلام فرمایا کہ یہ تمہارے چچا کی بیٹی ہے اسکو اپنے پاس لیجاؤ جب مدینہ منورہ میں پہونچے تو علی بن ابیطالب اور جعفر طیار اور زید بن ثابت میں درباب کفالت عمارہ نزاع واقع ہوئی ہر ایک نے اپنے اپنے وجوہ ترجیح بیان کیے حضرت علی نے کہا میری چچا کی بیٹی ہے اور میں اسکو لایا ہوں اور فاطمہ بنت محمد رسول اللہ میرے گھر میں ہیں وہ حقدار تربیت ہیں اور زید بن ثابت بولے کہ عمارہ میرے بھائی کی بیٹی ہے میں مستحق تربیت ہوں اگرچہ زید ابن ثابت غلام آزاد کردہ حضرت رسالت مآب تھے مگر آنجناب نے امیہ حمزہ اور زید میں بھائی چارہ کروایا تھا اسلیے انھوں نے وقت منازعت عمارہ کو بھتیجی فرمایا اور جعفر طیار نے کہ دس برس علی سے بڑے تھے فرمایا کہ عمارہ میرے چچا کی بیٹی ہے اور اسکی خالہ میرے نکاح میں ہے یہ معاملہ دیکھکر حضرت صلعم نے علی مرتضی سے فرمایا انت منی وانا منک یعنی میں تجھسے ہوں تو مجھسے ہے یعنی مجھمیں اور تجھمیں کمال اخلاص ہے اور جعفر ابن ابیطالب سے فرمایا اشبہت خلقی وخلقی یعنی تو میری صورت اور سیرت میں مشابہ ہے اسمیں کمال فضیلت حضرت جعفر کی نکلی کہ حضرت کی ظاہر و باطن سے مشابہت ہونا عمدہ بات ہے اور زید سے فرمایا انت اخونا ومولانا یعنی تو ہمارا بھائی اور محب ہے پھر جعفر سے فرمایا کہ تو زیادہ حق دار ہے کیونکہ عمارہ کی خالہ تیرے گھر میں ہے اور خالہ بمنزلہ ماں ہے ولا تنکح المرءۃ علی عمتہا ولا علی خالتہا یعنے عورت نکاح نہ کیجاے اپنی پھوپھی و خالہ پر یعنی جعفر کو عمارہ سے نکاح باوجود خالہ کے حرام ہے سو جعفر ابن ابیطالب نہایت خوش ہوئے بعد ازاں حضرت ولایت مآب کرم اللہ وجہہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ عمارہ سے نکاح کیوں نہیں فرماتے فرمایا انہا بنت اخی من الرضاعۃ یعنے عمارہ بیٹی میرے بھائی دودھ شریک کی ہے کیونکہ آنحضرت صلعم نے اور امیر المومنین حمزہ بن ابیطالب نے ثوبیہ لونڈی ابولہب کا دودھ پیا تھا روایت ہے کہ عمارہ کا نکاح مسلمہ بن سلمہ سے کیا ہے اسی سال میں حضرت صلعم نے ایک فرمان ملک غسان مسمے جبلہ بن ایہم کو لکھوایا کہ وہ اسلام لایا اور جواب نامہ باہدایا و تحف مناسب حضور رسالت مآب میں بھیجا مگر حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کے خلافت میں مکے سے بھاگ کر قسطنطنیہ میں آیا اور مرتد ہوگیا اور حالت ارتداد میں مرا نعوذ باللہ من سوء الخاتمہ اور وجہ فرار یہ واقع ہوئی کہ حضرت عمر کے ساتھ بنا بر حج بیت اللہ کعبے کو گیا اور ایک مرد بنی فزارہ کو ظلماً قتل کیا حضرت امیر المومنین نے قصاص کا حکم جاری کیا تب وہ بھاگا اور اسی سال میں حضرت صلعم نے فروہ بن عمرو جذامی کو خط دوسرا لکھوایا یہ شخص عمال روم سے تھا اسنے اسلام قبول کیا بادشاہ روم نے یہ حال سنکر اسکو سولی دی مگر بعض اہل تحقیق نے اس حال کو سال ہم میں لکھا ہے القصہ جب سال ہشتم ہجرت شروع ہوا تو ماہ صفر میں بقول جمہور عمرو بن عاص اور خالد بن ولید و عثمان بن طلحہ عبدری جنکی اولاد کے پاس اب کلید کعبہ ہے ایمان لائے اور مکہ محترمہ

سنہ ۸ ہجرت کرکے مدینے منورہ میں حاضر ہوئے مگر بعض اہل سیر اسلام ان لوگوں کا آخر سال ہفتم میں بیان کرتے ہیں اور بعضے سال پنجم میں اصح

ذکر اسلام خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

ماقدمنا خالد ابن ولید سے روایت ہے کہ جب ارادہ قدیمہ الٰہی میرے اسلام سے متعلق ہوا تو محبت اسلام میرے دل میں اللہ نے ڈالی اور حضور اس روز کہ حضرت صلعم سفر حدیبیہ میں صلوٰۃ خوف ادا کرتے تھے اور میرا ارادہ تھا کہ آنجناب کو ماروں مگر حفاظت لطف خداوندی سے اُن تک نہ پہونچ سکا اور جب صلح ہوئی تو میں نے خیال کیا کہ اب قریش کو شوکت و قوت باقی نہیں رہی اور بخاشی تابع پیغمبر ہے اُسکے پاس بھی نہیں جا سکتا مگر ہرقل قیصر روم کے پاس جاکر نصرانی یا یہودی ہو جانا بہتر ہے پھر دل میں گذرا کہ چندے اور دیکھوں کیا ہوتا ہے اسی خیال میں تھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارادہ عمرہ قضا مکہ معظمہ میں تشریف لائے تو میں وہاں سے نکل گیا جب آنجناب عمرہ کرکے

ذکر اسلام خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

تو میرے بھائی ولید بن ولید سے میرا حال پوچھا اُسنے مجھے لکھا کہ سخت تعجب ہے کہ تو اسلام نہیں لاتا رسول اللہ نے مجھ سے پوچھا کہ خالد کہاں ہے میں نے عرض کیا خدا اُسکو لائے فرمایا حالانکہ اُس قسم کے لوگوں میں نہیں ہے جسپر حقیت اسلام پوشیدہ رہی ہو اگر وہ اسلام لاوے اور اپنے مردانگی و شجاعت باتفاق اسلامیان مشرکوں پر ظاہر کرے تو اُسکے حق میں نہایت خوب ہے اور میں اُسکو غیر پر مقدم کرونگا سو اے برادر تو جلد حاضر ہو کہ تجھسے بہت باتیں نیک فوت ہوگئیں ہیں والسلام خالد کہتے ہیں کہ اس خط کے وصول ہونے سے میں بہت خوش ہوا اور اسلام کی طرف رغبت زیادہ ہوئی تب میں مکہ مبارکہ میں آیا اور اسباب سفر مہیا کرکے جانب مدینہ چلا راہ میں عثمان بن طلحہ عبدری میرا دوست بھی ہمراہ ہوا جب موضع ہدہ میں پہونچا تو عمرو بن عاص مسلمان ہونے کو جاتا تھا وہ بھی مل گیا کہ ہم تینوں آدمی باتفاق داخل مدینہ ہوئے حضرت صلعم کو خبر ہوئی اور میں پارچہ مسافرت بدل کر بنا بر ملازمت رسول مقبول روانہ ہوا راستے میں ولید میرا بھائی ملا اُسنے کہا جلدی چل حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم منتظر تیرے ہیں چنانچہ میں بسرعت تمام حضور پر نور میں حاضر ہوا آنجناب مجھے دیکھکر متبسم ہوئے میں نے التماس کیا کہ السلام علیک یا رسول اللہ حضرت نے بہت خوشی سے فرمایا وعلیک السلام بیشک میں نے کہا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و انک رسول اللہ پھر فرمایا الحمد للہ الذی ہداک الی الاسلام اے خالد میں جانتا تھا کہ تجھکو عقل ہے اور خدا سے امید رکھتا تھا کہ تجھے براہ خیر ہدایت کرے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کو معلوم ہے کہ میں نے کس کس طرح سے بے ادبی و بیعقلی حالت کفر میں کی ہیں سو آپ دعا کریں کہ وہ گناہ میرے معفو ہوں فرمایا اے خالد اسلام وہ چیز ہے کہ اُس سے گناہ گذشتہ محو و کان لم یکن ہو جاتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہی ہمہ امیدوار ہوں کہ آپ دعا فرماویں آنجناب نے دعا کی کیا الٰہی گناہ گذشتہ خالد ابن ولید کے بخش دے بعد ازاں عمرو بن عاص و عثمان بن طلحہ مشرف باسلام ہوئے بخدا اے لایزال جسدن سے میں مسلمان ہوا ہوں اُس روز سے جو مہم پیش آئی اور میں آنحضرت کے کسی اصحاب کبیر سے برابر نہیں فرمایا کذا فی بجۃ المحافل مورخ الدر روایت ہے کہ عمرو بن عاص نے ہاتھ اپنا بیعت کے لیے دراز کیا اور کھینچ لیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں بھلا ایک شرط بیعت کرتا ہوں فرمایا بیان کر کہا ایمان لاتا ہوں اس شرط پر کہ تمام گناہ گذشتہ میرے بخشے جائیں فرمایا تو نہیں جانتا کہ اسلام درکرتا ہے ہر ایک گناہ کو

بیعت کرنے کی شرط

راوی حدیث

بوحالت کفر میں ہم سے ہوں اور ہجرت دور کر دیتی ہے اور دعا تی ہے ہر گناہ کو جو پیشتر ہجرت سے کیے ہوں تب عمرو بن عاص نے بیعت کی روایت ہے کہ عمرو بن عاص وقت

راوی حدیث

فوت نہایت خوفناک تھے انکے بیٹے نے جسکا نام عبد اللہ تھا کہا اے باپ یہ بھی ہرگز نہ ہوگا کہ تم تو اصحاب رسول اللہ ہو اور مجاہدی سبیل اللہ ہو عمرو بن عاص نے کہا اے فرزند میں مطلق مجھے گزری میں داخل اس پیغمبر اللہ سے نہایت شاق تھا پھر اسلام لایا اور یہاں میں ہوا پھر ولایت امارت میں مبتلا ہوا اور پھر نہ جانے کو دنیا سے جو کچھ کہ ہو پنجا ہیں نہیں معلوم

کہ مجھسے کون حالت سے معاملہ پیش کرینگے اور کیا مجھے پیش آویگا صحیح بخاری مین ہی کہ ایک مرتبہ عمرو ابن عاص سردار لشکر تھے سفر مین انکو حاجت غسل ہوئی اور سردی بشدت تھی انھون نے تیمم کیا اور کہا خدائے تعالی نے فرمایا ہی لاتقتلوا انفسکم آنجناب صلعم نے یہ بات سنی اور کچھ اعتراض نفرمایا اور بعضی کتب معتبرہ سے واضح ہوتا ہی کہ معاویہ بعد صلح حدیبیہ اور قبل فتح مکہ ایمان لائے ہین چنانچہ تقریب التہذیب مین لکھا ہی واللہ اعلم اسی سال غالب ابن عبداللہ لیثی جماعۃ سے املوح پر جانب کدید کہ بروزن جدید ہی بھری چند نفر بھیجے گئے ان لوگون نے جاکر شب خون مارا اور اونٹ پکڑکے جانب مدینہ پیچھے پیچھے ایک جماعت دوڑی اسی وقت اللہ نے پانی برسایا کہ جنگل فاصل بین المسلمین والکافرین بھر گیا وہ لوگ مسلمانون تک نہ پہنچ سکے اور غالب مع جماعۃ اپنی صحیح وسالم مدینے مین حاضر ہوئے بعد اسکے غالب کو بجمعیت دوسو سپاہیون کے جنمین اسامہ بن زید بھی تھے اہالی فدک بنا برانتقام کشتگان سریہ بشیر بن سعد کے روانہ ہوئے کہ مقابلہ واقع ہوا اور اکثر اونٹ وبکریان وغیرہ ہاتھ آئے اسی سال مین شجاع ابن وہب اسدی بجماعۃ بست چہار نفر ہوازن پر روانہ کیے گئے اونٹ بکریان انکے پکڑ لائے کہ ہر شخص نے پندرہ پندرہ اونٹ حصے مین پائے اور پندرہ دن مدینے سے غیبت رہی اسی سال مین کعب ابن عمر غفاری پندرہ نفر سے جانب ذات اطلاح بھیجے گئے محاربہ عظیم واقع ہوا اور کعب بن عمرو مجروح ہوئے جب مدینے مین آئے تو حضرت صلے اللہ وسلم نے اور لوگونکو بھیجا تب کفار خوف سے بھاگ گئے اسی سال مین سریہ موتہ واقع ہوا موتہ بضم میم وسکون واو وبے ہمزہ وبقول جوہری وابن فارس بجواز ہمزہ اور اکثر روات بخاری نے بلا ہمزہ کہا ہی اور بعض نے ہمزہ بہر تقدیر ایک قریہ ہی قریات بلقا سے کہ اس مقام سے بیت المقدس دو مرحلہ رہتا ہی اور بعض کے نزدیک ایک سہ شام از اعمال دمشق مین ہی وعلی التقدیرین سبب اس واقعے کا یون واقع ہوا کہ حضرت صلعم نے ایک خط حارث بن عمرو کے ذریعے سے حاکم بصری کو لکھا جب وہ خط لیکر موتہ مین پہونچے تو شرحبیل ابن عمرو غسانی امیر قیصر نے انکو رسول پیغمبر خدا جانکر مارڈالا جب آنجناب نے سنی تو زید ابن حارثہ رضی اللہ عنہ کو امیر سریہ کرکے تین ہزار مجاہدین کے ساتھ روانہ کیا اور فرمایا کہ اگر زید شہید ہوجاے تو جعفر ابن ابیطالب امیر لشکر ہوا گر وہ بھی شہید ہو تو عبداللہ ابن رواحہ امیر لشکر ہوا اور جو وہ بھی مارا جاے تو مسلمان اپنی تجویز سے جسے چاہین امیر کرین بعد اسکے لواء سفید عنایت کیا ابن حارث کو اور ثنیۃ الوداع تک خود انجناب تشریف لیگئے اور وقت وداع ارشاد فرمایا کہ مقتل حارث پر پہونچکر قوم کو دعوت اسلام کرنا اگر قبول کرین تو بہتر ورنہ جہاد کرنا یہ خبر شرحبیل ابن عمرو غسانی کو ہوئی اسنے بھی اپنا لشکر جمع کیا بالجملہ لشکر اسلام وادی قرمی مین فروکش ہوا اور سدوس برادر شرحبیل مقابل ہوا اور اہل اسلام کے ہاتھ سے مارا گیا شرحبیل قلعہ مین بھاگا اور دوسرے بھائی کو ہرقل قیصر روم کے پاس بھیجا اور اعانت چاہی اور قبایل لخم وجذام اور قین وبہراء وبلی سے بھی مدد کی درخواست کی کہ قریب ایک لاکھ سپاہی کے جمع ہوئے اور اہل اسلام ہمگین تین ہزار آدمی تھے اسی سبب سے متردد ہوئے اور چاہا کہ سب پلٹ جائین

عبداللہ ابن رواحہ نے کہا کہ ہمارا جانا زندگی سے بہتر ہے واللہ ہم فوج کی قوت سے کبھو نہین لڑتے ہم تو بقوت دین لڑتے ہین آخرکار سب لوگ چلے اور شہر موتہ کے متصل مقابل ہوئے اول زید ابن حارثہ علم نصرت لیکر فوج کفار مین درآئے اور نہایت دلیری سے شہید ہوئے بعد ازان جعفر ابن ابیطالب علم لیکر لڑنے لگے پھر گھوڑے سے اترے اور اسکو پی کر کے پیادہ ہوکر لڑنے لگے اول یہی اسپ اسلام مین پی کیا گیا کذا فی درج الدرر آخرکار حضرت جعفر کا دست راست کٹ گیا تو علم اسلام دست چپ مین لیا اور لڑتے رہے جب دست چپ قطع ہوا تو علم کو بازو سے تھاما اور ایک کافر ومی نے دوڑ کر تلوار ماری کہ جسم شریف انکا دو قلم ہوگیا اسوقت عمر انکی بروایتے تینتیس ۳۳ برس کی و بروایتے اکتالیس ۴۱ برس کی تھی اس جلدے مین اللہ نے انکو دو بازو عنایت کیے کہ جنت مین اڑتے پھرتے ہین صحیح بخاری مین عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ جب حضرت صلعم عبداللہ ابن جعفر سے ملتے تو فرماتے تھے السلام علیک یا ابن الجناحین و بسبب اس لقب کا یہ ہوا کہ حضرت صلعم نے جعفر کو بعد شہادت دیکھا کہ دو بازو رکھتے ہین اور فرشتون کے ساتھ اڑتے ہین سو حضرت متحیر ہوئے کہ یہ کیا معاملہ ہے بعد اسکے معلوم ہوا کہ حضرت شہید ہوئے اسی دن سے جعفر طیار کہلائے اور ذوالجناحین لقب ہوا اور ایک روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ دیکھا مین نے جعفر کو بہشت مین کہ اڑتا ہے فرشتون کے ساتھ اور صحیح بخاری مین عبداللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ جعفر ابن ابیطالب کے مین نے مقتولون مین دیکھا تو انکے جسم پر نوے زخم سے زیادہ تیر و نیزے کے تھے الغرض بعد شہادت جعفر ابن ابیطالب کے عبداللہ ابن رواحہ نے علم اٹھایا کہ وہ بھی شہید ہوئے تب مسلمانون نے خالد ابن ولید کو امیر کیا مگر رات ہوگئی اس سبب سے لڑائی موقوف رہی صبح کو خالد نے یہ کام کیا کہ مقدمہ لشکر کو ساقہ یعنی دنبالہ کیا اور میمنہ کو میسرہ کا فرون نے گمان کیا کہ آپ اسلام کی مدد آئی اور گھبرا گئے پھر خالد نے محاربہ عظیم برپا کیا کہ اس دن نو تلوار مین خالد کے ہاتھ سے شکست ہوئین صحیح بخاری مین ابی حازم سے روایت ہے کہ سوائے صفیحہ یمانیہ کے اور کوئی تلوار باقی نہ رہی اور اسلام کا غلبہ ہوا اور کفار بھاگے اور جو مارے گئے انکا شمار نہین ہوسکتا مگر اہل اسلام کے آٹھ شخص شہید ہوئے اسی لڑائی مین ایک مسلمان قوم حمیر نے ایک کافر کو مارا اور اسباب مقتول خالد سے طلب کیا خالد نے نہ دیا عوف ابن مالک نے کہا کہ مین تمہارا شکوہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کرونگا چنانچہ جب لشکر مدینے مین آیا تو عوف نے حضرت سے گلہ کیا حضرت نے خالد سے پوچھا کہ تمنے قاتل کو اسباب کیون نہ دیا خالد نے عرض کیا کہ وہ اسباب قیمتی تھا اس سبب سے نہین دیا فرمایا اسباب اسکو حوالہ کر پھر جب خالد عوف کے پاس ہوکے نکلے تو عوف نے خالد سے چادر تھام کر کہا کیون ہمنے جو کہا تھا کر دکھایا خالد کو غصہ آیا یہ احوال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا تو حضرت نے فرمایا کہ اب اسباب دے اسکو اے خالد بھلا تم چھوڑنے والے ہو بیچنے والے کو تمہارے عاملون کو تمہارے مثل اور ان عاملون کی مثل ایسی ہے جیسے طرح مثل اس مرد کے جسنے اونٹ و بکریان چرانے کو لین سو انکو چرایا کیا پھر انکی پیاس کا وقت تا کتارہا سو لیگیا انکو حوض پر سو اسمین گھسین پھر انھون نے صاف صاف پانی کو پیا اور گھٹیا چھوڑا سو صاف صاف تمکو اور گھٹیا آویز یعنی غنیمت کا مال لشکر کو ہے اور سب لشکر کی فکر حاکم کو اور قصور ہو تو

بدنامی وسواخذہ حاکمون پر یہ ارشاد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد کی خاطرداری کی طرح کیا کہ اب اسباب نہ دے اور حاکمون کی قدردانی کی بس معلوم ہوا کہ بادشاہ کو سردارون کی خاطرداری ضرور ہے تاکہ لشکر پر رعب پڑے ہر ایک سپاہی سردار پر جرات نہ کرسکے صحیح بخاری ومسلم مین عائشہ صدیقہ سے روایت ہے جعفر کی شہادت سے انکے گھر والے نوحہ کرکے رونے لگے کسی نے حضرت صلعم کو اس حال سے مطلع کیا آپ نے فرمایا انکو باز رکھو اُنسے منع کیا تو عورتون نے نہ مانا اُنسے پھر حضرت صلعم سے کہا کہ عورتین نہین مانتین فرمایا پھر منع کر اسیطرح تین مرتبہ اُسکو بھیجا مگر عورتون نے نہ مانا ناچار اُنسے عرض کیا کہ عورتین باز نہین آتین اور مجھپر غلبہ کرتی ہین تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو جا اور اُنکے منہ مین خاک جھونک دے اِس حدیث سے نوحہ کرنا اور رونا چلا کرنا تاکید تمام منع ہونا ثابت ہوا اور صحیح بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اِسی غزوہ مین خالد ابن ولید کا خطاب سیف اللہ ہوا یعنی شجاع سے شجاعان خدا سے اسلیے کہ ہزار پر حملہ کرتے تھے اور یہ اضافت بزرگی کے لیے ہے بعد اسکے اِسی سال مین خبر ہوئی کہ ایک جماعہ قبیلہ بنی قضاعہ بالفتح وبضم اول یعنی قاف وفتح ضاد معجمہ وعین مہملہ گروہ مین دبنو قین بفتح قاف مجتمع ہوکر چلے ہین کہ اطراف مدینہ مین فساد کرین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرو ابن عاص کو روانہ کیا اور تین سو مہاجر وانصار ہمراہ کیے اور تیس گھوڑے اور دو علم ایک سیاہ دوسرا سفید جب قریب تر پہونچے تو معلوم ہوا کہ جماعہ کفار زیادہ ہے ناچار توقف کرکے حضرت صلعم سے مدد چاہی آنجناب نے ابو عبیدہ ابن الجراح کو مع دو سو آدمیون کے روانہ کیا کہ حضرت شیخین رضی اللہ عنہما بھی انمین تھے سو اُنکے پہونچنے سے کافرون کو خوف پیدا ہوا تو اکثر تو فرار ہوگئے اور بعض مقابل ہوئے جب اسلام کا غلبہ ہوا تو وہ بھی بھاگے عمرو ابن عاص نے چندے توقف کیا اس سریہ مین اونٹ وبکری پکڑکر ذبح کرتے اور کھاتے تھے اس سریہ کو غزوہ ذات السلاسل بھی کہتے ہین اسلیے کہ مشرکون نے ایک کو دوسرے سے باندھا تھا تاکہ بھاگ نہ سکین اور بعض کے نزدیک ذات السلاسل ایک کنوان ہے ارض بنی غدرہ مین صاحب مجمع الفرقہ نے اِس سریہ کو سال ہفتم مین لکھا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ سال ہشتم مین واقع ہوا ہے اسلیے کہ بروایت اہل تحقیق عمرو ابن عاص ماہ صفر سنہ ثامنہ مین اسلام لائے ہین اور حضرت نے جو عمرو ابن عاص کو اس سریہ مین امیر کیا با این ہمہ کہ شیخین بھی ہمراہ تھے سو وجہ یہ ہوئی کہ عمرو ابن عاص قبل اسلام عدو خیر الانام تھا اور ہلاکت اصحاب اعظم کے درپے رہتا تھا جب ایمان لایا تو حضرت رحمۃ للعالمین نے چاہا کہ اثر اُس وحشت کو زائل کرین جو قدیم سے ہے قلوب اصحاب مین اور امن مین ہون حضرت کی طرف سے اور نا امید نہون رحمت خدا سے چنانچہ عمرو ابن عاص امیر بھی ہے اور نماز کے امام تھے تا وقتیکہ مدینہ منورہ مین آئے پھر اسی سال مین بعد نقض عہد قریش وقتل خزاعہ مکہ ابو عبیدہ ابن الجراح کو کاروان قریش پر جو قبیلہ جہینہ سے تھا اسکے لوگ دریا کے کنارے بسر کرتے تھے روانہ کیا اور تین آدمی ہمراہ کیے انمین عمر ابن خطاب جابر ابن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بھی تھے توشہ راہ مین زاد راہ باقی نہ رہا ابو عبیدہ نے فرمایا جو کچھ جیز از قسم طعام باقی ہو سب لوگ جمع کرین کہ جملہ

وتوشہ دان بھر ہوے اور ہر ایک شخص کو تھوڑا تھوڑا دیا گیا یہان تک کہ ایک خرمے پر نوبت آئی کہ اسی کو چوستے اور پانی پیتے تھے جب وہ بھی نرہا تو درختون کے پتے پانی مین تر کرکے کھانے لگے اسی سبب سے غزوہ جیش الخبط بکسر الخاء المعجمۃ وسکون الباء الموحدہ کہلاتا ہی اور خبط برگہاے درخت ہی سو بسبب اضطرابی لشکر کے لوگون نے پتے درختون کے کھائے تھے یہان تک کہ ہونٹھ اونکے زخمی ہوگئے تھے آخرکار دریا کے کنارے پہونچے اور بھوک نے غلبہ کیا اسوقت پریشان ہوئے تو اللہ نے دریا سے ایک ہی مردہ نکالی ایسی بڑی کہ ایک ماہ کامل اسی کا گوشت سب لشکر نے کھایا اور صحیح یہ ہی کہ نصف ماہ تمام لشکر نے مل کر کھایا اور بعد ازان اٹھارہ دن تک بعضے آدمی لشکر کے اور بعضے تمام مہینے تک کھاتے رہے کیونکہ احادیث مین روایات مختلف ہین بعضے مین ایک ماہ اور بعضے مین نصف ماہ اور بعضے مین اٹھارہ دن پس تطبیق بین الاحادیث اسی طرح ہوتی ہی الغرض بلا محاربہ لشکر اسلام داخل مدینہ ہوا صحیح مسلم اور مسند امام احمد مین وارد ہی کہ ابو عبیدہ نے کہا وہ مچھلی ایسی تھی کہ اسکے حدقہ چشم مین لوگ بیٹھین چنانچہ تیرہ آدمی اسمین بیٹھے اس سبب سے کو سیف البحر کہتے ہین حضرت جابر سے روایت ہی کہ ایسی بڑی مچھلی کبھون دیکھی نہین اسکی پسلی کے نیچے سے آدمی گھوڑے کا سوار نکل جاتا تھا اول اسکے کھانے مین تردد ہوا مگر باضطرار کھانے لگے کہ تین سو آدمی وہان رہے اور کھاتے رہے جب وہ بدنے مین آئے تو حضرت صلعم سے یہ قصہ نقل کیا مسلم مین ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ مردہ ماہی روزی تھی کہ خدا نے تمھارے واسطے نکالی تھی سو کیا تمھارے ساتھ اسکے گوشت سے کچھ باقی ہی تو ہمکو کھلاؤ ابو عبیدہ کہتی ہین کہ ہمنے کسی قدر گوشت اسکا بھیجا حضرت نے کھایا اور صحیح بخاری مین ہی کہ ابو عبیدہ نے اس مچھلی کی پہلو کی ایک ہڈی لیکر کھڑی کی اور ایک شخص کو اونٹ پر چڑھا کر اسکے نیچے بھیجا سو اس آدمی کا نہ پہونچا بعضون نے نام مکی بعیر لکھا ہی اور حجۃ الحافل مین عنبر ہوا صحیح اور قیام ساحل بحر نصف ماہ بیان کیا ہی فائدہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مکروہ تحریمی ہی کھانا اس مچھلی کا جو کہ خود بخود مرجاے اور پانی پر اتراوے اسی کو عربانی بولتے ہین کہ نشق طفو بمعنی علو سے ہی اور نزدیک مالک و شافعی کے طافی کا کھانا مضائقہ نہین ہی اور دلیل حنفیہ حدیث ہی کہ ابو داؤد و ابن ماجہ نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ جابر نے کہا قال رسول اللہ صلعم ما نصب عنا المار فکلوا و ما قطع المار فکلوا و ما لفظ المار فکلوا یعنی ہر ماہی کہ فرود واران آب پس بخورید از اد آن ماہی کہ بیندازد آنرا آب پس بخورید از اد آن ماہی کہ مرد آب بمیرد و بالا آب آید از اخورید چنانچہ یہی راے و طریق علی ایطالب و ابن عباس و ابن عمر و ابی ہریرہ کا ہی کما فی الہدایہ لیکن شرط حرمت طافی مین یہ ہی کہ پیٹ اوپر ہو کیونکہ اگر پشت بالا ہوگی تو حلال ہی کذا فی چلپی مختصر الوقایہ و جامع الرموز و ابہر جندی و العینی و الدر المختار اور قاعدہ کلیہ یہ ہی کہ اگر مچھلی آفت سے مرے تو حلال ہی چنانچہ قطر آب مین تنگی مکان سے مری یا شبکہ یا تالاب یا حوض وغیرہ مین کہ ممکن ہو پکڑنا اسکا بلا شکار یا بسبب کھلانے دوا کے پانی مین ڈالکر مرے اور جو ماہی کہ شکم طافی مین پائی جاوے وہ بھی حلال ہی نہ طافی کیونکہ یہ ماہی آفت سے مری ہی کذا فی البزازیہ اور جو مچھلی کہ دریا سے نکلنے

حلال نہین ہی کذا فی مجمع البرکات اور اگر ماہی مجروح دریا مین مردہ پائی جاے حلال ہی کذا فی القنیہ اور جو مچھلی کہ سردی یا گرمی پانی سے مرجاے آسمین دو روایت ہین ایک یہ کہ حلال نہین ہی کیونکہ حرارت و برودت زمان کی صفات ہین اور کم اسباب موت یہی واقع ہوتے یہی قول امام اعظم و امام سرخسی کا ہی کذا فی مجمع البرکات اور دوسری یہ کہ حلال ہی کیونکہ موت اسکی سبب جدید سے واقع ہوئی پس یہ ایسی ہی جیسے آب دریا خشکی مین ڈال دیا اور مرگئی اور اسکی حلت مین شبہہ نہین ہی اور یہی قول امام محمد کا ہی اور فتوی اسی پر ہی کذا فی العنایہ و الحمادیہ و مجمع البرکات و خزانۃ المفتیین پس یہ مچھلی جو اہل لشکر اسلام نے اس سبز میدان کھانی حالت اضطرار مین اسی قسم سے ہوگی کہ بسبب تبدیل حرارت یا برودت پانی سے مرگئی تھی کہ موج دریا نے اسے بحکم ربانی کنار اسلامیون کے روبرو ڈالے کہ انھون نے کھانی فتاوی قاضیخان مین لکھا ہی کہ اگر ماہی مردہ پائی جاے اور بعض جسم زمین پر ہو اور بعض پانی مین پس اگر سر زمین پر ہی حلال ہی اور اگر سر پانی مین ہی تو دیکھنا چاہیے اور اگر زمین پر کم از نصف یا نصف ہی تو حلال نہین ہی کیونکہ موضع نفس پانی مین ہی معلوم ہوا کہ آفت سے نہین مری بلکہ بہ نزاع طافی ہی اور جو اکثر نصف زمین پر ہی حلال ہی جسطرح اگر تمام بدن زمین پر ہو تو حلال تھی اور فلاکثر حکم الکل انتہی قولہ تو شبہہ نہ رہے کہ شریعت مین کوئی وزن مقرر نہین ہی کمانی الدر و حل انواع السمک الا کروہ یعنی انواع سمک مون و ذبح حلال ہین بر ہی حیوۃ البحر مین ہی کہ ذبح ماہی کردہ ہی مگر جو بزرگ ہو بحیثیکہ اسکا شکار ہی اسکی راحت کے واسطے اور مولانا رفیع الدین محدث نے جوابات سوالات مولوی احمد علی مین لکھا ہی کہ شریعت مین کوئی وزن مقرر نہین ہی امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک اگر بزرگی انسان کے ہو یا آدمی کو کھا سکتی ہو تو حرام ہی اور نزدیک امامین کے کتنی ہی کلان ہو حلال ہی لیکن سند اس قول کی نہین لکھی ہی شاید مولانا نے کسی کتاب مین دیکھا ہوا ہی سال مین ایک عورت انصاریہ نے اپنی غلام سیمون سے ایک منبر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے بنوایا کہ آنجناب وقت مواعظ و نصائح اسپر جلوس فرماتے تھے اور اسی سال کے رمضان مین غزوہ فتح واقع ہوا اسی کو فتح الفتوح کہتے ہین اور بسبب وقوع یہ ہوا کہ صلح حدیبیہ مین یہ بھی ایک شرط تھی کہ جو کوئی چاہے عہد قریش مین آسکے اور جو چاہے عہد پیغمبر مین ہو بنو بکر نے قریش سے عہد و پیمان کیا اور بنو خزاعہ نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور ان دونون مین باہم قدیم سے عداوت تھی اور چونکہ قریش حضرت صلعم سے لڑنے لگے تو انکی اس لڑائی بند ہوگئی تھی جب کہ حدیبیہ مین قریش سے صلح ہوگئی تو عداوت قدیمہ بنو بکر و خزاعہ نے ظہور پکڑا اور صورت یہ پیدا ہوئی کہ ایک مرد بنی دایل کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کرنے لگا دہان ایک غلام بنی خزاعہ کا حاضر تھا اسنے منع کیا اس مرد نے نہ مانا خزاعی نے اسکو مارا کہ اسکا سر ٹوٹ گیا تب اسنے بنو بکر سے فریاد کی انھین سے بنو نفاثہ بنو خزاعہ سے لڑنے پر مستعد ہوئے اور قریش سے مستدعی اعانت ہوئے قریش نے ہتھیار دیے اور ایک جماعت قریش مانند عکرمہ بن ابی جہل و مکرز ابن حفص و صفوان بن امیہ و سہیل بن عمرو و خویلد بن عبد العزی پوشیدہ با خواص و توابع شریک ہوئے اور پہلے شب خون مارا پھر تو جنگ عظیم ہوئی کہ لڑتے ہوئے حرم محترم مین در آئے اور بیس نفر خزاعے قتل ہوئے تب خزاعیون نے نوفل ابن معاویہ سے کہ امیر بنو بکر تھا کہا کہ حرم کی حرمت خیال مین رکھو اور خدا سے ڈرو نوفل بولا کہ اگرچہ یہ کلام نہایت بزرگ ہی لیکن آج ہم اسکی پروا نہین رکھتے تا چار خزاعیان

بدیل بن ورقا کے گھر پناہ پکڑی اور بنو بکر و قریش اپنے اپنے گھر گئے اور پوشیدہ ہو رہے اور یہ گمان میں تھا کہ کوئی نہیں جانتا
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی وقت اللہ نے خبر دی بلکہ خزاعہ کے رجز کہنے والے نے اسی وقت رات میں حضرت کو
پکارا اور استغاثہ کیا اور مدد چاہی حضرت نے جواب دیا لبیک لبیک حضرت میمونہ نے جنکے حجرے میں آپ وضو کر رہے تھے
آواز لبیک سنکر پوچھا آپ کسکا جواب دیتے ہیں فرمایا کہ راجز خزاعہ کا مجھے پکارتا ہے اور مجھسے مدد چاہتا ہے اور فریاد کرتا ہے کہ قریش نے
بنو بکر کی مدد کی بعد ازاں صبح کو آنجناب نے حضرت عائشہ سے کہا کہ رات خزاعہ میں ایک بات ہوئی بولیں یا رسول اللہ کیا
آپکا گمان ہے کہ قریش عہد شکنی کرینگے حالانکہ تمہارے لوگ گرفتار کر دیا ہے فرمایا کہ انھوں نے عہد توڑا تا کہ خدا کا ایک حکم انمیں ظاہر ہو
پھر تین دن بعد اسکی عمرو ابن سالم خزاعی چالیس آدمیوں سے مدینے میں آیا اور خدمت رسول اللہ میں حاضر ہوا اسوقت آنجناب
مع اصحاب مسجد شریف میں جلوہ فرما تھے اسنے ایک قصیدہ جسمیں سرگذشت مفصل تھی پڑھا حضرت رحمۃ للعالمین نے فرمایا
حسبک یا عمرو اور کھڑے ہو گئے اور چادر اپنی کھینچے اور فرماتے تھے مدد نہ دیا جاؤں میں اگر مدد نہ دوں بنو کعب کو ان امور میں
جنمیں مدد کرتا ہوں اپنی نفس کی اسوقت کچھ ابر بھی تھا سو حضرت صلعم نے فرمایا کہ یہ ابر آواز کرتا ہے نصرت بنی کعب پر اور بعد اسکے عمرو
ابن سالم وغیرہ سے فرمایا کہ تم لوگ اپنے گھروں کو روانہ ہو کہ وہ لوگ خصومت ہوئے اور قریش اس حرکت شنیعہ سے پشیمان ہوئے چنانچہ
حارث بن ہشام و عبداللہ بن ابی ربیعہ ابوسفیان بن حرب کے پاس گئے اور کہا اے ابوسفیان یہ بڑا فساد ہوا اسکی اصلاح
پر ضرور ہے ورنہ محمد بن عبداللہ اپنے ہم عہدوں کا عوض لینگے ابوسفیان بولا کہ میری زوجہ ہند نے ایک خواب دیکھا ہے وہ
یہ کہ جانب حجون سے خون بہتا ہوا مکے میں آیا ہے اور موضع خندمہ میں ٹھہر کر غائب ہو گیا اسوقت سے میں خوفناک ہوں اور وہ بھی
ڈرتی ہے اور تمکو معلوم ہے کہ یہ حرکت جو قریش سے ہوئی میری صلاح سے نہیں تھی اور نہ میں راضی تھا اب انسب جانے والے یہ معلوم
ہوتا ہے کہ مدینے میں جا کے محمد صلعم سے از سر نو عہد کرو اور مدت صلح کو زیادہ کرو اور ہر گاہ اس فساد کی خبر ہو جائیگی تو پھر مشکل ہے
چنانچہ ان لوگوں نے ابوسفیان کو جانب مدینہ روانہ کیا وہ ام حبیبہ ام المومنین اپنی بیٹی کے پاس آیا اور چاہا کہ فراش حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم پر بیٹھے ام حبیبہ نے کلمات سخت اپنے باپ کے حق میں فرمائے کہ تم مشرک ہو نجاست شرک سے بھرے ہو اور یہ بچھونا
جناب سید الطاہرین کا ہے ابوسفیان نہایت ناراض ہوا مگر ام حبیبہ نے اس فرش پر بیٹھنے نہ دیا تا کہ لپیٹ دیا ابوسفیان غصہ ہو کر
حضرت صلعم کے پاس آیا اور درباب یا وقت مدت صلح کے کنارا حضرت نے کچھ نہ سنا کہ ناامید ہو کے حضرت صدیق اکبر و فاروق
اعظم رض و فاطمہ زہرا کے پاس آیا اور بولا لوگ سفارش کرو سب نے کہا ہمارا کچھ اختیار نہیں ہے اور اپنے پاس سے ہانک دیا تب علی
ابن ابیطالب کے پاس آیا اور کہا اے ابوالحسن تم سعی کرو کہ مدت صلح دراز ہو جاوے وہ بولے حضرت صلعم کا عزم ہو چکا ہے اب کسی کی
سفارش نہ چلیگی ابوسفیان نے کہا میں نہایت پریشان و مضطر ہوں کوئی راہ نکالو جس سے نجات کی صورت پیدا ہو علی مرتضی
نے فرمایا کہ تو کھڑے ہو کے آواز بلند پکار کر جانبین کے لوگوں کو میں نے اپنے جوار میں لیا سو اسنے یہی بات کہی اتنا زیادہ کیا
کہ میرا گمان نہیں ہے کہ محمد میرا جوار رد کریں پھر مسجد میں آیا حضرت سے کہنے لگا کہ اے محمد صلعم میرا ظن نہیں ہے کہ تم جوار ابن

حضرت نے فرمایا اے ابوسفیان تو یہ بات کہتا ہے بعد ازان ابوسفیان مکے مین گیا اور کیفیت گذشتہ بیان کی قریش نے کہا تو نے کچھ کام نہ کیا نہ تو لڑائی کی خبر لایا نہ صلح کی علی ابن ابیطالب نے تجھے ٹھٹھا کیا تھا اور بعد چلے جانے ابوسفیان کے حضرت رسول مقبول نے پوشیدہ سفر کی طیاری فرمائی اور حضرت ابوبکر صدیق سے مخفی ارشاد کیا کہ تم بھی طیاری کرو اسی طرح اوروں سے بھی فرمایا لیکن اصحاب کبار بسبیل جزم و یقین عزم حضرت معلوم نہ تھا پھر حضرت صلعم نے اطراف مدینہ کے قبایل کو لکھا کہ جو کوئی ایمان بخدا و روز جزا رکھتا ہو سو یکم رمضان شریف کو مدینہ یا سکینہ مین سلح ہو کے آوے چنانچہ جملہ قبایل اسلم و غفار و مزینہ و جہینہ و اشجع داخل مدینہ ہوئے مگر جو شکیم کردہ منزل قدید مین ملحق ہوئے اور کیفیت طلب ابی بلتعہ نے قریش کو اسطرح لکھی کہ یا معشر قریش ان رسول اللہ صلعم جاء کم بجیش کاللیل یسیر کالسیل یعنے ای سردار قریش یہ خبر جانسوز لشکر جرار لیکر آتے ہین جیسی رات آتی ہے جلد کرتے ہین جیسے سیلاب اور اگر تنہا ہی تشریف لاوینگے تو بھی اللہ انکی مدد کریگا اور انجاز وعدہ فرماویگا تم اپنی فکر کرو والسلام اور بعضے کہتے ہین یہ لکھا تھا ان رسول اللہ یریدکم فخذوا حذرہ اور یہ نوشتہ بروایت صحیحہ سماۃ سارہ کو دیا تھا سارہ بقول الم سارہ بقول کنیز ابی عمرو کی جو قبیلہ مزینہ سے تھی اور جانب مکے جاتی تھی دیا تاکہ قریش کو پہونچا دے یہ سارہ مکے سے مدینہ مین آئی تھی اسوقت آنحضرت صلعم تجہیز لشکر مین مصروف تھے سو آنجناب نے پوچھا تو مسلمان ہو کر آئی ہے اسنے کہا نہین پھر فرمایا ہجرت کر کے آئی ہے اسنے کہا نہین پھر فرمایا پھر کس کام کو آئی ہے بولی محتاج ہون چنانچہ حضرت صلعم نے بنی عبدالمطلب سے پارچہ و طعام دلوایا سو وہ حاطب کے پاس گئے حاطب حلیف بنی اسد تھے انھون نے یہ خط دیا اور دس دینار اسکو دیے وہ عورت اس خط کو اپنے بالون مین چھپا کے لیچلی علام الغیب نے حضرت رسول مقبول کو اس حال سے مطلع کیا آپ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے علی ابن ابیطالب و زبیر بن العوام و طلحہ و عمار و ابومرثد غنوی خواہ مقداد بن اسود سے فرمایا کہ روضہ خاخ پر سوار ہو کے جاؤ وہان ایک عورت ملیگی اسکے پاس ایک خط حاطب بن بلتعہ کا لکھا ہوا ہے اس خط کو میرے پاس لاؤ اور عورت کو جانے دو اگر خط نہ دے تو اسکی گردن مارو فائدہ خاخ بالخاء المعجمتین ایک موضع ہے مابین مکہ اور مدینہ اہل مدینہ باغ و بیشہ زار کو بولتے ہین اور خاخ شقالو کو کہتے ہین سو وہان درخت شقالو کے بکثرت تھے اسی سبب سے روضہ خاخ کہلایا بحالہ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ اپنے یارونکے روضہ خاخ پر سماۃ سارہ سے جا ملے مگر اسکے پاس خط نہ پایا ارادہ کیا کہ پلٹ چلین پھر علی مرتضی سوچے کہ حضرت صلعم کا فرمانا جھوٹ نہین ہے تب تلوار کھینچ کر فرمایا کہ خط نکال نہین تو مارتا ہون اسنے بخوف شمشیر خط حاطب اپنے چوٹی سے نکالا اور حوالہ کیا کہ اسکو لیکے حاضر ہوے حضرت صلعم نے حاطب سے پوچھا کس سبب سے تو نے خط لکھا تھا حاطب نے التماس کیا یا رسول اللہ مین مسلمان ہون مرتد یا منافق نہین ہون لیکن ہم قسم قریش کا ہون اور میرے عیال و اطفال مکے مین ہین اور وہان کوئی بھائی بند نہین ہے جو خبر گیری انکی کرے بخلاف اور مہاجرون کے سو مین نے چاہا کہ قریش پر اپنا حق ثابت کرون تاکہ اسکے لحاظ سے انکے محافظت کرین سکے اسکے اور کوئی سبب نہ تھا اور یہ مین خوب جانتا ہون کہ اللہ تعالی آپ کی فتح ظاہر کریگا میری اس تحریر سے کچھ ضرر نہوگا حضرت نے فرمایا حاطب سچ کہتا ہے حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ یہ منافق ہے اسکو قتل کیجیے ورنہ ارشاد ہو کہ مین گردن مارون فرمایا اے عمر تامل کر شخص اہل بدر مین ہے یعنے بدر کی لڑائی مین موجود تھا

شاید کہ خدا بدر والون کے ایمان کو خوب جانچ چکا ہی اور اُنکو ارشاد کیا ہی اعملوا ما شئتم فقد وجبت لکم الجنۃ یا فقد غفرت لکم یعنی کرو جو تمھارا جی چاہے مقرر واجب ہوئی تمھارے واسطے بہشت یا یون فرمایا تمکو بخش چکا ہون یعنی اُنسے کوئی گناہ بھی ہو تو بالکل معاف ہی کذا فی البخاری فی باب فضل من شہد بدرا اُس جگہ سے ثابت ہوا کہ جسنے خلفاے اربعہ حضرت صلعم کو برا کہا یا اُنپر کسی طرح طعنہ کیا اُسنے اپنے ایمان مین خلل ڈالا کیون کہ وہ بزرگ سب بدر کی لڑائی مین تھے باجملہ حضرت امیر المومنین عمر بن خطاب رونے لگے اور کہا اللہ ورسولہ اعلم اور حاطب کے حق مین یہ کریمہ سورہ ممتحنہ مین نازل ہوا یا ایہا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیہم بالمودۃ الخ یعنی اے ایمان والو نہ پکڑو میرے اور اپنے دشمنون کو دوست کہ اُنکو پیغام بھیجو دوستی سے القصہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل روانگی کے ماہ رمضان کو حضرت ابو قتادہ رض کو بمعیت تیس سوغازیون کے بنابر خبر تجمیع قبیلہ غطفان پر روانہ فرمایا تا چار ابو قتادہ منزل بمنزل حضرت صلعم کے حضور مین آگئے الغرض بعد روانگی قتادہ کے بقولے دوم رمضان وبقولے دہم بعد نماز عصر روز چہارشنبہ بقولے بدر ہم خفاری کو وبقولے ابن ام مکتوم کو وبقولے کلثوم ابن حصین غفاری کو خلیفہ مدینہ فرمایا اور ام سلمہ رض کو ساتھ لیکے مدینہ سے تشریف لیچلے جب یہ خبر عیون مدینہ کہ بمعرفت فتح نون ہی پہونچے تو لشکر کا اندازہ کیا سنا گیا سو مہاجرین مع سات صد اسپ اور چار ہزار انصار یا بالفصد اسپ اور چار سو اسلحہ مع سی اسپ معدود ہوا اسی طرح اور قبایل پھر زبیر بن العوام کو موضع صلصل سے کہ بفتح صاد دو منزلہ مدینہ ہی لشکر دشمن کی خبر گیری کو بطور طلیعہ روانہ فرمایا اور اثنا طریق مین بعض اہل مکہ جو ہجرت کرکے نکلے تھے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ملے از انجملہ حضرت عباس بن عبد المطلب مع اپنے بیٹون کے حاضر ہوئے کہ اُنکی تشریف آوری سے آنحضرت نہایت مسرور ہوئے اور فرمایا کہ اہل عیال مدینے کو روانہ کرو اور خود میرے ساتھ رہو کہ وہ ہمرکاب ہوئے اور اہل وعیال کو روانہ کیا یہ حضرت بہت دنون سے اسلام لاچکے تھے لیکن چھپاتے تھے اور ہمراہ مشرکین قریش ہمرزغرہ وہ بدر جیرا وقہر آنکلے تھے لہذا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جو کوئی عباس سے ملے قتل نہ کرے کیونکہ وہ بجبر نکلے ہین چنانچہ کلبی سے روایت ہی کہ عقیل بن ابیطالب اور نوفل بن حارث ابن عبد المطلب کا فدیہ اُنکے ذمہ قرار پایا تھا اور بعض کے نزدیک جعفر اور عقیل کا فدیہ لینے کا ذمہ عباس نے لیا تھا اور اُنکے پاس وقت بہری بیس اوقیہ سونا تھا کہ اُسی مین سے لوگون کو کھلاتے تھے سو حضرت نے وہ سونا لے لیا عباس بولے کہ یہ میرا فدیہ ہی فرمایا نہین وہ سونا کہان ہی تو تمنے اُم الفضل اپنی بی بی کے پاس وقت خروج دولیت سپرد کیا ہی عباس بولے کہ اسکی خبر تمکو کہان سے ہوئی فرمایا مجھے خدا نے مطلع کیا اُسی وقت عباس نے کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ وانک رسول اللہ سوا سے میرے کوئی اس راز پر مطلع نہ تھا بعد اسکے حضرت صلعم نے اُنکو عمارت سقایہ حاج پر مقرر کیا یعنے قریش کو سیاست سے منع کرتے تھے اور حسنات وخیرات کی ترغیب دیتے تھے اور تعمیر وآبادی کعبہ پر تحریص فرماتے تھے اور آپ زمزم حاجیون کو پلایا کرتے تھے سو چند روز سے ابو لہب بن کعب نے اُنکو قید کر رکھا تھا جب حضرت صلعم کی آمد کی خبر ہوئی تو اپنے بدلے کچھ روپیہ دیکر چھوٹے اور حضرت سے آملے تولد انکا سال فیل سے پہلے ہوا ہی والدہ اُنکی ایک عورت قبیلہ نمر بن قاسط سے تھین انھین نے کعبہ پر اول سے غلاف چڑھایا ہی اور سبب یہ ہوا کہ عباس ایام طفولیت مین گم ہوگئے اُسنے منت مانی غلاف چڑھانے کی جب عباس ملے تب اُسنے غلاف چڑھایا

حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے العباس نبی دانا منہ رواہ الترمذی عمر شریف اٹھانوے برس کی ہوئی بارھویں رجب بتیسویں سال ہجری میں وفات ہوئی جنۃ البقیع میں مدفون ہیں از انجملہ ابوسفیان ابن الحارث ابن عبد المطلب ابن عم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہیں از انجملہ عبد اللہ ابن ابی امیہ بن المغیرہ بن عمۃ حضرت صلعم کہ موضع ابواء میں پہونچ کر ایمان لائے اور ہمراہ ہوئے پھر حضرت صلعم نے منزل کدید میں بروایتے عسفان میں روزہ افطار کیا اور اہل لشکر کو افطار کی اجازت دی کہ آخر رمضان مضطر رہے اور جب منزل مرالظہران میں جلوہ فرما ہوئے اور لشکر مخیمہ چار فرسنگ تک لشکر اسلام میں بارہ ہزار آدمی شمار میں آئے مگر قریش بالکل غافل تھے کسی کو خبر نہ تھی صرف خوف و ہراس البتہ دلوں میں تھا اس مقام میں سید المرسلین نے ارشاد فرمایا کہ ہر شخص آگ جلاوے چنانچہ سب نے آتش روشن کی وقت شب ابوسفیان بن حرب حکیم ابن حزام بدیل ابن ورقاء الطریق متحیر مکے سے برآمد ہوئے اور مرالظہران کی پہاڑی پر چڑھ کر دیکھنے لگے تو روشنی نظر آئی اور تمام وادی سے آتش نظر پڑی ابوسفیان بولا یہ آتش عرفہ ہے بدیل نے کہا آتش خزاعہ ہے ابوسفیان نے جواب دیا کہ خزاعہ کتنے ہیں وہ آگ اتنی روشن نہیں یہ لوگ اسی فکر میں ہے اور حضرت عباس اشتر سبا پر سوار ہو کر بقصد موضع اراک میں ہو پہنچے کہ اگر کوئی نہ ملے مگر کشمش یا شیر فروش ملے تو حال کہوں تاکہ بچیں ان مکے سے بیان کرے وہ لوگ اپنی فکر کریں اور بوسیلہ اخلاص حاضر ہوئے رہائی پائیں رفتہ ابوسفیان و بدیل و حکیم ملاقی ہوئے ابوسفیان نے پوچھا یہ کیا زور شور ہے روشنی کیسی ہے عباس نے فرمایا محمد رسول اللہ باشوکت تمام کئی ہزار غازیوں سے تشریف لاتے ہیں اس نے کہا علاج کیا ہے فرمایا بیوتیرے ساتھ سوار ہو کے حاضر ہو تو میں امان کی درخواست کروں چنانچہ وہ سوار ہوا اور حکیم و بدیل مکے کو گئے اور عباس عمر خطاب کے ڈیرے کے پاس آئے فاروق اعظم نے ابوسفیان کو دیکھکر تاڑ لیا اور پیچھے دوڑے اور کہتے تھے کہ الحمد للہ میں نے تجکو بلا امان پایا عباس نے شتر بہت جلد ہانکا اور حضرت کے پاس حاضر ہوئے پیچھے سے عمر بھی آئے اور جناب رسالت مآب سے عرض کیا کہ یہ ابوسفیان ہے ارشاد ہو تو گردن مارون عباس نے کہا میں نے اسکو امان دی ہے پھر دونو صاحبوں میں گفتگوے طویل ہوئی تب حضرت صلعم نے فرمایا اے عباس اسکو صبح کو لانا چنانچہ صبح کو لائے حضرت نے فرمایا اے ابی سفیان کیا ہنوز وقت نہیں آیا جو تو معلوم کرے کہ معبود بحق واحد ہے اور میں پیغمبر صادق ہوں بقول حق ناطق ابوسفیان بولا کہ تمہارے حلم و کرم میں کچھ شبہہ نہیں ہے اور میں بے شک تقصیر وار ہوں عباس نے فرمایا اے ابی سفیان فرصت وقت غنیمت جان اور قبول کر اس نے عمر کے اسلام قبول کر چنانچہ اوسنے بعد توقف دعوت پیغمبر قبول کی اور اسلام لایا عباس بولے یا حضرت یہ شخص مفاخرت دوست ہے اسکے حق میں کچھ ارشاد ہو فرمایا من دخل بیت ابی سفیان فھو امن ومن اغلق علیہ بابہ فھو آمن ومن دخل بیت الحرام فھو آمن ومن القی السلاح فھو آمن صحیح مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ جب مکہ فتح ہوا تو حضرت نے فرمایا کہ جو ابوسفیان کے گھر گیا اسکو امان ہے اور جسنے ہتھیار ڈال دیے اسکو امان ہے حارث انصار نے کہا کہ حضرت کو اپنے برادر ذی الشفقت ہوئی اور اپنے وطن کی رغبت آئی یہ بات حضرت کو وحی سے دریافت ہوئی فرمایا اے گروہ انصار تمنے کہا کہ اس مرد کو یعنی پیغمبر کو خواہش ہوئی اپنے شہر کی لیجئے یہ بات مقرر ہوئی ہے فرمایا یہ نہیں ہوتا ہے میں مقرر بندہ اللہ کا اور نبی ہوں میں نے

ہجرت کی خدا کی طرف اور تمھاری طرف اب میری زندگی تمھاری زندگی کے ساتھ ہو اور موت میری تمھاری موت کے ساتھ بالجملہ ابوسفیان رخصت ہوا حضرت عباس نے کہا یا رسول اللہ میں ابوسفیان کی ارتداد و عناد سے مطمئن نہیں ہوں اسکو یہیں قید رکھنا لازم ہے تاکہ شوکت اسلام دیکھے فرمایا احبس ابا سفیان عند خطم الجبل حتے ینظر الی المسلمین رواہ البخاری عن عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ یعنی روگہ کہ ابوسفیان کو پہاڑ کے ٹکڑے پاس خواہ گھوڑوں کے ازدحام میں تاکہ لشکر اسلام دیکھے چنانچہ حضرت عباس اسکو لیکر کھڑے ہوئے لشکر نکلنے لگا ابوسفیان ہر گروہ کا نام پوچھتا تھا عباس بتلاتے جاتے تھے ابوسفیان کہتا تھا مجھکو ان لوگوں سے کیا اے عباس بنی عبد المطلب کے بھی کچھ نہیں پھر ایک علم عظیم الشان نظر آیا ابوسفیان نے کہا یہ کون ہیں حضرت عباس نے فرمایا یہ انصار ہیں اور سعد بن عبادہ انکی علمدار تھے انھوں نے ابوسفیان سے مخاطب ہوکے کہا آج خونریزی کا دن ہے آج حرم میں لڑنا حلال ہے بعد ازاں ایک لشکر جلیل القدر قلیل النفر کہ اسمیں حضرت رحمۃ للعالمین سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم والہ اجمعین ناقہ قصوی پر سوار تھے پیدل ہوا علم دار حضرت زبیر داہنے صدیق بائیں اسید بن حضیر بعد ازاں اکابر مہاجر و انصار کچھ گویاں بعض سوار اور بعض پیادہ مسلح و طیار ہمراہ رکاب ظفر انتساب تھے ابوسفیان بمعائنہ عظمت و شوکت حضرت عباس سے بولا کہ تمھارے برادر زادے کا ملک عظیم ہو گیا عباس نے کہا یہ نبوت اور رسالت ہے نہ ملک اور سلطنت تو ابتک شاید اپنی جہالت میں ہے ابوسفیان نے فریاد کی کہ ای محمد صلے اللہ علیہ وسلم تمنے اپنی قوم کے قتل کا حکم دیا ہے فرمایا نہیں انہنے کہا سعد بن عبادہ کہتے ہیں فرمایا آج دن ہے رحمت کا قریش کا اللہ صاحب عزت دینگے اور حرم شریف کو عظمت اور کعبے کو لباس فاخرہ زینت اور علی قرینی سے فرمایا کہ سعد بن عبادہ سے علم لیکر بہت نرمی سے داخل حرم ہو اور ایک روایت ہے کہ علم قیس بن سعد کو عنایت کیا اور بروایتے زبیر کو دیا اور جمع بین الروایات یوں ہو سکتا ہے کہ اول علم حضرت علی ابن ابیطالب کو عنایت فرمایا پھر بنا بر استمالت سعد کے بیٹے قیس کو دیا تب سعد رضی اللہ عنہ نے اس خیال سے کہ شاید قیس سے کسی طرح کا قصور ہو جائے زبیر رضی اللہ عنہ کو دلوایا بالقصہ لشکر اسلام ذی طوی میں پہونچکر بانتظام جلوہ فرمائی سید الانبیا صلعم ٹھہر گیا اس دن غلبہ کی شدت تھی قریش خبر سنکے ابوسفیان بیشتر داخل مکہ ہوا قریش نے استقبال کرکے پوچھا کہ غبار کیسا ہے اور تیرے پیچھے کون ہے ابوسفیان نے کہا محمد مع لشکر آتے ہیں میری رائے میں کسی کو طاقت مقاومت نہیں ہے مگر اسکو امان ہے جو داخل بیت الحرام ہو یا میرے گھر میں دب رہے یا دروازہ اپنا بند کرے یا ہتھیار کھول ڈالے ساماں ہنسنے کے کہا ای آل غالب یہ پیر فرتوت بیوقوف ہے اسکو مارو کہ پھر ایسی باتیں نہ کرے ابوسفیان نے کہا اگر اسلام نہ لائیگی مقتول ہوگی اپنے گھر میں کیواڑ بند کرلے میں سچ کہتا ہوں جب سید المرسلین مقام ذی طوی میں تشریف فرما ہوئے تو لشکر کو آراستہ دیکھکر بنظر تواضع بجناب الٰہی سر مبارک بہت جھکایا کہ ریش مبارک کجاوے سے لگ گئی یہ خیال کرکے کہ مکے کے طرح کی وحشت اور دہشت سے نکلنے کا اتفاق ہوا تھا اور اب کس عظمت و شوکت سے رب العزت نے پھر داخل کیا اور ایک روایت ہے کہ حضرت نے پالان ہی پر سجدہ کیا اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جھنڈا[۲] برعلم اسلام کھڑا کرو اور ہمراہ مہاجرین پیادہ کرو اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے ارشاد ہوا کہ شہر میں سے یا جاہ کثیر روانہ ہوں اور خالد بن ولید کو ایما ہوا کہ سمت بالیں اسلم و غفار و مزینہ و جہینہ براہ لیط داخل مکے سے ہو کے علم شریف منتہی بیوت پر قائم کریں اور ابو عبیدہ ابن الجراح رضی اللہ عنہ سے حکم دیا کہ پیادہ

[۱] ابیر بیوزن تصغیر جبل ابو قبیس معروف بجنب صفا و مشرف بر رکن یمانی و مقابل حجر اسود و مشرف بر مکان مولد آنحضرت صلعم و بر شعب ابی طالب و بر مکان مولد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا و بر مکان مولد فاطمہ رضی اللہ عنہا و بر مکان مولد عقیل و بر مکان مولد جعفر و بر مکان مولد طالب و بر مکان مولد علی رضی اللہ عنہم و بر مکان مولد ابوبکر و بر مکان مولد عثمان و بر مکان مولد زبیر و بر مکان مولد عبد الرحمن بن عوف و بر مکان مولد سعد بن ابی وقاص و بر مکان مولد ابو عبیدہ بن الجراح و بر مکان مولد ابو سلمہ و بر مکان مولد ارقم و بر مکان مولد عبد اللہ بن جحش و بر مکان مولد عبد اللہ بن مظعون و بر مکان مولد سعید بن زید و بر مکان مولد عبد اللہ بن عبد الاسد و بر مکان مولد عبد اللہ بن عمر و بر مکان مولد عبد اللہ بن عباس و بر مکان مولد عبد اللہ بن زبیر و بر مکان مولد عبد اللہ بن عمرو بن العاص و بر مکان مولد عبد اللہ بن سائب و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی ربیعہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی امیہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی سرح و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی عمرو و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی بکر و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی قحافہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی طالب و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی لہب و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی وداعہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی سلمہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی ربیعہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی امیہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی سرح و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی عمرو و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی بکر و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی قحافہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی طالب و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی لہب و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی وداعہ و بر مکان مولد عبد اللہ بن ابی سلمہ

[۲] حجون بفتح حاء مہملہ و سکون جیم و نون قبرستان مکہ معظمہ کہ مشتمل بر قبور بسیاری از صحابہ و تابعین است و در زمان ما بسبب توسیع مسجد حرام و توسعہ طواف خراب شد و بعضی از قبور آن در داخل مسجد حرام افتاد

غیر مسلح بطن وادی سے جائیں اور سب لوگوں سے تاکید فرمادی کہ ہمارا خیمہ حجون پر کھڑا کیجیو اور نہایت تقید کر دیا کہ جب تک کوئی نہ لڑے تم ہرگز نہ لڑیو بالجملہ لشکر مظفر پیکر بطابق حکم انور روانہ ہوا اور حضرت طریق اذاخر سے تشریف لیچلے روایت ہے کہ ایک جانب سے عکرمہ بن ابی جہل وصفوان بن امیہ وسہیل بن عمرو عبداللہ بن ربیعہ مع جماعہ بنو بکر و بنو حارث بن عبد مناف وطائفہ ہذیل و اطاس خالد بن ولید سے مقابل ہوئے ناگزیر خالد نے بھی مقابلہ کیا چنانچہ موضع خندمہ میں لڑائی شروع ہوگئی اور لڑائی سخت ہوئی مسلمانوں نے مارتے مارتے دروازہ بیت الحرام تک کافروں کو پہونچایا چوبیس کافروں میں سے ازانجملہ بنی بکر کے چار ہذیل کے مارے گئے اور دو مسلمان شہید ہوئے ازانجملہ ایک عکرمہ کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور بروایت صحیحہ صاحب بہجۃ المحافل نے لکھا ہے کہ اس معرکے میں بارہ یا تیرہ کافر مارے گئے اور خالد ابن ولید کی طرف میں صرف سلمہ بن العلاء الجہنی شہید ہوئے اور کرز ابن جابر فہری اور حبیش بن خالد حبشی بھی شہید ہوئے ہیں مگر حضرت خالد کے لشکر سے علحدہ دوسری راہ جاتے تھے وہاں مارے گئے بالجملہ کفار قریش نے ہزیمت فاش اٹھائی اور خالد ابن ولید نے کیفیت مفصل حضور اقدس میں عرض کی فرمایا قضاء اللہ خیر حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنجناب کے میں داخل ہوئے تو استغاثہ ہوا کہ خالد ابن ولید اہل مکہ کو مارے ڈالتے ہیں آنجناب نے ایک آدمی بھیجا کہ خالد سے کہدے رفع عنہم السیف یعنی تلوار قریش سے اٹھالے آنجناب کے کہا منع فہیم السیف تلوار قریش میں کہ خالد رضی اللہ عنہ نے اور بھی قتل میں گرمی شروع کی یہاں تک کہ ستر آدمی کافر قتل ہوئے پھر حضور اقدس نے خالد پر عتاب فرمایا اور خلاف حکم کرنے کا سبب دریافت کیا خالد نے التماس کیا کہ مجھے حکم ممانعت نہیں پہونچا بلکہ حکم قتل کا پہونچا تھا آپ نے اس شخص حکم لیجانے والے سے استفسار کیا اسنے کہا ایک شخص مسیب کہ آسمان و زمین میں مجھے ملا اسکے ہاتھ میں ایک چھڑی تھا اسنے کہا تو یوں خالد سے کہدے رفع فہیم السیف نہیں تو میں تجھے قتل کر دونگا مجھ پر حضرت ایسا غالب ہوا کہ سوا اس شخص کے حکم کے اور کچھ بجالانے کا معلوم ہوا کہ وہ شخص فرشتہ تھا اور ظہور جناب کبریا یہ تھا کہ ستر آدمی مقتولان احد کے برابر قتل ہوجاویں اسلیے کہ جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے بروز احد جب چچا آپکے شہید ہوئے تھے فرمایا تھا کہ اگر قریش پر قابو پاؤنگا ستر آدمی قتل کرونگا سو خدا نے آپ کی بات کو سچا کر دیا کذا فی روضۃ الاحباب والمعارج بسبب وقوع اس واقعہ کے حنفیہ کہتے ہیں کہ فتح مکہ جنگ سے ہوا اور شافعیہ کہتے ہیں بصلح بدلیل ایمان پیش از دخول الا یہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنے خیمے میں حجون پر قائم تھا جلوہ فرما ہوئے اور غسل فرما کر زرہ پہنی اور خود رکھا حالت غسل میں بیبی حضرت فاطمہ علیہا السلام تھیں اسوقت ام ہانی بنت ابیطالب نے التماس کیا کہ حضرت علی مرتضی کی خواہش ہے کہ ابن ہبیرہ و حمیرہ کو قتل کریں اور میں نے انکو امان دی ہے فرمایا ہمنے امان دی جسکو تو نے امان دی رواہ البخاری والسلم اور بعضے کہتے ہیں کہ یہ حلہ ام ہانی کے گھر میں واقع ہوا اور وہاں بعد غسل حضرت نے آٹھ رکعتیں نماز چاشت کی بھی ادا فرمائیں الغرض حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مسلح سوار ہوئے واہنے صدیق اکبر بائیں اسید ابن حضیر اسی طرح حضرت بلال عثمان ابن طلحہ اور محمد ابن مسلمہ مہار شتر پکڑے تھے اور اسامہ ابن زید ردیف تھے عبداللہ ابن معقل کہتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم آواز زمزم سورہ انا فتحنا لک فتحا مبینا پڑھتے ہوئے بلا احرام داخل حرم ہوئے اور مسجد میں تشریف لائے اور لکڑی سے حجر اسود کو بوسہ دیا اور تکبیر کہی اہل اسلام نے متابعت کی اہل مکہ پر لرزہ پڑا اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر بیٹھے ہوئے دیکھتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سات مرتبہ طواف فرمایا اور سوار

سے آرے مشرکین کہتے تھے گرد کعبہ تین سو ساٹھ بت رکھے تھے اور یہ لوگ انکے سینے سے جا لگے تھے ایک لکڑی سے جو آپ کے ہاتھ میں تھی اس سے اشارہ فرماتے تھے اور یہ آیت جاء الحق وزہق الباطل ان الباطل کان زہوقا یعنی آیا حق اور مٹا باطل بیشک باطل تھا مٹنے والا سو جسکے منہ کی طرف اشارہ کرتے تھے وہ بت گرتا تھا اور جسکی پشت کی طرف اشارہ فرماتے تھے وہ اوندھا گرتا تھا اسی طرح سب بت اکھڑ اکھڑ کے گر پڑے اور تصویریں جو دیوار کعبے پر کھینچیں تھیں اسکو چاہ زمزم کے پانی سے دھلوا ڈالا جب اندرون کعبہ تشریف لیگئے جب اس سے فراغت ہوئی تو ارادہ ہوا کہ اب کعبے کے اندر تشریف لیجائیں بلال سے ارشاد ہوا کہ عثمان ابن طلحہ حجبی سے کنجی لاؤ وہ کنجی سلافہ بنت سعد والدہ عثمان کے پاس تھی حضرت بلال نے طلب کی اسنے اس عذر سے انکار کیا کہ تم پھر مجھے نہ دوگے عثمان ابن سلافہ کہتا تھا کنجی سپرد کردے نہیں تو کوئی دوسرا آکر لے ہی جائیگا اسی ردوکد میں حضرت صدیق و فاروق اعظم رضی اللہ عنہما تشریف لائے اور کہا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کنجی کے منتظر ہیں جلد حاضر کرو تب سلافہ نے کلید کعبہ عثمان اپنے بیٹے کو دی اور کہا اگر کلید کعبہ تیرے پاس رہے تو ننگ اس سے کہ بیم وعدہ کے پاس ہے چنانچہ عثمان کنجی لیکے حاضر ہوئے حضرت نے چاہا کہ عثمان کنجی دے عباس ابن عبد المطلب بولے یا رسول اللہ جسطرح سقایہ زمزم میرے پاس ہے کلید بھی مجھے ملے عثمان کو اشتباہ ہوا اسنے جو ہاتھ کنجی دینے کو بڑھایا تھا کھینچ لیا حضرت نے فرمایا عثمان اگر ایمان جانتے اور یوم جزا پر تو کنجی حوالے کرتے کہا خدا ہا رسول اللہ بامانۃ اللہ تب حضرت نے کنجی پائی اور عمر ابن خطاب و عثمان ابن طلحہ سے فرمایا کہ اندرون بیت جائے تصویریں فرشتوں و پیغمبروں کی جو کعبے کی دیواروں میں کھینچی ہیں مٹاؤ جب حکم جاری ہوا بلا توقف بلال اسامہ ابن زید داخل ہوئے اور تصویر حضرت ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام کے عفران سے دھلوا دیں اور فرمایا اللہ صاحب لعنت کرتے ہیں اس قوم کو جو تصویر کرتے ہیں اپنے غیر مخلوق کی پھر بنا بر رفع اثر حمام دروازہ بند کرا دیا اور دو رکعت نماز ادا کی ابن عربی و ابو مصعب وغیرہ نے اس روایت کو ترجیح دی ہے کذا فی المواہب تنبیہ حضرت ابراہیم و اسمعیل تصویروں میں فال کے تیر رکھے تھے حضرت ابن عباس سے بخاری میں روایت ہے کہ اسکو حضرت اقدس نے دیکھکر فرمایا خدا لعنت کرے مشرکین مکہ پر خبردار رہو خدا کی قسم ابتہ انکو معلوم تھا کہ ابراہیم و اسمعیل نے کبھو تیروں سے فال نہیں لیا فال کے تیر سے یہ مطلب کہ ان کافروں کے پاس تین تیر تھے ایک پر لکھا خدا نے اجازت دی دوسرے پر لکھا تھا منع کیا تیسرے کو خالی چھوڑا تھا دو اول سے امر و نہی سمجھتے تھے اور تیسرے میں توقف کرتے تھے اور ان تیروں کو دونوں پیغمبروں کی تصویروں میں لگا رہا تھا تاکہ لوگ جانیں کہ یہ حضرت بھی اسنے فال دیکھنے تھے جب مکہ فتح ہوا تو حضرت صلعم نے یہ حال دیکھا اور لعنت کی فائدہ یہ جو مشہور کہ اونچے بتوں کے اتارنے کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے دوش مبارک پر چڑھایا اور حضرت علی نے التماس کیا تھا کہ آپ میرے کندھوں پر سوار ہوں فرمایا کہ تم اونچے نہیں اٹھا سکتے ہو اور میں بار ولایت اٹھا لونگا ہمارے استاد الاستاد حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں کہ جب بت لکڑی کے اشارے سے گر پڑے تو اسکی کیا حاجت تھی اور شاید یہ امر اندرون کعبہ کے بتوں میں واقع ہوا ہو فائدہ شیعہ اس قصے سے حضرت علی کی بڑی فضیلت ثابت کرتے ہیں اور سنی کہتے ہیں بیشک شائبہ الوہیت حال انکہ جو دو حضرت محمد للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائی یعنی تم پر نبوت اٹھا سکو گے اس سے شر خفی بالکل باطل ہوتا ہے اور حضرت ابو الفضل ابن صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بڑی

فضیلت ثابت ہوتی ہے کہ بسبب ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے کندھوں پر چڑھا کر غار ثور تک لے گئے یعنی جبار نبوت حضرت امیر المومنین علی مرتضے کرم اللہ وجہہ اٹھا سکے اسکو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اٹھا لیا حضرات شیعہ کی بیوقوفی ایسی ہی ہوتی ہے جو انجناب کے فضائل و اوصاف حمیدہ کیا کہیں کہ جسمیں کسی مسلمان کو کسی طرح کی گفتگو نہیں ہے جو باتوں سے یہ فرقہ زیادہ تر خراب ہو گیا ہے القصہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم بمعیت کا دروازہ کھول کر باہر تشریف فرما ہوئے اور آستانہ پر دونوں بازو پکڑ کے کھڑے ہوئے کلید باتمہیں خالد بن ولید اور سوید بن عمرو کی طرح لوگوں کو آگے سے ہٹاتے تھے اس حال میں علی مرتضے نے عرض کیا یا رسول اللہ کعبے کی دربانی اہلیت کو ملے جسطرح سقایہ حاجیوں کا ہمکو ملا فرمایا ہذا یوم البر والوفاء آیت نازل ہوئی ہاں اللہ یامرکم ان تؤدوا الامانات الی اہلہا یعنے خدا سے تعالیٰ حکم کرتا ہے کہ ادا کرو امانتیں امانت والوں کو اور کلید کعبہ عثمان بن طلحہ کو سپرد فرمائی بعد ازاں عثمان نے ملازمت حضرت اختیار کی اور کلید کعبہ شیبہ اپنے برادر زادے کو دی کہ آج تک دیتے ہیں بیت المقدس شیبہ کے اختیار میں ہے روایت ہے کہ جسوقت کلید کعبہ عثمان کو عنایت فرمائی تو ارشاد کیا تو ہمیشہ کے واسطے ہو گی لیکا کوئی تجھسے مگر ظالم اسی نشین گوئی کے مطابق کلید کعبہ خاندان عثمان میں ہے اور آپنے عثمان کو اسوقت وہ قصہ یاد دلایا کہ قبل ہجرت ہمنے ایک مرتبہ تجھسے کلید دا سطے کھولنے کعبے کے مانگی تھی تجھنے دی اور میں نے کہا تھا کہ ایک دن پھر کلید یہ تیرے ہاتھ میں ہو گی جسے چاہونگا دونگا تجھنے کہا تھا اُس دن قریش ذلیل ہونگے جو بات ہوگی ہو گئی کہا نہیں بلکہ بعزت معمور ہونگے عثمان نے کہا درست ہے پس ان حضرت صلعم نے مکہ والوں سے مستوجہ ہو کر فرمایا اے گروہ قریش تم لوگ میرے حق میں کیا گمان کرتے ہو کہا کہتے ہیں ہم بہتر گمان کرتے ہیں تم کریم اور اخیا کہتے ہیں تم کریم برادر اخیا ہو اب تمہارا کیا گمان ہے جو چاہو کہو فرمایا میں وہی کہتا ہوں جو کہا میرے بھائی یوسف نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا کہ لا تثریب علیکم الیوم یعنی آج تمپر کچھ الزام نہیں اور نہ گلہ و شکوہ پھر انکے خون حلال کیے اور ارشاد کیا کہ نہیں حلال ہے تم میں کسی کو کہ مکے میں ہتھیار اٹھائے بلکہ قتل اور تم اطمینان سے گھروں میں بیٹھ رہو ایک روایت ہے کہ حضرت صلعم جب وہاں سے پھرے تو تہلیل فرماتے تھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ صدق وعدہ و نصر عبدہ وہزم الاحزاب وحدہ اور یہیں سے نماز عصر اُسی جگہ ادا فرمائی اور وجہ توقف شاید یہ ہوا کہ جن لوگوں کے قتل کا حکم تھا اُسکی تحقیق منظور نظر تھی بعد ازاں اسی عرصہ میں خطبہ فرمایا اور حرمت ربوا و احکام قصاص و دیات بیان کیے اور بطلان دعاوی جاہلیہ کے فسخ فرمائے اور مفاخرت نسبیہ سے نہی کی اور یہ آیت سورۂ حجرات کی ارشاد فرمائی یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثی و جعلناکم شعوبا و قبایل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ان اللہ علیم خبیر یعنی اے آدمیو ہمنے تمکو بنایا ایک مادہ سے اور کیں تمہاری قومیں و قبیلے تا کہ آپس کی پہچان ہو معتبر عزت اللہ کے پاس اسی کی بڑی ہے جسکو اوپ بیٹا اللہ سب جانتا ہے خبردار یعنی برائیاں ذات قوم کی عیب ہے صفت نیک چاہیے صرف ذات کس کام کی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت بنی بیاضہ کی شان میں نازل ہوئی ہے اور معاملہ یوں ہوا کہ ایک شخص نے ثابت کو بیٹھنے کی جگہ نہ دی تو ثابت نے کہا ابن فلانہ جگہ دے یہ بات حضرت صلعم نے سنی اور فرمایا کون ہے جو فلانہ کہتا ہے ثابت نے کہا یا رسول اللہ میں ہوں حضرت صلعم نے فرمایا قوم کا منہ دیکھ ثابت نے دیکھا تب حضرت نے فرمایا کیا دیکھا ثابت نے کہا سرخ و سفید و سیاہ فرمایا تجکو ان پر تفضیل نہیں ہے مگر دین و تقوی کی اس مقام سے معلوم ہوا کہ اگرچہ آداب مجلس یہ ہے کہ جب کوئی مجلس میں آوے وہ جگہ نہ پاوے تو مجلس والوں کو لازم ہے کہ تھوڑا تھوڑا جنبش کریں تا کہ مکان طلقا کشادہ ہو جاوے یا اٹھ کر پرے حلقہ کر لیں اتنی حرکت میں عار و ننگ نہ کریں جیسا

سورہ مجادلہ میں قتادہ صاحب نے فرمایا یا ایہا الذین آمنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس فافسحوا یفسح اللہ لکم واذا قیل انشزوا فانشزوا یرفع اللہ الذین آمنوا منکم یعنی اے ایمان والو جب تمکو کہا جاوے کہ مجلسوں میں تو کھل جاؤ اللہ کشادگی دے تمکو اور جب کہا جاوے کہ اٹھ کھڑے ہو تو اٹھ کھڑے ہوا کرو اللہ اونچا کرے گا ایمان والوں کو تم میں سے اور جو علم دیئے گئے ہیں یعنی علماء دین کے درجے بہت بڑے ہیں اللہ کے نزدیک اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مگر آنے والے کو کلام سخت کہنا کسی طرح درست نہیں ہے کیونکہ ایسی بدخلقی اور تکبر نکلتا ہے اور یہ کسی طرح درست نہیں ہے اور مقاتل کے نزدیک یہ آیت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی اور حال یوں واقع ہوا کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بلال رضی اللہ عنہ کو حکم کیا کہ بام کعبہ پر چڑھ کر اذان کہیں بلال نے اذان کہی تو بعض کفار نے کہا سبحان اللہ کہ ہمارے باپ دادے تو مر گئے اور یہ حبشی غلام کعبہ پر چڑھ کر اذان کہتا ہے اور بعض نے کہا کہ اگر محمد سچے ہوتے تو ان کو موت آتی تب جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت صلعم کو اطلاع کر دی تب حضرت صلعم نے ان کم بختوں کو بلا کر ان کے خیالات سے مطلع فرمایا پس شرمندہ ہوئے اور جماعت ایمان لائی حارث ابن ہشام اور عتاب ابن اسید انہی میں تھے اور معالم التنزیل میں ہے کہ جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ روز فتح مکہ بحکم حضرت صلعم کعبہ پر چڑھ کر اذان کہنے لگے اور اذان کہتے گئے تو عتاب ابن اسید ابن ابی العیص نے کہا الحمد للہ الذی قبض ابی حتی رای ہذا الیوم یعنی سب تعریف ہے اللہ کو کہ اس نے وہ دن دیکھنے سے پہلے میرے باپ کو اٹھا لیا کہ اس نے نہ دیکھا اس دن کو اور حرث ابن ہشام نے کہا اللہ محمد غیر ہذا الغراب الاسود فزاجرہ یعنی کیا محمد نے نہ پایا اذان کہنے والا سوا اس کالے کوے کے اور سہیل بن عمرو نے کہا جب اللہ کا ارادہ کرتا ہے کسی چیز میں تو بدلی کا تو اسکو تغییر دیتا ہے اور ابوسفیان نے کہا کہ میں کچھ نہ کہونگا کیونکہ محمد کو خبر ہو جاویگی ویسا ہی ہوا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے تمام کیفیت بیان کر دی اور یہ آیت نازل ہوئی اور حضرت نے مفاخرت انساب سے فرمائی بالجملہ فتح مکہ سے دو سو روز بعد ہب بن الاوع مدنی مکہ میں آیا تو خراش بن امیہ کعبی خزاعی نے قتل کیا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سنکے فرمایا سبحان اللہ میں نے آسمان و زمین کو پیدا ہوتے میں کہ بیت الحرام ہے قیامت تک کسی ایمان دار کو خون کرنا اور گم شدہ لینا اگر بقدر تعریف اور درخت کاٹنا اور گھاس کھانا درست نہیں ہے اور جو کوئی کہے کہ میں نے لشکر خونریزی کی تو حلال نہیں ہوا مجھے پہلے اور بعد سے کسی پر اور حلال نہ تھا مگر ایک ساعت روز سے اور بعد اسکے پھر حرام ہوا اور بنی خزاعہ سے دیت دلوائی ان دونوں میں ابو قحافہ والد صدیق اکبر کے ایمان لانے انکے بال سفید تھے ارشاد ہوا کہ رنگ ڈالو اسکا کسی چیز سے اور بچو سیاہی سے رواہ مسلم عن جابر رضی اللہ عنہ اس حدیث سے خضاب درست ہوتا ہے لیکن کہ وہ فی الاحیا نبی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عن الخضاب بالسواد وقال ہو خضاب اہل النار واول خضب بالسواد فرعون وقد قال صلے اللہ علیہ وسلم الصفرة خضاب المسلمین والحمرة خضاب المومنین وکانوا یخضبون بالحناء للحمرة وبالخلوق والکتم للصفرة یعنی منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خضاب سیاہ سے اور فرمایا کہ یہ خضاب دوزخیوں کا ہے اور اول نے خضاب سیاہ کیا فرعون تھا اور تحقیق فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ زرد خضاب مسلمانوں کا ہے اور سرخ خضاب ایمان والوں کا تھا خضاب کرتے تھے مہدی سے بنا بر حصول سرخی اور خلوق اور کتم سے بنا بر حصول زردی خلوق بالفتح بوے خوش اور تخلیق طلا کردن بوے خوش اور خضران اور کتم کا ہے ست سوا اور سمہ اور نزدیک بعضوں کے وسمہ نزدیک حنفا کے خضاب وسمہ درست ہے اسلیے کہ بعض اصحاب کرتے تھے الا سواے وسمہ کے اور خضاب سیاہ جائز نہیں لیکن نزدیک بعض کے بنا بر ترغیب بہ منکوحہ لا باس ہے شیخ عبدالحق محدث نے شرح سفر السعادت میں امام ابو یوسف رح سے دو روایتیں نقل کی ہیں ایک یہ کہ حالت قتال میں مضائقہ نہیں

دوسرے واسطے تزئین نباید نسبت ان خود کذا فی شرح آداب القاضی اور تحقیق صحیح ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خضاب کرتے تھے مہندی اور کسم کا لیکن رنگ انکا سیاہ نہ تھا بلکہ سرخ مائل بسیاہی تھا اور یہی منقول صحابہ سے ہے اکمل کی شرح مشارق مین ہے کہ خضاب مین دو مقام پر اختلاف ہے ایک یہ کہ نبی صلعم نے خضاب کیا یا نہین انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھکو آپکا خضاب کرنا معلوم نہین اور بعضون نے کہا کہ خضاب کیا تھا حجت انکی حدیث ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی ہے کہ انھون نے حضرت کا سر خضاب کیا دیکھا اور قول مختار یہ ہے کہ آنحضرت صلعم نے کبھی خضاب کیا اور اکثر ترک کیا جو کسی نے دیکھا ہے وہ بیان کیا دوسرا مقام یہ ہے کہ خضاب افضل ہے یا ترک نزدیک بعض کے ترک افضل ہے اسلیے کہ تغییر پیری سے نہی وارد ہے اور بعض کے نزدیک خضاب افضل ہے اصحاب کرام کی ایک جماعت نے خضاب کیا ہے جیسے حضرت صدیق اکبر حنا کا خضاب فرماتے تھے اور بعض عمران سے خضاب کرتے تھے چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے اور بعضے سیاہ خضاب کرتے تھے چنانچہ حضرت عثمان اور حسن اور حسین اور عقبہ بن عامر اور ابن سیرین رضی اللہ عنہم نے قول ہے اور ہم حنفیون کا مذہب ہے کہ حنا اور وسمہ کا رنگ خوب ہے چنانچہ فتاوی قاضی خان مین مذکور ہے اور نووی شافعی مذہب نے کہا کہ ہمارا مذہب استحباب خضاب کا ہے مرد اور عورت کو زرد ی سرخی کا اور صحیح قول مین خضاب بسیاہ حرام ہے واسطے کہ حدیث صحیحین مین ہے اور تغیر کرو اور بچو سیاہی سے انتہی قول الاکمل طحاوی اور مسوی مین ہے کہ سیاہ خضاب کی حرمت غیر مجاہدین کے حق مین ہے اور غازیون کو حرام نہین کافرون پر رعب ڈالنے کیواسطے اور اصحاب کسیاہ نے جو خضاب سیاہ کیا شاید اسکا یہی محمل ہو کذا فی اکلیل راقم نے اپنے استاد میر احسن علی محدث سے سنا وہ اپنے اساتذہ سے نقل کرتے ہین کہ ممنوع وہ سیاہ خضاب ہے جو وسمہ کے سوا اور چیزون سے ہو پس معلوم ہوا کہ سیاہی کے خضاب سے وسمہ کا خضاب مستثنی ہے واسطے کہ صحیح بخاری شریف مین ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک شہید ہو کر شام کو گیا تھا تو پیش مبارک مخصوب بحمرۃ تھی واللہ اعلم وعلمہ اتم القصہ بعد خطبہ وغیرہ آنجناب کے وہ پر تشریف لیگئے اور وہان جلاس فرمایا اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور اہل قریش بیعت کرنے لگے حضرت نے عورتون کی ہیئت مین ایک گوشہ چادر کا پکڑوایا تھا بعد اسکے گھر تشریف لائے اور غسل کر کے آٹھ رکعت صلوۃ ضحی یعنی نماز چاشت ادا کی اور سجدہ و رکوع دراز کیا پھر شروع کیا وہ کہ شعب ابیطالب وغیرہ نبی کنایہ تھا جلوہ افروز ہوئے قبل دخول ارشاد ہوا تھا کہ گیارہ مرد جہنمی تو مین جہان کہین ملین قتل ہون ایک عبد الغزی ابن حنظل بفتح خا معجمہ وطاء مہملہ کہ بروز فتح اکر کعبے کے پردون سے لپٹ گیا تھا جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم طواف مین تھے ایک صحابی نے التماس کیا بذا ابن حنظل متعلق باستار الکعبۃ فرمایا اقتلوہ چنانچہ ابو ہریرہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا یہ سردود پہلے بے دین اکر مسلمان ہوا تھا اسنے عبد اللہ نام رکھا اور ایک قبیلے کی زکوۃ لینے کو مع ایک شخص خزاعی کے روانہ فرمایا اسنے خزاعی کو قتل کیا پھر اس خوف سے کہ قصاص مین قتل ہونگا مرتد ہو کر مکہ کو گیا اور زکوۃ کا مال لیکے مکے کو روانہ ہوا سو اپنے اسکا خون ہدر کیا تھا کہ مارا گیا دوسرے عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح اخ رضاعی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہ وہ کاتب وحی تھا کبھی خرابات مین اس جنس کے کلمے مین جسطرح واللہ سمیع علیم خواہ ان اللہ غفور رحیم ہے اسنے تبدیل کی اور کبھی قبل اسکے کہ آپ ارشاد فرماوین اس جنس کا کلمہ اسکی زبان پر گذر گیا آپنے کہا ہی کلکھ تو اسنے لوگون مین کہنا شروع کیا کہ محمد کو خبر نہین ہوتی مین جو چاہتا ہون لکھدیا کرتا ہون اور مجھپر بھی وحی

آتے ہی بیات آنجناب پر کھل گئی اور وہ مرتد ہو کے بھاگ گیا اور فتح کے دن حضرت عثمان اسکو اپنے ساتھ لیکے آئے اور بہت التمام سفارش کی کہ قصور معاف ہو بعد ازیں جب وہ آنجناب کے روبرو ہوا تو فرط شرم سے بھاگ جاتا ایکدن حضرت عثمان نے کہا یا حضرت عبداللہ آپ کو بیعت کیلئے بھاگتا ہے فرمایا میں نے اس سے بیعت نہیں کی ہے حضرت ان ہی ہے عثمان نے کہا درست ہے اسکو اپنے گناہ پر شرم ہے فرمایا اسلام دعلانیہ ہے پنہان سابق کو عثمان نے عبداللہ سے کہا تب وہ روبرو ہونے لگا اور حضرت عثمان کے عہد میں افریقیہ انہیں کے ہاتھ پر فتح ہوا ہے وہ حاکم مصر تھے اور بعد شہادت حضرت عثمان کے اسطرف بھیجنے خون مسلمانوں کے کسی طرح شریک نہ ہوئے اس معاملہ میں از روے تجربہ معلوم ہوا ہے کہ شاگرد اور سائل معین کے دل پر استاد یا واعظ کی بات کا اثر آجاتی ہے حاجت بتانے کی نہیں پڑتی سو یہاں عبداللہ ابن سعد کا ایسا ہی تھا مگر ابن سعد نے اسکو گمراہ کر دیا تھا

کہ وہ مرتد ہو گیا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے قدرنا راض تھے کہ باوصف خونخوار حضرت عثمان اور مطمع اسلام ابن سعد کے اسکی صورت نہ دیکھی تھی پھیر لیتے تھے اور وقت عطائے امان سفارش عثمان نے ان پر اثر کیا چنانچہ جب حضرت عثمان سعد ابن سعد کو باہر لیکر گئے تو آنجناب نے حاضرین مجلس سے فرمایا کہ تم نے اسکو کیوں نہ قتل کیا انصار نے کہا یا رسول اللہ ہم آپ کے اشارے کے منتظر تھے فرمایا ایمان پیغمبر کو آنکھوں سے اشارہ کرنا نہیں چاہیئے

عکرمہ ابن ابی جہل تھا وہ روز فتح مکہ بھاگ چلا تھا ام حبیل اسکی جورو مسلمان ہو گئی اور حسب خواست اسکے عکرمہ کو امان لی اسنے دوڑے عکرمہ کے کہا وہ جہاز پر سوار ہو چکا تھا اسنے نہایت تعجب کیا کیونکہ باوصف اپنی عداوت کے امان کو محال جانتا تھا ام حبیل نے کہا کہ وہ ایسے کریم ہیں کہ تمہیں انکی تعریف انکی نہیں ہو سکتی عکرمہ کے ساتھ ہو لیا اور مدینہ آنے ام حبیل سے ارادہ باشرت کیا ام حبیل نے فرمایا اور کہا کہ تو شرک ہے جب تک مسلمان ہو تجھے صحبت حلال نہیں عکرمہ نے حاضر آکر براہ تعجب عرض کیا کہ عورت کہتی ہے کہ تو نے مجھے امان دی ہے فرمایا سچ ہے عکرمہ نے کہا جلم سوا پیغمبر کے دوسرے کی شان نہیں اور اسی وقت مسلمان ہوا پھر حضرت عکرمہ نہایت مقبول ہوئے لکھا ہے کہ قرآن مجید دیکھکے انکو حالت وجد ہوتی تھی کہنے لکھتے تھے ہذا کتاب نبی ذرا کتاب نبی حضرت صدیق اکبر نے اپنے عہد خلافت میں ایک لشکر کا جو کہ قتال اہل ارتداد پر بھیجا تھا امیر کیا تھا اور جناب احدیت میں کہ فتح ہمزہ وجیم بعدہ الف ودال مہملہ مفتوحہ

موضع ہے شام میں شہید ہوئے جو تھا حویرث بجائے مہملہ تصغیر بعد تقدیم بضم نون وفتح قاف بصیغہ تصغیر تھا شخص یہ شیعہ اسلام کی ہجو کیا کرتا تھا روز فتح مکہ بھاگا تھا اور وقت تلاش بھاگا حضرت علی مرتضیٰ نے قتل کیا یا نجوان مقیس بکسر میم بوزن مفتح ابن صبابہ بضم مہملہ وباء بہ مہملتین بوزن قبالہ تھا اسکا یہ قصور تھا کہ اسکے بھائی ہشام کو ایک انصاری نے غزوہ مریسیع میں شرک جان کر قتل کیا تھا اور وہ مسلمان ہوا تھا حضرت نے دیت دلوائی مقیس نے بعد لینے دیت کے انصاری کو قتل کیا اور مرتد ہو کے بھاگا روز فتح ایک گوشے میں شکر کو لیکے شراب پیتا تھا نسیلہ بضم نون وفتح صاد تصغیر بن عبداللہ بشی نے قتل کیا چھٹا ہتبار بن الاسود تھا بفتح ہاے مہملہ وتشدید باے موحدہ ودال مہملہ بوزن شداد نے آنجناب کو بہت ایذا دی تھی روز فتح مختفی ہو گیا مگر ایک دن مجمع میں آکے مسلمان ہوا حضرت نے عفو کیا اور قصور معاف کیا

یہ تھا کہ جب حضرت زینب نے جبار دی کو ابو العاص انکے شوہر نے حسب وعدہ مکہ معظمہ سے بھیجا ابو رافع اور سلمہ بن سلم کو بحکم آنحضرت انکو لینے کو گئے تھے ہودج میں بٹھا کے واپس لیکے آئے ہبار نے بحیث چند اوباش قریش سے راہ میں پہونچکر ایک نیزہ حضرت زینب کے مارا وہ ایک پتھر پر گر پڑیں اور حمل ساقط ہو گیا کہ اسی صدمہ سے جاں بحق ہوئے مگر چونکہ آنحضرت نے خون اسکا ہدر کیا تھا مگر اسلام لانے

سے معاف کیا سنا تو ان صفوان بن امیہ یہ شخص بڑا مودی اور اپنے باپ امیہ بن خلف کا خلف تھا اسنے سنا کہ میرا خون ہدر ہوا ہی سوا اپنے غلام یسار کے ساتھ جانب جدہ بھاگ گیا عمیر بن وہب جمحی نے سفارش کی آنحضرت نے فرمایا تب عمیر اسکو لایا اور مسلمان ہوا اگر بارہ مہینے آپ نے صفوان کو دو مہینے تک امان دی ہے فرمایا ہاں چار ماہ تک امان ہے یہاں تک کہ غزوہ حنین واقع ہوا اسمیں حضرت نے کچھ زرہیں عاریۃً لیں جب فتح ہوئی تو غنیمت بہت ہاتھ آئی چنانچہ ایک پہاڑ بھیڑ بکریوں اور اونٹوں سے بھرا ہوا ہاتھ لگا صفوان نے تعجب کیا کثرت مویشی پر حضرت نے اسی کو ہبہ فرمایا اسی وقت صفوان موضع جعرانہ میں اسلام لایا اور کہا کہ یہ سخاوت سوا پیغمبر کے دوسرے سے محال ہے اسنے حارث بھی طلاطلہ الفہم طاہر اوی و کسر طائفہ تھا یہ مردود حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہجو کیا کرتا تھا فتح کے دن حضرت علی نے قتل کیا نوفل کعب بھی زہیر بصیغہ تصغیر تھا اسکا جرم یہ تھا کہ اسنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ہجو کی تھی اول حضرت کی خبر سنکر بھاگ گیا سال نہم ہجرت میں اول اپنے بھائی حقیقی مجیر بن زہیر کو واسطے دریافت حال بھیجا وہ سبب سابقہ معرفت کے حضرت صدیق اکبر سے ملاقی ہوا اور انکی ہدایت سے حضور اقدس اعلے میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گیا کعب یہ بات ناگوار ہوئی کہ مجھسے نپوچھا اور اسلام قبول کیا اسنے کچھ اشعار لکھ بھیجے از انجملہ یہ بیت بھی ہے ؎ سقاک ابو بکر بکاس روی فانہلک المأمون منہا وعلکا یعنے پلایا تجھے ابوبکر نے بڑا پیالہ پھر سیراب کیا تجھے مامون نے اس سے اور مکرر دیا مامون محادرے میں اسکو کہتے ہیں جسکو جن سے رابطہ ہو اور جن کا امر اس سے پوچھے یہ کنایہ آنحضرت سے تھا اسی طرح اور بھی بیچین کی تھیں آخر کار مجیر اپنے بھائی کے مدینے میں آیا آپ مسجد شریف میں تھے دفعۃً مسجد کے دروازے پر اونی بٹھا کر بلا تامل کہا میں کعب بن زہیر ہوں اشہد ان لا الہ الا اللہ اشہد ان محمد رسول اللہ اور قصیدہ بانت سعاد جو لغت میں لکھا تھا سنایا آپ خوش ہوئے اور ردائے مبارک صلے میں عنایت فرمائی اور اس بیت میں ان الرسول لسیف یستضاء بہ مہند من سیوف اللہ مسلول آپنے اصلاح فرمائی کہ سیف کے مقام پر نور کر دیا اور سیوف الہند کی جگہ سیوف اللہ پھر کعب سے پوچھا یہ شعر سقاک ابوبکر الخ تیرا ہی اسنے براہ ذہانت دو تغلبین بدل دین کہ اس ہجو سے جگر جرح ہو گئی یعنی سقاک ابوبکر بکاس روی فانہلک المأمون منہا وعلکا یعنے پلایا ابوبکر نے پیالہ خوشگوار پھر سیراب کیا تجھے اسنے جوانمانہ داد میں دی اور مکرر دیا آنحضرت کعب کی حاضر جوابی اور جودت طبع سے بہت راضی ہوئے نقل ہے کہ امیر معاویہ نے بعوض دس ہزار درہم کے چادر مبارک لینا چاہی تھی کعب نے نہ دی لیکن بعد وفات انکی اولاد سے معاویہ نے بیس ہزار درہم کو لی کر ناصر الدین کے عہد تک وہ چادر شریف موجود تھی زہار تبرک بکفانی المعوارف فائدہ اس مقام سے صاف ثابت ہوا کہ شعر حسن کا سننا اور پڑھنا مسجد میں جائز ہے اور جو بعض علما منع کرتے ہیں انکی مراد میں وہ اشعار ہیں جنمیں ذکر شراب کباب اور دنیا وغیرہ امور دنیہ کا ہو اور شعر کی تین قسمیں ہیں حرام اور مباح اور مستحب حرام وہ ہجو جسمیں ہجو سلم اور سراپا دروغ اور وصف خدو خال زن اجنبیہ معینہ یا امرد معین یا توسیف شراب اور قمار وغیرہ محرمات شرعیہ ہو مگر مصطلحات صوفیہ اہل معرفت اس سے مستثنے ہیں اور مباح وہ ہجو جسمیں ہجو کافر حربی یا ذمی غیر معین یا ہجو فاسق مجاہر بالمعاصی یا وصف خدو خال زوجہ یا مملوکہ یا سعاد و سلمی یا زید و عمر و لیعنے امرد و زن غیر معین کی ہو مگر شرط ہو کہ اس طرح اشعار میں نہ بیان کرے کہ سامعین شاعر کی زوجہ یا مملوکہ سے واقف ہو جاویں بلکہ سعاد و سلمی سے اشارہ کرے

ورنہ وقوع فعل خلاف مروت سے مردود الشہادۃ ہو جائیگا قال الشافعی رح ونقلہ الماوردی فی الحاوی او اشتہب بامرۃ وہم یعیبونہ اصلا الا ترد شہادتہ لانہ یمکن ان یشتہب بوجہ واستہ وفی النہایۃ الشعر الذی فیہ صفۃ امرۃ معینۃ وہی حیۃ یکرہ وان کانت میتۃ فلا اور کذب شاعر انہ دو طرح پر ہوتا ہی یا محمول ہر مبالغہ ہی یا نہیں اگر حمل پر مبالغہ ممکن ہی تو جائز ہی بلکہ احسن ہی اور حضرت حسان بن ثابت اور عبد اللہ بن رواحہ وکعب بن مالک شعرائے رسول الثقلین منع فرماتے ہین اور بعض اہل تحقیق قائل توسط ہین یعنی اگر مبالغہ حد امکان سے خارج ہو تو ترک مبالغہ بہتر ہی والا جائز لیکے کہ کلام الٰہی اور حدیث رسالت پناہی اور اقوال صحابہ اور تابعین مین جا بجا مبالغہ واقع ہوا ہی اور مذہب جمہور شافعیہ یہ ہی کہ جس موضوع کا حمل کسی طرح حمل مبالغی پر نہو سکے تو حرام ہی قال الرافعی ہو الاصح وانہ کسائر انواع الکذب اور مستحب دو قسم ہی ایکوہ کہ حسین وکریہ ثبت ودوزخ ومدح انبیا واولیا وتوحید ونبوت وشوق وذوق محبت الٰہی ہو دوسرا وہ کہ جسمین بیان مکارم اخلاق ہی وعظ ہو جسطرح اشعار حضرت مولانا روم وخواجہ حافظ وحضرت شیخ سعدی علیہم الرحمۃ قال ابن عبد البر ان الشافعی قال ان الشعر کلام حسنہ حسن وقبیحہ قبیح کذا قال ابن سیرین والشعبی اور متبع کتب سے واضح ہی کہ حضرت ابوبکر وعلی مرتضی وعمر خطاب وعایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم نے شعر کہے ہین مگر جناب پیغمبر خدا صلعم نے خود کوئی شعر نہین فرمایا اور اللہم لا عیش الا عیش الآخرۃ فارحم الانصار والمہاجرۃ یہ کلام موزون بلا قصد صادر ہوا ہی اور قصیدہ ابو الہیثم استان مین فرماتے ہین ان بہ الابیات من الرجز والرجز لا یکون شطرا وانما ہو من السجع فی الکلام فائدہ غیبت اس شخص کی جو کہلے ہوئے گناہ کرتا ہی اور بیحیا اسکی درست ہی چنانچہ کتب معتبرہ مین مذکور ہی کہ غیبت وشکایت چھ جگہ درست ہی ایک جگہ ظلم ظالم کی دوسری قوت صلاح وشورے کے تیسری قت گواہی چوتھی اس جگہ جہان بروان اظہار غیبت اسکا نہ ہو تا ہو جسطرح حارث اعور اسماء الرجال مین لکھا جاتا ہی یا جو ظاہر مین خطا ہر مین بیحیا ہو اور اصل حقیقت مین دیندار ہو تو اسکا حال ظاہر کر دینا چاہیے تاکہ اور کوئی اسکے فریب مین نہ آوے چھپی ہوئی بدکاری کو بظاہر عمل مین لاوے بخاری اور مسلم مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا میری امت کے گناہ سب معاف ہونگے مگر انکے گناہ نہ معاف ہونگے جو اپنے پوشیدہ گناہون کو ظاہر کرتے ہین اور اللہ یہ بات بھی اظہار مین داخل ہی کہ بندہ رات کو کوئی برا کام کرے پھر اسکو صبح اس حالت مین ہو کہ اسکے رب نے اس گناہ کو چھپا ڈالا ہو سو وہ شخص یون کہے کہ اے فلان مین نے تو رات کو ایسا ایسا کام کیا رات کو اسکے رب نے گناہ پر پردہ ڈالا اور وہ صبح کو خدا کے پردے کو کھولتا ہی بیان سے ثابت ہوا کہ پوشیدہ گناہ کو ظاہر کرنا سخت گناہ ہی کاش گناہ کرکے شرم کرے تو خدا پردہ پوشی کرے کہ وہ ستار العیوب ہی جب اسنے پردہ فاش کیا تو مغفرت اور پردہ پوشی کے لائق نہرا اور جو بعض نادان نامعقول ایسا کرتے ہین گویا اپنا پیر یہ کلہاڑی سے مارتے ہین ہر گاہ ایسے گنہگار کا یہ حال ہی تو اس فاسق کا حال جو بے تکلف سب کے سامنے گناہ کرتا ہی اور شرم اپنے ہمجنسون سے نہین کرتا کیا ہوتا ہی غالبا وہ مباح جانکر حرام کرتا ہی اگر یہ نہوتا تو لازم اپنے ہمجنسون سے شرم کرتا یا جو لوگ اس فعل کو نہین کہتے ہین انسے شرماتا اور بتتبع آیات واحادیث بخوبی متضح ہوا کہ جو لوگ گناہ کبیرہ کھلا کھلا ہوے پردہ کرتے ہین جسطرح ہمارے عہد کے لوگ سیسون اور لونون کو واسطے حرام کاری کے نوکر رکھتے ہین اور بے محابا اپنے پہلو سے لگائے ہوئے پھرتے رہتے ہین سو بلا شبہہ قباحت اس فعل کی اعتقاد سے انکی زائل ہو جاتی ہی اور دل مین خوف عقاب کچھ نہین رہتا ہی گویا کھانے پینے کی

سی عادت سمجھتے ہین کو کہ یہ جانتے ہین کہ یہ گناہ شرع مین حرام ہی اور اُسپر منع شدید وارد ہوا ور زبان سے بھی اقرار کرتے ہین کہ یہ گناہ ہی اور اسکی نام استباحت معصیت ہی اسلیے کہ استباحت گناہ بھی ہی کہ گناہ کو مباح جانے یہ کہ مباح کہے اور ورود حرمت اُس گناہ کا بھی انکار کرے بلکہ جب فاسق نے خوف عقاب کیا اور اُسکو قبیح نہ جانا تو وہ گناہ مباح ہو گیا اور معاملہ مباحات اُس گناہ کے ساتھ عمل مین لایا استباحت کفر ہی بعضے فقیہ ظاہر مین یہ سمجھتے ہین کہ انکار ورود حرمت بھی شرع مین لازم استباحت ہی سو یہ بات تو نادر الوقوع ہی اور از روے احادیث وآیات تحقیق استباحت مین اسی قدر کافی ہی جو بیان کیا گیا انکار ورود حرمت دل وزبان سے ضرور نہین ہی پس اوقات بعض لوگ اسطرح اعتقاد کرتے ہین کہ شرع مین فلان معصیت بنظر مصلحت عام حرام ہوئی ہی تاکہ رسم فاسد شیوع پذیر نہو اور رفتہ رفتہ دوسری قباحت پیدا ہو جاے اور بنا بر تخویف وترہیب وعدہ عقاب وعذاب فرمایا ہو اور فی نفسہ یہ فعل کچھ قباحت نہین رکھتا ہی اور عقاب اُسپر مترتب نہین ہوتا ہی کذا حقق الحق الدہلوی فی تفسیرہ العزیزی وشوان[1] وحشی قاتل حمزہ ابن عبد المطلب عم رسول الثقلین صلے اللہ علیہ وسلم کہ بروز فتح مکہ بھاگ کر طائف مین گیا اور ایمان لایا اور ایلچیان طائف کے ساتھ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو پہچانا اور کیفیت شہادت حضرت امیر المومنین حمزہ ابن عبد المطلب کی پوچھی اُسنے بیان کی تو روبرو آنے سے منع فرمایا چنانکہ وحشی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نہ آتا تھا اور اسی وحشی نے زمان خلافت امیر المومنین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مین مسیلمہ کذاب کو قتل کیا چنانچہ وحشی کہا کرتا تھا قتلت خیر الناس وقتلت شر الناس گیارھوان عبد اللہ ابن زبعری[2] کہ مسلمانون کی ہجو بہت کرتا تھا فتح مکے کے روز باتفاق بھاگ گیا بارھوین ابن ابی وہب شوہر ام ہانی بنت ابیطالب جانب نجران بھاگ گیا بعد چندے مدینے مین آکر مسلمان ہوا اور بیشتر مشرک مرا یہ گیارہ مرد ہوے لیکن عورتین سوا اول سماۃ ہند بنت عتبہ زوجہ ابو سفیان تھی سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ایذا دیتی تھی فتح کے روز نقاب منہ پر ڈالے اور عورتون کے ساتھ حضور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مین جا حاضر ہو کر اسلام لائی اور نقاب اُٹھا کر کہنے لگی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین سماۃ ہند ہون زوجہ ابو سفیان بن حرب کی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مسلمان ہوئی ہی تیرے حق مین بہتر ہی اُسنے عرض کیا کہ میرا حال تھا کہ سب سے زیادہ آپکو دشمن رکھتی تھی اب مین سب سے زیادہ دوست رکھتی ہون حضرت نے فرمایا اور بھی محبت زیادہ ہوگی پھر اُسنے گھر جا کر بتون کو توڑ ڈالا بطور یہ بھیجے یہ سب بتون نے آنحضرت نے بیعت کلامیہ فرمائی دوسری قریہ بصیغہ تصغیر بضم القاف وفتح الراء وسکون التحتانیہ تیسری قرنتا بفتح قاف وسکون راء مہملہ وفتح تا مرفوعہ بعد النون دونون ابن خطل کی لونڈیان تھین اور مسلمانون کی ہجو گایا کرتی تھین سو فتح مکے مین قرنتا ایمان لائی اور قریہ قتل ہوئی اور قرنتا مومنہ خلافت حضرت عمر یا اوائل خلافت حضرت عثمان تک زندہ تھی جو کنیز آزاد ابن خطل وہ بھی ماری گئی یا بحوین[3] سارہ کنیز آزاد عمرو بن ہشام کی تھی اور صحیح یہ ہی کہ کنیز آزاد بنی عبد المطلب کی تھی اسکے معاملے مین اختلاف ہی ابن ہشام وصاحب عنوان الدہر وابن حجر مکی کہتے ہین کہ سارہ اسلام لائی اور حمیدی جامع صحیحین اور مولف کامل التاریخ کے نزدیک قتل کی گئی اور قاتل اسکے امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ تھے چھٹی اُم سعد وہ بھی قتل ہوئی

نہ سہین معلوم وہ کون تھی اور کیا جرم تھا اور کسنے اسکو قتل کیا کذا فی المدارج القصہ فتح مکہ بروایتے تاریخ سیزدہم رمضان و بروایت صحیح ہشتم رمضان واقع ہوئی و تاریخ ہشتم شوال تک حضرت صلعم مکہ معظمہ مین جلوہ فرما رہے و نماز قصری پڑھتے رہے یعنی چار کانے کے دو کانے اور یہ بھی واضح رہے کہ تعین یوم خروج مدینہ و تاریخ فتح مکہ و یوم خروج مدینہ و تاریخ فتح مکہ و مدت توقف و قیام مکہ و یوم خروج مکہ مین بہت اختلاف ہی اور جو کہ اقرب بصحت تھا اس مقام مین لکھا گیا حاصل یہ ہی کہ ایام توقف مین کئی واقعہ پیش آئے ایک یہ کہ فاطمہ مخزومیہ نے کہ اشراف قریش سے تھین چوری کی کہ سکا ہاتھ کاٹا گیا دوسرے بیسوین رمضان شریف کو خالد ابن ولید کو تخریب بتکدہ عزیٰ روانہ ہوئے وہان جاکے بتکدہ کو کھودا اور اس بت کو شکستہ کر کے خبر دی فرمایا تو نے کچھ دیکھا خالد نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کچھ نہین فرمایا پھر جا تو نے عزیٰ کو نہین توڑا تب خالد ابن ولید بحالت غصہ و غضب وہان گئے اور تلوار برہنہ ہاتھ مین لیکر عزیٰ کو تلاش کرنے لگے دفعتہً ایک عورت بال کھولے برہنہ نظر پڑی خالد نے اسے تلوار سے دو قطعہ کیا اور وہان سے لوٹ کر آنحضرت سے التماس کیا فرمایا کہ اب عزیٰ کو تو نے مارا یہی تھا اب کوئی عزیٰ کو نہ پوجیگا اور ثابت ہی کہ عزیٰ کے مجاور بنی شیبان تھے اور تمام قریش و بنی کنانہ اسکو معبود و مسجود جانتے تھے اور یہ عورت شاید اس بت کی سبب پرستش تھی اور لوگون کو ورغلا کے پرستش کرتی تھی جب قتل ہوئی تو گویا عزیٰ مارا گیا تیسرے لعین و لعین مین عمرو بن ربیع بن زنیر تخریب خانہ ہبل کو وہان سے روانہ کیے گئے چنانچہ اسکا مجاور ایمان لایا اور خانہ مسمار کیا گیا چوتھے اسی عرصہ مین سعد ابن زید اشہلی برائے تخریب بتکدہ مناۃ جو مشلل مین تھا روانہ ہوئے جب وہان گئے تو ایک عورت برہنہ سیاہ اپنا سینہ کوٹتی نکلی سعد نے اسکو مارا اور خانہ توڑ دیا اس بت کی پرستش قوم اوس و خزرج و غسان کرتی تھی اور غسان بفتح المعجمہ و تشدید السین المہملہ نام پدر قبیلہ ہین کہ ملک شام و غسان اسکی طرف منسوب ہین اور اسی کی اولاد ہین پانچوین تاریخ یکم شوال ہی خالد ابن ولید نا مامور بتخریب بتکدہ عزیٰ کہ ایک گروہ بنی کنانہ کا تھا ہنا بردعوت اسلام بھیجے گئے اور تین سو آدمی مہاجرین و انصار سے خالد کے ساتھ ہوئے اور بجناب صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا کہ قتل کسی کو نہ کرنا چنانچہ خالد ابن ولید وہان گئے اور دعوت کی وہ بولے صبانا صبانا یعنی اپنے دین سے پھرے اور صریح کہا اسلمنا چونکہ یہ کلام محتمل تھا یعنی معنی اسکے تھے خرجنا من دیننا الی دین آخر اور یہ امر ہی اسلام سے اور صریح انتقال جانب دین اسلام اس سے نہین نکلتا لہذا خالد نے انکو قید کیا خواہ خالد کو یہ گمان ہوا کہ ان لوگون نے دین اسلام سے اعراض کیا پھر دو تعدیہ خالد نے قید کیا اور اپنے ساتھیون کے تفویض فرمایا دوسرے دن منادی کرائی کہ ہر شخص اپنے اپنے قیدی کو قتل کرے بو سلیم نے مارا اور مہاجر و انصار نے اپنا ہاتھ روک رکھا آخر کار یہ خبر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو خالد سے ناراض ہوئے اور دو مرتبہ یون دعا فرمائی اللھم ابرء الیک مما صنع خالد رواہ البخاری فی صحیحہ عن سالم ابن عبداللہ ابن عمر ابن سید بیان کرتے ہین کہ پیغمبر خدا صلعم نے علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کو مع مال بنابر ادائے دیت روانہ کیا کہ انھون نے جاکے دیت ادا فرمائی اور جو کچھ مال بعد ادائے دیت باقی رہا وہ بھی عطا انھین کو عطا کیا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اطلاع کی تو فرمایا اصبت و احسنت اور وجہ رضامندی آنحضرت کی یہ ہوئی کہ خالد ابن ولید نے بلا رفت امر اصل مراد ان لوگون کو قید کیا اور قتل کیا یا بعد اسکے اسی سال مین غزوہ حنین واقع ہوا اور صورت اسکی یون ظاہر ہوئی کہ بعد فتح مکہ جملہ قبایل و طوائف مطیع و منقاد اسلام ہوئے مگر ہوازن و ثقیف مستعد جنگ و آمادہ حرب ہوئے

او جشم و سعد ابن بکر اور چند کس نبی ہلال کے شریک ہوئے اور چار ہزار مرد جرار ہمراہ لیکر نکلے اور اپنے مویشی و اہل و عیال بھی ساتھ لیلے اور دُرید ابن الصمہ جشمی کہ آزمودہ کار و نابینا پیر فانا ایک سو ساٹھ برس کا تھا بھی اُنکے ساتھ چلا جب کہ نشان حنین میں آئے تو اُس گرگ باران دیدہ نابینا نے عورتوں اور بچوں کی آواز سُنی پوچھا کیسی آواز ہے لوگوں نے کہا عوف ابن مالک برو بتیے مالک نضری سردار ہوازن عورتوں اور بچوں کو بھی ساتھ لایا ہے اُسنے عوف سے پوچھا اسکا کیا سبب ہے وہ بولا اسلیلے اہل و عیال ہمراہ لایا ہوں کہ اُنکے باعث سے کوئی آدمی منہ نہ موڑیگا دُرید نے کہا یہ غلط ہے جب آدمی بھاگنا چاہتا ہے تو کوئی بھی نہیں روکتا میرے نزدیک مناسب ہے کہ انکو ایک مکان محفوظ میں باحتیاط رکھو اور خود فوج سے مقابل ہو عوف نے کہا تیری عقل بسبب کبر سنی کے خبط ہو گئی ہے سُنکر دُرید نے قوم ہوازن سے توجہ کر کے کہا کہ میں تمھارا ضرور بھاگنے کا تم ہرگز اُسکے قول و فعل پر عمل نہ کرو ورنہ خطا کھاؤ گے چنانچہ ہوازن میں ایک زبردست ابتری پڑ گیا تب عوف نے کہا اے قوم ہوازن اگر تم میرے موافق عمل نہیں کرتے تو میں جان دیتا ہوں نا چار ہوازن بدستور شریک رہے یہ سب انصباب خبر صلعم نے سُنی تب عبداللہ ابن حدرد کو بنا برجاسوسی روانہ کیا اور عتاب ابن اسید کو حاکم مکہ مقرر کیا اور معاذ ابن جبل کو بتعلیم احکام دین اسلام مکہ میں چھوڑا اور آنجناب بتاریخ ہفتم یا ہشتم شوال روز دوشنبہ بجماعت دس ہزار آدمیوں کے برآمد ہوئے پھر دو ہزار آدمی اہل مکہ سے ہمراہ ہوئے اور ایک سو مرد شکین اہل مکہ سے بطمع غنیمت چلے آنجناب صلعم راہ میں تھے کہ عبداللہ ابن حدرد نے لشکر مخالف کی حقیقت و ہیئت سے مطلع کیا حضرت رسول مقبول نے تبسم کر کے فرمایا کہ میں اپنے خدا سے امید رکھتا ہوں کہ تمام مال و اسباب مخالفین کا اہل اسلام کے ہاتھ آئیگا اور جب حنین کے قریب پہونچے تو لشکر کو آراستہ فرمایا اور ہر ایک قبیلہ صاحب لوا ہوا چنانچہ لوا رہا جرین تین تھے ایک عمر ابن خطاب کے ہاتھ میں دوسرا علی ابن ابیطالب کے پاس تیسرا سعد ابن ابی وقاص کے اور لواء اوس اُسید ابن حضیر کو دیا اور لواء خزرج سے ایک حباب ابن المنذر کو عنایت ہوا اور دوسرا سعد ابن عبادہ کو اور وقت طلوع صبح صادق آنجناب صلعم مع فوج وشکم وادی حنین میں کہ بضم حا مہملہ و سکون قاف تحتیہ نام ایک موضع کا ہے جو مابین مکہ و طائف پری اعراف کے واقع ہے جلوہ فرما ہوئے اُس لڑائی میں خالد ابن ولید نبی سلیم کے ساتھ مقدمہ لشکر تھے اور پہاڑوں کے بیچ گذارا فوج کا تنگی سے تھا اور قوم ہوازن کے لوگ گرد پہاڑوں کے پوشیدہ تھے مسلمانوں کو خبر نہ تھی دفعتہ وہ سب ٹوٹ پڑے تو اول نبی سلیم بھاگے پھر تو مسلم و کافر بلکہ حضرت صلعم کے ساتھی بھی بمقتضاے لا تزر وازرۃ وزر اخری متفرق ہو گئے صرف چند آدمی ثابت قدم رہے علی ابن ابیطالب و صدیق اکبر و عمر ابن خطاب و عباس ابن عبدالمطلب و فضل و قثم پسران عباس اور ابوسفیان ابن حارث و ربیعہ پسر حارث ابن عبدالمطلب و جعفر ابن ابی سفیان و ایمن ابن ام ایمن و اسامہ ابن زید و عبداللہ ابن زبیر و عقیل ابن ابیطالب و عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہم صحیح مسلم میں عباس ابن عبدالمطلب سے روایت ہے کہ حنین کے روز میں نے اور ابوسفیان نے حضرت کا ساتھ ایک دم نہیں چھوڑا جب مقابلہ ہوا تو کافروں نے ہر طرف سے تیر اندازی شروع کی مسلمانوں کے پاؤں اُکھڑ گئے اور حضرت سفید خچر پر سوار کافروں پر حملہ کرتے تھے میں لگام کھینچتا تھا کہ آنجناب جلدی نفر ماویں اور ابوسفیان ابن حارث رکاب پکڑے تھا تب حضرت نے فرمایا کہ جن لوگوں نے درخت سمرہ کے نیچے غزوہ حدیبیہ میں جان بازی کی بیعت کی تھی اُنکو پکار حضرت عباس کی آواز بلند تھی سو اُنھوں نے پکارا تو اصحاب با صفا لبیک لبیک کہتے ایسے مجھکے جسطرح گائیں اپنے بچوں کی

طرف جھکتی ہیں پھر خوب لڑے کہ ابوطلحہ نے تن تنہا بیس نفر کافر قتل کیے اور حضرت صلعم بنفسہٖ بفیا سا آرے اور مشت خاک علی ابن ابیطالب سے لیکے دشمنوں پر پھینکی کہ سب پیٹھ ہو کے بھاگے اور فتح اسلام ہوئی سب ستر کافر مارے گئے اور بقیہ السیف سے بعضے جانب طائف بھاگے اور بعضے جانب اوطاس اور بعضے طرف بطن نخلہ از روے روایت صحیحہ ثابت ہے کہ حضرت عباس کی آواز سنکر اول تو اصحاب آئے پھر بھاگ ہوئے پھر بعد ازاں نبی ہوئے لیکن ستو تک نہ پھینکے حقیقت یہ ہے کہ یہ بھاگنا نہ تھا بلکہ پھر کر آنحضرت کی پناہ میں آتے تھے تاکہ مدد و امداد حاصل کر ایک طرح کی ہل چل مسلمانوں میں واقع ہو گئی تھی چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں ابن اسحٰق تابعی سے روایت موجود ہے بیان معجزات میں وہ حدیث لکھی جاے گی اور یہ جو ہزیمت اوایل میں واقع ہوئی سو اس سبب سے کہ اول کہ مسلمانوں نے کہا تھا کہ ہم تھوڑوں کو بہت جگہ فتح ملی ہے اب تو ہم دس ہزار ہیں حق تعالیٰ نے ادب دیا اور امتحان کیا تا کہ اس بات پر نظر رکھیں چنانچہ سورۂ برارت میں ارشاد ہوتا ہے ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلم تغن عنکم شیئا وضاقت علیکم الارض بما رحبت ثم ولیتم مدبرین ثم انزل اللہ سکینتہ علی رسولہ وعلی المومنین وانزل جنودا لم ترھا وعذب الذین کفروا وذلک جزاء الکافرین یعنے دن حنین کے جب اترائے تم اپنی کثرت پر پھر وہ کام نہ آئی تمھارے اور تنگ ہوئی تم پر زمین باوصف فراخی کے پھر پیٹھ دیکر پھرے تم پشت دیکر پھر آتاری اللہ نے اپنی طرف سے تسکین اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر اتارے لشکر جو تمنے نہیں دیکھے اور مارا کافروں کو اور یہی سزا ہے منکروں کی سعید ابن جبیر کے نزدیک پانچ ہزار فرشتے مدد کو آئے تھے روایت ہے کہ یہ فرشتے صرف بالبر تشجیع اہل اسلام و ترہیب اہل کفر کے نازل ہوئے تھے وہ اسطے لڑائی کے اور سفید کپڑے پہنے گھوڑوں پر سوار تھے اور دستار سبز باندھے تھے مگر ان کا قتل چھوڑے تھے اور یہ ہزیمت دیکھکر مسلمانوں نے خوشی کی اور بغلیں بجائیں ابوسفیان نے کہا یہ ہزیمت کنارہ نہیں جاتی اور کلدہ ابن الحنبل نے کہا اب سحر باطل ہوا اور جب فتح ہوئی تو شرمندہ ہوئے اور چھاتیاں کوٹیں نہری کہتے ہیں کہ شیبہ ابن عثمان کہتا تھا کہ میں حضرت کے پیچھے دوڑا کہ عوض طلحہ ابن طلحہ اور عثمان ابن طلحہ کے قتل کروں اللہ نے اس خیال پر آنجناب کو مطلع کیا تو آپ نے میری طرف دیکھا اور میرے سینے پر ایک ضربہ مار کے فرمایا اعید کہ اللہ یا شیبہ سو میرے جسم میں ازرہ پیار اور حضرت صلعم میرے محبوب ہو گئے میں نے کہا کہ اشہد انک رسول اللہ وان اللہ قد اطلعک علی ما نفسی یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ تم رسول خدا ہو اور اللہ نے مطلع کر دیا تمکو میرے خیال پر اور اسی عرصہ میں آوطاس کی جانب ابوعامر اشعری مع سلمہ ابن الاکوع و ابوموسیٰ اشعری کہ برادر زادۂ ابوعامر تھے روانہ کیے گئے اور ایک جماعت اسلام انکے ساتھ گئی کہ انسے مقام اوطاس میں لڑائی ہوئی درید ابن الصمہ امیر المومنین حضرت زبیر العوام کے ہاتھ سے مارا گیا اور تین سو ہوازن بنجملہ چھ سو نفر ہمراہی درید کے قتل ہوئے اور اسی وقت ربیعہ ابن رفیع نے کہ تابعین زبیر رضی اللہ عنہ سے تھے درید کا سر کاٹ لیا اور اسی لڑائی میں ابوعامر کے ہاتھ سے ایک مرد حبشی کے زانو پر تیر لگا اور ابوموسیٰ نے اس کا فر کو قتل کیا مگر ابوعامر اپنی حیات سے مایوس ہوئے اس سبب سے کہ خون بہت نکلا تھا لہذا ابوموسیٰ کو امیر کیا اور وصیت فرمائی کہ اگر مردوں تو میرا اسلام حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو پہنچانا اور استغفار کے واسطے التماس کرنا چنانچہ حضرت ابوموسیٰ کے ہاتھ پر یہ لڑائی فتح ہوئی اور ابوعامر رضی اللہ عنہ نے وفات پائی بعد ازاں ابوموسیٰ اشعری نے حاضر ہو کے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے تمام حال مع سلام درخواست ابوعامر عرض کیا آنجناب نے وضو فرما کے دو رکعت نماز ادا کی اور فرمایا اللھم اغفر لعبید

ابی عامر اللھم اجعلہ یوم القیامۃ فوق کثیر من خلقک من الناس یعنے اے اللہ بخش دے ابو عامر کو جسکا نام عبید ہے الٰہی قیامت کے دن اسکو فوقیت کثیر خلق سے یا اکثر لوگوں سے بلند رکھ اس دعا میں آنجناب صلعم نے اسقدر ہاتھ بلند فرمائے کہ سفیدی بغل مبارک کی نظر آتی تھی پھر ابو موسے اشعری نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے واسطے دعا کیجیے تب آنجناب نے فرمایا اللھم اغفر لعبد اللہ ابن قیس ذنبہ وادخلہ یوم القیامۃ مدخلا کریما یعنی یا اللہ عبد اللہ ابن قیس کا گناہ بخش دے اور قیامت کے دن اسکو عزت والے مکان میں داخل کر رواہ البخاری والمسلم فی صحیحہ تنبیہ جنگ حنین و اوطاس میں چار شخص اہل اسلام کے شہید ہوئے ایمن ابن ام ایمن کہ روبرو حضرت صلعم کے مارے گئے تھے اور زید ابن سعیہ ابن الاسود اسدی کہ انکے اسپ خیاج نے شوخی کی وہ مارے گئے اور سراقہ ابن الحارث الانصاری اور ایک اشکر ابو عامر اشعری واضح ہو کہ اس معرکہ میں چھ ہزار سے زاید بکریاں اور چار ہزار اوقیہ چاندی لوٹ میں ہاتھ آئی اور اس سب غنیمت کو حضرت رسول اللہ علیہ وسلم نے موضع جعرانہ میں رکھوا کر مسعود ابن غفلی کے سپرد فرمایا اور اسیران ہوازن میں سماۃ شیما بنت حلیمہ سعدیہ بھی گرفتار ہوئیں انھوں نے ہر چند لوگوں سے کہا کہ میں تمھارے پیغمبر خدا کی اخت رضاعیہ ہوں مجھے جانے دو لیکن کسی نے نہ مانا جب حضرت صلعم کے پاس اسکو لائے تو آنجناب نے چادر مبارک اپنی بچھائی اور نہایت اکرام و پاسداری سے اسپر چار بٹھلایا اور حلیمہ و حارث ابن عبد العزی کا حال پوچھا وہ بولیں دونوں نے وفات پائی آنجناب آبدیدہ ہوئے بعد اسکے شیما ایمان لائیں کہ حضرت صلعم نے خذاقہ نام رکھا اور دو شتر اور چند بکریاں اور کئی غلام و لونڈیاں دیکر رخصت فرمایا بعد اسکے سریہ طفیل ابن عمرو دوسی واقع ہوا کہ آنحضرت نے بنا بر تخریب بتخانہ ذوالکفین چند آدمیوں کے ساتھ روانہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ اپنی قوم سے مدد لینا طفیل نے جا کر بتخانہ گرا دیا بعد اسکے غزوہ طائف واقع ہوا کہ آنجناب صلعم جانب طائف متوجہ ہوئے اور خالد ابن ولید کو ہمراہی ہزار نفر مقدمۃ الجیش فرمایا اور طائف میں جلوہ افروز ہوئے اول موضع قرآن میں کہ میقات اہل نجد ہیں لشکر اترا پھر وہاں سے وادی نخلہ میں تشریف لائے اور ایک مسجد حضرت نے قائم فرمائی اور ایک مرد بنی لیث کو جو کہ قاتل ایک مرد بنی ہذیل کا تھا قصاص میں قتل کرایا یہ اول خدیہ اسلام میں ہوا اور اسی مقام میں قلعہ عامر کے ڈھانے کا حکم صادر ہوا کہ وہ گرایا گیا بعد اسکے آنحضرت وادی لبہ سے موضع تحت میں شجرہ صادر کے نیچے جلوہ افروز ہوئے اور ایک دیوار بنی ثقیف کی گروائی اجس طائف کا محاصرہ کیا ثقیفوں نے پتھر مارے کہ ایک جماعہ صحابہ شہید و مجروح ہوئی پھر وہاں سے قریب دو قبہ بنوائے ایک ام المومنین عائشہ صدیقہ کے واسطے دوسرا ام سلمہ کے لیے اور ان دونوں کے بیچ میں نماز ادا کی وہی مسجد طائف ہے اسی مسجد کے رکن یمانی میں قبر عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ واقع ہے بالجملہ حصن طائف کا اٹھارہ روز محاصرہ رہا اور سخت سخت لڑائیاں ہوئیں کہ آنجناب خود بنفس نفیس اسمیں لڑتے تھے اور بہت لوگ اسلام کے مجروح ہوئے اور بارہ شخص شہید چار انصار اور سات قریشی اور ایک بنی لیث کا اور عبد اللہ ابن ابی بکر بھی مجروح ہوئے مگر وہ زخم مندمل ہو گیا اور عہد خلافت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں بعارضہ ہوا کہ شہید ہو گئے اسی لڑائی میں عبد اللہ ابن ابی امیہ مخزومی برادر ام سلمہ بھی شہید ہوئے ناد حضرت صلعم شہید ہوئے ہیں اسی غزوہ میں حسب تجویز سلمان فارسی رضہ منجنیق بنائی گئی تھی اس سبب سے کہ قلعہ طائف نہایت مضبوط و مستحکم تھا اور معاملہ یہ تھا کہ اہل حصار جو تیر مارتے تھے وہ اہل اسلام کو پہونچتا تھا اور اہل حق کا تیر انپر

نہ جاتا تھا اور چونکہ طائف میں اشجار بہ کثرت واقع تھے اسلیے حضرت صلعم نے ملین حالت محاصرہ قلعہ میں فرمایا کہ سب کاٹ ڈالو چنانچہ اہل طائف نے سنت مساجت کی لہذا حضرت رحمۃ للعالمین نے بسنہ فرمایا اور منادی کرائی کہ جو کوئی قلعہ سے نیچے اتر آوے آزاد ہے چنانکہ تیس ۳۰ نفر حصار سے اتر آئے انجملہ نضیع ابن الحارث بھی ہیں کہ بکرہ ۱۱ چاہ میں بیٹھ کر آئے تھے ولہذا ملقب بابوبکرہ ہوئے اور یہ مسلمان ہوئے روایت ہے کہ اندنون رات کے وقت آنحضرت صلعم نے خواب دیکھا کہ ایک پیالہ دودھ کا بھرا ہوا رو برو رکھا ہے سو ایک خروس نے اپنے چونچ سے کرادیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تعبیر فرمائی کہ امسال طائف فتح نہوگا آخر کار ہلال ذیقعدہ طائف میں دیکھ کر بمشورۂ نوفل ابن معاویہ حضرت رسول مقبول نے طائف سے کوچ فرمایا اور پانچوین ذیقعدہ کو موضع جعرانہ میں تشریف فرما ہوئے اور وقت روانگی بدرخواست کسی شخص کے یوں دعا فرمائی اللھم اھد ثقیفا پھر وہ قلعہ خود بخود فتح ہوگیا اور عوف ابن مالک کے مسلمان ہوا اور سارے ہوازن مسلمان ہوگئے پھر عوف کو حضرت نے امیر کیا اسنے مقابلہ کرکے ثقیف کو بھی مسلمان کیا اور جب اہل طائف اسلام لائے تو فرمایا ہوازن کا اعتقاد اللہ الغرض جعرانہ میں چند روز قوم ہوازن کی انتظار فرمائی کہ اگر وہ لوگ مسلمان ہوکے حاضر ہوں تو مال و اسباب انکا واپس کیا جاوے مگر وہ نہ آئے ناچار تقسیم کیا اور زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ نشتر و غنم کے شمار کرنے میں بحکم رسول اللہ صلعم مصروف ہوئے چنانکہ ایک ایک پیادے کو چالیس چالیس بکریاں اور چار چار اونٹ اور ہر سوار کو بارہ بارہ اونٹ اور فی نفر سوار ایک سو بیس ۱۲۰ بکریاں عین مگر مؤلفۃ القلوب کو زیادہ دلاچنانچہ صحیح مسلم میں رافع ابن خدیج سے روایت ہے کہ ابوسفیان ابن حرب اور صفوان ابن امیہ اور عیینہ ابن حصین اور اقرع ابن حابس کو سو سو اونٹ عنایت ہوئے اور عباس ابن مرداس کو انسے کم اور سوائے صحیح مسلم کے اور کتابوں میں نام اور دن کا بھی ہے چنانچہ حکیم ابن حزام کے نام دو سو شتر لکھے ہیں حقیقت یہ ہے کہ قوم میں دو قسم کے لوگ تھے ایک وہ کہ بروز فتح مکہ مسلمان تو ہوئے لیکن اسلام میں انکے ضعف تھا مثل ابوسفیان ابن حرب و معاویہ ابن ابی سفیان و عیینہ ابن حصین و سہیل ابن عمرو و نظیرہم سو غرض انکو زیادہ دینے سے یہ تھی کہ حلاوت ایمان انکے قلوب میں مضبوط و کامل ہوجاوے دوسرے کفار تھے کہ انکو بھی حضرت رحمۃ للعلمین صلے اللہ علیہ وسلم نے سو سو اونٹ عنایت فرمائے اسلیے کہ طمع سے ایمان لاویں یا دشمنوں کے شریک نہوں و احسان فراموشی نکریں جسطرح صفوان امیہ وغیرہ کہ آخر کار یہ بات بسبب اسلام صفوان کے واقع ہوئی کذا فی درج الدرر مصابیح میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب بعد فتح مکہ حنین بھی فتح ہوا تو اسباب بکثرت ہاتھ آیا تو حضرت صلعم نے قریش کو سو سو اونٹ عنایت کیے تب بعض نوجوان انصار نے کہا کہ خدا نے تعالے حضرت کو بخشے کہ قریش یعنی ساکنان مکہ کو عنایت فرماتے ہیں اور ہمکو چھوڑتے ہیں حالانکہ انکے خون ہماری تلواروں سے ٹپک رہے ہیں یعنی ہماری تلواروں کے زور سے مسلمان ہوئے ہیں جبکہ یہ خبر آنجناب صلعم کو ہوئی تو حضرت نے انصار کو ایک خیمے میں جمع فرمایا اور پوچھا تو ہمسوں اور دانشمندوں نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ کہ ہمارے دانا لوگوں نے یہ بات ہرگز نہیں کہی لیکن نوجوانوں نے ایسی گفتگو کی تھی آنجناب نے فرمایا کہ قوم قریش کو مصیبت تازہ پڑی ہے کہ اپنا کفر چھوڑ کر آئے ہیں سو میں نے چاہا کہ انکو انعام دوں اور تالیف قلوب کروں تم کیا اس بات پر راضی نہیں ہو کہ یہ لوگ مال لیکر پھریں اور تم اپنے گھروں کو خدا کے رسول کو لیکر پھرو اور اگر لوگ ایک راہ چلیں اور انصاری اصحاب راہ چلیں تو میں انصاریوں کی راہ چلوں یعنی قریش تو مسلم ابن

انکو مصیبت تازہ پڑی ہو کہ بھائی بندانکے غزوات مین قتل ہوئے ہین اسلام کی خوبی انکے قلوب مین جمی نہین ہو تالیف قلب کے لیے انکو اتنا دینا مناسب تھا اور تم ایمان دار لوگ ہو تمکو دنیا کا لینا مناسب نہین قرآن نے دنیا پائی تمنے مجھے پایا سبحان اللہ بجمرہ زہے قسمت اسکے حصہ مین سول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم آوین تنبیہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نومسلمون کو زیادہ مال دیا تو بعض سعید بن قبیلہ بنی تمیم نے جسکا لقب ذی الخویصرہ تھا کہ اسی کی اصل سے خوارج نکلے اور اسی کے حق مین کریمہ ومنہم من یلمزک فی الصدقات نازل ہوئی کہنے لگا کہ قسم ہو خدا کی اس تقسیم مین کچھ انصاف نہ ہوا اور نہ اسمین خدا کی خوشنودی ہوئی یہ بات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سنی تو فرمایا وے بر تو کون انصاف کریگا جسوقت کہ مین نے انصاف نہ کیا بلا شبہ نا امید ہوا اگر انصاف کرون مین یعنی امیدواری وسود مندی تمھاری میری عدالت مین ہو اور مجھکو خدا نے حجۃ العالمین نبایا ہو اور عادل کیا ہو اگر مین عدالت نہ کرون تو تمھکو سوا نا امیدی اور نہ ناکامی کے کچھ بھی نہین ہو اس حال مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ حکم دیجیے تو مین اسکی گردن مارون فرمایا حضور نے اسکو اسمین دلیل ہو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حسن اخلاق پر اور دلیل ہو اسپر کہ حضرت صلعم اپنے نفس کے واسطے ہرگز نہین لیتے تھے باوجودیکہ ایسے ایسی زیادتی کی داد اگر کوئی شخص اس زمانہ مین ایسی بے ادبی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت کرے تو ہم حکم کرین اسکے گفر و ارتداد کا اور اسکو قتل کرین اور بخاری و مسلم مین عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یرحم اللہ موسی لقد اوذی باکثر من ہذا فصبر یعنے رحمت کرے اللہ موسی پر البتہ وہ تو اس سے زیادہ تر ایذا دیا گیا پر اسنے صبر کیا یہ اشارہ ہو اسطرف ہو اکہ بعض قوم نے حضرت موسی علیہ السلام پر تہمت کی کہ ہارون کو قتل کر کے اڑدالا سو خدا نے ہارون کی لاش بلا حراست دکھلائی کہ سب شرمندہ ہوئے خدا لعنت کرے بدگمانوکو نہ پیغمبر کو تہمت سے چھوٹے ہین انکے ذلال اصحاب بخاری اور مسلم مین ابو سعید خدری سے روایت ہو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عقریب اسکی نسل و اصل سے ایک قوم پیدا ہوگی کہ قرآن پڑھیگی کہ انکی حلقوم سے نیچے نہ اتریگا یعنی دلمین قرآن کی تاثیر نہوگی زبان سے پڑھینگے اسپر عمل نہ کرینگے مسلمانون کو قتل کرینگے بت پرستون کو چھوڑ دینگے وے لوگ نکلجاوینگے اسلام سے جیسے تیر نکل جاتا ہو نشانے سے اگر مین نے انکو پایا تو مقدر قتل کرونگا قوم عاد کا سا قتل شارق الانوار مین ہو کہ یہ حدیث فی انحوارج بصرہ کے حق مین فرمائی ہو جب اسنے کہا تھا کہ خدا سے ڈر اے محمد جب حضرت نے اجا سونا مٹی ملا ہوا اسکو حضرت علی نے یمن سے بھیجا تھا تقسیم کرتے تھے بانین تمیم عیینہ زید الخیل کے یہ چاروان سردار عرب نومسلم تھے حضرت ابو سعید خدری سے بخاری شریف مین روایت ہو کہ وہی قوم خارجی پیدا ہوئی جنہون نے علی مرتضی کی امامت سے انکار کی اور آنجناب نے انکو قتل کیا اور مین بھی اس لڑائی مین موجود تھا جو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے علامت فرمائی تھی انمین موجود تھی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایسے بھی لوگ ہوتے ہین کہ قرآن پڑھتے ہین طاہر کی عبادت کرتے ہین اور دلمین شرک و بدعت جبر اسی القصہ بتقسیم ہو جانا کم کے ہوا زان سے کہ لوگ نفس نفر سے زیادہ فیس اسلام کے حاضر ہو کر اسلام لائے اور کہ اہل قوم کے لوگ بھی اسلام لائے ہین اور انمین کوئی شخص اشراف تھے اور ابو موسی اشعری انکا رئیس تھا اور ابو ہریرہ قال عم رضاعی رسول اللہ بھی انمین تھا الغرض سب لوگون نے کہا کہ یا حضرت اپنے کرم سے مال و اسباب و اولاد و جھا ہمارے واپس کیجیے کہا تمین حضرت کی عمہ و خالہ و حواضنین بھی ہین فرمایا مین نے تقسیم مین تاخیر کی مگر تم نہ آئے دیر کی اب ایک بات اختیار کرو

قیدی یا مال دونون چیزون مین سے ایک لینے کی آنھون نے قیدی مانگے فرمایا جو میرا حق اور بنی ہاشم کا ہے وہ تمھارے دیتا ہون اور لوگون کے حقوق مین سفارش کرونگا تم لوگ بعد نماز ظہر آکے مجھے وسیلہ گردانیو چنانچہ بعد نماز آنحضرت نے خطبہ پڑھا اور اصحاب سے کہا تمھارے بھائی مسلمان ہوئے مجھے بہتر معلوم ہوتا ہے کہ اسیرون کو واپس کردو جو خوشی سے دیتا ہو دے اور جو نہ دینا چاہتا ہو تو اوسکو اوسکے بدلے جب قیدی پاوینگے بدلا دینگے اور یہ بھی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ایک آدمی کے عوض دس اونٹ عنایت کرونگا اصحاب نے التماس کیا کہ ہم سب راضی ہین فرمایا کہ تمھارے ہر ایک کی رضا بخوبی واضح نہین جب تک تمھارے یہان کے سردار و افسکار اصل حال ظاہر نکرین رواہ الشیخین عن عمرو بن شعیب عن مخرمہ و مروان بن الحکم اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بعد تقسیم اموال غنیمت صاحب اموال اسلام قبول کرین تو قیدی اور مال واپس کردینا واجب نہین حضرت صلعم نے بطور احسان واپس فرمایا ہے اور بعد اس احسان کے آنجناب نے عوف بن مالک خاہ مالک کو پوچھا کہ وہ کہان ہے لوگون نے کہا طائف مین ہے فرمایا اگر وہ بھی مسلمان ہوکر حاضر ہو تو اوسکے عیال و مال واپس کردون اور سو اونٹ اور زیادہ دون چنانچہ یہ خبر عوف بن مالک نے سنی وہ وقت جعرانہ مین حاضر ہوکر مسلمان ہوا حضرت نے اہل و مال عنایت فرمایا امیر مقرر کیا اور قبائل سلمہ اور بہار اور ہیم بھی سردار کیا اوسنے ثقیفون پر جہاد کرکے اکثر کو مسلمان کیا الحاصل بعد فراغ انہم موضع جعرانہ سے کرہ کو گئے سے شمال و مغرب کے کونے مین واقع ہے عمرے کا احرام کیا اور مکے مین جلوہ فرما ہوئے پھر اسی عمرہ ادا کرکے مدینے کو متوجہ ہوئے اور آخر ذیقعدہ خواہ اوائل ذیحجہ داخل ہوئے اسی سال مین عباس بن مرداس سلامی اسلام لائے اور حال یہ ہوا کہ مرداس کے پاس ایک بت تھا جسکو صمار کہتے تھے سو اوسنے مرتے وقت عباس کو وصیت کی تھی کہ بت نافع اور ضار ہے اسی کی عبادت کرنا عباس نے حسب وصیت پدر اسکی پرستش شروع کی ایک دن اوسکے پاس لگا بیٹھا تھا کہ دفعتہ اوسکے پیٹ سے آواز نکلی سے قل للقبائل من سلیم بأسرہا + اوذی ضمار و عاش اہل المسجد ان الذی ورثت النبوۃ و الہدی + بعد ابن مریم عن قریش مہتدی + قبل الکتاب الی النبی محمد + عباس نے اس بت کو آگ مین جلایا اور حضور کائنات مین حاضر ہوکر اسلام لایا اور اسی سال کی ذیحجہ مین حضرت ابراہیم بن سول اللہ ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ سے پیدا ہوئے اور اسی سال مین حضرت نے ام المومنین سودہ بنت زمعہ کو طلاق دیدی پھر اپنی اوسنے حضرت سے ہبہ کیا تو حضرت نے اوسکو اپنی ازواج مطہرات مین منسلک کیا اسی سال مین زینب بنت رسول اللہ زوجہ ابی العاص نے وفات پائی اسی سال مین بروز اوطاس متعہ کے تین دن حضرت تھی پھر حرام مؤبد یعنی تا قیام قیامت کیا گیا متعہ یہ کہ مرد کسی عورت سے کہے کہ مین صحبت کے واسطے متعہ کرتا ہون بدلے پانچ یا دس روپے کے دونون کو یا سال بھر کو سو اوسکی تحریم کی یہ صورت واقع ہوئی کہ جب حضرت رسول مقبول صلعم عمرہ کرنے کو کعبے مین تشریف لائے تو کعبے سے نکلتے وقت دونون بازو کعبے کے دونون ہاتھون سے تھامے اور فرمایا کہ متعہ حرام کیا گیا تا قیامت اور تا ابد چونکہ یہ کلام آدھی رات مین واقع ہوا تھا اور سامعین کم تر حاضر تھے اس سبب سے شہرت اسکی قرار واقعی نہوئی یہان تک کہ بعہد خلافت امیر المومنین عمر بن خطاب مین مرتکب متعہ ہونے پر خبر خلیفہ کی ہوئی آپنے منبر پر کھڑے ہوکر فرمایا کہ متعہ گاہ حضرت کے وقت مین جایز ہوا تھا آخر کار حرمت اسکی ثابت ہوئی چونکہ اس قصے مین کوئی حکم مین نے نہ دیا تھا ایک مرتبہ درگذر کرتا ہون آیندہ زنا کی حد فاعل پر جاری کرونگا اسی وقت سے یہ کام قطعاً موقوف ہوگیا مگر اہل شیع کہ احکام امیر المومنین عمر سے

عناد کلی رکھتے ہیں جب کبھی قابو پاتے ہیں اس آیہ سے ہیں تمسک بنا ہوئے ہیں حالانکہ کلام اللہ میں کہیں آئیں حرمت متعہ پر دلالت واضحہ رکھتی ہیں ایک آیہ سورۂ مومنون والذین ہم لفروجہم حافظون الا علی ازواجہم او ما ملکت ایمانہم فانہم غیر ملومین فمن ابتغی وراء ذلک فاولئک ہم العادون یعنے جو لوگ اپنی شہوت کو روکتے ہیں مگر اپنی عورتوں پر یا اپنے ہاتھ کے مال پر سو اوپر الا ان ہیں پھر جو کوئی ڈھونڈے اسکے سوائے وہی ہیں حد سے بڑھنے والے اس سے پیدا ہوا کہ زن متعہ زوجہ نہیں ہے اسلیے کہ کوئی حکم زوجیت کا قسم نفقہ سکنے میراث طلاق عدت وغیرہ نزد اہل سنت کے نزدیک ہے نہ شیعہ کے نزدیک چنانچہ منہاج النہایہ کے مصنف نے لکھا ہے کہ متوعہ زوجہ ہے اگرچہ اسمیں بعض چیزیں زوجیت کی نہیں ہیں مانند استحقاق ارث و نفقہ طلاق لعان و ظہار بقول راجح و ایلاء بقول اصح اور تہذیب الاحکام میں ہے لیس فی المتعۃ اشہاد ولا اعلان اور عدت منکوحہ اور متوعہ میں بھی اختلاف ہے کیونکہ عدت مطلقہ کی از روئے نص قرآنی تین ماہ ہیں اور متوفی عنہا الزوج کے چار ماہ دس دن اور متوعہ کی عدت دو ماہ اور اگر حیض سے پاک ہو تو پچاس دن اور عدت وفات کے دو ماہ پانچ دن اگر لونڈی ہو اور دو حیض اسکا اگر بی بی ہو اور اگر حاملہ ہو عدت اسکی بعد الاجلین کما قال الشہید فی المسالک

اہل التسع دوسری آیہ سورۂ نساء کی وان خفتم الا تقسطوا فی الیتامی فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنی و ثلاث و رباع فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ او ما ملکت ایمانکم یعنی اگر ڈرو کہ انصاف نہ کروگے تم یتیموں کے حق میں تو نکاح کرو جو تمکو خوش آویں عورتیں دو دو تین تین چار چار پھر اگر ڈرو کہ برابر نہ رکھوگے تو ایک ہی یا جو اپنے ہاتھ کا مال ہے اس آیہ سے ثابت ہوا کہ نکاح کا حصر چار میں ہے اور متعہ کسی عدد سے محصور نہیں ہے پس زن متوعہ منکوحہ نہ ہوئی نیز البتہ حرام ہوگی اسواسطے کہ حصر عورتوں کا انہیں دو قسم میں کیا ہے یعنی منکوحہ اور لونڈی اور شیعہ کو بھی اسکا اقرار ہے کیونکہ ابو بصیر کی بسند روایت امام جعفر صادق سے ہے کہ حضرت سے لوگوں نے حال متعہ کا پوچھا کہ آیا متعہ چار نکاحوں میں سے ہے قال لا ولا من السبعین یعنی فرمایا نہ چار سے ہے نہ ستر سے اور مقداد کی کنز العرفان میں اجماع امامیہ کا نقل کیا ہے کہ متعہ بہا میں اعتبار عدد کا نہیں اور بعد نقل اس حدیث کے لکھتا ہے کہ فقد بان ان المتمتع بہا لیست من المنکوحات ولا المتعۃ نکاح اور جو بعضے بیوقوف اہل تشیع صاف کشاف معتزلی کے دامن میں گھستے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ اسنے سن متمتع بہا کو زوجات میں شمار کیا ہے اور اسکو صحت الزامی اہل سنت کے واسطے سمجھے ہیں سو بخیہ اولا وہ معتزلی ہے اسکا قول دلیل الزامی نہیں ہو سکتا ثانیا صاف اس سے شبہہ ہوا کہ جیسا منکوحہ عقد کے باعث زوجہ کہلاتی ہے ویسا ہی متوعہ بھی زوجہ ہو سکتی ہے حالانکہ یہ باطل ہے اسواسطے تقیید عدت مجاز کی ہے لہذا حدیثوں میں تزوج اور نکاح مقید بلفظ متعہ آیا پس اطلاق تزوج اور نکاح کا متعہ پر اور متوعہ کو زوجہ کہنا بطریق مجاز ہے بطور حقیقت نہیں والا تکرہ الید ملعون ہے کہ حدیث شریف میں موجود ہے لازم آویگا کہ یہ بھی ایک قسم نکاح کی ہو لاحول ولا قوۃ الا باللہ

تیسری آیہ سورۂ نساء کی واحل لکم ما وراء ذلکم ان تبتغوا باموالکم محصنین غیر مسافحین یعنے حلال ہوئیں تمکو جو انکے سوا ہیں کہ طلب کرو اپنے مال کے بدلے قید میں لانے کو نہ مستی نکالنے کو یعنی جو عورتیں حرام فرمائیں انکے سوا سب حلال ہیں چار شرطوں سے ایک یہ کہ طلب کرو یعنی زبان سے ایجاب قبول کرو دوسرے مال دینا قبول کرو یعنی مہر تیسرے قید میں لانا منظور ہو نہ مستی نکالنا حاصلہ یہ کہ وہ عورت اس مرد کی ہو جاے اسکے چھوڑے بغیر چھوٹے یعنی مدت کا ذکر نہ آئے جو تھے پوشیدہ باندی نہ ہو بلکہ کم سے کم دو مرد یا ایک مرد

دو عورتین گواہ ہون چنانچہ سورۂ مائدہ مین اس شاہد ہی والا تعدی انحذان یعنی نہ چھپی آشنائی کرنے کو پس انصاف کرنا چاہیے کہ یہ شرط متعہ مین ہے یا نہین اگر ہون تو درست ہی والا احرام اور ظاہر ہی یہ شروط ہر گز پائے نہین جاتے بلکہ خلاف اسکے موجود ہین پس حرام ہی چوتھی آیہ سورۂ نور کی وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ یعنے اور آپکے تھامتے رہین جنکو نہین ملتا نکاح کرنا جب تک مقدور دے انکو اللہ اپنے فضل سے پس اگر متعہ حلال ہوتا تو دو چار آنے مین کام نکلتا تھا حاجت استعفاف نہ تھی حالانکہ یا وجود عدم قدرت نکاح یعنی استعفاف اور کچھ حکم نہوا اور کئی حدیثین حرمت متعہ کی اہل بیت سے بھی موجود ہین ازانجملہ بیہقی نے جناب امیر سے روایت کی قال نہی رسول اللہ صلعم عن المتعۃ عامًا کانت لمن لم یجد فلما تنزل النکاح والطلاق والعدۃ والمیراث بین الزوج والزوجۃ نسخت یعنی کہا جناب امیر نے کہ منع کیا رسول اللہ نے متعہ کرنے سے اور متعہ تھا اسکے لیے جسکو نکاح کا مقدور نہ تھا پھر جب آیا حکم نکاح اور طلاق اور عدت اور میراث کا درمیان عورت و مرد کے تو منسوخ ہوا اور حازمی نے حسن اور عبد اللہ سے اور انھون نے اپنے باپ محمد بن حنفیہ سے اور انھون نے اپنے باپ علی مرتضی سے روایت کی کہ ان علیا قال لابن عباس اما علمت ان رسول اللہ صلعم نہی عن لحوم الحمر الاہلیۃ وعن المتعۃ یعنی حضرت علی نے ابن عباس سے فرمایا کیا تو نہین جانتا کہ پیغمبر خدا نے منع کیا گدھے کے گوشت سے اور متعہ سے اور مسلم نے سبرہ جہنی سے روایت کی کہ اسنے جہاد کیا حضرت کے ساتھ فتح مکے مین کہا کہ ہم پندرہ دن تک وہان رہے اس عرصے مین حضرت نے ہمکو پروانگی متعہ کی دی جب وہان سے چلنے لگے تو متعہ کو حرام کیا اور قسطلانی مین بروایت بیہقی امام جعفر سے موجود ہی انہ سئل عن المتعۃ فقال ہی الزنا بعینہ اور تہذیب اور استبصار مین حدیث حضرت علی مرتضی سے موجود ہی کہ حرم رسول اللہ صلعم لحوم الحمر الاہلیۃ ونکاح المتعۃ اس بیان سے واضح ہی کہ خدا اور رسول نے متعہ کو حرام فرمایا ہی اگر حرام نہوتا تو ائمہ طاہرین جرد سے حسب خلاصہ منہج والے نے لکھا ہی کہ متعہ کے بوسہ لینے مین حج و عمرے کا ثواب ہوتا ہی اور ملوث اور شہوت کے بدلے ایک نیکی لکھی جاتی ہی اور جو متعہ کے مرگیا قیامت کے دن بدشکل اٹھیگا اور ناک اسکی کٹی ہوگی یا جیسا صاحب منہج الصادقین صاف صاف کہ رہا ہی کہ جو ایک مرتبہ متعہ کرے حسین کا درجہ پاوے اور جو دو بار متعہ کرے حسن کا درجہ پاوے اور جو تین بار کرے مرتبہ علی کا پاوے اور جو چار متعہ کرے نبی کا درجہ پاوے تو ائمہ اطہار کب اس سے باز رہتے گیارہ اماموں مین کسی نے متعہ نہین کیا علی الخصوص جناب امام حسن کہ باعتراف صاحب مجالس المومنین وغیرہ کے بیشتر نکاح کرتے تھے اور طلاق دیتے تھے یہانتک کہ حضرت امیر نے لوگون سے فرمایا کہ اپنی لڑکیان اسکے نکاح مین نہ دو کہ مرد مطلاق ہی یعنی بہت طلاق دیا کرتا ہی اور اسے کنارہ کشی کرتے کہ بہت سہل تھا ہم خرما و ہم ثواب پھر باز رہنے مین ان اماموں کے اہمال احرار و اشتمال جرائم پر یا نہین معاذ اللہ تنگر یہ خباثت اور شرارت اہل شیعہ کی صرف اسلیے ہی کہ حضرت عمر بن خطاب نے اپنے عہد خلافت مین حکم تحریم متعہ کی خبر دی ہی کہ متعتان کانتا علی عہد رسول اللہ وانا انہی عنہما یعنی دو متعہ زمانہ پیغمبر خدا مین تھے اور مین انکو حرام کرتا ہون انہی حضرت عمر فرماتے ہین کہ دو متعہ جو عہد رسالت مہد جناب سرور کائنات مین تھے اور بہت لوگون کو اسکی خبر نہین پہونچی ہی سو اب مین خبر کیے دیتا ہون کہ وہ دونون حرام ہین اور جو کوئی شیعہ کہ کے حرام بمعنی غیر مجاز ہی حقیقت کے معنے نہین مانتے تو ہم کہتے ہین کہ ارشاد ائمہ مین کہ کتاب کلینی مین موجود ہی کہ بچلیون ماہیان و بیرمون ماہیان دخول محللہ جائز ہی اور محترمون حرام ہین کیا کہینگے اگر معنی حقیقی پر رکھینگے تو وہی قباحت لازم آویگی جو حضرت فاروق کی نسبت بیانی تحریر دین مین بے محابا

لکھتے ہیں کہ متعہ حلال تھا اور ہی خلیفہ ثانی نے حرام کر دیا ہے سنیوں نے اسپر جھگڑا بڑھایا ہے سبحان اللہ کیا ان لوگوں کی سمجھ ہے اور رو شیعہ دوم
بجائے ہیں کہ عبداللہ بن علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہما اسکی حلت کے قائل تھے سو کتب اہل سنت سے عبداللہ بن عمر کی نسبت تو اقرار محض ہے
کیونکہ حرمت متعہ میں عبداللہ بن عمر سے احادیث متعددہ مشہور میں بنا ما اخرجہ الامام احمد فی مسندہ عن عبد الرحمن بن نعیم الاعرجی قال سال رجل
ابن عمر عن متعۃ النساء فغضب وقال اللہ کان علی عہد رسول اللہ صلعم زانین ولا مسافحین یعنے عبدالرحمن ابن نعیم نے کہا کہ پوچھا ایک شخص نے عبداللہ
بن عمر سے حال متعہ کا سو غصے میں آئے اور فرمانے لگے قسم اللہ کی نہ تھی ہم عہد رسول مقبول میں زانی اور اسکار مستی جھاڑنے والے دنبالہ
اخرجہ ابن ابی شیبۃ عن نافع ان ابن عمر سئل عن المتعۃ قال حرام یعنی نافع نے روایت کی کہ سوال کیے گئے ابن عمر متعہ سے فرمایا حرام ہے دنبالہ
اخرج البیہقی عنہ انہ قال لا یحل لرجل ان ینکح امرأۃ الا بنکاح الا مہر یرثہا وترثہ یعنی کہا ابن عمر نے کہ حلال نہیں کسی کو سوائے نکاح اسلام کے کچھ اور اس نکاح
سے وارث ہوتا ہے مرد عورت کا اور وارث ہوتی ہے عورت مرد کی اس نکاح اسلام میں توارث جاری ہے اور نکاح متعہ میں توارث نہیں ہے واسطے متعہ کے اور
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ جو اول قائل حلت ہوئے سو اسکا سبب یہ ہوا کہ انکو متعہ کے حرام ہونے کی اطلاع نہ تھی جب مطلع ہوئے تو فرمایا اللہم انی اتوب الیک انا قول بالمتعۃ قبل
فی العرف کما ذکرہ صاحب الکشاف وغیرہ لعدم اطلاع ابن عباس بتحریم متعۃ الحج وقد تاخر ذلک الی حجۃ الوداع کما ذکرہ الحافظ ابن حجر العسقلانی اور ہر گز متبعہ
نہیں یہ استبعاد صرف ان لوگوں کو واقع ہوتا ہے جو لوگ قرب مرتبہ ابن عباس پر جو کہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم کے خاطر کرتے ہیں اور نسبت عمر کو بعد
ایام سکوت سے آگاہ نہیں ہیں وحال ہی کہ حضرت ابن عباس دو برس قبل از ہجرت پیدا ہوئے ہیں اور آٹھ برس بعد ملکہ
نو برس مکہ معظمہ میں رہے وہاں ہر گز احکام شرعیہ کی اطلاع نہ تھی جب جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم بارادہ فتح مکہ جانب مکہ کے تشریف لے چلے تو
ابن عباس مع اپنے والد بزرگوار و اہل و عیال آتے تھے راہ میں ملکے چنانچہ جناب نبوت نے عباس بن عبد المطلب کو ساتھ لیا اور
ابن عباس کو با اہل و عیال روانہ مدینہ فرمایا اور یہ ظاہر ہے کہ غزوۂ خیبر تشریف آوری ابن عباس سے کئی برس پیشتر ہوا تھا پھر اطلاع بتحریم متعہ
کہ موطا اور صحیحین اور ترمذی میں بروایت علی مرتضے حدیث اسکی موجود ہے غیر ممکن تھی اور غزوۂ اوطاس بھی انکی غیبت میں ہوا اس
غزوے کا واقعہ بھی انکو ممکن الحصول تھا اور ہنگام صحبت اخذ اور استفادے کے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے دو برس معلوم ہوتے ہیں
ان دو برس میں رباب تحریم متعہ کوئی تقریب کہ مقتضے اعادہ و تاکید ہوئی ہو واقع نہیں ہوئی اگر یہ حضرت ابن عباس کو حضور سرکار کائنات
صلے اللہ علیہ وسلم میں اصلا حرمت متعہ کی خبر نہ ہوئی مگر حضرت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خلافت میں اس معاملے
کی بحث ہوئی تو حضرت ابن عباس نے آیات قرآنیہ جو بالا نذکور ہوئیں محرم متعہ پائیں اور اباحت غزوۂ اوطاس کہ اور صحابہ سے بھی
مخفی تھے اسکو وقت ضرورت پر حمل فرمایا اور قائل ہوئے کہ متعہ فی حال السعۃ والاختیار حرام ہے اور وقت ضرورت و احتیاج حلال اور
تحریم دوسری جو بعد تین دن کے واقع ہوئی اسکو انقطاع حرمت پر بار انتفاع ضرورت حمل فرمایا و تخریم بعید پر ہے پس مجموع مذہب ابن عباس
اس اجتہاد سے کہ جنداں بعید از قیاس نہ تھا مجموع آیات و قضیہ اوطاس سے ظاہر ہوا لیکن حقیقۃ الامر یہ تھا کہ ابن عباس کو اس
اجتہاد میں خطا ہوئی اور اسی سبب سے حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب نے مذہب ابن عباس سنکر کلمہ مجمل ارشاد فرمایا انک رجل تائہ
ان رسول اللہ نہی عن المتعۃ یعنے تو مرد عیاش ہے تحقیق رسول مقبول نے منع فرمایا ہے متعہ سے لیکن بعد مناظرہ بسیار کہ عبداللہ بن عباس

کے عہد میں تا بین ابن عباس و دیگر صحابہ کے بلد واقع ہوا اور روایات اثبات حرمتہ ابدیہ پیش ہوئیں خود ابن عباس قائل تحریم مؤبد کے ہوئے اور حلت عند الضرورت سے رجوع فرمائی چنانکہ روایت ترمذی اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ انما کانت المتعۃ فی اول الاسلام کان الرجل یقدم البلدۃ لیس لہا معرفۃ فیتزوج المرأۃ بقدر ما یری انہ یقیم فتحفظ لہ متاعہ و تصلح لہ شیئہ حتی اذا نزلت الآیۃ الا علی ازواجہم او ما ملکت ایمانہم قال ابن عباس فکل فرج سواہما حرام یعنی ابن عباس نے فرمایا کہ اگر متعہ درست تھا اوّل اسلام میں کہ جو شخص جس شہر میں جاتا اور کسی سے اُسکو شناسائی نہوتی تو وہ بقدر ایام اقامت کے متعہ کرتا تھا پس وہ عورت ممتوعہ اُسکے اسباب کی نگاہبانی کرتی اور اُسکی چیزوں کی اصلاح یہاں تک کہ جب نازل ہوا کریمہ الا علی ازواجہم کہ میں دو قسم کی بیاہتیں حلال ہیں ایک بی بی سے ایک لونڈی سے اور سوا اسکے حرام تو ابن عباس نے فرمایا کہ جو فرج کہ سوا ان دونوں کے ہو وہ حرام ہے اور صاحب ہدایہ نے جو حلیت متعہ کی امام مالک کی طرف کی وہ حواشی ہدایہ سے سہو معلوم ہوتی ہے اور سبب غلطی کا یہ ہوا ہوگا کہ مالک دو شخص تھے ایک احد الرواۃ شیعہ کہ آیا جب متعہ اور دخول فی الہدیہ کا قائل دوسرے امام مالک کہ دونوں کی حرمت قائل موطا امام میں اور اُنکے فقہ کی کتابوں میں صاف متعہ حرام لکھا ہے چنانچہ شرح مختصر میں خلیل مالکی لکھتے ہیں بالاتفاق عندنا ان المتعۃ نکاح لفسخ مطلقا اور رسالہ ابن ابی زید مالکی میں بھی لا یجوز نکاح المتعۃ اجماعا اور منہج الوفیہ فی فقہ المالکیہ میں موجود ہے کہ لا یجوز نکاح المتعۃ وہو نکاح الی اجل و امام مالک نکاح متمتع پر حد تجویز کرتے ہیں اور انہی موطا میں یہ حدیث حرمت متمتع کی لائے کہ ان خولۃ بنت الحکیم دخلت علی عمر بن الخطاب فقالت ان ربیعۃ بن امیۃ استمتع بامرۃ مولدۃ فحملت منہ فخرج عمر بن الخطاب فزعا یجر ردائہ فقال ہذہ المتعۃ ولو کنت تقدمت فیہا لرجمت یعنے خولہ بیٹی حکیم کی حضرت عمر کے پاس آئی اور کہنے لگی کہ ربیعہ ابن امیہ نے ایک عورت مولدہ کے ساتھ متعہ کیا اور حاملہ ہوئی پس نکلے عمر خشمناک حالیکہ اُسکی چادر اُسکی کھینچتے ہوئے اور کہا کہ یہ متعہ ہے اگر مجھکو اسکی خبر پہلے ہوتی تو سنگسار کرتا سوا اسکے اس باب میں شہادت علامہ حلی کے کشف الحق میں کیا کم ہے کہ فرماتے ہیں ذہبت الامامیۃ الی اباحتہ کنکاح المتعۃ وخالف فیہا الفقہاء الاربعۃ اور اسی طرح احقاق الحق میں بھی مذکور ہے پس اس بیان سے واضح ہوا کہ جملہ ائمہ کے نزدیک متعہ حرام ہے اور تمسک ابن عباس رضی اللہ عنہ کے اجماع صحابہ بھی منعقد ہو گیا اب الزام دینا شیعہ کا بیجا ہے پھر اسی سال میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ بنت ضحاک کلابیہ سے نکاح کیا اور اسی سال میں مدینہ طیبہ میں قحط پڑا اور اسی سال وقت مراجعت از حجۃ الوداع علماء ابن الجزری مع ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ بہم رسالت منذر بن ساوی حاکم بحرین کے پاس روانہ کیے گئے کہ وہ اسلام لائے کذا فی روضۃ الاحباب مگر اکثر اہل تاریخ نے اس بات کو سال ششم میں اور بعض نے سال ہفتم میں لکھا ہے الا صاحب طبقات اور صاحب معارج نے اسی سال میں درج کیا ہے اور اسی سال میں بنی نفر الجی عبد القیس بدر قبیلہ اسد کے حاضر ہوئے اور اسلام لائے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو نماز و روزہ و زکوۃ اور ادائے خمس کے واسطے حکم دیا پھر ان لوگوں نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ ظروف اشربہ کا کیا حکم ہے لوگ اُسمیں کھانے کی چیز رکھکر کھاتے ہیں فرمایا تم حنتم اور دبا اور نقیر اور مزفت میں کھاؤ حنتم بفتح حاء مہملہ و سکون نون فوقیہ اور دبا بضم دال مہملہ و تشدید موحدہ یعنی کدو اور نقیر بروزن فقیر یعنی تنہ درخت

کہ اسکا جوف خالی کرکے بھیند ڈالتے تھے اور قرفت بضم میم وفتح ہا مقطوعہ دشدید فا مطلقاً برفت یعنی قیر اندود اس سے ملتے ہیں
بعض علما کہتے ہیں کہ اول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان ظروف میں کھانے سے منع فرمایا تھا اور جب حرمت شراب کی بخوبی اذہان میں
قائم ہوگئی اور آثار اسکے باقی نہ رہے تو حرمت اٹھا دی گئی اور بعض کہتے ہیں کہ اب بھی کراہت باقی ہے بالجملہ جب سال نہم ہجرت کا
شروع ہوا تو محرم کے مہینے میں موالی آخذین کو اوہ قبایل سلامیہ پر روانہ کیے گئے از انجملہ بشیر ابن سفیان بنی کعب پر بھیجے گئے وہ
مع بنو تمیم حشیہ ذلت الاسقاط پر مجتمع تھے چنانچہ بنو کعب نے حساب کرکے زکوۃ مویشی دیدی اور بنو تمیم نے کہا کہ بیفائدہ کیوں مال ضائع
کرتے ہو بنو کعب بولے ہم مسلمان ہیں ہم پر زکوۃ فرض ہے بنو تمیم نے ارادہ کیا کہ مال زکوۃ کا بشیر سے چھین لیں وہ بھاگے اور
مدینہ طیبہ میں آئے تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عیینہ ابن حصین فزاری کو بھیجا اور پچاس سوار ساتھ گئے کہ وہ لوگ گیارہ مرد اور
گیارہ عورتیں اور تیس لڑکے گرفتار کرلائے کہ ملہ بنت حارس کے گھر میں مقید ہوئے عقب انکے عطارد ابن حاجب اور زبرقان
ابن بدر اور قیس ابن عاصم و عیینہ بن حصین و نعیم ابن سعید و عمر ابن اہم و اقرع ابن حابس وغیرہ رؤسائے بنی تمیم چند خطیب اور شاعر ہمراہ لیکر حاضر
ہوئے اسوقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حجرہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میں رونق افروز تھے وہ سب غل فلانہ دروازہ پر پکارنے لگے
حق میں اللہ صاحب نے فرمایا ان الذین ینادونک من وراء الحجرات اکثرہم لا یعقلون ولو انہم صبروا حتی تخرج الیہم لکان خیرا لہم یعنی جو لوگ
پکارتے ہیں تجھکو دیوار کے باہر سے وہ اکثر بیوقوف ہیں اگر وہ صبر کرتے جب تک تو نکلتا انکی طرف تو انکو بہتر تھا بعد ازاں ظہر کے وقت
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور نماز پڑھی پھر حجرہ کو متوجہ ہوئے وہ لوگ راہ میں کچھ کہنے لگے آنحضرت صلے اللہ علیہ
وسلم متوجہ ہوکر بعد ادائے سنت صحن مسجد میں جلوہ فرما ہوئے تب بنو تمیم نے التماس کیا کہ ہم وہ لوگ ہیں جنکی مدح زین اور ذم شین ہے
یعنی ستائش مارا آرائش و نکوہش مارا عیب فرمایا یہ صفت خدا کی ہے تم اپنی غرض بیان کرو بولے ہم شاعر اور خطیب لائے ہیں چاہتے ہیں
کہ مفاخرت کریں حضرت نے فرمایا ما بالشعر بعثت ولا بالفخار امرت لیکن تم شاعروں وغیرہ کو لاؤ سو عطارد آیا اور ایک قصیدہ متضمن
اپنی شرافت و مفاخرت پر پڑھا اسکے جواب میں ثابت ابن قیس ابن شماس نے بایماے رسول اللہ ایک خطبہ محتوی حمد حق و ثناے
رسول برحق و مشتمل بر فضائل مہاجرین و مجاہد انصار و مجاہدین پڑھا تب زبرقان ابن بدر آیا اسنے کتنے شعر پڑھے حضرت صلعم نے حسان
ابن ثابت رضؓ کو اشارہ فرمایا اسنے فی البدیہہ چند شعر تصنیف کرکے سنائے پھر اقرع ابن حابس نے کھڑے ہوکر کئی شعر پڑھے اور حسان
ابن ثابت نے جواب دیا اقرع بولا واللہ خطیب و شاعر پیغمبر خدا کے ہمارے خطیبوں و شاعروں سے افضل ہیں اور اسی وقت سب اسلام لائے
اور حضرت رحمۃ للعالمین صلعم نے از روے احسان قیدیوں کو واپس فرمایا پھر اسی سال خالد ابن ولید بنی مصطلق پر روانہ کیے گئے
اور وجہ یہ ہوئی کہ حارث ابن ضرار حاضر ہوکے مسلمان ہوا اور احکام صوم و صلوۃ سیکھ کر اپنی قوم میں گیا اور وقت رخصت کہا تھا
کہ یا رسول اللہ میں اپنی قوم کو دعوت اسلام کرونگا پھر جو شخص قبول کریگا اس سے زکوۃ وصول کرونگا پھر جو شخص قبول کریگا اسکے پیچھے میرے فلان وقت کسی
شخص کو روانہ کیجیے گا بالجملہ حارث نے کئی شخصوں کو مسلمان کیا اور زکوۃ کا مال وصول کرکے اپنے پاس رکھا اور اس انتظار
میں تھا کہ جو کوئی حضرت صلعم کے حضور سے آجائے اسکے سپرد کروں آنجناب نے ولید ابن عقبہ ابن معیط کو بھیجا انکی آمد کی خبر پاکے

بنا برا ستقبال چند لوگ برآمد ہوئے سو عجیب اتفاق ہوا کہ قوم ولید اور قوم مذکور مین پیش ازا سلام عداوت تھی ولید ابن عقبہ نے تصور کیا کہ یہ لوگ سیر قتل کرنے کو نکلے ہین وہ بھاگا خوف سے اور مدینے مین مشہور کر دیا کہ فلانی قوم کے لوگ مرتد ہو گئے لہذا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خالد ابن ولید کو روانہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ جلدی نہ کرنا سو خالد وہان گئے ودیکھا کہ وہان کے لوگون نے مسجد بنائی ہے اور نماز مین نہایت مستعد ہین وہ واپس آئے اسی حادثہ مین یہ آیہ سورۂ حجرات مین نازل ہوئی یا ایہا الذین آمنوا ان جاءکم فاسق بنبا فتبینوا ان تصیبوا قوما بجہالۃ فتصبحوا علی ما فعلتم نادمین یعنے اے ایمان والو اگر آوے تم پاس ایک گنہگار خبر لیکر تو تحقیق کرو کہین جانہ پڑو کسی قوم پر نادانی سے پھر کل کو پچتانے لگو اپنے فعل پر بعد اسکے اسی سال مین عباد ابن بشیر قبیلہ مزینہ مین بنا بر تعلیم احکام شرع محمدی بھیجے گئے اور اسی سال مین قطبہ ابن عامر قبیلہ خثعم پر ہمراہ بیس آدمیون کے روانہ کیے گئے جب وہان پہونچے تو مقابلہ ہوا وغلبہ اسلام ہوا اونٹ و بکریان لوٹ مین ملے کہ ہر شخص نے چار اونٹ پائے اور ایک اونٹ کے مقابل دس بکریان کی گنین اور اسی سال مین علقمہ ابن مجزز مدلجی جماعۃ جہینہ پر کہ انواع جادہ مین خرابی کرتے تھے بھیجے گئے اور تین سو آدمی انکے ہمراہ گئے وہ لوگ خبر پاکے بھاگے یہ سریہ بعضون کے نزدیک صفر مین اور بعضون کے نزدیک ربیع الاخری مین واقع ہوا اور بعض کے نزدیک اسیر بن رافع ابن مکیث تھے اور اسی سال مین ضحاک ابن سفیان کلابی بنی کلاب پر مع ایک جماعہ اسلام بھیجے گئے سو انسے مقابلہ واقع ہوا اور اسلام کی فتح ہوئی اور غنیمت بھی ہاتھ آئی اور اسی سال مین بشیر ابن سفیان بنی کعب بھیجے گئے اور عبد اللہ ابن التبیہ کو بیان پر روانہ ہوئے اور اسی سال مین امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ بنا بر تخریب بت خانہ فلس کہ بنی طی نے اسکو معبود قرار دیا تھا روانہ ہوئے کہ عدی ابن حاتم رئیس وہان کا جانب شام بھاگ گیا اور اخت عدی گرفتار ہوئے اور بت خانہ جلا دیا گیا پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمشیر عدی کو آزاد فرمایا تو وہ جانب ملک شام اپنے بھائی کے پاس گئی اور سال دہم ہجری مین اسکو لیکر مجلس نبوی مین حاضر ہوئی کہ وہ بھی اسلام لایا بعد ازان اسی سال کی رجب مین غزوۂ تبوک واقع ہوا یہ مقام جو دہ منزل و بروایتے سولہ منزل مدینہ منورہ سے شام کی راہ مین واقع ہے بعض کے نزدیک اسمین ایک مرتفع کا نام ہے اور بعض کے نزدیک نام قلعہ کا ہے اور قاموس مین ہے کہ نام ایک زمین کا ہے مابین مدینہ و شام اور بعض کے نزدیک نام ایک چشمے کا ہے کہ اس مین واقع ہے بہر تقدیر یہ غزوہ آخرین غزوات ہے اور سبب اسکا یہ واقع ہوا کہ مدینے مین یہ خبر مشہور ہوئی کہ قیصر روم ہرقل واقعت قبیلہ لخم وجذام وغسان وغیرہا کو ہمراہ لیکر بنا بر غارت و تاراج مدینہ ارادہ رکھتا ہے اور سی ہزار سوار و مقدر بیس ہزار آدمی لیکر پیش آیا ہے اور بمقام بلقا کے نزدیک پہونچا ہے لہذا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرا ارادہ قیصر سے لڑائی کا ہے سب لوگ تیار ہون چونکہ گرمی شدید و مسافت بعید تھی لوگون نے تکلف مین سستی کی اور انکے حق مین اللہ صاحب نے اپنے کلام مین فرمایا جسکا ترجمہ یہ ہے اے ایمان والو کیا ہوا ہے تمکو جب کہا جاتا ہے کوچ کرو اللہ کی راہ مین تم گڑے جاتے ہو زمین پر کیا پسند کیے دنیا کی زندگی پر آخرت چھوڑ کر سو کچھ نہین دنیا کا برتنا آخرت کے حساب مین مگر تھوڑا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا دنیا آخرت کے پہلو مین ایسے ہی جسطرح کوئی انگلی دریا مین ڈال کر اٹھاوے اور دیکھے کتنے تری صیا ہے انگلی مین پہونچی تبنیہ سستی کرنے والے اکثر منافق تھے اور معدودہ بعدد صحیح غیر صحیح بھی تھے پس وہ لوگ

جو بلا عذر نہیں نکلے پانچ صحابہ تھے کہ توبہ انکی قبول ہوئی ایک ابو ذر غفاری دوسرے ابو خیثمہ سالمی تیسرے کعب ابن مالک چوتھے مرارہ ابن الربیع پانچویں ہلال بن امیہ القصہ تیس ہزار آدمی حسب الحکم رسول اللہ جمع ہوئے مگر سامان حرب کچھ بھی تھا واسطے مقید بخشیں لشکر ہوا تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی تنگی کے لشکر کی تہیہ و درستی کر دے اسکے واسطے بہشت ہے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ چار سو اونٹ اور دو سو اسپ اشرفی دیکر دو سو اسپ بھی لائے اسوقت آنجناب صلعم ایسے خوش و راضی ہوئے کہ دامن میں اشرفیاں لیے ہوئے اچھالتے اور فرماتے تھے کہ عثمان کو اب کوئی کام ضرر نہ کر سکیگا اور حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے مال سے نصف راہ خدا میں لائے اور قدوہ حضرت ارباب تحقیق ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تمام مال نثار کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیشہ ابو بکر مجھ پر امور خیر میں غالب آتے تھے اس غزوہ میں مجھے دست سخا خوب تھا میں سمجھا کہ اس مرتبہ میں غالب ہونگا سو کل مال سے نصف لایا حضرت نے پوچھا عیال و اطفال کے لیے کیا چھوڑا میں نے کہا اتنا ہی اور ابو بکر سب مال لائے آپ نے پوچھا لڑکے بالوں کے لیے کیا رکھا ہے بولے خدا اور خدا کا رسول حضرت نے فرمایا فرق تم دونوں میں اسقدر ہی جیسا تم دونوں کے کلموں میں یعنی حضرت ابو بکر نے عیال کے واسطے خدا و رسول کو بتایا اور حضرت عمر نے مال کو اور ظاہر ہے کہ دونوں باتوں میں بڑا فرق ہے حضرت عمر کہتے ہیں کہ میں نے ابو بکر سے کہا کہ میں کبھی تم پر غالب نہ ہونگا اور عبد الرحمن ابن عوف رضی اللہ عنہ نے چالیس اوقیہ طلا گذرانا اسی طرح طلحہ و زبیر و سعد ابن عبادہ و محمد ابن مسلمہ رضوان اللہ علیہم موافق اپنے اپنے مقدور کے لائے اور بعض عورتوں نے اپنا زیور دیا اور ابو عقیل انصاری ایک صاع خرمہ لائے اسپر اہل نفاق ہنسے سبحان اللہ منافقوں کی زبان سے کسی طرح بچاؤ نہیں اگر زیادہ لاتے تو کہتے ریا ہے اور جو کم لائے تو طعن کرنے لگے بالجملہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سامان درست کیا اور فرمایا کہ سب لوگ ثنیۃ الوداع میں جمع ہوں اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو اس لشکر کا امام گردانا اور حضرت ولایت مآب اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کو مدینہ منورہ میں خلیفہ فرمایا اسوقت حضرت امیر المومنین نے التماس کیا یا رسول اللہ میں کسی غزوہ میں غزوات سے نہیں بیٹھا ابکی مرتبہ کس واسطے حضرت مجھے چھوڑے دیتے ہیں فرمایا اما ترضی ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی یعنی کیا تو راضی نہیں ہے کہ تو مجھ سے مرتبہ ہارون میں موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں ہوگا اور صحیح مسلم میں سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی تیرا رتبہ میرے نزدیک جیسے ہارون کا مرتبہ موسیٰ کے نزدیک مگر اتنا فرق ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں بروایۃ صحیحہ ثابت ہے کہ جب علی مرتضیٰ کو حضرت صلعم نے خلیفہ فرمایا تو کم بخت منافق بولے کہ علی مرتضیٰ کا ہونا حضرت پر گراں ہوا اسلیے ساتھ نہ لیا علی مرتضیٰ کو اس بات سے سخت ملال خاطر ہوا تو ولایت مآب سلاح و طیار ہو کے حضور آنحضرت میں حاضر ہوئے اور منافقوں کی گفتگو بیان کر کے التماس کیا کہ یا حضرت آپ نے مجھے عورتوں اور لڑکوں پر خلیفہ کرتے ہیں فرمایا ایسا نہیں کچھ رتبہ نہیں گھٹتا دیکھو حضرت موسیٰ جب کوہ طور پر چلے تو اپنے برادر بزرگ کو خلیفہ کر گئے تھے سو جیسی عزت ہارون کی موسیٰ کے نزدیک تھی ایسی تمہاری عزت میرے نزدیک ہے مگر وہ پیغمبر تھے تم پیغمبر نہیں اسلیے کہ میں خاتم النبیین ہوں اس حدیث سے بڑی فضیلت ثابت ہوئی نہ یہ کہ حضرت صلعم

کے بعد سوا علی رضی اللہ عنہ کوئی لائق خلافت نہیں جیسا فریق ثانی کہتے ہیں کیونکہ یہ بات بے جوڑ ہے اسلیے کہ حضرت ہارون حضرت موسیٰ کے سامنے مرگئے تھے اور خلیفہ حضرت یوشع علیہ السلام ہوئے تھے اگر حضرت ہارون علیہ السلام زندہ رہتے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیفہ ہوتے تو البتہ پوری مثال تھی **فائدہ** اس حدیث سے واضح ہوا کہ ہر طرح کی خلافت مراد نہیں بلکہ مراد جہت انفرادہ تھی جسطرح حضرت ہارون کی تھی ہاں یہ مقرر ہے کہ اس مقام سے لیاقت خلافت بخوبی ثابت ہے لیکن اسمیں وہ علیوں کی انکار بھی نہیں ہے فضائل حضرت شیخین ذوی النورین رضی اللہ عنہم احادیث مین بیشمار ہین مولانا مساعد نے لکھا ہے کہ حافظ زین الدین عراقی و ابن عبد البر نے اس قول کو ترجیح دی ہے اور دمیاطی نے کہا ہے کہ محمد ابن سلمہ کو خلیفہ کیا تھا اور علی مرتضیٰ کو اہل و عیال پر چھوڑا تھا لیکن یہ قول ضعیف ہے اور خلاف سیاق حدیث بالجملہ انجناب صلے اللہ علیہ وسلم نے پانچویں جمعہ ذی الحجہ کو مدینہ شریف سے بجانب حجۃ الوداع مین لشکر کا شمار فرمایا تو بروایتے ستر ہزار آدمی ہوئے اور بروایت صحیحین چوبیس ہزار مرد نکلے اور گھوڑے اور اونٹ بکثرت تھے بروایتے دس ہزار اسپ سوار اور بارہ ہزار اونٹ تھے بعد اسکے علمدار صدیق اکبر کو کیا اور پیشوا امام فرمایا اور روایت کیا ہے بیہقی ابن العوام کو بنی اسد اور دلوار قوم اوس اسید ابن حضیر کو اور لواء خزرج ابو دجانہ پہلوان کو تفویض کیا جب یہاں سے لشکر کا کوچ ہوا تو عبد اللہ ابن ابی منافق مع ہمراہیون کے پلٹ گیا ان منافقون کی فضیح مین سورہ برات جب کہ ابن عباس رض فاضحہ کہتے ہین نازل ہوئی حضرت صلعم نے فرمایا کہ اللہ کا احسان ہوا ہے کہ شر اشرار سے مجھے محفوظ رکھا جو بعض روایت مین ستر ہزار کا لشکر ہوا اور بعض مین تیس ہزار کا سو کچھ تعارض نہین ہے کیونکہ ستر ہزار جمع ہوئے تھے تیس ہزار ہمراہ گئے ہونگے خواہ بھیڑ ملا کر ستر ہزار ہونگے اور مجاہدین تیس ہزار **فائدہ** اس سفر مین موضع حجر دیار ثمود پر گذر ہوا حضرت صلعم نے فرمایا کہ یہاں سے کل جاؤ قیام نہ کرو کہ اس مقام پر عذاب نازل ہوا ہے اور خود انجناب چہرہ مبارک سقنع ڈالکر بسرعت تمام گذر گئے اس مقام سے معلوم ہوا کہ جس جگہ عذاب نازل ہوا ہو وہان جانا نہ چاہیے القصہ لشکر اسلام تبوک مین پہونچا تو معلوم ہوا کہ خبر آمد قیصر غلط تھی تاگزیر دو مہینے کے بعد باتفاق راے صحابہ باصفا و تجویز حضرت عمر جانب مدینہ مراجعت فرمائی وجہ الدرد مین ہے کہ آنجناب نے چند روز توقف فرمایا کہ آوازہ شوکت اسلام اطراف مین پہونچا اور قلوب مخالفین پر رعب غالب ہوا اور ایک نامہ بھی قیصر کے نام لکھوا بھیجا کہ قیصر نے ایک خفیہ نویس قبیلہ غسان کو لشکر مین بھیجا تھا اسنے علامات و شواہد سے بخوبی دریافت کیا کہ حضرت نبی آخر الزمان ہین اور قیصر سے جاکے عرض کیا تب اسکو دعوت اسلام پہونچا مگر بلحاظ ملک و دولت اظہار نہ کرسکا اور بعض کے نزدیک پوشیدہ ایمان لایا اسی عرصہ مین حاکم ایلہ والہا فرخنا اور جرح نے حاضر ہوکے جزیہ قبول کیا اور فرمان امان پایا **فائدہ** اس سفر مین اکثر معجزات کثرت آب و طعام و اخبار بالغیب مین ہمارے ہوئے از انجملہ قرب تبوک ایک اونٹنی گم ہوگئی بعض کے نزدیک ناقہ قصویٰ تھی سوز ابن اللصیب منافق نے کہا یہود بنی قینقاع سے تھا اور اسلام لاکر منافق بنا تھا ایک صحابی کے ڈیرے مین کہنے لگا کہ محمد آسمان کی خبر بہت کہتے ہین اونٹنی کا حال نہین جانتے اسی وقت حضرت کو اللہ صاحب نے منافق کے مقولے سے خبر دی اور مطلع کیا کہ فلانی جگہ درخت مین ہمارا اونٹنی کی اٹک گئی ہے وہان ہے آنجناب نے اپنے خیمے مین ان صحابی کے روبرو جنکے ڈیرے مین منافق نے

طعن کیا تھا ارشاد کیا کہ ابھی منافق نے یہ طعن کی بات کہی ہے سو مین دعوی نہین کرتا کہ بالاخبار غیب کی خبر مجھے معلوم ہوتی ہے آج خدا نے مطلع کر دیا کہ اکیدر کی مہار فلان درخت مین اٹکی ہے چنانچہ لوگون نے اسی جگہ اسی کیفیت سے اُسے پایا اور منافق منہ تاکتے رہ گئے

اسی سفر مین خالد ابن ولید کو مع چار سو تیس سوار دے کے اکیدر حاکم دومۃ الجندل پر روانہ کیا اور فرمایا کہ تم اسکو شکار پیل گاؤ مین گرفتار کروگے سو ایسا ہی ہوا کہ جسوقت حضرت خالد اُسکے قلعے کے تلے پہونچے وہ قلعے سے اترا سبب یہ ہوا کہ اُسوقت اکیدر اپنی عورت کے چاندنی کے سیر کر رہا تھا دفعۃً ایک بیل گاؤ نے دیوار قلعہ سے اپنا بدن رگڑنا شروع کیا اکیدر کو شکار کا شوق تھا سو وہ مع حسان اپنے بھائی کے سوار ہوا اور مصاد دوسرے بھائی کو قلعہ پر دیکھا چنانچہ حسان مارا گیا اور اکیدر گرفتار ہوا بعد اُسکے خالد قلعے پر آئے مصاد نے دروازہ نہ کھولا چند روز گھیرے رہے آخر کار صلح فرمائی اور اکیدر نے مصاد کا خون طلب کیا اپنے دو ہزار اونٹ اور آٹھ سو گھوڑے اور چار سو زرہ اور اسی قدر نیزے نذر کیے پھر اکیدر کو مدینے مین لائے کہ اُسنے جزیہ قبول کیا اور فرمان امان لیگیا اور بروایت بعض محققین آخر کار اکیدر اسلام لایا اس غزوہ مین حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ لشکر سے پیچھے رہ گئے تھے اونٹ تھک گیا پیادہ پا اسباب ضروری کندھے پر لادے روانہ ہوئے جب وہ حاضر ہوئے تو حضرت نے مرحبا کہا اور فرمایا خدا رحمت کرے ابوذر کو اکیلا چلا آتا ہے اور اکیلا ہی زندگی کریگا اور اکیلا ہی مریگا سو مطابق ارشاد واقع ہوا کہ عہد حضرت عثمان مین ابوذر ربذہ مین جا رہے تھے تمامے کوفے سے ایک حاجی اسلام اتفاقاً آگئی انھون نے تجہیز و تکفین کی اور تین شخص اور اصحاب مخلصین سے رہ گئے تھے ایک کعب بن مالک بڑے صحابی نہ تھے مگر بیعت عقبہ مین تھے کہ اُسکے فضائل بھی اکثر ہین چنانچہ حضرت کعب سے صحیح بخاری مین مروی ہے کہ اگرچہ فضیلت بدر کی بہت مشہور ہے لیکن بیعت عقبہ مین میری حاضری ایسی ہے کہ باوصف اُسکے اگر حضور بدر مجھے حاصل ہوا تو مجھے کچھ رنج نہین ہوا اور دو صحابی بدری تھے ایک ہلال بن امیہ دوسرا مرارۃ بن الربیع ان تینون نے بوقت معاودت آنجناب بصاف صاف کہدیا کہ ہمین کچھ عذر نہ تھا صرف بسبب شامت نفس کے رہ گئے تھے اور اسی طرح ابوخیثمہ سالمی نے بھی عرض کیا حدیث کعب ابن مالک مین کہ صحیح بخاری مین ہے یہ قصہ مفصل مذکور ہے خلاصہ یہ ہے کہ حضرت کعب کہتے ہین کہ جن دنون آپ غزوہ تبوک کو جاتے تھے مین صحیح تھا اور فراغت پائے بھی تھے اور حضرت کا عزم بالجزم بھی سن چکا تھا مگر یہی خیال کر رہا تھا کہ اب سامان کرکے چلدونگا اور سامان ہوا آپ روانہ ہوگئے پھر غور چلنے کا خیال رہا یہان تک کہ لشکر دور نکل گیا اور سوا ضعفا اور منافقین کے کوئی نظر نہ آتا تھا دل گھبرایا آپنے ایک شخص سے حال پوچھا ایک نے کہا وہ اپنے کپڑون کی ذمہ داری مین رہ گیا اور معاذ ابن جبل نے کہا وہ ایسا نہین ہے ایک دن گھر مین آیا بی بیون نے انگور کی ٹٹیان چھڑکا کے دوپہر کو سونے کی تیاری کی تھی مین نے کہا جناب سول خدا تو گرمی اور لو مین ہین اور مین ایسی جگہ سوا دن سو مین نہ سویا اور بڑی مشکل سے دن کٹتے تھے جب خبر معاودت سنی زیادہ گھبرایا کہ مین کیا منہ دکھاونگا ہائے کیونکر آئے آپکی ٹھنڈائی کہ سچ کہونگا سو حاضر ہوا اور کہا مین بلا عذر رہ گیا تھا فرمایا ٹھہرو جبتک خدا ہوگا کیا جانگا فصت ہوا تا اور منافقون نے بہتیرے حیلے کیے حضرت نے کچھ نہ فرمایا لوگون نے ملامت کی کہ تونے بھی کچھ حیلہ بنا لیا ہوتا اور یہان تک بہکایا کہ یہ اول بات بدلنے پر آمادہ ہوا پھر مین نے پوچھا ایسا ہی حال کسی اور کا بھی ہوا ہے دونون لوگون نے صحابیون مین دو نام لیا مین نے کہا مین بھی انھین مین کا تھا مین ہون

جو ہو سو ہو بات نہ بدلونگا آپنے فرمایا ان تینون صحابیون سے کوئی بات نہ کرے سو دونون ساتھی گھرون میٹھ رہے مین جو ابن ابی گھر سے نکلتا مسجد شریف مین جاکے آپکے ساتھ نماز پڑھتا اور سلام کرتا آپ جلدی کے نہ دیتے تھے معلوم نہین کہ آہستہ دیتے تھے یا نہین مین اپنے مبارک پر خیال کرتا تھا کہ ہلائے یا نہین اور مین آپکے قریب نماز پڑھتا تھا اور نیچی نگاہ دیکھتا تھا اور جب مین نماز مین متوجہ ہوتا تو حضرت میری طرف دیکھتے اور جب مین نماز مین متوجہ ہوتا تو حضرت میری طرف دیکھتے اور جب مین دیکھتا تو آپ منھ پھیر لیتے ایک دن مین بازار مین جاتا تھا با دشاہ غسان کا آدمی ملا اسنے خط دیا اسمین میری طلب تھی مجھے نہایت رنج ہوا مین نے خط کو تنور مین ڈال دیا حضرت کعب فرماتے ہین کہ ہم حضرت کا حکم پہونچا کہ تینون کی زوجہ اُنکے پاس نہ رہین مین نے طلاق دینے کی اجازت چاہی ارشاد ہوا کہ صرف علیحدہ رہنا منظور ہے مین نے اپنی زوجہ کو اُسکے گھر بھیج دیا میرے ساتھی ہلال بن امیہ کی جورو نے بعد پیرانہ سالی اُنکی خدمت کی اجازت لی مگر مباشرت کی امتناع ہی پچاس دن کے بعد دفعۃً وقت صبح ایک شخص نے ایک پہاڑی سے پکار کے کہا بشارت ہو تمھین اے مالک تمھاری توبہ قبول ہوئی مین نے سجدہ شکر کیا اور حضور اقدس مین حاضر ہوا طلحہ نے اٹھکر تہنیت کی اور مصافحہ کیا یہ احسان طلحہ کا نہین بھولتا اور حضرت کا چہرہ خوشی سے چمکتا تھا اور آپنے فرمایا بشارت ہو تجھے ایسے دن کی جو بہت بہتر ہوا ان سب دنون مین جیسی تیری ماں تجھے جنی ہے مین نے کہا اس شکرانے مین سب مال خیرات کرنے کا دل چاہتا ہے آنجناب نے منع کیا اور فرمایا کچھ اپنے پاس بھی رہنے دے اور منافقین حیلہ بنانے والون کو خدائے تعالی نے فضیحت کیا سورہ برات مین اُنکی مذمت اور جہنمی ہونے کی آیتین نازل ہین اور ہمارے لیے بعد ذکر قبول توبہ فرمایا یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ و کونوا مع الصادقین اور ثابت ہے کہ اسی سفر مین وقت مراجعت حضرت سول مقبول صلعم مسجد ضرار پر کہ بکسر ضاد معجمہ ہے پہونچے اور بحکم خدا اسکو گرا دیا معرف لک ابن اخطب و معتب ابن عدی کے یعنے ان دونون نے باعانت قوابع اپنے کہ آسمین وحشی قاتل امیر حمزہ بھی تھا مسجد منافقین کو گروا دیا اور وہانکے لوگون کو نکال دیا کہ وہ مقام اہل مدینہ کا مقتل ہو گیا ذکر اسکا بتفصیل وقائع سال اولین مذکور ہے اور اسی سال مین بعد مراجعت کے وفد ثقیف آئے اور اسلام لائے مگر شرط کرتے تھے کہ چند روز لات وطاغیہ کو نہ گرا دینگے اور نماز بھی ادا کرینگے دونون باتین آنجناب نے قبول فرمائین اور عثمان ابن ابی العاص کو امیر فرمایا اور اُنکے پیچھے ابو سفیان ابن حرب و مغیرہ ابن شعبہ کو بنا بر رسم طاغیہ و لات کہ دونون بت طائف مین تھے روانہ کیا کہ اُنھون نے دونون کو گرا دیا روایت ہے کہ وفد ثقیف مین ایک آدمی مجذوم بھی تھا اسکو آنحضرت نے اپنے پاس نہین بلایا کسی کی معرفت کہلا بھیجا کہ تو اپنے گھر جا تیرا اسلام قبول ہے تمدیل یہ اسواسطے فرمایا کہ حضار مجلس عالی کو اُسکی جذام پر نظر نہ آوے اور وہ لوگ حقیر نجانین کہ آسمین وہ پنجیدہ ہوتا اور جو بعض لوگ سمجھتے ہین کہ یہ بیماری متعلقہ ہو دوسرے کو لگ جاتی ہے اسوجہ سے آنحضرت نے اپنے پاس طلب نہ فرمایا سو غلط ہے کیونکہ دوسری حدیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت نے مجذوم کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا ہے ایک اور حدیث سے اسقدر مفہوم ہوتا ہے کہ اگر ایسے بیمار سے کسی کو نفرت آوے اور وہ اسکی صحبت سے پرہیز کرے تو درست ہے کہ نہ اقال الشیخ بعض الاشیاخ تمدیل فدوہ خادت بالفتح پیش کسے برسولی رفتن و وافد پیش کسے برسولی رفتہ خود جمع وافاد جمع الجمع پس بعضے کہتے ہین کہ اسی سال مین بنا بر رجوع بعد انصراف غزوہ تبوک سے واقع ہوا اور بعضے کہتے ہین کہ ابتداء وروداً یا بجہان بعد رجوع حجۃ الوداع سے سال تمام ہوا

والصحیح ہوالاول مگر تبض کے نزدیک وہ دو الگ الگ وفد ہیں کا بعض ذوات سابقہ میں بھی ہوا ہے لیکن کثرت وفود اس سال میں ہوئی چنانچہ علماء حدیث نے ساٹھ وفود سے زاید ضبط فرمائے ہیں بالجملہ اسی سال میں وفد بنی اسید ابن خزیمہ کے ذیل نظر اور وفد فزارہ کے کہ فتح خاوفتح منقوطہ و راء مہملہ ہے بیس ۲۰ روایتے تیس ۳۰ نفر آئے سردار انمیں دو شخص تھے ایک خارجہ بن حصین دوسرا حر بن قیس بن حصین فزاری اور وفد بنی مرہ کے اٹھارہ آدمی جنمیں سردار و پیشوا حارث بن عوف تھا اور وفد بنی البکاء جنمیں انکا سردار ہوذہ بن نور بن عباد تھا اور وفد بنی کنانہ جنمیں سردار انکا ابن الاستع لیثی تھا اور وفد ہلال کہ اسمیں زیاد بن عبد اللہ و عبد اللہ بن موف و قبیصہ بن مخارق تھے اور وفد بنی عامر ابن صعصعہ کہ انمیں سردار عامر ابن الطفیل و وبدین ربیعہ تھے حاضر ہوئے یہ عامر وہ شخص ہے جسنے شہر قاریون کو قتل کیا تھا اور بعد کے وفد کا اب الکلاف کہ نام پدر قبیلہ ہوازن کا ہے جسکو کلاب ابن ربیعہ کہتے ہیں اور وفد قشیر بضم قاف و فتح شین منقوطہ کہ پدر قبیلہ ہوازن ہے اور وفد تجیب کہ تیرہ آدمی اور تجیب بضم تا مثنوقانیہ بصیغہ مضارع باب افعال سے ہے اور وفد بلی کہ فتح باء موحدہ و کسر لام مشدد ہے اور ابو رویعہ ابن ثابت بلوی کہ خدمت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم میں رہتا تھا اسی قوم سے ہے اور وفد عذرہ بفتح عین مہملہ و کسر ذال معجمہ کہ ایک موضع دمشق میں اور دیہہ ہے شام میں وہاں کے رہنے والے اکثر مرض عشق میں مبتلا ہو کے مرتے ہیں اور وفد جہینہ کہ بکسر جیم و سکون ہاء و فتح تحتیہ نام ایک گروہ کا ہے قبایل عرب سے اور وفد سعد اور وفد نہد اور وفد دارم قبیلہ تمیم و خدام سے حاضر ہو کے اسلام لائے اور تفصیل مقولات میں ہے الغرض اس سال میں ہر طرف سے ایلچیوں کا ہجوم ہوا ہے لہذا اس سال کو عام الوفود بولتے ہیں اور اسی سال میں جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ اعتزال فرمایا یعنی زوجات مطہرات کے پاس تشریف نہیں لیگئے جسکا مفصل حال سیرت حلبیہ و غیرہ میں بالتفصیل ہے اور سبب اعتزال میں اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ زوجات طاہرات نے نفقہ و کسوت اور دو چیز آنحضرت سے چاہی کہ تصرف سے خارج تھے اسی پر ملال ہوا آنجناب نے قسم کھائی کہ اس جماعت سے ایلاء کامل عزلت اختیار کرونگا و ہذا فی الصحیح اور نزول کریمہ تخییر و سیاق آیہ سوید اس قول کا ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زینب بنت جحش کے گھر میں شہد پیا اسمیں توقف ہوا حضرت عائشہ و حفصہ نے باہم مشورہ کیا کہ جب حضرت آوین تو سب زوجات مل کر کہو کہ آپ نے مغافیر پیا ہے مغافیر جمع مغفور کی ہے اور مغفور بالضم گوند مانند عسل شیریں کہ چوب درخت میں بہتا ہے اور اندک دارو ہوتا ہے بعضوں کے نزدیک اسکی شکل موے شراب ہوتی ہے اور حضرت صلعم بوے بد سے متنفر تھے سو جبکہ آپ تشریف آوری آنحضرت کے کہا کہ آپنے مغافیر پیا ہے آنحضرت نے قسم کھائی کہ مغافیر نہیں پیا ہے شہد پیا ہے اب پیونگا مگر یہ بات کسی سے ظاہر نکرنا اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت صلعم ام المومنین حفصہ کے پاس تھے انھوں نے اپنے باپ کے گھر جانے کو دن چاہا حضرت نے اجازت دی کہ وہ تشریف لیگئیں اسوقت آنحضرت نے ماریہ قبطیہ کو بلایا اسی حال میں حفصہ آگئیں دروازہ بند تھا بعد لحظہ حضرت کھول کر باہر تشریف لائے حفصہ یہ رونے لگیں اسی دم حضرت نے ماریہ قبطیہ کو اپنے تصرف حرام کیا اور فرمایا کہ یہ حال کسی سے نہ کہنا سو حفصہ رضی اللہ عنہا نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہدیا انھوں نے رسالت مآب صلعم سے تعریض کہدیا کہ آپ میری نوبت میں دوسرے سے صحبت رکھتے ہیں اس بات پر حضرت ناراض ہوئے پس قول اول اصح ہے بعد اسکے قول دوم کہ آپ اکثر مفسرین میں مگر سند اسکی حدیث مرسل ہے اور حدیث مرسل وہ ہے جسکی روایت تابعی سے ہو مثلاً وہ کسے

قال سوال اللہ صلعم اور مرسل یعنے منقطع بھی آیا ہے اور حکم مرسل بالجمہور کا توقف ہے اور قول سوم ضعیف ہے انساداً و تناً اور بعضے کہتے ہیں کہ
حبابہ رضی اللہ عنہا سے ابراہیم پیدا ہوئے تو اور زوجات کو شک ہوا لہذا حضرت نے غرلت فرمائی اور بعضے کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت
کسی بی بی کے گھر میں بکری ذبح کی اور زوجات مطہرات کو حصہ عنایت کیا سب نے لیا زینب نے واپس کر دیا آنحضرت نے کچھ زیادہ دیا
پھر بھی واپس کیا اور یہ بات مکرر ہوئی لہذا حضرت صلعم نے غرلت اختیار کی مگر یہ دونوں قول ضعیف ہیں الحاصل یہ غرلت انتیس روز کا
ہوا اور چاند نکلا تو حضرت رحمۃ للعالمین شب سی آم میں عائشہ صدیقہ کے حجرے میں تشریف لائے وہ بولیں یا حضرت ابھی تو انتیس ہی روز
ہوئے ہیں فرمایا مہینا کبھی انتیس کا ہوتا ہے اور گلہ ہے تیس کا بعد ازاں جب آیہ تخییر سورہ تحریم میں نازل ہوئی تو پیغمبر خدا نے عائشہ سے فرمایا
کہ ایک بات تجھ سے کہتا ہوں جواب اس بات کا بلا مشورہ پدر و مادر دینے کے نہ دینا پھر کہا اے عائشہ اللہ نے تمکو اختیار دیا ہے اگر دنیا چاہتی
تو مجھ سے کنارہ کر اور جو خدا کی رضا و کار ہے تو فقر و فاقہ پر قبول کر و عائشہ بولیں کہ خیر میں چاہت تمہارہ نہیں ہے میں تو رضائے خدا و حمایت
رسول خدا چاہتی ہوں دنیا کی زینت مجھے درکار نہیں حضرت صلعم دینداری صدیقہ سے کمال خوش ہوئے پھر جملہ زوجات نے مطابق قول
عائشہ صدیقہ کے کہا اور اسی سال میں قصہ رجم مسماۃ مسبعیہ غامدیہ واقع ہوا یہ عورت تین بار میں پیش رجم حاضر ہوئی تھی ہوا سے کہا تا
کہ میں نے زنا کیا ہے آپ مجھے پاک کریں حضرت صلعم نے اسکو پھیر دیا صبح کو دوسرے دن پھر آئے اور کہا کہ یا رسول اللہ مجھے کیوں واپس کیا
آیا ماعز کی طرح مجھے منظور ہے واللہ میں حاملہ ہوں فرمایا تا وضع حمل صبر کر اور ایک انصاری کے سپرد کیا جب وضع حمل کا ہوئی تو ایک پارچہ میں لپیٹ کر
لائے فرمایا دودھ پلا سو اسنے دو برس دودھ پلایا اور بعد انقضاء مدت رضاعت پھر آئی اور ایک پارچہ نان مولود کے ہاتھ میں تھا کہ حضرت
نے لڑکا ایک مسلمان کو دیا اور خاج مدینہ ایک گڑھا سینے تک کھدوایا اور رجم کرایا خالد ابن ولید نے ایک پتھر مارا کہ اسکے سر میں لگا اور
خون کی چھینٹ ان پر پڑی خالد نے گالی دی حضرت صلعم نے فرمایا اے خالد یہ توبہ ہے ہزار دفعی نہ کر اگر ایسی توبہ عشر و خراج لینے والی کریں تو اللہ
قبول کرے اور بخشے پھر بعد نماز جنازہ مقبرہ اسلام میں دفن کیا اور اسی سال میں نجاشی نے وفات پائی صحیح بخاری میں جابر انصاری
سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے آج مرا ایک صالح حبش میں اسپر نماز پڑھو کہ سب نے نماز پڑھی عقب حضرت صلعم شافعیہ و حنابلہ یہاں سے کہتے ہیں
کہ میت غایب پر نماز جنازہ جائز ہے خلافا للحنفیہ والمالکیہ وہ کہتے ہیں کہ جنازہ حضرت پر منکشف ہوا تھا اور شافعیہ بھی کہتے ہیں کہ جو مردہ شہر
غایب میں اسپر جائز ہے اور جو شہر میں ہو غایب از شہر ق و دق ہو جائز نہیں اور اسی سال میں بروایت صحیحہ وفات پائی ام کلثوم بنت
رسول اللہ نے اسی سال ماہ ذیقعدہ عبداللہ بن ابی بن سلول منافق مر احضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حسب وعدہ بنظر استمالت قوم کے
باسید اسکے کہ شاید اسلام لائیں پیراہن مبارک اپنا اسکو پہنایا چنانچہ ہزار آدمی یہ معاملہ دیکھکر ایمان لائے اور نتیجۃ المحافل میں لکھا ہے کہ
حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کرتہ مبارک اسلیے پہنایا کہ اسنے غزوہ بدر میں عباس ابن عبدالمطلب کو قمیص پہنایا تھا سو اسکے
بدلے میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ احسان کیا روایت صحیحہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھی اگرچہ حضرت عمر رضی اللہ
عنہ نے بہت منع کیا مگر بعد اسکے موافق کریمہ لا تقبل صلاۃ احدھم مات ابدا امتناع ہوئے کہ پھر کسی منافق پر نماز نہیں پڑھی گئی اسی سال ماہ ذیقعدہ
کے آخر میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ جمع کریں دریافت ہوا کہ مشرکین عرب برہنہ ہو کر طواف کرتے ہیں سو مخالطہ انکے کرو حاکم

حج کو ٹال دیا اور امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا فرمایا اور سعد بن وقاص اور عبد الرحمن ابن عوف اور جابر ابن عبد اللہ اور ابو ہریرہ و دسی کو ساتھ کیا اور تین سو آدمی اور بھی ہمراہ فرمائے اور ارشاد فرمایا کہ تم جا کر مراسم حج ادا کرو اور لوگوں کو تعلیم کرو اور اوائل سورہ برات کے تینتیس یا چالیس آیتیں لوگوں کو سنا دیجیو جب حضرت امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ذوالحلیفہ میں پہونچکر احرام باندھا تو حضرت جبرئیل حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور پیغام خدا لائے کہ ادائے رسالت تم خود کرو یا کسی شخص کو بھیجو جو نسب میں تمہارا قریب ہو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے امیر المومنین بعسوب المسلمین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ و رضی اللہ عنہ کو طلب فرما کر روانہ کیا اور فرمادیا کہ اوائل سورہ برات صدیق سے لیکر تم لوگوں کو سنا دیجیو اور یہ چار باتیں کہہ دیجیو کہ بہشت میں نہ جائیگا مگر مسلمان اور کوئی شخص ننگا طواف نہ کرے اور بعد اس سال کے کوئی مشرک حج نہ کرے اور جن مشرکوں سے عہد و پیمان نہیں ہے سو حضرت علی ابن ابیطالب جلدی سے موسم حج میں پہونچے صدیق اکبر نے پوچھا امیر ہو کر آئے ہو یا مامور ہو فرمایا مامور ہوں امیر صرف سورہ برات اور چار حکم مجھے عنایت کیے ہیں کہ تبلیغ رسالت کروں گا صدیق اکبر نے حوالے کیے جب مکے میں داخل ہوئے تو مراسم حج صدیق رضی اللہ عنہ نے تعلیم فرمائی اور اوائل سورہ برات علی ابن ابیطالب نے پڑھی اور چار باتیں علی بر وثن الاشہاد فرمائیں اسی سال میں عویمر ابن الحارث عجلانی اور خولہ بنت قیس اسکی عورت میں قضیہ لعان مسمی حرست سویدہ واقع ہوئی کہ قصہ اسکا صحیحین میں موجود ہے اور بعضے قصہ لعان ہلال بن امیہ کا بھی اسی سال میں بیان کرتے ہیں مشکوۃ شریف میں عبد اللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ ہلال بن امیہ نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو جورو کو شریک ابن سحما سی حرامکاری کا عیب لگایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گواہ لا یا سے اس بات کو ثابت کر یا تیری پیٹھ پر مار پڑیگی ہلال نے کہا یا رسول اللہ جب کوئی اپنی عورت سے حرام کرتے غیر کو دیکھے تو بھلا اسوقت گواہ ڈھونڈھتا پھرے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر وہی فرمایا یعنی حکم شرع یوں ہی ہے حجت بیفائدہ ہے ہلال نے کہا میں قسم کھاتا ہوں اسکی جسنے تجھکو سچا پیغمبر کیا ہے کہ میں اپنے قول میں سچا ہوں خدا سے تعالیٰ وہ آیتیں اتاریگا جس سے میری پیٹھ مار سے بچیگی سو حضرت جبرئیل آئے اور اس مضمون کی آیتیں سورہ نور میں لائے ترجمہ انکا یہ ہے کہ جو لوگ عیب لگاتے ہیں اپنی عورتوں کو اور گواہ نہ ہوں انکے پاس سوائے اپنی جان کے تو ایسوں کی گواہی یہ ہے کہ گواہی دیں چار اللہ کے نام کی کہ میں سچا ہوں اور پانچویں بار کہے کہ خدا کی لعنت اسپر اگر وہ جھوٹا ہو اور عورت سے مار یوں اٹھتی ہے کہ گواہی دے چار اللہ کے نام کی کہ یہ مرد جھوٹا ہے اور پانچویں بار کہے کہ اللہ کا غضب ہو اس عورت پر اگر مرد سچا ہے سو ہلال نے اسی طرح گواہی دی اور حضرت صلعم فرماتے جاتے تھے کہ بلا شبہ اللہ کو معلوم ہے کہ تم دو سے ایک جھوٹا ہے تم دونوں میں کوئی توبہ بھی کرنے والا ہے جب ہلال گواہی دے چکا تو عورت کھڑی ہوئی اسنے اسی طرح چار بار گواہی دی پانچویں میں لوگوں نے روکا اور کہا خدا کی مار لگیگی اسکو آسان نہ جان اگر جھوٹی ہو تو سکوت کر وہ عورت تھم کر رہی ابن عباس فرماتے ہیں ہم سمجھے کہ شاید یہ عورت پلٹ جائیگی یعنی اپنے عیب کا اقرار کریگی مگر اسنے کہا کہ میں اپنی قوم کو ہمیشہ کیواسطے فضیحت نہ کرونگی چنانچہ اسنے پانچویں گواہی دی حضرت صلعم نے فرمایا دیکھتے رہو اس عورت کو اگر اسکا لڑکا سیاہ آنکھ والا اور موٹے سرین والا اور پتلی پنڈلیوں کا پیدا ہو تو حقیقت میں شریک ابن سحما کا نطفہ ہے سو وہ لڑکا ویسا ہی پیدا ہوا تب حضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر قرآن کا حکم پیشتر نہ اتر چکتا تو میں اسکو خدا رتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قاضی کو حکم دنیا

ظاہر ہو جاوے اگرچہ قرینہ خلاف اسکے ظاہر ہو اور یہ بھی نکلا کہ شاید ہو کہ ہو مذہب شافعی لیکن حضرت امام اعظم صاحب کے نزدیک
شاید ہو محبت نہیں ہے اور حضرت صلعم کو یہ حال وحی سے معلوم ہوا ہوگا جب سال دہم ہجرت کا ہوا تو ماہ ربیع الآخر میں حضرت سید الکونین
صلعم نے خالد ابن ولید کو بنی حارث بن کعب پر روانہ فرمایا کہ وہ لوگ اسلام لائے اور اسی مہینے میں حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو قبیلہ
طے پر روانہ کیا کہ جناب ولایت مآب مع جماعت ہمراہیان اُس قوم میں پہونچے و بت خانہ انکا گرایا عدی ابن حاتم جناب شام بھاگا اور اسکی بہن
گرفتار ہوئی اور مال کثیر ہاتھ آیا اور دو تلواریں کہ قلعہ بت کی گردن میں آویزاں تھیں انکو جناب امیر نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے
بطور تحفہ رکھ لیں اور مدینہ طیبہ میں منعقت فرما ہوئے اور جب دختر حاتم مجلس حضرت صلے اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئی تو اسنے زبان سے
ادا کیا کہ یا رسول اللہ اگر مجھے آزاد فرماتیں تو وضع اشرف فی محلہ واقع ہو رحمۃ للعالمین نے اسکو آزاد فرمایا اور ایک اونٹ اسکو عنایت کیا
وہ اپنے گھر آئی وہاں سے شام کی طرف گئے اور عدی اپنے بھائی کو مدینے میں بھیجا جب مجلس عالی میں حاضر ہوا تو آنجناب صلعم نے اسکے واسطے
چادر اپنی بچھائی کہ عدی اُسی پر بیٹھا اور حضرت صلعم زمین پر بیٹھے یہ عجائبی نصیحتین حضرت کی سنکر ایمان لایا حدیث احکام صدیث تنکاری کی
انہیں سے مروی ہے اور اسی سال رمضان میں سنہ بھیجا جریر ابن عبد اللہ بجلی احمسی کو مع ۱۵۰ سو نفر قبیلہ بجیلہ کے حاضر ہو کر اسلام لائے اور
بنا بر تخریب بتخانہ ذی الخلصہ کہ للعزی واللات و نصبتین ایضا کہ یمن میں تھا روانہ ہوئے انھوں نے بتخانہ جلایا اور توڑا حضرت صلعم نے گروہ مرد کے لیے
دعائے برکت فرمائی بعد ازاں قوائم ذی الخلصہ ایمان لائے بخاری و مسلم میں جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت نے مجھکو اس کام کو
بھیجا چاہا تو میں نے کہا حضرت میں گھوڑے پر نہیں جم سکتا ہوں حضرت نے میرے سینے پر دست مبارک سے مارا اور فرمایا اللھم
ثبتہ واجعلہ ھادیا مھدیا یعنی اے خدا ٹھہرا دے اسکو گھوڑے پر اور کر دے اسکو ہدایت کرنے والا و راہ یاب اس دعا کی برکت سے
حریر شہسوار ہو گئے اور بخاری و مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ چوٹر کانی کی
قوم دوس کی عورتیں بت کے گرد جسکا نام ذی الخلصہ ہے دوس ایک قوم تھا میں ہیں کہ بھی اسکے لوگ ذی الخلصہ کو کعبہ یمانی کہتے تھے
سو حضرت نے فرمایا قیامت کے ذیقعدہ دوم متروک ہو جاوے گی اور اس بت کو پھر پوجا ہوگی اور عورتیں اسکے گرد پھر ہونگی اس حدیث سے پایا جاتا ہے
کہ ذی الخلصہ بت کا نام بتخانے کا پس جس کسی نے ذو الخلصہ کی تفسیر بتخانے سے کی ہے مسامحت ہے بعد اسکے ماہ شوال میں وفد
بنی حارث بن کعب اہل یمن آپ حاضر ہوئے انکو دیکھکر آنجناب نے فرمایا یہ لوگ گویا ہندوستان کے ہیں ان لوگوں نے جب حضرت کو دیکھا
تو کہا اشہد انک لرسول اللہ و ان لا الہ الا اللہ تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اتشہدان لا الہ الا اللہ و انی رسول اللہ
یہ لوگ خصت ہوئے پیچھے سے حضرت صلعم نے عمرو ابن حزام کو انکے پاس بھیجا اور ایک خط میں احکام ضروری لکھوا دیئے تاکہ انکو تعلیم
کریں اسی سال میں جو حضرت نے جریر بن عبد اللہ کو ذی الکلاع سمیفع بن ناکور بن جبیب کے پاس بھیجا یہ شخص نواح طائف میں تھا
اور نسب اسکا تبع بادشاہ یمن سے ملتا تھا رعایا اسکی ربوبیت کی معتقد تھی سو اسنے دعوت اسلام قبول نہ کی مگر جریر وہیں مقیم رہے
یہانتک کہ حضرت صلعم نے سفر آخرت فرمایا اور ذی الکلاع نے خلافت عمر فاروق میں اسلام قبول کیا اسی سال میں جناب امیر
مع خالد بن ولید جانب نجران بھیجے گئے وہاں کے لوگ مسلمان ہوئے اور قیس سعد دوسرا مدینے میں آئے اور قیس جو جب ارشاد

حضرت صلعم امیہ قبیلہ ہو کر خدمت ہوا اور عمر بن حزم بنا بر تعلیم مسائل واخذ صدقات انکے ساتھ گئے وتا زمان وفات منجانب وہیں رہے اسی سال میں ابن سوال اللہ کی وفات پائی اور اسی سال میں حضرت علی مرتضی کو جانب یمن روانہ فرمایا تاکہ قبیلہ ہمدان کو مسلمان ہونے کی دعوت فرمائیں اور اس سے پہلے خالد ابن ولید گئے تھے مگر ان لوگوں نے اطاعت قبول نہ کی تھی جب حضرت علی تشریف لیجانے تو آنحضرت نے فرمایا اول دعوت اسلام کرنا اگر نہ مانیں تو قتل کرنا پھر آپ غائب فرماتے ہیں کہ میں اس سریہ میں موجود تھا جب علی مرتضی متصل یمن کے پہنچے تو وہاں کے رہنے والے جمع ہوئے علی مرتضی نے نماز عصر سے ادا کر کے دعوت اسلام فرمائی کہ قبیلہ ہمدان نے بلا تامل قبول کی یہ خبر مسرت اثر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا السلام علی ہمدان اور رسوا ہے لذیہ میں ہے کہ لوگ بعد لڑائی کے اسلام لائے ہیں و علی کا اتقدیر ہیں حضرت علی مرتضی مدینہ میں نہیں آئے بلکہ فتحہ الوداع میں جو حضرت صلعم کے ساتھ ہوئے اور اسی سال میں فروہ ابن عمر جذامی کہ حدود عرب و قیصر روم کی طرف سے عامل تھا مسلمان ہوا اور اسنے ایلچی بہتر اور ایک اشتر سرخ بھیجا قیصر نے اسکو گرفتار کر کے قتل کیا اور اسی سال میں یمن عامل یمن نے وفات پائی کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی مملکت کو تقسیم فرمایا کسی قدر مہر باذان کو دی اور کسی قدر عامر بن شہر ہمدانی کو اور قدرے قلیل یعلی بن امیہ کو دیا ایک طرف ابو موسی اشعری کو عنایت فرمائی اور اسی سال میں معاذ ابن جبل جانب یمن حضرموت روانہ ہوئے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پیادہ پا تھوڑی دور تک انکے ہمراہ تشریف لیگئے اور وقت وداع فرمایا کہ اے معاذ شاید یہ ملاقات آخری ہو پھر معاذ بہت روئے پھر ارشاد فرمایا کہ اے معاذ قوم اہل کتاب کے پاس جاتا ہے ضرور ہے کہ اول کلمہ شہادتین پر دعوت کرے بعد ازاں نماز پڑھے پھر کوہ مالدار دیوے لیکر اصحاب استحقاق کو دے مگر اس باب میں ظلم و تعدی روا نہ رکھنا ارباب سیر متفق ہیں کہ معاذ ابن جبل زمان خلافت حضرت عمر میں ہی بعد ازاں شام میں آئے وہاں شام کو گئے اور وفات پائی اور جو بعض واعظ موجود گی معاذ وقت وفات جناب رسالت مآب دیتے ہیں بیان کہتے ہیں لغو ہے اور اسی سال میں کثرت آمد و فود ہوئی اول وفد عبد العیس جالبس نفر سے آیا انمیں سے چار وعیدی مسلمان کامل ہوئے پھر تو بوتیرہ ہوا چنانچہ وفد الاوس بن و مرداس و غسان و کندہ و بنی تغلب و کنانہ و بکر ابن وائل و ہجر و خثعم و حضرموت و عانق و حمیر و شیبان و ہمدان و خیشان و سباع و بنی عبس و خولان و عامر و سلامان و زبید و غیرہم حاضر ہوئے اور یوماً فیوماً جمعیتہا کر یہ مرایت اسلام میں داخل فی دین اللہ افواجا ترقی اسلام ہونے لگی اور وفد زید میں عمرو ابن معدیکرب بھی تھا کہ اسلام لایا مگر بعد وفات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پھر مرتد ہو کر پھر مسلمان ہوا فائدہ وقت ورود ایلچیوں کے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ دستور تھا کہ آنجناب بوشاک نفیس لطیف سے آراستہ ہوتے تھے اور اصحاب باصفا بھی بلباس فاخرہ حاضر ہوتے تھے اور مہمانوں کو نہایت خاطرداری و پاسداری کے ساتھ اچھے اچھے مکانوں میں اتارتے تھے اور انعام لائق میسر خدمت فرماتے تھے اسی سال میں ایک جماعہ قبیلہ بنی حنیفہ بریاست مسیلمہ کذاب مدینہ یمامہ میں حاضر ہوئے اور مسلمان ہوئے بخاری میں عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب مسیلمہ یا جماعہ کثیرہ آیا تو اسنے اول یہ پیغام کیا کہ اگر محمد بعد وفات اپنے عہد نبوت مجھے عنایت فرماویں تا کہ میں اپنے ملک میں جاؤں تو اسلام لاؤں اور مطیع و فرمانبردار رہوں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس مرد دکے پاس تشریف لیگئے اسوقت دست مبارک میں ایک چھڑی کھجور کی تھی آنجناب نے اسکے سر پر کھڑے ہو کر فرمایا کہ اگر تو مجھ سے اس کھجور کی چھڑی کا ٹکڑا مانگیگا تو اتنا بھی نہ دونگا اور خدا کے قصد کو جو تیرے حق میں ٹھن چکا ہے تو ہرگز اسکو ٹہا نہ سکیگا لیکن تجھکو ہلاک کریگا اور دونوں جہان میں رسوا و فضیحت ہوگا اور جو تو اسلام سے پھرا تو البتہ خدا تیرے کو نیچے کاٹے گا اور مقرر میں تجھکو وہی

جاتا ہوں جو مجھکو خواب میں دکھایا گیا ہو کر دکھایا گیا اور یہ ثابت تجھکو میری طرف سے جواب دیگا فائدہ مراد یہاں ثابت سے وہ ثابت ہے جو
قیس بن شماس کا بیٹا ہے یعنی میں نے کہدیا ہوں کہ تو دعوی نبوت کریگا اور خائب ہوگا اور جو تو نے خرافات قرآن شریف کے مقابلے میں
کہے ہیں انکا جواب ثابت بن قیس انصاری دیگا وہ میری سماعت کے لائق نہیں ہے یہ ثابت بڑے فصیح بلیغ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے
خطیب تھے چنانچہ ثابت نے خوب چھانٹا کہ کچھ بھی ثابت نہ رکھا کاتب الحروف عرض کرتا ہے کہ اگر مسیلمہ کذاب اس زمانے میں ہوتا تو اسکی
خرافات واہیات کو میان چرکین و خفقان خوب درست کر کے سناتے لب اس مقام پر یعنی خرافات اسکی سناتا ہوں کہ شتے نمونہ از
خروارے باندھ دعا کے مقابلے میں بکتا ہے کہ وزارعات زرعا والحاصدات حصدا والطاحنات طحنا والخابزات خبزا والباشرات ثریدا اور اللہ کفر
کے معاوضہ میں کہا ہے الفیل وما ادراک ما الفیل لہ خرطوم طویل وذنب کثیر وبالکل الفیل ان ذلک من خلق ربنا الجلیل اسی طرح اور بھی مزخرفات بہت سے
یہ ہے کہ الم تر الی ربک کیف فعل الجبلی اخرج منہا نسمۃ تسعی من بین صفاق وحشی الم تر ان اللہ خلق النساء افواجا وفعل الرجال لبن ازواجا تخرج
تخرج امشناا خراجا فتیجن لہا امتاجا القصہ مسیلمہ کذاب اپنے ملک میں جا کر حضرت صلعم کے نبوت میں شرکت کا دعوی کرنے لگا تو اسکے
یہ خط دو ایلچیوں کے ہاتھ بھیجا من مسیلمۃ رسول اللہ الی محمد رسول اللہ السلام علیک اما بعد فانی اشرکت فی الامر معک فلنا نصف الارض ولقریش نصف
نصف ولکن قریشا قوم یعتدون یعنی یہ خط مسیلمہ نے بھیجے ہوئے اللہ کی طرف سے بطرف محمد رسول اللہ کے سلام ہو تجھ پر لیکن بعد اسکے میں
شریک ہوں رسالت میں آدھی زمین ہماری ہزار آدھی قریش کی لیکن قریش نے شرارت کی پس آنجناب صلعم نے خط کو سنکر جواب لکھوایا
کہ من محمد رسول اللہ الی مسیلمۃ الکذاب السلام علی من اتبع الہدی اما بعد فان الارض للہ یورثہا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین یعنی یہ خط ہے
محمد رسول خدا کی طرف سے مسیلمہ کذاب کو سلام ہو اس پر جو تابع راہ راست کا ہو لیکن بعد اسکے زمین تو خدا کی ہے دیوے اسے جسے چاہے
اپنے بندوں سے اور آخرت تو خاص پرہیزگاروں کے لیے ہے بعد اسکے سال ۱۰ دہم میں واقع ہوا بعد اسکے سال ۱۱ دہم میں پس انہ وفات نبات
سید المرسلین اس کمبخت نے دعوی کل نبوت کا مشہور کر دیا اور ہزاروں آدمی اسکے مطیع و فرمانبردار ہو گئے اور اسنے کچھ جھوٹ الہام
گھڑنا شروع کیا اور خوارق و استدراجات بھی اس کذاب کے ہاتھ پر ظاہر ہونے لگے مگر سب برخلاف دعوی ظہور پکڑتے تھے مثلاً جسکی
کی دعا کرتا موت آتی اور جو صحت کی دعا کرتا بیماری پیدا ہوتی اور اپنی شریعت میں اسنے شراب و زنا حلال کر دی اور نماز فریضہ سب
قوم کے ذمہ سے ساقط کر دی جب جناب افضل الصحابہ باتحقیق ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو آنجناب نے اول خالد بن الولید کو
بیس ہزار آدمیوں کے ساتھ بنابر قلع و قمع اسکے روانہ فرمایا چونکہ اس مرتد کے ہمراہ چالیس ہزار فوج جنگی تھی خوب معرکہ ہوا کہ دس ہزار مرد
مسلمان سے بیس ہزار آدمی مسیلمہ کی طرف میں مارے گئے اور ہزار آدمی اہل اسلام کے شہید ہوئے اور لڑائی بگڑی کہ لشکر مسیلمہ خالد
بن ولید کے خیمے میں در آیا مگر ثابت بن قیس بن شماس و زید ابن خطاب و براء بن مالک و انس رضی اللہ عنہ نے ایسی دلاوری فرمائی کہ تمام کفار
جی چھوڑ کر بھاگے اس حال میں مسیلمہ ایک باغ میں جا چھپا کہ اسلام کے بہادر وہاں پہونچ کر تتبع کیا یعنی وحشی نے اول تلوار ماری
کہ اس زخم سے زمین پر گرا دوسری تلوار ایک انصاری نے اور ماری کہ فاصل ما البواز بعا اسی سبب سے وحشی کہا کرتا تھا قتلت خیر الناس
یعنی الحمزہ عم رسول اللہ و قتلت شر الناس یعنی مسیلمہ الکذاب لعنتہ اللہ علیہ اسی لڑائی میں ثابت بن قیس شہید ہوئے ہیں مخفی نہ رہے

کہ جسطرح مسیلمہ نے دعوی نبوت کیا تھا اسی طرح تین آدمی اور بھی تھے کہ انہوں نے بھی نبی کہلانا چاہا تھا ۱۲ منہ
طلیحہ بن خویلد اسدی نے بنی اسد میں دعوی نبوت کیا تھا اور سجاح تمیمیہ بنت حارث بن سوید نے بنی تغلب میں
یا بنی یربوع میں نبوت کا دعوی کیا اور اس قوم کے لوگ اسے گرویدہ ہوگئے یہ زمانہ مسیلمہ کا تھا اور سکان یمامہ اس کافرہ کا اسکے مقام سے
متصل واقع تھا اسکو ایک نوع کا خوف غالب ہوا کہ مبادا مجھ پر غلبہ پکڑے سو اسلئے مسیلمہ نے ایک خط بطریق شرط خواستگاری حضارات اپنے کے من
تحائف بھیجا کر وہ بے تامل چلی آئی خواہ مسیلمہ کیا جب تخلیہ ہوا تو مسیلمہ نے اپنی خرافات واہیہ واکاذیب مخترعہ سنا کر تین دن تک
خیمہ میں رکھا اور نکاح کی درخواست کی اسنے قبول کیا آخر کار نکاح بھی ہوا تین دن تک دونوں ہم پیالہ و ہم نوالہ رہے بعد اسکے سجاح رخصت ہو کر
اپنی قوم میں آئی تو قوم کے لوگوں نے پوچھا کہ معاملہ کیا واقع ہوا جو اتنا مقصد توقف فرمایا اسنے کہا مسیلمہ پیغمبر برحق ہے اور صاحب الامر اسلیے
میں نے اس سے نکاح کر لیا ہے قوم کے بعض لوگ بولے کہ مہر کسقدر قرار پایا اسنے کہا کہ میں محبت و عشق مسیلمہ میں بجز تھی مہر کا خیال
نہیں رہا علماء قوم نے کہا کہ نکاح بلا مہر جائز نہیں ہے لہذا سجاح پھر مسیلمہ کے پاس آئی اور تعین مہر میں گفتگو کرنے لگی مسیلمہ نے کہا
کہ نصف محاصل غلات یمامہ اور معافی نماز صبح و عشاء تمام قوم سے تمہارا مہر ہے چنانچہ شبث ابن ربعی کو کہ جانب سجاح سے مؤذن
مقرر تھا بلا کر دیا کہ قوم میں پکار دے کہ مسیلمہ پیغمبر نے بعوض مہر سجاح نماز صبح و عشاء تمسے معاف کر دی ہیں اب کوئی آدمی یہ دونوں
نمازیں نہ پڑھا کرے بالجملہ سجاح مطمئن النفس ہو کر اپنے خیمہ میں آئی اور انتظام میں مصروف ہوئی اسی عرصہ میں خالد ابن ولید رضی اللہ عنہ
آسمانی لیکر مسیلمہ پر ٹوٹ پڑے اور اس مردود کو قتل کر کے خیمہ سجاح میں پہونچے کہ وہ مسلمان ہوئے اور زمان معاویہ میں بقید حیات
زندہ رہی اور بعض اہل تحقیق لکھتے ہیں کہ مساۃ مذکورہ بعد قتل مسیلمہ خیبر میں پوشیدہ رہی کہ پھر اسکا نشان نہ ملا دوسرا ایک شخص
اسود ابن کعب عنسی کہان میں تھا اسکو ذوالخمار سجاح مجمہ بھی کہتے ہیں اس سبب سے کہ اسکے پاس ایک ڈھنی تھی کہ اسکو منہ پر ڈالے رہتا تھا
خواہ اسکے شیطان کا نام ذوالخمار تھا اور جو لوگ ذوالحمار سجاح کہتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ اسکے پاس ایک شخص راکب حمار آتا تھا اور
نام اسکا اکثر محققین نے عبہلہ بیان کیا ہے اور بعضے کہتے ہیں وجہ تسمیہ بلقب ذوالحمار یہ تھی کہ اسنے ایک گدھے کو سجدہ کرنا تعلیم کیا اور بعضے کہتے ہیں
کہ وہ شیطان اسکے مطیع تھے ایک سحیق دوسرا سقیق کہ ذوالحمار سے واقعہ کی خبر دیتے تھے بالجملہ ظہور اس مردود کا یوں ہوا کہ باذان فارسی عامل
یمن کی وفات ہوئی تو یہ مردود لشکر لیکر آیا اور اہل صنعا پر غالب آیا اور سہراب باذان کو شہید کر ڈالا اور سر زبانہ زوجہ سہراب کو اپنی نکاح میں لایا
یہ خبر فروہ بن مسیک عامل قبیلہ مراد کی پہونچی اسنے حضرت صلعم کو لکھی اور معاذ ابن جبل کہ عامل یمن تھے اسکے خوف سے ابوموسی اشعری کے
پاس چلے گئے اور دونوں حضرموت میں آئے اس مقام میں فرمان واجب الاذعان حضرت رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم پہونچا اس حکم
سے کہ تم سب لوگ متفق ہو کر شر اسود عنسی کذاب کا دفع کرو چنانچہ معاذ ابن جبل اور ابوموسی اشعری نے سماۃ مرزبانہ کو یہ پیغام دیا کہ
اسود نے تیرے پدر و شوہر کو ناحق قتل کیا ہے بڑے تعجب کی بات ہے کہ تو اسکے پاس بسر کرتی ہے سو اسنے فیروز دیلمی ابن عم اپنے کو نقب کی
راہ سے طلب کیا اور اسود کذاب کو قتل کرایا جب اسود کا سر تن سے جدا ہوا تو ایک آواز مثل آواز بگاڑ جلق سے نکلی جو کیدار و بنے پوچھا کہ
یہ کیا آواز ہے مرزبانہ نے جواب دیا کہ خاموش رہو تمہارے پیغمبر پر وحی نازل ہوئی ہے جب صبح ہوئی تو موذن اسلام نے اذان میں کہا
اشہد ان محمدا رسول اللہ و ان عبہلہ کذاب اسوقت خبر قتل ہونے اسود کی ظاہر ہوئی اور یہ خبر بعد وفات آنجناب مدینے میں مشہور ہوئی

کیونکہ حضرت صلعم نے بکثرت فرمایا تھا کہ اسود کو ایک مرد مبارک نے اہل بیت مبارک سے قتل کرڈالا اصحاب نے قاتل کا نام پوچھا فرمایا فیروز اور ایک روایت ہے کہ اسود عنسی کذاب خبیث صدیق اکبر میں مارا گیا ہمارا اس قول کو ایک جماعہ محدثین نے ترجیح دی ہے اور اکثر مصنفین قول واقدی کے قائل ہیں تبصیر الطلبہ میں ہے جب اسی کو دعویٰ رسالت پیدا ہوا تھا سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خبر پہونچی تو آنجناب نے ایک شخص کو خبر لانے کو قبیلہ بنی اسد میں بھیجا کہ تم لوگ متفق ہو کر اسکا شر دفع کرو چنانچہ وہاں کے مسلمانوں نے جمع ہو کر ارادہ قتل مضبوط کیا اور ایک شخص نے طلیحہ پر تلوار چلائی وہ تلوار کارگر نہوئی جاہلوں نے ہنگامہ برپا کیا کہ یہ شخص نبی ہے کیونکہ اسپر تلوار کا زخم نہ لگا اسی دن سے طلیحہ نے ایک نوع کا زور پکڑا اور عیینہ ابن حصین فزاری مع قبیلہ بنی فزارہ و غطفان وطی اسکا شریک ہوا اور اسنے انبیا کا دعویٰ کرنے شروع کیے اور نماز میں سجع ملانا کل موقوف کر دیے اور باعانت جماعہ مفسدہ یہ ارادہ کیا کہ مدینہ طیبہ کو غارت کروں لیکن اللہ نے اسکی حفاظت فرمائی اور اسکے ارادے کو ظاہر ہونے دیا یہاں تک کہ اسامہ ابن زید رضی اللہ عنہ لشکر ظفر پیکر مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو فرمان رباب تحقیق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خالد ابن ولید کو اسکے دفع پر معین فرمایا کہ وہ مع لشکر اسامہ روانہ ہوئے جبکہ خالد ابن ولید قبیلہ بنی طی میں جلوہ فرما ہوئے تو وہاں کے لوگ بھی انکے شریک ہوئے اور طلیحہ سے مقابلہ واقع ہوا آخر کار اسنے ہزیمت پائی اور بھاگ کر جانب شام چلا گیا اور مدت دراز کے بعد قبیلہ بنی کلب میں آیا اور خیر اسکے کان میں پہونچی کہ جماعہ ثمودہ نے اسلام قبول کیا چار اسی طرف پورش دیدہ ہو رہا جب حضرت صدیق اکبر نے وفات پائی تو حضرت عمر رضی اللہ کے حضور میں حاضر ہو کر اپنے افعال سے تائب ہوا اور بیعت کی آخر جنگ یمامہ میں شہید ہوا سبحان اللہ بحمدہ سرانما العجز بالنواجم اسطرح منکشف ہوا تھا مخفی نہ رہے کہ طلیحہ کو دعویٰ نبوت اسطرح پیدا ہوا تھا کہ اسنے ایک مرتبہ کسی طرف کو سفر کیا تو راہ میں پانی باوجود تلاش بالغہ نہ آیا ہمراہیوں نے تشنگی کی بہت شکایت کی کہ اسنے کہا آگے چلو ایک میل پر پانی ملیگا اتفاقاً موافق تجویز طلیحہ ایک میل چل کر پانی ملا اسی سبب سے ہمراہی اسکے قائل نبوت ہوئے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اسی سال قضیہ مباہلہ واقع ہوا اور سبب ہوا کہ نصاریٰ بنی نجران کے نام نامہ لکھا گیا تھا کہ اسلام قبول کرو انھوں نے چودہ آدمی اپنی قوم کے منتخب کر کے حضور اقدس میں بھیجے پہلے دن لباس ریشمی اور سونے کی انگوٹھیاں پہن کر آئے آپ نے انکے سلام کا جواب نہ دیا وہ حیران ہوئے دوسرے دن بشورہ حضرت عثمان و عبدالرحمن ابن عوف حسب رائے علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ پوشاک فاخرہ کے بصورت رہبان سادے کپڑے پہن کر آئے وہ نے آپکے سلام کا جواب دیا اور دعوت اسلام فرمائی انھوں نے قبول نہ کیا اور اس بات پر حضرت صلعم سے جھگڑے کہ عیسیٰ بندہ خدا نہیں ہیں اللہ کے بیٹے ہیں اور آخر کو کہنے لگے کہ اگر اللہ کا بیٹا نہیں ہے تو تم بتاؤ کس کا بیٹا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر نصاریٰ آپ بھی قائل نہوں تو انکے ساتھ قسم کر دینا بھی ایک صورت فیصلہ ہے کہ دونوں طرف کے لوگ اپنی جانوں اولاد سے حاضر ہو کر دعا کریں کہ جو کوئی ہم دونوں سے جھوٹا ہے اسپر پڑے لعنت و عذاب بعضے کہتے ہیں کہ نصاریٰ نجران نے اسلام کی حقیت میں گفتگو کی تھی اور قائل نہوئے تب اللہ صاحب نے ارشاد فرمایا فمن حاجک فیہ من بعد ما جاءک من العلم فقل تعالوا ندع ابنائنا وابنائکم ونسائنا ونسائکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتہل فنجعل لعنت اللہ علی الکاذبین یعنی پھر جو کوئی تجھ سے حجت کرے تجھے آئیں یعنی قرآن یا وحی بعد اسکے کہ آیا ہے تجھکو علم و شریعت تو کہدے آؤ ہم بلاویں اپنے بیٹوں کو اور تم اپنے بیٹوں کو اور بلاویں

ہم اپنی عورتون کو اور تمہاری عورتون کو اور اپنے قریبون کو اور تمہارے قریبون کو پھر ہم خوب گڑگڑا کے دعا کرین اور جھوٹھون پر خدا کی لعنت ڈالین ہم ہون یا تم جب یہ آیت نازل ہوئی تو صبح کو حضرت صلعم حضرت امام حسن کا ہاتھ پکڑے اور امام حسین کو گود مین لیے برآمد ہوئے یا دونون کو بسبب خُرد سالی کے گود مین لیے تھے اور فاطمہ علیہا السّلام تھین پیچھے حضرت صلعم کے اور حضرت علی مرتضی کہ مرتبہ فاطمہ کے پیچھے اور حکم کیا انکو کہ جب مین دعا کرون تو تم آمین کہنا اور اسوقت حضرت صلعم نے فرمایا اللھم ھؤلاء اھل بیتی جب پیشوائے نصارے نے ان صورتون کو دیکھا تو کہا واے برشما اے قوم مین دیکھتا ہون انکی صورتون کو کہ اگر خدا سے درخواست کرین کہ پہاڑ کو اکھیڑ دے تو فوراً اکھیڑ دیوے اس مقام مین دیکھنا چاہیے کہ اُن چہرون پر کیسی انوار تجلی چمکتی تھی کہ بیگانے نے اسکو دریافت کیا اور از خود رفتہ ہوا مومن یگانہ کا کہ اُس نور سے آشنا ہی کیا حال ہوگا آخر کار اُس ترسا نے کہا ہرگز مباہلہ نہ کرنا چاہیے ناچار جزیہ دینا قبول کیا اور اہل سیر نے لکھا ہی کہ نصاریٰ نجران مین عاقب مسمی بعبدالمسیح و سید و شخص سردار تھے سو عاقب یہ صورتین نورانی دیکھکر اپنے مکان پر گیا اور بولا کہ مباہلہ کبھی نہین تو ہلاک ہوجاؤ گے اور تم خوب جانتے ہو کہ محمد رسول برحق ہین تب ان لوگون نے دو ہزار حلّہ دینا قبول کیے ایکہزار ماہ رجب مین اور ایکہزار ماہ صفر مین اور ہر سال تین رہین دینی منظور کین بشرطیکہ اہل سلام شرط نہ کرین اور ہمکو وطن سے نہ نکالین حضرت صلعم نے قبول کیا مگر فرمایا کہ تم لوگ سود نہ کھاؤ یہ بات نصاریٰ نے قبول کی اور ایک صلحنامہ لکھا گیا کہ آسپر صحابہ کی گواہیان ہوئین اور ابوعبیدہ ابن الجراح برسم حکومت و قضا آنکے ہمراہ کیے گئے اور بعد چند سے عاقب و سید مسلمان ہوئے اور صلح قائم رہی عہد خلافت حضرت عمر فاروق تک بعد اُسکے نصارے نجران نے خلاف کیا **فائدہ** اس آیت کو آیہ مباہلہ کہتے ہین اور مباہل لغت مین بمعنی لعنت کردن آمدہ ہی و بہلہ یا ضم و الکسر بمعنی لعنت و مباہلہ لعنت کرنا باہمدگر و دعا کرنا ساتھ لعنت کے اصل ابتہال کی یہی ہی بعد اسکے اطلاق ہوا اسکا اُس دعا پر جسمین کوشش کیجاوے اور عادت عرب کی جاری تھی کہ جب ایک قوم آپسمین اختلاف و تکذیب ایک دوسرے کی کرتے باہم کرتے تو باہر نکلتے اور لعنت کرتے ایک دوسرے کو اور کہتے تھے لعنۃ اللہ علی الکاذب والظالم سو حضرت صلعم کو بھی درگاہ عزت سے ارشاد ہوا کہ مباہلہ کرو نصارے سے اور جو ایسے موقع مین حضرت صلعم نے اپنی زوجات و اصحاب کو ساتھ نہ لیا سو اسواسطے کہ ایسے وقت مین آنکے ساتھ لینے سے نصاریٰ پر رعب نہ پڑتا اور کمال حقیت ثابت نہوتی اسلیے کہ رفیقون اور بیبیون کا نقصان آدمی پر تنہا گران نہین ہوتا جتنا اولاد کا ہوتا ہی اور جو شیعہ اس آیت و حدیث سے حقیت خلافت علی مرتضیٰ کی دلیل پکڑتے ہین سو محض بے جڑ بات ہی اس سے اور خلافت سے کیا مناسبت ہی قرابت و محبت اور چیز ہی اور خلافت اور چیز اگر صرف قرابت و محبت حضرت صلعم کی خلافت کے واسطے شرط ہوتی تو فاطمہ ہر اعلی مرتضی پر خلیفہ ہونے مین مقدم تعین حالانکہ یہ مذہب کسی کا نہین ہی روایت صحیح ہی کہ اس قصہ کے بعد حضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر نصاریٰ مباہلہ کرتے تو بصورت بندر و سور مسخ ہوجاتے اور تمام جنگل انپر آگ ہوجاتا اور پرندون کے ساتھ جو درختون پر ہین جل جاتے اور اسی سال مین حضرت صلعم نے حجۃ الوداع ادا فرمایا اور معاملہ یہ ہوا کہ جب آنجناب نے ارادہ حج فرمایا تو اطراف و جانب مین اطلاع فرمائی کہ ہمارا عزم جانب بیت اللہ شریف مصمم ہی جسکو دولت مرافقت درکار ہو وہ حاضر ہو سو اکثر لوگ مدینہ باسکینہ مین جمع ہوکے ہمراہ رکاب چلے مگر ایک جماعہ بعذر بیماری جدرمی حصبہ معذور رہے اور زوجات مطہرات سے تو بیبیان

اور حضرت سیدۃ النساء فاطمہ زہرا بنت سیدنا خدیجہ اور تمام خواص خدام ہمراہ تھے دوشنبہ ۲۴ بست پنجم ذیقعدہ حضرت صلعم نے غسل فرمایا اور بدن مبین میں تیل لگا کے شانہ کیا اور بدن مبارک میں خوشبوئی اور کپڑا اسا ہوا اتار ڈالا ایک ازار و چادر پہنکر دولت سرا سے مسجد میں تشریف لائے اور چار رکعت نماز ادا کر کے سوار ہوئے اور براہ شجرہ کہ طریق اوسط ہے ذوالحلیفہ میں آئے و بانتظار اتصال بعض اصحاب وہیں شب باش رہے صبح کو فرمایا کہ آج کی رات میرے پاس آنے والا آیا اسنے خالق عالم کی طرف سے پیغام دیا کہ اس وادی میں نماز ادا کرو اور کہو عمرۃ فی حجۃ یعنی بنیت حج و عمرہ کر و پس ازاں حضرت نے دونوں کا احرام باندھا اور دو رکعت نماز صبح ادا فرمائی ناقہ قصوی پر سوار ہوئے اور رو بقبلہ ہو کر لبیک کہتے تشریف لیچلے آٹھ دن راہ میں ہر ایات اصحاب ملتے تھے اس سفر میں آنجناب کے ساتھ بڑی کثرت آدمیوں کی تھی چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا جہاں تک میری نظر نے کام کیا کہ آگے پیچھے داہنے بائیں حضرت صلعم کے سوار و پیادے تھے مجال الدین محدث لکھتے ہیں کہ ایسی کثرت تھی کہ بجز خدا کے کوئی شمار نہیں کر سکتا تھا اگر بعض اہل سیر نے لکھا ہے کہ ستر ہزار تھے اور بعض نے ایک لاکھ دس ہزار اور بعض نے اس سے زیادہ لکھے ہیں اور اس عرصہ میں اکثر بالاتفاق یہ تلبیہ زبان حضرت پر تھا لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لک لا شریک لک تلبیہ متفق علیہ ہے نزد یک امام اعظم کے اس سے کم کرنا جائز نہیں لیکن زیادتی مضائقہ نہیں اور تلبیہ اس ذکر کو کہتے ہیں جو احرام باندھنے کے وقت لبیک کی لفظ ملا کر کہیں اور یہ لفظ پکارنے کے جواب میں بولا جاتا ہے جسطرح ہندی میں جی یا آئے اور اصل اسکی یہ ہے کہ بعد کعبہ بنانے کے حضرت ابراہیم کو حکم ہوا تھا کہ تم سب لوگوں کو قیامت تک کے واسطے بنا بر حج پکار دو سو انھوں نے پکارا تھا تو حاجیوں کا لبیک کہنا اسی پکارنے کا جواب ہے پا جملہ حضرت صلعم مع اپنے ہمراہیوں کے ہر نماز کے بعد اور ہر پستی و بلندی سے چڑھتے اترتے اور لوگوں سے ملتے وقت بھی ذکر فرماتے اور قربانی بھی آنجناب کے ساتھ تھی منزل شرف میں پہونچکر اصحاب سے ارشاد کیا کہ جس قربانی نہ لایا ہو وہ حج کو عمرہ کرے و بعد از سعی و طواف احرام سے نکلے اور احرام حج باندھے جب کہ ثنیہ علیا سے حرم شریف میں در آئے اور آپ نبی شیبہ پر گذرے تو بیت اللہ پر نظر پڑی اسوقت یہ دعا مانگی اللھم زد ھذا البیت تشریفا و تعظیما و تکریما و مھابۃ و زد من عظمہ ممن حجہ او اعتمرہ تشریفا و تکریما الغرض بروز یکشنبہ چہارم ذیحجہ جانب کدا سے داخل مکہ ہوئے اور طواف القدوم فرمایا اور حالت طواف میں چادر کو داہنی بغل سے نکالکر بائیں کندھے پر ڈالی اور تین طوف اول میں لپیہ دوڑے اور چار آخر میں آہستہ چلے اور ہر طوف میں حجر کو بوسہ دیا اور رکن یمانی کو مس فرمایا اور بائیں دونوں رکنوں کے فرماتے تھے ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ الخ اور مقام ابراہیم میں واتخذوا من مقام ابراہیم مصلے پڑھا اور دو رکعت نماز ادا کی اور سورۂ کافرون و اخلاص بعد فاتحہ دونوں میں پڑھیں پھر حجر کو بوسہ دیا اور جانب صفا چلے اور کریبان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ پڑھی اور فرمایا میں شروع کرتا ہوں جس سے اللہ نے شروع کیا ہے اور بائیں صفا و مروہ سوہ دوڑے سات مرتبہ اور جب بالائے پہاڑ پر چڑھے تو فرمایا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر لا الہ الا اللہ وحدہ انجز وعدہ و نصر عبدہ و ہزم الاحزاب وحدہ اور دعا فرمائی اسی طرح مروہ پر کیا جب سعی سے فارغ ہوئے تو ارشاد کیا کہ جس کسی کے ہمراہ ہدی نہو وہ عمرہ کر کے احرام نکلے اور سر منڈائے اور نیت حج کی فسخ کرے اور آٹھوں ذیحجہ منیٰ کے چلتے وقت پھر حج کا احرام باندھے اور حج کرے اور جس کسی کے پاس قربانی موجود ہو وہ روز نحر تک احرام پر قائم رہے اور جو مجملا اول سے یہ بات معلوم ہوتی تو میں بھی

قربانی نہ لے ساتھ نہ لانے کے ہی معنی ہیں حلال ہو گئے ہو معنی بھی ہو جاتا مگر اب نہیں ہو سکتا جب تک محرم نہ کر لو ابن جریج نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ حکم خاص اسی سال کے لیے ہوا یا ہمیشہ کے واسطے ہے فرمایا ہمیشہ کے واسطے فائدہ کفار کے نزدیک موسم حج میں عمرہ کرنا نہایت بد تھا سو اس رسم کے دور کرنے کے واسطے اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتھ قربانی نہ ہو وہ عمرہ کر کے احرام کھول ڈالے اور سر منڈا دے تب بعض اصحاب کو احرام اتارنے میں تامل ہوا کیونکہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو احرام باندھے دیکھا تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں قربانی کے سبب سے ناچار ہوں نہیں تو میں بھی احرام اتار ڈالتا اور حلال ہو جاتا غرض جن لوگوں کے پاس قربانی تھی وہ احرام باندھے رہے اور جن لوگوں کے پاس قربانی نہ تھی وہ خارج ہوئے اور سر منڈائے اور بعضوں نے تھوڑے بال کتروا دیے وہ یہ سمجھے کہ بدون حج کیے کیا سر منڈائیں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ناپسند آئی کہ انھوں نے حکم بجالانے میں کیوں تامل کیا سو واسطے تین بار سر منڈانے والوں کے واسطے دعا کی اور کتروانے والوں کے لیے نرکی آخر شش تیسری بار رحمت نے جوش کیا تو کتروانے والوں کو بھی دعا میں شریک کر لیا پھر اسی حال میں حضرت امیر مرتضی علیہ السلام بھی یمن سے تشریف لائے اور کہا وقت بنیت قربانی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اپنے ساتھ لائے اور نیت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم میں شریک ہوئے یعنی بسطرح احرام کیا کہ جیسا حضرت رسول مقبول نے احرام باندھا ویسا میں بھی باندھتا ہوں اور جب علی مرتضی نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کو احرام سے خارج دیکھا تو فرمانے لگے تم کسطرح احرام سے خارج ہوئیں انھوں نے فرمایا کہ میرے باپ نے مجھکو حکم دیا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکے قول کی تصدیق فرمائی بالجملہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بالائے حجون کہ جہاں سے جیم پر ضمہ ہو کہ پہاڑی ہے اترے اور آٹھویں ذی الحجہ یوم الترویہ روز پنجشنبہ سوار ہوئے اور منی میں تشریف لائے اور جو جو حلال ہوئے تھے وہ بھی احرام حج باندھکے ساتھ تھے اسی جگہ نماز ظہر و عصر و مغرب و عشا و فجر ادا فرمائی جب آفتاب نکلا تو روانہ سوئے عرفہ ہوئے اور قبل وصول عرفہ سے ایک میل حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے وادی نمرہ میں ایستادہ تھا اسی خیمہ میں جلوہ فرما ہوئے حتی کہ آفتاب وسط آسمان سے گذر گیا تو خطبہ بلیغہ فرمایا اور نماز ظہر اور عصر کو بجماعت جمع کیا بایں طور کہ اذان و دو اقامت اور خطبہ بلیغہ اس مضمون سے فرمایا کہ تمھارے خون اور تمھارے مال تم پر حرام ہیں جیسی اس تمھارے دن کو حرمت ہے اس مہینے اور اس بستی میں یعنی بسطرح مکے میں اور ذیحجہ کے مہینے میں عرفے کا دن حرام ہے ایسے ہی زیادتی کسی طرح درست نہیں اسی طرح اپنی جانوں اور مالوں کو حرام جانو یعنی کسی کو دوسرے مسلمان کے ناحق جان مارنی اور مال کا چھین لینا درست نہیں آگاہ ہو کہ حالت کفر کی ہر چیز میرے دونوں قدموں کے نیچے دب گئی یعنی کفر کے رسوم باطلہ جیسے نوحہ کرنا بجومی کو پوچھنا اور سب میں طعنہ کرنا موقوف ہو گئیں اور جو کفر کی حالت میں خون ہوئے دبا ڈالے گئے یعنی اب انکا دعوی کرنا درست نہیں اور البتہ اپنی برادری کے خونوں سے پہلا خون جسکو میں دبائے ڈالتا ہوں ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا خون ہے جو دودھ پیتا تھا بنی سعد کی قوم میں اور ہذیل کی قوم نے اسکو مار ڈالا تھا اور کفر کی حالت کا سود دبایا گیا اور اپنے خاندان کے سب سے جو اول سود کو میں دباتا ہوں سو چچا عباس ابن عبد المطلب کا سود ہے سو وہ سب کا سب ڈالا گیا یعنی سود کا لینا حرام ہو گیا صرف اصل قرض لینا دینا چاہیے سو ڈرو اللہ سے عورتوں کے معاملے میں یعنی انکو ناحق رنج نہ دو اسواسطے کہ تمنے انکو اپنے قابو میں کیا ہے خدا کی امان سے اور انکی شرمگاہ کو تمنے حلال کیا ہے خدا کے حکم سے اور تمھارا حق انپر یہ ہے کہ جسکو تم نہ چاہو اسکو تمھارے گھر میں نہ آنے دیں سو اگر ایسا کریں تو انکو ایسی

مارمار وہیں ہلاک ہو جائیں اور عورتوں کا تمہید دستور کے موافق کھانا کپڑا دینے کا حق ہے اور مقرر میں تم لوگوں میں وہ چیز چھوڑ جاتا ہوں کہ اسکے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہوگے اگر اسکو خوب پکڑے رہوگے اور اسپر عمل کروگے وہ چیز خدا کی کتاب ہے یعنی قرآن شریف اور تم لوگ میرے بارے میں مجھسے پوچھے جاؤگے سو تم کیا کہتے ہو لوگوں نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اپنے خدا کا پیغام تم نے ہم کو پہنچایا اور بخوبی ادا کیا اور نصیحت کی سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کلمے کی انگلی آسمان کی طرف اٹھا کر اور لوگوں کی طرف جھکا کر فرمایا کہ خداوندا گواہ رہیو خداوندا گواہ رہیو خداوندا گواہ رہیو **فائدہ** ربوا یعنی سود چار قسم ہے ایک قرض منفعت جو متعارف ہے دوسرے ربوا قرض حکما مثلاً ایک مکان گروی رکھا اور اسکا کرایہ کھایا یا کسی شخص کو تو کچھ روپیہ قرض دیا اور یہ ٹھہرا لیا کہ فلان غرض ہمارا ہے دس بارہ روپیہ کی اس سے رعایت چاہیے تیسرے ربوا فضل مثلاً روپیہ چلتے دیکر اسکے عوض اور سکے کے روپیہ بڑھوتری سے لینا مگر اسطرح کے لین دین میں صورت جواز کی بھی نکلتی ہے اور وہ یہ کہ روپیوں کے ساتھ میں کچھ شے شامل کرکے مثلاً روپے پھر زروے حساب کے جو کچھ اسکے ذمہ ہوا ہو لے چوتھے ربوا نسیہ یعنی گیہوں دینا اور اسکے عوض اور غلہ بڑھا کر لینا یا جنس بدلے اور جنس مدت کے وعدے بدلنا اسطرح کا ربوا اکثر دیہات میں رواج پذیر ہے مثلاً بالفعل ایک شخص نے جو واسطے تخم زمینی کے لیے اور اقرار کیا کہ فصل میں اسکے بدلے گیہوں یا اور غلہ لونگا اگر اسمیں مدت درمیان ہو تو غلہ کے عوض غلہ لینے میں کچھ قباحت نہیں یہ لکھا ہے استاد الاولیا نے ہفتہ ہفتہ کی تفسیر میں جو سوائے تفسیر عزیزی کے ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اے مسلمانو آگاہ ہو کہ تین چیزیں سینے کو کینے سے پاک کرتی ہیں ایک عمل با خلاص کرنا دوسری نیک خواہی بھائی مسلمان کی تیسری لزوم جماعت مسلمین اور اسوقت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مضطر تھے کیونکہ ام الفضل بنت الحارث مادر عبداللہ ابن عباس نے ایک پیالے میں دودھ بھیجا حضرت نے سب لوگوں کے روبرو تناول کیا پھر خطبہ اور ادائے صلوٰۃ ظہر و عصر قصوی پر سوار ہوئے اور جانب موقف یعنی جبل الرحمۃ کہ وسط وادی عرفات ہے روانہ ہوئے اور متوجہ قبلہ ہو کر امت محمدیہ کے واسطے بکمال تضرع و زاری دعائے مغفرت فرمائی یہاں تک کہ خبر ہوئی کہ گناہ تمہاری امت کے بخشے گا مگر مظالم سو حضرت نے یہ خبر سنکے اور بھی دعا میں مبالغہ کیا یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا اور بعد غروب آفتاب مزدلفہ میں آئے اسامہ ابن زید اسوقت ردیف حضرت صلے اللہ علیہ وسلم تھے وہیں رات کو رہے اور نماز صبح اول وقت ادا فرما کر مشعر حرام یعنی جبل قزح میں آئے اور متوجہ الی القبلہ دعا و زاری میں مشغول ہوئے اور امت کے حق میں پھر مبالغہ فرمایا یہانتک کہ حضرت جبرئیل نے موافق مدعا خبر دی کہ حضرت صلعم تبسم و خوش ہوئے اور قبل طلوع آفتاب فضیل ابن عباس کو اپنا ردیف فرمایا اور سورہ منیٰ میں جلوہ فرما ہوئے اور جمرہ عقبہ میں سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری میں تکبیر فرمائی اور تلبیہ ترک کیا اور وہی خطبہ جو عرفے کے دن فرمایا تھا پھر فرمایا اور خروج دجال کی کیفیت اور صورت سے اطلاع بخشی پھر منحر میں تشریف لائے اور تریسٹھ ۶۳ اونٹ موافق اپنی عمر کے دست مبارک سے نحر فرمائے اور تینتیس ۳۳ اونٹ حضرت علی مرتضیٰ شیر خدا سے نحر کرائے پھر موے مبارک منڈوا کر تقسیم کیے ایک نصف ابوطلحہ انصاری کو اور ایک نصف زوجات مطہرات اور اصحاب اخیار کو عنایت کیے خالد ابن ولید نے عرض کیا یا رسول اللہ موے پیشانی مجھکو ملیں کہ میں بطور تبرک کھاؤں

سو موے پیشانی آنکو دینے نقل ہی کہ زوجات مطہرات کے واسطے ایک گاے ذبح کی اور دوبکریان بھی بعضی روایت مین ہین
اور بعد نحر کے ارشاد کیا کہ تھوڑا تھوڑا گوشت لیکر پکاؤ چنانچہ گوشت پکایا گیا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے علی مرتضی کرم اللہ وجہہ
کے ساتھ بیٹھکر تناول فرمایا اور علی مرتضی سے فرمایا کہ گوشت اور پوست تقسیم کرو اور قصاب کو اسمین سے کچھ نہین دیا بلکہ اجرت
اسکی علیحدہ عنایت فرمائی اور بعد اسکے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو مطیب کیا یعنے خوشبو
صلے اللہ علیہ وسلم سوار ہوے اور مکے مین آئے اور قبل نماز ظہر سات مرتبہ کعبے کے گرد پھرے اسکو طواف القدوم
بولتے ہین پھر نماز ظہر پڑھکر سقایہ پر کہ جہان آب زمزم جمع کرتے ہین تشریف لائے اور بنی عبدالمطلب سے ارشاد فرمایا کہ پانی زمزم کا
کھینچو اگر یہ خوف نہ ہوتا کہ لوگ ہجوم کرینگے تو مین تمھارے ساتھ پانی کھینچتا سو وہ لوگ ایک ڈول پانی لائے اور حضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے اُسمین سے پیا اور پھر منا مین تشریف لیگئے اور باقی روز شنبہ اور شب یکشنبہ اور روز دوشنبہ
اور شب سہ شنبہ منی مین مقیم رہے اور پیادہ پا تینون جمرات مین بعد از زوال کنکریان پھینکتے رہے شروع اس جمرہ سے
فرماتے تھے جو خیف سے ملا ہوا ہی خیف زمین نشیب کو بولتے ہین اور اس جگہ وہ مقام مراد ہی جہان مسجد منی واقع ہی پھر
جمرہ میانہ مین پھر جمرہ عقبہ مین اور جمرہ اول و ثانیہ مین دعا کے واسطے توقف کیا اور جمرہ عقبہ مین قیام کیا لیکن دعا کے واسطے
توقف نہین فرمایا روایت ہی کہ بروز یکشنبہ دوسرے دن یوم النحر سے کہ اسکو یوم الرؤس کہتے ہین خطبہ بلیغہ پڑھا اور پھر روز
سوم بھی خطبہ پڑھا اور اس خطبے مین وصیت فرمائی کہ ذوی الارحام سے نیکی کرو پھر شب چارشنبہ محصب مین بیتوتت
فرمائی اور ارشاد کیا کہ کوئی شخص مکے سے نجاے جب تک طواف الوداع نکرے چنانچہ سحر چارشنبہ قبل از صبح مکے مین
تشریف لائے اور طواف الوداع کیا **فائدہ** محصب وہ مکان ہی جہان قریش اور بنی کنانہ نے قسم کی تھی کہ بنی ہاشم اور
بنی مطلب سے شادی بیاہ نکرین یہان تک کہ تنگ ہوکر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اُنکے حوالے کرین اور تین برس تک
یہ معاملہ رہا حال مفصل اسکا بیان ہو چکا ہی سو جب حجۃ الوداع کے واسطے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مکہ کو چلے اور قریب
پہونچے تو اسامہ ابن زید نے پوچھا یا رسول اللہ کل کہان اُتریگے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نَنْزِلُ غدا
انشاء اللہ بخیف بنی کنانہ حیث تقاسموا علی الکفر یعنی اُترینگے کل انشاء اللہ بنی کنانہ کے ٹیلے پر جہان کفار قریش اسمین
ہم قسم ہوئے تھے کفر پر یعنی محصب مین اُترنے کا یہ فائدہ ہی کہ خدا کا احسان یاد پڑے کہ جہان کافرون نے کفر پر کمر باندھی تھی
وہین مسلمانون کو خدا نے کیسا غالب کیا اور تاکہ کافر لوگ شرمندہ ہون اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم مین
حضرت ابوہریرہ سے ہی القصہ حجۃ الوداع مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دس دن مکے مین رہے اور قصری نماز پڑھتے رہے بعد اسکے
جانب مدینہ روانہ ہوکے آخر ذی الحجہ جلوہ فرماے مدینہ ہوئے **فائدہ** اس حج کو حجۃ الوداع اسلیے کہتے ہین کہ خطبہ حج مین حضرت نے
لوگون کی وداع فرمائی اور ارشاد کیا خذوا عنی مناسککم فانی لا ادری لعلی لا احج بعد عامی ہذا اور حضرت ابن عباس حجۃ الوداع
کہنے مین کراہت کرتے تھے بلکہ حجۃ الاسلام کہتے تھے **فائدہ** صحابہ مین اختلاف ہی کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس

جمع مین قارن ہے یا نہ و یا متمتع اور یہی سبب ہے کہ جو لوگ بعد صحابہ کے ہوئے وہ بھی اختلاف کرتے آئے چنانچہ حضرت امام اعظم کے نزدیک آنحضرت صلعم نے احرام قرآن کا باندھا تھا اور اسی سبب سے امام صاحب کے نزدیک قران افضل ہے نسبت افراد اور تمتع کے چنانچہ امام فخر الدین نوری رحمۃ اللہ علیہ و محققین شافعیہ نے اس مقام پر اسی بات کو ترجیح دی ہے اور فرماتے ہین کہ طریق جمع بین الروایات یہ ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اول مفرد تھے پھر قارن ہوئے سو جس شخص نے افراد تجویز کیا وہی اصل ہے اور جسنے قران روایت کیا اسنے آخر امر پر اعتماد کیا اور جسنے تمتع روایت کیا اسنے تمتع لغوی یعنے انتفاع اور ارتفاق ارادہ کیا ہے **فائدہ** افراد یہ ہے کہ فقط حج یا عمرے کے واسطے احرام باندھے اور قران یہ ہے کہ حج اور عمرے دونون کے لیے احرام ساتھ کرے اور تمتع یہ ہے کہ حج کے مہینون مین پہلے عمرہ بجالاوے بعد اسکے حج کرے اور احرام حج یا عمرے کی نیت باندھنے کو کہتے ہین کہ نا دوختہ کپڑے پہنے اور زبان سے بھی کہے لبیک اللھم بحجۃ وعمرۃ قران مین اور لبیک اللھم بعمرۃ افراد عمرے مین اور لبیک اللھم بحجۃ صرف حج مین اور ابو جعفر طحاوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قران اور تمتع اور افراد تینون مباح فرمائے تاکہ معلوم ہو کہ تینون جائز ہین اسلیے کہ اگر ایک بات کا حکم دیتے تو گمان ہوتا کہ اسکا غیر جائز نہین ہے پس اضافت تینون امور کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی گئی اور ہر ایک نے وہ امر بیان کیا جسپر مامور ہوا تھا اور اسکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا خواہ بتاویل یا اس سبب سے کہ راوی اسکا مامور ہوا تھا **فائدہ** جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ذی الحلیفہ مین پہونچے ہین تب اسما بنت عمیس سے محمد ابن ابی بکر پیدا ہوئے تو اسما نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھ بھیجا کہ مین اب کیا کرون فرمایا غسل کرکے لنگا دے اور ایک کپڑا گندہ محل مخصوص مین خون نفاس کے واسطے رکھ کے احرام باندھے رہے **فائدہ** موضع سرف مین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو حیض ہوا وہ رونے لگین آپ نے پوچھا انھون نے بیان کیا فرمایا کہ حیض ایک امر ہے کہ خدا نے آدم کی بیٹیون پر مقدر کر دیا ہے کچھ حرج نہین سوائے طواف کے سب لوگون حج بجالاؤ اور بعد معمول طہارت طواف کر لینا یعنی احرام باندھا تھا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ موے سر نہ گنگھی کرین اور عمرہ ترک کرین لیکن حلال نہون اور حج کو زیادہ کرین اور تمام اعمال حج بجالاوین سوائے طواف بیت اللہ کے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بروز پنجشنبہ پاک ہوئین اور طواف بیت اللہ سے مشرف ہوئین **فائدہ** یہ جو ذکر کیا گیا کہ حضرت نے محلقین کے واسطے تین بار دعا کی اور مقصرین کے واسطے ایک بار جیسا حدیث بخاری و مسلم سے کہ ابو ہریرہ نے روایت کی ہے واضح ہے تو اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ حج مین سر منڈانا بال کترانے سے افضل ہے **فائدہ** واردات حجۃ الوداع سے نزول آیت الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا ہے یعنی آج مین پورا کیا تمکو دین تمھارا اور پورا کیا تم پر مین نے احسان اپنا اور پسند کیا مین نے تمھارے واسطے دین مسلمان یہ آیت روز جمعہ بعد عصر مقام عرفات مین کہ حضرت ناقہ قصوی پر سوار تھے نازل ہوئی کہ اسکے بوجھ سے قریب تھا کہ باز و ناقے کا ٹوٹ جاے صحیح بخاری مین طارق بن شہاب سے روایت ہے کہ یہود نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا جو آیت تم

پڑھتے ہو اگر یہ آیت ہم میں نازل ہوتی تو ہم عید کرتے حضرت عمر نے فرمایا کہ یہ آیت بروز جمعہ نازل ہوئی اور ہم عرفے میں تھے اور اُس دن پانچ عیدیں ہوئیں جمعہ اور عرفہ اور عید یہود و نصاریٰ و مجوس اور سوا اُس دن کے اور کبھوں اعیاد اہل ملل مجتمع نہیں ہوئے ہیں اور ہارون ابن عمرہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ جب یہ آیت اُتری تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بہت روئے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روئے عمر نے کہا یا رسول اللہ ہم جانتے تھے کہ دین ہماری ہی تک کمیل ہوگئی تو اب کوئی چیز کامل نہ ہوگی بلکہ ناقص ہوگی فرمایا تو نے سچ کہا چنانچہ یہ بعد نزول اس آیت کے بہت حلال اور حرام اور فرائض اور احکام کچھ بھی نازل نہوئے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بعد اسکے اس عالم میں اکاسی دن جلوہ فرما رہے گویا یہ خبر وفات تھی اور جب یہ آیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے سُنی تو کہا یا رواب حضرت تمہارے پاس سے حضور خداوندی میں تشریف لیجائینگے سب لوگ رونے لگے تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکی دلجمعی فرمائی اور ارشاد کیا کہ جبرئیل ہر سال ایک مرتبہ کلام اللہ میرے پاس پڑھتے تھے ابکی دو مرتبہ پڑھا ہے شاید سال آیندہ میں تم میں نہ ہونگا **فائدہ** بعد ہجرت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سوا حجۃ الوداع اور کوئی حج ادا نہیں فرمایا اور پیش از ہجرت بعض کے دو اور بعض کے زیادہ ادا کیے ہیں اور سب حج یا عمرہ فرمایا ہے اسی سفر میں وقت مراجعت از مکہ بغدیر خم میں کہ حوالی جحفہ واقع ہے نماز ظہر اول وقت ادا کرکے یا روانہ ہوئے متوجہ ہوئے اور فرمایا الست اولی بالمومنین من انفسہم سب نے کہا بلی یا رسول اللہ پھر حضرت امیر المومنین علی مرتضی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر ارشاد کیا من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللہم وال من والاہ وعاد من عاداہ الے آخر الحدیث یہ حدیث بخاری و مسلم میں نہیں ہے مگر صحیح ہے اور مراد مولے سے ناصر و معین و قریب ہے نہ اولے بمعنی اولے اسلیے کہ مفعل بمعنی افعل نہیں آیا پس مراد شیعہ حاصل نہیں ہوتی اور سبب اس خطبہ کا یہ ہوا کہ یمن میں جو لوگ حضرت علی کے ساتھ تھے انمیں سے کچھ لوگوں نے شکایت حضرت علی کی کی تھی اور شکایت انکی بیجا اور نافہمی سے تھی اور ہر مسلمان پر اپنی محبت اور محبت حضرت علی کی واجب گردانی بعد سماعت اس خطبے کے حضرت عمر نے حضرت علی کو مبارکباد دی اور کہا اب تو مولی ہر مومن اور مومنہ کے ہوگئے یہ حدیث کتاب مشکوۃ باب مناقب علی مرتضی کی فصل ثالث میں امام احمد سے مروی ہے اور ترمذی اور نسائی میں بھی یہ حدیث ہے اور صحیح مسلم میں زید ابن ارقم سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بعد حمد و صلوۃ اس بات کا دریافت کرنا ضرور ہے کہ میں آدمی ہوں قریب ہے کہ میرے پاس میرے رب کا پیغام لانے والا آوے تو میں اسکا کہنا مانوں اور میں دو بھاری چیزیں چھوڑتا ہوں ایک کتاب اللہ جسمیں نور و ہدایت ہے سو اور خوب چمٹ جاؤ یعنی اُسپر عمل کرو اور دوسرے اہل بیت میرے تمکو خدا یاد دلاتا ہوں اپنے اہلبیت کے مقدمے میں یہ کلام تین بار فرمایا واضح ہو کہ اس جگہ حضرت نے تمام عرب کو بزرگی قرآن اور اہلبیت کی جتائی اسلیے کہ حضرت کو معلوم تھا کہ امت میں اختلاف پڑیگا اور قرآن کے مضمون سے لوگ غفلت کرینگے اور تعظیم اور محبت اہلبیت میں بعض لوگ قصور کرینگے بلکہ محبت کنان عداوت پر کمر باندھینگے جسطرح خارجی ناصبی سو فرمایا کہ میری موت قریب ہے میں ہمیشہ زندہ نہ رہونگا کہ مجھسے ہر چیز دریافت کرتے رہو میرے بعد ہدایت کی صورت یہی ہے کہ قرآن

عمل کیجیو اور اہلبیت کی تعظیم و محبت کہ وہ قرآن کی تفسیر ہین اور بیت تین ہوتے ہین بیت نسب و بیت سکنی و بیت ولادت
پس اولاد و عبد المطلب اہلبیت ہین از جہت نسب از جہد قریب کی اولاد کو بیت بولتے ہین چنانچہ فلانے کا گھر بڑا ہے اور
اہلبیت سکنی از واج ہین اور باطلاق اسکا مرد کی عورتون پر بہت مشہور و خاص ہے حسب عرف و عادت اور اولاد شریف اہلبیت
ولادت ہین اور باوجود شامل ہونے اہلبیت کے تمام اولاد حضرت کو علی و فاطمہ حسن و حسین علیہم السلام بسبب زیادتی فضائل اور
علاقہ محبت کے ممتاز و مخصوص ہین اور اطلاق اہلبیت کا ان چار شخصون پر شائع و ذایع ہے پس واضح ہوا کہ اہلبیت گھر والون کو
کہتے ہین اور ہندوستان مین بھی بی بی کو گھر کے لوگ بولتے ہین پھر بیبیون کو داخل کرنا اہلبیت مین جہالت ہے یا تعصب
بارے الحمد للہ کہ اس حدیث پر پورا عمل اہل سنت کو نصیب ہوا کیونکہ انکا عمل و عقیدہ قرآن کے موافق ہے قرآن کے ہوتے
کسی چیز پر عمل نہین کرتے اور جملہ اہلبیت کی محبت و تعظیم واجب جانتے ہین بخلاف خوارج و نواصب کہ اکثر اہل بیت سے عداوت
رکھتے ہین اور شیعہ کا تو عجب حال ہے کہ نہ قرآن کو تمامہا تسلیم کرتے ہین اور نہ اہلبیت کو بکما ینبغی مانتے ہین حالانکہ یہ حدیث متواتر
قد ترکت فیکم الثقلین ما ان تمسکتم بہما لن تضلوا بعدی احدہما اعظم من الآخر کتاب اللہ و عترتی اہلبیتی متفق علیہ ہے سو کتاب اللہ کی نزدیک
شیعہ درجہ اعتبار سے ساقط ہے اور مثل توریت و انجیل قابل تمسک نہین رہی اسلیے کہ بقول شیعہ محرف ہوا اور اکثر احکام اس سے
منسوخ ہو گئے ہین اور آیتین اور سورتین کہ ناسخ احکام اور مخصص عمومات تھین چوری گئین اور جو باقی ہے بعض الفاظ اسکے متبدل
اور بعضے زائد اور بعض ناقص ہین چنانچہ کلینی نے ہشام بن سالم سے روایت کیا ہے القران الذی جاء بہ جبرئیل علیہ السلام الی محمد صلے اللہ
علیہ وسلم سبعۃ عشر الف آیۃ یعنی وہ قرآن جو لائے تھے حضرت جبرئیل علیہ السلام محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف وہ سترہ ہزار
آیتین تھین اور محمد ابن نصر سے روایت کیا ہے کہ ابو عبد اللہ نے فرمایا کان فی لم یکن اسم سبعین رجلا من قریش باسمائہم و اسماء
آبائہم یعنے تھے لم یکن کی سورت مین نام ستر قریش کے اور انکے باپ دادون کے اور روایت کیا ہے کلینی وغیرہ نے حکم عتیبہ
سے کہ اسنے کہا کہ امام زین العابدین نے یون پڑھا ہے وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی ولا محدث پھر فرمایا کہ تھے علی ابن ابیطالب
محدث اور روایت کی ہے ابن جہم الہلالی وغیرہ نے ابو عبد اللہ سے کہ ان الائمۃ ہی اربابی من امتہ کلام خدا نہین ہے بلکہ کلام اللہ
یہ ہے ان ائمۃ ہی ارباب من امتی اسی طرح شیعہ کے نزدیک ثابت و مقرر و مشہور ہے کہ بعضی سورتین تمامہا کلام اللہ سے محال ڈالی گئین
جسطرح سورۃ الولایۃ اور بعض سورتون کی اکثر آیتین خارج کی گئین ہین جسطرح سورۂ احزاب کہ یہ مثل سورۂ انعام تھی ہو ان
سورتون سے فضائل اہلبیت و احکام امامت اہلبیت کے ساقط کر دیے گئے ہین اور لفظ ویلک لا تحزن ان اللہ معنا
نکالی گئی اور لفظ عن ولایۃ علی کریمہ انہم و قفوہم مسئولون ہے اور فقرہ یملکہ نبوا میہ جملہ خیر من الف شہر سے اور کلمہ لعلی ابن ابیطالب
کلمہ کفی اللہ المومنین القتال سے اور لفظ آل محمد آیۃ سیعلم الذین ظلموا سے یعنی آل محمد ای منقلب ینقلبون اور لفظ علی کریمہ
لکل قوم ہاد سے و ذکر کل ذلک ابن شہر آشوب المازندرانی فی کتاب المثالب اور اسی طرح کلمات و آیات بیشمار حضرات شیعہ
نے تمار کیے ہین اور سید محمد مجتہد العصر نے بارہ ضمیمہ مین لکھا ہے کہ چون نظم قرآنی تنظیم عثمانی است بر شیعیان احتجاج بدان

نشاید اور اس کتاب میں دوسرے مقام میں ہے علاوہ ازیں چون ناظم قرولی جلد ثالث احتجاج آں بر شیعیان نمیتواند شد و انتہی عبارتہ الشنیعۃ
الی العبارۃ اس صورت میں شیعہ کے نزدیک قرآن محفوظ اور کتب سنیین میں کچھ بھی فرق نہ رہا اور جس طرح وہ لائق تمسک نہیں
ہیں قرآن بھی ہمارا تمسک نہ رہا باقی رہی عترت رسول اللہ سو باجماع اہل لغت عترت بمعنی اقارب ہے اور شیعہ بعض عترت کے
انکار کرتے ہیں چنانچہ رقیہ و ام کلثوم بنات حضرت صلعم کو عترت میں نہیں شمار کرتے بعلاقہ زوجیت حضرت عثمان رضی چنانچہ اتحاق الحق
میں ہے کہ رقیہ و ام کلثوم حضرت کی دختر تھیں نہ بطن خدیجہ سے اور صحیح الفاضلین میں ہے کہ سوائے حضرت فاطمہ کے آپ کے کوئی
دختر نہیں حالانکہ قرآن میں بصیغہ جمع ارشاد ہے یا ایہا النبی قل لازواجک وبناتک اور ظاہر ہے کہ اطلاق جمع کا تین سے کمتر میں
درست نہیں و معہذا زاد المعاد میں ہے اللہم صل علی رقیۃ بنت نبیک و علی ام کلثوم بنت نبیک اور حضرت عباس اور انکی
اولاد اور حضرت زبیر بن صفیہ عمہ رسول اللہ کو بھی عترت میں داخل نہیں جانتے بلکہ بد کہتے ہیں اس باعث سے کہ حضرت
عباس و ابن عباس حضرت فاروق اور کلثوم کی تزویج میں واسطہ ہوئے تھے حالانکہ شیعہ کی مجالس میں موجود ہے کہ حضرت خیر الناس
جناب عباس کی عظمت بجالاتے تھے اور حضرت زبیر کو اس باعث سے کہ جنگ جمل میں شریک تھے حالانکہ کشف الغمہ میں مکتوب ہے
کہ جب اس جنگ میں ابن جرموز نے آپ کو شربت شہادت پلایا حضرت امیر کو مژدہ سنایا کہ میں نے تیرے بدخواہ کو ٹھکانے
پہونچایا آپ نے فرمایا کہ نجکو خیر العباد سے یاد ہے کہ زبیر کا قاتل جہنمی ہے غصہ میں کیا اپنے تئیں آب خنجر سے جہنم میں پہونچایا حضرت نے
فرمایا لقد صدق رسول اللہ بشر قاتل ابن صفیۃ النار اور اکبر اولاد حضرت فاطمہ زہرا کو بھی دشمن رکھتے ہیں چنانچہ زید بن علی
بن حسین کہ بڑے عالم و متقی و منورع تھے اور مروانیوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور یحیی بن زید سے دشمنی رکھتے ہیں اور ابراہیم بن حسن
کاظم کو کذاب کہتے ہیں حالانکہ وہ بڑے اولیاؤں میں تھے اور جعفر ابن علی برادر حضرت امام عسکری کو بھی کذاب لکھتے ہیں اور حسن بن حسن
مثنی اور انکے بیٹے عبداللہ محض اور انکے بیٹے محمد کو جو کہ ملقب بنفس زکیہ ہیں مرتد اور کافر شمار کرتے ہیں اور ابراہیم ابن عبداللہ
اور زکریا بن محمد باقر کو اور محمد بن عبداللہ بن حسین بن حسن اور محمد بن قاسم ابن حسن کو اور یحیی بن عمر کو کہ بجملہ اضداد زید بن علی بن الحسین
میں تھے مرتد اور کافر جانتے ہیں اور جماعہ سادات حسنیہ اور حسینیہ کو جو کہ قائل امامت حضرت زید شہید کے ہیں ضال اور گمراہ کہتے ہیں
اور جاہیہ اثنا عشریہ انکے حق میں اعتقاد کفر و ارتداد اور خلود و دوام فی النار رکھتے ہیں اور وجہ اسکی بھی ظاہر ہے اسلیے کہ منکر
امامت ایک امام کا نزدیک اثنا عشریہ کے مانند منکرین نبوت ایک نبی کے ہے اور وہ کافر و الکافر فی النار اور یہ بزرگوار منکر امامت
امام وقت بلکہ امامت بعضے ایمہ ماضیین بھی ہوئے ہیں اور طائفہ قلیلہ اثنا عشریہ اسطرف گئے ہیں کہ یہ بزرگوار اعراف میں ہونگے
مثل حضرت عباس عم رسول اللہ اور بعضے کہتے ہیں کہ بعد عذاب شدید اپنے اجداد کے شفاعت سے نجات پائینگے اور یہ دونوں قول
موافق قواعد اور اصول اس فرقے کے ایک اور مردود ہیں قول اول مطابق ہے کیونکہ شفاعت حق کفار میں بالاجماع مقبول نہیں
اور بنا اس ہمہ اعراف دار الخلد نہیں ہے اس مقام سے معلوم ہوا کہ شیعہ سب اہلبیت کے دوست نہیں ہیں اور ایسی دعوی محبت کا
شرع میں اصلا اعتبار نہیں ہے جسطرح قرآن کی بعض سورتوں کو مانتا اور بعض کو نہ ماننا درست نہیں اور طرفہ یہ ہے کہ جن

ائمہ اثنا عشریہ کو مانتے ہیں انکی طرف نہایت معیوب و قبائح نسبت کرتے ہیں کہ اُس سے سر تابا استحقاق والہانت لازم آتی ہے اور ملاحظہ کتب حضرات شیعہ سے حضرت امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں اختلاف عظیم پایا جاتا ہے کتاب بعد حضرت امیر اور مختار یہ بعد حسنین محمد ابن حنفیہ کو امام جانتے ہیں زیدیہ امامت علی بن الحسین کے قائل نہیں باقریہ امام باقر اور ناوسیہ امام جعفر تک امامت کے مقر ہیں اور سوسویہ بعد امام جعفر کے حضرت موسیٰ کاظم کو امام کہتے ہیں حلطیہ عبداللہ بن جعفر کو اور اسمٰعیلیہ اسمٰعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ بعد اسمٰعیل اُنکے بیٹے محمد کو امام جانتے ہیں اور اثنا عشریہ جعفر بن موسیٰ کاظم اور جعفر بن علی برادر حضرت امام عسکری کو کذاب بتاتے ہیں اور سلسلہ امامت کا تا امام حسن عسکری پہونچاتے ہیں من بعد جعفر بن علی کی امامت کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ امام حسن عسکری لاولد تھے اور بعضے کہتے ہیں کہ آپ کے فرزند آخر الزمان ہیں کہ صغر سن میں کہ باپ کے روبرو مرگئے اور بعضوں نے حد بلوغ کو پہنچایا واللہ اعلم

حضرت ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے اسکے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام عمامہ سفید پہنے ہوئے شبہ لگائے بکمال حسن و جمال باموے سیاہ تشریف لائے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بہت قریب زانو سے زانو ملا کر اور دونوں ہاتھ اپنے زانو مبارک پر رکھکر ایمان اور اسلام اور احسان اور قیامت اور علامات قیامت سے سوالات کرتے رہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جواب ارشاد کرتے رہے جب کہ رخصت ہوئے تو اصحاب نے پوچھا یا رسول اللہ یہ کون شخص تھا فرمایا ابھی جاتا ہوگا بلا لاؤ بعض اصحاب گئے تو انکا نشان نہ پایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جبرئیل علیہ السلام تھے اور میں انکو بہتیرا پہچان لیتا تھا لیکن آج میں نے بھی نہیں پہچانا غائب ہو جانے سے معلوم ہوا کہ جبرئیل تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ارشاد کیا کہ جبرئیل علیہ السلام تعلیم و تجدید دین کی کرنے آئے تھے اور اسی سال میں قصہ جام کہ تمیم داری اور عدی نصرانی نے چرایا تھا واقع ہوا اور اسی سال میں ضمام بن ثعلبہ حاضر ہوا اور احکام دین اسلام سیکھ کر اپنی قوم میں گیا اور اُنکو مسلمان کیا جب سال بارہ دہم ہجرت اور بست سوم نبوت و شصت و سوم مولد آیا تو آدا خر صفر میں ارشاد الٰہی ہوا کہ اہل بقیع کے واسطے استغفار کرو سو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اندھیری رات میں بقیع میں کہ قبرستان مدینہ ہے اور حضرت کے مکان سے نہایت متصل بلکہ کئی قدم کے فرق سے واقع ہے تشریف لیگئے اور دعا مغفرت فرمائی اور ارشاد کیا کہ السلام علیکم اہل بقیع تم پیشقدمی کر گئے اب فتنہ ظاہر ہوا ہے مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میری باری کی رات حضرت میرے پاس تشریف لائے اور اتنا لیٹے کہ حضرت کے گمان میں سو گئے پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم آہستہ اٹھے اور آہستہ اپنی چادر لی اور آہستہ جوتہ پہنا اور آہستہ دروازہ کھولا مجھکو شک آیا کہ شاید حضرت کسی اور بی بی کے پاس جاتے ہیں میں بھی اپنی کرتی پہن اوڑھنی اوڑھ کے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چلی یہاں تک کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم قبرستان بقیع میں آئے اور بہت دیر تک وہاں کھڑے رہے پھر تین بار ہاتھ اٹھا کر دعا کی بعد اسکے وہاں سے پھرے میں بھی پھری حضرت صلے اللہ علیہ وسلم جھپٹے میں بھی جھپٹی آخر میں جلدی سے آگے آکر لیٹ رہی جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے فرمایا اے عائشہ تیرا کیا حال ہے جو دم پھولی اور

ہانپتی ہو بیبی نے کہا کہ جس چیز سے فرمایا اسکا سب تجھکو معلوم ہے یا مجھکو ظاہر و باطن کا دانا خبردار مطلع کردیگا بیبی نے کہا یا رسول اللہ بیبی ماں باپ آپ پر قربان پھر بیبی نے سب حال کہا فرمایا تو ہی تھی سیاہ سیاہ جسکو میں نے اپنے آگے دیکھا بیبی نے کہا ہاں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مہربانی سے میری چھاتی پر دھکا دیا کہ میرے درد ہونے لگا اور فرمایا کیا تو نے یہ گمان کیا کہ اللہ اور اسکا رسول تجھپر ظلم کریگا یعنی تیرے باری کی رات کسی اور بی بی پاس ہین جاتا پھر حضرت عائشہ نے کہا جس چیز کو لوگ چھپاتے ہین خدا اسکو جانتا ہی ہو فرمایا ہان جانتا ہی پھر فرمایا کہ البتہ جبرئیل میرے پاس آیا تھا جبکہ تو نے دیکھا پھر اسنے مجکو پکارا اور تجھے چھپایا اور جبرئیل بھی میرے پاس نہ آیا تھا اور تو اپنے کپڑے اتار چکی تھی اور میرے گمان ہین یہ آتا تھا کہ تو سوگئی سو مجاہد پر اگا کہ تجھکو جگاؤن اور ہین ڈرا کہ تو گھبرائیگی سو جبرئیل نے کہا کہ تمہارا اللہ حکم دیتے ہین کہ بقیع کے قبرستان مین جاؤ اور انکے واسطے استغفار کرو **فائدہ** اس حدیث سے نکلا کہ بے ضرورت کبھی سوتے کو جگانا نہ چاہیے اور عورت کو خاوند کے پاس برہنہ سونا درست ہی اور مقابر پر جانا اور مردون کے واسطے مغفرت چاہنا سنت ہی بالجملہ روز بروز بخار کی شدت ہوئی یہان تک کہ آپ مسجد مین امامت کے لیے نہ جاسکے تب ارشاد کیا کہ ابوبکر سے کہ وہ امام ہون حضرت عائشہ رض کہتے ہین مین نے خیال کیا کہ جو شخص آپ کی جگہ امام ہوگا پھر آپ کی وفات ہوگی تو لوگ اسے منحوس کہینگے لہذا مین نے التماس کیا کہ ابوبکر نرم دل ہین محراب کو حضرت سے خالی دیکھکر بیتاب ہوجائینگے اور شدت رقت سے نماز نہ پڑھا سکینگے حضرت نے فرمایا کہ وہ ابوبکر سے نماز پڑھاوین پھر مین نے حفصہ سے کہا کہ تمام عمر کے لیے اجازت لیلو حفصہ نے عرض کیا حضرت ناخوش ہوئے اور فرمایا ابوبکر کے ہوتے دوسرے کو امام ہونا ہرگز نہ چاہیے الغرض صدیق اکبر نماز پڑھانے کھڑے ہوئے جمال باکمال آنحضرت جو اس مقام پر نہ دیکھا بیتاب ہوگئی اور ایسی قوت غالب ہوئی کہ تمام اہل مسجد رونے لگے اور مسجد مین شور قیامت برپا ہوا آنجناب نے شور سنکے پوچھا کیا ہی حضرت فاطمہ علیہ السلام نے حال عرض کیا تب آپ مسجد مین تشریف لیگئے اور نماز پڑھی اور لوگون کو تسلی دی اور فرمایا اے مسلمانون تمھین خدا کے سپرد کیا خدا سے ڈرتے رہو اور اسکی اطاعت کرتے رہو اور مین اب دنیا کو چھوڑتا ہون تب حدیث ظاہر ہی کہ ابوبکر صدیق رض نے جب نماز پڑھانے مین جانب الحکم امامت شروع کی دوبارہ آنجناب مسجد مین تشریف لیگئے ایکبار آپ نے حضرت صدیق کے پیچھے نماز پڑھی صف مین بیٹھکے جنانچہ صحیح ابن حبان مین ہو جو دوبارہ آخر نماز آپ کی تھی اور ایک مرتبہ آپ کھڑے ہوتے ہوئے حضرت صدیق کے تشریف لیگئے حضرت صدیق نے چاہا کہ پیچھے ہٹین آنجناب نے اشارہ کیا کہ اپنی جگہ پر رہو اور آپ ابوبکر کے پاس جا بیٹھے اور امام ہوئے اور ابوبکر رض داہنی طرف آپکے کھڑے ہوئے لوگ ابوبکر کی نماز کو دیکھ کے نماز پڑھتے تھے اور ابوبکر جناب رسول مقبول کی نماز سے یعنی امام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تھے اور ابوبکر صدیق بطور تکبر کے تھے امام کے ارکان سے لوگون کو مطلع اور یہ صورت صحیحین مین ہی اور ایک مرتبہ آنجناب بے مرض وفات یعنی صبح دوشنبہ کو حجرے کے دروازے تک تشریف لائے اور پردہ اٹھاکر کیفیت جماعت کی ملاحظہ فرمائی اور لوگون کو نماز جماعت پر قائم دیکھکر خوش ہوئے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پیچھے ہٹنا چاہا آنجناب نے اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو اور آپ مسجد شریف مین تشریف نہین لائے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے آدمیون مین سے دو شخص کے پیچھے نماز پڑھی ایک حضرت ابوبکر صدیق رض

دوسرے عبدالرحمن بن عوف کے ایک نفر بن چنانچہ ابوسلمہ نے اپنے باپ عبدالرحمن بن عوف سے روایت کی ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو قضاے حاجت سے آنے میں دیر ہوئی صحابہ نے عبدالرحمن کو امام کرکے نماز شروع کردی ایک رکعت پڑھ چکے تھے کہ آپ تشریف لائے عبدالرحمن نے پیچھے ہٹنا چاہا آپ نے فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو اور آپ نے ایک رکعت انکے پیچھے پڑھی اور ایک رکعت باقی تنہا اور ایک بار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق کے پیچھے اوجھی نماز پڑھی تھی اسکی صورت یہ ہوئی کہ آنجناب بنابر رفع نزاع کہ بین بنی عمرو بن عوف کے واقع تھا محلہ قبا میں تشریف لیگئے تھے آپکے توقف ہوا صحابہ نے حضرت ابوبکر کو امام کرکے نماز شروع کردی اس اثنا میں آنجناب تشریف فرما ہوئے ابوبکر صدیق نے پیچھے ہٹنا چاہا آپنے اشارہ کیا کہ اپنی جگہ قائم رہو اور تمام نماز انکے پیچھے پڑھی روایت صحیح ہے کہ شروع بیماری میں اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو ارشاد کیا کہ شہر آبنی پر جو بفتح ہمزہ اور سکون موحدہ وفتح نون والف مقصورہ متعلقات بلقا سے ہے تشریف لیجائیں اور زید بن حارثہ اپنے والد کے خون کا انتقام بواسطہ لیں اور تجہیز لشکر شروع فرمائی اور اپنے ہاتھ سے باندھی اور حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو ہمراہ جانے کا حکم دیا اور اسامہ بن زید کو کہ بعمر اٹھارہ برس کے تھے سردار کیا اور اجلہ اصحاب کو مثل ابوعبیدہ بن الجراح اور عثمان بن عفان اور سعید بن زید اور سعد بن وقاص اور قتادہ بن النعمان وغیرہم رضی اللہ عنہم کو بھی تعینات فرمایا اور بریدہ اسلمی کو علمدار قرار دیا یہ حال دیکھ کر اہل نفاق اور اجلاف عرب نے بطور طعن کہا کہ ایک غلام کو سردار مہاجرین اور انصار بناتے ہیں خواہ یہ کہا کہ ایک نوجوان کو مہاجرین اولین پر امیر کرتے ہیں کہ یہ بات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کان تک پہونچی تو سر مبارک پٹی باندھے ہوئے حجرے سے برآمد ہوئے اور منبر شریف پر کھڑے ہوکر خطبہ بلیغ پڑھا کہ صحیحین میں مذکور ہوا ان کنتم تطعنون فی امارتہ فقد کنتم تطعنون فی امارۃ ابیہ من قبل وایم اللہ ان کان لخلیقا للامارۃ وان کان لمن احب الناس وان ھذا لمن احب الناس الی بعدہ رواہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ یعنی اگر تم طعن کرتے اسکی امارت میں پس بتحقیق تھے تم طعن کرتے اسکے باپ کی امارت میں پہلے اور قسم خدا کی تھا باپ اسکا لائق امارت کے اور محبوب ترین لوگوں سے طرف میرے اور یہ یعنی اسامہ محبوب ترین آدمیوں میں ہے میری طرف بعد اپنے باپ کے مگر بسبب بیماری آنجناب کے روانگی لشکر ملتوی رہی اور ابوبکر صدیق کو حضرت نے اوس تعیناتی سے علیحدہ کرکے حضوری مسجد یعنی امامت مسجد شریف پر مامور کیا بروز دوشنبہ دو دن پیشتر از وفات آنجناب کو افاقہ ہوگیا تھا کہ اسامہ رضی اللہ عنہ مع لشکر کے رخصت ہوکے لشکرگاہ میں باہر مدینے کے ٹھہرے موضع جرف میں کہ ایک فرسخ واقع ہے یکشنبے کو مرض نے زیادتی کی یہ خبر سنکر اسامہ رضی اللہ عنہ ٹھہر گئی صبح کو دوشنبے کے دن آپ کو تخفیف ہوگئی اسامہ پھر آپ سے رخصت ہوکر لشکر کو گئے اور روانہ ہوتے تھے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر حالت نزع طاری ہوئی ام ایمن والدہ حضرت اسامہ نے یہ حال کہلا بھیجا وہ پھر آئے اور بریدہ بن الحصیب اسلمی نے کہ علمدار اس لشکر کے تھے علم کو لاکے در مسجد پر کھڑا کردیا اور بعد انتقال رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم حضرت صدیق اکبر نے اس لشکر کو روانہ فرمایا مگر حضرت عمر کو باجازت اسامہ واسطے مشورے امور خلافت کے رکھ لیا اور اسامہ رضی اللہ عنہ نے بجماعت بارہ ہزار مسلمانوں کے جاکے اس قوم ناپاک کو تہ تیغ کیا اور چالیس دن کے بعد مدینے میں تشریف لائے احادیث صحیحہ سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم آخر وقت میں کئی مرتبہ بقیع میں تشریف لیگئے ہیں ایک وہ

کہ بیان کیا گیا دوسری بابت ہجری کہ ۲۸ صفر سال یازدہم میں بہمراہی ابو موہبہ گورستان بقیع میں گئے اور دعا اور استغفار فرمائے حضرت میمونہ خاتون کے حجرے میں جلوہ فرما ہوئے صبح کو درد سر لاحق ہوا اور تحفۃ المحافل میں ہے کہ اہل سیر کے نزدیک بیماری اول شہر ربیع الاول میں ہوئی کہ حضرت صلعم وقت نصف شب جانب بقیع تشریف لیگئے صبح کو بیمار اٹھے اور ایک روایت حضرت عائشہ صدیقہ سے ہے کہ صلعم ایک جنازے کو دفن کرکے بقیع سے تشریف لائے تو مجکو درد سر میں پایا اور میں کہہ رہی تھی کہ ہائے میرا سر درد کرتا ہے فرمایا بلکہ میں کہتا ہوں کہ میرا سر درد کرتا ہے بخاری شریف میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت کے پاس بسبب شدت درد سر کے کہا ہائے میرا سر درد کرتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ اگر تو اس عالم سے جائے پہلے روبرو تو بخشش مانگوں تیرے واسطے اور دعا کروں واسطے تیرے یعنی استغفار کروں رفع سیات کے لیے اور دعا کروں رفعت درجات کے واسطے میں نے کہا واثکلتاہ یعنی سخت ہے مصیبت مجھے قسم ہے خدا کی میں گمان کرتی ہوں کہ تم میری موت چاہتے ہو پس اگر واقع ہو مرنا میرا یعنی اگر میں اس جہان سے رخصت ہو جاؤنگی تو البتہ آپ ہونگے اسی دن میں صحبت کرنے والے اور عیش کرنے والے ساتھ کسی زوجہ کے زوجات مطہرات سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مقصود اور مطلوب ہے کہ اگر میں مرجاؤنگی اور آپ زندہ رہینگے تو مجھے بھول جائینگے اور اپنی بیبیوں سے مشغول ہونگے فرمایا چھوڑا ہے عائشہ ذکر اپنے درد سر کا اور اپنی خیرت کے یاد کرنے کا اور مشغول ہو میرے درد سر اور ذکر موت میں کہ میں اس عالم سے جاتا ہوں اور تم میرے بعد زندہ رہو گی اسواقعے کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وحی سے دریافت کیا پھر فرمایا البتہ میں نے قصد کیا تھا یا ارادہ کیا تھا کہ بھیجوں کسی کو ابوبکر کی طرف اور اسکے بیٹے کے یعنی عبدالرحمن کے کہ فرزند رشید تھے اور وصیت کروں ابوبکر کو یعنی خلافت کی اور ولیعہد انیا کروں اسکو تا کہ نہ کہیں یا واسطے خوف اسکے کہ کہیں کہنے والے یعنی یہ کہ نہ وصیت کی آنحضرت نے ابوبکر کو خلافت کبریٰ کی اور اقتصار کیا خلافت صغریٰ پر کہ وہ امامت نماز کی ہے باوجودیکہ اسمیں بھی اشارہ تھا اس خلافت کبریٰ کا یا آرزو کرنے والے یعنی خلافت کی غیر ابی بکر کے لیے خواہ اپنے لیے یا اپنے غیر کے واسطے پھر کہا میں نے انکار کریگا اللہ تعالے غیر ابی بکر کی خلافت کا اور دفع کرینگے اہل اسلام یا برعکس عبارت مذکور کے فرمایا کہ دفع کریگا اللہ اور انکار کرینگے مسلمان یعنی بسبب خلیفہ کرنے کے امامت صغریٰ میں اسلیے کہ امامت صغریٰ علامت ہے امامت کبریٰ کی جسطرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے وقت منازعۃ فرمایا کہ جب اختیار کیا حضرت نے ابوبکر کو امر دین میں تو کیونکر نہ اختیار کریں ہم انکو امور دنیا میں حاصل ارشاد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کہ اس سبب سے فرمایا میں نے ابوبکر اور اسکے بیٹے کو اور نہ وصیت کی اور میں نے جانا کہ خلافت ابوبکر کو ہونے والی ہے اور ایسا ہی واقع ہوا جو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اور مسلم میں روایت ہے کہ فرمایا عائشہ نے کہ فرمایا مجھسے پیغمبر خدا نے اپنے مرض موت میں بلا لے پاس اپنے باپ ابوبکر کو اور اپنے بھائی کو تا کہ میں لکھ دوں اسکو اپنی خلافت نہیں کوئی آرزو کرنے والا آرزو کرے یا کوئی کہنے والا کہے کہ میں لائق زیادہ ہوں پھر آپ نے کہا کچھ ضرورت نہیں خدائے تعالے اور مسلمان لوگ خود نمائینگے

سوائے ابی بکر کے دوسرے کی خلافت کو ان دونون حدیثون سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت صلعم کو صدیق اکبر کی خلافت بدل منظور نہ تھی اور چاہا کہ اپنے روبرو انکو خلیفہ فرماوین مگر حضرت نے تقدیر اور اجماع پر چھوڑ دیا کہ آخر ویسا ہی ہوا جیسا فرمایا تھا بالجملہ حالت مرض مین بھی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم زوجات مطہرات کے حجرون مین تشریف لیجاتے تھے چنانچہ جب حضرت میمونہ کے گھر مین مرض کی شدت ہوئی اور زوجات مطہرات وہین حاضر ہوئین اور حضرت کا دل یہ چاہتا تھا کہ ایام بیماری مین عائشہ صدیقہ کے گھر مین رہون لہذا بار بار فرماتے این انا غدا این انا غدا یعنی کل مین کہان ہونگا جب اس کلام کی تکرار ہوئی تو امہات المؤمنین نے تفرس کیا کہ حضرت اس حالت مین عائشہ کے گھر مین رہنا چاہتے ہین چنانچہ سب بیبیان راضی ہوئین اور آنجناب بدستیاری علی مرتضیٰ اور فضل بن عباس حجرۂ عائشہ مین جلوہ افروز ہوئے اختلاف ہے کہ آنجناب کو کون بیماری تھی بعضے درد خاصرہ کہتے ہین خاصرہ ایک گ گردے مین ہے کہ جب وہ حرکت کرتی ہے درد ہوتا ہے اور بعضے درد سر بیان کرتے ہین اور کبھی روایت ہے کہ ازواج مطہرات سے کسی نے کہا تھا کہ آپ کو مرض ذات الجنب ہے ذات الجنب ایک پسلی کی بیماری ہوتی ہے سو مشورہ ام سلمہ اور اسما بنت عمیس کے لدود تجویز کیا یہ دوا ملک حبش مین دیکھ آئین تھین لدود کہتے ہین دوا کو جو بیمار کے منہ مین ایک ہی جانب سے ڈالی جاے سو آپ کے منہ مین ڈالی ہر چند آنحضرت نے باشارہ منع کیا کسی نے نمانا یہ سمجھے کہ بسبب تلخی کے آپ منع فرماتے ہین اور غلبہ مرض سے آسوقت بول نہ سکتے تھے جب اس حال سے افاقہ ہوا اور تجویز مرض کی حال دریافت ہوا تو فرمایا کہ ذات الجنب شیطان کے اثر سے ہوتا ہے انبیا کو ایسی بیماری نہین ہو سکتی پھر فرمایا جتنے آدمی گھر مین ہین سب کے منہ مین اسی طرح ڈالی جاے سوائے عباس کے کہ وہ اس مشورے مین شریک نہ تھے چنانچہ لدود اسی طرح ڈالا گیا یہان تک کہ حضرت میمونہ کے بھی حالانکہ وہ روزہ دار تھین اور بعض کے نزدیک شدت بخار تھا صحیحین مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حالت مرض مین حاضر ہوا آپ کی شدت تھی اور جب مین نے ہاتھ اپنا جسم شریف پر رکھا تو مجھکو تحمل نہوا مین نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو حرارت شدید لاحق ہے فرمایا ہان میری تپ ایسی ہے جیسی تم مین سے دو آدمیون کو ہوتی ہے کہا آپ کو دوا جر ہونگے فرمایا جس مسلمان کو ایذا شدید ہوتی ہے اسکی سیئات کا کفارہ ہوجاتا ہے جسطرح درخت اپنے پتے جھاڑتا ہے واشد الناس بلاء الانبیا ثم الامثل فالامثل اور بعض کے نزدیک انتاس زہر کا تھا جو حضرت نے خیبر مین کھایا تھا چنانچہ بخاری نے حضرت عائشہ سے روایت کی ہے کہ حضرت نے مرض موت مین فرمایا اے عائشہ ہمیشہ تھا مین کہ پاتا تھا درد اس کھانے کا جو کہ کھایا تھا خیبر مین اور اب پاتا ہون کٹنا رگ جان کا اس زہر کے اثر سے مراد زہر سے وہ لقمہ زہر آلودہ ہے کہ ایک یہودیہ نے بکری کے گوشت مین ملا کر بھیجا تھا اور آپ نے اس مین سے ایک لقمہ منہ مین لے لیا تھا اور آپ کو درد سر اور بخار شدید عارض ہوا کہ وہی مرض موت مین ظاہر ہوا نکتہ زہر سے مرض موت کا ہونا اسلیے کہ آپ کی وفات بطور شہادت ہوا بوبکر صدیق کی بھی موت اثر زہر سانپ سے جسنے خاصین کاٹا تھا ہوئی چنانچہ مشکوۃ مین روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ موجود ہے بالجملہ اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ درد سر اور

تصحیح

تب لاحق تھا اور اثر زہر بھی تھا یہی قول صحیح ہے **فائدہ** اگر کوئی اعتراض کرے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث نے سر الشہادتین مین لکھا ہے کہ شہادت سریہ آنجناب کو بواسطہ سبط اکبر حضرت امام حسن علیہ السلام کی ہوئی اور جہریہ بدریعہ حضرت امام حسین علیہ السلام اور اس حدیث سے حصول شہادت سریہ بذات خاص متحقق ہوتا ہے اور بھی جلال الدین سیوطی وغیرہ علماے متاخرین نے تصریح کی ہے کہ آپ کی موت بشہادت بسبب اثر زہر کے ہوئی تو جواب یہ ہے کہ مقصود حضرت استاذ الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ہے کہ شہادت سریہ علی وجہ الکمال آپ کو بدریعہ امام حسن علیہ السلام کے ہوئی اسلیے کہ کمال شہادت کا یہ ہے کہ تاخیر نہ ہو لہذا ارتثاث یعنی یہ کہ بعد زخمی ہونے کے تاخیر کرے کچھ دوا یا غذا کھا کے زخمی مرے موجب نقصان شہادت کا شمار کیا جاتا ہے پس اصل شہادت آپکو حاصل ہوئی لیکن شہادت کاملہ کہ مقتضے آپکے منصب عالی کا تھا بواسطہ حضرت حسنین کے حاصل ہوئی سو کاملہ بسبب حضرت امام حسن کے کہ صدمہ زہر سے بالاستمرار مدت شہید رہے بخلاف آنجناب کہ بعد چند سال کے آپنے وفات پائی اور جہریہ کاملہ بوسیلہ امام حسین علیہ السلام کے پس آپ کی شہادت شہادت جملہ انبیا اور شہدا سے کامل ہوئی **فائدہ** اختلاف ہے کہ آپ کو بیماری کس دن کس تاریخ کون مہینے مین لاحق ہوئی بعضے آخر ماہ صفر کہتے ہین اور بعضے اوّل ربیع الاول ابن جوزی نے کتاب الوفا مین ابتداے مرض ماہ صفر بیان کیا ہے اور دس راتین باقی تھین اور سلیمان تیمی نے ابتداے مرض بائیسوین صفر روز پیر کے قرار دی ہے جسطرح یہ اختلاف ہے تعداد ایام مرض مین بھی اختلاف ہے بعضے کہتے ہین پندرہ دن اور بعضے بارہ دن اور بعضے اٹھارہ دن اسی طرح تاریخ وفات مین اختلاف ہے ابن جوزی اور شیخ عبدالحق دہلوی نے بارھوین ربیع الاولے اور سلیمان تیمی نے دوسری ربیع الاولے قرار دی ہے والصحیح ہوا الاول شیخ عبدالحق دہلوی نے رسالہ ماثبت بالسنۃ مین بعد تحقیق لکھا ہے کہ وفات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی تاریخ بارھوین ربیع الاولے روز دوشنبہ سال یازدہم ہجری مین ہوئی اور جو اختلاف یوم وفات مین بعض کتب سیر مین مذکور ہے لائق اعتبار نہین ہے چنانچہ حضرت ابن عباس فرماتے ہین ولد نبیکم یوم الاثنین ودخل المدینۃ یوم الاثنین وخرج من مکۃ الی المدینۃ یوم الاثنین وتوفی یوم الاثنین اور صاحب بہجۃ المحافل نے لکھا ہے کہ اتفقوا علی انہ صلی اللہ علیہ وسلم توفی یوم الاثنین فی شہر ربیع الاول مگر وقت وفات مین اختلاف ہے بعضے وقت زوال اور بعضے قبل زوال کہتے ہین اور مشہور یون ہی ہے الا شیخ عبدالحق دہلوی نے رسالہ ماثبت بالسنۃ مین وقت چاشت لکھا ہے کہ اسی وقت آنجناب داخل مدینہ ہوئے تھے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب **فائدہ** سہیلی اور تواریخ اسکے اس مقام مین ایک اشکال قوی بیان کرتے ہین وہ یہ ہے کہ اتفاق اہل حدیث اور ارباب سیر کا اس بات پر ہے کہ حجۃ الوداع مین عرفے کا دن یعنی تاریخ نہم ذیحجہ جمعہ تھا پس غرہ ذیحجہ پنجشنبہ ہوگا اور محرم اور صفر اور ذیحجہ کامل فرض کرین یا ناقص یا بعض کو کامل اور بعض کو ناقص تو دوشنبہ تاریخ بارھوین ربیع الاول یوم وفات نہین پڑتا حالانکہ اکثر روایات صحیحہ صریحۃ الدلالۃ اسپر دال ہین کہ یوم وفات دوشنبہ تھا اور تفصیل یہ ہے کہ اگر تینون ماہ کامل فرض کرین تو غرہ ذیحجہ روز پنجشنبہ اور غرہ محرم روز شنبہ اور غرہ صفر روز دوشنبہ اور غرہ ربیع الاولے روز چارشنبہ اور بارھوین ربیع الاول یکشنبہ پڑتا ہے اور اگر ایک مہینا ناقص فرض کرین تو دوازدہم شنبہ ہوتا ہے اور جو دونون ماہ ناقص فرض کرین تو بارھوین روز جمعہ پڑتی ہے اور اگر تینون مہینے ناقص اعتبار کرین تو بارھوین پنجشنبہ کو پڑتی ہے بہر صورت تاریخ بارھوین روز دوشنبہ نہین ہوتی اور ابن قتیبہ نے

بیان اختلاف در تعیین یوم وفات

بیان اشکال در تعیین یوم وفات

جواب دیا کہ احتمال ہے کہ تینوں مہینے کامل ہوں اور اہل مکہ اور اہل مدینہ کو چاند کے دیکھنے میں ماہ دیجہ کے اختلاف ہو گیا ہو یعنی اہل مکہ نے پنجشنبہ کی رات کو دیکھا ہو تو غرہ پنجشنبہ کو ہوگا اور وقوف عرفہ روز جمعہ اور جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مدینے میں تشریف لائے تو تاریخ کو حسب رویت اہل مدینہ قرار دی ہو کہ انکے دیکھنے سے غرہ دیجہ روز جمعہ تھا اور غرہ محرم روز یکشنبہ اور غرہ صفر روز سہ شنبہ اور غرہ ربیع الاول روز پنجشنبہ اور دوازدہم روز دوشنبہ لیکن یہ جواب ضعیف ہے کیونکہ جب حضرت صلعم اور اصحاب آنحضرت کو یہ تحقیق ہو گیا کہ غرہ دیجہ بروز یکشنبہ تھا اور اسی بنا پر حجۃ الوداع کو بعد فرضیت حج سوائے اسکے آنجناب نے کوئی حج ادا نہیں فرمایا ادا کیا گیا تو پھر بعد معاودت مدینے کے تاریخ کا قرار دینا رویت اہل مدینہ پر خلاف معلوم ہوتا ہے بایں ہمہ اگر رویت اہل مکہ ثابت ہو اور تاریخ موافق رویت اہل مدینہ قرار پاوے تو ماہ دیجہ اکتیس دن کا پڑتا ہے اور یہ نامعقول ہے اور مواہب لدنیہ میں ہے کہ معتمد علیہ یہ ہے کہ وفات آنجناب تاریخ دوم ربیع الاول ہوئی راوی نے ثانی شہر ربیع الاول کہا تھا سامع نے شہر کو عشر سمجھا کہ ثانی عشر ہو گیا اور یہ غلطی متوارث ہو گئی اگرچہ تائید اس قول کی صراح سے ہوتی ہے کہ مؤلف صراح نے لکھا ہے کہ ربیع الاول اور ربیع الآخر کو بدون لفظ شہر استعمال نہیں کرتے ہیں بایں ہمہ قول صاحب مواہب بھی درست نہیں ہوتا جب تک تینوں مہینے ناقص فرض نہ کیے جاویں اسطرح کہ نہم دیجہ روز عرفہ بروز جمعہ اور غرہ دیجہ بروز پنجشنبہ اور غرہ محرم روز جمعہ اور غرہ صفر روز شنبہ اور غرہ ربیع الاول روز یکشنبہ اور دوم ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ بالجملہ تاریخ وفات میں اس قدر اختلاف واقع ہے کہ اصلا کوئی صورت الایتی اطمینان ظاہر نہیں ہوتی جسطرح تعین یوم اور ماہ میں اطمینان ہے مگر جیسا کہ حسب بیان اہل تحقیق مثل شیخ عبدالحق دہلوی وغیرہ متاخرین یہ ثابت ہے کہ بارھویں ربیع الاول روز دوشنبہ بقول اشہر حجرہ حضرت عائشہ صدیقہ میں بروز نوبت صدیقہ درمیان سینہ یا بین ہنسلی اور ٹھوڑی کے حضرت محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی چنانچہ صحیحین میں حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ نعمت خاص نعماے الٰہی سے میرے واسطے یہ ہے کہ حضرت صلعم نے میرے گھر میں میری نوبت میں بایں ہنسلی اور سینے میرے کے وفات پائی اور ایک یہ نعمت ہے کہ اللہ نے جمع کیا لعاب دہن میرا اور حضرت کا وقت وفات کے اسطرح کہ داخل ہوئے میرے پاس عبدالرحمن بن ابی بکر اور انکے ہاتھ میں مسواک تھی اور حضرت میرا تکیہ لگائے تھے یعنی میرے سینے سے لگے بیٹھے تھے سو میں نے دیکھا کہ حضرت صلعم عبدالرحمن کی طرف دیکھتے ہیں اور میں نے جانا کہ آپ مسواک کو چاہتے ہیں میں نے التماس کیا کہ اسے لیلون آپ کے واسطے حضرت نے سر مبارک سے اشارہ کیا کہ ہاں لیلو سو میں نے مسواک عبدالرحمن سے لی اور دی حضرت کو اور کی آپ نے مسواک سو دشوار ہوئی حضرت پر یعنی بسبب سختی کے تب کہا میں نے کہ نرم کر دوں تمہارے لیئے فرمایا اشارہ سے کہ ہاں پھر میں نے نرم کر دی مسواک اور پھیری حضرت نے اپنے دانتوں پر اور حضرت کے روبرو ایک برتن میں پانی رکھا تھا کہ ڈالتے تھے حضرت اپنے دونوں ہاتھ اس پانی میں اور پھیرتے تھے چہرہ مبارک پر اور فرماتے تھے لا الٰہ الا اللہ ان للموت سکرات یعنی بیشک ہمیشہ ان پر موت کی پھر بلند فرمایا حضرت نے اپنا ہاتھ بطریق دعا بطور اشارہ جانب آسمان اور مکرر فرمایا فی الرفیق الاعلے یعنی شامل کر مجھے رفیق اعلے میں یہاں تک کہ قبض روح کی گئی حضرت کی اور جھک گئے اور نیچے گر پڑے دست مبارک یعنی دہنی یا بائیں یا دونوں طرف یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس پر کہ پانی سے تخفیف حرارت میں ہوتی ہے اور ہر مریض کو یہ کرنا چاہیے کہ اگر

وہ نہ کرسکے تو کوئی اور کرے جسطرح پانی کا ٹپکانا حلق مین بلکہ جب بہت حاجت ہو تو واجب ہو اگر کوئی اس مقام مین سبہ کرے کہ حالم اور ابن سعد کی روایت مین ہو کہ تھا سر مبارک آنجناب کا علی مرتضیٰ کی گود مین اور یہ حدیث اسکے خلاف ہو تو رفع تعارض یون ہوسکتا ہو کہ بر تقدیر صحت روایت یون تطبیق کیجاے کہ تھا سر مبارک علی کی گود مین قبل وفات اور حضرت عائشہ کی گود مین وقت وفات کذا فی شرح المشکوٰۃ اور صحیحین مین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم حالت صحت مین فرماتے تھے کہ بلا رضامندی کسی پیغمبر کو موت نہین آتی سو جب حضرت کو مرض موت مین غشی سے ہوش آیا تو آپ نے آنکھ کھول کر فرمایا اللھم الرفیق الاعلیٰ اسوقت مین نے جانا کہ حضرت نے ہمکو چھوڑا اور موت کو اختیار کیا اور یہ آخری کلام حضرت کا تھا بعد اسکے پھر کلام نہین فرمایا مراد رفیق اعلیٰ سے انبیا ہین کہ ساکن ملاء اعلیٰ یعنی اعلیٰ علیین مین جسطرح دوسری حدیث مین آیا ہو کہ حضرت فرماتے تھے مع الذین انعمت علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا یا مراد ملاء اعلیٰ سے عالم ملکوت یعنی فرشتے وغیرہ آسمانون کے رہنے والے ہین اور بعض نے کہا ہو کہ مراد رفیق اعلیٰ سے حضرت رب العزت ہین اور اطلاق رفیق کا اللہ جل شانہ پر آیا ہو اور حدیث مین ہو کہ حضرت جبرئیل آئے اور کہا خدا ے تعالیٰ مشتاق ہین دراختیار دیتے ہین تمکو چاہو دنیا مین رہو چاہو یہان آؤ حضرت نے فرمایا اختر الرفیق الاعلیٰ سہیلی کہتے ہین کہ حالت طفلی مین حضرت نے حلیمہ کے پاس اول کلمہ اللہ اکبر کہا تھا اور بروز الست بربکم اول بلیٰ اور آخر الرفیق الاعلیٰ حیاۃ الحیوان مین واقدی سے روایت لکھی ہو کہ جب شک ہوا حضرت صلعم کی موت مین تو اسما بنت عمیس نے اپنا ہاتھ دونون مونڈھون کے درمیان رکھا اور کہا وفات پائی حضرت نے اور اٹھائی گئی مہر نبوت آپ کے مونڈھون مین سے بیہقی اور ابو نعیم نے بھی اسی طرح روایت کی ہو جب لوگون کو یہ حال معلوم ہوا تو حضرت کے اہلبیت اور اصحاب پر قیامت کا رنج و ملال ہوا حضرت عثمان کو سکوت ہوگیا اور حضرت علی جامانده ہوگئے اور حضرت عمر کے ہوش جاتے رہے اور عقل پر جا زہی حتی کہ وہ فرمانے لگے کہ حضرت نے وفات نہین پائی جو کوئی یہ کہے گا اسے قتل کرونگا صرف حضرت عباس اور صدیق اکبر ثابت قدم تھے اور قبل وفات حضرت صلعم اجازت لیکے اپنی زوجہ بنت خارجہ کے پاس سنح مین کہ ایک مقام ہو کنارے مدینہ کے چلے گئے تھے خبر وفات کی پاکر آئے دیکھا کہ عمر رضی اللہ عنہ مدہوشانہ تلوار نکالے کھڑے ہین اور لوگ آنکے گرد ہین اور وہ کہتے ہین کہ جناب رسول اللہ کا انتقال نہین ہوا آپ کو خدا نے بلا لیا جیسے موسیٰ کو طور پر بلا لیا تھا آپ تشریف لاکر منافقین کے ہاتھ پیر کٹوائینگے منافقین نے یہ خبر اوڑائی ہو ابو بکر صدیق آتے ہوئے حجرہ مین چلے گئے اور چہرہ مبارک سے چادر اٹھاکے شانے مبارک کا بوسہ دیا اور رو دئے اور کہا طبت حیا و میتا آپ پاکیزہ ہین حیات اور موت دونون مین اور آپ پر اللہ دو موتین جمع نہ کریگا جو موت مقدر تھی سو ہوچکی پھر باہر نکلے اور حضرت عمر کو انکے مقولہ سے روکا لوگ حضرت عمر کو چھوڑکر انکی طرف آئے انھون نے خطبہ پڑھا اور کہا من کان یعبد محمدا فان محمدا قد مات ومن کان یعبد اللہ فان اللہ حی لا یموت اور یہ آیت پڑھی وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل تا سیجزی اللہ الشاکرین اس خطبے کے سنتے ہی سب کو موت رسول اللہ صلعم کا یقین ہوا اور وہ غفلت کا پردہ اٹھ گیا

اور آیۃ وما محمد الا رسول ہر ایک کی زبان پر جاری ہوئی سبحان اللہ خدا کی حکمت سے کوئی واقف نہیں ہو سکتا دیکھو اگر یہ دونوں حضرات بھی از خود رفتہ ہوتے تو انتظام امت محمدیہ میں ایک خلل پڑ جاتا اور مفسدہ عظیم برپا ہوتا اسلیے اللہ نے حضرت صدیق اکبر اور عباس بن عبد المطلب کو ہوش میں رکھا تا کہ یہ دونوں اصل معاملے سے خبردار کریں الغرض جب تحقیق ہو گیا کہ حضرت رحمۃ للعالمین کا وصال ہو گیا تو اصحاب نے چادر جبرہ کہ ایک قسم چادر یمنی کی ہے جسم مبارک پر اڑھائی خواہ دو شنبہ میں چادر ڈالی تھی نے دلائل النبوۃ میں حضرت امام زین العابدین سے روایت کی ہے کہ جب حضرت نے وفات پائی تو آیا تعزیت کرنے والا اور اسکی آواز لوگوں نے گھر کے کونے سے سنی کہ وہ کہتا ہے السلام علیکم یا اہل البیت ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ان فی اللہ عزاء من کل مصیبۃ وخلفا من کل ہالک وعوضا من کل فائت فبا اللہ فثقوا واماہ فارجوا فانما المصاب من حرم الثواب فقال علی اتدرون من ہذا وہو الخضر یعنے سلام تم پر ہو گھر والے پیغمبر کے اور مہربانی اور برکات خدا کی تم پر البتہ خدا میں تسلی ہے ہر مصیبت سے اور عوض ہے ہر چیز پر ہالک ہونے والی کا اور تدارک ہے ہر چیز پر فوت ہونے والی کا پس تقوی اختیار کرو اور رجوع اور فزع سے بچو اور اس سے امید رکھو اور نہیں ہے مصیبت زدہ مگر وہ جو محروم کیا گیا ہے ثواب سے پھر کہا علی مرتضی نے کہ جانتے ہو یہ کون ہے یہ خضر ہیں اس حدیث کے معنی عالموں نے کئی طرح سے کہے ہیں ایک توجیہ کہ فی اللہ عزاء اس سے فی کتاب اللہ عزاء مراد ہے یعنی کتاب خدا کی تسلی دیتی ہے ہر مصیبت سے گویا اشارہ ہے اس آیت پر وبشر الصابرین الذین اذا اصابتہم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون یعنی خوشخبری سنا صبر کرنے والوں کو جب پہنچتی ہے انکو مصیبت کہتے ہیں ہم ملک ہیں اللہ کی اور اسی کی طرف جانے والے ہیں پس عزا یعنی تعزیت ہے دوسرے یہ کہ خدا فرمانے والا صبر کا ہے اور تسلی دہندہ ہے اسکو علم بیان میں تجرید کہتے ہیں جسطرح روایت فی زیدا اسدا یعنی دیکھا میں نے زید میں شیر یعنی زید کو مانند شیر پایا اور یہ مناسب تر ہے تیسرے اللہ کے دین میں بدلا اور تدارک ہے ہر چیز پر ہالک اور فوت ہونے والی کا اور حصن حصین میں ہے کہ فرشتوں نے صحابہ سے تعزیت کی اور کہا ان فی اللہ عزاء من کل مصیبۃ وخلفا من کل فائت فباللہ فثقوا وایاہ فارجوا فانما المحروم من حرم الثواب والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بیشک اللہ میں تسلی ہے ہر مصیبت کی اور بدلہ ہے ہر گئی ہوئی چیز کا پس اللہ ہی پر اعتماد کرو اور اسی سے امید رکھو محروم وہی ہے جو ثواب سے محروم ہے اور سلام تم پر اور رحمت خدا کی اور برکتیں اسکی اور بھی حصن حصین میں ہے کہ ایک شخص کھڑی ڈاڑھی موٹا گورا وہاں آیا اور لوگوں کو پھلانگ کے اندر پہونچا اور رویا اور صحابہ کی طرف منہ کر کے کہا ان فی اللہ عزاء من کل مصیبۃ وعوضا من کل ہالک فالی اللہ فانیبوا والیہ فارغبوا ونظرہ الیکم فی البلاء فان المصاب من لم یجبر وہ شخص یہ کہہ کر چلا گیا لوگ پہچانتے نہ تھے اسکو حضرت صدیق اکبر اور علی مرتضی نے کہا کہ یہ خضر تھے بعد اسکے خبر پہنچی کہ انصار نے سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہو کے یہ تجویز کی ہے کہ سعد بن عبادہ کو امیر کریں یہ خبر سنکے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت ابوعبیدہ بن الجراح سقیفہ بنی ساعدہ کو گئے سقیفہ کہتے ہیں بیٹھنے ہوئے مکان کو اور بنی ساعدہ ایک قبیلہ ہے انصار میں اس قبیلے میں ایک مکان بطور چوپال تھا وہی سقیفہ بنی ساعدہ کہلاتا تھا وہاں پہونچکر انصار سے اس بات میں گفتگو کی حضرت عمر کہتے ہیں کہ میں نے اسوقت ایک تقریر اپنے

دل مین بنا رکھی تھی مین نے چاہا کہ مین تقریر کرون حضرت ابوبکر نے روکا اور خود تقریر کی جو باتین مین نے سوچی تھین بہت خوبی سے ادا کین انصار کے فضائل اور مناقب بیان کیے اور اُنکے حقوق کو بھی تسلیم کیا اُنھون نے امارت کے باب مین جو دعوی کیا وہ کل امارت چاہتے تھے پھر اُنھون نے کہا منا امیر ومنکم امیر یعنی ایک امیر ہم مین رہے اور ایک تم مین یعنی مہاجرین مین تب ابوبکر صدیق نے یہ حدیث پڑھی الائمۃ من قریش یعنے سردار اور بادشاہ قریش مین سے ہون انصار خاموش ہوگئے تب ابوبکر صدیق نے کہا عمر بن خطاب خواہ ابوعبیدہ سے بیعت کرو حضرت عمر کہتے ہین کہ کل تقریر مین ایک یہی بات مجھے ناپسند ہوئی کہ بہ نسبت اس کلام کے اگر میری گردن ماری جاتی تو قبول تھا اسلیے کہ مین امام ہون اُس جماعت پر جسمین ابوبکر ہون مین نے ابوبکر سے کہا کہ تمھارے ہوتے کون امام ہوسکتا ہو ہاتھ دراز کرو اُنھون نے ہاتھ بڑھایا مین نے بیعت کی اور حضرت ابوعبیدہ نے اور سب حاضرین نے بیعت کی صواعق محرقہ مین ہو کہ بعد فحائش ابوبکر سعد بن عبادہ نے بھی بیعت اُسی وقت کی اور یہ روایت غلط ہو کہ سعد بن عبادہ نے تمام عمر بیعت نہین کی مدینہ چھوڑ کے یمن کو چلے گئے بعد ازان غسل مین تردد ہوا اول دروازے حجرہ سے آواز آئی کہ حضرت طاہر اور مطہر ہین غسل مت دو پھر دوسری بار آواز آئی کہ غسل دو اول کہنے والا شیطان تھا اور مین خضر ہون پھر تردد ہوا کہ کپڑے سمیت غسل دین یا برہنہ کرکے اس حالت مین سب کو نیند آگئی اور گوشہ خانہ سے آواز آئی کہ اغسلوہ فی ثیابہ رواہ البیہقی عن عائشہ رض فی الدلائل چنانچہ آواز کے سنتے ہوئے اصحاب اُٹھے اور مع قمیص حضرت علی مرتضی اور عباس بن عبدالمطلب اور فضل اور قثم دونون بیٹون حضرت عباس رضی اللہ عنہم نے بمواجہہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے غسل دیا اور اُسامہ بن زید اور شقران ہر دو موالی یعنی غلام آزاد رسول مقبول صلعم بھی شریک ہوئے یعنی قمیص پر پانی ڈالتے تھے اور اُس سے بدن کو ملتے تھے اس اثنا مین انصار نے کہا کہ ہم چاہتے ہین کہ اس شرف مین سے ہمین بھی کچھ نصیب ہو حضرت ابوبکر نے ایک شخص کو انصار مین سے تعینات کردیا کہ پانی دینے مین اور اسی طرح کے کامون مین مدد کرے ایک روایت ہو کہ خوبی کے بیٹے اُس انصاری کے شریک تھے روایت ہو کہ اول آب خالص پھر سدر پھر کافور کے پانی سے اور کفنتین ایک جگہ مدفن مین ہو اور سعد بن حثیمہ کے ملک تھا غسل دیا بعد اُسکے آب برگ کنار سے پھر کافور کے پانی سے اور حالت اغتسال مین حضرت علی مرتضی نے اپنا ہاتھ پیٹ پر رکھ کر دیا کوئی چیز جاے برآمد ہوکر نکلے فرمایا صلے اللہ علیک لقد طبت حیا وسیتا بعد ازان تین کپڑون مین جو سفید تھے اور اُنمین قمیص اور عمامہ نہ تھا کفنایا حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہو کہ مین جامے یمنی مین لپیٹا تھا اور اُسمین قمیص اور عمامہ نہ تھا اور حضرت ابن عباس رض فرماتے ہین کہ منجملہ تین کپڑون کے ایک قمیص تھا جسمین روح مبارک نے مفارقت فرمائی تھی اسی روایت پر علماے حنفیہ کا عمل ہو یعنی اُنکے نزدیک ازار اور لفافہ اور قمیص کفن مین ہونا چاہیے اور نووی نے شرح مسلم مین لکھا ہو کہ جس قمیص مین غسل دیا تھا اُسکو نکال ڈالا تھا اور بعض کے نزدیک سواے تین کپڑون کے عمامہ اور قمیص بھی تھا اصل یہ ہو کہ حضرت صلعم کے کفن مین روایتین مختلف ہین صحیح تو حضرت اُم المومنین کا ہو مگر اُس قول کی تفسیر مین اختلاف ہو بعض کے نزدیک مراد یہ ہو کہ تین کپڑے تھے سواے

قمیص اور عمامہ کے کہ مجموع پانچ ہوتے ہین اور بعض عالمون نے کہا یعنی صحیح ہین کہ قمیص اور عمامہ نہ تھا نووی نے کہا جمہور اسی پر ہین اسی سبب سے حنفیہ کہتے ہین کہ تین سے زیادہ مکروہ اور شافعیہ کے نزدیک جائز غیر مستحب بنابر رجال اور عورتون کے لیے موکد تر اور مالکیہ کے نزدیک تین سے سات تک مکروہ نہین اور اس سے زائد مکروہ والتحقیق فی الفقہ الغرض بعد کفنانے کے ایک تخت پر لٹایا اور نماز کی تجویز ہونے لگی حضرت علی مرتضی نے فرمایا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق کے امام ہین جیتے اور مرنے لہذا کوئی امام نہوگا چنانچہ صلوۃ جنازہ فرادی فرادی پڑھی گئی جماعت سے ادا کی اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حکم اقدس نماز کے واسطے یون ہین تھا اور منظور یہ تھا کہ اس شرف سے کوئی محروم نہ رہے اور یہ تو معلوم تھا کہ جسد اطہر انبیاے کرام ہین بعد موت مطلقا تغیر نہین پاتا اس سبب سے تاخیر دفن کا کچھ اندیشہ نہ تھا حسب الحکم عالی سب لوگ نماز سے شرف ہوئے اگرچہ دفن مین تاخیر تنی ہوئی کہ سہ شنبہ کو وقت سحر یا شب چار شنبے کو آپ مدفون ہوئے روایت ہے کہ اول مردون نے نماز پڑھی پھر عورتون نے پھر لڑکون نے بعد تحقیق اور تدقیق ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر توقیفی تھا اور کوئی سبب تحقیقی کسی قول سے پایا نہین جاتا بعد ادان مقام قبر مین گفتگو شروع ہوئی بعض نے کہا کہ بقیع مین دفن کرین اور بعض نے مسجد مین اور بعض نے کہا مکے کو لیچلین اور اور بعض نے کہا بیت المقدس کو لیجائین کہ وہان قبور انبیا علیہم السلام بہت ہین اور شمائل ترمذی کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ دفن کرنے اور نہ کرنے مین اختلاف ہوا تھا صحابہ نے حضرت صدیق اکبر سے کہا اے صاحب رسول اللہ حضرت مدفون ہون یا نہین فرمایا دفن کرو پوچھا کہان صدیق اکبر نے فرمایا کہ جس مقام مین قبض روح ہوئی اسلیے کہ نہین قبض کی ہے اللہ نے روح انکی مگر مکان پاکیزہ مین اصحاب نے جانا کہ سچ کہا حضرت صدیق نے اور بعض روایات مین ہے کہ حضرت صدیق اکبر نے کہا مین نے سنا ہے حضرت سے کہ انبیا اسی جگہ مدفون ہوتے ہین ہمارا قبض روح کی گئی اور علی مرتضی نے بھی یون ہی فرمایا نیز فرمایا کہ کوئی مقام شریف تر نہین اس سے جہان روح مبارک قبض کی گئی اور یہ منافی نہین ہے اسکے کہ روایت کی ہے ترمذی نے حضرت عائشہ سے کہ حسب وصایت حضرت نے تو اختلاف واقع ہوا دفن کرنے مین فقال ابوبکر سمعت من رسول اللہ صلعم شیئا ما قبض اللہ نبیا الا فی الموضع الذی یحب ان یدفن فیہ ادفنوہ فی موضع فراشہ یعنی کہا ابوبکر نے کہ سنا ہے مین آنحضرت سے کچھ وہ یہ ہے کہ فرمایا حضرت نے نہین قبض کی اللہ نے روح کسی پیغمبر کی مگر اسجگہ کہ دوست رکھتا ہے وہ پیغمبر یہ چاہتا ہے اللہ کہ دفن کیا جاے وہ پیغمبر اسمین دفن کرو اسکو جاے فراش مین اسکے یعنی جس مقام مین حضرت صلعم نے وفات پائی ہے الغرض دفن کرنا حجرہ عائشہ صدیقہ مین قرار پایا بعد اسکے یہ اختلاف ہوا کہ لحد کھودی جاے یا شق اور مدینہ طیبہ مین دو شخص گورکن تھے ایک ابوطلحہ کہ لحد کھود جانتے تھے اور دوسرے ابوعبیدہ بن الجراح کہ لحد کھودنا نہین جانتے تھے شق کھودتے تھے یعنی سیدھی پھر اتفاق ہوا اس امر پر کہ ان دونون مین سے جو کوئی پہلے آوے وہ اپنا کام کرے سو ابوطلحہ اول آئے بعد اسکے کسی نے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا ہے اللحد لنا والشق لغیرنا چنانچہ لحد ہی کھودی گئی اور حضرت عباس و علی و قثم و فضل نے قبر مین اتارا اور شقران نے کہ غلام سرخ کہ غزوہ خیبر مین ہاتھ لگی تھی بچھائی اور حضرت صلعم کو دفن کیا روایت ہے کہ یہ تمام خصوصیات جناب رسالت مآب تھین اور یہ آخر حضرت کی گئی تھی اور مہاجرین بالاتفاق بچھونا قبر مین اور تکیہ کھجور کا اور عصا سوا آنحضرت کے کسی کے مزہ جاتا رہا مگلابن نہار کہتے ہین کہ بعد دفن کے کلیم نکال لیگئی کذا قال ابن عبد البر اور صاحب سبحة المحافل نے لکھا ہے وفرش شقران فی القبر الکریم قطیفة قد کان رسول اللہ صلعم

فدفنها معه، قال واللہ لا یلبسها احد بعدک مگر روایات صحیحہ سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ جب حضرت صلعم کو دفن کرنے لگے تو شقران غلام آزاد آنحضرت نے چادر بچھا دی اور کہا کہ مین نہین چاہتا ہون کہ اور کوئی اس چادر کو بعد حضرت کے اوڑھے صحابہ کو یہ بات ناگوار معلوم ہوئی کہ انھون نے نکلوا ڈالی اسی جگہ سے علما کہتے ہین کہ بچھانا چادر وغیرہ کا قبر مین مکروہ ہی

فائدہ علما نے لکھا ہی کہ مستحب دفن نماز جنازے کی ہونا اور بے جماعت ہونا اور گھر مین مدفون ہونا خواص نبی کریم سے ہی بالجملہ بعد دفن کے کچی اینٹون سے کہ عدد مین نو تھین منھ قبر کا بند کیا گیا اور خاک ڈالی گئی اور قبر مذکور مسنم بنائی گئی یعنی بطور کوہان شتر اور بلندی بقدر ایک بالشت کر دی گئی بعد اسکے حضرت بلال نے ایک مشک پانی سر سے پیرون تک ڈالا اور کنکریان برنگ سفید و سرخ جمع کر دین اور بعضے کہتے ہین کہ قبر حضرت صلعم کی زمین کے برابر کر دیگئی تھی یعنی مسطح تھی مسنم نہین مگر صحیح بخاری مین سفیان نمار سے روایت ہی کہ مین نے قبر رسول اللہ صلعم مسنم دیکھی ہی اور ابو نعیم نے استدر زیادہ کیا ہی کہ قبر ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی بھی مسنم تھی و لہذا علما نے مدار استحباب تسنیم کے قائل ہین اور امام اعظم و امام مالک و امام احمد اور ایک جماعت شافعیہ اسی طرف کے مائل ہین اور بعضے شافعیہ استحباب تسطیح کے اور تفسیر نظم الجواہر مین مفتی محمد ولی اللہ فرخ آبادی قدس سرہ لکھتے ہین کہ بعد دفن کے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا قبر پر آئین اور روئین پھر ایک مشت خاک قبر سے لیکر آنکھون سے لگائی اور یہ دو شعر زبان مبارک سے فرمائے ؎ ماذا علی من شم تربۃ احمد ۔ ان لم یشم مدی الزمان غوالیا

صبت علی مصائب لو انہا ۔ صبت علی الایام صرن لیالیا ۔ یعنی کہا چاہیے اس شخص کو جو سونگھے مٹی مزار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ چاہیے کہ نہ سونگھے ساری عمر کوئی خوشبو بڑین مجھپر وہ مصیبتین جو پڑتین دنون پر تو ہو جاتی راتین اور بخاری مین ہی کہ بعد دفن کے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا انس اطابت انفسکم ان تحثوا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التراب یعنی اے انس آیا گوارا ہوا تمہارے نفسون پر اے اصحاب کہ ڈالو تم پیغمبر پر مٹی پوشیدہ نہ رہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی بروز دوشنبہ اور دفن کیے گئے بدھ کی شب مین اور بعضون نے کہا منگل کے دن بعد ڈھلنے آفتاب کے خط نصف النہار سے اور قول اول اندوے روایت درایت صحیح تر ہی اور وجہ توقف کی ظاہر یہ واقع ہوئی کہ اول وفات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم مین اختلاف پڑا پھر غسل دینے مین تردد ہوا پھر استقرار خلافت مین نزاع رہی بعد ازان مقام دفن مین اضطراب رہا پھر ادائے صلوۃ مین گفتگو رہی استقرار خلافت باجماع امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام بنا حضرت امیر المومنین ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر بسبب مراتب علیا کے ہوے عمر حضرت صلعم کی بعضے ساٹھ برس کی اور بعضے باسٹھ برس چھ مہینے کی اور بعضے پینسٹھ برس کی کہتے ہین مگر ارباب تحقیق تر سٹھ برس کی لکھتے ہین اور اسی قول کو امام احمد بخاری نے ترجیح دی ہی اور عجائب اتفاقات سے ہی کہ حضرت صلعم نے اپنی عمر مین تر سٹھ اونٹ نحر کیے اور تر سٹھ رقبہ آزاد فرمائی مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا جب ارادہ اللہ کرتا ہی کسی امت پر اپنے بندون سے رحمت کرنے کا تو امت سے پہلے اس امت کے پیغمبر کی قبض روح کرتا ہی یعنی پیغمبر کی وفات امت سے پہلے ہوتی ہی پھر اس پیغمبر کو

اپنی امت کو سرادل بناتا ہی اور پیشوا بھیجتا ہی امت کے آگے اور جب خدا کسی امت کی ہلاکی اور بربادی چاہتا ہی تو امت پر
عذاب بھیجتا ہی اُس اُمت کے پیغمبر کے جیتے پھر مٹاتا ہی امت کو پیغمبر کے سامنے ہی تو پیغمبر کی آنکھ کو ٹھنڈک اور روشنی بخشی
امت کو مٹا کر جب اُسکو ان کافرون نے جھوٹا کیا اور اُسکے حکم کو نہ مانا یعنی جس امت پر خدا کرم اور رحمت کیا چاہتا ہی تو اُسکے
پیغمبر کی پہلے وفات ہوتی ہی تاکہ امت اُسکے غم مین صبر کرے اور ثواب پائے اور اُسکے بعد اُسکی شریعت پر عمل کرے تو دونا ثواب
حاصل کرے اور پیغمبر اپنی امت کے نیک عمل دیکھ کر خوش ہو اُس عالم مین اور گواہ رہے امت کے ایمان کا گویا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے میرے اس ارشاد سے اپنی امت کو دلاسا دیا کہ میرے فراق مین پریشان دل نہون میری وفات کو غضب الٰہی
نہ جانین خدا کی رحمت سمجھین اُسی واسطے اس اُمت کو امت مرحومہ کہتے ہین اور جس امت پر خدا غضب کیا چاہتا ہی تو
اُسکے پیغمبر سے پہلے امت کو ہلاک کرتا ہی تا پیغمبر کے دل کے پھپھولے پھوٹین اسواسطے کہ اُس امت کمبخت نے اپنے پیغمبر کی
قدر نہ جانی اُسکو رنج دیا اور جھٹلایا جسطرح حضرت نوح اور حضرت لوط اور حضرت صالح اور حضرت ہود کی اُمتون کا حال ہوا
کہ پیغمبر اُنکے زندہ رہے اور امت عذاب الٰہی سے ہلاک ہوئی انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے
میری زندگی تمھارے لیے بہتر ہی کہ مجھسے باتین کرتے ہو اور مین تمسے باتین کرتا ہون پھر جب وفات مین پاؤن تو موت میری
تمھارے واسطے بہتر ہی کہ تمھارے عمل مجھپر عرض کیے جائینگے اگر نیک ہونگے تو حمد الٰہی کرونگا اور بد ہونگے تو استغفار
کرونگا رواہ الحارث فی مسندہ اگرچہ حضرت صلعم نے بنظر شفقت واسطے تسلی قلوب اصحاب امت کے یہ ارشاد فرمایا تھا
لیکن جب حضرت کی وفات ہوئی تو شدت رنج والم سے کوئی بیہوش ہوگیا اور کوئی جاماندہ چنانچہ حضرت انس فرماتے ہین
کہ جب یہ دن کہ داخل ہوے رسول خدا مدینے مین تو روشن ہوگئی ہر چیز مدینے کی یعنی در و دیوار وغیرہ اور جب کہ
ہوا وہ دن کہ وفات پائی اُسمین حضرت نے تاریک ہوئی مدینے مین ہر چیز اور نہین جھاڑے تھے ہمنے ہاتھ اپنے
خاک سے اس حال مین کہ دفن حضرت مین مشغول تھے یہان تک کہ ناآشنا جانا ہمنے دلون کو یعنی متغیر ہوگئے حال ہمارے
بسبب وفات رسول اللہ صلعم کے تبلیغ حیات مستمرہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بدلائل قویہ ثابت ہی کوئی مسلمان
اس سے انکار نہ کرے ابی درداء سے روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ درود بھیجو بکثرت بروز جمعہ
کیونکہ یہ دن مشہود ہی حاضر ہوتے ہین اسمین فرشتے اور کوئی بندہ نہین کہ مجھپر درود بھیجے مگر یہ کہ وہ درود مجھکو پہنچتا ہی
جہان کہین مین ہون مین نے کہا اور بعد وفات آپکے فرمایا بعد وفات بھی تحقیق اللہ نے زمین پر حرام کیا ہی کہ جسد
پیغمبرون کا کھائے رواہ البطرانی فی الکبیر و روے ابن ماجہ نحوہ اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ کے کچھ فرشتے زمین پر پھرتے ہین کہ صلوٰۃ میری امت کی جو مجھپر بھیجے ہین
پہونچاتے ہین رواہ الدار قطنی اسی طرح اور حدیثین بہت ہین کہ اُنسے حیات مستمرہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
اور بھی دیگر انبیا علیہم السلام خصوصاً اور عموماً بعد چشیدن موت یکبارہ ثابت ہوتی ہی اور بھی ثابت ہوتا ہی کہ کھون

قبور سے نکلتے ہین اور انکی مشرف پر گذر فرماتے ہین چنانچہ شب معراج مین اکثر انبیا اولوالعزم نے حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی اقتدا کی اور آسمان پر ملاقی ہوے آور جو موت قرآن شریف مین مذکور ہی کہ انک میت وانہم میتون
آور جس موت پر اجماع منعقد ہوئی سو وہ موت مراد ہی کہ جملہ انبیا اور شہدا اور مسلم اور کافر کو ہوتی ہی پھر انبیا اور شہدا
بعد اس موت کے بہ حیات مستمرہ زندہ کیے جاتے ہین اور ان حضرات کے سوائے اور مردہ زندہ کیے جاتے ہین مگر
بعد سوال منکر اور نکیر کے پھر مرجاتے ہین اور کریمہ امتنا اثنتین واحیینا اثنتین انھین دو موت اور دو حیات کا
اشارہ ہی اور پوشیدہ نہ رہے کہ حیات انبیا بھی بلقد رشان اور مرتبہ ہی اور حیات شہدا سے افضل ہی اور حیات شہدا
حیات دیگر صلحا اور عصاۃ سے افضل ہی یعنی انکو بھی بنابر ادراک لذات وآلام برزخ تا روز قیامت حیات سے
ناگزیر ہی گویا حیات دیگران بجز حیات انبیا حیز اعتبار سے ساقط ہی کیونکہ احکام دنیویہ اُسپر مترتب نہین ہوتے
بخلاف حیات انبیا علیہم السلام کہ احکام دنیویہ کا ترتب اوسپر ہوتا ہی چنانکہ بعض علما فرماتے ہین کہ بنظر ثبوت حیات
مستمرہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کوئی شخص حضرت کا وارث قرار نہ پایا اس قول کو امام الحرمین نے ترجیح دی ہی
اور یہ احکام شہدا مین جاری نہین ہین چہ جاے دیگران آور سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی کے مطابق کہا ہی
کہ موت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی مستمرہ نہین ہی بلکہ حق جل شانہ نے سبب اماتت جاری کرکے پھر زندہ کیا
اور انتقال ملک وغیرہ مشروط بموت مستمرہ ہی پس واضح ہوا کہ حیات انبیا علیہم السلام اکمل واعلی ہی حیات شہدا سے
کذا فی المواہب اللدنیہ وجذب القلوب آور تحقیق اس مقام کی اسطرح پر کہ نقاب چہرۂ شاہد مقصود سے اٹھاوے
یہ ہی کہ اس مقام پر چار باتین ہین ایک اثبات بقاء روح بعد مفارقت جسد دوسری اثبات بقاء جسد
بعد مفارقت روح تیسری اثبات مقارنت ہر دو بعد مفارقت کہ حیات اسی سے عبارت ہی چوتھی اختلاف
میان انبیا وشہدا وغیرہم سو اول مین تمام ملل ونحل وصوفیہ ومتکلمین وحکماء اشراقیین ومشائین متفق ہین
اصلا اختلاف نہین نہ کسی روح کی خصوصیت ہی آور دوسری انبیا کے واسطے مخصوص ہی کہ اجساد اُنکے
قبرون مین باقی ہین آور احادیث کثیرہ سے کہ بعض اُنکے صحیح ہین اور بعض کمتر از صحیح ثابت ہوتا ہی اور یہ منصب
اور مرتبہ بعضے اتباع انبیا علیہم السلام کو مثل شہدا اور بعضے اولیا اور صلحا کو بھی متحقق ہی کہ یہ مقام اُسکے
تفصیل کا نہین ہی اور تیسری بات بھی بنابر ادراک لذت والم برزخ تا روز قیامت کمتر اُس حیات سے
کہ بعد حشر حاصل ہو ضروریات سے ہی آور جو کوئی اسمین اختلاف رکھتا ہی اُس سے فقیر کو کچھ کام نہین ہی
استدلال اس مطلب پر اور رد منکر پر وظیفہ علم کلام ہی اور چوتھی اثبات اختلاف میان انبیا وشہدا وغیرہم
سو اسکا حال یہ ہی کہ خالق ذوالجلال نے قوت اور تصرف مین ارواح کو مختلف پیدا کیا ہی جسطرح اجساد کو مختلف
بنایا ہی پس وہ روحین کہ اصل خلقت مین مستعد تصرفات جلیلہ ہین سو وہ بعد مفارقت بدن اور حیات جسمانی بھی

اسی طرح کے تصرفات ظاہر کرتے ہین اور بعضے اُنمین کے بہ کسب یا صفت عامہ استعداد کو منصۂ ظہور مین لاتے ہین سو بعد مفارقت ابدان بھی اُنسے وہ تصرفات جلیلہ ظاہر ہوتے ہین اسی لحاظ سے اورون کو بسبب عدم تصرفات باقیہ تصرفات کے زمرۂ اموات مین شمار کرنا چاہیے اور انکو منجملہ احیا یا بالجملہ ان دونون فریق مین فرق بیّن ہی مگر اس تقریر سے نہ سمجھا جائے کہ ارواح دیگران بعد فنا سے ابدان معدوم و اجساد سے بالکل بے علاقہ ہین کیونکہ اگر ایسا ہو تو لذت و الم برزخی کون دریافت کرے بلکہ یہ بات ہی کہ بعد مفارقت اجساد تصرفات احیا اُنسے ظاہر نہین ہوتے گویا یہ اموات ہین اور انبیا و شہدا و اولیا کہ اُنسے تصرفات زندگان ظہور پذیر ہین اگرچہ یہ سب زندہ ہین لیکن اس بات مین انبیا علیہم السلام اورون پر تفضل ہی اور ہمارے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سب سے افضل ہین پس حیات حضرت بھی کامل و فاضل تر ہی فوائد صلوٰۃ حد حصر سے خارج ہین مگر بمقتضاے مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ چند فوائد سے اس کتاب کو زینت دینا مناسب ہی لہذا التماس ہی اول جو کوئی ایک مرتبہ حضرت پر درود بھیجے اللہ تعالے اسکی جزا مین دس بار یا زیادہ اُس سے درود بھیجتا ہی مسلم و ابو داؤد و نسائی و ابن حبان و ترمذی نے روایت کی ہی من صلی علی واحدۃ صلی اللہ علیہ عشرا حضرت شیخ المحدثین شرح مین فرماتے کہ اس مقام مین بعضے کہتے ہین کہ یہ کسطرح ہوتا ہی کہ مصلے ایک بار درود پڑھے اور اُسپر دس بار درود پڑھا جائے جواب یہ ہی کہ ایکبار صفت فعل مصلی کی ہی اور بحکم من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا جزا اسکی دس درگاہ رحمت حق سے ہی اس مقام سے یہ لازم نہین آتا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جناب حق سے ایکبار درود پہونچتا ہی جو بالفرض ایکبار بھی ہو شاید کہ وہ ایک شرافت و نفاست مین برابر لاکھ بار کے ہو اہل علم فرماتے ہین کہ صلوۃ حضرت خالق ایکبار بھی بندۂ ناکارہ پر دنیا و مافیہا سے بہتر ہی بلکہ مہمات دو جہانی سے اولے ترجہ جاے آنکہ دس بار ہو دوسرا معہ سیئات تیسرا رفع درجات چوتھا ثواب درود کا برابر آزادگی چند غلامون کے ہی پانچوان جواب درود کا فرشتون سے ملتا ہی چھٹوان درود پڑھنے والے پر فرشتے وغدا دس مرتبہ درود بھیجتے ہین ساتوان درود سے ایک فرشتہ پیدا ہوتا ہی کہ وہ قیامت تک مصلے پر درود بھیجتا ہی ایک بازو اُسکا مشرق مین دوسرا مغرب مین اور پیر اُسکے زیر زمین اور گردن زیر عرش آٹھوان استغفار ملائکہ نوان ادراک سعادت شفاعت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دسوان خوشنودی حضرت عزت جل جلالہ گیارھوان امان سخط خدا سے حضرت علی مرتضی سے روایت ہی کہ جب مین ذکر خدا بھول جاتا تھا تو درود سے تقرب چاہتا تھا کیونکہ حضرت فرماتے تھے جو مجھپر دس مرتبہ درود بھیجے ناخوشی حق سے مامون رہے کذا فی القول البدیع بارھوان مصلے زیر عرش ہوگا بروز حشر تیرھوان پل صراط پر میزان مصلی بروز حساب گران ہوگا چودھوان تشنگی روز قیامت سے محفوظ رہیگا

پندرھوان پل صراط سے بآسانی عبور کریگا سولھوان بہشت مین کثرت ارواح سے سرفراز ہوگا سترھوان
سیئات سے پاکی اور حسنات مین افزونی ہوتی ہی اٹھارھوان جس دعا مین درود ہوتا ہی وہ آفت عدم قبول سے
مصئون ہوتی ہی اُنیسوان قرب واتصال حضرت برروز قیامت اور یہ فائدہ میرے نزدیک جملہ فوائد سے افضل
واعلیٰ ہی کہ عین مطلوب طالبان ومقصود عاشقان ہی بیسوان فوائد درود کے خواننده اور اولاد اولاد کو ہمیشہ شامل ہین
اکیسوان مصاحبہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم برروز قیامت اسی طرح اور فوائد ہین جسطرح برآمد حاجات ودفع فقر
وحصول غنا وامان از غرق وحرق وطاعون ووبا ومغفرت از گناہان وسہولت حفظ قرآن کہ تفصیل اُسکی باعتبار
اقوال بدیع وشرح درة القرب وغیرہ مین مذکور ہی اور افضل الفوائد یہ ہی کہ خواننده درود کو اگر نیت خاص
نہ ہمت تام ہو رویت حضرت رسول مقبول صلعم حاصل ہوتی ہی فائدہ رویت آنجناب بعد وصال خواب مین متفق علیہ ہی
اور بیداری مین مختلف فیہ قسطلانی سخاوی سے انکار نقل کی ہی ولایعثار بہ کیونکہ روایات اس دید کی نہین ہی
بلکہ حکایات کمل اولیا اور وہ کالشمس فی نصف النہار ثابت ہین اور بخاری ومسلم مین روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے
من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظة ولا یتمثل الشیطان بی یعنی جو شخص کہ مجھکو اُسنے دیکھا عالم رویا مین
وہ دیکھیگا مجھکو جاگتے عالم دنیا مین اور شیطان مجھسے متمثل نہین ہوتا علما کو معنی حدیث مین اختلاف ہی
بعضے کہتے ہین کہ بروز قیامت دیکھیگا اور نقصان اسکا پر ظاہر ہی کیونکہ رویت آنجناب قیامت مین سب
مومنون کو نصیب ہوگی اور بعض کے نزدیک یہ حدیث مخصوص بزمان آن سرور ہی یعنی جو کہ غائبانہ ایمان لایا
اور اُسنے خواب مین دیکھا وہ دولت صحبت سے بھی مشرف ہوگا اسمین بھی نظر ہی کیونکہ لفظ حدیث مقتضی
عموم ازمنہ ہی تخصیص زمان حیات آنحضرت نادرست ہی اور کوئی وجہ نہین پائی جاتی مگر استبعاد رویت آنجناب
بعد وفات بچشم سر وماذلک علی اللہ عزیز اور بعضے کہتے ہین کہ یہ حکم مخصوص اُسی کے واسطے ہی جو اہلیت
رویت آنجناب رکھتا ہو وہم الاولیاء یہ تخصیص بھی خلاف مقتضاے لفظ حدیث کے ہی اور اولیٰ یہ ہی کہ اس
حدیث کو عموم پر رکھین اور کہین کہ جسنے آنحضرت کو خواب مین دیکھا وہ بیداری مین بھی دیکھیگا عوام الناس
قبل الموت وقت احتضار دیکھینگے اور روح بدن سے خارج نہوگی تا وقتیکہ جمال جہان آرا سے مشرف نہوگا
موافق وفاء عہد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور خواص الناس طول حیات مین دیکھینگے بیشتر یا کمتر
علی ما شاء اللہ وعلی حسب اتباعہم بالسنة اور بعضے اہل تحقیق فرماتے ہین کہ مقتضاے حدیث یہ ہی کہ
بیداری مین دیکھیگا نہ بچشم سر اور اولیاء البتہ بیداری مین بچشم دل دیکھتے ہین نہ بچشم سر اور احیاناً چشم دل
اسقدر غالب ہوتی ہی کہ چشم سر مستہلک ہوجاتی ہی کہ اسمین گمان ہوتا ہی کہ یہ چشم سر دیکھا ہی ملا سیوطی فرماتے ہین
کہ بعض صحابہ نے مانند ابن عباس حضرت کو خواب مین دیکھا اور اس حدیث کو یاد کیا اور حضرت میمونہ رضی اللہ

عنہا سے قصہ کہا وہ آئینۂ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُٹھا لائیں اُنکو دکھلایا کہ ابن عباس نے روے مبارک دیکھ لیا اور جسطرح دیکھنا آنحضرت کا بیداری مین ممکن ہی اسی طرح دیکھنا فرشتون کا بھی جائز ہی چنانچہ مسلم نے عمران ابن حصین سے روایت کی ہی کہ وہ کہتے تھے ملائکہ مجھپر آکر سلام کرتے تھے جب مین نے داغ کھایا تو فرشتون نے ملاقات ترک کردی پھر مین نے داغ کھانا موقوف کیا ملائکہ نے آنا شروع کیا نووی نے اپنی شرح مین لکھا ہی کہ بواسیر کے دفع کے واسطے داغ کھایا تھا اور ابن اثیر نے نہایہ مین لکھا ہی کہ جو کہ داغ کھانا توکل و تسلیم کے منافی تھا فرشتون نے بھی ترک تسلیم اختیار کیا اب دریافت کرنا چاہیے کہ ذات پاک آنحضرت جو مرکب جسد و روح سے ہی مشاہدہ ہوتی ہی یا مثال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اکثر ارباب حال مثل امام غزالی وغیرہ فرماتے ہین کہ مثال آنحضرت دیکھتے ہین اسی طرح جو کوئی خدا کو خواب مین دیکھتا ہی اور ابو بکر ابن عربی فرماتے ہین کہ رویت آنحضرت صلعم بہ صفت معلوم آنجناب ادراک حقیقت ہی اور غیر صفت معلومہ پر ادراک مثال اور سیوطی نے اسی قول کو اختیار کیا ہی اور فرمایا ہی کہ ذات شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیکھنا یا جسد و روح ممتنع نہین ہی کیونکہ انبیا علیہ السلام زندہ ہین ارواح طیبہ اُنکے بعد فنا سے ابدان پھر رد کیے جاتے ہین اُنکے اجساد مین اور ابو منصور بغدادی فرماتے ہین کہ محققین اہل کلام قائل ہین کہ پیغمبر علیہ السلام زندہ ہین اعمال حسنہ اپنی امت کے شکر خوش ہوتے ہین اور اعمال بد سے ناخوش اور صلوٰۃ امت اُنکو پہنچتی ہی اور مرنا انبیا علیہم السلام کا نہین ہی مگر غیبت چشم مردم سے پس وہ مانند ملائکہ موجود ہین زندہ دیکھے نہین جاتے ہین مگر بکرمت الٰہی کہ جسکو سرفراز فرماوین ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء اور اس قول پر شاہد ہی جو کہ ابو یعلی و بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الانبیا الا ثیرکون فی قبورہم بعد اربعین لیلۃ ولکنہم یصلون بین یدی اللہ حتی تنفخ فی الصور اسطرح ابن حبان تاریخ مین و طبرانی کبیر مین اور ابو نعیم حلیہ مین اور ابو الحسن زاعوانی بعض کتب مین روایت کرتے ہین ان اللہ لا یترک نبیا فی قبرہ اکثر من نصف یوم اور کہا ہی کہ مجموع احادیث و اقوال سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ ہین جب چاہتے ہین حضرت کمین جہان کو تشریف لیجاتے ہین اور سیر فرماتے ہین اور جو کچھ چاہتے ہین تصرف فرماتے ہین اور شیخ جلال الدین سیوطی نے حکایات اولیا و کرام رویت آنحضرت علیہ السلام مین اکثر بیان کیے ہین اور قصص معائنہ دیگر انبیا علیہم السلام و ملائکہ کمین بیداری مین بہت ذکر کیے ہین از انجملہ فرماتے ہین کہ عبد اللہ یافعی نے لکھا ہی کہ ایک مرتبہ مصر مین قحط پڑا ابو عبد اللہ قرشی نے چاہا کہ دعا کرین اُنکو امتناع ہوئی تب وہ جانب شام تشریف لیگئے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات کرکے دعا کی درخواست کی کہ قحط دفع ہوگیا اور یہی یافعی نے روایت کی ہی کہ شیخ عبد القادر جیلانی

فرماتے تھے کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قبل ظہر دیکھا کہ فرماتے ہین اے فرزند آدمیون سے کلام کرین سنے عرض کیا کہ مین عجمی ہون فصحاے بغداد سے کسطرح بات کرون فرمایا منھ اپنا کھول سو مین نے منھ کھولا تو حضرت نے سات مرتبہ آب دہن اپنا میرے منھ مین ڈال کر فرمایا تکلم علی الناس فادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ سو بعد ظہر کے مین نکل کر بیٹھا اور خلق کثیر جمع آئی اور مین نے وعظ کہا جب بند ہوا تو علی مرتضی کو دیکھا فرماتے ہین کہ اے فرزند کلام کر اور آب دہن مبارک اپنا چھ مرتبہ میرے منھ مین ڈالا اور خلیفہ ابن موسی سے روایت ہی کہ وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اکثر خواب و بیداری مین دیکھتا تھا اور اکثر افعال و اعمال آنجناب سے خواب بیداری مین سیکھے ہین چنانچہ آیات مین سترہ بار دیکھا ہی اور شیخ ابو العباس موسلی سے روایت ہی کہ اگر ایک لحظہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھسے غائب ہوتے تو مین آپ کو مسلمانون مین شمار نہ کرتا تھا اسی طرح حکایات اکثر لکھے ہین چنانچہ مازری توضیح عری الایمان مین اور عبد اللہ ابن ابی حمزہ بہجۃ النفوس مین اور شیخ صفی الدین ابو المنصور رسالہ مین بیان کرتے ہین اور ابو عبد اللہ فرماتے ہین کہ منکر اسکا اگر منکر کرامات اولیا ہی تو اس سے کلام نہین اور جو منکر کرامات ہی تو یہ بھی از جملہ کرامات ہی مین کہتا ہون کہ اس قول سے جواب عدم رویت صحابہ اور تابعین بھی نکلتا ہی کیونکہ صحابہ اور تابعین سے بسبب قرب زمانہ نبوت کے ظہور خوارق عادات بہت کم تھا یہ دولت متاخرین اولیا کے نصیب مین لکھدی تھی اور کون اسکی انکار کر سکتا ہی جب کثرت حکایات متواترہ نے دروازہ انکار بند کر دیا ہی لیکن غایۃ الامر یہ ہی کہ حصول اس نعمت کا کمال بیداری مین نہ تھا بلکہ مقدمہ نوم مین تھا حالانکہ کوئی مانع بیداری کا نہین ہی کیونکہ رویت ملائکہ بیداری مین بالاتفاق جائز اور واقع ہی پھر انبیا کی رویت مین کون مانع ہی اور امام حجۃ الاسلام احمد غزالی فرماتے ہین کہ ارباب قلوب بیداری مین ملائکہ اور ارواح انبیا علیہم السلام کو دیکھتے ہین اور انکی آواز سنتے ہین اور اخذ فوائد کرتے ہین اور نقل ہی کہ شیخ جلال الدین سیوطی نے ستر مرتبہ سے زیادہ یہ دولت حاصل کی ہی اور انکی ایک کتاب تنویر الحالک فی رویۃ النبی والملک بھی ہی کہ اسمین اثبات رویت فرماتے ہین اور بدلائل و براہین ثابت کرتے ہین جب یہ واضح ہوا تو اب مخفی نہ رہے کہ جسنے دیکھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسنے حق دیکھا چنانکہ بخاری اور مسلم ابو قتادہ سے مرفوعا روایت کرتے ہین من رآنی فقد رای الحق اور حضرات صوفیہ اس حدیث سے مطلب توحید وجودی کا بھی نکالتے ہین کہ یہ کتاب اس مقام کی گنجایش نہین رکھتی اور ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت ہی من رآنی فی المنام فقد رآنی فان الشیطان لا یتمثل فی صورتی رواہ الشیخان حاصل یہ کہ اگرچہ اللہ جل شانہ نے شیطان کو قدرت صورت پکڑنے کی دی ہی کہ جس صورت مین چاہے تمثل ہو جائے لیکن قوت تمثل بصورت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہین عطا کی

اور فقیر کے نزدیک یہ بات ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مظہر اسم ہادی تھے اور شیطان مظہر اسم مضل پھر کسطرح شیطان بصورت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم متمثل ہوسکتا ہے ابن سیرین سے روایت ہے کہ جب کوئی شخص اُنکے روبرو کہتا کہ میں نے نبی عربی صلے اللہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو وہ کہتے کہ آپکی صفت بیان اگر برخلاف حلیۂ مبارک کے پڑتی تو کہتے تو نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا ہے اور حاکم نے عاصم ابن کلیب سے روایت کی ہے کہ اُسکے باپ نے ابن عباس سے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے ابن عباس نے کہا تو وصف پیغمبر صلعم بیان کر اُسنے حسن میں علی علیہ السلام کی شبیہ بیان کیا ابن عباس نے کہا درست ہے بیشک تو نے دیکھا ہے اب حلیۂ مبارک کا مجملاً بیان سنو اور مفصلاً تتمۂ احوال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیکھ لیجو کہ حضرت ہمارے میانہ قد سفید رنگ آمیختہ بسرخی تھے اور درمیان دونوں شانوں کے تھوڑا بُعد تھا اور بال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تا نرمۂ گوش اور حد پیری کو نہ پہونچے تھے سر اور ریش میں ہمگیں بیش بال سفید نہایت روشن تھے اور چہرۂ شریف مانند شب چہاردہم چمکتا تھا اور نیک تن اور معتدل البدن تھے جب خاموش ہوتے تو مہابت اور بزرگی ظاہر ہوتی اور جو کلام فرماتے تو لطف اور تازگی اور جو کوئی دور سے دیکھتا جمال اور نازکی مشاہدہ کرتا اور جو کوئی نزدیک سے دیکھتا ملاحت اور شیرینی پاتا اور تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم شیرین گفتار کشادہ دہان روشن دکشادہ دندان اور میان دوشانہ خاتم نبوت وصف کنندہ کہتا کہ میں نے نہ دیکھا کوئی ایسا پیش از حضرت اور نہ بعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم قاضی ابو بکر ابن العربی کہتے ہیں کہ رویت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس صفت پر ادراک حقیقت حضرت ہے ورنہ ادراک مثال ہے اسی طرح قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ جس کسی نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اس صورت اور صفت میں دیکھا اُسنے حقیقۃً دیکھا ورنہ بتاویل اور نووی کہتے ہیں کہ دونوں رویا سے حقیقت ہیں اور لائق منصب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہی ہے اور معنی اس کلام کے یہ ہیں کہ امام حجۃ الاسلام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دیدن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم در خواب بنسبت دیدن جسد مبارک کہ مدفون ہست در مدینہ بر صورت معروفہ باشد یا غیر آن بلکہ دیدن مثالی ست از عالم مثال بحقیقتی کہ آنحضرت راست صلی اللہ علیہ وسلم چنانکہ جسد شریف آلہ آن بود در دار دنیا ہمچنان آن مثال آلہ اوست در عالم مثال خواہ بر شبیہ صورت این جہان باشد یا نہ بہر دو تقدیر دیدن حقیقتاً آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم در جسم مثالے چنانکہ دیدن صحابہ رضی اللہ عنہم دیدن ہمین حقیقت بودہ در جسم شہادی غایۃ الامر یہ کہ اگر بصورت معروفہ تواند بود اور یہی مراد ہے قاضی ابو بکر کی کہ صورت غیر معروفہ کو رویا بتاویل کہتے ہیں [illegible] قاضی اور نووی میں نہ رہا اس تعالے کا اشارہ حافظ ابن حجر نے بھی کیا ہے اور [illegible] دیکھنا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا خواب میں ہو یا بیداری ایک ہی حقیقت کی

دیدہ ہی الا بتغایر مظہر و آلہ جسطرح رویت جبرئیل علیہ السلام کی ہی بصورت اصلیہ اور گاہی بصورت دحیہ اور دیکھ
شک نہین ہی کہ دونون صورت مین ذات جبرئیل علیہ السلام دیکھی جاتی تھی اور اسی جگہ سے اشکال رویت
ہزاران ہزار اہل مشرق و مغرب کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وقت واحد مین مرتفع ہوگیا کیونکہ جائز و ممکن ہی
کہ ایک آن مین صورت شالیہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہزار آئینہ مین دکھلائی دی اور علامۃ الوقت مولانا اسمٰعیل
قنوجی لطائف علیہ مین بیان کرتے ہین کہ تروح اجساد و تجسد بہ ارواح و تشخص اخلاق و اعمال مظہور جبرئیل
بصورت وحیہ و تمثل او بصورت ابشر بہ در عالم مثال است و آنرا عالم خیال نیز گویند و این عالم را شبہے است
بجوہر جسمانی در بودن محسوس مقدارے و یا جوہر عقلی در لطافت و نورانیت و ہر موجود را صورتے است
در عالم مثال و این حکم شامل است افلاک و کواکب و حیوانات و جن و انس و ملائکہ و شیاطین و نفوس کاملہ
انسانیہ متشکل میشوند درین عالم باشکالے مغایر اشکال محسوسہ کہ ایشان راست در دار دنیا و اظہار میکنند
بر ہر کسے کہ مے خواہند و این قدرت بکمال انسلاخ انسان ہستاز آغشتگی لوازم ابدان و زیادہ می شود
این قوت بعد انتقال انسان مدار آخرت بجہت ارتفاع مانع بدنی و بہمین سبب منکشف میگردد صور انبیا و
اولیا بعضے سالکین صالحین را چنانکہ مروی ہستاز بسیارے کہ دریافتند صحبت نبی را صلے اللہ علیہ وسلم
و معلوم است کہ صورت جسدیہ وے کہ محسوس مے بود مدفون ہست در مدینہ و صورت دحیہ منبیست از مشاہش
کہ محسوس گردد و مدرکش عقل است و بس انتہی بلفظہ اور غرض اس بیان سے یہ ہی کہ بزرگترین ثمرات اور
گرامی ترین فوائد صلوۃ کا یہ ہی کہ صورت کریمہ حضرت محبوب رب العالمین صلے اللہ علیہ وسلم مشاعر مصلی مین
منطبع ہو جائے بانطباع ثابت و متصل اور یہ نہین حاصل ہوتا مگر جب مداومت صلوۃ بخلوص نیت و محافظت شروط
و آداب اور ملاحظہ معانی ہو کہ اس سے محبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی باطن مصلی مین بتمام جم جائے
اور اتصال تام مابین مصلے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بہم پہونچے تو بحکم المرء مع من احب ہمیشہ
عین الوصال مین رہی اور بمقتضائے المرء ملمن یحب مطیع شجرہ طیبہ محبت ثمرہ اطاعت بخشے اور بمفہوم
ومن یطع اللہ و رسولہ فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین و الصدیقین و الشہداء و الصالحین
وحسن اولئک رفیقا معیت ابدی و مرافقت سرمدی اس گروہ والاشکوہ سے کہ سرگروہ انکے حضرت خاتم النبیین ہین
حاصل ہو و الحق برکت کثرت درود سے کہ خلوص نیت سے ہو باطن مصلے کا آئینہ جمال حضرت احمد صلے اللہ
علیہ وسلم بے شبہہ ہو جاتا ہی کہ تمامی حرکات اور سکنات مین صورت کریمہ دیدہ بصیرت سے غیبت قبول
نہین کرتی اور یہی ہی اقصے درجہ رویت کا اور اگر ساتھ اسی دولت غیر مترقبہ کی گاہ گاہ بیداری
یا خواب مین بھی دیکھنا میسر ہو جاوے فنور علی نور تنبیہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ اللہم صل علی

محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم سے معلوم ہوتا ہی کہ صلوٰۃ ابراہیم افضل ہی
صلوۃ محمد اور آل محمد سے کیونکہ تشبیہ مقتضی ہی کہ مشبہ بہ وجہ تشبیہ مین اقوی ہو مشبہ سے یا مساوی کمتر
ہونا اصلا جائز نہین پس کما صلیت علی ابراہیم سے مفہوم ہوتا ہی کہ صلوۃ ابراہیم پر کمیت یا کیفیت مین
فضیلت رکھتی ہی صلوۃ آنحضرتؐ پر یا برابر ہی اور اس سے لازم آتا ہی کہ ابراہیم افضل ہون آنحضرتؐ سے
یا مساوی اور یہ خلاف اجماع امت ہی پس مین کہتا ہون کہ حل اس اشکال مین اقوال متعددہ دیکھے گئے ہین
بعض انمین سے بیان کرتا ہون اول یہ کہ ہنوز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی افضلیت کا علم حاصل
نہ ہوا تھا کہ یہ کلام ارشاد کیا ہی کیونکہ مسلم نے حضرت انس رضؓ سے روایت کی ہی کہ ایک شخص نے آنحضرتؐ سے
کہا یا خیر البریۃ آنحضرت نے فرمایا وہ ابراہیم ہین یہ جواب ابن عربی مالکی کا ہی مگر اس جواب مین کسی معترض نے
اعتراض کی ہی کہ بعد علم افضلیت صیغہ صلوۃ تبدیل کرنا لازم تھا لیکن یہ اعتراض بے اصل ہی کیونکہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم باوصف اسکے کہ مغفوریت آپنی آیۃ لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر سے
جانتے تھے پھر بھی ایک مجلس مین سو مرتبہ سے زیادہ استغفار کرتے تھے اور یہ نہ تھا مگر شکر نعمت ادراک
مغفوریت کا اسی طرح طلب صلوۃ ابراہیم بعد علم افضلیت شکرًا تھا دوسرا یہ کہ یہ کلمہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
ازروے تواضع فرمایا ہو تاکہ امت کے لوگ بھی یہ صفت حاصل کرین تیسرا یہ کہ تشبیہ اصل صلوۃ باصل صلوۃ ہی
نہ قدر صلوۃ مین جسطرح انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح وکتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم
واحسن کما احسن اللہ الیک اس جواب کو نووی نے حضرت امام شافعی سے منسوب کیا ہی اور قرطبی نے
اسکی ترجیح بیان کی ہی حاصل اس جواب کا یہ ہی کہ یہ سخن ارباب تشبیہ نہین ہی اگرچہ صورۃً تشبیہ ہی بلکہ
من قبیل الحاق غیر معروف ہی بسبب تاخر معروف بسبب تقدم اور لازم نہین ہی کہ جس جگہ صورت تشبیہ ہو
تو معنی تشبیہ بھی ہون بلکہ تشبیہ مین یہ بھی لازم نہین ہی کہ ہمیشہ مشبہ بہ افضل یا مساوی ہو کیونکہ کبھون کبھی
مشبہ سے ہوتا ہی چنانچہ مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح مین اور فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم مین واقع ہی چوتھا یہ کہ
اللھم صل علی محمد داخل تشبیہ نہین ہی پس تشبیہ متعلق آل محمد سے ہی اور ابن دقیق العید نے اسپر اعتراض
کی ہی کہ آل محمد انبیا نہین ہین اور آل ابراہیم انبیا ہین مساوات دونون مین ممکن نہین ہی پس طلب مثل
ماحصل للانبیا والغیر الانبیا کو لا یجوز اور حافظ ابن حجر فرماتے ہین کہ جمیع صفات انبیا کمیۃً وکیفیۃً مطلوب نہین ہین
کہ مساوات لازم آئے بلکہ ثواب مثل ثواب انبیا مقصود ہی یا یجواب ابن قیم کہتے ہین کہ ابن عباس رضی اللہ
عنہ تفسیر آیت ان اللہ اصطفی آدم ونوحا وآل ابراہیم علی العالمین مین فرماتے ہین کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم آل ابراہیم ہین پس معنی صلوۃ کے یہ ہوے کہ صلوۃ بھیج آنحضرت پر خصوصًا مثل اسکے

کہ ضمن صلوۃ ابراہیم اور آل ابراہیم مین عموماً بھیجا تھا پس ترجیح صلوۃ آنحضرت ظاہر ہوتی ہی پس افضلیت مجموع ثانی باعتبار اسکے ہی کہ وہ مشتمل صلوۃ آنحضرت پر ہی جھٹوان قول حلیمی ہی کہ سبب تشبیہ یہ ہی کہ فرشتون نے اگر حضرت ابراہیم کے گھر مین کہا تھا رحمۃ اللہ وبرکاتہ علیکم اہل البیت انہ حمید مجید اور بتحقیق معلوم ہی کہ آنحضرت اور آل آنحضرت اہل بیت ابراہیم ہین پس معنی یہ ہوے کہ قبول کر دعا حق آنحضرت اور آل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مین کہ ملائکہ نے ضمناً انکے واسطے دعا کی ہی جسطرح قبول کی دعا ملائکہ حق ابراہیم اور آل ابراہیم مین کہ اسوقت موجود تھے اور ملائکہ نے صریحاً انکے واسطے دعا کی تھی ولہذا ختم دعا انک حمید مجید پر ہوئی ہی جسطرح فرشتون نے ختم کی تھی پس تشبیہ استجابت دعا مین ہی نہ کیست اور کیفیت مین تاکہ مساوات یا افضلیت لازم آئے ساتوان قول مجد الدین فیروزآبادی کا ہی کہ بعض اہل کشف سے نقل کرتے ہین کہ غرض تشبیہ سے حصول کمالات انبیا ہی اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جسطرح حاصل تھی آل ابراہیم علیہ السلام کو آٹھوان قول مولانا جلال الدین دوانی ہی کہ سید صفی الدین سے نقل فرماتے ہین کہ وجہ تشبیہ اس جگہ یہ ہی کہ کل من الصلواتین افضل من صلوۃ علی السابقین پس صلوۃ سید المرسلین افضل ہی صلوۃ سابقین سے اور سابقین مین ابراہیم علیہ السلام بھی ہین اور صلوۃ بر ابراہیم افضل ہی صلوۃ سابقین پر اس جگہ سے لازم آیا کہ صلوۃ آنحضرت پر افضل ہی صلوۃ ابراہیم سے وہو المطلوب محقق دوانی فرماتے ہین کہ یہ توجیہ ازبس انیق ورشیق ہی سید علیہ الرحمۃ نے مجھسے بالمشافہہ کہا تھا اگر کوئی کہے اس توجیہ سے لازم آتا ہی کہ صلوۃ آل آنحضرت پر افضل ہوگئی صلوۃ آل ابراہیم سے حالانکہ آل ابراہیم انبیا ہین پس لازم آئی تفضیل آن حضرت آل ابراہیم پر کہ انبیا تھے مین کہتا ہون کہ یہ ملازمت قابل تسلیم نہین ہی کیونکہ حاصل اس توجیہ کا تفضیل مجموع صلواتین پر مجموع صلواتین ہی اور تفضیل مجموع علی المجموع سے تفضیل صلوۃ آل آنحضرت صلوۃ آل ابراہیم پر لازم نہین آتی علاوہ یہ کہ تفضیل شی بر شی کبھون بعض وجوہ سے ہوتی ہی اور بعض سے نہین ہوتی لان التفضیل ہو الزیادۃ بوجہ پس تفضیل آل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم آل ابراہیم پر باعتبار بعض وجوہ ممکن ہی کہ جائز ہو اور حدیث شریف مین وارد ہی ان اللہ عباد العیسوا بانبیاء ینبطلم الانبیاء اور اگر کوئی کہے جب وجہ تشبیہ افضلیت صلواتین صلوۃ سابقین سے مقرر ہوئی تو وجہ تشبیہ مین قوی ہوئی نہ مشبہ بہ مین اور اصل محذور نے عود کیا بلکہ قوی ہوگیا تو جواب یہ ہی کہ وجہ تشبیہ مشبہ بہ مین قوی ہی باعتبار شہرت وظہور کے اور ہر گاہ کہ صلوۃ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آل آنحضرت صلے اللہ پر مشہور تر اور ظاہر تر افضلیت مین صلوۃ سابقین سے مثل صلوۃ ابراہیم اور آل ابراہیم نہ تھے

دوسرے کو مشتبہ نہ گردانا اور اگر کوئی اعتراض کرے کہ ہر گاہ وقت وجہ شبہ مشبہ بہ مین اصلی باعتبار ظہور اور شہرت تھی تو اول سے کیلیے اسپر اکتفا نہ فرمائی تو جواب یہ ہی کہ احتیاج یہ ہوئی کہ افضلیت صلوتین پر معلوم ہو جائے اور اگر ابتدا ء شہرت اور ظہور پر اکتفا فرماتے تو یہ فضیلت معلوم نہ ہوتی انتہی کلام الدوانی

فائدہ اس مقام پر مناسب معلوم ہوا کہ مواضع اور محل درود پڑھنے کے مفصل بیان کردن تا کہ فائدہ خاص و عام حاصل ہو پس واضح ہو کہ مواضع صلوۃ متعدد ہین اول وقت دخول اور خروج مسجد سے ابن السنی نے عمل الیوم واللیلہ مین انس بن مالک سے روایت کی ہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب مسجد مین داخل ہوتے تو فرماتے بسم اللہ اللھم صل علی محمد اور جب نکلتے تو فرماتے بسم اللہ اللھم صل علی محمد وقت سماع اذان طبرانی نے معجم کبیر مین عبد اللہ بن عباس سے روایت کی ہی کہ فرمایا آنحضرت نے جو کوئی سنے اذان تو کہے اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وان محمدا عبدہ ورسولہ اللھم صل علی محمد وبلغہ درجۃ الوسیلۃ عندک واجعلنا فی شفاعتہ یوم القیامۃ واجب ہو جائے اسکے لیے میری شفاعت اگرچہ احادیث سے ظاہرا مفہوم ہوتا ہی کہ یہ دعا عین سماع اذان مین کہے لیکن حدیث عبد اللہ بن عمرو بن عاص رض سے معلوم ہوتا ہی کہ بعد اتمام اذان کہنا چاہیے باقی احادیث اسی پر محمول ہین کذا فی القول البدیع اور جو بعضے مردم الذریعۃ زیادہ کرتے ہین وہ کسی روایت مین نہین آیا ہی کذا قال السخاوی فی المقاصد الحسنۃ اور لفظ مقام محمود روایت نسائی اور ابن حبان اور طبرانی اور بیہقی مین بتعریف یعنی اقام المحمود آیا ہی اور صحیح بخاری مین یون آیا ہی اللھم رب ہذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ آت محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ اور روایت بیہقی مین انک لا تخلف المیعاد بھی آیا ہی نیسرے صلوۃ عند اقامۃ الصلوۃ یعنی وقت قد قامت الصلوۃ وہی دعا پڑھے جو بعد اذان پڑھی جاتی ہی چوتھے صلوۃ فی التشہد کما ہو المشہور پس قعدہ اخیرہ مین ائمہ ثلثہ کے نزدیک مین التشہد والدعا سنت ہی اور نزدیک امام شافعی کے واجب اور قعدۂ اولے مین ازروے قول امام اعظم اور مالک اور احمد اور قول قدیم شافعی سے زیادہ برتشہد نکرنا چاہیے اور قول جدید شافعی سے استحباب نکلتا ہی پانچوین صلوۃ قنوت مین چھٹے صلوۃ بعد الصلوۃ ساتوین موقف آخر روز عرفہ مین آٹھوین مطلق موقف عرفہ مین نوین مقام ملتزم مین بین الباب والحجرہ دسوین عند النوم گیارھوین عند العطاس یعنی چھینک کے وقت الحمد للہ علے کل حال ما کان من حال وصلے اللہ علی محمد واہل بیتہ بارھوین الصلوۃ عند دخول المنزل تیرھوین الصلوۃ لیلۃ الاثنین چودھوین الصلوۃ یوم الجمعۃ پندرھوین الصلوۃ لیلۃ الجمعۃ سولھوین

الصلوۃ

الصلوٰۃ لیلۃ الاربعا ۱۷ ستر ھوین الصلوٰۃ عند ارادۃ رویۃ وقصد لقاءہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھارھوین ۱۸
الصلوٰۃ بعد الفراغ من الوضوء اُنیسوین ۱۹ الصلوٰۃ طرفے النہار بیسوین ۲۰ الصلوٰۃ عند القیام بصلوٰۃ اللیل
اکیسوین ۲۱ الصلوٰۃ بعد الفراغ من التہجد بائیسوین ۲۲ الصلوٰۃ یوم السبت ویوم الاحد ولیلۃ الاحد تیئسوین ۲۳
الصلوٰۃ لیلۃ اثلثا چوبیسوین ۲۴ الصلوٰۃ یوم الخمس پچیسوین ۲۵ الصلوٰۃ فی المساجد چھبیسوین ۲۶ الصلوٰۃ
عند المرور بالمساجد ستائیسوین ۲۷ الصلوٰۃ فی خطبۃ الجمعۃ اٹھائیسوین ۲۸ الصلوٰۃ عند تکبیرات العیدین
انتیسوین ۲۹ الصلوٰۃ فی صلوٰۃ الجنازہ تیسوین ۳۰ الصلوٰۃ عند ادخال المیت فی القبر اکتیسوین ۳۱ الصلوٰۃ
عند زیارۃ صلے اللہ علیہ وسلم ودوا عہ صلے اللہ علیہ وسلم علما کو اختلاف ہی کہ قبر شریف کے پاس
سلام افضل ہی یا صلوٰۃ شیخ مجد الدین فیروز آبادی اور سخاوی کہتے ہین کہ سلام افضل ہی اور بعضے
صلوٰۃ کو افضل کہتے ہین اور شک نہین ہی کہ جمع بین الصلوٰۃ والسلام افضل تر ہی بتیسوین ۳۲ الصلوٰۃ
عند مشاہد الآثار النبویۃ تینتیسوین ۳۳ الصلوٰۃ فی بیت المقدس چونتیسوین ۳۴ الصلوٰۃ عند خطبۃ المتروج وخطبۃ
پینتیسوین ۳۵ الصلوٰۃ فی اول الرسائل یہ بات اول حضرت صدیق اکبر نے ایجاد کی جب طرائقہ ابن حاجر
عامل بنی سلیم کو نامہ لکھا ہی بعد اُسکے ہارون رشید نے چھتیسوین ۳۶ الصلوٰۃ عند رکوب الدابۃ سینتیسوین ۳۷
الصلوٰۃ عند طلب الغنی اڑتیسوین ۳۸ الصلوٰۃ فی امکنۃ الفضائہ اُنتالیسوین ۳۹ الصلوٰۃ عند خوف الغرق چالیسوین
الصلوٰۃ عند وقوع الطاعون اکتالیسوین ۴۱ الصلوٰۃ اول الدعاء واوسطہ وآخرہ بیالیسوان ۴۲ الصلوٰۃ عند الصلوٰۃ
علے غیرہ من الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ تینتالیسوین ۴۳ لصلوٰۃ عند قصد حفظ القرآن چوالیسوین ۴۴ الصلوٰۃ
عند القیام من المجلس پینتالیسوین ۴۵ الصلوٰۃ عند الجلوس مع الاخوان چھیالیسوین ۴۶ الصلوٰۃ عند لقاء الاخوان
سینتالیسوین ۴۷ لصلوٰۃ فی المشی بشرط طہارۃ المکان اڑتالیسوین ۴۸ الصلوٰۃ عقب الذنب اسلیے کہ صلوٰۃ بسبب
تطہیر نفس ہی رذایل سے اور موجب تکثیر فضائل اُنچاسوین ۴۹ الصلوٰۃ بعد تلاوۃ القرآن پچاسوین ۵۰ الصلوٰۃ فی مجلس
ذکر اللہ اکاونین ۵۱ الصلوٰۃ اول کل کلام وکل امر لہ شان باونین ۵۲ الصلوٰۃ عند ذکرہ صلی اللہ علیہ وسلم
عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلعم رغم انف رجل ذکرت عندہ فلم یصل علی یعنی خوار
وذلیل ہو جیوہ شخص کہ ذکر کیا جاؤن مین اُسکے نزدیک اور درود نہ بھیجے مجھپر ظاہر حدیث سے پر ظاہر ہی
کہ جسوقت نام مبارک سرور کائنات کا کسی کے روبرو لیا جائے تو اُسکو درود بھیجنا واجب ہی اور بعض علما
استحباب افضلیت نکالتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ ایک بار واجب ہی جسطرح سجدۂ تلاوت تیسمیت عاس
مگر یہ شخص خلاف جمہور ہی اور طحاوی کے نزدیک ایکبار تمام عمر مین واجب جسطور سے اظہار شہادتین اور
باقی مستحب ہی مگر یقول کریمہ یا ایہا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما سے رد ہوتا ہی کیونکہ اس آیت مین

امر واسطے وجوب کے ہی بالاتفاق پس کاتب الحروف کا یہ مذہب ہی کہ جب ذکر اسم مبارک آنجناب آوے صلوۃ
سامع و قائل پر واجب ہی کہ اپنے پیغمبر کے لیے اللہ سے رحمت مانگے اور اُنکے بعد اُنکے آل پر نہایت قبولیت
رکھتی ہی کیونکہ اُنپر اُنکے لائق رحمت نازل ہوتی ہی اور دس رحمتین مانگنے والے کو ملتی ہین پھر کیون
نہ حاصل کرے پنجاہ وسوم الصلوۃ عند قراءۃ الحدیث ونشر العلم پنجاہ وچہارم الصلوۃ عند کتابۃ اسمہ صلی اللہ
علیہ وسلم اور سوائے ان مقامات کے اور بھی مواضع از روے استقراء بہم پہونچتے ہین لیکن فقیر مولف غفر اللہ لہ نے
اسی قدر پر اکتفا کی ہی تو ضیح در بیان بعضے حالات وواردات مرض موت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم از انجملہ
یہ ہی کہ چالیس بردے حضرت صلعم نے مرض موت مین آزاد فرمائے از انجملہ سات دینار آنحضرت کے پاس تھے
اُنکو خیرات کر دیا تاکہ کچھ باقی نہ چھوڑین از انجملہ اکثر وصیت حضرت صلعم کی مرض موت مین رعایت نماز اور
احسان کرنے کی تھی لونڈی وغلام سے کما جاء فی الحدیث الصلوۃ وما ملکت ایمانکم از انجملہ نماز ادا کرتے تھے
حضرت اصحاب کے ساتھ مدت مرض مین سوائے تین روز کے اور بعضون نے کہا سترہ نمازین نہین پڑھائین
ابوبکر رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ لوگون کو نماز پڑھا اور نکلے آنحضرت ایک روز طرف مسجد کے اور نماز ادا فرمائی
اور کہا اے گروہ مسلمانون کے تمکو رخصت کرتا ہون اور خداے تعالے کی پناہ مین سونپتا ہون خدا خلیفہ
اور کارساز میرا ہی تمپر بس میری طرف سے ہی یہ نصیحت کہ تقوی اختیار کرنا اور نگاہ رکھنا طاعت اسکی اسلیے
کہ مین دنیا کو چھوڑتا ہون اور جدا ہوتا ہون تمسے اور بکثرت روایات مین ہی کہ امام ابوبکرؓ تھے ابن عباسؓ سے
روایت ہی کہ نماز نہین پڑھی حضرت صلعم نے پیچھے کسی کے اپنی امتین سے سوائے ابی بکر رضی اللہ عنہ کے اور
سوائے عبد الرحمن ابن عوف کے کہ ایک سفر مین اُنکے پیچھے ایک رکعت پڑھی تھی از انجملہ بخاری اور مسلم نے
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ بیٹھے حضرت صلعم منبر پر اور فرمایا ایک بندہ کو اختیار دیا
اللہ نے درمیان اُسکے کہ دے اُسکو نازونعمت دنیا سے جو چاہے اور درمیان اُسکے کہ جو خدا کے پاس ہی یعنی ثواب
آخرت پس اختیار کیا اُسنے اللہ کے پاس والی چیز کو سو روئے ابوبکر اور بولے قربان ہون ہم تمپر ساتھ باپون اور
ماؤن کے پس تعجب کیا ہمنے ابوبکر کے مقولے پر کہ کیون قربان کرتے ہین حالانکہ یہان کوئی باعث نہین ہی
پھر کہا لوگون نے کہ دیکھو طرف اس بزرگ کے خبر دیتے ہین رسول خدا احوال ایک بندۂ غیر معین سے اور وہ
کہتا ہی فدینا ک بآبائنا وامہاتنا سو تھے حضرت وہی اختیار دیے گئے اور ابوبکر دانا تر ہمارے تھے کہ سمجھ گئے یہ حدیث
حضرت صلعم نے مرض موت مین پانچ رات پیشتر از وفات فرمائی تھی اور اگرچہ آنحضرت نے ذکر بندۂ غیر معین کا فرمایا تھا
لیکن ابوبکر صدیق بقرینہ مرض اور اختیار کرنے ثواب آخرت اور ترک کرنے نازونعمت دنیا کے بسبب کمال فہم ودرک
پہچان لیا کہ حضرت صلعم نے موت کو اختیار کیا اسپر رونے لگے اور جن لوگون نے نہ سمجھا اُنھون نے تعجب کیا

از انجملہ دارمی نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ کہا اُنھوں نے باہر نکلے پیغمبر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اُس بیماری مین کہ جسمین وفات پائی اس حال مین کہ ہم تھے مسجد مین درحالیکہ تھے حضرت باندھے ہوے سر مبارک اپنا کپڑے سے اور منبر پر چڑھے اور ہم پیچھے منبر کے بیٹھے سو فرمایا قسم ہے اس ذات پاک کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے کہ مین دیکھتا ہون اس مقام سے حوض کوثر کو پھر فرمایا کہ ایک بندے کو دکھلائی گئی دنیا اور آرایش دنیا سو اُسنے اختیار کی آخرت اور نہ سمجھا اس نکتے کو کوئی سواے ابو بکر کے اور جاری ہوے آنسو ابی بکر کی آنکھون سے سو روئے پھر کہا ابی بکر نے بلکہ ہم فدا کرتے ہین تمپر سے باپ و مائین و جانین و مال اپنے یا رسول ابو سعید کہتے ہین کہ اُترے حضرت صلعم منبر سے پھر نہ کھڑے ہوے اُسپر اُسوقت تک یعنی وہ آخری کھڑا ہونا تھا منبر پر از انجملہ منقول ہے کہ عباس نے علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ مین پہچانتا ہون چہرے عبد المطلب کے بیٹون کے بوقت موت اور ڈرتا ہون کہ نہ مٹھین پیغمبر خدا اس درد سے جا اور طلب کر اُنسے یہ امر یعنی خلافت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہرگز نہین دینگے اور مین ہرگز نہین طلب کرتا از انجملہ بخاری و مسلم مین عبد اللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ پنجشنبہ کے دن حضرت صلعم کی بیماری سخت ہوئی اور درد غالب ہوا تو حضرت نے فرمایا میرے پاس کاغذ لاؤ کہ مین تمھارے واسطے نوشتہ لکھدون تاکہ اُس تحریر کے بعد تم کبھی نہ بھٹکو یعنی تم ہرگز مختلف و حیران نہو تو اصحاب نے کاغذ لانے اور نہ لانے مین گفتگو کی پھر صحابہ نے کہا کہ حضرت کا کیا حال ہے درد سے زبان کیا بے قابو ہوگئی ہے اسکو حضرت سے تحقیق کرو پھر حضرت صلعم سے اس بات کو تحقیق کرنے لگے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب مجھکو نہ چھیڑو جسمین اب مین مشغول ہون اُس سے بہتر ہے جسکو تم پوچھتے ہو اور حضرت نے اُنکو تین باتون کی وصیت فرمائی ایک تو یہ کہ مشرکون کو عرب کے ٹاپو سے نکال دیجیو دوسرے یہ کہ ایلچیون سے سلوک کرنا جسطرح مین کرتا ہون یعنی از روے کمیت و کیفیت تاکہ بحسب لیاقت مابین اُنکے تمیز رہے اور یہ اسواسطے فرمایا کہ ایلچی لوگ خوش ہون اور رغبت کرین موئلفہ القلوب اور یہ سخن عام ہے سب ایلچیون کے لیے خواہ کافر ہون یا مسلمان راوی نے کہا کہ تیسری خبر مجھکو یاد نہین رہی اور کہا ہے علما نے تیسری بات یہ تھی کہ سامان درست کر دینا لشکر اسامہ کا اور جانب شام اُسکو بھیجدینا کیونکہ آنحضرت صلعم اُسکے اسباب کی درستی کر رہے تھے کہ اُسی اثنا مین بیمار ہوے یا تیسری بات یہ تھی کہ میری قبر کو بت نہ بنانا کہ پوجی جائے اور بھی بخاری مین دوسری روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یون ہے کہ جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کاغذ مانگا تو بعض اصحاب نے کہا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درد کی شدت ہے اور تمھارے پاس قرآن موجود ہے تمکو خدا کی کتاب کفایت کرتی ہے یعنی لکھنا چندان ضرور نہین ہے اور بعضون نے کہا کاغذ لاؤ یعنی حضرت عمر نے فرمایا امر دین مین بموجب قول خدا ے تعالے و اعتصموا بحبل اللہ جمیعا کتاب خدا کافی ہے اور سنت بھی تابع و مفسر و مبین اُسکی ہے اور یہ خطاب کیا تھا حضرت عمر نے اُنکو جو جھگڑے تھے

اس بات مین پس یہ رد ہی اُپر نہ حضرت صلعم پر اور حضرت عمر کو مقصود اس کہنے سے تخفیف و آسایش دینی
آنحضرت کی تھی وقت سختی و درد و بیماری کی اور جان لیا تھا اُنھون نے کہ یہ حکم بطور حزم و وجوب کے نہین ہی اور عادت
مستمرہ تھی کہ جب حکم کرتے تھے حضرت صحابہ کو ایسا حکم کہ بطور ایجاب و الزام کے نہو تو وہ گفتگو کرتے تھے سو چھوڑ
دیتے تھے آنحضرت اُنکی راے پر اور اگر کوئی امر ضروری ہوتا تو نہ چھوڑتے تھے اُنکی راے پر اس مقام پر شیعہ عمر فاروق پر
طعن کرتے ہین کہ اُنھون نے کاغذ نہ لکھنے دیا اور نافرمانی کی اُسکا جواب یہ ہی کہ تمھارے علم کا قصور ہی عمر فاروق پر
کوئی مقام طعن نہین ہی اسواسطے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کوٹھری مین اکثر اصحاب و اہل بیت تھے اور حضرت
علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ بھی جو کاتب وحی مین اُنمین تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سب حاضرین سے کاغذ مانگا تھا
اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کاغذ نہ لائے تھے تو علی مرتضی و ابن عباس کاغذ کس کا ہاتھ کس کا پکڑا تھا اور حضرت صلعم کے یہان
کسی چیز کے لکھنے کا دستور نہ تھا سوا سے قرآن کے سو قرآن سب پورا ہو چکا تھا اسواسطے اصحاب کو تامل ہوا تھا اور
بعد گفتگو کے حضرت سے پوچھا بھی لیکن حضرت نے نہ فرمایا اس سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ کوئی امر واجب نہ تھا
علاوہ بران حضرت صلعم بعد اس گفتگو کے پانچ دن زندہ رہے اگر لکھنا واجب ہوتا تو دوسرے وقت اُسکو لکھواتے
اس سے صاف معلوم ہوتا ہی کہ جن تین چیزون کی حضرت نے وصیت فرمائی اُنھین کو لکھواتے اور دعوی کرنا شیعہ کا کہ مقصود
کتابت سے وصیت کرنا علی مرتضی کو تھی اور خلیفہ کرنا اُنکا منظور تھا یہ خالی تناقص سے نہین ہی اسلیے کہ یہ خود کہتے ہین
کہ عدم رجحان خلیفہ کرنا اُنکا نص قطعی سے ثابت ہوا پھر جب یہ ہو چکا تھا تو احتیاج تحریر کی کیا تھی اور یہ کہنا حضرت
عمر کا کہ قرآن کفایت کرتا ہی اُسکا یہ مطلب نہین کہ حضرت کی حدیث کی بھی حاجت نہین بلکہ یہ مطلب ہی کہ سب کے بعد
قرآن مین انکملت لکم و نیکم نازل ہوا پھر اب کوئی حکم تازہ دین کا باقی نہ رہا قرآن اور حدیث مین دین کی تفصیل ہو چکی
اسلیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو عین شدت بیماری مین لکھوانے کی تکلیف دینا مناسب
نہ جانا کچھ نافرمانی نہین کی بلکہ عین محبت اور خیر خواہی ہی اسواسطے کہ دستور ہی بیماری مین مصیبت اور تکلیف سے
بزرگون اور عزیزون کو بچانا اسقدر جو بیان ہوا اصل ہی باقی نزاع اور جدال بے فائدہ ہی جس کسی کو زیادہ تحقیق منظور ہو
تحفہ اثنا عشریہ دیکھے آزانجملہ بخاری اور مسلم مین حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ
فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خدا لعنت کرے یہود اور نصاری پر کہ ان لوگون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو
مسجد بنایا بخاری شریف مین ہی کہ یہ حدیث حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض موت مین ارشاد فرمائی پانچ روز پیش از
انتقال جسقت اسوقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خوف ہوا کہ اگلی امتون نے اپنے پیغمبرون اور بزرگون کے قبور کو
سجدہ گاہ بنایا اور خراب ہوے ایسا نہو کہ میری امت کے لوگ بھی خراب جائین لہذا خبردار کر دیا کہ قبرون مسجدہ نہ بناؤ
جسطرح یہود و نصاری قبرون پر مسجدین بنا کر عبادت کرتے تھے اور جانب قبور سجدہ کرتے تھے کہ صاف شرک تھا

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدہ کرنا طرف قبر کے اور اسکو سجدہ قرار دینا موجب لعن ہے کیونکہ یہ طریق یہود تھا شیخ ابن حجر اس حدیث کی شرح مین لکھتے ہین کہ یہ اُس تقدیر پر ہے کہ نماز اور ترک تعظیم قبر کے بنا بر تعظیم کرنا وہ بالاتفاق حرام ہے لیکن بنانا مسجد کا جوار قبر پیغمبر اور انبیا اور صلحا کے اور نماز پڑھنا نزدیک اُسکے نہ بقصد تعظیم قبر ہو توجہ جانب قبر بلکہ بقصد صلوٰۃ مدد اُس سے تاکہ ثواب عبادت برکت قرب و مجاورت اُس روح مقدس سے کامل ہو مضائقہ نہین اور ملا علی قاری نے اس حدیث کی شرح مین لکھا ہے کہ یہود اور نصاریٰ کی ملعونیت دو وجہ سے ہوئی ہے یا اس سبب سے کہ وہ سجدہ کرتے تھے قبور انبیا کو تعظیماً کہ یہ شرک جلی ہے یا وہ لوگ نماز پڑھتے تھے مدافن انبیا مین اور سجدہ کرتے تھے مقابر اور متوجہ جانب قبور ہوتے حالت صلوٰۃ مین اور یہ شرک خفی ہے لہذا نہی فرمائی حضرت نے اپنی امت کا [illegible] یا بسبب تضمن اس فعل کے شرک خفی کو لہذا قال بعض الشراح من المتاخرین از انجملہ بخاری و مسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مرض موت ہوا تو بعض بی بی نے حبش کے [illegible] کنیسہ کی تعریف کی یعنی اگر حکم ہو تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر ویسا ہی بنائیں تب حضرت نے یہ سنکر سر اُٹھا کر فرمایا کہ ایسے وہ لوگ جب اُنمین کوئی نیک بخت آدمی مرتا تھا تو اُسکی قبر پر مسجد بناتے تھے اور اس مسجد مین یہ تصویرین بناتے تھے وہ خدا کے نزدیک قیامت مین بدترین خلق ہین یہ بات حضرت نے حبش کے نصاریٰ کو فرمائی جنھون نے ماریہ نام معبد بنایا تھا از انجملہ صحیح مسلم مین عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے لوگو البتہ پیغمبرون کی خوشخبریون سے اب کچھ باقی نہین رہا سوائے ٹھیک خواب کے کہ اُسکو مسلمان دیکھے یا اُسکے واسطے کوئی اور مسلمان دیکھے اور مجھکو منع ہوا کہ مین رکوع اور سجدے مین قرآن پڑھون سو رکوع مین خدا کی بڑائی بیان کرو یعنی سبحان ربی الاعلی کہو اور سجدے مین بدام ماین کوشش کرو کہ سزاوار ہے سجدے تمھارے دعا کا قبول ہونا یہ حدیث وقت انتقال پر دہ اُٹھا کر فرمائی یعنی وہ علم غیب جو بواسطہ نبوت حاصل ہوتا تھا اب اُسکا دروازہ بند ہوا کیونکہ میرا انتقال ہوتا ہے میرے بعد کوئی پیغمبر نہین ہان مکاشفہ من جانب اللہ علم غیب سے علم حاصل ہونے کا طریقہ ٹھیک خواب کا باقی ہے قیامت تک از انجملہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا نہ تقسیم کرینگے میرے وارث سونے کے دینار برابر جو چھوڑ جاؤن مین بعد میرے بعد بیبیون کے خرچ اور کارندے کی محنت سوائے صدقہ ہے راہ خدا مین اسی طرح دوسری حدیث صحیحین مین صدیق اکبر اور عمر فاروق اور علی مرتضیٰ اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا ہمارے مال مین میراث نہین جو ہم چھوڑین سو صدقہ ہے راہ خدا مین یعنی صرف کیا جائے فقرا اور مساکین پر اسلیے کہ ہم جملہ فقرا امتی ہین اور شرط فقہ سے یہ ہے کہ فرد ایک صنف فقیر کا کہ وہ مالک نہو کسی چیز کا اور جو کچھ اُسکے ہاتھ مین ہے یا امانت ہے یا وقف و صدقہ اور لیتے کہتے ہین کہ اسلیے اُنکا وارث نہین ہوتا کہ ناخوش نہو اُنکے مرنے سے کوئی اُنکے وارثون مین بسبب پانے ترکہ کے اور کاتب اور اُن کے نزدیک پیغمبر کے امتی جو وراثت نہین سو اُسکی حکمت یہ ہے کہ خلق کو معلوم ہو کہ محنت و جانفشانی پیغمبرون کی صرف خدا ہی کے واسطے تھی

دنیا کا کچھ لگاؤ نہیں یہان تک کہ اولاد اور وارثون کو کچھ انکا حصہ نہین ملتا پوشیدہ نہ رہے کہ انبیا علیہم السلام کے
مال اور عقار مین فریقین کے طور پر ارث جمیع اہل سنت کے طور پر یہ حدیث جو مذکور ہوئی کہ لا یورث ماترکنا صدقۃ
اور امامیہ کے طور پر وہ حدیث جو کلینی مین امام جعفر صادق سے مروی ہی کہ ان الانبیاء لم یورثوا درہما ولا دینارا
وانما یورثون احادیثہم فمن اخذ بشئی منہا فقد اخذ حظا وافرا یعنی نبیون کا کوئی وارث نہین ہوتا نہ درہم مین
نہ دینار مین ہان انکے وارث ہوتے ہین لوگ حدیثون مین یعنی علم مین پس جسنے حاصل کی تھوڑی سی حدیث
پس اُسنے حاصل کیا بڑا حصہ نیکی کا اور کلینی کے شارح نے فرمایا کہ انبیا علیہم السلام جس چیز کو چھوڑ مرین اگرچہ وہ
ترکہ ہی پر اُسمین ترکے کا حکم نہیں اور جو حضرت فاطمہ علیہا السلام نے حضرت صدیق اکبر سے حصہ مانگا سواس حدیث سے
اطلاع نہ تھی اور جب مطلع ہوئین خاموش ہوئین اگر کوئی بد اعتقاد حضرت صدیق اکبر پر کچھ طعن کرے تو وہ بھی خیال کرے
کہ صرف حضرت صدیق اکبر راوی حدیث شریف کے نہین ہین بلکہ جناب امیر بھی راوی اُسکے ہین ورا سے اسکے حضرت
صدیق اکبر نے صرف جناب فاطمہ سے یہ بات نہین کہی بلکہ ازواج مطہرات سے بھی فرمائی تھی چنانچہ حضرت عائشہ فرماتے ہین
کہ جب یہ سوال مقبول صلعم نے سنا تو بیبیون نے ارادہ کیا کہ عثمان کو ابوبکر کے پاس بطلب میراث بھیجین سو مین نے کہا
الیس قال رسول اللہ لا یورث ما ترکنا فہو صدقۃ روا ہ البخاری اور حکم عدم میراث کا صرف ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نہین دیا
بلکہ بڑے بڑے صحابہ کو بلایا سب نے کہا ہمنے حضرت صلعم سے یون ہین سُنا ہی اور جو حدیث دل مین ہیبون اور کاہے کے خرچ کا
ذکر ہی سو حاصل اُسکا یہ ہی کہ حضرت کے پاس کچھ زمین مدینے اور فدک اور خیبر مین تھی اور حضرت کا معمول تھا کہ اُسکے حاصلات سے
اپنی بیبیون کو سال بھر کا خرچ دیکر جو باقی رہتا تھا اُسکو مہتمم مسلمانون مین خرچ کیا کرتے تھے اُسپر فرمایا کہ میرے
وارث تو ایک دینار بھی کچھ پاوینگے اسلیے مین نہین چھوڑونگا دینار اپنے ملک مین کہ تقسیم کرین پس یہ اختیار ہی حقیقۃً اور
احتمال یہ بھی ہی کہ اختیار ہی صورت مین اور نہی ہی معنون مین یعنی نہ تقسیم کرین وارث میرے دینار پھر بھی کسی سبب و علت اُسکی
بصورت استیناف باقی رہے یہ زمین سو بعد خرچ زوجات کا زندہ رہا خدا مین صدقہ ہی اور زوجات مطہرات حکم عدت والی
عورتون مین تھین اسلیے کہ جائز نہ تھا اُنکو نکاح کرنا بعد حضرت صلعم کے بموجب نص صریح و لہذا اجاری ہوا اُنکے لیے نفقہ اور
عامل سے مراد وہ ہین جو حضرت صلعم کے بعد خلیفہ ہوے پس وہ بھی صرف کرین ترکہ اپنے مصارف مین اور پہونچاوین مستحقین کو
جنپر حضرت صلعم صرف کرتے تھے اور آنحضرت لیتے تھے نفقہ اپنے اہل کا صفایا مین سے کہ تھا حضرت کے لیے اموال سے نفر
اور فدک سے اور باقی صرف کرتے تھے مسلمانون کے مصالح مین لیکن اور کسی کے لیے یہ مرد رست نہین تھا پھر اُن اموال کے
متولی ہوے ابوبکر اُنھون نے اُسی طرح رکھا اور عمر رضی اللہ عنہ نے تولیت اُسکی حضرت عباس و علی کو تفویض فرمائی جب
اُنمین نزاع ہوئی اور اُنھون نے تقسیم کی درخواست کی تقسیم نہ کیا مگر مدت تک تولیت اُسکی سپرد اہل بیت رہی جب کہ نوبت
خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی آئی تو یہ حضرت بسبب اپنے مال کے بے پروا تھے اُنھون نے مروان وغیرہ اپنے اقارب کی

جاگیر کردی اُن مردانیون کے ظلم سے اہل استحقاق کا حق نہ ملا اور وہ قابض رہے ہمیشہ یہان تک کہ عمر ابن عبد العزیز رح نے انکے
لیکر بطور سابق پہلے مصارف مین کردیا اصل حقیقت قضیہ فدک کی اتنی تھی جو بیان ہوئی اور باقی جھگڑے ہین از انجملہ بخاری سلم مین
ابو سعید خدری رض سے روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سب آدمیون مین سے مجھپر بڑا احسان کرنے والا ساتھ
دینے والا از روے مال کے خرچ کرتے ہین ابو بکر ہی اور اگر مین اپنے رب کے سوائے اور کو جانی دوست ٹھہراتا تو ابو بکر کو جانی دوست
کرتا لیکن اسلام کی برادری اور محبت ہماری اُسکے درمیان ہی مسجد کی طرف سے سب دروازے بند کردیے جاوین مگر ابو بکر کا دروازہ
کھلا رہے یہ حدیث حضرت نے اپنی وفات کے قریب فرمائی اور جتنے دروازے اصحاب کے مسجد سے لگے تھے سب بند کردا دیے
صرف صدیق اکبر کا دروازہ کھلا رکھا حافظ ابن حجر شرح صحیح بخاری مین فرماتے ہین کہ مخالف اس حدیث کی کئی حدیثین بطریق
متعددہ آئی ہین از انجملہ حدیث سعد ابن ابی وقاص کہ کہا اُنھون نے حکم کیا رسول خدا نے ان اسدا دروازون کا جو جانب مسجد تھے
مگر دروازہ علی مرتضی کھلا رکھا رواہ احمد والنسائی از انجملہ روایت کی طبرانی نے اوسط مین اُنھون نے کہا کہ صحابہ نے جمع ہوکر عرض کی
یا رسول اللہ حکم کیا آپ نے سب اصحاب کے دروازے بند کرنے کا اور کھلے رکھنے دروازہ علی کا فرمایا مین نے بحکم خدا کیا ہی ابن حجر
فرماتے ہین کہ ہر ایک حدیث اس قسم کی لائق صحت ہی اور ابن جوزی نے جو حکم اُنکے وضع کا کیا ہمدوہ قول مردود ہی اور کچھ بھی تعارض
حدیث اشان ابی بکر اور ان احادیث مین نہین ہی کیونکہ حکم کھلے رہنے دروازہ علی مرتضی کا وقت بنانے مسجد کے تھا اور تھا وہ
دروازہ مسجد کی طرف اور جاتے تھے اور نکلتے تھے اُسمین سے اور صحت کو پہونچا ہی آنحضرت سے کہ فرمایا علی سے نہ داخل ہو اس
مسجد مین کوئی جنب مگر مین اور تو اور حکمی نہ کرنے کھڑکیون کا سواے کھڑکی ابی بکر کے آخر عمر مین تھا جب کہ وفات کے دو تین
دن بے تھے اور دلیل اس قول کی یہ ہی کہ جب کھلے رہنے دروازے علی مرتضی کا حکم دیا تو حضرت حمزہ بن عبد المطلب آئے اور
آنکھین اُنکی دکھتی تھین اور کہا یا رسول اللہ باہر نکال دیا آپ نے اپنے چچا کو اور داخل کیا چچا کے بیٹے کو فرمایا رسی چچا میرے حکم
کیا گیا مین اس بات مین میرا کچھ اختیار نہین اس تمام سے ظاہر ہوا کہ یہ مرد مقدم تھا کیونکہ امیر حمزہ جنگ اُحد مین شہید ہوے تھے
کذا فی الشرح المشکوۃ بالجملہ اس حدیث سے فضیلت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سب اصحاب پر ثابت ہوتی ہی توضیح در بیان
زوجات مطہرات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اول خدیجہ الکبری بنت خویلد بن اسد بن عبد العزی بن قصی بن کلاب اور
والدہ اُنکی فاطمہ بنت زائدہ عامریہ اور کنیت ام ہند تھی ایام جاہلیت مین اُنکو طاہرہ بولتے تھے پہنچا ابو لے صدیق ابن عابد مخزومی کے
نکاح مین تھین اُس سے ایک بیٹا ہوا اور ایک بیٹی اور بعض کے نزدیک اول زوج بناش تھا کذا فی المواہب اللدنیہ اور ہند المی فلان مین
صرف ایک بیٹی لکھی ہی بعد اُسکے ابو ہالہ بناش ابن زرارہ تمیمی کے نکاح مین آئین اُس سے بھی ایک بیٹا ہالہ اور ایک بیٹی مسماۃ
ہند پیدا ہوئی جب وہ مراجعت رسول الثقلین صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اس ایام مین عمر خدیجہ الکبری چالیس برس کی تھی
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پچیس برس کی انھین سے اولاد ہوئی اور کسی بی بی سے نہین وفات اُنکی ماہ رمضان سال دہم
بعثت مین قبل ہجرت کے واقع ہوئی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنفس نفیس اپنے اُنکو قبر مین رکھا اور دعا فرمائی کیونکہ اسوقت تک

نماز جنازہ فرض نہ ہوئی تھی اور زیارت شریف قبر مجوسا میں واقع ہے عمر پینسٹھ برس ہوئی فضائل و مناقب انکے اگر کتب حدیث
مذکور ہیں مولف نے بعض انمیں سے اس کتاب میں بیان کیے ہیں اور بعض خصائص اس مقام پر بھی لکھتا ہوں اول یہ کہ جب تک
حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا زندہ رہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری عورت سے نکاح نہیں کیا دوسرے حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم خدیجہ الکبریٰ کے پاس بکر پہونچے یعنی صحبت عورت سے آشنا نہ تھے تیسرے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو افضل
نساء امت فرمایا ہے جسطرح عائشہ صدیقہ کو فرمایا ہے اسی سبب علما کو اختلاف ہے بعض خدیجہ کو افضل کہتے ہیں اور بعضے عائشہ کو
اور بعضے توقف کرتے ہیں مگر بحجۃ المحافل میں ہے کہ اہل تحقیق کے نزدیک خدیجہ افضل ہیں مگر فاطمہ بصفۃ الرسول سب سے
افضل ہیں چوتھے جبرئیل علیہ السلام نے سلام رب العالمین بواسطہ سید المرسلین خدیجہ کو پہونچایا پانچویں جب تک خدیجہ زندہ رہیں
حضرت کو آزردہ نہیں کیا چھٹویں سب اولاد آنجناب انمیں سے ہوئی مگر ابراہیم کہ ماریہ قبطیہ سے ہوئے ساتویں جب خدیجہ بیمار ہوئیں
اور وقت سکرات موت آگیا تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم انکے پاس بروقت افروز تھے اور فرماتے تھے کہ تمہارا کرب و اضطراب مجھکو مکروہ
معلوم ہوتا ہے اور مفارقت تمہاری مشکل فراق ہے اور فدیہ تمہارا ہوں کہ تو بہشت میں بھی میرے نکاح میں ہوگی اور مریم
مادر عیسیٰ و کلثوم خواہر موسیٰ و آسیہ خاتون زنان بھی میرے نکاح میں ہیں خدیجہ جواب دیں کہ آپکو مبارک ہو اور انتقال خیر فرمائیں انا للہ
وانا الیہ راجعون دوسرے ام الاسود بنت نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن لوی بن غالب القرشی
والدہ انکی سودہ بنت قیس ابن عمرو بن زید بن لبید بن خداش تھیں اول سکران بن عامر اپنے چچیرے بھائی کے نکاح میں تھیں وہ بھی
اول اسلام لایا اور مع سودہ حبشہ جانب حبش گیا وہاں متدین بدین ترسا ہوا اور اسی حال میں مکے میں آکر مرگیا کہ سودہ بیوہ ہوگئیں
ایک بیٹا سکے عبد الرحمن سکران سے تھا سو جنگ جلولا میں کہ ایک قریہ قریبات فارس سے ہے عہد خلافت حضرت فاروق اعظم میں
شہید ہوا سنہ پندرہ ہجری تھے حضرت سودہ نے حیات اپنی شوہر میں جب حبشہ سے مکے میں آئیں تو خواب دیکھا کہ حضرت صلعم میری
طرف آئے اور اپنے پیر میری گردن پر رکھے ہیں جب بیدار ہوئیں تو یہ خواب اپنے شوہر سے کہا اسنے تعبیر کی کہ اگر تیرا خواب سچا ہے
تو میں مرونگا اور محمد تیرے ساتھ نکاح کرینگے دوسری بار پھر خواب دیکھا کہ میں بیٹھی ہوں اور ماہتاب آسمان سے آکر میری گود
میں گرا جب بیدار ہوئیں تو یہ خواب بھی اپنے شوہر سے کہا اسنے کہا اگر خواب سچا ہے تو میں مرجاؤنگا تو اور شوہر کریگی بعد اسکے سکران بیمار ہوا
اور چند روز کے بعد مرگیا کہ سودہ بیوہ ہوگئیں اور بعد انقضاء عدت حضرت صلعم نے خولہ بنت حکیم زوجہ عثمان ابن مظعون کی
معرفت پیغام نکاح بھیجا سودہ نے اپنے باپ سے اذن لیکر قبول کیا کہ سال دہم نبوت میں حضرت صلعم نے چار سو درہم مہر
معین کرکے نکاح کیا اہل تحقیق نے نکاح سودہ قبل ہجرت عائشہ بیان کیا ہے اسی طرح زفاف سودہ قبل زفاف عائشہ لکھا ہے
مگر اسمیں خلاف نہیں ہے کہ ایک ہی سال ماہ میں یعنی شوال سال دہم نبوت میں دونوں سے نکاح کیا ہے اور چونکہ عمر سودہ کی
زیادہ تھی اس سبب سے آنحضرت نے سال ہشتم ہجرت میں طلاق دی یا ارادہ طلاق فرمایا سودہ کے وقت سودہ سر راہ
آنحضرت جا بیٹھیں جسوقت آنحضرت عائشہ کے گھر جانے لگے تو سودہ نے کہا میں بارسول اللہ مجھکو طلاق نہ دیجیے اور میں مرد کی

خواہش نہیں رکھتی ہوں مگر یہ چاہتی ہوں کہ بروز قیامت آپ کے ازواج میں اٹھائی جاؤں اور میں اپنی نوبت آپ کی محبوبہ عائشہ کو بخشے دیتی ہوں حضرت صلعم نے درخواست سودہ منظور فرمائی اور بقول صحیح طلاق نہیں دی یا رجعت فرمائی انھیں کے قصے میں کریمہ وان امرۃ خافت من بعلہا نشوزا او اعراضا نازل ہوئی اور انکے فضائل میں مندرج ہوئی وفات انکی آخر خلافت حضرت عمر رضی میں واقع ہوئی جنت البقیع میں مدفون ہیں اور مواہب لدنیہ میں لکھا ہے کہ سال چون ہجری میں حکومت معاویہ ابن ابی سفیان وفات ہوئی اور بہجۃ المحافل میں سال پنجاہ و پنج ہجری میں لکھی ہے روضۃ الاحباب میں ہے کہ حضرت سودہ سے ایک حدیث بخاری میں مروی ہے اور چار سنن اربعہ میں بعضے کہتے ہیں کہ اسما بنت عمیس نے اول نعش انھیں کے واسطے بنائی تھی اور بعضے کہتے ہیں کہ نعش اسطے زینب بنت جحش کے بنائی گئی تھی مگر اصح یہ ہے کہ اول نعش حضرت فاطمہ کے واسطے ترتیب دی گئی تھی اور وفات فاطمہ علیہا السلام مقدم ہے کہتے ہیں کہ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا طویل القامۃ و لحیم و شحیم نہیں تیسری حضرت عائشہ صدیقہ بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما ہیں انکی ام رومان بنت عمر ابن العامر تھیں اور کنیت انکی ام عبد اللہ مراد عبد اللہ سے عبد اللہ ابن زبیر ہیں جو زادہ عائشہ صدیقہ ہیں کہ انکو حضرت صدیقہ نے متبنی کیا تھا قصہ انکے نکاح کا یوں ہوا کہ بعد وفات خدیجہ خولہ نے حضرت سے کہا کہ آپ نکاح کیوں نہیں فرماتے اگر باکرہ درکار ہو تو عائشہ بنت صدیق اکبر ہے اور خوشبہ کی خواہش ہو تو سودہ بنت زمعہ موجود ہے حضرت نے فرمایا دونوں سے پیغام کر سو بروایت صحیح اول خولہ سودہ کے پاس گئیں انھوں نے قبول کر لیا پھر صدیق اکبر کے پاس آئیں اور پیغام کہا انکو یہ دغدغہ ہوا کہ میں نے حضرت سے عقد موا خات باندھی ہے میری بیٹی سے حضرت کسطرح نکاح کرینگے یہ خبر حضرت نے سنی اور فرمایا کہ اخوت نسبتی رضاعی موجب حرمت ہے نہ اخوت اسلامیہ خولہ نے صدیق اکبر سے کہا صدیق اکبر نے کہا کہ تو اندک توقف کر میں آتا ہوں اور وجہ اسکی یہ ہوئی کہ مطعم ابن عدی نے اپنے بیٹے جبیر کے واسطے عائشہ کو چاہا تھا سو حضرت صدیق اکبر اسکے گھر گئے اسنے از خود کہا کہ ہے ابوبکر اپنی بیٹی دے کر میرے بیٹے کو دین آبائی سے پھیرا چاہتا ہے یہ ہرگز نہ ہوگا پھر صدیق اکبر نے اسکے بیٹے سے کہا اسنے بھی وہی جواب دیا صدیق اکبر نے غنیمت سمجھا اور جلدی سے اپنے گھر آئے اور خولہ سے فرمایا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم غریب خانہ پر وفق فرمائیں مجھکو منظور ہے چنانچہ آنحضرت تشریف لائے اور نکاح کیا یا دو سو درہم مہر قرار پایا کہ اسی وقت حضرت نے قرض لیکر تسلیم کیے اسوقت عمر حضرت عائشہ کی چھ برس کی تھی اور صحیح یہ ہے کہ مہر ساڑھے بارہ اوقیہ تھا کہ صدیق اکبر نے حضرت صلعم کی طرف سے ادا کیا کذا فی بہجۃ المحافل اور زفاف عائشہ صدیقہ سال اول یا بقولے سال دوم ہجرت مدینہ منورہ میں بعمر نو برس کے واقع ہوا اور اٹھارہ برس کی تھیں جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی عمر بیسٹھ یا چھیاسٹھ برس کی ہوئی اور شب سہ شنبہ سترھویں رمضان المبارک سال پنجاہ و ہشتم ہجری میں وفات ہوئی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھی اور محمد ابن قاسم ابن ابی بکر و عبد اللہ بن عبد الرحمن بن ابی بکر نے قبر میں رکھا اور جنت البقیع میں رات کے وقت دفن کیا انکے سوائے کوئی عورت باکرہ آنحضرت کے نکاح میں نہیں آئی انکو اجلہ فقہا میں شمار کرتے ہیں اور بڑی مفتی و فصیحہ و بلیغہ تھیں

بعض سلف سے منقول ہو کہ چہارم حصہ احکام شرع کے اُنسے معلوم ہوے ہین ۶ وہ ابن شہر کہتے ہین کہ مین نے عائشہ سے زیادہ
کسی کو عالمہ معانی قرآن و حافظہ احکام حلال و حرام و ماہر شعر عرب و علم طب نہین دیکھا کتب صحاح مین ۲ ہزار ۲ سو دس حدیثین
آنجناب سے مروی ہین از انجملہ متفق علیہ ایکسو چوبیس اور فرد بخاری چوون اور فرد مسلم اٹھایئس اور باقی اور کتابون مین ہین
صحیحہ ہو کہ حضرت صلعم سے کسی نے سوال کیا کہ دوست ترین مردم آپ کے نزدیک کون ہو فرمایا عائشہ پھر سوال کیا مردون سے
کون زیادہ دوست ہو فرمایا اُسی کا باپ اور انس ابن مالک فرماتے ہین کہ اول دوستی جو دار اسلام مین ظاہر ہوئی دوستی
پیغمبر خدا تھی عائشہ صدیقہ سے بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہو کہ حضرت نے فرمایا اے عائشہ یہ جبرئیل ہین تجھکو
سلام کرتے ہین اور پورا قصہ یون ہو کہ مین نے کہا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ یعنی جبرئیل کو سلام اور خدا کی رحمت یا رسول اللہ
جو آپ دیکھتے ہین وہ مین نہین دیکھتی اس حدیث سے بڑی فضیلت حضرت عائشہ کی ثابت ہوئی اور معلوم ہوا کہ ایکی طرف سے دوسرے کو
سلام پہونچانا مستحب ہو اور سلام کا جواب یا وہ کرکے دینا افضل ہو بخاری مین ہو کہ اصحاب باصفا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی
نوبت مین ہدایا و تحف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے بھیجتے تھے تاکہ حضرت خوش ہون ایک روز زوجات مطہرات نے ام سلمہ سے
کہا کہ تم حضرت سے کہو کہ حضرت یارون سے کہدین کہ ہم کسی بی بی کے پاس ہون اور تمکو تحفہ بھیجنا ہو بھیجدیا کرو عائشہ صدیقہ
کی کیا خصوصیت ہو ام سلمہ نے حضرت سے التماس کیا حضرت نے فرمایا مجھکو عائشہ کے مقدمے مین رنج نہ دو سوا ے عائشہ کے کسی بی بی کے
پاس مجھ پر وحی نہین آتی ام سلمہ نے کہا یا رسول اللہ آپ مجھے رنج دینے سے توبہ کرتی ہون پھر حضرت کی بیبیون نے حضرت فاطمہ
علیہا السلام کو حضرت کے پاس بھیجا انھون نے حضرت سے کہا حضرت نے فرمایا اے بیٹی تو کیا نہ چاہیگی جسکو مین چاہتا ہون حضرت
فاطمہ نے کہا واللہ مین اُسکو ضرور چاہونگی جسکو آپ چاہتے ہین حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو عائشہ سے محبت رکھ پھر حضرت فاطمہ
رخصت ہوئین اور بیبیون نے زینب کو جو حضرت کی پھوپھی کی بیٹی اور بی بی تھین اُنکو حضرت کے پاس بھیجا کہ حضرت زینب نے
سخت و سست باتین کہین اور کہا یا رسول اللہ آپ کی بیبیان عائشہ کے مقدمے مین عدل و انصاف چاہتی ہین مگر حضرت
عائشہ صدیقہ نے ابتک کچھ جواب نہین دیا حضرت کی طرف دیکھتی جاتی تھین کہ شاید حضرت کچھ جواب دین جب حضرت عائشہ نے
دیکھا کہ آنجناب چپ ہین تو اچاز زینب کو جواب دینے شروع کیے اور اُنکو جواب مین بند کیا تب حضرت صلعم نے فرمایا کہ عائشہ
ابوبکر کی بیٹی ہو ایسی ویسی نہین جو دبک کے جواب ہی نہ کہ سکے یعنی جیسا اُسکا باپ خوش تقریر و دانا ہو ویسی ہی وہ بھی
دانا و خوش تقریر ہو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سب بیبیون سے حضرت صلعم صدیقہ کو بہت دوست رکھتے تھے تو جنے حضرت
عائشہ کو برا کہا اور اُنسے عداوت رکھی اُسنے بیشک حضرت کو رنج دیا اسی طرح فضائل و محامد اُنکے حد بیان سے خارج ہین اور
کچھ شبہہ نہین کہ محبوبہ رسول مقبول تھین اور تفضیل مدارج مین ہی چوتھی حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہ ابن خطاب قرشیہ عدویہ مان اُنکی
زینب بنت مظعون ابن حبیب ابن وہب ابن حذافہ تھین اول خنیس ابن حذافہ سہمی مدنی کے نکاح مین تھین بعد وہ قدیم
مدینہ ہجرت کرکے احد خنیس نے وفات پائی تو بعد انقضاے عدت سال سوم یا سال دوم ہجرت مین حضرت صلعم نے نکاح کیا

ولادت حفصہ پانچ برس پیشتر بعثت رسول اللہ سے ہوئی اور سن پینتالیس ہجری میں بعمر شصت سال عہد سلطنت معاویہ ابن ابی سفیان میں
وفات پائی مروان نے نماز جنازہ پڑھی عبداللہ و عاصم دونوں بھائیوں حفصہ نے بشرکت سالم اپنے برادر زادہ کے قبر میں کھا بقیع میں
مزار شریف واقع ہے اور مروان کی نماز پڑھنے کا یہ سبب تھا کہ دونوں میں مروہ جانب معاویہ ابن ابی سفیان سے حاکم مدینہ تھا مرویات حفصہ
ساٹھ حدیثیں ہیں متفق علیہ چار و فرد مسلم چھ اور باقی اور کتب میں ہیں روایت ہے کہ حضرت حفصہ رضی اللہ کے مزاج میں تیزی خو بہت تھا
یہاں تک کہ حضرت صلعم نے چاہا تھا کہ طلاق دیں ولیکن طلاق دی تھی جب عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ نے سنا تو انکو بہت رنج ہوا
سو حضرت جبرئیل علیہ السلام بامر رب العالمین فرمان وحی لائے کہ حفصہ نماز گزار روزہ دار ہے تو جنت میں بھی تمہاری
بی بی ہوگی اسی وقت حضرت نے رجوع فرمائی خواہ ارادہ طلاق فسخ کیا بقیت فضائل حفصہ میں شمار کی گئی پانچویں زینب بنت خزیمہ
ابن الحارث بن عبداللہ ابن عمر ابن عبد مناف ابن ہلال ابن عامر ابن صعصعہ خواہر مادری میمونہ اول طفیل ابن حارث ابن عبدالمطلب کے نکاح میں
تھیں جب اسنے طلاق دی تو عبیدہ ابن حارث کے بھائی نے نکاح کیا جب وہ غزوہ بدر میں شہید ہوے تب بعد انقضاء عدت
وفات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اور صاحب مواہب لدنیہ میں لکھا ہے کہ عبداللہ ابن جحش اسدی کے نکاح میں تھیں
جب وہ غزوہ احد میں شہید ہوے تب حضرت صلعم نے نکاح کیا وہ اصح و صحیح کنیت انکی بسبب کثرت اطعام مساکین ام المساکین تھی
بعد نکاح دو مہینے یا تین یا چھ یا آٹھ زندہ رہیں اور صحیح یہ ہے کہ ماہ ربیع الثانی سال چہارم ہجری میں وفات پائی اور ماہ رمضان
سال سوم ہجرت میں نکاح ہوا تھا اور بقیع میں مدفون ہیں اور بقیع ایک قبہ ہے جسکو قبہ ارواح بولتے ہیں چھٹویں ام سلمہ
قدیم اسلام مہاجرہ حبشہ بنت ابی امیہ سہیل ابن المغیرہ مخزومیہ نام انکا ہند تھا اور مان انکی عاتکہ بنت عامر علی قول صاحب الاصول
والمواہب بقول عاتکہ بنت عبدالمطلب فی نظر اول ابوسلمہ عبداللہ بن عبدالاسد بن عبدہلال کے نکاح میں تھیں انسے عمر و سلمہ و زینب
و درہ پیدا ہوے جب ابوسلمہ غزوہ احد میں مجروح ہو کر بتازگی جراحت کسی سریہ میں فوت ہوے تو ابوبکر نے پیغام نکاح کیا ام سلمہ نے
انکار کی پھر خاطب ابن بتعہ لے حضرت کا پیغام کہا اور تیسرا قول میں ہے کہ عمر ابن خطاب حضرت کا پیغام لائے ام سلمہ نے کہا مرحبا
برسول اللہ لیکن میں عورت بوڑھی ہوں اور لڑکے یتیم رکھتی ہوں اور میرے مزاج میں غیرت بھی بہت ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
عورتیں جمع کرتے ہیں اور میرے اولیا حاضر نہیں یہ حال سنکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جلوہ فرما ہوے
اور ارشاد کیا کہ میں عمر میں تجھسے زیادہ ہوں اور خدا اور رسول یتیموں کا کفیل ہے اور غیرت کو اللہ دفع کریگا اور موجودگی اولیا ضرور نہیں
کوئی ایسا نہیں کہ میرے باب میں انکار کرے تب ام سلمہ نے عمر اپنے بیٹے نابالغ سے کہا میرا نکاح رسول اللہ صلعم سے کر اسنے نکاح کر دیا
کہ حضرت صلعم نے زینب کے گھر پر انکو لاکر رکھا کیونکہ انکی وفات ہو چکی تھی اور گھر خالی تھا یہ معاملہ ماہ شوال سال چہارم ہجری میں واقع ہوا
مرویات انکی کتب حدیث میں تین سو چوہتر ہیں انمیں سے متفق علیہ تیرہ اور فرد بخاری نو حدیثیں اور فرد مسلم تیرہ اور باقی اور کتابوں
میں ہیں گذرانی روضۃ الاحباب و وفات انکی مواہب لدنیہ میں سال پنجاہ و ششم ہجری میں لکھی اور بہجۃ المحافل میں سال شصت و دو ہجری میں
لکھی ہے نماز جنازہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہا نے پڑھی جنت البقیع مدفون ہیں عمر انکی جو اسی برس کی ہوئی اور بروایت مشہور

ام سلمہ آخرین ازواج رسول اللہ ہین وفات مین مگر بعضے میمونہ کو قرار دیتے ہین اور صحیح یہ ہی کہ بعد شہادت امام حسین علیہ السلام کے ام سلمہ نے وفات پائی ہی ستاتوین زینب بنت جحش اسدیہ اور والدہ انکی امیمہ بنت عبدالمطلب عمتین یعنی حضرت صلعم کی پھوپھی کی بیٹی تھین اول انکا نام برہ تھا سو حضرت صلعم نے دیکھا کہ یہ نام مشعر تزکیہ نفس پر ہی اور کریمہ لاتزکوا انفسکم کے خلاف ہی اسلیے زینب نام رکھدیا اول نکاح انکا زید ابن حارثہ سے ہوا اور جب یہ نے طلاق دی تو حضرت صلعم نے نکاح کیا روایت ہی کہ جب حضرت صلعم نے زینب کے ساتھ زید کا نکاح کرنا چاہا تو خود زینب اور عبداللہ برادر زینب نے بسبب شرافت نسبیہ اپنی اور زمرک مزاجی اور حسبیہ ہونے کے انکار کیا تو حضرت صلعم نے فرمایا وما کان لمومن ولا مومنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امرا ان یکون لہم الخیرۃ من امرہم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالا مبینا یعنی کام نہین کسی ایمان دار مرد یا عورت کا جب ٹھہرا دے اللہ اور اسکا رسول کچھ کام کہ انکو رہے اختیار اپنے کام کا اور جو کوئی بے حکم چلا اللہ اور اسکے رسول کے سو راہ بھولا صریح بچوک کر یہ سنکر زینب عبداللہ راضی ہوے کہ حضرت صلعم نے نکاح کر دیا اور معالم مین ہی کہ حضرت نے دس دینار اور ساٹھ دراہم اور ایک اوڑھنی اور ایک کرتہ اور ایک لنگ اور ایک چادر کلان اور پچاس مد گیہون اور تیس صاع خرمے خشک زینب کے پاس بھوائے بالجملہ زینب زید کے گھر مین رہنے لگین مگر زید انکی نظر مین حقیر و کم رتبہ لگتے اسسے باہم لڑائی ہوا کرتی اور موافقت مزاجی نہوتی اور زید ہمیشہ حضرت صلعم سے شکوہ کیا کرتے اور عرض کرتے کہ مین زینب کو چھوڑے دیتا ہون مگر حضرت صلعم منع فرماتے اور کہتے کہ میری خاطر سے اسنے تجھکو قبول کیا ہی اب چھوڑ دینا دوسری دلت ہی لیکن جب بکرر یہ معاملہ گذرا اور بار بار یہ قضیہ ہوا تو حضرت صلعم کے دل مین آیا کہ اگر زید چھوڑیگا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہین کہ مین نکاح کرون لیکن منافقون کی بدگوئی سے اندیشہ ہی کہ یہ لوگ کہینگے اپنے بیٹے کی جورو گھر مین رکھی حالانکہ لے پالک کو حکم بیٹے کا کسی امر مین نہین ہی اور اللہ جل شانہ نے حضرت کو ایک حال پیشتر ہی آگاہ کر دیا تھا کہ زینب تمھاری بی بی ہونگی آخرکار ایک دن زید نے آکر کہا یا حضرت تنگ ہو کر مین نے زینب کو طلاق دی آنجناب خاموش ہو رہے جب عدت کے ایام گذر گئے تو زید ہی کو بھیجا کہ تم جاکر میرے ساتھ نکاح کا پیغام دو تاکہ معلوم ہو کہ وقوع اس امر کا زید کی رضامندی سے ہوا ہی الغرض زید نے نکاح کا پیغام دیا زینب نے کہا جب تک مین اپنے اللہ سے مشورہ نہ کرونگی اسکا جواب نہ دونگی سو زینب نے دو رکعت نماز ادا کر کے دعا مانگی یا الٰہی تیرا پیغمبر مجھسے نکاح کا پیغام کرتا ہی اگر مین اسکے لائق ہون تو مجھکو اسکے نکاح مین دے اللہ تعالی نے سورہ احزاب مین یہ آیت نازل فرمائی فلما قضی زید منہا وطرا زوجناکہا یعنی پھر جب تمام کر چکا زید اس عورت سے اپنی غرض ہمنے اسکو تیرے نکاح مین دیا یعنی جب زید نے اسکو چھوڑ دیا تب ہمنے تیرے ساتھ نکاح کر دیا اور جس وقت یہ آیہ نازل ہوئی آنحضرت صلعم عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر مین تھے سو فرمایا کوئی زینب کو مبارکباد پہونچاوے کہ اللہ تعالی نے تیرا نکاح میرے ساتھ کر دیا اسی وقت سلمی خادمہ نے یہ بشارت سرسر سعادت زینب کو پہونچائی انھون نے سجدۂ شکرانہ ادا کیا اور سلمی کو انعام سے سرفراز کیا پھر دو مہینے کے روزہ شکریہ رکھے اور بعد نزول آیت حضرت صلعم زینب کے گھر مین تشریف لائے تو زینب نے کہا یا رسول اللہ بلا خطبہ گواہ نکاح کس طرح ہو آنجناب نے فرمایا اللہ تزوج وجبرئیل اشاہد اسی سبب سے زینب بطور افتخار اور بیبیون سے کہا کرتی تھین کہ متولی میرے نکاح کا خدا ہی اور تمھاری متولی اولیا ہین الغرض اللہ کے فرمانے سے نکاح بندہ گیا ظاہر ہو مین نکاح کرنے کی حاجت نہوئی جسطرح

اب کوئی مالک اپنی لونڈی و غلام کا نکاح کرے مگر جاننا چاہیے کہ یہ بات از جملہ خصوصیات حضرت صلعم سے ہے اور کسی کو جائز نہیں ہے کہ بلا مہر و گواہ نکاح کرے یہ معاملہ سال پنجم ماہ ذیقعدہ میں بقول صاحب مواہب لدنیہ واقع ہوا اور سخاوی کے نزدیک سال چہارم میں بعد اس معاملہ کے زینب رضی اللہ عنہا نے کھانا بہتر پکوا کر لوگوں کو کھلایا اور منافقوں نے طعنے دیے کہ محمد نے اپنے بیٹے کی عورت کو گھر میں ڈالا ہے تب یہ آیت نازل ہوئی ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور مرویات انکی کتب ستہ میں گیارہ حدیثیں ہیں دو حدیث متفق علیہ اور باقی اور کتابوں میں عمر ترپن برس کی ہوئی اور بعضوں نے تینتیس بیان کی ہے اور وفات سال بستم ہجری میں ہوئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ ادا فرمائی اور محمد ابن عبد اللہ ابن جحش اور اسامہ ابن زید نے قبر میں رکھا بقیع میں مدفون ہیں حضرت عائشہ انکی شان میں فرماتی ہیں کہ نہیں تھی کوئی عورت انسے بہتر دین میں اور ڈرنے والی اللہ سے اور سچی صادقہ اور بڑی سلوک کرنے والی اپنے ناتے داروں سے اور بہت اللہ دینے والی اور بہت خرچ کرنے والی اپنے نفس کو اس عمل میں جسمیں ثواب صدقہ کا ہو اور قرب خدا کا حاصل ہو فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ سبب حقیر لگنے زید کا نظر زینب میں اور انکار کرنے عبد اللہ کا تزوج سے یہ تھا کہ زید ابن حارثہ کو انکی والدہ سعدی بنت ثعلبہ کہ قبیلہ بنی معن بن طی میں سے تھی لیکر واسطے ملاقات اپنی قوم کے نکلی اور بنی معن نے ایک قوم کو جا بتیہ میں لوٹ لیا تھا تو انکا گذر بنی معن پر ہوا تو ان لوگوں نے زید کو اٹھا لیا تھا یہ اندنون آٹھ برس کے تھے سو انکو بازار عکاظ میں لاکر بیچا اور حکیم بن حزام بن خویلد نے اپنی پھوپھی خدیجہ کے لیے چار سو درہم کو مول لیا جب حضرت صلعم نے خدیجہ سے نکاح کیا انھوں نے آنحضرت کو ہبہ کر دیا بعد اسکے انکی خبر انکے اہل کو پہونچی سو حارثہ اور کعب دونوں بھائی لینے کو آئے اور کچھ روپیہ دینے لگے حضرت نے زید کو اختیار دیا کہ جاؤ یہاں ہو میرے پاس یا اپنے باپ چچا کے ساتھ جاؤ زید نے حضرت کی خدمت میں رہنا اختیار کیا بسبب اسکے کہ سلوک و احسان حضرت کا اپنے ساتھ دیکھا تھا سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم زید کو ہمراہ لیکر اسی وقت حجر کی طرف تشریف لائے اور فرمایا اے حاضرین گواہ رہو کہ زید میرا بیٹا ہے وارث ہوگا میرا اور میں وارث ہونگا اسکا سو مشہور ہوئے زید ابن محمد یہانتک کہ وقت ظہور اسلام آیا اور یہ کہ بلایا دعوہم لآبائھم ہو اقسط عند اللہ یعنی پکارو انکو ساتھ نام انکے باپوں کے کہ یہ افضل ہے تب کہنے لگے لوگ انکو زید ابن حارثہ اور آنحضرت صلعم زید سے دس یا بیس برس بڑے تھے اور ایک قول کے موافق اول مردوں سے زید ہی اسلام لائے ہیں بعد اسکے حضرت نے ام ایمن اپنی لونڈی آزاد سے انکا نکاح کر دیا کہ انسے اسامہ پیدا ہوئے پھر نکاح کیا زینب بنت جحش سے تو اس سبب سے کہ زید غلام تھے زینب کو عار و ننگ تھا اور اس سبب سے زید حقیر نظر آتے تھے انکی نظر میں اور فضائل زید کے بہت ہیں از انجملہ یہ کہ اللہ تعالی نے قرآن میں کسی صحابی کا نام نہیں لیا مگر زید کا کما قال فلما قضی زید منہا وطرا از انجملہ حضرت نے فرمایا ہے کہ زید محبوب ترین لوگوں سے ہے میری طرف اور اسامہ بیٹا اسکا بعد اسکے اور روایت کیں حدیثیں انسے اسامہ نے اور بھی اور اصحابوں نے وفات پائی یعنی شہید ہوئے غزوہ موتہ میں حالت امارت میں عمر پینتیس برس کی ہوئی اور وقت وفات سال ہشتم ہجری ماہ جمادی الاول تھا آٹھویں جویریہ خزاعیہ مصطلقیہ بنت الحارث ابن ابی ضرار انکا نام بھی برہ تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جویریہ کہا اول شافع ابن صفوان مصطلقی اپنے چچا زاد بھائی کے نکاح میں تھیں جب شافع غزوہ مریسیع میں کہ اسکو غزوہ مصطلق بھی بولتے ہیں مارا گیا تو جویریہ لوٹ میں آئیں اور ثابت

ابن قیس ابن شماس اور اُسکے چچیرے بھائی سعد بن ثابت اور جویریہ بنت حارث ابن ضرار سردار قوم کی بیٹی ہون اور ثابت اور اُسکے بھائی نے بھی مکاتبہ کر دیا ہے سو آپ بدل کتابت مین میری اعانت فرماوین آنجناب نے بدل کتابت ادا کرکے جویریہ کو آزاد کیا اور سنہ ششم ہجری مین اُسنے نکاح فرمایا وفات اُنکی سنہ پنجاہ ہجری مین ہوئی جنت البقیع مین مدفون ہین اور عمر ستّر برس کی ہوئی اور بعضے پینسٹھ برس کی کہتے ہین مرویات اُنکی سات حدیثین ہین دو بخاری اور دو مسلم مین اور باقی اور کتب مین اور نماز جنازہ مروان حاکم مدینہ نے پڑھائی تھی

(۱۲) ام حبیبہ رملہ بنت ابی سفیان ابن حرب ابن امیہ ابن عبد شمس اُنکی صفیہ بنت ابی العاص عمہ عثمان نام انکا اول رملہ تھا اول نکاح عبید اللہ ابن جحش مین تھا جس سے حبیبہ بیٹی ہوئی تھی جب عبید اللہ کے ساتھ ہجرت ثانیہ حبشہ کو ہجرت کر گئین تو عبید اللہ نصرانی ہو کر مرگیا اور ام حبیبہ مسلمان رہین سنہ ہفتم ہجری مین جو حضرت صلعم نے عمرو ابن امیہ ضمیری کو نجاشی کے پاس بھیجا کہ ام حبیبہ کا نکاح کا پیغام دے اور قبل ورود عمرو ام حبیبہ نے خواب دیکھا تھا کہ کوئی پکارتا ہے یا ام المؤمنین ام حبیبہ نے تعبیر کی تھی کہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجات مطہرات مین داخل ہونگی جب عمرو نجاشی کے پاس پہونچے تو نجاشی نے ابرہہ اپنی لونڈی کو ام حبیبہ کے پاس بھیجا وہ نہایت خوش ہوئین اور زیور دست و پا پنا اُسکو عنایت کیا اور خالد ابن سعید ابن العاص کو وکیل کیا اور نجاشی نے مجلس آراستہ کی اور جعفر ابن ابیطالب و غیرہ مہاجرین حبشہ کو جو وہان تھے جمع کر لیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے خطبۂ نکاح پڑھا اور سو مثقال طلا یا چار ہزار درہم کا مہر مقرر کیا اور وکیل ام حبیبہ کو عنایت کیا اُسنے ام حبیبہ کے پاس پہونچا دیے انجملہ ام حبیبہ نے بچاس مثقال مونہ اور ابرہہ کو بھیجا اور خدمتگار کنیز کہا کہ تیری خدمت بجا لے یا وہ نہین ہو سکتی ہی قدر قبول کر ابرہہ نے وہ زیور اور طلا واپس کیا اور کہا کہ میں کسی کی خواہش مطلق نہین رکھتی صرف یہی درخواست ہے کہ جب آپ بارگاہ رسول خدا مین فیض یاب ہون تو میرا سلام عرض کر کے اطلاع دین کہ مین مسلمان ہوا اور دین آپ کا دل و جان سے پھیر رہتے ہین بعد ازان نجاشی کی مسرورات نے ارگجے و خوشبوئیان مرتب کر کے ام حبیبہ کو بھیجے بروایت صحیحہ ثابت ہوا کہ جب جعفر استحکام سلسلۂ عقد مناکحت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہوئی تو آنجناب نے مشرجیل ابرہہ کو جانب حبشہ روانہ کیا تاکہ ام حبیبہ کو لے آئین چنانچہ وہ گئے اور ام حبیبہ کو لائے اور نجاشی نے جعفر ابن ابیطالب وغیرہ مہاجرین حبشہ کو مع عرایض و پیراہن مع یا نجامہ اور ایک قوطہ موزہ سیاہ کے روانہ کیا اور بعد نزول مدینہ زفاف واقع ہوا پھر ام حبیبہ نے ابرہہ کا سلام کہا اور حال ماضیہ بیان کیا حضرت صلعم نے فرمایا وعلیہا السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اندنون عمر ام حبیبہ کی تینتیس برس کی تھی اور بعضے تیس برس کئی مہینے کی بیان کرتے ہین و ہذا ہو الصحیح اور بعضے کہتے ہین کہ ام حبیبہ مدینے مین لائے اور عثمان ابن عفان نے حضرت کے ساتھ نکاح کر دیا وفات اُنکی عہد معاویہ ابن ابی سفیان مین واقع ہوئی اور مروان نے نماز پڑھی جنت البقیع مین مدفون ہین سال چھیالیس یا چوالیس ہجری تھے اور بعضے وفات اُنکی شام مین بیان کرتے ہین لکنہ ضعیف مرویات اُنکی پینسٹھ حدیثین ہین متفق علیہ دو اور فرد مسلم ایک اور ترجمہ اُنکا اور کتب مین بتجمۃ المحافل مین ہے کہ متولی نکاح حبشہ مین عثمان ابن عفان تھے بقولے خالد ابن سعید ابن العاص و بقولے نجاشی یا خصائص آنحضرت مین ہے بعد اُسکے حضرت صلعم نے بدو سے واسطے خوشی خاطر ابی سفیان کے بولایت ابی سفیان تجدید نکاح فرمائی تھی و سنوین صفیہ نصیریہ بنت حیی ابن اخطب ابن سعد ابن ثعلبہ

اولاد ہارون علیہ السلام سے تھیں اور مان انکی ضرورہ یا برہ بنت صبور ابن اخت رفاعہ بنت شموال سبط لاوی ابن یعقوب اول اسلام
بن سکم کے نکاح میں تھیں پھر کنانہ ابن الحقیق کے پاس رہیں جب وہ خیبر میں قتل کیا گیا تو صفیہ لونڈیوں میں آئیں اور دحیہ کلبی کے حصہ
میں ایک شخص نے حضرت سے کہا کہ صفیہ سید وار بنی قریظہ و نضیر ہی اسواسطے آنجناب نے سات لونڈیاں دحیہ کلبی کو دیں اور صفیہ کو لیکر آزاد کیا
اور اپنے نکاح میں لائے اور مہر اعتاق قرار دیا اور منزل صہبا میں لعد آتبراز فاف واقع ہوا عمر انکی ستروہ برس کی تھی اور سال چھتیس
یا پینتیس ہجری میں وفات پائی جنت البقیع میں مدفون ہیں ولعوبے خلافت حضرت فاروق میں وفات ہوئی انھیں نے نماز جنازہ پڑھی
مرویات انکی دس حدیثیں ہیں ایک متفق علیہ اور تتمہ اور کتب میں حضرت صفیہ کے رخسارے پر ایک نیلا داغ حضرت صلعم نے دیکھا پوچھا
یہ داغ کیسا ہے عرض کیا کہ جب آپ خیبر میں تشریف لائے اور محاصرہ کیا تو میں نے خواب میں دیکھا کہ چاند میری بغل میں آیا ہے میں نے خواب
شوہر سے کہا اسنے طمانچہ زور سے مارا کہ رخسارہ نیلا ہوگیا اور کہا کہ تو چاہتی ہے کہ اس بادشاہ کے بغل میں سووے گیارھویں میمونہ بنت حارث
بنت حزن ہلالیہ اول نام انکا برہ تھا آنحضرت نے میمونہ رکھا زمان جاہلیت میں وجہ سعود ابن عمر و ثقفی تھیں پھر عبداللہ ابن ابی رہم
بضم اول وسکون ہا عامری یا خویلد بن عبدالعزی یا فروہ ابن عبدالعزی یا عبد یالیل ابن شمر و کے نکاح میں آئیں جب کہ زوج ثانی مرتب
سال القعدہ ہفتم ہجری میں موضع سرف میں حضرت نے نکاح کیا اور جعفر ابن ابیطالب و عباس ابن عبدالمطلب نے بکفل نکاح ہوے اسوقت
حضرت صلعم واسطے ادا ے عمرہ قضا کے تشریف لیے جاتے تھے وقت مراجعت اسی موضع میں زفاف واقع ہوا اور اتفاقات قضا و قدر سے اسی جگہ میں
اسی جگہ انکی وفات ہوئی لہذا اس مقام کو میمونہ بولتے ہیں نماز جنازہ ابن عباس نے پڑھی اور یزید ابن الاصم عبداللہ ابن شداد
و ابن عباس ہمشیرہ زادوں نے قبر میں رکھا مرویات انکی چھتر حدیثیں ہیں سات متفق علیہ اور ایک فرد بخاری اور پانچ فرد مسلم اور باقی اور
کتابوں میں پوشیدہ رہتا ہے کہ یہ بیبیاں وہ ہیں جنہیں کسی طرح کا اختلاف نہیں ہاں عوانہ فخارہ بنت شمعون کہ بنی نضیر یا بنی قریظہ سے تھیں
گو غزوہ بنی قریظہ میں ہاتھ آئیں اور عرس سال ہشتم میں حضرت نے آزاد فرماکے اور بارہ اوقیہ مہر معین کرکے نکاح کیا کذا فی القول البدیع
اسی قول کو واقدی و ابن اثیر نے ترجیح دی ہے اور قسطلانی و ابن عبدالبر و جمال الدین محدث نے سراری میں لکھا ہے وفات انکی حجۃ الوداع
وقت رجوع میں ہوئی قبرستان مدینہ میں مدفون ہیں مخفی نہ رہے کہ سوائے ریحانہ و خدیجہ و زینب بنت خزیمہ کہ نو بیبیاں جو اوپر میں سو بعد وفات
حضرت صلعم کے زندہ رہی ہیں اور سبکی شان میں اللہ نے فرمایا ہے النبی اولی بالمومنین من انفسھم و ازواجہ امھاتھم اور یہ بھی واضح ہو
کہ نسبت ازواج آنحضرت حرمت نکاح دوجوہ بکرام میں ہے نہ جواز نظر و خلوت و وجوب نفقہ و ثبوت میراث میں ملا علی قاری فرماتے ہیں کہ
مطہرات رسول اللہ صلعم امہات مومنین ہیں امہات مومنات اور انکی بیٹیاں اور بیٹے اور بھائی اور بہنیں اور مادر اور پدر بطور نسب مراد اور دامادان
داماد ان خلات عداوی مراد نہ لیے جائینگے اور کرمانی شارح صحیح بخاری نے اس باب میں اختلاف بیان کیا ہے کذا فی شرح درد التہذیب
و حزب التوسل الی سید الانبیاء و الرسل مولانا و مقتدانا زبدۃ المحققین مولوی حافظ محمد ولی اللہ الاعظمی الفرخ ابادی تقمد
اسکنہ بحبوحۃ جنانہ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ فرماتی تھیں میں مردوں کی مان ہوں نہ عورتوں کی فقط
مطہرات کئی قوم سے تھے چھ قریش سے خدیجہ بنت خویلد و عائشہ بنت ابی بکر و حفصہ بنت عمر بن الخطاب و ام حبیبہ بنت ابی سفیان

ام سلمہ بنت ابی امیہ وسودہ بنت زمعہ اور چار نفر عرب غیر قریش زینب بنت جحش وجویریہ بنت الحارث بالالیہ زینب بنت خزیمہ ام المساکین
وجویریہ بنت الحارث خزاعیہ اور ایک غیر عربیہ بنی نضیر سے صفیہ بنت حیی ابن اخطب اور ایک بنی نضیر یا بنی قریظہ سے ریحانہ بنت شمعون
خواہ بنت زید بن عمرو اور زوجات کے دو گروہ تھے ایک گروہ عائشہ وحفصہ وسودہ اور دوسرا گروہ ام سلمہ وغیرہا کا اور باہم ازواج کے
غیرت اور رشک بھی گاہ گاہ ظاہر ہو جاتا تھا کہ بیان اسکا فائدہ علیحدہ مین بعد بیان زوجات اور سراری کے انشاء اللہ لکھا جائیگا مخفی نہ رہے
کہ مواہب لدنیہ مین سوائے ازواج مطہرات مذکورۃ الصدر کے بارہ بیبیان اور بھی لکھی ہین کہ انسے حضرت صلعم نے خطبہ خواہ نکاح فرمایا اور
قبل دخول یا بعد دخول تفریق واقع ہوئی ایک اشراف بفتح شین معجمہ وتخفیف راء وبفا بنت خلیفہ کلبیہ خواہر دحیہ کلبی کی تھی کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے عقد کیا مگر اشراف نے قبل دخول وفات پائی دوسری خولہ بنت ہذیل ابن ہبیرہ کہ یہ بلا مہر نکاح مین در آئی یعنی اپنے نفس کو
ہبہ کیا اور قبل دخول اسنے وفات پائی اور بعض اہل تحقیق کے نزدیک وہ عورت جسنے اپنے نفس کو ہبہ کیا میمونہ رضی اللہ عنہا تھین اور بقولے
زینب بنت جحش تھین وبقولے زینب بنت خزیمہ اور بعض کہتے ہین ایک عورت بنی عامر سے تھی ام شریک القریشیہ العامریہ کہ نام اسکا
غزیہ بضم عین وفتح زا ونشدید تحتانیہ بنت عامر بن لوی تھا اور بعضے کہتے ہین بنت دودان بن عوف تھی اور بعضے سوائے اسکے
کہتے ہین بسرۃ بنت عمرو بنت یزید ابن الجون بفتح الجیم اور جامع الاصول مین اسماء کندیہ کو جونیہ لکھا ہے اور زرقانی مین لکھا ہے اسماء بنت النعمان
بن ابی الجون الکندیۃ الجونیہ اور ابو عمر نے لکھا ہے عمرہ بنت عبید ابن ادس ابن کلاب کلابیہ اور مدارج مین ہے کہ بالاتفاق آنحضرت نے
اس عورت سے نکاح کیا ہے اور سبب مفارقت مین اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ حضرت صلعم نے اسکو طلب کیا وہ نہ آئی اور بعضے کہتے ہین
کہ اس عورت نے کہا اعوذ باللہ منک چنانچہ جامع الاصول مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ بنت الجون حضرت کے پاس آئی
اور کہنے لگی اعوذ باللہ منک حضرت نے فرمایا تو نے پناہ بزرگ پکڑی اپنے گھر جا کنایہ طلاق کا ہے اور ایک روایت مین ہے کہ
ابو اسید سے فرمایا دو کپڑے اسکو دے کر اسکے گھر پہونچا دے اور ایک روایت مین ہے کہ اسامہ سے فرمایا تین کپڑے متعہ کے دے کر رخصت کرو
اور بعضون نے اس عورت کا نام امیمہ اور بعضون نے امامہ بیان کیا ہے الغرض جسنے اعوذ باللہ منک کہا ہے اسکے نام مین اختلاف کثیر ہے اور یہ بھی اختلاف ہے
کہ اسنے اپنی ملاقت سے کہا یا بسبب شک اور غیرت کے بعض ازواج رسول اللہ صلعم نے سکھلا دیا چوتھی اسماء بنت النعمان کندیہ اسکو حضرت نے
قبل دخول طلاق دی ایک روایت مین کلمہ اعوذ باللہ منک اسی کی زبان سے صادر ہوا ہے پانچوین قتیلہ بقاف وتاء فوقانیہ بصیغہ تصغیر بنت
قیس خواہر اشعث ابن قیس کندی اسکو اسنے حضرت صلعم سے عقد کیا اور وہ موجود نہ تھی اور قبل ورود کے حضرت صلعم نے وفات پائی ایک روایت
کہ آنجناب نے وصیت فرمائی تھی کہ یہ عورت مختار ہے چاہے پردے مین رہ کر امہات مومنین مین داخل ہو اور چاہے جدائی اختیار کرے
سو جب وہ آئی تو اسنے جدائی اختیار کی اور عکرمہ ابن ابی جہل کے نکاح مین آئی جب یہ خبر حضرت ابوبکر صدیق کو پہونچی تو آنجناب نے چاہا
کہ گھر اسکا جلا دین حضرت عمر نے کہا یہ عورت امہات المومنین مین داخل نہین ہے کیونکہ حضرت صلعم نے دخول نہین فرمایا اور نہ اسکو پردے مین رکھا اور
ایک روایت ہے کہ وہ اپنے بھائی کے ساتھ مرتد ہو گئی چھٹوین سبا بنون یا سبا باو وحدہ یا اسماء بنت الصلت سلمیہ کہ جب حضرت صلعم نے اسکو خواستگاری
فرمائی اور خبر اسنے سنی تو خوشی سے مر گئی اور ایک روایت کہ ایک مرد بنی سلیم نے حضرت سے التماس کیا کہ میری بیٹی ازبس دی جمال ہے آپ اسکو نکاح مین لا حضرت نے

اُسی کی خواہش فرمائی یا ارادہ خواستن فرمایا تو اُس مرد نے اُسکی تعریف مین کہا کہ ایک صفت اُسمین یہ ہی کہ ہرگز اُسکو مرض و زحمت لاحق نہین ہوا ہی حضرت صلعم نے فرمایا کہ مجھکو اُسکی حاجت نہین ہی اس مقام سے نکلا کہ جسکو کبھی مرض یا زحمت لاحق نہو وہ آدمی اچھا نہین ہی سماتوین لیلی بنت الخطیم بفتح خا معجمہ و کسر طا و مہملہ اخت قیس اس سے حضرت صلعم نے عقد فرمایا یہ عورت نہایت غیور تھی سو اسنے فسخ نکاح چاہا حضرت نے منظور کیا اور اُسکو بھیڑیے نے کھالیا اور بعضون کے نزدیک اُسنے اپنے نفس کو ہبہ کیا تھا کذا فی المواہب آٹھوین ام شریک غزیہ بغین و زا و معجمہ بصیغۂ تصغیر بنت عامر ابن عوف کہ بنی عامر سے تھی اور بعض کے نزدیک قبیلہ انصار سے اور بقولے قبیلہ اُس سے بھی اسحضرت نے نکاح کیا اور قبل دخول و بقولے بعد دخول مفارقت فرمائی نوین ملیکہ بنت کعب کہ پیش ازدخول مفارقت فرمائی اور بعضے کہتے ہین اسی نے استعاذہ کیا تھا اور بعضے کہتے ہین کہ دخول فرمایا اور اُسنے حضرت کے پاس وفات پائی اور قول اول اصح ہی اور بعضے کہتے ہین کہ نکاح نہین کیا صرف خواستگاری فرمائی تھی کذا فی المدارج والمواہب اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ اسکی ران مین سفید داغ تھا لہذا آنجناب نے مفارقت فرمائی دسوین فاطمہ بنت الضحاک کلابیہ کہ حضرت نے اس سے نکاح فرمایا اور قبل دخول آیۂ تخییر نازل ہوئی سو اُسنے دنیا کو اختیار کیا آخرکار اُسکی یہ نوبت پہونچی کہ استخوان خرما و جو اتے سرگین خُنا کرتی تھی کسی نے پوچھا تو کون ہی اُسنے کہا مین وہ بدبخت ہون جسنے اختیار کیا دنیا کو خدا اور رسول پر گیارھوین جمرا بنت ظبیان بن عمرو بن عوف اسکو بھی حضرت نے قبل دخول طلاق دی بارھوین عمرہ ایک عورت بنی غفار سے کہ نام اُسکا صحیح معلوم نہین ہوتا اُسکو بھی حضرت صلعم نے قبل دخول طلاق دی اور قسطلانی فرماتے ہین کہ اس عورت کے بدن مین داغ سفید تھا اور مدارج مین ہی کہ یہ عورت بنی مرد بن عوف ابن سعد سے تھی اس سے حضرت نے نکاح کرنا چاہا تو اُسکے باپ نے دروغ کہدیا کہ اُسکے سفید داغ ہی پھر جب وہ گھر آیا تو اُسکے داغ سفید تھے **فائدہ** یہ بارہ بیبیان جنکا ذکر کیا گیا اُنمین سے شراف اور خواتیل دخول حضرت صلعم کے مری ہین اور میمونہ سنا سے بالاتفاق فوت زفاف نہین پہونچی لیکن اسمین اختلاف ہی کہ وفات پائی یا مطلقہ ہوئی اور میمونہ ملیکہ مین اختلاف دخول اور عدم دخول اور فوت اور طلاق ہی اور میمونہ عالیہ کے دخول مین اختلاف ہی اور طلاق مین اتفاق اور ام شریک مین اختلاف ہی اور قتیلہ سے بالاتفاق دخول نہین پہونچا اور جب حضرت صلعم نے وفات پائی تو یہ زندہ تھی اسی سبب سے بعض کے نزدیک حضرت صلعم نے دخول بیبیان چھوڑین ہین اور مواہب لدنیہ اور مدارج النبوۃ کتب معتبرہ سے واضح ہی کہ چند عورتین اور بھی ہین کہ اُنسے حضرت صلعم نے خطبہ کیا اور نکاح نہوا ان کی ایک ام ہانی بنت ابیطالب کہ نام انکا فاختہ بروایت صحیحہ تھا کہتے ہین کہ عہد جاہلیت مین حضرت صلعم نے اور ہبیرہ ابن وہب مخزومی نے اُنکی خواہش کی تو ابیطالب نے ہبیرہ سے عقد کردیا حضرت صلعم نے ابیطالب سے شکایت کی ابوطالب نے کہا اے پسر برادر مجھسے اور قوم وہب سے مصاہرت واقع ہوئی ہی اور مین نے اُنکی بیٹی چاہی تھی سو طریقہ کرم مقتضی ہوا کہ مکافات اُسکی کرون پھر فاختہ کے اولاد ہوئی جعدہ و عمرو و یوسف و ہانی تب کنیت اُنکی ام ہانی واقع ہوئی اور فتح مکہ مین ام ہانی ایمان لائین اور بسبب کفر ہبیرہ کے مفارقت واقع ہوئی اُسوقت حضرت صلعم نے خطبہ کیا ام ہانی نے کہا

والد مین جاہلیت مین تمکو دوست رکھتی تھی پس کسطرح اسلام مین دوست نہ رکھونگی تمکو تم آنکھون سے زیادہ عزیز ہو
مگر مین ایک عورت ہون کہ اولاد یتیم رکھتی ہون مجھکو خوف ہی کہ اگر انکے حال کی رعایت کرونگی تو آپکی خدمت مین
قصور ہوگا اور جو آپکی خدمت مین مصروف رہونگی تو انکے حال کی رعایت نہو سکیگی یہ ضائع ہونگے اور مجھکو شرم
آتی ہی کہ آپ میرے پاس تشریف لاوین اور ایک لڑکا دودھ پیتا ہو اور ایک بستر پر یکیہ دیے پڑا ہو حضرت صلعم نے
فرمایا کہ عورات قریش بڑی مہربان اولاد ہوتی ہین چنانچہ حضرت صلعم نے عذرات اُنکے قبول فرمائے وفات اُنکی زمانہ
معاویہ ابن ابی سفیان مین ہوئی دوسری خولہ بنت حکیم تیسری حرہ بنت حارث غطفانیہ چوتھی سودہ قرشیہ پانچوین
صفیہ بنت بشامہ بفتح باء موحدہ وتخفیف شین منقوطہ یہ عورت بعض غنایم مین ہاتھ آئی تھی آنحضرت نے فرمایا چاہے
اپنے شوہر کو اختیار کرے اور چاہے مجھے اُسنے شوہر کو اختیار کیا چھٹوین ضباعہ بضم ضاد معجمہ وتخفیف موحدہ بعد الالف
عین مہملہ مفتوحہ بنت عامر ساتوین امامہ بنت حمزہ ابن عبد المطلب کہ جب حضرت سے پیغام نکاح ہوا تو آنجناب نے
فرمایا کہ یہ میرے بھائی رضاعی کی بیٹی ہی آٹھوین غرہ بنت ابی سفیان اسکو ام حبیبہ ام المومنین نے عرض کیا حضرت صلعم
حضرت نے فرمایا کہ تیری زندگی مین یہ مجھپر حرام ہی نوین ایک عورت بنت جندب ابن حمزہ تھی دسوین ایک عورت تھی
کہ حضرت نے خطبہ کیا اُسنے کہا مین اپنے باپ سے دریافت کرون تو نکاح کرونگی جب اُسکے باپ نے اجازت دی تو حضرت صلعم
فرمایا مین نے دوسری عورت کو ہم خانہ کیا ہی اب تیرے ساتھ نکاح نہ کرونگا اور سرآرمی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
بروایتے تین دلبولے چار تھین اول ماریہ بنت شمعون قبطیہ کہ مقوقش قبطی صاحب مصر والی اسکندریہ نے ہدیہ کی تھی
سو یہ صاحب جمال سفید پوست تھین مسلمان ہوئین حضرت نے بملک یمین تصرف کیا اور اُنسے حضرت کو محبت پیدا ہوئی
کہ حضرت عائشہ صدیقہ کو ایک نوع کا رشک پیدا ہوا تھا اُنھین سے ابراہیم پیدا ہوے اور ایک گھر اُنکے لیے حضرت نے
بنوایا جسکو مشربہ ام ابراہیم کہتے ہین اب بھی اُسکی زیارت کرتے ہین دوسری جمیلہ گہ بعض سبایا مین حضرت کو ملی تھی
تیسری ایک کنیز تھی کہ زینب بنت جحش نے آنجناب کو ہبہ کی تھی اور بقول ابن عبد البر وغیرہ چوتھی ریحانہ بنت زید
بن عمر خواہ بنت شمعون سبایے بنی نضیر یا بنی قریظہ سے تھی فائدہ اصح یہ ہی کہ مہر ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
پانسو درہم سے زیادہ نہ تھا مگر ام المومنین صفیہ اور ام حبیبہ کا صفیہ کا اعتاق اُنکا مہر تھا اور ام حبیبہ کا چار سو دینار
خواہ چار ہزار درہم تھے اور پانسو درہم ایکہزار پانسو بچہتر ماشے کے ہوتے ہین اور کلدار اور ڈبل اور پتلی دار ایکسو بیس روپیہ
چار آنہ ہوتے ہین اور دار السلطنت لکھنؤ کے ایکسو چھتیس روپیہ پندرہ آنہ تین پائی اور پندرہ جز تیئیس سے اور چار سو
دینار خواہ چار ہزار درہم جو مہر ام حبیبہ کا تھا سو بحساب ماشہ بارہ ہزار چھ سو ماشے ہوتے ہین دبحساب کلدار و ڈبل
و پتلی دار ایکہزار پچاس روپیہ اور دار الخلافہ لکھنؤ کے ایکہزار پچانوے دس آنہ پانچ پائی اور پانچ جز تیئیس سے
اور وجہ اختلاف روپیون کا یہ ہی کہ روپیہ کلدار اور ڈبل اور پتلی دار بارہ ماشے کا ہوتا ہی اور لکھنؤ کا ساڑھے گیارہ ماشے کا

فائدہ جن عورتون سے حضرت صلعم نے عقد کیا اور قبل دخول یا بعد دخول طلاق دی یا بوفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخول مفارقت واقع ہوئی وہ سب مسلمانون پر امام شافعی کے نزدیک مطلقاً حرام ہین اور نووی نے اسکی تصحیح کی ہی اور امام الحرمین نے دخول شرط کیا ہی اور رافعی نے اسکی تصحیح فرمائی ہی اور سرخسی مذخولہ مین صحیح حرمت ہی مومنون پر کیونکہ وہ بلاشک امہات المومنین مین معدود ہین اور جو عورت کہ قبل دخول عقد حضرت مین اس جہان سے سفر کر گئی وہ بھی بالاتفاق ام المومنین ہی فائدہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے قوت مباشرت چالیس نفر تک کی عنایت کی تھی اسی واسطے مباح تھا کہ جس تعداد سے چاہین عورتین اپنے نکاح مین لائین بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلعم ایک رات مین سب بیبیون کے پاس پھر آتے تھے اور وہ گیارہ تھین اور ایک روایت مین نو اور ہم اصحاب باہم گفتگو کیا کرتے تھے کہ حضرت کو تیس نفر کی قوت اللہ نے دی ہی اور طاؤس اور مجاہد سے روایت ہی کہ قوت چالیس تن کی تھی اور ایک روایت مین قوت چالیس مرد اہل جنت کی دی گئی تھی اور روایت صحیح مین آیا ہی کہ ہر ایک اہل بہشت کو قوت سو مرد کی ہوتی ہی اکل و شرب و جماع مین اور یہ کمال افضل اور شرف اور امتیاز آنحضرت ہی رجال امت پر اور حکمت تکثیر نسا یہ تھی کہ احکام درونی جنسے واقفیت مشکل ہی مگر جان کر کہ عبارت زیادت تکلیف بہ قیام حقوق و حسن معاشرت و صحبت اور صبر تحمل سے ہی اور یہ ظاہر ہی کہ ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے نوبت اور بیتوتت اور نفقہ اور کسوت وغیرہ حقوق مین جو قدرت آنحضرت مین تھی عدل فرماتے تھے اور بہترین سیرت و حسن معاشرت سے بسر کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو شخص اپنے اہل و عیال سے بہ حسن معاشرت اور سیرت رہتا ہی وہ بہترین مردم ہی کیونکہ مین بہترین تھا رہا ہون اپنے اہل کے ساتھ مگر دریاب محبت فرماتے تھے کہ خداوندا یہ قسم اور عدالت جو مین کرتا ہون میرے اختیاری ہی اور جس پر قدرت رکھتا ہون مگر جس چیز کا مالک نہین ہون اوسپر ملامت نہ کرنا یعنی محبت اور مجامعت مین تبعضے کہتے ہین کہ رعایت سادات حضرت پر واجب تھی مگر امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ محض کرم و تفضل اور مروت بطیب قلوب ازواج تھی اور باوجود اسکے اسطرح فرماتے تھے کہ گویا واجب ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ جب سفر فرماتے تو قرعہ ڈالتے جس بی بی کے نام قرعہ پڑتا اسی کو ہمراہ رکاب لیجاتے تھے کذا فی المدارج فائدہ باوجود اس عدل اور انصاف کے ازواج مطہرات مین باہم غیرت اور رشک گاہ گاہ ظہور پذیر تھا اور یہ بحکم طبیعت بشریہ اور مقتضاے غیرت و محبت اور ناشی غایت محبت حضرت صلے اللہ سے تھا کہ دوسرے کی شرکت پسند نہین آتی تھی اور یہی معنی غیرت کے ہین کہ محب کو جدائی اپنے محبوب کی گوارا نہین ہوتی ہی اور ظاہر ہی کہ زوج معشوق زوجہ ہوتا ہی خصوص حضرت صلعم کہ تمام عالم کے بلکہ مالک عالم کے محبوب تھے پھر ازواج مطہرات کی جنکو سرفرازی ہم بستری اور قدمبوسی کی حاصل تھی کیونکر محبوب نہون اور کسطرح انکی باہم رقابت نہو لہذا جب کسی عورت سے حضرت صلی اللہ وسلم قصد نکاح فرماتے تھے تو ازواج مطہرات اس تدبیر مین

مصروف ہوتی تھین کہ کسی صورت سے آنجناب اُس سے التفات نہ فرمائین یا جب باہم اپنی توجہ حضرت کی زیادہ از روے محبت پاتی تھین تو رشک کرتی تھین چنانچہ مدارج النبوۃ مین ہی کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا سے ایک نوع کی عنایت اور رعایت بنظر عزت و شرف ہوئی تو عائشہ صدیقہ محبوبۂ پیغمبر خدا صلعم کو غیرت دامن گیر ہوئی اور حضرت سے کہنے لگین تمکو محبت صفیہ سے بہت ہی کہ وہ ایسی اور ویسی ہی یعنی قصیر القامۃ ہی حضرت نے فرمایا اے عائشہ تو نے وہ کلمہ کہا کہ اگر اُسکو دریا مین ڈالین تو متغیر ہو جائے روایت ہی کہ ایک مرتبہ حضرت صلی اللہ وسلم صفیہ کے پاس تشریف فرما ہوے تو یہ روتی تھین حضرت نے پوچھا کیون روتی ہو صفیہ نے کہا مین نے سنا ہی کہ عائشہ اور حفصہ مجھے ایذا کرتی ہین اور کہتی ہین کہ ہم بہتر ہین کیونکہ ہمکو شرافت نسب پیغمبر خدا کی ہی حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو کیون نہین کہتی کہ تم کسطرح مجھسے افضل ہو حالانکہ باپ میرا ہارون اور چچا میرا موسیٰ ہی اور حضرت عائشہ رضی عنہا سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ مین سفر مین حضرت صلعم کے ہمراہ تھی صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا اور چل نہ سکا اور زینب کے پاس اونٹ زیادہ تھے سو حضرت صلعم نے زینب سے فرمایا کہ صفیہ کا اونٹ خستہ ہو گیا ہی تم ایک اونٹ اُسے دو تو وہ منزل پر پہونچے زینب نے کہا اس یہودیہ کو مین کچھ نہ دونگی حضرت صلعم اُسسے ناخوش ہوے اور دو مہینے یا تین مہینے اُنکے پاس تشریف نہین لے گئے اُسی طرح کی سیاست اور تادیب آنحضرت صلعم کی امہات المومنین کے ساتھ ہوتی تھی اگرچہ بعض سے زیادہ محبت رکھتے تھے لیکن حق مین رعایت کسی کی نہ فرماتے اور نقل ہی کہ جب صفیہ مدینے مین آئین تو عورتین انصار کی آواز حسن و جمال سُنکر بطور تفرج دیکھنے کو آئین اس حال مین حضرت عائشہ صدیقہ نقاب منہ پر ڈالکر اُنمین شامل ہو کر پوشیدہ تشریف لائین تاکہ صفیہ کو نہ دیکھین حضرت رسالت آب صلعم نے عائشہ کو پہچان لیا جب عائشہ رضی اللہ عنہا وہان سے باہر نکلین تو حضرت صلعم اُنکے پیچھے تشریف لیگئے اور کونہ چادر کا پکڑکے بولے ای حمیرا تو نے صفیہ کو دیکھا کیسا پایا عائشہ نے عرض کیا کہ میں نے یہ یہودیات بیٹھی تھی فرمایا ہی عائشہ تو ایسا کہتی ہی وہ تو مسلمان ہوئی ہی اور اچھا اسلام لائی ہی نقل ہی کہ مرض موت حضرت صلعم مین جملہ امہات مومنین جمع تھین صفیہ نے کہا یا رسول اللہ باللہ مین خوش تھی اسمین کہ یہ مرض جو آپکو ہی مجھے ہوتا اُسوقت سب بیبیون نے باہم آنکھون سے اشارہ کیا کہ سرور کائنات صلعم اس غمزہ و اشارہ پر مطلع ہوے اور ناخوش ہوے اور اظہار کراہت فرما کر ارشاد کیا کہ صفیہ اس دعوی مین سچی ہی اسی طرح اور ازواج کو حضرت عائشہ سے رشک و غیرت تھا چنانکہ بخاری مین قصہ ہدایا اور تحف اصحاب باصفا کہ نوبت عائشہ مین بھیجتے تھے اور اسی وجہ سے دیگر ازواج نے شکایت کی اور ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا سے اور حضرت عائشہ سے روبرو جناب رسالت مآب مکرر ہوئی مذکور ہی اور فقیر کاتب الاوراق نے اُسکو بتفصیل احوال ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا مین ذکر کیا ہی اور مدارج مین ہی کہ حضرت صلعم نے جب اسماء کندیہ سے نکاح کیا تو ابو اسید ساعدی کو روانہ کیا کہ اسماء کو مدینے مین

لاوے وہ گئے اور اسماء کو مدینے مین لائے عورتین مدینے کی آوازہ حسن وجمال سُنکر دیکھنے کو آئین اور مہمات امونمین
ایک عورت کو سکھلایا کہ تو اسماء سے کہدے کہ تو بادشاہ کی بیٹی ہی اگر چاہتی ہی کہ شوہر تجھسے محبت کرے تو وقت خلوت
کہنا اعوذ باللہ منک کہ شوہر تجھکو نہایت دوست رکھیگا سو اُسنے اُسی طرح کہا حضرت صلعم نے اُسے چھوڑ دیا اور
ایک روایت ہی کہ جب اسماء حضرت صلعم کے حضور مین آئی تو زوجات مطہرات کو نہایت رشک پیدا ہوا اگرچہ ہر ہر
اُس سے شفقت اور مہربانی سے پیش آئین چنانکہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے اُسکے مہندی لگائی اور حضرت عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا نے سر کے بال گوندھے اور اسی حالت اختلاط مین دونون نے کہا کہ جب حضرت صلعم خلوت کرین
تو کہنا اعوذ باللہ منک چنانچہ جب اسماء کو حضرت نے گھر مین داخل کیا اور پردہ ڈالا اور چاہا کہ مباشرت فرماوین
اُسنے کہا اعوذ باللہ منک حضرت صلعم نے فوراً ہاتھ کھینچا اور فرمایا تو نے بڑی پناہ پکڑی اپنے گھر جا اور ابو سید سے فرمایا
کہ اسکو گھر اسکے پہونچا دے بعد ازان حضرت صلعم کو دریافت ہوا کہ یہ فریب عورتون کا تھا انہن صواحب یوسف
وان کیدکن عظیم اس مقام سے واضح ہوتا ہی کہ شاید عورتون کو واسطے محبت شوہر کے ایسی بات جائز ہو لہذا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ سزا اور جزا انہین دی اور نہ منع وزجر فرمایا اور نہ کچھ ناراض ہوے اسی مقدار
فرمایا کہ عورتون کو کید اور مکر ہوتا ہی اور مکر انکا عظیم ہی چنانچہ قرآن شریف مین حق زبان یوسف علیہ السلام مین
وارد ہی ان کیدکن عظیم اور صحیح بخاری مین حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہی کہ مجھکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی کسی بی بی پر رشک نہین آیا اسلیے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھی کو سب سے زیادہ پیار کرتے تھے لیکن خدیجہ پر
البتہ رشک آتا تھا اس سبب سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکو یاد بہت کرتے تھے حالانکہ مین نے انکو دیکھا تھا
ایک روز مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس کیا کہ آپ خدیجہ کو یاد بہت کرتے ہین شاید انکی برابر
دنیا مین کوئی عورت نہین فرمایا مقرر خدیجہ ایسی تھی اور ایسی تھی یعنی اُسمین بہت خوبیان تھین اور میری اولاد
سب اُس سے ہوئی خلاصہ یہ کہ خدیجہ سے مجھے دو سبب سے محبت ہی ایک تو یہ کہ اُسمین خوبیان بہت تھین
میری نسل قیامت اُنسے قائم رہیگی چنانچہ حضرت فاطمہ بنت خدیجہ علیہا السلام کی اولاد ہی اور کسی کی نہین ہی
اس حدیث سے فضیلت خدیجہ کی عائشہ صدیقہ پر مفہوم ہوتی ہی مگر اکثر احادیث فضائل حضرت صدیقہ مین بھی
وارد ہین لہذا علما کو اس بات مین اختلاف ہی چنانچہ شیخ الاسلام زکریا انصاری بہجۃ المحافل مین فرماتے ہین
کہ افضل ازواج مطہرات خدیجہ اور عائشہ اور ان دونون کے باہم فضیلت مین اختلاف ہی ابن عماد فضل خدیجہ
کہ کے قایل ہین اور ابن داؤد سے سوال کیا گیا کہ ان دونون سے کون افضل ہی جواب دیا کہ خدیجہ اور
تفصیل اس مقام کی مواہب لدنیہ اور مدارج مین ہی فقیر کا تب الحروف کے نزدیک فضیلت مین دونون برابر ہین
اور وجوہ فضائل دونون طرف قوت مین ہم پلہ ہین اگر تفضیل احد الجانبین مین ہوگی تو من وجہ تفضیل کلی

واللہ اعلم بالصواب **توضیح** اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان مین پوشیدہ نہ رہے کہ جملہ اولاد آنجناب متفق علیہ چھ نفر ہین دو بیٹے قاسم و ابراہیم اور چار بیٹیان زینب و رقیہ و ام کلثوم و فاطمہ اور اکثر اہل علم انساب کے نزدیک ایک فرزند عبداللہ کے مین ہوے تھے اور طیب اور طاہر اُنکا لقب تھا اور دارقطنی کے نزدیک یہ قول ثابت ہی پس مجموع اولاد ثابت ہوئی تین بیٹے اور چار بیٹیان اور بعضے طیب اور طاہر کو سوے عبداللہ کے بیان کرتے ہین پس ذکور پانچ ہوتے ہین اور جملہ اولاد نو نفر اور بعضے عبداللہ کو مستثنے کرتے ہین تو جملہ اولاد آٹھ نفر ہوتے ہین اور بعضے طیب اور مطیب کو ایک بطن سے کہتے ہین اور طاہر اور مطہر کو ایک شکم سے پس اس حساب مین سب اولاد گیارہ تن ہوتی ہین اور بعضون نے نقل کیا ہی کہ قبل بعثت ایک بیٹا عبد مناف پیدا ہوا تھا پس مجموع بارہ ہوتے ہین اور سب حالت اسلام مین ہوے سوا ے عبد مناف کے بالجملہ سب اقوال کے ملانے سے آٹھ بیٹے ہوتے ہین قاسم و ابراہیم متفق علیہما اور چھ مختلف فیہ اور اصح یہ ہی کہ تین بیٹے قاسم و ابراہیم و عبداللہ تھے اور چار بیٹیان اور سب اولاد خدیجہ بنت خویلد کی ہین سوا ے ابراہیم کے کہ وہ ماریہ قبطیہ سے ہوے کذا فی المواہب واللدارج اور اختلاف ہی اکبر اولاد مین بعض کے نزدیک اکبر اولاد قاسم تھے بعد ازان زینب پستر رقیہ بعد ش عبداللہ پھر ام کلثوم اور بعضے کہتے ہین اکبر اولاد زینب پستر قاسم بعد ازان ام کلثوم پستر فاطمہ پستر عبداللہ ملقب بطیب و طاہر پستر ابراہیم ابن عبدالبر نے کہا یہی صحیح ہی لیکن عند التحقیق اہل علم انساب کے نزدیک اکبر اولاد قاسم ہین کہ پیدا ہوے پیش از نبوت اور انھین کے باعث سے حضرت صلعم ابوالقاسم کہلائے بعض کے نزدیک سترہ مہینے زندہ رہے وہو الصواب اور بعض کے نزدیک دو برس زندہ رہے اور بعض کے نزدیک قابل مشی ہوے تھے اور بعض کے نزدیک اس قدر زندہ رہے کہ لائق سواری ناقہ اور اسپ کے ہوے بہر تقدیر بروایت صحیحہ وفات اُنکی قبل بعثت ہوئی ہی اور مواہب لدنیہ مین ہی کہ مستدرک سے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ وفات عہد اسلام مین پائی اور عبداللہ بعد اسلام کے مکہ مین پیدا ہوے لہذا ملقب بطیب و طاہر تھے اور طفولیت مین وفات پائی انھین کی وفات پر عاص بن وائل سہمی بدر عمرو عاص نے کہا تھا کہ بیٹے محمد کے مر گئے اُنکی نسل باقی نہ رہیگی اللہ نے اسی خرصہ مین سورۂ کوثر نازل فرمائی اور اس شانئک ہو الابتر اُسمین نازل کیا یعنی تیرا دشمن اور غیبت کنندہ اور بدگوینده آخر ابتر ہوگا کہ دنیا اور آخرت مین کوئی اُسکا نام نہ لیگا اور اگر کوئی نام بھی لیگا تو بہ لعنت و مذمت لیگا اور تیرا نام دنیا اور آخرت مین بلند رہیگا اور تیری اولاد شرف اور عزت مین مشہور ہوگی اور ابراہیم بن نبی مطیبہ مین پیدا ہوے ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے ماہ ذیحجہ سال ہشتم و بروایتے سال نہم ہجرت مین صحیح بخاری مین انس ابن مالک سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے آج کی رات میرے بیٹا ہوا مین نے اُسکا نام اپنے باپ کے نام پر ابراہیم رکھا اور روایت ہی کہ بروز تولد

نام رکھا اور ساتوین دن دو کبش عقیقہ مین ذبح فرمائے ولقولے ایک گوسپند اور بعد حلق راس ہمونان بالون کے
چاندی مسکینون کو صدقہ کی اور بال زمین مین دفن کرائے اور ابو ہند نے بال مونڈے اور ام سیف زوجہ ابو سیف
آہنگر نے دودھ پلایا اور مقابلہ ابراہیم زوجہ ابو رافع مولیٰ رسول اللہ صلعم مسماۃ سلمیٰ تھی اور حدیث جابر رضی اللہ عنہ
مین ہی کہ جب رسول خدا نے سُنا کہ ابراہیم سکرات مین ہین تو حضرت نے عبد الرحمن ابن عوف کا ہاتھ پکڑا اور
ابراہیم کے پاس تشریف لائے اور دیکھا کہ ابراہیم قریب المرگ ہین سو آنکھو گو مین لیا اور چشم مبارک سے اشک
روان ہوے اور فرمایا اے ابراہیم تیری فوت سے ہین غمگین ہون آنکھین روتی ہین اور دل جلتا ہی اور مین
نہین کہتا ہون وہ بات جسمین خدا ناراض ہو کما قال ان العین تدمع والقلب تحزن ولا نقول الا ما یرضی
بہ ربنا وانا بفرآقک یا ابراہیم لمحزون اُسوقت عبد الرحمن نے کہا یا رسول اللہ آپ روتے ہین اور حالانکہ
نہی فرما چکے ہین رونے میت پر فرمایا اے ابن عوف جو تو دیکھتا ہی رحمت اور رقت ہی مردہ پر کہ پیدا ہوتا ہی شاہد
حال میت سے اور مین نے نہی نہین کی ہی مگر دو صورت سے ایک اُس آواز سے جو وقت نغمہ لہو ولعب اور
مزامیر شیطان کی ہو اور دوسرے وہ آواز کہ وقت مصیبت ہو اور منع کرتا ہون مین مُنہ پیٹنے اور کپڑے پھاڑنے سے
لیکن اشک ریزی رحمت ہی اور جو رحم نہ کرے وہ رحم نکیا جائیگا اور عبد الرحمن بن حیان ابن ثابت نے
اپنی ماں سیرین سے کہ خواہر ماریہ قبطیہ تھین روایت کرتے ہین کہ وہ کہتی تھین کہ مین سرہانے ابراہیم کے تھی
اور مین اور میری بہن ماریہ فریاد کر رہی تھین اور حضرت منع نکرتے تھے اور جب روح ابراہیم قبوض ہوئی تو حضرت نے
فریاد سے منع کیا اور ایک روایت ہی کہ جب حضرت صلعم روئے تو اسامہ ابن زید نے فریاد کی حضرت نے منع کیا
اسامہ نے کہا یا رسول اللہ آپکو دیکھ کر مین نے فریاد کی تھی فرمایا البکاء من الرحمۃ والصراخ من الشیطان
عمر حضرت ابراہیم کی ستر روز کی بروایت ابی داؤد ہوئی اور ایک روایت مین سولہ مہینے آٹھ روز کی ہی اور بعض کے
نزدیک بائیس ماہ چھ روز کی اور بعض کے نزدیک قریب یکنیم سال اور روایہ ابراہیم یا ابو بردہ یا فضل ابن عباس نے
غسل دیا اور عبد الرحمن ابن عوف نے پانی ڈالا اور سریر صغیر پر اُٹھائے گئے اور حضرت صلعم نے نماز پڑھی اور
قبر عثمان ابن مظعون کے قریب مدفون ہوے اور قبر کی نشانی کر دی اور پانی چھڑکا گیا اور حضرت صلعم نے اپنے
ہاتھ سے پتھر قبر پر رکھے اور روز وفات دہم محرم وبروایتے دہم ربیع الاول روز سہ شنبہ تھا اور اُسی دن کسوف شمس
واقع ہوا لوگون نے کہا فوت ابراہیم سے ایسا ہوا حضرت صلعم نے فرمایا یہ دونون نشانیان خدا کی ہین کسی کی
موت وحیات سے منکشف نہین ہوتین بلکہ اللہ اپنے بندون کو ڈراتا ہی تاکہ عبرت پکڑین اور صدقہ دین اور استغفار
کرین اور بندہ آزاد کرین اور سبب شبہہ کا یہ ہوا کہ کسوف بست وششم یا بست ہفتم مین بقاعدۂ نجوم ہوتا ہی اور یہ
وہم کہ ہوا تو لوگون کو اشتباہ واقع ہوا حالانکہ خدا کو اس قاعدہ کا ابطال منظور تھا پس اس حدیث مین دلیل ہی

ابطال قول اہل نجوم پر جو قائل ہین کہ سوائے تاریخ بست ہشتم بست نہم کے کسوف نہین ہوتا اور منقول ہی
کہ بروز وفات ابراہیم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ابراہیم زندہ رہتا تو مین والدۂ ابراہیم کے واسطے دار کو
آزاد کر دیتا اور تمام قبطیون سے جزیہ موقوف کر دیتا اور صحاح اخبار مین موجود ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ ابراہیم میرے بیٹے نے ایام رضاعت تمام نہین کی اور دنیا سے رخصت ہو گیا بتحقیق اُسکے واسطے دودھ پلانے والی
بہشت مین ہو گی تاکہ ایام رضاع کامل ہو جائین اور بخاری نے اس حدیث کو براء ابن عازب سے روایت
کی ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لہ مرضعاً فی الجنۃ البتہ اُسکی لیے دودھ پلانے والی بہشت مین ہی یعنی اُسکو
اللہ نے بہشت مین داخل کیا اور دودھ پلانے والی مقرر کی اور بعضے کہتے ہین کہ بہشت سے عالم برزخ مراد ہی
اور بعضون نے تاویل کی ہی کہ مراد مرضعہ سے اتمام نعماے بہشت ہی لیکن ارتکاب مجاز باوجود امکان حقیقت
غیر جائز ہی اور شیخ المحدثین مولانا عبد الحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج مین فرماتے ہین کہ حکمت در خلق مرضعہ
و اتمام مدت رضاع موکول بعلم رسالت بست انتہے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ صاحب کمال فی الحال
بعد انتقال از دنیا داخل بہشت ہوتے ہین اور جنت موعود الآن موجود ہی اور بعض مشائخ طریقت رحمہم اللہ کہ قائل
ترقی بعد الموت ہین اس حدیث سے تمسک کرتے ہین کہ یہ دلالت تکمیل نقصان پر کرتی ہی واللہ اعلم بالصواب
یہان تک ذکر صاحبزادون کا تھا اب صاحبزادیون کا حال لکھتا ہون اول زینب اکبر بنات ہین ابن اسحٰق کے
نزدیک تولد انکا سال سی ام تولد آنحضرت صلعم مین ہوا اور بعد بعثت آنحضرت اسلام لائین اور جب جوان ہوئین
تو لقیط ابو العاص ابن الربیع ابن عبد العزیٰ ابن عبد شمس ابن مناف سے نکاح کیا یہ ابو العاص بیٹا ہالہ یا
ہند بنت خویلد خواہر اعیانی حضرت خدیجہ کبریٰ کا تھا بعد اُسکے زینب نے جانب مدینہ ہجرت فرمائی اور بسبب کفر
ابو العاص کے جدائی واقع ہو گئی اور بعد کئی برس کے ابو العاص بھی مدینے مین حاضر ہو کر مسلمان ہوا اور
حضرت صلعم نے نکاح اول ہی بہ نکاح جدید زینب کو سپرد ابو العاص فرمایا پھر اُنسے علی نام ایک بیٹا پیدا ہوا
اور ایک بیٹی مسماۃ امامہ علی پسر زینب نے قبل بلوغ و قریب بحد بلوغ وفات پائی اور امامہ زندہ رہین
بعد وفات حضرت فاطمہ علیہا السلام کے مطابق وصیت اُنکے علی مرتضیٰ نے نکاح کیا اُنسے ایک بیٹا محمد اوسط
پیدا ہوا لیکن زندہ نہین رہا اور بعد علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے مغیرہ ابن نوفل ابن حارث کے نکاح مین آئین
اُس سے یحییٰ نام ایک بیٹا ہوا وہ بھی زندہ نہین رہا بالجملہ کوئی اولاد یا احفاد زینب سے دنیا مین نہین رہا ہی
اور وفات زینب سال ہشتم ہجری مین ہوئی اور سودہ بنت زمعہ و ام سلمہ و ام ایمن و ام عطیہ انصاریہ نے غسل دیا
احادیث سے واضح ہی کہ حضرت نے عورتون سے فرمایا دھوؤ اسکو تین بار یا پانچ بار اور ایک روایت مین
سات بار یعنی اگر نظافت تین بار مین حاصل ہو تو زیادہ مشروع نہین ہی ورنہ زیادہ کرو کہ نظافت حاصل ہو

اور یہ بھی فرمایا کہ آب خالص اور آب ممزوج برگ کنار سے دھوؤ اور مرتبۂ اخیرہ مین آب کافور یا مشک سے غسل دو اور جب فارغ ہو تو مجھے آگاہ کرو ام عطیہ کہ راوی حدیث ہین کہتے ہین کہ مین نے بعد غسل دینے کے اطلاع دی تو حضرت صلعم نے اپنی تہ تک عنایت کی اور فرمایا اسکو کفن مین تبرکاً رکھدو اس حدیث سے استحباب تبرک بآثار صالحین بکمال وضوح ثابت ہی پھر بعد تجہیز و تکفین و نماز جنازہ کے دفن کیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بنفس نفیس قبر مین رکھا عمر زینب کی بیس یا قریب اکیس برس کے ہوئی اور باقی حال ابو العاص اور زینب کا بیان ہماری ذرین بیان ہو چکا ہی لیکن رقیہ ولادت اُنکی بعد تین برس کے ولادت زینب سے ہوئی اور بعد رقیہ کے ام کلثوم پیدا ہوئین چنانچہ رقیہ کو حضرت صلعم نے عتبہ سے عقد کیا اور ام کلثوم کو عُتیبہ سے اور بعض کے نزدیک بالعکس ہی وہو الصحیح یہ بات قبل نبوت ہوئی اور بعد نبوت سورۂ تبت یدا ابی لہب نازل ہوئی اور ابی لہب ان دونون کا باپ تھا اُسنے دونون سے مفارقت کرادی اور دونون سے اُسوقت تک نوبت دخول نہین پہونچی تھی بعد اسکے ابو العاص سے بھی قریش نے کہا تھا کہ تو بھی زینب سے مفارقت کر مگر ابو العاص نے نہ مانا بالجملہ حضرت صلعم نے رقیہ کو عثمان ابن عفان سے مکہ مین عقد کیا اور ہجرت کی رقیہ نے ہمراہ عثمان کے جانب حبشہ ہر دو ہجرت اور وفات رقیہ مدینے مین ہوئی سال دوم ہجری تھا اور حضرت صلعم غزوۂ بدر مین مصروف تھے بعد ازان جب تشریف لائے تو قبر پر تشریف لے گئے اور غمگین ہوے اور حضرت فاطمہ پہلوے آنحضرت مین بر سر قبر بیٹھ کر رونے لگین اور حضرت نے اُنکے آنسو رداے مبارک سے پاک کیے اور حال ام کلثوم کا یہ ہی کہ جب عتبہ نے مفارقت کی تو حضرت صلعم کے پاس آیا اور اُسنے بے ادبی سے کلمات گستاخانہ کہے اور آب دہان پلید حضرت کی طرف ڈالا آنحضرت نے فرمایا اللھم سلط علیہ کلبا من کلابک نقل ہی کہ ابو طالب اُسوقت حاضر تھے کہنے لگے دیکھین کون بچاتا ہی تجھکو تیرے دعاے محمد سے یعد اُسکے یہ ماجرا واقع ہوا کہ عتبہ ملعون ابن ملعون بقصد تجارت جانب شام روانہ ہوا راہ مین ایک منزل مین کہ موضع زرقا مشہور ہی پہونچا وہان شیر نے عتبہ کو مار ڈالا رواہ البیہقی فی الدلائل اور حاکم نے اس قصہ کو یون بیان کیا ہی کہ ابو لہب اور عتبہ شام کو گیا تھا سو متصل ایک صومعہ راہب کے ٹھہرے راہب نے اُنسے کہا کہ یہان حیوانات سباع رہتے ہین اپنی حفاظت کیجیو ابو لہب نے اہل قافلہ سے کہا آج کی رات میری مدد کرو کہ مجھے دعاے محمد کا خوف ہی سو اسباب قافلہ کا جمع کروایا اور اُسکی بلندی پر قبہ کو سُلایا اور سب لوگ اُسکے گرد بیٹھے اللہ نے سب لوگون پر خواب کو مسلط کیا سو گئے ایک شیر آیا اُسنے سب کے مُنھ سونگھے اور کسی سے متعرض نہوا پھر انبار پر اُچھلا اور ایک ہاتھ عتبہ پر مارا اور سینہ اُسکا ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور بقولے سر کاٹ لیا اور حضرت صلعم نے بعد قتل ہونے اس ملعون کے اصحاب کو خبر دی کذا فی نسیم الریاض اور بعد وفات رقیہ حضرت عثمان کے ساتھ ام کلثوم کو عقد کر دیا اُسوقت سال سوم ہجرت تھا اور فرمایا جبرئیل علیہ السلام کھڑے ہوے کہہ رہے ہین کہ حق تعالے فرماتے ہین کہ نکاح کردون تیرا ای ام کلثوم

عثمان ابن عفان سے اور ام کلثوم نے سال نہم ہجرت مین وفات پائی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جنازہ
پڑھی اور اسما بنت عمیس اور صفیہ بنت عبد المطلب و ام عطیہ نے غسل دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکی قبر پر
بیٹھ کر آنکھون سے روئے اور فرمایا کوئی ہے حاضرین مین جسنے آج کی رات محبوت سے صحبت نہ کی ہو ابو طلحہ انصاری نے
التماس کیا یا رسول اللہ مین ہون فرمایا قبر مین اتر و چنانچہ ابو طلحہ نے قبر مین رکھا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
یہ آیت پڑھی منہا خلقناکم وفیہا نعیدکم ومنہا نخرجکم تارۃ اخری پھر فرمایا باسم اللہ وفی سبیل اللہ وعلی ملۃ
رسول اللہ بعضے شراح کہتے ہین کہ یہ فرمانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ تم مین کوئی ہے جسنے صحبت عورت سے
آج کی رات نہ کی ہو بطور تعریض تھا عثمان ابن عفان پر کہ انھون نے شب کو اپنی لونڈی سے صحبت کی تھی اور سبب
یہ ہوا کہ ام کلثوم کی بیماری نے طول کھینچا تھا اور بے طاقت ہوگئی تھین عثمان ناچار ملتفت ہوے جاریہ سے
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ نے مطلع کر دیا اور بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد وفات
ام کلثوم حضرت عثمان سے فرمایا کہ اگر تیسری بیٹی میری ہوتی تو مین تجھسے عقد کر دیتا اور ایک روایت کہ اگر دس ہوتین
تو ایک کو بعد موت دوسرے کے تجھے دیتا بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ رقیہ اور ام کلثوم سے کوئی اولاد عثمان ابن
عفان کی نہین باقی رہی بلکہ کہتے ہین کہ ام کلثوم ایک مدت عثمان کے پاس رہین مگر اولاد نہین ہوئی اور بعضے کے
نزدیک ولاد ہوئی لیکن زندہ نہین رہی اور رقیہ وقت ہجرت اولی جانب حبشہ حاملہ تھین سو وہ حمل گر گیا بعد اسکے
ایک بیٹا ہوا عبد اللہ ابن عثمان جب وہ دو برس کا ہوا تو خروس نے اسکی آنکھ مین چونچ ماری مر گیا الحاصل ان دونون
صاحبزادیون سے کوئی لڑکا یا لڑکی حضرت عثمان کی زندہ نہین رہی اور نہ کچھ اسکا نام و نشان ہے مگر اور ازواج سے
حضرت عثمان کے اولاد ہوئی اور باقی رہی کذا فی المدارج بعض کتب تواریخ سے واضح ہوتا ہے کہ جملہ اولاد ذکور
واناث حضرت عثمان مدد مین ستہ عشر تھین آٹھ بیٹے اور نو بیٹیان عبد اللہ اکبر والدہ اسکی فاختہ بنت غزوان
وعبد اللہ مغیر والدہ انکی رقیہ بنت رسول اللہ صلعم وعمرو ابان وخالد ومریم والدہ انکی ام عمر بنت جندب ابن حجیر
ابن ابی الحارث ابن اروی ولبید وسعید وام عثمان والدہ انکی فاطمہ بنت الولید ابن عبد الشمس ابن المغیرہ ابن
عبد اللہ ابن عمر مخزومی وعبد الملک مان اسکی ام بنین بنت عتبہ ابن حصین بدر فراری وعائشہ ام ابان و
ام عمرو والدہ انکی مازلہ بنت سبیہ ابن ربیعہ بن عبد الشمس ابن عبد مناف وام خالد واروی وام ابان اصغر
والدہ انکی نائلہ بنت الفرافصہ ابن الاحوص ابن عمرو ابن ثعلبہ ابن الحارث مگر ایک بیٹی کا نام معلوم نہین ہوا فقط
واللہ اعلم بحقیقۃ الحال اما فاطمہ زہرا بضعۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم تولد انکا بقول ابن جوزی پانچ برس
قبل از نبوت ہوا ہے اور شیخ نے شرح سفر السعادت مین اسی قول پر اکتفا فرمائی ہے اور مدارج مین فرماتے ہین
کہ ولادت شریف سال کتا لیس مولد حضرت رسالت پناہ مین ہوئی اور یہ قول ابو عمر راوی کا ہے اور مخالف قول

ابن اسحٰق کے ہے کیونکہ اُسنے روایت کی ہے کہ جملہ اولاد آنحضرت قبل بعثت پیدا ہوے مگر ابراہیم اسواسطے کہ قول
ابو عمر مین بعد انقضاے ایک برس نبوت کے ولادت فاطمہ ثابت ہوئی ہے اور قول ابن جوزی کو اشہر روایات مین
گردانا ہے انتہی اور کرمانی مین ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح حضرت فاطمہ علیہا السلام کا علی ابن ابیطالب
کرم اللہ وجہہ سے بعد غزوہ اُحد کے فرمایا اور عمر شریف پندرہ برس پانچ مہینے کی تھی اور یہ قول مؤید قول ابو عمر کا ہے
بہر تقدیر حضرت فاطمہ اصغر بنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقول اصح ہین اور بقولے رقیہ اور بقولے ام کلثوم
اور حضرت فاطمہ علیہا السلام سیدہ عورات عالم اور سردار نساء اہل بہشت ہین اور حدیث مرفوع سے ثابت ہے کہ
حضرت سیدہ علیہا السلام کو فاطمہ اس وجہ سے کہتے ہین کہ اللہ جل شانہ بروز قیامت یوم حساب اُنکو اور اُنکے
ذریہ کو آتش دوزخ سے یکسو رکھیگا اور ایک روایت مین لفظ محبین بھی واقع ہے یعنی حق تعالے جل شانہ روز قیامت
اُنکو اور اُنکے دوست دارون کو آتش دوزخ سے دور رکھیگا اور قطیم از روے لغت بمعنی منع طفل است از شیر گویا
سیدہ باز رکھنے والی ہین آتش دوزخ سے کذا فی المواہب اللدنیہ والمدارج اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دستور تھا
کہ جب فاطمہ علیہا السلام آئین تو آپ کھڑے ہوجاتے اور دست شریف اُنکا پکڑتے اور جبین مبارک کو بوسہ دیتے
اور اپنے مقام پر بٹھلاتے تھے اور اسی طرح جب حضرت رحمۃ للعالمین محبوب الکونین صلی اللہ علیہ وسلم فاطمہ کے پاس
تشریف لاتے تو یہ تعظیم کے واسطے اُٹھ کھڑی ہوتین اور استقبال کرکے آنجناب کا ہاتھ پکڑتین اور اپنی جگہ بٹھلاتین
کذا فی المدارج النبوۃ مین کہتا ہون کہ یہ مرتبہ کسی کو حضرت کے نزدیک حاصل نہ تھا جو حضرت فاطمہ کا تھا
اور زکیہ اور راضیہ اور بتول حضرت سیدہ کے القاب سے ہین اور وجہ تلقیب بہ بتول یہ ہے کہ بتل بمعنی قطع ہے سو حضرت
سیدہ فضل وکمال وحسن وجمال مین عورات عالم سے منقطع تھین اور بھی دنیا اور ماسوے اللہ سے علیحدہ تھین
اور بسبب عصمت وعفت اور نورانیت وپنیہ کے سبب سے زہرہ کہلاتی تھین اخبار الدول مین ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
اُنکو بتول وزہرا و طاہرہ مطہرہ وفاطمہ کہتے تھے اور دستور آنحضرت صلعم یہ تھا کہ جب فاطمہ آتین تو آپ اپنے
مقام پر اُنکو جگہ دیتے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہین کہ فاطمہ کے برابر کوئی شخص چلنے میں رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کا نہ تھا اور صورت وسیرت ونشست وبرخاست چال وڈھال مین مشابہ تر آنجناب صلی اللہ
علیہ وسلم بجز فاطمہ نہ تھا اور توبان سے روایت ہے کہ حضرت جب ارادہ سفر فرماتے تو سب لوگون سے مل کر آخر کو
فاطمہ زہرا سے ملنے کو تشریف لاتے تھے اور جب معاودت فرماتے تو اول فاطمہ زہرا کے پاس آتے کہ زمانہ جدائی
قصیر ہوجائے علماے سلف نے لکھا ہے کہ افضل ترین مخلوقات بعد الانبیا علیہم السلام فاطمہ زہرا علیہا السلام ہین
اسواسطے کہ وہ ایک ٹکڑا ہین بدن سید الانبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت
فاطمہ کے حضور مین کہا کرتے تھے کہ محبوب ترین مخلوقات ہمارے دل مین تمہارے باپ تھے اُنکے بعد تم ہو اور

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اکثر فرماتے تھے ارقبو محمداً فی اہل بیتہ یعنی حضرت صلعم کو اُنکے اہلبیت مین دھیان رکھو
کذا فی اخبار الدول و ترجمہ الصواعق جب عمر حضرت فاطمہ علیہا السلام کی سولہ برس و بروایتے پندرہ برس
پانچ مہینے یا ساڑھے چھ مہینے کی ہوئی تو سال دوم ہجرت مین و بقول ابو عمر سال سوم مین بعد غزوہ اُحد حضرت صلعم نے
علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے کہ عمر اُنکی اکیس برس پانچ مہینے کی تھی نکاح کر دیا کذا ذکرہ الطبرانی فی ذخائر العقبیٰ
فی مناقب ذوی القربیٰ اور حال تفصیلی اس مقام کا یہ ہے کہ جب فاطمہ جوان ہوئین اول حضرت صدیق اکبر نے
بعد اُسکے عمر فاروق نے خواہش نکاح کی حضرت سیدہ سے ظاہر کی حضرت رسول خدا صلعم نے سکوت فرمایا
یا کہا وہ چھوٹے ہے تب دونون صحابی امیر المومنین علی مرتضیٰ کے پاس گئے اور کہا کہ تم درخواست کرو حضرت سے
یہ کہ میرا نکاح فاطمہ زہرا سے کر دیجیے علی مرتضیٰ فرماتے ہین کہ مین یہ سُنکر اپنی چادر اوڑھتا ہوا حضرت صلعم کے
حضور مین آیا اور التماس کیا کہ حضرت فاطمہ کے ساتھ میرا نکاح کر دیجیے فرمایا مرحبا و اہلا بعد ازان حضرت نے
فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کیا وہ خاموش ہو رہین پھر حضرت علی مرتضیٰ سے فرمایا تیرے پاس کچھ ہے وہ بولے
میرا گھوڑا اور زرہ ہے فرمایا گھوڑا جہاد کے واسطے ضرور ہے زرہ کو بیچو سو مین نے چار سو اسی درہم کو زرہ بیچی کہ
حضرت عثمان نے خرید کی و زر قیمت ادا کر کے زرہ بھی واپس کر دی مین نے قیمت اُسکی گوشۂ چادر مین باندھی اور
حضرت کے پاس آیا حضرت نے درہم لیکر اپنے پاس رکھے پھر آنجناب نے ایک مٹھی درہم لیکر بلال کو دیے اور فرمایا
کہ اسکی خوشبو لے آؤ اور اہلبیت سے ارشاد کیا کہ فاطمہ کا جہیز طیار کرو یعنی سامان خانہ داری چنانچہ ایک چارپائی
بنائی گئی اور رئیش خرمی کی رسّی سے بُنی گئی اور ایک توشک چمڑے کی طیار ہوئی جسمین رخت خرمے کا بھرا گیا
بھر اگیا امام احمد نے روایت کیا ہے کہ ایک کملی مخطط اور ایک مشک اور ایک تکیہ چرمی بھی جہیز مین تھا کذا فی المواہب
اور ایک روایت ہے کہ ایک پلنگ دونہالی کتان کی دو چادر بُردکی ایک تکیہ و بازو بند چاندی کے اور
ایک پانی بھرنے کی مشک اور دو گھڑے مٹی کے اور چند چیزین اسی قسم کی تھین روایت ہے کہ ایسے امور کا
انصرام ام سلیم والدۂ انس رضی اللہ عنہ نے کیا اور صحیح یہ ہے کہ حضرت ام سلمہ نے جہیز طیار کیا تھا حضرت
انس سے روایت ہے کہ مین حضرت کے پاس حاضر تھا دفعتہً آثار وحی بشرۂ نورانی پر نمود ہوے بعد ادنی
توقف کے فرمایا کہ اسوقت حضرت جبرئیل نے کہا کہ ان اللہ یامرک ان تزوج فاطمہ من علی پھر بعد کئی دن کے
حضرت صلعم نے مجھسے فرمایا کہ ابو بکر و عمر و عثمان و عبد الرحمن اور ایک جماعت انصار کو بلا لاؤ کہ مین اُنکو لایا
جب سب لوگ جمع ہوے اور اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے علی مرتضیٰ غائب تھے یعنی حضرت کے کام کو گئے تھے حضرت
پیغمبر خدا صلعم نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ اللہ نے مجھکو حکم کیا کہ مین نکاح کر دون فاطمہ کا علی ابن ابیطالب سے
سو تم لوگ گواہ رہو کہ مین نے اُسکا نکاح کیا چار سو مثقال نقرہ پر اگر علی راضی ہو پھر ایک طاس مین

خرمے منگائے اور اذن لوٹنے کا دیا کہ سب نے لوٹے اسی حال مین علی مرتضیٰ آئے حضرت نے انکی طرف دیکھ کر
تبسم فرمایا اور کہا کہ مجھکو حکم کیا اللہ نے کہ فاطمہ کا عقد تیرے ساتھ کرون سو مین نے چار سو مثقال چاندی
مہر قرار دیکر تیرے ساتھ عقد کیا تو راضی ہوا علی مرتضی نے کہا مین راضی ہوا یارسول تب حضرت صلعم نے
فرمایا جمع اللہ شملکما وعزجدکما وبارک علیکما واخرج منکما کثیرا طیبا یعنی اللہ جمع کرے تمھاری پراگندگی
اور عزیز کرے تمھاری کوشش اور برکت نازل کرے تم دونون پر ظاہر کرے تم دونون سے اولاد پاکیزہ
حضرت انس فرماتے ہین کہ بعد اُن دونون سے اولاد پاکیزہ بکثرت ظاہر ہوئی کذا فی المواہب القصہ بعد نکاح کے
جناب سیدہ باجازت حضرت صلعم ہمراہ ام ایمن علی مرتضیٰ کے گھر آئین اور حضرت صلعم نے حضرت مرتضی سے
فرمایا کہ فاطمہ سے بات نہ کرنا جب تک مین نہ آؤن علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ مین گھر مین ایک جانب
تھا اور حضرت سیدہ مع ام ایمن ایک طرف کہ عشا کے بعد جناب صلعم تشریف لائے اور فرمایا یہان میرا بھائی ہے
ام ایمن نے کہا موجود ہے کیا تمنے نکاح انکا کیا سے اپنی بیٹی سے فرمایا ہان اور گھر مین داخل ہوے اور
فاطمہ سے فرمایا پانی لاؤ میرے پاس سو فاطمہ کا نسئہ کلان چوبین مین پانی لائین حضرت نے پانی لیا اور مضمضہ کرکے
کلی ڈالی اور فاطمہ کو اپنے سامنے بلایا اور اُنکے سر و سینے پر دو پانی چھڑکا اور فرمایا اللھم اعیذھا بک وذریتھا
من الشیطان الرجیم پھر کھا پیٹھ پھیر فاطمہ نے پیٹھ پھیری کہ حضرت نے دونون شانون کے بیچ مین پانی ڈالا اور
اسی طرح پڑھا بعد اُسکے اسی طرح علی مرتضی سے کیا پھر فرمایا ادخل باھلک بسم اللہ الرحمن الرحیم والبرکۃ کذا نقلہ
ابو حاتم واحمد فی المناقب روایت ہے کہ موید زخرمے طعام ولیمہ مین حضرت صلعم نے عنایت فرمائے تھے بعد اس
معاملے کے حضرت صلعم نے ارشاد فرمایا کہ گھر کے اندر کا کام جسطرح روٹی پکانا اور جھاڑو دینا اور چکی پیسنا فاطمہ
کیا کرے اور باہر کا کام علی خواہ اُنکی والدہ فاطمہ بنت اسد چنانکہ ائمہ حدیث نے لکھا ہے کہ چکی پیسنے کے نشان
حضرت سیدہ کے ہاتھون مین پڑ گئے تھے اور چولھا پھونکنے سے رنگ مبارک متغیر ہو گیا تھا ایک روز خباب رسالت مآب نے
فرمایا کہ تمھارے باپ اکثر لونڈیان بانٹتے ہین تم بھی اپنے لیے کوئی لونڈی مانگ لاؤ سو جناب سیدہ اس کام کو
حاضر حضور ہوئین مگر سلام کرکے چلی آئین اور دنیا کی شکایت نہ کر سکین علی مرتضی نے ایک دن پھر تاکید بھیجا
حضرت صلعم اُسدن حضرت عائشہ صدیقہ کے گھر مین تھے مگر جب حضرت سیدہ تشریف لیگئین تو آنجناب کو گھر مین
نہ پایا تب حضرت عائشہ سے فرمایا کہ ایک لونڈی مانگنے آئی تھی تو رات کو حضرت عائشہ نے عرض کیا کہ آج فاطمہ
ایک لونڈی مانگنے کو تشریف لائی تھین حضرت صلعم اُسی وقت جناب سیدہ کے گھر گئے اور فرمایا کہ ابکی بار
لونڈیان آئین تو یاد دلانا ہم تمکو دینگے اور فرمایا کہ دنیا کی مشقت چند روزہ ہے اسکو اسی طرح گذر جانے دو
آخر کار جب لونڈی عنایت فرمائی تو ارشاد کیا کہ اگر ایک کام وہ کرے تو ایک کام تم کر دیا یہ کہا کہ آدھا کام

وہ کرے اور آدھا تم اور چکی پیسنے مین تم بھی اُسکے شریک ہو اگر دو روایت صحیحہ ثابت ہی کہ جناب امیر نے
تا حیات حضرت سیدہ دوسری عورت سے نکاح نہین کیا ایک مرتبہ حارث ابن ہشام پر اور ابی جہل نے علی مرتضی سے
درخواست کی کہ تم مسماۃ غورا بنت ابی جہل سے نکاح کرو علی مرتضی نے حضرت صلعم سے مشورہ کیا اور صحیح ہی کہ یہ حال
سنکر حضرت سیدہ علیہا السلام نے حضرت صلعم سے شکایت کی کہ یا رسول اللہ لوگون کو گمان ہی کہ آپ اپنی بیٹیون کے
واسطے غصہ نہین ہوتے اور علی مرتضی ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرتے ہین تب حضرت نے خطبہ پڑھا اور فرمایا خبردار ہو
کہ بنی ہشام بن مغیرہ کی اولاد مجھسے اسکی اجازت مانگتی ہی کہ اپنی بیٹی کو علی مرتضی ابن ابیطالب سے نکاح کرین
سو مین اُنکو اجازت نہین دیتا پھر بھی مین اُنکو اجازت نہین دیتا مگر یہ کہ ابوطالب کا بیٹا یہ چاہے کہ میری بیٹی کو
طلاق دے اور اُنکی بیٹی سے نکاح کرے سو میری بیٹی میرے بدن کا ایک ٹکڑا ہی مجھکو بھی وہی چیز رنج دیتی ہی جو
اُسکو رنج دیتی ہی اور مجھکو تکلیف دیتی ہی جو اُسکو تکلیف دیتی ہی اس حدیث کو بخاری و مسلم نے مسور ابن مخرمہ سے روایت کیا ہی
اور شرح مسلم مین لکھا ہی کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایذا دہی بنی صلعم کو بہر وجہ حرام ہی اگرچہ وہ ایذا پیدا ہو
اُس چیز سے کہ اصل مین مباح ہی اور یہ حضرت ہی کے خواص سے ہی اور حضرت علی کے نکاح کو دو وجہ سے منع فرمایا
ایک یہ کہ اس سے ایذا ہوتی فاطمہ کو اور سبب ایذاے رسول ہوتا پس ہلاک ہوتے علی مرتضی ایذا دہی سول خدا سے
لہذا منع فرمایا گویا شفقت فرمائی علی مرتضی پر دوسرے خوف کیا فتنہ کا فاطمہ پر بسبب غیرت کے اور بعضون نے کہا ہی
کہ اذن نہ دیتا حضرت کا منع کرنا جمع سے نہ تھا بلکہ حضرت نے قضاء الٰہی سے خبر کردی کہ مقدر یہ ہی کہ یہ دونون جمع نہونگی

اور یحیی بیٹے سعید بن القطان سے منقول ہی کہ اُسنے عبداللہ ابن داؤد سے قول حضرت صلعم لا اذن الا ان یحب علی ان
یطلق ابنتی و ینکح ابنتہم ابن داود نے کہا کہ حرام کیا اللہ نے علی پر یہ کہ نکاح کرین فاطمہ کی حیات مین کسی اور سے
اس قول سے وما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا یعنی جو کچھ دے تمکو رسول پس لے لو اور جس سے منع کرے
باز رہو سو جب فرمایا حضرت صلعم نے کہ نہین اذن دیتا مین لو نہ حلال ہوا علی کو یہ کہ نکاح کرین کسی سے فاطمہ پر مگر
یہ کہ اذن دین رسول خدا اور سنا مین نے عمر ابن داؤد سے کہتے تھے جب فرمایا حضرت صلعم نے کہ فاطمہ ٹکڑا میرے
گوشت کا ہی قلق مین ڈالتی ہی مجھکو وہ چیز کہ قلق مین ڈالتی ہی اُسکو اور ایذا دیتی ہی مجھکو وہ چیز کہ ایذا دیتی ہی اُسکو
حرام کیا اللہ نے علی پر یہ کہ نکاح کرین فاطمہ زہرا پر اور ایذا دین رسول خدا کو بقول اپنے وما کان لکم ان تؤذوا
رسول اللہ یعنی نہین لائق ہی تمکو کہ ایذا دو رسول خدا کو نقل کیین یہ دونون روایتین حافظ ابوالقاسم دمشقی نے
کتاب الحروف لکھا ہی کہ کوئی شخص اس مقام سے یہ نہ سمجھے کہ اگر کسی کی عورت دوسرے نکاح کرنے سے ناراض ہو
خاوند سے تو خاوند نکاح دوسرا نہ کرے اسلیے کہ یہ بات خصائص آنحضرت سے ہی کہ اُنکی ایذا سے منع ہوئی نہ کوئی
عورت مثل فاطمہ زہرا ہی نہ کوئی باپ مثل سرور کائنات سوا اسکے حضرت صلعم صاحب شریعت تھے اُنکو اختیار تھا

کہ اسکو منع کرین اور کسی کو جائز نہین بقولہ تعالے فانکحوا ما طاب لکم من النسا مثنی وثلاث ورباع اس حدیث سے
کیسی بڑی فضیلت حضرت فاطمہ کی نکلتی ہی جسکی انتہا نہین اسی حدیث کو دیکھ کر امام مالک فرماتے ہین لا افضل
احدًا علی بضعۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح فضائل حضرت سیدہ کے حد حصر سے افزون ہین از انجملہ
مصابیح مین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ ہم حضرت کی بیبیان حضرت کے پاس بیٹھین تھین کہ فاطمہ زہرا
تشریف لائین حضرت صلعم نے فرمایا ای بیٹی مرحبا پھر بٹھلایا انکو اور انسے سرگوشی فرمائی یعنی کان مین بات کہی تو فاطمہ
رونے لگین جب حضرت نے انکو غمگین دیکھا تو دوسری مرتبہ کان مین کچھ فرمایا تو وہ ہنسنے لگین مین نے پوچھا حضرت نے
تمسے کیا کہا فرمایا کہ حضرت کا بھید مین نہین کہ سکتی جب حضرت کا انتقال ہوا تو مین نے فاطمہ سے کہا کہ میرا حق جو تمپر ہی
اسکی قسم دیتی ہون کہ اس سرگوشی کا حال کہو فاطمہ نے کہا اب تو کچھ مضائقہ نہین اول بار جو حضرت نے فرمایا
سو یہ تھا کہ ہر سال جبرئیل ایک مرتبہ قرآن کا دور فرماتے تھے اسکی سال دو مرتبہ دور کیا سو مجھکو معلوم ہوتا ہی کہ
میری موت قریب ہی اسواسطے مین رونے لگی پھر دوسری بار حضرت نے میرے کان مین کہا کہ بعد میرے میرے اہلبیت سے
پہلے تو ہی مریگی خدا سے ڈرتی رہو اور صبر کیجیو مین تیرا بہتر پیشوا ہون اور کہا اس سے راضی نہین ہوتی کہ بہشتی
عورتون کی سردار ہو یا یون فرمایا کہ مسلمانون کی عورتون کی سردار ہو اس سے مین خوش ہوئی مولانا جلال الدین
سیوطی کہتے ہین کہ اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ فاطمہ زہرا تمام مومن بیبیون پر فضیلت رکھتی ہین حتی کہ مریم
و عائشہ صدیقہ پر بھی اور جو بعض روایات مین مریم کو عموم نساء سے استثنا کیا ہی سو دلیل تعارض کی نہین ہوسکتی کیونکہ
جائز ہی کہ حضرت صلعم کو از روے وحی فضیلت فاطمہ زہرا ابتدا بیع معلوم ہوئی ہو اور آخر کو عموم فضل ثابت ہوا ہو
اور جو بعض علما کہتے ہین کہ عائشہ صدیقہ کو فاطمہ زہرا پر فضیلت ہی اس دلیل سے کہ عائشہ بہشت مین حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ہونگی اور فاطمہ علی کے پاس اور اسمین شبہ نہین کہ مقام پیغمبر خدا اعلی و اشرف ہوگا
مقام علی مرتضی سے سو یہ مدفوع ہی اسطرح سے کہ حدیثون مین صاف وارد ہی کہ حضرت صلعم فاطمہ رضی اللہ عنہا سے
خطاب کرکے فرمایا کہ مین اور تو و علی و حسن و حسین ایک مکان و مقام مین ہونگا اور سیوطی اپنے فتاوے مین
لکھتے ہین کہ اس مقام پر تین مذہب ہین صحیح تر یہ ہی کہ فاطمہ افضل ہین عائشہ سے اور بعضے قائل مساوات ہین
اور بعضے متوقف چنانکہ استروشنی حنفیہ اور بعضے شافعیہ مائل بتوقف ہین اور امام مالک فرماتے ہین لا افضل
احدًا علی بضعۃ رسول اللہ کما ذکرنا سابقًا اور امام سبکی فرماتے ہین کہ مختار ہمارا اور ہمارے دین کا یہ ہی کہ فاطمہ
افضل ہین بعد انکے خدیجہ بعد انکے عائشہ رضی اللہ عنہن مگر خدیجہ و عائشہ مین اختلاف ہی اور حق یہ ہی کہ بیبیان
مختلف ہین اور بعضے علما فضیلت بمعنی کثرت ثواب عند اللہ مراد لیتے ہین ولیکن کوئی شخص بحسب شرف ذات
و طہارت طینت اور پاکی جوہر کے فاطمہ و حسن و حسین کو نہین پہونچتا ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال از انجملہ جامع ترمذی مین

کہ فرمایا حضرت صلعم نے فاطمہ مجھسے ہی روک دیتی ہی دل میرا وہ چیز جو روک دیتی ہی فاطمہ کے دل کو اور کشادہ دل کر دیتی ہی مجھکو وہ چیز کہ کشادہ دل کر دیتی ہی فاطمہ کو اور نسب منقطع ہوجاوینگے بروز قیامت سوائے میرے نسب اور سبب اور سسرال کے اور صواعق محرقہ مین ابو ایوب سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بروز قیامت پکارا پکارنے والا عرش کے اندر سے یا اہل الجمع نکسوا رؤسکم وغضوا ابصارکم حتی تمر فاطمہ بنت محمد صلعم علی الصراط فتمر مع سبعین الف جاریۃ من الحور العین کالبرق یعنی اے اہل محشر جھکالو تم سر اپنے اور بند کرلو اپنی آنکھین یہانتک کہ گذر جائے فاطمہ بیٹی محمد کی صراط پر پس گذرینگی فاطمہ ساتھ ستر ہزار لونڈیون کے حور عین سے مانند گذرنے برق کے ہر چند فضائل سیدہ بہت ہین مگر اس مقام مین اسی قدر کافی ہین اب جاننا چاہیے کہ اولاد تین بیٹے اور تین بیٹیان آنجناب کے ہوئی حسن اور حسین اور محسن اولاد ذکور اور رقیہ اور ام کلثوم اور زینب اولاد اناث اور فصل الخطاب سے معلوم ہوتا ہی کہ رقیہ نام ام کلثوم کا ہی پس اس صورت مین دو ہی بیٹیان معلوم ہوتی ہین والصحیح ہو الاول چنانکہ محسن و رقیہ نے صغر سنی مین وفات پائی اور امام حسن حسین ممتاز بشہادت خفی وجلی ہوے کہ حال مفصل اسکا آخر مین ذکر کیا جائیگا اور ام کلثوم کا نکاح علی مرتضی نے برضا و رغبت حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا انسے رقیہ و زید پیدا ہوے لیکن کوئی اولاد باقی نہین رہی اور فصل الخطاب مین ہی کہ زید و ام کلثوم نے ایک دن وفات پائی ہی اور صحیح یہ ہی کہ بعد شہادت عمر ابن خطاب ام کلثوم سے عون ابن جعفر نے نکاح کیا انسے کچھ اولاد نہین ہوئی و بعد وفات عون محمد ابن جعفر کے نکاح مین آئین انسے ایک بیٹا ہوا مگر لڑکپن مین مرگیا اور بعد محمد کے عبد اللہ ابن جعفر نے نکاح کیا انسے بھی کوئی اولاد نہوئی اور انھین کے پاس ام کلثوم نے وفات پائی تب عبد اللہ نے زینب سے نکاح کیا انسے علی پسر و ام کلثوم بیٹی پیدا ہوئی سو ام کلثوم قاسم ابن محمد ابن جعفر کے نکاح مین آئین انسے بکثرت اولاد ہوئی اور علی بن عبد اللہ کے بھی بہت اولاد ہوئی کہ انکو جعفرین کہتے ہین و عبد اللہ بن جعفر کے اور بیٹیون سے بھی نسل رہی ہی انکو بھی جعفرین بولتے ہین لیکن ان دونون مین فرق یہی ہی کہ اول فاطمہ ہین اخبار الدول مین ہی کہ جب حسن علیہ السلام پیدا ہوے تو وقت میان عصر و مغرب تھا اسی وقت حضرت فاطمہ نفاس سے پاک ہوئین اور غسل کرکے نماز مغرب ادا فرمائی اسی واسطے زہرا نام ہوا اور عمر حضرت فاطمہ کی اٹھائیس برس کی اور ایک روایت مین انتیس برس کی ہوئی اور وفات بروز سہ شنبہ تاریخ سوم رمضان المبارک سال یازدہم ہجری واقع ہوئی اور قبر شریف بروایت صحیحہ جنت البقیع مین ہی اور بروایت بعضے انکے گھر مین ہی کہ وہ گھر داخل مسجد ہوگیا ہی اور بعضی روایات غریبہ مین وارد ہی کہ ایک روز حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا علی الصباح برخلاف عادت خوش خرم اٹھین اور لونڈی سے ارشاد فرمایا کہ میرے نہانے کو پانی لا چنانکہ اسنے موجود کیا تو حضرت سیدہ نے نہایت مبالغہ سے غسل فرمایا اور کپڑے پاکیزہ و لطیف پہنے اور مستقبل قبلہ بیٹھین اور اپنا ہاتھ رخسارہ کے نیچے رکھکر فرمانے لگین کہ مین جان بجان آفرین سپرد کرتی ہون اب کوئی شخص مجھکو نہ کھولے اور اسی حالت

اسی وضع سے مجھے دفن کردے بعد ازاں علی مرتضی تشریف لائے تو انھون نے موافق وصیت عمل فرمایا مگر ابن جوزی وغیرہ اہل حدیث نے اسکو موضوعات مین لکھا ہی اور بھی یہ روایت حدیث اسماء بنت عمیس کے خلاف ہی جسکو امام محمد وغیرہ کبار محدثین نے اسطرح لکھا ہی کہ حضرت فاطمہ نے وقت نزع روح اسماء بنت عمیس زوجہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ یہ مجھکو نہایت بد معلوم ہوتا ہی کہ جب کوئی عورت مرجاتی ہی تو اُسپر ایک چادر اُڑھا کر نکالتے ہین کیونکہ قد و قامت اسکا صاف نظر پڑتا ہی اور اُسوقت تک یہی دستور تھا کہ عورتون کی نعش مردون کی وضع پر نکالتے تھے اسماء نے التماس کیا کہ اے بیٹی رسول اللہ کی مین نے ارض حبش مین ایک طریقہ نعش بنانے کا دیکھا ہی کہ اس سے نہایت ستر ہوجاتا ہی سو مین تمھارے واسطے بناؤنگی اور اُسی وقت چند لکڑیان درخت ترخرے کی منگوائین اور اُنکو صاف کرکے جھکائین اور اُسپر چادر ڈالی حضرت سیدہ اُسے دیکھکر بہت خوش ہوئین اور فرمایا یہ وضع نہایت خوب ہی کہ اسمین عورت و مرد مین بخوبی تمیز ہوجاتی ہی جب کہ مین وفات پاؤن تو اُسی طرح نعش بنانا اور تو ہی غسل دینا اور علی مرتضی کو شریک کرنا اور کسی کو آنے نہ دینا چنانکہ جب سیدہ نے وفات پائی تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تشریف لائین اور گھر مین جانے لگین اسماء نے حسب وصیت روک دیا کہ اُنھون نے اسکی شکایت صدیق اکبر سے فرمائی اور یہ بھی کہا کہ اسماء نے ایک ہودج عروسی واسطے لاش کے بنایا ہی تب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ دروازہ فاطمہ رضی اللہ عنہا پہ تشریف لائے اور پکار کر فرمانے لگے کہ اے اسماء تو زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بنت رسول اللہ کے پاس آنے سے کیون روکتی ہی اور کون چیز جدید تو نے اختراع کی ہی اسماء نے کہا کہ خود سیدہ رضی اللہ عنہا نے مجھسے کہا تھا کہ کوئی آدمی اور سوائے تیرے اور علی کے یہان نہ آنے پائے اور جو شی جدید مین نے بنائی ہی وہ مین نے اُنکو دکھلائی تھی اور اُنھون نے پسند فرماکر اجازت دی تھی یہ سُنکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا کہ اگر فاطمہ بنت رسول اللہ علیہ وسلم نے وصیت فرمائی تھی تو اُسی کے مطابق عمل کرنا واجب و لازم ہی چنانچہ اسماء بنت عمیس اور علی مرتضی اور بعض اہلبیت نے غسل دیا انتہی اس روایت سے آگاہی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وفات فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پر ظاہر ہی اور نہ دفن ہونا آنجناب کا اُنکے حجرہ خاص مین واضح تر کیونکہ اگر گھر ہی مین دفن ہوتین تو حاجت نعش بنانے کی بنا بر ستر اصلا نہ تھی کذا قال قدوۃ المحدثین شیخ عبد الحق الدہلوی فی جذب القلوب الی دیار المحبوب **فائدہ** پوشیدہ نہ رہے کہ صلوٰۃ غیر حضرت صلعم پر مملوک فیہ ہی بعضے عدم جواز مطلق کے قائل ہین وہذا اضعف جدا اور بعضے کہتے ہین کہ پیغمبرون پر استقلالا جائز ہی اور اُنکے غیر پر تبعا کما مر مذہب بخاری و اسحاق و ابو نور و داؤد و طبری کا یہ ہی صلوٰۃ غیر انبیا پر بھی استقلالا جائز ہی کئی دلیلون سے اول خدا نے فرمایا وصل علیہم و یصلی علیکم دوسرے وقت لانے صدقہ کے حضرت نے ابی اوفی سے فرمایا صل علی ال ابی اوفی تیسرے دونون ہاتھ اُٹھا کر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد ابن عبادہ کے لیئے عا فرمائی اللھم اجعل صلواتک

در ممتنک علی آل سعد ابن عبادہ رواہ ابوداؤد والنسائی وسندہ حید چوتھی دلیل یہ ہے کہ معنی صلوٰۃ بالتحقیق رحمت اور ثنا ہین اور ظاہر ہے کہ جواز دعا مین ان دونون سے اختلاف نہین ہے تو چاہیئے کہ صلوٰۃ مین بھی نہو خصوصاً جب کتاب وسنت مین صریح وارد ہوا ہو وہو المذہب الصحیح اور مذہب امام اعظم رح کا یہ ہے کہ تبعاً جائز ہے مطلقاً بلا قید مورد اور عدم جواز استقلالاً اور مذہب سفیان ثوری کا یہ ہے کہ استقلال مین ترک ادب ہے اور بعضے کہتے ہین کہ فصل الخطاب اس مسئلہ مین یہ ہے کہ صلوٰۃ غیر آنحضرت صلعم پر وحال سے خالی نہین یا آل واز واج وذریت پر ہے یا انکے غیر پر سو اول بمعیت آنحضرت مشروع ہے اور بدون آنحضرت جائز اور ثانی اگر وہ غیر ملائکہ واہل طاعت ہین عموماً کہ انمین انبیا بھی داخل ہین چنانچہ کہتے ہین اللہم صل علی ملائکتک المقربین وعلی اہل طاعتک اجمعین یہ بھی جائز ہے اور اگر طائفہ معین وشخص معین ہو تو مکروہ ہے اور اگر تحریم کے بھی قائل ہون تو بھی ہو سکتا ہے خصوصاً جب اپنا شعار گردانین یا اسکی مثل پر یا افضل پر منع کرین اور اگر احیاناً ہو تو مضائقہ نہین اور استعمال سلام پس مُردون پر استقلالاً جائز نہین مگر انبیا واہل قبور اور زندون پر غائب ہون یا حاضر بالاتفاق جائز ہے اور بعض علما قائل ہین کہ صلوٰۃ مخصوص حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہے اور رضوان صحابہ کے لیے اور رحمت سب مسلمانون کے حق مین اور ابن العربی کے نزدیک یہ تحقیقات بنا بر حفظ مراتب ہے اور نووی کہتے ہین کہ ترحم اور ترضی صحابہ وتابعین وتبع تابعین کے لیے مستحب ہے اور بعض اہل تحقیق فرماتے ہین کہ سلام بمعنی تحیہ جو مستلزم جواب ہے ہر زندے و مردے حاضر وغائب پر جائز ہے اور اسلام بمعنی دعا کہ قریب بمعنی صلوٰۃ ہے یہ تو مخصوص حضرت صلعم کو ہے غیر آنجناب کے چاہیے مگر تبعاً اور حضرت شیخ المحدثین مولانا عبدالحق دہلوی شرح مشکوٰۃ مین فرماتے ہین عبارت بعینہ یہ ہے واختلاف کردہ اند کہ آیا جائز ہست صلوٰۃ وسلام غیر انبیا را بالاستقلال یا نہ مختار جمہور آنست کہ مخصوص بانبیا ہست ومشارک نیست با ایشان غیر ایشان ملکہ ذکر کردہ شود بمغفرت ورحمت ورضوان ونقل کردہ است طیبی کہ آن خلاف اولی ست وبعضے گفتہ حرام ست یا مکروہ بکراہت تحریمی واشتہری ومتعارف در متقدمین تسلیم بود بر اہلبیت رسول اللہ از ذریت وازواج مطہرات ودر کتب قدیمی مشائخ اہل سنت وجماعت کما یات آن یافتہ میشود واللہ اعلم اور مولوی ولی اللہ فرخ آبادی درد التقرب مین لکھتے ہین کہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ حضرت حسن وفاطمہ وعلی وغیرہ ذریت واولاد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر لفظ سلام اور بھی لفظ صلوٰۃ بلا تبعیت بھی جائز ہے اور مقتضائے ادب بھی ہے کیونکہ صلوٰۃ وسلام ان لوگون پر گو یا حضرت پر ہے اور آل کا ذکر کرنا بعد حضرت کے صلوٰۃ کے مثل اجماع کے قرار پایا ہے بلکہ بعضون نے کہا ہے کہ بدون صلوٰۃ آل کے صلوٰۃ حضرت پر مقبول نہین ہے توضیح اولاد عبدالمطلب کہ شرف بصحبت حضرت صلعم انکو حاصل ہوا ہے یہ ہین زینب بنت رسول اللہ اور انکی اولاد علی وامامہ وامیمہ ورقیہ بنت رسول اللہ اور اولاد انکی عبداللہ وام کلثوم وفاطمہ زہرا علی مرتضیٰ اور اولاد انکی حسن حسین ومحسن وام کلثوم ورقیہ وزینب وجعفر ابن ابیطالب اور انکی اولاد عبداللہ وعون ومحمد وعقیل اور بیٹے آنکے مسلم وحمزہ ابن عبدالمطلب اور انکی اولاد ذکور فضل وعبداللہ وقثم وعبیداللہ وحارث وسعید وعبدالرحمن وکثیر وعون

ونام اور اولاد انکی ام حبیبہ امیہ وصفیہ ومعتب ابن ابی لہب عباس ابن عبد المطلب اور زوجہ انکی ام بنیہ انکی امیہ
وپسر عبد اللہ ابن عباس وعبد اللہ ابن الزبیر ابن عبد المطلب اور بہن انکی ضباعہ زوجہ مقداد ابن الاسود وسفیان ابن
حارث ابن عبد المطلب اور دونوں بیٹے مغیرہ وحارث ومبیدہ ابن الحارث ابن عبد المطلب کے غزوہ بدر میں شہید ہوئے
وہند ابن الحارث ابن عبد المطلب کہ لقب انکا ابنہ بدو باء موحدہ وتشدید ثانیہ ہی وصفیہ بنت عبد المطلب مادر زبیر
ابن العوام یہ لوگ باتفاق ایمان لائے ہین وعاتکہ وامیمہ واروی بنات عبد المطلب مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین مسلمان
ہوئین اور بعضے کہتے ہین نہین ہوئین توضیح اصحاب پیغمبر خدا جو ایمان لائے ہین یہ ہین اول معدن الفضل والہدی والتصدیق
وافضل المومنین والصحابہ بالتحقیق عبد اللہ ابو بکر صدیق ابن ابی قحافہ عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم
بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب القرشی التیمی ہین کہ انکو بسبب ابوتہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے شرف مصاہرت
حاصل ہوا والدہ انکی ام الخیر سلمی بنت صخر بن عامر لقب شریف آنجناب صدیق وعتیق وعتیت ابو بکر دارقطنی نے ابو یحیی سے
روایت کی ہی کہ مین نے اکثر علی بن ابیطالب کو منبر پر کہتے ہوئے سنا ہی کہ اللہ تعالی نے ابو بکر کو زبان پیغمبر پر صدیق فرمایا ہی
واضح ہو کہ حضرت ابو بکر کا یہ لقب خاص ہی اور زبان پیغمبر اور سائر متاخرین اور انصار پر بلکہ ائمہ اطہار کی زبان پر بھی یہ لقب
جاری رہا اور فریقین کی کتابون مین موجود کہ جناب معزی الیہ صدیق ہین اور منکر صدیقیت زندیق چنانچہ دارقطنی نے حضرت
امام جعفر صادق سے روایت کیا ہی کہ آیا ایک شخص امام زین العابدین کے پاس پھر عرض کرنے لگا کہ حال ابو بکر کا کچھ فرمائیے
فرمایا کیا ابو بکر صدیق کا حال پوچھتا ہی اسنے کہا آپ انکو صدیق فرماتے ہین فرمایا آپ نے روئے تجھ پر تیرے ما تحقیق سوا خدا نے
اور جملہ مہاجر وانصار نے نام انکا صدیق رکھا اب جو اسکو صدیق نہ کہے تو اسکی بات کو اللہ سچا نہ کرے دنیا مین نہ عقبی مین
اور کتاب منہج المقال شیعون مین فضیل سے کہ خلص اصحاب ایمہ اطہار سے تھا ان الجنۃ لتشتاق الی ثلثۃ کے ذیل مین مرقوم ہی کہ صدیق
اور ثانی اثنین اذ ہما فی الغار ابو بکر کا لقب ہی اور ہر گاہ امام جعفر کی نسبت مادری وجانب سے صدیق کے ساتھ ملتی ہی اسواسطے
ارشاد امام بغیر وساہات تمام ہی کہ ولدنی ابو بکر صدیق مرتین قاضی شوستری احقاق الحق مین اس خبر کا راوی ہی کہ ذکر شاہ نعمت اللہ نے کیا
کہ لوگون نے امام محمد باقر سے مسئلہ پوچھا کہ آیا تلوار پر چاندی چڑھانا درست ہی فرمایا ہان درست ہی اسواسطے کہ ابو بکر صدیق نے
اپنی تلوار پر چاندی چڑھائی تھی پس سائل نے کہا کہ اب ابو بکر کو صدیق کہتے ہین سو آپ اپنی جگہ سے ہٹکے اور فرمانے لگے
کہ وہ تو بہترین خلائق ہی بہترین خلائق جو نہ کہے اسکو صدیق نہ سچا کرے اسکو اللہ دنیا اور عقبی مین ہرچند
شوستری نے اس روایت مین تقیہ وغیرہ کا احتمال پیدا کیا لیکن مفید نہین اسواسطے کہ جسکو امام معصوم یہ تاکید فرمائے
کہ نعم الصدیق نعم الصدیق اور اسکے منکر پر تشدید دعا سے پیدا ہوتا ہے پھر تقیہ نامعقول کو کہان گنجایش قبول ہی
باوجودیکہ باقر العلوم نے ہر اس تقیہ مین محقق کیا کہ ائمہ ہدی پر تقیہ نا روا ہی اور ان بزرگون نے کبھی تقیہ نہین کیا اور
کتاب محکوم بنجوم ذیم المذہب مین امام جعفر اور امام باقر کی روایتون کی نسبت بالخصوص تقیہ کا احتمال محال لکھا ہی اور ترمذی کی

روایت ہے کہ ایک دن ابوبکر رسول مقبول صلعم کے پاس آئے تو حضرت نے فرمایا انت عتیق اللہ من النار اور انکو آزاد کی بشارت دی انکی آنکشتری پر رسول اللہ کی تھی ولادت شریف مکہ میں دو برس یا دو برس چار ماہ بعد واقعہ اصحاب فیل کے واقع ہوئی خوش رو صاحب جمال تابان نحیف البدن خفیف رخسار رگہائے سبز غمد بن پر نمودار و معتدل القامۃ تھے

اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اڑھائی برس عمر میں چھوٹے تھے اول مردوں میں آنجناب ایمان لائے اور قصۂ معراج کی تصدیق کی اور کافروں و منکروں کو جواب دیے اور حضرت صلعم کے ساتھ ہجرت کی اور عیال و اطفال و شمول میں چھوڑے اور مرافقت غار مشہور کا شمس فی نصف النہار ہے اور وقت وفات پیغمبر خدا ثابت العقل رہے اور مسلمانوں کی تسلی و دلاسا میں مصروف ہوئے و باجماع امت اول خلیفہ ہوئے رضی اللہ ابن عباس کہتے ہیں کہ فرمایا حضرت صلعم نے میں نے جس کسی سے اسلام میں کلام کیا اسنے جواب دیا مگر ابن ابی قحافہ نے کہ جب اس سے میں نے کسی امر کی گفتگو کی اسنے قبول کیا اور عبداللہ تیمی سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ میں نے جس کسی کو اسلام کی دعوت کی اسنے قبول میں تردد کیا مگر ابوبکر نے اصلا تردد نہ کیا اور ثابت ہے کہ حضرت صدیق اکبر گاہ گاہ بجا بر تجارت اموال مکہ معظمہ سے باہر جاتے تھے ورنہ مکے ہی میں رہتے تھے اور بڑے صاحب مال اور بڑے جوانمرد کریم افصح ابلغ اعلم اتقی اشجع تھے اور بسبب ریاست قوم مرجع خاص و عام تھے اور ایکسو بیالیس حدیثوں کی روایت کتب صحاح میں انسے ہے و بسبب قلت روایۃ قصر مدتہ و سرعۃ وفاتہ بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیونکہ ہمگین مدت خلافت اڑھائی برس بلکہ بروایتے دو برس تین مہینے کئی دن ہیں اور عمر تمام ترسٹھ برس کی موافق عمر پیغمبر کے ہوئی بائیسویں خواہ تیئسویں جمادی الثانی شب سہ شنبہ وفات پائی واقدی نے حضرت عائشہ سے روایت کی ہے کہ بروز دوشنبہ ہفتم جمادی الثانی سال سیزدہم ہجری میں ابوبکر نے غسل حالت سردی میں کیا تو بخار لاحق ہوا کہ پندرہ روز بیمار رہے جب عشرہ اخیرہ جمادی الاخری کے آٹھ دن باقی رہے وفات پائی روز سہ شنبہ بائیسویں تاریخ وقت شب تھا اور طبرانی نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ فرماتے تھے جب ابوبکر کو حالت احتضار شروع ہوئی تو عائشہ سے فرمایا کہ مادۂ شتر حبکا دودھ میں پیا کرتا تھا اور کاسۂ کلان جسمیں آسانی جاتا تھا اور چادر جسکو میں اوڑھتا تھا بعد فوت میرے عمر بن خطاب کے پاس پہونچا دینا کیونکہ میں حالت خلافت میں انسے منتفع تھا چنانچہ حضرت عائشہ نے بعد وفات ویسا ہی عمل فرمایا تب حضرت عمر نے کہا رحمک اللہ یا ابابکر لقد اتعبت من جاء بعدک کذا فی اخبار الدول وغیرہ اور حاکم نے عبداللہ بن عمر سے روایت کی ہے کہ بعد وفات رسول مقبول احوال ابوبکر روز بروز متغیر ہوتا جاتا تھا یعنی مفارقت آنجناب میں لاغر و ضعیف ہوتے جاتے تھے آخر وفات پائی اور ابن شہاب سے روایت ہے کہ ایک شخص ابوبکر کے واسطے حریرہ لایا تھا اسکو باتفاق حارث بن کلدہ کھا رہے تھے دفعۃ حارث نے کہا ہاتھ روکو اسمیں زہر ملا ہے میں اور تم ایک دن مرینگے اسی وقت آنجناب نے ہاتھ کو روکا مگر ہمیشہ بیمار رہے اور بعد انقضاے سال دونوں نے ایک روز وفات پائی اگر کوئی شبہہ کرے کہ حضرت صلی اللہ وسلم نے فرمایا ہے اثبت احدفانما علیک

نبی وصدیق وشہیدان یعنی ٹھہر جا اے جبل احد جز اس نیست کہ تجھ پر ایک نبی وصدیق و دو شہید ہین اور یہ حدیث سابق کی حدیث سے منافات رکھتی ہی تو جواب یہ ہی کہ منافات وتناقض کچھ نہین ہی ابوبکر صفت صدیقیت اور صفت شہادت دونون رکھتے تھے مگر آنحضرت نے بصفت صدیقیت کہ اخص اوصاف ہین تھے اکتفا فرمایا کیونکہ صفت شہادت عام ومشترک چارون ہین تھی اور اسی سبب سے آنحضرت نے اپنے نفس لطیف کو تعبیر نہین فرمایا مگر بصفت نبوت کہ اخص ہی حالانکہ آنجناب بھی بصفت شہادت موصوف تھے چنانچہ بروایت صحیحہ ثابت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض موت مین تصریح فرمائی ہی کہ موجب اس مرض کا زہر ہی جو کہ خیبر مین کھایا تھا اور اخبار الدول مین نزہتہ النواظر سے نقل کیا ہی کہ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین کہ جب ابوبکر کی وفات نزدیک پہونچی تو مجکو طلب کرکے فرمایا کہ اے علی مجھکو اسی دو ہر مین غسل دینا جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا تھا اور میرے کپڑون مین کفنانا اور اس مکان کے دروازے پر لیجانا جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدفون ہین اگر قفل اُس مکان کا از خود کھل جائے تو اُسکے اندر دفن کرنا ورنہ مقابر مسلمانون مین حضرت علی مرتضی فرماتے ہین کہ مین نے وصیت اُنکی جاری کی جب کہ جنازہ حجرۂ شریفہ کے دروازے پر رکھا تو قفل از خود کھل گیا اور آواز آئی ادخلوا الحبیب الی الحبیب فان الحبیب الی الحبیب مشتاق یعنی پہونچا دوست کو دوست کی طرف کہ دوست دوست کا مشتاق ہی پھر مین نے اُنکو دفن کیا اور سر شریف اُنکا برابر دوش مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے رکھا وقد قیل فی تاریخہ ؎ بست ودوم از جمادی الاخری بود ۲۲ کہ بدار البقا انتقال نمود ۔ عقل سال وصال او فرمود ۔ و سن جود فرت صاحب جود ۔ حضرت صدیق اکبر کے زمانہ جاہلیت مین دو منکوحہ تھین ایک قتیلہ بنت عبد العزی مادر عبد اللہ اور اسماء ذات النطاقین دوسری رومان بنت عامر مادر عبد الرحمن اور عائشہ صدیقہ اور زمان اسلام مین دو منکوحہ اسماء بنت عمیس مادر محمد بن ابی بکر دوسری حبیبہ بنت خارجہ انصاری جو کہ وقت وفات حاملہ تھین اُنسے بیٹی پیدا ہوئی اور زمانہ خلافت آنحضرت مین حضرت عمر قاضی اور عثمان بن عفان اور زید بن ثابت کاتب اور عتاب بن اسد عامل مکہ اور عثمان بن ابی العاص حاکم طائف اور مہاجر بن ابی امیہ والی صنعا اور زیاد بن ولید مالک حضرموت اور بجیر بن مین جریر اور سواد عراق مین مثنی بن حارثہ اور ہشام بن ابو جلیدہ جراح وشرحبیل اور زید بن ابی سفیان مگر یہ تینون صاحب خالد بن ولید کے تحت حکومت تھے کیونکہ وقت وفات حضرت صدیق خالد محاصرۂ دمشق مین مصروف تھے از جملہ فضائل ایک فضیلت یہ ہی کہ اُنکے باپ ابوقحافہ اور والدہ اُنکی ام الخیر سلمی بنت عم ابوقحافہ اور زوجات طاہرات ام رومان بنت عامر واسماء بنت عمیس وحبیبہ بنت خارجہ اور بنات اسماء وعائشہ وابنا عبد اللہ وعبد الرحمن ومحمد وولد الابن محمد ابن عبد الرحمن وولد البنت عبد اللہ بن زبیر بن اسماء سب کے سب شرف صحبت رسول مقبول مشرف ہوے اور ہمیشہ تابع فرمان رہے از انجملہ یہ کہ بخاری مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم مین بنا بر صلح تشریف لے گئے اور نماز کا وقت آگیا لوگون نے ابوبکر کو امام کیا اور نماز شروع کردی پھر حضرت صلعم

تشریف لائے اصحاب نماز مین تھے حضرت صلعم بھی نیت کرکے صف مین کھڑے ہوگئے اصحاب نے دستک دی تاکہ تصدیق کرین حضرت کی تشریف آوری سے آگاہ ہون اور حضرت صدیق اکبر کی یہ عادت تھی کہ نماز مین کسی طرف نہ دیکھتے تھے جب لوگون نے بہت تالیان بجائین تو صدیق نے نظر کو پھیر کر دیکھا کہ حضرت رحمۃ للعالمین صف مین کھڑے ہین اور حضرت نے اشارہ کیا ہین کہ ہو امامت کیے جاؤ صدیق اکبر نے دونون ہاتھ اُٹھا کے خدا کا شکر کیا کہ حضرت صلعم نے مجھکو امامت کرنے کو فرمایا پھر پیچھے ہٹے یہان تک کہ صف مین برابر ہوگئے اور حضرت امام الکونین نے آگے بڑھ کر امامت فرمائی جب نماز تمام فرمائی تو کہا اے ابوبکر میرے ارشاد کے بعد تو کیون قائم نہ رہا عرض کیا کہ ابوقحافہ کے بیٹے کی یہ لیاقت نہین کہ پیغمبر کے آگے امام ہو پھر حضرت نے اصحاب سے فرمایا مجھکو کیا ہے کہ مین نے دیکھا تمکو کہ تمنے بہت تالیان بجائین کوئی ضرورت اگر نماز مین ظاہر ہو یعنی ایسی ضرورت جسمین امام کو خبردار و آگاہ کرنا پڑے تو چاہیے کہ باواز بلند سبحان اللہ کہے یعنی تالیان نہ بجانا چاہیے اسواسطے کہ جب اُسنے سبحان اللہ کہا تو اُسکی طرف التفات کیا جائیگا یعنی امام سبحان اللہ کہنے سے خبردار ہوجائیگا اور تالی مارنا عورتون کے واسطے جائز ہے یعنی اگر امام کی خطا پر عورت واقف ہو تو سبحان اللہ نہ کہے بلکہ ہاتھ کو ہاتھ پر مارے اسواسطے کہ عورت کی آواز سننے سے اکثر مرد کو خیال بد آتا ہے یہ حدیث بخاری و مسلم مین سہیل ابن ساعدی سے مروی ہے اس سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی نہایت عمدہ فضیلت ثابت ہوئی کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکو اپنی امامت کا حکم دیا بلکہ اول ابوبکر صدیق کے پیچھے نماز کی نیت بھی کرچکے تھے سبحان اللہ اس سے زیادہ کون کمال ہوگا کہ تمام عالم کا امام اُسکو اپنا امام بناوے از انجملہ بخاری و مسلم مین حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مرض موت مین فرمایا کہ ابوبکر سے کہو لوگون کو نماز پڑھاوے مین نے کہا یا رسول اللہ ابوبکر نرم دل ہے اگر حضرت کے مقام پر نماز پڑھانے کو کھڑا ہوگا رونے لگیگا قرآن کی آواز لوگ نہ سُنینگے عمر کو فرمائیے کہ وہ نماز پڑھاوے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر سے کہو نماز پڑھاوے پھر مین نے حفصہ سے کہا کہ تم حضرت سے کہو حفصہ نے حضرت سے یہی کہا تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر تم یوسف کے ساتھ والی عورتون کی طرح ہو یعنی کیون خلاف نمازی کرتے ہو کہو ابوبکر سے کہ لوگون کو خود امام ہوکر نماز پڑھاوے بالجملہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مین پانچ دن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی یہ اشارہ ہے حضرت صدیق اکبر کی خلافت کا کہ جو عہدہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص تھا یعنی امامت نماز سو اپنی حیات مین جنمین پایا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو عنایت کیا جسطرح کوئی بادشاہ اپنی زندگی مین کسی کو تخت و چتر شاہی دوائے تو یہ علامت ہے کہ بادشاہ نے اُسکو اپنا ولی عہد کیا از انجملہ بخاری و مسلم مین حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایکبار صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور کہا مقرر خدا نے مختار کیا ہے اپنے بندے کو دنیا و آخرت مین سو اُس بندے نے آخرت کو اختیار کیا تو ابوبکر صدیق رونے لگے ہمکو تعجب آیا اُنکے رونے سے کہ یہ رونے کا کون مقام ہے جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جلد انتقال ہوا تب ہمنے اُسکا مطلب سمجھا

یعنی حضرت نے اپنی موت کی خبر دی تھی مگر اصحاب مین سوائے حضرت ابوبکر صدیق کے کوئی اس بھید سے واقف نہوا
ہم سب سے زیادہ وہ عالم تھے جب صدیق روئے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا منت سب سے زیادہ رفاقت کی
اور مال کی راہ سے تیرا مجھپر احسان ہی اگر خدا کے سوا اے جانی دوستی کسی اور سے کرتا تو تجھی سے کرتا لیکن ہمارے تیرے
اسلام کی برادری اور محبت ہی ازانجملہ بخاری ومسلم مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کہ جو شخص جوڑا دیگا خدا کی راہ مین لادینگے اُسکو بہشت کے چوکیدار سب چوکیدار دروازون بہشت کے کہینگے اُو میان ادھر آ
تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس شخص کو تو کسی طرح ٹوٹا نہین ہی فرمایا رسول مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ البتہ مجھکو امید ہی کہ تو انھین لوگون مین ہی جسکو سب بہشت کے فرشتے خوشی سے بلادینگے اس حدیث سے عمدہ
فضیلت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نکلی اور بہشتی ہونا ثابت ہوا اور جوڑا خرچ کرنے سے یہ مراد ہی کہ دو اشرفی یا دو روپیہ یا دو پیسے
یا دو کوڑی یا دو روپیہ سے اسی طرح ہر شی کا جوڑا ازانجملہ جامع عبدالرزاق مین بطریق صحیح مروی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ کسی مسلمان کا مال میرے حق مین نافع ترمال ابی بکر سے نہین ہوا راوی کہتا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مال ابوبکر صدیق
رضی اللہ عنہ کو بے محابا وبلا تامل مترد خرچ کرتے تھے جیسا اپنا مال اور مال ابی بکر مین اور اپنے مال مین کچھ امتیاز وفرق نہ رکھتے تھے
ازانجملہ جابر ابن عبداللہ سے روایت ہی کہ مین ایک دن درد ولت رسول مقبول پر باجماعہ مہاجرین وانصار حاضر تھا اور باہم ذکر
بزرگی وفضیلت کر رہے تھے کہ آنجناب تشریف لائے اور فرمایا کس شغل مین ہو مین نے عرض کیا کہ فضائل لوگون کے بیان کرتے ہین
فرمایا کہ اگر یہ ذکر ہی تو خبردار ابوبکر کسی کو تفضیل نہ دیجو اسلیے کہ وہ تم سب سے افضل ہی دنیا وآخرت مین ازانجملہ ابوداؤد اور دارقطنی
جابر سے بسند صحیح روایت کی ہی کہ ایک دن ابوبکر کے آگے آگے مین جاتا تھا دفعۃً حضرت صلعم ملے تو فرمایا تم آگے اُس شخص کے چلتے ہو
جو تمسے دنیا وآخرت مین بہتر ہی واللہ کہ آفتاب طلوع وغروب نہین ہوا ہی بعد انبیاء ومرسلین کے کسی پر کہ بہتر ابوبکر سے ہوا اور آمام جعفر صادق
علی آبائہ وعلیہ السلام نے بسند متصل صحیح اپنے باپ محمد باقر سے اور وہ اپنے باپ امام زین العابدین سے اور وہ حضرت سید الشہدا اے خاتم
آل عبا امام حسین علیہ السلام سے اور وہ حضرت امیرالمومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہین کہ علی مرتضی فرماتے تھے
مجھے حضرت صلعم سے سُنا ہی کہ فرماتے تھے آفتاب نے طلوع وغروب نہین کیا بعد پیغمبرون کے کسی پر جو بہتر ہو ابوبکر سے ازانجملہ صحیح بخاری مین
ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ صدیق وفاروق مین کچھ گفتگو ہوئی کہ اُس سے دونون مین رنج ہوا صدیق اکبر حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوے اور ملتمس ہوے کہ میرے اور عمر کے گفتگو ہوگئی ہی سو مین اُنپر غصہ ہوا پھر شرمایا اور عمر سے
قصور معاف کرایا اُنھون نے معاف نہ کیا لہذا حضور مین آیا ہون حضرت نے فرمایا خدا معاف کریگا اور تجھکو بخشیگا بعد اُسکے حضرت
عمر بھی اس گفتگو سے پچھتائے اور عفو وتقصیر کرانے کو حضرت صدیق اکبر کے گھر گئے وہان سُنا کہ وہ حضرت صلعم کے پاس گئے ہین جب
عمر رضی اللہ عنہ حضرت صلعم کے حضور مین آئے تو حضرت کے چہرۂ مبارک پر غصہ تو دہوا صدیق اکبر ڈرے تو گھٹنون کے بل عاجزی سے
کھڑے ہوکر عرض کی کہ یا رسول اللہ عمر کا کچھ قصور نہین زیادتی میری تھی حضرت نے فرمایا کہ البتہ مجھکو خدا نے تمھاری طرف پیغمبر کرکے بھیجا ہی

سوال اول نے کہا کہ جھوٹا ہی اور ابوبکر نے کہا سچا ہی اور اُسنے اپنی جان و مال سے سلوک کیا سو کیا تم لوگ میرے ساتھی کو میری خاطر سے چھوڑ دوگے یعنی کسی طرح کا رنج اُسکو نہ پہونچاؤ اس حدیث کے بعد جمیع اصحاب حضرت صدیق اکبر کا بڑا خیال رکھنے لگے کسی نے انکو رنج نہیں دیا از انجملہ ایک بڑی فضیلت جناب صدیق اکبر کو یہ ہی کہ اللہ تعالےٰ نے جسطرح مقام دلجوئی و خاطر داری پیغمبر خدا میں فرمایا ہی وسوف یعطیک ربک فترضی اسی طرح صدیق اکبر کے حق میں وعدہ کیا وسوف یرضی یعنی ایسی کہ راضی ہوگا صدیق اکبر خدا سے اور بھی اللہ جل ذکرہ نے حضرت صدیق کو اتقی فرمایا ہی وسیجنبہا الاتقی الذی یوتی مالہ یتزکی اور دوسری جگہ فرمایا ہی ان اکرمکم عند اللہ اتقکم پس مقتضاے مجموع آیتین سے ثابت ہوا کہ حضرت ابوبکر اکرم ناس ہوں عند اللہ اور یہی معنی افضلیت کے ہین

دوم عمر ابن خطاب ابن نفیل بضم النون وکسر الفاء وسکون التحتانیۃ ابن عبد العزی بن رباح بن عبد اللہ بن قرط بن زراح بن عدی بن کعب القرشی العدوی منسب آنجناب رسول مقبول صلعم سے کعب مین ملتا ہی اور والدہ اُنکی ختمہ اخت ابی جہل بنت ہاشم یا ہشام بن المغیرہ بن عبد اللہ تعین اللہ تعالےٰ نے دولت مصاہرت پیغمبر خدا بسبب ابوت ام المومنین حفصہ کے عطا فرمائی اور خلیفہ بھی کیا کنیت آنجناب ابو حفص اور لقب فاروق حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ سبب اس لقب کا یہ ہوا کہ عمر ما بین حق و باطل فرق کرتے تھے اور ولادت اُنکی عرصہ سال چہار دہم یا سیزدہم واقعہ اصحاب فیل مین واقع ہوئی اور سال نہم بعثت مین اسلام لائے انمین سے چالیس مسلمان پورے ہوے اور عمر ستائیس برس کی تھی اشراف قریش سے تھے ایام جاہلیت مین سفارت و رسالت انمین کے تمام مقرر تھی یعنی نامہ و پیغام انمین کے ہاتھ سرداروں کے پاس کفار قریش بھیجا کرتے تھے اور سفید رو سرخ چشم بلند بالا تھے

روایت ہی کہ لوگون مین جب کھڑے ہوتے تو معلوم ہوتا تھا گویا اونٹ پر سوار ہین اور لوگ پیادہ ذہبی ابن منبہ کہتے ہین کہ وصف عمر خطاب توریت مین اسطرح مذکور ہی کہ قرن حدید شدید باس یعنی عمر بمنزلہ لوہے پہاڑ کے ہی اور تیز بخت و امانت دار ہی اور روایت صحیحہ سے ثابت ہی کہ اول انھین کا خطاب امیر المومنین ہوا چنانچہ عسکری نے اوائل مین اور طبرانی نے کبیر مین اور حاکم نے بطریق ابن شہاب عمر بن عبد العزیز سے روایت کیا ہی کہ اُسنے سلیمان ابن حشمہ سے سوال کیا کہ زمانۂ ابوبکر مین من خلیفہ رسول اللہ ابی فلان لکھتے تھے اور عہد خلافت عمر خطاب مین اول من خلیفۃ ابی بکر ابی فلان لکھتے تھے پھر کیونکہ یہ بات متغیر ہوئی اور اطلاق امیر المومنین کا عمر رضی اللہ عنہ پر کیا گیا اور کون شخص تھا جسنے اطلاق اس لفظ کا کیا اور فرامین مین لکھا گیا ابوبکر ابن سلیمان نے کہا خبر دی مجھکو مسماۃ شیفا مہاجرہ نے کہ ابوبکر من خلیفۃ رسول اللہ لکھتے تھے اور عمر من خلیفۃ خلیفۃ رسول اللہ اُسوقت تک کہ اُنھون نے عامل عراق کو نامہ لکھا مضمون اُسکا یہ تھا کہ دو مرد ذی شعور جلد میرے پاس روانہ کر تا کہ احوال عراق و اہل عراق اُنسے دریافت کرون عامل عراق نے لبید بن ربیعہ اور عدی بن ابی حاتم کو بھیجا جب یہ دونون مدینے مین پہونچے اور مسجد مین آئے تو عمرو ابن عاص ملا اُسنے کہا کہ ہم امیر المومنین کے پاس جانا چاہتے ہین تم اجازت حصول ملازمت حاصل کرو عمر بن عاص نے کہا واللہ تمنے امیر المومنین کے اطلاق مین صواب کیا بعد اُسکے عمرو نے حضرت عمر سے کہا السلام علیک یا امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو نے امیر المومنین کسطرح کہا عمرو نے حال بیان کیا اور کہا تم امیر ہو اور ہم مومن ہین یہ آدی کہتا ہی کہ اُسدن سے یہ کلمہ

مکاتبات وغیرہ مین لکھا گیا اور امام نووی نے تہذیب مین لکھا ہی کہ ربیعہ اور عدی نے اس نام سے حضرت عیسیٰ کو
سے کیا اور بعضے کہتے ہین کہ مغیرہ ابن شعبہ نے ملقب با میرالمومنین کیا ہی اور ابن عساکر نے معاویہ ابن فرہ سے
روایت کی ہی کہ ابی بکر رضی اللہ عنہ لکھتے تھے من ابی بکر خلیفہ رسول اللہ جب عہد خلافت عمر ابن خطاب ہوا تو اصحاب نے
ارادہ کیا اونکو خلیفہ خلیفہ رسول اللہ کہا کرین حضرت عمر نے فرمایا اسمین تطویل ہی اصحاب نے کہا تم ہمارے امیر ہو
فرمایا ہان مین تمھارا امیر ہون اور تم مومنین ہو اسی تاریخ سے امیرالمومنین لکھا گیا الغرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ اول
ان لوگون مین ہین جنپر بحیثیت خلافت تسمیہ اس اسم کا ہوا ہی اور جو عبدالرحمن بن حبش پر ایک سریہ مین اطلاق
امیرالمومنین کا ہوا ہی سو وہ محض اسی وقت پر خصوصیت رکھتا تھا اسی طرح اول حضرت عمر نے حد شرب خمر اسی
کوڑے مارے اور اول تجدید حرمت متعہ انھون نے فرمائی اور اول انھین نے بیع امہات اولاد سے نہی فرمائی
اور اول نماز جنازہ اربع تکبیرات سے انھین نے پڑھی اور اول قضات انھین نے مقرر فرمائی اور اول تعین تاریخ
مشورت علی مرتضیٰ حضرت عمر نے فرمایا ابن سعد نے شداد سے روایت کی ہی کہ جب عمر خلیفہ ہوے تو اول یہ کلام فرمایا
اللھم انی شدید فلینی ضعیف فقوینی وبخیل فسخنی اور انھین نے عہد خلافت مین اپنے بیٹے پر حد زنا جاری فرمائی تھی
یہ مقام محل عبرت ہی اور مقدور بشر سے خارج جو حضرت عمر نے فرمایا ہی کیفیت اس واقعہ کی بعض کتب حدیث مین اسطرح
مذکور ہی کہ ایک روز جناب فاروق اعظم مسجد نبوی مین بیٹھے تھے اور اصحاب سول مقبول گرداگرد جمع تھے دفعۃً ایک
عورت نوجوان ایک طفل نوزاد گود مین لیے ہوے دروازۂ مسجد سے داخل ہوئی اور بولی یا امیرالمومنین السلام علیک
حضرت عمر نے فرمایا وعلیک السلام اگر کچھ حاجت رکھتی ہو بیان کر کہ اسکا سرانجام کرون اسنے کہا حاجت یہ ہی کہ اپنے
فرزند کو مجھسے لیکر پرورش کیجیے فرمایا میرا لڑکا تیرے پاس کسطرح پہونچا مین نہین پہچانتا ہون وہ بولی کہ یہ لڑکا تمھارے
بیٹے عبدالرحمن ابو شحمہ کا ہی فرمایا کہ یہ حرام کا لڑکا ہی یا حلال کا عورت نے کہا میری جانب سے حلال کا ہی اور ابو شحمہ
کی طرف سے حرام کا حضرت عمر نے کہا خدا سے ڈر سچ بیان کر اسنے کہا کہ مین ایک دن راہ مین چلی جاتی تھی جب قریب باغ
نبی نجار کے پہونچی تو بیٹا تمھارا مست و سرشار شراب خوردہ دوکان نسیکہ یہودی سے کہ خمار مشہور معروف ہی آتا تھا اسنے
مجھکو دیکھکر دست اندازی شروع کی ہر چند مین نے انکار کی لیکن کچھ سنے نہ مانا اور باغ مین لیجاکر مجھسے وہ کام کیا جو مرد عورت سے
کرتا ہی تو مین بیہوش ہوگئی جب ہوش آیا اور اپنے گھر آئی معلوم ہوا کہ حاملہ ہوگئی ہون سو مین نے حمل اپنا اپنے چچا سے اور ہمسایہ
لوگون سے پوشیدہ رکھا تاکہ رسوا و فضیحت نہون حتی کہ مدت حمل گذر گئی اور آثار تولد نمودار ہوے آخر کار جنگل مین جاکر
یہ لڑکا جنی اول مین نے چاہا کہ اسے ہلاک کردون مگر بخوف خدا نادم ہوکر باز رہی اب تمھارے پاس آئی ہون اور تمھارے
بیٹے ابو شحمہ پر دادخواہ ہون لازم ہی کہ مابین میرے اور اسکے جو حکم خدا ہو فرمائیے پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منادی کرادی
کہ مردم شہر مسجد مابین جمع ہوے انکو ارشاد کیا کہ سب لوگ حاضر رہو اور خود مع حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ دولتخانہ مین

داخل ہوے اور پوچھا ابوشحمہ کہان ہی بی بی نے کہا اسی وقت ستر خوان پر رکھانے کو بیٹھا ہی حضرت عمر فاروق ابوشحمہ کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے میرے بیٹے میرے کھانا کھالے یہ طعام تو شۂ آخری تیرا ہو دنیا سے ابوشحمہ نے یہ کلام سنا تو رنگ اسکے چہرے کا متغیر ہوگیا اور لقمہ ہاتھ سے گر پڑا بعد اسکے حضرت عمر نے فرمایا میں کون ہون بولا تم میرے باپ ہو اور خلیفۂ حضرت رسالت مآب فرمایا کہ فرمان برداری میری تجھپر واجب ہی یا نہین کہا دو سبب سے فرمان برداری آپکی فرض ہی ایک من حیث الوالدیۃ دوسرے من جہۃ الخلافۃ فرمایا تجھکو قسم دیتا ہون بحق پیغمبر تیرے و بحق والدیۃ اپنے کے کہ لوٹے کبھون نسیکہ یہودی کی دوکان سے شراب لیکر پی تھی اور مست ہوا تھا اسکے کہا ہان ایکبار یہ حرکت مجھسے ہوئی تھی سو مین نے نادم ہوکر توبہ کی ہی فرمایا تو نے خوب کیا جو توبہ کی کیونکہ سرمایہ مسلمان توبہ ہی پھر فرمایا کہ اے بیٹے میرے تجھکو خدا کی قسم ہی کہ تو کبھون باغیچہ نبی نجار مین گیا تھا اور کسی عورت سے صحبت کی تھی ابوشحمہ خاموش ہورہا اور رونے لگا حضرت عمر نے فرمایا کہ خوف نہ کر سچ بیان کر خدا سے تعالے ستر رکھتا ہی دوست رکھتا ہی ابوشحمہ نے کہا سچ ہی کہ یہ حرکت بھی مجھسے سرزد ہوئی تھی لیکن مین نے توبہ کی اور سخت نادم ہون حضرت عمر نے جب ابوشحمہ کی زبان سے اقرار کرالیا تو ہاتھ پکڑا اور کشان کشان گھر سے باہر قریب مسجد کے لے گئے اور حاضرین مسجد کے روبرو پوچھا کہ سو تازیانہ کہ حد زنا حق ناکتخدا مین بحکم خدا ہی مارین ابوشحمہ نے کہا اے باپ میرے مجھے نفیحت نہ کرو بہتر ہی کہ تلوار سے اسی جگہ ٹکڑے ٹکڑے کرو فرمایا گھر مین تعزیر درست نہین ہی اللہ صاحب فرماتے ہین ولیشہد عذابہما طائفۃ من المومنین یعنی وقت مارنے حد کی چاہیے کہ جماعۃ کثیر مسلمانون کے حاضر ہون تاکہ شہرت واقع ہو اور دور دور تک کے لوگون کو عبرت ہو اور مجرم بھی بسبب عذاب جسمانی کے کہ سو تازیانہ ہی اور عذاب روحانی کی کہ شرمندگی و رسوائی ہی آلودگی گناہ سے بخوبی پاک ہوجائے بعد اسکے اسی طرح کھینچتے ہوئے مسجد مین لائے اور اصحاب پیغمبر خدا صلعم کے روبرو کہا کہ عورت نے سچ کہا اور ابوشحمہ نے بھی اسکو تصدیق کیا بعد ازان افلح غلام سے کہا کہ تازیانہ لیکر سو تازیانہ اسکے مار اور پاسداری کو چھوڑ اور ضرب تازیانہ میں تقصیر نہ کر افلح بولا کہ مجھسے یہ نہوگا اور رونے لگا حضرت عمر نے فرمایا اے افلح میری فرمان برداری مین فرمان برداری رسول خدا ہی پس جو مین کہتا ہون اسکو بجالا دالا رسول خدا کے سامنے شرمندگی ہوگی ناگزیر افلح نے کپڑے ابوشحمہ کے بدن سے اتارے سو قسم دم حاضرین مسجد مین رونا پیٹنا پڑگیا اور ابوشحمہ دم بدم حضرت سے تملق و زاری کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اے باپ میرے رحم کر اور حضرت عمر روتے تھے اور فرماتے تھے خدا سے تعالے کہ پروردگار تیرا ہی رحم کرے تجھپر اور جو کچھ مین کرتا ہون اسی واسطے ہی کہ پروردگار میرا مجھپر اور تجھپر رحم فرماوے الغرض اجرا سے حد شروع ہوئی اور حضرت عمر افلح سے بار بار فرماتے تھے کہ تازیانہ لگا توقف نہ کر اور ابوشحمہ روتے اور پکارتے تھے یہان تک کہ ستر تازیانہ کی نوبت پہونچی اسوقت ابوشحمہ نے کہا اے باپ میرے ایک آبخورہ پانی مجھے عنایت فرما فرمایا اے بیٹے میرے اگر رب العالمین نے تجھکو پاک کرکے اس غلام سے اٹھایا تو قریب ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو شربت تجھکو پلائینگے کہ پھر تجھکو پیاس نہ لگیگی اور غلام سے کہا کہ تازیانہ مار جب ستی تازیانہ ہوگئے تو ابوشحمہ نے کہا السلام علیک یا ابی رخصت ہوتا ہون حضرت عمر نے فرمایا وعلیک السلام اگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا تو میرا سلام عرض کرنا اور کہنا کہ بعد تمھارے مین نے

اس حال مین چھوڑا ہی کہ قرآن پڑھتا تھا اور حدود خدا جاری کرتا تھا بعد اسکے حضرت عمر نے غلام سے فرمایا کہ تا زیانہ مار جب لوگ تا زیانہ ہو گئے تو ابو شحمہ پر بیہوشی طاری ہوئی اور آواز فریاد و فغان منقطع ہو گئی اُسوقت اصحاب رسول اللہ نے التماس کیا کہ اب تا زیانہ باقیماندہ کو موقوف دوسرے وقت پر رکھنا مناسب ہی حضرت عمر نے فرمایا کہ اُسنے گناہ کو موقوف نہین کھا ہین سزا دہی مین کیونکر تاخیر کرون پھر غلام سے ارشاد کیا کہ ہان بزن یہان تک کہ آخر تا زیانہ پر ابو شحمہ نے جان بحق تسلیم کیا اُسوقت حضرت عمر روئے اور بولے ای بیٹے خدا ے تعالے تجھے گناہون سے پاک کرے بعد اُسکے سر ابو شحمہ کا اپنی گود مین لیکر بیٹھے اور رونے لگے اور زبان مبارک سے فرماتے تھے کہ پدرت قربان تو کہ ترا حق کشتہ است پدرت قربان تو کہ حد تمام کنا نیدہ مردی پدرت قربان تو کہ مادر و پدر و خواہر و برادران بر تو حرم نکردند اُسوقت لوگون نے جانا کہ ابو شحمہ نے انتقال فردوس برین فرمایا اور اُسدن مدینہ مین تمام آدمیون پر ماتم سخت ہا اور ہر شخص شدت گریہ وزاری سے بیتاب تھا روایت ہی کہ جسوقت ابو شحمہ پر حد مارنی شروع ہوئی اور وہ فریاد و فغان کرنے لگے تو بعض لوگون نے اُنکی والدہ سے کہا وہ روتی پیٹتی دوڑکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئین اور بولین کہ مین عوض ہر تا زیانہ کے پیادہ پا حج کرونگی اور بعوض ہر تا زیانہ کے جسقدر روپیہ معین فرمائو فقرا اور مساکین کو صدقہ کرونگی حضرت نے فرمایا کہ حج و صدقات عوض حد کے نہین ہو سکتی صبر کر کہ ان اللہ مع الصابرین باجملہ بعد واقعہ کے چالیس روز گذرنے پر حذیفہ ابن الیمان کہ عمدہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور حضرت نے اُنکے حق مین فرمایا تھا ما حدثکم حذیفہ فصدقوہ تشریف لائے اور مجمع صحابہ مین فرمانے لگے کہ مین نے اج رات کو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا اور بیٹا حضرت عمر کا خلعت سبز پہنے ہوے ہمراہ تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر کو میرا اسلام پہونچا کر کہدینا کہ شاباش اسی طرح خدا ے تعالے نے فرمایا ہی کہ قرآن پڑھ اور حدود خدا کی قائم رکھ بعد ازان ابو شحمہ نے کہا کہ میری طرف سے میرے باپ کی خدمت مین سلام کہنا اور یہ پیغام دینا کہ خدا ے تعالے تمکو پاک کرے جسطرح مجھکو گناہ سے پاک کیا اخرجہ ابن شیرویہ الدیلمی فی کتاب المنتقی و اخرجہ غیرہ مختصرا بتغیر اللفظ مدت خلافت حضرت عمر فاروق دس برس چھ ماہ ایک روز کم مقدر تھی اور واقعۂ شہادت آنجناب اسطرح واقع ہوا کہ عمدہ خلافت حضرت موصوف مین یہ دستور تھا کہ سبایاے بالعین مدینے مین آنے نہ پاتے تھے اتفاقا مغیرہ ابن شعبہ عامل کوفہ نے لکھا کہ ایک غلام نہایت ہوشیار کارخدادی و نقاشی وغیرہ سے واقف کار یہان ہی اگر ارشاد ہو تو مدینے مین بھیجا جائے تا کہ مسلمانون کو منفعت حاصل ہو آنجناب نے اجازت دی کہ وہ مدینے مین آیا اور رہنے لگا ایک دن حضرت کے پاس حاضر ہو کہنے لگا کہ چار درہم خراج کے جو مجھسے لیے جاتے ہین وہ مجھپر گران ہین کچھ کم کر دینا چاہیے حضرت عمر نے فرمایا کہ تو کئی پیشون سے واقف ہی اس لحاظ سے یہ خراج کچھ گران نہین ہی اس باعث سے تخفیف نہین کیجائیگی وہ مردود مجوسی علیہ اللعنۃ ناراض ہوا اور یہ کہتا ہوا دروازے سے نکلا کہ عمر کا عدل سبکو پہونچا مگر مجھکو نہ پہونچا بعد چندے اُس مردود نے ایک خنجر دو زبان خرید کیا اور اُسکو زہر آلودہ کیے گھات مین لگا تا کہ امیر المومنین کو شہید کرون اور امیر المومنین کی یہ عادت تھی کہ صبح کاذب

وقت مسجد مین تشریف لاتے تھے اور نمازیون کو جگاتے تھے چنانچہ بروز چارشنبہ تاریخ بست وہفتم ماہ ذیحجہ سال بیست وسوم ہجری قبل از طلوع آفتاب وقت صبح مسجد مین تشریف لائے اور لوگون کو نماز کے واسطے بیدار فرمایا جب سب لوگ وضو وطہارت وغیرہ سے فارغ ہوے تو حضرت عمر امامت پر قائم ہوے اور قبل احرام بنا بر تسویۂ صفوف تاکید فرمائی اُسی حال مین ابولولو مجوسی غلام مغیرہ ابن شعبہ نے دو خنجر مارے ایک کتف پر دوسرا خاصرہ پر کہ امیر المومنین گر پڑے اسی وقت تیرہ شخص اور بھی مجروح ہوے کہ اُنمین سے چھ مرد مر گئے آخر کار ایک مرد جزار عراقی نے چادر اپنی اس مجوسی پر ڈال کر گرفتار کیا اُسنے ایک خنجر اپنے پیٹ مین مارا اور ہلاک ہوگیا اور حضرت امیر المومنین کو اُٹھا کر گھر لے گئے اُسوقت آفتاب قریب نکلنے کے تھا اور نماز صبح کسی نے نہ پڑھی تھی آخر کار عبد الرحمن ابن عوف نے نماز پڑھائی اور دو سورتین قصیر نماز مین پڑھین اور جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ گھر مین تشریف لے گئے تو کسی شخص نے دودھ پلایا کہ وہ دودھ منہ کی راہ سے نکل گیا اور آخر وقت اُسی دن خلعت شہادت جانب حق سے پہنائے گئے اور غرۂ محرم سال بیست وچہارم ہجری مین بروز شنبہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس برابر دوش مبارک حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ مین دفن ہوے

روایت ہے کہ آخر وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ اپنے بیٹے سے فرمایا کہ حساب کرکے دیکھ میرے ذمہ کسقدر قرض ہے سو عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حساب کیا تو چھیاسی ہزار درہم قرض نکلے تب حضرت عمر نے فرمایا اگر مال آل عمر کا کفایت نہ کرے تو بنی عدی سے سوال کرنا اور اگر اُنکے مال سے بھی ادا نہو سکے تو قریش سے سوال کرنا کذا فی اخبار الدول بعد ازان وصیت فرمائی کہ عائشہ صدیقہ سے عرض کرو کہ عمر کی یہ خواہش ہے کہ پیغمبر خدا کے پاس دفن کیا جائے اگر اجازت دین تو وہین دفن کرنا سو جب ابن عمر نے حضرت عائشہ سے کہا اُنھون نے فرمایا کہ میرے دل مین از خود یہی بات تھی چنانچہ یہ بات سُنکر حضرت عمر نے کہا الحمد للہ کذا فی اخبار الدول عمر شریف اُنکی بروایت صحیحہ تریسٹھ برس کی ہوئی ونعم ماقیل فی تاریخ وفات ؎ سال انقاش خرد بجستہ خواند ۔ واے صد وائے عدل بیکس ماند ۔ اور بعضے کہتے ہین عمر چھیاسٹھ برس کی ہوئی اور بعضے اکسٹھ اور بعضے ساٹھ بھی بیان کرتے ہین روایت ہے کہ خاتم حضرت عمر خاتم رسول اللہ تھی اور طبرانی نے طارق بن شہاب سے روایت کی ہے کہ ام ہین نے کہا بروز شہادت عمر مست ہوگیا اسلام اور عبد الرحمن بن لیسار کہتے ہین کہ مین نے بروز وفات عمر دیکھا کہ منکسف ہوا آفتاب اور جنات نے نوحہ کیا اور سالم بن عبد اللہ نے کہا کہ مین نے سُنا ایک مرد انصار سے کہ وہ کہتا تھا مین نے اللہ سے درخواست کی کہ مجھے دکھلادے عمر کو خواب مین چنانچہ دفن برس کے بعد مین نے دیکھا کہ عمر اپنی پیشانی سے عرق پونچھتے تھے مین نے کہا یا امیر المومنین اللہ نے کیا معاملہ آپسے کیا فرمایا اب مین حساب سے فارغ ہوا ہون اگر رحمت آلہی شامل نہوتی تو مین ہلاک ہوتا اور بروایت صحیحہ ثابت ہے کہ کثرت فتوح جیسی حضرت عمر کے عہد مین ہوئی ایسی کبھون نہین ہوئی چنانچہ چار ہزار چھتیس شہر یا تو بالصلح ولواحق فتح ہوے مین از انجملہ دمشق وحمص وبعلبک ۱۳ھ مین بصلح فتح ہوئی دیصری و ایلیا بجنگ اور اس سال مین تراویح کی

تاکید فرمائی از انجملہ انطاکیہ و کوفہ و اہواز و موصل و طوس و تستر و مصر و آذربیجان و نہاوند و دینور و ہمدان و جرجان و حلب و اصفہان وغیرہ فتح ہوے اور چار ہزار مسجدیں بنائی گئیں اور چار ہزار کنیسہ توڑے گئے اور ایک ہزار نو سو منبر بنا پر خطبہ رکھے گئے اور سواد عراق کی پیمایش ہوئی اور جزیہ اور خراج باندھا گیا منشی انتخاب کے دو شخص تھے عبدالرحمن بن خلف خزاعی اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما اور داروغہ بیت المال زید بن ارقم رضی اللہ عنہ تھے اور پانسو ستائیس حدیثیں حضرت عمر سے مروی ہیں اور مناقب آپکے بکثرت ہیں اور احادیث میں بہت ہیں از انجملہ وحی آسمانی سولہ یا بیس یا اکیس جگہ بطابق رائے حضرت عمر کے نازل ہوئی ہے چنانچہ ابن عساکر نے علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا علی نے ان فی القرآن رآیا من رای عمر یعنی ہر آئینہ قرآن میں رائے ہے رائے عمر سے اور بخاری و مسلم میں حضرت عمر سے روایت ہے کہ فرمایا میں نے موافقت کی اپنے پروردگار سے تین باتوں میں ایک یہ کہ میں نے کہا یا رسول اللہ اگر مقام ابراہیم علیہ السلام کو مصلی گردانیں تو بہتر ہو اسوقت کریمہ واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی نازل ہوئی دوسرے میں کہا یا رسول اللہ فاجر و متقی سب ازواج مطہرات کے حضور میں چلے آتے ہیں اگر انکو حکم حجاب فرمایا جائے تو بہتر ہے اسوقت کریمہ واذا سالتموہن متاعا فاسئلوہن من وراء حجاب نازل ہوئی چنانچہ احمد و بزار و طبرانی نے عبداللہ بن مسعود سے روایت کی ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات سے پردہ کو فرمایا زینب رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے عمر ہمپر وحی نازل ہوتی ہے تم ہمپر حکم کرتے ہو اسی عرصہ میں یہ آیت نازل ہوئی تیسرے ایک مرتبہ ازواج مطہرات جمع ہوئیں تھیں اور باہم رشک و غیرت کی گفتگو کرتی تھیں اور حضرت کو ملال تھا سو میں نے کہا یا رسول اللہ اگر آپ انکو طلاق دینگے تو اللہ آپکو انسے بہتر عطا کریگا اسوقت کریمہ عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن الآیۃ نازل ہوئی اور طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہر گاہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض منافقون کے واسطے استغفار میں الحاح بہت کیا تو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا سواء علیہم یعنی برابر ہے کہ تم واسطے استغفار اور عدم استغفار یا رسول اللہ تب یہ آیت نازل ہوئی سواء علیہم استغفرت لہم ام لم تستغفر لہم اور ابن ابی حاتم نے عبدالرحمن ابن ابی لیلی سے روایت کی ہے کہ کہا انھوں نے ایک شخص یہودی عمر رضی اللہ سے ملا اور اسنے کہا وہ جبرئیل جو تمھارے پیغمبر پر وحی لاتا ہے ہمارا دشمن ہے عمر نے کہا من کان عدوا للہ و ملائکتہ و رسلہ و جبریل و میکال فان اللہ عدو للکافرین بعد اسکے یہی آیت نازل ہوئی موافق قول عمر رضی اللہ عنہ کے اور ابن عساکر نے جابر اور عروہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ جب آیۃ ثلۃ من الاولین و قلیل من الآخرین نازل ہوئی تو عمر ابن خطاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آکر روئے اور عرض کیا یا نبی اللہ ہم ایمان لائے آپکا اور تصدیق کیا تمھارے فرمانے کو اور ہم لوگوں سے جو کہ نجات پائینگے وہ قلیل ہیں پس نازل ہوئی ثلۃ من الاولین و ثلۃ من الآخرین حضرت صلعم نے فرمایا اے ابن خطاب ہر آئینہ نازل ہوئی آیت اس

باب ہین بسہین بجھکو تردد تھا اور اللہ ثلثۃ من الاولین وثلثۃ من الآخرین فرمادیا حضرت عمر نے کہا رضینا
بنا وصدقنا بہ نبینا پس فرمایا رسول اللہ صلعم نے آدم علیہ السلام سے مجھ تک ایک ثلثہ اور مجھسے قیامت تک
ایک ثلثہ اسی طرح اور آیات ہین کہ تفسیرون مین بہ تفصیل انکا بیان ہی اس مقام اسی قدر کافی ہی از انجملہ
احمد و ترمذی و حاکم نے عقبہ ابن عامر سے اور طبرانی نے عصمت ابن مالک سے روایت کی ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
لو کان بعدی نبی لکان عمر ابن الخطاب از انجملہ علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے عمر سراج اہل الجنۃ فی الجنۃ یعنی عمر چراغ اہل جنت کا ہوگا بہشت مین اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی
روایت اس حدیث کی ہی بعض علما اس حدیث کے معنی مین فرماتے ہین کہ مراد یہ ہی کہ وہ چالیس شخص جنکی تمامی
حضرت عمر کے اسلام لانے سے ہوئی وہ سب بہشتی ہین اور عمر رضی اللہ عنہ انمین چراغ ہین اسواسطے کہ اسلام انکا اسلام
عمر سے قوی ہوا کہ اسی وقت سے انھون نے اظہار اسلام کیا اور پوشیدہ تھے ظاہر ہوے جسطرح راہ رو روشنی چراغ مین
چلتا ہی کذا فی النہایہ للجزری از انجملہ بخاری و مسلم مین ابوسعید خدری سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جس
حالت مین مین سوتا تھا دیکھا مین نے لوگون کو کہ میرے سامنے کیے گئے اور انپر کرتے ہین انمین سے بعض کا کرتہ تو چھاتی تک
پہونچتا ہی اور بعض کا اسکے نیچے اور عمر خطاب میرے سامنے کیا گیا اور اسپر کرتہ تھا کہ وہ اسکو زمین مین گھسیٹتا جاتا تھا صحابہ نے
کہا اسکی تعبیر کیا ہی فرمایا دین فائدہ دین سے یہ مناسبت ہی کہ جسطرح کرتہ بدن کو چھپاتا ہی اور سردی گرمی سے بچاتا ہی
ویسے ہی دین بھی روح و دل کو محفوظ و مصئون رکھتا ہی کہ کفر و گناہ سے بچاتا ہی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضرت عمر
بن خطاب رضی اللہ عنہ کا دین حد سے زیادہ کامل تھا اور بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جس حالت مین کہ مین سوتا تھا سو مین نے اپکو ایک کنوین پر دیکھا اسپر ایک ڈول پڑا ہی سو مین نے
اس ڈول سے پانی کھینچا جتنا خدا نے چاہا پھر اسکو ابن ابی قحافہ یعنی صدیق اکبر نے لیا اسنے ایک ڈول نکالا
انکے کھینچنے مین کچھ سستی و آہستگی تھی خدا اسکو معاف کریگا پھر ڈول بڑا ہوگیا عمر ابن خطاب نے لیا سو مین نے تو آدمیون سے
ایسا عجیب غریب بڑا زور آور کسی کو نہین دیکھا جو عمر کی طرح پانی کھینچتا ہو یہان تک اسنے کثرت سے پانی نکالا کہ لوگون نے
اپنے اونٹون کو آسودہ کرکے انکی نشستگاہ مین بٹھلایا پوشیدہ نہ رہے کہ عرب مین اونٹون کی کثرت از بس ہی سو پانی
پلانے کو کنوین پر لاتے ہین اور خوب پلا کر علیحدہ بٹھلاتے ہین سو ڈول کھینچنے سے ین کی سرداری مراد ہی کہ بعد حضرت
علیہ السلام کے صدیق کو ہوگی کہ وہ ایک ڈول آہستگی سے نکالینگے یعنی انکی خلافت تھوڑے دن رہیگی اسلام خوب پھیلیگا
چنانچہ کل دو برس آنجناب خلیفہ رہے اس مدت مین بسبب کذاب وغیرہ اہل ارتداد سے معرکہ رہا کہ انکو مار کر عرب کا اسلام
مضبوط کیا اور کسی قدر ملک شام فتح کیا تھا کہ وفات پائی اور عمر فاروق خلیفہ ہوے دس برس تک کام کیا ان کے وقت مین
خوب اسلام عالم مین پھیلا ملک شام و مصر و ایران و عراق و اکثر روم فتح ہوا اور چار ہزار شہر بڑے بڑے دارے پرگنات کے

داخل قبضۂ اسلام ہوے چار ہزار تجار نے مسلمان ہوے اور چار ہزار مسجدین جامع طیار ہوئین اور بیشمار خزانے مسلمانون مین تقسیم ہوے کہ لوگ غنی ہوگئے اس حدیث سے ترقی اسلام اور صدیق اکبر فاروق اعظم کی خلافت کا اشارہ نکلا اور جو کچھ بعد حضرت کے ہونے والا تھا خواب مین دکھلایا گیا اور بخاری مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت علیہ السلام نے کہ جس حال مین مین سوتا تھا مین نے اپکو یعنی بنفس نفیس بہشت کے اندر دیکھا تو یکایک وہان ایک عورت ہے وضو کرتی ایک محل کے کنارے مین نے کہا یہ کسکا محل ہے فرشتون نے کہا عمر کا سو مجھکو عمر کی غیرت یاد پڑی تب مین پلٹ آیا پشت دی کر یعنی مرد کے اسکی عورت پاس اجنبی مرد کے جانے سے غیرت آتی ہے اسواسطے مین پھر گیا عمر فاروق یہ سُنکر رونے لگے اور التماس کیا کہ یا حضرت کیا آپ ہی پر مجھکو غیرت آئی یعنی یہ بات مجھسے ممکن نہ تھی تیسرے امیر المومنین عثمان بن عفان ابن ابی العاص ابن امیہ ابن عبد الشمس ابن عبد مناف خلیفۂ ثالث رسول اللہ ہین یہ بھی شرف مصاہرت سے ممتاز ہوے کہ رقیہ وام کلثوم بنات آنحضرت سے منکوح ہوے مان انکی اروی بنت کریز بضم الکاف وسکون الراء وفتح الباء وسکون الزاء المعجمہ دختر بیضاء عمہ رسول اللہ اور کریز ابن ربیعہ ابن حبیب بن عبد الشمس ہی ذوالنورین انکا لقب ہے اور کنیت ابو عمرو نیز ابو عبد اللہ انھین نے حضرت رسول مقبول سید المرسلین خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے کئی ہزار درہم کو زمین مول لی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ بعوض بہشت بیچی کہ حضرت نے داخل مسجد فرمائی وجہ کنیت ابو عبد اللہ یہ ہے کہ رقیہ بنت رسول اللہ سے جب عبد اللہ پیدا ہوے تب عبد اللہ کنیت ہوئی ولادت باسعادت انکی چھ برس پیشتر تولد حضرت رسول مقبول سے ہوئی تھی تھے حضرت عثمان میانہ قد خوش رو سرخ سفید اور انکے منھ پر نشان تھے چیچک کے بزرگ ریش تھے خوبصورت لوگون مین اور فرمایا آنحضرت نے ام کلثوم کو کہ نکاح کیا مین نے تیرا اُسکے ساتھ جو اشبہ ہی ساتھ جد تیرے ابراہیم علیہ السلام کے اور ساتھ تیرے باپ محمد صلعم کے اور بھی حیا انکی اس درجہ کہ گھر کے اندر دروازہ بند کرکے غسل کرتے تھے اور حیا سے پیٹھ اپنی سیدھی نہین کر سکتے تھے اور بعد مسلمان ہونے صدیق اکبر علی مرتضی و زید و حارثہ رضی اللہ عنہم کے اسلام لائے ہین بہ ترغیب صدیق اکبر اور منجملہ سابقین اولین و اول المہاجرین واحد العشرۃ المبشرۃ بالجنۃ ہین اور بعد شہادت حضرت عمر رضی اللہ عنہ بتوقف ستہ شوریٰ بروز خلیفہ ہوے اور وجہ توقف یہ ہوئی کہ لوگون نے عبد الرحمن ابن عوف سے در باب خلافت مشورہ کیا تو انھون نے فرمایا بہتر یہ ہے کہ اس امر کو تین متخصون پر منحصر کرو سو علی مرتضی شیر خدا کو زبیر ابن العوام نے قبول کیا اور سعد ابن ابی وقاص نے عبد الرحمن کو اور طلحہ نے عثمان کو مگر عبد الرحمن نے انکار فرمایا اور علی مرتضی نے بھی خواہش نہ کی آخر عبد الرحمن نے بلا درخواست حضرت عثمان کے انھین سے بیعت کی بعد ازان علی مرتضی و بقیہ مہاجرین و انصار نے بیعت کی کما فی مسند امام احمد عن ابی وائل سے روایت ہے کہ مین نے عبد الرحمن ابن عوف سے کہا کہ تمنے کسطرح عثمان سے باوجود علی مرتضی کے بیعت کرلی عبد الرحمن نے کہا میرا قصور نہین ہے اول مین نے حضرت علی سے کہا کہ مین بیعت کرتا ہون تمسے کتاب اللہ و سنت رسول اللہ و سیرت ابوبکر و عمر پر وہ کہنے لگے کہ مین اسکی استطاعت نہین رکھتا ہون تب مین نے اسی طرح عثمان سے کہا اُسنے قبول کیا کذا فی اخبار الدول اور سیوطی نے لکھا ہے کہ مشورہ اولی مین

عبدالرحمن نے عثمان سے کہا کہ اگر تم سے بیعت نہ کرون تو تم بتلاؤ کس سے عثمان نے کہا علی مرتضیٰ سے پھر عبدالرحمن نے علی مرتضیٰ سے کہا
اُنھون نے فرمایا عثمان سے بیعت کرو بعد ازان مین نے سعد ابن ابی وقاص سے شوریٰ کیا اُنکی راے بھی اسی پر قائم ہوئی
اور اجلۂ اصحاب مین المہاجرین والانصار بھی انھین پر راضی ہوے لہذا اُنسے بیعت کی گئی انگشتری انکی انگشتر رسول مقبول صلعم
کی تھی جب کہ وہ کنوین مین گر پڑی تب ایک خاتم نقرئی بنوائی اور اُسپر لفظ نصر من اللہ فتح قریب کندہ کرایا وبرداشتے آنست بالذی
خلق فستوی یعنے کہتے ہین کہ جسدن سے انگشتری چاہ مین گری اُسی دن سے امور خلافت مین خلل پڑا اور مفاسد
شروع ہوے اور قضیہ شہادت کا یون واقع ہوا کہ جب حضرت ذی النورین رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوے تو برعایت صلۂ رحم
آنجناب نے بعض اقارب کو جابجا امیر فرمایا چنانچہ معاویہ ابن ابی سفیان کو شام مین بھیجا اور سعید ابن ابی العاص کو
کوفے مین اور عبداللہ ابن عامر ابن کریز کو بصرے مین اور عبداللہ ابن سعد ابن ابی السرح کو مصر مین یہ شخص بھائی
رضاعی حضرت عثمان کا تھا اور مروان ابن الحکم کو اپنی نیابت مین رکھا اور مہر انپی اُسی کو سپرد فرمائی چونکہ مروان
نہایت متسلط ہوگیا تھا اس سبب سے کوئی شخص کچھ بھی کہہ نہ سکتا تھا لیکن مہاجرین وانصار رضوان اللہ علیہم اجمعین اُسکی
شرارت وبدطینتی سے ناراض رہتے تھے اس اثنا مین چندکس مصری عبداللہ ابن سعد حاکم مصر کے ظلم سے دادخواہ ہوے
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسکو ایک نامہ متضمن بنصائح وموعظ لکھ بھیجا اسنے خیال بھی نہ کیا بلکہ منجملہ دادخواہون کے
چند آدمیون کو قید کرلیا اور ایک شخص کو قتل بھی کرایا اس سبب سے سات سو آدمی اہل مصر سے مستغیث ہوے اور بوسیلۂ
علی مرتضیٰ وام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا احوال تفصیلی اپنا عثمان سے بیان کیا تب حضرت عثمان نے حکم عزل
عبداللہ صادر فرماکر ارشاد کیا کہ تم لوگ جس شخص پر راضی ہو وہ حاکم مقرر کیا جائے سب نے محمد ابن ابی بکر کو پسند کیا
کہ حضرت عثمان نے فرمان امارت وحکومت اُنکے نام کا لکھدیا اور چند نفر اصحاب مہاجرین وانصار سے ہمراہ فرماکے مصر کو
روانہ کیا تیسرے دن ایک غلام حبشی اونٹ پر سوار اُن لوگون کو ملا اُسکے جلد چلنے سے ایسا مفہوم ہوتا تھا کہ طلب کیا ہوا
جاتا ہے یا کسی کو بلانے جاتا ہے اس سبب سے محمد ابن ابی بکر کے ہمراہیون نے پوچھا تو کون ہے کہان جاتا ہے اسنے کہا کہ
مین امیرالمومنین کا غلام ہون اُنکا بھیجا ہوا حاکم مصر کے پاس جاتا ہون لوگون نے حاکم مصر محمد ابن بکر کو بتلایا وہ بولا
مین تو عبداللہ کے پاس بھیجا گیا ہون محمد ابن ابی بکر سے کچھ کام نہین ہے پھر پوچھا کسواسطے بھیجا ہے اسنے کہا ایک پیغام
دیا ہے پوچھا کونسا فرمان ہے اُسنے انکار کیا تب اسکو گرفتار کرکے اُسکا اسباب لیکھا تو مطمرہ مین ایک خط نکلا مضمون اسکا
یہ تھا کہ جب محمد ابن ابی بکر اور فلان فلان آدمی مصر مین پہونچین تو کوئی حیلہ کرکے انکو قتل کرنا اور فرمان خلافت کو باطل سمجھنا
اور تو اپنے کام پر بحال رہنا اور مین اس آدمی کو قید کردونگا جو تیرے ظلم کی شکایت کریگا اور عنوان نامہ پر لکھا تھا من
عثمان الی عبداللہ ابن ابی السرح چنانچہ اس خط کے دیکھتے محمد ابن ابی بکر مع اپنے رفیقون کے مدینۂ منورہ کو لوٹے اور
سبکو جمع کرکے حال عثمان بیان کیا تب علی مرتضیٰ وغیرہ اکابر اصحاب رسول اللہ نے حضرت عثمان سے استفسار فرمایا

وہ بولے کہ غلام و شتر بلاشبہ میرا ہی لیکن بہ خط میں نے ہرگز نہیں لکھا اور نہ میری اطلاع سے لکھا گیا تب علی مرتضیٰ نے فرمایا کہ مُہر تمہاری ہو فرمایا میری ہی کہا کیونکر تمہارا غلام تمہارے اونٹ پر سوار مُہری خط لیکر گیا یا ہیں ہمہ کہ تم واقف بھی نہیں ہو کہا واللہ نہ میں نے یہ خط لکھا اور نہ حکم لکھنے کا دیا اور نہ غلام کو مصر کی طرف بھیجا اب سکو تحقیق ہوا کہ یہ شرارت مروان کی ہی کہ یہ خط لکھا ہی لہذا مصریوں نے مروان کو طلب کیا تاکہ قتل کریں چونکہ ہنوز کوئی امر موجب قصاص بحکم شرع مروان سے صادر نہیں ہوا تھا امیر المومنین نے تامل فرمایا مصریوں نے باغانت و امداد بعض اہل قبائل نبی زہرہ و بنی مخزوم و بنی غفار دولت خانۂ خلافت آکر گھیرا یہانتک کہ چالیس شبانہ روز پانی بند کیا اور اسقدر رفصت نہ دی کہ مسجد میں نماز ادا کریں ایک روز بلوائیوں کے مقابل ہو کر فرمایا کہ میں تمکو خدا و اسلام کی قسم دیتا ہوں اور پوچھتا ہوں کہ تم جانتے ہو جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف فرما ہوئے تو سوائے بیر رومہ کے آب شیریں کہیں نہ تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی بیر رومہ کو مول لیکر وقف کرے تو اسکو بہشت میں کنوان ملیگا سو میں نے اسکو خرید کیا اور وقف کر دیا آج تم لوگ مجھے اسکے پانی سے روکتے ہو بلوائیوں نے کہا یہ بات درست ہی فائدہ رومہ بضم راء مہملہ و سکون واو ہی اور بعض نے ہمزہ سے بھی پڑھا ہی یہ ایک کنوان ہی جانب شمال مسجد قبلتین سے وادی عقیق میں کہ اُسکا پانی شیریں و لطیف و پاکیزہ تھا عوام اسکو بیر جنت بولتے تھے اسکو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اکاون درہم کو خرید فرمایا تھا بعد اُسکے مخاطبین بلوائیوں سے کہا تم جانتے ہو کہ جب مسجد نبوی کثرت اہل اسلام سے تنگی کرنے لگی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی فلان خانہ خرید کر کے ہمیں ملا دے اُسکو اس سے بہتر در جنت میں ملیگا سو میں نے اُس گھر کو خرید کر کے مسجد میں داخل کیا اور تم مجھکو اُس مسجد میں نماز پڑھنے کو روکتے ہو بولے نعم راست و درست ہی پھر فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ حضرت رسول خدا صلعم و ابو بکر و عمر اور میں رضی اللہ عنہم کوہ ثبیر بفتح المثلثۃ و کسر الباء الموحدۃ و سکون التحتیۃ یعنی پہاڑ کہ یہ تھے دفعۃً پہاڑ نے حرکت کی یعنی خوشی سے کہ بعض پتھر اُسکے گرے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیر دھمک کر فرمایا اسکن ثبیر فانما علیک نبی و صدیق و شہیدان یعنی ٹھہر جا کہ تو ثبیر جز ایں نیست کہ تجھ پر پیغمبر و صدیق و دو شہید ہیں بلوائیوں نے کہا درست ہی تب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ اکبر ان لوگوں نے میری شہادت پر گواہی دی اور تین بار اسی کلام کو بآواز بلند فرما کر اپنے مقام پر تشریف لائے کلمہ اللہ اکبر بنا بر زیادتی مبالغہ ثبوت حجت میں بولتے ہیں اس حدیث میں شہیدان سے مراد شہید حقیقی ہیں کہ مقتول ہوئے ہوں زخم سے اور وفات پائی ہو قریب تر اثر جراحت سے نہ شہید حکمی پس وارد نہیں ہوتا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم و امیر المومنین ابو بکر بھی شہید ہیں اسلیے کہ سبب اُنکی موت کا عند البعض وہی اثر زہر قدیم کا تھا اخبار الدول میں ہی کہ ابو امامہ باہلی کہتے تھے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محبوس ہوئے تو میں بھی گھر کے اندر تھا سو میں نے سُنا کہ حضرت عثمان نے فرمایا قریب ہی کہ مجھکو قتل کریں اور میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ حلال نہیں ہوتا خون کسی مسلمان کا مگر تین سبب سے اول ارتداد دوم زنا بعد الاحصان سوم قتل نفس ناحق مگر ان اسباب ثلاثہ سے کوئی سبب مجھمیں پایا نہیں جاتا ہی پھر کیونکر مارینگے روایت ہی کہ جب حضرت امیر المومنین عثمان کو پیاس کی شدت ہوئی تو آنجناب نے جہت پر کھڑے ہو کر پوچھا علی مرتضیٰ تم میں ہیں بلوائیوں نے کہا علی مرتضیٰ نہیں ہیں

فرمایا سعد بن ابی وقاص ہیں بولے وہ بھی نہیں ہیں ناچار ساکت ہوئے پھر فرمایا بھلا کوئی ایسا بھی ہے کہ علی مرتضیٰ سے جا کر کہے کہ مجھے پانی پلائیں کوئی بھی نہ بولا لیکن جناب ولایت مآب کو خبر ہو گئی آنجناب نے ایک مشکیزہ ہر دو رانیے تین سبو چے آب شیریں و لطیف سے بھروا کر بھیجے بلوائیوں نے امیر المومنین تک پہونچنے نہ دیئے مگر ترجمہ صواعق محرقہ میں ہے کہ موالی بنی ہاشم و بنی امیہ نے کمال جد و جہد سے وہ پانی خلیفہ برحق تک پہونچایا ایک روایت سے ثابت ہے کہ جب حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کو اطلاع ہوئی کہ حضرت عثمان محاصرے میں ہیں اور بلوائیوں کا ارادہ شہید کرنے کا ہے تو آنجناب نے عمامہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سر سے باندھا اور تلوار ہاتھ میں لیکر بیرون دولتخانہ تشریف لائے اور حضرت حسنین جگر گوشگان رسول الثقلین صلوٰۃ اللہ علیہم کو پیش پیش کیا اور عبد اللہ ابن عمر وغیرہ اصحاب مہاجرین و انصار کو ساتھ لیا اور جانب خانہ حضرت عثمان تشریف لے چلے اور دروازہ حضرت امیر المومنین پر پہونچے اور گھر کے اندر ملاقات کر کے کہا السلام علیک یا امیر المومنین تم امام وقت ہو خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین امر سے ایک اختیار کر دیا تو اپنے گھر سے باہر نکل کر مقابلہ کرو کہ ہم بھی شریک ہیں خواہ دروازہ دوسری طرف توڑ کر مکہ معظمہ کو چلے جاؤ یا جانب شام معاویہ کے پاس تشریف لیجاؤ امیر المومنین نے کسی امر کو منظور نہ فرمایا بہر سہ سخن میں عناد اور وجوہ اور دلائل قویہ بیان فرمائے ناگزیر جناب امیر نے رجعت فرمائی اور صحیح یہ ہے کہ غیر وجہ شریف نے یہ کلام کیا ہے چنانچہ ترجمہ صواعق محرقہ میں لکھا ہے کہ سبب غیرہ نے تینوں سخن عرض کیے تو سخن اول کا جواب امیر المومنین نے یہ دیا کہ میں نہیں چاہتا ہوں کہ اول خون ریز مسلمان امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا میں ہوں اور سخن دوم کا یہ جواب دیا کہ میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے ہوئے کہ عدول کریگا ایک شخص کہ معظمہ میں نصف عذاب عالم کا اسپر ہوگا سو میں نہیں چاہتا ہوں کہ وہ شخص میں ہوں اور تیسری بات کا یہ جواب دیا کہ میں نہیں چاہتا ہوں کہ دار ہجرت و مجاورت رسول خدا ترک کر کے شام کی طرف جاؤں بالجملہ حضرت علی مرتضیٰ کا تشریف لیجانا بعد محاصرہ بروایات صحیحہ ثابت نہیں ہوتا لیکن آنجناب نے حضرت حسنین کو مع قنبر غلام کے اور طلحہ و زبیر وغیرہ اصحاب نے اپنے اپنے بیٹوں کو دروازے حضرت عثمان پر بھیجا اور تاکید شدید کر دی کہ بلوائی اوباش اندرون خانہ نہ گھسنے پائیں چنانچہ ان بہادروں نے در آویختہ سے باز رکھا تو بلوائیوں نے تیر اندازی شروع کی کہ روئے مبارک حضرت سبط اکبر نبی امام حسن علیہ السلام خون آلودہ ہو گیا اور مروان اندر گھر کے خروج ہو گیا اور محمد ابن ابی طلحہ بھی زخمی ہوئے اور قنبر مولا کا شیعہ خدا نے بھی سر پر چوٹ اٹھائی لیکن دخول خانہ سے باز رکھا محمد بن ابی بکر نے کہا کہ اوباش چالاک فتنہ انگیز تھا دیکھا کہ حضرت حسنین زدیدہ رسول الثقلین کے سبب سے بنی ہاشم فساد و فتنہ برپا کرینگے کام بگڑ جائیگا چالاکی کر کے دو مصریوں کو ہمراہ لے دوسری جانب سے ایک پروسی انصاری کے گھر میں ہو کر حضرت عثمان کی حویلی میں کود پڑا آنجناب اسوقت کلام اللہ پڑھتے تھے اور زوجہ عثمان نائلہ بیٹھی تھیں سو محمد بن ابی بکر نے ریش مبارک پر ہاتھ ڈالا حضرت امیر المومنین نے کہا یہ حرکت اگر تیرا باپ دیکھتا تو بد جانتا اسنے اپنا ہاتھ کھینچ لیا تب مصریوں نے شہید کیا بعد اسکے تینوں بلوائی مفتری فتنہ انگیز اسی راہ سے نکل گئے

تمام مصریون کا بعض کہتے ہین بادبن عباس و سودان ابن عمران اور بعضے عمرو بن الحمرو عمر بن صالی اور بعضے سودان و قشیر کہتے ہین اور بعضے کہتے ہین دونون مصری وہ تھے جنکے قتل کا اشارہ مروان نے کیا تھا اور بعضے اسود ینی کو بیان کرتے ہین و ہو الصحیح اور اسوقت سبب تنہائی حضرت خلیفہ ثالث کا یہ تھا کہ جو لوگ آپکے مملوک وغیرہ تھے وہ سب بیشت پر تھے اُنکو خبر نہوئی اور حضرت عثمان کی بی بی نے ہرچند شور و غل کیا لیکن حویلی بہت بڑی تھی اور دار الخلافہ مین شور و ہنگامہ اور مقابلہ ہو رہا تھا کسی نے آواز اُنکی نہ سنی آخر کار چھت پر چڑھین اور شہادت خلیفہ سے آگاہ کیا کہ دروازے سے لوگ اندر آئے بعد ازان حضرت علی کو اطلاع ہوئی وہ بھی مع طلحہ و زبیر و سعد بن ابی وقاص وغیرہ تشریف لائے اور تجمیع کرکے ایک طمانچہ حسن کے منہ پر مارکر چھاتی پر مارا اور محمد بن طلحہ اور عبد اللہ بن زبیر کو سخت سست فرماکر ارشاد کیا کہ یہ لوگ کسطرح گھر مین داخل ہوے جب کہ تم دروازے پر تھے پھر اُسی حالت مین مکان پر تشریف لائے لوگون نے یورش کی اور کہا کہ ہم تمسے بیعت کرتے ہین اپنا ہاتھ بڑھاؤ فرمایا مین شرم کرتا ہون کہ بیعت کرون قاتلان عثمان سے اور حیا آتی ہی اللہ سے کہ مین بیعت کرون اور عثمان دفن نہین ہوے ناچار سب چلے گئے اور پھر آئے تو فرمایا جسپر اہل بدر اتفاق کرینگے وہ خلیفہ ہوگا چنانچہ اول ہر رضا و رغبت اہل بدر نے بیعت کی بعد ازان اور لوگون نے اور مروان غیبت مع اپنے بیٹے کے مفرور ہوا اور آنجناب زوجہ عثمان کے پاس تشریف لائے اور پوچھا کسنے عثمان کو قتل کیا اُسنے عرض کیا کہ مین نہین جانتی ہون اتنا معلوم ہی کہ محمد بن ابی بکر اور دو شخص اور جنکو مین نہین پہچانتی گھر مین آئے پھر محمد کو طلب فرمایا اور اظہار زوجہ عثمان کا بیان کیا محمد نے کہا وہ سچ کہتی ہی واللہ مین دار عثمان مین گیا تھا اور قصد قتل رکھتا تھا مگر عثمان نے میرے باپ کا ذکر کیا تو مین نے توبہ کی واللہ مین نے نہین مارا زوجہ عثمان نے کہا یہ سچا ہی لیکن یہی شخص دو شخصون کو لیگیا تھا پس اور وہ دو شخص سودان بن حران اور قشیر تھے بروایت صحیحہ انھین نے شہید کیا اور غلامان عثمان نے اُنکو مارا کرمانی مین لکھا ہی کہ تاریخ ہیجدہم ہجہ بعد العصر روز جمعہ سال سی و پنج ہجری مین تلاوت قرآن شریف مین جب آیہ کریمہ فسیکفیکھم اللہ پر پہونچے تو او باشون نے شہید کیا اور اثاث البیت لوٹ لیا اور لاش پڑی رہی بلوائیون کے خوف سے دفن نہوئی شب شنبہ کو حبا و باش لوگ سوار ہے تو زبیر ابن العوام و حکیم بن حزام و مسور بن مخرمہ اور جبیر بن مطعم و ابو خثیم بن حذیفہ بدری اور ثیا بن مکرم اور عمرو بن عثمان نے خون آلودہ کپڑون مین بدستور شہدا بعد نماز جنازہ دفن کیا اور ایک روایت ہی کہ تین دن لاش پڑی رہی حضرت امیر المومنین کرم اللہ وجہہ اہل فتنہ سے اجازت لی اور جنت البقیع مین دفن کرنا چاہا بلوائیون نے روکا ناچار گورستان مسلمین اور جہودان مین دفن کیا امیر معاویہ نے اپنی حکومت مین ایک دیوار کھینچ کر مقبرہ مسلمین مین داخل کر دیا اور حضرت شیخ عبد الحق محدث جذب القلوب مین لکھتے ہین کہ ابن شیبہ نقل کرتے ہین کہ حضرت عثمان نے حضرت عائشہ صدیقہ سے اپنی حیات مین اجازت اپنے دفن کی حجرہ مبارک سید عالم مین لی تھی جب اُنکے دفن کا ارادہ کیا تو مصریون نے روکا اور نماز جنازہ بھی پڑھنے نہ دیتے تھے اور دفن کرنے سے قطعاً روکتے تھے ام المومنین ام حبیبہ یہ قصہ سنکر درہ از مسجد پر

اور فرمائے لگے کہ تم لوگ ہٹ جاؤ واللہ میں دفن کرونگی ورنہ میں باہر نکلی آتی ہوں اور کشف ستر رسول اللہ کرتی ہوں تب مفسد باز آئے اور اسی رات کو جسکے دن میں شہید ہوئے جبیر ابن مطعم وغیرہ اصحاب کرام نے جو اول بیان ہوئے ہیں لاش کو اٹھا کر بقیع میں لے گئے مفسدوں نے منع کیا آخر کو حسن کو کب میں لے گئے اور جبیر بن مطعم نے نماز جنازہ پڑھی اور اسی جگہ قبر کھود کر دفن کیا اور ایک دیوار قبر پر کر اگر انکے مدفن کو پوشیدہ کر دیا یہ حسن کو کب ایک جگہ ہے بقیع سے باہر بطور بستان پورب طرف امان بن عثمان کا وہاں لوگ دفن کرنے سے کراہیت کرتے تھے نقل ہے کہ ایک روز حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس جگہ کھڑے تھے اور فرماتے تھے کہ ایک دھالے ہلاک ہوگا اور یہاں دفن کیا جائیگا اس حجت سے یہ جگہ آدمیوں کو مانوس ہو جائیگی پس اول جو شخص وہاں دفن ہوا حضرت عثمان تھے بعد ازاں مروان نے کہ حکومت معاویہ میں عامل مدینہ تھا اس جگہ کو بقیع میں داخل کیا اور جس پتھر کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر بطور علامت رکھا تھا اور فرمایا تھا کہ انا جعلنا للمتقین اماما اسکو اٹھا کر حضرت عثمان کی قبر پر رکھ دیا اور حکم دیا کہ لوگ انھیں گرد ہیں مردوں کو دفن کیا کریں، روایت ہے کہ ایام محاصرے میں اکثر اصحاب مہاجر اور انصار اور موالی حضرت عثمان اجازت مقاتلہ اہل بغی و طغیان چاہتے تھے مگر حضرت عثمان نے اجازت نہ دی مدت خلافت بارہ برس کی مقدر تھی اور عمر بیاسی برس کی از روے کتب جامع تواریخ و نیز دیگر تواریخ دریافت ہوتی ہے کہ حضرت ذی النورین رضی اللہ عنہ کی حالت اسلام اور کفر میں آٹھ بیبیاں ہوئیں حضرت رقیہ بنت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ام کلثوم بنت حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم فاختہ بنت مروان ام عمرو بنت جندب فاطمہ دختر ولید ام البنین دختر عتبہ نائلہ دختر سعید فاختہ دختر عبد الغزی اور اولاد ذکور گیارہ عمرو عبد اللہ اکبر عبد اللہ اصغر ابان خالد سعید عنبسہ ولید عنبسہ معیرہ عبد الملک اور اولاد اناث چھ مریم ام سعید عائشہ ام العیال ام عمرو ام البنین اور عمال کی تفصیل یہ ہے عبد اللہ حضرمی مکہ معظمہ میں قاسم بن ربیعہ طائف میں مغلی بن امیہ یمن میں عبد اللہ عامر بصرہ میں ابو موسیٰ اشعری کوفہ میں معاویہ بن ابو سفیان دمشق میں عبید اللہ بن خالد حمص میں علقمہ بن الحکم فلسطین میں شعث بن قیس آذربائجان میں صائب بن اقرع اصفہان میں بشیر بن امیہ ہمدان میں سعد بن قیس ری میں احنف خراسان میں زید بن ثابت قاضی مدینہ منورہ ابو ہریرہ قاضی مکہ مکرمہ ابو درداء قاضی شام رضی اللہ عنہم مروان کاتب صاحب شرط عبد اللہ بن معتد تمیمی رضی اللہ عنہ یہ سب اٹھارہ ہوتے ہیں چوتھے حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب رضی اللہ عنہ آنجناب ولایت مآب خلیفہ چہارم ہیں نکو سبب وجیہ سیدہ النساء حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی شرف مصاہرت حاصل ہوا ئمہ حدیث کے نزدیک تولد آپکا کعبہ میں ہوا ہے اہل تحقیق کے موافق تاریخ تیرھویں رجب یوم جمعہ تھا اور واقعہ اصحاب فیل سے تیس برس گذرے تھے اتدنون ابو طالب سفر میں تھے آپکی والدہ فاطمہ بنت اسد بن ہاشم نے نام اسد رکھا اسی کے معنوں پر آپکو حیدر کہتے ہیں چنانچہ خود حضرت شیر خدا رجز میں فرماتے تھے انا الذی سمتنی امی حیدر یعنی امی حیدر جب ابو طالب سفر سے آئے تو علی نام رکھا اور جب ولایت مآب چلنے پھرنے لگے تو ابو طالب کے ایما سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہنے لگے اور جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خلعت نبوت پہنایا گیا [illegible] کے نزدیک ولایت آپ

دس خواہ بارہ برس کے تھے اور صحیح یہ ہے کہ سات برس کے تھے جسوقت حضرت محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نبوت ظاہر کی
حضرت یعسوب المسلمین سرور اولیا نے بلا تامل قبول کی صحیح یہ ہے کہ دوشنبہ کو حضرت سرور کائنات نبی ہوے اور منگل کو آپ ایمان لائے
مناقب مرتضوی کے بیان سے زبان قلم قاصر اور ادراک اہل ادراک اُسکے دریافت سے عاجز آنجناب باتفاق اہل کشف اور کرامت
اور باجماع اہل فنا اور بقا سرور اولیا ہین قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے سیف المسلول مین لکھا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے
خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے تک حاصل ہونا منصب ولایت کبریٰ کا منحصر فیض اقدس روح پاک علی مرتضی کے
رہتا چلا آیا ہے اور اب وہ منصب روح پاک حضرت غوث الثقلین شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق ہے اور تا ظہور
حضرت امام مہدی علیہ السلام اسی طرح رہیگا الغرض مناقب بقول ائمہ حدیث حضرت ولایت مآب کے بکثرت ہین کہ اور کسی کے
حق مین نہین منجملہ متواترات یہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علی منی وانا منہ یعنی علی مجھسے ہے اور مین علی سے ہون
شاید مراد یہ ہے کہ علی کا کمال مجھسے ہے اور میرا کمال علی کے سبب سے عالم مین ظاہر ہوگا اور باقی رہیگا اور میری اولاد اسی سے
چلیگی پھر فرمایا اللھم ال من والاہ وعاد من عاداہ یعنی جو اُنسے محبت رکھے تو اُس سے محبت رکھنا اور جو انسے عداوت رکھے تو
اُس سے عداوت رکھنا یہان سے ظاہر ہوا کہ محبت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مسلمان کا ایمان ہے اور عداوت موجب کفر و خذلان
اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ یعنی میری و علی کی موالات ایک ہی ہے جسکو اُنسے موالات نہین ہے اُسکو مجھسے بھی نہین ہے پس جسطرح
بدون موالات مصطفوی ولایت الٰہیہ کا حاصل ہونا محال ہے اُسی طرح بدون ولاے مرتضوی بھی وہ ولایت نہین حاصل ہو سکتی
از انجملہ فرمایا کہ علی سے محبت رکھنا ایمان کی علامت ہے اور بغض رکھنا علامت نفاق ہے چنانچہ جامع ترمذی مین ابو سعید خدری
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم گروہ انصار اسی بات سے منافقون کو پہچانتے تھے کہ وہ علی مرتضی سے بغض رکھتے تھے یعنی حضرت
سرور کائنات سے جو انکو بغض تھا کھلتے نہین پاتا تھا مگر علی مرتضی کی نسبت انکا خبث باطن کچھ کھل بھی جاتا تھا از انجملہ حضرت نے فرمایا
کہ جو چیز مین نے اپنے لیے خدا سے مانگی وہ علی مرتضی کے واسطے مانگی از انجملہ فرمایا کہ مسجد مین بحالت جنابت کسی کو آنا نہین درست مگر
مجھکو اور علی مرتضی کو یعنی طہارت حقیقیہ و حانیہ اتنی غالب تھی کہ بجاست حکمیہ بدنیہ کے احکام مغلوب ہو گئے تھے از انجملہ فرمایا انا مدینۃ العلم
و علی بابہا یعنی میرا تقرب باطنی بلا تقرب علی مرتضی کے کسی کو حاصل نہوگا از انجملہ فرمایا کہ مجھے وحی ہوئی کہ علی ابن ابیطالب قائد الغر المحجلین ہے
یعنی عالم میری امت کا کھینچ لانے والا ہے جنت مین اور امام المتقین و سید المومنین ہے از انجملہ فرمایا کہ علم میرا جسکے پیچھے قیامت کو آدم اور اولاد آدم
ہوگی علی مرتضی کے ہاتھ مین ہوگا از انجملہ مستدرک حاکم مین ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ آنحضرت ایک دن جناب سیدہ کے گھر
تشریف لائے علی مرتضی سوتے تھے آپ نے جناب سیدہ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ مین اور تو اور یہ جو سوتا ہے اور حسنین قیامت کو ایک ہی
مکان مین ہونگے از انجملہ جامع ترمذی مین ہے کہ آنحضرت نے ایک دن حسنین علیہما السلام کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جسکو مجھے اور ان دونون سے
اور انکے والدین سے محبت ہوگی وہ قیامت کو میرے پاس ہوگا از انجملہ یہ کہ حضرت فاروق اعظم دعا مانگا کرتے تھے کہ الٰہی ایسا نہو کہ
کوئی مشکل آ پڑے اور علی ابن ابیطالب میرے پاس نہون یہان سے ظاہر ہے کہ علی مرتضی کا لقب مشکل کشا حضرت عمر کے کلام سے نکالا گیا ہے

جسکا ظہور اب تک چلا آتا ہو از انجملہ حضرت عمر نے اکثر فرمایا کہ لولا علی لہلک عمر از انجملہ مستدرک حاکم مین روایت ہو کہ آنحضرت نے فرمایا
النظر الی وجہ علی عبادۃ از انجملہ ابوہریرہ سے روایت ہو کہ جناب سیدہ نے زمانۂ مناکحت کے بعد آنحضرت کے حضور مین عرض کیا کہ مفلس آدمی سے
آپ نے میرا سابقہ کیا حضرت نے فرمایا کیا تو خوش نہین اس بات سے کہ اللہ تعالے نے برگزیدہ کیا تمام دنیا سے زمین سے تیرے باپ کو
اور تیرے شوہر کو از انجملہ حاکم نے احمد ابن حنبل سے روایت کی ہو کہ ما جاء لاحد من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الفضائل
ما جاء لعلی بن ابیطالب جب عمر شریف ستائیس یا اٹھائیس برس کی پہونچی تو ہجرت نبوی سے تیسرے یا دوسرے سال آپکی شادی جناب بضعۃ الرسول
سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا علیہا السلام کے ساتھ ہوئی کہ حال تفصیلی اسکا ذکر حضرت فاطمہ مین لکھا گیا ہو اور تھے آنجناب میانہ قد اور
رنگ مبارک گندم گون اور سے سبزہ رنگ اور نزدیک سے سرخ و سفید معلوم ہوتے تھے قدمین فی الجملہ قصیر تھے اور کشادہ دہن بدن
بال بکثرت اور چہرہ روشن بزرگ جسم عظیم البطن خندہ دہن ہجو ما ہ لیلۃ البدر آنکھین بڑی بڑی نہایت روشن سیاہ اور ریحیہ شریف
مثل لحیہ مبارک حضرت سرور کائنات انبوہ تھی ضرورت خضاب کی نہین ہوئی مگر کبھی کیا بھی ہو اور کلائیان اور ہاتھ زبردست اور آور
جسکو پکڑ لیتے وہ سانس نہ لے سکتا تھا اور بدن مبارک گٹھا کسا ہوا جیسا محبوب رب العالمین کا بدن اقدس تھا اور رفتار شریف
مشابہ رفتار رسول اللہ یعنی قدم جمائے چلنا اور چال مین صفائی معرکہ کارزار مین بہت ہی سرعت و چستی سے چلتے اور دل بہت قوی رکھتے
اور جو آپکا سامنا کرتا اُسپر آپ ہی غالب آتے اور کسی کی کچھ پروانہ رکھتے اور اپنے ارادے و اعیہ کے گذرنے مین کبھی نہ ڈرتے
اور شدت گرما اور شدت سرما دونون آپکی نسبت برابر تھے اگر چاہتے تو گرمیون مین لباس سرما پہنتے اور اگر چاہتے تو جاڑون مین
لباس گرما القاب آنجناب حضرت سوا خدا کے مقرر کیے ہوے بہت ہین از انجملہ سید یعنی اولیاء کاملین کے سردار اور افسر اور یعسوب المسلمین
یعنی بادشاہ ان لوگون کے جنسے شہد فیض غیب کی بندگان خدا کو پہونچتی ہو اور بیماران دل کو اُنسے شفاے کلی حاصل ہوتی ہو اور اسد اللہ
یعنی راہ حق مین کسی سے نہین ڈرتے اور اُنسے بھڑتے ہین اور ابو تراب یعنی خاکساران راہ خدا کے بہدرد و مہربان اور مظہر عجائب اور غرائب
اور جناب ولایت مآب جتنا اس لقب سے خوش ہوتے تھے اُتنا اور لقب سے نہین جسطرح آنحضرت لقب اُمی سے مسرور ہوتے تھے اس لقب کا
شان نزول بخاری شریف اور مسلم وغیرہ سے یون ظاہر ہوتا ہو کہ ایک دن حضرت سید المرسلین خاتون جنت کے گھر مین جلوہ فرما ہوے اور
علی مرتضی کو پوچھا جناب سیدہ نے عرض کیا کہ مجھسے غصہ ہو کر باہر چلے گئے ہین اور جہان قیلولہ نہین کیا جناب رسالت مآب نے دریافت کروایا
تو معلوم ہوا کہ مسجد مین سوتے ہین آنجناب تشریف لائے دیکھا کہ حضرت شیر خدا یونہین خاک پر جہان گچ ہو نہ بوریا کروٹ لیے سوتے ہین
اور چادر گری ہوئی اور بدن مبارک خاک آلودہ ہو رہا ہو حضرت نے فرمایا قم یا ابا تراب اُسی دن سے یہ کنیت ہو گئی بعضا اہل تحقیق اس نام مین
اشارات دقیقہ نکالتے ہین چنانچہ فقیر نے اپنے بزرگون سے سُنا ہو کہ درویشی چیست خاکیست بیختہ و آبے بر و ریختہ نہ کف پا را باد دہد
و نہ پشت پا را ازو گردے اور حضرت جو اس لقب سے خوش ہوتے تھے اُسکی وجہ یہ معلوم ہوتی ہو کہ یہ مرتبہ کمال عبودیت کا ہو اور عبودیت مین
جسقدر کمال ہوتا ہو اُسی قدر تجلیات الٰہیہ کا اُسمین ظہور کامل ہوتا ہو پس ابو تراب یعنی اصل فنا ہوا اور حضرت امیر اصل و مرجع
و منتہی سلاسل فقرا ہین شیخ محمد بکری بعضے حالات مین فرماتے تھے سبحان اللہ آدم من التراب و علی ابو التراب اور ایک لقب آپکا

ذوالاذن الواعیہ ہے یعنی صاحب گوش شنوا کہ شان نزول اسکا قصہ حضرت نوح میں بیان کیا گیا ہے اسی طرح لقب آپکا امین و شریف
ہادی مہدی و ابوالریحانین بھی ہے الغرض مناقب و مناصب اور عجائب و غرائب اور کثرت علم اور ورع اور زہد اور تقوی اور وفور شجاعت
آنجناب اشہر و اظہر من الشمس ہے طاقت بیان نہیں ہے اول خلیفہ ہاشمی آنجناب ہیں اول من اسلم من الصبیان ولایت مآب چنانچہ
بروز دوشنبہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث بہ نبوت ہوئے اور سہ شنبہ کو آپ ایمان لائے اور کسی غزوہ میں حضرت سے علیحدہ نہیں ہوئے مگر
تبوک میں کہ اندنوں خلیفہ مدینہ تھے اور اکثر غزوات میں علم محمدی آپکے پاس رہا ہے کما ورد احمد فی المناقب اور بہادری آپکی غزوہ خیبر میں
اور جنگ خندق اور احد میں دیکھنا چاہیے اور پانسو چھیاسی حدیث کی روایت آنجناب سے ہے اور خاتم مبارک چاندی کی تھی اور آپ سریر الملک الہند
کندہ تھا جسدان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اسکے صبح کو آنجناب خلیفہ ہوئے اور جمیع اصحاب مدینہ نے بیعت کی مگر طلحہ و زبیر نے بیعت بالطوع
و رغبت کی تھی بعد اسکے جانب مکہ گئے اور حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ کو ہمراہ لیکر جانب بصرہ آئے اور خون حضرت عثمان کے وعیدار ہوئے
کہ حضرت امیر المومنین اس خبر کو سنکر جانب عراق تشریف لے چلے اور طلحہ و زبیر و عائشہ رضی اللہ عنہم سے ملاقات ہوئی یہی واقعہ جمل ہے
اور طلحہ و زبیر شہید ہوئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس خطا سے تائب ہوئیں یہ معاملہ سال چھتیس ہجری میں واقع ہوا اور اس معرکہ میں
تیرہ ہزار روی مارے گئے پھر پندرہ دن ولایت مآب نے بصرے میں اقامت فرمائی بعد ازاں کوفے میں تشریف لائے پھر معاویہ
ابن ابی سفیان نے شام سے خروج کیا یہ خبر سنکر آنجناب بھی اسکی طرف تشریف لے چلے صفین میں لڑائی ہوئی یہ واقعہ سنہ سینتیس ہجری میں ہوا
اسی معرکہ میں عمرو ابن عاص نے از روے کید قرآن شریف کو درمیان میں کیا تب لڑائی بند ہوئی اور صلح ہو گئی اور جانب حضرت علی مرتضی سے
ابو موسی اشعری اور طرف معاویہ سے عمرو ابن عاص حکم ہوئے انھوں نے فیصلہ کر دیا کہ معاویہ شام کو گیا اور حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین
اسد اللہ الغالب کوفے میں جلوہ فرما ہوئے پس ازاں خوارج نے خروج کیا کہ فساد اتنے کے کتب سیر میں مذکور ہیں علامہ سیوطی نے تاریخ خلفا میں
لکھا ہے کہ تین خارجیوں نے مکہ معظمہ میں عہد و پیمان باہم کیا کہ ہم تین شخصوں کو قتل کرینگے عبدالرحمن ابن ملجم ملعون نے کہا کہ میں علی ابن ابیطالب کو
شہید کرونگا اور برک ابن عبداللہ تمیمی نے کہا میں معاویہ ابن ابی سفیان کو مارونگا اور عمرو ابن بکر تمیمی نے عہد کیا کہ میں عمرو ابن عاص کو
قتل کرونگا چنانچہ برک نے تلوار معاویہ کے ماری ورک میں لگی اور عرق نکاح کٹ گئی کہ پھر اولاد نہ ہوئی اور عمرو ابن بکر عمرو ابن عاص کے مارنے کو
مسجد میں آیا لیکن عمرو ابن عاص کے رات کو درد پیٹ میں ہوا کہ وہ نماز صبح کو نہ آیا ایک مردنی تمیم نے نماز پڑھائی عمرو ابن بکر نے اسی کو مار ڈالا
اور ابن ملجم ملعون نے حضرت ولایت مآب کو شہید کیا کذا فی اخبار الدول و قصہ شہادت کا یوں واقع ہوا کہ عبدالرحمن مرود کہ درحقیقت عبد الشیطان تھا
ایک عورت مسماۃ قطام خارجیہ پر جو کہ حسن صورت و خبث سیرت میں فتنہ روزگار تھی عاشق ہوا اور بایں قصہ کا جنگ نہروان و برد و اتنے
بھائی بھی خوارج ولایت مآب کے ہاتھ سے مارے گئے تھے اسکو دماغ تھا جب یہ ملعون بخبث باطن شقیہ و فریفتہ ہوا اور پیغام سلام و وصال کا
ہونے لگا اسنے کہا کہ تو ایک فرمائش میری بجا لا تو سر چشمہ وصال سے سیراب ہو اور وہ فرمائش اس محراب سے صفر افزا ہے کہ علی مرتضی خلیفہ رسول خدا کو
قتل کر یہ معین اس امر خطیر پر مستعد ہو گیا اور اس قطامہ نے اپنے ابن عم وردان نامی خارجی کو بھی ابن ملجم کا رفیق کیا اور ابن ملجم نے ایک اور اپنے
ہم مذہب شبیب ابن عجزہ اشجعی کو ہمداستان کیا اور باہم مشورہ کرنے لگے شبیب نے کہا کسکا مقدور ہے اور کون ایسا دل و جگر رکھتا ہے جو علی پر

ہاتھ ڈالے انکی ہیبت و جلال سے شجاعان عرب کانپتے ہیں ابن ملجم نے کہا وہ تو بیکسوں کی طرح رہا کرتے ہیں اور اندھیرے میں مسجد میں آیا کرتے ہیں
انکے حضور میں دربان چوکی پہرہ نگہبان کچھ بھی نہیں رہتے انکو مارڈالنا کتنی بڑی بات ہے الغرض ابن ملجم نے ایک تلوار ہزار درہم کو مول لی
اور اسکو زہر آلود کروائی ایک شخص نے پوچھا کیسوا سطے اسنے فراغیظ میں کہا ڈالا کہ اس سے مارا جانا منظور ہے اس شخص کا جسکی داستان عرب و عجم میں
مشہور ہیں لوگ سمجھ گئے بعضوں نے جناب ولایت مآب کے حضور میں خبر پہونچائی آپ نے خود بھی مژدۂ وصال کے شوق میں پوچھ بھیجا کہ تو نے تلوار کیوں
زہر آلودہ کروائی ہے اسنے کہلا بھیجا کہ اپنے اور تمہارے دشمن مارنے کو پھر آنحضرت نے کچھ تعرض نہ کیا یا جرار مضان شریف میں ہوا و جناب مرتضوی
اس مضان میں ایک روز حضرت امام حسن کے دولتخانہ میں روزہ افطار فرماتے اور ایک روز حضرت امام حسین کے گھر اور ایک روز عبداللہ ابن جعفر
طیار کے یہاں اور تین چار لقموں سے زیادہ تناول نہ کرتے اور ہر وقت یہ معلوم ہوتا تھا کہ آپ آمادۂ سفر ہیں اور تاریخ نہضت کی آپکو انتظار ہے
اور ابن ملجم کوفے میں جب آیا تو کبھی کبھی جناب امیر کے حضور میں بھی آتا اور بیت المال سے کچھ مانگ بھی لیجاتا تھا اور آنجناب بعض اوقات
فرماتے تھے کہ جسکو رسول اللہ نے اس امت کا اشقی الناس کہا ہے وہ یہی ابن ملجم ہے چنانچہ ایک دن آپکے حضور سے کچھ مانگ کر لے چلا اسوقت
آپ نے فرمایا کہ واللہ میرا قاتل یہی ہے جانثاروں نے عرض کیا کہ اگر حکم دیجیے تو ہم اسے مار ڈالیں حضرت نے فرمایا کہ اگر وہ مارا جائیگا
تو مجھے کون مارے گا اور فرمایا کہ قبل وقوع جرم سزا دینی نہیں ہو سکتی اور بعض اوقات شوق شہادت سے فرماتے کہ کون چیز مانع ہے میری
داڑھی کے خون سے رنگنے والے کو کوئی آتا نہیں اور کبھی فرماتے کمال تمنا سے کہ وہ دن کون ہوگا کہ بدبخت ترین اس امت کا اپنا کام
تمام کرے یہ اشارہ اسطرف ہے جو کہ مسند امام محمد وغیرہ کتب معتمدہ حدیث میں وارد ہے اور مسند امام احمد اور مستدرک حاکم میں عمار ابن یاسر سے
مروی ہے اور ابو یعلی و طبرانی نے عثمان ابن حبیب دمی اور خود جناب امیر سے اور جابر ابن سمرہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے کہ جناب
رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کئی بار فرمایا کہ اگلی امتوں سے بڑا بدبخت مرد سرخ رنگ قدآور ابن سالف تھا جسنے ناقہ صالح
علیہ السلام کو پے سر کیا یعنی کوچے اسکے کاٹ ڈالے اور اس امت میں بڑا بدبخت وہ شخص ہے جو محاسن یعنی ریش علی مرتضیٰ کو خون سے
آلودہ کریگا یعنی انکو شہید کریگا چونکہ حضرت ولایت مآب کو اپنی شہادت پر حسب ارشاد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم یقین واثق تھا لہذا
شب نوزدہم مضان شریف آنجناب بار بار اٹھ اٹھ آسمان کو دیکھتے اور فرماتے تھے کہ واللہ میں نے جھوٹ نہیں کہا اور نہ مجھسے کہنے والے
نے جھوٹ کہا ہے یہی رات ہے جسکا مجھسے وعدہ ہے حضرت امام حسن علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس رات کو جناب ولایت مآب فرماتے تھے کہ آج کی
رات میں نے پیغمبر خدا کو دیکھا کہ میرے منتظر ہیں اور ترجمہ صواعق میں ہے کہ حضرت امیر نے فرمایا حسن سے کہ آج کی رات میں نے حضرت صلعم کو خواب میں
دیکھا اور جو کچھ اس امت سے مجھے پہونچا تھا بیان کیا حضرت نے فرمایا انکے حق میں دعا کر اللھم ابدلنی بھم خیرا الی منھم و ابدلھم لی شرا لی منی یعنی بارخدایا
بدل دے انسے بہتر مجھکو اور بدل دے میرا ایسا شخص جو مجھسے بدتر ہو انکی نسبت اور جب صبح صادق یا کاذب نمودار ہوئی تو جناب سلطان
ولایت گھر سے باہر تشریف لانے لگے دہان لبطین تھیں وہ خلاف معمول چلانے لگیں آنجناب نے فرمایا کہ میرے فراق میں چلاتی ہیں
پس جو ہیں شاہ ولایت گوہر دریائے نبوت آفتاب برج رسالت حامل عمدۂ شہادت الصلوٰۃ کہتے ہوئے لوگوں کو نماز کے واسطے جگاتے ہوئے
برآمد ہوئے شبیب ملعون گھات میں لگا تھا آپ پر ہاتھ چلایا مگر تلوار ستون پر پڑی ٹوٹ گئی اور وہ بھاگ گیا اور گھر میں پہونچا

ایک مرد بنی امیہ نے اسکو اسی وقت قتل کیا اُسی ستون کی آڑ میں ابن ملجم خارجی مردود لعنۃ اللہ علیہ کھڑا تھا اُسنے تلوار چلائی کہ سر مبارک پر
اُس مقام پر لگی جس جگہ عمرو ابن عبدود کے ہاتھ کا زخم تھا جناب شیر خدا نے بفور ارشاد کیا فزت برب الکعبۃ یعنی میں بخدا اپنی مراد کو
پہونچا اور بعض روایات میں ہے کہ میں نماز میں اُسنے تلوار ماری بالجملہ اُسکو مجروح اُٹھالائے اور مسجد کے لوگوں نے کہ آواز پر سے بھاگے تھے
ابن ملجم کو گرفتار کر لیا اور بعد تجہیز و تکفین جناب امیر علیہ السلام اُسکے ہاتھ پیر کاٹ کے جلا دیا لعنۃ اللہ علیہ علی سبیل التعجیل اخبار الدول
اور آنجناب جب مجروح گھر میں جلوہ فرما ہوے تو حضرت حسنین علیہما السلام کو بلا کر فرمایا کہ تقوائے الٰہی پر مضبوط رہنا اور دنیا کی طرف
متوجہ نہونا اور دنیا کے نقصان سے آزردہ خاطر نہونا اور بیکسوں سے شفقت کرنا اور حق بات میں کسی کا خوف نہ کرنا اور محمد ابن حنفیہ کی
نسبت بھی فرمایا کہ تو بھی یہ نصیحت یاد رکھنا اور ان دونوں بھائیوں کی تعظیم و توقیر بہت کرنا یہ پیغمبر کے نواسے ہیں پھر آپ مصروف
بہ تہلیل و تسبیح ہوے اگرچہ زخم کاری تھا مگر زہر نے اثر کیا کہ اکیسویں رمضان شب یکشنبہ اس عالم ناپایدار سے نعشت فرمائے حظیرۃ القدس ہوے
اور بعض مؤرخین نے لکھا ہے کہ سترھویں رمضان سنہ چالیس کو مجروح ہوے اور اُنیسویں کو جلوہ فرماے فردوس برین ہوے مگر اکیسویں رمضان
سنہ چالیس ہجری اصح ہے اور حضرت حسنین علیہما السلام و عبد اللہ ابن جعفر نے غسل دیا اور محمد ابن حنفیہ نے پانی ڈالا اور وہ حنوط جو حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل سے باقی تھا حضرت امیر کے کام میں لگا اور تین کپڑوں سے کفن دیا جسمیں قمیض نہ تھا اور حضرت امام حسن نے
سات تکبیروں سے نماز پڑھی اور جسم شریف کو نجف اشرف میں جسکو نجف الجبرہ بولتے ہیں اور کوفے سے نزدیک مسجد جامع سے ایک فرسنگ
جبرۃ النعمان کی راہ میں ہے دفن کیا اور مزار شریف کو بے نشان کر دیا تاکہ فرقۂ ملعونہ خارجیہ کسی طرح کی بے ادبی نہ کریں اور بعض اکابر سے
مروی ہے کہ ہمنے جناب امام حسین علیہ السلام سے پوچھا کہ جناب قنبری کو کہاں دفن کیا آپنے فرمایا کہ ہمنے کوفے سے ایک فرسنگ نجف الجبرہ میں
دفن کیا اور قبر شریف کو مواضع آپکی وصیت کے چھپا دیا ظاہر اس وصیت کی وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ جناب ولایت مآب کو جس جہت سے
ابو تراب لقب اپنا خوش آیا تھا اُسی سبب سے اپنی گمنامی یہاں تک پسند آئی کہ قبر کو بھی بے نام و نشان کر دینے کا حکم دیا چنانچہ اُسی اثر
سے ہوا کہ خداوند تعالے نے اُس مزار کو ایسا کر دیا کہ اُسکی زیارت منجملہ اقتضاے مرادات اولیا اللہ ہوگئی اور مردان خدا کا مرکز و قرارگاہ
اور روضہ شاہ ولایت کمال عظمت و تزئین میں ہے اور اب وسط شہر نجف اشرف میں واقع ہے کیونکہ زمان سابق میں کوفہ آباد تھا اور نجف
بیرونجات میں واقع تھا فی الحال عمارات کوفے سے کچھ بھی باقی نہیں ہے مگر وہ مسجد جسمیں جناب امیر مجروح ہوے تھے برقرار ہے اور مقتل سے
تا مدفن ایک فرسنگ ہے اور محراب مومن بخط جلی لکھا ہے کہ ہذا مقتل امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ نقل ہے کہ یہ مسجد حضرت نوح کی
بنوائی ہوئی ہے اور بعض متاخرین اہل سیر نے لکھا ہے کہ وہاں کے لوگ کہتے ہیں کہ حضرت نوح اور آدم علیہما السلام کی قبر بھی اسی گنبد میں ہے
لیکن مرقد ان دونوں بزرگوں کے ظاہر نہیں ہیں عمر جناب ولایت مآب کی ترسٹھ برس کی ہوئی اور بعضے کہتے ہیں کہ وقت شہادت
آنجناب چونسٹھ برس کے تھے اور بعضے کہتے ہیں پینسٹھ برس کے تھے اور بعضے کہتے ہیں کہ آنجناب وقت شہادت اڑسٹھ برس کے تھے مگر
صحیح و معتمد علیہ یہ ہے کہ وقت شہادت ترسٹھ برس کے تھے اور مدت خلافت چار برس نو مہینے ایک دن اور مدت اقامت مدینہ چار ماہ بعد از ان
جانب عراق نہضت فرما ہوے اور انیس سنہ یہ خدمت میں تھیں اور جناب ولایت مآب کے سولہ بیٹے اور اسی قدر بیٹیاں ہوئیں

اور بعضے اہل سیر نے اُنیس ۱۹ رجال بیان کیے ہین مگر از روے تحقیق بعضے اہل سیر واضح ہو کہ آپکی بیبیان نو تھین اور اُنسے پندرہ لڑکے اور سترہ لڑکیان ہوئین جملہ ازواج رضی اللہ عنہن حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کہ آپکی حیات مین حضرت امیر نے دوسرا نکاح نہین فرمایا دوسری ام البنین بنت حزام تیسری اسما بنت عیس چوتھی ام حبیب بنت ربیعہ پانچوین امامہ بنت ابی العاص چھوین خولہ بنت جعفر ساتوین حبابنت امرالقیس آٹھوین لیلی بنت مسعود نوین ام سعید بن بنت عمر اور نام اولاد ذکور یہ ہین حسن حسین محسن علیہم السلام عبداللہ عثمان جعفر عبیداللہ ابوبکر یحیی عون محمد اکبر مشہور بمحمد حنفیہ عمر و محمد الاوسط محمد الاصغر عباس چنانچہ حضرت حسنین علیہما السلام اور محمد بن حنفیہ و عباس اور عمر سے نسل ہوئی ہو اور نام صاحبزادیون کے یہ ہین زینب ام کلثوم رقیہ حضرت فاطمہ سے اور رملہ ام ہانی میمونہ ام الحسن ام کلثوم صغرے زینب صغرے فاطمہ امیہ خدیجہ ام الکرام ام سلمہ رحمانہ نفیسہ ام جعفر سوانح عجیبہ سے یہ ہو کہ حضرت ولایت مآب کی شہادت کے روز ہر سنگ بیت المقدس کے نیچے سے خون نکلتا تھا حضرت استاد الاستاد مولانا عبدالعزیز قدس سرہ لکھتے ہین کہ وجہ اسکی یہ معلوم ہوتی ہو کہ حضرت علی مرتضی کی وفات سے خلافت نبوت کی منقطع ہوگئی تو گویا قائل انکا جمیع الانبیاء بیت المقدس کا قاتل ہوا کیونکہ قوم بنی اسرائیل کی نبوت حضرت عیسی علیہ السلام کے چلے جانے سے منقطع ہوئی اور بنی اسمعیل کی نبوت ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے جاتی رہی صرف خلافت جانشینی باقی تھی سو بروز شہادت جناب امیر منقطع ہوئی چنانچہ آنجناب کی شہادت کا حال جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سنا تو فرمایا اب عرب کے لوگ جو چاہین سو کرین کیونکہ اب کوئی مانع نہین رہا اگر کوئی شبہہ کرے کہ اسوقت تک اکثر اصحاب ائمہ موجود و محو حفظ و اصلاح مین مشغول تھے پھر کسطرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات فرمائی تو جواب اس شبہہ کا یہ ہو کہ اگرچہ اکثر اصحاب ائمہ موجود تھے اور بے تکلف افعال غیر مشروعہ سے مانع تھے لیکن امر و نہی انکا اور دیانون کے ارشاد اور عالمون کے نصائح کے طور پر واقع ہوتا تھا اور حضرت امیر المومنین کا حکم حضرت مصلح کے حکم کے مانند تھا اس وجہ سے حضرت عائشہ صدیقہ نے اسطرح فرمایا اگر کسی کو شبہہ ناشی ہو کہ قدار ابن سالف کی حرکت سے تمام فرقہ ثمود ہلاک ہوا اور ابن ملجم ملعون کی حرکت سے اس امت کو کسی طرح کا آسیب نہین پہونچا پس اس شبہہ مین فرق کیسا ہی حل اس شبہہ کا یہ ہی کہ ان دونون مین فرق دو وجہ سے ہی ایک یہ کہ ہلاکت ناقہ صالح علیہ السلام اکثر لوگ فرقہ ثمود کے راضی تھے چنانکہ بعد وقوع واقعہ قتل سب لوگون نے ناقہ صالح کا گوشت باہم تقسیم کرکے کھایا اور اس امت مرحومہ کے اکثر بلکہ سب اس حرکت سے ناراض ہو کہ اسوقت سے آج تک ابن ملجم ملعون پر نفرین و لعن کیا کرتے ہین دوسرے یہ کہ بعد ہلاکت ناقہ اُسکا بچہ بھی غائب ہوگیا اور بعد شہادت جناب ولایت مآب کرم اللہ وجہہ اولاد کرام علیہم السلام انکی باقی رہی اور اُس نور مرتضوی کا ہمیشہ ایک شخص حامل پیدا ہوتا رہا کہ امام وقت ہوا اور اسی باعث سے اس امت کو حرمان اس نور سے نصیب نہین ہوا گو کہ ہیئت وجدانیہ کمالات برہم ہوئی اور بحسب استعداد متفرق یعنی ہر چند کہ وہ ہیئت اجتماعیہ گئی لیکن وہ نور متفرق منتشر ہو کے حسب استعداد ہر فرقے مین اہل خیر و صلاح سے قائم رہا ان وجوہ سے یہ امت اسطرح کے عذاب سے محفوظ رہی حضرت استاد الاستاد فرماتے ہین کہ اس قصہ مین کئی فائدے ہین ایک یہ کہ شہوت قوی خمسہ مین شہوات سے ہی کہ بغل آدمی کی اُس عضو رائل ہو جاتی ہی اور اسی وجہ سے حرکات حیوانیہ صادر ہوتے ہین دوسرا یہ کہ یہ صفت شہویہ مطلقا صفت مخصیہ سے بدتر ہی

کیونکہ سلاطین عیاش کو ملوک مغلوب الغضب سے بدکہتے ہین اور سترہ یہ کہ صفت غضبیہ سے سیاست وہیبت حاصل ہوتی ہو اور شہویہ سے تملق وچاپلوسی اور قوت فاعلہ قوت منفعلہ سے بہتر ہو تیسرا یہ کہ جب شہوت وغضب سے کسی شخص کا حق واجب تلف ہوجائے تو نبی آدم مین یہ امر سخت معیوب ہو پس بدبخت ترہ ہو کہ شہوت وغضب کے اپنے حقوق نفس پر مقدم رکھے اور حق نفس تلف کرے اور اس سے زیادہ یہ ہو کہ اپنے نفس کے واسطے دوسرے کا حق تلف کرے اور اس سے زیادہ یہ کہ ان دونون کے واسطے ایک جماعۃ کے حقوق تلف کردے وحقوق مختلف ہین حقوق دنیویہ اور حقوق اخرویہ اول سہل ہو دوسرا سخت چوتھا یہ کہ بنی انسان پر تین حقوق عمدہ ہین ایک حق منعم حقیقی دوسرا حق قوم کہ موت وحیات مین اسکی طرف احتیاج ہوتی ہو تیسرا حق نفس خود پس بدبخت ترین خلائق وہ ہو کہ عوض خسیس ترا مر کے جماعۃ حقوق کو ضائع کرے اور یہ وصف قذار مین تھا کہ اسنے بنا بر استیفاء اخس شہوات اپنا حق تلف کیا کہ بے نام ونشان ہوا اور حق خدا بھی تلف کیا کہ ناقۃ اللہ کو جو حکم کعبہ رکھتی تھی پی سپر کیا اور حق قوم بھی تلف کیا کہ سب نیست ونابود ہوگئے ابد تک نشان نہین ملیگا اور اس امت مین قاتل ولایت تاب کا یہی حال ہو اکیونکہ جسطرح حضرت صالح کی صورت کما لیہ صدق نبوت پر مٹنی گواہ تھی اور تعظیم اسکی مین قبول شریعت تھا بالکہ ولایت حضرت صالح اسی راہ سے جلوہ گر تھی اسی طرح وجود جسمانی حضرت علی مرتضی تھا کہ ختم خلافت آنحضرت صلعم انکی ذات مین منحصر تھی اور پرستگان امت اسی چشمۂ حیات سے سیراب ہوتے تھے اور حاجات ظاہری وباطنی اسی قبلہ سے طلب کرتے تھے سو ابن ملجم بخت نے اُس وجود شریف کو معدوم کیا اور حق خدا وحق امت وحق نفس تلف کیا کہ ہدایت کاملہ جاتی رہی اور امت مثل جارو بے رسیمان متفرق الکمالات ہوگئی اور خود بے نام ونشان وگمنام ہوا پانچوان ابو العاص ابن الربیع ہو کہ اُسنے بسبب زینب بنت رسول اللہ صلعم سے نعمت مصاہرت حاصل کی تھی چھٹوان عبد اللہ ابن ابی بکر کہ اخوت عائشہ صدیقہ سے اس دولت کو پہونچے تھے حضرت قدیم الاسلام ودرا کبر اولاد صدیق اکبر ہین ساتوان عبد الرحمن آٹھوان محمد ابن ابی بکر کہ یہ دونون بھی بسبب اخوت عائشہ صدیقہ کے دولت مصاہرت سے سرفراز ہوے نوان عبد اللہ ابن عمر کہ اخوت ام المومنین حفصہ سے اس نعمت کو پہونچے دسوان معاویہ گیارھوان ہر دو پسران ابو سفیان کہ بسبب اخوت ام حبیبہ کے انکو یہ دولت حاصل ہوئی بارھوان عبد اللہ بن جحش کہ بسبب اخوت زینب رضی اللہ عنہا کے اس مرتبہ کو پہونچے

توضیح در بیان عم وعمات حضرت صلعم محققین کے نزدیک اعمام آنجناب گیارہ نفر تھے اور عمات چھ ابو عمارہ وبروایتے ابو یعلی حمزہ ابن عبد المطلب کہ برادر رضاعی بھی تھے یہ حضرت غزوۂ احد مین شہید ہوے پانچ بیٹے اور دو بیٹیان انکی اولاد تھی اور جو لوگ کہتے ہین کہ صرف سماۃ عمارہ ایک بیٹی تھی اور امامہ تھی سو یہ قول ضعیف ہو ۲- ابو الفضل عباس ابن عبد المطلب رضی اللہ عنہ یہ حضرت تین برس آنحضرت سے عمر مین بڑے تھے غزوہ بدر مین اسلام لائے اور بنا بر اعانت مستضعفین کہ مطمہ مین ہے پھر فتح مکہ مین حاضر ہوے سال سی وسیوین ہجرت عہد خلافت ذی النورین مین داعل جنت ہوے انکی اولاد دس بیٹے اور تین بیٹیان از انجملہ فضل وعبد اللہ وعبید اللہ وقثم وعبد الصاحب مین معدود ہین ۳- ابو طالب برادر عیانی عبد اللہ نام آنکا عبد مناف تھا حال آنکی وفات کا اول لکھا گیا انکے چار بیٹے طالب وعقیل وجعفر وعلی رضی اللہ عنہم اور دو بیٹیان ام ہانی وجمانہ از انجملہ طالب کو جب اٹھا لیگئے اسی سبب سے انکے اسلام کی خبر نہین ہوئی اور سب بھائیون مین دس برس بڑے تھے ۴- حارث اگرچہ یہ شخص بڑا بیٹا عبد المطلب کا تھا لیکن فقیر مولف نے

بسبب زبگی اسلام کے حمزہ و عباس کو وبسبب کفالت خیر الانام کے ابطالب کو مقدم کیا ہی اُسکی اولاد سے ابوسفیان ایمان لائے فتح مکہ میں اور نوفل غزوۂ خندق میں اور عبد الشمس بھی ایمان لایا ہی کہ اُسکا نام حضرت نے عبد اللہ رکھا تھا ۵- قثم برادر مادری حارث کہ صغیر السن مر گیا ۶- زبیر پدر عبد اللہ ابن زبیر و مسمّامان ضباعہ صحابیہ اور ام الحکم ۷- عبد الکعبہ ۸- غیداق ۹- مغیرہ اسی کو جمل بفتح جا مہملہ و سکون جیم کہتے ہیں ۱۰- اضرار برادر علاتی عباس رضی اللہ عنہ ۱۱- ابولہب کا فر شدید العداوۃ لہ نام اُسکا عبد العزی تھا لیکن مجاب رسول اللہ دین ہیں ۱- مسماۃ صفیہ ام زبیر ابن العوام خواہر مادری عباس رضی اللہ عنہ کہ مسلمان ہوئیں اور مدینہ میں آئیں اور عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ میں داخل فردوس ہوئیں ۲- مسماۃ عاتکہ لہ ابوامیہ مخزومی کے نکاح میں تھیں اسی سے ام سلمہ اور عبد اللہ صحابی اور زبیر اور قریبہ اور کسرے پیدا ہوے مگر عاتکہ کے اسلام میں اختلاف ہی ۳- اروی وجہ عمر ابن وہب عبدری اور والدۂ طیب کہ مہاجرین اولین میں معدود ہیں اور بدری صحابی ہیں جنگ اجادین میں کہ بفتح ہمزہ و جیم و فتح دال مہملہ ہی شہید ہوے ۴- امیمہ زوجہ جحش ابن رباب والدۂ ام المومنین زینب و عبد اللہ کہ غزوۂ احد میں شہید ہوے اور احمد اعمی شاعر و اہم حبیبہ و خمسہ کہ یہ تینوں مشرف بشرف صحبت رسول اللہ ہوے اور عبید اللہ کہ بعد اسلام حبش میں جا کر نصرانی بنا اور مر گیا امیمہ کی اولاد ہیں ۵- برۃ وجہ عبد الاسد ابن ہلال مخزومی مادر ابوسلمہ زوج اول حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت صحیح ہی کہ بعد فوت ہونے عبد الاسد کے برۃ نے کرز ابن ربیعہ یعنی سے نکاح کیا اُس سے مسماۃ اروی والدۂ امیر المومنین عثمان ابن عفان پیدا ہوئیں ۶- ام حکیم تنبیہ کسی کتاب میں مذکور احوال و خالات و اخوات حضرت صلعم کا نظر سے نہیں گذرا اسی سبب سے فقیر مولف کی کتاب بھی معذور ہی اور جدات دوقسم پدری اور مادری موجب لدنیہ میں جملہ جدات کا ذکر کیا ہی اوپر کچھ احوال اُنکا یا نہیں جاتا اسواسطے تعرض اُنکے اسماء سے بے فائدہ ہی

توضیح در بیان مرضعات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم و اخوات رضاعیہ اہل تحقیق فرماتے ہیں کہ حضرت صلعم کی دو دائیاں تھیں یک نوبہ کنیز ابی لہب کہ مسروح صاحب اللبن اُسکا دودھ امیر المومنین حمزہ اور ابوسلمہ ابن عبد الاسد اور عبد اللہ ابن جحش نے بھی پیا تھا دوسری مسماۃ حلیمہ بنت ابی ذویب سعدیہ و جحارث ابن عبد العزی والدہ عبد اللہ و مسمّامان شیما و انیسہ کہ یہ تینوں اسلام لائی ہیں بعض اہل سیر نے لکھا ہی کہ ابوسفیان ابن حارث نے بھی حلیمہ سعدیہ کا دودھ پیا تھا اور حاضنہ یعنی دایہ کہ جسنے پرورش کیا دو تھیں اول ام ایمن دوسری شیما بنت حلیمہ کہ اپنی ماں کے ساتھ پرورش حضرت میں مصروف رہتی تھی توضیح در بیان موالی حضرت صلعم محب طبری اور صاحب ہیجۃ المحافل نے اکتیس غلام اور سترہ لونڈیاں لکھی ہیں جمال الدین محدث نے روضۃ الاحباب میں اُنمیں غلام لکھے ہیں لیکن فقیر باتباع محب طبری و مولف ہیجۃ المحافل کے بیان کرتا ہوں ۱- زید ابن حارثہ ابن شراحیل کہ بی ہیں احوال انکا پیشتر نکاح زینب میں لکھا گیا ہی غزوۂ موتہ میں واقع سال ہشتم ہجری شہید ہوے ۲- اسامہ ابن زید کہ وقت وفات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیس برس کے تھے واقع سال پنجاہ و چہارم ہجری بمقام وادی القریٰ وفات پائی اور مدینہ میں دفن ہوے عمر بھتر برس کی ہوئی اور فضائل اُنکے بہت ہیں اور بڑی فضیلت یہ ہی کہ ابن رسول اللہ کہلاتے تھے اور حضرت صلعم امام حسن اور اسامہ کو گود میں لیتے اور فرماتے خداوندا دوست رکھتا ہوں ان دونوں کو تو بھی انکو دوست رکھ ۳- ثوبان ابن بجدد اُنکو حضرت نے بعد خرید کرنے کے آزاد کیا تھا مگر یہ ہمیشہ خدمت میں رہے اور بعد وفات جانب شام چلے گئے پھر رملہ میں آئے بعد اُسکے

حمص میں چل و پنج یا پنجاہ و چار میں وفات پائی ۴- ابو کبشہ نام انکا سلیم و بقولے اوس تھا انکو بھی حضرت نے خرید کر کے آزاد کیا یہ بھی حاضر غزوہ بدر اور جملہ مشاہد میں تھے بسال بیست و ہشتم حسب وزارت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوے اُسی دن انھوں نے وفات پائی ۵- انسہ انکو بھی مول لیکر آزاد کیا انکو ابو انسہ اور ابو مسروح بھی کہتے ہیں بعضے کے نزدیک غزوہ بدر میں حاضر تھے اور بعض کے نزدیک اُحد میں تھے اور زندہ رہے حد حضرت کے اور وفات پائی خلافت صدیق اکبر میں کذا فی الاصابہ ۶- شقران بضم شین و سکون قاف نام انکا صالح تھا بعض کے نزدیک منجملہ ترکہ عبد اللہ تھے اور بعض کے نزدیک عبد الرحمن ابن عوف نے تحفہ دیا تھا اور بعض کے نزدیک خرید کر کے آزاد کیا تھا ۷- رباح نوبی اسود انکو وقد عبد القیس سے لیکر آزاد کیا نوب ایک طائفہ حبش کا نام ہے جسکو نوبہ بولتے ہیں ۸- یسار کسی لڑائی میں ہاتھ آئے عینین نے انکو شہید کیا تھا ۹- ابی رافع قبطی نام انکا اسلم تھا یا ابراہیم انکو عباس نے ہبہ کیا حضرت نے آزاد کیا اُسوقت کہ جب اسلم نے اسلام عباس رضی اللہ عنہ کی خبر دی اور بعد آزادی سلمی کنیز آزاد اپنی سے عقد فرما دیا اُسنے عبد اللہ جو کہ علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے منشی تھے پیدا ہوے وفات اُنکی عہد خلافت ذی النورین میں واقع ہوئی ۱۰- ابو مویہبہ بضم میم و فتح واو و سکون یا و کسر با اولاد مزینہ سے تھے انکو بھی خرید کر کے آزاد فرمایا تھا کذا فی الاستیعاب ۱۱- فضالہ انکو بھی آزاد کیا تھا وفات انکی شام میں ہوئی ۱۲- رافع کہ سعید ابن عاص کی اولاد کو ورثہ میں ملا بعض نے آزاد کیا اور بعض نے غلامی میں رکھا تب حضرت صلعم نے سُنا اور قیمت دے کر آزاد فرمایا چنانچہ رافع کا یہ قول تھا کہ انا مولی رسول اللہ پوشیدہ نہ رہے کہ یہ بارہ غلام مرد ہیں جنکو حضرت صلعم نے بالاتفاق آزاد کیا ہے ۱۳- مدعمر رفاعہ ابن زید الجذامی نے حضرت کو ہدیہ دیا تھا غزوہ وادی القریٰ میں شہید ہوے جذام بروزن غراب ایک قبیلہ کا نام ہے ۱۴- کرکرہ انکو ہوذہ ابن علی یمامی نے بطور پیش کش بھیجا تھا ۱۵- زید جد ہلال ابن یسار ۱۶- عبیدہ ابن عبد الغفار ۱۷- طہمان بالفتح و الضم ۱۸- یا نور قبطی خواجہ سرا برادر عم زاد ماریہ والدہ ابراہیم کہ مقوقس نے بطریق تحفہ بھیجا تھا ۱۹- واقد و بقولے ابو واقد ۲۰- ہشام ۲۱- ابو ضمیرہ کہ منجملہ غنایم تھے آنجناب نے آزاد کیا نام انکا سعید تھا اور بعض کے نزدیک روح بفتحتین را ابن سندر اور بعض کے نزدیک روح ابن شیرزاد حمیری ۲۲- ابو عسیب احرم ۲۳- ابو احمد مہران ملقب بسفینہ بروزن سکینہ انکو حضرت نے مول لیکر آزاد کیا تھا اور بعض کے نزدیک ام سلمہ کے غلام تھے اُنھوں نے بدین شرط آزاد کیا کہ تا حیات حضرت صلعم کی خدمت کریں وہ بولے اگر یہ شرط نہوتی تو بھی میں حضرت کی خدمت نہ چھوڑتا اور وجہ انکے لقب کی یہ ہے کہ سفر میں اسباب رسول اللہ صلعم اور اُنکے یاروں کا لے چلتے تھے میں اختلاف نہیں ہے لیکن نام میں اختلاف ہے بعضے مہران اور بعضے کیسان اور بعضے طہمان و بعضے ذکوان کہتے ہیں اور مولد بعضے عرب اور بعضے فارس بیان کرتے ہیں علامہ بخاری نے ذکر کیا ہے کہ حجاج کے زمانہ تک زندہ رہے ہیں مگر محققین کو اس بات میں گفتگو ہے اور بہجۃ المحافل میں وفات انکی حضرت جابر کے ساتھ بعد سال ہفتاد ہجری کے لکھی ہے ۲۴- ابو ہند انکو وقت مراجعت حدیبیہ سے خرید کر کے آزاد کیا انھیں کی شان میں فرمایا ہے زوجوا ابا ہند و تزوجوا الیہ ۲۵- انجشہ حادی شتران ۲۶- انسہ حبشی فصیح اللسان

غزوۂ بدر مین حاضر تھے بعد ازان آزاد ہوے اور خلافت خلیفہ اول مین فوت ہوے ۲۷- ابو لبابہ و بقولے ابو امامہ انکو حضرت صلعم کی پھوپھی نے ہبہ کیا تھا آنجناب نے آزاد کیا ۲۸- رویفع منجملہ غنایم ہوازن تھے انکو بھی حضرت نے آزاد کیا ۲۹- ابو عبیدہ ۳۰- حنین ۳۱- ابو واقد لیثی ذکر موالی حضرت صلعم کا تھا اب اسماء کنیزان جاننا چاہیے سلمی ام رافع امراۃ ابو رافع و قابلہ حضرت فاطمہ و ابراہیم ۲- برکہ ام ایمن ام اسامہ کہ حضرت کو ورثۂ پدر مین ملیں تھین انھون نے حضرت کو پرورش کیا تھا انکو بھی آنجناب نے آزاد کر دیا تھا اول عبید حبشی کے نکاح مین تھین جس سے ایمن پیدا ہوا بعد اُسکے زید ابن حارثہ کے نکاح مین آئین اُنسے اسامہ پیدا ہوے ۳- ام المومنین ماریہ والدہ ابراہیم کہ تحائف مقوقس سے تھین حضرت نے انکو آزاد کر کے نکاح کیا ۴- شیرین اخت ماریہ ۵- امیمہ ۶- رضوی ۷- ام ضمیرہ ۸- ام رافع ۹- میمونہ بنت سعد ۱۰- خضرہ ۱۱- خویلہ ۱۲- ریحانہ بنت عمر القرظیہ ۱۳- جمیعہ بالتصغیر والمہملۃ ۱۴- سایہ اور تین لونڈیان اور تھین کہ اُنکے نام معلوم نہین ہوے کہ بنی قریظہ سے تھین بالجملہ بتحقیق حضرت مولانا ولی اللہ محدث دہلوی کی یہ ہے کہ لونڈیان سترہ تھین چنانچہ سرور المخزون سے واضح ہے اور صاحب سبحۃ المحافل نے سات لونڈیون کے نام لکھے ہین اور جمال الدین محدث نے نو کے نام بیان کیے ہین واللہ اعلم

توضیح و بیان خدام احرار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۱- ابو حمزہ حضرت انس ابن مالک ابن النضر انصاری خزرجی ہین کہ جب حضرت رسول مقبول صلعم مدینۂ منورہ مین جلوہ فرما ہوے تو عمر انکی بارہ یا دس برس کی تھی ام سلیم والدہ انس نے بنا بر خدمت بطور ہدیہ پیش کیا چنانچہ دس برس تک حضرت کی خدمت کی ہے وفات انکی سال نود و بقولے نود و یک و بقولے نود و سہ ہجری مین مقام بصری مین ہوئی اور عمر شریف انکی سو تین برس کی ہوئی اور آخر اصحاب ہین جنھون نے بصرہ مین وفات پائی اور یہ حضرت علم دین سکھلانے کو خلافت عمر خطاب مین جانب بصرہ تشریف لائے تھے ۲- ہند ۳- اسماء ہر دو دختران حارثہ اسلمی ۴- ربیعہ ابن کعب اسلمی وفات انکی سال شصت و سہ ہجری مین ہوئی شمار انکا اصحاب صفہ مین ہے ترتیب آب وضو انسے متعلق تھی ۵- عبد اللہ ابن مسعود الہذلی کہ کفش بردار رسول اللہ تھے سال شصت و یک ہجری مین بمقام کوفہ وفات پائی ۶- عقبہ ابن عامر جہنی سائیس رسول اللہ تھے اور عہد سلطنت معاویہ ابن ابی سفیان مین مصر کے عامل ہوے اور سال پنجاہ و ہشت مین وفات پائی ۷- بلال ابن رباح بفتح الراء والمہملہ والموحدہ انھین نے اول اذان کہی انکو ابن حمامہ بھی بولتے تھے اور حمامہ انکی والدہ کا نام تھا فضائل اُنکے احادیث مین بکثرت وارد ہین حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے ابو بکر سیدنا و اعتق سیدنا عمر چونسٹھ برس کی ہوئی اور سال بستم ہجری مین بمقام دمشق وفات پائی ۸- سعد غلام آزاد صدیق اکبر ۹- ذو مخمر و بقولے ذو مخبر کہ برادر زادہ نجاشی تھا و بقولے ہمشیرہ زادہ اراد اول صحیح ہے وفات شام مین ہوئی صاحب وضۃ الاحباب نے خواہر زادہ نجاشی لکھا ہے یہ سہو ہے ۱۰- مکیرہ ابن شداخ اللیثی ۱۱- ابو ذر غفاری کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے

عامل رہندہ مقرر کیا تھا اُسی مقام مین واقع بسال سی ۳۰ دو ہجری فوت ہوے عبد اللہ ابن مسعود نے نماز پڑھی
کذا فی سرور المحزون و بہجۃ المحافل اور جمال الدین محدث نے روضۃ الاحباب مین ستائیس ۲۷ خادم اور گیارہ ۱۱ خادمہ
بیان فرمائے ہین توضیح در بیان پاسبانان حضرت صلعم ۱- سعد ابن معاذ سید الانصار کہ غزوۂ بدر مین نگاہبان
خیمہ تھے ۲- ذکوان ابن قیس ۳- محمد ابن مسلمہ انصاری کہ یہ دونون غزوۂ اُحد مین حارس تھے ۴- زبیر
ابن العوام کہ جنگ خندق مین حارس تھے ۵- عباد ابن بشیر ۶- سعد ابن ابی وقاص ۷- ابو ایوب انصاری
کہ یہ تینون اصحاب غزوہ خیبر مین نگاہبانی حضرت صلعم کرتے تھے ۸- بلال ابن رباح وادی القریٰ مین
چوکیدار تھے گذافی روضۃ الاحباب مگر وہب نے حضرت صدیق اکبر کو حارس روز بدر عریس مین لکھا ہی
اور مغیرہ ابن شعبہ کو مدینہ مین وہو الصحیح فائدہ یہ حراست و نگاہبانی اُسوقت تک تھی جب تک کریمہ واللہ یعصمک
من الناس نازل نہوئی تھی جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طریق کو موقوف کیا
چنانچہ عبد اللہ ابن شقیق نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی توضیح در بیان ایلچیان حضرت صلعم
کہ سب گیارہ تھے اگرچہ ذکر بعض کا سال ششم ہجرت مین لکھا گیا لیکن بنا بر اتمام فائدہ اس مقام مین بالاختصار
بیان کرنا پڑا ۱- عمرو ابن امیہ ضمیری کہ نجاشی پادشاہ حبشہ کے پاس بھیجے گئے تھے ۲- دحیہ کلبی کہ ہرقل
پادشاہ روم کی طرف بھیجے گئے تھے ۳- عبد اللہ ابن حذافہ کہ کسریٰ پادشاہ فارس کے پاس بھیجے گئے تھے
۴- خاطب ابن بلتعہ کہ مقوقس پادشاہ مصر اور اسکندریہ کے پاس بھیجے گئے تھے ۵- عمرو ابن العاص جانب
حیفر و عبد اللہ پسران جلندی پادشاہ عمان کے پاس روانہ کیے گئے تھے وہ دونون ایمان لائے اور عمرو نے
رعایا سے زکوٰۃ بھی لی اور حاکم کے طور پر اُسی مقام مین رہے یہان تک کہ حضرت صلعم نے وفات پائی ۶- سلیط
ابن عمرو کہ جانب ہوذہ ابن علی الحنفی رئیس یمامہ کے پاس گئے تھے اُسنے نامۂ مبارک پڑھ کر جواب مین لکھا
کہ دین اسلام نہایت بہتر ہی مگر مین قوم و خطیب و شاعر ہون سو مجھکو بعض اختیارات عنایت ہون حضرت صلعم نے
منظور نہ فرمایا وہ ایمان نہ لایا ۷- شجاع ابن وہب اسدی کہ حارث ابن شمر غسانی پادشاہ بلقا کے پاس
بھیجے گئے تھے وہ مصر مین ملا اور نامۂ مبارک کو پڑھ کر پھینک دیا اور کہا کہ مین یہ لشکر اُسی طرف لاتا ہون
مگر پادشاہ روم مانع ہوا بعد اُسکے حضرت نے انکو جبلہ بفتح جیم و موحدہ ابن الایہم غسانی بفتح ہمزہ و سکون تحتانیہ
پاس بھیجا اُسنے اسلام قبول کیا پھر نصرانی ہو کر مرا روایت ہی کہ جبلہ مرد طویل تھا بعضے کہتے ہین بارہ گز کا لمبا تھا
اور جب گھوڑے پر چڑھتا تو پیر زمین پر رہتے تھے ۸- مہاجر ابن ابی امیہ مخزومی کہ حارث ابن عبد کلال حمیری کے سردار لشکر
و سکون المیم و فتح البا کے پاس بھیجے گئے یمن مین ۹- علاء ابن الحضرمی کہ منذر ابن ساوی پادشاہ بحرین کے
پاس بھیجے گئے وہ مسلمان ہوا ۱۰- ابو موسیٰ اشعری ۱۱- معاذ ابن جبل کہ یہ دونون پادشاہ یمن کے پاس بھیجے گئے

وہ مع رعیت بلا تامل اسلام لایا واللہ اعلم **توضیح** در بیان منشیان و نویسندگان حضرت صلعم کہ سب پچیس نفر تھے
۱- ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۲- عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ ۳- عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ ۴-
علی ابن ابیطالب رضی اللہ عنہ ۵- عامر ابن فہیرہ ۶- عبد اللہ ابن الارقم ۷- ابی ابن کعب ۸- ثابت
ابن قیس ابن شماس ۹- خالد ابن سعید ابن العاص ۱۰- ابان برادر خالد ۱۱- حنظلہ ابن ابی عامر اسدی کذا فی المواہب
لیکن اصابہ و استیعاب مین ہی کہ منشی حنظلہ ابن ربیع ہین و حنظلہ ابن ابی عامر غسیل الملائکہ ہین اور ربیع اور
و فتح باء موحدہ و کسر تحتانیہ مشددہ و اوسی بضم ہمزہ و فتح شین مہملہ و شدت تحتیہ مکسورہ و نیز بسکون تحتیہ نزد
اہل لغت بنا بر تخفیف منسوب جانب اُسید بن عمرو بن تمیم کنیت اُنکی ابو یعی بکسر راء و سکون موحدہ و کسر عین مہملہ
و تشدید تحتانیہ کہتے ہین ۱۲- زید ابن ثابت ۱۳- معاویہ ابن ابی سفیان ۱۴- شرحبیل ابن حسنہ ۱۵- عبد اللہ
ابن عبید اللہ ابن ابی ابن سلول ۱۶- زبیر ابن العوام ۱۷- معیقیب ابن ابی فاطمہ دوسی ۱۸- مغیرہ ابن شعبہ ۱۹
خالد ابن عبد الولید ۲۰- علاء ابن الحضرمی ۲۱- عمرو ابن عاص ابن وائل قرشی سہمی ۲۲- حکیم ابن الصلت ۲۳-
عبد اللہ ابن رواحہ بفتح راء و تخفیف واو ۲۴- محمد ابن مسلمہ ۲۵- عبد اللہ ابن سعد ابن ابی السرح **توضیح**
در بیان مؤذنان حضرت صلعم اول بلال دوم ابن ام مکتوم سوم ابو محذورہ چہارم سعد قرظی جو مسجد قبا مین تھے
فائدہ در بیان شعرا آنحضرت کہ مردون سے اُنہتر تھے اور عورتون سے بارہ تفصیل اکثر کی روضۃ الاحباب وغیرہ
کتب مطولہ مین مذکور ہی **توضیح** در بیان نجبا یعنی جن لوگون پر عنایت خاص حضرت صلعم کی تھی اول خلفاء اربعہ
بعد ازان بستہ باقیہ من العشرۃ المبشرۃ یعنی ابو محمد طلحہ ابن عبد اللہ تیمی و ابو عبد اللہ زبیر ابن العوام الاسدی
و ابو اسحق سعد ابن ابی وقاص مالک ابن اُہیب الزہری و ابو محمد عبد الرحمن ابن عوف الزہری و ابو الاعور سعید
ابن زید ابن عمرو ابن نفیل العدوی و ابو عبیدہ عامر ابن عبد اللہ ابن الجراح الفہری رضی اللہ عنہم ۱۱- حمزہ
ابن عبد المطلب ۱۲- جعفر ابن ابیطالب ۱۳- ابو ذر غفاری ۱۴- مقداد ۱۵- سلمان فارسی ۱۶- حذیفہ
۱۷- عبد اللہ ابن مسعود ۱۸- عمار ۱۹- بلال رضی اللہ عنہم **توضیح** در بیان انصار آنحضرت صلعم کہ دس بارہ
سردار تھے ذکر اُنکا لکھا گیا ہی **توضیح** در بیان دواب و اسلحہ و ہیوت و اسباب متفرس بر چند فائدہ
فائدہ در بیان خیل و بغال و حمیر حضرت صلعم اہل تحقیق کے نزدیک دس گھوڑے آنحضرت کے تھے اول اسکب
بالسکون و التحریک رنگ اسکا کمیت مایل بسرخی و سیاہی کے اور پٹھالی و قوائم سفید تھے اور دست راست ہمرنگ بدن تھا
اور بعض کے نزدیک ادہم یعنی سیاہ تھا غزوۂ احد مین اُسی پر سوار تھے اور یہ اول اسپ ہی کہ حضرت صلعم اُسکے
مالک ہوے ایک اعرابی بنی فزارہ نے دس اوقیہ کو بیچا تھا نام اُسکا فرس بفتح الضاد المعجمہ و کسر الراء المہملہ تھا
یعنی بدخو و غضبناک گرسنگی سے آنحضرت نے سکب نام رکھا یعنی نیک رو و سبک دوڑ اور بعضے کہتے ہین کہ یہ اسپ ادہم

یعنی مشکی تھا کما یفہم من کلام ابن الاثیر دوسرا مرتجز بضم المیم وسکون المہملہ وفتح المثناۃ الفوقانیہ وکسر الجیم وسکون الزاء المنقوطہ بمعنی رجز گوینده ہو قسم من الشعر عند الجمہور یہ نام اسنے بسبب خوش آوازی کے پایا تھا اس گھوڑے کو حضرت نے سوا ر ابن حارث محاربی سے خرید کیا جب قیمت دینے لگے تو اسنے بیع سے انکار کی حضرت نے فرمایا کون گواہی دیتا ہے کہ مین نے مول لیا ہے خزیمہ ابن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا مین گواہ ہون فرمایا تو حاضر نہ تھا خزیمہ نے کہا یا رسول اللہ آسمان کی بات مین ہم آپکو سچا جانتے ہین کیا زمین کی خبر مین سچا نہ کہین اسوقت آنجناب نے فرمایا من شہد لہ خزیمۃ اور شہد علیہ فحسبہ اسی سبب سے خزیمہ ذوالشہادتین کہلائے اور بعض کے نزدیک حضرت نے گھوڑا واپس کر دیا اور فرمایا لا بارک اللہ فیہ چنانچہ پیر اس گھوڑے کا شل ہو گیا تیسر اگرار بکسر اللام وفتح الزاء المعجمہ وبقولے شرار بروزن کتاب اس گھوڑے کو آنجناب بہت دوست رکھتے تھے اسی پر اکثر غزوات مین راکب تھے یہ گھوڑا منجملہ ہدایاے مقوقس بادشاہ مصر و اسکندریہ تھا جو تھا لیحف بفتح اللام وکسر المہملہ والمعجمہ کذا فی القاموس یہ گھوڑا خوب فربہ وطیار تھا اسکو ربیعہ ابن ابی البراء نے تحفہ دیا تھا یا تحوان ظرب بفتح الظاء المعجمہ وکسر المہملہ وفتحہا بمعنی کوہ فراخ و پشتہ بلند بروزن کتف یہ گھوڑا فروہ بالدال ابن عمرو جذامی نے تحفہ بھیجا تھا یعفور وان ورد بفتح الواو وسکون المہملہ بعدہ الدال المہملہ یہ گھوڑا تمیم داری نے ہدیہ کیا تھا اسی کو آنجناب نے حضرت عمر کو عنایت کیا حضرت عمر نے ایک غازی کو ہبہ کیا اسنے نہایت لاغر کر ڈالا ایک روز کسی کے ہاتھ بیچتا تھا حضرت عمر نے دیکھا اور چاہا کہ پھر اسکو خرید کرون تو حضرت صلعم سے مشورہ کیا حضرت صلعم نے منع فرمایا کیونکہ جو چیز اللہ کی راہ مین صدقہ کر دے پھر اسکو لینا جائز نہین ہے لان العائد فی ہبتہ کالکلب یعود فی قیئہ سابقوان ضرم بفتح الضاد وکسر الراء المہملہ یا ضریس قاموس مین ہے کہ یہ نام اسپ سکب کا تھا آبقوان ملاوح یہ گھوڑا اول ابی بردہ ابن نیار کے پاس تھا بعد ازان آنجناب صلعم کی خدمت مین آیا قوان بسجہ بفتح السین وسکون الموحدہ وفتح المہملہ اسکو آنجناب نے دس اونٹ کے عوض تجار یمن سے خرید فرمایا تھا اس اسپ پر آنجناب نے ایک مرتبہ مسابقت فرمائی اور سابق رہے وسوان بسجر بفتح الموحدہ وسکون المہملہ اسکو حضرت نے تاجر بحرین سے مول لیا تھا اور سیر مین مرتبہ مسابقت فرمائی اور سابق ہوے اسی کے چہرہ پر ہاتھ پھیر کر فرمایا تھا انت الابحر اور بحر اسپ جلد رو و کشادہ گام کو بولتے ہین انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دوست تر اشیا بعد از زنان حضرت صلعم کے نزدیک گھوڑے تھے اور احسن فرس آنجناب کے نزدیک اشقر اثم اقرح محجل مطلق الیمین تھا اور حضرت صلعم فرماتے تھے کہ گھوڑے کو ذلت و تکلیف دینا گناہ ہے **فائدہ** اہل تحقیق کے نزدیک استر اجماعا چار راس تھے ایک دلدل بزنگ سفید تھا و بقولے سفید و سیاہ تھا مگر سفیدی سیاہی پر غالب تھی جسکو شہبا بولتے ہین یہ استر از جملہ ہدایاے مقوقس تھا اول سواری اسلام مین اسی پر ہوئی ہے

اور بعض کے نزدیک بالاجماع نزتھا بعد رسالت مآب صلعم کے جناب امیر کی سواری مین رہا پھر حضرت امام حسن کے پاس رہا اور عہد معاویہ ابن ابی سفیان تک جیتا تھا سب انتا اسکے گر گئے تھے گھاس دانہ نہ کھا سکتا تھا صرف جو کا آرد وہ کھایا کرتا تھا آخر موضع ینبع مین فوت ہوا دوسرا فضہ روضۃ الاحباب مین ہی کہ یہ استر فروہ ابن عمر خدامی نے تحفہ بھیجا تھا کہ حضرت صلعم نے صدیق اکبر کو ہبہ کیا مگر سرور المحزون اور بہجۃ المحافل مین ہی کہ صدیق اکبر نے نذر کیا تھا ہو الصحیح تیسرا ایلیہ کہ بادشاہ ایلہ نے ہدیہ بھیجا تھا چوتھا ایک استر تھا سفید جسپر آنجناب بروز حنین سوار تھے بہجۃ المحافل ہی کہ یہ استر فروہ ابن عمر نے ہدیہ بھیجا تھا اور بروز حنین اسی پر سوار تھے وبحکم حضرت زمین سے نزدیک ہوا کہ حضرت نے خاک لیکر کافرون پر ڈالی کہ وہ منہزم ہوے اور صاحب روضۃ الاحباب نے لکھا ہی کہ بروز حنین آنحضرت دلدل پر سوار تھے اور یہ معاملہ اُسی پر واقع ہوا اور روضۃ الاحباب مین سوا دلدل وفضہ وایلیہ کے تین استر اور بھی لکھے ہین ایک ہدیہ کسریٰ دوسرا ہدیہ نجاشی تیسرا دومۃ الجندل سے آیا تھا اور دراز گوش حضرت کے پاس تین تھے ایک یعفور بالعین کہ فروہ ابن عمر وخدامی نے بھیجا تھا حجۃ الوداع مین فوت ہوا اور بعض کے نزدیک بروز فوت آنجناب صلعم چاہ مین گر کر مر گیا دوسرا عفیر بضم مہملہ بصیغہ تصغیر کہ ہدایا ے مقوقس سے اور بعضے عفیر ویعفور کو ایک ہی کہتے ہین تیسرا وہ دراز گوش جو خیبر مین ہاتھ آیا تھا کذا فی بہجۃ المحافل لیکن روضۃ الاحباب مین ہی کہ ایک دراز گوش سعد ابن عبادہ نے دیا تھا فائدہ دربیان انعام مخفی نہ رہے کہ تتبع اسفار معتبرہ سے معلوم ہوتا ہی کہ دابہ از قسم گاؤ سرکار رسول اللہ مین نہ تھا لیکن بیش یا دش مادہ شتر شیر دار جودو دو تین تین مہینے کی جنی ہوئی تھین موضع عابہ مین کہ متصل مدینہ ہی رہتی تھین انکا دودھ ہر روز دشکون مین آتا تھا از انجملہ جنا دسمراء وعریس وسعدیہ وبغوم ولیسیرہ وذبی وبردہ ومہریہ مشہور تھین اور بھی ایک ناقہ قصوی اور صحیح قصواء بروزن حمراء بالمدیہ ناقہ وہ ہی جسکو آنجناب نے وقت ہجرت صدیق اکبر سے مول لیا تھا اکثر حضرت اسی پر سوار ہوتے تھے اور ثقل حالت وحی کا سوا اسکے کوئی اُٹھا نہ سکتا تھا القاب اُسکے عضباء وجدعاء وصرعاء وصلماء ومخضرمہ تھے بعض شروح مشکوٰۃ مین ہی کہ قصواء اُس ناقہ کو بولتے ہین جسکا کوئی کان کاٹا سو حضرت کی اُونٹنی ایسی نہ تھی بلکہ خلقی ایسی ہی تھی اور احتمال ہی کہ مشتق ہو قصو سے بمعنی دور شدن یعنی خوب دوڑتی تھی اور دور پہونچتی تھی اور بعضے کہتے ہین کہ تعدد اسماء دلالت کرتا ہی تعدد مسمیات پر یعنی جدعاء وغیرہ سوا سے قصواء کے تھین کذا فی بہجۃ المحافل سرور المحزون مین ہی کہ ایک دن شتر اعرابی کے ساتھ اُسے دوڑایا تو شتر آگے نکل گیا مسلمانون کو یہ بات بُری لگی حضرت صلعم نے فرمایا لازم ہی خدا ے تعالے پر کہ کوئی چیز امور دنیا سے غالب آوے مگر کسی وقت اُسکو مغلوب کرے اور کتب سیر مین دو ناقہ اور بھی لکھی ہین ایک وہ کہ سعد ابن عبادہ نے ہدیہ بھیجا تھا دوسری ضحاک

ابن سفیان نے تحفہ دی تھی اسکو بردہ کہتے تھے اور بہجۃ المحافل اور سرور المحزون مین ہی کہ سرکار رسالت مین ایک شتر تھے اُنھین ایک گوسفند مخصوص واسطے دودھ پینے حضرت صلعم کے تھی اور دستور یون رکھا تھا کہ جب کسی کے بچہ پیدا ہوتا اور شتر سے تعداد زیادہ ہوجاتی تو ایک بکری ذبح کردی جاتی تھی اور سرکار عالیجاہ مصطفوی مین ایک خروس سفید بھی تھا فائدہ دربیان اسلحہ حضرت صلعم بہجۃ المحافل مین ہی کہ حضرت صلعم کے پاس نو تلوارین تھین ذوالفقار بفتح وکسر فاو جہ تسمیہ مین لکھا ہی کہ اس تلوار کی پیٹھ پر اٹھارہ مہرے تھے جسطرح انسان کی پیٹھ مین ہوتے ہین اسی کی حق مین حضرت صلعم نے خواب دیکھا تھا گویا ایک طرف اُسکی ٹوٹ گئی اُسکی تعبیر فرمائی کہ اہل اسلام کو شکست ہوگی سو غزوۂ احد مین ظاہر ہوا یہ تلوار اول منبہ ابن الحجاج کی تھی اور غزوہ بدر مین عاص ابن منبہ ابن الحجاج المسمی باندھے تھا جب وہ قتل کیا گیا تو علی مرتضی کے ہاتھ آئی اُسکو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند کیا اور اپنے پاس رکھا بعد اُسکے علی مرتضی کو عنایت کی اور بعد اُنکے ائمہ اطہار کے پاس رہی یہان تک کہ محمد ابن عبداللہ ابن حسن مثنی معروف بہ نفس زکیہ وقت شہادت اُسکو کمر مین باندھے تھے چنانچہ عیسی ابن موسی بعد شہادت اُنکے منصور عباسی کو دی کذا فی جذب القلوب اکثر قبضہ و تہنال و دو حلقے اُسکے چاندی کے تھے ۲- عضب بفتح العین وسکون المعجمۃ والموحدۃ یعنی شمشیر برندہ یہ تلوار سعد ابن عبادہ نے غزوہ بدر مین نذر کی تھی ۳- مخذم بکسر میم وسکون خار وفتح ذال معجمتین مشتق خذم یعنی سرعت قطع ۴- رسوب بفتح راء وضم سین مہملتین یعنی فرورندہ بزخم یہ دونون تلوارین حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ سریہ فلس سے لائے تھے ۵- قلعی بضم قاف وفتح لام وکسر عین مہملہ ویاء نسبت منسوب بقلع نام موضع ۶- تبار بتقدیم باء موحدہ مضمومہ بر فوقیہ مشددہ بصیغۂ مبالغہ مشتق تبر سے یعنی قطع ۷- حتف بفتح مہملہ وسکون مثناۃ یعنی موت یہ سیوف ثلثہ غزوہ قینقاع مین ہاتھ لگین تھین ۸- قضب بقاف وضاد معجمہ بروزن فعل کہ تلوار دقیق کو بولتے ہین یہ اول سیف ہی کہ حضرت صلعم نے باندھی اور اکثر آنجناب اپنے ہاتھ مین رکھتے تھے اور بعد آنجناب خلفاء راشدین کے پاس رہی بعد اُن خلفاء عباسیہ مروانیہ کے پاس تھے ۹- بابور بباء موحدہ مشتق ابر سے یعنی جوہر شمشیر کذا فی الدیباج مگر قاموس وصراح مین ثابور بثاء مثلثہ فوقانیہ ہی ۱۰- ایک تلوار اور تھی بعض کے نزدیک یہ دونون تلوارین تبر کہ عبداللہ مین سے تھین اور بہجۃ المحافل مین ہی کہ سوا ان تلوار اور ورثہ پدر مین حضرت کو ملی تھی اور بہجۃ المحافل مین ہی کہ چار نیزہ حضرت صلعم کے پاس تھے از انجملہ تین نیزے اسلحہ سے قینقاع سے تھے اور ایک مثنی تھا اور جمع الجوامع مین نام اُسکا مثوی تھا اسواسطے کہ جسکے لگے اُسکو جنبش سے باز رکھے اور ثوی لغت مین بمعنی خزانہ کردن آیا ہی سوا اسکے تین حربہ اور تھے ایک نبعہ بفتح نون وسکون موحدہ اور نبع اصل مین ایک درخت ہی جسکی لکڑی سے تیر و کمان بناتے ہین دوسرا بیضاء تیسرا عنزہ بفتحات عین مہملہ ونون وزاء معجمہ یہ حربہ تھا مقدار نصف نیزہ اسکو آنجناب اکثر عیدین مین پاس

رکھتے تھے اور کبھوں اور دونوں مین بھی اور اسی کو نماز عیدین مین بطور سترہ گاڑ دیتے تھے ورائے اسکے تین چھریان بھی تھین ایک مقدار ذراع سرکج کہ اُس سے وقت رکوب مرکب کو ہانکتے تھے دوسرے محصرہ مسمی بالعرجون مقدار نیم عصا جسپر آنجناب تکیہ دے کر بیٹھ جاتے تھے تیسرے قضیب یعنی شاخ درخت مسمی بمشوق اسکو آنجناب اکثر دست مبارک مین رکھتے تھے اور حضرت صلعم کی چار کمانین تھین وحاد بضتا و یہ دونون درخت شوحط کی تھین شوحط ایک درخت کو ہی ہی جس سے کمانین بناتے ہین اور صفرا درخت نبع کی اور کتوم کہ بردزبد رلوٹ گئی اور ایک ترکش تھا کافور نام اور ایک سپر تھی کمافی بہجۃ المحافل یہ سپر پہلے مین آئی تھی اسپر تصویر کرگس کی بنی ہوئی تھی آنجناب نے دست مبارک رکھدیے مٹ گئی اور بعض کے نزدیک تین سپرین تھین زلوق دفتق دوفر اور کمال دمیری اور مولف بہجۃ المحافل نے لکھا ہی کہ آنحضرت صلعم کے پاس نو زرہین تھین ۱- خرنق بکسر خا معجمہ وسکون مہملہ وکسر نون یہ نام بسبب نرمی کے ہوا ہی کیونکہ خرنق لغت مین بچۂ خرگوش کو کہتے ہین ۲- بتیرا بتقدیم موحدہ مضمومہ بر مثناۃ فوقانیہ چونکہ یہ زرہ خرد تھی اسواسطے یہ نام ہوا کیونکہ تبر بفتحتین بمعنی دم بریدہ آیا ہی ۳- ذات الفضول یہ زرہ طویل الذیل تھی اس باعث سے مسمے بذات الفضول ہوئی اس زرہ کو وقت قدوم مدینہ منورہ سعد ابن عبادہ نے نذر کی تھی اسمین چار حلقے چاندی کے تھے دو جانب سینہ اور دو جانب قفا اور بروز احد یہ زرہ مع فضہ کے جسم مبارک پر تھی اور بروز حنین مع صفدیہ دبروز وفات ابوشحم یہودی کے پاس بعوض چند صاع جو کے رہن تھی نقل ہی کہ اس زرہ کو جناب ولایت مآب کرم اللہ وجہہ بروز جمل پہنے ہوے تھے ۴- ذات ابوشاح ۵- ذات الحواشی ۶- فضہ کہ اسلحہ بنی قینقاع مین ہاتھ لگی ۷- سعدیہ بعضے کہتے ہین کہ یہ زرہ حضرت داؤد علیہ السلام کی تھی اسی کو مقابلۂ جالوت مین پہنتے تھے اور بعض کے نزدیک زرہ داؤد کا نام رد حاتھا وہ بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھی اور بعضے کہتے ہین کہ نام سعدیہ کا شعذیہ تھا اور بعض کے نزدیک صفدیہ اور دو زرہین اور تھین ایک - غنایم بنی قینقاع سے اور دوسری ۹- حطمیہ کہ علی مرتضی رضی اللہ عنہ کو عنایت کی اور ارشاد کیا کہ اس سے فاطمہ زہرا علیہا السلام کا مہر ادا کرو اور ایک روایت ہی کہ اس زرہ کے بیچنے کا حکم دیا تھا کہ چار سو اسی درہم کو بکی کہ اُس سے جہیز کیا گیا اور بروز احد وحنین ماہین دو زرہ کے پہنے ہوے تھے کذا فی بہجۃ المحافل اور روضۃ الاحباب مین ہی کہ آنجناب کے پاس دو مغفر تھے ایک موشح اور دوسرا ذوالسبوغ مغفر بالکسر زرہ خرد کہ اُسکو زیر کلاہ پہنتے ہین اور سبوغ بالضم بمعنی فراخی نعمت وتمام اور مجمع البحار مین ہی کہ ذوالسبوغ نام زرہ کا تھا اور موشح نام خود کا اور صاحب بہجۃ المحافل نے خود کا کچھ ذکر نہین کیا لیکن روضۃ الاحباب مین ہی کہ ایک خود بھی تھا جسکو حضرت صلعم بروز احد سر مبارک پر رکھتے تھے اور عرب خود کو بیضہ کہتے ہین اور اعلام مین لکھا ہی کہ فرق مغفر وبیضہ مین یہ ہی کہ مغفر شبیہ بطاقیہ سے ہوتا ہی اور بیضہ طویل اور اسمین حلقہ ہوتے ہین کہ گردن نہ ڈھانکے اور کسی قدر موڈھے اور سینہ چھپ جاتے ہین اور ایک منطقہ یعنی پٹکا چمڑے کا تھا

اسمین تین حلقے نقرئی پڑے تھے اور ایک لوا سفید اور دوسرا سیاہ تھا اسی کو عقاب بولتے تھے حضرت
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ لوا مبارک پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا نزدیک اکثر اہل تحقیق کے
لوا اور رایت باہم مترادف ہین یعنی علم جس سے مکان مالک لشکر کا دریافت کرین اور حسب عادت عرب لوا اور
وقت جنگ امیر لشکر کے ہاتھ مین ہوتا تھا مگر امام احمد و ترمذی ابن عباس سے اور طبرانی بریدۂ اسلمی سے
روایت کرتے ہین کہ رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیاہ تھا اور لواء بالمد والکسر سفید اور ابن اسحق نے
عزوہ سے روایت کی ہی کہ حدوث رایات کا غزوۂ خیبر سے ہوا اس سے پیشتر اسکا ذکر نہ تھا اور الویہ بیشتر سے
اس مقام سے رایت ولواء مین فرق پایا گیا مگر فقیر کے نزدیک یہ فرق عرفی ہی نہ لغوی چنانکہ بعض اہل تحقیق
فرماتے ہین کہ رایت علم کبیر بولتے ہین اور لواء علم صغیر کو فائدہ دربیان بیوت حضرت صلعم مخفی نہ رہے
کہ جسدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا نو گھر تھے بعضے جرید نخل کے اور بعضے چمڑون کے
یعنی نیچے اوپر چھپر رکھے تھے اور بعضے ایسے تھے کہ صرف ٹٹیان چوب خرمے کی بندھی تھین اور اُنپر کمبل
کی ہوئی تھی اور بلندی ہر ایک کی مقدار قد آدم اور ہر ایک گھر مین ایک ایک حجرہ تھا بعد ازان بعد وفات
امہات المومنین ولید ابن عبد الملک نے گھرون کو ملا دیا اور حجرون کو داخل مسجد کیا بہجۃ المحافل مین ہی
کہ اجرا اس حکم کا عمر ابن عبد العزیز کے ہاتھ سے ہوا اور جسدن مدینہ مین یہ حکم آیا تو سطر کا غم والم ہوا کہ
جیسا حضرت صلعم کی وفات کے روز ہوا تھا فائدہ دربیان ملبوسات وغیرہ اشیاء بہجۃ المحافل مین ہی
کہ جسدن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی اُسدن یہ اسباب متروکہ مین تھا وجامہ حبرہ کہ ایک قسم
چادر یمنی کی ہی اور حبرہ بکسر الحاء المہملہ وفتح الباء الموحدہ نام محلہ نیشاپور کا اور نام ایک شہر کا نزدیک
کوفہ کے اور ایک ازار عمانی کہ بعضے اسکو یمانی بھی کہتے ہین عمان بالضم ایک شہر یمن کا ہی ولفتح العین
وتشدید المیم ایک شہر ہی شام مین اور ایک چادر برنگ سبز مقدار چار ذرعہ ایک بالشت طویل اور دو ذرعہ
عریض اور دو جامۂ صحاری اور ایک قمیص صحاری اور ایک قمیص سفید سحولی موضع ہی یمن مین
اور ایک جبہ یمنیہ اور ایک خمیصہ یعنی چادر علمدار یا کلیم سیاہ علم دار اور ایک کملی سفید اور کئی
تاج خرد لاطیہ تین ہون یا چار اور ایک ازار پانچ بالشت کی اور ایک لحاف رنگین ورس کا ورس
بالفتح ایک قسم گھاس کی ہی یمن مین مانند کنجد کے اُس سے کپڑے رنگتے ہین اور ایک کملی سیاہ اور ایک
عمامہ سیاہ اور ایک عمامہ اور جسکو سحاب کہتے تھے سو وہ کملی کسی محتاج کو عنایت فرمائی تھی اور عمامہ سحاب
علی مرتضی کو دیا تھا کہ جب کبھون حضرت علی مرتضی اُسکو باندھ کر کسی مجلس مین تشریف فرما ہوتے تو اہل مجلس
کہتے ان النبی فی السحاب اور وہ جامہ خاص واسطے یوم جمعہ کے تھے اور ایک رومال منھ صاف کرنے کا تھا

بعد وضو کے اور ایک چادر شب خوابی کی تھی اور دو موزے سادہ نجاشی نے بھیجے تھے اور دو موزے
وحیہ نے سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو پہنا اور بھٹ گئے تھے اور ایک خیمہ تھا کن نام بکسر کاف و تشدید یدون
کہ اسکو سفر مین کھڑا کر لیتے تھے اور چالیس آدمی کی اسمین گنجایش تھی اور ایک دستار خوان تھا جسپر
کھانا کھاتے تھے اور ایک بچھونا چرمی تھا جسمین بجاے پنبہ لیف خرمہ بھرا تھا اور ایک پلنگ تھا
چوب ساج کا جسکو پوست خرمہ کی رسیون سے بنا تھا اور ایک جوڑا جوتہ تھا حال نعل مبارک کا علحدہ
فائدہ مین کہونگا اور ایک صندوقچہ چرمی تھا مدلہ نام کہ اسمین آئینہ و کنگھی دانت کی اور سرمہ دان مقراض
و مسواک رکھتے تھے اور ایک کاسۂ کلان عزا نام اسمین چار حلقے تھے اور چار آدمی اسکو اٹھاتے تھے
اور ایک پیالہ لکڑی کا تھا جسمین تین جگہ چاندی یا لوہے کے پتر جڑے تھے اور ایک حلقہ تھا کہ اسے پکڑ کر
پیتے تھے یہ پیالہ بعد آنحضرت صلعم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس رہا بعد انکے انکے بیٹون کے پاس تھا
اور ایک پیالہ شیشے کا تھا اور ایک پیالہ اور ریان نام تھا اور ایک کٹورا پانی پینے کا تانبے یا پیتھر کا تھا
اور ایک ظرف کلان برنج جسمین مہندی و وسمہ بنایا جاتا تھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم گرمی کے وقت
سر مبارک پر لگاتے تھے اور ایک ظرف رومین اسلئے غسل کے تھا اور ایک پیالہ بطور روغن دان اور ایک پیمانہ جس سے
صدقہ فطر دیتے تھے چوتھائی وزن صاع کا ہوگا اور ایک انگشتری بھی چاندی کی تھی جسکا نگین چاندی کا تھا اور اسپر
محمد رسول اللہ کھدا ہوا تھا و بروایت بخاری و ترمذی نقش خاتم رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تین سطر مین تھا محمد
ایک سطر رسول ایک سطر اللہ ایک سطر اور بعض کے نزدیک انگشتری آہن کی تھی اور نگین چاندی کا تفصیل و تحقیق
انگشتری کی آگے بیان کیجائیگی فائدہ بخاری مین عمر و ابن حارث برادر جویریہ زوجہ مطہرہ رسول اللہ صلعم سے
روایت ہے ما ترک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عند موتہ دینارا ولا درہما ولا عبدا ولا امۃ ولا شیئا الا بغلتہ البیضاء
و سلاحہ و ارضا جعلہا صدقۃ یعنی نہین چھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت موت اپنی کے کوئی درہم و دینار
اور غلام و لونڈی اور نہ کوئی شے مگر ایک اشتر سفید اور ہتیار اور کچھ زمین جسکو صدقہ کر دیا تھا اس حدیث سے
معلوم ہوتا ہے کہ یہ جو خبرون مین ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلامون اور لونڈیون کا ہے اور کتب متعبرہ مین لکھا ہے
یا تو وہ مر گئے ہونگے یا انکو آزاد کر دیا ہوگا اور ہتیار سے مراد تلوار اور نیزے اور زرہ اور خود اور عصا بھال داریہ
اور بعض روایت مین خاص ذکر زرہ کا بھی واقع ہوا ہے کہ وہ یہودی کے پاس رہن تھی اور شاید کہ یہ حصر اضافی ہے مبنی
اوپر نہ اعتبار کرنے اور ایسی ویسی چیزون کے مثل پارچہ ملبوس و دیگر اسباب خانگی کے والا بروایات صحیحہ از روے احادیث
ثابت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑے کپڑے وغیرہ شروح بخاری مین ہے کہ ضمیر جعلہا کی تینون چیزون کی طرف
پھرتی نہ صرف جانب ارض اسلیے کہ آنجناب نے فرمایا ہے کہ نحن معاشر الانبیاء لا نورث ما ترکناہ صدقۃ یعنی ہم جماعت

انبیا کے ہین نہین میراث چھوڑتے ہین جو کچھ چھوڑتے ہین ہم صدقہ ہی عسقلانی نے کہا ہی کہ زمین کی مفتحہ کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کیا تھا پس یہ زمین حکم وقف مین ہوگئی تھی یعنی اُس زمین کو صدقہ جاریہ باقیہ اُسکے قائم رہنے تک کیا تھا اور کرمانی نے شرح صحیح بخاری مین لکھا ہی کہ زمین مذکور نصف وادی القریٰ مین تھی اور حصہ حضرت کا خمس خیبر سے اور حصہ نہ مین بنی نضیر سے اور صحیح مسلم مین حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ما ترک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دینارًا ولا درہمًا ولا شاۃً ولا بعیرًا ولا اوصی بشئی یعنی نہین چھوڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد وفات کے دینار اور نہ درہم اور نہ بکری اور نہ اونٹ اور نہ وصیت کی ساتھ کسی چیز کے یعنی قسم مال سے اسلیے کہ نہین چھوڑا کچھ مال تاکہ وصیت فرمائین اور جو کچھ کہ مال بنی نضیر و فدک وغیرہ کا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت حیات مین صدقہ کر دیا تھا مسلمانون پر بعد نفقہ عیال کے سوائے اُن چیزون کے جو حدیث عمرو ابن حارث مین مذکور ہین پس یہ جو محققین علما نے لکھا ہی کہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم کے نواح مدینہ مین اُونٹنیان چھوٹی ہوئین تھین اُنکا دودھ ہر شب آتا تھا اور بکریان چند دودھ پینے کے واسطے تھین سو یہ بات صلاحیت معارضہ اس حدیث کی نہین رکھتی اور اگر صحیح بھی ہو تو محمول ہی اسپر کہ وہ اُونٹنیان بھی صدقے کی تھین اور اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم اجمعین اُنکا دودھ پیا کرتے تھے اور مراد لا اوصی بشئی سے یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت نہین فرمائی تہائی مال اپنے کی مگر اس سے وصیت کرنا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ کتاب اللہ اور اہلبیت اور اخراج یہود کی جزیرۂ عرب سے اور احسان کرنا ایلچیون سے نکل گیا کیونکہ مراد اس سے نفی مطلق وصیت کی نہین ہی تو توضیح نعل یعنی پاپوش آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم طول مین ایک بالشت دو انگشت اور عرض متصل کعبین سات انگشت اور بطن قدم پانچ انگشت اور اوپر چھ انگشت اور سر نوکدار اور قبالین کے بیچ مین دو انگشت کذا قال الحافظ العلقمی فی حاشیۃ الجامع الصغیر فی احادیث البشیر النذیر وکذا ذکرہ محمد علی الدمشقی فی سیرت شامی قبال دو والی کہ بر طول نعلین بندند و آن دو تا باشد اور مثال نعل مبارک مین ثقات و معتمدین نے کتابین تصنیف کی ہین چنانچہ محدث تلمسانی کی دو کتابین ہین ایک کا نام ہی فتح المتعال اُسکے دوسرے باب مین مثال نعل مطہر کی اسناد لکھی ہین اور انتہا اُسکی اسمعیل ابن ابراہیم نواسہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر کی ہی کہ اصل نعل مبارک اُنکے پاس تھی اور منافع مثال مبارک کی مشہور ہین اور خواص اُسکے آفتاب سے زیادہ ظاہر ہی چنانچہ فتح المتعال مین ہی کہ قاسم ابن محمد نے فرمایا کہ جو کوئی مثال کفش مبارک کو تبرک کرکے اپنے پاس رکھے اسکو امان ہی باغیون کی بغاوت اور دشمنون کے غلبہ اور شیطان سرکش کے شر اور حاسد کی آنکھ سے اور حاملہ عورت درد زہ کی شدت مین سیدھے ہاتھ مین لیوے تو اُسکی مشکل آسان ہو جائے اللہ کے حکم سے تلمسانی نے کہا مین نے تجربہ کیا صحیح ہی اور اکثر معتمدین نے لکھا ہی کہ جس حاجت مین اُس سے توسل کیا گیا وہ حاجت برآئی اور جس تنگی مین اس سے توسل کیا گیا وہ آسان ہوئی تلمسانی نے کہا کہ

توضیح نعلین پاپوش حضرت صلعم

مین جہاز پر سوار تھا کہ طوفان سخت آیا اہل تجربہ کو نجات سے یاسی ہوئی مین مثال کفش مبارک ناخدا کو دی اُسنے قبول کیا
اللہ کی مہربانی سے جہاز بچ گیا اور دریا کے واقعون نے کرامت شمار کیا تو ضیح انگشتری حضرت صلی اللہ علیہ وسلم چاندی کی تھی
صحیحین مین عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی تھی کہ آپکے ہاتھ مین
رہتی تھی بعد وفات صدیق اکبر کے پاس تھی پھر عمر ابن خطاب کے نصیب ہوئی بعد ازان عثمان ابن عفان کو ملی یہان تک کہ چاہ اریس مین
گر گئی اور نہ ملی روایت ہی کہ معیقیب خاتم دار کے ہاتھ سے گری تھی اُسی کے بعد فتنہ اختلاف برپا ہوا اور شہادت حضرت عثمان کی بنا پڑی
گویا خاتم مین ایک سر تھا جس سے انتظام تھا جیسا خاتم سلیمان مین تھا اور صحیحین مین انس ابن مالک رضی سے روایت ہی کہ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی انگشتری مین نگین حبشی تھا کہ اسکو جانب کف دست رکھتے تھے اور انگوٹھی پتھر کی تھی مراد نگین
حبشی سے سنگ حبشہ ہی یا سنگ سیاہ یا صاف اُسکا حبشی تھا اور ایک روایت مین انس رضی اللہ عنہ سے ہی کہ انگشتری چاندی کی تھی
اور نگینہ بھی چاندی کا تھا پس جمع بین الحدیثین یون ہوتا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو انگوٹھیان تھین اور
ابو داؤد نے معیقیب صحابی رضی سے روایت کی کہ خاتم رسول اللہ لوہے کی تھی اُسپر ملمع تھا چاندی کا اور صحیحین مین عبداللہ
ابن عمر رضی سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگشتری بنوائی اور دست راست مین پہنی اور نگینہ متصل
کف دست رکھا سو لوگون نے بھی ویسا کر بنوائین تب حضرت صلعم نے منبر پر کھڑے ہوکر انگوٹھی اُتار ڈالی اور سبکو منع کیا اور فقہ
کہ انگشتری نقرہ مین اختلاف ہی بعضے بلا کراہت استعمال اسکا جائز جانتے ہین اور بعضے کہتے ہین کہ اگر بقصد زینت ہی تو مکروہ ہی
اور بعضے قاضی اور مفتی کے واسطے جائز رکھتے ہین اور کہتے ہین کہ وزن مثقال سے کم چاہیے سواسطے کہ استعمال طلا اور فضہ مین
اصل حرمت اور کراہت ہی تو چاہیے کہ قدر ضرورت سے زیادہ نہو اور اسی سبب سے دو انگوٹھیان یا زیادہ اس سے پہننا مکروہ ہی لیکن بنانا
انگوٹھیون کا منع نہین ہی اور دلائل ہر ایک قائل کے کتب فقہ مین مسطور ہین لیکن صحیح یہ ہی کہ استعمال خاتم نضہ بلا خصوصیت درست ہی
اکثر اصحاب باصفا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پہنتے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہین کیا الا استعمال خاتم طلا بالاتفاق
ائمہ اربعہ مکروہ ہی اس دلیل سے کہ صحیحین مین براء ابن عازب سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے ہمکو انگشتری طلا اور آوند طلا سے
منع کیا ہی اور اسحق ابن راہویہ نے رخصت دی ہی اور ایک جماعۃ علما کے قائل ہی کہ پانچ صحابی اپنی وفات تک سونے کی انگوٹھی استعمال کرتے رہے
اور مصعب بن سعد کہتے ہین کہ مین نے طلحہ اور سعد رضی اللہ عنہم کے پاس انگوٹھیان سونے کی دیکھی تھین اور نسائی نے روایت کی ہی کہ حضرت
عثمان نے صہیب رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ سبب کیا ہی جو تیرے پاس انگشتری طلائی نظر آتی ہی صہیب نے کہا یہ انگشتری اُسنے دیکھی ہی جو تجھسے بہتر تھا
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا وہ کون تھا صہیب نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کذا فی الموہب لدنیہ بعد تحقیق واضح ہوتا ہی کہ حدیث حرمت و نہی سے
شاید طلاع نہوئی تھی اور انگشتری لعل مین بھی اختلاف ہی بعضے قائل بجواز ہین اور بعض قائل بکراہت اور انگشتری بخی بالاتفاق مکروہ ہی تو ضیح بیان
اسماء کریمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نام میرا محمد اور احمد ہی اور ماحی کہ نابود کرتا ہی اللہ کفر کو اسکے سبب سے اور حاشر کہ
سب سے پیچھے محشور ہونگا اور عاقب کہ بعد میرے کوئی نبی نہوگا اور دوسری روایت مین مقفی اور نبی التوبۃ

اور نبی الرحمۃ اور نبی الملحمہ اور خدا تعالے نے اپنے کلام قدیم مین یہ نام فرمائے ہین بشیر و نذیر و رؤف و رحیم و رحمۃ للعالمین و طٰہٰ و یٰسین و مزمل و مدثر و عبداللہ و عبد و مزکی و معلم الکتاب و الحکمۃ و ہادی الی الصراط المستقیم و الرسول الکریم و النور و الشاہد و المبشر و الداعی الی اللہ باذنہ و السراج المنیر و رسول اللہ و خاتم النبیین و الرسول النبی الامی و النجم الثاقب و الشہید و الرسول المبین و قدم الصدق و نعمۃ اللہ و العروۃ الوثقی و الرسول الامین اور یہ بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام ہین - امین اور مامون و ولی و سید ولد آدم و سید الناس یوم القیامۃ و دعوۃ ابراہیم و اول من شق عنہ الارض و قاسم و ابو القاسم اور کتب قدیمہ الہیہ مین نام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ تھے المتوکل و المختار و مقیم السنۃ و المقدس و قثم و ہو الجامع الکامل و صاحب القضیب و صاحب العراوۃ اور عراوۃ لغت مین عصا کو کہتے ہین اور عرب لوگ عصا سے اونٹ ہانکتے ہین سو صاحب العراوۃ اشارہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم عربی تھے اور صاحب التاج و روح الحق و ہذا معنی الفارقلیط فی الانجیل و ماذ ماذ معناہ طیب طیب و الخاتم بکسر التاء و الخاتم بفتح التاء یعنی احسن الانبیاء خلقاً و خلقاً اور سریانی مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مشفع و متمما اور توریت مین احید اور جو اسماے رسول امت کی زبان پر مشہور ہین اور خلف بی سلف سے نقل کیے ہین وہ یہ ہین مصطفےٰ و مجتبیٰ و شفیع و مشفع و منفی و مصلح و طاہر و الصادق المصدوق و امام المتقین و قائد الغر المحجلین یعنی کھینچنے والے گھوڑون کے جنکی پیشانی اور قوایم سفید ہون یہ اشارہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بسبب آثار وضو کے روشن رو اور یاد دست ہوگی کہ اس نشانی سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکو حوض پر بلا دین گے و حبیب رب العالمین و صاحب الحوض المورود و اللواء المعقود و المقام المحمود و المحضر المشہود و صاحب الازواج الطاہرات و العلو و الدرجات و العربی و القرشی و التہامی و المکی و المدنی و الابطحی و سید المرسلین و شفیع المذنبین و قائد الوافدین الی رب العالمین اور ابو الحسن جیرانی مغربی نے اپنی کتاب مین ننانوے نام بیان کیے ہین اور ابو بکر ابن العربی اپنی کتاب احوذی شرح شمائل ترمذی مین فرماتے ہین کہ اللہ جلشانہ کے ہزار نام ہین اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی ہزار ہین

توضیح در بیان اصحاب رسول اللہ صلعم پوشیدہ نرہے کہ شمار صحابہ اور ضبط اسمارا و تحقیق اور ثابت نہین لیکن اسقدر کہتے ہین کہ حجۃ الوداع مین ہمراہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نوے ہزار اصحاب تھے اور بعضے چالیس ہزار بھی کہتے ہین اور مسلک اہل سنت و جماعت یہ ہے کہ بعد خلفاے راشدین کے طلحہ و زبیر اور عبدالرحمن ابن عوف اور سعد ابن ابی وقاص اور سعید ابن زید اور ابو عبیدہ ابن الجراح افضل ہین اور بعد انکے افضل صحابہ اہل بدر پھر اہل احد اور پھر اہل بیعت رضوان اور یہ ترتیب نزدیک اہل سنت کے بالاجماع ہے اور زیادہ اس سے تفصیل اس مسئلہ کی متعلق کتب عقائد سے ہے اس کتاب سے علاقہ نہین رکھتی اور یہ بھی واضح ہو کہ احادیث صحیحہ شان صحابہ مین عموماً وارد ہین کہ انسے افضلیت اور اکثریت ثواب انکی تمام امت پر

ثابت ہوتی ہی اور بھی حدیث صحیح سے ثابت ہوتا ہی کہ صحابہ تابعین سے اور تابعین تبع سے اور تبع تابعین مابعد اپنے سے افضل ہین اور اصحاب جمع صاحب کی ہی جسطرح اطہار جمع طاہر کی یا جمع ہی صحب کی جسطرح راکب و رکب یا جمع صحب بفتحتین آہم جمع صاحب جسطرح خادم و خدم یا جمع صحب بکسر حا مخفف صاحب و جمع صاحب صحابہ بھی آئی ہی اور مجمع البحار مین ہی کہ سوا سے اس جمع کے فاعل کی جمع فعالہ نہین آئی اور صاحب از روے لغت ہمنشین اور ملازم کو بولتے ہین اور اصطلاح محدثین مین صاحب و صحابی وہ ہی جسنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حالت ایمان مین ملاقات کی ہو اور ایمان پر مرا ہو اگرچہ اس عرصہ مین مرتد ہوکر پھر ایمان لایا ہو اور عام ہی اس سے کہ رجوع بجانب اسلام حیات رسالت مآب صلعم مین ہوا ہو یا بعد وفات مثل عبداللہ ابن سعد ابن ابی السرح کہ حیات آنحضرت مین پھر ایمان لایا اور مثل اشعث ابن قیس کندی اور جو کوئی حالت ردت مین مرا مثل ابن ابی حنظل و ربیعہ ابن امیہ ابجی و عبد ابن حجش وہ ہرگز صحابی نہین ہی اور مراد ملاقات در ایمان سے وہ ہی جو بعد بعثت حضرت صلعم کے ہوئی ہو خواہ صحبت اور بعضے تعمیم کرتے ہین کہ قبل بعثت ہو یا بعد اتفاق ہی زید ابن عمر ابن نفیل اور ورقہ ابن نوفل وغیرہ اور درویش داخل صحابہ ہوتے ہین کیونکہ ان لوگون نے پیش از نبوت حضرت صلعم کو جان لیا تھا کہ پیغمبر آخر الزمان ہین اور قبل بعثت مر گئے اور ملاقات بھی عام ہی کہ قبل سن تمیز ہو یا بعد پس محمد ابن ابی بکر کہ تین مہینے چند روز قبل وفات حضرت صلعم کے پیدا ہوے تھے داخل اصحاب ہین اور بعض استیازو بلوغ شرط کرتے ہین اور بعض استداد مدت صحبت بھی بقدر عرف شرط کرتے ہین اور بعض مدت صحبت چھ مہینے قرار دیتے ہین اور سعید ابن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ مین شمار نہین کیا جاتا مگر وہ شخص جو ایک برس حضرت کی خدمت مین رہا ہو اور کسی غزوہ مین بھی شریک ہوا ہو و الصحیح ما ذکرنا اولا اور جو کوئی شخص بعذر نابینائی جمال مصطفوی کے مشاہدہ سے معذور رہا ہو اوسکی صحابیت مین کچھ اختلاف نہین ہے جسطرح عبداللہ ابن مکتوم ولہذا تعریف صحابی مین بدل رویت لفظ ملاقات محققین نے اختیار فرمائی ہی اور جس کسی نے حضرت صلعم کو بعد وفات عیانا اور کشفا بیداری یا خواب مین دیکھا ہی اوسکا شمار صحابہ مین نہین ہی اور جو بابا رتن نے سال ششصد و بست ہجری مین دعوی صحابیت کیا تھا وہ قابل سماعت نہین ہی اور اخیر صحابہ وفات ابو الطفیل عامر ابن واثلہ لیثی تھے کہ انہون نے سنہ مائۃ و عشر مین وفات پائی ہی اور جو لوگ کہتے ہین کہ عکراس ابن ذویب بعد قضیہ جمل کے ستر برس زندہ رہے محض بے اصل ہی کذا فی الشرح و رد التقریب من تالیفات مفتی سید محمد ولی اللہ فرخ آبادی اور اصح یہ ہی کہ صحابی عام ہی شامل جن و انس کو لیکن دخول ملائکہ صحابہ مین مثل جبرئیل و میکائیل علیہما السلام کے سو یہ بات موقوف ہی ہے کہ حضرت صلعم رسول ملائکہ بھی تھے یا نہین جو شخص قائل بقبول اول ہی وہ انکو صحابہ مین داخل کرتا ہی اور بعض جنات کا صحابہ مین ہونا ثابت ہوتا ہی مگر ابن اثیر کا میلان اسطرف ہی کہ جن صحابہ مین نہین ہین اگرچہ مسلمان ہون اور حضرت اویس قرنی ابن عامر کہ منسوب بجانب قرن ہین ردیان بن ناجیہ بن مراد کے ہین داخل اصحاب نہین ہین مگر بہتر تابعین مین ہین اور آنحضرت صلعم نے انکے حق مین فرمایا ہی کہ بہتر تابعین ایک شخص ہی کہ کہا جاویگا اوسکو اویس اور اوسکی ایک والدہ ہی اور جو کوئی شبہ کرے کہ امام احمد حنبل سے

منقول ہی کہ بہتر اور افضل تابعین سعید ابن المسیب ہین یہ اوسکی منافی ہی سو کچھ منافات نہین کیونکہ خیریت و فضلیت اویس کو باعتبار کثرت ثواب کے ہی خدا کے نزدیک اور فضلیت سعید ابن المسیب کی باعتبار معرفت علوم اور احکام شرائع کے ہی اور جو کوئی توہم کرے کہ اویس نے تخلف کیا صحبت رسول مقبول صلعم سے سو خود حضرت صلعم کے فرمانے سے ثابت ہوا کہ اوسکی ماں کے سبب سے ہی یعنی بسبب خدمت احسان ماں کے حاضر نہین ہوا للہذا توہم رفع ہو گیا چوشیدہ نہ رہی کہ اخبار اور آثار شان اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ مین بہت تواتر وہوے ہین چنانچہ علامہ سیوطی نے جمع الجوامع مین اکثر ذکر کیے ہین کاتب الحروف اس مقام پر چند اخبار اوسمین سے گذارش کرتا ہی از انجملہ صحیح مسلم مین عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے ان رجلا یاتیکم من الیمن یقال لہ اویس لا یدع بالیمن غیر امّ لہ قد کان بہ بیاض فدعا اللہ فاذہبہ الا موضع الدینار او الدرہم فمن لقیہ فلیستغفر لکم و فی روایۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان خیر التابعین رجلا یقال لہ اویس ولہ والدۃ وکان بہ بیاض فمرّوہ فلیستغفر لکم یعنی تحقیق ایک شخص آوے گا تمھارے پاس یمن کی جانب سے کہا جائیگا اوسکو اویس نہ چھوڑے گا یمن مین سوا سے والدہ اپنی کے یعنی نہین ہی اوسکے لیے عیال و اہل یمن مین سوا سے ماں کے اور نہین باز رکھا ہی اوسکو آنے سے مگر اوسکی خدمت نے تحقیق تھی اوسکے بدن مین سفیدی یعنی برص پس دعا کی اللہ سے سو دور کیا اللہ نے اوسکو مگر مقدار دینار کے یا درہم کے پس جو شخص ملے اویس سے چاہیے کہ بخشش طلب کرے تمھارے لیے یعنی چاہیے کہ درخواست کرے وہ شخص اوس سے کہ بخشش طلب کرے وہ اوسکے لیے اور ایک روایت مین یون آیا ہی کہ کہا عمر نے سُنا مین نے رسول خدا سے فرماتے تھے تحقیق بہتر ین تابعین ایک شخص ہی کہا جائیگا اوسکو اویس اور اوسکے لیے ماں ہی اور تھی اوسکے برص پس حکم کرنا اوسکو اور چاہنا اوس سے کہ استغفار کرے تمھارے واسطے

فائدہ باقی رکھنا برص کا مقدار درہم کے شائد کہ علامت کے طور پر ہو یا اسواسطے ہو کہ اویس بسبب شرم کے تنفر کرین لوگون سے اور اسلیے وہ دوست رکھتے تھے گوشہ نشینی اور گمنامی اور مکروہ جانتے تھے شہرت و مخالطت کو اور ایک روایت مین آیا ہی کہ یہ بسبب دعا کرنے اویس کے تھا کہ دعا کی تھی الٰہی چھوڑ میرے جسم مین کچھ نشان اوسکا کہ یاد کرون مین بسبب اوسکے نعمت تیری اور جو حضرت نے بہتر ین تابعین فرمایا سو اسکے لیے کہ حضرت کے زمانے مین تھے اور بسبب مانع شرعی کے حاضر ہونے سے محروم رہی اور اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ دعا طلب کرنی چاہیے اہل خیر و صلاح سے اگرچہ طالب افضل اونسے ازانجملہ روایت کیا ہی ابو القاسم عبد العزیز بن جعفر الحرمی نے اپنے فوائد مین اور خطیب اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ مین یحیی ابن سعید سے اور اونسے سعید ابن المسیب سے اور اونسے عمر ابن خطاب سے کہ عمر نے کہا فرمایا حضرت صلعم نے ایکدن اے عمر مین نے کہا لبیک سعدیک یعنی حاضر ہوا مین رجو حکم ہو بجا لاؤن یا رسول اللہ پس گمان کیا مین نے کسی کام کو بھیجین گے فرمایا اے عمر میری امت مین ایک شخص ہوگا کہ اوسکو اویس قرنی کہین گے پہونچیگی اوسکو ایک بلا جسد مین یعنی برص پس دعا کریگا خدا سے سو دور کردیگا خدا مگر ایک قدر پہلو مین رہجائیگا کہ جب اوسکو دیکھیگا یاد کریگا اللہ کو

سو جب ملے تو اوس سے تو کہنا میری طرف سے سلام اور اپنے لیے دعا کرانا اسلیے کہ وہ کریم و بزرگ ہی نزدیک پروردگار کے اگر قسم کھاوے خدا پر سچا کرے اوسکو خدا شفاعت کریگا وہ مانند ربیعہ و مضر کے لیے کہ نام دو قبیلوں کے ہین کہ بہت لوگ تھے اونمین یعنی بہت لوگونکی شفاعت کریگا عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ طلب کیا مین نے اوسکو حضرت صلعم کی جناب مین وہ نہ ملا پھر طلب کیا مین نے ابوبکر کی ملا نہین پھر بھی نہ ملا اور ڈھونڈا مین نے اوسکو اپنی امارت مین کہ تلاش کرتا تھا قافلون کو جو شہرون سے آتے تھے اور کہتا تھا تم مین کوئی شخص مرادی یا قرنی ہی کہ اوسکا نام اویس ہو آخر ایک شخص نے کہا کہ وہ میرے چچا کا بیٹا ہی اے امیرالمومنین تو پوچھتا ہے ایک مرد پست و خوار قرنی کو وہ ایسا نہین کہ تم شخص اوسکا حال پوچھے مین نے کہا مین دیکھتا ہون تجکو اوسکے مقدمہ مین ہلاک ہونیوالونسے الغرض یہی ذکر کر رہا تھا کہ ایک شخص دفعتاً نمودہوا اونٹ کہنہ پلان پر سوار جامہ کہنہ پہنے ہوے سو میرے دل مین آیا اویس یہی ہوگا مین نے کہا تو ہی اویس قرنی ہی اوسنے کہا ہان مین نے کہا پیغمبر خدا صلعم نے سلام کہا تھا تجکو اوسنے کہا علی رسول اللہ السلام علیک یا امیرالمومنین پھر مین نے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا تھا تجکو کہ دعا کرو میرے لیے بعد ازان ملاقات کرتا تھا مین اوس سے ہر سال یعنی حج مین اور کہتا تھا مین احوال واسرار اپنے اوس سے اور وہ کہتا مجھسے اور ابن عساکر نے حسن بصری سے روایت کی ہی کہ جب اہل قرن حج مین آئے تو پوچھا امیرالمومنین عمر رضہ نے کہ آیا تمھارے درمیان مین اویس ہی ایک شخص نے کہا ایک شخص ہی کھنڈرون مین رہتا اور لوگونمین نہین آتا عمر رضہ نے کہا میرا سلام پہونچانا اور کہنا کہ ملاقات کرو مجھسے سو پہونچایا اوشخص نے پیغام عمر رضہ کا اور آیا عمر رضہ نے کہا تم ہی اویس ہو کہا ہان پھر اوسکا حال جو حضرت صلعم نے بیان فرمایا تھا کہا اور دعا کی درخواست کی کہ اویس نے دعا فرمائی اور کہا اے امیرالمومنین حاجت میری تمسے یہ ہی کہ میرا حال لوگونسے چھپاؤ اور اذن دو کہ مین پھر جاؤن یہان سے پھر ہمیشہ رہے اویس پوشیدہ لوگون مین یہانتک کہ بروز نہاوند شہید ہوے اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ مین ابن عباس سے روایت کی ہی کہ حضرت عمر رضہ نے موسم حج مین اہل یمن قبیلۂ مراد سے نشان اویس قرنی کا دریافت کیا معلوم ہوا کہ اراک غزہ مین اونٹ چراتے ہین چنانچہ عمر فاروق اور علی مرتضی سوار ہوکر اراک مین آئے دیکھا ایک شخص نماز پڑہتا ہی اور سجدہ گاہ سے نظر لگائے ہی دونون نے کہا یہی شخص ہوگا جب سنے آپکی آہٹ سنی تو نماز کو سبک کرکے فارغ ہوا دونون نے سلام کیا اویس نے جواب سلام دیا پھر پوچھا نام کیا ہی کہا عبداللہ علی مرتضی نے کہا جو کوئی آسمان و زمین مین ہی وہ عبداللہ ہی قسم دیتا ہون تجھکو پروردگار کعبہ کی کہ نام تیرا جو تیری ماں نے رکھا ہی کیا ہی کہا کیا چاہتے ہو تم نام میرا اویس بن بدار ہی حضرت عمر و حضرت علی نے کہا کھول گریبان پہلو اپنا سو کھولا تو ایک لکہ سفید مقدار درہم نظر آیا سو دوڑے دونون کہ بوسہ دین اوس دیکھنے کو پھر کہا کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا تجھکو سلام اور تو ہمارے لیے دعا کر کہا میری دعا تمام مشرق و مغرب کے مسلمین و مسلمات کیواسطے ہی کہا ہمارے واسطے بالخصوص دعا کر سو دعا کی اویس نے اونکے اور تمام مومنین و مومنات کے لیے پھر کہا عمر رضہ نے کہ دون مین تجھکو کچھ اپنے رزق سے یا اپنی عطا سے کہا دو کپڑے میرے پرانے ہوگئے ہین اور دونون پاپوشین گانٹھی گئی ہین اور میرے پاس چار درہم ہین جب ہو چکین گے لیلونگا اور کہا جو کوئی آرزو کرتا ہے ہفتہ کی آرزو کرتا ہے مہینے کی اور جو کوئی آرزو کرتا ہے مہینے کی آرزو کرتا ہے سال کی بعد ازان سپرد کیے اونٹ قوم کے اور چلے گئے پھر نظر نہ آئے **توضیح در بیان معجزات** محقق دوانی کہتے ہین کہ معجزہ وہ ہی کہ برخلاف عادت مدعی نبوت کے

ہاتھ پر بنا بر طلب غلبہ وقت نزاع منکرین ظاہر ہوا اور دلالت صدق پر کرے اور معارضہ اوسکا امکان سے باہر ہو اس لیے یہ معجزہ ہے
اوّل یہ کہ افعال الٰہیہ سے ہو دوسرے عادت الٰہی کے خلاف ہو یعنی بمباشرت اسباب نہ ہو پس سحر خارج ہو گیا اگرچہ ظہور اوسکا مدعی نبوت کے ہاتھ پر ہو
تیسرے ظہور اسکا نبی کے ہاتھ پر ہو پس کرامات اولیا معجزات نہوئے اور جو کہتے ہیں کرامات ولی معجزات ہیں حق نہیں ہیں سو یہ سخن بطریق تشبیہ ہے
کما قال المحقق الہیانجی چوتھے یہ کہ اظہار معجزہ بمنازعت ہو تا کہ تحدی پائی جائے پس ارہاصات کہ بنا بر تاسیس و تمہید نبوت قبل نبوت ظاہر ہوئے ہیں
اونکو معجزات نہ کہیں گے جسطرح سایہ کرنا ابر کا اور شق ہونا صدر کا اور ارہاص از روے لغت بمعنی ضبوط و محکم کردن بنا از آب و سنگ است
اس جگہ سے ظاہر ہوا کہ جو خارق عادات قبل از ظہور نبوت ظاہر ہوے ہیں بنا بر استحکام امر نبوت اونکو ارہاصات کہتے ہیں اور مجموع خارق عادات
چار ہیں ایک استدراج جو کہ کفار و فساق سے ظاہر ہوتا ہے دوسرا معونت جو عموم ناس اہل اسلام سے ظاہر ہو تیسرا کرامت جو اولیا اون سے ظاہر ہو
اور قید دعوی نبوت سے یہ تینوں قسمیں خارج ہو گئیں چوتھا سحر ہے کہ باعتبار ظاہر گرچہ حقیقت سحر خارق عادت نہیں ہے بلکہ ظہور اسکا بسبب
جو کوئی اُن اسباب سے مباشرت کرے اوس سے ظاہر ہو جاے اور پر ظاہر ہے کہ جو چیز بسباب عادیہ سے ظاہر ہوتی ہے وہ خارق عادت نہیں ہے
جسطرح شفاے مریض ادویۂ طبیہ یا رقیہ سے پانچویں وہ معجزہ موافق دعوی ہو یعنی اگر ظہور معجزہ بر خلاف دعوی ہو تو معجزہ نہیں ہے جسطرح
مسیلمہ کذاب نے آب دہن اپنا ایک کنوین میں ڈالا اور دعوی کیا کہ پانی بہکا بڑھے گا سو کم ہو گیا یا شفا کی دعا کی وہ مریض مر گیا یا بصارت کی
دعا مانگی وہ اندھا ہو گیا پوشیدہ نرہے کہ دعوی سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ دعوی صریح کی حاجت ہے بلکہ دعوی صریح کی حاجت نہیں ہے
قراین حالیہ کافی ہیں یعنی مقارنت سے یہ مراد نہیں ہے کہ فی الحال ہو بلکہ ظہور اسکا ایام نبوت میں مقارنت کیواسطے کافی ہے چھٹے اوس معجزہ کو
کذب پر دلالت نہو مثلاً نبی مبعوث فرمائے کہ میں اس حیوان کو بلاتا ہوں پھر وہ حیوان تو بولا لیکن اسنے کہا کہ یہ شخص کاذب ہے اسکو بھی معجزہ
نہیں کہیں گے ساتویں کوئی شخص اسکا معارضہ نکر سکے اگر خداوند تعالے دوسرے کے ہاتھ پر مثل اوسکے ظاہر کرے اور وہ معارضہ کرے تو دونوں کو
معجزہ نہیں کہیں گے کیونکہ معجزہ کو معجزہ اس سبب سے کہتے ہیں کہ خلق اُسکے اتیان مثل سے عاجز ہے تو درحقیقت اعجاز صفت خدا ہے جب یہ مقدمہ
معلوم ہوا تو اب جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے ہر ایک پیغمبر کو معجزے عنایت کیے ہیں تا اُنسے اوس پیغمبر کی راستی و پیغمبری ثابت ہو اور خلق
اُنکا ایمان لائے اور عادت الٰہی یوں جاری ہے کہ جس زمانے میں جس چیز کا بہت چرچا ہوا ہے اُسوقت کے پیغمبر کو اوسی قسم کا معجزہ بدون
سیکھنے کے عنایت ہوا ہے تا کہ لوگوں کو پیغمبر کی راستی بیشک و شبہہ معلوم ہو چنانچہ حضرت موسی علیہ السلام کے عہد میں جادو کا چرچا تھا اونکو
عصا ملا کہ سانپ بنجاتا تھا اور حضرت عیسی کے وقت میں طب کا چرچا تھا اونکو شفاے مرضی کا معجزہ ملا اور ہمارے حضرت صلعم کے عہد میں
فصاحت اور بلاغت کا عرب میں بڑا شور و زور تھا اسواسطے قرآن مجید اول معجزہ عنایت ہوا اور یہ ارشاد ہوا کہ ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا
بسورۃ من مثلہ یعنی اگر تمکو اس پیغمبر کی رسالت میں اور اس کلام کی حقیقت میں شبہہ ہو تو ایک سورہ کے برابر کہو سو تمام فصحاے عرب عاجز ہو گئے
اور کسی سے برابر ایک آیت کے بھی نہو سکا اور اگر ہو سکتا تو ضرور کہتے سہل کام چھوڑ کر اپنی جان دینا کیون قبول کرتے اور یہ معجزہ بسبیل تحدی
قرآن مجید میں موجود ہے کہ لئن اجتمعت الانس و الجن علی ان یاتوا بمثل ہذا القرآن لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا یعنی اگر
جمع ہوں انسان و جن اسپر کہ لائیں مانند اس قرآن کے تو نہ لاسکیں گے اگرچہ ہو ایک دوسرے کا پشت پناہ اور یہ تو عجب نرالا معجزہ ہے

کہ قیامت تک قائم رہے گا اور پیغمبرون کے معجزے باقی نرہے اور جب قیامت تک ہاتو ہر دم آنحضرت صلعم کے معجزے کی دلیل قائم ہی
پھر ہر زمانے مین قیامت تک لوگ مسلمان بھی ہوتے جائینگے اور ایک بڑا اعجاز یہ ہو کہ ساڑھے بارہ سو کئی برس گذرے ہین
اور قرآن شریف مین کسیطرح اختلاف نہین پڑا حالانکہ اسلام مین بہت مذہب ہوگئے اگر اعجاز نہوتا تو ہر شخص اپنے مذہب کے موافق
جو چاہتا بنالیتا یعنی محفوظ ہونا اسکا تحریف وتصحیف سے بھی اعجاز ہی چنانکہ حضرت جل جلالہ فرماتے ہین نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون
یعنی ہمنے اوتارا ہی قرآن اور ہم اوسکے حافظ ہین یعنی جسطرح اسکا ظہور بلا دخل خلق ہی اسیطرح کمی اور بیشی دخل وتصرف خلق سے
نہوسکے گی اور بھی ارشاد ہوتا ہی لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ یعنی نہ آویگا اس قرآن مین باطل آگے سے نہ پیچھے سے
یعنی کمی وبیشی ایسی کہ اوسکے اوصاف اور فواصل کو مرتبۂ حجیت سے ساقط کردے نہونے پائے گی کیونکہ اسطرح کا دخل اور تصرف تبدیل
امور باطلہ سے ہی بلکہ دشمن اوسکے جامین کے بیان کرتے ہین لا یہدم ارکانہ ولیس علی احد بعد القرآن من فاقہ یعنی قرآن کے
کوئی جز نکرایا جائیگا اور کوئی جز محتاج الیہ حصول نجات کے لیے نہین ہے بعد قرآن موجود کے نہ یہ کہ نبی متقدم کی تبلیغات الٰہیہ کی
نسبت نبی متاخر گواہی دے کہ اس امت کے عالمون نے اوس کلام کو متغیر کر ڈالا ہی اور اوسکی باتون کو بدل ڈالا ہی اور اپنی
بدعقیدگی کے رونق دینے کو اوسے ناکارہ کردیا ہی اور اوسکی تحریف کرنیوالے ہین اور آیندہ کو دروغ ملانے والے پیدا ہونگے چنانکہ
توریت وانجیل کی نسبت حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام نے فرمایا ہی اور پولوس اور پطرس حواریون نے بیان کیا ہی
اس مقام سے معلوم ہوا کہ توریت وانجیل مین کچھ اعجاز نتھا اسی سبب سے اونمین تحریف وتصحیف واختلاف ظاہر ہوا ہی چنانکہ مولوی
آل حسن موہانی نے رسالۂ استفسار مین اور مولوی عباس علی جاجموی نے صواعقہ الضیغم مین مفصل اس باب تحریف کو بیان کیا ہی
پس یہ معجزہ معجزات متواترہ قطعیہ یقینیہ مین سے ہی اور اسی سے حضرت صلعم احتجاج فرماتے تھے کہ اس باب مین کسیکو اختلاف نہین ہی
اگرچہ منکر لوگ صحت احتجاج مین گفتگو کرتے ہین اما اصل ظہور مین حضرت صلعم سے اور معارضہ باتیان اوسی سورۃ مین کچھ کلام نہ
کرتے اور جو بعضے جہلا موفق سے کہتے ہین کہ اور کتابین بھی ایسی ہین کہ اپنا نظیر نہین رکھتین مانند شاہنامہ فردوسی اور گلستان
سعدی وغیرہ سو یہ قول دلیل وقفیت حقیقت معجزہ اور کیفیت اعجاز قرآن شریف سے ہی کیونکہ اعجاز قرآن اس سبب سے ہی
کہ ہمارے خاتم النبیین صلعم نے اوس سے تحدی فرمائی اور مخاطبین عاندین عاجز آئے اور یہ بات اور کتابون مین کہان واقع ہوئی
اور کسنے اونسے تحدی کی اور کس مقام پر عجز مخاطبین ظاہر ہوا اور محض انعدام نظیر اعجاز نہین ہی ورنہ اسکے ادراک اس بات کا
کہ فلان کتاب عدیم النظیر ہی ممکن نہین ہی جبتک ملکۂ راسخہ معرفت بلیغ وابلغ مین نرکھتا ہو اور جم غفیر بلکہ کافۂ اہل بلاغت
اس امر پر مجتمع نہون پس عدیم النظیر ہونا اون کتابون کا جنکو ناواقف اپنے زعم مین عدیم النظیر قرار دیتے ہین قابل تسلیم نہین ہی
اور عدیم النظیر ہونا شاہنامہ فردوسی کا غلط محض ہی میرزا محمد تورانی متخلص آشوب نے کتاب صولت فاروقی بہتر از شاہنامہ تالیف کی ہی
اور فردوسی پر اکثر جرح کرتا ہی فائدہ پوشیدہ نرہے کہ علما کے وجوہ اعجاز مین کئی قول ہین بعضے متکلمین کہتے ہین کہ یہ اسلوب بدیع
وتالیف عجیب من حیث المطالع والمقاطع کلام بشر مین اصلا پایا نہین جاتا ہی بحث سے عقول صحیحہ اور قلوب ذکیہ معارضہ مین متحیر ہین اور

وجوہ اعجاز قرآن

جمہور متکلمین قائل ہین کہ اس کلام کی فصاحت اور بلاغت اعلیٰ مراتب مین واقع ہی کہ طاقت بشریہ سے خارج ہی یہی اعجاز ہی
اور ابوبکر باقلانی کہتے ہین کہ حسن اسلوب اور تالیف مرغوب اور غایت فصاحت اور نہایت بلاغت اعجاز ہی اور نظام کے نزدیک یہ
کہ اللہ تعالے نے خلق کو باز رکھا ہی جسطرح نمرود مردود کو معارضۂ حضرت ابراہیم خلیل علیہ السّلام مین مبہوت فرمایا اور قاضی عیاض نے شفا مین
لکھا ہی کہ باعتبار بلاغت قرآن مین سات ہزار سے کچھ زیادہ معجزے ہین اور اسپر ایک دلیل قوی ذکر کی ہی یعنی یہ کہ محققین نے فرمایا ہی کہ
کلام اللہ مین سے جسقدر کلام کہ برابر سورۂ انا اعطیناک الکوثر کے ہی معجزہ ہی اور یہین دس کلمے ہین اور تمام کلام اللہ مین کچھ اوپر ستر ہزار
کلمے ہین سو جب ستر ہزار کو دس پر قسمت کرین سات ہزار سات سو حاصل ہوتے ہین پس قرآن مین سات ہزار سات سو معجزے آئے ہین
اور بڑا اعجاز کلام اللہ کا یہ ہی کہ مشتمل اخبار آیندہ پر ہی کہ اسکے مطابق واقع ہوا اور اس معجزہ کو اہل کتاب پیشین گوئی کہتے ہین اور یہ
اونکے نزدیک عمدہ معجزون مین شمار کیا جاتا ہی اور کلام اللہ بہت پیشین گوئیون پر مشتمل ہی اور چند پیشین گوئیان ہم کتاب مین لکھی جائینگی
اور محقق دوانی کہتے ہین کہ اللہ تعالے نے قوت معارضہ خلق سے سلب کرلی ہی سوا سے ان سب امور کے اظہار امور مخفیہ و غیبیہ اخبار استقبال
کہ وسعت بشریہ سے خارج ہی مثلاً خبر غلبۂ روم بر فارس و خبر فتح مکہ و خبر دخول مردم در دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم و افشار اسرار کفار و
منافقین بھی اعجاز ہی اور اشتمال قرآن قصص انبیا پیشین اور امم سالقین پر مثل قصۂ ابراہیم و یونس و یوسف و عیسی علیہم السّلام و ذکر القاب
اور اصحاب کہف کہ بخبر اخبار اہل کتاب علم انکا ممکن نتھا اور حضرت صلعم نے باوجود اُمّی محض ہونیکے بروجہ صحیح بیان فرمائے یہ بھی اعجاز ہی
اور لحوق خوف و رعب کہ قلب سامعین پر طاری ہوتا ہی اور حصول ذوق و شوق جو قاری اور سامع کو ہوتا ہی یہ بھی اعجاز ہی اور اجتماع
حقائق و معارف یقینیہ اور دلائل و براہین عقلیہ اور احکام و شرائع ضروریہ اور خیرات و حسنات دینیہ اور دنیویہ باوجود وجازت الفاظ
وجوبت معانی بھی اعجاز ہی اور آسانی حفظ متعلمین کہ اعمی و بصیر و اطفال صغیر مدت قلیل مین کرلیتے ہین عجب اعجاز ہی بخلاف دیگر کتب
منزلہ کہ سوا سے پیغمبرون کے کسی کو یا نہوتی تھی دوسرا معجزہ شق القمر ہی کہ ثبوت اسکا باجماع مفسرین و محدثین کریمہ اقتربت الساعۃ
وانشق القمر وان یروا آیۃ یعرضوا ویقولوا سحر مستمر سے ہوتا ہی یعنی پاس آگئی وہ گھڑی اور پھٹ گیا چاند اور اگر وہ دیکھتے ہین کوئی نشانی
ٹال جاتے ہین اور کہتے ہین یہ جادو چلا آتا ہے یعنی قیامت قریب پہونچی اور دور پیغمبر آخر الزمان آیا اور جو تم منکر قیامت ہو اس سبب سے
کہ وہ مستلزم اجرام علویہ کی خرابی کی ہی تو چاند پھٹ چکا اور لوگون نے دیکھا اب کوئی استحالہ باقی نہین رہا اور امتناع خرق والتیام
ببداہت عقل باطل ہوگیا اگر کوئی بیوقوف جاہل کہے کہ مراد انشقاق قمر سے انشقاق وقت نفخ صور کا مراد ہی تو جواب اول یہ ہی کہ یہ قول
بسکا غلط محض ہی کئی وجہ سے اوّل یہ کہ انشقاق قمر کی کچھ خصوصیت اسوقت مین نہین ہی بلکہ جملہ سماویات کا یہی حال ہونا ہی
دوسری یہ کہ وہ انشقاق زمانۂ آیندہ مین ہی اور آیۂ کریمہ دلالت ماضی پر کرتی ہی تیسری یہ کہ انشقاق وقت نفخ صور بنابر اعجاز
نہوگا اور اسکو کافر لوگ سحر نہ کہین گے اور جواب ثانی یہ ہی کہ مفسرین اور محدثین کا اجماع ہی اس بات پر کہ یہ آیۂ معجزۂ
شق القمر مین نازل ہوئی ہی چنانکہ شیخ سلام اللہ محدث حاشیۂ کمالین مین جو تفسیر جلالین پر ہی فرماتے ہین قد جمع المفسرون
علی ان المراد فی تلک الآیۃ ہو الانشقاق الذی کان معجزات من النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا الذی یقع فی یوم القیامۃ ویدل علی ذلک

قولہ وان یروا آیۃ یعرضوا ویقولوا سحر مستمر اور علامہ بغوی تفسیر معالم التنزیل مین فرماتے ہین اسی آیۃ کی تفسیر مین کہ روی
ابو نعیم عن مسروق عن عبد اللہ قال انشق القمر علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت قریش سحرکم ابن ابی کبشۃ فاسالوا السفار
فسالوہم فقالوا نعم قد رأیناہ فانزل اللہ تعالی اقترب الساعۃ وانشق القمر اور امام زاہدی اور صاحب تفسیر تبیان اور شہاب الدین
شمس عرف دولت آبادی اور ملا علاؤ الدین احمد مہایمی صاحب تفسیر اپنی تفسیرون مین نزول اس آیت کا معجزۂ شق القمر مین
صاف لکھتے ہین جس کسی کو منظور ہو ملاحظہ کرے اور قاضی نے تفسیر بیضاوی مین اس آیۃ کی تفسیر مین لکھا ہے روی ان الکفار
سالوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آیۃ فانشق القمر وقیل معناہ سینشق القمر یوم القیامۃ ویؤید الاول انہ قرئ قد انشق القمر
ای اقترب الساعۃ وقد حصل من آیات اقترابہا انشقاق القمر اور تفسیر کبیر مین امام فخر الدین رازی فرماتے ہین کہ انشق القمر
بمعنی سینشق القمر کہنا انہین لوگون کا قول ہے جن پر مسایل طبعیات ارسطو کے غالب آگئے ہین اور اسلام انکا صرف برائے نام ہے
کسی صحابی یا عالم تابعی یا جلیل اللہ کبھی مجتہد کا یہ قول نہین ہے کہ انشق القمر بمعنے سینشق القمر ہے پس پوشیدہ نہ رہے کہ کسی
مفسر معتمد علیہ نے جنکی کتابین متداول و مستند ہین اور جنکی جلالت شان بکمال وضوح شہرت پذیر ہے اپنا مذہب اور اپنی تحقیق
اسطرح پر نہین لکھی ہے کہ انشق القمر بمعنی سینشق القمر ہے بلکہ جس کسی نے لکھا ہے بلا ذکر نام قایل یون لکھا ہے کہ بعضے یا کہتے ہین
اور اس بعض کے قول کو پھر رد بھی کیا ہے مگر قاضی بیضاوی نے بطور اپنی تفسیر کے دستور کے اوس قول کو رد تو کیا لیکن رد کی
تقریر شد و مد سے نہین لکھی بخلاف اور تفسیرون کے چنانچہ امام رازی رحمۃ اللہ نے کہا اور محدثین مفسرین نے اس قول مردود کا
نقل بھی نہین کیا مگر اس دھوم دھام سے شان نزول آیۃ کریمہ بیان کیا ہے کہ بعض کا قول بادی النظر مین مردود ہوگیا اصل حقیقت
یہ ہے کہ اکناف عالم مین اسلام کے پھیلنے کے سبب سے بہت لوگ طبعاً ظاہر مین مسلمان اور باطن مین دشمن پیغمبر خدا صلعم ہوے ہین
خصوصاً مجوسی لوگ کہ خود انھین کے پیغمبر چہار دہم ساسان نخستین نے خبر دی ہے پس جبتک کہ کسی عالم کی حقیقت حال بکمال وضوح
نہ معلوم ہو اور اوسکے کلام کے کئی شواہد و متابعات بہم نہ پہونچین تب تک ہر ایک طرح کی بات اوسکی قابل سننے کے
نہین ہے اور شاید اس قول مردود کے قایل نے انشق القمر کے مضمون کو خلاف مسلمہ حکمت مشہورۂ یونانیون اور گردون
کے دیکھا ہوگا تو اوسنے سینشق القمر سے تاویل کی اور انشقاق و انفطار جو قیامت کو ہونے والا تھا اسکو محمول تجوز پر کرکے
کہنے لگا کہ یہ اشارہ ہے مصیبت عظمی اور داہیہ کبری کے واقع ہونے کا جیسا کہ اکثر مسیحی حضرت عیسی علیہ السلام کی اس بات کو
کہ آسمان کے تارے جھڑ پڑین گے اور قوت فلکی بودی ہوجاویگی اور چاند سورج بے نور ہوجاوین گے بعضی جہتون سے تاویل
کرکے کہتے ہین کہ یہ اشارہ ہے ایک بڑی مصیبت سے جسکا ظہور بعد واقعہ صلیب کے پچاس برس گذرنے پر طیطوس رومی کے
ہاتھ سے اور شلیم پر ہوا و ذلک اوہن من نسج العنکبوت بالجملہ ہر ایک مستور الحال کے کہنے سے قرآن و حدیث کے لفظی معنی نہین بدل سکتے
اگر کسی عالم شیخ حکمت ارسطو نے یہ بلا اپنے سر پر لی اور آیات قرآنیہ اور احادیث مصطفویہ کی تاویلین بیجا کین تو اوسکی تاویل سے
اصل معنی مین فتور نہین پڑتا بلکہ اسکے ایمان مین خلل پڑتا ہے اب باقی رہا ثبوت اس معجزہ کا احادیث معتمدہ سے سو کان لگا کر سننا چاہیے

کہ ابو نعیم نے دلائل النبوۃ مین بسند متصل صحیح نقل کیا ہی کہ ابن عباس کہتے ہین کہ ایک سات کو مکہ کے بت پرست سردار جسطرح
ابو جہل ابن ہشام اور عاص ابن وائل اور اسود ابن مطلب وغیرہ جمع ہوکر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا کہ اگر تو سچی پیغمبر
تو چاند دو ٹکڑے کرکے ہمین دکھا دے پیغمبر خدا صلعم نے دعا مانگی چاند کے دو ٹکڑے ہوگئے اور پھر مل گئے اور اسی معاملہ کو محمد اسمعیل بخاری نے
بسند صحیح متصل بخاری مین اور ابو مسلم نیشاپوری نے دوسری سند متصل سے اپنی کتاب صحیح مسلم مین بالاختصار لکھا کہ انس ابن مالک
کہتے تھے کہ پیغمبر خدا صلعم سے لوگون نے کہا کہ اپنے معجزہ کا نشان ہمین دکھلایئے پیغمبر خدا نے چاند کو اشارہ سے دو ٹکڑے کرکے دکھلایا
اور فرمایا گواہ رہو یا فرمایا الٰہی تو گواہ رہیو اور بخاری و مسلم مین عبداللہ ابن مسعود سے بسند متصل مروی ہی کہ پیغمبر خدا کے روبرو چاند
دو ٹکڑے ہوگیا اور ہم منا مین تھے ایک ٹکڑا اُحد پہاڑ مین گرا اور دوسرا پہاڑ کے نیچے اور احمد ابن حنبل اپنی کتاب موطا مین عبداللہ ابن مسعود
اور جبیر ابن مطعم سے باسناد متصلہ نقل کرتے ہین کہ پیغمبر خدا کے سامنے چاند کے دو ٹکڑے ہوے مکہ کے بت پرستون نے دیکھا اور کہا کہ اس
شخص نے اگر جادو کیا ہی تو ہمارے ہی اوپر کیا ہوگا نہ کہ سارے جہان پر سو مسافرون سے استفسار کرنا لازم ہے پھر جب مسافر لوگ آئے
تو اونسے پوچھا اونھون نے اس واقعہ کے دیکھنے کی گواہی دی اور بیہقی نے بھی بسند متصل اپنی کتاب مین مسافرون کی گواہی کا قصہ
نقل کیا ہی اور جامع ترمذی نے بسند متصل عبداللہ ابن عمر سے اور عبدالرزاق نے بسند متصل معتبر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ چاند
پیغمبر خدا صلعم کے روبرو دو ٹکڑے ہوا اور قاضی عیاض محدث نے اپنی کتاب شفا مین لکھا ہی کہ معجزہ شق القمر کے دیکھنے کے علی ابن ابیطالب رض
اور حذیفہ ابن الیمان نے بھی گواہی دی ہی اور قاضی عیاض فرماتے ہین کہ ابو جہل نے ہر طرف آدمی بھیجے سب جگہ سے یہی ثابت ہوا کہ چاند
فلان رات دو ٹکڑے ہوا تھا تب قریش نے کہا کہ یہ سحر شق قمر کا مستمر ہی بالجملہ آٹھ صحابی جنکی صحابیت اہل علم کے نزدیک بخوبی ثابت ہی اونسے
سات عالمون نے جو فن روایت کے امام ہین یعنی ابو نعیم و بخاری و مسلم و احمد ابن حنبل و بیہقی و ترمذی و عبدالرزاق معجزہ شق القمر کی خبر
ایسی سندون سے کہ اوس سند کے جتنے راوی ہین اونکا حال بخوبی مشہور ہی صرف اسم فرضی نہین ہی ایسی کتابون مین کہ جن
کتابون کا ہونا ان مؤلفین سے ایسا ہی ثابت ہی جیسا اونکا ہونا اور کسی طبقے مین چھ سات راویون سے کم نہین کمال وضاحت
لکھا ہی اب محل انکار بیخ و بن سے گر گیا حافظ ابن عبداللہ فرماتے ہین کہ حدیث انشقاق قمر کی جماعۃ کثیرۃ صحابہ رضی اللہ عنہم نے
روایت کی ہی اور اونسے تابعین اور تبع تابعین نے سو یہانتک کہ ہم لوگون تک پہونچی اور آیۂ کریمہ اوسکی موید پائی گئی اور
علامہ ابن السبکی نے لکھا ہی کہ انشقاق قمر متواتر و منصوص علیہ فی القرآن ہی اور مواہب لدنیہ اور خصائص کبریٰ سیوطی اور
مدارج النبوۃ مین بھی اس معجزہ کو تصریح بیان کیا ہے جسکو دیکھنا ہو ملاحظہ کرے بعضے جاہل بے دین اور بے تمیز کفار اعتراض
کرتے ہین کہ اگر شق القمر ہوا ہوتا تو اکثر اہل زمین پر مخفی نہ رہتا اسواسطے کہ آسمانی حال سب کے پیش نظر ہوتا ہی اور نقل عجائبات
زمان کی جبلی چیز ہی سو اوسکا جواب یہ ہی کہ اہل زمین سے یہ بھی منقول نہین ہی کہ اس رات کو سب لوگ آسمان کی طرف
تاکتے تھے اور کسینے نہ دیکھا اور اگر ایسا بھی ہوتا تو بھی قابل اعتبار نتھا کیونکہ تمام زمین پر حال قمر یکسان نہین ہی کیونکہ
بعض ملک مین قبل طلوع ہوتا ہی اور بعض مین گھڑی کے بعد اسلیے کہ سطح زمین کروی ہے اور یہ بھی ہوتا ہی کہ بعض ملک مین

بعض وقت پہاڑ اور ابر حائل ہوجاتے ہین جسپر انکو خسوف وکسوف اسیوجہ سے مختلف ہوتے ہین کہین جزئی کہین کلی کہین مطلق نہین پھر جب اہل ہین کا یہ حال ہوا تو اگر اونپر شق قمر مخفی رہا تو کچھ تعجب نہین حالانکہ کسوف وخسوف اہل تنجیم کے نزدیک مقرری چیزین ہین بخلاف شق القمر کہ اوسکا وقت وقاعدہ مقرر نہ تہا کہ جسکے لوگ منتظر رہین علاوہ اسکے اگر کسی نے اتفاقاً دیکھا بھی ہو تو اپنے غلط الحس وخطاے بشری پر حمل کرکے اوسکے کہنے ولکھنے سے خاموش رہا ہوا ور مشہور کرنا اوسکا نامناسب سمجھا ہوگا وراے اسکے شق القمر رات کو ہوا تھا اور تھوڑی دیر رہا تھا اور رات سکون کا وقت ہی اکثر لوگ مکان کے اندر ہوتے ہین ایسے حال آسمانی قلیل المکث سے غافل رہنا کچھ بعید نہین ہی اور یہ تو اکثر ہوتا ہی کہ بعضے لوگ عجائب فلکی دیکھتے ہین اور اکثر غافل رہتے ہین فقیر مؤلف کہتا ہے کہ اسطرح کا ثبوت کامل بضابطہ عقلیہ جو سمعیات کے واسطے درکار ہی یعنی سندون سے ثابت ہونا اجمالاً ومطلقاً اون معجزات کے لیے جو حضرت یوشع علیہ السلام کی کتاب کے دسویں باب مین درس دوازدہم سے سیزدہم تک لکھا ہی نصرانیون اور یہودیون کے پاس نہین ہی بلکہ ایک سند بھی حضرت یوشع سے اُن قرنون تک کہ وہ کتاب میسر ہوے یعنی مثلاً عہد بطلیموس کے بھی نہین ہی اب وہ معجزہ سُنا چاہیے کہ نسخہ ۳۵ ۱۲ مین ہی یہواہ نے اموریون کو بنی اسرائیل کے قابو مین کردیا اوسدن یوشع نے یہواہ کے حضور سے اسرائیل کے آگے یون کہا کہ اے آفتاب تو جبعون پر ٹھہرا رہ اور اے ماہتاب تو وادی ایالون کے مقابل سو آفتاب نے درنگ کی اور مہتاب کھڑا رہا یہانتک کہ اول لوگون نے اپنے دشمنون سے انتقام لیا کیا یہ باشا کی کتاب مین نہین لکھا کہ آفتاب آسمان کے بیچون بیچ ٹھہرا رہا اور سارے دن مغرب کے سمت مائل نہوا آپ مین کہتا ہون کہ آفتاب سارے دن مغرب کی طرف مائل نہوا کیسی بات ہی سارا دن تو نادر ہی اوس زمانے کا جو آفتاب کے نکلنے سے مغرب مین جانے تک ہوتا ہی پھر وہ کسطرف زمان کا نام دن ہی جسمین آفتاب مغرب کیطرف نہ جھکا ظاہر مطلب یہ ہی کہ بقدر ایک روز کے وسط سما مین آفتاب قائم رہا پس درحقیقت آٹھ پہر کا دن ہوا چنانکہ رسالہ تحقیق دین حق کے چوتھے باب آٹھ سو اٹھارہ صفحہ مین لکھا ہی اور یہ سمجھنے کی بات ہی کہ چاند کے چھٹنے کو سوا سارا دن لوگون کے جو اوسوقت متوجہ تھے اور دن نے اگر نہ دیکھا تو بجا ہی کہ اسواسطے کہ رات کو چھٹا تھا اور تھوڑی دیر رہا تھا کہ اوسوقت خواص لوگ آرام مین ہون اور جو کسی عامی سا فرنے دیکھا بھی ہو تو اوسکے کہنے کو کون مانتا ہی اور جن لوگون کے افق سے اوسوقت چاند متجاوز ہوگیا یا جن پر طلوع نہوا ہو وہ بھی نہین دیکھ سکتے بخلاف آفتاب کہ آٹھ پہر ٹھہرا رہا تو جہان رات ہوگئی ہوگی اون لوگون کو بھی بسبب دوتی ہوجانے رات کے لاریب اطلاع ہوئی اور جن لوگون پر چاند طلوع ہوا ہوا اور غروب نہوا ہو تو یہ بھی احتمال ہی کہ اوسمین سے بہوتیرون کی نسبت ابر غلیظ حائل ہو بخلاف آفتاب کے کہ ابر کی غلظت بھی اوسکے توقف کے ادراک کو منع نہین کرتی پھر جو جواب نصاریٰ کیطرف سے اس بات کا ہو وہی شق القمر مین ہمارا جواب ہی اور اسیطرح حضرت اشعیا نبی کا معجزہ موافق طریقہ ثبوت سمعیات کے ثابت نہین ہی اور وہ یہ ہی کہ کتاب اشعیا کے باب سی وہشتم درس ہشتم نسخہ ۲۰ ۱۲ مین ہی آنیک سایہ درجات راکہ برساعت شمس احاز بشیب آمدہ است آنرا دہ درجہ باز خواہم گردانند بنابرآن ساعت شمس دہ درجہ کہ بشب آمدہ بود باز گردید اسیطرح

انجیل اوّل کے درس شانزدہم باب سوم نسخہ ۱۸۳۹ء مین کہ یکایک اوسپر آسمان کھل گیا اور اوسنے خدا کی روح کو اپنے اوپر اوترتے کبوتر کے مانند دیکھا اور نسخہ ۱۸۴۱ء مین لکھا ہے کہ ناگاہ اوسپر دروازے آسمان کے کھل گئے اور انجیل سوم کے باب بست و چہارم درس چوالیس اور پینتالیس مین جو نسخہ ۱۸۳۹ء مین چھاپا ہوا ہے لکھا فَعَرضَت عَلَے الاَرضِ کُلِّہا ظُلمَۃٌ وَاظلَمَتِ الشَّمسُ یعنی ساری زمین پر اندھیرا چھا گیا اور آفتاب تاریک ہوگیا انتہے یہ معاملہ واقعہ صلیب کے ذکر مین لکھا ہے اور انجیل اوّل کے باب دوم و دہم مین ہے کہ مجوسیون نے عیسےٰ کے پیدا ہونیکے علامت کے تارے کو طلوع ہوتے دیکھا اور وہ اونکی روشنی کے موافق اونکے ساتھ چلا یہانتک کہ اوس گھر پر جہان عیسےٰ پیدا ہوئے تھے آکر ٹھہر گیا اور اسنے اب بغور و تامل دیکھا ہے کہ آفتاب کے توقف یک روزہ کو وسط آسمان مین ہندوؤن نے اپنی تاریخون مین اور پارسیون اور چینیون نے اپنی کتابون مین نہین لکھا ہے علیٰ ہذا القیاس وہ دن رہے آفتاب کا پلٹ آنا کہ معجزۂ شق القمر سے باعتبار ظہور کے زیادہ ہے کیسے کہین نہین لکھا ہے اسیطرح آسمان کا کھلنا اور پھٹنا اور ستارون کا لوگون کے ساتھ چلنا اور رون نے تو کیا حضرت عیسیٰ ع کے ہم وطن لوگون نے بھی یعنی یہودیون نے اپنی تاریخون نہین لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب معجزے جو انجیل وغیرہ مین لکھے ہین بالکل غلط اور جھوٹھ ہین اسیطرح اور معجزات انبیاے پیشین کے جو توریت اور انجیل وغیرہ مین لکھے ہوے ہین اور اونکو ہندوؤن اور چینیون اور پارسیون نے اپنی تاریخون مین درج نہین کیا محض غلط ہین پس جو کچھ جواب نصاریٰ کے پاس اس بات کا ہے وہی جواب ہمارا ہے مگر اونکے پاس کچھ جواب نہین ہے اور ہمارے پاس تو جواب شافی ہے کہ ہمنے بیان کیا اور جو بعض حکیم حمق نامعقول بیوقوفی سے کہتے ہین کہ چاند کا دو ٹکڑے ہونا ہماری عقل مین نہین آتا ہے سو جواب یہ ہے کہ معجزہ اسکا نام ہے جسکے ادراک حقیقت مین عقل قاصر ہو عصا کا اژدہا ہونا اونٹنی کا پہاڑ سے نکلنا مردے کا زندہ ہونا کب عقل مین آتا ہے جو شق القمر مین تردد ہے اور جو کوئی بے علم و نادانی سے یہ کہے کہ سورۂ قمر کے شروع مین بیان اس معجزہ کی ضرورت کیا تھی تو جواب یہ ہے کہ بعد اس آیۃ کے قیامت کا ذکر ہے اوسی کی تمہید کے لیے یہ معجزہ مذکور ہوا کیونکہ جو کافر قیامت کا انکار کرتے ہین وہ اپنے انکار کی وجہ مین ایک وجہ یہ بھی بیان کرتے ہین کہ قیامت مستلزم اجرام علویہ کی خرابی کی ہے اور اجرام علویہ کا ٹوٹ پھوٹ جانا محال ہے اسلیے شروع سورہ مین شق القمر کے معجزے کو ذکر کیا یعنی استدلال و استیعاد عقلی ماخوذ بدیہیات سے ہوتا ہے اور جب بداہۃ عقل گواہی دیتی ہے کہ ٹوٹنا اجرام علویہ کا محال نہین ہے تو نظر و فکر کی حاجت در باب اوسکے استحالے اور عدم استحالے کے کیا رہی کیونکہ چاند پھٹ چکا اور وہ اصل فاسد امتناع خرق و التیام بدیہات عقل باطل ہوگیا اب اوسکے آنے مین ایسے شبہات واہیہ کرنا چاہیے بالجملہ بے ایمانون نے دو اعتراض معجزۂ شق القمر پر کیے ہین ایک یہ کہ اگر یہ امر واقع ہوتا تو اور اقالیم کے لوگ دیکھتے اور اپنی تواریخ مین لکھتے تو یہ بخوبی ثابت اور بدیہی ٹھہرا

کیونکہ عدم نقل اہل تواریخ سے تکذیب لازم نہین آتی دوسرا یہ کہ آسمان اور ستارون مین خرق والتیام محال ہی سو یہ بھی لغو ہی کیونکہ موافق مذہب اہل اسلام کے آسمان اور ستارے ازروے نصوص قطعیہ اور آیات قرآنیہ بروز قیامت پاش پاش ہونگے اور موافق قواعد حکمیہ بھی یہ بات یعنی عدم خرق والتیام باطل ہی حکمای انگلستان نے جو فیثاغوری کی نقل کرتے ہین صاف لکھتے ہین کہ سب ستارے کثیف مثل زمین کے ہین اور سب قابل کون وفساد اور خرق والتیام کے ہین اور حکمای مشائین جنکا مذہب امتناع خرق والتیام ہی افلاک مین وہ بھی کوئی دلیل اس بات پر قائم نہین کرتے کہ سب افلاک اور کواکب مین خرق والتیام نہین ہوسکتا بلکہ صرف فلک الافلاک کی امتناع خرق والتیام پر دلیل کہ انکے اصول بے سروپا پر مبنی ہی قائم کی ہی چنانچہ صدر شیرازی نے ذکر کیا ہی پس ماہ کا امتناع فرق موافق مذہب مشائین کے بھی ثابت نہین الحاصل معجزۂ شق القمر کا ثبوت کامل جیسا ہمارے پاس بضابطۂ عقلیہ موجود ہی ایسا کسی معجزہ کا معجزات انبیاے سابقین سے یہود ونصاریٰ کے پاس نہین ہی بلکہ سوائے تصدیق محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی راہ ثبوت کی پائی نہین جاتی اور صرف کتاب مین لکھا ہونا اگر کافی ہو تو حاتم کی ہفت سیر کو بھی ہم کہہ سکتے ہین کہ اوسکے دیکھنے والون نے لکھی ہین اس جگہ اور بھی ایک سند قابل ملاحظہ ہی کہ مؤلف تاریخ فرشتہ نے لکھا ہی کہ راجہ بلیبار نے مسلمانون کی زبانی قضیہ شق القمر کا سنکر اپنے برہمنون سے نقل کیا تو برہمنون نے اپنی کتابون مین دیکھا اور یہ معجزہ لکھا ہوا پایا اور تصدیق کیا اسے پر وہ راجہ ایمان لایا اور سوانح الحرمین اور تاریخ نفیسی مین لکھا ہی کہ راجہ دہار کہ جو متصل دریاے نربدہ صوبۂ مالوہ مین واقع ہی اپنی چھت پر بیٹھا تھا اوسنے دیکھا کہ ماہتاب دو ٹکڑے ہوگیا اور پھر مل گیا اوسنے اپنے پنڈتون سے کہا وہ بولے کہ ہماری کتابون مین ہی کہ ایک پیغمبر عرب مین ہوگا اور اوسکے ہاتھ سے معجزۂ شق القمر ظاہر ہوگا تب راجہ نے ایک ایلچی مدینے مین بھیجا اور ایمان لایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکا نام عبداللہ رکھا قبر اوس راجہ کی اوس شہر مین زیارت گاہ ہی مولانا ولی اللہ فرخ آبادی نظم الجواہر مین فرماتے ہین حاصل کلام کا یہ ہی کہ اگر منکر شق القمر خدا اور رسول کا معتقد ہی تو اوسپر سب طرح کی حجت ہوسکتی ہی اور جو منکر نبوت ہی اوسپر سوائے شمشیر کے کچھ حجت نہین ہوسکتی اور ایمان دار سب مراتب سے قطع نظر کرکے کہہ سکتا ہی کہ شق قمر تھا مگر خرق عادت الٰہی کہ بضرورت تصدیق اپنے رسول کے واقع ہوا سو اظہار بھی اوسی مقدار ہوا جسقدر کہ ضرورت تھی اور وہ ضرورت اظہار کی منکرین عرب پر منحصر تھی جنھون نے درخواست کی تھی نہ کہ تمام عالم پر دیکھو حضرت یوشع علیہ السلام کا معجزہ یعنی آفتاب کا ٹھہرنا وسط سما مین سوائے حاضرین معرکہ کسی نے نہین دیکھا اور عصا کا اژدہا ہونا سوائے فرعون اور اوسکے توابع کسی نے نہین دیکھا فعلم ان الضروریات مقدرۃ بقدر الضرورۃ فائدہ جسطرح یہ معجزہ قرآن مین مذکور ہی اسیطرح پیشین گوئیان یعنی آیندہ کی خبرین جنکا ظہور مدت دراز کے بعد ہوا اکثر قرآن مین موجود ہین از انجملہ غلبۂ روم بر فارس

کہ تفصیل اوسکی پیشتر لکھی گئی ہے اس آیت سے ثابت ہے الم غلبت الروم فی ادنی الارض وہم من بعد غلبہم سیغلبون الخ
قولہ تعالے وعد اللہ الذین آمنوا وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض الآیہ کہ اسمین خداوند کریم نے اصحاب رسول صلعم کی
خلافت وسلطنت کا وعدہ کیا اور وہ واقع ہوا ازانجملہ قولہ تعالے لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ الآیۃ
کہ اسمین وعدہ فتح خیبر کا فرمایا کہ واقع ہوا ازانجملہ قولہ تعالے لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ آمنین محلقین رؤسہم الآیہ
کہ اسمین اللہ تعالے نے خبر دی کہ مسلمان بلا دغدغہ بفراغ خاطر سال آیندہ مین داخل حرم محترم مکہ ہوکر عمرہ بجالاوینگے
سو ویسا ہی واقع ہوا ازانجملہ قولہ تعالے ولن یتمنوہ ابدا کہ اخبار اس بات پر ہے کہ یہودی ہرگز آرزوے موت نکرینگے
ویسا ہی ہوا کہ یہود باوصف شدت عداوت تمنی موت نہوے حالانکہ اسمین مطلب عمدہ کہ تکاذیب مخالف تھا حاصل
نہوا تھا ازانجملہ قولہ تعالے لیظہرہ علی الدین کلہ اسمین خبر دی ہے کہ اہل اسلام مردم جملہ ادیان پر غالب ہونگے
اور اوسوقت مین باعتبار شوکت مجوس فارس پس ازان نصاریٰ اغلب اہل ادیان تھے سو ان دونوں پر اہل اسلام
غالب آئے یعنی سلطنت فارسیون کی بالکل برہم ہوئی اور سلطنت عیسائیون کی اکثر تصرف اہل اسلام مین در آئی
اور بعد چندے یہود بھی مغلوب ہوگئے بلکہ اکثر زمین ربع مسکون کہ محل سلطنت عظیمہ تھی تصرف اہل اسلام مین در آئی
ازانجملہ قولہ تعالے یا ایہا الذین آمنوا من یرتد منکم عن دینہ الآیہ اسمین خبر دی ہے کہ وقوع شدہ مرتدین اخیار اصحاب
کے ہاتھ سے ہوگا کہ ایسا ہی واقع ہوا چنانچہ وقائع عہد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے ظاہر ہے اسیطرح پیشین گوئیان
قرآن مین اکثر ہین ازانجملہ سیہزم الجمع ویولون الدبر یعنی قریب ہے کہ جماعت اہل مکہ ہزیمت کر جائے گی اور پشت
پھیرین گے وہ لوگ اسمین خبر ہے کہ کافران مکہ کو شکست فاش واقع ہوگی اور بھاگین گے سو واقع ہوا بدر کی لڑائی مین
ازانجملہ قل للمخلفین من الاعراب ستدعون الی قوم اولی باس شدید الآیہ کہہ اے محمد اون گنواروں سے جو ساتھ
سے رہ گئے ہین سفر حدیبیہ مین ایسا اتفاق ہوگا کہ تم بلائے جاؤگے واسطے لڑائی بڑی قوت اور دہشت والی قوم کے
اسمین اخبار ہے کہ بعد صلح حدیبیہ کے ایسے لوگون سے لڑائی کا اتفاق ہوگا کہ دہشت والے ہونگے اور حاکم اسلام تمکو
بلاوے گا سو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی خلافت مین واقع ہوا کہ لشکر مسیلمہ وغیرہ مرتدین اور بادشاہ
روم کے مقابلے مین اعراب طلب ہوے صحیح مسلم مین سلمہ ابن الاکوع سے روایت ہے کہ غزوۂ حنین مین ہم بھی شریک
پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تھے سو بعض اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیرا اور کفار بقصد خیانت جانب
رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اشتر سے اوتر پڑے اور ایک مٹھی
خاک اوٹھا کر لشکر کفار کی طرف پھینکی اور فرمایا شاہت الوجوہ یعنی بُرے ہو جو منہ انکے تو کوئی کافر باقی نرہا
جسکی دونوں آنکھون مین خاک نہ بھری ہوئی ہو اور اونھون نے ہزیمت فاش اوٹھائی اور شکست کھائی اور
جو کچھ مال و اسباب اونکا ہاتھ آیا مسلمانون مین تقسیم کیا گیا تین کہتا ہون قرآن شریف مین بیان اسکا یون فرمایا ہے

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى یعنی جسوقت تو نے پھینک مارا تو تو نے نہین پھینک مارا یعنی تیرے تعین تعضی کی حد سے باہر بات تھی لیکن اللہ نے وہ پھینک مارا یہ معجزہ غزوۂ بدر کبریٰ مین بھی واقع ہوا ہی فائدہ مشکوۃ شریف مین ابن اسحٰق تابعی سے روایت ہی کہ ایک شخص نے براء ابن عازب صحابی سے پوچھا کہ یا اَبا عمارہ تم لوگ بھاگ گئے کافرون سے غزوۂ حنین مین براء نے کہا نہین قسم ہی اللہ کی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پشت نہین پھیری لیکن کئی ایک اصحاب جلدی کے پاس ہتیار کم تھے وہ البتہ باہر نکلے اور ایک گروہ کفار سے جو بڑے تیرانداز تھے ملا قی ہوے کہ اونھون نے تیرون کا مینھ برسا رکھ لیا تو اصحاب باصفا نے اپنے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پناہ پکڑی اوسوقت آنحضرت صلعم اشتر سفید پر سوار تھے اور ابوسفیان ابن حارث اوسکو کھینچتے تھے سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اشتر سے اوتر پڑے اور دعاے ظفر و نصرت اللہ سے مانگی اور فرمایا کہ مین رسول اللہ ہون اسمین ہرگز جھوٹ نہین اور مین ابن عبدالمطلب ہون بعد اسکے اصحاب کی صف باندھی براء ابن عازب فرماتے ہین کہ واللہ جسوقت لڑائی کی شدت ہوئی تھی تو ہم لوگ پیغمبر خدا ہی سے پناہ پکڑتے تھے اور ہم مین جو بڑا بہادر اور شجاع ہوتا تھا وہ اُس جگہ کھڑا رہتا تھا جہان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے تھے یعنی ہر ایک کا کام تھا کہ بمقابلۂ دشمن اوس جگہ ثابت قدم رہے اور بے تکلف مقابلہ کرے جہان حضرت خاتم النبیین محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے تھے مگر بہ برکت حضرت صلعم معجزۂ رد الشمس کہ غزوۂ خیبر سے پھرتے وقت موضع صہبا مین واقع ہوا ہی علامہ طحاوی کہ اکابر علماے حنفیہ سے ہین اپنی کتاب الآثار مین روایت کرتے ہین کہ جب حضرت صلعم نے خیبر سے معاودت فرمائی اور موضع صہبا مین جلوہ فرما ہوے تو سر اپنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی گود مین رکھہ کر لیٹے و فعتہً آثار وحی نمودار ہوے اور مدت نزول یہانتک دراز ہوئی کہ آفتاب غروب ہوگیا اور نماز عصر علی مرتضی علیہ السلام کی قضا ہوگئی جب وحی متجلی ہوئی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؑ سے پوچھا کہ تمنے نماز عصر کی پڑہ لی علیؑ مرتضی نے التماس کیا نہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ اللّٰھم انہ ان کان فی طاعتک وطاعۃ رسولک فارد علیہ الشمس یعنی اے اللہ اگر علیؑ مرتضی تیری طاعت اور تیرے رسول کی طاعت مین تھا تو آفتاب کو پھیر دے اوسیوقت آفتاب ڈوبا ہوا نکل آیا اور پہاڑ و زمین پر دھوپ پھیل گئی کہ حضرت علیؑ مرتضی مقبول کبریا نے نماز عصر وقت پر ادا کی اور طبرانی نے روایت کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر موضع صہبا مین ادا فرمائی اور علیؑ مرتضی کو کسی کام کو بھیجا جب لوٹکر تشریف لائے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز عصر پڑہ چکے تھے اور علیؑ مرتضی نے نہ پڑھی تھی اوسی حال مین حضرت صلعم سر مبارک اپنا علی مرتضی علیہ السلام کی گود مین رکھہ کر سو گئے یہانتک سوئے کہ آفتاب غروب ہوگیا اور علیؑ مرتضی نے غروب سے حرکت نہین فرمائی تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوے تو یون دعا فرمائی اللّٰھم ان علیًا احتبس نفسہ علی نبیہ فرد علیہ الشمس یعنی اے خدا تحقیق علی نے اپنے نفس کو مقید کیا اپنے نبی پر سو پھیر دے اوسپر آفتاب کو اسماء بنت عمیس اور اکثر اہل محاسنہ نے روایت کی ہی کہ آفتاب ڈوبا ہوا نکلا اور علیؑ مرتضی نے وضو کرکے نماز عصر پڑھی اس حدیث کو ابن مردویہ نے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہی اور احمد ابن ابی صالح لکھتے ہین کہ اس واقعہ کا وقوع ایک علامت ہی علامات نبوی سے

معجزہ جلس الشمس کہ مکہ معظمہ مین واقع ہوا ہی قاضی نے شفا مین لکھا ہی کہ یونس ابن بکیر ابن اسحق سے روایت کرتے ہین کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد قصہ معراج صبح کے وقت کیفیت آمد و رفت بیت المقدس بیان فرمائی تو کفار قریش نے اپنے قافلہ کا حال پوچھا کہ ہمارا قافلہ کب آویگا حضرت صلعم نے فرمایا بروز چارشنبہ جب چارشنبہ کا دن ہوا اور اخیر ہونے لگا قافلہ قریش کا نہ آیا تو قریش نے دھوم مچائی حضرت صلعم نے دعا فرمائی کہ آفتاب ٹھہر گیا یہانتک کہ قافلہ آگیا اور اسیطرح جلس الشمس بروز خندق بھی ہوا ہی **معجزہ** مشکوٰۃ شریف مین ہی کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم غار مکہ سے مع صدیق اکبر رضہ و عامرہ ابن فہیرہ اور عبد اللہ لیثی جانب مدینہ باسکنہ تشریف لیچلے راہ مین خیمہ اُم معبد خزاعیہ پر گذرے یہ عورت عاقلہ کہن سالہ قوی تھی اور اپنے خیمہ کے صحن مین تکیہ لگا کر بیٹھتی اور فقیرون کو کھانا دیتی تھی سو اوسدن بھی بدستور بیٹھی تھی حضرت صلعم نے اوسکو دیکھکر فرمایا کہ اگر تیرے پاس گوشت و خرمے ہون تو ہم خرید کرین اوسنے قحط سالی کا عذر کیا اوسوقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری خیمہ مین بندھی ہوئی دیکھی فرمایا اس بکری کا کیا حال ہی اور کیونکر چراگاہ مین نہین گئی اُم معبد نے کہا یہ بکری نہایت لاغری سے چل نہین سکتی حضرت صلعم نے پوچھا اسکے دودھ ہی اُم معبد نے کہا اسکے تھن سوکھے پڑے ہین دودھ کہان حضرت صلعم نے فرمایا اگر تو اجازت دے تو مین دوہ دھوون اوسنے کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا اگر اسکے دودھ نکلے تو آپ دوہ لین حضرت رسول مقبول صلعم نے دعا فرمائی اور دست برکت اپنا اوسکے تھنون پر لگایا بکری نے دودھ دینا شروع کیا کہ ایک بڑا برتن لبریز کر لیا اور اول اُم معبد کو پلایا پھر اپنے ہمراہیون کو اور سب کے پیچھے حضرت صلعم نے پیا پھر دوسری مرتبہ دوہا اور اُم معبد کے پاس بھر دیے اور بیعت اسلام فرمائی اور وہان سے جانب مدینہ تشریف لے چلے کذا فی شرح السنۃ البغوی روایت ہی کہ تھوڑی دیر کے بعد اکثم ابن ابی الجون ابو معبد شوہر اُم معبد کا آیا اور دودھ دیکھکر سخت حیران ہوا اور اپنی عورت سے حال پوچھا اوسنے تمام قصہ بیان کرکے حضرت صلعم کے اخلاق اوصاف بھی ظاہر کیے اور کہا کہ اونکے ہاتھ کی برکت سے اس بکری کے دودھ پیدا ہوا ہی اوسنے کہا واللہ یہ مرد قریش کا صاحب تھا جسکو وہ ڈھونڈھتے ہین اور جسکا شہرہ تمام عالم مین ہو رہا ہی اگر مین اوسوقت ہوتا تو اونکے ہمراہی کی درخواست کرتا بعد اوسکے ابو معبد اور اُم معبد نے ہجرت کی اور اپنا اسلام اوسی دن سے شمار کیا بعد اسکے اہل مکہ نے سنا کہ کوئی شخص پکار پکار کر اشعار پڑھتا ہے جسمین قریش کی مذمت اور اُم معبد کی تعریف اور اوسکی بکری کے دودھ کا ذکر تھا روایت ہی کہ وہ بکری اٹھارہ برس جیتی رہی اور صبح و شام دودھ دیتی تھی مواہب لدنیہ مین ہی کہ وہ بکری حضرت عمر رضہ کے زمانے تک جیتی رہی اور دودھ دیتی تھی زمانہ قحط مین کہ ایک بڑا قحط حضرت عمر رضہ کے عہد مین ہوا تھا وہ صبح و شام دوہ دیتی تھی اور پرہ زمین مین دودھ کا نام نہ تھا **معجزہ** مسلم مین جابر ابن عبد اللہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا وضو کیواسطے پانی لاؤ سو مین نے پانی تلاش کیا نہ ملا مگر تھوڑا پانی مشک مین تھا سو اوسکو لایا حضرت صلعم نے دست مبارک پنار رکھکر دعاے برکت فرمائی اور ارشاد کیا کہ سوارون والا پیالہ بھر لاؤ سو مین اوسکو لایا آنجناب نے اوس پیالہ مین ہاتھ رکھا اور مین نے وہ پانی جو مشک مین تھا ڈالا دیکھتا ہون کہ حضرت کی انگلیون سے پانی نے جوش مارا اور اتنا نکلا کہ سب لوگ سیراب ہوے اور کسیکو پانی کی حاجت نرہی بعد اوسکے حضرت صلعم نے پیالہ اوٹھایا حالانکہ پیالہ سوارون کا بھرا تھا

یہ معجزہ غزوۂ بواط میں ظاہر ہوا ہے **معجزہ** صحیحین میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایکبار نماز عصر کے واسطے وضو کو پانی نہ ملا بڑے تردد میں پڑے اور رسول اللہ صلعم کے لیے کمین سے ایک باسن میں پانی لائے حضرت صلعم نے دست مبارک اپنا اوس ظرف میں رکھا پانی جاری ہوا اور تمام قوم نے وضو کیا قتادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ تم لوگ کتنے تھے بولے تین سو تھے **فائدہ** صلعم

نزدیک بازار مدینہ کے زوراء میں واقع ہوا ہے **معجزہ** بیہقی نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت صلعم جانب منا تشریف لیگئے کہ ایک جگہ سے بہت چھوٹا پیالہ لایا گیا کہ حضرت صلعم نے دست مبارک اپنا اوسمیں رکھنا چاہا انجا سکا تب پانچوں انگلیاں رکھدیں اور پانی نے جوش کیا قوم نے خوب سیر ہو کر پیا **معجزہ** صحیحین میں جابر سے روایت ہے کہ غزوۂ حدیبیہ میں سب لوگ پیاسے ہوئے اور حضرت سے عرض کرنے لگے کہ ہمارے پاس بالکل پانی نہیں ہے مگر آپکے وضو کے لیے تھوڑا پانی ایک تن میں رکھا ہے حضرت صلعم نے اوس باسن میں دست مبارک اپنا رکھدیا کہ پانی نے جوش مارا اور پندرہ سو آدمی سیراب ہوئے اور اگر لاکھ آدمی ہوتے تو بھی اس نعمت سے محروم نہ رہتے **فائدہ** حضرت موسیٰ سے جو یہ معجزہ صادر ہوا تھا کہ اونکے عصا مارنے سے پتھر میں سے چشمے جاری ہوئے تھے اوسکی نسبت یہ معجزہ اعلیٰ ہے کیونکہ پتھر ایسی چیز ہے کہ اوسمیں پانی نکلتا ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الانہار یعنی بعض پتھر ایسے ہیں کہ اونمیں سے نہریں جاری ہوتی ہیں وان منہا لما یشقق فیخرج منہ الماء یعنی اور بعضے پتھر پھٹ جاتے ہیں اور اونمیں سے پانی نکلتا ہے بخلاف گوشت و پوست کے بس انگشتان مبارک سے پانی کا نکلنا بہت عجب ہے علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ ایسا معجزہ کسی اور نبی کا سنا نہیں گیا کہ انکے استخوان گوشت و عضلہ و خون سے پانی جاری ہوا ہو سوائے آنجناب صلعم اور کیفیت اجرا میں دو قول ہیں ایک یہ کہ پانی نکلتا تھا درمیان انگشتان سے اور جاری تھا ذات شریف سے دوسرا یہ کہ اللہ تعالےٰ نے بھر دیا تھا پانی قلب حضرت میں سو وہ جوش زن تھا اصابع آنحضرت سے والاکثر علی الاول وہو افضل میاہ الدنیا والآخرۃ یعنی ماء زمزم اور آب کوثر سے بھی افضل ہے **معجزہ** حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ابن شاہین نے روایت کی ہے کہ میں غزوۂ تبوک میں پیغمبر خدا صلعم کے ہمراہ تھا قوم نے عرض کیا کہ یا حضرت ہمارے جانور پیاسے ہیں حضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر کسیقدر پانی ہو تو لاؤ سو ایک مرد تھوڑا پانی مشک میں لایا حضرت صلعم نے اوس پانی کو ایک باسن میں ڈالا اور کف دست اپنا رکھدیا کہ ایک چشمہ آب جاری ہو گیا اور ہمنے اپنے موشیوں کو پلایا اور اپنے واسطے ذخیرہ کر لیا **معجزہ** صحیح بخاری میں عبداللہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ ہم حضرت صلعم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ پانی کم رہ گیا حضرت نے ارشاد فرمایا کہ کوئی باسن تلاش کرو جسمیں تھوڑا پانی رہ گیا ہو سو اصحاب نے ایک باسن لائے جسمیں پانی بہت کم تھا حضرت صلعم نے دست مبارک اپنا اوس باسن میں رکھا اور فرمایا حی علی الطہور المبارک البرکۃ من اللہ یعنی آؤ جلدی پانی پاک کر لیوالے پر جسمیں برکت کی گئی اور زیادتی اللہ کی طرف سے ہے سو میں نے دیکھا کہ انگلیوں کے بیچ سے پانی نکلتا تھا اور تحقیق ہم سنا کرتے تھے تسبیح طعام کی کھانے کے وقت اس حدیث میں وجہ ذکور ہوئے ایک پانی کا دوسرا کھانے کا تسبیح کرنا **معجزہ** مسلم نے معاذ ابن جبل سے روایت کی ہے کہ ہم حضرت کے ساتھ جنگ تبوک میں چلے ایک رات حضرت صلعم نے فرمایا اگر خدا نے چاہا تو تم کل تبوک کے چشمے پر پہونچوگے اور تم اوسپر نہ پہونچوگے جب تک کہ دن نہ چڑھے گا سو تم لوگوں میں جو اوسپر جاوے اوسکے پانی کو ہاتھ نہ لگائے جبتک میں نہ آؤں پھر جیسا حضرت صلعم نے فرمایا تھا

اسی وقت چشمے پر پہونچے اور آدمیون نے لشکر سے نکل کر اُس پانی مین ہاتھ لگایا حضرت نے پوچھا کہ کس نے ہاتھ لگایا ہے معلوم ہوا دو آدمی تھے حضرت اُن پر ناخوش ہوئے پانی چشمے مین نہایت کم تھا پھر ہاتھون سے لوگون نے پانی جمع کیا اتنا تھوڑا سے جمع ہوا کہ حضرت نے ہاتھ منھ دھوکر اُس پانی کو چشمے مین ڈالا تو چشمے نے خوب جوش مارا کہ سب جانور اور آدمی مشک کے سیراب ہوئے معجزہ صحیح مسلم مین ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے ہم سے فرمایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو کل تمکو پانی بعد از زوال ملے گا سو لوگ اُس شوق مین رات ہی کو چلے آدھی رات کو حضرت صلعم راہ سے ایک طرف کو سونیکے واسطے لیٹے اور فرمایا کہ نماز صبح کے واسطے خیال کیجو چنانچہ لشکر کے لوگ سب سو رہے اول حضرت جاگے اور آفتاب نکل آیا تھا فرمایا یہان سے چلو سب لوگ سوار ہوئے اور چلے یہانتک کہ آفتاب بلند ہوا اور حضرت صلعم اترے اور میرا آفتابہ طلب کیا اُسمین کسیقدر پانی تھا سو حضرت نے وضو کیا اور تھوڑا پانی آفتابہ مین چھوڑ دیا اور فرمایا کہ اس آفتابے کو احتیاط سے رکھ کہ اسکی شان عظیم ہوگی پھر حضرت نے بلال سے اذان کہلا کر دو رکعت سنت اور دو رکعت فرض باجماعت ادا فرمائی اور سوار ہو کر تشریف لیچلے یہانتک کہ دوپہر دن آیا اور گرمی کی شدت ہوئی لشکر کے لوگون نے التماس کیا کہ یا حضرت شدت عطش سے مرے جاتے ہین فرمایا تم پر ہلاکی نہوگی اور آفتابہ میرا طلب کر کے پانی بقیماندہ ڈالنے لگے اور مین لوگون کو پانی پلانے لگا لشکر کے لوگون نے یورش کیا اور آفتابہ پر گرے حضرت صلعم نے فرمایا تم سب لوگ سیراب ہوگے نرمی اور آہستگی اختیار کرو آخرکار سب لوگون نے اطمینان سے خوب پانی پیا صرف ابو قتادہ اور حضرت صلعم باقی رہے ابو قتادہ کہتے ہین کہ جب سب لوگ سیراب ہوگئے تو حضرت نے فرمایا تو بھی پانی پی لے مین نے کہا نہیون گا جب تک آپ نوش نہ کرینگے حضرت نے فرمایا ان ساقی القوم آخرہم شربا چنانچہ مین نے پانی پیا اور حضرت نے بعد میرے پیا فائدہ یہ معجزہ اُسوقت ہوا جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک سے مراجعت فرمائی اور دوپہر ڈھلتے واقع ہوا اور سب لشکر کے آدمی چوبیس ہزار یا ستر ہزار تھے فوائد اس حدیث سے دریافت ہوا کہ ادب یہ ہے کہ اول سب لوگون کو پانی پلائے تب پلانے والا خود پیے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ درحقیقت ساقی حضرت صلعم تھے اور ابو قتادہ متوسط ہوگئے تھے معجزہ صحیحین مین عمران ابن حصین سے روایت ہے کہ حضرت صلعم کسی سفر مین تھے گرمی کی شدت ہوئی اور لوگون پر غلبہ تشنگی ہوا اور پانی نہ تھا اصحاب نے پیغمبر خدا سے التماس کیا حضرت نے دو آدمیون کو پانی ڈھونڈھنے بھیجا انمین حضرت علی اور ایک شخص اور کو تو ایک عورت شتر سوار دو پکھالین پانی کی لیے جاتی تھی اسکو حضرت صلعم کے حضور مین لائے حضرت نے باجازت اُسکے پانی لیکر لوگون کو پلانا شروع کیا کہ سب لوگ سیراب ہوگئے اور پکھالین اسکی لبریز تھین بعد اسکے حضرت نے فرمایا کہ اس عورت کو تم لوگ کچھ دو چنانچہ کسی نے کھجورین اور کسی نے ستو اور کسی نے آٹا دیا تب حضرت صلعم نے فرمایا کہ رخصت ہو اور اس طعام کو اپنے گھر والون کو کھلا اور سمجھ لے کہ تیرا پانی کم نہین کیا ولیکن خدا نے ہمکو پانی پلایا فائدہ یہ معجزہ لیلۃ التعریس کے صبح کو پیرون چیڑھنے واقع ہوا ہے اور چالیس آدمیون نے پانی پیا ہے اور جو پانی کی تلاش کو دو شخص گئے تھے انمین ایک علی مرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ تھے اور دوسرے کا نام نہین معلوم ہوتا ہے معجزہ صحیح بخاری مین براء ابن عازب

اور سلمہ ابن الاکوع سے روایت ہو کہ حدیبیہ مین جو دو سو آدمی تھے اور یہ کنوان اس قابل بھی نہ تھا کہ پچاس بکریان پانی پیوین سو لوگون نے تمام پانی اُسکا نکال ڈالا کہ ایک قطرہ بھی نرہا پھر حضرت صلعم اُسکے کنارے تشریف فرما ہوئے اور ایک تیر مین پانی منگوا کر وضو کیا اور اپنی کلی کا پانی ڈول مین ڈالا پھر وہ ڈول کنوین مین ڈالا پانی نے جوش مارا کہ سب لشکر کے لوگ اور جانور سیراب ہوئے اور تا وقت کوچ لشکر بیتار رہا فائدہ اول حدیث مین حضرت جابر نے پندرہ سو آدمی بیان کیے تھے اور اس حدیث مین براہ ابن عازب نے چودہ سو بیان کیے سو تعارض نہین ہو آدمی چودہ سو سے زیادہ تھے اور پندرہ سو سے کہ دونون کا بیان بطور تخمین تھا اور آنحضرت حدیبیہ مین بیس دن رہے تھے معجزہ مصابیح مین حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ غزوہ خندق مین اہل لشکر نے تین دن سے کھانا نہ کھایا تھا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی شدت جوع سے اپنے پیٹ مین پتھر باندھے تھے مین نے اپنی عورت سے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت بھوکے ہین سو اُسنے تین سیر جو کا آٹا نکالا اور گوندھا اور ایک بھیڑ بکری کا ذبح کیا اور پکانے کو ہانڈی مین چڑھایا اور مین نے حضرت کے حضور مین حاضر ہو کر چپکے سے خبر کی کہ یا حضرت آپ مع دو تین آدمیون کے تشریف لے چلین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بمقتضاے شان رحمت و شفقت باواز بلند پکار کر فرمایا کہ اے خندق کھودنے والو اس مرد نے تمھاری دعوت کی ہو چلو اور مجھسے ارشاد کیا کہ اے جابر ہانڈی نہ اتارنا اور آٹا نہ پکانا جب تک مین نہ آؤن بعد اُسکے حضرت صلعم میرے گھر تشریف فرما ہوے اور ہانڈی مین آب دہن اپنا ڈالا اور برکت کی دعا کی پھر فرمایا کہ روٹی پکاو سو قسم خدا کی ہزار آدمی نے اُس تین سیر آٹے سے کھایا اور ہانڈی بھری ہوئی اُسیطرح جوش مارتی تھی اور آٹا اتنا ہی نبا رہا اور پکتا جاتا تھا یہ معجزہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت مشہور ہو اور اسکی سند از بس معتبر ہی معجزہ مسلم نے جابر سے روایت کی ہو کہ ایک شخص نے حضرت صلعم سے کھانا طلب کیا تو آپ نے ایک پیمانہ غلہ جو سے عنایت فرمایا کہ وہ اور اُسکی جورو اور مہمان کھاتے رہے یہانتک کہ اُسنے وزن کیا تو پھر نہ ملا سو اُسنے حضرت صلعم سے یہی قصہ نقل کیا حضرت نے فرمایا کہ اگر تو اُسکا وزن نہ کرتا تو ہمیشہ اُس سے کھایا کرتا اور باقی رہتا معجزہ صحیح مسلم نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ ام مالک صحابیہ ایک گھی مین حضرت کے واسطے بھیجا کرتی تھی کہ حضرت اُسکا گھی رکھ لیتے اور کپی واپس کر دیتے تھے ام مالک اسکو کہ چھوڑتی نہ تھی اور اُسکے لڑکے بالے لیتے سارے گھر کے آدمی اُسی سے گھی نکال کر کھایا کرتے تھے یہانتک کہ اُسنے اُس ظرف کو نچوڑا تو بعد اُسکے نہ ملا ام مالک نے یہ قصہ حضرت صلعم سے نقل کیا فرمایا اگر اُسکو اپنے حال پر چھوڑتی اور نہ نچوڑتی تو ہمیشہ اُسی سے گھی ملتا معجزہ صحیحین مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ ایک روز آنحضرت بھوکے تھے ابو طلحہ نے ضعف آواز سے تفرس کیا اور پہچانا اور ام سلیم سے کہا کہ تیرے پاس کچھ ہو اُسنے کئی روٹیان جو کی نکالین اور دستار خوان مین لپیٹ کر مجھے دین سو مین لے گیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع چند اصحاب باصفا مسجد مین تشریف رکھتے تھے مین نے جا کر سلام کیا حضرت نے فرمایا تجھکو ابو طلحہ نے بھیجا ہو اور تیرے پاس روٹی ہی مین نے عرض کیا کہ ہان یہ سنکر حضرت مع اپنے اصحاب کے میرے ہمراہ ابو طلحہ کے گھر تشریف لائے اور دس دس صحابہ کو بدفعات طلب کر کے

سے کھلایا کہ سب لوگوں کے پیٹ بھر گئے سب کے بعد حضرت نے کھایا اور وہ روٹیاں اسیطرح موجود تھیں گویا کسی نے چھوئی نہیں
کھایا تھا معجزہ ۲۱ صحیح مسلم میں سلمہ ابن الاکوع اور ابو ہریرہ اور عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ غزوہ تبوک میں لوگوں نے
بھوکھ کی شکایت کی عمر نے کہا یا رسول اللہ جو کچھ لوگوں کے توشہ دان میں باقی ہو اسکو طلب فرما کے آپ دعاے برکت فرمائیں
فرمایا اچھا پھر حضرت نے ایک چرسہ بچھوایا اور لوگوں سے ارشاد کیا کہ جو کچھ تمھارے پاس کھانا بچا ہوا سے لاؤ سو کوئی مٹھی بھر
خرمے لایا کوئی روٹی کے ٹکڑے لایا کوئی کچھ لایا پھر حضرت نے چرسہ پر جمع کرا کر برکت کی دعا کی اور فرمایا کہ اے لشکر کے لوگ
اپنے توشہ دان بھر لو سو سب لوگوں نے کہ بروایت صحیحہ لاکھ آدمی تھے اپنے اپنے باسن بھر لیے اور خوب سیر ہو کر کھایا اور
بچ رہا معجزہ ۲۲ بخاری اور مسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جب حضرت صلعم نے زینب بنت جحش سے
نکاح کیا تو میری ماں ام سلیم نے جیسی ایک باسن میں مجھ دیکر کہا کہ میرا سلام کہکر عرض کرنا کہ تھوڑا سا کھانا ہے سو میں نے جا کر پیغام
اپنی ماں کا التماس کیا حضرت نے فرمایا اسی رکھ دے اور فلان فلان فلان تین شخصوں کو بلا لا اور جو کوئی تجھے ملے اسے بھی
بلیتا آیئیں نے ویسا ہی کیا جب پلٹ کر آیا تو گھر آدمیوں سے بھرا تھا پھر میں نے دیکھا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دست
مبارک اپنا اسیس میں رکھا اور دعاے برکت فرمائی اور دس دس آدمیوں کو کھلاتے لگے اور فرماتے تھے کہ خدا کا نام لیکر
کھاتے جاؤ اور اپنے اپنے آگے سے کھاؤ انس نے فرماتے ہیں کہ سب لوگ سیر ہو کر باہر نکلے پھر ایک گروہ اور آیا وہ بھی خوب
سیر ہوا پھر حضرت صلعم نے فرمایا کہ اے انس اسکو اٹھا لے سو میں نے اٹھایا میں نہیں جانتا کہ جب جیسی لایا تھا تب زیادہ تھا یا
کسی شخص نے حضرت انس سے پوچھا کتنے آدمی تھے بولے تین سو آدمی تھے فائدہ حیس بفتح حا و سکون تحتانیہ طعامی کہ از خرما و
روغن و قیر و طرسازند حقیقت میں حلوے کے مثل ہوتا ہے کھجوروں اور گھی اور راقط سے بنتا ہے راقط کہتے ہیں دہی کے پانی کو
لینے دہی کا پانی ٹپکا کر مانند پنیر کے ٹکیاں بنا لیتے ہیں اور اسکو قیر و ہا بھی کہتے ہیں ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ
زینب بنت جحش میں بھی کھانا تھا جو ام سلیم نے ہدیہ کیا تھا مگر مشہور یہ ہے کہ یہ میز زینب کا گوشت و روٹی سے ہوا تھا حضرت
انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک بکری حضرت نے منگوائی اور ایک ہزار آدمی کو کھلایا کہ سب سیر ہو گئے تطبیق میں راوی کہتے ہیں
یوں ہو سکتی ہے کہ بدن گوشت و روٹی پکا تھا اسیدن ام سلیم نے ہدیہ بھیجا تھا کذا فی شرح الشروح اور جائز ہے
کہ دوسرے دن اتفاق ہوا ہو کذا قال الشیخ فی شرح المشکوۃ معجزہ ۲۳ شفا میں قاضی عیاض نے حضرت ابو ایوب انصاری
سے نقل کیا ہے کہ اول ہجرت میں میں نے رسول خدا اور ابو بکر کے واسطے کھانا پکایا سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اول
تیس انصار کو طلب کر کے کھلایا پھر ستر پھر نوے آدمی کو طلب کر کے کھلایا اور کھانا بچ رہا حالانکہ وہ کھانا اسقدر
تھا جو دو شخصوں کو کفایت کرتا اور حضرت نے ایک سو اسی آدمی کو کھلایا اور اسمیں ایک اعجاز ظہور ہوا
کہ جس شخص نے وہ کھانا کھایا وہ مسلمان ہو کر نکلا معجزہ ۲۴ قاضی عیاض نے شفا میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے
روایت کی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت نے بنی مطلب کو جمع کیا وہ سب چالیس آدمی اور بڑے کھانے والے تھے بعض

جذعہ کہاتے تھے اور پانی مقدار رفق پیتے تھے سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لوگون کے لیے ایک مد طعام عنایت فرمایا
اور ایک پیالہ پانی دیا اُن لوگون نے سیر ہوکر کھایا اور پانی پیا مگر کھانا پانی جیسا تھا ویسا ہی باقی رہا فائدہ جذعہ کا
بکھورا جو تیسرے برس مین دراتا ہو اور بچہ اونٹ جو پانچوین سال مین ہو اور گوسفند کہ سال دوم مین ہو اور اصطلاح فقہا مین
جذعہ بزہ کو کہتے ہین جو ایک سال سے زیادہ ہو اور رفق بالفتح والکسر پیمانہ کہ مقدار تین صاع مدینہ یا مقدار سولہ رطل کے
ہوتا ہے معجزہ صحیح ۱۲ مین مقداد سے روایت ہے کہ ہم تین آدمی ہجرت کرکے مدینے مین آئے اور ہمکو بھوک نے مارے ڈالا سو
سوجھتا تھا نہ کانون سے سنائی دیتا تھا سو ہم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے حضرت ہمکو اپنے گھر لیگئے اور
فرمایا کہ ان تینون بکریون کا دودھ دوہو انکا دودھ ہم تم پیا کرینگے سو ہم تینون انکا دودھ پیا کرتے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کا حصہ رکھ چھوڑتے تھے اور آنجناب کا دستور تھا کہ رات کو تشریف لاتے اور ہمکو ایسا آہستہ سلام کرتے کہ جاگتا
آدمی سنتا اور سوتا نہ جاگتا پھر مسجد مین جاتے اور تہجد کی نماز پڑھتے اور بعد نماز کے دودھ پیتے ایک رات مین ایسا اتفاق ہوا
کہ حضرت صلعم انصاریون کے گھر تشریف لے گئے تھے مین نے اپنے حصہ کا دودھ پیا میرا پیٹ نہ بھرا شیطان نے میرے دل مین
ڈالا کہ حضرت صلعم وہان کہان گئے ہین کھانا کھا کر وہان سے تشریف لائینگے لاؤ مین حضرت کا بھی حصہ پی جاؤن سو مین نے
اسکو پی لیا پھر مین بچھتایا کہ مین نے کیون حضرت کا حصہ پی لیا شاید کہ حضرت صلعم وہان سے بھوکے آئین اور حصہ اپنا
پایئن اور میرے لیے بد دعا کرین تو میرا دین و دنیا برباد ہوجائیگا غرض اسی خیال مین میری نیند اُچٹ گئی اور میرے
دونون ساتھی سوتے تھے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور حسب دستور سلام کرکے مسجد مین جا پڑھی اور
دودھ پینے کو آئے سو برتن خالی ملا آسمان کی طرف سر اُٹھایا مین نے جانا کہ بد دعا میرے حق مین فرماوینگے مگر حضرت
رحمۃ للعالمین نے یون فرمایا الٰہی روزی دے اُسکو جو مجھکو کھلاتا ہے اور پانی دے اُسکو جو مجھکو پلاتا ہے مین سمجھا کہ اس
دعا سے بکریان موٹی ہوگئی ہونگی پھر دیکھا ہون کہ بکریون کے تن دودھ سے بھرے ہوئے لبریز ہین سو مین نے
دوہ دیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو لے گیا حضرت نے فرمایا کہ تم لوگ کیا اپنا حصہ پی چکے مین نے کہا
ہان ہم پی چکے ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیا اور مجھکو عنایت کیا کہ مین نے پیا جب مجھکو دریافت ہوا کہ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم خوب آسودہ ہوگئے ہین تب مین نہایت خوشی سے ہنس پڑا اور تمام قصہ بیان کیا حضرت نے
فرمایا دودھ زیادہ ہوجانا رحمت الٰہی سے ہوا گر تو آگے سے بتلاتا تو مین اُن دونون کو بھی اس رحمت کے دودھ
مین شریک کرتا معجزہ ۱۳ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ مین شدت جوع سے بے آرام تھا سو
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ساتھ لیا اور ایک پیالہ دودھ کا کہین سے تحفہ لایا کہا حضرت نے ارشاد
کیا کہ اصحاب صفہ کو بلا لاؤ مین کیا اور اصحاب صفہ کو لے آیا تو حضرت نے وہ پیالہ دیا اور فرمایا اسے کھاؤ پھر سب
سب لوگون نے کھایا اور پیالہ اسی طرح بھرا رہا صرف اُنگلیون کا نشان معلوم ہوتا تھا معجزہ ۱۴ صحیح بخاری مین ہے

کہ جابر کے باپ جنگ احد مین شہید ہوئے اُنپر قرض بہت تھا جو کچھ خرمے اُنکے باغ مین ہوے اُنھون نے چاہا کہ قرض خواہون کو دین مگر قرض بہت تھا اور خرمہ کم اُنھون نے قبول نہ کیا جابر نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سفارش کروائی قرض خواہ یہودی تھے راضی نہ ہوئے تب حضرت نے جابر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تو ہر قسم کے خرمے علحدہ ڈھیر کر سو جابر نے ڈھیر لگائے تو حضرت رحمۃ للعالمین ایک بڑے ڈھیر کے گرد گھومے اور اُسی پر جا بیٹھے اور جابر سے فرمایا کہ خرمے تول کر دینا شروع کر جابر نے وزن کر کے دینا شروع کیا یہانتک کہ سب قرض ادا ہو گیا حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ باوصف ادا ہو جانے کل قرض کے خرمون کا ڈھیر اسیطرح موجود تھا کچھ کمی اُسمین نہ ہوئی تھی سو اُنھون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ قرض ادا ہو چکا حضرت نے فرمایا اخبر ذلک ابن الخطاب یعنی اسکی خبر دے ابن خطاب یعنی عمر کو یہ اسواسطے فرمایا کہ انکو بُری فکر تھی جب جابر نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے یہ حال کہا اُنھون نے کہا کہ جب حضرت صلعم تشریف لے گئے تھے اُسی وقت مین جان گیا تھا کہ اب ضرور برکت ہو گی معجزہ ۲۰ مشکوۃ شریف مین حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ مین چند خرمے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گیا اور مین نے عرض کیا کہ آپ دعاے برکت فرماوین تو حضرت نے اُنکو جمع کر کے دعا فرمائی اور ارشاد کیا کہ اُنکو لیکر اپنے توشہ دان مین رکھ جب نکالنے کا ارادہ ہو تو ہاتھ ڈال کر نکال لیا کر مگر اُسکو پراگندہ نکر نا سو مین نے اُسمین سے کئی بار بیشتر خرمے نکال نکال کر راہ خدا مین دیے اور خود کھاتا کھلاتا رہا یہانتک کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہوئے پھر وہ برکت جاتی رہی اس جگہ سے معلوم ہوا کہ جب تفرقہ اور فساد آدمیون مین پڑتا ہے تو برکت جاتی رہتی ہے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ مجھکو دو غم ہین ایک اپنے توشہ دان کا اور دوسرے قتل عثمان کا معجزہ ۲۱ جابر ابن عبد اللہ سے صحیح بخاری مین روایت ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ فرماتے تو جس درخت خرمے سے جو ستون مسجد تھا تکیہ کرتے تھے پھر جب منبر بنایا گیا تو اُسپر چڑھ کر خطبہ پڑھنے لگے سو وہ لکڑی مفارقت حضرت سے ایسی فریاد کرنے لگی کہ قریب تھا شق ہو جائے سو حضرت صلعم نے منبر سے اُتر کر اُسے اپنے کنار مین لیا اور پیار کیا تو وہ اسطور سے رونے لگی جسطرح لڑکا رونے سے خاموش ہونے لگے یہان تک کہ چپ ہو گئی حضرت نے فرمایا یہ روتی تھی اسلیے کہ اُسپر ذکر خدا ہوتا تھا اور اب اُس سے محروم ہوئی ہے فائدہ یہ حدیث ایک جماعت کثیرہ اصحاب سے مروی ہے اسمین کوئی جگہ شک کی نہین ہے مواہب لدنیہ مین علامہ تاج الدین سبکی سے کہ مشاہیر علماے شافعیہ سے ہین منقول ہے کہ فرماتے تھے میرے نزدیک یہ حدیث متواتر ہے اور حافظ ابن حجر فتح الباری مین لکھتے ہین کہ یہ حدیث اور حدیث انشقاق قمر دونون منقول ہین بدلائل مستفیض کہ جو شخص طرق حدیث سے مطلع ہے اُسکو یقین حاصل ہوتی ہے اور قاضی عیاض فرماتے ہین مشارق مین کہ یہ حدیث مشہور و منتشر ہے اور خبر اسکی متواتر ہے عامۂ اہل صحاح اسکے

اخراج مین متفق ہین معجزہ ترمذی نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ کہا ابن عباس رضہ نے کہ ایک گنوار آیا اور
اسنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہم کس طرح جانین کہ تم پیغمبر ہو فرمایا اگر مین اس خوشہ خرمے کو بلاؤن تو
وہ گواہی دے میری نبوت پر سو حضرت نے خوشہ خرمے کو پکارا وہ درخت سے گرا اور اسنے صدق نبوت
حضرت پر گواہی دی تب وہ اعرابی اسلام لایا اور باذن رسول اللہ وہ خوشہ اپنے مقام پر گیا معجزہ ترمذی اور
دارمی نے علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہی کہ فرمایا علی مرتضی نے کہ مین حضرت صلعم کے ساتھ بعض نواحی مکہ
مین گیا تو جو پہاڑ اور درخت ملا اسنے السلام علیک یا رسول اللہ کہا فائدہ ظاہر حدیث کا دلالت کرتا ہی کہ
حضرت علی مرتضی بھی انکے کلام کو سنتے تھے معجزہ ابونعیم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ جب سے مجھپر وحی آئی تھی تب سے کوئی حجر و شجر ایسا نہ تھا جو مجھکو السلام علیک
یا رسول اللہ نہ کہتا ہو معجزہ جابر ابن سمرہ سے مسلم مین روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے مین پہچانتا ہون اس پتھر کو
جو مجھے قبل بعثت سلام کرتا تھا معجزہ حاکم و دارمی نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ مین حضرت صلعم کے
ساتھ ایک سفر مین تھا سو ایک گنوار آیا حضرت نے فرمایا تشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ و ان محمدا عبدہ
و رسولہ اسنے کہا کون گواہی دیتا ہی وحدانیت خدا اور رسالت محمد پر فرمایا یہ درخت سلم گواہ ہی اور وہ درخت جنگل
کے کنارے واقع تھا سو حضرت صلعم نے اسکو بلایا اسنے حاضر ہو کر تین مرتبہ گواہی دی پھر اپنی جگہ پر چلا گیا معجزہ
علی ابن مرہ ثقفی بحوالہ سے شرح السنہ مین روایت ہی کہ ایک مرتبہ مین حضرت صلعم کے ساتھ چلا جاتا تھا کہ ایک جگہ
پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے استراحت فرمائی تو مین نے دیکھا کہ ایک درخت زمین کھودتا ہوا آیا اور اسنے آکر حضرت
کو چھپا لیا پھر اپنے مقام پر چلا گیا جب حضرت جاگے تو مین نے یہ معاملہ ذکر کیا حضرت صلعم نے فرمایا کہ اس درخت نے
مجھ سے میرے سلام کے واسطے اذن لیا تھا سو اسکو اذن ہوا کذا فی المشکوۃ معجزہ بخاری اور مسلم نے عن ابن عبد الرحمن
ابن عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہی کہ وہ کہتے مین کہ مین نے سنا اپنے باپ سے کہ مین نے سوال کیا
مسروق رضی اللہ عنہ سے کہ پیغمبر خدا کو فرقد آنے کی آمد کی کس نے خبر دی جب وہ قرآن سننے کو آتے تھے مسروق نے کہا کہ عبد اللہ
ابن مسعود نے مجھکو خبر دی کہ ایک درخت نے خبر دی تھی کہ یا رسول اللہ جن قرآن سننے کو آئے ہین سو حضرت صلعم
تشریف لے گئے معجزہ صحیح مسلم مین جابر ابن عبد اللہ سے روایت ہی کہ ایک مرتبہ مین حضرت صلعم کے ساتھ تھا کہ حضرت
ایک جنگل مین فروکش ہوے اور واسطے رفع حاجت ضروری کے تشریف لے چلے سو مین پانی لیکر ساتھ ہوا حضرت
نے دیکھا تو کوئی مکان پردہ کا نظر نہ آیا دفعتہ دو درخت نظر پڑے سو حضرت اول ایک کے پاس گئے اور شاخ
پکڑ کے بولے انقادی علی باذن اللہ یعنی فرمان برداری کر اور جمع ہو جا مجھپر بحکم خدا سو اسنے اپنے تئین سے
پردہ کر لیا بعد اسکے دوسرے درخت سے اسیطرح ارشاد کیا اسنے بھی فرمان برداری کی پھر حضرت صلعم نے فرمایا

کہ دونوں جاؤ بحکم خدا سو دونوں مل گئے ایسے کہ بخوبی پردہ ہو گیا اور حضرت نے رفع حاجت فرمائی معجزہ قاضی عیاض نے اسامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں حضرت صلعم کے ساتھ تھا سو حضرت نے مجھسے پوچھا کوئی مکان واسطے رفع حاجت کے بھی ہے میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہاں تو کوئی جگہ نظر نہیں آتی فرمایا کہیں ہے یا سنگستان ہے میں نے التماس کیا کہ کئی درخت خرمے کے لگے ہوئے ہیں فرمایا تو انکے پاس جا کر کہہ کہ رسول اللہ تمکو بلاتا ہے اور یہی بات پتھروں سے کہدے سو میں گیا اور پیغام حضرت کا انسے کہا تو درخت و پتھر باہم مل کر ایک دیوار ہو گئے اور حضرت نے اسکی آڑ میں قضاے حاجت فرمائی اور ارشاد کیا کہ اب متفرق ہو جاؤ سو وہ سب جدا ہو گئے معجزہ قاضی عیاض نے عبداللہ ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ لیلۃ الجن میں جنات نے کہا کون گواہی دیتا ہے تمھاری رسالت پر فرمایا یہ درخت سو اس درخت نے اسیوقت گواہی دی معجزہ بیہقی نے ابی اسید ساعدی سے روایت کی ہے کہ حضرت سید المرسلین صلعم نے فرمایا تم جاؤ اور کہدو تجھپر پیغمبر و صدیق اور دو شہید ہیں سو وہ ٹھہر گیا اور دوسری روایت میں ہے کہ تجھپر سوائے پیغمبر یا صدیق یا شہید کے کوئی نہیں ہے اور اسپر آنجناب صلعم اور صدیق عمر و عثمان رضی اللہ عنہم نے فائدہ اس حدیث سے نکلا کہ حرکت پہاڑ کی از راہ افتخار تھی کہ ایسے بزرگوار نے اسکو شرف کیا تھا معجزہ قاضی عیاض رح نے شفا میں روایت کی ہے کہ جب قریش مکہ حضرت صلعم کو تلاش کرنے لگے تو شبیر پہاڑ نے کہا یا رسول اللہ آپ اتر پڑیں کیونکہ مجھے اس بات کا خوف ہے کہ مبادا قریش آپ کو قتل کریں میرے پشت پر اور میں عذاب الٰہی میں گرفتار ہوں اور حرا پہاڑ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ مجھپر تشریف لائیں فائدہ شبیر بفتح الشین المثلثۃ وکسر الموحدۃ وسکون التحتیہ ایک پہاڑ دو اہنے طرف مکے کے واقع ہے اور جانب مقابل حرا اور ثبیر دونوں کے جنگل ہیں معجزہ عقیل ابن ابیطالب رض کہتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ حضرت صلعم کے ہمراہ رکاب تھا دو کوس کے فاصلہ میں کئی شجرے ظاہر ہوئے ایک یہ ہے کہ میں راہ میں بیٹھا تھا اور پانی نہ تھا تب میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور کہا یا رسول اللہ میں پیاسا ہوں فرمایا اس پیڑ کے پاس جا کے پانی مانگ میں گیا تو اسنے کہا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کر کہ جب سے اللہ تعالے نے فرمایا ہے واتقوا النار التی وقودہا الناس والحجارہ تب سے میں اتنا رو رہا ہوں کہ مجھ میں پانی باقی نہیں رہا ہے معجزہ قاضی عیاض نے شفا میں لکھا ہے کہ ایک روز حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام ایک طبق انار و انگور لائے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھاتے تھے اور آواز تسبیح اُنسے آتی تھی معجزہ بخاری و ترمذی و بیہقی نے عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں میں کھانا تسبیح کرتا تھا اور آنجناب اسے کھاتے تھے معجزہ حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور عبداللہ ابن سلام و ابو سعید خدری و زید ابن ارقم رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز جنگل میں تشریف لیجاتے تھے کہ دفعتہً ایک آواز کان میں آئی یا رسول اللہ حضرت نے ادھر

دیکھا کوئی نظر نہ پڑا بعد تعمق نظر آیا کہ ایک ہرنی گوشہ خیمہ مین بندھی ہے اُسنے حضرت کو دیکھکر زبان فصیح کہا یا رسول اللہ یہان تشریف لاؤ چنانچہ آنجناب اُسکے پاس گئے اور پوچھا کیا حاجت ہے تیری، اُسنے کہا یا رسول مقبول اس بیابان مین دو بچے میرے ہین اگر مجھکو کھول دیجے تو مین انکو دودھ پلاآؤن فرمایا تو پھر کر آئیگی اُسنے کہا ضرور آؤنگی اگر نہ آؤن تو خدائے تعالے وہ عذاب کرے جو دھوبیکے لینے والون کو کرتا ہے سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو کھول دیا وہ گئی اور اپنے بچون کو دودھ پلاکے لوٹ آئی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی جگہ پا بندھ دیا اور اُسکے مالک کے پاس تشریف لے گئے اور ارشاد کیا کہ اس ہرنی کو آزاد کر اُسنے فی الفور چھوڑ دیا سو وہ ہرنی دوڑتی پھرتی اور یہ کہتی تھی اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و انک رسول اللہ معجزہ ۴۴ امام احمد و نسائی نے حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک اونٹ گروہ انصار کا جسپر پکھال پانی کی لادی جاتی تھی سرکشی و شرارت کرنے لگا مالکون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اُسکی شکایت کی کہ یا حضرت یہ اونٹ ہمکو سوار نہین ہونے دیتا اور خرمستان کھیت ہمارے سوکھتے ہین کہ آنجناب مع اپنے یارون کے انصار کے باغ مین جلوہ فرما ہوئے اُسی باغ مین ایک جانب اونٹ بندھا تھا اُسکی طرف آنجناب تشریف لیچلے انصار نے کہا یا حضرت یہ اونٹ کتون کیطرح کاٹتا ہے آپ اُسکے پاس نجائین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھکو خوف نہین ہے پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس اونٹ کو دیکھا تو اُسنے دوڑکر سجدہ کیا آنجناب نے اُسکی پیشانی دست مبارک سے تھامی اُسیوقت سے شرارت و سرکشی اُسکی جاتی رہی اور مطیع و منقاد ہوگیا اصحاب نے اُسیوقت عرض کیا یا رسول اللہ حیوان لایعقل آپ کو سجدہ کرتے ہین ہم لوگ کہ عاقل ہین زیادہ تر مستحق ہین کہ آپ کو سجدہ کرین فرمایا کہ آدمی کو لائق نہین کہ سجدہ کرے آدمی کو اور جو یہ بات جائز ہوتی تو مین عورتون کو حکم کرتا کہ اپنے خاوندون کو سجدہ کرین فائدہ اس حدیث سے بڑی فضیلت شوہر کی عورت پر ثابت ہوئی اور صاف مستنبط ہوا کہ عورتون کو مردون کی تعظیم و توقیر از حد زیادہ کرنا واجب ہے اور اللہ صاحب فرماتے ہین الرجال قوامون علی النساء یعنی مرد کارگذار ہین اوپر عورتون کے پوشیدہ نہ رہے کہ مردون کو عورتون پر دو طرح کی فضیلت ہے ایک تو ذاتی مثل عقل و حافظہ اور ہوشیاری و بردباری و نبوت و شہادت و قضا و افتا و اجتہاد وغیرہ مراتب سے اللہ نے انکو ممتاز فرمایا دوسرے معنی کہ اُنکے حق مین بالاقوا من اموالہم واقع ہے اور اعتبار عورتون کی مراتب کا نگہداشت مین ناموس سے اور نیکوکاری مین اور شوہر کی فرمان برداری مین متصور ہے فقیہ ابواللیث نے تنبیہ مین لکھا ہے کہ مرد کی ناک مین اگر کوئی ایسا مرض ہو کہ ایک سوراخ سے خون آتا ہو اور ایک سے ریم اور عورت اُسکو زبان سے چاٹے تو بھی خاوند کے حق سے ادا نہو اور حدیث شریف مین وارد ہے کہ جو عورت اپنے گھر کو جھاڑو سے صاف رکھے بقدر ہر ذرہ خاک کے نیکی اُسکے عمل مین لکھین اور بدی دور کرین اور بہشت مین اُسکے نام پر درجہ ہو اور جو واسطے خاوند کے کچھ خرچ کرے اللہ تعالے اُسکے

باب فضیلت زنان شوہردار

اور جو ہانڈی یا پیالہ دھووے خدا اُسکو گناہ سے پاک کرے اور جب دیگچی مین پکانے کے لیے جنس ڈالے بقدر دانہ کے خداوند اُسکو بہشت مین درجہ کرامت فرمائے اور جب پیاز و لہسن کو صاف کرے اور اُسکی تیزی سے پانی آنکھون سے نکلے یا چولھے کی آگ کا دھوان آنکھون مین لگے اور پانی آنکھون سے باہر آوے تو گویا وہ خدا کی ڈر سے روئی ہے اور جو کوئی خدا کے ڈر سے روئے دوزخ کی آگ اُسپر حرام ہو اور اگر گوشت یا ترکاری کاٹتے ہوے اُسکی اُنگلی کٹے قیامت کے دن اُس زخم مین بہشت کا مشک بھرا جائے گا اسیطرح بہت باتین اخلاق انسا مین موجود ہین آگے بھی حدیث شریف مین ہے کہ دروازہ کی تکلیف اور اولاد کی پرورش اور گھر کی خدمت سے گناہ عورتون کے معاف ہوتے ہین بلکہ ولادت کی سختی سے بالکل عورت کے گناہ نابود ہو جاتے ہین گویا کہ ماں کے پیٹ سے اُسدن پیدا ہوئی اور جو عورت اچھے کپڑے بیخکر غیر مرد کے سامنے آوے تو قیامت کے دن لباس آتشین اُسکو پہنایا جائیگا اور طرح طرح کے عذاب مین گرفتار ہوگی اور جو اپنے خاوند کے بستر مین خیانت کرے قیامت کو دوزخ مین جائیگی اور جو خاوند کے بلا اجازت گھر سے باہر آوے بروز حشر اُسکے پیرون مین آگ کے بیڑی پڑے گی اور جو عورت مرد بیگانہ سے اپنا مونھ چھپائیگی بروز حشر آتش دوزخ سے اُسکا مونھ کالا کرینگے اور جو جنابت سے غسل نہ کرے اور نرگون کے پیشاب سے اپنے کپڑے پاک نہ رکھے اُسپر آب گرم دوزخ کا ڈالین گے اور جو عورت پانچون وقت کی نماز پڑھے اور رمضان کے روزے رکھے اور اپنے خاوند کے بستر مین خیانت نہ کرے اور غیبت و دشنام سے بچے خدا تعالے اُسکو اجر ہزار شہید کا دیتا ہے یہ قول امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ کا ہے اور حدیث صحیح مین آیا ہے کہ جو عورت فجر کے وقت آراستہ ہوکے خاوند کے روبرو آوے اور اُسکے موی ریش اور سر سنوارے اور باادب کمری ہوکر منتظر حکم رہے اُسکو بروز قیامت نور کا تاج ملے گا کہ اُسکو دیکھکر لوگ تعجب کرینگے اور ندا ہوگی کہ رستی اپنے خاوند کو خوش رکھا تھا اور شوہر کو لازم ہے کہ رعایت اُسکی نگاہ رکھے کما قال اللہ تعالے والاتی تخافون نشوزہن فعظوہن واہجروہن فی المضاجع واضربوہن یعنے اگر عورت خاوند سے سرکشی کرے اُسکی سرزنش مین تفاوت چاہیے اول اُسکو سمجھاوے اگر نمانے تو اختلاط موقوف کرے اگر پھر بھی باز نہ آوے تو طمانچہ اور کپڑے کے تازیانہ سے مارے بضرب خفیف اور احتیاط کرے کہ صدمہ ضرب کا مونھ پر نہ آوے اور کوئی عضو نہ ٹوٹے اور جو خون نکل آوے یا نشان ضرب کا ظاہر ہو تو شوہر کو تعزیر دینا اور جریمانہ لینا لازم ہے پوشیدہ نہ رہے کہ چار مقام مین عورت کو تنبیہ چاہیے اول ترک نماز مین دوسرے ترک غسل حیض و نفاس مین تیسرے بلا اجازت باہر جانے مین چوتھے نظربازی کرنے مین دیوار و در کے سوراخ سے بہر صورت عورتون کو چاہیے کہ ظلم سے بچین اور حقانیت و نفسانیت مین فرق سمجھین ورنہ معاتب ہونگے اور خلاصہ مین لکھا ہے کہ اول خروج بدون اذن مین دوسرے ترک زینت مین تیسرے ترک اجابت طلب مباشرت مین بدون عذر چوتھے ترک نماز و غسل جنابت و حیض مین حدیث شریف مین ہے کہ جس عورت کو خاوند طلب کرے واسطے صحبت کے اور وہ انکار کرے اور وہ غضبناک سو رہے

تو صبح تک فرشتے اُسپر لعنت کرتے ہین اور مجالس ابرار مین ہی کہ عورت کو چاہیے کہ بلا اجازت مال اپنے خاوند کا کسیکو نہ دے و بلا اجازت روزہ نفل کا نہ رکھے ورنہ الا ثواب نہوگا اور ایام حیض مین عورت سے مجامعت ممنوع ہی اور جو کوئی حیض کے دنون مین مجامعت کریگا تو اُسپر کفارہ لازم آویگا اگر تین دن کے شروع مین جو اقل میعاد حیض کی ہی کسی ہیوقوف سے یہ حرکت صادر ہوجاے تو ایک دینار زر سرخ جسکے پانچ روپیہ دس آنہ ہوتے ہین خیرات کرے اور اگر آخر دنون مین خون کے منقطع ہونے سے پہلے نزدیکی کرے تو آدھا دینار محتاجون کو دے اور اگر وہ شخص خود محتاج و بے مایہ ہو تو اپنے فعل سے نادم و پشیمان ہوکر توبہ کرے اور آئندہ کبھی نہ آوے کہ اُسکے لیے یہی کفارہ ہی انیس المسائلین مین لکھا ہی کہ فرمایا حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے جس عورت کو خاوند اُسکا واسطے خلوت کے طلب کرے اور وہ نہ آوے تو جسقدر اُسکے حسنات ہوتے ہین سب دور ہوجاتے ہین جسطرح سانپ دور ہوجاتا ہی کینچلی سے اور اُسپر گناہ ہوتا ہی جنگل کے ریت کے برابر اور جس عورت کا خاوند ناراض ہو اُسپر دروازے دوزخ کے کھلتے ہین اور جس عورت کا خاوند خوشنود ہو بہشت مین اُسکے واسطے ستر درجے آراستہ ہوتے ہین اور جو عورت ترش روئی سے اپنے خاوند کو نگاہ کرے بقدر ہر ستارہ کے ایک ایک گناہ لکھا جاتا ہی یہ فائدہ حضرت کے فرمانے کا ہی کہ اگر سجدہ غیر کو جائز ہوتا تو عورتون کو فرماتا کہ اپنے خاوندون کو سجدہ کرین پوشیدہ نرہے کہ عبارت کو سات مقام پر اجازت جانے کی دینا مرد کو جائز ہی اول بنابر زیارت والدین دوسرے بنابر عیادت مذکورین کے تیسرے واسطے تعزیت کو تاہم پرسی کے چوتھے بنابر زیارت محارم پانچوین بچھوٹے بچون عورت قابلہ و غاسلہ واسطے اپنے پیشہ کے اور طالب حق کے مدیون تا ادائے حق دوسرے کی اور اس صورت مین خروج بلا اذن بھی جائز ہی ساتوین بنابر حج بشرطیکہ جمعیت اسباب جو اگرچہ بلا اذن ہو سوائے مقامات مذکورین کے اور کہین کی اجازت دینا مثلاً بنابر زیارت اجانب یا عیادت انکے یا بر تقدیر ولیمہ وغیرہ ہرگز درست نہین والا دونون گنہگار ہونگے کذا فی الخلاصۃ والبحر الرائق اور شروح طریقہ محمدیہ مین ہی کہ یہ اُس صورت مین ہی جب کہ خانہ ضیافت و ولیمہ محفوظ و مامون نہو والا نجانہ صالحین و صالحات اگرچہ جانتے ہون تقریبات مین جانا جایز و درست نہی

معجزہ ۲۵ صحیح مسلم مین عبد اللہ ابن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم ایک انصار کے احاطہ والے باغ مین تشریف لیگئے وہان ایک اونٹ تھا اُسنے حضرت کو دیکھکر آواز کی اور رونے لگا حضرت رحمۃ للعلمین صلعم نے مہربانی سے اُسپر دست مبارک اپنا پھیرا اور پوچھا یہ اونٹ کسکا ہی اُس انصار نے کہا میرا ہی فرمایا کیا تو خدا سے نہین ڈرتا اس جانور کے مقدمہ مین جسکو خدا نے تیرے ملکیت مین دیا ہی سو وہ البتہ مجھسے شکایت کرتا ہی کہ تو اُسکو بھوکا رکھتا ہی اور ہمیشہ اُس سے محنت لیتا ہی فائدہ اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ جانور بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانتے تھے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بے زبان جانورون پر بھی شفقت کرنا واجب ہی اور جو رحم نکرے وہ گنہگار ہی لائق عذاب

معجزہ ۲۶ دلایل النبوۃ مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع ابو بکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما ایک انصار کے باغ مین تشریف فرما ہوئے

وہان ایک بکری بندھی تھی اُسنے حضرت کو دیکھ کر سجدہ کیا تو ابوبکر نے کہا یا رسول اللہ ہمکو چاہیئے کہ آپ کو سجدہ کرین فرمایا
معجزہ ۴۸ یہ درست نہین ہی معجزہ شرح السنہ مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک بھیڑیے نے بکری بکڑی اور
گڈریہ نے اسکو چھین لیا سو وہ گرگ ایک بلند ٹیلے پر جا کر بیٹھا اور کہنے لگا ای گڈریہ میرا رزق جو اللہ نے دیا تھا تو نے
چھین لیا اُسنے کہا واللہ مین نے بھیڑیے کو باتین کرتے نہین سنا ہی بھیڑیہ نے کہا عجب تر اس سے یہ بات ہی کہ ایک شخص
مدینے مین خبر دیتا ہی گذشتہ اور آیندہ کی ابوہریرہ فرماتے ہین کہ یہ شخص یہودی تھا سو حضرت صلعم کے حضور مین آیا
اور مسلمان ہوا اور آنجناب نے اُسکے قول کو تصدیق کیا اور فرمایا کہ یہ باتین علامات قیامت سے ہین قریب ہے
کہ آدمی اپنے گھر سے باہر نکلے اور پھر کر نہ آوے کہ اُسکی پاپوش و تازیانہ اُسکو خبر دے اُس سے جو اُسکے اہل خانہ نے
کیا ہو فائدہ یہ قصہ کئی مرتبہ واقع ہوا ہی اور بعض روایات سے واضح ہوتا ہی کہ نام اُس چرواہے کا ہیبان ابن اوس تھا اور
بعضے اہل تحقیق کہتے ہین کہ سلمہ ابن عمرو ابن اکوع تھا اور علاقہ الوقت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ منبہ ابن وہب سے
روایت کرتے ہین کہ اسیطرح کا ایک معاملہ سفیان ابن حرب اور صفوان ابن اُمیہ کو بھی پیش آیا تھا اور ایک مرتبہ
ابوجہل کو بھی ایسا ہی اتفاق پڑ گیا تھا مگر یاد صف ایسے ایسے معاملات کے ایمان نہ لایا قال صاحب بہجۃ المحافل قال
ابن عبدالبر کلم الذئب من الصحابۃ رافع ابن عمیرہ وسلمہ ابن الاکوع وہیبان ابن اوس الاسلمی قلت وکلم ایضا ابا سفیان
ابن الحرب وصفوان ابن امیہ حین کانا مشرکین وسالہ ابا جہل ابن ہشام معجزہ ۴۹ ابن عساکر نے ابی منظور سے روایت کی ہی کہ جب
حضرت صلعم نے خیبر فتح کیا تو ایک دراز گوش سیاہ ملا اُسنے حضرت سے کلام کیا حضرت نے پوچھا تیرا نام کیا ہی بولا یزید بن شہاب
اور کہا کہ میرے جد کی نسل سے ساٹھ حمار ہوے سو سوائے پیغمبر خدا کے اُنپر کوئی سوار نہوا اور مین امیدوار تھا کہ آپ مجھپر سوار
ہونگے اور اب کوئی میرے جد کی نسل سے باقی نہین ہی اور پیغمبرون مین اب کوئی سوائے آپ کے نہوگا اور پہلے مین ایک یہودی
کے پاس تھا کہ جب وہ مجھپر سوار ہوتا تو مین قصداً گرا دیتا تھا سو وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا تھا حضرت نے فرمایا تو بیشک جھوٹا ہی
اور حضرت کے حکم مین اسطرح رہتا تھا کہ جب حضرت کسیکو طلب فرماتے تو اُسیکو بھیجتے وہ اُسکے دروازے جا کر اپنا سر ٹکراتا
کہ صاحب خانہ خبر پاکر حاضر ہوتا یعنے وہ اشارہ سے بلاتا تھا پھر جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو کثرت
غم سے کنوئین ابوالہیثم ابن التیہان مین گر پڑا اور مر گیا معجزہ ۵۰ بخاری اور مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی
کہ مین سفر مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور مدینے کو آیا تھا اور میرا اونٹ نہایت تھک گیا تھا کہ مین سب سے
پیچھے رہتا پھر گذرے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس پس مارا حضرت نے اونٹ کو لیعنے لکڑی سے یا کوڑے سے کہ دست مبارک
مین تھا سو وہ چلا اور برکت دست مبارک سے ایسا تیز رفتار ہو گیا کہ پہلے ویسا نہ تھا پھر فرمایا حضرت نے کہ اس اونٹ کو ہمارے
ہاتھ بیچدیا ایک اوقیہ یعنے چالیس درہم کو سو مینے بیچا اور شرط کی اُنہون نے سواری کی مدینہ تک پھر جب مین آیا مدینے مین تو لایا حضرت
کے پاس اونٹ اور دیا حضرت نے مول اُسکا اور ایک روایت ہی کہ مول بھی دیا اور اونٹ بھی واپس عطا کیا اور ایک روایت مین

بخاری کی ہے کہ حضرت نے بلال سے فرمایا دے جابر کو سول اونٹ کا اور زیادہ دے کچھ سو دیا بلال نے انکو اور زیادہ دیا انکو ایک قیراط کہ نام چھٹے حصہ درہم کا ہے فائدہ ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بیچنا جانور کا ساتھ شرط کرنے سوار ہی یا بوجھ لادنے کے جائز ہے ایک مدت تک چنانچہ امام احمد کا مذہب ہے اور امام مالک کے نزدیک اگر مسافت نزدیک ہو تو شرط درست ہے چنانچہ بیان ہوا اور امام صاحب اور امام شافعی کے نزدیک جائز نہیں ہے بیع کرنا ساتھ اس شرط کے جسمیں نفع بائع یا مشتری کا ہو خواہ مسافت قریب ہو یا بعید اور دلیل انکی وہ حدیث ہے جسمیں منع کیا حضرت نے بیع اور شرط سے اور اس حدیث کا وہ جواب دیتے ہیں کہ یہ بات خاص حضرت جابر ہی کے لیے جائز ہوئی اور کو جائز نہیں ہے یا یہ کہ یہ شرط بعد ہونے بیع کے ہوئی ہو میں کہتا ہوں حقیقت میں یہ شرط نہ تھی بلکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے احسان تھا اور سواری کی اجازت بطاریت تھی اور یہ تو ظاہر ہے کہ حضرت کو خرید نا منظور نہ تھا بلکہ صرف جابر سے احسان کرنا تھا معجزہ بخاری میں انس رض روایت ہے کہ ایک مرتبہ اہل مدینہ چوروں یا دشمنوں سے فریاد کرنے لگے تو حضرت صلعم ابو طلحہ کے گھوڑے پر جو بڑا مضبوط تھا سوار ہو کر خبر لینے کو تشریف لیگئے جب پھر کر آئے تو فرمایا یہ گھوڑا تو بحر ہے یعنی چالاک بعد اس ارشاد کے وہ گھوڑا بڑا تیز رفتار ہوا معجزہ بیہقی نے سمی ابن عطیہ سے روایت کی ہے کہ حضرت صلعم ایک گونگے لڑکے کے پاس تشریف لائے کہ وہ قریب بلوغ تھا اور کلام نہ کر سکتا تھا سو حضرت نے پوچھا میں کون ہوں اسنے کہا آپ رسول اللہ ہیں معجزہ دارمی و بیہقی و احمد نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت اپنے بیٹے کو لائی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ لڑکا ہے انجنون ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکا سینہ ہاتھ سے چھوا تو اسنے قے کی اور کنی بلی کتے کی برنگ سیاہ گر پڑی کہ وہ لڑکا اچھا ہو گیا معجزہ طبرانی اور ابو نعیم نے روایت کی ہے کہ قتادہ ابن النعمان کے چشم صدمین تیر لگا آنکھ مین کہ وہ آنکھ حدقہ سے نکل پڑی لیتے ہٹ گئی سو قتادہ اسکو ہاتھ مین لیے حضرت کے پاس آئے حضرت صلعم نے آبدیدہ ہو کر دعا فرمائی فوراً قتادہ کی آنکھ اچھی ہو گئی سمیلی نے اپنی سند سے بیان کیا ہے کہ دونو آنکھین قتادہ کی رخسار پر گر پڑی تھین حضرت نے دونو کو اٹھا کر رکھدیا معجزہ صحیح بخاری و مسلم مین ہے کہ حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے چشم خیبر مین آشوب چشم تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آب دہن مبارک اپنا دونو آنکھون مین لگایا فوراً صحت حاصل ہوئی طبرانی علی مرتضی سے روایت کرتے ہین کہ فرماتے تھے اُسدن سے میری آنکھ مین درد ورد نہین ہوا معجزہ بخاری مین یزید بن ابی عبید تابعی سے روایت ہے کہ سلمہ ابن الاکوع کے ساق پر غزوۂ خیبر مین ایسی چوٹ لگی کہ لوگون نے جانا مر گیا یزید بن ابی عبید کہتے ہین کہ سلمہ نے اپنا حال حضرت سے عرض کیا سو حضرت نے تین مرتبہ کچھ پڑھکر پھونک دیا صحت ہو گئی معجزہ یعلی ابن مرہ سے شرح السنہ مین روایت ہے کہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک تالاب پر گیا وہان ایک عورت اپنا بیٹا دیوانہ لیکر آئی حضرت نے اسکے ناک کا سوراخ پکڑا اور فرمایا اخرج وانی رسول اللہ بعد ازان مین حضرت کے ساتھ سیر کو چلا گیا جب لوٹ کر اسی تالاب پر پہونچا تو حضرت نے اُس لڑکے کا حال اُسکے مان سے پوچھا وہ بولی یا رسول اللہ اسی وقت سے صحت ہے معجزہ بیہقی و طبرانی و ابو نعیم و بغوی و ابن ابی شیبہ نے روایت کی ہے کہ دونو آنکھین قتادہ کی سفید ہو گئین حضرت صلعم نے کچھ پڑھ کر پھونک دیا

دونوں آنکھیں اچھی ہوگئیں اور ایسا دیکھنے لگا کہ بے تکلف رشتہ سوزن میں ڈالتا تھا حالانکہ عمر اسکی اسی برس کی تھی معجزہ مواہب لدنیہ میں تاریخ بخاری سے منقول ہے کہ شرجیل جعفی کی ہتھیلی میں سلعہ کی بیماری تھی سو تلوار نہ پکڑ سکتا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ پڑھ کر دم کیا اور اپنا ہاتھ رکھ دیا بیماری جاتی رہی رواہ الطبرانی و البیہقی ایضا معجزہ بیہقی نے روایت کی ہے کہ ہبیش ابن جمال کے منہ میں قوبا کی بیماری تھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ رکھ دیا صحت ہوگئی معجزہ شکوہ شریف میں انیسہ بنت زید ابن ارقم تابعیہ سے روایت ہے کہ زید ابن ارقم بیمار تھے حضرت صلعم انکی عیادت کو تشریف لائے اور ارشاد کیا کہ اس مرض کا کچھ خوف نہ کر لیکن جب تیری عمر زائد ہوگی میرے بعد تو اندھا ہو جائیگا پھر کیا کہ لگا زید نے التماس کیا کہ امید وار ثواب ہونگا اور صبر کرونگا فرمایا پھر تو بہشت میں داخل ہوگا بالحساب انیسہ کہتے ہیں کہ بعد وفات حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زید اندھے ہوگئے پھر اللہ نے انکو بصارت دی بعد اسکے وفات پائی معجزہ ترمذی اور نسائی اور حاکم اور بیہقی نے عثمان بن حنیف سے روایت کی ہے کہ ایک اندھے نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آکر کہا کہ یا رسول اللہ آپ دعا کیجیے کہ میری آنکھیں کھل جاویں آپ نے فرمایا کہ اٹھ وضو کر اور بعد اسکے دو رکعت نماز پڑھ بعد اسکے یہ دعا پڑھ اللھم انی اسالک واتوجہ الیک بنبیک محمد نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربک ان یکشف عن بصری اللھم شفعہ فی سو اس نابینا نے بھی کیا اچھا ہوگیا یہ حدیث اکثر محدثین نے باسناد صحیح نقل کی ہے اور واسطے برآمد مطلب کے یہ دعا مجرب ہے اکثر ان یکشف عن بصری کے جگہ اور روایتوں میں فی حاجتی ہذہ لیقضی وارد ہے کہ یہ عبارت جملہ حاجات کو شامل ہے اور حضرت عثمان بن حنیف اور انکے بیٹے اس دعا کو بنا بر تقضاے حاجات تعلیم کیا کرتے تھے معجزہ مواہب لدنیہ اور زینۃ المحافل میں معیقیب یمانی سے روایت ہے کہ جب حجۃ الوداع میں حج سے فراغت ہوئی تو میں ایک گھر میں گیا دیکھا کہ حضرت صلعم تشریف فرما ہیں میرے سامنے ایک لڑکا اہل یمامہ کا کہ آسیدن پیدا ہوا تھا لایا گیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا میں کون ہوں وہ لڑکا بولا انت رسول اللہ فرمایا حضرت نے صدقت بارک اللہ فیک بعد اسکے پھر اسنے کلام نہیں کیا یہاں تک کہ جوان ہوا اور ہم لوگ اسکو مبارک الیمامہ کہتے تھے معجزہ مسلم میں سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں سخت بیمار تھا حضرت صلعم میری عیادت کو تشریف لائے اور یوں دعا کی کہ اللھم اشف سعدا سو مجھکو فوراً صحت ہوگئی معجزہ زینۃ المحافل میں ہے کہ ابن ملاعب اسنہ کو بعارضہ استسقا لاحق ہوا سو اسنے اپنا ایک آدمی حضرت صلعم کے پاس اسلئے خبر کے بھیجا اور درخواست دعا کی حضرت نے تھوڑی خاک لیکر آب دہن مبارک ملا کر عنایت کی اسنے براہ تعجب اس مٹی کو لیا اور سمجھا کہ مجھسے ٹھٹھا کیا مگر ابن ملاعب لاسنہ کے پاس لیگیا اور ایسے وقت پہونچا کہ وہ حالت احتضار میں تھا سو ابن ملاعب نے اسے کھایا اور صحت پائی حالانکہ قریب بہ مرگ تھا رواہ ابو نعیم والواقدی عن عروہ معجزہ بخاری میں براء ابن عازب سے روایت ہے کہ جب عبد اللہ ابن عتیک نے ابو رافع کو قتل کیا تو اسکا ساق یا پاؤں ٹوٹ گیا وہ حضرت صلعم کے پاس آیا حضرت نے دست مبارک سے مس کیا اسکا پاؤں اچھا ہوگیا اور تفصیل قصہ قتل ابو رافع میں مذکور ہے فائدہ صحیح بخاری میں ہے

کو ابو رافع یہودی بڑا مالدار تھا اور دشمن رسول خدا کنیت اُسکی ابو الحقیق بضم حا مہملہ و فتح قاف اولے وسکون تحتانیہ بیان
دو قاف و عتیک بفتح عین مہملہ و کسر فوقانیہ بروزن عتیق ہی معجزہ ۶۶ صحیح بخاری مین وارد ہی کہ خالد ابن ولید کے جنگ حنین مین زخم
معجزہ ۶۷ تفنگ لگ گیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آب دہن مبارک لگا دیا صحت ہو گئی معجزہ ۶۸ بیہقی نے دلایل النبوۃ مین روایت
کی ہی کہ حضرت صلعم نے ایک شخص کو دعوت اسلام فرمائی اُسنے کہا اگر میری بیٹی کو آپ زندہ کرین تو مین ایمان لاؤن حضرت
صلعم اُسکے قبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا یا فلانۃ اُسنے کہا لبیک وسعدیک حضرت نے پوچھا تیرا جی چاہتا ہی کہ دنیا مین
آوے اُسنے کہا یا رسول اللہ مین اللہ کو مان باپ سے زیادہ تر مہربان پاتی ہون اور آخرت کو دنیا سے زیادہ دوست
معجزہ ۶۹ رکھتی ہون معجزہ ۷۰ بہجۃ المحافل مین ہی کہ ایک شخص نے اپنی لڑکی کو جنگل مین چھوڑ دیا کہ وہ گم ہو گئی پھر اُسنے آکر
حضرت صلعم سے یہ احوال نقل کیا سو حضرت صلعم اُسکے ساتھ جنگل مین تشریف لے گئے اور آواز دی کہ یا فلانۃ
بحکم خدا مجھے جواب دے وہ بولی لبیک وسعدیک حضرت نے فرمایا تیرے ماں باپ مسلمان ہوئے ہین اگر تیرا جی چاہے
معجزہ ۷۱ تو اُنکے پاس چلی اُسنے کہا یا رسول اللہ مجھے اُنکی حاجت نہین مین نے تو اللہ کو اُنسے بہتر مہربان پایا ہی معجزہ ۷۲ ابو نعیم نے
روایت کی ہی کہ جابر نے ایک بکری ذبح کر کے پکائی اور ثرید بنا کر حضرت کے پاس لائے اور کھانے کے واسطے بیٹھے حضرت
صلعم نے فرمایا کہ گوشت کھاؤ اور ہڈی سلم رہنے دو اُنھون نے اسیطرح کیا بعد اُسکے آنحضرت نے ہڈیان جمع فرما کے
معجزہ ۷۳ زبان مبارک سے کچھ فرمایا کہ دفعتہً وہ بکری زندہ ہو کر کان جھاڑنے لگی کذا فی المواہب معجزہ ۷۴ بیہقی و ابن عدی نے حضرت
انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ ایک جوان انصار نے وفات پائی اور اُسکی والدہ نہایت ضعیف و اندھی تھی ہم لوگون نے
اُس میت پر چادر ڈال دی اور اُسکی والدہ سے تعزیت پیش آئے اُسنے کہا آیا بیٹا میرا مر گیا ہنسے کہا ہان وہ کہنے لگی یا الٰہی تو
جانتا ہی کہ مین نے تیری طرف اور تیرے پیغمبر کی طرف ہجرت کی ہی اس اُمید سے کہ تو شدتون مین مدد کریگا یا الٰہی یہ مصیبت
مجھپر نہ ڈال انس فرماتے ہین کہ لڑکا اُسکا اُسیدم زندہ ہو گیا اور اُسنے منھ سے چادر اُتار کے ہمارے ساتھ کھانا کھایا
معجزہ ۷۵ یہ بھی معجزہ حضرت صلعم ہی کہ نام آنجناب کی برکت سے دعا قبول ہوئی معجزہ ۷۶ مصابیح مین ہی کہ ام سلیم بنت ملحان والدہ
انس ابن مالک نے التماس کیا یا رسول اللہ اپنے خادم انس کے واسطے دعا کیجیے فرمایا اللھم اکثر مالہ وولدہ و بارک
لہ فیما اعطیتہ یعنے اے اللہ بہت کر مال اُسکا اور اولاد اُسکی اور برکت دے اُس چیز مین جو دی ہی تو نے اُسکو انس فرماتے ہین
کہ بیشک بلاشبہہ مال میرا بہت ہی اور نہایت برکت کا ہی اور اولاد میری بلاد اسطہ اور اولاد اولاد شمار مین آج کے
دن سو سے زیادہ ہین اور بلاشک زمین میری البتہ پھل دیتی ہی دو بار سال مین یعنے اُسوقت کہ حکایت کرتا ہون عدد مین
اس شمار کو پہونچے ہین بعد ازین زیادہ ہی ہون چنانچہ مروی ہی کہ انس نے کہا کہ عطا ہوے میرے صلب سے سوائے اولاد
اولاد کے ایک سو پچیس بیٹے سوائے دو لڑکیون کے یعنے بہت دنون بعد نقل کرنے مضمون سابق کے وہذا اقول البعض
کذا ذکر ابن الجوزی اور اُنکے بیٹے نے کہا مین نے دفن کیے ہین اُنکی اولاد صلبی سے قریب سو نفر کے اور ابن عبد البر نے فرمایا ہی

کہ جو لوگ کہتے ہین کہ انس کے نتواڑکے پیدا ہوئے سو بہت صحیح ہی اور بعض نے کہا اسی تھے اکثر بیٹے اور دو لڑکیان
پس جو کچھ ابن حجر نے ذکر کیا ہی ظاہر اُسکا مخالف اس نقل کے ہی اور ظاہر حدیث کے بھی مخالف ہی اسلیے کہ وہ دلالت
کرتی ہی کہ مجموع اولاد کی اولاد متجاوز ستو سے ہین نہ اولاد انکی واللہ اعلم معجزہ مصابیح مین حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت ہی کہ میری والدہ مشرکہ تھی اور مین اُس سے ہمیشہ کہا کرتا تھا کہ تو مسلمان ہو جا اُسنے ایک مرتبہ حضرت صلعم
کے حق مین ایسی بے ادبی کی بات کہی کہ مجھکو سخت بُری لگی اور مین حضرت صلعم کی خدمت مین روتا ہوا آیا اور ملتمس ہوا کہ
یا حضرت میری والدہ کے واسطے دعا کیجیے کہ خدا اُسکو ہدایت دیوے چنانچہ آنجناب نے دعا کی کہ الٰہی ہدایت کر ابو ہریرہ کی
ماں کو الٰہی اپنے اس بندے اور اُسکی والدہ کو پیارا کر دے اپنے ایمان دار بندون کے نزدیک و ایمان دار دن کو انکے نزدیک پیارا کر ابو ہریرہ فرماتے ہین کہ مین آنحضرت کے حضور سے خوش ہو کر نکلا جب اپنے گھر کے دروازے
آیا تو میری والدہ نے میری جوتی کی چپ سنی اور کہا اے ابو ہریرہ ٹھہر جا مین نے پانی کی آواز پائی اور اُسنے
غسل کر کے جلدی سے کپڑے پہنے اور دروازہ کھولا اور کہا اے ابو ہریرہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمدا
رسول اللہ سو مین خوشی سے روتا ہوا حضرت صلعم کی خدمت مین آیا اور حال بیان کیا آنجناب نے فرمایا الحمد للہ بہت
خوب ہوا اس حدیث سے نکلا کہ خوشی سے بھی رونا آتا ہی معجزہ صحیح مسلم مین سلمہ ابن الاکوع سے روایت ہی کہ ایک شخص نے
حضرت کے روبرو بائین ہاتھ سے کھانا شروع کیا آپ نے فرمایا داہنے سے کھا اُسنے کہا مین داہنے ہاتھ سے نہین
کھا سکتا ہون فرمایا تو پھر نہ کھا سکے گا سلمہ کہتے ہین کہ اس شخص نے بسبب نخوت و بیقیدی کے جھوٹ ظاہر کیا تھا اُسکا یہی حال ہوا
کہ دست راست اُسکا معذور ہو گیا کہ منہ تک نہ جاتا تھا معجزہ بخاری و مسلم مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی
کہ ایک بار عہد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین قحط پڑا سو ایک اعرابی نے حاضر ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ جانور تو مرنے
اب عیال و اطفال کی نوبت ہی دعا کیجیے کہ اللہ تعالے پانی برسا دے اُسوقت آنجناب خطبہ جمعہ پڑھتے تھے اُس حال مین
دست مبارک اُٹھا کے دعا کی اللھم اغثنا اللھم اغثنا حضرت انس فرماتے ہین کہ اُسوقت مطلق نشان ابر کا نہ تھا و فقہ بہاڑ
کے نیچے سے بادل اُٹھا اور آسمان بھر گیا اور سات روز برابر پانی ایسا برسا کہ آفتاب نظر نہ آیا بعد اُسکے حضرت محبوب الکونین
صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے جمعہ کو خطبہ فرما رہے تھے کہ وہی اعرابی پھر حاضر ہوا اور التماس کرنے لگا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم جانور ہمارے پانی کی شدت سے مرے جاتے ہین اور راہین بند ہو گئی ہین دعا کیجیے کہ خدا ے تعالے منہ کو روکے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اُٹھا کر یون دعا کی کہ الٰہی ہمارے آس پاس پانی برسے ہم پر اب نہ برسے الٰہی ٹیلون اور پہاڑیون
اور نالون اور جنگلون کے درختون مین مینھ برسے فوراً مدینہ کے اوپر سے بادل پھٹ گیا ڈھال کی طرح مدینہ خالی ہو گیا
آس پاس برسا کیا معجزہ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جب کفار قوم قریش اور حضرت
صلعم کی ایذا دہی مین سرگرم ہوے تو حضرت نے ناچار ہو کر یون دعا کی اللھم اعنی بسبع کسبع یوسف یعنی اے اللہ جیسا حضرت

یوسف علیہ السلام کے عہد مین سات برس کا قحط پڑا تھا ویسا ہی قحط پڑے کہ یہ لوگ اپنی شامت اعمال سے آگاہ ہون
اور ایمان لاوین چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ اُن کافرون نے ہڈی اور مردار کھایا آخر کار تنگ ہوکر حضرت سے ملتجی ہوے
حضرت رحمۃ للعالمین نے دعا فرمائی کہ بلاے قحط دفع ہوگئی معجزہ ۷۶ ترمذی اور بیہقی نے روایت کی ہے کہ سعد ابن وقاص
کے حق مین دعا فرمائی کہ سعد مستجاب الدعوات ہو سو اسکا یہ اثر ہوا کہ جب سعد رضی اللہ عنہ اپنے لیے یا غیر کے واسطے
دعا مانگتے قبول ہوتی کذا فی المواہب معجزہ ۷۷ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے واسطے دعا فرمائی کہ اس کے سبب سے عزت اسلام ہو
ویسا ہی ہوا معجزہ ۷۸ صحیحین مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکے واسطے فرمایا
اللھم فقہہ فی الدین وعلمہ التاویل سو بعد اس دعا کے اللہ تعالے نے اُن کو ایسا علم دیا کہ جس کی آج تک دھوم ہے اور اول
ترجمان قرآن ہوے معجزہ ۷۹ بیہقی نے عمرو ابن حزیب سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ ابن جعفر
رضی اللہ عنہ کے واسطے دعا کی کہ یا اللہ اُسکے مال مین برکت ہو جو چیز اُنھون نے بیچی فائدہ ہوا اسی طرح مقداد کے واسطے
دعا فرمائی بخاری مین ہے کہ عروہ ابن ابی الجعد کے واسطے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاے برکت فرمائی
تو اُسنے اگر خاک بھی فائدہ ہوا معجزہ ۸۰ ابن ماجہ بیہقی نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت
علی کرم اللہ وجہہ کی واسطے دعا کی کہ انکو گرمی و سردی مین کفایت ہو سو حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ جاڑون کے
کپڑے گرمی مین پہنتے اور گرمیون کے جاڑون مین معجزہ ۸۱ بیہقی نے عمرو ابن حصین سے روایت کی کہ جناب
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کے واسطے دعا فرمائی کہ اللہ انکو بھوکا نہ رکھے سو ویسا ہی ہوا قصہ یہ
کہ عمران نے کہا کہ مین جناب پیغمبر صلعم کے حضور مین حاضر تھا حضرت فاطمہ تشریف لائین اور کھڑی ہوین آپ نے دیکھا کہ
بھوک سے چہرہ انکا زرد ہو رہا ہے آپ نے اُنکے سینہ پر ہاتھ رکھا کہ اے اللہ پیٹ بھرنے والے بھوکھون کے اور اونچے کرنے والے
نیچون کے فاطمہ بنت محمد کو بلندی دے یعنی تکلیف دور کر عمران کہتے ہین کہ مین نے دیکھا چہرہ سرخ ہوگیا اور سب چہرہ کی
زردی جاتی رہی پھر مین ایک بار اُنکی خدمت مین گیا اُنھون نے فرمایا اُس دن سے پھر کبھی بھوکھ نے تکلیف نہین دی راوی
نے بعد روایت حدیث کہا ہے کہ یہ قصہ قبل نزول آیت حجاب تھا معجزہ ۸۲ صحیحین مین عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ جب
کسری پرویز نے آپ کا نامہ پھاڑ ڈالا تو حضرت صلعم نے کسری کے واسطے دعا کی کہ اللہ اسکا ملک پھاڑ ڈالے سو اُسکا ملک
بالکل جاتا رہا یہان تک کہ فارس کی بھی ریاست نہ رہی معجزہ ۸۳ بیہقی اور حاکم نے ابن اسحٰق سے روایت کی ہے کہ عتبہ ابن ابی لہب
کے حق مین فرمایا کہ اللہ اُسپر کتے کو مسلط کرے سو اسکو شیر نے پھاڑ ڈالا معجزہ ۸۴ بیہقی نے روایت کی ہے کہ عبدالرحمن ابن عوف
محتاج تھے اُنکے واسطے برکت کی دعا فرمائی اُن پر ایسا دروازہ روزی کا کھلا کہ پتھر بھی اُٹھاتے سونا چاندی ہو جاتا
چنانچہ جب اُنکی وفات ہوئی تو چار لاکھ دینار سونے کے اُن کے وصیون کو ملے اور لاکھ لاکھ چارون بیبیون مین تقسیم ہوے
معجزہ ۸۵ مشکوۃ شریف مین ابو ایوب انصاری سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز بعد غروب

آفتاب برآمد ہوے تو ایک آواز سنی گئی حضرت نے فرمایا یہود کے عذاب کی آواز ہے جو اپنے قبور مین معذب ہین معجزہ ۸۹
اہل طائف نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر اس پتھر سے ایک درخت میوہ دار نکلے تو ہم ایمان لاوین حضرت صلعم نے
دعا فرمائی اور اپنا ہاتھ اس پتھر پر رکھدیا تو درخت میوہ دار نکل آیا اہل طائف ایمان لاے معجزہ ۹۰ ایک نصرانی قوم خزرج مین
مارا گیا اور قاتل کا حال معلوم نہوتا تھا حضرت صلعم نے ایک شاخ خرمے کی مردے پر رکھدی اسنے نام قاتل کا بتلادیا
معجزہ ۹۱ ابن یزید کعبی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر پتون کو سونے کا کردو تو مین ایمان لاؤن حضرت صلعم نے
دعا فرمائی سارے بت طلائی ہوگئے اور ابن یزید ایمان لایا معجزہ ۹۲ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حق مین ارشاد ہوا کہ
یہ بلا مین پڑیگا سو ویسا ہی ہوا کہ اس بلا مین شہید ہوے معجزہ ۹۳ صحیح بخاری مین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرماکے حضرت امام حسین علیہ السلام کے حق مین ارشاد کیا تھا کہ یہ بیٹا میرا سید ہے
امید ہو کہ اسکے باعث سے دو گروہ مسلمانون مین صلح ہوگی سو یہ بات معاویہ کے عہد مین ظاہر ہوئی پانزدہم جمادی الاولی
یعنی ۴۱ھ ہجری مین مابین دو لشکر عظیم مسلمین کے یعنی لشکر شام اور لشکر عراق مین صلح انجناب کی طرف سے واقع ہوئی اس
سال کا نام عام الجماعۃ ہوا معجزہ ۹۴ حضرت امام حسین علیہ السلام کے حق مین ارشاد کیا کہ اس بیٹے کو میری امت شہید کریگی
چنانچہ یہ معاملہ زمانہ یزید پلید بالبتحقیق مین واقع ہوا یہ خلاصہ ہے اس حدیث کا جو بیہقی نے ام الفضل زوجہ عباس سے
روایت کی ہے اور کاتب اوراق کو اس واردات کی احادیث کا ذکر شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام مین بیان کرنا
منظور ہے اس باعث سے یہان ذکر نہین کیا معجزہ ۹۵ انصار سے فرمایا تھا کہ یک دن ایسا ہوگا میرے بعد کہ تم پر اور دن کو ترجیح دینگے
سو معاویہ ابن ابی سفیان کے وقت مین واقع ہوا معجزہ ۹۶ اسود عنسی کذاب جس رات مارا گیا حضرت نے خبر دی اور اسکے قاتل
کا نام بتلایا حالانکہ وہ مردود دضعا متعلقات یمن مین ہلاک ہوا تھا کذا فی المواہب معجزہ ۹۷ بخاری مین عبدالرحمن ابن مالک مدلجی
سے کہ سراقہ ابن مالک ابن جعشم کا بھتیجا تھا روایت ہے کہ اسنے کہا کہ میرے باپ نے مجھسے تذکرہ کیا کہ سراقہ کہتا تھا کہ قریش کے
ایلچی ہمارے قبیلہ مین آے اور بولے قریش کہتے ہین کو جو کوئی محمد صلعم کو یا ابوبکر کو مار ڈالے یا قید کرکے ہمارے پاس لاوے تو ہم
اُسے سو اونٹ دینگے چنانچہ مین ایک روز اپنی قوم مین بیٹھا تھا دفعۃً ایک آدمی آیا اور اسنے کہا کہ مین نے ابھی ورسے کچھ لوگ دیکھے ہین
کہ ساحل کی راہ جاتے تھے گویا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے اصحاب تھے سراقہ کہتا ہے کہ مین سمجھ گیا پھر مین نے اُسے دھوکے مین ڈالنے
کو کہا کہ فلان فلان آدمی ہونگے کہ وہ میرے سامنے ہوکر گئے ہین اور مین نے انکو خوب دیکھا ہے وہ نہ تھے پس مین تھوڑی دیر
قوم کے لوگون مین بیٹھا بعد ازان اٹھکر گھر چلا آیا اور اپنی لونڈی سے کہا کہ میرا گھوڑا تیار کرکے ٹیلے کے نیچے کھڑا کر پھر مین اپنا
نیزہ لیکر بصورت قضاے حاجت اُسی ٹیلے کے نیچے پہونچا اور گھوڑے پر سوار ہوکر خوب دوڑایا جب محمد صلعم کے متصل پہونچا
تو گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور مین اوندھے منھ زمین پر گرا پھر سنبھل کر اٹھا تو مین نے فال لیا کہ انکو پکڑ سکونگا کہ نہین سو فال
بد نکلی مگر مین نے اعتبار نہ کیا اور سوار ہوکر پھر چلا سو اتنا قریب پہونچا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی قرات کی آواز کان مین

آنے لگی ناگاہ گھوڑے کے پیر زمین میں دھس گئے اور زمین پشت زمین پر گرا ہر چند میں نے اسکو مارا پر وہ پیر نہ نکال سکا آخر بڑی مشکل سے گھوڑے کی خلاصی ہوئی پھر میں سوار ہو کر چلا سو ایسا فریب ہو گیا کہ صرف ایک دو تیر ہی کا فرق رہ گیا ابوبکر صدیق فرماتے ہیں کہ اسوقت میں نے حضرت سرور عالم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ دشمن آپہونچا حضرت نے فرمایا لاتحزن ان اللہ معنا اور فرمایا اللھم اکفناہ بما شئت پس اس کلام کے نکلنے سے سراقہ کے گھوڑے کے چاروں پیر زانو تک زمین میں دھس گئے اور وہ چلایا کہ ای محمد دعا کرو کہ میرا گھوڑا خلاص پاوے مجھے تمسے کچھ بھی سروکار نہیں اور میں عہد کرتا ہوں کہ جو کوئی تمھارے پیچھے آتا ہوگا اُسے پھیر لیجاؤنگا حضرت رحمۃ للعالمین نے اپنے مالک حقیقی سے التماس کیا اللھم ان کان صادقا فاطلق فرسہ فوراً گھوڑے کے پیر زمین سے نکل آئے سراقہ کہتا ہے کہ میرے دل میں یقین ہو گیا کہ یہ شخص نبی صادق ہیں اور بلاشک انکا عروج ہوگا اور دین جلد شایع ہوگا سو میں زاد و متاع اپنا نذر کرنے لگا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول نہ کیا تب میں نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور عرض کیا کہ حضرت یہ میری نشانی ہے قبول کیجیے سو حضرت نے قبول کیا پھر میں نے کہا کہ یا رسول اللہ اسی راہ میں آگے چل کر میرے اونٹ بکریاں ملینگی آپ میں سے جو مطلوب ہو سو میرے چرواہوں کو بلا کر بے تکلف لے لینا حضرت نے فرمایا کہ مجھے کچھ حاجت نہیں پھر سراقہ نے ایک فرمان امان طلب کیا سو حضرت نے عامر ابن فہیرہ یا ابن الفہار فتح الخاء وسکون الحتانیہ غلام آزاد حضرت ابی بکر سے ارشاد کیا اُسنے ایک چمڑے کے ٹکڑے پر لکھدیا سراقہ نامہ لیکر پھر گیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جانب مدینہ باسکینہ روانہ ہوئے اور سراقہ نے یہ کیا کہ جو کوئی متلاشی حضرت کا ملا اُسکو پھیر لے گیا ابوجہل لعین نے یہ حال سُنکر قوم بنی مدلج کو بہکایا تاکہ یہ بھی مسلمان نہ ہو جائیں سراقہ نے ابوجہل کو لکھ بھیجا کہ ای ابوجہل اگر دھس جاتا پیر گھوڑے کا تو دیکھتا بیشک محمد کو پیغمبر جانتا اور تعجب نہ کرتا اب تجھے لازم ہے کہ لوگوں کو روکے کہ انکے پیچھے نہ پڑیں اور دیکھ قریب تر انکا فضل و کمال تمام عالم پر ظاہر ہونے والا ہے ابوجہل اس تحریر سے جل مرا فائدہ سراقہ بعد فتح مکہ فتح وہ حنین سے پھرتے وقت موضع جعرانہ میں حاضر ہوا کہ اسلام لایا اور فرمان امان جو اُسکے پاس تھا دکھلایا فائدہ لاتحزن ان اللہ معنا جو حضرت نے فرمایا اور کلا لا ای بلی سیہدین میں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا بڑا فرق ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر شہود اول حضرت حق اور اُسکے لطف و کرم پر پڑی بعد اُسکے اپنے نفس پر اور حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام کی نظر اول اپنے نفس پر پڑی بعد اُسکے حضرت حق پر پس شہود حضرت خاتم الانبیا اتم و اکمل ہے اور مطابق ما رایت شیئا الا رایت اللہ قبلہ اور یہ حال اہل جذبہ و ایمان کا ہے اور قول حضرت موسے علیہ السلام موافق ما رایت شیئا الا رایت اللہ معہ و بعدہ اور یہ حال استدلالی برہان کا ہے اور یہی ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ معنا ارشاد کیا تاکہ فقرائے امت کو بھی اُسی سے حصہ پہونچے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہ اپنے ذات کو مخصوص فرمایا جسطرح الہی اور ارواحقایق الاشیا میں واقع ہوا ہے اور ایک فرق یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو زجر کیا اور حرف کلا زبان پر لائے کہ ہی وہ میں واسطے زجر کے موضوع ہے اور ہمارے حضرت صلعم نے کلام کو تسلی محبت سے شروع کیا کہ لاتحزن تاکہ مواس سے معلوم شان حضرت نسبت حضرت موسیٰ و فضیلت ابوبکر بسبب اصحاب موسیٰ صاف ظاہر ہے فائدہ یہ معجزہ حضرت صلعم کا مثل معجزہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہے نسبت قارون کے کہ زمین نے اسکو حضرت موسیٰ کی عداوت سے دھسا لیا تھا مگر اسقدر فرق ہے کہ افضلیت مقام النبیین و ظہور شان

رحمۃ للعالمین آپ کے معجزہ مین عیان ہی کہ آپ نے بالتجا سراقہ خسف زمین سے نجات دی بلکہ ہمیشہ کے لیے فرمان امان لکھدیا اور حضرت موسیٰ نے تضرع وزاری قارون پر التفات نہ فرمایا اللہ جل شانہ نے نبی وحی بھیجی کہ اگر قارون مجھسے ایک بار زاری کرتا تو مین اُسے نجات دیتا تمھین پکارتا رہتا تھے نہ سنتا تبنیہ فضیلت حضرت خاتم النبیین صلعم کی حضرت موسے خواہ کسی دیگر پیغمبر پر کیجاے تو اُسمین احتیاط رہے کہ تحقیر اہانت کی پیغمبر کی نہ نکلے کیونکہ تحقیر ہر پیغمبر کی کفر ہی شاعر لوگ اکثر اس بلا مین گرفتار ہین اور صرف افضلیت کے بیان سے تحقیر لازم نہین آتی کیونکہ اللہ صاحب خود فرماتے ہین تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض معجزہ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ اے عائشہ کیا تو نے جانا کہ خدا نے مجھکو حکم کیا جسمین مین نے اُس سے حکم چاہا یعنی میری دعا قبول ہوگئی اور جادو کا حال بتلا دیا کہ میرے پاس دو مرد آئے سو ایک میرے سر کے پاس بیٹھا اور دوسرا میرے پیر کے پاس اور کہا اُسنے جو میرے سر کے پاس تھا اُس سے جو میرے پیر کے پاس تھا یا اُسنے کہا جو میرے پیر کے پاس تھا اُس سے جو میرے سر کے پاس تھا کہ درد ہی اس مرد کو اُسنے جواب دیا کہ مسحور ہی اس نے کہا کسی نے اُسکو جادو کیا ہی دوسرے نے کہا کہ لبید اعصم کی بیٹی نے کیا ہی اُسنے کہا کس چیز مین کیا ہی دوسرے نے کہا کہ کنگھی اور اُن بالون مین جو کنگھی سے جھڑے اور نر خرمے کی بالی کے غلاف مین اُسنے کہا یہ کہان رکھا ہی دوسرے نے کہا ذروان کے کوئین مین فائدہ ذروان بفتحتین بمعنی وسکون راء نام چاہ کا ہی اور بعض روایات مین اروان بفتح ہمزہ وارد ہی اور دونون صحیح ہین مگر اول اصح اور اشہر ہی مصابیح مین ہی کہ ایک مرتبہ حضرت صلعم پر جادو ہوا خیال بندی کا کہ ناکردہ کام کو حضرت جانتے کہ کر چکا ہون اور بخاری مین ہی کہ حضرت صلعم اپنی بیبیون سے صحبت نہ کر سکتے تھے چنانچہ ایکدن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف رکھتے تھے کہ آپ نے دعاے صحت فرمائی اور یہ حال جو بیان ہوا بیان فرمایا بعد اُسکے مع چند اصحاب اُس کوئین پر تشریف لے گئے اور فرمایا یہی کنوان ہی جو مجھے دکھلایا گیا پانی اُس کنوے کا سرخ مہندی کے رنگ تھا چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سحر کو نکالا اور ایک روایت حضرت ابن عباس سے ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علی مرتضی اور عمار ابن یاسر کو اس کام کے واسطے چاہ ذروان پر بھیجا اُنھون نے جاکر نکالا تو معلوم ہوا کہ ترخرمے کی بالی کا غلاف ہی اُسمین تمثال یعنی تصویر رسول مقبول موم کی بنی ہوئی رکھی ہی اور سوئیان اُسمین چھدی ہین اور ایک دھاگا باندھا ہی کہ اُسمین گیارہ گرہین ہین پھر اُسیوقت حضرت جبریل علیہ السلام معوذتین لائے کہ اُنکے پڑھنے سے ہر آیت پر ایک ایک گرہ کھل گئی اور سوئیان نکلنے لگین تو حضرت کو تسکین ہونے لگی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہین کہ اُسکے نکالتے ہوئے حضرت صلعم کو بحث ہوئی مین نے کہا یا حضرت اُس جادوگر یہودی کو سزا دیجیے اور شہر بدر فرمایئے حضرت نے فرمایا کہ خدا نے مجھکو شفا بخشی مین کس لیے لوگون مین فتنہ انگیزی کرون اور شر پھیلاؤن فائدہ رفع تعارض مین الحدیثین یون ہوتا ہی کہ شاید حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس تشریف لے گئے ہون اور علی مرتضی اور عمار رضی اللہ عنہما کو واسطے نکالنے سحر کے کنوئین مین بھیجا ہو فائدہ معاملہ لحوق سحر بعد معاودت حدیبیہ سے ماہ دیقعدہ سال ششم ہجری مین واقع ہوا اور چالیس روز رہا اور ایک روایت مین چھ ماہ اور ایک قول مین تمام سال اور جمع بین الروایات یون ہو سکتا ہی کہ قوت وغلبہ سحر چالیس دن رہا تھا اور بعض آثار اُسکے

چھ مہینے تک رہے اور کچھ خفیف اثر سال بھر تک رہا فائدہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو اثر کرنے کا یہ ماجرا ہوا کہ کافر لوگ
حضرت کو جادوگر بتلاتے تھے بسبب اظہار معجزات و خوارق عادات کے اور مشہور یوں ہو کہ ساحر پر سحر کا اثر نہیں ہوتا ہے پھر جب
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو نے اثر کیا تو کافروں کے نزدیک بھی حضرت کو ساحر کہنا درست نہوا فائدہ اگر کوئی بیجا گو
سکے کہ تجویز عروض سحر حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو موجب قباحت ہو کیونکہ اس تقدیر پر اعتماد شریعت پر نہیں رہتا ہے
کیونکہ شریعت قول فعل پیغمبر خدا ہے اور جب نسبت عروض سحر کے ان دونوں میں احتمال ہوا تو شریعت میں فساد پڑا جواب اس
شبہہ کا یہ ہو کہ سحر بھی ایک عارضہ ہے عوارض شبریہ سے اور انبیا علیہم السلام بلا شبہہ بشر ہیں پھر لحوق عوارض بشریہ میں عقلاً کوئی
مانع نظر نہیں آتا ورائے اسکے ارواح اور بواطن انکے معصوم رہتے ہیں لان اجسادہم ارضیۃ وارواحہم سماویۃ علاوہ اسکے تخیل
فعل و عدم قدرت پر اجماع یا طریان ضعف بصر کہ بعض روایات میں وارد ہے تبلیغ رسالت میں داخل نہیں ہے اور نہ قادح صدق فی
اسواسطے کہ یہ امور دنیویہ ہیں بعثت رسول اللہ صلعم ان امور کے واسطے نہیں ہوئی اور نہ حضرت صلعم کے فضائل میں یہ امر
داخل ہے اگر ابلاغ شریعت میں کسی طرح کا نقصان ہوا ہوتا تو البتہ موجب قباحت تھا اور بدلائل قطعیہ یقینیہ ابلاغ
شریعت میں عصمت و نزاہت ثابت ہے اور کسی حدیث یا روایت میں وارد نہیں ہے کہ حالات عروض سحر میں کوئی فعل یا قول
مخالف واقع اور بہ خلاف اخبار صادر ہوا ہو اور جو مذکور ہے وہ صرف خواطر و تخیلات میں سوان خواطر و تخیلات کو حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم صادق نہیں جانتے تھے اور نہ کبھو اسکا اعتقاد کرتے تھے بلکہ جمیع عقائد صلاح و سداد پر تھے اور اقوال بطریق صحت
عدم فساد اور جو بعض روایات میں لحوق ضعف وارد ہے سو بھی اگر تسلیم کیا جاوے تو تخیل عقل تمیز نہیں ہوتا کما صرح بہ المحقق فی
شرحہ علی المشکوۃ صحیح بخاری میں ہے کہ غزوۂ خیبر میں ایک مرد مسلم کو حضرت صلعم نے فرمایا ہذا من اہل النار پھر وہ شخص کافروں سے
لڑا اور بہت مجروح ہوا ایک صحابی نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ تو خوب کافروں سے لڑا پھر کسطرح دوزخی ہوگا فرمایا
آگاہ ہو کہ وہ دوزخی ہے اس کلام سے قریب تھا کہ بعض کو شک پڑے اتنے میں زخمی کو دیکھا تو اسنے ترکش سے تیر نکالا اور اپنا
سینہ اسپر رکھ دیا اور ہلاک ہوا اور بعض کے نزدیک تلوار زمین پر رکھی اور اسکے دھار پر سینہ رکھدیا اور مر گیا یہ حال دیکھکر لوگ
دوڑے گئے اور کہا یا رسول اللہ صدق اللہ حدیثک تدانحر فلان وقتل نفسہ فرمایا اللہ اکبر اشہد انی عبداللہ ورسولہ اور بلال رضی اللہ
عنہ سے فرمایا ندا کر کہ بہشت میں نہیں جاتا مگر مسلمان اور اللہ قوت نہیں دیتا اس دین کو فاجر سے اور اسکے جہاد و قتال سے
اس حدیث سے نکلا کہ قاتل نفس دوزخی ہے اور مذہب یہ ہو کہ اگر مومن ہے اور تصدیق ایمانی رکھتا ہے تو ہمیشہ دوزخ میں نہ رہیگا
اور یہی حکم ہے قاتل مومن کا جو عمداً قتل کرے اور قاتل نفس بھی ایک فرد قاتل مومن کی ہے اور جو قرآن شریف میں اسکے واسطے
حکم خلود فی النار کا ہے سو علما کو اسمیں تاویلات بہت ہیں اور بعض علما اہل حدیث اہل ظواہر سے کہتے ہیں کہ اگرچہ قاتل مومن مرتکب
لیکن یہ قسم مومن کے مخلد فی النار رہیگی پس یہ لوگ خلود فی النار کو مخصوص کفار سے نہیں جانتے لیکن یہ قول
شاذ ہے مخالف اجماع اہل سنت کے اور جس مرد کا قصہ اس حدیث میں مذکور ہے وہ منافق تھا گو اسنے بانفاق ظاہر نہیں کیا

بلکہ اقال الخطیب البغدادی معجزہ ابو قتادہ سے مسلم میں روایت ہو کہ حضرت صلعم نے فرمایا اے عمار تجھکو ایک باغی قتل کریگا چنانچہ عمار ابن یاسر رضی اللہ عنہ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے رفیق تھے جب معاویہ سے صفین میں لڑائی ہوئی تو عمار باغیون کے ہاتھ سے شہید ہوئے اس حدیث سے نکلا کہ امام حق علی کرم اللہ وجہہ تھے اور معاویہ مع لشکر اپنے کے باغی تھے ترجمہ شارح میں ہو کہ یہ کلام حضرت نے اسوقت فرمایا جب خود آنجناب عمار ابن یاسر کے ساتھ غزوۂ احزاب میں خندق کھودتے تھے اور عمار کے سر پر دست شفقت رکھے ہوئے تھے یہ حدیث بڑی دلیل حقانیت علی مرتضی کی ہو کیونکہ باغی وہ کہلاتا ہو جو امام حق سے پھرے روایت ہو کہ عمرو ابن عاص نے معاویہ سے کہا اس لڑائی میں ایک بڑی مشکل سخت بات ہوئی کہ عمار ہم لوگون کے ہاتھ سے مارے گئے معاویہ نے کہا مشکل کیا ہوئی کہا کہ میں نے سنا ہو کہ حضرت صلعم نے عمار سے کہا تقتلک الفئۃ الباغیۃ معاویہ نے کہا میں نے عمار کو نہیں مارا بلکہ علی نے مارا جو اسکو لڑائی میں لایا اور یہ بھی منقول ہو کہ معاویہ معنی حدیث میں تاویل کرتے تھے اور کہتے تھے نحن فئۃ باغیۃ یعنی طالبۃ لدم عثمان حاصل یہ ہو کہ باغیہ بغاوت سے نہیں ہو بلکہ بمعنی طالب ہو اور بعض اخبار میں وارد ہو کہ معاویہ نے عمرو سے کہا تو عجب مرد ہو کہ اپنے سے کہتا ہو میں بھسلا جاتا ہو یعنی ایک ذلیل شخص کے مارے جانے سے جاری ہو رہی چھوڑتا ہو مگر یہ دونون باتین محض افترا ہین ملا علی قاری نے دلائل اسکے مرقات میں ذکر کیے ہین اور التعلیم البشارۃ میں حضرت شیخ عبد الحق محدث فرماتے ہین کہ یہ حدیث بسبب طرق کثیرہ مرتبہ شہرت و تواتر کو پہونچی ہو بالجملہ اس حدیث میں تین معجزے ہین ایک یہ کہ عمار قتل کیا جائیگا دوسرا یہ کہ وہ مظلوم ہوگا اور تیسرا یہ کہ قاتل اسکا باغی ہوگا باغیون میں سے اور سب سنت و حق ہو میں کہتا ہون کہ اے مسلمانون اس حدیث کو دیکھ کر کہین زبان لعن و طعن معاویہ کے حق میں نہ کھولیو اسواسطے کہ معاویہ صحابی تھے انکے معاملہ میں سکوت ہو اولی ہو کذا من سکت سلم ومن سلم نجا اور پوشیدہ نہ ہو کہ علماء اہل سنت و جماعت معاویہ کے حال میں مختلف ہین علمائے ماوراء النہر محققین منتہا جملہ حرکات و جنگ و جدال جو حضرت علی مرتضی خلیفہ حق کے ساتھ انسے ہوئی محمول خطائے اجتہادی پر کرتے ہین چنانچہ کتب عقائد میں مذکور ہو اور محققین اہل حدیث بتبع روایات صحیحہ فرماتے ہین کہ یہ حرکات خالی شائبہ نفسانیت و حبیت و تعصب و قرابت کہ جناب ذی النورین رضی اللہ عنہ سے رکھتے تھے نہ تھی پس نہایت کار ارتکاب کبیرہ و اختیار بغاوت ہو کہ منجر بفسق ہوتا ہو و انفاسق لیس من اہل اللعن و لہذا سب و لعن کرنا انپر کیطرح جائز نہین ہو معاذ اللہ منہ اور اگر سب سے اسقدر مراد ہو کہ انکے ان فعلون کو بد کہنا اور برا جاننا تو بلاشبہہ اہل تحقیق کے نزدیک واقع ہو اور لعن و سب حرام خاصۃ معاویہ پر کہ صحابی تھے شفاعت رسول مقبول عفو صاحب حق یعنی علی مرتضی کے واسطے و بلکہ اور فاسقون کے لیے بھی مرجو و متوقع ہو و بالقطع معلوم ہو کہ بعض صحابہ زمانہ رسول اللہ صلعم میں مرتکب کبیرہ ہوئے تھے مثل ماعز اسلمی کہ مرتکب زنا ہوے اور مانند حسان ابن ثابت کہ قذف عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا میں مرتکب ہوئے مگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی تکفیر نہین فرمائی حالانکہ اسوقت تک قاذف عائشہ منصوص التحریم فی القرآن نہ ہوا تھا برخلاف اسوقت کے کہ اب قاذف عائشہ بلاشبہ کافر ہو لانکارہ نص القرآن ہذا ما صرح بہ استاذنا الاستاذ قدس سرہ العزیز فی السوالات العشرۃ من ارادالاطلاع علیہ فلیرجع الیہ منہ عفی عنہ مشکوۃ المصابیح میں حضرت انس ابن مالک رضی اللہ

سے روایت ہے کہ ایک شخص کاتب وحی تھا سو وہ مرتد ہو کر مشرکون سے جا ملا حضرت رسول الثقلین محبوب الکونین صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص کو زمین قبول نہ کریگی حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ ابو طلحہ اُس زمین
پر گئے جسپر وہ مرتد مرا تھا تو اُنھون نے دیکھا اُسکی لاش کو کہ زمین سے باہر پڑی تھی ابو طلحہ نے وہان کے باشندون سے
اسکا سبب پوچھا اُن لوگون نے کہا یہ شخص کئی مرتبہ دفن کیا گیا مگر زمین نے اسکو پھینک پھینک دیا معجزہ ۲۸ مصابیح مین جابر
رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رحمۃ للعالمین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی سفر مین تشریف لے گئے تھے
جب مراجعت فرما کر قریب مدینہ باسکینہ جلوہ فرما ہوئے تو آندھی چلی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ آندھی چلائی
گئی ہے ایک منافق کے مرنے سے جب مدینہ مین داخل ہوے تو معلوم ہوا کہ ایک بڑا منافق مر گیا تھا معجزہ ۲۹ بخاری و مسلم مین
ابو حمید ساعدی سے روایت ہے کہ حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آج کی رات مین تمہیں ہے کہ ایک
آندھی سخت چلے سو لازم ہے کہ اُس آندھی مین کوئی کھڑا نہ رہے بلکہ جس کسی کے پاس اونٹ ہو وہ اُسکا زانو بند خوب باندھے
چنانچہ حسب ارشاد جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اُسی رات مین نہایت سخت آندھی چلی کہ ایک آدمی کھڑا تھا
اور گر گیا اور جبل طے پر اُسکا نشان ملا حالانکہ ملک طے اُس مقام سے کئی دن کی راہ تھا یہ معاملہ سال نہم ہجرت جنگ تبوک
مین واقع ہوا ہے معجزہ ۳۰ صحیح مسلم مین نافع ابن عقبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ تم لوگ لڑوگے عرب سے تو یوے سو خداے تعالے اُسکو فتح کریگا پھر تم لڑوگے ایران والون سے سو خدا اُسکو
فتح کریگا پھر تم لڑوگے روم سے سو خداے تعالے اُسکو فتح کریگا پھر تم لڑوگے دجال سے سو اللہ جل شانہ تمکو
اُسپر فتح نصیب کریگا سو اب دیکھو جیسا حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا تھا ویسا ہی
ہوا سر مو فرق نہ پڑا یعنی اوّل ملک عرب مسلمانون کے ہاتھ پر فتح ہوا بعد اُسکے ایران اور بعد اُسکے حضرت امیر المومنین
عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد مین روم فتح ہوا اور دجال پر فتح امام مہدی پاوینگے معجزہ ۳۱ بخاری اور مسلم نے ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت نے فرمایا جب ایران کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو اُسکے بعد کوئی وہان کا بادشاہ
نہوگا اور جب روم کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو کوئی اُسکے بعد وہان کا بادشاہ نہوگا اور قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ جسکے
قابو مین محمد کی جان ہے کہ مقرر ان دونون ملکون کی خزانے خدا کی راہ مین بانٹے جاوینگے یعنے روم اور ایران کے بادشاہون
کے خاندان مین سلطنت نہ رہیگی اسلام کا عمل وہان ہوگا پھر جیسا حضرت نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا کہ عمر فاروق کی خلافت
مین ایران فتح ہوا بیتیس ۳۲ ہزار کا لشکر اسلام تھا ہر سپاہی کو بارہ ۱۲ ہزار درم ملے تھے تو اس حساب سے سب خزانہ ایران کا
بیالیس ۴۲ کرور ہوا اسیطرح روم بھی مسلمانون کے ہاتھ فتح ہوا اور وہان کا خزانہ بھی اسلام مین تقسیم ہوا معجزہ ۳۳
بخاری اور مسلم نے جابر ابن سمرہ سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہین کہ مین نے بیغیر خدا سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے لتفتحن کنوز
قیصر واذا ہلک قیصر فلا قیصر یعنی مقرر تم کھولوگے خزانے شاہنشاہ فرنگستان کے اور جب کہ شاہنشاہ فرنگستان میری امت

کے ہاتھون سے خراب ہوگا پھر نہ اسلوار ہوگا دیکھو یہ پیشین گوئی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وقت مین شروع ہوئی اور
ترکون کے ہاتھون سے کامل ہوگئی اور شاہنشاہی فرنگستان ایسی غارت گئی کہ کئی سو برس سے اُسکا نام ونشان بھی نہین
اور دشمنانے روم اور ارض مقدس جو سارے فرنگستان کے بادشاہون کا معبد تھا پہلے وہ ہی مین قیصر سے کیا چین لیا
اور بعد اُسکے ۱۱۹۱ھ ۱۷۷۷ عیسوی مین سارے اہل حکومت فرنگستان کے اور بادشاہ انگلستان کا بھی تین تین
چار چار لاکھ سپاہون سے جمع ہو ہو کر مسلمانون کو فرنگستان اور ارض مقدس سے نکالنے کے لیے لڑے آخر کار اُن
لڑائیون سے کچھ فائدہ نہوا اور چالیس لاکھ فرنگی فلسطین مین دفن ہوا فائدہ یہ قاعدہ تھا عرب والون کا کہ جس ولایت پر
کوئی بادشاہ متسلط رہتا تھا اُن ولایتون کو اُسی بادشاہ کی ولایت کی طرف منسوب کیا کرتے تھے خصوصًا جبکہ اُن
ولایتون کے حدود آپسمین ملحق اور اوضاع واطوار انکے متشابہ ومتقارب ہون اسلیے سارے فرنگستان کو عرب کے
لوگ روم کہتے تھے معجزہ ۹۳ مسلم نے بسند متصل ابوہریرہ سے استخراج کیا کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ حضرت عیسی علیہ السلام کے
پھر آنیکے زمانہ مین قسطنطنیہ فرنگیون کے پاس ہوگا فائدہ روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ پارس والے
ایک ٹکریا دو ٹکرے ہین اور اہل فرنگ ذی قرنون والے ہین ایک گروہ اگر خراب ہوگیا تو دوسرا استوار ہوتا ہی اور اہل فرنگ
تحمل والے ہین اور آخر زمانہ مین پھر عروج پکڑینگے سو دیکھو خلیفہ دوم رضی اللہ عنہ کے وقت سے خلیفہ سوم کے زمانہ تک
پارس والے ٹکرین مارتے رہے پھر بے نام ونشان ہوگئے اور عروج کرنا آخر زمانہ مین فرنگیون کا اور رہونا قسطنطنیہ کا
اُنکی حکومت مین ہوگا فائدہ آثار اس پیشین گوئی کے انگلشیون اور روسیون کے حکومت سے ظاہر ہین شاید انھین سے
ظہور پکڑے یا فرنگستان کی اور دوسری قوم سے معجزہ ۹۴ احمد ابن حنبل نبزار وطبرانی را بونعیم وحاکم نے باسناد متصل عبداللہ
بن مسعود وابی بکرہ وبریدہ اسلمی سے روایت کی ہی کہ حضرت صلعم فرماتے تھے کہ ترک غالب ہونگے چنانچہ پانسو برس کے بعد
اُنکا غلبہ ہوا معجزہ ۹۵ مسلم مین عبداللہ ابن عمر سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا جب تم پر فتح ہوگا ایران وروم کا ملک
تو کون قوم ہوگی یعنی شکرگذار یا ناشکرگذار کما عبدالرحمن ابن عوف نے ہم شکرگذار ہونگے جیسا ہمکو خدا نے حکم کیا تو
حضرت نے فرمایا کہ یا اُسکے سوا سے کہو گے یعنی شکرگذاری نہ کروگے بلکہ ہوس کروگے پھر آپسمین حسد کروگے پھر آپسمین
ایک دوسرے کی جڑ کاٹوگے برادری کا حق نہ مانوگے پھر آپسمین بغض وعداوت رکھوگے راوی کو شک ہی کہ حضرت
نے یہ لفظ فرمائی یا اُسکے مانند کوئی اور پھر حضرت نے فرمایا کہ پھر تم چلوگے مہاجرین مین سے چھوڑ جاوگے بعضون کو اُنکے بعضون کے گردنون پر
یعنی ایک کو دوسرے کے قابو مین کروگے یا اُنکو تکلیف مالایطاق دوگے اُس حدیث مین حضرت صلعم نے روم وایران کے
فتح ہونے کی آگے سے خبر دی اور زیادتی مال ودولت کی خرابیان وفساد بیان کیے سو صدیق اکبر وفاروق اعظم کی
خلافت مین مسلمانون مین فساد شروع ہوا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی خلافت مین زیادہ ہوا یعنی وہ فساد جو معاویہ
ابن ابی سفیان نے دغا الایھر توبہ بدبلید علیہ مایستحقہ اور مروان ملعون اور اُسکے اولاد کی حکومت مین مہاجرین آپسمین

جو زیادتیان اور خرابیان ہونگی تمام عالم پر روشن ہیں یعنے جیسا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا

۹۶ معجزہ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا قیامت قائم نہوگی یہان تک کہ تم لڑوگے خوزستان کے کرمان سے جو دو گروہ عجم کے ہیں سرخ رو ناک چپٹی آنکھیں چھوٹی منہ جسطرح ڈھال تہ بتہ اپر تہ اچا ہوا یعنی آنکے منہ گول گول ہوئے ہوئے ہیں پس خوزستان و کرمان و شہر ہیں بڑے بڑے ایران و توران میں وہان کے باشندے مراد ہیں یا تو ترک

۹۷ کہ انکی بھی صورتیں ایسی ہی ہوتی ہیں سو بموجب ارشاد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب حضرت انسے لڑے و فتح یاب ہوئے معجزہ

ابو داؤد نے ابو بکر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قریب دجلہ ایک شہر عظیم ہوگا جسکے باشندے اہل اسلام ہونگے آباد ہوگا اسکے ساحل پر رخت اقامت کھولینگے اور وہ تین فرقہ ہونگے ایک تو مال و اسباب اپنا لیکر

عباد کے جانب بحر اچلے جائینگے دوسرا فرقہ بادشاہ ترک سے پناہ پکڑے گا یہ دونوں ہلاک ہونگے اور فرقہ ثالثہ اپنے لڑکوں

کو پیچھے چھوڑ کر ترکوں سے مقابلہ کریگا اسکے لوگ درجہ شہادت پاوینگے پس اس ارشاد کے مطابق یہ عہد مستعصم باللہ

۶۵۴ سال چھ سو چون ہیں واقع ہوا کہ اتراک ملک تتار نے شہر بغداد پر جو دار الخلافہ اہل اسلام تھا لشکر کشی کے اور اہل

اسلام کو محاصرہ میں کر لیا کہ بعضے بھاگے اور مارے گئے اور بعضے بلکہ اکثر مع مستعصم باللہ امان سلطان میں در آئے وہ بھی

قتل ہوئے اور ایک گروہ نے مقابلہ کیا وہ لوگ شہید ہوئے یہ پیشین گوئی چار سو برس پیشتر وقوع سے ابو داؤد نے لکھی ہے

۹۸ معجزہ مسلم میں ابو ذر سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا البتہ تم فتح کروگے آگے چلکر ملک مصروہ زمین ہے جسمیں قیراط نام شہور ہے سو میری وصیت مانو وہان کے لوگوں کے ساتھ نیکی کرنا البتہ انکے لیے امان ہے اور انسے برادری ہے سو ایسا ہی

ہوا جیسا حضرت نے فرمایا تھا فائدہ قیراط نصف دانگ سونے کی ہوتی ہے وزن پانچ جو ملک مصر میں اسکا بہت رواج ہے

اور چونکہ مصر کے بادشاہ نے حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کو ہدیہ میں بھیجا تھا کہ انمیں سے حضرت ابراہیم ابن رسول اللہ

پیدا ہوے لہذا مصریون کو امان و پناہ ہوئی اور حضرت ہاجرہ والدہ حضرت اسمعیل علیہما السلام بھی مصر کی تھیں اور حضرت

اسمعیل عرب کے جد ہیں اس صورت میں عرب کو مصریون سے ننہالی رشتہ ہوا اسواسطے انکے ساتھ نیکی و احسان کو فرمایا

۹۹ معجزہ مسلم میں اسماء بنت ابی بکر سے روایت صحیح ثابت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بلاشک ثقیف کے قوم میں ایک مرد ظالم

خونریز ہوگا اور ایک مرد بہت جھوٹا سو دیکھنا چاہیے کہ اس قوم سے ایک حجاج نابکار ستمگار خونریز سفاک ہوا جسکا

ظلم عالم میں مشہور ہوا اسنے سوا لاکھ آدمی ناحق مارے دوسرا مختار ثقفی ہوا جسنے بعد شہادت امام حسین علیہ السلام

محمد بن حنفیہ کیطرف سے اولا جھوٹا دعوے امام کے خون کا کیا اور اسی بہانے سے سردار بنا پھر دعوے پیغمبری کرنے

۱۰۰ لگا آخر کار فضیحت و رسوا ہوا معجزہ ۱۰۰ صحیح مسلم میں ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ تم مصر کو

فتح کروگے اور یہ بھی فرمایا کہ جب دیکھو دو شخصوں کو کہ باہم ایک اینٹ کی برابر زمین پر جھگڑا کرتے ہیں تو وہان سے

نکل آنا ابو ذر سودہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبد الرحمن ابن شرحبیل ابن حسنہ و ربیعہ دو بھائیونکو ایک موضع خشت

پر خصوصت کرتے دیکھا تو مصر سے نکل آیا معجزہ ۱۰۱ مواہب مین لکھا ہی کہ بعد فتح خیبر جب مال و اسباب جمع ہونے لگا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خبردار کوئی شخص مال غنیمت مین خیانت نہ کرے نہین تو دوزخی ہوگا اسی عرصہ مین ایک غلام حبشی حضرت کا مر گیا حضرت نے فرمایا کہ وہ جہنمی ہوا اسنے غنیمت مین خیانت کی ہو اصحاب نے اسکا اسباب تلاش کیا تو ایک نکل ملا جو پیش از تقسیم غنایم اسنے چرایا تھا اسی عرصہ مین ایک شخص اور بھی مر گیا اسکے حق مین بھی حضرت نے فرمایا کہ یہ شخص دوزخی ہی اصحاب نے اسکا اسباب بھی دیکھا تو کئی مہرین یہودیون کی ملین جو قیمتی دو درہم کی بھی نہ تھین

معجزہ ۱۰۲ ابو داؤد و بیہقی نے بسند متصل ثوبان وایل سے روایت کی ہی کہ مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ ایک دن فرماتے تھے ایک روز آنے والا ہی کہ تمھارے خلاف مذہب والے تیر چلائین گے اور غالب آوینگے اس اثنا مین کسی نے عرض کیا کہ یہ غلبہ مخالفون کا ہوگا مگر اس سبب سے کہ مسلمان کم رہ جائینگے حضرت نے فرمایا یہ سبب نہین ہی اسلیے کہ اُن دنون تم ان روزون سے کہین زیادہ ہوگے لیکن سبب یہ ہی کہ تم لوگ نکمے ناکارے ہو جاوگے اور خدائے تعالے تمھارے رعب کو تمھارے مخالفون کے قلوب سے نکال لیگا اور تمھارے دلون مین وہن ڈال دیگا لوگون نے التماس کیا یا رسول اللہ وہن کیا فرمایا کہ دنیا کی محبت اور موت سے کراہت سو دیکھو کچھ شک نہین کہ بعض ملوک فرنگ وچنگز یہ کے عہد مین ہوا اور بعد ہزار برس کے پوری تکمیل تو نہین مگر دس درجون مین آٹھ درجے اسپین کے فرنگیون سے شروع ہوئی اور انگلشیہ و روسیہ کے ہاتھون نہایت ظہور مین آئی اور اب حب دنیا و نفرت از مرگ مسلمانون مین بدرجہ کمال ہی و بے رغبتی عقبیٰ مالا مال اور غلبہ مخالفون کا بھی سبب مدارج کو طے کرکے ظاہر الازوال ہی

معجزہ ۱۰۳ بخاری و مسلم نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہی کہ حضرت فرماتے تھے کہ ضرور ہونیوالی ہی یہ بات کہ سرزمین حجاز مین ایک آگ بلند ہو جس سے بصرے کی شہر خالون تک روشنی پہونچے چنانچہ یہ آگ متصل مدینہ طیبہ مانند شہر عظیم جسمین قلعہ و برون و کنکرہ بھی تھے ظاہر ہوئی طول مین چار فرسنگ عرض مین چار میل ارتفاع قریب قد آدم و مانند دریا موج زن تھی و مچھ سیلاب روان و مثل رعد غرش کنان روشنی ایسی کہ مدینے کے لوگ اُسمین سب کام کرتے اور مکان کہ و بصری بھی دیکھتے تھے قسطلانی نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ یہ آگ تبارخ ستائیسوین رجب سنہ ۶۵۴ آٹھ سو چون مین فرد ہوئی سب پچپن یوم اسکا قیام رہا اور تواریخ عربستان سے واضح ہی کہ اول جمادی الاخر سنہ ۶۵۴ روز جمعہ سے شروع ہوئی اور آخر رجب سنہ مذکور مین فرد ہوئی یہ پیشین کوئی صدیا برس پیشتر وقوع سے لکھی گئی تھی چنانچہ صحیح بخاری و مسلم چار سو برس قبل ظہور اس آتش سے تالیف ہوئی ہین

معجزہ ۱۰۴ مسلم و ابو داؤد و ترمذی نے ثوبان وائل سے استخراج کیا ہی وہ کہتے تھے کہ حضرت فرماتے تھے کہ یکجا کرکے دکھلائی گئی مجھکو زمین کی طرفین پورب اور پچھم کی اور پہونچیگی حکومت میری امت کی جہان تک وہ دکھلائی گئی یعنی پورب سے پچھم تک اس مقام پر کئی باتون کا غور درکار ہی اول حضرت کا فقر اور مسلمانون کی بے سامانی کہ سوائے نان جوین اور گزینہ چاوہ کے کچھ میسر

اور رئیسہ بڑا طرہ یہ تھا کہ سلاح جنگ بھی بکثرت نہ تھے اور انکی عدم وقفیت قواعد حرب اور ضوابط جہانگیری سے اور انکی قلت کہ صرف عرب کے کافروں کے مقابلے مین لاکھون حصہ تھے دوسرے مخالفون کی کثرت اور انکی دولت اور اہل روم و ایران کی جاہ و حشمت و علم و حکمت و قواعد حرب و جہانگیری کی مہارت سے اس بغض و عداوت کو دھیان کرنا چاہیئے جو علانیہ مذہب کے تعرض سے برپا ہوتا ہے کہ ایک زنبیل بھی جان دینے اور گھر بار لٹا دینے کو موجود ہوجاتا ہے جیسا کہ ملوک اور رئیسون کے لئے چاہیئے کہ باوصف ان باتون کے اسطرح کی پیشین گوئیان کس قدر عام سے عرصہ طور پر آئین کہ تیئیس ۲۳ برس کے اندر عرض مین دس بارہ درجے کہین تیئیس ۲۳ درجے چوبیس ۲۴ درجے تک جیسے باب المندب سے بلاد یونان اور حدود ملک انڈلس تک اور کہین پچاس درجہ تک جیسے ترکستان کی حدود شمالی تک اور طول مین نصف النہار لندن سے تیئیس درجے غربی لیکر کہین ستر درجے تک جیسے حدود شرقیہ فارس تک اور کہین بیاسی ۸۲ درجے تک جیسے حدود شرقیہ ترکستان تک جو زمانہ اقتدار خلفاے راشدین مین اسلام آگیا کہ اگلی حکومتون کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا اور باوجود لا اکراہ فی الدین کے عموماً توحید کا مذہب پھیل گیا پھر جانا کہ اس بات کو کہ ملک فارس اور انڈلس بلکہ جزائر حالات سے کہ ربع مسکون کی حد غربی بھی ہے تا جزایر شرقیہ مین کہ یہ ربع مسکون کی حد شرقی ہے طولاً اور سواحل جنوبیہ فرنگیہ اور جزائر جنوبیہ ہندوستان سے لیکر کہین پینتالیس ۴۵ اور کہین پچاس ۵۰ اور کہین پچپن ۵۵ اور کہین ساٹھ درجے تک بلکہ بعض جگہ کچھ اوپر تک جیسے دیار بلغار تک عرض شمالی مین کمتر بڑے سوبون کے موافق وہ ملک جو خوب آباد تھے باقی رہا ہوگا جہان ہزار گیارہ سو برس کے اندر تک مسلمانون کی حکومت نہین ہوئی اور ایسی نہین جسطرح نادرشاہ کی بلکہ کوئی مقام ہوگا جہان مسلمانون نے سو برس سے کم حکومت کی ہوگی کہین شعائر اسلامیہ جاری کیے ہون اور کہین صرف جزیہ پر اکتفا کی ہو چنانچہ اکثر ولایات فرنگ مین اور یہ باتین تو تواریخ نصاری اور جغرافیہ سے بھی بخوبی ثابت ہین اور اسی کا اشارہ کلام مجید مین ہے ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون یعنی خداوند کبریا نے اپنے پیغمبر کو راہ راست اور سچے دین بنانے کو بھیجا تاکہ اوپر کردے سچے دین کو سب ادیان پر اگرچہ مشرکون کو ناگوار ہو اور یہ تو بدیہی ہے کہ از روی برہان عقلی جسطرح لا الہ الا اللہ کا مضمون سچا ٹھہرا اسطرح نہ ثنویت کا عقیدہ ہے نہ تثلیث کا اور نہ شگن اور پاشنی کا بلکہ یہ تینون عقیدے بدلایل عقلیہ باطل ٹھہرتے ہین اب دیکھو سیکڑون ہزارون برس سے ثنویت زردشتونکے پاس اور شگن و پاشنی ہندؤن کو رچنیون مین اور تثلیث عیسائیون مین ضروریات التزامیہ مین داخل ہے پر لا الہ الا اللہ کا مضمون بنو نوع انسانی کی نوع انسانی سے اتنک کسیکے عہد مین دنیا مین مشرق سے مغرب تک اس کیفیت و کمیت سے نہین پھیلا جیسا کہ دین محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام مین پھیلا اور اگر کہین پھیلا ہو تو کوئی تلاوت سے

معجزہ بخاری نے جناب ابن الارت تجالی سے استخراج کیا ہے کہ وہ کہتے تھے مین نے ایک دن پیغمبر خدا صلعم کے حضور مین ایذا دہی بابل مکہ کی شکایت کی آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہوگیا اور مجھسے صبر کی نصیحت کرنے لگے

اور اسکے مظلومون اور انکی صبرون کی حکایتین بیان فرمانے لگے اور فرمایا خدا کی قسم یہ امر یعنی دین اسلام مقرر مقرر اچھی طرح جم جانے والا ہی یہان تک کہ صنعاے حضرموت تک مسلمان آدمی سفر کریگا اور سواے خدا کے کسیکا ڈر اُسے نہوگا لیکن تم جلدی کرتے ہو مطلب یہ کہ میرے اور میرے اصحاب کے بیکسی اور مظلومی اور صدہون موذیون کی کثرت و شوکت پر خیال نہ کرو ایک دن ایسا آنے والا ہی کہ وہ دشت مین تمھین کسیکا خوف نہوگا پھر جا کہ وطن مین چنانچہ حضرت صلعم کے وقت ہی مین ایسا ہوگیا کہ مسلمانون کو اللہ تعالے نے غلبہ دیا اور کافر بت پرستون کو مغلوب کر دیا اور اسلام کو ایسا شائع کر دیا کہ شرق سے مغرب تک پھیل گیا معجزہ بخاری نے عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ذکر مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور مین بیٹھا تھا کہ ایک شخص نے حاضر ہوکے افلاس کی شکایت کی بسبب اسلام کے اور پھر ایک اور آیا اُسنے راہین بند ہوجانیکا گلہ کیا یعنے خرید و فروخت کرنا بازارمین اور سفر کرنا تجارت کے واسطے ظلم کفار سے دشوار ہوگیا ہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیری زندگی باقی ہی تو ایک دن تو دیکھیگا کہ عورت محمل نشین بے تنہا حیرہ سے کوچ کیا اور کعبہ مین باطمینان آکر طواف کیا یعنی گو ہم بالفعل کافرون کے ظلم مین گرفتار ہین تو کیا ہوا ایک دن ایسا بھی آنے والا ہی کہ اہل اسلام سے اگر ایک عورت بھی تن تنہا سفر منزلون کا کریگی تو اُسکے حال سے بھی کوئی تعرض نہ کریگا عدی صحابی فرماتے ہین کہ مین نے دیکھی یہ بات کہ ایک عورت حیرہ سے تنہا کعبہ تک باطمینان آئی اور کسی کافر موذی نے تعرض نہین کیا فائدہ یہ دونون معجزہ ضمیمہ ہین ارشاد الٰہی کے وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنکم فی الارض کما استخلف الذین من قبلہم ولیمکنن لہم دینہم الذی ارتضی لہم ولیبدلنہم من بعد خوفہم امنا یعنی اللہ تعالے نے وعدہ دے رکھا ہی ایمان والون نیکوکارون کو تم مین سے اے مسلمانو کہ انکو خواہ نخواہ بادشاہ کر دیگا جسطرح بعض اگلون کو بادشاہ کیا اور جما دیگا اُس دین کو جسیا اُنکے لیے مقبول کیا اور خواہ نخواہ بدل دیگا انکو خوف کی جگہ امن و امان سے فائدہ بخاری مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قایم نہوگی جب تک کہ نہ کرنے لگے میری امت اگلی زمانون کے طریقون کو بالشت بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر یعنی بے تفاوت جو اگلے زمانے کے کافرون کے رسوم تھے وہ میری امت مین کرینگے اصحاب نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ مجوس اور نصاریٰ کی طرح ہوجائینگے فرمایا اور کون لوگ ہین سواے انکے یعنی انہین کے قدم بقدم چلینگے سو دیکھو ریشمین کپڑا پہننا چاندی سونے کی باسنون مین کھانا پینا خوبیون سے پوچھ کر کام کرنا شراب پینا مزامیر سے گانا سننا ڈاڑھی منڈانا کٹانا ہون پیرائر جانا توبہ نہ کرنا احکام شرع کا خیال نہ کرنا گفتگو مین بلا وجہ جھوٹ بولنا وعدہ خلافی کرنا گناہ کو سہل جاننا یہ سب رسوم مسلمانون مین جاری ہین خصوص ہندوستان مین یہ باتین فخریہ جاری ہین سبحان اللہ مخبر صادق جو فرمایا تھا وہ واقع ہوا معجزہ پنجم مسلم ہین جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان لوگ بعد شکست دینے سرے بادشاہ فارس کے خزانہ اُسکا جو کہ مشک سفید مین بند ہی اپنے قبض

و تصرف میں لاوے مطابق اس پیشین گوئی کے عہد خلافت حضرت عمر میں واقع ہوا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے شہر مدائن کو جو دار الخلافہ خاندان کسروی تھا فتح فرمایا اور یزدجرد بھاگا اور تمام خزانہ کوشک سفید کا قبض و تصرف میں آیا معجزہ خصائص صغریٰ میں جلال الدین سیوطی نے زرین صاحب صحاح کی روایت سے لکھا ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ریت پر چلتے تھے تو نشان قدم مبارک دیکھ نہ پڑتا تھا اور جب پتھر پر چلتے تھے تو ہر قدم پر نقش ہو جاتا تھا اور حال التفصیلی اس معجزہ کا دلائل النبوۃ اور جامع الآثار اور انسان العیون اور مواہب اللدنیہ اور مدارج النبوۃ اور فتح الباری وغیرہ کتب میں موجود ہے جسکو شبہہ ہو دیکھ لیوے اور اپنا ایمان درست کرے

تتمہ الکتاب دستور یہ ہے کہ جب کوئی حاکم یا بادشاہ اپنے نائب اور کارندے کو ممتاز میں الاقران کیا چاہتا ہے تو اسکے ساتھ ایسی بات کرتا ہے کہ جس سے یہ سب لوگوں کو معلوم ہو کہ یہ شخص مخصوص اور مصاحب بادشاہی ہے اسکا ساختہ پرداختہ بادشاہ کو منظور ہے اور اسکی محبت یا عداوت عین بادشاہ کی محبت و عداوت ہے چنانچہ اسطرح ہماری حضرت صلعم کو بادشاہ علی الاطلاق نے جمیع مخلوقات ارضی و سماوی سے برسالت و خاتمیت منتخب فرمایا اور اپنی خاص عنایتوں سے مخصوص کیا اور جملہ صفات کمال کس ذات بابرکات میں بھر دیئے اور کمالات اپنے کا ایک نکتہ بنا دیا تا کہ حاضر اور غائب کو اطلاع ہو جاوے کہ یہ پیغمبر محبوب اور مخصوص حضرت معبود ہے اگرچہ اور پیغمبروں اولوالعزم کو بھی فضایل اور کرامات عطا کئے تھے مگر جدا جدا انکو کہ ذات میں جمع کر کے جمیع صفات کر دیا تو فضیلت بجمیع کی انفراد جنس سے بخوبی ظاہر ہے کہ مکان ہزار مکانوں میں ہزار چراغ اور کہ مکان ایک مکان میں ہزار چراغ

تضمین

تجھے اللہ نے بخشے ہیں کمالات سب نبی کے	صفوت آدم کی ہی صورت شیث علی	نوح کا شکر بلاغت ابراہیمی	صوت داؤد فصاحت بھی ہی صالح کی
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
صبر ایوب تو ہارون کا تحمل پایا	منطق اسحاق و صاحت حضرت یحییٰ	حکمت لقمان و عبادت ہوئی یونس کی عطا	مثل یعقوب بشارت ملی اور اسکے سوا
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
تجھمیں آدم صاف پسندیدہ ہیں چندیں پیغمبر	سب میں یکجا متفرق تھے جو اوروں کے ہاں	جیش تو شیع کا جاہ اور وقار ایسا کس	کیا فقط ہی کرامی بادشہ جن و انس
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
کیا کہوں تو نے جو پائے ہیں معالی اے جل	سحر و قوت موسیٰ لغت اسمٰعیل	قرب ایسا کہ پہونچ سکے نہ جبریل و سرافیل	ذکر تیرا ہی کیا تیرے ہی وصاف جمیل
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
بگمان ہیں ویت و محبوب حق و ہونہ دین	مصطفےٰ اور مرتضےٰ جو صفتیں تجھ کو ملیں	خاص ہیں تیرے [redacted] کوئی شریک ان میں نہیں	پڑھے اور رو کے وصفوں میں ہو تیرے شکست
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
جا بجا بیت کی ہی مجھکو جو بیحد دلکر	پھر سند ختم رسالت کی بفرمان قدیر	مل گئی مہر نبوت سے مجمل ہو کر	بھولے قدسی کہ بنا دونوں جہاں کے مختار

	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	اینچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
دلبری کا جو پرستان میں شہرہ ہوا	سنکے پریون کو ہوئی آپ سے الفت پیدا	عشق میں سامنے آیا جو خیالی نقشا	دیکھکر کہنے لگیں صل علی صل علی
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	اینچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
جمع ہیں تجھمیں جو اوصاف کسی میں نہ ہوئے	شرکت وصف تجھے صد چند بڑھے اور سوا	نہیں تشبیہ حقیقت میں کسی سے دیتجھے	یہ کہا کرتی ہیں سمجھا نے سمجھنے کے لیے
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	اینچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	
کہوں اس منہ سے کہ ہیں تیری ثنا خواں کیا کیا	صرف اپنے لیے تحصیل سعادت کی ہے	قلزم دل ایک سخن پاکے قناعت کی ہے	فقط اس بیت کی تضمین کی جرأت کی ہے
	حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری	اینچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری	

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جو فضائل اور کمالات ہمارے حضرت سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے عنایت کیے ہیں بعض انمیں ایسے ہیں کہ اور حضرات انبیا علیہم السلام بھی شریک ہیں اور اکثر وہ ہیں کہ اور پیغمبرون کو انمیں شرکت نہیں بلکہ آنجناب انمیں متفرد ہیں سو فقیر اول وہ فضیلتیں بیان کرتا ہون جنمیں اور پیغمبر شریک ہیں وہ یہ ہیں اول ثابت ہے حکومت مطلق اور خلافت اور ریاست انام اور رسالت اور پیغمبری عام کہ انمیں جناب ابوالبشر آدم اور نوح اور داود علیہم السلام شریک ہیں مگر پوشیدہ نہ رہے کہ یہ شرکت اللہ مناسبت من وجہ ہے نہ من کل الوجوہ کیونکہ رسالت ہمارے حضرت کی تمام اجزاء عالم کو شامل ہے جسطرح ربوبیت حضرت رب العزت جل شانہ اور بعثت آنجناب سوائے افراد انسان جنات اور ملائکہ اور حیوانات اور نباتات اور جمادات پر بھی ہے کما قال اللہ تعالیٰ وما ارسلناک الا کافۃ للناس اور تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا اور وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اور یہ ظاہر ہے کہ عالمین میں تمام موجودات ارضی وسماوی داخل ہیں جسطرح رب العالمین کی تفسیر سے ہویدا ہے حضرت شیخ عبدالحق محدث رحمۃ اللہ علیہ تکمیل الایمان میں فرماتے ہیں کہ بعثت ہمارے حضرت صلعم کی تمامی اجزاء عالم پر اور جمیع موجودات پر ہے والاسلام اجبار اور سجدہ اشجار اور شہادت حیوانات رسالت حضرت پر کیا منعی ہیں اگر حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتون نے سجدہ تحیہ کیا تو ہمارے حضرت صلعم کے واسطے ارشاد ہوا ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما اور یہ صلوۃ وسلام اس سجدہ سے افضل ہے اسلیے کہ اسمیں خداوند علیم بھی فرشتون کا شریک ہوا اور حضرت آدم کو صرف ملائکہ نے سجدہ تحیہ کیا تھا اور ایک ہی مرتبہ جو ہونا تھا ہوگیا اور یہ صلوۃ اور سلام قیامت تک رہیگا اور ہر روز وشب نیا ہوتا رہیگا اور یہ بھی روایت ہے کہ سجود ملائکہ برکت نور محمدی سے جو پیشانی آدم میں جلوہ افروز تھا واقع ہوا تھا اور دیلمی نے مسند الفردوس میں لکھا ہے کہ آدم علیہ السلام کو اگر تعلیم اسما کی گئی اور ذریۃ دکھلائی گئی تو ہمارے حضرت کو بھی تعلیم اسماء امت واقع ہوئی اور صورت دکھلائی گئی اور یہ تو ظاہر ہے کہ عموم رسالت خصائص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے چنانچہ تفسیر مدارک میں ہے وعموم الرسالۃ من خصائصہ علیہ السلام اور جو تفسیر جلالین والا سورہ فرقان کی تفسیر میں تحت کریمہ للعالمین نذیرا لکھا ہے الانس والجن

دون الملائکۃ موبہ لکھا اسکا مردود ہی چنانچہ مصنف کا لین علامہ سبکی سے نقل فرماتے ہین کہ قال السبکی العالم ماسوی اللہ فلفظ
العالمین یعم الملائکۃ ثم ادعی خروجہم من ہذا العموم فعلیہ البیان وحکایۃ الاجماع عن مثل ہذا امر غیر مسموع کذا فی المواہب انتہی
اور تحقیق اسکی بتصریح تمام قصہ نوح حضرت نوح علیہ السلام مین مندرج ہی باقی رہے حضرت نوح علیہ السلام سو انکی رسالت خاص
قوم کی طرف تھی کما ارسلنا نوحا الی قومہ سے ظاہر ہی اور اس عرصہ مین تمام عالم مین تخمین کی قوم تھی یعنے بشت انکی اہل عصر تھی
نہ جمیع افراد نوع انسان پر جو کہ بعد ازان موجود ہوے اور ہمارے حضرت کی بعثت اہل عصر اور آیندہ پر تا قیام قیامت عام ہی
اور بعض وجوہ مناسبت کے قصہ حضرت نوح علیہ السلام مین لکھے گئے ہین اور حضرت داود علیہ السلام کو صرف نبوۃ اور مملکت
مین ایک نوع کی مناسبت ہی لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی خاص عنایت سے نعمت اپنی پوری فرمائی کہ ویتم نعمتہ علیک
و ہدیک صراطا مستقیما سے ظاہر ہی اور حضرت داود کو بعد قبول توبہ انا جعلناک خلیفۃ فی الارض فرمایا ہی ورنہ اسکے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کیواسطے ارشاد ہی لیستخلفنکم فی الارض اور اگرچہ حضرت داود علیہ السلام کیواسطے لوہے کو نرم کیا حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم کے نیچے پتھر کو موم کیا کہ نقش قدم ہو جاتا تھا اور درخت خشک کہ آپ کی دعا سے سرسبز کر دیا
حضرت داود کے ساتھ پہاڑ تسبیح کرتے تھے حضرت کے ہاتھ مین سنگریزے تسبیح کرتے تھے دوسری خلت حق اور محبت مطلق
کہ اسمین حضرت ابراہیم علیہ السلام شریک ہین مگر حضرت حبیب بھی ہین خلیل وہ ہی کہ جسمین محبت غالب ہو اور حبیب وہ کہ
جسمین محبوبیت غالب ہو خلیل وہ ہی جسکا فعل برضاے خدا ہو افعل ما تومر یعنی کر ڈال جو تجکو حکم ہوتا ہی حبیب وہ ہی کہ فعل خدا کا
موافق اسکی رضا کے ہو فلنولینک قبلۃ ترضیہا سو البتہ پھیر دینگے تجکو جس قبلے کی طرف تو راضی ہی خلیل علیہ السلام پر آتش
نمرود ایک مرتبہ سرد ہوئی حضرت صلعم کے واسطے آتش حرب وقتال کئی مرتبہ ٹھنڈی ہوئی کلما اوقدوا نارا للحرب اطفاہا اللہ یعنی
جب سلگاتے ہین آگ لڑائی کیواسطے بجھاتا ہی اسکو اللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بذریعہ استدلال سموات وارض مقام
قرب مین پہونچایا اور حبیب علیہ السلام کو بلا واسطہ مرتبہ قاب قوسین اور ادنی سے ممتاز کیا روضۃ الاحباب مین ہی کہ بروز
قیامت آتش دوزخ کو خطاب ہوگا کہ فرمان بردار محمد صلعم ہو جسکو فرماوین اسے جلا اور جسکو نجا ہین اسکے نزدیک
نہ جا اور نسائی ابن عاصب سے روایت کرتے ہین کہ خاطب کہتے ہین مین لڑکا تھا ایک مرتبہ دیگ گرم پڑی پوست بدن
میرا جل گیا میرا باپ مجھے رسول مقبول کے حضور مین لایا آنجناب نے آب دہن اپنا اس مقام پر لگایا اور فرمایا اذہب
الباس رب الناس صحت ہوگئی اگر خلیل علیہ السلام نے بتون کو تیر سے پوشیدہ توڑا کہ فجعلہم جذاذا حضرت حبیب علیہ السلام
نے بت پرستون کے روبرو بتان کعبہ کو جو سیسے سے دیوار مین جڑے تھے ایک لکڑی کے اشارہ سے توڑا اور فرمایا جاء الحق
وزہق الباطل حضرت خلیل علیہ السلام نے کعبہ بنایا حضرت حبیب علیہ السلام نے حجر اسود کو اسکے مقام پر رکھا خلیل نے
مغفرت کی طمع کی والذی اطمع ان یغفرلی حبیب کو خود بخود مغفرت ملی لیغفرلک اللہ خلیل نے بالتجا عرض کیا ولا تخزنی
یوم یبعثون حبیب کی شان مین بے التجا ارشاد ہوا یوم لا یخزی اللہ النبی بلکہ کمال محبت سے یہ فرمایا والذین آمنوا معہ

خلیل نے کہا ما اجنبی فی بنتی ان فعید الاصنام حبیب کے حق مین ارشاد ہوا انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت ویطہرکم تطہیرا
خلیل کو ذبح اسمعیل خواب مین دکھلایا حبیب کو واقعہ شہادت حضرت حسین سے بزبان جبرئیل مطلع فرمایا فائدہ یعنے کہتے
ہین کہ خلیل یعنی فقیر ومحتاج منقطع ہے مشتق از خلت یعنی حاجت اور ابراہیم کو اسلیے خلیل کہتے ہین کہ انھون نے وقت حاجت
غیر خدا سے اعانت نہین چاہی کہ قصہ القاء نار مین مذکور ہے اور افتقار حبیب علیہ السلام جانب حضرت حق مظہر من لاشیء الی
کا باوصف ارشاد الٰہی اور پیغام حضرت باری دینا قبول نہ فرمائی اور بمقولہ الفقر فخری سے خوش وخرم رہے اور اپنی امت کا
دستور العمل قرار دیا اور بعض یاردن سے کہ محتاج تھے بروایت ابن ماجہ آنحضرت نے اس بات پر بیعت کی کہ غیر سے کسی
چیز کا سوال نہ کرین سو انمین سے کسی کا یہ حال تھا کہ اگر اسکا کوڑا گر جاتا تھا تو خود گھوڑے سے اتر کر اٹھا لیتا تھا مگر دوسرے
سے سوال نہ کرتا تھا کذا فی القول الجمیل اور شفاے قاضی عیاض مین روایت ہے کہ خداے تعالے نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
سے فرمایا اتخذتک خلیلا فہو مکتوب فی التوریۃ وانت حبیب الرحمن اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لو کنت متخذا
خلیلا غیر ربی لاتخذت ابا بکر خلیلا یعنی اللہ صاحب نے کہا ای محمد مین نے تجھے خلیل بنایا ہے سو یہ لکھا ہوا ہے توریت مین
اور تو محبوب ہے رحمان کا اور حضرت نے کہا اگر ہوتا مین پکڑنیوالا خلیل اپنے رب کے سوا بیشک پکڑتا مین ابو بکر کو خلیل
یہان سے ظاہر ہوا کہ اللہ تعالے کے آنحضرت خلیل ہین اور حضرت کے خلیل اللہ صاحب ہین پھر صفت خلت کی بدرجہ
اتم ہوئی اور صفت محبت کی اسپر زیادہ ہوئی کہ ان دونون صفتون کے ملانے سے افضلیت آنجناب بعضون نے
نکالی ہے لیکن کاتب اطروف کے نزدیک از جہت خصوصیت محبت کچھ فضیلت نہین ہوسکتی بلکہ سوا اسکے ان دونون صفتون
کے دیگر مقابلیت علیہ اور احوال سنیہ سے آنحضرت کو حضرت ابراہیم پر فضیلت ہے کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی خلت
اور محبت کے جامع تھے اور محبت خدا مخصوص انبیا علیہم السلام سے نہین خصوصاً وعموماً بلکہ ارشاد ہوتا ہے ان اللہ یحب
التوابین ویحب المتطہرین ویحب الصابرین ویحب المحسنین وفاستعولی یحبکم اللہ ابن قیم کہتے ہین کہ جو لوگ گمان کرتے ہین
کہ محبت خلت سے افضل ہے اور محبوب حبیب اللہ ہے اور ابراہیم خلیل اللہ یہ نادانی ہے اسلیے کہ محبت عام ہے اور خلت
خاص اور خلت نہایت محبت کا نام ہے حق یہ ہے کہ خلت ایک قسم محبت سے ہے فاضل ترجمیع انواع محبت سے کہ اللہ صاحب نے
اس مرتبہ علیہ اور منصب سنیہ مین تمام پیغمبرون سے حضرت ابراہیم اور محمد مصطفے صلی اللہ علیہما کو مخصوص فرمایا باوجود اسکے
حضرت خاتم النبیین صلعم کو اور درجات اور مناصب سے بزرگی عطا کی کہ حضرت ابراہیم پر فضیلت حاصل ہوئی تیسری
شکر گذاری کہ حضرت نوح علیہ السلام اسمین شریک ہین فرق یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی امت کے کافرون کو
دعا سے ہلاک کرایا کہ رب لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا یعنی اے رب نہ چھوڑ زمین پر منکرون کا ایک گھر بسنے والا
اور ہمارے حضرت نے باوجود اسکے کہ غزوۂ احد مین بڑی بڑی سختیان اٹھائین اور بددعا نہ فرمائی یہی کہا اللھم اہد قومی فانھم
لا یعلمون یعنے اے اللہ ہدایت کر میری قوم کو بیشک وہ نادان ہین اور حضرت نوح کے وقت مین جو لوگ ایمان

لائے تھے وہ ہی غرق ہونے سے بچے کہ قیل یا نوح اہبط بسلام منا وبرکات علیک وعلی امم ممن معک یعنے حکم ہوا اے نوح اوتر سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتوں کے ساتھ تجھپر اور کتنے فرقوں پر تیرے ساتھ والوں مین اور ہمارے حضرت کے وقت کے کفار آپ کی برکت سے عذاب دنیا مین گرفتار نہ ہوئے کہ ماکان اللہ لیعذبہم وانت فیہم یعنی اللہ ہرگز عذاب نہ کرتا انکو جب تک تو انمین تھا جو حجتی کلام حضرت حق کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی انمین شریک ہین مگر حضرت موسے سے بالاے طور احکام شریعت مین کلام ہوا اور ہمارے حضرت صلعم کو قبہ نور پر کمال احتشام طلب فرماکے اس ارفعیت سے مطلع کیا کہ فاوحی الی عبدہ ما اوحی سے ظاہر ہی اگر عصاے موسیٰ کو اللہ تعالے نے اژدہا غیر ناطق بنایا ہمارے حضرت کے فراق مین جو ب ستون کو رولایا حضرت موسے کے واسطے زمین پر دریا شق ہوا حضرت حبیب کے لیے آسمان پر شق قمر ہوا اور زمین آسمان کا تفاوت ظاہر ہی اور تفسیر نجم الجواہر مین ہی کہ ابن حبیب کہتے ہین کہ مابین السماء والارض ایک دریا ہی کہ اسکا نام سکنوف ہی اور اس عالم کے دریا اسکی نسبت ایک قطرہ ہین سو وہ دریا وقت معراج آنحضرت شق ہوا اور اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پتھر سے پانی جاری کیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تیر وکمان سے خشک کنوان پانی سے بھر گیا اور وقت ضرورت آپ کی انگلیون سے فوارہ دار پانی جاری ہوا کہ ہزارون نے پیا اور صرف کیا اور اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ید بیضا نبوت کا نشان ملا تو ہمارے حضرت کو خاتم نبوت عطا ہوا اسکی روشنی مین آنکھ جھپکتی تھی آنحضرت کے نور سے آنکھون کو روشنی ہوتی تھی قد جاءکم من اللہ نور آپ ہی کی شان مین ہی اگر یہ نور پردہ بشریت مین چھپا نہ ہوتا کسی کی نظر آپ کے جمال باکمال تک نہ پہونچتی حضرت موسیٰ نے حضر سے کہا ان تعلمنی مما علمت رشدا یعنے سکھاوے تو مجھکو جو تجھکو سکھایا گیا ہی اور ہمارے حضرت نے خدا سے درخواست کی رب زدنی علما یعنی اے رب بڑھا میرا علم حضرت موسیٰ کی مناجات کا مقام طور سینا ہی حضرت خاتم النبیین کا عرش معلے موسیٰ کی درخواست رویت جواب مین کن ترانی ارشاد ہوا حضرت کے واسطے حکم ہوا الم نشرح لک صدرک ہمارے حضرت نے شرح صدر مانگا رب اشرح لی صدری حضرت کی درخواست ارشاد ہوا الم نشرح لک صدرک پانچوین ملک اور سلطنت کہ اوصاف علیہ حضرت سلیمان سے ہی یہ بھی حضرت صلعم کو ملا ہی اور حضرت مختار کیے گئے تھے ملکیت اور عبودیت مین سو حضرت نے عبودیت اختیار فرمائی اگر حضرت سلیمان کی جن اور ہوا مسخر تھی تو ہمارے حضرت کے حضور مین جن بطوع و رغبت ایمان لاتے تھے اگر حضرت سلیمان جنات سے کام لیتے تھے تو ہمارے حضرت انسے اسلام لیتے تھے اگر ہوا انکو ایک ماہہ راہ لیجاتی تھی اور پھر لاتی تھی کہ غدوہا شہر ورواحہا شہر اسی سے عبارت ہی تو ہمارے حضرت کیواسطے براق سخر ہوا کہ عرش سے فرش تک لیگیا اگر حضرت سلیمان کو جنون کا لشکر ملا تھا تو ہمارے حضرت کو فرشتون کا لشکر ملا یدد کم بخمسۃ آلاف من الملائکہ سے ظاہر ہی اگر اللہ تعالے نے سلیمان کو چڑیون کی بولی سکھائی تھی تو ہمارے حضرت کے روبرو گوشت زہر آلود کا بولنا اور اونٹ کا شکوہ کرنا اور چڑیا کا فریاد کرنا معجزات باہرہ مین ہی چھٹی تناسب اعضا و لطافت تام خوبی شمائل و لطافت بدن کہ عبارت حسن و جمال سے ہی کہ انمین حضرت یوسف علیہ السلام شریک تھے اور حسن کی دو قسمین ہین ایک حسن صوری

حضرت سلیمان کے اوصاف علیہ

حضرت سلیمان

یعنی ظاہری دوسرا حسن معنوی سو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم باوصف ملاحت حسن معنوی میں بھی انتہائی غایت پر تھے کہ اخلاق عظیم آپکی شان ہی اور ابوسعید خدری سے بیہقی نے روایت کی ہی کہ ناگاہ میں نے یوسف کو دیکھا کہ فضیلت دیے گئے ہیں آدمیوں پر از روے حسن کے مانند لیلۃ القدر اور انس سے ترمذی نے روایت کی ہی فرمایا کہ کوئی نبی نہیں مبعوث ہوا مگر حسین اور خوش آواز و نیکو احسن وجہا و احسن صوتا اور قسطلانی فرماتے ہیں کہ اس مقام سے معلوم ہوا کہ حدیث معراج میں آدمیوں سے مراد غیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور مسلم کی روایت ہی کہ ناگاہ یوسف نظر آئے کہ انکو ملا تھا پارہ حسن سے اور مراد پارہ حسن سے پارہ حسن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی ورائے اسکے حسن یوسف سے ایک فتنہ عظیم برپا ہوا اور حسن آنحضرت سے سیکڑوں نارہ توٹے اور اگر بلاحظ حالیۂ شریف حضرت اس جگہ بنظر رہوے تو درود پڑھکر بنظر امعان دیکھو اور اسکو پیش نظر رکھو ؎ یا الٰہی تیرے عشق کی کھینچی ہی تصویر ✦ تیرے محبوب کی کرتا ہوں میں صورت تحریر ✦ پاک کر لوث دوعالم سے میری جان کا حریر ✦ جسپر تصویر تیرے دست کی ہو شکل پذیر ✦ کلک صنعت سے مرے جس گھڑی پیدا ہو حریر ✦ ہو صدا اصل ملی صل علی بے تاخیر ✦ سب کہیں مصحف ناحق کی یہی ہی تفسیر ✦ مطلع سیزدہ اختر ہی یہی بدر منیر ✦ ہی یہی جسکو شہنشاہ اُمم کہتے ہیں ✦ ہی یہی جسکو شہ لوح و قلم کہتے ہیں ✦ سو قد مبارک میانہ تھا نہ بہت بلند و دراز اور نہ قصیر و کوتاہ با این ہمہ اُس قد کا یہ معجزہ تھا کہ جب لوگوں میں کھڑے ہوتے یا چلتے تو سب سے بلند نظر آتا اور جب مسند ہدایت اور دعوت پر جلوہ فرما ہوتے تو جماعت حاضرہ سے سر مبارک اونچا دیکھ پڑتا یعنی غیرت حق نے کسی طرح آپکا ہمسر پیدا نہیں کیا یہانتک کہ قد مبارک کے سایہ بھی نہ تھا کہ آمین بھی سایہ ہمسری اور برابری تھا ؎ عرش پر سایۂ محبوب خدا اچھا ہی ✦ ہی یہی وجہ کہ اُس قد کے نہیں سایہ ہی ✦ اور سر مبارک بھی میانہ نہ بہت بڑا نہ چھوٹا ؎ مجھکو ملتا نہیں اس سر کا کوئی بھی ہمسر ✦ کس سے تشبیہ اُسے دوں کہ وہ ہو لائق تر ✦ سو یہ کہتا ہوں کہ وہ سر جو ہی سرِ حق ہی ✦ نور حق کہیے سراسر اُسے یہ لایق ہی ✦ اور بال سراسر اقبال اُس فرق نوری کے گھونگھر والے نہ تو نرم فرو ہشتہ اور نہ بہت پیچدار اور سخت نہ بالکل گھلے اور نہ از بس اُٹھے درازی آنکی تا گوش و گاہے تا دوش اور کبھوں میان گوش و دوش اور دونوں طرف دو گیسو کبھوں چار اور نور سے چمکتے تھے خوشبوئیوں کی لپٹیں آتی تھیں انکا اعجاز یہ تھا کہ جو کوئی بیمار دھو کر پیتا فوراً شفا پاتا ؎ یا رودہ بال سر دوش جو آجاتے تھے ✦ شب معراج کی صورت کو دکھا جاتے تھے ✦ مشتاقان جہان کو یہ سُنا جاتے تھے ✦ ہم تھے جو طور پر موسیٰ کو گرا جاتے تھے ✦ ہمکو تیرا نہ سمجھنا کہ تجلی ہیں ہم ✦ دیکھ تو نور کے منھ پر متجلی ہیں ہم ✦ اور چہرۂ نورانی غیرت جمال الٰہی اور آیت انوار نامتناہی ایسا روشن اور تابان کہ گویا آفتاب اُسمیں سیر کرتا ہی نہ تو بہت گول اور پر گوشت اور نہ بہت لنبا اور بے گوشت بلکہ مائل بتدویر اور رنگت اُسکی سفید مائل بسرخی اور چمک دمک ایسی کہ نظر نہ ٹھہرتی تھی اور شفاف بے حرم ایسا کہ ہر چیز کا عکس اُسمیں دیکھ پڑتا بلکہ صفائی اُس آئینۂ حذا نما کی یہانتک تھی کہ نور خدا کی صورت اُسمیں نظر پڑتی تھی اور عقدہ من رانی فقد رای الحق اُس سے کھل جاتا تھا ؎ اے محمد تیری صورت

کیا ہی اسہل + ورنہ تھی ذات خدا عقدۂ مالا یحل + اور جبین نور آگین انوار حق سے مالا مال اور مانند حوصلۂ دل عشاق واضح وکشادہ جب اُسمین چین پڑتی تو ایسا دکھلائی دیتا کہ ٹکڑا چاند کا ہی اور خوشبو اُسکی مشک اور عنبر اور زعفران اور عطر سے زیادہ کہ عورتین اسکا پسینا لیکر بدن مین ملتی تھین اور بالون مین بجاے خوشبو لگاتی تھین روایت صحیحہ مین آیا ہی کہ ایک عورت مفلسہ کو اُسکی بیٹی کے نکاح مین خوشبو نہ ملی اُسنے پسینا جبین مبارک کا لیکر اُس عروس کے بدن مین ملا کہ بدن معطر ہوگیا اور کئی پشت تک اُسکی اولاد کے بدن مین ویسی ہی خوشبو آتی رہی اور بھوین اُنکی پتلی پتلی نہ بیوستہ نہ جدا ظاہر مین ملی ہوئین دکھلاتین ؎ اُنکی ابرو کو کوئی کہتا ہی طاق ایوان + کوئی کہتا ہی ہلال اور کوئی کہتا ہی کمان + کوئی محراب عبادت ہی کا کرتا ہی گمان + اور کوئی قوس خدا اور کوئی تیغ عریان + صفت ابروے رسول عربی شاہ جہان + قاب قوسین کہون مین تو یہ ادنی ہی بیان + اور آنکھین سُرمگین نہ بڑین نہ چھوٹین بیچ مین دونون سے سرخ خوشنمائی سے نمودار چشم بددور نظارۂ حق مین ہر دم سرشار سیاہی اور سفیدی اُنکی بکمال اعتدال حق بینی مین ہر لحظہ باستقلال بخاری اور مسلم نے ابن عباس سے روایت کی ہی اور بیہقی نے عائشہ صدیقہ سے روایت کی ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تاریکی مین ایسا دیکھتے جیسا روشنی مین اور پیش رو اور پس پشت برابر ؎ چشم کو جادو نہ کہیو کہین اعجاز ہی + اُنکو آہو نہ سمجھیو کہ فقط ناز ہی + نہ تو نرگس ہی نہ بادام کا انداز ہی + جانو صیاد نہ اُسکے تئین شہباز ہی یہ + ہی جو حق مین تو صفت اُسمین خدا ساز ہی یہ + عین عیسی ہی جو اعجاز سے دمساز ہی یہ + کہ وہ ہین علی نام ہی بہر تعبیر + غیر کے قتل پہ ابرو کی کھینچی ہی شمشیر + حقیقت یہ تھی کہ جسطرح دل حضرت کا احاطہ اور وسعت ادراک معقولات مین رکھتا تھا اسی طرح حضرت کی آنکھ کو احاطہ اور وسعت احساس محسوسات مین حاصل تھا کہ شش جہت کو حضرت کی نظر مین ایک جہت کا حکم تھا اور قوت ابصر ایسی کامل کہ ثریا کے تارے گیارہ یا بارہ دیکھتے تھے اور وقت بنا مسجد مدینہ قبلہ بچشم سر دیکھ کر سمت قبلہ درست فرمائی تھی اور حیا اور شرم اُنمین ایسی کہ ہمیشہ گوشۂ چشم سے دیکھتے اور اکثر نظر اُنکی زمین پر رہتی اور وقت انتظار جانب فلک اور بیچین اُنکی دراز مثل سائبان کمال آرایش سے نمایان ؎ یا ہین زیر و زبر مطلع آیات وقوف + یا ہین محراب مین کعبے کے ملائک کے صفوف + ہین زیارت مین جو تصویر نبی کے معروف + یہی پڑھتے ہین بصد شوق و بصد التوف + برگل عارض جان پرور احمد صلوات + بر دو گیسوے فرح بخش محمد صلوات + اور گوش مبارک نہایت خوبصورت نہ بڑے نہ چھوٹے دور اور نزدیک سے برابر سُنتے اور خواب بیداری مین یکسان سماعت کرین چنانچہ ایک دن آسمان کا دروازہ کھلا کہ وہ دروازہ کبھون نہ کھلا تھا اور ستر فرشتے واسطے متابعت نزول سورۂ انعام کے اُترے حضرت نے مجمع صحابہ مین فرمایا کہ اسوقت مین نے دروازہ کھلنے کی آواز سُنی اور بیلی مبارک بلندی شعاع نور سے اُونچی نظر آئی کہ اُسپر نور کا اُبھار تھا اور جسارے

از بس نرم و نازک رشک گلہائے بہشت اور آب و تاب سے ایسے چمکتے کہ چاند کی روشنی پر غالب تھے اور دہن مبارک وسیع اور کشادہ خوشنما نہایت تنگ اور چھوٹا بدنما نکتہ یہ ہے کہ وسعت دہنی عرب میں مردوں کے واسطے ممدوح ہے اور تنگی دہن عورتوں کے واسطے اور جو شعر تنگ دہنی معشوقوں کی بیان کرتے ہیں تو گویا یہ مراد اُنکے نزدیک عورتوں کے حکم میں ہے ؎ کیا کہوں وصف مہ عارض پر نور جناب ٭ کہ اُسے ماہ بھی کہنا ہے خلاف آداب ٭ آگے خورشید کے کیا مشعل مہتاب کو تاب ٭ ہو جو ایک جنبش انگشت میں شق مثل سحاب گل بھی کیا کہیے کہ ہے اُسکے پسینے سے گلاب ٭ ہاں یہ کہیے کہ ملے کہنے سے قرآن کا ثواب ٭ یعنی ہے صورت شاہ عربی حق کی کتاب ٭ دونوں رخسار ہیں نصفین مساوی بحساب ٭ زیر رخسار مبارک وہ خط ریش لطیف ٭ رحل ہے جسپہ کھلا رکھا ہے قرآن شریف ٭ مصحف روسے محمد پہ ذرا کیجیو نگاہ ٭ یعنی اُسکی ہے الف لام وہ گیسوے سیاہ ٭ ہے دہن میم محمد سخن صدق کی راہ ٭ لام اور میم پہ مدین دو ابروے سیاہ ٭ یہ مقطع ہیں حروف اسکی رسالت کے گواہ ٭ معنی اسکے ہیں انا اعلم اعلم ہے آلہ ٭ کوہ پر ہوتا یہ نازل تو وہ ہو جاتا کاہ ٭ ہو جو منظور تلاوت تو ابھی بسم اللہ ٭ ہیں کھلے احمد مختار کے رخسارے دو ٭ ہے وہ قرآن اُسی کے ہیں یہ پارہ دو ٭ اور دندان نور افشان کشادہ اور روشن وقت کلام اُنسے نور چمکتا تھا حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہنستے دیوارین روشن ہو جاتیں اور نور دانتوں کا ایسا پڑتا جیطرح عکس آفتاب اور حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ اکثر عادت حضرت کی مسکرانے کی تھی میں نے نہیں دیکھا حضرت کو اسطرح ہنستے کہ لہوات دکھلائی دیں ؎ کسکا منہ وصف دہن کر سکے اُسکا ترقیم ٭ حرف زن ہووے نہ جبتک کوئی مانند کلیم ٭ دم اعجاز مسیحا کی ہے اُسکی تتمیم ٭ کیا ہے وہ غنچہ معہوم کی تصویر شمیم ٭ بوے گل لے کے جہاں جا نہ سکے باد نسیم ٭ بلکہ ہے میم دہن لفظ محمد کی میم ٭ ہاں یہ وہ منہ ہے کہ جس منہ سے خداوند علیم ٭ کام لیتا ہے ہدایت کا بفیضان عمیم ٭ ہے یہ وہ منہ کہ زبان اُسمیں خدا کا ہے کلام ٭ یعنی ہے وحی مجسم ہے زبان اُسکا نام ٭ اسمیں دندان مبارک جو ہیں رکھتے تزئین ٭ درج یاقوت میں جیوں سلک گہرہاے ثمین ٭ نے غلط اُس گہر کے تئیں نسبت ہے کہیں ٭ لفظ اللہ کی دو سطرین قرینے سے قرین ٭ ایک بالا ہے اور ایک سطر ہے اُسکی زیرین ٭ دیکھ کر اُسکا تبسم یہی ہوتا ہے یقین ٭ اسم اعظم کی دو عالم کو کریں ہیں تلقین ٭ ایک دندان کی چمک اُسنے دکھائی تھی کہیں ٭ عزت عشق الٰہی نے گوارا نہ کیا ٭ جب تلک سنگ قضا سے اُسے پارہ نہ کیا ٭ اور آواز حضرت نہایت شیریں اور خوش اور رسا اور درست اور بے تکلف وہاں پہونچے جہاں کسی کی آواز ہرگز نہ پہونچے خاصۃً خطبہ پڑھنے میں اتنی بلند ہوتی کہ عورتیں اپنے گھروں میں سنتیں اور فصاحت اور بلاغت آپکی تو بیان سے باہر تھی حق تعالے نے افصح اور ابلغ آپسا پیدا ہی نہیں کیا اور گردن مبارک رشک مینائے بہشت حد اعتدال پر رخشان اور درخشان کہ آئینہ اُسکی صفائی سے

ستر مندہ اور حیران گویا چاندی کا ٹکڑا تصویر کا عالم تھا ۵ کی جو رضوان نے محمد کے گلے کی تقریر ٭ ہوا
طاؤس جنان دام تعجب مین اسیر ٭ چھوڑ کر عاقبت الامر وجنت کا سریر ٭ خاک پر اُترا کمند از لی کا نخچیر ٭ دیکھی جب جس گلبن سوسنی
نبی کی تصویر ٭ آپڑا عشق گلے ڈالا گریبان کو چیر ٭ دعوای حسن کو سمجھا کہ مری تھی تقصیر ٭ حلقۂ چشم ندامت ہوا
پا مین زنجیر ٭ کھینچ گردن جو کبھون رقص مین آپ آتا ہی ٭ شرم سے پانون پر سر و ہین جھک جاتا ہی ٭ اور
دونون شانے اُونچے اُنپر بال اور سنخوان شانہ پر گوشت و مضبوط خوبصورتی سے مالامال اور پشت مبارک سفید
وصاف گویا نقرۂ گداختہ اور دونون شانون کے بیچ مین مُہر نبوت اُسپر چند خال اور کئی بال گویا اختر بے زوال
اور اُسمین صورت حروف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ نظر آتے تھے جابر ابن سمرہ سے علامۂ ترمذی نے
روایت کی ہی کہ مین نے دیکھا مابین دونون دوش رسول اللہ مین ایک غدۂ سُرخ مانند بیضۂ کبوتر اور حافظ
ابن حجر فتح الباری مین لکھتے ہین کہ یہ جو وارد ہی کہ خاتم مانند اثر محجمہ یا مانند خال سیاہ یا سبز تھے اور اسمین
محمد رسول اللہ یا سر فانک المنصور لکھا تھا ثبوت اسکا کما ینبغی نہین ہوتا ہی فائدہ پوشیدہ نہ رہے کہ خاتم نبوت
مین اختلاف ہی اول صورت مین بخاری اور ترمذی مین آیا ہی کہ مانند زر جایہ تھی یعنی تکمۂ حجلۂ عروس وہو الصحیح
یا مانند بیضۂ کبک وہو تفسیر الترمذی اور روایت ترمذی مین ہی کہ اُسپر خال تھے گویا ثالیل سیاہ کہ نزدیک سنخوان
دونون شانون کے نمودار تھے اور ثالیل جمع ثولول کی ہی یعنی پارۂ گوشت مانند دانۂ نخود اور روایت
ابی نعیم اور مسلم مین مانند بیضۂ کبوتر اور تاریخ ابن عساکر مین مانند بندقہ اور بیہقی کے نزدیک مانند تفاح
اور حاکم اور ترمذی کے نزدیک اُسپر بال تھے اور حکیم ترمذی نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ باطن خاتم مین ان اللہ
وحدہ لا شریک لہ لکھا تھا اور ظاہر خاتم پر توجہ حیث کنت فانک منصور اور تاریخ نیشاپوری مین ہی کہ گوشت
مین محمد رسول اللہ لکھا تھا کاتب الحروف کے نزدیک یہ اختلاف از قسم اختلاف نہین ہی بلکہ ہر ایک نے بقدر معائنہ
اور حفظ اور اندازہ تشبیہ اور تمثیل اپنی فہم کے مطابق بیان کیا ہی دوسرا یہ کہ مُہر وقت تولد سے تھی یا نہین
بعضے قائل باول ہین چنانکہ ابو نعیم نے دلیل مین حضرت ابن عباس سے روایت کی ہی کہ جب حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم پیدا ہوے تو اُنکی والدہ نے ذکر کیا کہ فرشتہ خدا نے تین مرتبہ اپنے باسن کی پانی مین غوطہ دیا
اور ایک ٹکڑا حریر کا نکالا اُسمین مُہر تھی اُسکو دوش مبارک پر جمائی اور وہ مثل بیضۂ مکنونہ ہمچو زہرہ چمکتی تھی
اور بعضے کہتے ہین کہ جب اول مرتبہ قصۂ شق صدر مبارک واقع ہوا تب فرشتے نے مُہر بھی کردی تھی تیسرا یہ کہ
مُہر مخصوص آنحضرت کو تھی یا اور انبیا بھی اُسکے حامل تھے سو مطالع المسرات مین لکھا ہی کہ خاتم نبوت مختص آنحضرت صلعم تھی بلکہ
اور انبیا بھی اسکے حامل تھے مگر یہ کہ خاتم نبوت حضرت از جملہ اوصاف کمال اور علامات نبوت مین تھی اور وصف آنحضرت اس خاتم سے
کتب سابقہ مین وارد ہی چنانکہ کتاب شعیا مین ہی لیکن اور انبیا کے اپنے ہاتھ مین تھی اور حضرت کے

حضرت کی پشت پر مقابل مکان دو آماسِ شیطان کے واقع ہوئی تھی خصائص آنحضرت میں ہے کذا فی المواہب والمدارج اور حقیقت یہ ہے کہ پشت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حامل اعباء رسالت اور اثقال نبوت تھی کما قال اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا اور وہ دولعت گرانمایہ و امانت کرامت پیرایہ بروجہ کمال تمام پشت مبارک میں رکھی گئی لہذا اُسپر مُہر کی گئی بخلاف اور انبیا کے کہ اُنکو اپنی امانت پر کما حقہ امین نہ کیا تھا اور اُنپر یہ ودیعت ختم نبوت تھی اِس لیے مُہر بھی نہ کی گئی کیونکہ وہاں خزانہ نہ تھا پس مُہر علامت حضرت کی معرفت و تصدیق کی تھی تاکہ معلوم ہو کہ یہ وہی پیغمبر ہے جسکی بشارت اگلی کتابوں میں تھی اِسمیں خلل و فساد کی گنجائش نہیں ہے تو مُہر کیا ہوا ہے اور بقول مبارک کمال سفیدی سے ہمرنگ تمام بدن کے تھی اور اُسمیں مشک کی بو آتی تھی آور سینۂ مبارک عریض و چوڑا وفی الجملہ ابھرا ہوا نظم کیا کہوں میں صفتِ سینۂ صدرِ عالم ✤ عالم ذات صدور اُسکا فقط ہے محرم ✤ دیکھتے تھے اُسے جو وقت حسینانِ ارم ✤ شرم سے سینے کے ہوتے تھے پسینے میں نم ✤ اور شکم مبارک نہایت ہموار اور صاف سینے کے برابر اور ایسا نرم گویا مخمل کے ٹکڑے کیے رکھے ہیں مصرع اہل باطن اُسے کہتے تھے فقط نور ہے یہ ✤ اور ایک خط باریک سینے سے تا ناف دستکاری نقاش ازل سے کھنچا ہوا تھا سوائے اُسکے چھاتی اور شکم پر کوئی بال نہ تھا گویا یہ نشان شق صدر تھا نظم خط موسینۂ سے تا ناف جو ہے مشک سیاہ ✤ رشتۂ جان سے ہے شیرازۂ مکتوب الیہ ✤ شاخ سنبل کا ہے یا عکس ہے آئینۂ ماہ ✤ یا معلے پہ رکھا سبحہ ہے سبحان اللہ ✤ جسکے ہر دانے سے دانائے جہاں ہے آگاہ ✤ یا شب تار میں ہے وادی ایمن کی راہ ✤ یا خ حور پہ ہے گیسوئے مشکین سیاہ ✤ اور زکات یہ ہے اُس موکی کمر اُسکی گواہ ✤ قلم موسے میں اب لکھتا ہوں تعریف کمر ✤ پر لکھوں کیا میں کہ ور موسے بھی ہے نازک تر ✤ وہ کمر جس سے کمر بند گیا صاف نکل ✤ معجزہ خواہوں نے جب پتلے کا کھینچا آنچل ✤ جب پے حرب کمر باندھے وہ سلطان ازل ✤ کھولے جبریل کھڑا ہو کے کمر بند کا بل ✤ منطقہ کھل پڑے ہیبت سے فلک کا اول ✤ اور شجاعان دو عالم کا بھی دل جائے دہل ✤ مجکو رکھ لیجے کمر میں یہ کہے تیغ اجل ✤ دشمن حق پہ میں بن کھنچے ہی پڑتی ہوں اگل ✤ کاٹتی ماہ سے لے تا سر ماہی ہوں میں ✤ آپکی تیغ ہوں اور قہر الٰہی ہوں میں ✤ اگرچہ حلیہ مبارک میں کمر کا ذکر نہیں آیا ہے مگر ظاہر ہے کہ جسطرح تمام اعضا حضرت کے معتدل الخلقت والوضع تھے اسی طرح کمر شریف بھی قوی اور نازک تھی اور دونوں ہاتھ آپکے دراز اور کلائیاں چوڑی اور ہتھیلیاں پر گوشت اور نرم و نازک پھیلی ہوئی خوشبودار اور انگلیاں دراز اور باریک نہایت خوشنما انھیں انگلیوں سے چاند دو ٹکڑے ہوا انھیں ہاتھوں میں کنکریوں نے تسبیح پڑھی اور انھیں کی گھائیوں سے پانی ابلا بہی ہاتھ جب کسی بیمار پر پڑا اچھا ہو گیا اور جب کسی یتیم کے سر پر رکھتے خوشبودار ہو جاتا نظم پنجہ اُس نور خدا کا ہے جو ہر دست ظفر ✤ اُسکے مداح کے ہاتھ آیا یہ مضمون دگر ✤ مہر و الطاف سے رکھ دے جو کسی کے سر پر ✤ اُسپہ برسیں پنجتن پاک ہوں سایہ گستر ✤ پانچ ارکان ہیں اسلام کے یا پنج اختر ✤ یا کہ ہیں پانچ نمازوں کے امام رہبر ✤ دا فظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ جو مشہور ہے کہ سنبابہ دست مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دراز تھا یہ غلط ہے پائے مبارک کا گوشت سنبابہ البتہ دراز تھا اور دونوں رانیں و ساقین نہایت لطیف اور باریک نہ دراز نہ عریض و کم گوشت نظم ایک بچے کی غرض دو ہیں یہ قانوس البور ✤ ہیں صفائی میں جو آئینہ تو ہیں نور میں چور ✤ جا در رحمت و غفران ہیں ہیں دونوں سور ✤

بحمدہ ایسی تھین نورانی کہ چشم بد دور + صدقے پروانہ نمط آپ ہی شمع کافور + سامنے اُسکے کوئی بیٹھ سکے کیا مقدور + ہان پڑھے جبکہ تشہد وہ امام دو جہان + بیٹھین سب پیچھے بزانوے ادب خرد و کلان + اور قدم مبارک دراز و پر گوشت اور انگلیان دراز اور باریک اُنمین انگشت شہادت سب سے بڑا اور خنصر پر گوشت اور بانون اوپر سے ڈھلکتے ہوے کہ اُنپر پانی نہ ٹھہرتا اور ایڑیان چھوٹی چھوٹی کم گوشت نظم للہ الحمد قدمبوس نبی ہاتھ لگا + شکر ہی سر مرا افلاک برین پر پہونچا + للہ الحمد ہوئی ختم صفات اعضا + یعنی مین اُسکے سراپا پہ ہوا دل سے فدا + قامت راست کی تعریف جو باقی ہی دلا + راست بازی کی ہی یہ شرط کہ کروہ بھی ادا + نسبت اُس قد سے ہی کس چیز کو موجود مین بتا + الف اللہ کا گر کہیے اُسے تو ہی بجا + عرش پر سایہ محبوب خدا چھایا ہی + ہی یہی وجہ کہ اُس قد کے نہین سایہ ہی **فائدہ** ایک مسدس نہایت بلیغ برخوردار مولوی محمد محسن لازال کا سمہ محبتا اطال اللہ عمرہ نے اسی عرصے مین حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے سراپا مین تصنیف کیا اور درخواست کی کہ اگر یہ قصیدہ داخل کتاب کیا جائے تو سامعین کتاب کو زیادہ تر موجب فرحت و مسرت ہوگا لہذا حقیر نے اُسکو داخل کتاب کیا

قصیدہ

للہ الحمد شب غم نے اُٹھایا بستر — مرحبا طالع بیدار مبارک ہو تجھ
مژدہ اے دل کہ ہوا نور خدا پیش نظر — بارک اللہ طبیعت کا ہی رنگ دیگر

گر نہو پاس ادب تو مجھے کچھ دعوی ہی
سجدے کرتے ہین ملائک مرا وہ رتبہ ہی

لامکان تک لیے جاتی ہی مجھے طبع رسا — بڑھ گیا عرش کے پایہ سے سخن کا پایا
ہو رہا ہی صف ارواح مین میرا چرچا — خیر مقدم کی چلی آتی ہی ہر سو سے صدا

بزم قدسی کا بلایا ہوا مہمان ہین
ملک آنکھون پہ بٹھاتے ہین وہ انسان ہین

آج کس دھوم سے خدام سخن آتے ہین — مسند دین فکر کی محفل مین بچھا جاتے ہین
تنگی بزم جہان دیکھ کے گھبراتے ہین — گاؤ تکیہ کرۂ ارض کا اُٹھواتے ہین

جشن کا روز ہی معنی کے شہ اقدس کا
اور اونچا کرو خیمہ فلک اطلس کا

ہم دکھاتے ہین طبیعت سے تماشے کتنے
عالم نور مین چھوڑ آئے ہین شوشے کتنے
حل کیے غنچۂ خورشید سے نکتے کتنے
عقد پروین سے لکھے ہمنے معمے کتنے

سادہ کاغذ ورق مہر درخشان ہی آج
دست پر نور عطارد مین قلمدان ہی آج

یون خرامندہ بشوخی قلم رعنا ہی
موج ہی جس سے خجل غرق عرق دریا ہی
بال پرواز پری چٹکیون پر اڑتا ہی
آہو شوخ ہی کیا کبک خرامان کیا ہی

کوئی شاخ آہو ون کی جلوہ گری مین تو نہین
کوئی سرخاب کا پر کبک دری مین تو نہین

رنگ گلزار معانی کا عجب عالم ہی
غنچے کو دیکھیے تو صبح کا بھرتا دم ہی
برگ گل چاند کے ٹکڑے سے بھلا کیا کم ہی
سرو رعنا نہین آئینہ قد آدم ہی

ہر شجر شمع تجلی ہی لگن تھالے ہین
نام ظلمت نہین لالے کے یہان لالے ہین

سطر سنبل گل تر حرف ہی غنچہ نقطا
کاغذ مشق ہی یک سبز چمن کا تختا
طوطی بولا مرے خامہ کا میان شعرا
کیون نہو آج مین لکھتا ہون سراپا کسکا

جسکو گلدستۂ باغ ابدیت کہیے
خندۂ صبح بہار احدیت کہیے

گیسوے حور قلم ہو کے بنے خامۂ مو
کہ ہون آراستہ تصویر سخن کے گیسو
کہو رضوان سے کہ لائے مجھے شاخ شبو
کہ شب فکر مین ہو نکہت مشکین ہر سو

منشی دفتر اعلے کا کرم کافی ہی
مشق کرنے کو مرے لوح و قلم کافی ہی

روشنائی کی یہ ترکیب ہی شمع بے دود
جسکی ترتیب کو جبریل امین ہین موجود
گوند ہو شجرۂ طوبے کا بہ قدر مقصود
پانی لین چشمۂ کوثر سے مگر پڑھ کے درود

صورت دیوۂ موسے ہو پر انوار کھرل
شمع سے طور معلے کے اڑائین کاجل

رنگ شنجرف کا بھی اب کوئی سامان کیجے
لالہ زار اپنے سخن کا چمنستان کیجے

خضر کو سالکِ آب از پئے مرجان کیجے | لعل کے واسطے تسخیر بدخشان کیجے

وقت ہی برہمی آنجسمن گردون کا
کہ شفق پر بھی ارادہ ہی مراشجون کا

اور کاغذ کا تو ہمنے عجب انداز کیا | پردۂ چشم کو قرطاس خدا ساز کیا
کھینچی تصویر اُسے جلوہ گہ ناز کیا | چوم لون ہاتھ مین اپنے عجب اعجاز کیا

شعلۂ طور کا کاغذ پہ کھنچا نقشا ہی
خاکہ انگار کفِ دست پر بینا ہی

کیون نہ سو جان سے ہو گلزار بہار معنی | محو رنگینی تصویر سراپائے نبی
یہ وہ صورت ہی کہ دیکھی نہ سنی ایسی کبھی | تھی یہی شکل مقدس کہ ازل مین جو کھنچی

ناز سے خامۂ قدرت نے کہا واہ رے مین
بول اٹھا عارض پُر نور کہ اللہ رے مین

کیسی تصویر کہ ہی صبح بہار امکان | کیسی تصویر کہ ہی آئنہ پرداز جہان
کیسی تصویر کہ ہی لوح و قلم نور افشان | کیسی تصویر کہ ہی کلک مصور نازان

کیسی تصویر کہ سب صلِ علےٰ کہتے ہین
کیسی تصویر کہ سب جلِ علےٰ کہتے ہین

کیسی تصویر جسے کھینچکے نقاشِ ازل | خود لگا کہنے کہ ہر وصف مین تو ہی افضل
تیری صورت سے کھلے معنی ماقل و دل | انبیا شرح مفصل ہین تو متن مجمل

تو ہی خورشید ترے سامنے انجم ہین بنی
تو ہی شمسیہ تصور مین تو سب ہین قطبی

تو ہی داؤد و نغم تو ہی سلیمان خاتم | فکر بچے ہی تو ذکر زکریا ہر دم
خلت خاص خلیل و برکاتِ آدم | شکر یعقوبی و صبر دلِ ایوب بہم

حسن یوسف دم عیسےٰ ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

بولے جبریل کہ تحریر ہوئی ختم تکمیل | آدم و نوح کے بخشے تجھے اوصاف جمیل
خضر و الیاس کا رتبہ شرف اسماعیل | اور سوا اسکے بھی اے سرو قد باغ خلیل

حسن یوسف دم عیسے ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

دین پکارا کہ مرے گھر مین اُجالا کردے
طالع خفتہ کو ہمچشم زلیخا کردے
مثل مردے کے پڑا ہون مجھے زندہ کردے
دستگیری مری فرما مجھے برپا کردے

حسن یوسف دم عیسے ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

کنوین جھانکا کرون کنعان کے تو سودا ہی مجھے
طور پر جاؤن تو ناحق کا بھٹکنا ہی مجھے
خبط ہی گر سر اعجاز سیجا ہی مجھے
سچ تو یہ ہی کہ ترے گھر مین کمی کیا ہی مجھے

حسن یوسف دم عیسے ید بیضا داری
آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری

واہ تصویر ہی بس حق کی قسم یہ تصویر
ہی دل وجان رسل مفخر اُمم یہ تصویر
بسکہ آئینۂ وحدت مین ہی ضم یہ تصویر
عالم نور ہی سرتا بہ قدم یہ تصویر

سایہ زیبا ہی نہ تھا آپکی قامت کے لیے
روشنائی تھی یہی مہر نبوت کے لیے

جسم محبوب خدا نور کا یک پتلا ہی
سایۂ حق وہ شہ منزلت کجا ہی
اُسکی قامت کو بھلا سایہ مناسب کیا ہی
سچ ہی محبوب جو لاثانی ہی وہ کیسا ہی

لاکھ عاشق ہون مگر لطف دو محبوب نہین
ظل حق ہو تو ہو پر ظل نبی خوب نہین

قد کے اوصاف رکھو یاد نہ بھولو بہ خدا
سجدۂ سہو نہ ہو ایسی عبادت مین روا
آب آئینۂ باطن سے وضو کرکے ذرا
اِدھر اُدھر نہ کرو نیت صادق سے ادا

اُٹھ کھڑے ہو پے تعظیم دم طاعت ہی
یہی تکبیر مین عشاق کی قدوقامت ہی

عرش پر کرسی بچھائے ہی مرا ذہن رسا
اسبیان آمد مضمون ہی کہ وحی پوحی
اے فلک ذکر پہ اندازۂ ہمت ہی بجا
تو وطوبے و منو قامت محبوب خدا

قد بے سایہ مری چشم تمنا مین رہے

سایہ طوبےٰ کا ترے عالم بالا مین رہے

راستی جوہر آئینۂ ایمان ہی دلا — کہ دے ایمان سے کہ وہ قد ہی الف ایمان کا
دیکھیے دونون الف اُسکے تو کھلا یہ نکتا — ایک احمد کا الف ایک احد کا ٹھہرا

سر ایمان حدوث و قِدم اول کو عبور
دوسرا وادی ایمن مین ہی شمع سر طور

سر اقدس ہی حباب لب دریاے قِدم — دُرّۃ التاج ہی اِس بحر کا یہ قطرۂ نم
میم احمد کا ہی دامانِ احد سے منضم — یون حدوث اور قدم آکے ہوے ہین باہم

قطرہ گر یہ کہ از بحر جدا ئیم ہمہ
بحر بر قطرہ بہ خندید کہ مائیم ہمہ

لیے امت کے گناہ آپنے اپنے سر پر — بخشش حق ہو نہ ہمسر متوجہ کیونکر
دن گنے جاتے ہین کب روز شمار آئے نظر — زلف مشکین کو دکھا کر جو کہین پیغمبر

ہان چلو حشر کے بازار کا سودا دیکھو
نقد سرمایۂ امت کا سیا ہا دیکھو

سایہ ہی فرق ہمایون پہ جناب حق کا — پر و بال افسر شہ پر نہین کھولے ہی ہما
عالم غیب کا سردار ہوا جلوہ نما — نہین سرکار یہ سلطان حبش کی حاشا

کشور کاکل پر پیچ و خم سرور ہی
نہ فتن ہی نہ خطا ہی نہ یہ عنبر سر ہی

خوشنویس ازلی کا ہی وہ پر زور قلم — کہ ہر اک حرف ہی اُسکا سند مستحکم
اہل ایمان کے لیے موے سر شاہ امم — خط گلزار مین ہی سر خط گلزار ارم

کوچۂ خلد نظر آنے لگا دنیا مین
خوب فردوسیہ لکھا ہی خط طغرا مین

رُخ پُر نور کا ہی کاکل شبگون سے ظہور — دیکھ لو دامن موسےٰ کے تلے شعلۂ طور
سُنبلے مین ہی عیان جلوۂ ماہ پُر نور — ابر رحمت مین ہی خورشید قیامت مستور

شب معراج مین ہی شمع تجلی روشن
لیلۃ القدر مین ہی نور الٰہی روشن

وصف پیشانی مین ہوتا ہی قلم سر بہ زمین
لوح بسم اللہ ابرو جسے کہیے بہ یقین

مصحفِ کل ہی رخ خانمۂ نسخۂ دین
سورۂ فاتحہ مصحف کل ہی وہ جبین

گلشن عالم تنزیہ رخ زیبا ہی
اس گلستان مقدس کا یہ دیبا جا ہی

ہین دو ابرو سے سیہ زلف جبین انور
طاق یا خانۂ خورشید کے آتے ہین نظر

نقشہ ابرو کا دکھائے جو عطارد لکھکر
مہ نو تیغ سے مریخ کی ہو دو پیکر

خواب مین بھی جو وہ زہرہ سی جبین پیش آئے
مشتری طالع کنعان کی زحل ہو جائے

دیکھو ہم پہلے پیشانی انور ابرو
ہین اسی آئینۂ صاف کے جوہر ابرو

آبروے دم خنجر ہین معسکر ابرو
موج دریاے شجاعت ہین سراسر ابرو

مہ کامل مین مہ نو کی یہ تصویرین ہین
یا کھنچی معرکۂ بدر مین شمشیرین ہین

ایک رگ مخفی ہی ما بین دو ابروے سیاہ
کر نظر آتی ہی وقت غضب شاہنشاہ

طرفہ تشبیہ یہ پہونچی ہی سخندان کی نگاہ
الف اسم چھپائے ہوے ہی بسم اللہ

لفظ معنی مین عجب ابروؤن کے طاق ہوے
الف طاق چھپا یا نو عدو طاق ہوے

رگ جو کانٹا ہی تو شاہین ترازو ابرو
مرد مک سنگ ہی اور پلہ ہی چشم دلجو

آنکھ پڑجائے اگر جانب امت سر مو
صاف رکھی رہے میزان قیامت کیسو

آپ پلے پہ ہمارے ہون تو کب کھٹکا ہی
مردم چشم کہین سہنے اسے تولا ہی

طرفہ مضمون ہی مجھے پیش نظر ہو آگاہ
منظر چشم نبی پر بھی ذرا کیجے نگاہ

ایسی نرگس کہین دیکھی ہی نہ بادام سیاہ
چشم ہا دور عجب آنکھ ہی ماشاء اللہ

لاکھ اگر اچھی سی اچھی کوئی تشبیہ کہے
چشمکین ارمے سخنگو نظر فیہ کہے

اک نیا نسخہ نکالون دل پر جوہر سے
صفحے پر سیم کے لکھین جسے آب زر سے

پکتین اکسیر کی بوٹی ہین سنا اکثر سے
بو نہ چشم پہ ہی آنج رخ انور سے

صدقے اے دولت بیدار ترے سونے کے
ڈھیلے آنکھون کے نہین ڈھیلے ہین یہ سونے کے

گوش پر نور تہ زلف شب آسا مستور
کہین دھوکے سے بھی دیکھے تو سحر ہو کافور

رنگ کا اسکے صبا سنکے چمن مین مذکور
کہے گل سے کہ ہوا ہو نہ ٹھہر میرے حضور

گوہر وصف سے گر دامن در پر ہو
یون صدف سے کہے موتی کہ بس اب چل در ہو

سر فلک گوش قطب گرچہ یہ تشبیہ ہی تیز
چشم کا ہی یہ اشارا کہ کرو اس سے گریز

ہی زمین کعبۂ ابرو کی بڑی مردم خیز
رخ کے میدان مین ہر اک ذرہ ہی شمس تبریز

گوش و بینی کو بھی دیکھ کے سب کہتے ہین
قطب و صاحب انفاس یہان رہتے ہین

بینی اقدس شاہنشہ عالی منظر
آب آئینۂ رخسار کی موج انور

خوبروئی کا بلندی پہ ہمایون اختر
یوسف حسن کا معراج ہی یا پیش نظر

صفحۂ خد مبارک پہ الف بینی ہی
دیکھنا عارض انور کا خدا بینی ہی

صورت چشمۂ کوثر ہی لب جان پرور
نخل بادام وہ بینی ہی لب کوثر پر

شاخ اس نخل کی ابرو ہے جناب اطہر
اور اس شاخ مین عینین مبارک ہین ثمر

دل عارف اسی کے سایہ مین دم لیتا ہی
نور ایمان اسی سایہ کے قدم لیتا ہی

چشمۂ مہر سے اس بحر مین اب رونق ہی
صفحہ ماہ نک انگشت قلم سے شق ہی

وصف رخسار ادا کرنے کا مجھپر حق ہی
رنگ رخسار سحر سامنے جسکے فق ہی

مطلع صبح بیاضی ہی کہ نورانی ہی
حسن مطلع یہ مگر فرد ہی لاثانی ہی

روبرو آئے جو آئینہ تو اک سکتا ہو
شمع کے بھی دھوئین اڑ جائین جو کچھ دعوا ہو

شامت آجائے جو خورشید کو یہ سودا ہو
صبح ہو جائے قمر حسن پہ گر بھولا ہو

حشر برپا ہو جو کنعانی مقابل آئین
چرخ پر سورۂ یوسف کو ملک لیجائین

رو برو جلوۂ خورشید کے سایا کیا ہی
سامنے شمع منور کے اندھیرا کیا ہی

عاقلو غور سے دیکھو کہ یہ نکتا کیا ہی
اُمّی ہونے مین بھلا آپکے شبہا کیا ہی

کوئی تدبیر تو پڑھنے کی بجا ہی نہ رہی
نور رخسار سے حرفون مین سیاہی نہ رہی

لب جان بخش کی تشبیہ دم عیسے سے
دی نہ دم دیتے رہے لاکھ مسیحا بھی مجھے

آب حیوان نہ کہا خضر نے گو پھینٹے دیے
اب فقط رہ گئے خورشید کے جو ٹھنڈے شوشے

کہون یاقوت تو وہ باتین یہان پائی نہین
لعل سمجھون اُسے آنکھین مری پتھرائی نہین

فکر وصف دُر دندان مین کٹا سارا دن
رات بھر تارے ہی گنتے رہے بیٹھے محسن

جسکی تشبیہ نہو اُسکی صفت کب ممکن
یون تو نسبت ہی کہ تیارے ہین روشن لیکن

غور سے دیکھیے تو شیشے کے یہ چھالے ہین
یا لب ساغر افلاک کے ہنسالے ہین

قطرہ جب سائل تشبیہ ہوا رو رو کر
آبادامن مین لیے گر دیتیمی گوہر

پانی پانی مین ہوا جوش مروت سے گہر
معنی تانِ طبیعت سے کھلے یون دل پر

کہ در بن قطرۂ سائل نم لاتنہر نیست
وز پئے دُر یتیم آیۂ لاتقہر نیست

یک تبسم ہی کلید در جنت ہی یہان
ہوے غفار کے دندانہ تشدید عیان

نامۂ بخشش امت ہی جو حضرت کی زبان
لفظ اللہ سرنامہ ہی سلکِ دندان

نامہ ملفوف لبون مین ہی بہ طرز دلخواہ
ہی لفافے پہ خط پشت لب انشا واللہ

اہی خندان کیے اسرار دہن کسنے بیان
مل گیا خاک مین جو چشمۂ آب حیوان

پہونچے ہیں حقۂ گوہر کے جگر تک دندان
دُرج یاقوت مین ہی آتش حسرت کا دھوان

رنگ غنچے کا اُڑا گل کی تعلی چھوٹی

منھ پہ پسنے کے ہوائی پہ ہوائی چھوٹی

کوئی کہتا ہی کہ اُسکو شکرستان کہیے
کوئی کہتا ہی ملاحت کا نمکدان کہیے
خضر بولے کہ اُسے چشمۂ حیوان کہیے
اور سلیمان نے کہا خاتم یزدان کہیے

ہر جگہ مشتہر اُسکا لقب تاں کیا
حق تعالےٰ نے اُسے صاحب اوّاں کیا

غنچہ نے پیش کیے گرچہ ہزاروں مضمون
گفتگو اسمین ہی بولی مری طبع موزون
مین شگافِ قلمِ صنع اُسے کیون نہ لکھون
جس سے ظاہر ہوا اسرارِ خفی کن فیکون

شعرا نے اُسے کیا جانیے کیا کیا سمجھا
اسم اعظم کا مگر ہمنے معما سمجھا

ریش مرسل کو نبوت کا رسالا کہیے
خشش خط شکست دل اعدا کہیے
سر فرمان خدا کا خط طغرا کہیے
کلک تقدیر کا یا خط شفیعا کہیے

اِسکی رو داری سے اللہ نے بخشا ہمکو
ہی شفاعت کی سند خط شفیعا ہمکو

رُخ پُر نور ہی قرآن کا پہلا نسخا
ہاتھ سے اپنے جسے خاص مصنف نے لکھا
مشکل از بسکہ تھا مضمون دہن کا نکتا
اِس لیے حاشیہ لکھا ہی خط رنگین کا

رُخ جو ایسا ن ہی تو اک جزو ہی یہ ایمان کا
ہی نیا حاشیہ یہ منہیہ ہی قرآن کا

گو بہ اک الف صاد ہی چشم زیبا
لام گیسو ہین سر مو نہین کچھ فرق اصلا
چہرے پر ہی خط گلزار سے یعنے لکھا
کہ وہ ہی اصل پے خلقت دین و دنیا

جمع خاطر ہو تو کیجیے یہ مضامین کیجیے
دیکھیے تضمینین بہت یک نئی تضمین کیجیے

پردۂ کعبہ ہی گیسوے عبیب یزدان
اور محراب حرم کا ہی اُس ابرو پہ گمان
اسمین پاکیزہ مصلا ہی نگہ کا دامان
مردم چشم ہی بیٹھا ہوا اک ناظرہ خوان

زیر رخسار مبارک وہ خط ریش لطیف
رحل ہی جسپہ کھلا رکھا ہی قرآن شریف

تو لگائے ہی یہی روشنی طبع ولا
شمع کافوری گردن کا دکھائے جلوا

نہین پروانگی پاتی ہی مگر فکر رسا
پریہان جلتے ہین جبریل کے اندیشہ کجا

سرفرازی اِسی گردن کو بہت زیبا ہی
آتش حسن گلوسوز کا یہ شعلا ہی

بارک اللہ وہ گردن ہی کہ فوارۂ نور
جس سے ڈوبی عرق شرم مین ہی شمع طور

کسی مینا و صراحی کا یہان کیا مذکور
بزم تنزیہ کی کہیے اُسے میناے طہور

جسکی کیفیت اگر دیدۂ باطن مین نہ آئے
خلد مین شربت دیدار عبث اُچھو ہو جائے

بال گردن پہ جھک آئے تو ہوا یہ روشن
کہ شب فکر مین افروختہ ہی شمع سخن

ہی تجھے کس لیے اے خانۂ ایجاد الجھن
انتخابی ہین سب اشعار بیاض گردن

ہر شب و روز چہ آشفتہ بسری بردی
تا کہ مسودۂ گیسو بہ بیاض آوردی

صفت مہر نبوت کا بیان ہو کیونکر
خامشی مہر دہن اور سخن ہی شہ در

مہر کی پشت کے فقرون سے یہ حق نے نکہ کر
کہ ہوا نامۂ پیغامبری ختم اُسپر

ہوے پھر بھی جو سیہ دل متشبی گمراہ
ختم اللہ علے قلبہم اِنّا للہ

مہر انور کے جو معلوم ہوے حرف تمام
کلمہ اُس سے نمایان تھا نہین اِسمین کلام

راست ہی دعوی مقبولی دین اِسلام
ایک ہی مہر شہادت مین لکھے ہین دو نام

نئے انداز کی یہ مہر ہوئی عالم گیر
ایک سکہ مین محمد نام شہنشاہ و وزیر

دست رنگین کی صفت بار خدایا کیا ہی
شاخین نکلین جو کہون شاخ گل رعنا ہی

طوطی ناطقہ اِس باغ مین چپ رہتا ہی
بلبل طبع کو غنچے کی طرح سکتا ہی

ہاتھ باندھے ہوے جبریل کھڑے رہتے ہین
دست گلچین کو یہان دستۂ گل کہتے ہین

ہاتھ کھینچے ہوے ہی رنگ ہی مانی کا فق
قلم انگشت ششم ہی کف افسوس ورق

کلک مداح نے جب صفحہ کو بخشی رونق
ہوگیا سینہ عطارد کا بھی حسرت سے شق

رنگ و بو ظاہر و باطن کی سب اک جا ہو کر
مرے ہاتھون پہ تصدق ہوے گجرا ہو کر

بند دست آپکا ہی یا کوئی خمسہ کا بند
طبع استاد ازل بھی ہی عجب نازک بند
انگلی ہر ایک ہی وہ مصرع موزون و بلند
انگلی رکھ سکتے نہین جسپہ کہین دانشمند

مجکو مخمسِ صفتِ پنجۂ اقدس بس ہی
اس مسدس کے شرف کو یہ مخمس بس ہی

گو کف دست منور کو مین کہتا ہون ماہ
غور کیجے تو یہ تشبیہ نہین خاطر خواہ
مہر انور ہی ہتھیلی مہ نو ناخن شاہ
دونون جو وقت مقابل ہوے اللہ اللہ

ہمنے یہ معجزۂ عقد انامل دیکھا
یک گھڑی مین مہ نو کو مہ کامل دیکھا

کون لکھے صفتِ سینہ صافِ سرور
دست بر سینہ ہین حسرت سے یہان جن و بشر
اور کہتے ہین فرشتے بھی یہ حیران ہو کر
لوح محفوظ ہی یا عرش خدا پیش نظر

صدر ایوان رسالت کا عجب سینہ ہی
صورت علم لدنی کا یہ آئینہ ہی

صاف و بے مو ہی نبی کا بر سیمین شفاف
جیسے نقطون سے حروف لک صدر کہ ہین صاف
ہان مگر سینے سے ہی اک خط مشکین تاناف
جسکو کہتا ہی سخنور کشش مرکز کاف

صدر پر نور کے شق ہونے کی تمثال ہی یہ
عقل کہتی ہی وہ آئینہ ہی اور بال ہی یہ

مخزن گوہر اسرار شبِ اسریٰ ہی
شرح صدر شہ عالی کا یہ اک نکتہ ہی
جو کہ لبریز لطافت ہی یہ وہ چشمہ ہی
جسمین مواج لطافت ہین یہ وہ دریا ہی

خط نہین سینے مین شاہنشہ بحر و بر کے
عنبرین موج ہی یہ بحر ہین گوہر کے

گرچہ پرواز مین اندیشہ ہی بال جبریل
اور احیاے مضامین مین ہی فکر اسرافیل
نہ ملی پر کوئی نازک سی کمر کی تمثیل
ہوگیا ہم عدد لفظ عدم لفظ عدیل

قاف تک ہمنے بہت کاف کمر ڈھونڈھا ہی
کمر ین دیکھی ہین پر ایسی کمر عنقا ہی

ہیچ اس جا ہی کسی تیغ و کمر کا مذکور
اُسکے اوصاف ہین مشہور رمیان جمہور
تاکمر غرق عرق ہوگئے سب اہل غرور
سامنے اُسکے کوئی بانمدے کمر کب مقدور

اُسکے اوصاف شجاعان جہان کمر ہین
چیتے میدان مین جو آئین تو ہرن ہوجائین

لاحظ نسخ مین لکھو تو کہون اک نکتا
لام الف کا ہی نقاطع وہ کمر صل علا
واہ کیسا کمرون پر یہ خط نسخ کھنچا
کمر یار کو معدوم ہی سمجھے شعرا

نہین ثابت قدم اِس نفی سے استثنا بھی
یہ وہ لا ہی کہ نہین جس سے بچا الا بھی

سر عالم ہی فدا اے قدم پاک نبی
وصف مین جسکے سخندان کا لگا گھٹنے جی
ہاتھ آیا ہی جو کاغذ تو یہ حسرت ہی نئی
نہین چلتا ہی گلی پاے قلم مین مہندی

سر بہ زانوے ادب آکے سخنگو بیٹھین
فکر عالی کے فرشتے بھی دو زانو بیٹھین

دیکھیے کیا اُسے شمشاد و صنوبر سے مثال
چمنستان ارم اُسکے قدم سے ہی نہال
سرو جنت سے نکل آئین بے استقبال
کہے بندہ کہ مجھے شوق سے کیجے پامال

مثل بلبل کے سر راہ بچھائین گل چشم
فرش فردوس گلابی ہو تو ہون بلبل چشم

شور ہی عالم بالا پہ قد رعنا کا
سر افلاک ہی فدیہ قد والا کا
ساق ہی نخل تمنا ملاً اعلا کا
خاک پا عان ہی حورون کے رخ زیبا کا

رکھ دیا آپنے جس فرش پہ دو بار قدم
بڑھ گیا پایہ مین وہ عرش سے بھی چار قدم

بزم مین تذکرۂ پاے نبی گر سن پائے
شمع گور شک سے جلبائے مگر سر نہ اُٹھائے
ناخن پا جو ذرا عقدہ کشائی پر آئے
گرہ ابرو خوبان کی حقیقت کھلجائے

ماہ نو گر کہین بیچشمی کا خمیان کرے

تا خمۂ چشم فلک مین خلش تا ن کرے

کو مبارک ہو قدمبوسی حضرت محسن
اب نہین باقی ہی کچھ خواہش ہمت محسن
کسکو ہوتی ہی نصیب ایسی سعادت محسن
آرزو اتنی ہی بس روز قیامت محسن

سر کے بھل جاؤن جو نقش قدم سرور پر
صاف محشر کی زمین رکھ لون اٹھا کر سر پر

ہی یہ اُمید کہ جب گرم ہو بازار نشور
دوسرا یا ہین تم دو عوض حور و قصور
یون کہے بادشہ بارگہ عالم نور
مین کہون واہ مجھے یہ نہین ہرگز منظور

مفت حاضر ہی مگر اسکی یہ تدبیر نہین
کھوٹے داموں بکے یوسف کی یہ تقصیر نہین

حلیۂ اشرف نسل آدم صلے اللہ علیہ وسلم

ساتوین صبر کہ حضرت ایوب علیہ السلام اسمین شریک ہین کہ اللہ صاحب فرماتے ہین انا وجدناہ صابرا اور ہمارے حضرت کو فرمایا فاصبر کما صبر اولوالعزم من الرسل یعنی ٹھہرا رہ جیسے ٹھہرے رہے ہین ہمت والے رسول مگر صبر آنجناب صبر ایوب سے زیادہ تر تھا چنانچہ آنحضرت صلعم فرماتے ہین ما اوذی نبی قط کما اوذیت یعنی تکلیف نہین دیا گیا کوئی نبی ہرگز جیسا کہ مین تکلیف دیا گیا اور یہ ظاہر ہی کہ تکلیف روحانی و جسمانی جسطرح کی حضرت نے کافرون اور اپنے ہمسایون اور یگانون سے اٹھائی ہی ہرگز کسی پیغمبر نے نہین اٹھائی با اینہمہ بد دعا نہین فرمائی اس مقام سے جان لینا چاہیے کہ ایذائین لسانی تین قسم کی ہوتی ہین ایک یہ کہ اسکے معبود اور مرشد اور اُستاد اور پیر کے حق مین طعن کی زبان دراز کرے یہ ایذا رسانی نہایت سخت ہی دوسرے یہ کہ خاص اسی شخص کے حق مین زبان طعن دراز کرے تیسرے یہ کہ اسکے زن اور فرزند اور دوست اور آشنا کے حق مین طعن کرے ان علاقون کے سبب سے انکی طعن بہت رنج و ملال کا سبب پڑتی ہی اور ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تینون قسم کی ایذائین اپنی امت کی بدمذہبون اور منافقون اور کافرون سے انتہا درجے کی پہونچین بخلاف اور نبیون کے کہ انمین سے ایک قسم یا دو قسم کی ایذائین مبتلا ہوے تھے اور تفصیل اسکی یہ ہی کہ اول قسم کی ایذا یہ تھی کہ آپکی رنج دہی کے واسطے اللہ جل شانہ کے حق مین کافرون نے اس طرح کی بے ادبان کہین کہ جسکے سننے سے بدن کے بال کھڑے ہو جاتے ہین چنانچہ بعضون نے کہا کہ حق تعالی جل شانہ جورو لڑکے رکھتا ہی اور بعضون نے کہا کہ شیطان خدا سے غالب ہی کہ خلق گمراہ کرتا ہی اور بعض طعن کے طور پر کہتے تھے کہ محمد کا خدا کہتا ہی کہ میرے محتاج بندون کو کھانا کھلاؤ اور

زکوٰۃ ادا کرو اس سے معلوم ہوا کہ وہ فقیر ہی اور ہم غنی ہین اور سواے اسکے اکثر کلمات کفر کے کہا کرتے تھے اور قرآن شریف کے حق مین عجب طرح کے احتمالات فاسدہ اور خیالات واہیہ باندھا کرتے تھے اور دین و ملت مین طرح طرح کے شبہات نکالا کرتے تھے چنانچہ بعضے کہتے تھے کہ اگر یہ قرآن خدا کا کلام ہوتا تو ایک ہی مرتبہ نازل ہوتا یہ کیسا کہ شاعرون کے طور پر کسی دن کوئی غزل اور کسی دن رباعی کسی دن قطعہ کبھی قصیدہ کبھی مسترادو تیار ہوکے اترتا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ اپنی طرف سے جھوٹ باندھ لیا ہی اور بعضے کہتے تھے کہ یہ شخص مجنون ہی بیقائدہ ہذیان بکا کرتا ہی اور بعضے کہتے کہ ہم ہرگز نہ مانینگے اس قرآن کو اور نہ اگلی کتابون کو اور بعض کہتے تھے کہ یہ سحر ہی اور بعض کہتے تھے کسی کاہن کا کلام ہی اور اکثر مذبوح کی حلت اور میتہ کی حرمت مین تکرار کیا کرتے تھے کہ اپنے ہاتھ کے مارے ہوے کو حلال اور خدا کے مارے ہوے کو حرام کہتے ہین یہ بات لغو و بے معنی ہی اور اسی طرح کی اور واہیات بے سروپا بکا کرتے تھے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کے حق مین کہ منصب اُستادی کا رکھتے تھے یہودی طرح طرح کی بے ادبیان کرتے تھے اور فرقہ روافض سے کہ غرابیہ تھے قائل تھے کہ وحی علیؑ کے واسطے آئی تھی جبرئیل نے محمد صلعم کو پہونچائی اور دوسری قسم کی ایذا جو خاص حضرت کی ذات پاک سے متعلق تھی وہ یہ تھی کہ آپکو ساحر اور شاعر اور دروغ گو اور دیوانہ کہا کرتے تھے اور ہجو کیا کرتے تھے اور آپکا نام ابن ابی کبشہ رکھا تھا یعنی اپنے رضاعی دادا کا بیٹا ہی اُسی کی خو بو اختیار کی ہی اپنے باپ دادا کے طریقہ سے پھرا ہوا ہی تو گویا آپکی اولاد نہین ہی اور یہ بھی کہتے تھے کہ اگر یہ پیغمبر ہی تو فقیر مفلس کیون ہوا اور اگر وحی آنے مین چند روز کا وقفہ ہوتا تو طعنہ دینا شروع کرتے اور کہتے کہ اللہ نے انکو رخصت کیا اور اللہ انسے بیزار ہوا اور شعرین ہجو مین بناتے اور مغنیون سے مجلسون مین طبلے سارنگی کے پر گواتے تھے اور تیسری قسم کی ایذا جو آنحضرت کے اہل و عیال سے متعلق تھی یہ تھی کہ مدینے کے منافق اور فاسق اور خیبر اور فدک اور نضیر اور قریضہ کے یہودی حضرت کے خویش و اقربا اور یارون اور دوستون کے حق مین طعن اور تشنیع کے مضمون بنایا کرتے تھے یہانتک نوبت پہونچی کہ آپکے حرم محترم کے حق مین بے ادبان کہین اور آپکی زوجۂ طاہرہ مطہرہ کو زنا کی تہمت لگائی نعوذ باللہ من ذلک اور آپکی وفات کے بعد اس امت کے گمراہون اور منافقون نے حضرت کے اہل بیت اور اصحاب کے حق مین کوئی بات اُٹھا نہین رکھی کہ اقوال روافض اور خوارج سے بخوبی ظاہر ہی معاذ اللہ من ذلک پر آنحضرت صلعم کا فرمانا کہ ماذوذی نبی مثل ما اوذیت باعسن وجوہ صادق آیا باین ہمہ حضرت صلعم نے تحمل فرمایا اور اپنے موذیون کے حق مین بددعا نہ کی اور دعوت خلق الی الحق سے نہ تھکے موئد اللہم صل علیہ اجزہ عنا افضل ما جازیت

نبیناعن امتہ اور یہ جو مشہور ہی کہ الرسول خیر خواہ دشمنان سو ہمارے حضرت رسول مقبول کا حال ہی ہکذا ذکرہ
استاد الاستاد فی تفسیرہ آنحضرت عبادت ملی کہ حضرت یونس علیہ السلام اسمین شریک ہین بلکہ حضرت صلعم کا
دستور تھا کہ ہر دم ذکر حق مین مشغول رہتے تھے کوئی وقت حضرت کا رائگان نہ جاتا تھا اور سورۂ مزمل کی
تفسیر آنجناب کی عبادت جاننا چاہیے وبس اور دوسرے وہ فضائل ہین کہ انمین کوئی شریک نہین اول انواع
ولایات یعنی قرب و منزلت رب العالمین و تصرف و حکومت از ارض تا اعلی علیین و لہذا وارد ہوا ہی ولایۃ النبی
افضل من نبوۃ یعنی جہت ولایۃ نبی کی کہ عبارت معاملہ راز و نیاز حضرت بے نیازہ سے ہی طرف نبوت سے کہ مشتمل
احکام مالک کارساز سے مراد ہی افضل ہی دوسرے محبوبیۃ مطلقہ کہ عبارت مقصود اور مطلوب مالک مطلق سے ہی
اور مقبول مطلق البتہ محبوب مطلق ہی کیونکہ محبوبیۃ ملازم مقبولیۃ ہی نیسرے رویت حق بجسم سر چوتھے قرب اتم
کہ قاب قوسین او ادنی اسی کی تفسیر ہی پانچوین شفاعت کبریٰ کہ مقدمہ اسکا نجات انبیا ہی جملی جلالی حضرت کبریا کی
اور خاتمہ اسکا اخراج عاصیان ہی دوزخ با سزا سے چنانچہ صحیح بخاری وغیرہ کتب معتبرہ حدیث مین وارد ہی اور
خلاصہ اسکا یہ ہی کہ قیامت کے دن بہ سبب درازی اس دن کے اور شدت گرمی کے اور انواع انواع تکلیف کے
لوگ بہت گھبرائینگے اور نوبت یہانتک پہونچیگی کہ کہینگے چاہے دوزخ ہی کا حکم ہو جائے تا پرسانی سے تو نجات ملے
آپسمین مشورہ کرینگے کہ اب کوئی شفیع قائم کرنا چاہیے کہ اللہ تعالی کی حضور مین سفارش کرکے نجات دلوائے اور آدم
صفی اللہ سے تا حضرت عیسے روح اللہ سب کے پاس جائینگے اور شفاعت کے واسطے عرض کرینگے وہ سب کہینگے
کہ ہمارا کام نہین یہ رتبہ نہین ہی آخر بارے روح اللہ حضرت حبیب اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حضور مین آوینگے
اور درخواست شفاعت کی گذرانینگے آپ فرماوینگے انی لہا مین اس کام کے لیے ہون اور آپ اسوقت خدا کی
حضور مین سجدہ کرینگے اور اسمین محامد الہی بیان کرینگے اللہ صاحب فرماوینگے یا محمد ارفع راسک سل تعط واشفع تشفع
یعنی اے محمد سر اٹھاؤ جو مانگو گے ملیگا اور جسکی شفاعت کروگے قبول ہوگی آنجناب سر اٹھاوینگے اور کہینگے امتی امتی فرمان
ایسے پیغمبر رؤف رحیم کے کہ ایسے وقت مین کہ اللہ جل شانہ غضبناک ہوگا اور سب پیغمبر اولوالعزم خوف سے تھرتھرانے
ہونگے اور آپ بے تکلف کمر شفاعت کی باندھینگے اور اپنی امت کی درخواست مغفرت کرینگے پس اس مقام مین قائم ہونا اور
خلائق کو ہول قیامت سے چھڑانا اور پھر دوزخ سے نجات دلوانا اسی کا نام قائم ہونا مقام محمود مین ہی کہ ارشاد ہوتا ہی
عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا الغرض اللہ جل شانہ بندون کا حساب کرکے بہشت اور دوزخ کا حکم جاری کریگا اور
جملہ مواطن اور مقامات محشر کے طے ہونگے اور آنجناب صلعم اپنی امت کی شفاعت ہر جگہ چاہینگے جو لوگ بہ سبب شامت اعمال کے
دوزخ مین پڑینگے انکے واسطے حضرت حق فرماویگا کہ جسکے دل مین جو برابر ایمان ہو اسکو دوزخ سے نکال لیجاؤ آنجناب
موافق حد کے دوزخ سے نکال کے بہشت مین داخل کرینگے پھر آپ سجدہ کرینگے اور محامد الہی بیان کرینگے حکم ہوگا اے

محمد سر اٹھاؤ جو مانگو گے ملیگا آپ سر اٹھا کر کہینگے یارب امتی امتی پھر اللہ تعالیٰ حد مقرر کریگا کہ جنکے دل مین رائی برابر ایمان ہو انکو دوزخ سے نکالو پھر آپ انکو نکال کر بہشت مین داخل کرینگے پھر حضور مین خداوند تعالیٰ کی سجدہ کرینگے اور حمد الٰہی بجالاوینگے ارشاد ہوگا کہ اے محمد جو کچھ مانگو گے پاؤ گے اور جسکی سفارش کرو گے قبول ہوگی آپ سر اٹھا کر کہینگے یارب امتی امتی پھر اللہ تعالیٰ یہ حد مقرر کریگا کہ جسکے دل مین بقدر ذرہ ایمان ہو اسے دوزخ سے نکال لیجاؤ آپ دوزخ پر جاکے اس حد کے موافق نکال کے داخل بہشت فرماوینگے آخر کار کوئی جہنم مین نہ رہیگا مگر وہ لوگ جنکا خاتمہ ایمان پر نہین ہوا اور مستحق خلود ہین اللھم اجعل آخر کلامی اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا رسول اللہ

وارد فی شفاعۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ نہ رہے کہ بروز قیامت شفاعت آنحضرت بارہ طرح پر ہوگی اول شفاعت کبریٰ کہ اسکا بیان ہوا دوسری شفاعت اوخال فی الجنۃ بلا حساب یہ بھی خاصہ حضرت ہی تیسرے شفاعت منع دخول دوزخ سے بعد حساب باوجود استحقاق چوتھی شفاعت اہل جنت رفع درجات ہین پانچوین شفاعت بعض کفار تخفیف عذاب مین یہ وہ لوگ ہین کہ حامی اور محب حضرت نبوی ہین جسطرح ابوطالب وغیرہ چھٹی نقل موازین ہین کہ وزن اعمال کے وقت شفاعت استہ فرماوینگے ساتوین مسامحۃ حساب ایک گروہ مین آٹھوین شفاعت تجاوز تقصیرات اور نقصان طاعات اور عبادات مین نوین شفاعت اہل اعراف دسوین شفاعت اطفال مشرکین گیارھوین شفاعت اہل بیت بارھوین شفاعت اہل مکہ و مدینہ وطایف اور ابن حجر نے شفاعت مزایرین قبر شریف اور شفاعت محبین اذان اور سائلین وسیلہ اور فضیلۃ اور مقام محمود نوع پنجم مین داخل کی ہے جدا نہین لکھی اور اس قسم کی شفاعتون مین بعضون نے اور انبیا علیہم السلام اور اولیا کرام اور علماے ذوی حقوق الاسلام اور صلحاے عظام کو بھی شامل کیا ہے کہ یہ بھی طفیل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہرہ اندوز ہونگے حضرت استاد الاستاد رحمۃ اللہ علیہ تفسیر ہدی للمتقین مین تحریر فرماتے ہین کہ تیسرا فرقہ معذبین کا ہے کہ بقدر رسوخ گناہون کے آتش عذاب ہوگا یہانتک کہ انبیا اور اولیا اور علما اور شہدا اور ملائکہ کی شفاعت سے نجات پاوینگے اور حدیث شریف مین ہے کہ سورۂ بقر اور آل عمران قیامت کے دن دو بادل خواہ دو سائبان سیاہ کی صورت پر آوینگی انمین ایک نور درخشان ہوگا یا مانند دو غول پرند جانورون کے صف باندھ کے آوینگی اور اپنے قاریون کی شفاعت مین اصرار کرینگی یہانتک کہ انکو بہشت مین پہونچاوینگی اور ابن مردویہ اور اصفہانی اور دیلمی سے بروایت حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما منقول ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ ملائکہ بیت اشرف کو مانند دولھن میدان قیامت مین لاوینگے اثناے راہ میری قبر پر گذرینگے تو بیت اللہ بزبان فصیح کہیگا السلام علیک یا محمد مین جواب مین کہونگا وعلیک السلام یا بیت اللہ تو بیان کر کہ میری امت نے تجھ سے کیا سلوک کیا اور تو انسے کسطرح روبرو ے خدا پیش آویگا بیت اللہ شریف جواب دیگا کہ اے محمد صلے اللہ علیک وسلم جو کوئی تمھاری امت سے میری زیارت کو آیا ہے اسکو مین شفیع کافی ہون آپ اسکی طرف سے مطمئن رہین اور خاطر جمع رکھین اور جو کوئی میرے پاس نہین آسکا اسکی لیے آپ شفاعت فرماوین اور کفایت کرین قربان اپنی جان و مال و اولاد و احفاد سے ایسے پیغمبر عاشق امت گنہگار پر کہ جسکو ہر دم اور ہر لحظہ اسی کا خیال لگا رہتا ہے اللھم صل علی الرسول الکریم بالمومنین رؤف رحیم اور حضرت رئیس المحققین مولانا رفیع الدین محدث

قدس سرہ نے قیامت نامہ مین نہایت تفصیل سے حال شافعین لکھا ہی اور فرمائے ہین کہ بحکم حضرت رسول مقبول اولیا اور علما اور صلحا اپنے جان پہچان لوگون کی شفاعت فرماوینگے اور دوزخ سے نکلوائینگے فائدہ اس مقام پر قیامت کا بیان کسی قدر مضر ورہوا پس اول حقیقت قیامت سے آگاہ ہونا لازم پھر آثار صغریٰ اور علامات کبریٰ سننا واجب ہی سو حقیقت قیامت کی یہ ہی کہ وہ دن یوم جزا ہی اُسدن سارے شبہات رفع ہوجائینگے مظلوم اپنی داد پائینگے ظالم کو سزا ملیگی بادشاہون کا عجز ظاہر ہوگا انبیا علیہم السلام نفسی نفسی پکارینگے اور اولیا روحی روحی کسی کو کسی کی پروا نہوگی کل نفس بما کسبت رہینہ کا ظہور ہوگا کوئی کسی کے کام نہ آویگا لا ینفع مال ولا بنون کا نقارہ بجیگا اُسدن سلطنت کا مالک خدا ہی اور شفاعت کی راہ پر سالک محمد مصطفےٰ مگر کوئی تاریخ اور وقت مقرر نہین ہی لوگ اپنے دنیا کے کام مین مصروف ہونگے کہ دفعۃ قیامت آجائیگی چنانچہ صحیح مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم ہوجائیگی حالانکہ مرد اونٹنی دھتا ہوگا اور نہ پہونچا ہوگا برتن اُسکے مُنہ تک کہ قیامت آجائیگی اور دو مرد خریدو فروخت کرتے ہونگے کپڑے کی سو وہ خرید و فروخت نہ کرچکے ہونگے کہ قیامت آجائیگی اور مرد اپنا حوض درست کررہا ہوگا سو اُسکو درست کرکے نہ پھرا ہوگا کہ قیامت آجائیگی اور احادیث صحیحہ کثیرہ قرآن مجید سے ظاہر ہی کہ علم قیامت کا سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو خلائق علوی وسفلی مین سے حاصل نہین چنانچہ فرمایا کہ یسئلونک عن الساعۃ ایان مرسٰھا قل انما علمھا عند ربی لا یجلیھا لوقتھا الا ھو یعنی تجھکو پوچھتے ہین قیامت کسوقت ہی اُسکا ٹھہراؤ تو کہہ اُسکی خبر تو ہی میرے رب ہی کے پاس وہی کھول دکھاویگا اُسکو اپنے وقت پر اور جو علامہ جلال الدین سیوطی نے جامع صغیر مین نقل کیا کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے الدنیا سبعۃ آلاف سنۃ انا فی آخرھا الفا یعنی عمر دنیا کی سات ہزار برس کی ہی اور مین اُنمین سے پچھلے ہزار مین ہون سو اس حدیث کو طبرانی نے معجم کبیر مین اور بیہقی نے دلائل مین ضحاک بن زیل جہنی سے باسناد واہی روایت کیا ہی اور مناوی نے کہا کہ اس حدیث مین کچھ مسکہ نہین ہی اور الفاظ اسکے مصنوعہ اور تلفیق کیے ہوئے ہین اور ابن اخبر وغیرہ نے کہا ہی کہ الفاظ اسکے موضوع ہین اور جو حدثین علامہ موصوف رسالۃ الکشف عن مجاوزۃ ھذہ الامۃ الالف مین نقل فرماتے ہین وہ ضعف سے خالی نہین ہی اور حکیم ترمذی نے نوادر الاصول مین کہا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شفاعت قیامت کے روز میری امت مین سے اُن لوگون کے واسطے ہی کہ گناہ کبیرہ کرکے بے توبہ مرے ہین پس یہ لوگ جہنم کے باب اول مین ہونگے کہ چہرے اُنکے سیاہ ہونگے اور آنکھین اُنکی نیلی ہونگی اور اُنکو طوق پہنائے جاوینگے اور شیاطین کے ساتھ زنجیرون مین باندھے جائینگے اور نگرزون سے مارے جائینگے اور نہ درک جہنم مین ہانکے جائینگے انمین سے بعضے وہان ایک ساعت رہ کر نکالینگے اور بعضے ایک دن اور بعضے ایک ماہ اور بعضے ایک سال واطولہم فیھا مکثا سن یمکث فیھا مثل الدنیا سندیوم خلقت الی یوم فنیت و ذلک سبعۃ آلاف سنۃ وذکر بقیۃ الحدیث یعنی سب سے زیادہ ٹھہرنے والا وہان اس امت مین سے وہ شخص ہی کہ دنیا کے برابر وہان ٹھہریگا ابتداے پیدائش دنیا سے انتہاے فنا تک اور یہ سات ہزار برس ہین الخ سو یہ حدیث حسن ہی درجہ اسکا صحیح نہین ہی اور جلال الدین سیوطی نے اسکو جامع صغیر مین نقل کیا ہی اسکے معنی صاف صاف بے غبار وکدورت

بیان علامات قیامت صغریٰ

ترجمہ مصنف جلال الدین

حضرت مولانا استاذنا محمد رفیع الدین محدث دہلوی نے اسطرح بیان فرمائے ہین کہ ارتکاب دلیل اور توجیہ کی ضرورت نہین رہی چنانچہ فرماتے ہین کہ مضمون اس حدیث کا فہم فقیر مین موافق محاورے لوگون کے ہی کہ عمر کسی چیز کی بیان کرتے وقت گذشتہ کا بیان کیا کرتے ہین پیدائش سے موت تک حساب نہین کرتے ہین اور اس صورت مین دو احتمال ہوتے ہین مثلاً ایک شخص کہ چھٹے سال کو تمام کرکے ساتوین مین داخل ہوا کبھی اسکو شش سال بولتے ہین باعتبار اکمال کے اور کبھی ہفت سال کہتے ہین باعتبار دخول کے پس مراد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ ہی کہ حضرت آدم سے اسدم تک چھ ہزار برس پورے ہوکر ساتوان ہزار شروع ہی کہ مین ساتوین ہزار مین ہون پس موافق استعمال دوم کے دنیا ہفت ہزار سالہ ہی اور جو کوئی کہے کہ ہم لوگون کو تمام عمر کا علم وقت موت تک نہین ہوتا اسکے وقت تکلم تک بولا کرتے ہین اور شاید حضرت کو انتہاے دنیا وقت قیامت تک معلوم ہوئی اس لیے تمام عمر دنیا وقت انقطاع نوع انسانی تک بیان فرمائی تو رفع اس شبہہ کا یون ہوتا ہی کہ احادیث صحیحہ اور نص قطعی سے بخوبی ثابت ہوا ہی کہ خلائق علوی اور سفلی کو علم قیامت کا حاصل نہین ہی پس اس مقدمہ مین حضرت اور دوسرے لوگ برابر ہین چنانچہ حضرت جبرئیل نے قیامت سے سوال کیا تو حضرت نے جواب دیا کہ ما المسئول عنہا باعلم من السائل اور اہل کتاب کو تعیین ایام ماضیہ مین اختلاف ہی اہل اسلام بلاد سے صاحب تقویم التواریخ اور اہل شام سے صاحب تاریخ بیت المقدس نے تحقیق کی ہی کہ ولادت باسعادت آنحضرت کی ہبوط آدم علیہ السلام سے بعد چھ ہزار ایک سو تر سٹھ برس کے ہی اب سات ہزار برس سے متجاوز ہوے واللہ اعلم اور کتنے باقی ہین اور قیامت کب ہی کہ عندہ علم الساعۃ لا یجلیہا الخ انتہی تقریرہ آب دریافت ہوا کہ حدیث حکیم ترمذی مین لفظ منذ یوم خلقت الی یوم القیمۃ کا مندرج فی الحدیث ہی کہ کسی راوی نے اپنی فہم کے موافق لفظ مثل الدنیا کی تفسیر کے واسطے اضافہ کردیا ہی اور درج کلام راوی اور کمی بیشی الفاظ کی اس حدیث مین کچھ عجب نہین ہی اسواسطے کہ الفاظ حدیث کے محققین کے نزدیک مخلوط اور غیر مضبوط ہین چنانچہ سراج منیر شرح جامع صغیر مین لکھا ہی کہ الدنیا سبعۃ ایام من ایام الآخرۃ اسکو دیلمی نے مسند فردوس مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور یہ حدیث ضعیف ہی واللہ اعلم اب بخوبی ظاہر ہوا کہ وقت و تاریخ قیامت کسی کو معلوم نہین مگر آثار و علامات اسکے البتہ کتب تفسیر و احادیث مین مذکور ہین چنانچہ آثار صغری یہ ہین کہ جن باتون کا اللہ و رسول نے حکم دیا اسکو نہ ماننا اور علم دین کو گھٹنا اور علم دنیا کا بڑھنا مذاہب باطلہ کا رواج پانا اور احادیث و اخبار کا ذبہ کا سننا اور ارذل کا ذی شوکت ہونا اور اشراف کا غربت و افلاس مین مبتلا ہونا اور دشنام بجاے سلام و کلام بزرگون پر تشنیع و اتہام والدین کی نافرمان برداری بیبیون کی تابعداری اولاد بیبیون سے کمتر باندیون سے اکثر مردون کو مردون سے القیام عورتون کو عورتون سے کام سو یہ سب آثار نمودار ہین اہل عبرت کے لیے قیامت کے یہی آثار ہین الٰہی صدقے اپنے حبیب کے ہمکو خواب غفلت سے بیدار کر سعد السعادات مین ہی کہ سواے علامات مذکورہ اور بھی آثار صغری ہین کہ ہنوز ظاہر نہین آگے بڑھ کر ظاہر ہونگے چنانچہ وان من قریۃ الا نحن مہلکوہا قبل یوم القیامۃ او معذبوہا عذابا شدیدا کان ذلک فی الکتاب مستورا کی تفسیر مین وقت قرات حضرت امیر المومنین علی مرتضی علیہ السلام نے فرمایا کہ ملک شام کو ارمنیہ تباہ کرینگے اور عراق کو حبشہ زنگ کالے سیاہ وبا کے ہاتھون رے کا ملک برباد ہوگا اور ترکون کا کوفے مین ظلم سیاہ و بیدین مانند

سورو مچ ہجوم لائینگے کافر کو کفار ہند مٹا ئینگے ہندوستان مین خانہ جنگی بہت ہوگی اور بدخشان مین رزق کی تنگی نجارا سمرقند کا
اہل چین غارت کرینگے چندطراز کو کفار سبدین بلا عمارت خلجیون کے سبب سے فارباب ویران محل بوم ہوگا غوریون کے باعث سے
طوس بیچراغ نامعلوم آذربایجان اور اصفہان مین قحط پڑیگا فارس و کرمان مین موت کا جھنڈا گڑیگا اور مینہ اور روم مین بجلی
کوندے گی نیشاپور اور مہستان کو باد سموم روندے گی بصرے مین باران کی کثرت ہوگی اور مصر تین نیل دریا کے طوفان کی شدت
بغداد مین دجلہ کا طغیان ہوگا خراسان مین انواع امراض کا اعلان سعد مین علی الاتصال اولے پڑینگے ہرات مین مار زہردار
سربازار اڑینگے یمن مین ملخ کا بڑا زور ہوگا سرخس مین آوازون ہولناک کا شور مادر دیو کے بدن کو کیڑے کھائینگے اہل عبرت
یہ تعین باتون سے گھبرائینگے اللھم احفظنا وسائر المسلمین برحمتک یا ارحم الراحمین اور آثار کبریٰ بارہ مین ایک حضرت امام مہدی
علیہ السلام کا ظہور اسم باپ انکا محمد اور مان کا نام آمنہ اور باپ کا نام عبداللہ ہوگا اور تمامی صورت اور اکثر سیرت مین حضرت
رسول مقبول کے مشابہ ہونگے البتہ زبان مین لکنت کسی قدر ہوگی مولد آپکا بعض قراے یمن ہوگا اور مخرج اشرف کعبہ معظمہ
خروج کے وقت سن شریف چالیس برس کا ہوگا اور آپ سید بنی فاطمہ ہین سلسلۂ نسب جناب حسن مجتبیٰ سبط اکبر سے ملتا ہے
بحر العلوم مولانا عبدالعلی قدس سرہ الولی نے فتح الرحمن مین افادہ فرمایا ہے کہ اسکا یہ سبب ہے کہ ہرگاہ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے بعد
سبط اکبر حسن مجتبیٰ علیہ السلام خلیفہ برحق ہوے بعد چھ مہینے کے آپنے صیانۃ لدماء المسلمین خلافت کو ترک کیا صلح کے بعد یہ عہدہ
معاویہ کو دیا اسواسطے حکمت الٰہی مقتضی ہوئی کہ خلافت کی انتہا آپ ہی کی نسل مین ہو تا حق بحق دار پہونچے دوسرے دجال
بدفال کا خروج ہے اسکے باپ کا نام صائد یا صیاد ہے اور مان کا نام کیا ہنہ یا قطانہ داہنی آنکھ کا کانا ٹینٹ ابھرا ہو جیسے انگور کا
دانا گھونگھر والے بال قوم کا یہودی بدخصال پیشانی پر دو قوم ک ف ر مولد اسکا مزرعہ شعب بن حارث مدینے سے دو فرسنگ
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین پیدا ہوا فاروق اعظم نے مارنا چاہا حضرت نے منع فرمایا کہ یا عمر لن یستطیع ان تردقضاء اللہ وہ بعین
مشرقین یعنی خراسان سے آخر زمان مین نکلیگا دین کے کامون مین حارج ہوگا پہلے شعبدے اور استدراج کے زور سے نبوت کا
دعوی کریگا پھر الوہیت کا دم بھریگا بخاری اور مسلم مین فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جانتے
کہ مین نے کسواسطے تمکو جمع کیا ہے اصحاب نے کہا کہ اللہ اور اسکا رسول دانا تر ہے حضرت نے فرمایا البتہ قسم خدا کی نہین مین نے
جمع کیا خوشی سنانے کو نہ ڈر سنانے کو ولیکن مین نے جمع کیا تمکو اسواسطے کہ تمیم داری ایک نصرانی مرد تھا سو آیا بھلے سے
بیعت کی اور مسلمان ہوا اور مجھسے سے ایسی بات کہی جو موافق پڑی اُس بات کے جو مین تمسے کہا کرتا تھا دجال کی
خبر سے اُسنے مجھے یون کہا کہ وہ شخص یعنے تمیم داری سوار ہوا سمندر کے جہاز مین تیس آدمیون کے ساتھ جو لخم اور
جذام کی قوم سے تھے سو اُنسے ایک مہینے لہر کھیلا کی سمندر مین یعنے طوفان رہا پھر وہی لوگ جا لگے ایک ٹاپو سے
سورج ڈوبتے پھر وہی جہاز سے چھوٹی کشتی مین بیٹھے اور ٹاپو مین داخل ہوے سو ملا اُنکو ایک جانور بہاڑی
دم بہت بالون والا کہ اُسکا آگا پیچھا دریافت نہوتا تھا بالون کے ہجوم سے لوگون نے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے

بیان آثار کبریٰ

بیان دجال علیہ اللعین

اُسنے کہا مین جاسوس ہون لوگون نے کہا جاسوس کیا اُسنے کہا اے قوم چلو اِس مرد پاس جو دیر مین ہی اِس لیے کہ وہ تمھاری خبر کا بہت مشتاق ہی تمیم نے کہا جب اُسنے مرد کا نام لیا تو ہم اُس جانور سے ڈرے کہ شیطان نہو تمیم نے کہا پھر ہم چلے دوڑتے ہوے یہان تک کہ دیر مین داخل ہوے تو ہمنے دفعۃً ایک بڑا قد اور آدمی دیکھا کہ ہمنے ویسا مخلوق اور ایسا سخت جکڑا ہوا نہ دیکھا تھا کبھی کہ جکڑے ہوے ہین اُسکے دونون ہاتھ گردن کے ساتھ درمیان دونون زانوون کے دونون ٹخنون تک لوہے سے ہمنے کہا اے کم بخت تو کیا چیز ہی اُسنے کہا تم قابو پا گئے میری خبر پر یعنی میرا حال معلوم ہو جائیگا اب تم کہو کون ہو کہا ہم عرب مین سے سمندر مین سوار ہوے تھے اور اِس کیفیت سے تجھ تک آئے ہین پھر اُس مرد نے کہا خبر دو نیسان کے نخلستان سے ہمنے کہا کونسا حال پوچھتا ہی اُسنے کہا پھلتا ہی یا نہین ہمنے کہا پھلتا ہی اُسنے کہا خبردار ہو کہ عنقریب وہ نہ پھلیگا پھر اُسنے کہا طبرستان کے دریا کا حال کہو اُسمین پانی ہی ہمنے کہا اُسمین بہت پانی ہی اُسنے کہا تھوڑے دنون مین سوکھ جائیگا اُسنے کہا زغر کے چشمے کا کیا حال ہی اُسمین پانی ہی اور اُسکے پانی سے کھیتی ہوتی ہی لوگون نے کہا ہان اُسمین بہت پانی ہی اور وہان کے لوگ اُس سے کھیتی کرتے ہین اُسنے کہا خبر دو عرب کے پیغمبر سے کہ اُسنے کیا کیا لوگون نے کہا مقرر نکلا مکے سے اور اُترا مدینے مین اُسنے کہا کیا اُس سے عرب لڑے ہمنے کہا ہان اُسنے کہا کیونکر اُنکے ساتھ پیش آیا ہمنے کہا غالب آیا اپنے گرد و پیش کے عرب پر سو اُنھون نے اطاعت کی اُسکی اُسنے کہا یہ بات ہو چکی ہمنے کہا ہان اُسنے کہا خبردار ہو کہ البتہ یہ بات اُنکے حق مین بہتر ہی کہ اُسکے تابعدار ہون اور البتہ مین تمکو اپنی خبر بتلاتا ہون کہ مین مسیح ہون یعنی دجال تمام زمین کا پھرنے والا عنقریب ہی کہ مجکو نکلنے کی اجازت ہو جب نکلونگا تو نہ چھوڑونگا کسی گانو کو مگر مین اُسمین اُترونگا چالیس رات کے اندر سوائے مکے اور مدینے کے کہ وہان جانا مجھپر حرام ہی اور جب قصد کرونگا تو ایک فرشتہ شمشیر برہنہ لیے روکیگا اور ہر ایک ناکے پر فرشتے ہونگے جو چوکیداری کرینگے پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے لبِ خارسے منبر پر ٹکورا دیا کہ یہی مدینہ ہی یہی مدینہ ہی خبردار ہو کہ بھلا تمکو مین اِس حال سے خبر دے چکا ہون صحابہ نے کہا ہان حضرت نے فرمایا مجکو اچھی لگی تمیم کی بات کہ موافق پڑی اُسکے جو مین کہا کرتا تھا خبردار ہو کہ البتہ دجال دریاے شام یا دریاے یمن مین نہین بلکہ وہ پورب کی طرف ہی اور اشارہ کیا پورب کی طرف یہ بات اُسی وقت وحی سے معلوم ہوئی لہذا تاکید فرمائی کہ جانب مشرق ہی حضرت مولانا رفیع الدین محدث دہلوی نے لکھا ہی کہ دجال کی سواری کا گدھا عجائب مخلوقات سے ہوگا کہ اُسکے امین دونون کانون کے فاصلہ شتابرع کا ہوگا جیسا کہ بیہقی نے روایت کیا ہی اور باع چار ہاتھ کو بولتے ہین مراد اُس سے طوالت و کثرت جسامت ہی اور مسلم و ترمذی کی روایت مین ہی کہ صحابہ نے التماس کیا یارسول اللہ دجال کی تیز رفتاری کیسی ہوگی فرمایا جسطرح ابر باران کہ اُسکے پیچھے ہوا ہو کہ اُسکو چلاوے کاتب اوراق کے نزدیک خلاصہ روایات یہ ہوا کہ زمانہ دولت دجال چودہ مہینے ہونگے چودہ دن اوپر اسمین مع لشکر

اور انبار روٹیون وغیرہ کارخانون کے تمام دنیا کو سوائے حرمین شریفین کے روندیگا اور تمام لشکر اُسکے ہمراہ ہوگا کیونکہ
یہ یک بینی دوگوش گدھے پر سوار کسی ملک مخالف مین اگر جائیگا تو مع خرکنے کے مارا مارا پھریگا اور روایات احادیث سے معلوم
ہوتا ہے کہ مع خدم وحشم وساز وسامان پھر کریگا تو اب ضرور ہوا کہ تمام لشکر کو ایسی سواری باد رفتار درکار ہوگی کہ اس شیطانی
دور کے برابر پہونچ سکے پھر ایسا مرکب دنیا مین نظر نہین آتا کہ اس سامان فرعونی اور لشکر شیطانی کو ہمرکاب پہونچاوے مگر
دجالی گاڑی کہ قبل از ظہور اُس ملعون کے تمام دنیا مین شاید پھیل جاوے اور اسی کو ابر باد سے مشابہت صوری بدرجہ
کہ بیچارا ساٹھ گاڑی کا ان ایک جسم ہوکر مانند بادل کے دوڑتی ہین اور چال اس گاڑی کی حسب شاہد رسول مقبول ہوا کی
چال ہے کسواسطے کہ ہندوستان کی گاڑی کہ ابھی بہت تیز چلائی نہین جاتی بلکہ تیس میل صرف ایک ساعت مین جاتی ہے اور
ولایت مین حسب بیان اہل فرنگ ساٹھ میل جاتی ہے اور اب ایسی کلین ایجاد ہوئی ہین کہ اس سے تیز تر ہوجاوے پس حساب حال
ولایت سے صبح سے دوپہر تک چھ ساعت مین تین سو ساٹھ میل چلے اور دوپہر سے شام تک بھی اسی قدر اور بحساب کل جدید کے
اس سے بھی زائد ہوجائیگی اور یہی ہوا کا بھی حال ہے چنانچہ قرآن مجید سے واضح ہے کہ ولسلیمان الریح غدوہا شہر ورواحہا
شہر یعنی مسخر کیا ہمنے ہوا کو سلیمان کے واسطے صبح کی منزل اُسکی یکماہ اور شام ایک ماہ کہ ہمنے حضرت سلیمان کے حال مین تصریح سے
لکھا ہے مگر یہ بات جدا ہے کہ یہان حاجت کلین بنانے اور سڑک نکالنے اور لوہا بچھانے اور آگ سلگانے کی اور دیگر مصالح کی نہ
یہی حکم الٰہی تھا جن وانس ورند وپرند سب دست بستہ فرمان بردار تھے اور ملائک نازیانہ آتشین لیے شیاطین پر موکل تھے
اور اگر سرمو تجاوز کرین سخت سزا دین بالجملہ یہ گاڑی ریلوی بھی گویا آثار قیامت سے ہوئی اور مسبب الاسباب بقبل ظہور دجال
عالم مین پھیلانا شروع کیا ہے شاید سو برس مین تمام عالم مین پھیل جائے نیز حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کہ جامہ
زعفرانی پہنے ہوئے دو فرشتون کے کندھون پر منارہ شرقی مسجد جامع دمشق پر عصر کے وقت آسمان سے آئینگے زبان
لگایا جاویگا اُسپر ہوکے تشریف فرما ہونگے چوتھے یاجوج ماجوج کا خروج یہ قوم جو ہرین یافث بن نوح کی اولاد ہے اسکی نسل
بہت ہوئی عبداللہ بن عمر فرماتے ہین کہ تمامی بنی آدم دنس جزو ہین ازانجملہ نو جزو یاجوج ماجوج اور ایک جزو تمام عالم
انکے قامت چالیس گز ایک بالشت تک ہین کان اتنے بڑے کہ ایک کو بچھاتے ہین اور ایک کو اوڑھتے ہین زیادہ تفصیل انکی
احوال سکندر مین لکھی گئی ہے انمین جا بادشاہ ہین طولان اشجع طارون طا قرلباد شمال کے کنارے ہفت اقلیم سے باہر انکا
ملک ہے سکندر ذوالقرنین نے دیوار آہنی قلعہ کوہ کی مقدار ساٹھ گز کے موٹی انکے گرداگرد اٹھادی ہے اُسمین محصور ہین نکلنے
پیٹھنے سے معذور قیامت کے قریب وہ دیوار ٹوٹیگی پانچوین خسوف ثلثہ کا حدوث ایک مشرق مین ایک مغرب مین ایک
جزیرہ عرب مین چھٹے دخان کا نشور کہ یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس اسی کا اشارہ ہے ساتوین رات کی درازی
آٹھوین مغرب سے آفتاب کا نکلنا نوین دابۃ الارض کا ظاہر ہونا دسوین بادِ جنوبی چلنا زور شور سے گیارہوین اہل عدن کا
غلبہ بارہوین آتش عظیم کا حدوث ان امور دوازدہ گانہ علی الاتصال بالاجمال کی یہ تفصیل ہے کہ ہرگاہ قیامت کے آثار منضم ہوئے

نزول آدم علیہ السلام

ظہور پائینگے کفار ہجوم لائینگے اشرار دھوم مچائینگے سلطان روم کو نصاریٰ سے مقابلہ پیش آئیگا فتح نمایان کے بعد سلطان شہید ہوگا
نصاریٰ کا عمل خبر تک پہونچ جائیگا اہل اسلام تلاش امام مدینہ منورہ مین آئینگے آخر آپ کو مکہ معظمہ مین طواف کرتے پائینگے
بیعت کی شرط بجا لائینگے اس ہنگام مین ہر طرف سے ندا ہوگی ہذا خلیفۃ اللہ المہدی فاستمعوا لہ واطیعوا ابدال دین واولیاے
روے زمین حاضر ہونگے عرب اور عجم کے لوگ جمع ہونگے اُدھر نصاراے شام با ہزاران ازدہام بڑھینگے ادھر امام عالی مقام
باحشام تمام اُنپر چڑھینگے دمشق مین مقابلہ ہوگا ایک گروہ نامرد اُسوقت آپکے لشکر سے نکل کر بھاگ جائیگا حدیث مسلم سے
معلوم ہوتا ہے کہ اُنکی توبہ کبھی قبول نہوگی اور بقیہ جوان مرد روکش میدان نبرد خوب لڑینگے اور نصاریٰ بھاگ جائینگے
تین دن تک ادھر شربت شہادت کی سبیل جاری رہیگی اُدھر اعدا کے سر پر زیست بھاری رہیگی چوتھے دن اہل اسلام
فتح پائینگے نصاریٰ بدانجام اسقدر مارے جائینگے کہ ریاست کی بو اُنکے دماغ سے نکل جائیگی بقیۃ السیف فرار کی راہ پکڑینگے امام عالیمقام
جانب قسطنطنیہ متوجہ ہونگے دریاے روم پر پہونچکر ستر ہزار بنی اسحاق کو استنبول پر روانہ کرینگے اور یہ جماعۃ بتگیوان
باعظمت وجلال چلیگی کہ تکبیر کی بزرگی سے دیوار شہر بناہ خود بخود گر جائیگی بے مشقت وتکلیف قلعہ استنبول ہاتھ آئیگا
اور بندوبست بقاعدۂ اسلام ہو جائیگا جب چھ سات برس ظہور امام سے گذرینگے دجال بدمآل جانب مشرق سے
ایک آگ شعلہ زن بنام دوزخ اور ایک شے گلشن بنام بہشت کہ نفس الامر مین دوزخ بہشت ہے اور بہشت دوزخ زشت
اور تودہ نان اور شیر مال اور آب شیرین کی کہکشاں ہمراہ ہوگی اور خوارق عادات بنا بر آزمائش خلق اللہ اُسکے
ہاتھ سے ظاہر ہونگے ابر سے پانی برسائیگا زمین سے زراعت اُگائیگا اُسکے حکم سے اشجار پھل لائینگے مواشی
فربہ اور شردار ہو جائینگے کہ اُنمین ستر ہزار یہودی اصفہانی ہونگے اور ایک لاکھ چالیس ہزار یہودی مقدم
اور ساقہ لشکر ہوگا اور قدریہ وجبریہ اور سائر اہل ہوا اپنے بائیمن بیشمار ہونگے اور بہ نسبت اور فرق ضالہ کے
توابع ابن سبا مرد و زیادہ ہونگے اور کلیہ کل شئ یرجع الی اصلہ اُسوقت بخوبی صادق آئیگا بالجملہ دجال
بیحیا مع گروہ اشقیا اور مطیعان ابن سبا ایک عالم کو تباہ اور برباد کرتا ہوا حرمین شریفین کی حدود مین پہونچیگا
مگر بسبب بندوبست ملائکہ آسمان وہان اُسکا پانوں نہ جمیگا اِس اثنا مین ایک جوان شیرین کلام احمد بن عبد اللہ
نام مدینہ منورہ سے برامد ہوگا اور اُس لعین بیدین کو دیکھکر کہیگا کہ مین نے تجھے پہچانا کہ تو دجال بدمآل ہے وہ غضب مین
آکر بیچارے کو آرے سے دو پارا کریگا اور پھر برابر اعواے مردم دونون پارے ملا کر جلائیگا وہ جوان زندہ ہوکر ہی
غل مچائیگا کہ اے بیدین اب مجکو یقین کامل ہوا کہ تو وہی دجال ہے جسکی خبر ہمارے پیغمبر نے دی بار دگر غصہ ہوکر
ذبح کرنا چاہیگا مگر بھری نہ چلیگی شرمندہ ہوکر آتش دوزخ مین کہ درحقیقت برود سلام ہے لائیگا من بعد کسی مرد کے
زندہ کرنے کی قدرت نہ پائیگا اور جانب دمشق جائیگا یہان حضرت امام لشکر اسلام کے ساز وسامان مین مصروف
ہونگے نماز عصر کے وقت حضرت عیسےٰ آسمان سے نزول فرمائینگے اور امام کی اقتدا کرینگے صبحدم حضرت امام با لشکر اسلام اور

نصاریٰ

دجال

نزول حضرت عیسےٰ علیہ السلام

حضرت عیسے علیہ السلام گھوڑے پر سوار ہاتھ مین نیزہ گرہ دار لیکر میدان مین آئینگے کبارگی یورش فرمائینگے مقاتلہ عظیم اور محاربہ بس فخیم ہوگا کفار نابکار بیشمار مارے جائینگے دجال مردود باب لد مین بھاگیگا جناب عیسوی کے زخم سنان سے واصل نار ہوگا ابتداے فتنہ دجال ملعون سے اس حال تک چالیس دن گذرینگے جمیع ایام ان ایام کے موافق عادت متعارفہ ہونگے مگر تین دن کہ ایک برس کے برابر اور ایک دن مہینے کے برابر اور ایک دن ہفتے کے بقدر ہونگے الغرض دجال دجال اور قتال اہل ضلال کے انفصال کے بعد جناب امام اور حضرت عیسے علیہ السلام ملکون کی سیر فرماوینگے خنزیر اور چلیپا کا نام جہان سے مٹائینگے اہل ایمان کے سوا کوئی بیدین روے زمین پر باقی نہ رہیگا ظلم اور فساد کا نام کوئی نہ لیگا ہر فرد بشر خدا کی عبادت مین مصروف ہوگا ابتداے ظہور امام سے اب تک آٹھ یا نو برس کا زمانہ ہی اس حساب سے سن شریف انجاس کا ہوتا ہی پھر وفات ہوگی حضرت عیسے علیہ السلام نماز پڑھینگے دفن کرینگے اور خود بحکم رب المعبود مع مخلصین عباد کوہ طور کے قلعے مین متحصن ہونگے کہ ناگاہ یاجوج ماجوج سد سکندری توڑ کر نکل پڑینگے سواے مردم قلعہ طور اور کوئی شخص پناہ نہ پائیگا بحیرہ طبریہ کہ دس کوس کے مربع مین واقع ہی اور نہایت عمیق اسکا سب پانی نوش کر جائینگے اور مارتے کھاتے آدمیون جانورون کو ستاتے ملک شام مین آئینگے جبل خمر پر کہ ایک پہاڑ ہی بیت المقدس کا چڑھ کر تیر چلائینگے وہ تیر خون آلودہ گریگا بڑی خوشی کرینگے کہ اب ہمارے سوا کوئی زمین آسمان مین نرہا اُدھر حضرت عیسے علیہ السلام پر غلے کی تنگی ہوگی بدعا و زاری مصروف حضرت باری ہونگے یاجوج ماجوج مین حق تعالے نغف کی بیماری پیدا کریگا نغف ایک دانہ ہوتا ہی کہ ناک اور گردن بزاور میش پر نکلتا ہی اور ہلاک کر دیتا ہی خواہ کیڑا ہی کہ ناک اور کان بزاور میش مین پیدا ہوجاتا ہی کہ اس سے جلد ہلاکت کی صورت پیدا ہوجاتی ہی بالجملہ رات بھر مین اس بیماری سے تمامی یاجوج ماجوج فی النار ہونگے عنقا آئینگے لاشون کو گھسیٹ کر دبا مین لائینگے چالیس دن متواتر باران رحمت برسیگا نغفین زمین دور ہوگی اور نباتات کی نشو و نما بوفور قلعہ کے لوگ باہر نکلینگے عبادت مین بفراغ خاطر بسر کرینگے سات برس بعد بسرعت کے لوازم شروع ہونے لگینگے اس اثنا مین حضرت عیسے علیہ السلام نکاح فرماوینگے اولاد پیدا ہوگی پینتالیس برس کے سن مین وفات پاکے روضۂ اطہر انور مین مدفون ہونگے بنی قحطان سے جہاہ نامے آپکا خلیفہ عادل ہوگا بعد اسکے گیارہ خلیفہ اور ہونگے انکے عہد مین کچھ کچھ ظلم اور جور کفر اور جہل شروع ہوگا اس شامت کے سبب مشرق اور مغرب اور عرب کے بعض جزائر مین خسف واقع ہوگا منکرین تقدیر مسخ ہوینگے اس حال کے مقارن ایک دھواں پیدا ہوگا کہ اسکی کدورت سے مسلمانون کا دم سر بھاری ہوگا اور منافقون پر غفلت اور بیہوشی طاری ہوگی کسی کو

وفات امام مہدی علیہ السلام

بیان حضرت عیسے

سن زمان

ایک دن مین کسی کو دو تین دن مین افاقہ ہوگا چالیس دن بعد آسمان صاف ہو جائیگا ماہ دیجہ مین یوم السبت
ایک رات تین چار راتون کے برابر ہوگی کہ اُسکی درازی سے مسافر گھبرا جائینگے نیند سے بیچین چونک پڑینگے مویشی
چرائی کے واسطے غل مچائینگے خدا خدا کرکے قرص آفتاب بشکل خسوف ماہتاب مغرب کی جانب سے نمایان ہوگا
اور دروازۂ توبہ بند ہو جائیگا دوسرے دن زلزلہ آئیگا صفا کا پہاڑ پھٹیگا دابۃ الارض ایک جانور نکلیگا اُسکی
شاخ گوزن کی سی ہوگی اور مُنہ آدمی کا سا اور گردن گھوڑے کی صورت اور دونون ہاتھ بندر کی شکل اور دُم
گائے کے مانند اور کفل آہو کی طرح اور پانون شتر کے مثال زبان کا نہایت صاف اور فصیح اُسکے دست راست مین
عصائے موسوی ہوگا اُس سے اہل ایمان کی پیشانی پر ایک خط کریگا کہ تمام چہرہ نورانی ہو جائیگا
اور دست چپ مین خاتم سلیمان کہ اِس سے بے ایمان کی ناک پر مُہر کریگا کہ چہرہ بالکل ظلمانی ہو جائیگا پھر غائب
ہوگا تب ایک سو بیس برس کے بعد باد جنوب چلیگی اُسکی تاثیر سے اہل ایمان کی بغلون مین پھوڑا نکل آئیگا مرنے
لگینگے یہانتک کہ کوئی دیندار زمین پر زندہ نہ رہیگا اِس اثنا مین حبشیون کا غلبہ ہوگا کعبۂ شریفہ کو شہید
کرڈالینگے جو بیت اللہ موقوف ہو جائیگا قرآن مجید الواح قلوب اور صفحات قراطیس سے محو ہو جائیگا اللہ اللہ بھی
کوئی زبان پر نہ لائیگا تھوڑے دنون کے بعد جنوب کی طرف سے ایک آتش سرکش نمودار ہوگی لوگون کو گھیر کر
صحرائے شام مین پہونچائیگی یہ ہوے آثار قیامت رہا احوال قیامت وہ بارہ ہین اول صور کہ جب آثار کبریٰ بر
تین چار برس گذرینگے محرم کا عشرہ جمعہ کے دن پڑیگا کہ صور پھونکا جائیگا صور ایک نرسنگا ہے جاندی کا
اسمین سو دائرے ہین ہر دائرہ برابر دنیا کے کسی مین ارواح ہین کسی مین فرشتون کی روح کسی مین
جنات کی کسی مین شیاطین کی کسی مین انسان اور سائر اصناف حیوانات کی اور یہ بھی روایت دقائق الاخبار مین
لکھی ہے کہ صور کی چار شاخین ہین ایک پچھم مین ایک پورب مین ایک ساتوین زمین کے نیچے ایک ساتوین آسمان پر
اور جتنی تمام عالم کی ارواح ہین اُتنے ہی صور مین دروازے ہین اور اُسکے ایک طبقے مین نبیون کی روحین ہین
اور ایک مین اور آدمیون کی اور ایک مین پریون کی اور ایک مین جانورون کی اور باتفاق علما حامل اس صور کے
حضرت اسرافیل ہین اُنکے چار بازو ہین ایک پورب مین ایک پچھم مین ایک کو بچھاتے ہین ایک سے ٹہراتے ہین
اور عرش کے پائے اپنے کندھے پر اُٹھائے ہین اور داہنی ران پر صور رکھے ہوے ہین اور جسد ان سے آسمان و زمین
و مابینہما من الاکوان پیدا ہوے ہین صور کو مُنہ سے لگائے منتظر ہین فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مین کیونکر خوشی
کرون کہ اسرافیل تو مُنہ سے صور لگائے ہوے ہین حکم کے منتظر ہین سنکر صحابہ ڈرے فرمایا گھبراؤ نہین حسبنا اللہ ونعم
الوکیل پڑھا کرو رواہ الطبرانی وغیرہ فرمایا حضرت نے کہ جسدن نرسنگا پھونکا جائیگا قیامت آجائیگی حالانکہ آدمی کے
مُنہ مین لقمہ ہوگا نگل نہ سکیگا اور کپڑا پہننا ہوگا پہن نہ سکیگا اور پانی مُنہ مین لگائے ہوگا پی نہ سکیگا اور صور تین بار

علامات قیامت

نفخہ اولیٰ نفخہ ثانیہ نفخہ ثالثہ

پھونکا جائیگا ایک کو نفخہ فزع کہتے ہین ایک کو نفخہ صعق ایک کو نفخہ بعث اول نفخہ فزع ہوگا تمام خلقت مین ہول پڑجائیگا اور پہاڑ اڑنے لگینگے اور آسمان ہلنے لگینگے اور زمین کانپنے لگیگی اور حاملہ عورتون کے حمل گرجائینگے اور لڑکے خوف سے بوڑھے ہوجائینگے شیطان بھاگتے پھرینگے ستارے ٹوٹنے لگینگے جاند سورج دونون بے نور ہوجائینگے چالیس برس تک ایسا ہی رہیگا پھر حضرت اسرافیلؑ کو صور پھونکنے کا حکم ہوگا ایک آواز اول ایسی ہوگی ہر ایک کے کان مین برابر آئیگی اور بتدریج تیز ہوتی جائیگی لوگ جان کے تہان رہ جائینگے گھر مین آئینگے نہ کچھ وصیت کی مہلت پائینگے زلزلہ اٹھیگا زمین پھٹیگی دریا کا پانی پھیل پڑیگا حضرت اسرافیل کہینگے اے روح حق تعالے کا حکم ہے کہ بدنون سے نکلو تب آسمان و زمین کے سب لوگ بیہوش ہوجائینگے اور مرجائینگے مگر جسے خدا چاہیگا وہ نہ مریگا کما قال ونفخ فی الصور فصعق من فی السموات ومن فی الارض الا من شاء اللہ یعنی اور پھونکا گیا ترسگا پھر بیہوش گرا جو کوئی ہے آسمانون مین اور زمینون مین مگر جسکو اللہ نے چاہا اور وہ بروایت صحیحہ زمین مین ابلیس ہے اور آسمان مین جبرئیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ و عزرائیلؑ اور ایک روایت مین سوا انکے آٹھ حاملین عرش بھی اور دنیا بھی کہ تنہا بے پیرے بے شیطان بھی رہجائیگی واللہ اعلم تخفیفۃ الحال بعد ازان بحکم مالک یوم الدین ابلیس کی جان حضرت ملک الموت قبض کرینگے اور جان نکالینگے اور جسوقت بصورت ہیبت ابلیس کی جان نکالنے کو جائینگے اُسوقت ستر ہزار پیادے دوزخ کے زنجیرین آتشین لیے ہوے ہمراہ ہونگے اور شیطان کو للکارینگے یہ مردود بیہوش ہوجائیگا پھر ہوش مین آکر چارون طرف بھاگتا پھریگا اور ملک الموت اُسکے پیچھے ہونگے آخرکار تھک کر حضرت آدم علیہ السلام کی قبر کے پاس ٹھہریگا اور کہیگا کہ اے آدم مین تیرے سبب سے پھٹکار مین پڑا اور رجیم و ملعون ہوا ملک الموت اُسکو آگ کا پیالا پلائینگے اور مار ڈالینگے پھر ارشاد الٰہی ہوگا اے ملک الموت اب میری خلقت مین کون باقی رہینگے الٰہی حی لایموت تو ہی ہے اور باقی تو اب کوئی بھی نہین رہا مگر جبرئیلؑ اور میکائیل اور اسرافیل اور عرش کے اُٹھانے والے اور مین ضعیف بندہ تیرا تب اُنکی روح قبض کرنے کا حکم ہوگا اور خود ملک الموت بھی نار دوزخ کے میدان مین اپنی روح آپ قبض کرینگے جب نام جان فنا ہوجائیگا یہانتک کہ بحکم کل من علیہا فان عرش کرسی لوح قلم دوزخ بہشت ارواح بھی دم بھر کی فنا مین گرفتار ہونگے اور یفنی ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام فقط ذات پاک حضرت احدیت باقی رہیگی تب اس عالم وحدت و بقا مین بہیبت و جلال ارشاد ہوگا لمن الملک الیوم آج کسکا راج ہے کہان ہین جبارین کہان گئے مدعیین اور کہان ہین وہ جو میرا کھاتے تھے اور رون کا کاتے تھے پھر اللہ تعالیٰ آپ ہی بر سر جواب آئینگے کہ للہ الواحد القہار آج راج ہے اسی اللہ کا جو زبردست ہے ایک مدت تک یہی فنا کا عالم رہیگا چالیس برس بعد عالم کی آفرینش اور زمین و آسمان کی خلقت از سر نو قرار پائیگی دوسرے بعث

نفخہ ہوے ابلیس

یعنی قبر سے اٹھنا سو اسکی صورت یہ ہی کہ اول حضرت اسرافیل زندہ ہونگے پھر جبرئیل میکائیل عزرائیل علیہم السلام اور حضرت اسرافیل عرش سے صور لیکر بہشت مین جائینگے اور کہینگے اے رضوان بہشت کو آراستہ کر محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم مع اپنی امت کے یہان تشریف لاتے ہین پھر براق کو زندہ کرینگے اور اسکو باساز یراق لیکر مع لوا احمد اور حلہ ہاے بہشتی فبر رسول مقبول کے آئینگے اور آنجناب کو السلام علیک کہکر اٹھائینگے اور حضرت جبرئیل حلہ ہاے جنت پیش کرینگے اسرار الفاتحہ مین ہی کہ آنجناب کے واسطے دو حلے ایک سبز ایک زرد مع تاج ہونگے آپ حلۂ سبز کو ازار اور حلۂ زرد کو چادر کرینگے اور ہنوز تاج کرامت سر مبارک پر نہ رکھینگے پوچھینگے اے جبرئیل اج کونسا دن ہی جبرئیل التماس کرینگے ہذا یوم القیامۃ ویوم الحسرۃ والندامۃ فرمائینگے مجکو کوئی بشارت سنا عرض کرینگے آپکے واسطے لوا حمد لایا ہون فرمائینگے مین یہ نہین چاہتا عرض کرینگے میرے ساتھ آپکے واسطے تحفے اور سوغات ہین فرمائینگے یہ بھی درکار نہین التماس کرینگے کہ دوزخ بجھ رہی ہی بہشت آراستہ ہی فرمائینگے یہ بھی مقصود نہین عرض کرینگے کہ فرشتے آپکے انتظار مین ہین اور آپ اول شفیع ہونگے اور شفاعت قبول ہوگی فرمایا یہ سب سہی لیکن خبر دو میری امت کے حال سے کہ وہ کہان ہی عرض کرینگے ہنوز وہ زیر زمین ہی فرمائینگے مجکو خوش نہین آتا کہ مین زمین پر ہون اور امت میری زیر زمین یہ فرماکر پھر لحد مین لیٹ جائینگے فرمان واجب الاذعان ہوگا اے میرے حبیب تو سالار ہی اور تیری امت سیاہ پہلے سالار نکلا کرتے ہین پھر سیاہ پس آپ اٹھ کھڑے ہونگے کہ انا اول من تنشق عنہ الارض اسی کا بیان ہی اور تاج کرامت سر پر رکھینگے اور حضرت اسرافیل صور پھونکینگے تمام مخلوق اپنی قبرون سے اٹھینگی جوان بوڑھے لڑکے بوے لنگڑے کانے گونگے اندھے بہرے جو جیسے تھے ویسے ہی اپنی قبرون سے اٹھینگے اٹھتے وقت ایمان دار کہینگے سبحان من احیانا بعد ما امتنا یعنی پاک ہی وہ جسنے ہمکو جلایا جب ہم مرچکے تھے اور کفار کہینگے یاولینا من بعثنا من مرقدنا اے خرابی کسنے اٹھادیا ہمکو ہمارے خواب کے مقام سے اور سواے ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سب عریان اور غیر مختون اور بے ریش و بروت ہونگے کما بدانا اول خلق نعیدہ جیسا ہمنے بنایا پہلی بار پھر اسکو دوہراوینگے ہم اسی کا اشارہ ہی حدیث شریف مین آیا ہی کہ آدمی قیامت کے دن برہنہ تن برہنہ پا اٹھینگے جسطرح ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہین لیکن کوئی کسی طرف نہ دیکھیگا نگاہین ہول و ہیبت سے آسمان کی طرف ہونگی چالیس برس تک اسی طرح کھڑے رہینگے نہ کھائینگے نہ پینگے آفتاب کی گرمی سے کسی کے پانون پسینے مین تر ہونگے کسی کی پنڈلیون تک پسینا آئیگا کسی کے پیٹ تک کسی کی چھاتی تک حضرت عائشہ رضہ نے کہا یارسول اللہ اسدن کوئی سوار بھی اٹھیگا فرمایا ہان انبیا علیہم السلام اور انکے اہل بیت اور وہ لوگ جو رجب اور شعبان اور رمضان مین متصل روزہ رکھتے تھے اور سب لوگ اسدن بھوکے ہونگے مگر انبیا اور انکے اہل بیت اور جو شعبان کے روزہ دار کہ وہ آسودہ ہونگے کذا فی دقائق الاخبار للغزالی اور بھی اسی مین ہی کہ لوگون نے حضرت سے پوچھا

کہ قیامت کے دن آپکے امتی کس نشان سے پہچان پڑینگے فرمایا وضو کے اثر سے غرمحجلین ہونگے یعنی جو عضو وضو مین
دھوئے جاتے ہین روشن و تابان ہونگے حدیث شریف مین ہی کہ حشر کے دن جب مخلوق قبرون سے اٹھیگی گرد اٹھتے
مومنون کے پاس آئینگے اور انکے بدنون سے خاک جھاڑینگے سب جگہ پر کی خاک جھڑ جائیگی مگر اعضاے وضو کی
گرد نہ جھڑے گی تب آواز آئیگی کہ یہ قبر کی مٹی نہین ہی مسجدون اور محرابون کی مٹی ہی اسکو اسی طرح رہنے دو
یہانتک کہ پل صراط سے اتر کر جنت مین داخل ہون حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ لوگ جب قبرون سے
اٹھینگے تو فرشتے تین فرقون سے مصافحہ کرینگے شہیدون سے اور روزہ داران رمضان سے اور صائمین
یوم عرفہ سے تیسرے حشر یعنی میدان قیامت مین چلنا وہ بیت المقدس کے صحرے پر ہوگا اہل تفاسیر نے یوم
ینفخ فی الصور فتاتون افواجا کے سیاق مین لکھا ہی کہ کفار اشرار نابینا محشور ہونگے اور زنادقہ بصورت درندگان
یہ دونون بلاحساب دوزخ مین جائینگے اور انبیا علیہم السلام مراکب پر سوار ہونگے ہمارے حضرت اپنے براق
اور صالح و عزیر اپنے ناقے اور خضر پر و علی ہذا القیاس اور امت کے نیک بختون مین حب اللہ اور بغض اللہ والے
نور کے منبر پر اور دقائق الاخبار مین ہی کہ کفار پیادہ اور ایمان دار سوار ہونگے کما قال اللہ تعالی یوم نحشر المتقین
الی الرحمن وفدا یعنی جسدن ہم اکھٹا کرلاوینگے پرہیزگارون کو رحمن کے پاس مہمان بلائے اور حضرت علی علیہ السلام نے
فرمایا کہ متقیون کو گھوڑون پر سوار محشور کرینگے فرشتون سے ارشاد ہوگا کہ انکو پیادہ پا نہ چلنے دو کیونکہ دنیا مین
انکو ہمیشہ سواری کی عادت رہی ہی ابتدا مین باپ کی پشت مین رہے پھر ماں کے پیٹ مین بعد ازان دائیون کی
گود مین پھر باپ کے کاندھون پر پھر اونٹ گھوڑے ناؤ وغیرہ پر جب مرے تو بھائیون کے کاندھون پر اب جو قبر سے
اٹھے ہین تو انکی قربانیون کو انکی سواری بناؤ قال النبی صلے اللہ علیہ وسلم سمنوا ضحایاکم وعظموا فانہا یوم القیامۃ
مطایاکم اور اہل توکل مانند ماہ تابان اور فقرا تارک الدنیا مثل کواکب درخشان اور قائم اللیل زرین کرسیون پر
ملقب بسادات الناس اور اہل ذکر مشک و زعفران کے ٹیلون پر مخاطب بہ اشرف الناس محشور ہونگے اور
شہیدون کا حشر خون آلودہ ہوگا زخمون سے بوے مشک آئیگی یہ چھ فرقے باحساب داخل جنت ہونگے روایت ہی
کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے لوگون نے یوم ینفخ فی الصور فتاتون افواجا کے معنی پوچھے فرمایا روکر کہ تمنے بڑی بات پوچھی
سنو قیامت کے دن میری امت کے دس جتھے ہونگے ایک بصورت بندر یہ وہ ہی کہ انھون نے باہم دغل فصل سے
لڑوا دیا ہی دوسرا خوکون کی صورت یہ وہ ہین کہ جنھون نے رشوت لی حرام کھایا ہی تیسرے اندھے یہ قاضی اور مفتی ہین
الٹا حکم دینے والے چوتھا فرقہ گونگے بہرے یہ لوگ عبادت اور طاعت پر غرور کرنے والے ہونگے پانچوان فرقہ عالم اور
مشایخ کا ہوگا کہ آپ برے کامون مین مصروف رہے اورون کو سمجھاتے تھے اور منع کرتے تھے یہ اپنی زبانین کاٹتے ہونگے
اور انکے منھ سے ریم خون بہیگا چھٹا فرقہ جھوٹے گواہون کا آگ کے کوڑے پڑتے ہونگے ساتوان فرقہ شہوت پرستون کا

ہوگا اُنکے ہاتھوں کھونٹے سے بندھے ہونگے اور بدن سے بدبو آتی ہوگی آٹھواں فرقہ داہنے ہاتھ گرتا پڑتا ہوگا ایک جگہ
کھڑا نہ رہ سکیگا یہ وہ ہی کہ جنھوں نے اللہ کا حق مال سے نہیں دیا نواں فرقہ گندھک کے پائجامے پہنے ہونگے یہ وہ ہیں کہ
لوگوں کی غیبت کرتے تھے دسواں وہ فرقہ جسکی زبانیں گدی سے نکلی ہونگی یہ ناحق لڑنے والے ہیں تفسیر عمدہ میں بھی
دس بیان کیے ہیں اور معاذ بن جبل رض سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ میری امت کی بارہ صفیں ہونگی بعضے
قبروں سے اُٹھینگے ہاتھ کٹے منادی ندا کریگا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو پردیسیوں کو ستاتے تھے اور بے توبہ مرے انکی جگہ
دوزخ ہی اور بعضے جانوروں کی صورت ہونگے منادی ندا کریگا کہ یہ لوگ وہ ہیں جو نماز میں سستی کرتے تھے اور بے توبہ
مرے ہیں انکی جگہ دوزخ ہی اور بعضے اُٹھینگے کہ اُنکے قد پہاڑ کے برابر ہونگے اور سانپ بچھو بدن میں چمٹے ہونگے
منادی پکاریگا کہ یہ وہ ہیں جو زکوٰۃ نہ دیتے تھے اور بے توبہ مرے انکی جگہ دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے اُٹھینگے
کہ اُنکے مُنھ سے خون بہیگا اور آگ نکلیگی اور اُنکی آنتیں پیٹ سے نکلکر زمین پر لوٹینگی پکارنے والا پکاریگا کہ یہ تجار فجار ہیں
جو خرید فروخت میں جھوٹ بولتے تھے اور بلا توبہ مرے ہیں انکی یہ سزا ہی اور جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے
اُٹھینگے کہ جنکے جسم سے بدبو آئیگی منادی ندا کریگا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو خلق سے چھپ کر گناہ کرتے تھے اور خدا سے خوف
نہ کھاتے تھے اور بلا توبہ مرے انکی جگہ دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے اُٹھینگے جنکی گردنیں سانپوں نے ڈسی ہونگی
پکارنے والا پکاریگا کہ یہ جھوٹے گواہ ہیں اور بلا توبہ مرے ہیں انکی یہ سزا ہی اور جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے
اُٹھینگے جنکے مُنھ میں زبان نہوگی اور ریم وخون بہیگا پکارنے والا پکاریگا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو گواہی چھپاتے تھے
اور دیکھا ہوا معاملہ نبتاتے تھے حق پوشی کرتے تھے اور بے توبہ مرے یہ انکی سزا ہی اور جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے اُٹھینگے
سر نیچے پاؤں اوپر اُنکے شرمگاہوں سے پیپ لہو بہیگا پکارنے والا پکاریگا کہ یہ زنا کرنے والے ہیں انکی یہ سزا ہی اور جگہ انکی دوزخ ہی
اور بعضے قبروں سے اُٹھینگے کالا مُنھ نیلی آنکھیں دوزخ کے انگاروں سے پیٹ بھرا سو پکارنے والا پکاریگا یہ وہ لوگ ہیں جو
یتامی کا مال کھالیتے تھے اور بے توبہ مرے جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے کوڑھی اُٹھینگے منادی ندا کریگا کہ یہ وہ لوگ ہیں
جو ماں باپ کی نافرمانی کرتے تھے اور بلا توبہ مرے جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے اندھے اُٹھینگے بڑے بڑے دانت
نکلے ہوئے جسطرح بیلوں کے سینگ اور ہونٹ پیٹ تک لٹکتے ہوئے سو پکارنے والا پکاریگا یہ شراب خوار لوگ ہیں اور بلا توبہ
مرے ہیں جگہ انکی دوزخ ہی اور بعضے قبروں سے اُٹھینگے کہ اُنکے چہرے جیسے چودھویں رات کا چاند اور بجلی کی طرح پل صراط
سے اتر جائینگے پکارنے والا پکاریگا کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اچھے کام کیے ہیں اور خلق کو وعظ ونصیحت کی ہی اور صلوٰۃ خمسہ
باجماعت ادا کی ہی اور توبہ کرکے مرے یہ انکی جزا ہی اور مکان انکا بہشت ہی حق تعالیٰ انسے راضی اور یہ حق تعالیٰ سے
راضی نہ انکو غم ہی نہ خوف اللھم اجعلنا منھم اور حدیث شریف میں آیا ہی اور نص قرآنی سے ثابت ہی کہ سود خوار پیٹ پھولے
آسیب زدہ کی صورت اُٹھینگے الذین یاکلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس یعنی جو لوگ کھاتے ہیں

نہ اُٹھینگے قیامت کو مگر جسطرح اُٹھتا ہی جسکے حواس کھودیے جن نے لپٹ کر اور علماے بے عمل زبان آوختہ آمرون الناس
بالبر وتنسون انفسکم یعنی کیا حکم کرتے ہولوگون کو نیک کام کا اور بھولے ہو آپکو اور غلط فتوے دینے والے اندھے اور
قرآن کے بھلانے والے کوڑھی اور توجہ گرگند مک کے پیراہن پہنے اور سائل بلاضرورت شرعیہ مخدوش الکہین
اور عبادت پر غرور کرنے والے گونگے اور ہمسائے کے ستانے والے لولے لنگڑے اور حاکمون سے جعلی کمانے والے
آگ کی سولی پر اور شہوت پرست بدبو اور گندہ اور اہل تکبر مورچہ افگندہ اور جبریہ بصورت بہایم اور قدریہ
بندر کی شکل مین آئینگے یہ لوگ حساب کے بعد بہشت یا دوزخ مین جائینگے بعض رسائل حشریہ مین لکھا ہی کہ خوارج کالا
بصورت خوک حشر ہوگا اور روافض کافر کی صورت اور بعض علما بالعکس فرماتے ہین وہو الصحیح حدیث مین وارد ہی
کہ پہلے ہمارے حضرت کا بعث ہوگا پھر اہل بقیع کا پھر اہل مکہ کا اور آپ کے والون کی راہ دیکھینگے جب وہ
آئینگے تب آپ حشر کے میدان مین جلوہ فرمائینگے اسی طرح تمام عالم محشر کو روانہ ہوگا اچھون کے اچھے عمل
بصورت خوش مرکوب ہونگے اور بُرون کے بُرے عمل راکب جب محشر مین سب جمع ہوجائینگے آفتاب ایک
میل پر آئیگا زہرۃ الریاض وغیرہ مین ہی کہ آتش سے ایک سایہ پیدا ہوگا اور حکم ہوگا کہ اُس طرف جاؤ خلق
تین فرقے ہوکر اُس طرف چلیگی ایک ایمان دار ایک منافق ایک کافر جب سب زیر سایہ پہونچینگے وہ سایہ تین پھاٹک
ہوجائیگا قال اللہ تعالیٰ انطلقوا الی ظل ذی ثلث شعب یعنی چلو ایک سایہ مین جسکی تین پھاٹکین ہین ایک
نورانی وہ مومنون کے سر پر ہوگا کیونکہ وہ دنیا مین ایمان کے نور سے نوربار تھے یخرجہم من الظلمات الی النور
نکالتا ہی انکو اندھیرون سے اُجالے مین دوسرا دخانی نیرانی منافقون کے لیے کیونکہ وہ دنیا مین آپکو گرمی سے
بچاتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم رسول کے ساتھ جہاد کو گرمی کے سبب سے نہین جائینگے اور لوگون کو بھی ڈراتے تھے لاتنفروا فی الحر
قل نار جہنم اشد حرا یعنی ست کوچ کرو گرمی مین تو کہہ دوزخ کی آگ اور سخت گرم ہی تیسرا ظلمانی کافرون کے لیے کیونکہ وہ
دنیا مین کفر کے اندھیرے مین گرفتار تھے یخرجہم من النور الی الظلمات نکالتے ہین انکو اُجالے سے اندھیرون مین فرمایا
رسول مقبول صلعم نے کہ سات فرقے سایۂ عرش مین ہونگے اُسدن کہ سوائے اُس سایے کے اور کوئی سایہ نہوگا ایک بادشاہ عادل
دوسرا جوان عابد تیسرے وہ دو شخص کہ صرف اللہ کے واسطے آپسمین دوستی رکھتے ہین جو ملتے تھا وہ مرد جسے خوبصورت عورت نے
پیار کیا اور اُسنے بخوف خدا آپکو بچایا یا بخوف تہ ماروانے والا خوف خدا سے چھپتا وہ جسکا مسجد ہی مین دل لگا رہتا ہی
ساتوان وہ جو داہنے ہاتھ سے صدقہ دے اور بائین سے پوشیدہ رکھے حدیث مین وارد ہی کہ جب حق تعالیٰ خلق کو
جمع کریگا پکارنے والا پکاریگا ای اصحاب فضل آؤ تو بہت لوگ اُٹھینگے اور جلد جلد جنت کو چلینگے فرشتے اُنکو راہ مین ملینگے
اور کہینگے تم کون ہو کہینگے ہم وہ ہین کہ ہمنے ظالمون کے ظلم پر صبر کیا اور جب کسی نے ہماری تقصیر کی ہمنے معاف کی
فرشتے کہینگے اچھا سیدھے جنت کو چلے جاؤ پھر پکارنے والا پکاریگا اہل صبر کہان ہین تب بھی بہت لوگ اُٹھینگے اور جلد جلد

خاندان والون کو بھی بہشت مین لیجائینگے

بہشت کی طرف چلینگے فرشتے راہ مین ملینگے اور کہینگے تم کون ہو جو بہشت کو لپکے چلے جاتے ہو کہینگے ہم صبر کرنے والے ہین کہ خدا کی
بندگی پر ثابت رہے فرشتے کہینگے اچھا بہشت کو چلے جاؤ پھر پکارنے والا پکاریگا آپسمین للہ دوستی رکھنے والے کہان ہین
تب بھی بہت لوگ اٹھینگے اور بہشت کی طرف شادان و فرحان شتابان ہونگے راہ کے فرشتے کہینگے تم کون ہو کہ بہشت کو
جھپٹے جاتے ہو کہینگے ہم آپسمین للہ دوستی رکھتے تھے فرشتے کہینگے اچھا بہشت کو چلے جاؤ اس مقام سے واضح ہو کہ یہ لوگ بلا حساب
داخل بہشت ہونگے و الحاصل میدان محشر مین آفتاب کی تمازت بشدت ہوگی لوگ گرمی اور اسکی حدت اور بھوک پیاس کی
شدت سے آشفتہ اور بیتاب ہو جائینگے لیکن نیکون کی نیکیان انکے سر کی چھتریان ہونگی اور خاک زمین کہ حلوائے شیرین
ہو کے کھانے کو ملیگی اور حوض کوثر کا پانی پینے کو اور بدون کہ کھانا نہ پانی آفتاب کی تابش مین بیتاب ہونگے اور
ہزارون تکلیف اور ایذا اور ہول اور آواز ہولناک کا سامنا ہوگا تب ناچار نبیون کا وسیلہ ڈھونڈھینگے اول
حضرت آدم کے پاس آئینگے اور گڑگڑائینگے اور ہزارون طرح سے ثنا و ستائش کرینگے اور کہینگے کہ ہمکو اپنی سفارش مین لیجیے
حضرت آدم فرمائینگے آج حق تعالی غضب پر ہو مجھکو اکل شجرہ کے مواخذے کا ڈر ہو حضرت نوح کہینگے مین نے بے ادبانہ
اپنے کافر بیٹے کی سفارش کی تھی مجھکو ڈر ہو کہ اسکی باز پرس نہو حضرت ابراہیم فرمائینگے مجھکو انی سقیم اور بل فعلہ کبیرہم
اور ہذا اخی کا ڈر ہو کہ تمھاری سفارش کو جاؤن جو بدہی کذبات ثلثہ مین گرفتار ہون حضرت موسی عذر کرینگے
کہ مین نے قبطی کو مار ڈالا تھا اس اندیشے مین پریشان ہون حضرت عیسے کہینگے کہ میری قوم نے مجھکو خدا کا بیٹا اور
میری ماں کو خدا کی جورو قرار دیا ایسا نہو کہ اسمین پکڑا جاؤن اس کام کے سزاوار محمد مصطفے سردار انبیا ہین اگر تم انکے
پاس جاؤگے خدا چاہیگا تو اپنی مراد پاؤگے اہل محشر جب حضرت صلعم پاس آئینگے اپنا درد سنائینگے حضرت شفیع الامم
صلے اللہ علیہ وسلم فرمائینگے خاطر جمع رکھو مین اپنے رب کے پاس جاتا ہون تمھارے واسطے مژدہ لاتا ہون یہ تسلی دیکر
براق پر سوار ہونگے اور مقام محمود مین آئینگے نزول فرمائینگے سجدۂ خضوع بجا لائینگے سات دن کے بعد حکم ہوگا
اے محمد صلے اللہ علیک سر اٹھاؤ پاؤگے جو مانگوگے مین تمسے راضی ہون آپ چلین پیچھے مین بھی تجلی فرماتا ہون حضرت
تشریف لائینگے اور جمیع ملائکہ سموات نزول فرمائینگے صور پھکیگا حضرت موسی کے سوا کہ آپکو طور کی تجلی کے سبب مشاہدۂ
نور کی بہتعداد بہم پہونچی تھی سب بیہوش ہو جائینگے اور حق جل جلالہ با ملائکۂ عرش معلی بحکم وجاء ربک والملک صفا صفا
بیت المقدس کے صخرے پر تجلی فرمائیگا آفتاب مہتاب کی روشنی کمدر ہوگی نور الہی سے زمین منور ہوگی پھر صور پھونکا جائیگا
پہلے ہمارے حضرت پھر سارے انبیا اور مومنین اور کفار منافقین ہوش مین آئینگے غیب کا پردہ اٹھ جائیگا ملائکہ جنات اور اعمال کی
صورتین دکھلائی پڑینگی بہشت کو کمال زیب و آرائش سے جلوہ دینگے اور دوزخ کو نہایت ہیبت اور آلایش سے حاضر کرینگے
پھر حساب کتاب شروع ہو جائیگا روایت ہو کہ اول دواب اور انعام کا حساب ہوگا یہانتک کہ جس جانور شاخ دار نے
جانور بے شاخ کو مارا ہو یا جسنے جس چڑیا کو بوجہ شرعی منفعت کے ذبح کیا ہو اسکا قصاص ہوگا بعد قصاص جملہ دواب جب کے

حساب دواب و انعام

خاک ہوجائینگے اور کسی طرح کی لذت اس کی مگر حضرت آدم کا دنبہ اور حضرت صالح کا ناقہ اور اصحاب کہف کا کتا اور حضرت عزیر کا گدھا اور ہمارے حضرت کا براق خاک اور فنا ہونے سے بچینگے اور ایک روایت مین بھیڑیا حضرت یعقوب کا بھی باقی رہیگا اور بعض علما کے نزدیک فیل محمود بھی بچ جائیگا اور شیخ اکبر قدس سرہ نے فرمایا کہ جو جانور کہ خدا کی راہ مین یا خدا کے واسطے مذبوح ہوا اسکا بھی یہی حال ہی اور نباتات وجمادات کا حساب یہ ہی کہ نباتات مین سے عصاے موسیٰ اور سنبلہ حنانہ اور جمادات مین کوہ طور اور صخراے بیت المقدس اور حضرت صلعم کا روضۂ اطہر اور مسجد اور منبر اور کعبہ شریفہ اور مسجد الحرام اور حجر اسود اور کوہ احد اور مواضع متبرکہ قبور انبیا واولیا اور مسجد اقصےٰ اور مسجد قبا اور وہ مساجد جنکی تعمیر خالصتاً للہ ہوئی انکو باصد آب وتاب جنت مین نگاہ رکھینگے اور باقی سب فنا ہوجائینگی اور خاک جنت ہونگی

اسکو دیکھ کر کفار آرزو کرینگے یالیتنی کنت ترابا جو تھے اُسی میدان قیامت مین ہر ایک کا نامۂ اعمال اُڑکر ہاتھ مین آئیگا مومن کو داہنے ہاتھ مین آگے سے کافر کو بائین مین پیچھے سے پھر کافرون سے شرک اور کفر کا سوال ہوگا صاف انکار کرجائینگے تب جس زمانے مین کہ اُن لوگون نے کفر کیا تھا وہ گواہی دینگے اُسکو بھی جھٹلائینگے بحکم خدا اُنکے مُنہ پر مُہر ہوگی دست وپا کلام کرینگے تب اپنے اعضا کی طرف مخاطب ہونگے وہ جواب دینگے ملزم ہوکر کہینگے البتہ ہمسے یہ کام نادانستگی سے ہوا تب کہا جائیگا کیا تمھارے پاس کوئی رسول ڈرانے والا نہین آیا سب یک زبان ہوکر کہینگے کوئی نہین آیا پس ہر امت کے نبی گواہ ہونگے حق تعالیٰ فرمائیگا کیا جواب پائے تھے تمنے حضرت نوح کہینگے خداوندا مین ان لوگون مین آیا اور خفیہ اور علانیہ بخوبی سمجھایا انھونے نہ مانا مجکو تکلیف دی ملا امت محمدیہ کے علما اور شہدا گواہ ہین کفار کہینگے اُسوقت محمد کی امت کہان تھی ہمارے حضرت فرمائینگے اگرچہ امت اُسوقت نہ تھی پر انکو باخبار خدا معلوم ہوا تھا ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ فلبث فیہم الف سنۃ الا خمسین عاما فاخذہم الطوفان وہم ظالمون یعنی ہمنے بھیجا نوح کو اُسکی قوم پاس پھر رہا اُنمین ہزار برس پچاس برس کم پھر پکڑا اُنکو طوفان نے اور وہ گنہگار تھے کفار چپ رہینگے اسی طرح ہر امت کے کافر اپنے نبیون کے روبرو انکار کرینگے الزام اُٹھائینگے آخر کار سب ملکر کہنے لگینگے کہ ہمنے یہ کفر اور شرک اوروں کے اغوا سے کیے اب دنیا مین ہمکو بھیجیے کہ ہم اچھے کام کرین حکم ہوگا یہ بیخبر ہی مگر جسنے جو کام جسکی خاطر سے کیا وہ اُس سے اُسکی جزا چاہے اور اُنکے ساتھ جائے کہ وہی اُنکے معبود ہین پس بت پرست بتون کے ساتھ اور آفتاب ماہتاب ستارہ پرست اُنکے ساتھ اور ملائکہ انبیا اولیا کے پوجنے والے اُن شیاطین اور جنات کے ساتھ ہونگے جنکے اغوا سے پرستش کی تھی راہ مین تشنگی غالب ہوگی شراب کیطرح پانی کے دھوکے اُس طرف دوڑینگے وہ درحقیقت وادی دوزخ کا سراب ہوگا دھوکے مین وہین مجتمع ہوجائینگے اور اُنکے معبود شیاطین اور جنات ایک تودۂ بلند آتشین پر مسند نشین ہونگے انکو دیکھ کر بلائینگے کہ ادھر آؤ یہ سب بامید نجات اُنکی طرف جائینگے وہ کہینگے آج ہمسے توقع نہ رکھو اپنے اعمال بد اقبال کا مزا چکھو یہ نا امید حیران پریشان ہونگے حکم ہوگا خذوہ فغلوہ ثم الجحیم صلوہ ثم فی سلسلۃ ذرعہا سبعون ذراعا فاسلکوہ یعنے اسکو پکڑو پھر

پھر طرق ڈالو پھر اگ کے دھسیون بھاؤ پھر ایک زنجیر مین جسکا ناپ ستر گز ہی اسکو پر دو سو ملائکہ انکے اعمال کے موافق انکو کشان کشان دوزخ مین پہونچائینگے اسکے بعد مومن اور منافق کہ بھی وہ ظاہر مین اہل ایمان کے شریک حال تھے توجہ ہوگا ہر ایک اپنے نامۂ اعمال کو دیکھیگا حکم ہوگا کہ پڑھو اپنا لکھا سو سب اپنے اعمال نیک و بد پڑھینگے پھر حکم ہوگا کہ ہر گروہ اپنے معبود کے ساتھ گیا تم کیون کھڑے ہو عرض کرینگے ہم اپنے معبود کے انتظار مین فی الفور ایک تجلی نمودار ہوگی اسمین آواز آئیگی کہ مین تمہارا معبود ہون تم میرے ساتھ چلے آؤ یہ بغیر دیکھے کہینگے معاذ اللہ یہ ہمارا معبود نہین جب وہ آئیگا ہم پہچان لینگے تب ایک ساق نورانی چمکیگی مومنین سجدے مین گرینگے منافقون کی پشت تختہ ہوجائیگی کہ سجدہ نہ کر سکینگے پھر وہ تجلی آگے آگے چلیگی انکو حکم ہوگا کہ تم پیچھے پیچھے چلے آؤ ہر امت اپنے نبی کے ہمراہ ہوگی ایک جنگل مین پہونچینگے وہان میزان نصب ہوگی یہ پانچوان حال ہی قیامت کا اسمین مسلمانون کے عمل وزن کیے جائینگے تاکہ معلوم ہو کہ عمل کسکا ثقیل ہی اور کس کا خفیف اور سبک و گرانی اعمال کی بہت چیزین ہین ازانجملہ علم ہی کہ جب اسکو رکھینگے تول بھاری ہوجائیگی ازانجملہ کلمہ طیبہ ہی کہ اگر یہ ایک پلے ترازو مین ہو اور ساتون آسمان و زمین دوسرے مین تو یہ پلہ لاالٰہ الا اللہ والا بھاری ہوگا ازانجملہ تسبیح تحمید تکبیر ابوہریرہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ سبحان اللہ اور ہی ترازو کو بھرتا ہی اور الحمد للہ ساری میزان کو اور اللہ اکبر بھرتا ہی آسمان و زمین کے درمیان کو باجملہ جس مومن کے اعمال بھاری ہونگے فہو فی عیشۃ راضیۃ یعنی اوسکی گذران من مانتی ہوگی اور جسکے اعمال ہلکے ٹھہرے فامہ ہاویۃ اسکا ٹھکانا ہی گڈھا اور کافرون کے اعمال کے وزن نہونگے کما قال اللہ فلا نقیم لہم یوم القیامۃ وزنا ہم نہ کھڑے کرینگے انکے واسطے قیامت مین تول اسواسطے کہ نیک عمل انمین کہان اور جو ہے وہ حبط ہوگا اور منافقون کے اعمال تولے جائینگے اگرچہ اعمال حسنہ انکے نہین ہونگے لیکن بسبب ظاہر جب دنیا مین انپر احکام اسلام کے جاری ہوئے تھے ویسا ہی روز حشر مسلمانون کے ساتھ وزن اعمال مین شریک ہونگے اور وزن کیے جائینگے آخر کار انکا پلہ ہلکا ہوگا جہنم کے حقیقہ زیرین مین پڑینگے چھٹے صراط ہی یہ ایک پل ہی پر جہنم کی پشت پر تیرا اسکے دائین بائین نیچے آگ ہی صرف پل نار سے خالی اور یہ پل بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز اسمین دو لکڑیان لٹکتی ہونگی ایک لکڑی لوہے کی سر کج جیسے مان پر ان کے پاس روئی تنوے سے نکالنے کی ہوتی ہی دوسری لکڑی آہنی ایک طرف سیدھی ایک طرف ٹیڑھی ایسی کہ اگر گردن مین کسی کے ڈال کر کھینچین تو کھچ آوے اور خار خسک چھٹکے پڑے ہونگے بعد حساب کتاب اور درستی کاغذ کے مومن اور منافق اس پل پر چلائے جائینگے مومن پار ہوجائینگے منافق نار مین آئینگے اول ہمارے حضرت مع اپنی امت کے گذرینگے پھر اور انبیا علیہم السلام مع اپنی امتیون کے اور جو کوئی رہ جائیگا وہ حضرت کی شفاعت سے پار ہوگا اسوقت اس پل پر گذرین ہوگا کہ مومنین اور مومنات کے ساتھ روشنی ایمان کی روانہے آگے ہوگی یہ دیکھ کر منافق کہینگے ذرا ٹھہرو ہم بھی تمہارے ساتھ اس نور مین ہو چلین اہل ایمان کہینگے پیچھے دیکھو جہان سے ہم نور لائے تم بھی لاؤ پیچھے دیکھینگے ایک دیوار حائل ہوجائیگی کہ اسکے ادھر ناری ہی ادھر جنت ہی سخت ظلمت مین گھبرا کر کہنے لگینگے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے جو ہم کو چھوڑے جاتے ہو مسلمان کہینگے البتہ ظاہر مین تم ہمارے ساتھ تھے پر باطن مین غلبہ کفار کی راہ دیکھتے تھے اب تمہارا ٹھکانا انہین کافرون مین جا ملو تم دونون کا برا ٹھکانا ہی اس حالت مین ایک شعلہ سرکش نمودار ہوگا کہ انکو دوزخ

کے درجہ اعلیٰ میں پہنچ لیجائیگا کبھی کسی کی شفاعت انکے حق میں قبول نہوگی اور اہل ایمان پل صراط پر چڑھینگے اسکی دونوں جانب فرشتے کھڑے ہوئے سلم سلم پڑھینگے سرعت کے تفاوت ایمان کی قوت سے اور عمل کی کثرت کے موافق کوئی برق درخشان کوئی باد وزان کوئی اسپ دوان کوئی پیادہ روان کی طرح صراط سے گذریگا اور کوئی ان لکڑیوں میں اور خسک میں پھنس رہیگا وہ بھی شفاعت شفیع الامۃ سے پار ہوجاے گا پھر یہ لوگ پل صراط کے اس کنارے ایک صحراے وسیع میں جمع ہونگے اور تشنگی ہوگی آب کوثر پینے کو ملیگا یہ اس حوض کا پانی ہوگا کہ ساتوں جنت کی قیامت کی انا اعطیناک الکوثر اسی کا اشارہ ہے حدیث شریف میں ہے کہ وہ اتنا بڑا حوض ہے جسطرح ایک ماہ کی راہ پانی اسکا اردو سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ شیریں خوشبو دار جیسے مشک اسکے آبخورے جیسے آسمان کے تارے جو کوئی ایک بار اسکا پانی پی لے کبھی پیاسا نہو یہ پانی ہر اذان ایمانی کے سوا کسی کو نہ ملیگا بعد اسکے جنت کا قفل کھلیگا ابرار کہ اس صحراے نا پیدا کنار میں جمع ہیں اپنے نبیوں کے ہمراہ بہشت میں آئینگے اول ہمارے حضرت اور آپ کی امت پھر حضرت عیسیٰ اور انکی امت اسی ترتیب سے حضرت نوح اور انکی امت تک سب جنت میں جگہ پائینگے پھر ہمارے حضرت صلعم کو معلوم ہوگا کہ بہشت میں امت کے بہت لوگ نہیں ہیں دوزخ میں آر قطار ہیں تب آپ محزون و غمگین سات دن تک سجدے میں رہینگے حکم ہوگا کہ جنکے دلوں میں رائی برابر ایمان ہو انکی شفاعت کا بھی فرمان ہو یہ آٹھویں چیز ہے قیامت کی شفاعت نام ہے سفارش کا اور ہر نبی اپنی امت کی سفارش کریگا لیکن ہمارے حضرت تین بار شفاعت کرینگے ایک محشر میں پیش از حساب دوسرے صراط پر تیسرے جب امت کے عاصی دوزخ میں ہونگے یہی ہے شفاعت کبریٰ جسکا بیان اوپر ہو چکا ہے بالجملہ حضرت صلعم سجدے سے سر اٹھائینگے دوزخ کے کنارے تشریف لائینگے امت کے گنہگاروں کی شفاعت فرمائینگے اور ابرار امت سے کہینگے تم بھی اپنے دوستوں کی سفارش کرو سو شہیدوں کا گردہ ستر آدمی کی شفاعت کریگا اور حافظ قرآن دس کی اور اولیا اور علما حسب مراتب اکثر کو بخشا لینگے جہاں تک کہ دوزخ نے نکالینگے من بعد اور انبیا بھی اپنی امت کے گنہگاروں کی شفاعت کرینگے اور سرامت کے فجار جو دوزخ میں ہونگے انکا حال یہ ہوگا کہ دوزخ کی آگ بعضوں کے قدم تک پہونچیگی اور بعضوں کے ساق اور کمر تک تیز نہ محفوظ رہیگا نہ انکے منہ سیاہ ہونگے نہ کافروں کی طرح چرخ مرغ پیشہ صبر سکوت اور اکثر مفلسی اور مبہوت ہونگے مالک خازن کہیگا ایسے دوزخی میں نے نہیں دیکھے بالجملہ جب یہ لوگ دوزخ سے نکلینگے اسی صحرا میں اٹھا کے جائینگے اور رفع قصاص اور رد مظالم اور فیصل خصومات کے بعد مارالحیات کی نہر میں نہلائے جائینگے پاک صاف ہوکر بہشت میں داخل ہونگے تمام امتوں کی نسبت ہمارے حضرت کی امت بہشت میں وہ چند بلکہ زیادہ ہوگی فاحمد للہ الہی مجھ عاصی مولف کو بھی اپنے حبیب کے صدقے اسی میں شامل کرنا اور وہ لوگ جنکی نیکی بدی میزان میں برابر ہوئی وہ بھی امتحان خسران صراط سے عبور کرینگے پھر یہ لوگ اور وہ جنکو پیغمبروں کے دعوت نہیں پہونچی اور منہ کے کافر ان سے بچے رہے اور بلہ اور سفیہ کا فرقہ سب اعراف میں ہوگا یہ نویں چیز ہے قیامت کی یہ ایک دیوار ہے مابین جنت و نار کے کہ وہاں دونوں طرف کی ہوا آتی ہوگی اور جھروکوں سے ابرار کو بہشت میں دیکھ کر الحمد کا حمد اور شکر کرینگے اور اشرار کو نار میں دیکھکر پناہ مانگینگے اور بہشت میں داخل ہونے کی متوقع ہونگے آخر کار بفضل کردگار بہشت میں جائینگے اور کفار جن مثل کفار انس ہمیشہ نار میں رہینگے لیکن مسلمان جب تک البتہ ثواب مخلد ہے مگر بہشت میں رہنے نہ پاوینگے کیونکہ جنت آدم کی اولاد کا حق ہے بلکہ جنت کی دیواروں تلے

گنجر بھینگی کیطرح آنکا بود و باش ہوگا اور یہ تنور وہ ہاتھین اور ازل جلب منافع کے لیے جنت مین آمد و رفت رہیگی بالجملہ جب بہشتی بہشت مین اور دوزخی دوزخ مین داخل ہونگے تو ایک من دونون گروہ بہشت و دوزخ کے کنارے طلب ہوا شیشے کی صورت کو بشکل گوسفند ابلق حاضر کرینگے اور حضرت اسرافیل باشارت رب جلیل اُسکو لٹائینگے اور یحیی پیغمبر اُسکو سب کے روبرو ذبح کرینگے اور ندا ہوگی یا اہل الجنۃ خلود و لا موت و یا اہل النار خلود و لا موت یعنی اے بہشت والو اب تم کو یہان ہمیشہ رہنا ہی اور نہین تم کو موت پھر جنت و یار کا در وازہ بند ہو جائیگا ابد الآباد بہشتی ناز و نعمت مین اور دوزخی غم و حشت مین بسر کرینگے دسوین چیز دوزخ اور اُسکے درکات ہین گیارھوین جنت اور اُسکے درجات کہ ان دونون کا حال مقدمہ کتاب مین بیان ہو چکا ہی کچھ مختصر اُس مقام مین بھی لکھتا ہون بارھوین ماویہ یعنی کھانا بہشتیون اور دوزخیون کا سوال ماویہ کہ بہشتیون کو ملیگا مچھلی کی کلیجی ہوگی اور دوزخیون کو گائے کی تلی اسمین یہ حکمت ہی کہ مچھلی حیوان مائی ہی اور پانی کی طبیعت رطب اور رطوبت عنصر حیات ہی اور حیات کو نعیم کے باعث سے جنت سے مناسبت تام ہی اور کبد دم صالح کا محل ہی اور دم صالح مین بدن کا صلاح گویا اسمین اشارہ ہی کہ اہل جنت کو حیات ابدی بھی ہی اور صحت بدنی بھی ہی اور گائے حیوان ترابی ہی اور تراب کی طبیعت یابس اور یبوست عنصر موت ہی اور موت کو بسبب تالم نار سے مناسبت تام ہی اور طحال دم فاسد کا محل ہی اور دم فاسد مین بدن کا فساد گویا اسمین اشارہ ہی کہ اہل نار کو نہ حیات ہی نہ موت لا یموت فیہا و لا یحیی اب نار و جنت کا حال سنو کہ حضرت صلعم نے فرمایا دوزخ دنیا پر محیط ہی اور بہشت اُسکے در پے ہی اسی سبب سے صراط کی راہ جنت سے لگی ہی اسی حدیث کے مطابق فتوحات مین ہی کہ جو چیز فلک ثوابت کے جوف مین ہی دوزخ ہی اور جو چیز کہ فلک ثوابت کے اوپر ہی تا فلک اطلس بہشت ہی پس بہشت کا سطح سقف فلک اطلس کا ہی اور بہشت کا عرض بسطح ہفت فلک اور سبع ارضین پس بہشت کی سرشت سونے اور چاندی کی خشت سے ہی اور اسمین مشک کا گارا دیا ہی اسکی ٹھیکریان لعل اور مروارید اور خاک اور خاشاک عنبر اور زعفران اور آٹھ درجے ہین برابر برابر بسطح پر کہ ہر ایک کا سقف عرش ہی گویا بائین باغ یا بلند باغ کہ ایک دوسرے کے وسط مین گرداگرد واقع ہی پہلا درجہ دار القرار ہی جسکو دار المقام بولتے ہین یہ درجہ رضا جویان الہی کی قرارگاہ دوسرا دار السلام اسمین ارباب سخاوت اور اصحاب ہمت اور مروت جگہ پائینگے خصوصاً وہ لوگ کہ علم اور وعظ کی مجلس مین حاضر ہوتے ہین تیسرا دار الخلد اسمین وہ لوگ رہینگے جو شرک کفر و کبایر سے بچے تھے چوتھا جنۃ الماوی یہ شہیدون کا جاگاہ ہی کہ وہ دن بھر اس مین چرتے پھرتے ہین رات کو سبز چڑیون کے شکم مین داخل ہو کر عرش کی قندیلون مین بسیرا لیتے ہین پانچوان جنۃ النعیم یہ اُن لوگون کا گھر ہی جنھون نے دنیا مین اللہ کے واسطے تکلیفین اُٹھائین چھٹا جنۃ الفردوس یہ بہترین جنات ہی اسمین وہ چھ قسم کے لوگ رہینگے جنکا ذکر مومنون مین ہی قد افلح المومنون الی آخرہم فیہا خالدون اوّل جو نماز مین جھکے رہتے ہین دوم جو بری بات پر دھیان نہین رکھتے سوم زکوٰۃ دینے والے چہارم شہوت کے تھامنے والے مگر اپنی عورتون پر یا اپنے ہاتھ کے مال پر پنجم جو اپنے امانتون اور اپنے اقرار سے خبردار ہین ششم وہ کہ اپنی نماز سے خبردار ہین ساتوان جنۃ العدن اسمین وہ لوگ رہینگے جو اپنے وعدون کے پورے ہین اور غصے کے متحمل اور بلا پر صابر اور اللہ سے خائف ہین آٹھوین جنت کرسی پر ہی اُسکے نام مین اختلاف ہی بعض کے نزدیک دار الجلال

اور بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکا نام جنۃ الکثیب ہے اور مولانا نور الدین محدث فرماتے ہیں کہ میرے اعتقاد میں اسکا نام مقعد الصدق ہے اہل تقویٰ کے لیے موضوع ہے اسی بہشت میں خدا کا دیدار ہوگا حدیث میں ہے کہ ہر جنت میں منازل اتنے ہیں جتنی قرآن میں آیتیں اور درجات اتنے جتنے اسمائے حسنیٰ ان درجوں میں جو سب سے اوپر ہے اسکا نام وسیلہ ہے وہ حضرت صلعم کے واسطے مخصوص ہے تمام امت کو امر ہے کہ اس وسیلے کو طلب کرے چنانچہ اذان کے بعد دعا میں کہتے ہیں آت محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ صاحب اسکا وزیر کا حکم رکھتا ہے اور جنت کے عمود یاقوتی ہیں ستاروں کی طرح روشن اور اسمیں ابواب بیشمار ہیں کسی دروازے سے نمازی داخل ہونگے کسی سے روزہ دار کسی سے جہادی کسی سے اہل انفاق صحیحین میں ہے کہ صدیق اکبر نے پوچھا یا رسول اللہ ایسا بھی کوئی ہوگا کہ ہر دروازے سے بلایا جائے فرمایا ہاں مجھے امید ہے کہ وہ شخص تو ہی ہوطبرانی میں روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جنت میں قصور ہیں از انجملہ ایک قصر موتی کا ہے اسمیں ستر گھر ہیں یاقوت کے ہر گھر میں ستر بیت زمرد کے ہر بیت میں تخت زرنگار ہر تخت پر ستر فرش رنگارنگ اور بالا بر ہر فرش پر ستر بادلے چنے ہیں ہر بادلے پر ستر قسم کے کھانے ایک بندہ مومن کو اتنی قوت ملیگی کہ ان سب کو کھا لگا اہل جنت میں نفاس ہیں بے شمار از انجملہ جن میں مصفا بے خار کے انمیں درخت ہیں بقرئی اور طلائی انکی شاخیں بے خار اور بے خزاں اور ایک درخت ہے کہ سو برس کی راہ تک اسکا سایہ دراز ہے اور ایک درخت ہے طوبیٰ نام اسکی شاخیں بہشت میں تمام سایہ کیے ہیں ان درختوں میں طرح طرح کے میوے ہیں صورت میں متشابہ خاصیت میں متفاوت جس شاخ سے جو میوہ آرزو کرے فی الفور آنمیں دوسرا لگے جب کسی کی رغبت ہو شاخیں جھک پڑیں از انجملہ چار نہریں ہیں ایک میٹھے پانی کی دوسری شیر خالص کی تیسری شراب خوشبودار کی چوتھی شہد کی حضرت انس سے روایت ہے کہ بہشت میں ایک نہر ہے ریان نام اس پر ایک شہر آباد ہے وہاں کا اسمیں ستر ہزار دروازے ہیں ہر دروازے پر ستر ہزار حور و فقرہ کے وعلیٰ ہذا القیاس اور ہزاروں نہریں ہیں از انجملہ تین چشمے ہیں ایک کافور کا دوسرا زنجبیل کا جسکو سلسبیل کہتے ہیں وہ گرم ہے تیسرا تسنیم کہ ہوا پر معلق ہے تفصیل اسکے مقدمہ کتاب میں مذکور ہے از انجملہ فرش مفروش طرح طرح کے اونچے بچھونے منقوش دو فرشوں کے مابین اتنا فاصلہ جسطرح زمین و آسمان از انجملہ لباس تقدمت ہر باس جو نہایت باریک ہے وہ لاہی کی طرح ہے کہ اسکا نام سندس ہے اور جو نہایت صفت ہے وہ حلل اور محمودی کے مثل ہے اسکا نام استبرق اور ایک کپڑا حریر سبز ریشم کا ہے از انجملہ کھانا پانی جسقدر کھایا جائے سب ہضم ہو کبھی تخمہ نہ ہو نہ کام و دہن میں فضلہ بول و براز سے دفع ہوتا ہے وہاں بعرق عنبر دار دفع ہوگا از انجملہ شراب و کباب نہ اسمیں سر چکر آتا ہے اور نہ اسمیں یک ہوتی ہے عبد اللہ ابن مسعود سے روایت ہے کہ اہل جنت پرندوں کو دیکھینگے کہ آرزو کرتا ہے تو رغبت کرینگے فی الفور کباب ہو کر آجائیگا از انجملہ ازواج حیض اور چرک اور سایر عیوب سے پاک ہونگی مگر یہ دو قسم ہیں ایک وہ جو بے شوہر یا صغیر سن میں مریں یا وہ عورت کہ دنیا میں اسکو چند شوہر کرنے کا اتفاق ہوا یا وہ چند عورت کہ ایک شخص کے نکاح میں آئیں پس انمیں جس سے محبت زیادہ تھی اور شتی ہے تو بہشتی مرد کو ملیگی حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت سے پوچھا دنیا کی عورت افضل ہے یا جنت کی حور سرمایہ دنیا کی عورت اسلیے کہ صوم و صلوٰۃ کے باعث دنیا کی عورتوں کے منہ اور بدن چمکتے ہونگے اور حوروں کے رنگ سفید دوسری حور جنکی صفت قرآن شریف میں کئی طرح پر مذکور ہے حور اسقدر رسن میں کہ انکے ساق کی سفیدی ستر تہ کپڑے کو بھیدکر نکلے اور ساق کی رہ استخوان کا مغز دیکھ پڑے حضرت نے فرمایا کہ اگر جنتی عورت کے زیور یا لباس کا دنیا میں

پر تو پڑے سارا جہان روشن ہوجاے اور آفتاب کی روشنی مکدر اور جنتی مرد کو بہشت کی عورت سے صحبت کا بھی اتفاق ہوگا
ان اصحاب الجنۃ الیوم فی شغل فاکہون یعنی بہشت کے لوگ آج ایک دھندے مین ہین باتین کرتے ابن عباس نے فرمایا مراد اشغل سے
ازالۂ بکارت ہے بجاع لیکن فراغت کے بعد پھر باکرہ ہوجائیگی اور انزال بخمر وج بیچ باراحت ہوگا ازانجملہ خدام وہ تین قسم ہین
ایک ملائکہ کہ ایسے ہین کی طرح الہدکا پیام بہشتیون کو سنائینگے اور بہشتیون کا پیغام الہدکو پہونچائینگے دوسرے غلمان کہ وہ مثل
حورون کے خلقت جداگانہ ہین اور سب ایک عمر کے تیسرے منشرون کی اولاد صغار کہ انکے حق مین حضرت نے دعا کی کہ خداوندا
یہ بے گناہ مرے ہین دنیا مین میری امت کے غلام تھے جنت مین بھی انکو میری امت کا غلام بنا چنانچہ یہ دعا قبول ہوئی ازانجملہ
نعمات علیہ تین قسم پر ہونگے ایک یہ کہ طاؤس کے پنجہ کے ٹکر ٹکڑے اینگے ہوا کے بھرنے سے اس مین الحان کی کیفیت نکلیگی دوسرے
بہشت کی حورین خوش اوائی سے اپنے مالک کی اوصاف بیان کرینگے لیکن یہ تغنی مزامر شیطانی نہین بلکہ الہد کی تسبیح و تحمید
ہوگی تیسرے دیدار الٰہی کے وقت بعضے ملائکہ جسطرح اسرافیل اور بعضے انبیا جیسے حضرت داؤد کو حکم ہوگا کہ اپنے رب کی تسبیح کرین
انکی تسبیح سے سامعین کو وجد پیدا ہوگا ازانجملہ مراکب یعنی سواریان کہ وہ دواب بادرفتار یا تخت روان ہین کہ مومنون کی راہ
طرفۃ العین مین طی کرین ازانجملہ ملاقات احباب کہ وقت ملاقات دنیاے فانی کی حکایات اور واقعات فیمابینہم بیان کرینگے
ازانجملہ یہ کہ وہان گرمی ہوگی نہ سردی نہ دن کی روشنی نہ رات کی تاریکی بلکہ ایک حالت ہوگی کہ قبل طلوع آفتاب ہوتی ہے وقتہ الاصفا
مین ہر کہ بہشتیون کے قد ساٹھ گز کے حضرت آدم کے قد کے برابر ہونگے اور تمام اعضا مناسب اس قد کے تاکہ بیڈول نہ معلوم ہون
اور سن حضرت عیسی کا سا کہ تینتیس برس کا تھا اور عورتون کا سولہ برس کا اور انکا حسن یوسفی ہوگا اور قوت داؤدی اور حلم ابراہیمی
اور رقت ایوبی اور خلق محمدی اور زبان عربی اور بہشتیون کے داڑھی مونچھ نہ ہوگی ہان سر پر بال ہونگے مگر حضرت موسی کی
ڈھاڑھی ناف تک دراز ہوگی اور بعض احادیث مین وارد ہے کہ حضرت آدم اور حاتم انس کے بھی داڑھی ہوگی اور زبان بہشتیون
کے عربی ہوگی اور وہان کوئی شخص بہ کنیت پکارا نہ جاے مگر حضرت آدم کہ آپ کی کنیت ابو محمد ہوگی اور تمام بہشتی کثافت سے جیسے
بول و براز حدث لعاب دہنی آب بینی چرک گوشن چرک بدنی سے پاک ہونگے ابدالآباد بیماریون ظاہری و باطنی سے
پاک و محفوظ رہینگے بعض تفسیرون مین لکھا ہے کہ جب بہشتیون کو اسی برس بارام تمام گذرینگے تو ندا ہوگی کہ اے بندو تم حور و قصور سے
مشغول ہوئے اور میرے دیدار کو بھول گئے یہ آواز سنتے ہی بہشتی وجد مین آئینگے ارشاد ہوگا کہ کل علی الصباح جمعہ کے دن
دار الجلال مین حاضر ہون سب حاضر ہونگے ایک میدان تق ودق مین کہ جنت اعلی کے اوپر ہے اور عرش معلے کے نیچے جڑاؤ
کرسیون اور مشک و عنبر کے ٹیلون پر علی قدر المراتب سجلائے جائینگے کھانے لذیذ پانی خوشگوار ملیگا اور لباس نفیس پہنے ہونگے عرش معلے
سے کوعنایت فرمائینگے اور شراب طہور عطا کرینگے پس حجاب اٹھ جائیگا تمام حاضرین جمال باکمال سے مسرور ہونگے اور بدر کے شمال
چودھون اور بجلیون اور بے شبہ بے نمون دیکھینگے جنت کے سارے نعمتین بھول جائینگے اور خلعت رضا فی اللہ عنہم
اور مواعید پہنینگے اہل تحقیق نے لکھا ہے کہ دیدار بعضون کو اٹھوین دن جمعہ کو ہوگا اور بعضون کو ہر روز ایک بار

اور کسی کو دو بار یا زیادہ اور کسی کو ہر ساعت اور ہر لحظہ واللہ اعلم فائدہ اس دیدار کی دولت میں سوائے فلاسفہ کے اہل اعتزال اور روافض بدخصال کو بھی انکار ہے وہ باستبعادات خیالیہ اور یہ باستحالات عادیہ اس لذت سے محروم ہیں والحق انہم جاہلون اور روایتکا کتب کلامیہ میں موجود ہے یہ ہوا حال بہشت کا اب حال دوزخ کا مختصر یہ ہے کہ اسکے سات طبقے ہیں ہر طبقے میں وسعت عظیم اور عذاب ناگوں اور آسمین ستر ہزار وادی ہر وادی میں ستر ہزار شعبے ہر شعبے میں ستر ہزار دوار ہر دوار میں ستر ہزار بیت ہر بیت میں ستر ہزار چاہ ہر چاہ میں ستر ہزار اژدہے ہر اژدہے کے گلوں میں ستر ہزار عقرب نیش دار ان وادیون میں ایک ویل ہے وہ اسقدر عمیق ہے کہ چالیس خریف تک برابر چلے تب اسکے قعر تک پہونچے ابن مسعود نے فرمایا کہ آسمین دوزخیون کا پیپ بہتا ہے دوسرا غی یہ ویل سے زیادہ بعید القعر ہے اور سخت متعفن تیسرا ثام جو تھا سو یق ان دونون میں خون غلیظ سیاہ بہرا ہے پانچوان سحق جو چھٹا ہے یہ اسقدر گرم ہیں کہ انکی گرمی سے سارے وادی پناہ مانگتی ہیں پھر ان وادیون میں چار کنوین ہیں ایک جب الحزن کہ اس سے ہر روز جہنم سو بار دوزخ پناہ چاہتا ہے دوسرا ہبہب کہ آسمین اہل غرور محبوس ہیں تیسرا قلق یہ چاہ سر پوش دار ہے جو تھا قساوہ ان لوگون کے واسطے ہے جن پر غضب ہوا کہ حق تعالی نہ انکی طرف دیکھیگا نہ انسے بات کریگا اور مکذب قدر اور متبدع اور مدمن الخمر آسمین رہینگے اور دوزخ مین ایک پہاڑ ہے صعود نام کہ ستر ہزار کی اسکی چڑھائی ہے کافرون کو سیر چڑھائینگے وہان سے دوزخ مین گرائینگے وعلی ہذا القیاس دوزخ مین زنجیرین ہین ستر گز کی اسکی چڑھائی ہے کافرون کو سیر باندھینگے اور ستر سانپ آتشین کہ جب سر سے پیر تک پاش پاش کرینگے اور سانپ ایسے زہردار کہ جسکو کاٹین ہڈی تک گل جاے اور بچھو ایسے تیز دار کہ جس کو ڈنک مارین اسکے آگے گرمی دوزخ کی یاد آوے اور مکھیان ہین کہ زخم پیدا کرینگی ہین اور ہزار ہزار کے جتھے سے کیڑے اور درندے جو ان کے لباس نشیمن ہین اور گرز آہنگی کہ اگر اسکے گنبد حک کے ابن عباس نے فرمایا کہ قطران جو کہ یہ سر بلا ہے ستر قطران ہین واقع ہوے جس گداختہ ہے کہ نہایت گرم ہوتا ہے اور بچھو اور درندے اسکا آگ سے اور کھانا درخت سینڈ اور جھاڑ کانٹے اسی طرح ہزار درون قسم کے عذاب ہین اللہ محفوظ رکھے ہم کو صحیحین مین ہے کہ کافرون کے دونون بازو چوڑے کرانے بڑے ہو جائینگے کہ جیسے تین دن کی راہ اور انکے دانت جسطرح احد کا پہاڑ اور بدن کا چمڑا پتیا پس گز کے برابر دبازت پیدا کرے گا اور ران جیسے کوہ بیضا اور نشستگاہ کہ جسکی بدن کی نہاد اور ترمذی مین ہے کہ زبان کافرون کی دوزخ کے برابر ہوگی اسی قیاس پر اور اعضا اسرار الفاتحہ مین ہے کہ دوزخ مین کافرون کے سر ایسے ہونگے جیسے تیرے سخت اور انکے دانت ایسے تیز جیسے ہندی تلوار اور انکے ہونٹھ جیسے اونٹ کے ہونٹھ اور انکی آواز جیسے کہ دون کی آواز انکے بدن جلینگے اور نی الفور اور بدن ہونگے یہان تک کہ ایک ساعت مین سات سو بدن متبدل ہونگے لیکن اخراے اصلیہ باقی رہینگی مدت دراز کے بعد انپر کوک پیاس کا عذاب غالب ہوگا کھانا مانگینگے زقوم ملیگا اور پانی جگہ حمیم کہ اس سے معدہ اور انتڑیان کٹ کٹ کر دبر کی راہ نکل پڑینگی بیقرار ہو کر فریاد کرینگے یا الٰہی ہماری جان لے یا ہم کو نجات دے ہزار برس بعد جواب ملیگا اخسؤا فیہا ولا تکلمون پھٹکارے ہو رہو اسمین مجھسے کچھ نہ کہو تم کو اس عذاب سے نجات ہوتی نہین تب بحسرت تمام کہینگے اب برابر ہے ہمارے حق مین ہم بیقراری کرین یا صبر کرین ہم کو خلاصے نہین پھر آپس مین رو ینگے ہر تابع اپنے متبوع سے کہیگا کہ تم ہی تھے کہ آتے تھے ہم پر دانہے سے ہر متبوع اپنے تابع کو جواب دیگا کہ ہمارا تم پر کچھ بس نہ تھا تم ہی تھے قوم طاغی الغرض یہ لوگ ابد الآباد دوزخ مین

ریچھ کوئی بصورت بندر اور ریچھ اور کوئی بصورت سگ و گرگ اور کوئی بصورت مور و مار اور کوئی بصورت موش وغیرہ وحدیث مین وارد ہی کہ حق تعالی نے میرے نام کی صورت پر نبی آدم کو پیدا کیا ہی اسی واسطے کفار کو بصورت شیطان داخل دوزخ کرینگے یہ اہل ایمان کی نسبت بڑی بشارت ہی الحمد للہ یہان سے واضح ہوا کہ اہل ایمان بسبب عصیان داخل نیران ہونگے لیکن نہ انپر مسخ طاری ہوگا نہ عذاب بجا ہی نہ انکو چھٹکارہی نہ خلود نار انکا ادخال تطہیر اور اغتسال کے واسطے ہوگا تاکہ قرب الٰہی کی استعداد پیدا کرین جسطرح زرگر زر کو کٹھالی مین ڈالتا ہی کہ اسکا کھاد زائل ہو نہ آنکہ جو اور انساد زائل ہو حضرت موسی علیہ السلام نے دور سے نار کو دیکھا جب نزدیک آئے تو نور نظر آیا اسی طرح اہل عصیان نیران مین وہی دیکھینگے جو اہل ایمان جنان مین حضرت یونس علیہ السلام پر عتاب ہوا مچھلی کے پیٹ مین قید ہوئے طاعات سابقہ شفیع ہوئی اہل کبایر کہ معصیت کے سبب دوزخ مین پڑینگے توحید الٰہی کیونکر عذاب ہی نہ کرینگی اہل تحقیق نے فرمایا کہ اگرچہ ظاہر مین ایمان دار داخل نار ہی پر حقیقت مین یہ نار گلزار ہی دیکھو زنان مصر کہ جمال یوسفی کے مشاہدے مین کس قدر محو تماشا ہوئین کہ انکے ہاتھ تک کٹے مگر الم و ملال سے بیخبر رہین اسی طرح اہل ایمان تجلیات الٰہی کے نظارے مین اسقدر خود رفتہ اور بیخود ہونگی کہ نار اور نکال سے بیخبر ہو جائینگی لو کانت الجنۃ بدون جمالہ و وصالہ فوادیاہ و لو کانت النار بہ جمالہ و وصالہ فوا شوقاہ اسرار الفاتحہ مین لکھا ہی کہ شب معراج مین حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے ہزار ہزار حجابین اٹھائے گئے ہر حجاب مین ایک حاجت کہ آپ نے عرض کیا کہ خداوندا قیامت کے دن امت کا حساب میرے ہاتھ رہے ارشاد ہوا کہ مقصود تیرا یہی ہی کہ تیری امت کی برائیون پر کوئی آگاہ نہو تو اے محمد مین جو چاہتا ہون وہ تجکو معلوم نہین اگر تیرے ذمہ پر امت کا حق مقرر ہی تو تجکو ادا کی قدرت نہین اور اگر امت کے ذمے پر تیرا حق مقرر ہی تو انکو ادا کی قدرت نہین اس صورت مین مناسب ہی کہ انکا حساب میرے ہاتھ رہنے دے کہ اگر میرے ذمے پر انکا حق ثابت ہی تو بمشیت مشیت میری آن ہی مین انکو دونگا اور اگر انکے ذمے پر میرا حق ثابت ہی تو رحمت اور مغفرت میری شان ہی مین انکو دان رحمت مین لونگا اے حبیب صلی اللہ علیک وسلم تجکو اپنی عزت و جلال کی قسم اگر تیری امت کو مین رحمت کا تقدمہ نہ دیتا قیامت کے دن انکا حساب لیتا تیری امت کا حساب اس عنوان پر ہوگا کہ جیسے پدر مہربان اپنے پسر نادان سے باتین کرتا ہی حالانکہ باپ خوب جانتا ہی جو کچھ بیٹے کے ہاتھ مین ہی پھر گستاخ کرنے کو پوچھتا ہی یہ کیا ہی تیرے ہاتھ مین اہل لطائف نے فرمایا کہ نبی اور امت مین نسبت واحدہ ہی کہ وہ نبی اس امت کا نبی ہی اور یہ امت اس نبی کی امت ہی ہر گاہ بہ نسبت واحدہ اتنی رحمت کو مقتضی ہوئی کہ اپنی اولاد اعفاد پر نبی نے امت کو اختیار کیا پھر کیا کہنا چاہیے جہان نسبت متعددہ ہون کہ وہ بندون مین اور اللہ مین متحقق ہی جیسے خالقیت مخلوقیت ربوبیت مربوبیت محبوبیت محبوبیت وغیرہا تو بطریق اولی مقتضی رحمت پروردگار نسبت بامت گنہگار متحقق ہوگی اب گویا اللہ صاحب فرماتے ہین کہ اے محمد صلی اللہ علیک وسلم اگر تو نے اپنی اولاد امت کی شفاعت بمقتضائے شفاعتی لاہل الکبایر من المومنین اختیار کی مین نے تیری امت کو اپنی رحمت دی اگر تو انکو دوست رکھتا ہی کہ وہ تیری امت ہین کیونکر انکو نہ بخشون گا کہ وہ میرے مطیع الخدمت ہین اے محمد صلی اللہ علیک وسلم ہر چند امت تجھکو ناراض و خفا کرتی ہر تو بایک جرعہ رحمت

فصل در احوال عصیان و دخول نار

شفاعت کی تین قسمیں

شفاعت خصوصی حضور صلی اللہ علیہ وسلم

شفاعت عامہ انبیاء و ملائکہ

شفاعت عامہ مومنین

شفاعت اللہم اہدقومی فانہم لایعلمون پڑھتا ہو اور جہنم تیری است مجکو بیزار اور خفا کرتی ہو تو مین باصد خجلت و حسرت غیر متناہی اگر آنحضرت ورحم غفور فرماتے لگون تو کیا بعید ہو القصہ عمدہ شفاعت کبریٰ ہمارے حضرت کو ملا ہو اور شفاعت کی حقیقت یہ ہو کہ کامل کا کمال پھیل جاوے اور اپنے ناقص اتباع کو اپنے مین لے اور اسکا نقصان اُسکے کمال مین پورا ہو جاوے اور مدار شفاعت کا دو چیز پر ہو اول نفس کامل کا کمال پھیل جانا کہ بروز قیامت محض اللہ تعالیٰ کی عنایت بغایت سے وعدہ کیا گیا ہو اس بسط اور احاطہ و نہی کو شریعت مین اذن اور حکم کہا ہو دوسرے ناقص لوگون کا اہل کمال کے تابع ہونا کہ بغیر ایمان اور صحت عقائد کے محال ہو اسکو کہا ہو کہ کافر و منافق کو شفاعت نہین ہو ہذا یا حققہ استاد الاستاذ فی تفسیرہ العزیزی آپ واضح ہو کہ مذہب اہل سنت و جماعت مین شفاعت پیغمبرون اور مقبولون کی گنہگارون کے حق مین اگرچہ فاعل و مرتکب کبیرہ ہون اور بلا توبہ مرے ہون ثابت ہو کہ بعضے بیحساب بسبب شفاعت کے بہشت مین جائینگے اور بعضے باوجود ثابت ہو جانے اس بات کے کہ دوزخ کے مستحق ہین بسبب شفاعت کے دوزخ مین نہ جائینگے اور بعضے دوزخ مین جاکر بسبب شفاعت کے نکل کر بہشت مین جائینگے اور بعضون کے درجے بلند ہونگے لہذا اہل سنت فرماتے ہین کہ الشفاعۃ حق یعنی یقیناً ہونے والی ہو موافق وعدہ خدا کے اور شفاعت شافعین کا انکار تو کیا توقف بھی کرنا کفر ہو اور جو گفتگو اہل سنت اور معتزلہ ہو اس مسئلہ مین ہوئی مع دلائل تفسیر کبیر و خزینہ مین مذکور ہو اس وقت مین فرقہ وہابیہ بھی شریک معتزلہ ہوا ہو اُسکو مولوی فضل رسول صاحب سیف المسلول نے بخوبی رد فرمایا ہو جسکو منظور ہو نور المومنین بالشفاعۃ الشافعین رسالہ مختصرہ اُنکا ملاحظہ کرے تفسیر عزیزی مین تفسیر کریمہ ولسوف یعطیک ربک فترضی مین لکھا ہو کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت صلعم نے یارون سے فرمایا کہ مین ہرگز راضی نہونگا جب تک کہ ایک ایک کو اپنی امت سے بہشت مین داخل نکرون اور اسی جگہ لکھا ہو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرتبہ وسیلہ کو کہ نہایت بڑا مرتبہ ہو پہنچینگے کہ اصلا کسی مخلوق کو نصیب نہین ہوا کیونکہ حضرت ہر روز قیامت بنسبت روز سابق کے ہونگے صحیح مسلم مین ہو کہ حضرت آیات عذاب پڑھکر روئے اور فرمایا اللھم امتی امتی اللہ نے جبرئیل کو بھیجا اور سبب گریہ سے پوچھا جبرئیل نے دریافت کرکے عرض کیا فرمایا اللہ نے یا جبرئیل تو جا محمد کے پاس اور کہہ اُس سے ہم تجکو تیری امت کے مقدمہ مین راضی کرینگے حسب قرآن مجید اور احادیث سے یہ بات ثابت ہو تو انکا سا بلاشبہ کفر ہو ولا یجوز الصلوٰۃ خلف من ینکر الشفاعۃ کما فی البحر الرائق ساتوین جہاد نفس نفیس یہ بات دلیل شجاعت الانتہا کی ہو کسی پیغمبر کو حاصل نہین ہوئی آٹھوان علم وسیع کہ آتہ وعلمک مالم تکن تعلم اور کریمہ فاوحی الی عبدہ ما اوحی سے ظاہر ہو باجملہ جمیع اخلاق حسنہ کہ شرعاً و عقلاً محمود تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین بوجہ کمال تھے مثلاً عقل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ مرتبہ تھا کہ تمام عالم کی عقل اُسکے مقابلے مین ایک ذرہ ہو چنانچہ وہب ابن منبہ نے کہا ہو کہ مین نے اکثر کتابین کتب سابقین سے دیکھین سب مین لکھا پایا کہ اللہ صاحب نے ابتداے دنیا سے تاقیام قیامت سب آدمیون کو اتنی عقل دی ہو کہ مقابلے عقل رسول مقبول ایک چھوٹی کنکری سنگریزون دنیا سے کما رواہ ابونعیم فی الحلیہ و ابن عساکر عقبۃ اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی نے عوارف و المعارف مین ایک بزرگ سے روایت کی ہو کہ حق تعالےٰ نے عقل کے سو حصے فرمائے ننانوے حصے حضرت صلعم کو عنایت فرمائے اور ایک حصہ تمام مخلوقات پر تقسیم فرمایا اور

جس کسی کو حضرت کی دانائی کی باتین دریافت کرنا ہو وہ کتب سیر اور تواریخ خوب غور اور تامل سے مطالعہ کرے اور حلم اور عفو مع القدرۃ اور صبر پر نگرہ کریمہ خذ العفو وامر بالعرف واعرض عن الجاہلین سے ظاہر ہی یعنی خوب کر معاف کرنا اور کہ نیک کام کو اور کنارہ کر جاہلون سے اسی طرح واصبر علی ما اصابک ان ذلک من عزم الامور کہ اس سے صبر کیسا نکلتا ہی چنانچہ آنحضرت کا یہ حال تھا کہ جو کوئی حضرت سے بدخوئی کرتا تھا اور بے ادبی سے پیش آتا تھا اُس سے درگذر فرماتے تھے کافرون نے خاص مکہ شریف مین کیسی کیسی شرارتین کین لیکن آنکے لیے بددعا نہ فرمائی اسیقدر فرمایا اللھم اغفر لقومی فانھم لا یعلمون اور جود وکرم وسخا کا یہ حال تھا کہ ہرگز کسی سائل کو بے نیل مرام واپس نہ کرتے تھے اور گھر مین حضرت کے رات تک درہم ودینار نہ رہتا تھا اور اگر اتفاقاً نہ رہتا اور کوئی مستحق نہ آتا تو آنجناب دولت خانے مین تشریف نہ لیجاتے تھے جب تک کسی مستحق کو عطا نہ کر لیتے اور عطایا رخبین وہوازن مشہور ہین وانما البشت لاتمم مکارم الاخلاق شاید ہی اور حسن ادب یہ تھا کہ اپنے دوستون کا نہایت اکرام فرماتے اور آنکی مجلس مین پیر نہ پھیلاتے اور وقت تنگی مجلس سمٹ کر جگہ فراخ فرماتے اور اپنا زانو ہمنشین سے کبھون آگے نہ بڑھاتے اور آنکے ساتھ آنکے باغون مین تشریف لے جاتے اور ضیافت کھاتے اور ہمیشہ سب کا حال پوچھتے رہتے جو کوئی بیمار ہوتا اُسکی عیادت کرتے اور جو کوئی سفر مین ہوتا اُسکے واسطے دعا کرتے اور جو مرجاتا اُسکے حق مین انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھکر دعا فرماتے اور جس کو جانے کہ آزردہ ہوگیا ہی اُسکے گھر پر تشریف لے جاتے اور آنکی ملاقات کے واسطے جب چلتے تو تزین وتجمل لباس اور شانہ وغیرہ سے فرماتے اور سب لوگون سے تازہ رو رہتے اور توانا وناتوان کو صدق قول مین برابر جانتے اور کسی کو اپنی پشت پر چلنے نہ دیتے اور سواری مین کسی کو پیادہ پا نہ لے جاتے یا سوار کر لیتے یا ارشاد فرماتے کہ تو آگے جا ہم بھی آتے ہین اور جو کوئی حضرت کے پاس جاتا تو اُسکی تکریم کرتے اور اپنے کپڑے بچھا دیتے اور تکیہ دیتے اور جب نماز مین ہوتے اور کوئی آجاتا تو نماز کو سبک فرماتے اور اُسکی حاجت دریافت کر لیتے اور اپنے خادم اور غلام اور لونڈی کو ماکول اور مشروب مین اپنے برابر رکھتے اور خود خادم اپنے کی خدمت فرماتے اور جو بچہ اصحاب اور خادم آپ کے کام کرتے آمین شریک ہوجاتے اور اُنسے زیادہ کرتے اور حیا اور وقار کا یہ مرتبہ تھا کہ دختر ناکتخدا سے بھی زیادہ شرماتے تھے عن ابی سعید الخدری قال کان رسول اللہ اشد حیاً من العذرا فی خدرہا وقالت عائشہ رضی اللہ عنہا ما رایت فرج رسول اللہ قط اور جب حضرت کو کوئی شخص یک بیک دیکھتا ہیبت مین آجاتا اور جو صحبت مین رہتا عاشق ہوجاتا اور جس مجلس مین بیٹھتے تو سب اہل مجلس چپکے بیٹھے رہتے اور جب خاموش بیٹھتے تو وقار تھا اور جب باتین کرتے تو خوبی اور تازہ روئی اور زہد یہ تھا کہ اپنی خواہش سے فقر اختیار کیا اور بیت المال سے کبھو سوائے قوت یکسالہ اپنے عیال کی نہ لیتے تھے اور جو لیتے تھے تو ارزان چیز تلاش کر کے لیتے جسطرح خرمے اور جو اسمین بھی ایثار جاری تھا اہل بیت آپ کے قبل انقضاء سال ممتاز ہوجاتے تھے اور یہ بھی ظاہر ہوچکا ہی کہ جب وفات ہوئی تو زرہ آپ کی ایک یہودی کے پاس گروی تھی اور شفقت اور رافت اور رحمت تمام خلق پر یہ تھی کہ ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین اُسپر گواہ ہی اور امانت اور صدق لہجہ کا یہ حال تھا کہ مخالفون اور دشمنون نے بھی حضرت کا نام امین رکھا چنانچہ حجر اسود کے رکھنے مین

حکم کیا اور ابوسفیان نے ہرقل بادشاہ سے کہا کہ ہم نے کبھوں محمد کو جھوٹ سے تہمت نہین کی اور ابوجہل باوصف اُس عداوت کے کہتا تھا کہ ہم تم کو نہین جھٹلاتے ہین لیکن جو تم خدا کی طرف سے لائے ہو کما قال اللہ لا یکذبونک ولکن الظالمین بآیات اللہ یجحدون اور یہ تو خوب روشن اور ظاہر ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت کا ہاتھ نہین چھوا جب تک اُسکے مالک نہوے یا نکاح مین نہ لائے یا ذی رحم محرم کا اور عدل اور انصاف حضرت کا ایسا نہین ہی کہ اُسکے بیان کی حاجت ہو اس کتاب سے پیدا ہی اور سلاطین عادلین کا دستور العمل ہی اسی طرح عادات ضروریہ مباحات مین معتدل واقع تھے مثلاً کھانا بقدر ضرورت کھاتے اور قناعت فاقہ شدت جوع سے پیٹ پر پتھر باندھتے اور ہمیشہ بسم اللہ کرکے سیدھے ہاتھ سے کھاتے اور ایک کنارے سے کھاتے نہ کہ بیچ سے اور فرماتے البرکۃ تنزل وسط الطعام فکلوا من حافتیہ ولا تاکلوا من وسطہ یعنی برکت اُترتی ہی میان طعام مین سے کھاؤ کنارے سے اور نہ کھاؤ درمیان سے اور قبل طعام اور بعد طعام ہاتھ دھوتے اور جب کھاتے تو سب کے ساتھ مجتمع کھاتے اور جب کھانا اٹھایا جاتا تو فرماتے الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وارونا وجعلنا مسلمین اور ہدیہ کو بہت دوست رکھتے اور دعوت کا کھانا کھاتے اور صدقے کا کھانا نہ کھاتے اور جو کوئی ہدیہ بھیجتا تو حضرت اُسکے مقابل مین بہتر اُس سے عنایت فرماتے اور کسی کھانے کو عیب کرتے اگر رغبت ہوتی کھا لیتے ورنہ ترک کرتے اور تین انگلیون سے کھانا کھاتے اور بعد فراغت انگلیان چاٹتے تھے اور شیرینی و شہد سے آپ کو رغبت تھی اور پانی مٹکے کا پیتے تین مرتبہ مین اور شیرین اور سرد پانی حضرت کو خوشگوار تھا اور جب سوتے تو داہنی کروٹ تاکہ نیند کم آئے اور آنکھین حضرت کی سوتین اور دل جاگتا رہتا اور جب سو جاتے تو آواز دم لینے کی سنی جاتی تھی مگر خرا نا کبھون نہوتا تھا اور اکثر مستقبل قبلہ کف دست تحت الخد کہ کر آرام فرماتے اور فرماتے رب قنی عذابک یوم تبعث عبادک اللھم باسمک اموت واحیی اور جب جاگتے تو کہتے الحمد للہ الذی احیانا بعد ما اماتنا والیہ النشور اور بہترین جامہ آپ کے نزدیک قمیص تھا اور جامہ سبز سے مسرور ہوتے تھے اور عمامہ بھی باندھتے تھے اور دونون شانون کے بیچ مین شملہ چھوڑتے تھے اور خوشبو سے بہت خوش ہوتے اور بدبو سے ناخوش اور سرمہ اثمد کہ اعلی قسم سرمہ کی ہی بعد وطاق رات کی استعمال کرتے تھے اور کبھی حالت صوم مین بھی لگاتے تھے اور روغن زیت وغیرہ سر اور ڈاڑھی مین ملتے تھے اور آئینہ دیکھتے اور مسواک کرتے تھے اور حال وضع عبادات و دیگر احوال و افعال سفر السعادت اور تحفہ المحافل وغیرہ کتب مبسوطہ مین ملاحظہ کرنا چاہیے تو ان عرفان پلے سرے کا کہ قرب اتم سے ظاہر ہی کیونکہ جسقدر قرب زیادہ معرفت زیادہ اور جسطرح قرب کے کند دیدہ عقل سے نہین معلوم ہوتی اسی طرح عرفان اتم کی حقیقت دریافت نہین ہوتی دسوان منصب قضا گیارھوان منصب فتوی بارھوان منصب اجتہاد تیرھوان منصب احتساب کہ ان چارون کے قواعد اور جزئیات کتب حدیث مین مصرح ہین اور قاضیون اور مفتیون اور مجتہدون کے دستور العمل ہین چودھوان عمدہ قرأت کہ قرأت قرار سبعہ سے واضح ہی پندرھوان عالم اولہ مین سب سے پہلے پیدا ہونا چنانچہ تفسیر نظم الجواہر اور شرح درر التقرب مین مغنی ولی اللہ صاحب نے لکھا ہی کہ امیر المؤمنین علی مرتضی علیہ السلام سے مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات مین روایت ہی کہ جب ارادہ الٰہی ایجاد موجودات سے متعلق

ہوا تو اللہ نے صورت عالم قائم فرمائی اور اسوقت حضرت خالق فردانیت ملکوت اور وحدانیت جبروت مین تھے بعد اسکے
ایک نور اپنی ذات سے نکالا کہ وہ نور بصورت میانہ مجتمع ہوا وہ صورت ہمارے حضرت کی تھی پھر اسسے ارشاد کیا انت المختار
المنتخب وعندک مستودع نوری وکنوز ہدایتی من اجلک ابسط البطحاء وارفع السماء واجعل الثواب والعقاب والجنۃ
والنار پھر بعد ایک مدت کے عالم بنایا اور زمانہ پیدا کیا اور پانی نکالا اور کف کو جوش دیا چنانچہ بیان اسکا مقدمہ کتاب
مین لکھا گیا اس سے واضح ہوا کہ روح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبل وجود جسمانی متصف بہ نبوت تھی اور بعد وجود ظہور جسمانی
عالم اجساد مین موصوف بہ نبوت ہوئی اور بعد وفات بھی حلیہ نبوت سے آراستہ ہی اور دُرُود امتیون کا بخوبی پہونچتا ہی اگرچہ
جسم شریف بھی تصرفات زمین سے محفوظ ہی اگر کوئی نافہم کہے کہ جب مبدء کل کائنات کا نور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوا
تو خوک اور سگ اور کافر بھی اسی سے ہوئے حالانکہ نجس ہین اور اسمین قباحت صریحہ لازم آتی ہی سو دفع اس تردد کا
یون ہوتا ہی کہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ اصل جمیع اشیا کا ہی مگر احکام اور آثار فرع کے اصل پر جاری ہونا واجب
نہین ہین جس طرح خاک کہ اس سے سبزہ و شجر و دانہ اور گوشت حیوانات وغیرہ اشیا پیدا ہوئے ہین اور یہ سب انسان کی غذا ہین
اور وہی غذا پشت مین نطفہ ہوتی ہی اور مثانہ مین بول اور عروق مین خون یعنی ہر مقام مین احکام جدید ظاہر ہین اور خاک
جملہ آثار و احکام سے پاک ہی اسی طرح ہزارہا صورتین نکلتی ہین کہ جس سے صاف ظاہر ہوتا ہی کہ آثار فرع کی اصل پر جاری ہونا
پایا نہین جاتا ۵ ہر مرتبہ از وجود حکمی دارد ۔ گر فرق مراتب نہ کنی زندیقی ۱۲ الحاصل ان پندرہ کمالون مین کوئی اور نبی
علیہ السلام حضرت سرور کائنات علیہ التحیات والصلوٰۃ کا شریک نہین ہی اسی طرح اور کمالات غیر مشترکہ بھی ہین جسطرح تمام عمر
جماعی کا نہ آنا اور احتلام کا نہونا اور عرق بدن سے مشک و عنبر کی خوشبو آنا اور ثقل شریف کا ہمرنگ بدن ہونا اور آگے پیچھے
اندھیرے اجالے مین برابر دیکھنا اور زمین کا وقت قضاے حاجت سمٹ جانا اور بول اور غایط کا فی الفور غائب
ہوجانا اور اس مکان سے مشک کی خوشبو ظاہر ہونا اور اثر فضلہ زمین پر نہ دیکھنا اور نختون پیدا ہونا اور ناف بریدہ
بطن مادر سے نکلنا اور وقت تولد سجدہ کرنا اور انگشت سبابہ جانب آسمان اٹھانا اور کلمہ پڑھنا اور فرشتون کا مہد حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم ہلانا اور ماہتاب سے باتین کرنا اور حرارت شمس مین ابر کا سایہ کرنا اور درختون کا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہونا اور بدن اور کپڑون کا مکھی سے محفوظ رہنا اور تا مدت رکوب مرکب کا بول اور پاخانہ نہ کرنا اور
مرقد شریف پر ایک نرشتہ مقرر ہونا کہ جو کوئی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے وہ حضور مین پہونچادے اور اعمال امت
کے ہر روز عرض کیے جانا اور اپنی امت کے واسطے اعمال بد پر استغفار فرمانا اور حضرت حق کا انجناب کی عمر کا قسم کھانا
اور معراج مین باروح وجسد آسمانون پر تشریف لیجانا اور خداے پاک کو بچشم سر دیکھنا اور کافرون سے فرشتون کا لڑنا اور
ہر روز حشر اول قبر سے اٹھنا اور اول بہوشی سے افاقہ پانا اور اول بہ زانوے ادب شفاعت کے واسطے روبرو ے
حضرت مالک الملک کے بیٹھنا اور اول ماذون شفاعت ہونا اور اول خاکساری کا سجدہ کرنا اور اول سر سجدے سے

اٹھانا اور اوّل زبان شفاعت کھولنا اور اوّل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت مقبول ہونا اور اوّل سب اہل محشر سے اپنی امت مرحومہ کے ساتھ صراط سے گذرنا اور اوّل دروازہ بہشت کو جنبش دینا اور کھٹ کھٹانا اور اوّل آپ کے واسطے دروازہ بہشت کا کھولا جانا اور اوّل بافقرا امت بہشت مین داخل ہونا اور لواء احمد کا ہاتھ مین لینا اور سب انبیا کا پس رو ہونا اور اوّل دیدار حق سے مشرف ہونا اور مرتبہ وسیلہ یعنی وزارت کا حاصل کرنا کہ ان کمالات مین بھی کوئی پیغمبر حضرت صلعم کا شریک نہین ہے صرف ایک مرتبہ شہادت کا باقی رہ گیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بذات خود حاصل نہوا اور بلا واسطہ ممکن نہ تھا اس واسطے حکمت الہی نے چاہا کہ یہ کمال کسی قریب کے واسطے سے حضرت کے کمالات مین ملجاے سو ۹ دونواسے جو تھے اُس تنہ کے صغیر اور کبیر ۔ شبر انہین بڑے چھوٹے تھے اُنسے شبیر ۔ ہر ہر اُن مین تھی تصویر نبی عکس پذیر ۔ یعنی تھے صورت و معنی مین محمد کے نظیر ۔ بہر تکمیل کمالات نبی کام آئے ۔ دونون نے خلعت پر خون شہادت پائے ۔ اور شہادت دو قسم تھی ایک شہادت خفی اور دوسری جلی اور ظاہر ہے کہ غیب کو شہادت پر اور خفیہ کو علانیہ پر تقدم ہے اور سر بطور اجمال ہے اور علانیہ مثل تفصیل اسواسطے حضرت امام حسن سبط اکبر علیہ السلام مخصوص بشہادت علانیہ تاکہ تقدم مین اسبطین بھی ہاتھ سے نجاے اور ظہور شہادت بعد مرتبہ غیب اور وقوع تفصیل بعد اجمال صورت پذیر ہوا اور ہرگاہ کہ شہادت سرّیہ عبارت پوشیدگی سے تھے اس سبب سے وحی الٰہی اور حدیث حضرت مصطفوی اور اثر جناب مرتضوی مین اُسکا کچھ اثر نہ پایا گیا بلکہ یہان تک اخفا منظور ہوا کہ یہ حادثہ حضرت امام حسن کی بی بی کے ہاتھ سے حادث ہوا کہ علاقہ محبت سے تھی نہ عداوت سے اور چونکہ شہادت جلی کی بنا شہرت و اعلان پر تھی اسلیے قبل وقوع واقعہ وحی سماوی اور زبان نبوی مین باتعیین زمان اور مکان بھی وارد ہوا اور حضرت امیر نے بھی خبر دی اور بعد وقوع واقعہ ایسے آثار ارضی اور سماوی اور غیب در شہادت ظاہر ہوے کہ موجب کمال اشتہار اور باعث نہایت اظہار واقع ہوے تاکہ جملہ حاضر و غائب اس واقعہ سے خبردار اور ہر ایک قریب و بعید اس غم سے واقف کار ہو جائین بلکہ مقصود حقیقی اور مطلوب اصلی یہ ہوا کہ غم دائم اُسکا پائدار رہے اور ہر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بذات خود شہادت نہ ہوئی اُسکا سر یہ تھا کہ اگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی معرکہ مین شہید ہوتے تو کسر شوکت اسلام لازم آتی اور بڑی خرابی واقع ہوتی دیکھو جنگ احد مین شیطان مردود نے بصورت جعال ابن سراقہ متمثل ہوکر بالکل جھوٹھو کہ دیا تھا کہ الا ان محمداً قد قتل کیسی پریشانی پڑ گئی کہ تمام فوج متفرق ہوگئی پھر مطابق واقع مین معاذ اللہ کس طرح کی خرابیان متصور تھین اور اگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ اور دفعۃً شہید ہوتے جس طرح حضرت عمر اور عثمان اور علی مرتضی رضی اللہ عنہم شہید ہوئے تو اسطرح کی شہادت مین شہرت اور اعلان نہ تھا بلکہ شہادت کا امر ناتمام رہتا کیونکہ تمامی شہادت کی یہ ہے کہ مارا جاے حالت غربت و کربت مین اور پڑے رہین اُسکے گھوڑے اور ڈالا جاے اُسکا بدن زمین پر اور شہید ہوا سکے ساتھ جماعت کثیرہ اعزہ اور اقربا سے اور مال اُسکا [illegible] اور عورتین قید ہون اور یتیم لوگ گرفتار ہون اور یہ صدمے سب صرف خدا ہی کے واسطے ہون اور وہ شخص فی سبیل اللہ یہ سب مصیبتین گوارا کرے اور چونکہ قبل بیان شہادتین اول بیان

فضائل حسنین علیہما السلام ضروری ہے اس لیے بیان کرتا ہون کہ اول تو یہ دونون صاحبزادے حضرت کے بیٹے تھے قطع نظر
اس سے کہ بیٹی کا بیٹا فرزند کے حکم مین ہو چنانچہ حضرت فرماتے ہین کہ حسن و حسین دونون میرے بیٹے ہین امام احمد اپنی مسند
مین علی مرتضی سے روایت کرتے ہین کہ جب پیدا ہوے امام حسن تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور بولے
دکھلاؤ میرے بیٹے کو کیا نام رکھا ہے تم نے مین نے عرض کیا حرب یعنی جنگی حضرت نے فرمایا بلکہ اسکا نام حسن ہے
پھر جب پیدا ہوئے حسین فرمایا دکھلاؤ میرے بیٹے کو کیا نام رکھا ہے تم نے مین نے عرض کیا حرب فرمایا بلکہ حسین
اسکا نام ہے پھر جب پیدا ہوے محسن فرمایا دکھلاؤ میرے بیٹے کو کیا نام رکھا ہے مین نے کہا حرب فرمایا بلکہ محسن اسکا نام ہے
پھر ارشاد کیا کہ مین نے انکے نام اولاد ہارون علیہ السلام کے ناموں پر رکھے ہین کہ عبران مین شبر اور شبیہ و مشبر ہین
فائدہ اول حضرت علی مرتضی نے موافق عرف اور عادت عرب کے ایک رئیس عرب کے نام پر نام رکھے تھے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے بدل دیے تو اس سے معلوم ہوا کہ اکابر دین کے ناموں پر نام رکھنا چاہیے نہ رئیس جاہلیت کے
ناموں پر ولہذا پھر ولایت آپ نے اپنے بیٹون کے نام خلفا نامدار اور صحابہ عالی مقدار کے ناموں پر یعنی ابوبکر اور عمر
اور عثمان اور عباس وغیرہ رکھے اور اس حدیث سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ حضرت محسن روبرو دے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
صحیح و سالم پیدا ہوئے تھے باسجود اس تقریر سے بیٹا ہونا حضرت حسنین علیہما السلام باحسن وجہ ثابت ہوا دوسرے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہین کہ حسن و حسین سردار ہین بہشتی جوانون کے اور فرمایا کہ جس نے حسنین سے محبت رکھی اسنے
مجھسے رکھی جسنے انسے عداوت رکھی مجھسے رکھی اور چونکہ دوستی رسول بعینہ دوستی خدا ہے اور دشمنی بھی اسی طرح پس حسنین کی محبت
محبت خدا ہے اور عداوت انکی عداوت خدا اور نتیجہ محبت جنت اور نتیجہ عداوت دوزخ اور بخاری نے حضرت انس
رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حسن و حسین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت مشابہ تھے اور جناب امیر المومنین سے منقول ہے
کہ چھاتی سے سر تک حسن مشابہ رسول تھے اور حسین سینہ سے قدم تک اس سے معلوم ہوا کہ ایک جان و دو قالب تھے اور
دونون مل کر گویا آنحضرت کی تصویر تھے اور گویا صورت جسمیہ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم دو حصے ہو کر مادہ خلقت دونون فرزند
نبوت مین جلوہ فرما تھے اور جسطرح صورت مین یہ دونون صاحبزادے مشابہ تھے اسی طرح اخلاق و عادات مین بھی
مشابہ تر تھے صحیح مسلم مین وارد ہے کہ ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے نکلے اور آپ کے پاس ایک کملی
سیاہ تھی سو حسن ابن علی آئے حضرت نے انکو کملی مین لیا پھر حسین ابن علی آئے انکو بھی داخل کیا پھر فاطمہ
علیہا السلام آئین انکو بھی داخل فرمایا پھر علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ آئے انکو بھی اڑھا لیا پھر حضرت نے
فرمایا انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس و یطہرکم تطہیرا اور ترمذی نے روایت کی ہے کہ حضرت نے فرمایا حسن اور حسین
میری دنیا کے باغ کے دو گل ہین یعنی کل مراد اور ثمرہ فواد میرے باغ دنیا سے غیر حسن اور حسین کے دوسرا نہین ہے
اور بھی ترمذی نے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ یہ دو شخص یعنی حسن اور حسین میرے دونون بیٹے ہین

اور میرے بیٹی کے بیٹے ہین خداوندا مین انکو دوست رکھتا ہون تو بھی دوست رکھ انکو اور انکو جو انسے محبت رکھے ہین کہتا ہون کہ دعاء رسول مقبول بلاشبہہ مقبول ہو پس دوست رکھنا اللہ کا دوستدار حسنین علیہما السلام کو یقینی ہو اور ابوہریرہ سے ابی شیبہ نے روایت کی ہو کہ آنحضرت نے ابوہریرہ سے فرمایا کہ مین حسنین کو دوست رکھتا ہون تو بھی انکو دوست رکھ اور دشمن رکھ اسکو جو انکو دشمن رکھے اور بھی طبرانی نے ابوہریرہ سے روایت کی ہو کہ حضرت نے فرمایا جو شخص حسنین کو دوست رکھتے ہین اسکو دوست رکھتا ہون اور جسکو مین دوست رکھون اسکو خدا بھی دوست رکھے اور جسکو خدا دوست رکھے وہ بہشت مین داخل ہوگا اور جو شخص حسنین سے دشمنی رکھتے ہین اس سے دشمنی رکھتا ہون اور جسکا مین دشمن ہوا خدا اسکا دشمن ہوا اور جب خدا دشمن ہوا تو دوزخ اسے نصیب ہوگی اور ہمیشہ عذاب مین رہیگا اس حدیث سے صاف نکلا کہ یزید اور اسکے انصار اور اعوان جنھون نے حضرت حسین کو شہید کیا بیشک دوزخی ہین ولہذا لا نتوقف فی شانہ ولانی اعوانہ وانصارہ اور ابن عساکر نے روایت کی ہو کہ حسنین کو برا نہ کہو کہ یہ دونون اولین و آخرین جوانان بہشت کے سردار ہین اور ضیاء نے حذیفہ سے روایت کی ہو کہ حضرت نے فرمایا خوش خبری دی جبرئیل نے کہ حسنین عرش کے دو گوشوارے ہین اور کسی چیز سے معلق نہین ہین اور ابن عساکر نے انس سے روایت کی ہو کہ بغیر خدا نے فرمایا کہ کوئی شخص مجلس مین کسی کی تعظیم نہ کرے مگر حسنین اور انکی اولاد کی شیخ ابوسعید ماوردی نے مناقب امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ مین لکھا ہو کہ یہ حضرت توقیر اور احترام سادات مین نہایت مبالغہ فرماتے تھے چنانچہ ایک دن مجلس واحد مین چند مرتبہ تعظیم کو کھڑے ہوے اور بیٹھے اور سبب ظاہر نہوا اہل مجلس نے پوچھا کیا سبب تھا فرمایا کہ ان مین ایک لڑکا علوی ہو ہر گاہ مین اسکو دیکھتا ہون تعظیم کے واسطے اٹھتا ہون اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی اخبار الاخیار مین لکھتے ہین کہ شیخ امان پانی پتی بنا بر ارشاد طالبین و درس متعلمین بیٹھے ہوتے اور اطفال سادات کبھی آتے تو یہ حضرت اٹھ کھڑے ہوتے اور اسقدر تک کھڑے رہتے کہ وہ لڑکے کھیل کود کے چلے جاتے لوگون نے پوچھا اسکا کیا سبب ہو فرمایا کہ امان کی کیا مجال جو بیٹھا رہے اور اولاد رسول کھڑی رہے اور طبرانی نے معجم کبیر مین حضرت فاطمہ علیہا السلام سے روایت کی ہو کہ مین حسنین کو لیکر مرض موت رسول اللہ مین آئی اور عرض کیا یا نبی اللہ یہ دونون تمھارے بیٹے ہین انکو کچھ ورثہ دیجیے فرمایا کہ حسن کو ہیبت و سیادت اور حسین کو جرأت و سخاوت مین نے اپنی وارث دی ہو اور ابن عساکر نے ہیبت و حلم و عزت و مجد بھی بیان کیا ہو اور احمد و ترمذی نے روایت کی ہو کہ ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھتے تھے کہ حسنین تشریف لاتے اور پاے مبارک انکا پھسلا کہ اندیشہ گرنے کا ہوا حضرت نے دیکھا تو فرط شفقت سے خطبہ چھوڑ کر دونون کو گود مین اٹھا لیا اور فرمایا صدق اللہ ورسولہ انما اموالکم واولادکم فتنۃ اس مقام سے شفقت حضرت دیکھا چاہیے

اور مصائب و بلا جو حضرت سید الشہدا پر واقع کربلا مین گذرے ہین خیال کرنا چاہیے یہ کب موجب رنج عنصر لطیف اور صدمہ روح شریف نہ ہوا ہوگا حضرت ابن عباس فرماتے ہین کہ ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھر کو چلے مین بھی ساتھ ہوا جب گھر مین آئے تو حسین کو گلے سے چمٹا لیا اور فرشتے نے اپنے پر دن سے سایہ کیا پھر آپ نے حضرت حسن کو گلے سے لگایا اور فرشتے نے حسین کو گود مین لے لیا اور سب لوگ یہ احوال دیکھتے تھے کہ آنحضرت لے چلے ابو بکر رضی اللہ عنہ اور ابو ایوب انصاری نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ حسن کو ہم لیوین کہ آپ کو تکلیف نہو فرمایا نہین جانتے کہ حسنین دنیا اور آخرت مین بزرگ ہین اور باپ انکا انسے بہتر ہے پھر فرمایا کہ آج مین بزرگی دیتا ہون انکو جس چیز سے انکو خدائے تعالے نے بزرگی دی ہے پس خطبہ فرمایا اور کہا کہ اے لوگو خبر دون تم کو کہ بہترین آدمی از روے جد و جدہ کے کون ہے حاضرین نے عرض کیا یا رسول اللہ فرمائیے ارشاد ہوا کہ حسن و حسین ہین کہ جد انکا رسول خدا اور جدہ انکی خدیجۃ الکبری بنت خویلد پھر فرمایا خبر دون تم کو کہ بہترین خلائق از روے والدین کون ہے بولے بلے یا رسول اللہ فرمایا کہ حسن و حسین کہ باپ انکا علی ابن ابی طالب اور مان انکی فاطمہ بنت رسول اللہ پھر فرمایا کہ خبر دون بہترین خلائق سے از روے چچا و پھوپھی کے بولے نعم یا رسول اللہ فرمایا حسن و حسین کہ چچا انکا جعفر ابن ابی طالب اور عمہ انکی امہانی بنت ابی طالب پھر فرمایا خبر دون تم کو بہترین مردم سے از روے خال اور خالہ کے ہے بولے آرے یا رسول اللہ فرمایا کہ حسن و حسین ہین کہ ماموں انکا قاسم ابن رسول اللہ اور خالہ انکی زینب بنت رسول اللہ اب خبردار ہو کہ باپ اور ماموں اور خالہ انکی جنتی ہین اور یہ بھی جنتی ہین اور جو انکو دوست رکھے وہ بھی بہشتی ہے اور جو شخص انکے دوست کا دوست ہو وہ بھی بہشتی ہے اسی طرح طبرانی نے کبیر مین روایت کی ہے پوشیدہ نہ رہے کہ ان روایتون سے واضح ہے کہ بلاشک حسنین علیہما السلام بہترین خلائق اور افضل ترین مخلوقات ہین اور جو اہل حق کے نزدیک ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما افضل البشر بعد رسول اللہ شمار کیے گئے ہین سو اسکے حیثیات اور جہات اور ہین یعنی ایصال نفع اعمال کثیرہ متعددہ و کثرت ثواب انشاے اسلام و ترویج احکام اسلام و فتح ممالک کفار و جہاد فی سبیل اللہ و انفاق مال و جان علی رسول اللہ کہ انمین امور کے واسطے بعثت رسول اللہ ہوئی ہے اور آیات اور احادیث انکی فضیلت مین بے حد و حساب ہین جسکو دیکھنا منظور ہو قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین ملاحظہ کرے اور جس طرح محبت اولاد رسول اللہ فرض ہے اسی طرح محبت اصحاب رسول اللہ بھی فرض ہے چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہے میرے یارون سے دشمنی مت کرو میرے بعد پس جس شخص نے دوست رکھا انکو سو میری محبت سے دوست رکھا اور جسنے انکو دشمن رکھا پس میری عداوت سے دشمن رکھا اور

جس نے انکو ایذا دی مجکو ایذا دی اور جسنے مجکو ایذا دی خدا کو ایذا دی قریب ہی کہ خدا اُس سے مواخذہ کرے اسی طرح اور حدیثین اور آیتین اصحاب آنحضرت کی شان مین اسقدر نازل ہین کہ انسے صراحۃ نکلتا ہی کہ عداوت انکی سبب نار ہی ورنہ اسکے محبت حضرت اہل بیت کی بلا محبت صحابہ کام نہین آتی اسلیے کہ اہل بیت کی شان مین آیا ہی کہ مثال انکی ہم مین مانند کشتی نوح علیہ السلام کے ہی کہ جو اُسپر چڑھا نجات پاگیا اور جس نے خلاف کیا ڈوبا اور اصحاب کی شان مین ہی کہ میرے یارون کی مثال ستارون کی ہی جس سے اقتدا کروگے ہدایت پاؤگے پس کشتی محبت اہل بیت بے رہنماے محبت صحابہ دریاے ایمان مین چل نہین سکتی کیونکہ کشتی شب تیرہ بین بے بدایت انجسم دریا مین نہین چلتی فصل الخطاب مین عبد اللہ ابن عباس سے روایت نقل کی ہی کہ جب شہر مداین خلافت حضرت عمر مین فتح ہوا تو حضرت عمر نے فرش زر مین مسجد مین بچھایا اور جمیع غنایم وہان جمع کیے اول امام حسن علیہ السلام تشریف لائے اور فرمانے لگے یا امیر المومنین ہمارا حق جو اللہ نے مقرر کیا ہی عطا کرو پس حضرت عمر نے کہا بالبرکۃ والکرامۃ اور ہزار درم نذر کیے جب آنجناب دولتخانہ کو تشریف لیگئے تو حضرت امام حسین علیہ السلام تشریف لائے انکو بھی ہزار درم دیے پھر عبد اللہ ابن عمر آئے انکو پانسو درم دیے عبد اللہ نے کہا یا امیر المومنین مین جوان ہون کہ رسول خدا کے حضور مین بھی جہاد کرتا تھا اور حسنین علیہما السلام صغیر السن تھے اور کچھ ہاے مدینہ مین کھیلا کرتے تھے انکو آپ نے ہزار ہزار درم دیے اور مجکو پانسو امیر المومنین عمر نے فرمایا کہ اے بیٹے تو ایسی فضیلت تو حاصل کر جو حسنین کو ہی تجھکو بھی ہزار درم عنایت کرون کیونکہ باپ انکے علی مرتضی اور مان انکی فاطمہ زہرا اور جد شریف انکے محمد مصطفے اور جدہ انکے خدیجۃ الکبری اور چچا انکے جعفر طیار اور بھی انکی اعمامی اور ماموں انکے ابراہیم ابن رسول اللہ اور خالہ انکی رقیہ دام کلثوم دختران رسول اللہ پس عبد اللہ ابن عمر ساکت ہوگئے اور یہ خبر علی مرتضی کو پہونچی تو انھون نے کہا مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہی کہ عمر چراغ اہل جنت ہی جنت مین بعد اُسکے یہ خبر حضرت عمر کو پہونچی تو وہ ایک جماعۃ مسلمانون کے ساتھ دروازہ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ پر گئے اُسی وقت حضرت امیر مرتضی باہر تشریف لائے حضرت عمر نے کہا کہ اے علی تم نے سنا ہی کہ رسول اللہ نے مجکو چراغ اہل بہشت فرمایا ہی حضرت امیر نے فرمایا ہان مین نے یہ حدیث آنحضرت سے سنی ہی پس امیر المومنین عمر نے کہا یا علی یہ حدیث اپنے ہاتھ سے مجھے لکھ دیجیے حضرت نے دست مبارک سے لکھدیا بسم اللہ الرحمن الرحیم ہذا ما ضمن علی ابن ابی طالب لعمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہما عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن جبرئیل علیہ السلام عن اللہ تبارک وتعالی ان عمر ابن الخطاب سراج اہل الجنۃ فی الجنۃ یعنی خلاصہ یہ کہ علی ابن ابی طالب عمر کا ضامن ہوا اور لکھے دیتا ہی کہ رسول خدا نے عمر کے حق مین فرمایا تھا کہ جبرئیل نے خدا کی طرف سے مجھے خبر دی کہ عمر ابن الخطاب چراغ اہل جنت ہین

پس حضرت عمر نے وہ نوشتہ لے لیا اور اپنی اولاد کو سپرد کر کے وصیت کی کہ جب میری وفات ہو تو بعد غسل و تکفین یہ کاغذ کفن مین رکھ دینا تاکہ اسکے ذریعہ سے خدا کی ملاقات کرون سو جب حضرت عمر شہید ہوے تو وہ کاغذ کفن مین رکھ دیا گیا بعض علما فرماتے ہین کہ معنی سراج اہل جنت کے یہ ہین کہ وہ چالیس اصحاب جنکی تمامی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حاصل ہوئی وہ سب بہشتی ہین اور عمر رضی اللہ عنہ اُن مین چراغ ہین کیونکہ اسلام اُنکا آنجناب کے سبب سے قوی ہو گیا اور اُسی طرح اظہار اسلام کیا جسطرح راہ روشنی چراغ سے ہدایت پاتا ہے کذا فی النہایہ للجزری اس مقام سے سند رکھنے شجرہ کی حضرات صوفیہ کو کافی ہاتھ آئی اب گنجایش انکار نہین رہی واضح ہو کہ تفضیل حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر محض باعتبار قرابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم والدت حسنین علیہما السلام کے ہے نہ کسی اور جہت سے علاوہ اسکے ان دونون بزرگوارون مین ایسی محبت باہم تھی کہ ایک دوسرے کو اپنی نفس پر تفضیل دیتے تھے کہ تصنیفات محققین کے اس سے مالا مال ہین اگرچہ یہ مقام مقتضی بیان تفضیل صحابہ کا نہ تھا مگر اس لحاظ سے کہ محبت اہل بیت مین یہ تحریر ہو رہی ہے سو وہ محبت بلا محبت صحابہ ناتمام تھی اسلیے بیان بعض مراتب کا ضرور ہو گیا اب پھر مقصد اول پر آیا اور دل یہ چاہتا ہے کہ جس طرح شہادت خفی اور جسکی علیحدہ علیحدہ بیان کیجائینگی اسی طرح قبل شہادت کے کچھ کچھ فضائل سبطین علیہما السلام بھی علیحدہ علیحدہ اُنکے حال مین لکھے جائین تو اس کتاب مین زیادہ تر برکت ہو جاے اور سننے والون کو بھی سرور علی السرور پیدا ہو اگرچہ اختصار اسکا مقتضی نہین ہے مگر تطویل بھی خالی از فائدہ نہین ؎

احمد ذکر نعمان لنا ان ذکرہ ٭ ہو المسک ما کررتہ یتضوع پس اول فضائل حضرت سبط اکبر رشک خورشید و قمر امام الاوحدین سید المتقین امیر المومنین امام حسن علیہ السلام جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلے ہین سُنا چاہیے علی ابن حسین سے روایت ہے کہ جب حضرت امام حسن کے تولد کا وقت پہونچا تو آنحضرت نے اسماء بنت عمیس اور ام ایمن کو حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کی خدمت مین بھیجا کہ آیۃ الکرسی اور معوذتین پڑھے اور جب خبر تولد آنحضرت کو پہونچی تو آپ تشریف لائے اور یہ دعا پڑھی اللھم انی اعوذ بک ولدہ من الشیطان الرجیم اور اسما سے روایت ہے کہ وقت تولد امام حسن علیہ السلام کے مین حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام کے پاس گئی تو کوئی علامت عورتون کی از قسم حیض و نفاس فاطمہ مین نہ پائی سو مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا حضرت نے فرمایا کہ میری بیٹی حیض اور نفاس سے پاک پیدا کی گئی ہے اور یحیی ابن زکریا سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن ابن فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور عیسی ابن مریم چھ مہینے کے پیدا ہوے اسی باعث سے اہل شریعت نے

اقل مدت حمل چھ مہینے کی مقرر کی ہی اور اسمار سے روایت ہی کہ آنحضرت حضرت فاطمہ کے گھر تشریف لائے
اور فرمایا کہ میرے بیٹے کو لاؤ سو مین زرد کپڑے مین لپیٹ کر لائی تو حضرت نے وہ کپڑا دور کیا اور فرمایا کہ
مین نے منع نہ کیا تھا کہ مولود کو پارچہ زرد مین مت لپیٹو تب مین نے سفید کپڑے مین لپیٹ کر دیا تو آنحضرت
نے داہنے کان مین اذان اور بائین مین اقامت فرمائی اور حسنؑ نام رکھا اور تاریخ الخلفا مین لکھا ہی کہ حسن
وحسین دونون نام اللہ نے پوشیدہ رکھے تھے کہ تا وقت ولادت اُنکے کسی کا نام نہین ہوا یہانتک کہ حضرت
نے اُنکا نام رکھا اور فصول المہمۃ مین لکھا ہی کہ ساتوین دن آنحضرت نے نام اُنکا حرب سے حسن کیا اور
پھر اپنے ہاتھ سے ایک دنبہ ذبح کر کے عقیقہ کیا اور ایک ران دایہ کو دی اور موے مبارک تراشوا کے
ہموزن اُسکے چاندی صدقہ دی کُنیت انکی ابو محمد اور القاب تقی وزکی وطیب وسبط دولی گرمشہور
سید ہی اور جمال وحسن انکا بیان کرنا دشوار ہی فائدہ تولد آپ کا متصل رمضان سال سوم ہجرت مین
ہوا ہی اور جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو حضرت حسن سات برس کے تھے
مرویات آپکی تیرہ حدیثین ہین حضرت انس ابن مالک سے روایت ہی کہ کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے زیادہ تر شبیہ سوا ے حسن کے نہ تھا اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی رسالہ حلیہ مبارک
مین فرماتے ہین کہ جو کوئی آنحضرت کو خواب مین دیکھتا حالانکہ اُسنے زندگی مین نہ دیکھا تھا اور صحابہ
سے بیان کرتا تو صحابہ اُسکی تشبیہ پوچھتے اگر بیننده خواب امام حسن کی شبیہ بیان کرتا تو صحابہ یقین
لاتے والا اور بخاری مین ہی کہ ایک دن صدیق اکبر نماز پڑھ کر مسجد سے نکلے تو حضرت علی ساتھ تھے
اتنے مین امام حسن نظر پڑے حضرت صدیق نے اُنکو کندھے پر رکھ لیا اور فرمایا کہ یہ لڑکا شبیہ بالنبی مصطفوی ہی
اے علی تم سے مشابہ نہین ہی حضرت علی متبسم ہوے صحیحین اور ترمذی مین براء ابن عازب سے روایت
ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت امام حسن کو کندھے پر چڑھائے تھے اور فرماتے تھے یا اللہ مین اس
لڑکے کو دوست رکھتا ہون تو بھی دوست رکھ اسی طرح ترمذی مین ابن عباس سے روایت ہی ایک دن
آپ انکو کندھے پر لیے تھے کہ ایک شخص نے کہا اے لڑکے تو اچھی سواری پر سوار ہی آنحضرت نے فرمایا
کہ نیک سوار ہی یہ لڑکا حافظ ابو نعیم فرماتے ہین کہ ایک دن مین آنحضرت کے ساتھ نماز مین تھا جب آپ سجدے مین
گئے تو حسن آکر پیٹھ پر سوار ہوے اور گردن مبارک پر گئے آنحضرت نے بہت آہستگی سے اتارا جب نماز سے
فارغ ہوے تو لوگون نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ یہ کام نماز مین کبھون نہین کرتے تھے حضرت نے فرمایا
کہ یہ لڑکا میرا ریحان جنت اور بیٹا میرا ہی اور قریب ہی کہ اسکے سبب سے اللہ تعالے دو فرقے مسلمانون
مین صلح کرا دے اور امام احمد ونسائی وبغوی وطبرانی وحاکم وبیہقی نے عبد اللہ ابن شداد سے اور اسنے اپنے

باپ سے روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب یا عشا کے واسطے مسجد مین تشریف لائے حسن بھی ساتھ تھے آنکو بٹھلا کر حضرت نے نماز شروع کی تو آنحضرت نے سجدہ دراز کیا راوی کہتا ہے کہ مین نے سر اٹھا کر دیکھا تو حسن پشت مبارک پر سوار تھے پھر مین سجدہ مین جاتا رہا جب فراغت ہوئی تو مقتدیون نے التماس کیا کہ یا رسول اللہ اس توقف سے ہم کو گمان ہوا کہ کوئی امر جدید پیدا ہوا یا وحی آگئی آنحضرت نے فرمایا کہ دونون مین کوئی بات نہ تھی بلکہ یہ بیٹا میرا حسن سوار تھا سو مین نے اسکا جلدی کرنا ناگوار جانا تا وقتیکہ اپنی خوشی سے نہ اترے اور ابو یعلی نے جابر سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سید جوانان بہشت کو دیکھنا چاہے تو حسن کو دیکھے اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت فرماتے تھے کہ یا الٰہی مین حسن کو دوست رکھتا ہون تو اسکو دوست رکھو اور مین چاہتا ہون اُسکو جو اسکو چاہے اور اس کلمہ کو تین مرتبہ تکرار فرمایا اور حاکم نے زبیر ابن الاحمر سے روایت کی ہے کہ ایک دن آنحضرت حسن کو بٹھلائے تھے اور فرماتے تھے کہ جو کوئی مجکو دوست رکھے حسن کو دوست رکھے اور چاہیے کہ حاضر غائب کو خبر پہونچا دے اور طبرانی نے کبیر مین انس سے روایت کی ہے کہ ہمارے گھر مین آنحضرت سوتے تھے کہ حسن آئے اور سینہ مبارک پر چڑھے اور پیشاب کر دیا مین نے چاہا کہ حسن کو علیحدہ کرون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھوڑ دے میرے بیٹے کو جسنے اسکو ایذا دی بیشک مجکو دی اور جسنے مجکو ایذا دی خدا کو رنج دیا اسی طرح کی بہت حدیثین اِنکے فضائل مین کتب تفاسیر اور حدیث مین مذکور ہین تفسیر حدادی مین لکھا ہے کہ ایک شخص مسجد مین آیا اُسوقت عبد اللہ ابن عباسؓ اور عبد اللہ ابن عمر اور حسن ابن علیؓ وعظ فرما رہے تھے اُسنے اول ابن عباس سے شاہد اور مشہود کے معنے پوچھے اُنھون نے کہا شاہد یوم جمعہ اور مشہود روز عرفہ ہے پھر ابن عمر نے بھی یہی جواب دیا جب حضرت امام حسن علیہ السلام کے حضور مین گیا تو آپ نے فرمایا شاہد محمد مصطفےٰ ہین اور مشہود قیامت اور یہ آیت پڑھی یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا و مبشرا و نذیرا و ذلک یوم مجموع لہ الناس و ذلک یوم مشہود ایک دن حضرت امام حسن بالباس فاخرہ گھوڑے پر سوار تشریف لیے جاتے تھے اور مقتدر ہوا خواہ رکاب تھامے چلے جاتے تھے راہ مین ایک یہودی مسکین محتاج ہزار ہا تکلیف مین گرفتار ملا اُسنے عرض کیا کہ تھوڑا توقف فرمائیے کہ مین آپ سے انصاف چاہتا ہون آپ نے فرمایا کیا انصاف چاہتا ہے اُسنے کہا تمہارے جد بیغمبر خدا نے فرمایا ہے الدنیا سجن المومنین و جنۃ الکافرین سو تم مومن ہو اور ایسی نازونعمت مین بسر کرتے ہو اور مین کافر ہون ایسے عذاب مین گرفتار سو یہ دنیا تمہارے بہشت ہے اور میری دوزخ حضرت امام حسن نے فرمایا کہ اے یہودی اللہ تعالےٰ نے ہمارے لیے جو کچھ ثواب آخرت مین رکھا ہے اگر تو دیکھے تو مجکو اُسکی نسبت اب سجن مین جانے اور جو کچھ تیرے لیے یا اور کافرون کے واسطے عذاب آخرت مقرر ہے اگر اُسکو دیکھے تو آپ کو بہشت مین جانے اور عبد اللہ ابن عبید اللہ ابن عمر سے روایت ہے کہ حضرت حسن نے پندرہ مرتبہ پیادہ پا حج فرمایا اور سواری آگے آگے کو تل بھیجی اور آپ کی سخاوت یہ تھی کہ ایک جوتہ پاؤن مین ہے اور دوسرا سائل کو دے آئے فصول المہمہ مین لکھا ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام حسن سے اپنا حال پریشانی کا

بیان کیا تو حضرت امام نے فرمایا کہ مجکو مقدور اسقدر نہین ہی کہ تیرے سوال کا حق ادا کرون مگر جو کچھ مجھسے ممکن ہی
ند رکرتا ہون اُسنے عرض کیا کہ مجھکو تھوڑا بھی بہت ہی اسپر شکر کرونگا تب حضرت امام حسن نے پچیس
ہزار درم طلب فرماکر عنایت کیے اور شیخ عبدالحق محدث رحمتہ اللہ علیہ نے رسالہ ایمۂ اثنا عشر مین لکھا ہی
کہ ایک دن حضرت امام حسن علیہ السلام کھانا کھاتے تھے کہ ایک سائل نے سوال کیا امام نے دو ہزار
درم عنایت فرمائے اور اُسنے اسی قدر چاہے تھے جب وہ چلا گیا تو کسی نے پوچھا یا ابن رسول اللہ آپنے
دو ہزار درم بخشش کیے اور کھانے کی صلاح نہ فرمائی حضرت امام نے کہا کہ مجکو یہ معلوم نہ تھا کہ آنے
والے سے صلاح کھانے کی بھی کرتے ہین اور ابونعیم اور ابن سعد نے علی ابن خدمان سے روایت کی ہی
کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے دو مرتبہ اپنا تمام مال و اسباب راہ خدا مین خیرات کیا اور تین بار نصف نصف
اور اس نصف مین یہ احتیاط فرمائی کہ اگر دو جوڑی جوتے کی تھی اُسمین سے ایک دیا اور ایک رکھا یہ غور
کا مقام ہی کہ بالکل دفعۃً سب مال کا خیرات کر دینا سخت مشکل ہی اور اسی طرح کی تقسیم علی السویہ نفس پر
کمال شاق ہی انھین صاحبون کا کام ہی اور اخلاق و حلم کا یہ مرتبہ تھا کہ چھ مرتبہ زہر دیا گیا اور زبان پر
نہ لائے جب ساتوین مرتبہ زہر نے اپنا کام تمام کیا تو امام حسین علیہ السلام آئے اور کہنے لگے کہ اے
بھائی صاحب آپ زہر دینے والے کو جانتے ہو تو بیان کیجیے کہ مین اُس سے عوض لون حضرت امام حسن نے
فرمایا اے عزیز علی مرتضی شیر خدا میرے باپ غماز نہ تھے اور محمد مصطفے محبوب خدا میرے جد ایسے نہ تھے
اور مامیری فاطمہ اور میری جدہ خدیجہ مین بھی یہ صفت نہ تھی اگر قیامت کے روز میری بخشش
ہوگی تو بلا بخشا ایسی زہر دہندہ کے بہشت مین نہ جاؤنگا اور ابن سعد نے عمر ابن اسحاق سے روایت
کی ہی کہ مروان جب عامل مدینہ ہوا تو اُسنے منبر پر چڑھکر حضرت امیر المومنین علی مرتضی علیہ السلام
کو بُرا کہا حضرت امام حسن علیہ السلام نے سُنا پر جواب نہ دیا اتنا فرمایا کہ اے مروان مین کچھ نہین
کہونگا خدا پر چھوڑتا ہون اور حضرت عائشہ صدیقہ زوجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رضی اللہ عنہا
فرماتی ہین کہ ایک شخص شام سے مدینہ مین آیا تو اُسنے دیکھا کہ ایک مرد گھوڑے پر سوار جاتا ہی
اُسنے لوگون سے پوچھا یہ مرد کون ہی معلوم ہوا کہ حسن ابن علی ہین وہ غیظ مین آیا اور کہنے لگا
کہ امر علی کا بیٹا اس لائق ہوا اور امام حسن سے کہا تو علی کا بیٹا ہی امام نے فرمایا ہان تب حضرت
علی کو بد کہنے لگا امام حسن خاموش رہے آخر وہ خود شرمندہ ہوکر چپکا ہو رہا تب امام متبسم ہوے
اور فرمانے لگے کہ میرا گمان ہی کہ تو شام سے آتا ہی اُسنے کہا ہان فرمایا کہ تو میرے گھر چل تو مین
تیری ضیافت کرون اور جو تیری حاجت ہو اُسے قضا کرون وہ اور بھی شرمندہ ہوا اور انکی تند خوی

اخلاق و حلم سے متعجب تھا شامی کہتا ہے کہ میں اُسی دم سے اُنکا عاشق ہو گیا کہ سوائے اُنکے کوئی میرا محبوب نہ تھا انتہیٰ اور اسی طرح ایک دن امام حسن مسند امامت پر بیٹھے ہوئے وعظ فرماتے تھے اور بہت لوگ جمع تھے ناگاہ ایک کافر نے آکر پوچھا کہ سردار مجلس کا کون ہے حضرت امام حسن نے فرمایا میں ہوں حسن ابن علی اُسنے خشونت سے کہا وہی علی جو مرد خونخوار اور جبار و جفا کار تھا اس بات پر حضار مجلس کو غصہ آیا اور مستعد ہوے کہ اُسکو ادب دیں حضرت امام حسن نے منع کیا اور فرمایا اے مرد تیری گفتگو سے تراوش کرتا ہے کہ تو کسی مصیبت میں مبتلا ہے خیر اگر بھوکھا ہے تو کھانا لذیذ اور بہتر موجود ہے کھالے اور جو پیاسا ہے تو آب شیرین و سرد خوشگوار تیار ہے اور جو قرضدار ہے تو ادائے دین پر حاضر ہوں اور اگر کوئی دشمن پیچھے پڑا ہے تو تیری اعانت اور مدد کر سکتا ہوں جب اُسنے یہ کلام معجز نظام سُنا تو کہنے لگا الحق تو بیٹا علی ولی اللہ کا ہے جسنے خیبر کا دروازہ اُکھاڑا اور بھائی اور وصی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا یہ کہکر مسلمان ہوا اور تمام عمر حضرت امام حسن کی خدمت میں رہا اور حضرت امام حسن علیہ السلام کی کرامتوں کا حصر نہیں ہے کہ اُسکو بیان کروں ہر ایک سخن کرامت اور ہر ایک فعل اعجاز تھا اور دیکھو اب تک کہ بارہ سو برس ہوے ہیں اُنکی تاثیرات اولیاء امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ظاہر ہیں اور جسطرح کے معجزے انبیاے پیشین سے سرزد ہوتے ہیں اسی طرح کی کرامتیں اولیاء اس اُمت سے ہوتی ہیں یہ برکت محض انھیں حضرت کی برکت سے ہے اور تزویج آنجناب کا حال یہ تھا کہ چار عورتیں منکوحہ سے کم کبھوں آپ کی خدمت میں نہیں رہیں سوائے مملوکہ کے علی ابن حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ امام حسن علیہ السلام عورتوں کو طلاق دیتے تھے اور کوئی عورت اُنسے جدا نہوئی مگر یہ کہ اُسنے آنجناب کو بیزار کیا اور امام جعفر صادق ابن محمد باقر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بسبب کثیر الطلاق ہونے جناب امام حسن علیہ السلام کے امیر المومنین علی مرتضیٰ فرماتے تھے کہ کوئی شخص اپنی بیٹی حسن کو نہ دے کہ وہ کثیر الطلاق ہے یہ بات سُنکر ایک ہمدانی نے کہا کہ بخدا کریم ہیں اپنی بیٹیوں کو اُنسے نکاح کر دونگا اگر راضی ہوں رکھے ورنہ دور کرے اور خلافت رسول اللہ کا حال یہ ہوا کہ جب امیر المومنین امام المتقین علی مرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ اکیسویں رمضان سنہ چالیس ہجرت میں جمعہ کے دن شہید ہوے تو صبح اُسکی حضرت امیر المومنین حسن علیہ السلام نے لوگوں کو جمع کرکے خطبہ فرمایا باواز بلند کہ مستدرک حاکم میں بسند صحیح متصل بلفظہ یوں مذکور ہے لقد قبض فی ہذہ اللیلۃ رجل لا یسبقہ الاولون بعمل ولا یدرکہ الآخرون بعمل وقد کان رسول اللہ یعطیہ الرایۃ فیقاتل وجبرئیل عن یمینہ ومیکائیل عن یسارہ فما یرجع حتی یفتح اللہ علیہ ثم قال علیہ السلام من عرفنی فقد عرفنی ومن لم یعرفنی فانا الحسن ابن علی وانا ابن النبی وانا ابن الوصی وانا ابن البشیر وانا ابن النذیر وانا ابن الداعی الی اللہ وانا ابن السراج المنیر وانا من اہل البیت الذی کان جبرئیل ینزل الینا ویصعد من عندنا وانا من اہل البیت

الذی اذہب اللہ عنہم الرجس وطہرہم تطہیرا وانا من اہل البیت الذی افترض اللہ مودتہم علی کل مسلم حاصل یہ کہ وفات پائی آج رات کو ایک شخص نے کہ مثل اُسکے علم وعمل مین نہ اگلون مین تمھا نہ پچھلون مین اور تجھے رسول اللہ کہ جہاد مین علم بردار کرتے تھے اُنکو سو وہ لڑتے تھے اور جانب یمین جبرئیل اور یسار مین میکائیل رہتے تھے پھر منھ نہ موڑتے تھے جب تک اللہ تعالی اُنکے ہاتھ پر فتح نہ دے پھر جو کوئی مجھکو جانتا ہی پہچانتا ہی اُسکو آگاہ کرنے کی ضرورت نہین ہی وہ تو پہچانتا ہی اور جو نہین پہچانتا ہی وہ خبردار ہو کہ مین حسن بیٹا علی کا ہون اور مین بیٹا نبی کا ہون اور مین پسر وصی ہون اور مین فرزند بشارت دینے والے اور خوشخبری سنانے والے کا ہون اور مین نور البصر ڈرانے والے کا ہون اور مین نخت جگر اُسکا ہون جو تم کو اللہ کی طرف بلانے والا ہی اور مین نور چشم چراغ روشن کا ہون اور اُس خاندان عالیشان سے ہون جسمین جبرئیل امین خدا آمد ورفت رکھتے تھے اور اُس گھرانے کا ہون جسکے گناہون کو اللہ نے گیا ہی اور پاک کر دیا ہی خوب پاک کرنا اور اُس گھر کا لڑکا ہون جنکی محبت اللہ نے سب مسلمانون پر فرض کی ہی یعنی اللہ نے فرمایا ہی قل لا اسالکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی پھر خطبہ تمام فرما کر روئے اور بعض مؤرخین نے اسی خطبہ مین اسقدر عبارت اور زیادہ روایت کی ہی کہ اسی رات مین وفات پائی یوشع ابن نون نے اور آسمان پر گئے عیسی ابن مریم اور سوائے سات درم جو انھون نے واسطے مول لینے کفن کے رکھے تھے کچھ نہین چھوڑا بالجملہ بعد اختتام خطبہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر فرمایا کہ اے حاضرین یہ حسن تمھارے پیغمبر کا بیٹا ہی اور تمھارے امام کا وصی ہی سو بیعت کرو اُسے چنانچہ حاضرین نے بلا تامل بیعت خلافت کی اور چالیس ہزار کوفی اسی دن کہ تاریخ بست دوم رمضان سال چہلم ہجری تھا بیعت مین در آئے اور عمر آنجناب اُسوقت سینتیس برس کی تھی بعد ازان آنجناب نے عبداللہ ابن عباس کو عامل بصرہ فرمایا یہ خبر معاویہ کو پہونچی اُسنے دو آدمی روانہ کیے ایک بصرہ مین دوسرا کوفہ مین تاکہ اخبار نویسی کرین اور لوگون کو تبالیف قلب بہکا دین یہ حال حضرت امام علیہ السلام پر بھی کھلا تو آنجناب نے اُن دونون کو قتل کرایا تاکہ عبرت ہو جاے اور معاویہ کو لکھا کہ اگر تو ارادہ لڑائی کا رکھتا ہی تو مین حاضر ہون سو معاویہ با لشکر شام مقابل ہوا اور آنجناب بھی چالیس ہزار آدمی سے جانب معاویہ تشریف لے گئے اور مقابلہ فوجون کا ہوا اُسوقت اللہ نے خود بخود حضرت امام حسن علیہ السلام کے دل مین ڈالا کہ دونون فرقون مین غلبہ کسی کو نہین ہوگا مگر ایک فتنہ عظیم برپا ہو جائیگا اسلیے معاویہ کو لکھ بھیجا کہ ہم امارت دنیا تجھکو سپرد کرتے ہین بچند شروط یہ انشراح صدر بصلح معجزہ پیغمبر خدا تھا اور بخاری نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے روایت کی ہی کہ جب حضرت امام حسن علیہ السلام نے لشکر عظیم الشان معاویہ ابن ابی سفیان پر بھیجا تو عمر ابن عاص نے کہا اے معاویہ یہ لشکر ایسا نہین ہی کہ بلا جدال وقتال پھر جائے ہزارون کا خون ہوگا معاویہ نے کہا اگر لڑائی ہوئی تو ہزارون مسلمان مارے جاوینگے اور کوئی باقی نہ رہیگا جو خلافت آپ رو سے مسلمانون کی کرے لہذا عبدالرحمن ابن عامر وعبدالرحمن ابن سمرہ کو جناب امام علیہ السلام کی خدمت مین

بھیجا اور سمجھا دیا کہ تم دونوں حاضر ہو کر آنجناب کی حضور مین بحسن تقریر عرض کیجیو اور مجھکو طلب کرائیو اور جسطرح ہو سکے صلح کی تدبیر کیجیو چنانچہ انھون نے حاضر ہو کر ہر طرح سے التماس کیا مگر آنجناب نے جوابات اول عذر آمیز فرمائے بعد انھون نے کہا کہ معاویہ کی یہ عرض ہے کہ جس طور سے آپ ارشاد کرین مجکو قبول و منظور ہے حضرت نے فرمایا آن شرائط کا ضامن کون ہوتا ہے آن دونون نے کہا ہم ضامن ہین سب شرائط قبول کرتے ہین بجا لاوینگے حضرت حسن البصری فرماتے ہین کہ صلح آنجناب کی طرف سے واقع ہوئی جیسا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا یعنی ابنی ہذا سید ولعل اللہ ان یصلح بہ بین فئتین من المسلمین کما روی البخاری فی صحیحہ اس مقام سے معلوم ہوا کہ صلح آنجناب کی طرف سے بسبب قلت و ذلت کی نہ تھی بلکہ آنجناب اگر دوے فوج و حشم غالب تھے اور حق بھی جانب امام تھا مگر جب چھ مہینے خلافت حقہ پر گذر گئے تو حضرت کے دل مین الہام ہوا کہ حضرت پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا ہے الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ ثم یصیر ملکا عضوضا رواہ احمد والترمذی و ابوداود و صححہ ابن حبان اور دو مہینے برس گذر گئے تو اب وقت ملوک و سلاطین آگیا ایسا نہو کہ مین انمین سعدود ہو جاؤن لہذا از خود صلح فرمائی بالجملہ جب صلح امام کی طرف سے موافق ارشاد رسول خدا صلعم ہو گئی تو آنجناب نے معاویہ کو خط لکھا بسم اللہ الرحمن الرحیم حسن ابن علی نے معاویہ ابن ابی سفیان سے صلح کی اس بات پر کہ ولایت مسلمانون کی اسکی تفویض کی باین شرط کہ مطابق قرآن و سنت رسول و سیرت خلفاء راشدین مہدیین عمل کرے اور اسکو یہ اختیار نہین کہ یہ امر بعد اپنے کسی کو تفویض کرے بلکہ مسلمانون کی راے پر چھوڑ دے اور سب لوگ امن مین رہین جہان کہین ہون اس ملک مین یا شام و عراق و حجاز و یمن مین اور تو ابع علی ہر نفسی اپنے مال اور اولاد و ازواج و نفوس سے جہان کہین رہین محفوظ رہین اور معاویہ ابن ابی سفیان پر ان امور مین عہد و پیمان خدا کا ہے اور مجکو اور میرے بھائی کو اور کسی اہل بیت کو علانیہ و پوشیدہ گزند نہ پہونچاوے اور یہ بھی معاویہ سے بدعہدی نہ کرین شہد بافیہ فلان و فلان ابن فلان و کفی باللہ شہیدا یہ قضیہ صواعق وغیرہ کتب معتمدہ اہل سنت مین موجود ہے اور ابن ابو نعیم و طبرانی و ابن شہر آشوب مازندرانی نے بھی ایسا ہی لکھا ہے بعد ازان معاویہ کوفہ مین حاضر ہوا اور بصلاح عمرو ابن عاص التماس کیا کہ آنجناب اس صلح کا خطبہ فرماوین چنانچہ حضرت نے منبر پر چڑھ کر بعد حمد و صلوۃ فرمایا اے لوگو آگاہ ہو کہ مابین جابلقا و جابلصا کوئی آدمی جسکا جد رسول خدا ہو سوائے میرے و حسین کے نہ پاؤگے اور خدا نے تم کو میرے جد کے ہاتھ سے ہدایت فرمائی اور گمراہی سے بچایا اور جہالت تم سے دور کی اور بعد ذلت کے عزیز اور بعد قلت کے کثیر کیا سو اب سنو کہ معاویہ ابن ابی سفیان نے مجھسے نزاع کی خلافت مین کہ میرا حق تھا نہ اسکا سو مین نے بناء بر اصلاح حال امت محمد صلعم و رفع فتنہ کے صلح کی ہے اور تم لوگون نے مجھسے بیعت کی تھی اس بات پر کہ جس سے مین صلح کرون تم صلح کرو اور جس سے لڑون اس سے لڑو پس مین نے مصلحت دیکھی کہ امر خلافت معاویہ کو تسلیم کرون اور مین نے بیعت کر لی اور خونریزی سے دست بردار ہوا کیونکہ حفاظت خون کی خونریزی سے بہتر ہے اور اس صلح سے میرا اور کچھ مطلب نہین ہے مگر اصلاح حال تم لوگون کا اور مین نہین جانتا ہون شاید کہ یہ صلح آزمائش ہو تمھاری اور برخورداری تا اجل موعود و السلام یہ خطبہ سنکر معاویہ نے کہا کہ اے عمرو تو نے یہی ارادہ کیا تھا کہ سب کے روبرو میری عدم حقیقت ظاہر ہو از نزاع ما حق آشکارا ہو

باجملہ یہ صلح ماہ ربیع الاول سنہ اکتالیس ہجری مین واقع ہوئی اور اکثر لوگ یاران علی مرتضی اور طالبین امام حسن مجتبی سے ناراض ہوے اور بعض نے کہا یا عار المومنین سودت وجہ المومنین حضرت نے فرمایا العار خیر من النار بعضے کہتے ہین کہ صلحنامہ مین یہ بھی شرط تھی کہ محکوم مع اہل بیت مدینہ مین پہونچادے اور بیت المال کا کل مال میرے لیے چھوڑدے اور جو کچھ عراق مین ہو اُسکو تقسیم کرے مجھ مین اور میرے بھائیون مین اور پانچ ہزار درم ہبیانہ مقرر کرے اور اہل مدینہ و عراق سے کچھ مطالبہ نہ کرے اور بعض روایات مین ایک لاکھ درم سالیانہ ہے الغرض معاویہ نے جملہ شرائط قبول کیے اور صحیح یہ معلوم ہوتا ہے کہ آنجناب نے کچھ بھی معاویہ سے طلب نہین کیا کیونکہ مضمون صلح نامہ سے جو بخاری نے روایت کیا ہے کچھ ذکر اسکا نہین ہے کما ذکرنا سابقا اجمالا بعد از صلح آنجناب مع اہل و عیال و خدم و حشم مدینہ مین تشریف لاے اور معاویہ نے بشر بن ارطاط کو حاکم بصرہ مقرر کیا اور عبد اللہ بن عامر کو مصر کا عامل کیا اور مروان علیہ اللعن کو مدینہ یا سکینہ مین بھیجا ۵ مومنو جنکے فضائل کی ہوئی یہ تقریب ابنخوانکے شہادت کی بھی ہے

تفسیر ۵ کہ جعدہ بنت اشعث ابن قیس زوجہ جناب امام حسن علیہ السلام کے پاس یزید پلید نے اسمار ابن قیس کو پیغام بھیجا کہ اگر تو امام حسن کو زہر دیوے تو مین تجھسے نکاح کرون گا اُسنے زہر دیا چالیس روز آنجناب بیمار رہے اور وفات پائی اور بعض اہل تاریخ لکھتے ہین کہ عامل مدینہ مروان علیہ اللعن نے بامیاے یزید سماۃ السویدیہ روسیہ کو جو ایک بڑی فقیہ و دانا تھی طلب کرکے پوچھا تو امام حسن کے گھر جاتی ہے اُسنے کہا اکثر جاتی ہون یہ سنکر اُسنے کہا ایک بات کہتا ہون کسی سے نہ کہنا تجکو تین ہزار دینار وقت برآمد کار عطا کرونگا اور سو دینار ماہی الحال لے اُسنے کہا مین نہ کہونگی مروان نے کہا کہ تو جعدہ کو کسی طرح وہان سے نکال تو یزید اُس سے نکاح کرے اُسنے قبول کیا اور حالت تنہائی مین جعدہ کے پاس گئی اور حکمت چیڑی باتین کرکے کہنے لگی کہ یزید تم پر عاشق ہے اگر اُسکے پاس رہو تو ملک شام و عراق تمھارے تصرف مین آوے اور ملکہ کہلاؤ حسن ابن علی کے پاس سواے محتاجگی کے اور کیا ہے کسی قابل نے سچ کہا ہے ۵ شیطان زندان عصیان ہر نخطہ رہ مردان آدمکرد حیل اما شاگرد زنان باشد ۵ پس جعدہ سوداے ملک و دولت مین گرفتار ہوکر حق صحبت و برنیہ حضرت حسن علیہ السلام بکقلم بھول گئی اور بولی مجکو یزید کے پاس رہنا بدل منظور ہے اُس نمامہ فاجرہ نے یہ احوال مروان علیہ اللعن سے کہا تب مروان نے اُسی مرار کے ذریعہ سے کہلا بھیجا کہ امام حسن کی زندگی مین ملاقات یزید مشکل ہے انکو دفع کر تو مطلب حاصل ہو جعدہ نے کہا کہ مین کس طرح امام حسن کو دفع کرون سو مروان مردود نے تدرے زہر بھیجا کہ اسے شہد مین گھول کر پلادے چنانچہ اُس کم بخت نے ویسا ہی کیا کہ حضرت حسن علیہ السلام کو رات بھر قے ہوتی رہی مگر اللہ نے صحت بخشی پھر حضرت امام حسن نے اُسی دن سے جعدہ کے گھر کا کھانا پینا موقوف کیا امام قاسم کے گھر کا کھانا کھانے لگے بعد چند روز کے ایک روز جعدہ کے پاس تشریف لے گئے تو اُسنے پھر خرمون مین ملا کر یا لے مروان ملعون نے زہر کھلایا اسی طرح جو مرتبہ نہ زہر کھلایا مگر اللہ نے صحت بخشی اور مروان کو خبر پہونچتی رہی آخر ایک دن مروان نے اسی دلالہ کو پھر طلب کرکے کہا کہ تو جعدہ کے پاس جاکے کہدے کہ اب یزید کا حال بہت پریشان ہے ہلاکت امام حسن کی تدبیر جلد کرنا چاہیے ورنہ ملک و دولت جعدہ کے ہاتھ سے جاتا ہے اور تھوڑا الماس بسا ہوا دیا کہ جعدہ کو دینا کہ یزید نے کسی طرح امام حسن کو کھلادے

وہ دلالہ جعدہ کے پاس آئی اور امانت کا فریب بلا خیانت جعدہ کے پاس پہونچائی تو اسنے کسی تدبیر سے الماس
پانی مین پلا دیا کہ حضرت حسن کو اسہال کبدی عارض ہوگیا اور آنتین کٹ کٹ کے گرنے لگین آخرکار حال بہت
متغیر ہوا کہ امید بچنے کی نرہی جب وفات امام حسن علیہ السلام کی قریب پہونچی تو امام حسین علیہ السلام تشریف لائے
اور پوچھا کہ اے بھائی صاحب یہ حرکت کس نے کی ہے فرمایا کیا تم اسکو قتل کیا چاہتے ہو امام حسین نے کہا ہان بے شبہ
فرمایا اگر وہی میرا قاتل ہے جسکو مین گمان کرتا ہون تو اللہ منتقم ہے اُس سے انتقام لیگا اور جو واقع مین وہ نہین ہے جس
میرا شبہہ ہے تو مین نہین چاہتا کہ بیگناہ کے قتل کا تم سے مواخذہ ہو اور مین تو کئی مرتبہ زہر کھلایا گیا مگر یہ بہت
سخت ہے ایسا حال میرا کبھون نہین ہوا جو ابکی مرتبہ ہے گویا اشارہ کیا کہ اب امید زندگی منقطع ہے مخفی نرہے کہ حضرت
امام حسن علیہ السلام نے کئی وجہ سے اپنے قاتل کو نہ بتلایا اول یہ کہ بنا اس شہادت کی اخفا پر تھی لہذا قاتل کو بھی
مشتبہ رکھا دوسرے یہ کہ بموجب احکام شرعیہ کے قصاص کا حکم جاری نہ ہوسکتا تھا تیسرے افشا اس راز کا
آپ کے حلم و مروت و صبر و اخلاق کے خلاف تھا سو بتقاضاے کمال تحمل زبان پر نہ لائے ورنہ یہ بات ایسی نہ تھی
اگر تحقیقات ہوتی تو بیشک زہر دینا جعدہ پر ثابت ہوجاتا مگر سچ یہ ہے کہ ایسے مقام مین باوجود قدرت کے انتقام
دشمن سے قطع نظر کرنا انھین حضرات کا کام ہے کہتے ہین کہ اس حال مین جعدہ کو خلوت مین بلا کر ارشاد کیا کہ اے بادۂ
ناسازگار و اے بار بیوفا جفاکار تیرے اس کردار سے مین نے اپنے عزیزون کو مطلع نہین کیا محکمہ قیامت پر اسکا
فیصلہ رکھا ہے افسوس کہ تو خدا سے نہ ڈری اور اس محبت دیرینہ کو تو نے برباد کر دیا کیا دوستون سے یہی امید ہوتی ہے
جو تو نے کیا اور فرمایا کہ جو تیرا مطلب ہے کبھون نہوگا پھر اُسکی طرف سے منھ اپنا پھیر لیا اور حلیہ ابونعیم مین عمر ابن اسحاق
سے روایت ہے کہ مین و ایک شخص اور حضرت امام حسن علیہ السلام کے مرض موت مین عیادت کو گیا تو حضرت نے فرمایا
کہ مجھسے کچھ دریافت کرین نے کہا یا ابن رسول اللہ اس حالت مین کیا پوچھون آپ کی طبیعت ناد رست ہے بعد اُسکے
گھر مین تشریف لے گئے اور پھر باہر آکر فرمانے لگے کہ جو کچھ پوچھنا منظور ہو پوچھ لے شاید پھر فرصت سوال نہ ملے اور مجکو
طاقت جواب دینے کی نرہے اور فرمایا کہ مجکو کئی مرتبہ زہر دیا گیا مگر ابکی بار حالت میری از بس متغیر ہے کہ ٹکڑے جگر کے
کٹ کٹ گرتے ہین پھر مین دوسرے دن جو آپ کی خدمت مین حاضر ہوا تو دیکھا کہ حالت احتضار ہے اور حضرت امام حسین
علیہ السلام سرہانے بیٹھے ہوے قاتل کا نام پوچھتے ہین اور فصل الخطاب مین ہے کہ چھ مرتبہ آپ کو زہر دیا پانچ مرتبہ
اثر نہ کیا چھٹے مرتبہ اپنا کام کر گیا کہ شہید ہوے روایت ہے کہ ایک دن قبل اس سے حضرت امام حسن علیہ السلام
نے خواب دیکھا کہ گویا دونون آنکھون کے بیچ مین قتل ہوا اللہ لکھا ہے سعید ابن مسیب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر
خواب حضرت حسن کا سچا ہے تو وفات قریب ہے حافظ ابوعمر و یوسف ابن عبد اللہ ابن عبد البر اور قرطبی نے روایت
کی ہے کہ جب وقت رحلت بہت قریب پہونچا تو آپ نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے یہ وصیت فرمائی کہ کوفیون کے قول

وفعل پر اصلا اعتماد نہ کیجیو یہ لوگ اپنی سفاہت وحماقت سے تم کو خلافت کے واسطے قائم کرینگے اور مدینہ سے بلا دینگے سو تم ہرگز خلافت کا قصد نہ کرنا اس لیے کہ مین جانتا ہون کہ خداوند تعالی اہل بیت نبوت مین خلافت ونبوت جمع نہ کریگا اور یہ بھی فرمایا کہ مین نے حضرت عائشہ صدیقہ سے پوچھ لیا ہے کہ مین روضہ مبارک جد امجد کے قریب دفن ہون اور انھون نے مجھسے وعدہ کیا ہے سو تم کو چاہیے کہ بعد میری وفات کے میرا جنازہ روضۂ مبارک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر لیجانا اور حضرت عائشہ سے پھر بتجدید اجازت لینا اگر وہ کہین تو دفن کرنا مگر مین جانتا ہون کہ بنی امیہ منع کرینگے جو ایسا ہو تو قصد نکرا رضرور نہین جنت البقیع مین میری ماں کے پاس دفن کر دینا پھر جب وفات ہوئی تو حضرت امام حسین نے حضرت عائشہ سے اجازت چاہی جناب صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بلا تامل بطیب خاطر اجازت دی یہ خبر مروان علیہ ما یستحقہ کو پہونچی اسنے کہا یہ نہوگا پھر حضرت امام حسین چند آدمیون کو لیکر مستعد ہوے مروان بھی مسلح ہوا تب حضرت ابوہریرہ نے حاضر ہوکر کہا کیا ہی ظالم لوگ ہین کہ ابن رسول اللہ کو رسول اللہ کے پاس دفن نہین ہونے دیتے اور امام حسین کے پاس گئے اور وصیت حضرت امام حسن کی یاد دلائی وہ جنازہ شریف اٹھا کر جنت البقیع مین لیگئے وسعید ابن عاص نے نماز جنازہ پڑھی اور حضرت فاطمہ کے پاس دفن کیا امام حسین علیہ السلام ومحمد ابن حنیفہ وعبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہم نے قبر مین اتارا تھا اور فرصت بنی امیہ سے کوئی شخص جنازے پر نہ آیا مگر سعید ابن عاص کہ اسوقت امیر مدینہ تھا وہ خالد ابن ولید کے ایما سے حاضر ہوا اور اسنے باجازت امام حسین علیہ السلام نماز جنازہ پڑھی تہذیب التہذیب مین ثعلبہ سے روایت ہے کہ مین وقت دفن حاضر تھا اسقدر کثرت آدمیون کی تھی کہ اگر سوئی بھی ڈالی جاتی تو آدمیون پر پڑتی حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ بنی ہاشم کی عورتون نے ایک ماہ کامل غم والم کیا عمر شریف حضرت امام حسن علیہ السلام کی بروایت بعض چھیالیس برس کی وبروایت صحیحہ پینتالیس برس چھ مہینے کسرے کم کی تھی دنون کے حساب سے سات برس حضور رسالت پناہ مین پرورش پائی اور تیس برس ظل حمایت پدر بزرگوار حیدر کرار مین رہے اور آٹھ برس کئی مہینے نقط حفظ وحمایت جناب احدیت مین زندگی کی اور پیدائش آپ کی ایک روایت مین نصف شعبان سنہ تین ہجری مین اور بعض کے نزدیک پندرھوین ماہ مبارک رمضان ہے اور آنجناب کی اولاد مین پندرہ بیٹے آٹھ بیٹیان ہوئین اور نسل آپ کی پانچ بیٹون سے باقی رہی زید شہید نہ رہے کہ جسطرح حضرت کی ولادت مین اختلاف ہے ویسی ہی آپ کی شہادت مین روایات مختلفہ ہین بعض کے نزدیک غرہ ربیع الاول اور بعض کے نزدیک پانچوین مگر بقول مختار ماہ ربیع الاول ہے اور شہور سنہ پچاس ۵۰ ہجری ہے تنبیہ حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی خیبر مین زہر دیا گیا تھا (کذا فی احیا الاموات) چنانچہ بخاری ومسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ مین ہمیشہ اس کھانے کی تکلیف پاتا ہون جو مین نے خیبر مین کھایا تھا سو یہ وقت وہ ہے کہ مجکو معلوم ہوا اپنی جان کی رگ گوشتا اسی زہر سے علامہ سیوطی نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے کہ جب حضرت امام حسن علیہ السلام شہید ہوے تو جعدہ نے یزید پلید کو لکھا کہ ایفاء وعدہ کر یزید نے لکھ بھیجا کہ مین راضی نہ تھا کہ تو حسن ابن علی کے پاس

رہے حالانکہ میں اُنکو اپنا دشمن جانتا تھا پھر تجکو اپنے پاس رکھنے کا ارادہ کرونگا استغفر اللہ کیا کارخانے تضاد قدر کے ہیں کہ جعدہ بے نصیب دونوں طرف سے گئی نہ اِدھر کی ہوئی نہ اُدھر کی ہوئی خسر الدنیا والآخرہ اسکو کہتے ہیں اور بعض محققین نے یوں لکھا ہے کہ جعدہ اس حرکت سے سخت پشیمان ہوکر بھاگی اور مروان علیہ اللعنۃ کے گھر میں چھپی اُسنے دو غلام اور تین لونڈیاں ساتھ کرکے جانب شام روانہ کیا اور امیر معاویہ کو لکھا کہ اسکو مخفی رکھنا چاہیئے نہیں تو بنی ہاشم کے ہاتھ سے نجات مشکل ہے سو امیر معاویہ سخت رنجیدہ ہوئے یعنی جب جعدہ پہونچی تو اُسکو طلب کرکے کہا تو نے نہایت بدحرکت کی لعنت خدا کی تجھ پر اور اُسپر جس نے امام حسن کی شہادت میں سمی کی تخصیص اُسپر جس نے زہر بھیجا اے جعدہ تجکو شرم نہ آئی کہ تو نے اپنے دوست کو اسطرح مارا اور خدا اور رسول کے غضب سے نہ ڈری دور ہو میرے پاس سے تو ہرگز لائق یزید نہیں ہے تب جعدہ نے یزید کو لکھا کہ اب میں نے اپنا کام کیا تو بھی وفا وعدہ کر اُسنے وہ جواب دیا جو علامہ سیوطی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے مخفی نہ رہے کہ یہ شہادت حضرت پیمبر خدا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اور یہی قسم اول تھی جسکو سریہ اصلیہ کہتے ہیں اب سُنا چاہیے حال شہادت جنریہ کا جو سبط اصغر حضرت امام حسین علیہ السلام سے خاص ہوئی اور سرگاہیکہ بنا اسکی اعلان پر تھی اسلیے اولاً وحی میں فرشتوں کی زبان سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی اور مکان و زمان اُسکا معلوم ہوا اور یہ خبر بن بنزلہ مشہور و متواتر کے پہونچیں تاکہ کسی طرح کا شبہہ نہ رہے مگر قبل تحریر واقعہ بیان حال ولادت باسعادت اور فضائل و مناقب اِنکے جو بہ تخصیص بلا شرکت سبط اکبر علیہ السلام کے زبان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہوئی ہیں ضرور ہے اور لکھنا اخبار موحشہ کا کہ دلالت شہادت پر کرتے ہیں واجب لہذا التماس ہے کہ ولادت حضرت امام حسین علیہ السلام کی پانچویں شعبان سنہ ہجری میں ہوئی بعد پچاس روز کے تولد امام حسن سے رحم مادر میں آئے اور دس مہینے چند روز ماں کے پیٹ میں رہے اسی قدر بزرگی و خوردی سبطین علیہما السلام میں تھی اور بعد پیدا ہونے کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اذان و تسمیہ و ختنہ وغیرہ امور جو کہ حضرت سبط اکبر کے ساتھ فرمائے وہ سب اِنکے ساتھ بھی کیے اور کُنیت اُنکی ابو عبد اللہ و القاب سید و طیب و وفی و زکی و مبارک و تابع بمرضیات اللہ و سبط رسول اللہ مگر اشہر القاب زکی اور اعلی سید ہے اور حضرت امام حسین علیہ السلام سینہ سے قدم تک مشابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور آپ کی انگوٹھی میں کندہ تھا الکل اجل کتاب فضائل شریف حد حصر سے خارج ہیں علم و عمل زہد و تقوی جود و سخا شجاعت و فتوت اخلاق و مروت صبر و شکر و حلم و حیا وغیرہ صفات کمال میں بوجہ کمال طاق اور مہمان نوازی و غربا پروری و اعانت مظلوم بمقابلہ ظالمین و ایصال رحم و انعام فقیر و مساکین میں شہرہ آفاق تھے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک لونڈی دستہ گل لائی حضرت امام نے سونگھا اور اُسکو آزاد کیا انس کہتے ہیں میں نے کہا کہ یا ابن رسول اللہ آپ نے دستہ گل کے بدلے

ازاد کیا فرمایا اللہ صاحب فرماتے ہین واذا حییتم بتحیۃ فحیوا باحسن منہا اور تسبیح عبدالحق محدث فرماتے ہین کہ ایک دن حضرت امام کھانا کھاتے تھے لونڈی آپ کی پیالہ پانی کا لیے ہوے کھڑی تھی دفعۃً وہ پیالہ ہاتھ سے گرا ٹوٹ گیا حضرت امام غصہ ہوے لونڈی نے کہا الکاظمین الغیظ والعافین عن الناس حضرت نے فرمایا کہ مین نے غصہ کھایا اور تیرے گناہ سے درگذرا لونڈی نے کہا واللہ یحب المحسنین اسی وقت حضرت نے آزاد کیا اور عبادت کا یہ مرتبہ تھا کہ پچیس مرتبہ پیادہ پا حج کیا چنانچہ علی ابن حسین سے کسی نے پوچھا کہ تمھارے باپ کی اولاد کیونکر کم ہوئی فرمایا کہ جس قدر ہوئی وہی تعجب ہے انکو فرصت کہان ہوتی تھی کہ عورتون سے صحبت کرین دن اور رات مین تین ہزار رکعتین پڑھتے تھے اور ہمت کا یہ حال تھا کہ معاویہ ابن ابی سفیان نے لکھ مین آگرہبت مال و اسباب نذر کیا حضرت نے پھیر دیا شواہد النبوۃ مین لکھا ہے کہ جبرہ شریف ایسا ناہان تھا کہ لوگ اسکی رکشنی مین راہ چلتے تھے اور فضائل آنجناب خاصۃً یہ ہین شواہد النبوۃ مین ہے کہ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم انکو ران راست پر بٹھلائے تھے اور ابراہیم اپنے صاحبزادے کو ران چپ پر کہ حضرت جبرئیل نشریف لائے اور کہا کہ اللہ صاحب ان دونون کو آپ کے واسطے جمع نہین کرینگے سو آپ ایک ہی کو اختیار کیجیے حضرت نے خیال کیا کہ حسین کے مرنے مین مجکو اور علی اور فاطمہ کو غم ہوگا اور ابراہیم کے مرنے مین زیادہ مجھی کو رنج ہوگا سو مین اپنا رنج گوارا کرسکتا ہون چنانکہ تیسرے دن ابراہیم نے وفات پائی بعدازان جب حضرت امام حسین آنحضرت کے پاس آئے تو آپ انسے دیکر فرماتے کہ اسی پر مین نے اپنا بیٹا فدا کیا ہے اور ترمذی نے یعلی ابن مرہ سے روایت کی ہے کہ رسول خدا نے فرمایا کہ حسین مجھسے ہے اور مین حسین سے ہون اللہ دوست رکھے اسکو جو حسین کو دوست رکھے اور حسین سبط ہے اسباط سے سبط بمعنی لوا سے اور گروہ کے ہے اور دونون معنی یہان درست ہوتے ہین اول ظاہر ہین دوسرے یہ کہ امام حسین حسنات و مبرات مین مثل گروہ تھے کہ اچھے کام انسے برابر جماعت کے ہونگے اور ایک نفس شریف انکا برابر انفاس کثیرہ ہے اور یہ بھی اشارہ ہے کہ انہی نسل سے اکثر اولاد باقی رہیگی اور ابن انحضر نے یزید ابن زیاد سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ کے گھر سے فاطمہ علیہا السلام کے گھر مین تشریف لے گئے تو حسین کے رونے کی آواز آئی فرمایا اے فاطمہ تو نہین جانتی کہ حسین کے رونے سے مجکو ایذا ہوتی ہے اور براء ابن عازب سے روایت ہے کہ مین نے دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ حسین کو اپنے کندھے پر چڑھائے اور فرماتے تھے اے خدا مین اسکو دوست رکھتا ہون تو بھی دوست رکھ اور تہذیب التہذیب مین میسرۃ ابن مرہ سے روایت ہے کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک شخص کے گھر دعوت کھانے کو گیا اور بھی لوگ ساتھ تھے پس آنحضرت جماعت سے علحدہ ہوے اور امام حسین لڑکون مین کھیلتے تھے حضرت نے چاہا کہ انکو پکڑین امام حسین بھاگے حضرت نے پکڑا اور ایک ہاتھ ٹھوڑی پر اور دوسرا زیر ذقن لگا کر بوسہ دیا

اور فرمایا کہ حسین مجھسے ہی اور مین حسین سے ہون دوست رکھتا ہی اللہ اُسکو جو حسین کو دوست رکھتا ہی اور طبرانی نے
حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خبر دی مجھکو
جبرئیل نے کہ میرا بیٹا حسین مارا جائیگا میرے بعد زمین طف مین اور میرے پاس یہ مٹی لائے فائدہ طف کنارہ دریا
اور جانب دشت کو کہتے ہین اور کربلا کو طف اس سبب سے کہتے ہین کہ کنارہ جنگل فرات واقع ہی اور
ابو داؤد اور حاکم نے ام الفضل ہادر عبد اللہ ابن عباس سے روایت کی ہی کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ آئے
میرے پاس جبرئیل اور مجھے خبر دی کہ میری امت قریب ہی کہ قتل کرے میرے اس بیٹے کو یعنی حسین کو اور
مجھے دی تھوڑی مٹی سُرخ اور بھی فرمایا رسول اللہ نے کہ بے شک میرے گھر آیا ایک فرشتہ کہ کبھون
میرے پاس نہ آیا تھا اس سے پہلے سو کہا مجھسے کہ آپکا یہ بیٹا یعنی حسین مارا جائیگا اور آپ چاہین تو دکھاؤن
اُس زمین کی مٹی جہان یہ مارا جائیگا پھر نکالی تھوڑی مٹی سُرخ از انجملہ ایک دن فرشتے موکل باران نے
اجازت مانگی اپنے پروردگار سے کہ زیارت کرے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پس اجازت ہوئی اُسکو
اور اُسوقت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ام المومنین ام سلمہ کے گھر مین تشریف فرما تھے اور فرمایا رسول اللہ نے
کہ ای ام سلمہ بند کرلے دروازے اور خبرداری کر کہ کوئی آنے نپائے اسی اثنا مین کہ وہ دروازہ پر نگہبان تھین
امام حسین بزور اندر چلے گئے پھر کودنے لگے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر سو رسول خدا نے اُنکو گود مین لیا
اور چومنے لگے اُس فرشتے نے کہا آپ اُنکو پیار کرتے ہین فرمایا ہان اُسنے کہا آپکی امت قریب ہے اُنکو قتل کریگی
اور آپ چاہین تو مین وہ مکان جسمین مارے جائینگے دکھلادون پھر دکھلایا وہ مکان اور لایا بالو یا مٹی سُرخ
پھر اُس بالو کو ام سلمہ نے اپنے کپڑے مین لے لیا ثابت راوی اس حدیث کا کہتا ہی کہ ہم کہا کرتے تھے کہ وہ
زمین کربلا ہی اور بھی ام الفضل بنت حارث والدۂ عبد اللہ ابن عباس کہتی ہین ایک دن حسین کو لیکر حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گئی اور مین نے اُنکو گود مین دیا اور دوسرے کام مین مشغول ہوگئی پھر جو میری
نظر پڑی تو آنحضرت کی آنکھون سے آنسو جاری تھے پھر حضرت نے فرمایا کہ مجھکو جبرئیل نے خبر دی ہی کہ میری
امت شہید کریگی میرے اس بیٹے کو اور دی ہی مجھکو اُسکے مقتل کی مٹی سُرخ تمام حدیث جو بیہقی نے ام الفضل
رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی یہ ہی کہ ام الفضل نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوکے عرض کیا
کہ یا رسول اللہ مین نے بہت بُری خواب دیکھی ہی آپ نے فرمایا کہ بیان کرو مین نے کہا کہ مین نے خواب مین
دیکھا کہ گویا ایک ٹکڑا آپکے جسم مبارک کا کٹ کے میری گود مین رکھا گیا آپ نے فرمایا کہ تمنے اچھی خواب دیکھی
فاطمہ کے بیٹا پیدا ہوگا وہ تمھاری گود مین رہیگا سو حضرت امام حسین پیدا ہوے اور میری گود مین رہے
جیسا کہ جناب رسول صلعم نے فرمایا تھا اور مین ایک دن آپکی خدمت مین حاضر ہوئی اور امام حسین کو

آپکی گود مین دیا پھر اور طرف دیکھنے لگی ایکبارگی جناب رسول اللہ صلعم کو دیکھا کہ آپکی آنکھون سے آنسو جاری ہین مین نے کہا کہ یا نبی اللہ میرے ماں باپ آپ پہ قربان آپ کیون روتے ہین فرمایا کہ جبرئیل نے آکر مجھے خبر دی کہ تیری امت اس تیرے بیٹے کو قتل کریگی مین نے اُس سے کہا ہان اور مجھے ایک مٹی سرخ لادی اور حضرت ام سلمہ فرماتی ہین کہ ایک دن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کروٹ سے سوتے تھے یکایک جاگ پڑے تو غمگین تھے اور آپکے ہاتھ مین سُرخ مٹی تھی کہ اُسکو اُلٹتے پلٹتے تھے مین نے پوچھا یہ کیا مٹی ہے یا رسول اللہ فرمایا کہ خبر دی مجھکو جبرئیل نے کہ حسین مارا جائیگا عراق کی زمین مین اور یہ مٹی وہین کی ہے اور بھی انھین سے روایت ہے کہ کہا ام سلمہ نے حسن اور حسین میرے گھر مین کھیلتے تھے جبرئیل آئے سو کہنے لگے کہ ای محمد تیرے بیٹے کو تیری امت قتل کریگی تیرے بعد اور اشارہ کیا امام حسین کی طرف اور دی آپکو تھوڑی سی خاک سو حضرت نے اُسکو سونگھا اور فرمایا اسمین بو آتی ہے رنج و بلا کی اور فرمایا کہ ای ام سلمہ جب یہ مٹی خون ہو جائے تو جانیو کہ میرا بیٹا شہید ہوا پھر مین نے اُس مٹی کو شیشے مین رکھ چھوڑا اور انس ابن حارث سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ مین نے سُنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یہ بیٹا میرا مارا جائیگا اُس زمین مین جسکو کربلا کہتے ہین پھر جو شخص وہان موجود ہو اُسکی مدد گاری کرے سو گئے ابن حارث کربلا کو اور شہید ہوے اور ابی سلمہ ابن عبد الرحمان سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت امام حسین علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اُسوقت جبرئیل علیہ السلام بھی موجود تھے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُسوقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بالاخانے پر جلوہ فرما تھے سو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے انکو دیکھکر فرمایا کہ یا رسول اللہ آپکی امت قریب ہے کہ شہید کرے اسکو اگر آپ چاہین تو بتا دون آپکو وہ زمین جسمین یہ شہید ہونگے اور زمین طف کا اشارہ کیا اور مٹی سُرخ لیکر دکھلائی اور ابو نعیم نے یحیی حضرمی سے روایت کی ہے کہ مین صفین کے سفر مین حضرت امیر المومنین علی مرتضے کے ساتھ تھا جب نینوی کے برابر پہونچے تو حضرت مرتضی نے پکار کر فرمایا کہ ای ابو عبد اللہ کنارے فرات کے صبر کیجیو مین نے کہا آپ نے کیا کہا فرمایا کہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھکو خبر دی ہے کہ جبرئیل کہتے تھے حسین میرا بیٹا مارا جائیگا کنارہ فرات کے اور مٹی وہان کی دکھلائی تھی اور بھی حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ نے ایک شخص کو بتلایا تھا کہ یہ مقام شہیدون کے اونٹ بندھنے کا ہے اور یہ جگہ کجاوے کھولنے کی ہے اور یہ موقع خون بہنے کا ہے اور کئی جوان اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس جگہ مارے جائینگے کہ آنپر آسمان و زمین روئینگے یہ کلام اُسوقت ارشاد کیا

جب مقام شہادت امام حسین علیہ السلام پر پہونچے ہین اب واقعہ شہادت کا سُننا چاہیے
سو اول سبب ظاہری واقعہ کا بیان ہی پھر تفصیل معرکہ پوشیدہ نہ رہے کہ منجملہ اسباب ظاہرہ کے
ایک یہ سبب ہی کہ سنہ پچاس ہجری مین بعد وفات حضرت امام حسن علیہ السلام کے معاویہ
ابن ابی سفیان نے بیعت یزید اہل شام سے کرائی اور مروان کو لکھ بھیجا کہ اہل مدینہ سے بھی بیعت
یزید لے سو مروان نے لوگون کو جمع کرکے کہا امیر المومنین معاویہ نے یہ مصلحت دیکھی ہی کہ اپنے
بیٹے یزید کو تمپر خلیفہ کرے سو تم لوگ طریقہ ابو بکر و عمر پر اسکی بیعت کرو عبد الرحمان ابن ابی بکر نے
کہا بلکہ بر طریقہ کسریٰ و قیصر یعنی طریقہ ابو بکر و عمر نہین ہی کیونکہ انھون نے اپنی اولاد سے کسی کو
خلیفہ نہین کیا یہ تو طریق کسریٰ اور قیصر کا البتہ ہی پھر سنہ اکاون ہجری مین خود معاویہ ابن ابی سفیان
واسطے حج بیت اللہ و اخذ بیعت یزید عدو اللہ مکے مین آئے اور اہل حجاز و حرمین شریفین سے
جبراً بیعت یزید کرائی صرف حضرت امام حسین علیہ السلام و عبد الرحمن ابن ابی بکر و عبد اللہ
ابن عمر و عبد اللہ ابن زبیر و عبد اللہ ابن عباس نے بیعت نہ کی گو کہ معاویہ نے انکو عطا و انعام بھی دیا
اور سختی و نرمی سے بھی کہا تاہم اُن لوگون نے بیعت نہ فرمائی اور جب کلام اس باب مین بڑھا تو عبد اللہ
ابن عمر نے فرمایا کہ ای معاویہ تجھسے پہلے خلیفہ گذرے ہین اور اُنکی اولاد تیری اولاد سے بہتر تھی مگر انھون نے
وہ بات اُنکے واسطے نہین چاہی جو تو نے اپنے بیٹے کے لیے تجویز کی ہی بلکہ خلافت کو مسلمانون پر چھوڑ دیا
کہ اُنھون نے جسکو مناسب جانا خلیفہ کیا اور تو مجھکو تخویف کرتا ہی کہ مین مسلمانون کی نافرمانی کرون
اور اُنکو مشقت مین ڈالون سو یہ مجھسے ہرگز نہوگا مین ایک مرد مسلمان ہون جس بات پر سب مسلمان
قرار پکڑینگے مین بھی اُنکا پس رو ہونگا معاویہ نے کہا خدا تجھکو خیر دے اور عبد الرحمن ابن ابی بکر نے
کلام معاویہ قطع کرکے فرمایا بخدا ای معاویہ مین تجھکو امر خلافت یزید مین وکیل بخدا کرتا ہون اور
خدا کے سپرد کرتا ہون تو ہرگز یزید کو خلیفہ نہ کر بلکہ امر خلافت مسلمانون مین چھوڑ دے اور
اُس مجلس سے اُٹھ کر چلے گئے پھر عبد اللہ ابن زبیر نے کہا کہ ای معاویہ اگر تو یزید کو اپنا خلیفہ
کرتا ہی تو خود الگ ہو اور یزید کو لا کہ ہم بیعت کرین اور جب تجھسے بھی بیعت کی اور تیرے بیٹے سے بھی
بیعت کرین تو اطاعت کسکی کرین واللہ بیعت تم دونون کی قیامت تک کبھی درست نہوگی یہ فرماکر
چلے گئے معاویہ نے منبر پر چڑھ کر بعد حمد خدا و نعت مصطفےٰ خطبہ پڑھا اور کہا کہ لوگون کو گمان تھا
کہ ابن عمر اور ابن ابی بکر اور ابن زبیر یزید کی بیعت نہ کرینگے حالانکہ ان تینون نے بیعت کی اہل شام
بولے کہ ہم ایسی خفیہ بیعت پر راضی نہین ہین جب تک علانیہ بیعت نہ کرین والا ہم اُنکی گردن مارینگے

معاویہ نے کہا سبحان اللہ تم کون لوگ ہو واللہ پھر ایسا سخن زبان پر نہ لانا اور جب ابن ابی بکرہ ابن عمر اور ابن زبیر رضی اللہ عنہم سے لوگون نے حال بیعت کا پوچھا تو وہ منکر ہوے شیخ عبد الحق محدث نے رسالہ اثبات بالسنۃ مین ذکر کیا ہی کہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ دو شخصون نے کار معاویہ اہل شام ابتر کر دیا ایک عمرو ابن عاص نے کہ اُسنے مصحف مجید کے باندھنے کی تیز یکن صلاح دی اور دوسرے مغیرہ ابن شعبہ نے کہ عامل کوفہ تھا جب معاویہ نے اُسکو خط لکھا کہ بمجرد ملاحظۂ خط آپکو معزول جان کر میرے پاس حاضر ہو اُسنے توقف کیا اور جب آیا تو معاویہ نے سبب توقف دریافت کیا اُسنے کہا کہ خلافت یزید کی بیعت لوگون سے بعد موت تیزی کے چاہتا تھا معاویہ نے کہا تو نے یہ کام کر لیا مغیرہ نے کہا کر لیا معاویہ نے اُسی کام پر رخصت کیا جب کوفے مین پہونچا تو کوفیون نے پوچھا تو نے معاویہ کو کس حال مین چھوڑا ہی مغیرہ نے کہا کہ مین اُسکا قدم گمراہی مین ڈال آیا ہون کہ قیامت تک رہیگا بالجملہ معاویہ نے حضرت امام حسین کو اسباب اور مال بہت دیا اور کہا کہ یزید کی بیعت کرو حضرت نے جواب دیا کہ اگر عبد الرحمن ابن ابی بکر اور عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن زبیر اور عبد اللہ بن عباس بیعت نہ کرینگے مین بھی نہ کرونگا اسی وجہ سے یزید پلید کو حضرت امام مغیرہ سے عداوت تھی اور دوسرا سبب عداوت کا یہ تھا کہ عبد اللہ ابن زبیر نے اپنی زوجہ کو طلاق دی تو یزید پلید نے ابو موسیٰ اشعری کو بھیجا تا کہ میرا خطبہ کرے اثنا راہ قثم ابن عباس سے ملے اور ابو موسی سے احوال دریافت کیا اور کہا میرا پیغام بھی کہنا اتفاقاً حضرت امام علیہ السلام نے بھی خواہش فرمائی تھی جبکہ ابو موسی وہان پہونچے تو قثم اور یزید کا پیغام کہا اُس عورت نے کہا کہ حضرت حسین ابن علی نے بھی میری خواہش فرمائی ہی تمھاری صلاح کیا ہی ابو موسی نے کہا اگر دنیا درکار ہی تو یزید کو قبول کر اور اگر حسن صورت ظاہری مطلوب ہو تو قثم کو اختیار کر اور اگر حسن صورت و خوبی سیرت و نعمت آخرت و کرامت نسبت مرغوب ہو تو امیر المومنین حسین علیہ السلام کو منظور کر سو اُسنے بلا تامل آنجناب کو پسند کیا اس بات سے یزید پلید کو کوفت خاطر پیدا ہوا کہ اکثر کہا کرتا تھا بخدا اگر مجھے حسین پر قدرت ملیگی تو قتل کرونگا چنانچہ سعادت انکو نے مین لکھا ہی کہ جب معاویہ نے شام مین یزید کو ولیعہد اپنا کیا اور وصیت کی کہ حسین ابن علی کے مراتب کا لحاظ رکھنا کیونکہ سب لوگ اُنسے محبت رکھتے ہین تو بھی سلوک کرنا پھر تاریخ بائیسوین ربیع الاول بروایتے پندرھوین ماہ مذکور سنہ شصت ہجری مین معاویہ نے اسّی برس کی عمر مین وفات پائی اُسی دن یزید مردود خلیفہ پدر ہوا اور تخت سلطنت پر بجاے پدر قائم ہوا اور شقاوت ازلیہ کے ظہار مین سرگرم ہوا یہ معاویہ ابن ابی سفیان ابن حرب ابن امیہ ابن عبد شمس ابن عبد مناف ہین اور مولفۃ القلوب ہین حسب تحقیق جلال الدین محدث مصنف درج الدرر معدود ہین ولادت خفت منکا

مین پائی والدہ انکی مسماۃ ہند بنت عتبہ ابن ربیعہ بن عبد الشمس بن مناف ہی و کنیت ابو عبد الرحمن بعض نے
کتاب وحی مین شمار کیا ہی اور بعض نے منشی یا خطوط نویس لکھا ہی اور ایکسو تراسی حدیث کی روایت بھی اُنسے
کتب حدیث مین پائی جاتی ہی اور مدت سلطنت چالیس برس کیونکہ حضرت عمر رضہ کے وقت سے عامل دمشق تھے
کہ بیس برس وہان رہے اس مدت مین خلیفہ ثانی اور ثالث کا وقت گذر گیا اور حضرت امیر المومنین یعسوب المسلمین
علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ خلیفہ برحق ہوے تو آنجناب نے معزول فرمایا فصار متغلبا علی امارۃ دمشق اور
بعد تفویض امام حق حضرت امام حسن علیہ السلام کے اُنیس ۱۹ برس اور حاکم رہے اخبار الدول مین ہی وفی فضلہ احادیث
قل ما یثبت یعنی اُنکی فضائل مین حدیثین ہین کمتر ثبوت کو پہونچی اور مابین باب جابیہ اور دروازہ دمشق کے
مدفون ہین نماز جنازہ ابن قیس خواہ ضحاک فہری نے پڑھی تھی اور علماے اہل سنت و جماعت حال معاویہ بن ابی سفیان
مین مختلف ہین ماوراء النہر کے علما اور متقشفین فقہا اُنکے جنگ و جدال کو جو حضرت امیر المومنین علی مرتضی سے
واقع ہوئین محمول خطاے اجتہادی پر کرتی ہین اور محققین اہل حدیث بعد تتبع و ایات صحیحہ فرماتے ہین کہ حرکات
معاویہ خالی شائبہ نفسانیت و حمیت و تعصب قرابت سے جو کہ حضرت عثمان سے رکھتے تھے نہ تھے پس نہایت کار یہ ہی
کہ مرتکب کبیرہ و باغی ہوے الفاسق لیس قابل اللعن و اگر مراد سب و لعن سے اسی قدر ہی کہ اُنکی حرکات کو بُرا کہنا اور
بُرا جاننا پس بلاشبہہ اہل تحقیق کے نزدیک یہ امر واقع ہی اور اگر سب و لعن و شتم مراد ہی تو معاذ اللہ کوئی اہل سنت سے
اسکا قائل نہین کیونکہ فاسق اور مرتکب کبیرہ کے واسطے استغفار ہی پس لعن حرام ہی خاصۃ وہ صحابی تھے شفاعت حضرت
رسول مقبول و عفو حضرت امیر المومنین اُنکے حق مین اور فاسقون سے زیادہ ترتوقع و مرجو ہی کذا قال استاذ الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ
فی الجواب الخامس من الاسولۃ العشر مفتاح مین ہی کہ مدت خلافت حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تیس ۳۰ برس موافق حدیث
صحیح الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ ثم تصیر ملکا عضوضا کے یعنی خلافت میرے بعد تیس برس ہی بعد ازان ہونگے پادشاہ سخت گزندہ
ثابت ہوتی ہی اور انقضاے خلافت کے دو طریق ہین اول یہ کہ جمیع کمال اور اوج تمام مین مانند آجال اجرامیہ منقضی ہو
دوسرے یہ کہ قوی بتدریج تساقط اور اضمحلال قبول کرین اور مثل آجال طبعیہ منقضی ہو سو انقضاء مدت خلافت بطریق دوم
واقع ہوا اسلیے کہ انتقال دفعی خیر محض سے جانب شر محض کہ ملک عضوض ہی عادت آلہی مین محال ہی چنانچہ حکما نے
قاعدہ امکان اشرف مین انتقال بامکان اخس عقول فعالہ ہیولاے عناصر کے ساتھ قرار دیا ہی اور جب یہ قرار پایا تو یقین ایسا ہی
اربعہ کا خلافت مین لازم آیا پس سن اول سن صبا ہی کہ حرارت اور رطوبت اس عمر مین زیادہ ہوتی ہی اور بدل حال
قدرہا تحمل سے افزون ہوتا ہی اور بخوبی نشو و نما ہوتا ہی اور یہ حال خلافت خلیفہ اول کا ہی کہ دو برس کئی مہینے مین تمام جزیرہ
عرب کا اہل ارتداد سے پاک ہوا اور نو اسلام عراق و شام مین ہویدا ہوا بعد اسکے خلافت خلیفہ ثانی مین اشتداد
احکام اور قوت اسلام مین گذری کہ یہ حالت شباب تھی پھر خلافت ثالث مین انحطاط خفی شروع ہوا اور تساقط

غیر ظاہر قوائے اسلام مین پیدا ہوا اور خلافت خاتم الخلفاء علی مرتضیٰ مین تساقط واضمحلال ظاہر مین نمودہوا اور اعضاے رئیسۂ اسلام مین کہ ازواج اور اولاد اور مہاجرین تھے مختلف المزاج ہوے اور احکام متعارض پیدا ہوے اور ہر واقعے مین بعض اعضا کا فقدان یا تعطل نمودار ہوا یہان تک کہ خلیفۂ وقت جو کہ بمنزلۂ قلب وجود انسانی کے تھا حرارت غریبہ خوارج الملۃ سے ماموریہوا اور روح غریزی اسلام نے کہ عبارت نفس مقدس سے تھی مفارقت کی مگر خوب حالی رہتی کہ خلافت پیغمبر علیہ السلام کی جسقدر ظاہر اسلام سے قاصر ہوتی تھی باطن مین کامل ہوتی جاتی تھی ولہذا ایام خلافت حقہ خلیفہ رابع مین خلافت بزنگ ولایت ظہور پذیر ہوئی اور بعد اُسکے حیات بالکلیہ ظاہر سے مختفی ہوئی اور باطن مین درآئی اور مستور ہوئی اسی معنی مستور نے ائمہ علیہم السلام مین بترتیب ظہور پکڑا اور اسی باعث سے فیض باطن نے حضرات ائمہ سے تمام امت مین انتشار پایا اور سارا اصل اہل ولایت پیدا ہوے انتہیٰ اور جو حضرت سلطان الاولیا غوث الثقلین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے غنیۃ الطالبین مین فرمایا ہے کہ ثم ولا ہا معاویہ تسع عشر سنۃ یعنی بعد خلیفہ رابع معاویہ والی خلافت ہوا اُنیس برس اور اسی قول سے اہل تشیع معاویہ کو خلیفۂ خامس بقول حضرت شیخ قدس سرہ ثابت کرکے زبان طعن وتشنیع کھولتے ہین سو یہ بات کلام حضرت سے ہرگز مفہوم نہین ہوتی اسلیے کہ آنجناب نے بحث امامت اور خلافت مین مشاجرات صحابہ مین جرح معاویہ کو باغی لکھا ہے کما قال فکان اماما حقا الی ان قتل ومن خرج عن ذلک ناصبہ حربا کان باغیا وخارجا علی الامام یعنی حضرت امیر المومنین علی امام برحق تھے تا وقت شہادت اپنی اور جسنے خروج کیا اور مخالفت کی اور لڑا حضرت سے وہ شخص باغی خارج کرنیوالا امام پر اور منشا غلط فہمی کا یہ ہے کہ حضرت شیخ بتقریب شرح اس حدیث کے تدور رحی الاسلام ست وثلثین او سبع وثلاثین سنۃ کہ اس سے پھرنا چکی اسلام کا اس زمانے تک اور وقوع انقلاب عظیم اور تغیر روش وطریق کا اسلام مین بعد چھتیس یا سینتیس برس کے مفہوم ہوتا ہے یہ تقریر کی ہے کہ زمانہ رحلت حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے اس مدت تک خوبی اسلام تھی پس کئی برس ولایت معاویہ سے بھی خوبی اسلام مین داخل ہوے کیونکہ انقراض زمان خلافت تین برس پہلے تھا بعد ازان چھ یا سات برس اور اگر شمار کرین تو بالضرور زمانۂ معاویہ مین ہونگے اس تقریر سے خلافت معاویہ چھ مہینے تک نہ رہی کیا اہل سنت وجماعت کے کسطرح سمجھی جاوینگی تو کہتا ہون مین کہ چند سال کی خصوصیت کیا کہ زمان خوبی مین داخل ہون اور باقی ایام خلافت معاویہ زمان فساد اور ہلاک مین معدود ہون بس وجہ اسکی یہ ہے کہ مراد حی اسلام سے ریاست اسلام ہے اور لشکر کشی رو ساے دین خیر الانام صدہا مین اور مخالفین پر اور ابتدا اس معاملے کی سال دوم ہجرت سے ہے کہ اسمین عزوہ بدر واقع ہوا اور پیشتر سے بعض متقابل ربانی تھا نہ سیفی اور سنانی شروع سال مذکور سے لغایت سنہ انچاس صورت ریاست اسلامی یعنی ہونا رئیس کا خاندان نبی خواہ رفیقان مصطفوی سے تھا اور اُسی سال مین حضرت امام حسن علیہ السلام نے وفات فرمائی بعد اُسکے معاویہ کو گنجایش اپنے استقلال کی اور بھی یزید ملعون اپنے بیٹے کی دامن گیر ہوئی اور اُسوقت تک اُسکو نائب امام حسن علیہ السلام کا جانتا تھا اور تفویض آنحضرت کا رہنمد تھا سو جب اس مدت سے دس برس کہ تا آخر خلافت خلیفۂ اول رضی اللہ عنہ تھے منہا کیے جائین تو

بعد مشورت ۱۲

اُسی قدر باقی رہتا ہے اور اگر تیمم کسور کرکے گیارہ برس منہا کیے جائیں تو چھتیس برس رہ جاتے ہیں اور وجہ منہائی کی
یہ ہے کہ اس مدت میں افواج اسلام بلاد عرب سے متجاوز نہیں ہوئی تھیں اور رُستے عراق اور عجم اور فارس اور کرمان اور خراسان میں
مداخلت نہیں پائی پس گویا ابھی اسلام کی عہد خلیفہ ثانی سے شروع ہوئی اور وفات حضرت امام حسن علیہ السلام تک رہی بذا تحقیق
استاد الاستاد قدس سرہ فی شرح الحدیث النبوی صلی اللہ علیہ وسلم اس مقام سے واضح ہوا کہ شمار معاویہ بن ابی سفیان کا ملوک
میں ہے نہ خلفائے رسول اللہ میں اور جو بعضے جہال امامیہ فرط عناد سے کہتے ہیں کہ اہل سنت بعد حضرت عثمان کے معاویہ کو
خلیفہ امام جانتے ہیں سو یہ بات اُنکی مبنی کمال شوخ چشمی پر ہے والا ہر جاہل فارسی خوان بلکہ طفل دبستان جسنے عقائد نامہ ملا جامی
پڑھا یا سُنا ہے یقیناً جانتا ہے کہ باجماع اہل سنت معاویہ بن ابی سفیان ابتدائے امامت حضرت امیر سے تا تفویض امام حسن منجملہ
بغات تھا کہ اطاعت امام وقت کی رکھتا تھا اور بعد تفویض کے سلاطین میں ہوا باقی رہا یہ کہ متغلب اور باغی ہوا پھر لعن کیوں
نہیں کیے تو اہل سنت کے نزدیک مرتکب کبیرہ مستوجب لعن نہیں ہوتا بالخصوص باغی بھی مرتکب کبیرہ ہے اُسکو کیونکر لعن کریں اور متمسک
ہمارا اس باب میں کتاب اللہ اور اقوال حضرت رسول اللہ ہے لیکن کتاب اللہ واستغفر لذنبک وللمومنین والمومنات کہ صریح نص قرآنی
دلالت کرتی ہے کہ مقصود و مطلوب شارع حق مومن میں استغفار ہے والامر بالشئی نہی عن ضدہ پس امر بالاستغفار نہی صریح ہوئی لعن سے
اور موافق قاعدہ اصولیہ امامیہ بھی ایسا ہی چنانچہ قدماء اُنکی شرح فصول میں لکھا ہے الفاسق فاعل کبیرۃ بل یسمی مومنا والحق
انہ مومن لما قررناہ ان حقیقۃ الایمان ہو التصدیق القلبی فاذا کان مومنا کان مستحقا للثواب الدائم لانہ عوض ایمانہ یعنی
فاسق کرنے والا گناہ کبیرہ کا آیا نام اُسکا مومن ہے انہیں اصلے کہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ حقیقت ایمان کی تصدیق قلبی ہے
پھر جب ہوا مومن تو مستحق ثواب ہمیشہ کے ہوگا کیونکہ یہ اسکے ایمان کے عوض ہے اسی طرح کریمہ وبشر الذین آمنوا ان لھم قدم صدق
عند ربھم یعنی خوشی سُنا اُنکو جو ایمان لائے ہیں کہ اُنکو ہے پایہ سچا اپنے رب کے یہاں نزدیک پروردگار کے اور باغی اور مرتکب کبیرہ بالاتفاق
ایمان رکھتا ہے کما قال اللہ تعالیٰ وان طائفتان من المومنین اقتتلوا فاصلحوا بینھما یعنی اگر دو فرقے مسلمانوں کے آپس میں لڑ مریں تو
انمیں ملاپ کرا دو پس لعن کرنا باغی کا ممنوع ہوا لیکن لعن باوصف حق اہل کبائر میں البتہ وارد ہے مثل الا لعنۃ اللہ علی الظالمین
مگر یہ لعن درحقیقت لعن اس صفت کی ہے نہ لعن صاحب صفت کی اور اگر بالفرض لعن صاحب صفت کی ہو تو وجوہ ایمان
مانع لعن ہیں اور وجوہ صفت مجوز لعن اور یہ بھی اصول امامیہ مقرر ہے کہ اذا اجتمع المبیح والمحرم غلب المحرم اور بھی وجود مقتضی
باوصف تحقق مانع اقتضاء حکم نہیں کرتا پس لعن صرف وجود صفت پر مترتب نہیں ہوتی تا وقتیکہ رفع ایمان کہ مانع ہے
صورت نہ پکڑے جسطرح کافر کے حق میں جسکی موت کفر پر متیقن ہو باوجود صفات حسنہ اُسکے استغفار جائز نہیں ہے یہ سخن
اقوال عترت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو بتواتر ثابت ہے کہ حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ نے لعن اہل شام سے نہیں فرمائی ہے
اور حضرت امیر کا یہ جانا لانا کام اہل سنت کا نہیں ہے اور قشاء اشتباہ فرقہ امامیہ کا یہ ہے کہ امیر معاویہ اور مروانیہ اور عباسیہ
نے اپکو خلیفہ کہا اور کہلایا بسبب مشابہت صوری خلافت پیغمبر سے کہ اجرائے جہاد اور فتح بلدان اور تجہیز عساکر اور

بخشش اور تقسیم غنائم اور صدقات اور حفاظت دار اسلام شرکفار سے عبارت ہی علما و اہل سنت نے بھی
یہ لقب بسبب مشابہت صوری اور نیز عدم پرخاش القاب اور اسماء مصطلحہ کسی قوم بلا ضرورت اطلاق کرتے تھے
چنانچہ اب جو کوئی کربلا مین جاکر کتاب شرائع گذرا تا نزدیک امامیہ کے وہ مجتہد کہلاتا ہی اسی طرح اُس زمانے مین لفظ
خلیفہ نے ابتذال پیدا کیا تھا اس گروہ نے سمجھا کہ چون کہ خلیفہ مرادف امام ہی اہل سنت اس جماعہ کو خلیفہ اور امام حق جانتے ہین
حالانکہ یہ محض غلط فہمی فرقۂ امامیہ کی ہی و الا محققین اہل سنت اطلاق لفظ خلیفہ سے تحاشی کرتے ہین چنانچہ سعید ابن جمہان
راوی حدیث الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ سے کسی نے کہا کہ مروانیہ پکو خلیفہ کہتے ہین فرمایا کذب بنوا الزرقاء انما ہم ملوک
من شر الملوک اور ابو بکر بزار نے بسند حسن ابو عبیدہ ابن الجراح سے روایت کیا ہی کہ فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اول
دینکم ہذا نبوۃ و رحمۃ ثم یکون خلافۃ و رحمۃ ثم یکون ملکا جبریۃ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب امیر معاویہ کو دیکھتے تھے فرماتے تھے
ہذا کسریٰ العرب اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ الخلافۃ فی المدینۃ و الملوک بالشام
بالجملہ جب یزید بادشاہ ہوا اہل شام نے بیعت کی اور فرامین اور پروانجات بنابر اخذ بیعت اطراف مین جاری ہوے چنانکہ
ایک پروانہ شقاوت پر ضلالت ولید ابن عقبہ عامل مدینۂ منورہ کے نام بھی بھیجا کہ معاویہ ایک بندۂ بندگان خدا سے تھا مر گیا
اور مین خلیفہ ہوا چاہتا ہون کہ رعایا ممالک میری بیعت کرین اسلیے لکھتا ہون کہ حسین ابن علی وغیرہ اہالی مدینہ سے میری
بیعت کر اسمین تاخیر نہ کرنا ولید نے خط پڑھا اور کہا انا للہ و انا الیہ راجعون مجھکو جگر گوشۂ رسول اور نور چشم بتول سے کیا کام ہی پھر
مروان خبیث الباطن سے مشورہ کیا اُسنے کہا کہ حسین ابن علی و عبد الرحمن ابن ابی بکر و عبد اللہ ابن عمر و ابن زبیر سے بیعت لینا
ضرور ہی اگر کرلین فہو المراد و الا قتل کرو ولید نے کہا استغفر اللہ ایسا ہرگز نہ کرونگا پھر حضرت امام حسین علیہ السلام کو طلب کیا
تو آنجناب مع پچاس تا بعدار مسلح تشریف لے گئے الا ولید ابن عتبہ کے پاس تمہا گئے اُسنے نہایت تعظیم سے بٹھلایا اور خط کا مضمون
عرض کیا آنجناب نے ارشاد کیا کہ آجمین چار آدمیون کا نام ہی آنکو سنا کہ ایک تہ بسبب بیعت کرین اُسنے کہا بہتر و خوب اور بعضے کہتے ہین
کہ آنجناب نے فرمایا کہ مین یزید کی بیعت نہ کرونگا وہ فاسق و فاجر ہی ولید نے کچھ جواب دیا آنجناب رخصت ہوے مروان نے
بشارت جمیلہ کہا تو نے غنیمت چھوڑ دیا اب ہاتھ نہ آوینگے مناسب ہی کہ انکو قید کرا و بجبر بیعت یزید لے اگر نہ کرین گردن مار تا کہ
یزید راضی ہو ولید نے کہا ای مروان اگر مجھکو بمسکون کوئی بخش دے تو بھی جگر گوشۂ رسول کا خون اپنی گردن پر نہ لون
ای مردان ایسی باتون سے تیرا نامۂ اعمال سیاہ ہوگا بعضون نے لکھا ہی کہ مروان کا کلام حضرت امام حسین کے کان مین پہونچا
تو حضرت نے فرمایا ای مروان کسکو تاب و طاقت ہی جو مجھسے ایسی حرکت بے ادبانہ کرسکے ای ولید مین ابن علی و سبط نبی ہون
یزید شارب خمر فاسق کی بیعت کسطرح کرون کل مجلس عام مین اسکا جواب دیا جائیگا اور دیکھا جائیگا کہ اولی و احق
بالخلافۃ کون ہی بعد اُسکے گھر کو روانہ ہوے فائدہ یہ مروان ابن الحکم ابن ابی العاص ابن امیہ ابن عبد شمس ابن مناف ہی اسی کے
حق مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی الملعون ابن الملعون چنانکہ حاکم نے کتاب الملاحم و الفتن مین مستدرک سے روایت

کی ہو کہ عبدالرحمن ابن عوف رض فرماتے تھے کہ جس کسی کے لڑکا پیدا ہوتا تھا اُسکے دیکھنے کو حضرت صلعم تشریف لیجاتے تھے
اور دعا فرماتے تھے جب مروان ابن الحکم کے پاس تشریف لیگئے تو فرمایا ہذا الوزغ ابن الوزغ الملعون ابن الملعون اور بھی
حاکم نے عمرو ابن مرۃ جہنی سے روایت کی ہو کہ حکم ابن العاص نے اجازت حاضر ہونے کی حضرت صلعم سے چاہی فرمایا
ائذن لہ و اسکو لعنۃ اللہ علیہ وعلی من یخرج من صلبہ الا المومن منہم وقلیل ماہم یشرفون فی الدنیا ویوضعون فی الآخرۃ
وما لہم فی الآخرۃ من خلاق اور مروان کو طرید بھی کہتے تھے اس سبب سے کہ حضرت صلعم نے اُسکو نکال دیا تھا طائف میں
بارہا حضرت عثمان رض نے اپنے عہد میں اُسکو طلب کرلیا اور منشی مقرر فرمایا اور جو کچھ واقعات کہ اُس ملعون کے سبب سے
واقع ہوئے ظاہر ہیں اور اول فساد اسلام میں اُسی کی وجود سے پڑا ہی لعنۃ اللہ علیہ اور امارت معاویہ میں حاکم مدینہ
ہوا یہی مردود قاتل طلحہ رضی اللہ عنہ ہو اور بعد معاویہ ابن یزید اُسنے شہر جابیہ کے لوگوں سے خلافت کی بیعت لی
اور شام میں آیا وہاں کے لوگوں کو بھی اپنا مطیع کیا پھر مصر میں گیا اہالیان مصر نے بعد محاربۂ کثیر بیعت کی
عمر اس ملعون کی ترانوے برس کی ہوئی اور مدت سلطنت نو مہینے آٹھ دن نقش خاتم رجائی السدا اور زخم بر چھے سے
فی النار واسقر ہوا اور بعضے کہتے ہیں کہ اُسنے اپنی عورت کو گالی دی تھی اُسنے حالت خواب میں ذبح کر ڈالا اور عبدالملک
ابن مروان نے نماز جنازہ پڑھی شہر دمشق میں پھاٹک دروازہ جابیہ مدفون ہو کذا فی اخبار الدول روایت ہو کہ
ایک مرتبہ مروان نے خواب دیکھا کہ اُسنے چار مرتبہ محراب رسول اللہ میں بول کیا ابن سیرین نے خواب سُنکر فرمایا
اگر تیرا خواب سچ ہو تو چار شخص تیری اولاد سے خلافت کرینگے بعد تیرے سو ویسا ہی ہوا کہ ولید وسلیمان وہشام
ویزید نے خلافت کی بالجملہ جب امام حسین رخصت ہو کر گھر آئے تو ولید نے عبداللہ ابن زبیر کو طلب کیا وہ وقت
غروب ہو جانے آفتاب کے تشریف نہ لائے کہلا بھیجا کہ صبح کو انشاء اللہ علی رؤس الاشہاد بیعت کرونگا اور شب کو
جانب بیت اللہ روانہ ہوے ولید نے یزید کو اطلاع کی اُسنے لکھا کہ ابن زبیر سے ہاتھ اُٹھا امام کی تدبیر کر
اور سر اُنکا بھیجدے ولید نے کہا لاحول ولاقوۃ الا باللہ مجھسے یہ حرکت نہوگی اور وہ خط پوشیدہ حضرت کے پاس بھیجا
تب آنجناب جانب بیت اللہ شریف تاریخ چہارم شعبان سال شصت ہجری بروز جمعہ با اہل وعیال روانہ ہوگئے
اور بعض کے نزدیک تاریخ روانگی بست وہشتم شعبان المعظم ہی بہر دو تقدیر براہ شارع پر تشریف لے چلے دسر گردانی
موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام یاد کرتے اور فرماتے فخرج منہا خائفا یترقب وقال رب نجنی من القوم الظالمین بعض منازل میں
عبداللہ مطیع ملا اُسنے کہا آپ کہاں تشریف لیے جاتے ہیں فرمایا ظالموں نے مدینے طیبہ میں رہنے نہ دیا ناگزیر
بمقتضاے من دخلہ کان آمنا کعبہ کو جاتا ہوں اُسنے التماس کیا یا امیر المومنین آپ سردار عالم فخر اولاد آدم ہیں
آپ رونق افروز بیت اللہ شریف ہوں وہاں کے رہنے والے آنجناب کے سوا کسی کی اطاعت وفرمانبرداری نہ کرینگے
مگر قول وفعل کوفیوں پر اعتماد نہ کیجیگا کہ تمہارے باپ کو اُنھیں لوگوں نے شہید کیا اور حضرت امام حسن کے ساتھ

جو معاملہ کیا وہ آپکو خوب معلوم ہوا اور میں بالیقین جانتا ہوں کہ اہل کوفہ آپکو بکمال اختصاص طلب کرینگے اگر آپ تشریف لیجائینگے تب سب الگ ہوجائینگے کیونکہ وفا و مروت اُنکی جبلت میں نہیں ہے حضرت نے اُنکے حق میں دعائے خیر فرمائی اور روانہ ہوے اور فرمایا عسیٰ ربی ان یہدینی سواء السبیل بعد طے منازل داخل حرم شریف ہوے وہاں کے باشندوں نے نہایت تعظیم سے استقبال کرکے اُتارا یہ خبر یزید پلید علیہ ما یستحقہ نے سُنی اُسنے ولید کو مدینہ باسکینہ سے معزول کیا اور ابن الاسدق کو حاکم مقرر کیا اور حاکم مکہ معظمہ یزید یحیی ابن حکم بن صفوان کو بھی موقوف کیا اور ابن سعد بن عاص کو حاکم مقرر کیا مگر وہ بسبب عمل دخل عبداللہ بن زبیر کے بھاگ گیا کیونکہ عبداللہ نے مکہ معظمہ میں داخل ہوتے باتفاق اہل مکہ اپنی حکومت جمالی تھی ہرچند امام حسین علیہ السلام نے منع بھی فرمایا جب یزید پلید کو خبر ہوئی تو اُسنے حاکم مدینہ کو پروانہ لکھا کہ بنا بر قلع وقمع ابن زبیر فوج کثیر جانب حرم محترم روانہ کر اُسنے عمر بن زبیر برادر اعیانی عبداللہ بن زبیر کو کہ باہم دونوں کے سوء مزاجی تھی امیر کیا ہرچند لوگوں نے عمر سے کہا کہ وہ سبب سے اس امارت کا اقبال زیبا نہیں ہے اول حرم شریف میں جنگ وجدال منع ہے دوسرے ابن زبیر تمہارا بھائی حقیقی ہے لیکن اُسنے بطمع مال نہ مانا اور جانب بیت اللہ شریف روانہ ہوا اور ایک طوق چاندی کا طیار کرا کے ساتھ لیا اس خیال سے کہ جب ابن زبیر کو گرفتار کرونگا تو یہ طوق گلے میں ڈال کر یزید کے پاس بھیجونگا الغرض قریب بیت اللہ پہونچکر آدھی فوج ہمراہ انیس بن عمرو اسلمی کرکے ایک طرف کانا کہ روکا اور دوسرا نا کر اپنے متعلق رکھا اور ابن زبیر کو کہلا بھیجا کہ حرم شریف سے باہر نکلو اور یہ طوق اپنے گلے میں ڈال کر یزید کے پاس حاضر ہو کہ تیرا قصور معاف ہوجائے عبداللہ نے بھی جواب درشت کہلا بھیجا اور اول بمقابلہ انیس بن عمرو روانہ ہوے اور اُسکو شکست فاش دی کہ نہیں مارگیا پھر مصعب بن زبیر اپنے بھائی کو عمر بن زبیر کے مقابلے کو بھیجا وہ غالب آئے اور عمر بھاگا اور اپنے بھائی عبیدہ بن زبیر کے گھر پوشیدہ ہوا عبداللہ بن زبیر نے عبیدہ کو گرفتار کرا کے استقدر تازیانے لگائے کہ وہ مرگیا پھر حکومت مکہ میں قائم ہوئی بعد ازاں اہل کوفہ نے طلب حضرت امام حسین علیہ السلام میں خطوط متواتر لکھے روایت ہے کہ ڈیڑھ سو خط کوفیوں نے پے در پے بھیجے خلاصہ اُنکا یہ کہ ہم یزید کی حکومت پر راضی نہیں ہیں آپ تشریف لائیں تو ہم اُسے کوفے سے نکال دینگے اوپر پچھلا خط جو آیا اُسمیں تملق اور چاپلوسی زیادہ تھی حضرت علیہ السلام نے لکھا کہ اب مجھکو آنے میں تامل نہیں ہے انشاء اللہ جلد آتا ہوں القصہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے عزم بالجزم جانب کوفہ فرمایا عبداللہ بن عباس وغیرہ اصحاب نے منع کیا اور کہا کہ بے وفائی اہل کوفہ ضرب المثل ہے انکے قول فعل لائق اعتماد نہیں ہے ہرگز ہرگز تشریف نہ لیجائیں آخر بعد قیل وقال بسیار حضرت امام حسین علیہ السلام نے یہ قرار دیا کہ اگر میرا جانا مناسب نہیں ہے تو کوئی اور ہی شخص میرے متوسلین سے جانب کوفہ روانہ ہو اور اُنکی کیفیت اور چگونگی حالات سے مطلع کرے چنانچہ مسلم بن عقیل اپنے چچیرے بھائی کو نائب اپنا کرکے روانہ کیا اور اہل کوفہ کو ایک خط لکھدیا گیا عبداللہ ابن عباس اس تجویز پر بھی راضی نہوے روایت ہے کہ جب حضرت امام علیہ السلام

حضرت مسلم کو رخصت فرماتے تھے روتے تھے اور مسلم بزبان حال گویا تھے ؎ دواعت میکنم جانان وداع آخرین بدل
ز کوثر میروم واز غصہ دارم قصۂ مشکل ؎ ندارم طاقت دوری ندارم تاب مہجوری عجب دردی ست بے درمان عجب کاریست بیحاصل
بود حاصل ارادمن گرت بینم ولے دیدن ؎ چسان آید ز مہجوری بخون آغشتہ پا در گل ؎ القصہ حضرت مسلم مع اپنے بیٹوں کے
کوفے مین پہونچے اور مختار بن عبید ثقفی کے گھر جا کر فرما ہوے اور کوفیون نے جوق جوق حاضر ہو کر بیعت کی بروایتے بارہ ہزار اور
بیس ہزار اور بروایتے چالیس ہزار چند روز مین داخل اطاعت ہو گئے یہ خبر نعمان ابن بشیر حاکم کوفہ کو ہوئی تو ظاہر مین کوفیون کو
ڈرایا اور باطن مین اطاعت حضرت مسلم مین ساعی رہے اور کسی طرح کا تعرض نہ کیا تب مسلم بن یزید حضرمی اور عمارہ
بن ولید بن عقبہ وغیرہ اخبار نویسون نے یہ حال یزید پلید کو لکھا اور تغافل نعمان کی شکایت کی اور حضرت مسلم نے اطاعت
کوفیون کی کیفیت حضرت امام علیہ السلام کو لکھی وہ آمادہ روانگی جانب کوفہ ہوے اور یزید نے خطوط اخبار نویسون کے سنکر
مشورہ کیا اہل شورے نے بالاتفاق کہا کہ ابھی تک خیر ہی جب کہ امام علیہ السلام داخل کوفہ نہ ہو جائینگے تو حکومت عراق یکقلم
جاتی رہیگی بلکہ بناے سلطنت ٹوٹ جائیگی صلاح وقت یہ ہی کہ نعمان معزول کیا جائے اور دوسرا شخص قسی القلب حاکم ہو کہ وہ
اول مسلم اور اسکے توابع کو قتل کرے چنانچہ عبد اللہ بن زیاد مایۂ فساد لائق ٹھہرا پھر یزید پلید نے نعمان بن بشیر کو معزول کر کے
ابن زیاد کو بصرے سے امارت کوفے پر روانہ کیا اور تاکید لکھی کہ بہت جلد کوفے مین جا کے مسلم بن عقیل کو مع توابع قتل کر اور جو
امام حسین آجائین تو میری بیعت لے اور اگر بیعت کرین تو بہتر ورنہ انکو بھی قتل کر جب یہ پروانہ ابن زیاد کو پہونچا تو اسنے اپنے بھائی کو
قائم مقام اپنا کر کے روانہ جانب کوفہ ہوا یہان تک کہ قادسیہ مین آیا اور لشکر اُسی مقام مین چھوڑ کر خود بخوف بلوے حاجیون کے لباس مین
عمامہ سیاہ باندھ کر اونٹ پر سوار ہوا اور کئی آدمی ہمراہ لیکر اُس راہ سے جدھر قافلۂ حجاز آتا ہی بین المغرب والعشا کوفے مین داخل ہوا
اہالیان کوفہ کو منتظر قدوم میمنت لزوم حضرت امام علیہ السلام تھے غایت شوق سے غلطی مین پڑے اور جناب امام علیہ السلام کو سمجھ کر استقبال کو
نکلے اور سلام کیا اور مرحبا بک یا ابن رسول اللہ کہتے ہوے پیش پیش ہوے ابن زیاد نے ازرہ مخاطبہ وہی جواب سلام مبتسم دیا اور
دانتون کو پیستا دار الامارہ کوفے مین داخل ہوا روایت ہی کہ نعمان نے دروازہ بند کر لیا اور بالاے خانہ چڑھ کر کہا
یا ابن رسول اللہ صلعم یہان آپ تشریف نہ لاوین یہین اور جلوہ فرما ہون کہ ہمین فتنہ برپا ہوگا کوفیون نے سخت دشمنی کہکر یلغار کی اور زور کھول ابن رسول اللہ
کھڑے ہین اُسوقت عبید اللہ مکار بدذات نے چادر چہرہ سیاہ سے اُٹھا دی تب اہل کوفہ نے پہچانا اور سب اپنے اپنے گھر آکے صبح کو ابن زیاد
مسجد جامع مین گیا اور اشراف کوفہ کو طلب کر کے مسند حکومت دکھلائی گرزبانی دھمکی سے جماعت کوفہ متفرق ہو گئی اور حضرت مسلم مختار کے
گھر سے ہانی بن عروہ کے گھر آگئے ابن زیاد نے محمد بن اشعث کی معرفت ہانی کو یا جمعہ وساد کوفہ گرفتار کر کے پیش کیا حضرت مسلم نے اپنے
توابع کو آواز دی کہ چالیس ہزار آدمی نے قلعہ کو گھیر لیا اور ابن زیاد ایک کوشک مین چھپ بیٹھا اور رؤسا کوفہ سے کہا کہ اس جماعت کو
روکو نہین تم سبکو گردن مارونگا چنانچہ کثیر بن شہاب اور محمد بن اشعث اور شمر ذی الجوشن اور شیث ربعی نے برج پر چڑھ کر لوگون کو
ڈرایا کہ سب بھاگے صرف پانچسو نفر رہ گئے جب حضرت مسلم نے نماز مغرب کے ساتھ شروع کی دہمی روانہ ہوے سلام پھیرا تو کوئی نہ تھا

انجناب سرا سیمہ ہو کر مسماۃ طوعہ کے گھر گئے اُسنے ٹھہرالیا اب کا رخانۂ قضا اور قدر دیکھنا چاہیے کہ طوعہ کا بیٹا گھر مین
آیا وہ بدبخت محمد بن اشعث کا چیلا تھا اُسنے حضرت مسلم کے حال سے ابن زیاد کو مطلع کر دیا اُس مایۂ فساد نے عمرو بن حریث
کو والی شہر کوفہ اور محمد بن اشعث کو مع ساٹھ نفر سپاہیوں کی نبا بر گرفتاری حضرت مسلم روانہ کیا اُنھون نے جاکر طوعہ کا گھر گھیر لیا
اور یہ قصد کیا کہ حضرت مسلم کو گرفتار کرلین اُسوقت حمیت اور شجاعت ہاشمی نے یہ تقاضا نہ کیا کہ ایک عورت کے گھر مین
بیٹھ رہیے سو حضرت مسلم تلوار میان سے نے مثل شیر غران نکل پڑے اور اُن نامردون کو تہ تیغ کرنے لگے جب اکثر مارے گئے اور
کسی نے مقابلہ نہ کیا تب محمد بن اشعث اور کوتوال بدفال نے کہا کہ بنی ہاشم کی تلوار کا سامنا کون کرسکتا ہی اور کسکو تاب مقاومت ہی
کہ اُنکی تلوار کے مقابل ہو سکے اب کچھ فریب ہی بن آوے تو بہتر ہی چنانچہ دونون مردود مکار بخدع اور فریب پیش آئے اور کہنے لگے
کہ آپ کیون بے وجہ لڑتے ہین ہم لوگ تو لڑنے کو نہین آئے ہین ہم لوگون کو امان دیجیے اور ہمارے ساتھ تشریف لے چلیے
حضرت مسلم بتقدیر ازلی فریب سے واقف نہوے اور بمقتضاے حلم اور مروت جبلی بر سر رحم آئے اور لڑنا موقوف کرکے مع
دونون صاحبزادون کے اُنکے ساتھ چلے وہان ابن زیاد مایۂ فساد نے پہلے ہی دربانون سے کہدیا تھا کہ جب حضرت مسلم دروازے مین
قدم رکھین تو اُنکا سر کاٹ لینا میرے پاس زندہ لانا ضرور نہین ہی دفعۃً حضرت مسلم مظلوم کریمہ بنا افتح بمبنیا و بین قومنا
بالحق وانت خیر الفاتحین پڑھتے ہوے دارالامارۃ کوفہ مین داخل ہوے اور دربانون نے شربت شہادت اُنکو اور محمد اور
ابراہیم دونون بیٹون کو پلایا بعد ازان ابن زیاد نے ہانی بن عروہ کو سولی دی اور اُنکے سر کو تین دن پر کوچہ و بازار مین پھرایا
یہ واقعہ بتاریخ سوم ذیحجہ سنہ ہجری مین واقع ہوا آج ہی کے دن خواہ آٹھوین ذیحجہ حضرت امام حسین علیہ السلام آمادۂ
روانگی جانب کوفہ ہوے اور اسباب سفر مہیا کرنے لگے کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور جابر اور ابو سعید خدری اور ابو واقد لیثی
رضی اللہ عنہم مانع ہوے حضرت ابن عباس نے عرض کیا کہ یا ابن رسول اللہ حرم شریف سے باہر نہ جائیے اور کوفیون کے قول فعل پر
اعتماد نہ کیجیے آپکو معلوم نہین کہ اِن لوگون نے آپکے بھائی اور باپ سے کیا معاملہ کیا ہی اور جو آپکو یونہین منظور ہو تو اہل عیال کو
ساتھ نہ لے جائیے مین ڈرتا ہون کہ آپ شہید ہون اور اہل و عیال اسیر اور مجھکو گمان ہی کہ مثل عثمان بن عفان آپکو اہل عیال کے
شہید کرینگے باین ہمہ التماس اُنکا قبول نہوا تب ابن عباس بنجیدہ ہوے اور بہت روئے اور بیہقی نے شعبی سے روایت کی ہی
کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ مدینے سے آئے اور خبر پائی کہ امام حسین علیہ السلام حرم محترم سے جانب عراق جاتے ہین تب آپ
دوڑے اور اُس جگہ ملے جہان سے بدد و منزل تھا اور التماس کیا کہ یا ابن رسول اللہ خداے تعالے نے اپنے پیغمبر کو دنیا
اور آخرت مین اختیار دیا تھا سو حضرت نے دنیا کو اختیار نہ کیا اور آپ جگر گوشۂ رسول مقبول ہین واللہ نہ ملیگی تم مین سے دنیا
کسی کو کبھی اور اسی مین تمہارے واسطے بہتری ہی کہ حکومت دنیا نہ ملے آپ پلٹ چلین حضرت نے نہ مانا تب عبداللہ نے امام کو
گلے لگایا اور کہا تمکو سپرد بخدا کرتا ہون اے شہید ہونے والے روایت ہی کہ عبداللہ بن زبیر نے بھی منع کیا حضرت نے جواب دیا
کہ تم لوگ راز نہان سے واقف نہین ہو بے سبب بنجیدہ ہوتے ہو مین نے اپنے باپ سے سنا ہی کہ حضرت صلعم فرماتے تھے کہ ایک بکری

نکے مین ذبح کیجائیگی اُسکے سبب سے خانۂ خدا کی بیحرمتی ہوگی مین نہین چاہتا کہ وہ بکری مین ہون اور میرے سبب سے
حرمت کعبہ مین فرق آوے ترجمہ طبری مین ہو کہ مصداق حدیث آخر کو عبد اللہ بن زبیر ہوے سبحان اللہ کیا جودت طبع
اور کرامت صریح کہ عبد اللہ کو وہ حدیث سنائی جسکا مصداق ہونے والے تھے اور یہ احتیاط کا مرتبہ تھا کہ بیحرمتی کعبہ گوارا نہ کی
گو درجۂ شہادت تھا ترجمہ صواعق یعنی کہ جب محمد ابن حنفیہ کو خبر توجہ حضرت امام حسین بجانب عراق معلوم ہوئی تو اتنا
روئے کہ لحیت وضو اشکون سے بھر گیا اور بعض روایات صحیحہ مین ہو کہ عبد اللہ ابن جعفر اور محمد ابن الحنفیہ نے بھی خطوط
منع متواتر لکھے اور تہذیب التہذیب مین ہو کہ منصور ابن مخرمہ نے لکھا کہ آپ کوفیون کے فریب مین نہ آئیے اور عراق
کی طرف قصد نہ فرمائیے اور بعض خواص اہل مکہ نے التماس کیا کہ یوم عید اضحیٰ قریب تر ہو اور مسلمان لوگ جمع ہونگے
چند سے توقف فرمائیے کہ آپکے ساتھ بہت مسلمان ہو جائینگے مگر امام حسین علیہ السلام نے کہ سہام تقدیر کے ہدف بنگئے تھے
اور گردن تسلیم قضاے ایزدی پر خم فرما چکے تھے راضی برضاے الٰہی ہو کسی کا کہنا نہ مانا اور جو لوگ منع کرتے تھے اُنکو
یہ حال معلوم نہ تھا کہ اس سفر پُر خطر مین کارگزاران قضا و قدر احکام تقدیر جاری کرینگے والا عبد اللہ
ابن عباس اور عبد اللہ ابن جعفر اور محمد ابن حنفیہ وغیرہ صحابۂ کبار اور اقربا نامدار ضرور ہمراہ ہوتے اور
سعادت فاقت حاصل کرتے چنانچہ ابن عباس سے حاکم نے روایت کی کہ فرماتے تھے کہ ہم شک کرتے تھے
اور اہلبیت کثیر اسمین کہ بتحقیق حسین شہید ہونگے کربلا مین اور یہ بھی ہو کہ اگر ابن عباس و غیرہ اہلبیت جانتے کہ
اسی سفر مین سابقۂ ازلی کام اپنا کریگا تو بروقت عزیمت کو ذرہ فاقت سے مُنھ نہ موڑتے اور وقت عزم عراق ہرگز تنہا
نہ چھوڑتے اور جو حدیث ابن السکن اور بغوی نے کتاب الصحابہ مین اور ابو نعیم نے سُلیم سے روایت کی ہو کہ انس ابن حارث نے
کہا مین نے سنا جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے یہ بیٹا میرا مارا جائیگا اُس زمین مین جسکا نام کربلا ہو
سو جو شخص کہ تم لوگون مین سے وہان موجود ہو اُسکی مدد کرے سو گئے انس ابن حارث کربلا کو اور شہید ہوے سو یہ حدیث
احاد ہو اسپر عمل ہر ایک کو واجب نہ تھا مگر جسنے کہ اس بات کو زبان مخبر صادق سے سنا اوسپر شریک ہونا واجب ہو گیا
لہذا انس ابن حارث گئے اور عبد اللہ ابن عمر کا کلمۂ تاسف زبان پر لانا کئی وجہ سے تھا ایک شہرۂ خبر شہادت
امام حسین مدت سے تھا دوسرے بنظر بیوفائی اور بدعہدی اہل کوفہ کے تیسرے بسبب بے سامانی جناب امام کے اسی طرح
حضرت استادی مولانا سلامت اللہ نے شرح سر الشہادتین مین تحریر فرمایا ہو الحاصل حضرت امام حسین علیہ السلام
مع اہلبیت اور دوست غلام کے کہ سب بیاسی آدمی تھے جانب کوفہ روانہ ہوے کہتے ہین کہ اثنا راہ مین فرزدق شاعر
با جماعہ جیہ پوش ملا اور وہ کوفہ کی طرف سے آتا تھا آپ نے اُس سے کوفے کا حال پوچھا اُسنے عرض کیا کہ حضرت
اتنا تو مین جانتا ہون کہ دل کوفیون کے آپکے ساتھ ہین اور تلوار اُنکی بنی امیہ کے ساتھ اور قضا و قدر آسمان سے
نازل ہو رہی ہو واللہ یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ سچ ہو قضاے الٰہی کسی طرح ٹھیس سکتی

اور تہذیب التہذیب مین لکھا ہی کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرزدق سے ملاقات کی اور حال کوفیون کا
پوچھا فرزدق خود کہتا ہی کہ مین بسبب بیماری کے بات نہ کرسکتا تھا سو مین نے اشارے سے کہا کہ آپ کوفے کو
نہ جائیے مکہ شریف کو لوٹ جائیے پھر آگے کو تشریف لے چلے تو خبر پائی کہ اہل کوفہ نے بدعہدی کی اور ابن زیاد
شقی نے حضرت مسلم اور اُنکے صاحبزادون کو شہید کیا اور جماعت مسلم بالکل متفرق ہوگئی اور کسی نے ساتھ نہ دیا
تب تو حضرت امام علیہ السلام نے بمقتضاے رعایت اسباب ظاہری کہ عالم اسباب مین مستلزمات بشریت سے ہی
مراجعت کا قصد فرمایا اور کہا کہ ہرگاہ اہل کوفہ کا یہ حال ہی تو وہان جانا کیا ضرور ہی اور مصلحت بھی مقتضی نہین ہی
حضرت مسلم کے بھائی جو آپکے ساتھ تھے کہنے لگے کہ ہم تو ہرگز نہ پھرینگے یہان تک کہ اپنے بھائی کا بدلا لین یا شہید
ہون حضرت امام حسین نے برادران مسلم کا عزم مصمم دیکھ کر فرمایا لاخیر فی الحیوٰۃ بعدکم یعنی جب تم سب مارے گئے
تو پھر زندگی کا کیا مزہ اور جینے کا کیا لطف ہی بسم اللہ چلیے جو کچھ ہو سو ہوا الغرض حضرت امام حسین علیہ السلام روانہ ہوے
اور نواحی عراق مین کہ کوفہ دو منزل رہجاتا ہی پہونچے اُس مقام پر حُر ابن یزید ریاحی کہ ہزار سوار مسلح
ابن زیاد کے اُسکے ساتھ تھے ملا اور عرض کی کہ یا امام کوفہ مین مجھکو ابن زیاد نے اسواسطے بھیجا ہی کہ جسطرح سے ہو
آپکو اُس شقی کے پاس لیچلون مگر واللہ مین اس کام کو مکروہ جانتا ہون اب سخت مشکل ہی نہ تو آپکو لیجا سکتا ہون
اور نہ چھوڑ سکتا ہون حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا کہ بھائی سنو مین از خود تمھاری طرف نہین آیا جب تم سب
لوگون نے مِل کر خطوط لکھے اور قاصد بھیجے تب مین نے قصد کیا ورنہ کیا غرض تھی کہ مین یہان آتا اور تم بھی کوفے سے ہو
اگر اپنے عہد پر قائم ہو تو مین تمھارے شہر کو چلتا ہون نہین پھر جاتا ہون مجھکو نہ تمسے کچھ مطلب ہی نہ تمھارے شہر سے
کسی طرح کی غرض حُر نے کہا واللہ مجھکو ہرگز خبر نہین کہ کسنے آپکو خط لکھے اور کسنے قاصد بھیجے اور کیون بلایا مین نے
سنا بھی نہین خدا جانے آپ کیا فرماتے ہین اور مین بغیر آپکے کوفے کو پھر نہین سکتا الغرض اس بات مین بہت
گفتگو ہوئی اور حُر کی نادانستگی کی یہ وجہ بھی کہ وہ کوفے مین نہ تھا نواح کوفے مین کسی ملک کا عامل تھا سو یہ سب باتے
اور پیغام اُسکی غیبت مین آئے گئے تھے اس سبب سے حُر نے انکار کی روایت ہی کہ حُر نے بعد قیل وقال بسیار بمقتضاے سعادت
ازلیہ التماس کیا کہ آپکا جہان دل چاہے تشریف لیجائیے مین آپسے متعرض نہین ہوتا اور کوفے پھر جاتا ہون ابن زیاد سے
کہونگا کہ امام حسین مجھکو نہین ملے چنانچہ امام حسین علیہ السلام تمام رات چلے صبح ہوئی تو وہین تھے جہان سے
چلے تھے پھر حُر ابن یزید ریاحی حاضر ہوا اور عرض کی یا ابن رسول اللہ رات کو ابن زیاد نے ایک خط بھیجا ہی اگر تو
حسین ابن علی کی گرفتاری مین پہلوتہی کریگا تو مین ایسی سزا دونگا کہ اُسکا تحمل نہوسکیگا سو یا حضرت اب مین
کیا کرون آپ کسی طرف چلے جائین تو بہتر ہی مجھپر جو کچھ گذریگی دیکھ لونگا الغرض دوسری محرم کو کربلا مین پہونچے تھے
اُسدن سے سات راتین برابر چلے پھر صبح کو وہین تھے جہان سے کوچ کیا تھا تب آپنے پوچھا یہ کون جگہ ہی

کسکی کہا یہ مقام کربلا ہی فرمایا ؎ این زمین ست کہ آوردہ بخون خواہد شد ؎ عالم سید ابرار نگون خواہد شد ؎
بے شک یہ مقام کرب و بلا ہی اور یہ مقام ہی اونٹون کے بندھنے کا اور یہ جگہ ہی اسباب رکھنے کی اور مقتل اخوان
و انصار ہی پھر تو یہ احوال ہو گیا کہ اونٹون کو مارتے تھے وہ اپنی جگہ سے جنبش نہ کرتے تھے اور جو میخ زمین مین گاڑتے
بیجان بادۂ دموی سے خون نکلتا تھا اور جو لکڑی درخت سے توڑتے تھے خون جاری ہوتا تھا آخر کار اُسی مقام پر اُتر پڑے
تو خاک کربلا زرد ہو گئی اور ایک غبار عظیم اُٹھا کہ چہرۂ مبارک زرد آلودہ ہو گیا اُسی وقت زینب آپکی بہن نے کہا ای بھائی
اس جگہ میرا جی گھبراتا ہی فرمایا یہ مقام شہیدون کا ہی صبر کرنا لازم ہی ترجمۂ طبری مین لکھا ہی کہ اس اثنا مین
حضرت امام حسین علیہ السلام نے ایک خواب مین دیکھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم با جماعت ملائکہ تشریف لائے
اور مجھے گود مین لیکے فرماتے ہین کہ ای نور العین لخت جگر مین خوب جانتا ہون کہ دشمن دین تیرے مارنے پر مستعد ہین
یہ لوگ میری شفاعت سے محروم ہین اور تجھکو درجۂ شہادت ملیگا بہشت تیرے واسطے آراستہ ہی اور والدین تیرے
منتظر ہین اور دست مبارک اپنا سینہ پر رکھا اور فرمایا اللھم اعط الحسین صبرا و اجرا چنانچہ یہ خواب حضرت امام حسین علیہ السلام نے
اپنے اہلبیت سے بیان کیا سب نے کہا انا للہ و انا الیہ راجعون اور رونے لگے الحاصل جب حضرت امام حسین علیہ السلام کربلا مین
فروکش ہوے تو حُر بن یزید ریاحی مع اپنے لشکر کے مقابل حضرت امام علیہ السلام کے اُترا اور ابن زیاد مایۂ فساد کو خبر ہوئی
اُسنے حضرت امام حسین کو خط لکھا کہ مجھکو یزید بن معاویہ نے لکھا ہی کہ میری بیعت امام حسین سے طلب کر اگر بیعت کرین
تو بہتر نہین تو سر انکا کاٹ کے بھیجدے سو مین نصیحت کرتا ہون کہ تم بیعت کر لو نہین تو لڑائی کے واسطے مستعد ہو حضرت
امام حسین علیہ السلام نے نامۂ اعمال سیاہ ابن زیاد کا پڑھا اور ڈال دیا اور فرمایا کہ اسکا جواب بجز عذاب میرے پاس
نہین ہی ہرکارہ ابن زیاد نے پلٹ کر تقریر حضرت کی ابن زیاد سے بیان کی تو آتش غضب اُس ناری کی بھڑک اُٹھی اور
کہنے لگا کون شخص مقابلۂ حسین علیہ السلام پر جاتا ہی کسی نے اقبال نہ کیا تب تجویز ہوئی کہ عمر و سعد حاکم ری بڑا قسی القلب
و بکار ہی اُسکو بھیجنا چاہیے سو اُسکو پروانہ بھیجا اولاً اُسنے انکار کیا اور لکھ بھیجا کہ مجھسے یہ کام نہوگا کہ میں بمقابلۂ رسول اللہ کے
مقابلے مین جاؤن کسی اور کو تجویز کیجیے ابن زیاد ملعون ناراض ہوا اور دوسرا پروانہ بھیجا کہ اگر تجھکو حکومت ری کی
منظور ہی تو امام حسین کے مقابلے پر جانہین تو سند حکومت واپس کر اور اپنے گھر بیٹھ مین دوسرے کو حاکم ری مقرر کرتا ہون
اور یہ کام ضروری اُس سے لیتا ہون جب نوشتۂ ابن زیاد حامی طریقۂ نمرود و شداد علیہ اللعنۃ الی یوم التناد کا ابن سعد
بدکردار نابکار کے پاس پہونچا تو طمع خام و نیاز ناکام نے کشان کشان مستعد کر دیا کہ اسی دن جانب کوفہ روانہ ہوا اور جلد
ابن زیاد کے پاس پہونچا اُسنے بائیس ہزار پیادے اور سوار پائنام کر کے کربلا کی طرف بھیجدیا اور کہدیا کہ پیچھے سے
اور بھی فوج تیری کمک کو پہونچیگی اطمینان رکھنا اور بعض محققین نے اس مقام کے یون تقریر کی ہی کہ جب نامۂ اول
ابن زیاد ملعون عمر و ابن سعد مردود کے پاس پہونچا تو اُسنے جواب لکھا کہ اس مقدمے مین بعد مشورے کے عرض کرونگا

بعد اُسکے اپنے گھر مین آیا اور اپنے بیٹون سے صلاح پوچھی بیٹون نے کہا ای عمر وتیرا باپ سعد ابن ابی وقاص جانثار
رسول اللہ حضرت امام حسین علیہ السلام پر عاشق اور فدا تھا تجھکو ہرگز لائق نہین ہی کہ تو اُنکے مقابلے کو جائے تجھکو
حیا نہین آتی اُسنے انکار کیا پھر جب دوسرا نامہ ابن زیاد کا تاکیدی آیا اور حکومت ری کی جانے کا اندیشہ زیادہ ہوا تب
دین کو دنیا کے بدلے کھو بیٹھا اور چلنے پر مستعد ہوا حمزہ ابن مغیرہ اُسکے بھانجے نے کہا ای ابن سعد دنیا چند روزہ ہی
حکومت اور سلطنت کچھ کام نہین آئیگی آخرت مین اسکا محاسبہ سخت ہی اور مقابلہ امام حسین علیہ السلام سے سرداری
و دوزخ کی البتہ حاصل ہوگی مگر ابن سعد نے کچھ خیال نہ کیا اور پانچ ہزار سوار لیکر سیدھا کربلا مین آیا اور امام حسین
علیہ السلام سے پیغام بھیجا کہ تم اس مقام مین کیونکر آئے آپ نے جواب دیا کہ تمھارے قاصد اور ہرکارے یہان لگے
تھے تو مین کیون آتا مجھے کیا کام تھا مگر تم لوگون نے اپنا عہد توڑ دیا اب بھی اگر کوئی مانع نہو چلا جاؤن عمر
ابن سعد خوش ہوا کہ شاید ابن زیاد سے صلح ہو جائے اسواسطے یہ معاملہ ابن زیاد کو لکھا اُس شقی نے لکھا کہ تو بیعت
یزید کی طلب کر اگر قبول کرین تو مجھکو اطلاع دے اور تا قاصد دوم حکم ثانی انتظار کر اس تحریر سے ابن سعد نے جانا کہ ابن زیاد
صلح پر راضی ہی سو اُسنے نامۂ سیاہ اُس روسیاہ بدفال کا حضرت امام حسین علیہ السلام کی خدمت مین بھیجا حضرت نے فرمایا
کہ مین ابن زیاد کے قول پر عمل نہ کرونگا یہ خبر بھی ابن زیاد کو پہونچی اُسنے حصین ابن نمیر اور شبیث ابن ربعی اور شمر ذی الجوشن
وغیرہ ملاعنہ کو با فوج قاہرہ روانہ کیا کہ اب بائیس ہزار پیادے اور سوار بمقابلہ اولاد حیدر کرار و اہلبیت رسول مختار
درشت کربلا مین جمع ہوے ساتوین محرم سنہ اکسٹھ ہجری مین انھین کافرون سے پانسو سوار نہر فرات پر مقرر کیے گئے اور
پانی کی بندش ہوئی اور اہلبیت رسول اللہ پر عرصۂ زندگی سخت تنگ ہوا یزید ہمدانی ایک شخص حضرت کے انصارون مین تھا
وہ حاضر ہوے اور عرض کی کہ یا رسول اللہ مجھے اور ابن سعد سے بہت ملاقات ہی اور دو مرتبہ دو میرا مدت کا یار ہی یقین ہی کہ میری بہت
پانی مین مضائقہ نہ کرے اگر ارشاد ہو تو اُس سے پانی کے واسطے استدعا کرون حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا تمکو
اختیار ہی چنانچہ یزید ہمدانی ابن سعد کے پاس تشریف لے گئے اور بغیر ادائے رسم سلام علیک بیٹھ گئے ابن سعد نے کہا ای یزید
ہمدانی تو نے رسم سلام سنت اسلام کیون ترک فرمائی کیا مین مسلمان نہین ہون اور خدا و رسول خدا کو نہین پہچانتا ہون
یا کوئی اور سبب ہی یزید ہمدانی نے کہا واے بر اسلام تو کہ دعوی مسلمانی کرتا ہی لخت جگر پارۂ رسول اور نور دیدۂ بتول کا
دشمن جانی بن کے اُنکے خون کا پیاسا ہوا ہی بڑے افسوس کی جا ہی کہ کتے اور سور فرات سے پانی پیین اور اہلبیت
نبی صلی اللہ علیہ وسلم پانی کو ترسین یہ کیا اسلام ہی اور کیا ایمان ابن سعد یہ کلام سُنکے دل مین پشیمان ہوا اور
کہنے لگا کہ یہ تو سب سچ ہی لیکن حکومت ری سے دست برداری نہین ہو سکتی ناچار یزید ہمدانی بے نیل و مرام
واپس ہوے اور سارا حال جناب امام عالیہ السلام سے نقل کیا تو امام عالیہ السلام نے تین کھدوائے مگر
سوا تر ہاتھ تک بھی پانی کا نشان نظر نہ پڑا اور اہلبیت کا یہ حال تھا کہ نماز تیمم سے ادا فرماتے تھے اور کلام

اشعار ون

اشاروں سے تب عباس ابن علی چند آدمی اپنے ساتھ لیکر فرات پر گئے کہ اشقیا نے ہمراہیوں کو شہید کیا اور عباس علمدار زخمی ہوکر لوٹے اور عرض کی کہ یا حضرت سوائے آب شمشیر آب فرات ہمارے نصیب مین نہین ہی بعد اسکے حضرت امام حسین علیہ السلام خیمۂ مبارک سے نکلے اور مقابل لشکر شام کھڑے ہوکر حمد و ثنائے خالق کبریا اور نعت سرور انبیا بیان فرمائی پھر ارشاد کیا کہ اے لشکریان یزید خوب تامل کرکے دیکھو کہ مین کون اور کسکی اولاد ہون اور اپنے دل مین سوچو کہ میرا خون کرنا اور میرے اہلبیت کی بیحرمت چاہنا تمکو درست ہی آیا مین لڑکا تمھارے پیغمبر کی لڑکی کا نہین ہون اور پسر علی مرتضی برادر عم زاد رسول خدا احمد مصطفے صلعم کا نہین ہون اور رسول خدا نے میرے حق مین نہین فرمایا سید اشباب اہل الجنہ یعنی حسن و حسین دونون جوانان بہشت کے سردار ہین اسی طرح بہت فضائل آپ نے بیان فرمائے اور دشمنان دین پر حجت خدا ختم کی مخفی نہ رہے کہ یہ کلام حضرت کا از روے عاجزی نہ تھا کیونکہ حضرت امام حسین علیہ السلام اپنی شہادت سے واقف کار تھے اور میدان کارزار کے شہسوار بلکہ یہ ارشاد بنا بر قطع حجت تھا تاکہ دشمنون کو خدا کے روبرو عذر کی جگہ نہ رہی اور ماکنا معذبین حتی نبعث رسولا مین مزہ جاتین تہذیب التہذیب مین لکھا ہی کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے بعد اس کلام کے ابن سعد کو لکھا کہ تین باتون سے ایک بات اختیار کر یا تو مجھکو مکۂ شریف مین جانے دے کہ وہان جاکر بیٹھ رہون اور اگر یہ منظور نہو تو مجھکو ترکستان کی طرف جانے دے کہ وہان کفار ترک سے جہاد کرکے شہید ہون اور اگر یہ دونون باتین منظور نہون تو مجھکو یزید کے پاس بھیجدے وہان جو کچھ شدنی ہی ہوگا ابن سعد نے جواب لکھا کہ مین ابن زیاد کو آپکے سوال لکھتا ہون جو کچھ جواب ملیگا عرض کرونگا تامل کیجیے چنانچہ اسنے لکھا تو ابن زیاد مایۂ فساد نے کمال تہدید سے لکھ بھیجا کہ مین نے تجھکو لڑنے کے واسطے بھیجا ہی نہ مصلح کے واسطے اگر حسین ابن علی بیعت کرین تو بہتر ورنہ قتل کر اور اگر تجھکو تامل ہو تو مین تجھے معزول کرکے دوسرے کو تیری جگہ بھیجتا ہون اور یہ کام اس سے لیتا ہون جب کہ نامۂ ابن زیاد لعنۃ اللہ علیہ الی یوم التناد ابن سعد بدبال کے پاس پہونچا تو اسنے صف قتال آراستہ کرکے امام حسین علیہ السلام سے کہلا بھیجا کہ مین نے ہر چند چاہا کہ تم یزید کی بیعت کرلو مین تمھارے خون مین گرفتار نہون پر تمنے قبول نہ کیا آپ لڑنے پر مستعد ہو جاؤ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ آج مجھے مہلت دے ترجمہ صواعق محرقہ مین لکھا ہی کہ جب حضرت امام حسین علیہ السلام پر یہ سختی اور تکلیف گذری تو آپکو نصیحت اور وصیت حضرت امام حسن کی یاد آئی کہ انھون نے آپکو سمجھایا تھا کہ اے حسین کوفیان بدعہد کے قول اور فعل پر ہرگز اعتماد نہ کرنا اور انکے بلانے سے زنہار کوفے کی طرف نہ جانا وہ لوگ سخت نالائق ہین وہان کا جانا تمھارے حق مین بہتر نہین ہی اور باعث کمال خفت و پریشانی ہوگا ترجمہ طبری مین لکھا ہی کہ حضرت امام حسین علیہ السلام خیمۂ مبارک مین تشریف لائے اور اہل حرم کو نصیحت کی کہ صبر بہت خوب چیز ہی اور اللہ نے صبر کا بڑا اجر مقرر کیا ہی خبردار ایسا نہو کہ تم صبر و استقلال کو ہاتھ سے دو اور کسی طرح سے ہماری ثابت قدمی مین فرق آئے اور رونے سے منع فرمایا اور آسمان کی طرف منہ کرکے کہا کہ خداوندا تو جانتا ہی کہ اہل کوفہ نے مجھسے بیعت کی اور پھر عہد شکنی کی اسکا انصاف

تیرے ہاتھ ہو اور خیمہ سے باہر آکر اپنے انصار سے فرمایا کہ مین تمسے بہت راضی ہون جو کچھ حق خدمت اور رفاقت تھا وہ تمنے بخوبی ادا کیا اللہ تعالیٰ جزاے خیر دے حال یہ ہو کہ تم لوگ کم ہو دشمن دین بہت اس سے میرے نزدیک مناسب یہ ہو کہ مین تمکو اپنی بیعت سے علیحدہ کرتا ہون جسطرف تمھارا جی چاہے وہان جاؤ مجھکو یہ منظور نہین کہ میرے ساتھ تمھاری بھی جان جائے اور مین تو اپنی زندگی سے نا امید ہون خیر جو کچھ میرے باب مین منظور الٰہی ہوگا وہ قبول ہو اس سے چارہ نہین انصار بہت روئے اور عرض کیا کہ یا حضرت آپ یہ کیا فرماتے ہین ذرا خیال تو کیجیے کہ ہم ایسے وقت مین آپکو چھوڑ کر چلے جائین روز حشر جناب رسول خدا علی مرتضیٰ و فاطمہ زہرا علیہم السلام کو کیا منھ دکھائینگے اور دولت شفاعت محمدی کیونکر پائینگے ہم تو حضرت کو کبھون اکیلا نہ چھوڑینگے ؎ گر دست دہد ہزار جانم + در پات بسر کنم فشانم

پھر یہ کہکر سامان لڑنے کا درست کیا اور ایک سنکر شبیہ بخندق گرد اپنے لشکر کے کھودی اور ایک آہ آمد و رفت کی رکھی جب بے ہم محرم ہوئی اور صبح عاشورہ مصیبت نے اُفق شہادت سے طلوع کیا تو لشکر ابن سعد صف آرا ہو کر مقابلے مین آیا جناب سید الشہدا نے نماز صبح ادا کی اور ناقے پر سوار ہو کر لشکر ابن سعد کے مقابل تشریف لائے اول خطبہ پڑھا بعد حمد جناب کبریا و نعت سرور انبیا اُن لوگون سے مخاطب ہوے کہ اے لشکریان یزید غور کرو اور سمجھو کہ نصاریٰ نشان سُم خر عیسیٰ علیہ السلام کی ابتک تعظیم کرتے ہین اور یہود اگر کوئی آثار موسیٰ علیہ السلام پاتے ہین تو اسکو دل و جان سے عزیز رکھتے ہین اور مین تمھارے نبی کے لڑکی کا لڑکا ہون اور مجھکو بھی تمھارے پیغمبر نے بیٹا کیا ہو سو تم میرے قتل پر مستعد ہوے مین نے تم مین سے کسی کا خون کیا ہو کہ اُسکے عوض مین مجھکو قتل کرتے ہو یا کسی کا تم مین سے مین نے کچھ مال لے لیا ہو کہ اُسکے مطالبے مین مجھکو ایسا تنگ کرتے ہو یا اور کسی طرح کا مجھپر دعویٰ ہو کہ تم اُسکے واسطے عاجز کر رہے ہو مین تو مدینے مین اپنے جد امجد کی فرار پر بیٹھا تھا وہان تمنے رہنے نہ دیا ناچار حرم شریف مین آیا وہان بھی تمنے خطوط لکھ کر بلوایا اور سلم کے ہاتھ پر بیعت کی پھر عہد اپنا توڑا خدا سے تعالے کو کیا جواب دوگے سو اس اتمام حجت کا جواب دشمنان دین نے کچھ بھی نہ دیا تب حضرت امام نے فرمایا کہ خدا کی حجت تمپر ہی مجھپر نہین یہ فرما کر ناقے سے اُترے گھوڑے پر سوار ہوے صف لشکر آراستہ فرمائی اور سب سے کہدیا کہ تم کوئی اپنی طرف سے لڑنے مین سابقت نہ کیجیو جانب اشقیا سے ابتدا ہونے دیجیو ایک ایک آدمی لشکر اشقیا سے عبد اللہ نام کہ درحقیقت عبد الشیطان تھا گھوڑے پر سوار میدان مین آیا اسنے دیکھا کہ خیمۂ اہلبیت کے گرد آگ جلتی ہو اور یہ آگ حضرت امام حسین علیہ السلام نے بنظر احتیاط گرد خیمہ کے روشن کرادی تھی تاکہ کوئی مخالف جا نہ سکے اُس عبد الشیطان نے جسارت کر کے کہا اے حسین آتش دنیا کی تمکو بشارت ہو قبل آتش دوزخ حضرت نے فرمایا اللھم احرقہ بالنار یعنی اے اللہ اسکو آگ مین جلا دے اُسی دم گھوڑے نے آگ مین ڈال دیا کہ عبد الشیطان مخلد فی النار ہوا تو حضرت امام علیہ السلام نے سجدۂ شکر ادا کیا اور بآواز بلند فرمایا کہ یا الٰہی مین اہلبیت رسول مین ہون تو میرا انصاف کر ابن اشعث نے پکار کر کہا کیا ایسی تمکو پیغمبر خدا سے

قرابت ہی کہ جسپر اتنا لاف وگزاف مارتے ہو تب تو امام حسین علیہ السلام کا دل گھبرا گیا چار دعا فرمائی کہ یا الٰہی
ابن اشعث مجھکو فرزند رسول نہین جانتا اور بے محابا قطع نسبت کرتا ہی اسکو ذلیل فرما اسی وقت ابن اشعث پیشہ اب کو
بیٹھا تو بجھو نے نیش مارا کہ اُسکی تکلیف سے نکلا تمام لشکر مین پھرتا تھا اور اسی حالت مین واصل نار ہوا اب
شمر علیہ اللعنۃ نے ابن سعد سے کہا کہ وقت مہلت ہوچکا اور خود آگے بڑھا اور ایک تیر لشکر امام کی طرف چلایا
اور فخریہ کہنے لگا کہ سب لوگ گواہ رہیو کہ اول لشکر امام حسین پر مین نے تیر مارا ہی پھر زیاد و سالم دو غلام ابن زیاد کے
نکلے اسطرف سے دو بہادر ایک حبیر ابن مظہر دوسرے یزید ابن حسین اُنکے مقابل ہوے اور دونون کو قتل کر آئے
پھر مُنقل ابن یزید لشکر یزید سے نکلا سو اسکو بھی یزید ابن حسین نے مارا بعد اُسکے دو سر آنکلا وہ بھی انھین کے ہاتھ سے
مارا گیا پھر مرا حم ابن حرث نکلا اُسکو نافع ابن ہلال نے تہ تیغ کیا اسی طرح جو کوئی فوج مخالف سے نکلا مارا گیا
اور ہر مرتبہ امام علیہ حسین علیہ السلام کا یہ حال تھا کہ خود بسبب شجاعت کے مقابلے کا قصد کرتے تھے انصار
نہ جانے دیتے تھے اور کہتے تھے کہ جب تک ہم لوگون سے ایک شخص بھی باقی رہیگا آپ جانے نہ پائینگے اور
انصار کی یہ مردانگی تھی کہ مخالف کو اسطرح جھٹ پٹ مار لیتے تھے جیسے کُتے کو مارتے ہین جب لشکریان شام نے
دیکھا کہ اسطرح کا مقابلہ کہ ایک شخص کا مقابلہ ایک کرے سخت مشکل ہی ہرگز عہدہ برائی نہوگی ایک ہی
انصار سارے لشکر کو کافی ہی تب یہ تجویز کی کہ دس دس ایک ایک انصار کے مقابل ہون چنانچہ دس کافر
ایک اہل اسلام کے مقابل ہونے لگے مگر تاہم یہ حال تھا کہ کوئی نامرد نزدیک نہ آتا دور ہی سے تیر اندازی کرتا
اور جو بہادر صف اسلام سے نکلتا کئی نامرد مل کر شہید کر ڈالتے یہان تک کہ پچاس انصار سے زیادہ
شہید ہوے صرف عزیز و قریب حضرت امام حسین علیہ السلام کے باقی رہے تب حضرت نے ایک نعرہ پر درد
مارا کہ کوئی فریادرس بھی ہی جو اللہ کے واسطے ہماری مدد کرے اور کوئی بچانے والا ہی کہ حرم رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو اعدا سے بچاوے یہ استغاثہ صرف اتمام حجت تھا تاکہ پھر کسی کو فوج اشقیا سے مقام عذر باقی نہ رہے
اور یہ بھی غرض تھی کہ اسوقت آتش غضب فوج مخالف مین شعلہ زن ہی ایسا نہو کہ اس اندھا دُھند مین
کوئی شخص اہل ایمان سے جہنمیون کے ساتھ ہو رہے اور مجھ تک نہ پہونچ سکے چنانچہ اسکا فائدہ یہ ہوا کہ
حر ابن یزید ریاحی مع مصعب برادر اور علی ابن حر پسر اور عروہ غلام معتبر ساتھ لیکر فوج ابن سعد سے نکل کر
حاضر ہوا اور التماس کیا کہ یا ابن رسول اللہ مین سب سے پہلے آپکے مقابلے کو نکلا تھا اب مین آپکے گروہ مین
داخل ہون اجازت دیجیے کہ جان نثاری سے پیش آؤن تاکہ شفاعت تمھارے جدکی مجھے نصیب ہو اور
میری تقصیرین معاف فرمائیے حضرت امام حسین علیہ السلام نے عفو تقصیر فرماکے اجازت قتال دی کہ حر
ابن یزید لشکر اشقیا پر شیر کی طرح جھپٹا ابن سعد نے دیکھا صفوان ابن حنظلہ کو بھیجا کہ تو حر کو سمجھا کے

یہان لاؤ اگر نہ آوے ناچار قتل کر صفوان نے نزدیک آکر نصیحت کی اور کہا کہ تجھکو پھر چلنا مناسب ہی حر نے کہا کہ تیری عقل سے بہت بعید ہی حالانکہ تو جانتا ہی کہ یزید فاسق وشارب خمر ہوا و حسین علیہ السلام پاک وصادق ولوردیدۂ رسول مقبول آیا حسین کی۔ فاقت وتبعیت اولیٰ ہی یا یزید ناپاک کی صفوان نے کہا یہ تو سچ ہی لیکن مال ودولت یزید کے پاس ہی اور سپاہی مال کے محتاج ہوتے ہین نہ تقویٰ وطہارت کے حر نے کہا ای صفوان تو حق پوشی کرتا ہی تیرا کلام منافقانہ ہی تب صفوان نے نیزہ چلایا حر ابن یزید بچ گئے اور وہی نیزہ حسین کے صفوان کو ہلاک کیا بعد اُسکے صفوان کے دو بھائی اور تھے وہ دوڑے اور صفوان پر آکر گرے کہ حر نے اُن دونون کو بھی قتل کیا غرض جب شقی ہاتھ لگا حر نے تہ تیغ کیا یہان تک کہ مخالفون نے گھیر لیا اور تیر اور نیزے سے شہید کیا بعد اُسکے معصب اور علی اور عروہ بھی اسی طرح شہید ہوے اور ترجمۂ معارف طبری مین لکھا ہی کہ ہنوز لڑائی شروع نہوئی تھی کہ حر ابن یزید فوج اعدا سے نکل کر امام حسین علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوے تھے مگر روایت اولے صحیح ہی الحاصل جب نائرۂ جنگ وجدال نے اسقدر اشتعال پایا کہ انصار واعوان شہید ہوگئے تو حضرت امام حسین نے فرمایا کہ اب میری نوبت ہی آپکے عزیزون نے کہا جب تک ہم مین سے کوئی باقی رہیگا آپ مقابلہ مخالف کو جانے نہ پائینگے اور سب سے پہلے علی اکبر بڑے صاحبزادے حضرت امام حسین کے مسلح ہوے روایت ہی کہ علی اکبر بھی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت مشابہ تھے چنانکہ جب کبھون اہل مدینہ دیدار رسول خدا کے مشتاق ہوتے تھے علی اکبر کو دیکھ لیتے تھے جب علی اکبر علم آراے معرکہ ہوے اور اشقیا نے دیکھا تو ہیبت وجلالت شان حضرت علی اکبر سے صورتین سب کی زرد ہوگئین اور دل اُنکے پانی پانی ہوے اور ابن سعد نے اپنے لشکر سے کہا کہ یہ فرزند اکبر امام حسین ہی کہ پیغمبر خدا سے شبیہ ہی اسکی شجاعت وبہادری دیکھنا چاہیے چنانچہ علی اکبر نے مبارز طلب کیا کوئی شخص مقابلہ پر نہ آیا ناچار خود حضرت فوج مین در آئے تو لشکر تہ وبالا ہوگیا اور دس حملے حضرت نے فرمائے ہر حملہ مین فوج اشقیا کے دو تین آدمی مارے کہ تیس یا پچیس شقی آپکے ہاتھ سے سیدھے دوزخ کو گئے اور ریاضت شاقہ سے پیاس نے غلبہ کیا کہ زبان مبارک خشک ہوگئی ناچار لشکر مخالف سے لوٹے اور امام حسین علیہ السلام سے پیاس کی شکایت فرمائی حضرت نے فرمایا ای جان پدر کیا کروں میری زبان منھ مین رکھ لے تو تسکین ہوجائے کہ علی اکبر نے زبان مبارک چاٹی اور پھر لشکر اعدا پر حملہ کیا تو پیچھے سے مرہ ابن سعد نے ایک تلوار ماری کہ علی اکبر زمین پر گرے ظالمون نے تلوارون سے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا انا للہ وانا الیہ راجعون بعد انکے عبد اللہ ابن مسلم ابن عقیل مسلح ہوکر نکلے تو ایک ظالم نے دور ہی سے ایک تیر پشت شریف پر مارا شہید ہوگئے پھر جعفر ابن عقیل نکلے وہ بھی تیر سے شہید ہوے اب فقط آل عبا سے حضرت امام حسین علیہ السلام اور عبد اللہ اور عباس اور جعفر اور عثمان اور محمد پانچون بھائی اور قاسم ابن حسن علیہ السلام بھتیجے اور علی زین العابدین اور علی اصغر

دونوں بیٹے امام حسین علیہ السلام کے باقی رہے اور محمد ابن حنفیہ اور عمر ابن علی دونوں بھائی آپکے جو امام کے ہمین نہ آئے تھے سو بقیہ آل عبا سے اول قاسم ابن حسن کہ عمر انکی انیس برس کی تھی مسلح ہوکر خیمے سے برآمد ہوے ہر چند کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے منع کیا مگر تقدیر الٰہی کشان کشان فوج اعدا مین لے گئی تو ایک کافر بے دین نے تلوار سے شہید کیا انا للہ وانا الیہ راجعون اور روایت ہی نکاح سکینہ دختر امام کی حضرت امام قاسم سے فریقین کے نزدیک غلط وبے سر و پا ہی اُسوقت اس کام کی فرصت کہان تھی اور یہ جو مشہور ہی کہ سکینہ نے دیار شام مین وفات پائی یہ بھی سراسر غلط ہی وہ تو اہلبیت کے ساتھ مدینہ مین آئین اور مصعب ابن زبیر کے ساتھ نکاح ہوا پھر عبد اللہ اور عباس اور جعفر اور عثمان اور محمد پانچون بھائی ایک ساتھ مسلح ہوکر نکلے ظالمون نے نرغہ کرکے شہید کیا جب یہ سب شہید ہوچکے تو کافرون نے جناب سید الشہدا علیہ السلام پر یلوہ کیا اور ایک تیر چلایا کہ حضرت کے گھوڑے کے لگا کہ آپ گھوڑے سے اترے اور زمین پر بیٹھ گئے اس عرصہ مین علی اصغر کہ شیر خوار تھے شدت پیاس سے خیمے مین رونے لگے تو آپ نے انکو گود مین لیا اور زبان مبارک انکے مُنہ مین ڈالی کہ فی الجملہ تسکین ہوئی یہ معجزہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا ابتک باقی تھا آتے ہی مین ایک ظالم بے دین نے تیر مارا کہ علی اصغر کے حلق مین لگا اور کنار پدر مین شہید ہوگئے تو حضرت نے انکو گود سے رکھدیا اور فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون اور زبان حال نے کہا ؎ اے فلک پیر و جوانان ہمہ رچیدی تو بہ طفل رابہم کنارم نہ پسندیدی تو بہ اور فرمایا الٰہی مجھکو ان مصائب مین صبر عطا کر اور خیمۂ مبارک مین تشریف لائے اور اہلبیت کو سپرد بخدا کیا امام زین العابدین علیہ السلام نے عرض کیا کہ اب مجھکو اجازت دیجیے تو مین بھی آپکے سامنے ہی شربت شہادت پیون حضرت نے فرمایا ابھی تجھسے بہت کام درپیش ہین اور تیری نسل قیامت تک قائم رہیگی تو میرا وصی ہی میرے بعد کسی سے لڑائی نہ کرنا اور صبر اور شکر مین بسر کرنا ناچار امام زین العابدین اسی حالت سے خیمے مین پڑے رہے اور حضرت امام حسین لشکر یزید کے مقابل ہوے پہلے اپنے فضائل بیان فرمائے پھر مبارز طلب کیا کسی کی جرأت نہ پڑی آخر کئی نامرد نکلے اور دست مبارک سے داخل نار ہوے پھر کئی سردار نکلے وہ بھی جہنم واصل ہوے اب لشکر مخالف مین بڑا تزلزل پڑگیا کہتے ہین کہ چار سوار اور دس پیادے آنجناب کے ہاتھ سے داخل نار ہوے یہ حال شمر بدبخت اور ابن سعد ملعون دیکھ رہے تھے اور کہتے تھے کہ ہمنے حسین علیہ السلام کا نظیر شجاعت اور مردانگی مین نہین دیکھا کہ سب اہلبیت انکے شہید ہوگئے ہین اور خود زخمون سے چور ہین اور اتنی فوج گھیرے ہی اور پیاس کی شدت ہی مگر لڑنے سے باز نہین آتے آخر سب لشکر کے لوگ سخت تنگ آئے اور کسی کے ہوش وحواس باقی نہ رہے اور سب نامرد مقابلے سے جی چرانے لگے تو سرداران لشکر نے دیکھا کہ لڑائی بگڑی قریب ہی کہ سب لوگ بھاگین تب شمر ذی الجوشن نامرد نے یہ حیلہ کیا کہ چند آدمی مخصوص لیکر خیمہ کے قریب پہونچا اور حضرت کے بیچ مین حائل ہوگیا تو حضرت نے یہ حال دیکھ کر نعرہ مارا کہ دیکھو یا شیعۃ الشیطان مین تمسے لڑتا ہون یا عورتین تب شمر ملعون ڈرا اور لوگون سے کہا کہ عورتون سے تعرض نہو اور اُدھر سے فوج کو پھیر کر حضرت

امام حسین پہ جھکا دی کہ دونوں طرف سے حضرت عالیہ السلام گھر گئے اور چارون طرف سے تیر اور نیزے برسنے لگے جب
جسم شریف زخمون سے چور ہو گیا اور اتنے زخم لگے کہ شمار کا امکان نہین ایک ایک زخم پر ہو ہو زخم تھے تب حضرت
امام حسین علیہ السلام گھوڑے سے جدا ہوے اور زمین پر شہید ہو کر گرے نضر ابن خرشہ ملعون سر مبارک کاٹنے لگا
نہ کاٹ سکا تب خولی ابن یزید اترا اسنے سر کاٹا حقیقت یہ ہے کہ نضر ابن خرشہ کسطرح کاٹ سکتا یہ شقاوت تو اول مین
خولی ابن یزید کی تقدیر مین لکھی تھی اُسی سے صادر ہوئی اور بعض روایت مین لکھا ہے کہ شبل ابن یزید نے سر کاٹا اور اپنے
بھائی خولی کو دیا یہ سانحہ بعد زوال آفتاب نقطۂ دائرۂ نصف النہار سے کہ جزو اول اخراء نماز ظہر کا ہے واقع ہوا اور
گویا یہ حال اسی بات پر دلالت کرتا ہے کہ تکبیر افتتاح آپ نے گھوڑے کی پیٹھ پر شروع کی اور جب کثرت جراحات سے مجھکے
اور رکوع ہوا اور جب مین پر آئے تو واسجدہ تھا غرض اس ہیئت مجموعیہ سے نماز ظہر ادا کر کے خلد برین کے منتظرین کا رفیع تر کا ہے
روایت ہے کہ جب تک حضرت امام حسین پشت زین پر تھے کسی کافر کی جرأت نہوئی کہ آپکے پاس آکر تلوار سے مقابلہ کرے
بلکہ نیزے کی رو پر بھی نہ آسکا فقط تیرون سے مارتے تھے اور جب تن مبارک کثرت جراحات سے مضمحل ہوا تب بھی کسی نامرد کی
یہ جرأت نہ پڑی کہ آپ پہ تلوار کا حربہ کرے اس حالت مین شمر شقی نے اپنے سوارون سے کہا کہ زور تمھاری بہادری پر کہ
یہ شخص زخمون سے چور ہے اور کوئی مقابلے پر نہین جاتا اسپر بھی کوئی نہ گیا مگر تیرون اور نیزون کا تار باندھ دیا یہان تک کہ
ایک شقی ناری کا تیر حاق مبارک پر لگا کہ حضرت شہید ہو کر گھوڑے سے گرے اور اسی حال مین شمر نامرد نے چہرۂ مبارک پر
تلوار ماری پھر اُسپر سنان ابن انس نخعی نے نیزہ مارا اور خولی ابن یزید سر کاٹنے کو اترا اسوا اُسکے ہاتھ کانپنے پھر اترا اُسکا بھائی
شبل ابن یزید نے سر کاٹا اور اپنے بھائی کو دیا اور قیس ابن اشعث ملعون نے پیراہن شریف تن بے سر سے اُتار لیا اور خیبر
ابن موبل نے تلوار حضرت کی اپنے قبضے مین کی ابن عساکر نے امام حسن علیہ السلام کے پوتے محمد ابن عمر سے روایت کی ہے کہ وہ
فرماتے ہین کہ ہم امام حسین علیہ السلام کے ساتھ تھے کربلا کی دو نہرون پر یعنی دونون ہوتون فرات پر کہ گرد کربلا واقع ہین سو دیکھا
امام نے شمر ذی الجوشن کو اور فرمایا سچا ہے اللہ اور اُسکا رسول فرمایا تھا جناب رسول مقبول نے کہ گویا مین دیکھتا ہون کہ کتا
منھ ڈالتا ہے میرے اہلبیت کے خون مین اور تھا شمر کوڑھی یعنی حضرت نے جو فرمایا تھا کہ قاتل اہلبیت کا سفید داغ والا ہوگا سو
شخص یہی ہے اور فی الواقع یہ ملعون یہ نسبت اوروں کے زیادہ تر حریص بخون اہلبیت رسول اللہ تھا اور اگرچہ امام کونین کے قتل مین
اکثر ملاعنہ شریک تھے الا پر واز روح مبارک کا ملاء اعلی کو شمر بد پیکر کی تلوار سے اور سنان ابن انس کے نیزے لگنے کے
ساتھ ہی واقع ہوا اسی جہت سے یہ دونون قاتل مشہور ہین یہ واقعہ دسوین محرم بروز جمعہ بعد زوال آفتاب خط نصف النہار سے
سنہ اکسٹھ ہجری مین واقع ہوا اُسدن عمر شریف چھپن برس پانچ مہینے پانچ روز کی تھی اور صحیح یہ ہے کہ ولادت آنجناب
مدینہ مین پانچوین شعبان سال چہارم ہجری مین ہوئی اور شہادت دوز جمعہ دسوین محرم بمقام کربلا اور چھ اولاد ذکور اور تین اناث
اور نسل آنجناب حضرت امام زین العابدین سے باقی رہی القصہ جب شجرۂ رسالت و دوحۂ نبوت تیشۂ ظلم سے کاٹا گیا تو شمر

اور ابن سعد ملعونوں نے خیمہ اہلبیت لوٹ لیا اور بارہ آدمی کہ اہلبیت نبوت مع زنان و اطفال باقی رہ گئے تھے قید کر لیے اور جو کچھ اسباب بالا لوٹ لیا جب نظر انکی علی ابن حسین یعنی امام زین العابدین علیہ السلام پر پڑی تو شمر شقی نے چاہا کہ انکو بھی شہید کرے ایک شخص نے ہاتھ پکڑ لیا اور کہا کہ کافروں کے لڑکوں کو بھی نہیں مارتے ہیں یہ تو مسلمان کا لڑکا ہی اور بیمار ہی شمر پر پیکر نے کہا ابن زیاد کا یہ حکم ہی کہ کوئی لڑکا آل عبا کا باقی نہ رہے اسنے کہا تو ان سب کو ابن زیاد کے پاس روانہ کر جیسا چاہے وہ کرے یہاں مار تب شمر بازرہا شمر اور ابن سعد ملعونوں نے مصلاح کر کے تن مبارک سید الشہدا علیہ السلام پر گھوڑے دوڑائے اور بھی بیس گھوڑے نے گھوڑے دوڑا کر لاش کو روندا کہ ہڈیاں تن مبارک کی چور چور ہو گئیں اسی دن اہلبیت نبوت کو بے پردہ اونٹوں پر سوار کرا کر مع سر مبارک سید الشہدا اور کئی سر شہدا کربلا کے نیزے پر رکھ کر بشیر ابن مالک اور خولی بن یزید کے ساتھ ابن زیاد ملعنۃ اللہ علیہ کے یوم التناد کے پاس روانہ کیا اور خود ابن سعد علیہ اللعن نے ایک دن کربلا میں مقام کیا اور اپنے مقتولوں و دوزخیوں کو گور کفن کیا اور لاش بے سر حضرت امام حسین علیہ السلام نور دیدۂ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام مع اور لاشوں کے وہیں پڑی رہنے دی تیسرے دن قریۂ عاصریہ کے لوگ کہ ایک موضع کنارے فرات کے واقع ہی آئے اور تن مبارک سید الکونین امام حسین علیہ السلام ایک جگہ دفن کیا و عباس و علی و محمد و عبداللہ و جعفر فرزندان حیدر کرار و قاسم ابن حسن و عبداللہ ابن حسن و ابوبکر ابن حسن و عمر ابن حسن و علی اکبر و عبداللہ کہ جنکو بعضے علی اصغر کہتے ہیں و محمد و عون پسران زینب بنت فاطمہ علیہا السلام یعنی عبداللہ ابن جعفر طیار کے بیٹے و عبداللہ و عبدالرحمن و جعفر تینوں بیٹے عقیل ابن ابیطالب کے پہلوے امام حسین علیہ السلام میں دفن کیے صرف عباس ابن علی کہ علم دار تھے انکا روضہ ایک میل پر تاب کے فاصلے سے واقع ہی اور اولاد مہاجرین و انصار اور جو لوگ کہ اسدن شہید ہوے تھے یکجا مدفون ہوے ہیں تنبیہ امام احمد و بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ابن عباس نے کہا میں نے صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک دن دوپہر کے وقت خواب میں دیکھا بال بکھرے ہوے گرد آلودہ ہاتھ میں شیشہ خون کا بھرا ہوا میں نے کہا یہ کیا ہی فرمایا کہ حسین اور اسکے ساتھیوں کا خون ہی میں اسے اٹھاتا ہوں آج صبح سے ابن عباس کہتے ہیں کہ میں نے وہ وقت دن یاد رکھا یہاں تک کہ مجھکو خبر پہونچی کہ حسین شہید ہوے اسی دن یعنی جسدن یہ خواب دیکھا تھا اور حاکم و بیہقی نے حضرت ام المومنین ام سلمہ رض سے روایت کی ہی کہ کہا انھوں نے میں نے دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کہ آپکا سر و داڑھی خاک آلودہ ہی میں نے کہا یہ کیا حال ہی یا رسول اللہ فرمایا کہ میں مقتل حسین پر ابھی گیا تھا اور صواعق محرقہ میں ہی کہ حضرت ام سلمہ ذریاتی تھیں کہ شب شہادت کے میں نے ایک آواز غیب سنی کوئی کہتا تھا ایہا القاتلون جہلا حسینا ابشروا بالعذاب والتنکیل + قد لعنتم علی لسان داؤد + وموسے وحامل الانجیل یعنی اے کشندگان حسین کے نادانی سے مژدہ ہو تمکو عذاب کا بیشک تم ملعون ہوے داؤد و موسیٰ و عیسیٰ کی زبانوں پر یعنی قاتلین حسین کو موسیٰ و عیسیٰ و داؤد علیہم السلام نے بھی لعنت کی ہی اور ابو نعیم نے حبیب ابن ثابت سے روایت کی ہی کہ اسنے کہا میں نے سنا جنوں کو کہ روتے تھے حسین پر یہ پڑھ کر مسح النبی

جبینہ ۔ ولہ بریق فی الخدود ۔ ابواہ فی علیا قریش ۔ وجدہ خیر الجدود ۔ یعنی ؎ اس جبین کو
مین نے چوما تھا ۔ تھی چمک کیا ہی اُسکے چہرہ پر ۔ اُسکے ماباپ تھے قریش کی جان ۔ اُسکا نانا جہان سے
بہتر ۔ اور بھی ابونعیم نے حبیب ابن ثابت سے روایت کی ہی کہ حضرت ام سلمہ رض نے کہا مین نے نہین سُنا
رونا جنون کا جیسے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا مگر آج کی رات تو مین نے جانا کہ میرا بیٹا حسین
شہید ہوا پھر کہا ام سلمہ نے اپنی لونڈی سے کہ تو گھر سے نکل کر پوچھ اُسنے پوچھا تو معلوم ہوا کہ حسین
شہید ہوے اور جن یہ کہکر رونے لگے ؎ الا یا عین فاحتلی بجہد ۔ ومن یبکی علے الشہدا بعدی
علی ربط تقود ہم المنایا ۔ الی متجبر فی ملک عہدی ۔ یعنی ؎ ہو سکے جتنا رولے تو اے چشم
کون روویگا پھر شہیدون کو ۔ پاس ظالم کے کھینچے لائی ۔ موت ای وای اے ان عزیزون کو ۔
پوشیدہ نہ رہے کہ نوحہ عبارت ہی اُس سے کہ میت پر گریہ کرے اور اوصاف پسندیدہ اُسکے ذکر کرے
مگر واویلا و امصیبتا کرنا و بے صبری و سینہ کوبی و طمانچہ زنی حرام ہی جیسا کہ حدیث شریف مین وارد ہی
کہ النیاحۃ من عمل الجاہلیۃ یعنی نوحہ کرنا رسوم کفر و شرک سے ہی اور آنکھون سے رونا دل سے غم کرنا
پسندیدہ ہی اور بیہقی و ابونعیم نے زہری سے روایت کی ہی کہ جسدن شہید ہوے امام حسین علیہ السلام
تو اُسدن جو پتھر بیت المقدس مین اُٹھایا گیا اُسکے نیچے خون تازہ نہایت سرخ نکلا اور کہتے ہین کہ
تمام دنیا مین جس جگہ کا پتھر اُٹھایا اُسکے نیچے سے خون سرخ نکلا بیہقی نے ام حبان سے روایت کی ہی
کہ وہ کہتے ہین جسدن شہید ہوے امام حسین علیہ السلام اندھیرا رہا ہمیشہ تین دن اور جسنے منہ پر زعفران ملی
اُسکا منہ جل گیا یہ روایت صحیح ثابت ہی کہ یزیدیون نے کئی اونٹ لشکر حسینی کے پکڑے تھے جب اُنکو ذبح کیا اور پکایا
تو ایسے کڑوے تھے جیسے اندراین کا پھل کوئی اُنکو کھا نہ سکا اور ترجمہ صواعق مین لکھا ہی کہ ایک قافلہ
درس بھر کے یمن سے عراق کو جاتا تھا راہ مین یزید کے لشکریون کا ساتھ ہوگیا تو اُنکی شامت سے
اُنکی درس راکھ ہوگئی اور جس اونٹ کو ذبح کیا اُس سے آگ نکلی اور بیہقی نے علی ابن مسہر سے روایت کی ہی
کہ اُسنے کہا مین نے سُنا اپنی دادی سے وہ کہتی تھی کہ مین لڑکی نوجوان تھی جب امام حسین شہید ہوے تھے
تو مین نے دیکھا کہ چند روز آسمان اُنپر رویا کیا اور ابن جوزی و ابن سیرین سے روایت ہی کہ تین دن
عالم مین تاریکی رہی بعد اُسکے آسمان سُرخ ہوگیا اور ثعلبی سے منقول ہی کہ آسمان حضرت امام حسین پر
رویا اور چھ مہینے تک اُسکی نشانی رہی یعنی سرخی اور ابن سیرین و ابن سعد کہتے ہین کہ شفق کی
سُرخی بعد قتل امام حسین علیہ السلام کے ظاہر ہوئی ہی پہلے اسکا وجود نہ تھا اور اسکا سر
یہ معلوم ہوتا ہی کہ جب کوئی غضبناک ہوتا ہی تو خون جوش کرتا ہی اور چہرہ سُرخ ہوجاتا ہی

اور حق تعالیٰ شانہ عوارض جسمانی سے مانند غضب اور غصہ وغیرہ پاک ہی سو اُسنے بنا بر اظہار غضب تمام آسمان کو سرخ کر دیا اور اُسکا نشان تا قیامت قائم رکھا روایت ہی کہ سات دن آسمان رویا اور اُسکی سُرخی سے دیوارین گویا لحاف گلنار ہو گئین اور جو کپڑا اُس سے سُرخ ہو گیا پھر وہ سرخی ہرگز نہ گئی یہان تک کہ پارہ ہو گیا اور شواہب آسمان بکثرت گرے اور اُسی دن کسوف کامل واقع ہوا کہ دوپہر کو ستارے نظر آئے گویا قیامت قائم ہوئی اصل یہ ہی کہ ایسا سانحہ ہوش ربا اور اسطرح کا معرکہ عبرت افزا حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے اسوقت تک کسی نبی کے اہلبیت پر نہین گذرا ہی پھر خون ہونا آسمان اور زمین کا اور تیرہ و تار ہونا عالم کا اور پتھر کا خون کا شجر اور حجر سے اور دیوار و در سے کیا تعجب ہی بلکہ اگر اُسی دم قیامت قائم ہو جاتی اور ہر ایک کافر شقی اپنی سزا کو پہونچتا تو تعجب نہ تھا مگر زمانۂ موعود قریب ہی اور خداوند کریم نے ہر چیز کا ایک وقت مقرر کیا ہی **فائدہ** ہمارے اُستاد الاساتذہ مولانا مقتدانا حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ ایک سائل کے جواب مین تحریر فرماتے ہین کہ جب امام حسین علیہ السلام کربلا مین تشریف فرما ہوئے ہین تو اُنکے ہمراہ تین فرزند خاص تھے یعنی اوّل علی اوسط امام زین العابدین اصغر بائیس برس کہ بیمار خیمہ مبارک مین تشریف رکھتے تھے اور شہید نہین ہوئے دوسرے حضرت علی اکبر اٹھارہ برس کہ شہید ہوئے تیسرے علی اصغر شیر خوارہ کہ شہید ہوئے اور اُنکے نام مین اختلاف ہی بعضے عبد اللہ کہتے ہین اور بعضے جعفر اور بعضے علی اصغر اور ایک بیٹی سکینہ نام بعمر ہفت سالہ کہ حضرت امام قاسم ابن حضرت امام حسن علیہ السلام سے منسوب تھین کربلا مین ہمراہ تھین روایت اُنکے نکاح کی سراپا غلط ہی اور وفات سکینہ راہ شام مین بھی غلط محض ہی کیونکہ وہ بعد معرکہ کربلا مدت تک زندہ رہی ہین اور مصعب بن زبیر سے منکوحہ ہوئی ہین یہ زبیر برادر پھوپھی زاد حضرت علی مرتضیٰ اور جناب رسول خدا تھے اور دختر کلان حضرت امام حسین علیہ السلام فاطمہ صغریٰ نام اپنے شوہر کے پاس یعنی حضرت حسن مثنیٰ بن امام حسن علیہ السلام کے مدینۂ منورہ مین رہ گئی تھین کربلا مین نہین آئین تھین اور نام والدہ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ شہر بانو ملقب بشاہ زنان بنت یزدجرد بن شہریار بن خسرو پرویز بن ہرمز بن نوشیروان تھا اور نام مادر علی اکبر یعنی دختر ابی مرّہ بن عروہ بن مسعود سردار بنی ثقیف تھا اور نام والدہ پسر سوم یاد نہین ہی مگر عربیہ تھین نسل بنی قضاعہ سے اور نام والدہ سکینہ رباب دختر امرء القیس بن عدی کربی کلبی سے تھا اور حضرت امام علیہ السلام رباب سے محبت زیادہ رکھتے تھے چنانچہ فرماتے ہین ؎ لعمری انّنی لاحب ارضا یحل بہا سکینۃ والرباب یعنی اپنی جان کی قسم کہ مین اُس زمین کو دوست رکھتا ہون کہ جسمین سکینہ اور رباب قیام کرین اور منزل پکڑین نام والدۂ فاطمہ صغریٰ کا ام اسحٰق بنت حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام مدفون چار برس کے تھے کیونکہ معرکہ کربلا سے چار برس پیشتر یعنی سنہ ستاون ۵۷ ہجری مین پیدا ہوئے اور یہ معرکہ سنہ اکسٹھ مین ہوا ہی اور ازواج مطہرات امام سے صرف شہر بانو اور والدہ علی اصغر ہمراہ تھین اور حال اورون کا معلوم نہین کہ زندہ تھین یا مردہ اور فرزندان حضرت امام حسن علیہ السلام سے چار شخص شہید ہوئے حضرت قاسم اور عبد اللہ اور عمر اور ابو بکر یہ سب نوجوان تھے اور حضرت حسن مثنیٰ کربلا مین نہین آئے وہ مع اپنی زوجہ فاطمہ صغریٰ بنت امام حسین علیہ السلام کے مدینہ یا سکینہ مین رہ گئے تھے اور فرزندان علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے پانچ نفر کربلا مین تھے حضرت عباس اور عثمان اور محمد اور

عبداللہ اور جعفر کہ یہ سب شہید ہوئے روضہ حضرت عباس کا ایک تیر کے فاصلے پر ہے حضرت امام حسین علیہ السلام کے روضہ سے
سے اور سب اسی روضہ مین مدفون ہین اور فرزندان حضرت عقیل سے حضرت مسلم مع محمد ابراہیم دو بیٹون کے حسب ارشاد حضرت امام
کوفے مین بنا بر استحکام قتل و قرار تشریف لیگئے تھے وہین شہید ہوئے بتاریخ دوم ذیحجہ ۶۰ ہجری مین اور تین شخص یعنے عبداللہ
وعبدالرحمن وجعفر ہمراہ امام کربلا مین شہید ہوئے اور فرزندان حضرت جعفر طیار سے محمد اور عون پسران حضرت زینب خواہر حقیقی حضرت امام
کے کہ بوقت جعفر طیار کے تھے ہمراہ امام کربلا مین شہید ہوئے اور منجملہ صاحبزادہاے اہلبیت سترہ آدمی کربلا مین شہید ہوئے
اور حضرت امام زین العابدین اور عمر بن الحسن اور محمد بن عمر بن علی وغیرہ صاحبزادگان صغیر السن بندیون مین تشریف لیگئے تھے
اور حضرت زینب خواہر حقیقی حضرت امام علیہ السلام اور شہربانو زوجہ امام اور حضرت سکینہ دختر امام وغیرہ زنان اہلبیت ہمراہ
کربلا مین تھین اور قیدیون کے ساتھ روانہ شام ہوئین انتہی القصہ جب اہلبیت رسالت مع سر مبارک سید الشہدا علیہ التحیہ والثنا
با دیگر سرہاے آل عبا ہمراہ اشقیا کوفے مین رونق افروز ہوئے تو ابن زیاد نے مطلع ہوکے مجلس کو آراستہ کیا اور باہیبت و
وقار افسر مجلس بنکر بیٹھا اور اہل کوفے کو جمع کرکے قیدیون کو طلب کیا پھر کہا الحمد للہ الذی اکرب واکرب یعنی شکر خدا ہی کہ اسنے
دشمنون پر سختی ڈالی اور سختی دی حضرت زینب نے فرمایا الحمد للہ الذی اکرمنا بمحمد وطہرنا تطہیرا یعنی سب تعریف ہی خدا کو جسنے حضرت مصطفے
کے سبب سے ہمکو بزرگ کیا اور بخوبی پاک کیا ابن مرجانہ نے کہا کیف رایتم قدرۃ اللہ حضرت زینب نے فرمایا کیف تعمی اللہ بیتا وبیتکم
ونصفہ بیتا وبیتکم یعنی قریب ہی کہ اللہ تعالی ہمکو اور تمکو جمع کرکے انصاف فرمائے ابن زیاد اس کلمے سے سخت برآشفتہ ہوا اور کہنے لگا کہ
ظاہرا ابتک تم مین دلیری باقی ہی اور چاہا کہ بے ادبانہ پیش آئے حضار مجلس نے کہا عورتون کے کلام پر اعتنا نہ چاہیے ناچار
علی بن حسین علیہ السلام متوجہ ہوا اور کہا کہ یہ کون اور کسکا لڑکا ہی کسی نے کہا حسین بن علی علیہما السلام کا بیٹا ہی کہا اسکو بھی قتل کرنا
لازم ہی کیونکہ مین نہین چاہتا کہ آل عبا مین سے کوئی موجود رہے کوتوال کوفی نے چاہا کہ امام علی زین العابدین علیہ السلام کو لیجاے
اور بیرون قافلہ شہید کرے اسوقت حضرت زینب نے اپنی گود مین لیا اور کہا کہ اول مجھکو قتل کرو تب اسپر ہاتھ ڈالو یہی ایک
لڑکا نسل فاطمہ علیہا السلام سے ہمارا محرم باقی ہی اگر اسکو بھی مارتے ہو تو ہم سب بلا محرم رہے جاتے ہین اس کلام سے ابن زیاد کو
گونہ خوف لاحق ہوا کہ خون ناحق حضرت امام سے درگذرا پھر نظر اس ملعون کی سید الشہدا کے سر مبارک پر پڑی تو وہ مردود
ہنس پڑا اور ایک چھڑی سے جو اسکے ہاتھ مین تھی لب مبارک کو مس کیا اور دندان مبارک کو توڑنے لگا زید بن ارقم رضی اللہ عنہ
نے فرمایا کہ اے ابن زیاد یہ لکڑی لب و دندان شریف سے علیحدہ رکھ بخدائے کعبہ مین نے بارہا حضرت رسول مقبول صلعم کو انپر لب
چومتے دیکھا ہی اور بہت روئے اس مردود نے نہ مانا اور کہا قسم ہی اس خدا کی جو انکہ تیری پر آب رکھے اگر تو ضعیف نہ ہوتا تو مین
گردن مارتا زید نے کہا کہ ایک کلام اور زیادہ غصہ دلانے والا اس کہ مین نے دیکھا حضرت صلعم کو ایسے حال مین کہ حسن کو سیدھی ران پر
اور حسین کو بائین پر بٹھاتے اور ہاتھ سرون پر پھیرتے اور فرماتے تھے کہ یا الہی مین انکو تیرے اور مومنین صالحین کے پاس
بہ امانت سپرد کرتا ہون سو اے ابن زیاد تو نے امانت رسول خدا سے کیا سلوک کیا اے لوگو حق سبحانہ تمسے خوش نہو کہ تمنے

ابن فاطمہ کو قتل کیا اور ابن مرجانہ کو اپنا سردار بنایا بعد اسکے ابن زیاد نے منبر پر چڑھ کر خطبہ پڑھا کہ شکر خدا کا جسنے اہل حق کیا اور امیر المومنین یزید اور اسکے لشکر کو فتح دی اور کاذب ابن کاذب کو قتل کیا عبداللہ ابن عفیف نے فرمایا کہ تو جھوٹا اور تیرا باپ اور جسنے تجھکو امیر کیا افسوس ہو کہ مقام صدیقین پر کھڑے ہو کر کلمات قبیحہ زبان پر لاتا ہو اور شرماتا نہیں ہو ابن زیاد نے حکم قتل صادر کیا مگر اسوقت انکی قوم نے بچایا رات کو مارے گئے القصہ ابن زیاد نے اہلبیت کو قید کیا اور سر مبارک کو تشہیر کرایا یزید ابن اثم فرماتے ہین کہ جب سر سید الشہدا نیزے پر قریب میرے دریچہ کے آیا تو مین نے کانون سے سنا یا آواز آتی تھی ام حسبت ان اصحاب الکہف والرقیم کانوا من آیاتنا عجبا یعنی تو نے جانا اے محمد کہ اصحاب کہف اور رقیم نشانیان اعجوبہ ہماری قدرت کی ہین کہ تین سو نو برس ایک غار مین سوتے رہے اور جب جاگے تو ایک دن یا کم اس سے اپنے گمان مین سوئے تھے زید ابن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ جب یہ آیت زبان سر مبارک سے میرے کان مین پہونچی تو بخدا میرے بدن کے بال کھڑے ہو گئے اور مین نے کہا یا ابن رسول اللہ صلعم حقیقت حال تمہاری اس سے عجیب تر ہو خلاصہ یہ کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک نے فرمایا کہ قصہ اصحاب کہف جو مشتمل بر عجائبات و خوارق عادت ہو اگرچہ عجیب تر ہو لیکن میرا قصہ اس سے زیادہ تر عجیب ہو یعنی امام کو ناحق و بیگناہ مارا اور اہل و عیال کو اس طرح بے پردہ و ذلیل کیا اور سر مبارک کو کوچہ و بازار مین نیزے پر لٹکا کر پھرایا اور اصحاب کہف جنکے خوف سے غار مین پوشیدہ ہو رہے تھے وہ لوگ بت پرست کافر تھے اور قاتل اور آمر بقتل حسین علیہ السلام دعوی اسلام کرتے ہین و خوب جانتے ہین کہ یہ نور دیدہ حضرت بتول و راحت جان رسول مقبول ہین اور اصحاب کہف جو سو کر بعد سالہا سال کے بولے تھے تو آخر وہ زندہ تھے اور روح انکی بدن مین موجود تھی اور امام کے سر مبارک نے بدن سے جدا ہونے کے بعد کلام کیا تو درحقیقت جسقدر تعجب امام کے قصے مین ہو اتنا اصحاب کہف کے قصے مین نہین ہو فاعتبروا یا اولی الالباب ان ہذا لشی عجاب سبحان اللہ وبحمدہ کیا کارخانے الٰہی ہین کہ اسکی درگاہ لایالی مین کسی کی پروا نہین کوئی فعل حکمت سے خالی نہین ہوتا آمین یہ حکمت یہ تھی کہ قاتلون اور آمرون کا گھر دوزخ بنایا اور شہیدون کو بہشت کا سردار کر دیا فتاوی قرطبی مین لکھا ہو کہ جب علی ابن حسین علی کا ہاتھ گردن مین بندھا تھا اور اہلبیت نبوت کو ظالم لوگ مجلس مین لیے جاتے تھے تب کوفے کے لوگ انکے ساتھ تھے اور مطلق شرمندہ نہ تھے مین کہتا ہون کہ حیا و شرم لازم ایمان ہو کما قال رسول اللہ صلعم الحیاء من الایمان ہرگاہ کہ اسوقت اہل کوفہ نے ایمان محض تھے پھر شرم کہان سے آتی ابن الاخضر نے لکھا ہو کہ اول اول اسلام مین سر مبارک امام حسین علیہ السلام کا نیزے پر چڑھایا گیا اس سے پہلے یہ حرکت نہوئی تھی بالجملہ بعد اس ظلم و بدعت کے ابن زیاد بانی فساد نے فرق مبارک سید الشہدا اور دیگر شہدا کربلا مع جملہ اسیران اہلبیت مصطفے علیہ التحیۃ والثنا شمر ذی الجوشن ملعون و ہنہاد کے ساتھ جانب دمشق یزید پلید علیہ ما یستحقہ کے پاس روانہ کیا اور تقید بلیغ کر دیا کہ جو قریہ یا شہر راہ مین پڑے فرق مبارک امام حسین علیہ السلام کو نیزہ پر لٹکا کر تشہیر کیجیو کہ اس جگہ کے لوگ بھی آگاہ ہو جائین کذا فی تذکرہ القرطبی مین کہتا ہون

کہ غرض ابن زیاد مردود کی یہ تھی کہ حضرت سید الشہدا اور اہلبیت مصطفے کی ذلت قرار واقعی ہو اور جو لوگ کہ یہ گمان رکھتے تھے کہ یزید یا ابن زیاد مسلمان ہے سو مطلع ہو جاویں کہ اسکو اسلام سے کچھ کام نہیں ہے اور یہ بھی منظور نظر تھا کہ سب جگہ کے لوگ واسطہ بلا واسطہ آگاہ ہوں کہ پیغمبر خدا کی وفات سے تھوڑے عرصے کے بعد عوض اپنے اعزہ و اقارب کا جو بسبب کفر مارے گئے تھے پیغمبر کی اولاد سے کیا خوب لیا القصہ جب شمر مدبر وغیرہ ملاعنہ کوفے سے چلے اور ایک منزل چلکر اترے وہاں ایک درویش بنی اسرائیل کا عبادت خانہ تھا اسکی دیوار پر یہ بیت لکھی تھی ؎ اترجو اقتلت حسیناً ۔ شفاعۃ جدہ یوم الحساب ۔ یعنی ؎ شبیر کے قاتل کیا فرداے قیامت ہیں ۔ امید بھی رکھتے ہیں نانا کی شفاعت کی ۔ سو یہ بیت ان ملاعنہ کی نظر پڑی درویش سے پوچھا کہ یہ بیت کسنے لکھی ہے اسنے کہا اتنا تو میں جانتا ہوں کہ پانسو برس قبل بعثت تمہارے نبی سے یہ بیت لکھی گئی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اس دیر کی دیوار پھٹی اور ایک ہاتھ نکلا اسنے قلم سے یہ بیت لکھی اور ابو نعیم نے طریق ابن اسحٰق سے اور اسنے قبیل سے روایت کی ہے کہ جب سر مبارک شام کی طرف لیچلے تو اشقیا پہلی منزل پر بیٹھ کر خرمے کا شیرہ پینے لگے اس حالت میں ایک قلم آہنی غیب سے نمودار ہوا اور اسنے خون سے یہ بیت لکھی بہر تقدیر اس بیت کے لکھے ہونے میں شک نہیں روایت ہے کہ اس درویش نے سر مبارک کو دیکھ کر کہا کہ یہ لوگ نہایت بد ہیں کہ اپنے نبی کے بیٹے کو قتل کر کے اسکے اہلبیت کو اس ذلت و خواری سے لیے جاتے ہیں پھر اسنے جماعت اشقیا سے متوجہ ہو کر کہا کہ اگر ایک رات سر امام حسین علیہ السلام میرے پاس رہنے دو تو میں تمکو دس ہزار درہم دیتا ہوں انھوں نے قبول کیا درویش نے فرق مبارک دونوں ہاتھوں سے لیا اور خلوت میں خوشبو دنسے معطر کر کے اپنے زانو پر رکھا اور دیکھ کر رونے لگا رات بھر انوار خدا جمال حق نما سے مشاہدہ کرتا رہا اور دیکھتا تھا کہ تمام رات آسمان سے طبقات نور اترتے تھے صبح کو مسلمان ہوا اور تمام عمر اپنی محبت اہلبیت میں گذرانی اور دس ہزار درم مطابق وعدہ کے ان ظالمون کو عنایت کیے تھوڑی دور چلکر ان کمبختون نے تقسیم کرنے کے واسطے تھیلیون کے منھ کھولے تو سب درم ٹھکریان ہو گئیں تھیں ایک طرف لکھا تھا ولا تحسبن اللہ غافلاً عما یعمل الظالمون یعنے نہ جانو تم اللہ کو غافل اس سے جو کرتے ہیں ظالم لوگ اور دوسری جانب لکھا تھا سیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون یعنے اب معلوم کرینگے ظلم کرنے والے کس کروٹ الٹتے ہیں القصہ بعد طے منازل اسیران کربلا مع فرق مبارک سید الشہدا دمشق میں پہونچے یا ابن عساکر منہال ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ جب سر مبارک نیزہ پر دمشق میں لیجایا تو میں نے واللہ یہ دیکھا کہ ایک شخص آگے آگے سورہ کہف پڑھتا ہوا چلا آتا تھا یہاں تک کہ اس آیت پر پہونچا ان اصحاب الکہف والرقیم کانوا من آیاتنا عجبا دفعۃً اللہ نے فرق مبارک کو گویا کیا کہ اسنے بزبان فصیح فرمایا اعجب من ذلک قتلی وحملی یعنے عجب تر اس سے ہے میرا قتل ہونا اور سر کا نیزہ پر

لیے ہوئے پھرا بالجملہ یزید پلید علیہ ما یستحقہ نے خبر آمد اہلبیت بنوت منکر قصر امارت آراستہ کیا اور علما شام کو جمع کرکے سب کو مجلس عام مین طلب کیا اور کمال انبساط سے ایک ایک سر بر نیزہ والی اور سب کے نام پوچھے شمر ذی الجوشن ملعون نے نام بتلائے یہان تک کہ اُسنے سر مبارک سید الشہدا بھی پیش کیا اور ماجرائے لڑائی پر مباہات و افتخار اسطرح بیان کیے کہ مجکو عبداللہ ابن زیاد نے حسین ابن علی کے مقابلے مین بھیجا سو مین لشکر جرار لیکر اُنپر ٹوٹ پڑا اور ہر طرف سے اُنکے ساتھیون کو گھیرا اور ایک ایک کو ہیچ کر چلا یہان تک کہ مین نے سب کو کوشش سے مارا کہ اُن سب کے سر حاضر ہین اور یہ حسین کا سر ہے یزید پلید یہ کلام سنکر بہت خوش ہوا اور بوتل شراب ہاتھ مین لیکر پینے لگا اور انواع عاہانت سے پیش آیا اور ایک لکڑی چھوٹی درخت خیزران کی کہ اُس ملعون کے ہاتھ مین تھی لب و دندان پر مارتا تھا اور اشعار ابن زبعری پڑھتا اور اُن شعرون مین دو شعر اور کہ دلالت صریحہ کفر پر کرتے تھے زیادہ کرتا تھا اور کہتا تھا کہ ابو بدر یہ سمجھکو گمان نہ تھا کہ تیری عمر اسقدر ہوگی اور غضب و رنج کی حاجت نہوگی یہ خبر بعض اصحاب اخیار سید مختار حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کو پہونچی وہ روتے پیٹتے اس مجلس نامعقول مین آئے اور فرمانے لگے کہ ای یزید یہ کیا بے ادبی سر مبارک سے کرتا ہے یہ وہ سر ہے جسکو رسول اللہ چومتے تھے یزید نے سات نفر صحابیون کو اُسی وقت قتل کروایا فائدہ نہ لغضاب کا ریش مبارک پر صحیح نہین ہے اسلیے کہ صحیح بخاری مین ہے کہ جب امام حسین شہید ہوئے ہین تو ریش مبارک مخضوب بوسمہ تھی اور کاتب الحروف نے اپنے اُستاد مولانا میر حسن علی محدث رحمۃ اللہ علیہ سے سنا ہے کہ خضاب سیاہ سوائے وسمہ کے مکروہ ہے اور وسمہ کا ممنوع نہین ہے روایت ہے کہ ثمرہ ابن جندب صحابی اُسوقت حاضر تھے اُنھون نے جرارت کرکے فرمایا ای یزید قطع اللہ یدک یعنی کاٹے اللہ تیرا ہاتھ تو لکڑی ان لبون پر لگاتا ہے جو بوسگاہ رسول اللہ ہے یزید نے کہا ای سمرہ اگر شرف صحبت رسول اللہ مانع نہوتا تو مین تجکو قتل کرتا سمرہ رضی اللہ عنہ نے کہا سبحان اللہ میرے حق مین ملاحظہ صحبت رسول خدا ہا مین مرتبہ اور جگر گوشگان رسول و فرزندان بتول سے یہ معاملہ ہے کہ کوئی کافر بھی کسی مسلمان سے نہ کریگا یہ کہکر مجلس سے اٹھ آئے روایت ہے کہ ایک سوداگر یہودی بھی اُس مجلس مین حاضر تھا اُسنے پوچھا یہ کسکا سر ہے یزید نے کہا کہ یہ سر اُس شخص کا ہے جو دعوی مقابلہ خلیفہ وقت سے رکھتا تھا سوداگر نے کہا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب اس سر کا شرافت و بزرگی رکھتا ہے جو اُسکو داعیہ خلافت تھا یزید نے کہا کہ اشراف بنی ہاشم مین تھا تاجر نے کہا اُنکا نام کیا ہے اور اُنکے ماباپ کون تھے یزید نے کہا حسین اُسکا نام اور باپ کا نام علی ابن ابیطالب اور ماکا نام فاطمہ بنت رسول اللہ محمد مصطفے صلعم یہودی نے کہا معلوم ہوا کہ تمھارے نبی کا فرزند ہے یزید نے کہا ہان تب یہودی نے دانت کے نیچے انگلی دابی اور کہا ای یزید افسوس صد افسوس میرے اور داؤد پیغمبر کے بیچ مین ستر پشتین گذری ہین اور بنو زفر قہ یہود میری تعظیم اور توقیر کرتے ہین اور محمد رسول عربی تمھارے پیغمبر کہ ابھی کل کے دن اس عالم سے تشریف لیگئے ہین تمنے یہ معاملہ اُنکی اہلبیت سے کیا کہ نہ ایسا معاملہ کافرون سے سنا اور نہ آنکھون سے دیکھا وای برشما تمکو تو سخت شریر اور بد ہو اور اُسی جگہ قیصر روم کا سفیر بھی حاضر تھا اُسنے کہا اے یزید بعض خزائر مین عیسی علیہ السلام

کے گرد ہے کے صم کا نشان ہے سو ہم لوگ ہر سال جواہرات اور تحائف لیکے جاتے ہین اور اسکی زیارت کرتے ہین اور مراتب تعظیم جسطرح مسلمان بیت اللہ سے ادا کرتے ہین ہم اُس سے کرتے ہین حیف کہ تمنے اپنی بی بی کے لڑکون کو قتل کرکے عورتون اور یتیمون کو ایسی ذلت سے قید کیا ہم تم لوگ بڑے شریر ہو یزید نے کہا اگر تو سفیر قیصر کا نہوتا تو مین تیری گردن مارتا اُسنے کہا اے یزید تجکو شرم نہین آتی کہ قیصر کی تو نے یہ پاسداری کی اور اپنے پیغمبر کی کچھ قدر نہ کی اس حال مین مقبول غلام یزید نامعقول کا اُس جگہ حاضر تھا اُسنے کہا اے یزید خدا سے ڈر کہ حسین علیہ السلام سردار اولاد محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہین میرے روبرو اُنکے لب و دندان سے بے ادبی نکر کہ پیغمبر خدا نے اِن لبون پر کئی مرتبہ بوسہ دیا ہے یزید مردود نے کہا کہ مین تجکو بھی انھین دشمنون مین شمار کرتا ہون جب غلام نے یہ کلام سنا تو اُسنے تین بار تلوار ماری خالی پڑی اور مجلس مین ایک شور برپا ہوا اُسنے چالیس آدمی داخل نار کیے آخر شہید ہوکر داخل بہشت ہوا یعنی امام زین العابدین اور زینب بنت فاطمہ علیہم السلام نے وعدہ جنت فرمایا بعد اُسکے یزید پلید حضرت امام زین العابدین کی طرف متوجہ ہوا اور کہا یہ کسکا لڑکا ہے کسی نے کہا حضرت حسین ابن علی کا کہا مین نے سنا تھا کہ علی بن حسین قتل ہوگئے لوگون نے کہا حضرت امام حسین کے تین بیٹے تھے علی اکبر علی اوسط علی اصغر و شہید ہوئے یہ علی اوسط بیمار تھے وہ مقید ہین ہمانہ یزید نے کہا اے لڑکے جانتا ہے کہ تیرا باپ مسند خلافت پر بیٹھنا چاہتا تھا اور اُسکو یہ دعوی تھا کہ اُسکے نام خطبہ پڑھا جاے الحمد للہ کہ اپنی مراد کو نہ پہونچا امام زین العابدین نے فرمایا اے یزید سچ بتا کہ یہ منبر ہمارے باپ دادے کے رکھے ہوئے ہین یا تیرے اور خلافت و امامت ہماری خاندانی ہے یا تیرے آبا و اجداد کی جو مشرک تھے قیامت کے دن ہمارا تیرا فیصلہ ہوگا اور کریم یعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون پڑھکر ختم کلام فرمایا پھر یزید نے کہا کہ اِن سب کو اُس مقام پر لیجاؤ جہان فرد کش ہین اور سر مبارک امام حسین علیہ السلام دروازے دمشق پر لٹکاؤ چنانچہ تین شبانہ روز یہ سر پر نور دروازے دمشق پر آویزان رہا پھر سب اہلبیت رسالت کے سر مبارک ہمراہی نعمان بن بشیر صحابی اور تیس نفر جماعہ سواران یزیدی روانہ مدینہ ہوئے نعمان بن بشیر نے راہ مین نہایت خدمت اور اطاعت کی کہ تقریر اور تحریر سے خارج ہے بعض کے نزدیک حضرت امام زین العابدین نے کربلا مین ہی پہنچکر سر مبارک امام اور سرہاے دیگر شہدا بدنون سے ملاکر بیبیون صفر کو پھر دفن کیا واللہ اعلم جب قریب مدینہ منورہ پہونچے تو اولاد مہاجرین اور انصار اور تابعین سید ابرار نے استقبال کرکے لیا اور اہلبیت کو مبتلاے مصیبت دیکھکر واویلا و امصیبتا پکارتے ہوئے لائے اُس دن مدینہ بالکل سینہ مین آتا غم اور الم تھا گویا آج حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات فرمائی ہے ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا ایک ایک کو گلے لگاکر روتی تھین اُسی حال سے سب کو روضہ مبارک پہ لیگئین اور روتے روتے بیتاب ہوگئین اور گویا بزبان حال فرماتی تھین ؎ یارسول اللہ باز روضہ سرا تا بنگری + اہلبیت خویش را زار و غمناک و حزین + در بلاے دشمنان دین گرفتار آمدہ + کس مبادا در جہان یارب گرفتار چنین و قلمدہ حضرت شہربانو والدہ امام زین العابدین کا حال بعد واقعہ کربلا کسی تاریخ اسلام سے صحیح لائق اعتماد دریافت نہین ہوتا کہ جناب عفت مآب

ملک شام مین رہین یا مدینہ مین تشریف لائین الا نعمت اللہ جزائری شیعی نے شرح تہذیب مین دو قول لکھے ہین ایک یہ کہ جناب موصوفہ کربلا مین ہمراہ امام رہتھین دوسرا یہ کہ حضرت امام نے فرما دیا تھا کہ جب اسپ ذوالجناح کی پشت سے جدا ہونگا تو وہ خیمہ پر حاضر ہوگا تم اُسی پر سوار ہوکر باگ چھوڑ دینا جسطرف کو مامور ہوگا لیجائیگا بعد اُسکے لکھا ہی کہ قدورد فی الآثار انہا مدفونۃ فی الری وفرارا مشہور معروف اور بعض امامیہ نے لکھا ہی کہ حوالی کوہ طہران مین ایک درہ ہی وہان اثر قبر اور صندوق کا پایا جاتا ہی بلکہ ضریح بھی ہی اور اکثر درخت وہان لگے ہین اور ایک مجاور بھی رہتا ہی واللہ اعلم مگر صحیح یہ معلوم ہوتا ہی کہ حضرت شہر بانو اہلبیت مین رہین کبھی جدا نہین ہوئین اور جو بعضون نے لکھا ہی کہ ایک شخص اُنکے وطن کا ہمراہ اپنے لیگیا اور ملک نوشیروان مین اُنکے گھر پہونچایا غلط ہی الغرض سر مبارک امام علیہ السلام کو کفنا کر جنت البقیع مین دفن کیا علامہ قرطبی کہتے ہین کہ پہلوے حضرت فاطمہ قریب حضرت امام حسن علیہ السلام دفن کیا اور خلاصۃ الوفا مین بھی ایسا ہی ہی یعنے جنت البقیع پہلوے امام حسن علیہ السلام اور جو بعضے کہتے ہین کہ سر مبارک بھی کربلا ہی مین مرفون ہی یا یہ کہ سلیمان بن عبد الملک کے وقت تک خزانہ مین تھا صحیح نہین ہی تنبیہ بخاری اور مسلم مین حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ روحون کے لشکر ہین جھنڈ کے جھنڈ جو آپس مین سے ازل مین آشنا اور واقف تھا وہ اس عالم مین ملاپی اور الفت والا رہا اور جو انمین سے وہان ناآشنا اور بے پہچان تھا وہ یہان بھی جدا اور پھکا رہا یعنی ازل مین خدا نے روحون کی قسمین طرح طرح کی پیدا کی ہین اور اُنمین استعدادین مختلف اور گونا گون رکھی ہی سو جنمین مناسبت تھی وہ اس عالم مین شیر و شکر ہوگئے جسطرح سعد بن وقاص والد عمر ملعون کہ عاشق زار رسول اللہ صلعم تھے اور جان نثار امام حسین کہ اُنکے بہشتی ہونے کی بشارت قطعی ہی اور جو وہان بے مثل تھے یہان بھی بھولے بھٹکے ہے جسطرح عمر بن سعد اور یزید وغیرہ ملاعنہ کہ خاندان نبوت کے دشمن جانی تھے اور ظاہر مین ایمان دار اسی سبب سے کہتے ہین کہ دل سے شیطان شیطان سے دلی پیدا کرتا ہی خدا اپنی قدرت عجیبہ سے ؎ حسن بصرہ بلال از حبش صہیب رومی و ز خاک مکہ ابو جہل این چہ بوالعجبی ست ✦ سبحان اللہ سعد بن ابی وقاص کی یہ فضیلت کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم جنگ احد مین فرماوین کہ ای سعد تیر مار میرے ماں باپ تجھپر فدا کہ یہ حدیث صحیحین مین حضرت امیر المومنین علی مرتضی سے مروی ہی اور صحاح مین حضرت موصوف سے روایت ہی کہ مین نے کسی کے حق مین یہ کلمہ حضرت صلعم سے سوائے سعد بن ابی وقاص کے نہین سنا اور عمر بن سعد اسطرح کا نطفہ بے وقت کہ جگر گوشہ رسول مقبول کے خون کا پیاسا ہوگیا قدرت حق ہی پوشیدہ نہ رہے کہ جو شخص سہیم اور شریک اور راضی اور خورسند بشہادت شاہ شہیدان حضرت امام حسین علیہ السلام تھا قطع نظر از عذاب آخرت اس عالم مین بھی اپنے جزاے اعمال کو پہونچکر داخل دوزخ ہوا زہری سے روایت ہی کہ جو کوئی معرکہ کربلا مین مقابلہ سید الشہدا امام حسین علیہ السلام تھا بلا معائنہ عذاب اور نکال دنیا سے نہین گیا بعضے بہزار ذلت اور خواری مقتول ہوئے اور بعضے آنکھون سے اندھے ہوگئے اور ٹھوکرین کھاتے پھرے پھر نہایت تکلیف اور فاقہ کشی سے مبتلا ہوئے

اور بعضوں کا منہ کالا ہوگیا کہ دیکھنے والے اُسکی صورت سے خوف کرتے تھے اور بعضے شدت پیاس سے کھالین پانی کی ہضم کرکے حطب جہنم ہوئے اور بعضے برص اور جذام مین مبتلا ہوکر داخل سقر ہوئے اور بعضے اور عذابون مین گرفتار ہوکے تحت الثری کو گئے اور بعضے تھوڑے دنون کے بعد بھیک مانگنے لگے اور تمام مال دولت موروثی اور ذاتی جو یزید پلید علیہ ما یستحقہ کے خزانہ سے پایا تھا جاتا رہا اور اسی حالت دریوزہ گری مین مرکے خسر الدنیا والآخرۃ ہوئے سچ ہے ع کلوخ انداز را پاداش سنگ است ۔ اور بعضے اسطرح مارے گئے کہ پھر انکا نشان قیامت تک نہ ہا روایت ہے کہ ایک مجلس مین چند آدمی باہم گفتگو کر رہے تھے کہ دشمنان حضرت امام حسین علیہ السلام سے کوئی شخص نظر نہین پڑتا کہ بلا مصیبت اور بلا اس عالم فانی سے عالم باقی کو گیا ہو جو دیکھا اُسکو بلا ہی مین مبتلا ہوکر فنا ہوتے دیکھا ایک بوڑھا آدمی اُس مجمع کا بول اُٹھا کہ ہم معرکہ کربلا مین شریک تھے ہمکو اسوقت تک کوئی مصیبت اور بلا نہین پہونچی دفعۃً چراغ اُس مجلس کا بجھنے لگا یہ مردود اُسکے اشتعال کے واسطے گیا ہاتھ بڑھاتے ہی شعلہ چراغ نے پکڑا کہ ساری مجلس مین لوٹتا تھا اور کہتا تھا مین جلا مین جلا یہان تک کہ افتان وخیزان دریا مین جا گرا چونکہ یہ آتش غضب الٰہی کی تھی دریا کا پانی اُسکے حق مین روغن چراغ ہوگیا اور ایسا جلایا کہ خاکستر نا رہوا اور سدی سے روایت ہے کہ مین ایک جگہ ضیافت کھانے گیا تھا بہت لوگ شریک تھے تذکرہ معرکہ کربلا ہونے لگا اہل مجلس نے کہا بھائیو جو کوئی اس معرکہ مین تھا لاریب مصیبت اور بلا مین گرفتار ہوا سنیہان کہ میزبان مجلس تھا بول اُٹھا کہ ہم بھی اس معرکہ مین تھے سو کوئی آفت ابتک ہمکو نہین پہونچی ہنوز کلام اُسکا تمام نہ ہوا تھا کہ ایک شعلہ چراغ سے اُٹھا اور اُسکے بدن پر گرا تمام بدن اُسکا جلکر خاک ہوگیا راوی کہتا ہے بخدا سے منتقم مین نے اپنی آنکھون سے دیکھا کہ گویا کوئی ہے جلا ہوا اور منصور ابن عمار نے روایت کی ہے کہ جسنے سر مبارک سید الشہدا امام حسین علیہ وعلی آبا ہ الصلوۃ والسلام کا نیزے مین باندھا تھا وہ شخص اول بہت حسین و خوبصورت شہرہ آفاق تھا اُسی روز سے ایسا سیاہ قبیح منظر بدیکر تیرہ وتاریک ہوگیا کہ لوگون نے ازروے تعجب اُس سے پوچھا کہ اے مرد تو خوبصورت اور حسین تھا یہ حال تیرا کیا ہوا ہے اُسنے کہا واللہ جس دن سے مین نے سر مبارک سید الشہدا علیہ السلام نیزے مین لٹکایا ہے اُس دن سے دو شخص مہیب صورت ہر روز میرے پاس آتے ہین اور دونون بازو پکڑکے کھینچتے ہوئے آگ مین لیجاتے ہین اُلٹا لٹکاتے ہین پھر واپس لاتے ہین اسی سبب سے تمام منہ میرا سیاہ ہوگیا ہے کہ مین خود مخوف ہون راوی کہتا ہے کہ وہ شخص اسی بلا مین رہا اور اسی کیفیت مین مرکر داخل دوزخ ہوا اور یہ بھی روایت ہے کہ ایک بوڑھے آدمی نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ ایک طشت خون سے بھرا ہوا حضرت کے روبرو رکھا ہے اور لوگ آتے ہین اور حضرت اُنکو اسی خون سے آلودہ فرماتے ہین یہان تک کہ نوبت اُس پیر مرد تک پہونچی اُسنے کہا یا رسول اللہ مین قتل امام حسین علیہ السلام مین شریک نہ تھا فرمایا تو شریک نہ تھا لیکن تیری خواہش تھی اور تو اس بات پر راضی تھا پھر انگشت شہادت سے اُسکو اشارہ کیا جسے وہ

صبح کو سو کر اٹھا تو اندھا تھا اور امام احمد نے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے کہا کہ اللہ نے فاسق ابن فاسق کو قتل کیا اسی وقت دو ستارے آسمان سے اسکی دونوں آنکھوں پر گرے کہ وہ نابینا ہوگیا اور ابو نعیم نے طریق سفیان سے اور اسنے اپنے دادے سے روایت کی ہے کہ سفیان نے اپنے دادے سے کہا کہ دو آدمی معرکہ کربلا مین بمقابلہ سید الشہدا امام حسین علیہ وعلی آبائہ التحیۃ والثنا کے تھے سو ایک کا حضور تناسل اسقدر بڑھ گیا تھا کہ مین یا گردن مین لپیٹتا تھا اور دوسرے آدمی کا یہ حال تھا کہ پیاس اسکی اس مرتبہ تھی کہ پچاس لین پانی کی پی جاتا تھا اور پیاس نہ بجھاتی تھی آخر کار قدرت الٰہی یہ ہوئی کہ اسی حالت مین داخل جہنم ہوا اور وہان کے پانی سے سیراب ہوا واقدی سے منقول ہے کہ ایک پیر مرد حاضرین معرکہ کربلا سے نابینا ہوگیا اس سے لوگون نے پوچھا کس سبب سے تو اندھا ہوگیا اسنے کہا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ آستین بازو تک چڑھائے ہوئے تلوار ننگی ہاتھ مین لیے بیٹھے ہین اور ایک فرش حریر مین روبرو بچھا ہے اسپر دس آدمی قاتلین امام حسین علیہ السلام سے ذبح کیے پڑے ہین وہی نابینا کہتا ہے اس حال مین مجھ پر نظر پڑی تو حضرت صلعم نے لعنت کر کے ایک سلائی خون سے تر کی اور میری آنکھ مین پھیر دی کہ مین اندھا ہوگیا اور ایک شخص قاتل حسین علیہ السلام سے شام مین تھا منہ اسکا سور کا ہوگیا تھا کہ آدمی اسکو دیکھ کر ڈرتے تھے اور جسنے حضرت علی اصغر کے حلقوم مین تیر مارا تھا وہ اس بلا مین تھا کہ آگے کے بدن مین گرمی اور پس پشت سردی تھی ہر چند لوگ سامنے سے پنکھے جھلتے تھے اور پیچھے سے آگ جلاتے تھے پر کچھ اثر نہ تھا اور شدت پیاس سے گھڑے کے گھڑے پانی کے پی جاتا تھا آخر اسکا پیٹ پھٹ گیا اور اسی عقوبت مین مرا اسقدر جو بیان ہوا سو ایک شمہ ہے احوال عوام الناس سے جو معرکہ کربلا مین حاضر تھے اب احوال خواص یعنی یزید پلید و ابن زیاد مایۂ فساد و ابن سعد شمر مدبر و غیرہ ملاعنہ کا مجملاً بیان کرتا ہون کہ سرآمد اشقیا یزید علیہ ما یستحقہ جب قتل امام حسین سے خوش ہوا تو حق سبحانہ تعالیٰ شانہ نے قطع نظر امراض جسمانیہ کر شاق تر ہون لیکن بلحاظ سزاے اعمال احوال انکا سہل ہے ایسے ایسے افعال اور احوال شنیعہ مین مبتلا فرمایا کہ صورت عذاب الٰہی بے تکلف اسکی پیشانی سیاہ سے نمودار تھی از انجملہ ایک شنیعہ واقعہ حرّہ ہے جسکو حرّہ واقم اور حرّہ زہرہ کہتے ہین یہ موضع ایک میل مدینہ منورہ سے واقع ہے اور اس واقعہ شنیعہ کی خبر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دی تھی سو اسکے ہاتھ سے وقوع مین آیا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے صحیح بخاری مین روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک دن اہل مدینہ کو پیش آویگا جسمین اہل مدینہ کو مدینے سے باہر نکال لینگے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ کون ایسا ہے جو نکال دیگا فرمایا کہ امرار السوء اور حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین ہے کہ ہلاکت میری امت کی قبیلہ قریش کے ہاتھ سے ہوگی اصحاب نے عرض کیا کیا فرماتے ہین آپ یا رسول اللہ ہلو گون کو اس زمانے مین فرمایا عزلت اور گوشہ نشینی خلق سے اور دوسری حدیث ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت نے قسم خدا کی کہ جان میری اسکے قبضۂ قدرت مین ہے کہ مدینے مین مقاتلہ واقع ہوگا کہ دین اسطرح

جاتا رہیگا جسطرح سر کے بال مُنڈ جاتے ہین جاتے رہو اُس دن مدینے سے اگرچہ مقدار ایک منزل کی بھی ہوا و ر
حضرت ابوہریرہ خود فرمایا کرتے تھے کہ خداوندا حوادث سال ساٹھ ہجری اور امارت چھوکرون سے محفوظ رکھ اور
قبل اِسکے مجھکو اِس عالم سے اُٹھالے یہ اشارہ زمانِ دولت یزید بے دولت پر فرماتے تھے کہ سنہ ساٹھ ہجری مین
تخت شقاوت پر بیٹھا تھا اور واقعہ حرہ اِسی زمانہ مین واقع ہوا اور واقدی نے کتاب الحرّہ مین ایوب ابن بشیر
سے روایت ہی کہ حضرت سید ابرار ایک سفر مین تشریف لیگئے جب حَرّہ زہرہ پر پہونچے تو آیۃ مصیبت انا للہ وانا الیہ
راجعون فرمائی صحابہ نے جانا کہ مگر کوئی امر مکروہ جو اِس سفر کے خلاف مدعا حضرت کے معلوم ہوا ہوگا آسپر ارشاد
کیا ہی حضرت عمر ابن خطاب رض نے پوچھا یا رسول اللہ کیا بات نظر آئی کہ آپ نے یہ آیت فرمائی ارشاد کیا کہ کوئی امر
تمھارے اِس سفر سے تعلق نہین ہی عرض کیا یا رسول اللہ پھر کون بات ہی تبلائیے فرمایا اِس سنگستان مین
جیالیس اُمت جو بعد اصحاب کے ہین مارے جائینگے بلکہ جب آنحضرت اِس موضع پر پہونچے تو دست مبارک سے
اشارہ کرکر فرماتے یہان اچھے اچھے لوگ میری اُمت کے مارے جائینگے اور کیفیت اِس حادثہ شنیعہ کی ابن جوزی
اور قرطبی اور طبرانی وغیرہ محدثین نے یون بیان کی ہی کہ جب یزید پلید نے قتل امام حسین علیہ السّلام اور تذلیل
اہلبیت نبوت سے فراغت پائی تو سال باسٹھ ہجری مین عثمان بن محمّد بن ابی سفیان اپنے چچیرے بھائی کو
مدینہ مین بھیجا کہ اہل مدینہ سے میری بیعت لے سو اُسنے مدینے مین جاکر ایک جماعت کو یزید کے پاس روانہ کیا
اُنھون نے بیعت کی جب یہ لوگ مدینے مین پلٹ کر آئے تو یزید کی بیدینی اور شراب خواری اور ارتکاب دیگر
مناہی اور ملاہی اور ترک نماز و رواج زنا اور لعب کلاب وغیرہ امور ذمیمہ اُسکے یاد کرکر نیزار ہوئے اور خلع بیعت
فرمائی اور باقی اہل مدینہ بھی قصد اطاعت اور بیعت سے نیزار ہوئے سنذر کہ ایک شخص اُس جماعت مین تھا
کہنے لگا واللہ یزید اگر مجکو لاکھ درہم انعام دے لیکن راستی کو ہاتھ سے نہ دونگا یزید بلاشک شراب خوار اور
تارک نماز ہی پھر اہل مدینہ نے عبد اللہ بن حنظلہ سے بیعت کی اور عثمان بن محمد کو جو عامل مدینہ تھا نکال دیا کہ مدینہ
اغیار سے پاک ہوگیا عبد اللہ بن حنظلہ کہتے تھے کہ واللہ بیعت یزید سے ہم نہین نکلے مگر اِس خوف سے کہ پتھر
آسمان سے برسین گے یعنی بخوف عذاب الٰہی غرض اہل مدینہ نے بعد از ظہور فسق و فجور یزید منبر پر چڑھ کر خلع بیعت کی
عبد اللہ بن ابی عمر بن حفص مخزومی نے عمامہ اپنے سر سے اُتارا اور فرمایا کہ اگرچہ یزید نے مجھکو انعام دیا اور میرا
مشاہرہ زیادہ کردیا ہی لیکن وہ دشمن خدا دائم الخمر ہی مین اُسکو اپنی بیعت سے نکالے دیتا ہون جسطرح
عمامہ سر سے اُتارا ہی دوسرا آدمی اُٹھا اُسنے پاپوشین اُتارین اور کہا اسطرح اُسکو بیعت سے نکال ڈالا ہی
جسطرح پاپوشین اُتاری ہین یہان تک کہ مجلس عمایم اور نعال سے بھر گئی بعد اُسکے عبد اللہ ابن مطیع کو فرش پر
اور عبد اللہ بن حنظلہ کو انصار پر والی کیا اور جو کوئی مدینے مین فرقہ بنی امیہ سے تھا اُسکو مروان کے گھر مین

لیا تب مروان نے یزید کے پاس استغاثہ کیا تو یزید مردود مسلم ابن عقبہ کے پاس آیا یہ مرد و مسرف علت فالج
مین مبتلا تھا اور قریب بہلاکت یزید نے کہا اگر تجھکو ضعف مرض نہوتا تو مین تجھکو اہل مدینے کے قلع اور قمع پر روانہ
کرتا کہ تجھسے زیادہ کوئی مخلص اور محب نظر نہین آتا سو صرف اٹھ بیٹھا اور بولا قسم ہے خدا کی اے امیر المومنین
مین طیار ہون اور میرے سوائے کسی سے سرانجام اس کام کا نہوگا مین نے ایک خواب دیکھا ہے کہ ایک
درخت سیندھ کا اپنی شاخون سے انتقام عثمان ابن عفان مین فریاد کر رہا ہے سو مین نزدیک گیا تو ستاہون
کو وہ درخت مجھسے کہتا ہے کہ برآمد اس کام کا مسلم بن عقبہ کے ہاتھ پر ہوگا اس دن سے مین نے یہ فعل
قتال اہل مدینہ پر دیکھ لیا ہے یزید نے کہا پھر جلدی کر اور مدینے مین پہونچکر بیعت اور اطاعت میری اہل مدینہ
سے طلب کر اگر نہ مانین تو بلا تامل بیدریغ قتل کر کہ نام و نشان کسی کا نہ رہے اور تین دن تک مدینے کو
لوٹ کہ کسی کے گھر مین کوئی چیز باقی نہ رہے اور بعد اُسکے عبد اللہ بن زبیر سے متوجہ ہو کہ وہ
مکے مین ہے چنانچہ یزید نے بیس ہزار سوار اور پیادے سرف کے ساتھ کر کے جانب حجاز روانہ کیے اور ابن مرجانہ کو حکم دیا
کہ تو عبد اللہ بن زبیر پر جا اُسنے توقف کیا اور کہا مین ہرگز بیت اللہ شریف مین فرزند پیغمبر سے نہ لڑونگا اور مسرف
سے یہ بھی نصیحت کر دی تھی کہ اگر تجھپر کوئی حادثہ پیش آوے تو حصین ابن نمیر سکونی کو خلیفہ کر دینا اور علی ابن حجاج بن یقینی العلہم
سے کچھ متعرض نہونا کہ وہ ان لوگون مین شریک نہین ہے رفتہ رفتہ یہ خبر مدینے مین فاش ہوئی تو سب اہل مدینہ
مدافعت اہل فساد پر مستعد ہوئے اور جماعہ بنی اُمیہ سے جو محصور تھی قرار و عہد ہو گیا کہ امداد و اعانت اہل فساد کی نہ کرینگے
اور مدینے سے باہر آ پڑے مروان بن الحکم نے اپنے بیٹے عبد الملک کو خفیہ مسلم بن عقبہ کے پاس بھیجا اور کہدیا کہ ناحیہ
حرم سے آکر تین روز لڑائی اور جدال موقوف رکھنا چاہیے اُنھون نے ویسا ہی کیا بعد تین دن کے اہل مدینہ سے
کہنے لگا کہ اب تدبیر کیا ہے اہل مدینہ بولے کہ سوائے محاربہ اور مقابلہ کے کوئی تدبیر نہین ہے تاکہ فتنہ اور فساد حرم مدینہ
سے رفع ہو جاوے تو مروان نے کہا یہ بہتر نہین ہے اطاعت کرنا اولیٰ ہے اہل مدینہ نے نہ مانا آخر عبد اللہ بن غسیل سوار ہو
لڑے اور شہید ہوئے اور عبد اللہ بن مطیع بھی مع اپنے ساتون بیٹون کے شہید ہوئے مسلم نے سر انکا کاٹکر یزید کے
پاس بھیجا آخر کار قہر و غلبہ یزیدیون کے نصیب ہوا اور تین دن تک موافق حکم یزید کے مدینہ منورہ خوب لوٹا گیا
اور زناکاری کی بازار گرم ہوئی اور چھوٹے بڑے قتل ہوئے کہ ایک ہزار سات سو صحابی بقایاے مہاجر و انصار
و علماے تابعین اخیار سے شہید ہوئے اور سات سو آدمی حافظ قرآن اور ستانوے آدمی سردار قریش
تیغ تظلم سے مارے گئے کہ سب عورت و لڑکے قریب دس ہزار آدمی کے از قسم عموم ناس تہ تیغ ہوئے اور فسق و فساد
و زنا مباح ہو گیا حتی کہ ہزار عورت بعد اس واقعہ کے اولاد زنا جنی اور گھوڑے مسجد شریف نبوی صلے اللہ علیہ وسلم
مین باندھے گئے اور روضہ مبارک مین جو ایک موضع میان قبر و منبر شریف ہے اور جسکی شان مین حدیث صحیح

وارد ہوکر یہ مقام ایک روضہ ہو ریاض جنت سے گھوڑون نے لید اور پیشاب کیا اور آدمیون کو یزید کی بیعت پر
عہد عبودیت کہ اگر چاہے بیچ ڈالے اور چاہے آزاد کردے اور چاہے طاعت خدا پر حکم دے خواہ معصیت پر بجبر و اکراہ
دعوت شروع کی یہان تک کہ یزید بن عبد اللہ ابن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے جب کہا کہ ہم بیعت بر حکم قرآن و سنت
رسول کرینگے انکی گردن ماری گئی اور سعید بن المسیب کہ اکابر التابعین مین تھے گرفتار آئے تو انسے بیعت یزید کی
طلب کی گئی انھون نے کہا مین بیعت سیرت ابوبکر اور عمر پر کرونگا مسرف نے کہا انکی بھی گردن مارو سو ایک
شخص نے کہا سعید بن مسیب مجنون ہی تب انکو چھوڑا غرض مدینہ منورہ آدمیون سے خالی ہوگیا اور فواکہ و
ثمرات اسکے نصیب وحوش و بہائم ہوئے اور کتے وغیرہ حیوانات مسجد شریف نبوی مین رہنے لگے سعید
بن مسیب سے محدث ابن جوزی روایت متصل کرتے ہین کہ اُندنون مسجد نبوی مین سوائے میرے رات کو
کوئی نہوتا تھا اور اہل شام مسجد مین آتے تھے اور کہتے تھے یہ بوڑھا دیوانہ یہان کیا کرتا ہو اور نماز کے وقت
حجرہ شریف سے آواز اذان و اقامت آتی تھی اُسی سے مین نماز بھی پڑھتا تھا اور کوئی آدمی میرے ساتھ نماز
مین نہوتا تھا روایت ہو کہ اسی واقعہ مین ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی داڑھی کے سب بال اہل شام نے
اکھاڑ ڈالے تھے چنانچہ ابوسعید خدری کو جب لوگون نے اس حال مین دیکھا تو پوچھا کیا تم اپنی داڑھی سے لعب کرتے ہو
اور بالون کو کھا لیتے ہو حضرت ابوسعید نے فرمایا کہ یہ آثار ظلم اہل شام سے ہو کہ واقعہ حرہ مین مجھپر ہو چکا تھا کہ اول
کچھ لوگ میرے گھر مین آئے اور جو کچھ مال و متاع تھا لیگئے پھر اور لوگ آئے تو کچھ بھی اسباب اور مال نہ تھا
تب مجھکو پچھاڑ کے بال داڑھی کے اکھاڑ ڈالے اور مال غنیمت سمجھکر لیگئے روایت ہو کہ مسرف ملعون اور مروان
علیہ اللعن کشتگان حرم کو بطور سیر و تفریح دیکھتے پھرتے تھے تو عبد اللہ بن الغسیل کہ شہید ہوگئے تھے اپنی انگشت شہادت
جانب آسمان اُٹھائے ہوئے پڑے تھے مروان نے کہا واللہ تو نے بعد موت کے انگلی آسمان کی جانب اُٹھائی ہو
ہمنے تمھارے ہاتھ سے اکثر انگلیان آسمان کی طرف اُٹھائی ہین اور درگاہ الٰہی مین تضرع اور زاری کرتے رہے ہین
اُسوقت ایک مرد شامی نے کہا اگر حال ان لوگونکا ایسا ہی تو ہماری دعا قتل اہل بہشت مین تھی تب مروان نے کہا
کہ ان لوگون نے مخالفت دین کی تھی اور عہد سلمانی توڑ ڈالا تھا نقل ہو کہ جب مروان بعد اس واقعہ کے
یزید پلید کے پاس گیا تو یزید سے احوال کہا یزید بہت شکر گذار ہوا اور مروان کو اپنے مقربین مین داخل کیا
اور مسرف ملعون کشتگان حرم کو دیکھ کر کہتا تھا کہ باوجود قتل ان لوگون کے اگر مین دوزخ مین جاؤن تو
مجھسے زیادہ کوئی بے نصیب نہین ہو دکوان سے کہ موالی مروان مین تھا روایت ہو کہ مسلم ابن عقبہ نے اپنی
بیماری کی دوا استعمال کی اور بلا توقف کھا مانگا تو طبیب نے کہا چند سے صبر کیجیے کہ دوا کا اثر ہوے مسرف
نے کہا کہ اب مجکو تمنائے حیات نہین ہو مین زندگی اسی واسطے چاہتا تھا کہ سورش سینہ قاتلین عثمان سے

باب شمشیر رفع کردن سواب میری مراد حاصل ہوئی اب کوئی چیز محبوب تر موت سے نہیں ہے کیونکہ مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان ناپاکون کے قتل کرنے سے تمام گناہون سے مجھے پاک کر دیا ہے سبحان اللہ یہ تو کچھ میان یزید سے بھی زیادہ ہے ایک روایت ہے کہ اس مردود کو اس باعث سے مسرف کہتے تھے کہ اسنے ہتک حرمت مدینہ مین افراط کی اور داد اسراف دی حالانکہ اسکی شان مین حضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے من اخاف اہل المدینۃ ظالما اخافہ اللہ وکانت علیہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین رواہ النسائی لیکن اسکو مسلمان البتہ مانتا ہے نہ کہ کافر عدو رسول اللہ ریت اکبر کہ جب مسرف نے بیعت یزید باختیار عبودیت واطاعت در معصیت وطاعت بجبر واکراہ لی تو اکثر لوگون نے باضطرار قبول کی انمین سے ایک مرد قریش نے کہا کہ ہم بیعت کرتے ہین لیکن اطاعت مین نہ معصیت مین مسرف نے قبول نہ کی اور اسکو قتل کیا تب اسکی ان نے قسم کھائی کہ اگر مجھکو خدا قدرت دیگا تو مین مسرف کو زندہ یا مردہ جلا دونگی القصہ مسلم ابن عقبہ بعد غارت مدینہ وقتل اصحاب رسول وخواص وعوام مدینہ بنا بر قلع وقمع عبد اللہ ابن زبیر جانب مکہ معظمہ روانہ ہوا قرطبی روایت کرتے ہین کہ جب مسرف موافق ایماے یزید پلید جانب مکہ معظمہ روانہ ہوا تو تیسرے دن بعد واقعہ حرہ سے پیٹ اسکا زرد آب اور ریم سے پر ہو گیا اور نہایت فضیحتی سے ہلاک ہوا اور غایت قساوت اور حماقت سے مرتے وقت کہتا تھا کہ خداوندا مجھے بجز از شہادت کلمہ لا الہ الا اللہ کوئی عمل محبوب تر اور قابل قبول تیری درگاہ کے نہین ہوا اگر قتل اہل مدینہ اگرچہ باوجود اس عمل کے بھی مجھکو دوزخ مین ڈالے تو مجھسے بدبخت زیادہ کوئی نہوگا اور اس حالت مین باپاے یزید پلید حصین ابن نمیر سکونی کو طلب کر کے کہا کہ تجھکو امیر المومنین یزید نے میرے بعد امیر کیا ہے اب مین مرتا ہون تو جلد متوجہ مکہ ہو اور قلع وقمع ابن زبیر مین تاخیر مت کر اور قتال بیت اللہ مین تقصیر روا نہ رکھ اور جو عبد اللہ بن زبیر خانہ کعبہ سے پناہ پکڑے تو کچھ باک نہ کر غرض یہ سب مراتب بپاے یزید پلید مسرف ملعون نے حصین بن نمیر کے گوش گذار کر دیے چنانچہ یہ فرد وجانب بیت اللہ شریف روانہ ہوا اور اسنے جاکر چوتھے روز برابر مکہ معظمہ کو گھیرا اور ہتک حرمت بیت اللہ مین سرگرم ہوا اور سنگ منجنیق سے صحن کعبہ بھر دیا اور ستون مسجد شریف کے گرا دیے اور لباس کعبہ جلوا دیا اور پردہ بیت اللہ جو دروازہ پر کمخا رہتا تھا ہیمہ تنور کیا گیا یہان تک کہ کئی دن خانہ کعبہ بے لباس رہا اور اتفاقات قضا وقدر سے آج ہی کے دن یزید باطوق لعنت ابدی داخل دوزخ ہوا یا کہ اسکی موت کی خبر اسی دن پہونچی کہ مرض ذات الجنب مین مبتلا ہو کر کمال ذلت اور خواری سے قعر دوزخ مین گیا اور اصح یہ ہے کہ عارضہ سل اور دق سے مرا حدیث شریف مین وارد ہے کہ فرمایا حضرت نے کوئی بدسگالی نہ کرے اور ایذا نہ دے اہل مدینہ کو مگر یہ کہ فانی ہو جاے قریب تر جسطرح کہ گھل جاتا ہے نمک پانی مین سو دیکھو بعد واقعہ حرہ کے اندک فرصت مین یزید پلید عارضہ سل و دق سے گداختہ اور فانی ہوا جسطرح نمک پانی مین گھلتا ہے یا تبہ اسکے مرنے سے اہل شام

اور بنی امیہ پر پریشانی پڑگئی اور سب کے سب رسوا اور ذلیل ہو کر بھاگے اور عبداللہ ابن زبیر محفوظ رہے بعض محققین نے تاریخ فوت یزید پندرھویں ربیع الاول ۶۴ھ مقام حمص میں لکھی ہے اور عمر انتالیس ۳۹ برس یا سینتیس ۳۷ برس کی بیان کی ہے اور لکھا ہے کہ بعد قتل امام حسین کے ہمگین تین برس اور سات مہینے اس ملعون نے کفر اور کافری کو رونق دی

اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی جذب القلوب میں فرماتے ہیں کہ وقوع واقعۂ حرّہ روز چہارشنبہ سنہ ۶۳ سین یا اٹھہتر ۷۸ سین دیجہ سال ترسٹھ ۶۳ ہجری میں ہوا اور مسلم ابن عقبہ غزہ محرم سال چوہتر ۷۴ میں واصل جہنم ہوا اور تہتک حرمت بیت اللہ اور تند و بیت اللہ بسنگہائے منجنیق بروز شنبہ تیسری ربیع الاول اور واقعہ حرہ سے تین مہینے کے بعد تاریخ یکم ربیع الثانی کو یزید ملعون دوزخ میں پہونچا توضیح اگر مراد قتل امام حسین علیہ السلام اور آمر اور راضی ہونا یزید ملعون ستک حرمت اہلبیت نبوی پر موجب لعن اور کفر یزید اور اوسکے اعوان و انصار کا ہے اور اسپر تخریب مدینہ منورہ اور قتل صحابہ رسول اللہ اور لوٹا جانا گھر ام المومنین ام سلمہ کا اور باندھا جانا گھوڑوں کا مسجد نبوی میں اور قیام کرنا کتوں اور بلیوں کا منبر شریف پر کہ مورد جنود ملائکہ ہے اور تہتک حرمت بیت اللہ شریف اور آباحت و حلت منہیات شرعیہ مثل قتل و زنا و لواطت و شرب خمر اور تزویج برادر با خواہر وغیرہ جو یزید کے اور اوسکے اعوان و انصار کے ہاتھوں سے صادر ہوئے اور باخبار متواترہ ثابت ہیں گویا سلاسل و طوق مزینت بخش گردن ہیں پھر ما این ہمہ جو کوئی یزید کے حق میں خیال اسلام رکھتا ہے غالی حماقت اور جہالت سے نہیں ہے غرض راقم الحروف کو ملاحظہ کتب معتمدہ اور اسفار معتبرہ سے کسی طرح کا شبہ نہیں رہا ہے کہ یزید پلید آمر اور راضی اور مستبشر قتل امام حسین علیہ السلام سے تھا لہذا لعن اس ملعون پر بدلائل واضحہ جائز اور درست ہے بلکہ مجرد لعن بھی مقصود ہے اور اگر اب بھی کسی کو شبہہ ہو تو مفتاح النجا مرزا محمد بدخشی اور مناقب السادات قاضی شہاب الدین دولت آبادی اور شرح عقائد نسفی ملا سعد الدین تفتازانی اور تکمیل الایمان شیخ عبدالحق دہلوی و سیف المسلول قاضی ثناء اللہ پانی پتی وغیرہ کتب معتبرہ باسمان نظر دیکھے اور شبہات واہیہ کو دفع کرے اور ہمارے استاد الاستاد حضرت شاہ عبدالقادر دہلوی رسالہ حسین المقتیدہ کے حاشیہ میں بوکلمہ یا یستحقہ پر تعلیق فرمایا ہے کہتے ہیں کہ یہ کلمہ لعنت کا کنایہ ہے والکنایۃ ابلغ من التصریح یا اینکہ جو بات اس لفظ میں پائی جاتی ہے وہ لفظ لعنت میں نہیں ہے اور حق یہ ہے کہ اس پلید کے حق میں لفظ لعنت پر اکتفا کرنا بیجا نہیں ہے اس سبب سے کہ اللہ تعالی نے لعنت تو اس شخص پر فرمائی ہے جو ایک مسلمان کو قتل کرے اور اس شقی نے تو ایسے امیر المومنین ابن امیر المومنین کو قتل کیا ہے سزا اسکی اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ کستدر ہے یہ ناپاک تو مستحق اس بات کا ہے جو لعنت سے کروڑ درجے زیادہ ہو اور اسکا علم سوائے علام الغیوب کے بشر کو نہیں ہو سکتا واللہ اعلم بحقیقۃ الحال **فائدہ** رویانی نے اپنے سند میں ابوداؤد سے روایت کی ہے کہ فرمایا حضرت معظم نے کہ اول وہ شخص کہ میری سنت کو تغیر دے ایک شخص بنی امیہ سے ہوگا جسکو یزید کہینگے الفقیہ ابو

یزید پلید ملعون لعنت داخل دار البوار ہوا تو معاویہ ابن یزید المشہور بمعاویۃ الاصغر کو بعہد و خلیفہ تھا با استرضاے عوام شام بروز فوت یزید تخت سلطنت پر بیٹھا یہ معاویہ جوان صالح باعقل و دین تھا اور زہد و تقوی مین کمال رغبت رکھتا تھا اور دنیا و مافیہا سے نفرت چنانچہ نقش خاتم اسکا الدنیا غرور تھا والدہ اسکی ام خالد بنت ہشام ابن عتبہ تھی سوا سنے منبر پر چڑھکر خطبہ پڑھا اور بعد حمد و صلوۃ باواز بلند کہا کہ خلافت آئین مضبوط خدا اور حق خلفاء راشدین معاویہ ابن ابی سفیان میرے جد نے ازراہ خلاف خلیفہ برحق علی مرتضی سے ناحق نزاع کی بعد ازان یزید میرے باپ نے کہ اصلا اہلیت و استحقاق نہ رکھتا تھا تخت سلطنت پر بیٹھا اور بنا بر استحکام اپنی سلطنت کے حسین ابن علی فرزند رسول کو قتل کیا آخر خود بھی جوان مرا اور دو بال و بحال دونون جہان کا بطمع حکومت چند روزہ اپنی گردن پر لیگیا بعد اسکے بہت سے یا اور نکما کہ مین جانتا ہون کہ محاربہ امیر المومنین حسین علیہ السلام سے نہایت بد تھا جو میرے باپ سے واقع ہوا اب مقام اسکا دوزخ ہے کہ اسنے اولاد رسول خدا کو قتل کیا اور شراب کو مباح کیا اور مدینہ طیبہ کو خراب و برباد و بیت اللہ سے بے ادبیان کین سو مین ہرگز اس امارت و خلافت مین لذت نہین پاتا اولاد ابی سفیان سے جو کوئی راضی ہو اسکو امیر کرو مین عہد بیعت اپنا مسلمانون کی گردن سے نکالے لیتا ہون بعد ازان منبر سے اتر آیا اور ایک گوشہ عافیت مین دروازہ بند کرکے بیٹھ رہا اور چالیس دن بعد اسی حال مین دنیا سے عازم ملک بقا ہوا اور زبدۃ المحققین قاضی ثناء اللہ سیف المسلول مین فرماتے ہین کہ چون یزید مُرد پیش از مردن خود معاویہ ابن یزید را خلیفہ ساخت معاویہ مردے صالح بود چون بعمر بست سالہ خلیفہ شد بر منبر برآمد و حمد و سپاس الہی وقت و در رو در رسالت پناہی بر خواند پس گفت ان ہذہ الخلافۃ حبل اللہ وان جدی معاویۃ نازع الامر اہلہ و من ہو احق بہ منہ علی ابن ابیطالب رکب کم ما تعلمون حتی اتتہ منیتہ فصار فی قبرہ رہینا بذنوبہ ثم قلدنی ما قد علمتم وکان غیر اہل لہ ونازع ابن بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنصف عمرہ وامتہ عضبہ وصار فی قبرہ رہینا بذنوبہ ثم بکی وقال ان من اعظم الامور علینا لسبور مصرعہ وتبین منقلبہ وقتل عترۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم واباح اللہ حرمہ وخرب الکعبۃ وانی لم اذق حلاوۃ الخلافۃ فلا ارتجی مرارتہا فشانکم امرکم واللہ لئن کانت الدنیا خیرا فقد نلنا منہا حظا ولئن کانت شرا فکفی ذریتہ ابا سفیان ما اصابوا منہا فشانکم امرکم خذوہ ومن رضیتم فولوہ فقد خلعت یدی من اعناقکم والسلام عمر معاویہ اصغر کی تیئیس ۲۳ برس کی ہوئی اور مدت خلافت سہ ماہ بست ۲۲ دو روز اور عبد الرحمن برادر معاویہ نے نماز جنازہ پڑھی اور باب جابیہ دمشق کے باہر دفن کیا اور مسامرات مین لکھا ہے کہ والد ابن عتبہ ابن ابی سفیان نے نماز جنازہ شروع کی تھی لیکن دو تکبیرون کے بعد مر گیا بعد اسکے مروان ابن الحکم نے نماز پڑھی اب ابن زیاد مایہ فساد لعنۃ اللہ علیہ لے یوم الدناد اور شمر بد پیکر سگ ابلق اور عمرو ابن سعد و غیرہم کا احوال بگوش ہوش سننا چاہیے کہ ابن عساکر نے ابن عباس رضی اللہ عنہ بروایت صحیح کہا ہے کہ فرمایا ابن صیاد نے

وحی بھیجی اللہ جل شانہ نے حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو کہ مین نے مارے یحیی ابن زکریا کے عوض ستر ہزار
اور مجکو مارنے مین تیرے نواسے کے بدلے ستر ہزار اور ستر ہزار یعنی ایک لاکھ چالیس ہزار سوا اسکا ظہور مختار ابن عبید ثقفی
اور سفاح عباسی کے ہاتھون سے ہوا حال اجمالی اسکا یہ ہے کہ جب مختار ابن عبید ثقفی عبد الملک کے عہد سلطنت
مین کوفہ پر غالب ہوا تو اسنے اول بلا تامل اپنے ایک خواص کو عمرو ابن سعد کے بلانے کو بھیجا سو ابن سعد کا بیٹا
حفص نام حاضر ہوا مختار نے پوچھا کہ تیرا باپ کہان ہے اسنے کہا خانہ نشین ہے مختار نے کہا کہ اب کیونکر حکومت سے
دست بردار ہوسکے گھر مین بیٹھا امام حسین علیہ السلام کے قتل کے دن کیون خانہ نشین نہ ہوا اسکے حکم دیا کہ
جو کوئی کربلا مین شریک عمرو بن سعد تھا اسکو جہان پاؤ مار ڈالو یہ سنکر سب کوفے والے بصرے کو بھاگے وہان عبد اللہ
ابن زبیر کا عمل تھا اور مختار کا حکم جاری نہ تھا مگر مختار کے لشکر نے تعاقب کیا تو جسکو پایا مار ڈالا اور اسکی لاش
جلا دی اور گھر لوٹ لیا اور جب خولی ابن یزید کو قید کرکے مختار پاس لائے تو اسنے پہلے ہاتھ پیر کاٹ ڈالے پھر
اسکو سولی چڑھایا بعد اسکے بدن کو آگ مین جلا دیا اسی طرح ہر ایک آدمی لشکر ابن سعد کا طرح طرح کے عذاب
سے مارا گیا صواعق محرقہ مین لکھا ہے کہ مختار نے چھ ہزار کوفے والون کو جو شریک معرکۂ امام حسین علیہ السلام مین
تھے طرح طرح سے عذاب کرکے مارا ہے پھر عبد اللہ ابن زیاد کی فکر مین ہوا یہ مردود ان دنون موصل مین جا رہا تھا
اور اسکے ساتھ بیس ہزار سوار اور پیادے تھے چنانچہ ابراہیم ابن مالک اشتر کو فوج ہمراہ کرکے ابن زیاد کے
مقابلہ کو بھیجا جب ابراہیم سرحد موصل مین پہونچا تو ابن زیاد نے دریا کے کنارے پندرہ کوس پر موصل سے
نکلکر مقابلہ کیا صبح سے شام تک خوب لڑائی ہوئی قریب شام کے ابراہیم کی فوج نے ابن زیاد کو شکست دی
جب ابن زیاد کے ہمراہی بھاگے ابراہیم نے حکم کیا کہ جس کسی کو فوج مخالف سے پاوین زندہ نہ چھوڑین چنانچہ
بہت لوگ مع ابن زیاد کے مارے گئے اور ابن زیاد اور اسکے سرداروں کے سر کاٹ کر ابراہیم کے پاس
حاضر کیے ابراہیم نے مختار کے پاس بھیجدیے جب سر انکے کوفے مین آئے تو مختار نے دلالا مارت کوفے مین محفل آراستہ کرکے
کوفے والون کو جمع کیا اسوقت سر بلند ایک اس مایہ فساد کا منگوا کے کہا اے اہل کوفہ دیکھو کہ خون ناحق حضرت
امام حسین علیہ السلام کے ابن زیاد کو زندہ نہ چھوڑا ملاحظہ تواریخ سے واضح ہوتا ہے کہ مختار کی لڑائی مین ستر ہزار
اہل شام مارے گئے اور یہ واقعہ سال سڑسٹھ ہجری مین چھ برس واقعہ کربلا کے بعد عاشورے کے دن
واقع ہوا اور بعضون نے سنہ شصت و نہ مین اسی دن بیان کیا ہے بہرتقدیر کمال ذلت سے ابن زیاد مارا گیا
اور اسکے [illegible] جگہ لٹکایا گیا جہان حضرت امام حسین علیہ السلام کا سر آویزان ہوا تھا اسکے بعد اس جگہ
[illegible] ترمذی کی صحیح روایت مین وارد ہے کہ جب ابن زیاد اور اسکے یارون کے سر مختار
[illegible] ہوا کہ لوگ اسے دیکھ کے ہٹ گئے سانپ

سب سروں مین سے عبد اللہ ابن زیاد کے سر کے پاس آکر اُسکے نتھنے مین گھسا اور تھوڑی دیر ٹھہر کے اُسکے منہ سے نکلا
پھر اُسکے منہ مین گھسا اور نتھنے سے نکلا اسی طرح سات بار سانپ نے آمد و رفت کی پھر غائب ہوگیا یہ عبد اللہ ابن زیاد
ولد الزنا تھا مان اُسکی سماۃ سمیہ کنیز کہ حارث ثقفی کی تھی اور حارث کے غلام کے نکاح مین سو سماۃ مذکورہ سے ابوسفیان
پدر معاویہ نے زنا کی اور گرفتار ہوا اُس نے یاد دیدہ ہوا لیکن مین اُسکو عبد الحارث کہتے تھے حتی کہ ہوشیار ہوا اور آثار فصاحت
اور بلاغت اور خوش بیانی اور طلاقت لسانی زبان زد خلائق ہوے ایک روز عمرو بن عاص نے کہا کہ لو کان نوالنا من
من قریش لساق العرب بعصاہ یعنی یہ اگر غلام قریش کا ہوتا تو اسکو لوگ لکڑی سے ہانکتے ابوسفیان نے سنکر کہا انی لاعرف
واللہ فی ابن امہ من وضعہ یعنی مین اسکو جانتا تھا مان کے پیٹ مین قسم خدا کی اُسکی وضع سے حضرت امیر المومنین علی مرتضی
کرم اللہ وجہہ موجود تھے وہ بولے من ہو یا ابا سفیان کون ہے وہ اے ابوسفیان وہ بولا مین فرمایا سچ بول اُسنے کہا لولا
اگر خوف ایک شخص کا نہ ہوتا جو دیکھ رہا ہے مجھکو تو اس سر کو ظاہر کرتا صحر ابن حرب و قال لم یکن القالہ من ملہ
وفطانت معاد علی لفیفاد تزکی فیم تمرۃ الفواد چنانچہ زیاد بھی اس قصہ سے واقف ہوا اور فرط بیحیائی سے لوگون مین بیان کرتا
کہ مین اصل مین نطفہ ابوسفیان کا ہون نسل قریش سے جب امیر المومنین نے اُسکو والی فارس فرمایا تو اُسنے کارنامہائے
کیے معاویہ نے اُس سے خط و کتابت پوشیدہ شروع کی اور انواع خوش آمد سے پیش آیا کہ اگر میرے پاس حاضر ہو
تو مین تجھے اپنا بھائی قرار دون آخر تو نطفہ ابوسفیان کا ہے جب حضرت امیر کو اس حال سے اطلاع ہوئی تو آنجناب
نے خط لکھا اور سب حال اُسمین مندرج فرمایا اُسنے کہا واللہ ابو الحجن نے گواہی دی کہ مین بیٹا ابوسفیان کا ہون
یہ حرکت بھی اُسکی کمال بیحیائی سے تھی لیکن تا وقت شہادت جناب امیر ظاہرداری کرتا رہا ترک رفاقت سے
باز رہا تھا جب امیر المومنین امام حسن نے تفویض ملک اور سلطنت معاویہ کو کر دیا اور اُسکو ملک مخصوص قرار دیا
تو اُسنے زیاد سے استمالت شروع کی اور اپنا بھائی قرار دیا بلکہ منادی کرائی کہ سال چوالیس مین لوگ ابن ابی سفیان
کہنے لگے اول فعل کہ زیاد مردود سے سرزد ہوا عداوت اولاد حضرت امیر کی تھی جب تک بطا اکبر زندہ رہے
فی الجملہ ملاحظہ کرتا تھا بعد وفات والی عراق ہوا اور کوفہ مین متصرف ہوا تو اُسنے سعید ابن جبیرہ سے مصادرہ
چاہا وہ مدینہ مین بھاگ آئے اُس مردود نے اسباب نقد اور جنس ضبط کیا اور گھر جلا دیا امام حسین علیہ السلام
نے خط سفارش لکھا اُسنے نہایت سخت جواب بے ادبانہ لکھا اور گالی دی آنجناب نے شکایت معاویہ کو
لکھی معاویہ نے ایک خط نہایت سرزنش کا لکھا اور سعید کی سفارش کی اُسی مردود کا بیٹا عبد اللہ ہے کہ باپ زمانہ
سے زیادہ شریر و بدذات دشمن اہلبیت نکلا حضرت مسلم رضی اللہ عنہ نے قبل شہادت اس بیان سے
عبد اللہ کو مطلع کر دیا تھا جیسا جامع التواریخ قاضی فقیر محمد راجپوری مین موجود ہے اسقدر زیادہ ہے کہ سمیہ کنیز حمقانی تھی
حارث کی دوا سے اچھی ہوئی اُسکے مالک نے حارث کو ہبہ کی اُسنے اپنا تصرف جاری کیا دو مرد ابوبکرہ

نافع پیدا ہوئے پھر حارث نے ترک کیا ابوسفیان نے حالت مستی شراب مین زنا کی کہ اُس سے زیاد پیدا ہوا الحاصل
ابن زیاد زنازاد اور ابن سمدا اور شمر ذی الجوشن اور قیس ابن اشعث کندی اور خولی ابن یزید اور سنان ابن انس نخعی
اور عبداللہ ابن قیس اور یزید ابن مالک وغیرہ اشقیا طرح طرح کے عقوبتون سے قتل ہوئے اور لاشون کو اُنکی
اسطرح گھوڑون کے سمون سے روندا کہ ہڈیان چور چور ہوکر خاک برابر ہوئین مگر اہل سیر کو اختلاف ہی کہ ابن سعد و
شمر وغیرہ ملاعنہ قبل ابن زیاد کے مارے گئے ہین یا بعد اُسکے بعضے قائل باول ہین اور بعضے قائل ثانی الغرض جب
مختار کا قبضہ کوفے اور حوالی کوفہ مین بخوبی ہوگیا تو اُسکو دعوی لڑائی کا عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے ہوا اور
یہ خبط دل مین سمایا کہ مجھپر وحی آتی ہی اور محمد ابن حنفیہ مہدی موعود ہین یہ خبر عبداللہ ابن زبیر کو معلوم ہوئی۔
تب مصعب ابن زبیر اپنے بھائی کو جو حاکم بصرہ تھے بنا بر مقابلہ معین فرمایا کہ وہ وقت مقابلہ فتحیاب ہوئے اور
مختار مارا گیا اور مصعب کا قبضہ کوفے پر ہوگیا آخر کو عبدالملک مصعب پر چڑھا اس لڑائی مین مصعب و مالک اشتر
کا بیٹا ابراہیم دونون مارے گئے یہ معرکہ سنہ ہفتاد و یک ہجری مین ہوا عبدالملک ابن عمر و لیثی سے روایت کرتا
کہ عجب اتفاق ہی کہ مین نے دارالامارت کوفے مین اول امام حسین علیہ السلام کا سر دیکھا کہ ابن زیاد کے روبرو
رکھا تھا پھر ابن زیاد کا سر دیکھا کہ مختار کے سامنے رکھا تھا پھر مختار کا سر دیکھا کہ مصعب کے آگے رکھا تھا پھر مصعب
کا سر عبدالملک کے روبرو رکھا تھا عبدالملک نے یہ کلام سنکر کہا خدا تجھکو پانچوان سر نہ دکھلائے اور
اُسی وقت عبدالملک نے اُس مکان کو گھدوا دیا القصہ جب عبدالملک نے مصعب ابن زبیر پر فتح پائی تو
چاہا کہ فوج ابن زبیر عبداللہ پر بھیجے سرداروں نے عذر کیا کہ حرم محترم مین جدال و قتال حرام ہی وہان جاکر کیونکر
لڑین آخر ایک دن حجاج ابن یوسف نے عبدالملک کے روبرو بیان کیا کہ مین نے خواب مین دیکھا ہی کہ حجاج ابن یوسف
عبداللہ کا سر مین نے کاٹ لیا عبدالملک نے جانا کہ حجاز کے جانے کو طیار ہی سو اُسنے بہت جلد ایک لشکر
حجاج کے پاس نامزد کرکے مکہ معظمہ کی طرف روانہ کیا حجاج طائف کا رہنے والا تھا اُسنے وہان سے اور
فوج لی اور جانب حرم محترم روانہ ہوا اور وہان جاکر سرگرم جدال و قتال ہوا یہان تک کہ تمام حرم کو شہدا
کے خون سے رنگ دیا اور عبداللہ ابن زبیر کو بھی شہید کیا اور سر کاٹ کر بھیج دیا بعد اُسکے سولی چڑھایا پھر سولی
سے اُتار کر قبور یہود مین ڈلوا دیا یہ معرکہ سنہ بہتر یا تہتر ہجری مین ہوا اُسوقت سے حکومت مروانیون کی
شام و عراق و حجاز مین جم گئی کہ تراسی برس اُنھون نے حکومت کی فائدہ عبدالملک ابن مروان سنہ چھیاسی
ہجری مین پچہتر برس کے پیدا ہوا والدہ اُسکی مسماۃ عائشہ بنت معاویہ ابن المغیرہ تھی بسبب بخل کے اُسکو شیخ الحجر کہتے
اور کنیت ابوذباب تھی اس سبب سے کہ جب مکھی اُسکے منہ پر بیٹھ جاتی تو بسبب گندہ دہنی کے مر جاتی تھی
یہ نابکار بزور و قوت پدر ناہنجار یعنے مروان علیہ اللعن کے خلیفہ بنا اور بڑا ظالم و سفاک ہوا اور عمال بھی فسقہ اور ظلمہ

مقرر کیے چنانچہ حجاج مرو دکوفہ عراق مین مہلب ابن ابی صفرہ کو خراسان مین اور ہشام ابن اسمعیل کو مصر مین اور موسی ابن النصیر کو مغرب مین اور محمد برادر حجاج کو یمن مین اور محمد ابن مروان کو جزیرہ مین معین کیا اسی نے دراہم و دنانیر پر قرآن لکھوایا اور سکہ اسلام قرار دیا قبل اسکے دینارون پر نقش رومیہ اور دراہم پر نقش فارسی تھا اس مرد ود نے علما کو امر بالمعروف کرنے کی امتناع کی اور یہ بھی حکم دیا کہ خلیفہ کے روبرو کوئی شخص بات نہ کرے اسی کا نام اسلام مین اوّل عبد الملک ہوا ہے اور قبل خلافت کے بڑا عابد و فقیہ عالم تھا اسکو حمامۃ المسجد کہتے تھے جسوقت امیر ہوا قرآن پڑھتا تھا سوائے قرآن کو غلاف مین بند کرکے کہدیا السلام علیک ہذا فراق بینی وبینک اخبار الدول مین ہے کہ عبد الملک کہتا تھا مین پیدا ہوا جو رمضان مین اور ختم کیا قرآن کو رمضان مین سو مین مرتا ہون کہ مرونگا رمضان مین چنانچہ جب رمضان گذر جاتا تھا تو جانتا تھا کہ سال بھر بچا آخر مرگیا شوال مین عمر اسکی ۶۳ برس کی ہوئی بامین جانبیہ و باب صغیر دمشق کے دفن ہوا نماز جنازہ ولید ابن عبد الملک نے پڑھی کیا ۱۱ برس چھ مہینے اُسنے خلافت ضلالت کی اُسمین سے آٹھ برس فراغم ابن زبیر رضی اللہ عنہ رہا اور ۳ برس نفراولا دچھوڑی اسی ملعون ابن ملعون نے حجاج ابن یوسف ثقفی کو بیت اللہ شریف مین بنا برقلع وقمع عبد اللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے روانہ کیا تھا یہ زبیر ابن العوام عشرہ مبشرہ بالجنۃ مین ہین والدہ شریفہ عبد اللہ اسما بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دادی انکی صفیہ عمۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہین ولادت باسعادت عبد اللہ ابن زبیر مدینے مین بیس مہینے بعد ہجرت کے واقع ہوئی اور مسلمانون کو انکے پیدا ہونے سے نہایت سرور ہوا اس سبب سے کہ یہود کہتے تھے ہمنے سحر کیا ہے مسلمانون کو لہذا ولادت ہوگی نام انکا حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ رکھا اور کنیت ابو بکر بڑے عابد اور زاہد اور صائم الدہر قائم اللیل تھے اور جسوقت عبد اللہ پیدا ہوئے تو اسما بنت ابی بکر انکو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لائین اور آپ کی گود مین دیا آنحضرت صلعم نے کھجور منگائی اور چبائی اور لعاب دہن اُنکے منہ مین ڈالا اور تالو مین لگایا اسکو تحنیک کہتے ہین اور یہ سنت ہے اول انکے پیٹ مین حضرت کا تھوک گیا ہے پھر دعا کی انکے واسطے حضرت نے اور برکت طلب فرمائی ترمذی نے حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت کیا ہے کہ دیکھا حضرت نے زبیر کے گھر مین چراغ پس فرمایا ہے عائشہ نہین گمان کرتا ہون مین اسما کو مگر تحقیق جنی ہے یعنے چراغ جو اسوقت جلایا ہے نشان اسکا ہے کہ اسما حاملہ تھی سو جنی ہے سو نہ نام رکھنا اوسکا یہان تک کہ مین نام نہ رکھون پس نام رکھا اُسکا عبد اللہ اور تحنیک کیا دست مبارک سے اور تتبیس ۳۹ حدیثون کی روایت انسے کتب صحاح مین ہے اول انھین نے یزید لعین کی بیعت سے انکار کی اور مدینے سے مکہ کو تشریف لیگئے سو اہل حرمین و یمن و عراق و خراسان نے اُنسے بیعت کی تب انھون نے تجہیز لشکر بنا بر قتال یزید اور یزیدیان فرمایا اور یزید نے لشکر حرم محترم کو بھیجا کہ اثنائے حرب مین خبر موت یزید مشہور ہوئی اور لشکر جانب شام چلا گیا بعد ازان عبد الملک ابن مروان نے حجاج کو مع چالیس ہزار فوج کے بھیجا اُسنے وادی الحجاز حرم محترم مین قرار واقعی دی اور عبد اللہ ابن زبیر

حجر اسحاق بن بشیر سے پہونچا آنجناب کعبہ کے اندر بیہوش ہوگئے تب اُسنے سر مبارک کاٹکر عبدالملک کے پاس بھیجدیا اور لاش کو اُلٹا لٹکوایا یہ معرکہ ستر ہوین جمادی الاولے سنہ ہفتاد و سہ ہجری مین واقع ہوا بعد اُسکے حجاج محذول والد عبداللہ کے پاس تعزیت کو آیا اُنھون نے فرمایا تو نے عبداللہ کو قتل کیا اچھا نہ کیا بولا اے بیٹی ابی بکر کی مین قاتل ملحدین ہون فرمایا بل انت قاتل الموحدین ابن حجاج تو نے بگاڑی اُسکی دنیا اُسنے بگاڑی تیری آخرت کچھ مضائقہ نہین اللہ تعالی نے تیرے ہاتھ سے اُسکو بزرگ کیا اور جب لوگون نے جسد عبداللہ حجاج سے مانگا واسطے دفن کے تو اُسنے انکار کیا اور کہا جب تک والدہ عبداللہ کی شفاعت نہ کریگی نہ دونگا چنانچہ ایک بن جسد مبارک عبداللہ بلا دفن پڑا رہا آخرکار اسماء بنت ابی بکر نے طلب کیا اور پایا اور غسل دیکر اضیہ بیت یحیی واقع مدینہ مین دفن کیا روایت ہے کہ جسد مبارک ابن زبیر کی اسماء کے روبرو کائی تو اُنکی چھاتیون مین دودھ اُتر آیا کذا فی اخبار الدول مسعودی نے مروج الذہب مین لکھا ہے کہ مادر حجاج فارعہ بنت ہمام تھی اول کلدہ کے بیٹے مسمے حارث کے نکاح مین تھی جب اُسنے طلاق دیا تو یوسف ابن عقیل کے نکاح مین آئی اُس سے حجاج پیدا ہوا ابو محمد نسبت اُسکی ہے اُسکے بدن مین جائے خروج برازنہ تھی سو نشتر سے چیرا گیا جب بیس برس کا ہوا عبدالملک نے اُسکو حاکم عراق مقرر کیا اور اول وزیر کی خدمت مین رہتا تھا یہ محذول بڑا ظالم سفاک خونریز گمراہ تھا اکثر کہا کرتا تھا کہ مجھکو جیسی خون کرنے مین لذت ہے ایسی کسی اور چیز مین نہین ہے چنانچہ حسب الحکم اُسکے جیب مقتولون کا شمار کیا گیا تو سوائے لڑائیون کے ایک لاکھ بیس ہزار آدمی ہوئے اور جو قید ناحق مین مرے وہ پچاس ہزار مرد اور تیس ہزار عورت شمار مین آئی اور جو حبس تعمیر کرایا تھا اُسمین چھت نہ تھی تاکہ گرمی و سردی کا بچاؤ نہو اور جسوقت یہ ملعون داخل دارالبوار ہوا تو محبس مین تینتیس ہزار آدمی مظلوم بلا وجہ قید تھے ولید ابن عبدالملک نے اُنکو چھوڑا ہے روایت ہے کہ حجاج ایک روز سوار ہوکر جانب محبس نکلا اور وہ دن جمعہ کا تھا دفعۃً آواز بلند اُسکے کانون مین اُسنے پوچھا یہ شور کیسا ہے سپاہیون نے کہا مقیدین محبس بھوکے پیاس سے روتے ہین اور نماز جمعہ بھی پڑھنے ہین اُسنے حکم دیا کہ قیدی بولنے نہ پاوین ناچار قیدیون نے اُس دن سے جمعہ بھی ترک کردیا اور بولنا موقوف کیا اِس مقام سے علماے نامدار و فضلاے عالیمقدار نے حجاج کی تکفیر کا فتوی دیا ہے اخبار الدول مین ہے کہ اُسنے ایک روز دیکھا آدمیون کو کہ حجرۂ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا طواف کرتے ہین تب کہا کہ نہین طواف کرتے ہین مگر تودہ خاک کا اِس قول سے بھی علما نے اُسکی تکفیر فرمائی ہے اور عمر ابن عبدالعزیز سے روایت ہے کہ مین نے حجاج ابن یوسف ثقفی کو بعد موت اُسکے خواب مین دیکھا تو حیثیت منتنہ نظر آیا مین نے پوچھا اللہ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا کہنے لگا اللہ نے بعوض ہر مقتول کے مجھکو ایک مرتبہ قتل کیا لیکن بعوض سعید ابن جبیر کے ستر بار قتل کیا عمر اس ناپاک کی ستر برس کی ہوئی خلافت ولید مین بماہ رمضان سال نود و پنج ہجری شہر واسط مین مرا اور وہین دفن کیا گیا اور قبر اُسکی پوشیدہ کردی گئی اور بعضے کہتے ہین کہ حجاج کی موت سے کسی کو اطلاع نہین ہوئی یہان تک کہ اُسکا جنازہ

نکلا روایت ہو کہ وقت موت حجاج نے کہا تھا اللھم اغفر لی فان الناس یزعمون انک لا تغفر لی کتب سیر مین ہو کہ عبدالملک کے پاس نو برس بائیس دن رہا تھا چونکہ احوال حضرت سبطین علیہما السلام اس کتاب مین بہ تفصیل لکھا گیا ہو غالبًا کسی اور کتاب مین اس ترتیب و تنقیح کے ساتھ نہو لیکن ائمہ اطہار کا حال فقیر نے اجمالًا بتفصیلا کسی جگہ نہین لکھا ہو منظور یہ ہو کہ ایک رسالہ مختصر علیحدہ فضائل اہلبیت مین وقت فرصت لکھونگا مگر یہ کتاب بلا ذکر احوال ائمہ اطہار کے مکمل نہ تھی اسلیے مناسب معلوم ہوا کہ احوال ان بزرگوارون کا بھی بالاجمال جس سے حالات ولادت وفات اور بعض بعض صفات کمالات ان حضرات کے مسلمانون پر واضح ہون کتب معتبرہ سیر و تفاسیر سے نکال کر لکھون کہ مشتے نمونہ از خروارے باشد لہذا بطریق تکملہ بیان کرتا ہون تکملہ پوشیدہ نہ رہے کہ بعد سبطین علیہما السلام کے نو شخص ائمہ اطہار مین معدود ہین اول علی ابن حسین مشہور بزین العابدین ولادت باسعادت انکی دو برس پیش از وفات امیرالمومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کے اور دوشنبہ نہم شعبان سال سنی و بست ہجری مین مدینہ منورہ مین ہوئی تھی گندم رنگ لاغر بدن کوتاہ قد تھے اور بڑے عابد و متقی و خاشع و خائف من اللہ القہار تھے یہان تک کہ جب وضو کرنے کو بیٹھتے تو رنگ بشرۂ مبارک کا زرد ہو جاتا تھا خوف خدا سے اور ہر روز و شب مین پڑھتے تھے اور صدقہ پوشیدہ دیا کرتے تھے اور فرماتے تھے صدقۂ السر تطفی غضب الرب محمد ابن اسحاق کہتے ہین کہ مدینہ مین کئی شخص بلا معاش ظاہری خوش و خرم بصورت مرادر رہا کرتے تھے اور کوئی انکی بسر اوقات سے واقف نہ تھا جبکہ علی ابن حسین نے وفات پائی تو وہ لوگ محتاج و بے مایہ ہوگئے آخر کار دریافت ہوا کہ آنجناب وقت شب خفیہ انکو خرچ پہونچاتے تھے اُس سے بسر اوقات بخوشی و خرمی کرتے تھے اور نقش خاتم آنجناب وما توفیقی الا باللہ اور استقامت و صبر کا یہ مرتبہ تھا کہ ایک مرتبہ نماز پڑھتے تھے اُسی حال مین ایک بیٹا آپکا کنوین مین گر پڑا تو اہل مدینہ نے بڑا شور کیا اور بہ مشکل تمام اُسکو نکالا لیکن آنجناب خبر بھی نہوے جسطرح نماز مین مشغول تھے اسی طرح پڑھتے رہے اور اپنی اولاد سے فرمایا کرتے تھے کہ جب تمکو دنیا کی مصیبت پہونچے یا فاقہ ہو یا کوئی امر اور مکروہ پیش آوے تو لازم ہی کہ وضو کرے واسطے نماز کے اور پڑھے چار رکعت اور بعد سلام کے یا موضع کل شکوی یا ساتر کل نجوی و یا شافی کل بلوی یا عالم کل خفیۃ و یا کاشف ما شاء کل بلیۃ ادعوک دعاء من اشتد فاقتہ و ضعف قوتہ و قلت حیلتہ دعاء الغریب الضعیف الذی لا یجد الکشف ما ہو فیہ الا انت یا ارحم الراحمین لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین پس اللہ اُسکو بلا سے نجات دیتے اور حضرت امام علیہ السلام اکثر دعا مین فرماتے تھے اللھم اساوت فاحسن فان عدت فعد علی اور آنجناب کے سوائے کوئی اولاد ذکور حضرت امام حسین علیہ السلام کی باقی نہین رہی تھی عمر آنجناب ستاون برس یا اٹھاون برس کی ہوئی بعضے کہتے ہین کہ ولید ابن عبدالملک نے زہر دیا تھا اور جنۃ البقیع مین مدفون ہین کذا فی تاریخ الخلفاء و اخبار الدول فی احوال الاول اور صحیح تاریخ وفات ہیجدہم محرم سنہ نہ ہجری مین ہوئی اور ترجمہ صواعق مین ہی

کہ وفات امام زین العابدین سال چوبیتر ہجری مین ہوئی اور چار بیٹیان اور گیارہ بیٹے عقب چھوڑے دوم منبع الفضائل
والمفاخر الامام محمد الباقر ابن علی زین العابدین والدہ شریفہ آنجناب مسماۃ فاطمہ بنت امام حسن علیہ السلام تھین تولد انکا
تین یا چار برس قبل از شہادت سید الشہدا روز جمعہ سوم صفر سنہ پنجاہ و ہفت مدینہ مین ہوا اور معرکہ کربلا مین موجود تھے
آنجناب معتدل القامۃ اسمر اللون تھے اور نقش خاتم لاتذرنی فردا اور بڑے صاحب کرامات و مقامات و ذوی علم تھے و
لہذا اسمی بالباقر لانہ یبقر العلم والباقر مشتق من بقر الارض یعنی پھاڑ زمین کو اور مخفیات اُسکے نکال کر ظاہر کر دیے پس
باقر اسی سبب سے کہلائے کہ اُنھون نے مخفیات کنوز معارف و حقائق احکام و لطائف حکم کے ظاہر کر دیے اور بعضے کہتے ہین
کہ یہ لقب باسوجہ سے ہوا کہ جابر ابن عبد اللہ انصاری سے حضرت صلعم نے فرمایا تھا کہ تیری ملاقات ایک مرد اولاد حسین سے
ہوگی اُسکا نام میرے نام پر ہوگا وہ ہو یبقر العلم یبقر ای یفجر تفجیر ہو جب تو اُس سے ملے تو میری طرف سے سلام کہنا حضرت جابر
رضی اللہ عنہ فرماتے ہین کہ مین اُسوقت تک زندہ رہا کہ امام محمد باقر سے ملاقات ہوئی اور مین حضرت صلعم کا سلام پہونچایا
یہ حضرت اپنے باپ کے خلیفہ و وصی ہو کر قائم بالامامۃ ہوے ہین عمر شریف ترسٹھ خواہ اٹھاون برس کی ہوئی اور سال
یکصد ہفتاد و یک مین وفات پائی قبہ عباس و حسن رضی عنہما مین مدفون ہین کذا فی اخبار الدول و ترجمہ صواعق مین ہے کہ
سال یکصد و ہفدہ مین وفات ہوئی و ہو الصحیح بعضے کہتے ہین کہ ابراہیم ابن الولید کے عہد مین آنجناب کو زہر دیا گیا اُسی سے
وفات ہوئی اور ذو الفقار اولاد چھوڑی چھ بیٹے اور تین بیٹیان اور نسل اُنکی امام جعفر سے باقی رہی سوم عالم حقائق و کاشف
دقائق ابو عبد اللہ امام جعفر ابن محمد الصادق ولادت انکی سال ہشتاد و ہشتاد و سہ ہجری مین بروز دوشنبہ ۱۷ سابع ربیع الاول
مدینہ مین ہوئی والدہ اُنکی مسماۃ فروہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر تھین یہ حضرت افضل و اکمل اولاد امام محمد باقر سے تھے
اور ہمچو پدر جمیع علوم مین کامل اکابر علما مثل یحیی ابن سعید و ابن جریج و امام مالک و سفیان ثوری و امام ابو حنیفہ
و ابن عقبہ و شعبہ و ابو ایوب سجستانی وغیرہ انھین سے تلمذ رکھتے تھے ایک مرتبہ سفیان ثوری سے ارشاد کیا کہ ای
سفیان جب خداوند عالم کوئی نعمت تجھکو عطا کرے اور تو اُسکی لقا چاہتا ہو تو اکثر حمد و شکر مین مشغول رہا کر چنانچہ اللہ صاحب
فرماتے ہین لئین شکرتم لازیدنکم اور جب رزق کی تنگی ہو تو اکثر استغفار کیا کر چنانچہ اللہ صاحب فرماتے ہین استغفروا
ربکم انہ کان غفارا یرسل السماء علیکم مدرارا اور جب خزان و اندوہ کسی رئیس یا بادشاہ کے حکم سے لاحق ہو تو لاحول ولا قوۃ
الا باللہ پڑھا کرے لانہ مفتاح الفرج و کنز من الکنوز روایت ہے کہ ایک مرتبہ منصور عباسی زیارت کعبہ کو آیا تو کسی شخص نے
غیبت امام کی منصور سے کی جب آنجناب منصور کے پاس گئے تو غیبت کرنے والا بھی موجود تھا حضرت نے فرمایا کہ تو قسم سے
بیان کر کہ جو کچھ مین نے منصور سے کہا ہے سچ ہے اُسنے کہا باللہ العظیم آنجناب نے فرمایا ای امیر المومنین جسطرح مین کہون
اُسطرح یہ شخص حلف کرے تب تحابل قبول ہے منصور نے کہا آپ فرمادین حضرت نے فرمایا اسطرح حلف کر برئت
من حول اللہ و قوتہ و التجات الی حولی و قوتی لقد فعل جعفر کذا و کذا و قال کذا و کذا اُسنے اول انکار کیا بعد اُسکے

اسی طریق سے قسم کھائی کہ اسی وقت مرگیا منصور نے کہا ای جعفر تو پاک ہی اس سے جو تیری نسبت اسنے کہا تھا
روایت ہی کہ ایک روز آنجناب مجلس منصور عباسی مین جلوہ فرما تھے اور مکھیان بار بار اسکے منہ پر بیٹھتی تھین
منصور نے کہا یا ابا عبد اللہ مگس کو اللہ نے کیون پیدا کیا ہی فرمایا تاکہ ذلیل کرین جبارون اور متکبرون کو منصور نے
سکوت کیا روایت ہی کہ مسمی ناقد غلام آزاد اپنے سے فرمایا کہ جب کسی کو رقعہ یا خط بنا بر حاجت لکھنا منظور ہو تو قلم
غیر مداد سے اسکے سرے پر لکھ بسم اللہ الرحمن الرحیم وعد اللہ الصابرین المخرج مما یکرہون والرزق حیث لا یحتسبون حسبنا
اللہ ونعم الوکیل من الذین لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون پس تیری حاجت روا ہوگی ناقد کہتے ہین کہ مین اسی طرح کرتا رہا اور
میری حاجت روائی ہوتی رہی الغرض کرامات آنجناب حیطۂ حصر سے خارج ہین اگر زمانہ فرصت دیگا تو بطور نمونہ
رسالۂ علیحدہ مین لکھونگا عمر شریف آنحضرت برس کی ہوئی بروز وفات ایک سو چہل و ہشت ہجری تھی اور روز دوشنبہ ماہ رجب
خواہ شوال تھا جنۃ البقیع مین اپنے اب وجد کے پاس مدفون ہوے بعضے کہتے ہین کہ زمانۂ منصور مین زہر دیے گئے
اور عقب آپ بیٹی اور چھ نفر اولاد کو چھوڑی چہارم الصادق الصائم الامام موسیٰ کاظم ابن جعفر صادق رضی اللہ عنہما
ولادت انکی موضع ابواء مین کہ میان مکہ و مدینہ واقع ہی بروز یکشنبہ ہوئی اور وقت تولد سال ہجری ایکسو اٹھائیس تھے
والدہ شریفہ انکی ام ولد حمیدہ بربریہ تھین اور کنیت آنجناب ابو الحسین و ابو ابراہیم معتدل القامۃ اسمر اللون تھے اور
نقش خاتم للملک للہ وحدہ یہ حضرت ولی کامل صاحب مناقب فاخرہ اور قائم اللیل صائم النہار تھے اور حلیم ایسے تھے
کہ نام مبارک کاظم ہوگیا تھا اہل عراق آپکو باب الحوائج کہتے تھے اس سبب سے کہ جس کسی نے آنجناب سے توسل چاہا وہ
اپنے مقصود کو پہونچا اور بعد وفات بھی مزار مبارک باب الحوائج ہی چنانچہ امام شافعی سے منقول ہی کہ قبر امام موسیٰ کاظم
برائے اجابت دعا تریاق مجرب کا حکم رکھتی ہی روایت کہ ایک مرتبہ ہارون رشید نے کہا کہ تم کسطرح کہتے ہو کہ ہم اولاد
و ذریۃ رسول اللہ ہین حالانکہ تم اولاد علی ابن ابیطالب ہو اسوقت امام نے فرمایا قال اللہ تعالی ومن ذریتہ داؤد
وسلیمان الی قولہ وعیسی حالانکہ عیسیٰ کے باپ تھا اور ذریۃ ابراہیم مین خدا نے شمار کیا پھر یہ آیت پڑھی ممن حاجک فیہ
من بعد ما جاءک من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم الی آخرہ اور فرمایا ای ہارون تو جانتا ہی کہ
وقت مباہلہ سوا ے علی و حسن و حسین و فاطمہ کے اور کسی کو حضرت صلی اللہ علیہ نے نہین بلایا پس اسی آیت سے حسنین
علیہما السلام اولاد رسول اللہ ہوے اور مین اولاد امام حسین سے ہون آخر ہارون ساکت ہوگیا اور ابن جوزی نے شقیق بلخی سے
روایت کی ہی کہ وہ کہتے تھے کہ مین سال یکصد و چہل و نہ ہجری مین بنا بر حج بیت اللہ شریف جاتا تھا جب قادسیہ مین
پہونچا تو ایک مرد گوشہ گزین یعنی آدمیون سے جدا بیٹھا ہوا نظر پڑا میرے دل مین خطرہ آیا کہ یہ شخص صوفیہ سے ہوگا
چاہتا ہی کہ لوگون کو اپنے دام فریب مین پھانسون سو مین جاکر اسکو سرزنش کرون تاکہ یہان سے چلا جائے جب اوسکے
قریب گیا تو ہنوز مین نہ بولا تھا کہ اسنے مجھسے فرمایا ای شقیق تو نے یہ آیت سنی ہی انجنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم

اُسی وقت مین نے پہچانا کہ امام ہین اور چاہا کہ عذر کرون وہ حضرت غائب ہوگئے اور پھر مجھکو نہ ملے مگر موضع واقصہ
دوسری منزل مین نماز پڑھتے ہوے نظر آئے اور حال یہ تھا کہ تمام اعضا وجوارح اُنکے مضطرب ومضطر تھے اور آنکھون سے
آنسو جاری تھے مجھکو عذر خواہ سمجھ کر نماز سبک فرمائی اور یہ آیت پڑھی وانی لغفار لمن تاب الی آخرہ بعد اُسکے موضع
رملہ مین ایک چاہ پر کھڑے تھے اور سبب یہ تھا کہ چھاگل جسکو ابریق ورکوہ کہتے ہین گر گیا تھا اُسکو نکالنا منظور تھا
آخر دعا فرمائی تو آب چاہ لب چاہ آگیا آنجناب نے رکوہ لیا اور وضو فرماکر چار رکعت نماز ادا فرمائی بعد اُسکے اُسی
مقام مین قریب تر ایک تودۂ ریگ تھا وہان تشریف لے گئے اور قدرے رمل لیکر اُسی چھاگل مین ڈالی اور نوش
فرمائے پھر کہا کہ حضرت اسمین سے مجھکو بھی عنایت فرماؤ سو مجھکو بھی عطا کیا مین نے کھایا تو ستو بفتح سین معلوم
ہوا تشدید فوقانیہ شکر مین ملے ہوے تھے اور مین اُس سے سیر ہوگیا ایسا کہ چند روز مجھکو میل جانب طعام وشراب نہوا
بعد اُسکے پھر ملاقات نہوئی مگر بیت اللہ مین کہ وہان ہمراہ اُنکے خادمون وغلامون کی فوج تھی نقل ہے کہ جب
ہارون رشید بیت اللہ مین آیا تو بعض کوتہ اندیشون نے حضرت امام کی غمازی وبدگوئی کی اور کہا کہ اُنکے واسطے
ہر جگہ سے تحفے وہدایا از قسم لباس ونقد ہمیشہ آیا کرتے ہین اور ہیبت لوگ اُنکے معتقد ہین اور اسی سبب سے یہ تمول
حاصل ہوا ہے کہ تیس ہزار دینار طلا کا فی الحال اسباب خرید ا ہے ہارون رشید نے حضرت کو گرفتار کیا اور عیسیٰ ابن جعفر
بن منصور والی بصرہ کے پاس بھیجدیا اُسنے ایک برس قید رکھا بعد ازان ہارون رشید نے والی بصرہ کو ایک خط
درباب قتل امام علیہ السلام کے بھیجا اُسنے جواب مین انکار لکھا اور لکھدیا کہ اور کسکی یہان روانہ کر تا کہ مین امام کو
اُسکے سپرد کرون ورنہ مین چھوڑے دیتا ہون چنانچہ ہارون نے سندی ابن شاہک کو بھیجا کہ والی بصرہ نے امام کو
اُس ملعون کے سپرد کردیا اُس ناپاک نے آنجناب کو زہر کھلایا کہ تیسرے دن وفات ہوئی کذا فی اخبار الدول اور
مسعودی نے روایت کی ہے کہ حالت حبس امام مین ہارون نے خواب دیکھا کہ علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ ایک حربہ دست مبارک
مین لیے ہوے تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ اگر کاظم کو نہ چھوڑیگا تو اسی حربہ سے قتل کرونگا ہارون خوفناک جاگا
اور اُسی وقت احکم باکیا اور تیس ہزار درہم نذر بھیجے اور عرض کیا کہ آپکو اختیار ہے چاہیے یہان تشریف رکھیے اور
چاہیے مدینہ مین جب حضرت امام اُسکی مجلس مین تشریف لائے تو اُسنے التماس کیا کہ یا امام تمھاری نسبت مین نے
شب کو ایک معاملہ عجیب دیکھا اُسکے سر سے مجھے آگاہ فرماؤ آنجناب نے فرمایا کہ مین نے شب کو جناب رسول خدا صلعم کو
خواب مین دیکھا اور آنحضرت نے چند کلمے مجھکو تعلیم کیے ہنوز اُنکے پڑھنے سے فارغ نہوا تھا کہ تو نے خلاصی کا حکم دیا
اور بعضے کہتے ہین کہ موسیٰ ابن مہدی نے جسکا لقب ہادی تھا حضرت امام موسیٰ کاظم کو ابتداے حال مین قید کیا
تو اُسنے جناب امیر المومنین علی مرتضیٰ شیر خدا کو خواب مین دیکھا کہ فرماتے ہین ہل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض
وتقطعوا ارحامکم یعنی آیا توقع ہے تمسے کہ جب حاکم ہو تو فساد کرو زمین مین اور قطع رحم کرو چنانچہ ہادی نے بعد

بیداری فی الفور رہا کیا پھر زمانۂ ہارون رشید مین یہ معاملہ ہوا کہ اُسنے حضرت امام کو کعبہ کے نزدیک جلوہ فرما دیکھا اور کہا تم پوشیدہ لوگون سے بیعت لیتے ہو فرمایا مین امام تلوب ہون اور تو امام اجسام بعد اُسکے اُنکو لیکر مدینۂ منورہ مین آیا جب روضۂ مبارک حضرت سرور کائنات صلعم پر گیا تو ہارون نے کہا السلام علیک یا ابن عمی اور امام علیہ السلام نے کہا السلام علیک یا ابی اس کلام سے وہ برہم ہوا اور بغداد مین لیجاکر قید کیا بیان تک کہ وفات ہوئی گذافی البرامین القاطعہ مین کہتا ہون کہ ظاہر اس حکایت کا باہم منافات رکھتا ہی انہم الا ان یحمل علی تعدد الحبس بالجملہ عمر شریف پچپن برس کی روایتے پینسٹھ برس کی ہوئی اور سال ہجری ایکسو تراسی تھی اور تاریخ وفات پانچوین رجب روز جمعہ ہی اخبار الدول مین ہی کہ جسدن آنجناب کی وفات ہوئی تو ہارون رشید نے حکم دیا کہ نعش مبارک کو بغداد کے پل پر لیجاکر رکھو اور منادی کراؤ کہ یہ موسی ابن جعفر ہی جسکو رافضی گمان کرتے ہین کہ وہ نہین مرا اب دیکھ رکھو کہ وہ مرگیا ہی بعد اُسکے جانب غربی بغداد مقابر قریش مین دفن کرو چنانچہ ویسا ہی ہوا اور آنجناب نے سینتیس نفر اولاد ذکور اور بائیس اناث عقب چھوڑے اور چودہ نفر ذکور سے نسل باقی رہی مزار شریف مدینۃ السلام بغداد مین فی الحال مرجع خاص و عام ہی اور دعا اُس مقام مین نہایت جلد قبول ہوتی ہی پنجم امام ابوالحسن علی رضا ابن موسی کاظم ولادت انکی مدینۂ منورہ مین ہوئی گیارھوین ربیع الاول روز پنجشنبہ نزدیک بعضے اور حضرت امام یافعی نے اپنی تاریخ مین لکھا ہی کہ ولادت حضرت امام علی رضا علیہ السلام بروز جمعہ بعض شہور سال ایکسو ترپن مدینہ مین ہوئی اور بعضے کہتے ہین ساتوین شوال اور بعضے آٹھوین اور بعضے ششم سال ایکسو اکاون اور وفات پنجم ذیحجہ وعند بعض تیرھوین ذیقعدہ اور بعضے آخر یوم ماہ صفر سال دوسو دو مدینہ طوس مین ہوئی اور مامون رشید نے نماز جنازہ پڑھی اور قبر ہارون رشید سے ملحق دفن کیا انتہی اور شواہد النبوۃ مین لکھا ہی کہ وفات ولایت طوس قریہ سناباد از رساتاق توقان اور قبہ ہارون رشید مین مدفون ہوے کہ سرائے حمید بن مھلبیۃ الطائی ہی عمر شریف پچپن برس کی ہوئی والدہ انکی ام ولد نکنم جلیشیہ تھین اسی سبب سے آنجناب اسود اللون تھے اور بڑے عالم زاہد متقی ولی کامل قلیل النوم کثیر الصوم ایام زمستان مین فرش خواب بوریا اور تابستان مین بستر استراحت کھال حیوان بے سمعہ دریا تھا کنیت آنجناب ابوالحسن اور لقب رضی وزکی وصابر و رنج و محن نقش خاتم لاحول ولاقوۃ الا باللہ چونکہ آنجناب جامع صفات کمال تھے لہذا مامون رشید عباسی نہایت تعظیم کرتا تھا حتی کہ اُسنے اپنا داماد بنایا اور مملکت مین سہیم و شریک گردانا بلکہ امور خلافت آنجناب کے تفویض کیے اور دو سو ایک ہجری مین اپنے ہاتھ سے ایک نامہ لکھا کہ امام علی رضا ولی عہد میرے ہین اور اُسپر گواہیان کرائین مگر حضرت امام علیہ السلام نے قبل مامون رشید کے وفات پائی اور مامون رشید کو کمال تاسف و افسوس ہوا النقل ہی کہ حضرت امام نے قبل از موت خبر دی تھی کہ انگور و انار

زہر آلود سے وفات میری ہوگی ویسا ہی واقع ہوا حضرت معروف کرخی استاد خواجہ سری سقطی انھین کے ہاتھ پر اسلام لائے ہین اور تاریخ نیشاپوری مین لکھا ہی کہ جب حضرت علی رضا علیہ السلام نیشاپور سے تشریف لے چلے تو ایک خلق کثیر بنا بر زیارت نکلی اور آنجناب بسبب گرمی آفتاب کے ایک مقنعہ سر پر ڈالے روے مبارک چھپائے اشتر پر سوار جاتے تھے کوئی شخص چہرۂ پر نور اُنکا دیکھ نہ پاتا تھا اس عرصہ مین اکابر شہر ہمچو ابو زرعہ رازی و محمد ابن اسلم طوسی ایک جماعہ طلاب کو لیکر دوڑے اور ملتمس ہوے کہ روے مبارک اپنا ہمکو دکھلائیے اور کوئی حدیث روایت کیجیے بعد تکرار و جد کد بسیار قبول فرمایا اور اشتر سواری کو روکا اور غلامون سے پردہ چہرۂ مبارک سے اُٹھوا کر ارشاد کیا کہ خبر دی مجھکو میرے باپ موسیٰ کاظم نے اپنے باپ جعفر صادق سے اُنھون نے محمد باقر اپنے باپ سے اُنھون نے اپنے باپ زین العابدین سے اُنھون نے اپنے باپ حسین سے اور حسین نے علی مرتضیٰ ابن ابیطالب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبر دی مجھکو جبرئیل علیہ السلام نے کہ فرمایا رب العزت نے لا الہ الا اللہ حصنی فمن قالہا دخل حصنی و من دخل حصنی امن من عذابی پس ازان حضرت امام علیہ السلام نے ارشاد کیا کہ پردہ ڈالو اور روانہ ہوے روایت ہی کہ جو لوگ قلم و دوات لاکر مستعد کتابت ہوے اور لکھ لیا بیس ہزار مرد تھے اور حضرت نے پانچ نفر اولاد ذکور اور ایک دختر عقب چھوڑی منجملہ انکے اجل و اکرم اولاد محمد جواد تھے ششم امام محمد ابن علی الجواد ولادت انکی نوین رمضان یا دسوین رجب سال ایکسو ستانوے ہجری مین مدینہ یا سکینہ مین واقع ہوئی والد انکی ام ولد تھین مسماۃ ریحانہ کنیت اُنکی ابو جعفر و لقب جواد و تقی معتدل القامۃ و ابیض اللون تھے اور نقش خاتم القدرۃ للہ اُنکو اللہ نے صغر سن سے ذی علم و صاحب کرامات فرمایا تھا جب عمر شریف نو برس کی ہوئی تو ایکروز کسی کوچہ مین کوچہاے بغداد سے کھڑے تھے اور لڑکے کھیل رہے تھے کہ مامون رشید خلیفہ بقصد شکار سوار ہو کر اُس کوچے مین گذرا اطفال بھاگے مگر امام جواد اسی مقام پر کھڑے رہے مامون نے نزدیک آکر بہت محبت سے پوچھا کہ اے پسر تو کس سبب سے لڑکون کے ساتھ نہ بھاگا آنجناب نے بلا تامل فرمایا کہ اے امیر المومنین راہ تنگ نہ تھی کہ مین وسیع کر دیتا اور مین گنہگار نہ تھا کہ خوف کرتا اور میرا گمان تیرے ساتھ بخیر تھا مامون رشید فصاحت لسان و حسن بیان سے متعجب ہوا اور پوچھا تیرا نام کیا ہی اور تیرے باپ کا نام کیا فرمایا میرا نام محمد اور باپ کا علی رضا مامون نے کہا رحمت خدا کی تیرے باپ پر ہو بعد اُسکے بیرون شہر چلا گیا اور باز کو دُرّاج پر چھوڑا وہ اُسکے ہاتھ نہ آیا مگر باز غایب ہو گیا بعد ایک ساعت کے اپنی منقار مین مچھلی خرد نیم جان دبائے ہوے پھر آیا مامون کو سخت تعجب ہوا اور شکارگاہ سے مستعجلانہ مراجعت فرما ہوا اور اُسی موقع پر آیا جہان اطفال بازی کر رہے تھے دیکھا کہ اطفال محلہ لعب مین ہین اور امام محمد جواد علیحدہ کھڑے ہین مامون رشید قریب حاضر ہو کر کہنے لگا اے محمد میرے ہاتھ مین کیا ہی حضرت نے بالہام غیب فرمایا کہ اے امیر المومنین خالق کبریا نے بحر قدرت مین مچھلیان چھوٹی چھوٹی پیدا فرمائین ہین تا کہ باز ہمارے

مالوک وخلفا اُنکو شکار کرین اور اہل بیت پیغمبر کا امتحان لین مامون نے کہا بالیقین وبالحق امام علی رضی کا بیٹا ہو اور اُسی وقت اپنے ساتھ سوار کرا کر لایا اور کمال تعظیم وتوقیر سے رکھنے لگا اور حضرت امام کو روز بروز علم وفراست مین ترقی ہوتی تھی اور مامون کا اعتقاد روز افزون ہوتا تھا آخر کار مامون نے چاہا کہ اپنی بیٹی ام الفضل سے انکا نکاح کرون فرقہ عباسیہ نے منع کیا اس خیال سے کہ شاید انکو بھی مثل پدر ولی عہد اپنا کرے اور اصل مانع ومعارض یحیٰی ابن اکثم تھا تب مامون خلیفہ نے کہا اگر تمکو انکے علم وفضل مین کچھ کلام ہو تو امتحان کر لو اور جسطرح چاہو بحث کر لو عباسیون نے اپنی طرف سے یحیٰی ابن اکثم کو بنا بر مناظرہ تجویز کیا اور اکثر عباسیہ جمع ہوکر مجلس خلیفہ مین حاضر ہوے اور خلیفہ نے ایک فرش مکلف پر حضرت امام کو بٹھلایا آغاز بحث مین یحیٰی ابن اکثم نے چند سوال کیے کہ آنجناب نے جواب معقول صحیح ودرست دیے کہ مامون رشید نہایت مسرور ہوکر بولا احسنت احسنت پھر کہا ای ابا جعفر تم بھی اگر یحیٰی سے سوال کرو گو ایک ہی مسئلہ ہو تو میرے نزدیک بہتر ہو امام نے فرمایا ای یحیٰی کیا جواب ہو اس مسئلہ کا کہ ایک مرد نے ایک زن نامحرم کو وقت صبح بشہوت دیکھا اور جب آفتاب مرتفع ہوا تو وہ عورت اسپر حلال ہوئی اور ظہر کے وقت پھر حرام ہوئی اور عصر کے وقت حلال اور جب آفتاب غروب ہوا تو حلال تھی حرام ہوئی اور عشا کے وقت حلال ہوئی اور نصف شب مین پھر حرام ہوئی اور جب صبح ہوئی حلال یحیٰی نے بغور وتامل کہا مین نہین جانتا ہون امام نے فرمایا ای یحیٰی یہ عورت شخص غیر کی لونڈی تھی کہ دیکھا اُسکو بشہوت ایک اجنبی نے وقت صبح کہ بلاشبہہ وہ نظر اُسپر حرام تھی جب آفتاب بلند ہوا تو اُسی شخص نے خرید احلال ہوئی اور جب ظہر کا وقت آیا تو اُسنے آزاد کیا حرام ہوئی اور وقت عصر اُس سے نکاح کیا حلال ہوگئی اور وقت مغرب ظہار کیا حرام ہوئی اور وقت عشا کفارۂ ظہار ادا کیا حلال ہوئی پھر نصف شب کو طلاق رجعی دی حرام ہوئی اور صبح کو رجوع کی حلال ہوئی اُسی وقت مامون رشید نے عباسیون سے فرمایا تمنے علم وفضل انکا دیکھا اور اسی مجلس مین ام الفضل سے عقد کر دیا اور دونون کو باعزاز واکرام تمام روانہ مدینہ باسکینہ فرمایا کہ آنجناب مدت مدید وہان رہے بعد اسکے عہد مستقیم مابعد مین کہ دوسو بیس ہجری تھی بغداد مین تشریف لائے اور آخر ذیقعدہ سال مذکور مین وفات پائی مقابر قریش مین مزار امام موسی کاظم کے قریب مدفون ہوے عمر شریف اٹھاون برس کی ہوئی اور صحیح پچپن برس ہین اور اُنکی اولاد مین چار نفر تھے دو پسر ودو دختر بعضے کہتے ہین کہ انکو بھی زہر دیا گیا تھا کذا فی ابراہین القاطعہ اور اخبار الدول مین ہے کہ عمر شریف نہایت کم ہوئی باین ہمہ کرامات وخوارق عادات سے ظاہر ہوے ہفتم امام علی عسکری ابن محمد جواد ولادت باسعادت تیرھوین رجب بروایتے نوین ذیحجہ سال دوصد چار وہ ہجری مدینہ منورہ مین ہوئی والدہ شریفہ آنجناب ام ولد سمانہ تھین اور کنیت ابوالحسن ولقب ہادی ومتوکل اور نقش خاتم اللہ ربی وہو عصمتی من خلقہ اور وجہ تسمیہ بعسکری یہ ہوئی کہ موافق حکم متوکل باللہ عباسی کے مدینہ سے

دار سرمن رائے تشریف لے گئے اور وہین رہے اور وہ شہر مشہور و معروف بعسکر تھا لہذا عسکری نام ہوگیا مناقب و اوصاف آنجناب حد حصر سے افزون ہین از انجملہ سخاوت کا یہ مرتبہ تھا کہ ایک گنوار ساکن کوفہ آیا اور کہنے لگا کہ مین محبان علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے ہون سو مجھپر دین کثیر ہی کہ اُسکے ادا سے عاجز ہون سوائے ذات پاک تمھاری کوئی ایسا نہین کہ اُس سے عرض حال کرون فرمایا دین کسقدر ہی اُسنے کہا دس ہزار درہم ہین فرمایا کچھ اندیشہ نکر اور ایک تسک بدستخط خاص اُسکو لکھدیا اور کہدیا کہ مجلس عام مین اس تسک کو پیش کر کے مجھپر دعوی کر گرفتاضا سے شدید یغلظت و سختی کرنا چنانچہ اعرابی اسی طرح دعویدار ہوا آنجناب نے تین دن کی مہلت چاہی اُسنے قبول کیا آخر یہ خبر متوکل خلیفہ کو پہونچی اُسنے تیس ہزار درہم فی الفور بھیج دیے آنجناب نے مجموع درہم اُسی کو عنایت فرمائے سو وہ دراہم لیے ہوے پکارتا جاتا تھا اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ اور ترجمہ صواعق محرقہ مین بعض حفاظ سے روایت کی ہی کہ ایام حکومت متوکل عباس مین ایک عورت نے کہا مین سیدانی ہون متوکل نے کہا اس بات کی ہم تحقیق کرتے ہین پھر اُسنے باستصلاح بعض عقلا مجلس مین حضرت امام حسن عسکری کو طلب کیا اور تخت پر اپنے پہلو مین بٹھلا کر التماس کیا کہ آنجناب اس عورت سے کہ آپکو سیدہ قرار دیتی ہی سوال کیجیے حضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے گوشت اولاد حسین علیہ السلام کا درندون پر حرام کیا ہی اگر یہ عورت سچی ہو تو درندون کے پاس جائے اُسنے سُنکر کہا کہ مین اپنے دعوی مین جھوٹی ہون پھر امام رخصت ہوے بعد چند روز کے کئی عباسیون نے خلیفہ سے کہا اسکا امتحان کرنا چاہیے سو خلیفہ نے تین جائو درندے اپنے محل اقامت مین رہا کرائے اور امام حسن عسکری کو طلب کیا جب امام داخل قصر امارت ہوے تو درندے قدموس ہونے لگے اور حضرت اپنی آستین سے اُنکو مسح فرماتے تھے بعد اُسکے خلیفہ کے پاس تشریف فرما ہوے اور ایک ساعت وہان اجلاس فرما کر رخصت ہوے تو پھر درندے اسی طرح پیش آئے حاضرین معاملہ سخت متعجب ہوے اور بعضون نے متوکل خلیفہ سے التماس کیا کہ جسطرح تیرے بھائی عم زاد نے کیا ہی تو بھی تو کر اُسنے کہا تم لوگ مجھکو قتل کرانا چاہتے ہو اور ارشاد کیا کہ اس راز کو کسی سے ظاہر کرنا نہ چاہیے اور بعضے اس قصہ کو امام علی رضا سے نسبت کرتے ہین لیکن یہ امر خلاف صواب ہی کیونکہ جناب موصوف عہد مامون رشید مین وفات پا چکے تھے چنانچہ مسعودی نے لکھا ہی نسبت اس کرامت کے حسن عسکری سے صواب و صحیح ہی عمر شریف چالیس برس کی ہوئی سال ہجری وقت وفات بروایتے دو سو چھتیس اور بروایتے دو سو چون تھے اور روز دوشنبہ ماہ جمادی الثانی تھا دار سرمن رائے مین مدفون ہین اور چار پسر اور ایک دختر عقب چھوڑی ہشتم امام ابو محمد حسن خالص ابن علی العسکری رضی اللہ عنہ ولادت باسعادت انکی ماہ ربیع الثانی سال دو سو بتیس ہجری مدینہ منورہ مین ہوئی والدہ اُنکی ام ولد سوسن تھین اور کنیت ابو محمد و خالص و نقش خاتم سبحان من لہ مقالید السموات والارض اور معتمد القائمہ واللدن تھے روایت ہی کہ ایام لڑکپن مین آنجناب گریہ فرماتے تھے اور اطفال محلہ لعب و لہو مین مشغول تھے اُس حال مین بہلول دانا آگئے اُنکو گمان ہوا کہ حسن خالص اُس چیز کے واسطے روتے ہین جو کہ اور لڑکون کے ہاتھ مین ہی سو عرض کیا کہ اگر آپکو اس چیز کی خواہش ہو تو مین خرید کر دون

تاکہ اُس سے آنجناب کھیلیں فرمایا یا قلیل العقل ما للعب خلقنا بہلول نے کہا پھر کسلیے پیدا کیا ہے فرمایا للعلم والعبادۃ اُسنے کہا اس قول پر دلیل کیا ہے کہا افحسبتم انما خلقناکم عبثاً وانکم الینا لاترجعون بہلول نے التماس کیا کہ مجھکو نصیحت فرماؤ آنجناب نے آیات چند متضمن موعظت و نصائح پڑھے اور خود ہی بیہوش ہو گئے جب ہوش مین آئے تو بہلول نے کہا ابھی تو آپ معصوم ہین وجہ بیہوشی کی کیا ہوئی فرمایا کہ اے بہلول مین نے دیکھا کہ والدہ میری آگ جلاتی تھین اور وہ افروختہ ہوتی تھی مگر چھوٹی چھوٹی لکڑیون سے اِس سے مجھکو خوف و ترس لاحق ہوا کہ مبادا ہیزم کو جہنم دوزخ کا مجھے بنا دین کذا فی البراہین القاطعہ اور آخبار الدول مین ہے کہ سرمن راے مین قحط کا غلبہ ہوا معتمد باللہ ابن متوکل باللہ نے لوگون سے دعاے استسقا کرائی تین دن متواتر دعا کی گئی پر پانی نہ برسا بعد ازان جماعت نصاری کہ وہان رہتی تھی استسقا کو نکلی اُنمین ایک درویش تھا جسوقت وہ اپنا ہاتھ بابرد عا دراز کرتا تھا پانی برسنے لگتا تھا دوسرے دن پھر ایسا ہی ہوا بعضے ضعیف الایمان شک مین پڑے اور بعضے دین اسلام سے مرتد ہو گئے معتمد باللہ کو سخت تردد ہوا آخر کار اُسنے جناب حسن خالص کو طلب کر کے کہا کہ اپنے جد بزرگوار صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کو سنبھالو کہ فرد ہوئی جاتی ہے حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا اطمینان رکھو علی الصباح انشاء اللہ رفع شک کیا جائیگا اور کہلا بھیجا کہ میرے یارون کو قید سے چھوڑ دے خلیفہ نے اُسی دم سب کو رہا کیا اور صبح کو امام حسن خالص مع اپنے توابع کے میدان استسقا مین رونق بخش ہوئے اور نصاری مع اپنے راہب کے آئے اور راہب نے بطریق معہود اپنا ہاتھ جانب آسمان دراز کیا اور ابر آیا امام نے فرمایا کہ اس راہب کا ہاتھ پکڑو اور جو کچھ اُسکے ہاتھ مین ہے ہاتھ لگے میرے روبرو لاؤ جب اسطرح کیا تو اُسکے ہاتھ مین ایک استخوان انسان انگلیون مین دبی ہوئی نکلی بعد اُسکے اُس درویش سے فرمایا کہ اب تو اپنے جیب سے وہ کاغذ نکال جسمین تو نے دعا لکھی ہے ابر غائب ہو گیا حاضرین و شاہدین معاملہ مع خلیفہ سخت متعجب ہوئے اور پوچھنے لگے یہ کیا معاملہ تھا فرمایا کہ یہ ہڈی کسی پیغمبر کی ہے اس شخص کے ہاتھ آگئی اور دستور یہ ہے کہ جب اُستخوان جلیل الشان کسی نبی علیہ السلام کے زیر آسمان رکھتے ہین تو پانی برستا ہے امتحان کر لو چنانچہ خلیفہ نے ایسا ہی کیا اور شک و شبہہ جو کہ قلوب مردم مین پیدا ہو گیا تھا رفع ہو گیا اور وہ درویش پشیمان ہوا اور حضرت نے اُس ہڈی کو کفنا کر دفن کرایا اور خلیفہ نے حضرت امام کو باعزاز و اکرام روانہ دولت خانہ کیا اور تا زمان حیات عطایا و انعام بطور ہدایا و نذر بھیجتا رہا عمر شریف ستائیس ۲۷ برس کی ہوئی اور وقت وفات سال ہجری دو سو اکسٹھ ۲۶۱ یا تریسٹھ ۲۶۳ تھے اور ماہ ربیع الاول تھا دار سرمن راے مین اپنے والد بزرگوار کے پاس مدفون ہوئے اور اولاد جناب سواے ابو القاسم محمد جحت کے کوئی اور نہ تھی اور چونکہ عمر شریف بہت قلیل ہوئی اس سبب سے مناقب و مآثر آنجناب خلق مین کم ظاہر ہوئے نہم الامام القائم محمد المہدی ابن حسن الخالص رضی اللہ عنہما یہ حضرت امام دوازدہم ایمہ اہلبیت سے ہین والدہ آنکی سماۃ نرجس ام ولد تھین ولادت آنکی شب جمعہ پندرھوین شعبان سال دو سو پچپن ۲۵۵ ہجری مین ہوئی اور قواہد النبوۃ مین ہے کہ بست سوم رمضان سال دو صد و پنجاہ و ہشت ہجری سرداب سرمن راے مین پیدا ہوئے اور القاب آنکے مشہور نزد امامیہ مہدی و حجت قائم و منتظر و صاحب الزمان

وخاتم اثنا عشر ہین وقت موت پدر عالیمقدار پانچ برس کے تھے مگر خدا وند تعالی نے اسی عمر مین آپ کو حکمت عطا فرمائی تھی بعضے کہتے ہین کہ سرداب سرمن رائے مین غائب ہوگئے وبقول رد رافضی مہدی آخرالزمان وہ ہین چنانچہ جمہور امامیہ وکیسانیہ قائل ہین کہ مہدی صاحب الزمان زندہ وموجود ہین لیکن دشمنون کے خوف سے مخفی ہین بلکہ بغداد شریف کے شیعون کی یہ عادت تھی کہ ہر جمعہ کو ایک گھوڑا طیار کرکے سرداب پر لیجاتے تھے اور پکار پکار کر کہتے تھے مہدی مہدی جب سلطان سلیمان ابن عثمان بغداد شریف پر مستولی ہوا تو اسنے اس فعل کو بند کرایا کذا فی اخبار الدول اور سبب اس عقیدہ باطلہ کا امامیہ وکیسانیہ کے نزدیک یہ معلوم ہوتا ہے کہ حق تعالی پر نصب امام ہر عصر مین جو واجب ولازم ہے اور امام معصوم ہونا چاہیے مگر یہ دونون مقدمہ باطل ہین کما صرح بذلک علماء نا فی محلہ اور عجیب تماشا ہے کہ بعد اذعان والیقان اس امر کے کہ مہدی صاحب الزمان پوشیدہ ہین تاہم کمال اختلاف رکھتے ہین چنانچہ اثنا عشریہ کہتے ہین کہ مہدی محمد ابن حسن عسکری ہین کہ غایب ہوگئے بحالت طفلی مگر اور لوگ اس قول سے منکر ہین بعضے کہتے ہین کہ عسکری لاولد تھے کیونکہ جعفر انکے بھائی نے میراث لی اور بعضے کہتے ہین کہ عسکری کے ایک بیٹا محمد ہوا تھا وہ مرگیا اور سبکی نے جمہور رفضہ سے روایت کی ہے کہ بعضے براہ تعصب حسن عسکری کی اولاد ثابت کرتے ہین اور کہتے ہین کہ باپنے جعفر نے میراث لی اور اسی بات پر جعفر کو کذاب کہتے ہین حاصل کلام یہ کہ امامیہ اس بات مین بیس فرقے متفرق ہوگئے ہین اور کیسانیہ کہتے ہین کہ مہدی موعود محمد ابن حنفیہ ہین اور اسماعیلیہ کہتے ہین کہ اسمعیل ابن جعفر ہین اور بعضے کہتے ہین کہ محمد ابن اسمعیل ابن جعفر ہین اور بعضے امامیہ کہتے ہین کہ مہدی محمد ابن علی الباقر ہین اور بعضے جعفر صادق کو کہتے ہین اور بعضے موسی کاظم کو اور بعضے محمد ابن حسن مثنی ابن حسن مجتبی کو مہدی کہتے ہین اور ایک فرقہ شیعہ قائل ہے کہ مہدی ابوالقاسم محمد ابن علی بن الحسین ہین کہ معتصم باللہ نے ایک برس انکو قید کرکے چھوڑ دیا تھا خواہ شیعہ دیوار کھود کر نکال لائے تھے پھر وہ غائب ہوگئے اور ایک فرقہ کہتا ہے کہ محمد ابن عبداللہ ابن حسین ہین اور ایک فرقہ قائل ہے کہ یحیی ابن عمر مہدی آخرالزمان ہین کہ زید ابن علی ابن حسین کے پوتون مین تھے کذا فی السیف المسلول اور حقیقت حال مہدی آخرالزمان علیہ وعلی آبائہ التحیۃ والسلام کی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال کتب حدیث سے یہ معلوم ہوتی ہے کہ مسلم وابوداؤد ونسائی وابن ماجہ وبیہقی وغیرہم ائمہ حدیث روایت فرماتے ہین کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مہدی میری عترت سے ہوگا اولاد فاطمہ سے اور محمد ابن عبداللہ نام ہوگا اور مال کو برابر تقسیم کریگا اور قلوب آدمیون کو مستغنی کریگا اور روایت حاکم مین ہے کہ چھ برس یا سات برس یا آٹھ برس یا نو برس آدمیون مین رہیگا اور طبرانی کی ایک روایت مین بیس برس ہین اور ابونعیم نے روایت کی ہے کہ مہدی ہموستہ دندان کشادہ پیشانی ہوگا وبروایت رویانی چہرہ اوسکا مانند کوکب درخشندہ ہوگا اور بروایت ہیچ مردم عرب اور عجم دو چشم بچو چشم اسرائیلیان اور ایمہ حدیث نے جزم کیا ہے اس بات پر کہ احادیث جو تصریح دلالت کرتی ہین کہ مہدی اولاد فاطمہ سے ہونگے صحیح الاسناد ہین اور احادیث سے ظاہر ہے کہ خروج مہدی قبل نزول عیسی علیہ السلام کے ہوگا

اور ابو امین آمدی کہتے ہین کہ متواتر ثابت ہی کہ مہدی خروج کرینگے اور اہلبیت حضرت صلعم سے ہونگے اور سات برس خلافت کرینگے اور روے زمین کو عدل و انصاف سے بھر دینگے اور قتل دجال مین حضرت عیسی علیہ السلام کی اعانت و مدد کرینگے اور اس امت کی امامت فرماوینگے اور حضرت عیسے مقتدی ہونگے انتہی قولہ اور ابو داؤد نے اپنے سنن مین روایت کیا ہی کہ مہدی اولاد حضرت امام حسن علیہ السلام سے ہونگے اسلیے کہ آنجناب کے براہ شفقت و رحمت امت مرحومہ پر ترک خلافت فرمائی تھی **فائدہ** حضرت امام مہدی خاتم الخلفاء الراشدین مع اولاد حضرت سبط اکبر امام حسن علیہ السلام سے ہونگے اسمین دو سر ہین ایک یہ کہ حضرت ابراہیم ع کے دو بیٹے ایک اسمعیل فرزند اکبر اور دوسرے حضرت اسحق خلف اصغر سو اولاد اصغر سے جملہ انبیا ہوئے اور اولاد اکبر سے حضرت خاتم الانبیا سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم اسی طرح سبط اصغر کی اولاد مین اور آئمہ اطہار ہوئے خاتم الائمہ امام مہدی سبط اکبر کی اولاد مین ہوئے دوسرا یہ کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے حسبتہ للہ بنا بر حفاظت امت جد امجد خونریزی و مقتولی سے خلافت کو چھوڑ دیا تھا اسکے صلے مین خاتم الخلفا کو پیدا کیا کہ تمام روے زمین کے بادشاہ ہونگے اور رفاہ امت محمدیہ علی صاحبہا السلام انکے عہد مین علے وجہ الکمال ظہور مین آوینگی اور یہ روایت کہ اولاد حسین علیہ السلام سے ہونگے واہی و اوزخوہی کذا فی البراہین القاطعۃ فی ترجمۃ الصواعق المحرقۃ اور اخبار الدول مین ابو نصیر عبد اللہ سے روایت ہی کہ خروج نہ کرینگے مہدی مگر طاق سال مین یعنی ایک یا تین یا پانچ یا سات یا نو مین اور ظہور انکا بروز شنبہ عاشر محرم یا مین رکن و مقام کے ہوگا ایک شخص سامنے کھڑے ہوکر پکارینگا البیعۃ البیعۃ پھر اکثر لوگ بیعت کرینگے اور اللہ تعالے زمین کو عدل سے پر کریگا پھر مکہ معظم سے کوفہ مین تشریف لاوینگے و ہذا القول ضعیف جدا اسواسطے کہ تاریخ ظہور مین کوئی حدیث پائی نہین جاتی ہی اور حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے قول سے بھی خلاف ہی کیونکہ آنجناب فرماتے ہین کہ مولد مہدی مدینہ منورہ ہوگا کما رواہ ابو داؤد فی السنن اور شیخ اکبر محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فتوحات مین فرماتے ہین کہ مہدی آخر الزمان عترت رسول اولاد فاطمہ سے ہونگے اور تین سو ساٹھ رجال اللہ کامل آنکے ہمراہ ہونگے **فائدہ** امام شافعی رحمۃ اللہ نے فرضیت محبت اہلبیت کی ایکہ بیت مین تصریح فرمائی ہی ؎ یا اہلبیت رسول اللہ حبکم ✦ فرض من اللہ فی القرآن انزلہ

اور علامہ بیقی اور بغوی نے لزوم محبت اہلبیت پر تصریح کی ہی اور طبرانی امام زین العابدین رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہین کہ جب بعد واقعہ کربلا آنجناب کو اسیر کرکے جانب شام لیچلے تو ایک شخص نے اخلاف شام سے حوالی شہر مین ملاقات کرکے کہا الحمد للہ خدا سے تعالی نے تم لوگون کے قتل ہوجانے سے دفع فتنہ کردیا امام زین العابدین نے فرمایا تو نے نہین پڑھا قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی آپنے کہا اس آیت مین قربی سے مراد تم لوگ ہو فرمایا نعم اس مقام سے معلوم ہوا کہ وجوہ محبت اہلبیت کی ہونون مین فرض عین ہی اور احادیث صحیحہ سے وجوب محبت و تحریم بغض و عداوت اہلبیت ثبوت باحسن وجوہ ثابت ہی اور ہمارے اسلاف یعنی صحابہ و تابعین و تبع تابعین تعظیم و توقیر و محبت و الفت جسطرح

اہلبیت نبوت کی کرتے تھے کسی کی نہ کرتے تھے چنانچہ کتب حدیث و سیر مین مفصل مذکور ہی اور عقیدہ کاتب الحروف
ابوالحسن حسن ابن حسین ابن محمد علوی یہ ہی کہ مسلمان کو تین باتین دل مین رکھنا واجب ہین اوّل محبت حضرت محمد مصطفے
صلے اللہ علیہ وسلم بعد ازان محبت ذریت آنجناب بعد ازان محبت عشرہ مبشرہ بالجنۃ کی اور اب آج کے روز ذریات
حضرت پیغمبر خدا کو ایسا دیکھنا چاہیے جیسا قبل اُنکے آبا کو دیکھتے تھے اور لائق ہی کہ اُنکے اعتقادات سے چشم پوشی
و اغماض کرے اور اگر کوئی شخص اہلبیت نبوت سے بواسطۂ کسی بدعت یا گناہ کے فاسق ہوگیا ہو تو اُسکے فعل کو
دشمن رکھنا چاہیے نہ اُسکی ذات کو اسلیے کہ وہ بضعۂ رسول مقبول ہی اگرچہ ہزار واسطہ درمیان ہین ہون ابو سعید
شرف النبوۃ مین فرماتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے اے فاطمہ خدائے تعالی تیرے غضب سے غضب فرماتا ہی اور
تیری خوشنودی سے خوشنود ہوتا ہی پس جو کوئی اولاد فاطمہ علیہا السلام کو ایذا یا تکلیف دیگا وہ بلاشک غضب الٰہی مین
گرفتار ہوگا اور جو کوئی دوست رکھیگا اور محبت کریگا وہ امید وار رضا و خوشنودی حق کا رہے کہ نتیجہ اسکا جنت ہی اور علماے
اہل سنت و جماعت نے تصریح فرمائی ہی کہ سزاوار یہ ہی کہ اکرام ساکنان مدینہ طیبہ ہر مسلمان کرتا رہے گو کہ اُنسے کوئی بدعت یا مثل
اُسکے صادر ہوئی ہو اور یہ بات محض بر عایت جوار حضرت سرور کائنات صلعم ہی پھر ذریت آنحضرت کہ جگر گوشہ آنجناب
ہین طریق اولی لائق اکرام و احترام ہین مگر رافضی شیعہ اس مقام سے توہم کرین کہ ہم محب اہلبیت ہین کیونکہ وہ دوستان
اہلبیت سے دشمنی و عداوت رکھتے ہین اور ظاہر ہی کہ دوست کا دشمن دشمن ہی نہ دوست چنانچہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ
وجہہ فرماتے ہین کہ جمع نہوگی محبت میرے ساتھ بغض ابی بکر اور عمر کے کسی مومن کے قلب مین اور امام زین العابدین
فرماتے ہین کہ اے مسلمانو دوست رکھو ہمکو بدوستی اسلام اور دوستی بافراط تمھاری موجب عار ہی اور سبب بغض
کیونکہ تمنے اصحاب رسول اللہ کے مقدمہ مین ہمپر کذب و بہتان باندھا ہی اس قول سے واضح ہوتا ہی کہ دوستان و محبان
اہلبیت اہل سنت و جماعت ہین کہ بلا افراط و تفریط مطابق فرمودۂ خدا و رسول محبت رکھتے ہین اللھم اجعلنی محبا و اعینی محبا و اغثنی
محبا و البعثنی فی زمرۃ المحبین فی یوم الدین اگرچہ سبب تالیف اس کتاب کا فقیر نے موافق عادت زمانہ خطبہ مین لکھا ہی لیکن
غایت اصلی یہ تھی کہ صحیح مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ جب آدمی مرگیا تو اُسکا عمل کٹ گیا
اور موقوف ہوا مگر تین طرح کے عمل کہ بعد موت بھی ثواب اُنکا موقوف نہین ہوتا ایک خیرات و صدقۂ جاریہ دوسرا وہ علم
جس سے خلق کو فائدہ ہو تیسرا نیکبخت بیٹا جو باپ کے واسطے دعا کرے یعنی نیک عمل کا ثواب موت کے بعد نہین رہتا
زندگی تک ہی اور بعد اُسکے نہ عمل ہی نہ ثواب مگر ان تین عمل کا ثواب موت کے بعد بھی موقوف نہین ہوتا ایک صدقۂ جاری یعنے
وہ نیک کام جسکا فائدہ خلق خدا کو ہمیشہ حاصل رہے جسطرح مسجد و چاہ اور مدرسہ و مہمان سرائے اور زمین معافی
و وقف یا گھر یا کتاب موقوف کرانسے فوائد عام جاری ہین دوسرا علم جس سے خلقت کو فائدہ ہو یعنی علم دین پڑھانا اور دینی
علم کی کتاب تصنیف و تالیف کرنا جسطرح علم تفسیر و فقہ و حدیث یا کسی دین کی کتاب کا ترجمہ و شرح کرنا تاکہ ناواقف

مسلمان

مسلمان دین کی باتون سے واقف ہون یا کہ پیغمبرون کے قصے و حکایتین صحیح صحیح جس سے خلق اللہ سنکر عبرت پکڑے تیسرا نیک بٹیا کہ اُسکے باعث سے بہت کو ثواب ملتا ہی سو فقیر نے بضاعت نے مطلب حدیث شریف یہ سمجھا کہ موت ہر دم سر پر کھڑی ہی ایسا نہو کہ مرن کی راہ سے آدمی بے نام و نشان مرجائے ان تینون کامون مین جو ہو سکے اُسکی فکر جلدی کرے اگر دنیا کا کچھ مقدور ہو تو اسکے موافق صدقات جاریہ کی تدبیر کرے اور اگر علم ہی تو اُسکے باقی رہنے کی سبیل کرے اور اگر اولاد ہی تو اُنکو علم دین تعلیم کرے اور بری صحبت اور برے کامون سے بچاوے تاکہ بعد موت اُنکی دعا سے فائدہ اُٹھاوے اور یہ بھی معلوم ہو کہ مردہ حقیقت مین وہ ہی ہی جسکا نشان نیک بعد موت کے رہے سو اللہ تعالے نے اپنی عنایت و فضل سے دو لخت جگر نور العین سعادتمند ازلی مولوی محمد حسن و مولوی محمد احسن علوی طول العمر ہما لازال کما ہما محسنا و احسن عین شباب مین عطا کیے کہ ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ بدو شعور سے طبائع زکیہ اُنکی تحصیل علوم دینیہ پر و اذہان صافیہ اُنکے اکتساب اخلاق حسنہ پر مائل و از خود بہدایت ازلیہ بری صحبت اور برے کامون سے متنفر بوجہ کامل ہین اور کوئی دقیقہ دقائق متابعت والدین بفضل ایزدی اُنسے فروگذاشت نہین ہوتا و ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم یارب

فی عمرہما و اجعلہما محبوبین فی قلوب المومنین و اکثر مالہما و اولادہما و بارک فیما اعطیتہما و اجعلہما وارثتی دلالتی و جدی بالنبی و آلہ یا الٰہی مین اس نعمت غیر مترقبہ کا شکر زبان سے بھی ادا نہین کر سکتا ہون کیونکہ مین نالائق و گنہگار تھا تو نے مجھے بدکار کو ایسی اولاد صالح و پرہیزگار با علم و ہنر و با اخلاق حسن عنایت فرمائی تو اُسکے شکر کرنے کو زبان کہان پاؤن پس ایک بات یہ ہوئی کہ اُس سے انشاء اللہ تعالے بعد موت مجھکو اُمید ثواب ہی اور دوسری بات علم کی تھی سو یہ کتاب ہی کہ محض بنا بر فائدہ خلق اللہ کے تالیف کی ہی اور ابتدا تالیف کی بروز جمعہ بست ششم ذی حجہ سنہ بارہ سو اکسٹھ ہجری مین کی گئی اور بروز جمعہ تاریخ بیسویں رمضان المبارک سنہ بارہ سو تریسٹھ مین تسوید سے تمام ہوئی اور بروز شنبہ تاریخ پنجم محرم الحرام سنہ بارہ سو پینسٹھ ہجری مین صاف ہوئی پس باقی رہی تیسری بات یعنی صدقہ جاریہ کہ موقوف مال دنیا پر ہی سو ابتک خداوند کریم نے اسقدر استطاعت عطا نہین فرمائی کہ موافق حدیث خیر الانام علیہ التحیۃ والسلام بسر و چشم و طیب خاطر عمل کرتا مگر ارادہ و نیت خالص انشاء اللہ تعالے رکھتا ہون اگر دنیا کا مال پاک و صاف اللہ نے دیا اور ارادہ کو دل مین قائم رکھا تو اُسکے اجرا مین بھی خالصاً و مخلصاً قصور نہوگا الٰہی بحق ذات پاک سلطان سریر لولاک سرور اصفیا خاتم الانبیا محمد مصطفے احمد مجتبی صلے اللہ علیہ وسلم اور بحرمت جمیع پیغمبران علیہ السلام میرے گناہون سے درگذر فرما اور اس کتاب کو بقبول قلم بندگان کردی اور نظر عیب بینون کو نہ ہونے دی فرما سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون و سلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین و صلے اللہ علے خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ و ازواجہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین اللھم اجعل آخر کلامی اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمدا رسول اللہ آمین یا رب العالمین آمین فقط

تمت

استفتا ازمردم اہل اسلام قصبہ مین پوری بخدمت مولوی ابوالمحسن علوی ساکن جال مین پوری سلمہ اللہ تعالے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال اگر کوئی شخص مسلمانون سے یہ بات کہے کہ ترتیب قرآن شریف کی جو اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کی ہے ناقص ہے کیونکہ نزول آیات متفرق ہوتا تھا صحابہ نے اسکے مفہوم کو نہین سمجھا اور غلط ترتیب دیا یا یہ کہے کہ اگر اس ترتیب مین نہین ہوتا کہ جو آیت جس سے علاقہ رکھتی ہے وہ سب ایک جگہ پر ہو تے ہین تو صحیح درست ہوجاتا اور اسپر یہ بھی کہے کہ مجکو خداوند تعالے نے حکم دیا ہے کہ تو از سر نو ترتیب قرآن کرکے مشہور کر تاکہ جسطرح کہ قرآن لوح محفوظ مین ہے اسی طرح جلے سو مین اسکی ترتیب مین کوشش کرتا ہون چنانچہ اکثر معتمدین اہل اسلام کی زبان سے سنا گیا ہے کہ کسی شخص جاہل نے سورہ والضحے کی کچھ آیتین اور سورتون مین ملائی ہین اور سات سات بند کی سورت بنائی اور ہر ایک بند مین پانچ پانچ آیتین قرار دی ہین بعد اسکے دو آیتین مسجع لگائین گویا معاذ اللہ بلا تشبیہ وہ پانچ مصرعے ہین اور وہ دو آیتین شعر ترکیب ہین اور معوذتین داخل قرآن نہین جانتا ہے بلکہ کہتا ہے کہ یہ دونون فسون ہین واسطے دفع سحر کے نازل ہوئی تھین ایسے شخص کو از روے شریعت محمدیہ علما کے نزدیک کیا کہنا چاہیئے بینوا وتوجروا +

جواب از بندہ خادم العلما ابوالمحسن حسن علوی عفا عنہ ربہ

ہوالمصوب

جواب اس استفتے کا جواب لکھنے کے بیان پر موقوف ہے اور اسی کے بیان سے حکم ایسے شخص کا صاف صاف بلا اختلاف نکل آویگا اول یہ کہ قرآن شریف جو مسلمانون کے پاس ہے منجملہ سمعیات ہے اور صورت توثیق امور سمعیہ کی بدلائل عقلیہ اہل دانش کے نزدیک اسنے وسے اسناد ہوتی ہے کیونکہ اگر بعض کلی چیزون کے باب مین کوئی صورت توثیق و اعتبار کی نہوتی تو تمام عالم کا کارخانہ ابتر ہوجاتا بلکہ وجود آدم و حوا و موسی و عیسی ثابت نہوتا اور نبوت و تنزیل و زبور و صحائف ابراہیم و شیث و غیرہ انبیا پیشین کی حقیقت پوشیدہ رہتی حتی کہ ثبوت ولدیت و والدیت محال ہوجاتا اور جملہ عقلا کے نزدیک ثابت ہے کہ ہیئت نشین کا حال صحت کا کمانا ہے یعنی یہ معلوم ہوتا ہے کہ شخص پختہ کار اور صاحب تمکین و وقار و باغیرت و سنجیدہ و ستگو و دوراندیش و انجام طبع نیک ظرف شفا مزاج پذیرہ عبرت فضول سبک سر بدوضع ہے اگر نشین پہلی قسم کی صفات سے متصف ہے تو اسکو ثقہ و معتبر جانتے ہین جسے غلط العوام مین ثقاہت کہا کرتے ہین اور جو نشین دوسرے قسم کی صفات سے متصف ہوتا ہے تو اسکو عدم وثاقت سے تعبیر کرتے ہین جسے غلط العوام مین لچا کہتے ہین پس جب ہیئت نشین کی یہ صفات نشانے نشین کی ہوئین جب اسکے وثاقت ذہن نشین ہوگئی تو جب کسی کی جو بات کو وہ دیکھی یا سنی ہوئی کہتا ہے تو وہ بمنزلہ اپنی دیکھی ہوئی یا بلاواسطہ سنی ہوئی ہوجاتی ہے اور جب اسی طرح کے کئی شخص صاحب وثاقت بیان کرین تو کچھ بھی شک و تردد نہین رہتا بلکہ یقین کامل ہوجاتی ہے اسی جگہ سے یہ بات نکلی کہ اگر بازاریون سے کوئی خبر دربار شاہی کی سنی جاوے اور اسسے پوچھین کہ تمنے کہان سے سنی تو وہ اسی بازار مین رہتا ہوا مین نہین جانتا کہ یہ خبر کدھر سے نکلی ہے تو اس خبر کو غیر سندی بولتے ہین اور جو کوئی بات مثلاً منشی یا دیوان دربار کہے اور وقت استفسار کے کہ مجھسے وزیر عظم فرماتے تھے کہ یہ بات میرے سامنے بادشاہ نے دربار مین فرمائی تھی تو ایسی خبر کو سندی کہتے ہین اور اسی طرح کی خبر مطابق واقع ہوتی ہے خصوص جب کہ کئی جلیل القدر صاحب وثاقت اسی بات کو بیان کرین اور ان سب مین کسی طرح کا تعارض نہو یا ایک جماعت معتبرہ جماعت معتبرہ

سے نقل کرے تو اسمیں احتمال ہوا ہو کہ کاتب بھی نہیں ہوتا ہو چہ جاے احتمال خلافت واقع ہونے کا بلکہ وہ خبر بالفرض مطابق واقع کے نکلتی ہو اسی کو خبر متواتر بولتے ہین اگر مثلاً بادشاہ کے کہنے کسی سے سنا ہو کہ بادشاہ یون فرماتے تھے تو وہ بھی خبر غیر صحیح ہو کیونکہ بیچ مین سلسلہ ٹوٹ گیا اور جسطرح زبان سے خبر دینے مین احتمال صدق و کذب ہوتا ہو ویسی لکھنے مین بھی ہوتا ہو اسکے واسطے بھی وہی ضابطہ عقلیہ کا ہو مثلاً کوئی دستاویز ہاتھ آوے اور اسپر کسی معاملہ کی بنا ٹھہرانی منظور ہووے تو پہلے یہ دریافت کرنا چاہیے کہ کسنے اس دستاویز کو لکھا ہو اور جسکی طرف دستاویز منسوب ہو وہ نسبت صحیح ہو یا نہیں فرض اسکے نام سے مشہور ہو پھر اگر کاتب قرار پاوے تو دریافت کرنا ضرور ہو کہ اسنے اپنی دیکھی یا بلا واسطہ سنی لکھی ہو یا بواسطہ اگر بواسطہ ہو تو وہ واسطہ صاحب واقعہ تھا یا نہ تھا اور یہ لکھنے والا بھی اہل وثاقت تھا یا نہین اگر اس توثیق مین وہ فیصلہ صحیح نہ نکلا تو محض ردی ہو اور جو ان شرائط کے ساتھ ثابت ہوا تو ظن غالب صحیح ہوتا ہو اور جب بہت لوگ اہل وثاقت اس دستاویز کے گواہ ہوتے ہین تو ہرگز اسمین شک و شبہ نہین رہتا خصوصاً جب کہ کوئی ایسا شخص معارض نہ ہو اور اگر کوئی معارض ہوا اور ویسا نہ ہوا تو ہونا نہونا اسکا برابر ہوتا ہو اور اسی واسطے اسلام مین ایک فن عظیم الشان مقرر ہوا اور اس فن کے سیکڑوں عالم نمودار ہوے کہ انکی وثاقت و جلالت اور اس فن کی مہارت سب اہل علم جانتے ہین اور انھون نے سیکڑون کتابین اس فن مین تصنیف و تالیف فرمائی ہین اور اس فن مین یہ بحث ہو کہ فلانی بات جو فلان شخص کی طرف منسوب ہو اسکا ناقل کون ہو اور مولد و منشا اسکا کہان تھا اور وہ کیسا آدمی تھا اور جسکی یہ بات ہو اس سے بلا واسطہ سنکر لکھی ہو یا بواسطہ اگر بواسطہ ہو تو وہ واسطہ کون شخص تھا کہان رہتا تھا کب پیدا ہوا کب مرا کیسا تھا فضول گویا راستگو و مغلوب النسیان یا حافظے والا صاحب تقشیب تھا یا عطمی محض اور اپنے بیان مین مستقل تھا یا مضطرب اگر یہ ثابت ہوا کہ جسکی بات جسنے لکھی ہو اس سے بلا واسطہ سنکر لکھی ہو اور ایسے شخص نے لکھی بلکہ متعدد ثقہ لوگون نے جنھون نے خود بھی بلا واسطہ اس بات کو سنا تھا بلکہ لکھی ہو اور اہل عصر نے اسکی سند کچھ نہین لکھا بلکہ اسی کی تعلیم دیتے رہے اور انکے بعد کسی نے انکے مقلدین سے دوسری بات کو اسکے ہم وزن و ہم رتبہ نہین سمجھا بلکہ برابر کہتے آئے کہ کوئی چیز مرتبہ ثبوت مین اسکے ہم رتبہ نہین ہو سکتی اور اول طبقے سے لگا کر جہان تک چلے آئے کسی درجہ مین ایسا نہین ہو کہ دو ہی ایک اسکے راوی ہون بلکہ سیکڑون ہزارون مین سوا ایسے مکتوب و دستاویز کو اہل فن علم قطعیات مین شمار کرتے ہین اور اسکے منکر کو جاہل بیدین کا فر کہتے ہین اور اسکی اصل مثال ہمارا قرآن شریف ہو بابین الدفتین فی الحال ہمارے پاس موجود ہو کہ بالفاظہ ہمین ترتیب آیات فی السور و ہمین وصل و فصل حضرت سرور کائنات صلعم سے بواسطہ اصحاب جلیل الشان ہم تک پہونچا ہو اور جو کچھ اسمین ہو اسکے اصل اخبار وضع و ترتیب و جمل متواتر ہو اور دین قویم اور صراط مستقیم کی بنا ہو اور اسطرح کے ثبوت عقلی قطعی کے ساتھ کوئی دستاویز دینی و کتاب آسمانی کسی پیغمبر کی یہود و نصاری کے پاس نہین ہو اور اسی وجہ سے ہمارے لوگ انکو الزام فاش دیا کرتے ہین اور انکے پاس

کی کتابون کو نامعتبر جانتے ہین قال صاحب الاتقان جملا الذین یقطع بالخلاف ان کلما ہو من القرآن بحیث ان یکون متواترا فی اصلہ واجزائہ وکذا فی محلہ ووضعہ وترتیبہ عند المحققین او متحققین مجتہدین سے بیان سے ظاہر ہو کہ ترتیب آیات کی سورتون مین توقیفی ہو اور صحابی وحی الہی ہوئی ہو حضرت جبرئیل علیہ السلام جب کوئی آیت بحسب واقعہ لاتے تھے تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہہ دیتے تھے کہ اس آیت کو فلان سورت مین فلان مقام پر لکھو

کہ حضرت رسول خدا صلعم بعض کاتبان وحی کو طلب فرما کر اسی موقع پر لکھوا دیتے تھے چنانچہ مشکوٰۃ شریف مین حضرت ابن عباس سے ایک روایت طویل
اس باب مین موجود ہی کہ ایک بڑا اسکا بیان کرتا ہون قال عثمان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا نما یاتی علیہ الزمان وہو ینزل علیہ اولات
ذوات العدد وکان اذا نزل علیہ شیء دعا بعض من یکتب فیقول ضعوا ہولاء الآیات فی السورۃ التی یذکر فیہا کذا وکذا رواہ احمد وابو داؤد والترمذی
یعنی تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ ایک زمانہ اوپر نازل ہوتی تھین آیہ سورتین کہ انمین آیات متعدد ہوتی تھین اور تھے حضرت صلعم
جب نازل ہوتی تھین آپہ کچھ بھی آیتون سے تو طلب فرماتے تھے بعض نویسندگان وحی کو اور فرماتے تھے کہ لکھو ان آیتون کو اس
سورت مین جسمین ایسی ایسی باتون کا ذکر ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ دوام واستمرار عادت رسول مقبول یون جاری تھی کہ جب
کوئی آیت نازل ہوتی تھی کاتبان وحی کو فرما دیتے تھے کہ اسکو فلان مقام پر لکھو کیونکہ حدیث شریف مین لفظ کان بصیغہ ماضی
کہ دوام واستمرار پر دلالت کرتا ہی قال السیوطی فی الاتقان الاجماع والنصوص المتظافرۃ علی ان ترتیب الآیات توقیفی لا خلاف فی
ذلک واما الاجماع فنقلہ غیر واحد منہم الزرکشی فی البرہان والجعفری فی مناسباتہ وعبارۃ ترتیب الآیات فی سورہا واقع بتوقیفہ صلی اللہ
علیہ وسلم وامرہ من غیر خلاف فی ہذا بین المسلمین ابو بکر بن ابی داؤد سجستانی نے اتقان مین نقل کیا ہی کہ ترتیب آیات کی سورتون مین امر و جناب
حکم لازم ہی اسواسطے کہ ہمیشہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہتے تھے کہ فلان آیت کو فلان مقام مین درج کرو
بعد اسکے قاضی ابو بکر فرماتے ہین کہ وہ قرآن جو اللہ نے اپنے پیغمبر پر نازل فرمایا یہی قرآن ہی جو مصحف عثمان مین موجود ہی نہ کوئی چیز
اسمین سے کم ہوئی نہ زیادہ بلکہ مطابق نظم خدا اور ترتیب رسول خدا بالتقدیم والتاخیر ہی اور قرأت محمدیہ نے تلاوت رسول اللہ ہی طرح
پائی ہی اور ہر ایک آیت کی ترتیب تالیف سورتون مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ ہی اور علامہ بغوی محی السنۃ کتاب شرح السنۃ
مین اسی قول کے موافق فرماتے ہین اسقدر زیادہ ہی کہ قرآن شریف بدین ترتیب جو ہمارے مصحف مین ہی اسی ترتیب سے لوح محفوظ
مین ہی کسی طرح کا فرق نہین ہی اور امام المحدثین علامہ کرمانی برہان مین فرماتے ہین کہ ترتیب سورتون کی جسطرح ہمارے مصاحف
مین ہی اسی طرح لوح محفوظ مین ہی اور محدث طیبی اسکے موافق فرماتے ہین کہ حدیث احمد وابو داؤد دلالت کرتی ہی اسپر کہ ترتیب سورتون
کی جو فی الحال مصحف مجید مین ہی یہ وہی ترتیب ہی جو پیغمبر خدا کے عہد مین تھی قال ابن الحصار ترتیب السور ووضع الآیات فیہا
انما کان بالوحی کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول ضعوا آیۃ کذا فی موضع کذا وقد حصل الیقین من النقل المتواتر بہذا الترتیب من
تلاوۃ رسول اللہ وما اجمع علیہ الصحابۃ علی وضعہ حاصل اس عبارت کا بھی وہی ہی جو پیان ہوا اور شیخ عبد الحق دہلوی شرح مشکوٰۃ مین
اسطرح لکھتے ہین عبارتہ کذا کہ ترتیب سور و وضع آیات ہمچو حی بود ہ جبرئیل علیہ السلام چون آیتی از قرآن بر حسب واقعہ مے آورد میگفت کہ این را در فلان
سورہ بعد از فلان آیت نہید واحادیث دریں باب بسیار آمدہ و تحقیق حاصل شد یقین بریان نقل متواتر بہمین ترتیب از تلاوت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم و اجماع صحابہ بے تطرق شک و شبہ در لوح محفوظ ہم بہمین ترتیب نوشتہ اند و از انجا بآسمان دنیا فرستادہ کما نزل
جبرئیل علیہ السلام بحسب وقائع سور و آیات مے آورد و ترتیب نزول غیر ترتیب تلاوت است و جبرئیل علیہ السلام ہر سال در ماہ
رمضان کبار تمام قرآن ہمین ترتیب مے آورد و آنحضرت بعرض مدارست میخواند و در سالے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ازین عالم رحلت خواہند فرمود دو بار عرض

مولانا جلال الدین سیوطی اتقان مین حارث محاسبی سے نقل کرتے ہین کہ کتابت قرآن کی مستحدث نہین ہی کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود ارشاد فرماتے تھے اسکی کتابت کو اور شیخ عبدالحق محدث شرح مشکوٰۃ مین لکھتے ہین کہ کتابت قرآن مستحدث نیست بود آنحضرت کہ امر میکرد بکتابت آن لیکن متفرق بود در رقاع وخزآن حضرت صدیق اکبر رض امر کرد بانتساخ آن از جای متفرق بجائے مجتمع واین بمنزلۂ آن بود کہ گویا اوراق متفرق در خانۂ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم یافتند کہ دران قرآن نوشتہ بود لیکن منتشر بود مجتمع ساختند و در رشتۂ التیام وانتظام کشیدند تا چیزے ازان گم نشود اور اتقان مین خطابی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلیے قرآن کو مصحف واحد مین جمع نہ فرمایا کہ آپکو انتظار نسخ بعض احکام وتلاوت رہا کرتا تھا اور جب یہ نہ نزول قرآن رحلت رسول مقبول سے منقضی ہوگیا تو حق تعالے نے خلفاء راشدین کو الہام کیا کہ متفرق کو جمع کرو اور صحیح بخاری ومشکوٰۃ مین زید ابن ثابت سے حدیث طویل جمع تالیف کی جو حضرت صدیق اکبر نے بمشاورت حضرت عمر فرمائی موجود ہی اور جو کچھ حضرت عثمان نے کیا ہی وہ بھی مشکوٰۃ شریف مین ہی اور حاصل اُن حدیثون کا یہ ہی کہ حضرت صدیق اکبر رض نے بمشورۂ حضرت عمر رض زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ہمکو خوف ہی کہ بسبب قتل ہونے قراء کے قرآن سے کوئی چیز جاتی نہ رہے اسکو جمع کرنا بہتر ہی سو تم جوان وعاقل وقوی الحافظہ اور امین اور کاتب وحی ہو قرآن کو صحائف مین جمع کرو تاکہ خوف فوت جاتا رہے چنانچہ زید ابن ثابت نے باتفاق صحابہ صحائف متعددہ مین لکھا یعنی جو کچھ خرمون کے پتون پر یا سفید پتھرون یا کاغذ کے ٹکڑون پر لکھا ہوا رسول اللہ صلی اللہ وسلم کے گھر مین تھا اُسے طلب کرکے صحائف مین نقل کیا کہ وہ صحیفے حضرت صدیق اکبر کے پاس رہے جب اُنکی وفات ہوئی تو حضرت عمر کے پاس رہے جب اُنکی وفات ہوئی تو حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس رہے پھر سنہ پچیس ہجری مین حذیفہ ابن الیمان صحابی نے جنکی شان مین پیغمبر خدا نے فرمایا ہی کہ گواہی اُسکی دو شخصون کے برابر ہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ اے امیر المومنین اس امت کی دستگیری فرمائیے قبل اسکے کہ کتاب خدا مین اختلاف کرین جیسا یہود ونصاریٰ نے توریت وانجیل مین کیا کیونکہ مین نے اس امت کے لوگون کو بلغات مختلفہ پڑھتے ہوئے قرآن سنا ہی تب امیر المومنین عثمان نے حضرت ام المومنین حفصہ کے پاس سے وہ صحیفے طلب کیے اور زید ابن ثابت اور عبداللہ ابن زبیر اور سعد ابن عاص اور عبداللہ ابن حارث ابن ہشام رضی اللہ عنہم سے ارشاد کیا کہ ان صحیفون کو مصحف واحد مین بلغت قریش جسپر اصل نزول قرآن ہی لکھو تاکہ اختلاف جاتا رہے چنانچہ اصحاب رسول اللہ نے اُسی طرح لکھا اور حضرت عثمان نے سات مصحف لکھوا کر دیا اسلام مین منتشر کرائے یعنی ایک مدینہ مین رکھا اور باقی مکہ اور شام ویمن

و بحرین و بصرہ و کوفہ میں بھیجے اور حکم نافذ کیا کہ جو اور کوئی قرآن صحیفہ یا مصحف میں ہو جلا دیا جاوے
و پارہ پارہ کیا جائے چنانچہ سب صحیفے و مصحف جلائے گئے یعنی جو کچھ تختوں پر اور پتھروں پر یا کاغذ کے رقعوں پر
لکھا ہوا تھا اور جو کچھ حضرت ام المومنین حفصہ کے پاس صحائف شیخین رض کے لکھوائے ہوئے تھے سب جلائے گئے
حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے بسند صحیح مروی ہے کہ اگر یہ کام عثمان نہ کرتے تو میں اسی طرح کرتا شیخ عبد الحق
دہلوی فرماتے ہیں کہ فرق جمع ابی بکر اور عثمان رضی اللہ عنہما میں یہ ہے کہ جمع ابی بکر اس خوف سے تھی کہ مبادا
قرآن شریف سے کچھ گم ہو جائے اور جمع عثمان اس واسطے تھی کہ اختلاف نہ واقع ہو اور جو لوگوں میں مشہور ہے
کہ جامع قرآن حضرت عثمان ہیں سو ایسا نہیں ہے حضرت عثمان نے صرف یہ کیا ہے کہ لوگوں کو لغت قریش پر جمع کیا
تاکہ فتنہ و فساد جو مابین اہل عراق و اہل شام کے حروف قرارت میں واقع تھا بند ہو جائے اور اصحاب اس امر
اسی بات پر اجماع کی اور قبل اسکے بطور آسانی کے قرآن شریف حروف سبعہ پر پڑھا جاتا تھا اب کہ سب پر
آسان ہو گیا تو حضرت عثمان نے سب لوگوں کو لغت قریش پر کہ اصل نزول اسی پر تھا جمع کر دیا کیونکہ یہ لغت
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور لغت حضرت پر قرآن نازل ہوا تھا اور یہ جو حدیث شریف میں ہے کہ انزل القرآن
علی سبعۃ احرف سو حال اسکا یہ ہے کہ اول نزول قرآن بلغت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوا تو اور عرب پر تکلم اسکا
شاق ہوا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عزت جل جلالہ میں التماس کیا کہ اس بات میں توسع درکار ہے
ارشاد ہوا کہ ہر شخص اپنی لغت میں پڑھے اور مشہور بفصاحت عرب میں سات قبیلہ تھی قریش و طی و ہوازن
و اہل میں و ثقیف و بذیل و بنی تمیم سو قرآن تا زمان حضرت عثمان ان لغات میں پڑھا جاتا تھا جب حضرت
عثمان نے دیکھا کہ اسطرح کا اختلاف ہے اور سنا کہ ایک دوسرے کو تکفیر کرتا ہے اور اسمیں دین کا فساد
لازم آتا ہے اسلیے آپ نے قرآن کو قرارت قریش پر لکھوایا اور ان لغات کو باقی نہ رکھا مگر قلیل اور اسی پر سب اصحاب
متفق ہوئے کہ وہی قرارت باقی رہے اور ہوازن وغیرہ اسی قرارت پر پڑھنے لگے تا آنکہ قرا سبعہ کو باسانید متصلہ
پہونچا اور باقی رہا ادنی اختلاف جو کہ اس لغت میں مقدر تھا مثل ادغام و امالہ و وقف وغیرہ کذا فی الاتقان
و ترجمۃ المشکوۃ اور مولانا محمد رفیع الدین محدث بجواب سوال شیخ محمد ابن محمد محفوظ نگینوی تحریر فرماتے ہیں کہ ترتیب
آیات قرآنیہ ہمہ توقیفی ست حضرت جبرئیل بعد تعلیم آیات منزلہ میگفتند کہ این آیات را در سورہ کذا بعد آیات کذا
باید نہاد چنانچہ آخر آیات کہ نازل شد یعنی واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ ثم توفی کل نفس ما کسبت وہم
لا یظلمون گفتہ اند ضعہ بعد مائتین و ستین من الہجرۃ چنین ست شواہد دیگر بریں مدعا در کتب احادیث
موجود ست آما ترتیب سور پس چہار کس از بسیار بہ برچہار ترتیب مرتب ساختہ بودند حضرت علی مرتضی بر ترتیب
نزول اوائل سور نہ نزول تمام سور کہ نزول آیات سور بتفاوت سالہا میشد و مع ذلک ترتیب آیات چنانکہ

گفتہ شد توفیقی ست وعبد اللہ ابن مسعود رضہ بر ترتیب تلاوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وترتیب کہ بعضے از صحابہ مظاہر میگفتند وابی ابن کعب بر ترتیب خواندن خود از آنحضرت وحضرت عثمین رضی اللہ عنہما بریں ترتیب کہ اکنون موجود است وہمین ست ترتیب زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ چنانچہ مسموع شدہ کہ زید ابن ثابت در ماہ رمضان المبارک در معارضہ آنجناب با حضرت جبرئیل پس پردہ بسماع نمودند وہمان ترتیب مرتب ساختند واجماع صحابہ بریں ترتیب منعقد شد پس اگر احدے در ترتیب آیات کہ ثبوت آن بتواتر اسناد از حضرت صلی اللہ علیہ وسلم است یا در ترتیب سور کہ باجماع صحابہ وخلفائے راشدین است نوعی گفتگو کند یا آیتے را از جائے بجائے دیگر منتقل سازد یا سورتے را بنوعے تغییر وتبدیل کند بسبب مخالفت رسول واجماع قطعی کافر گردد واقل باید ساخت لانہ افسد نظم القرآن ومن افسد نظم القرآن فقد کفر بالاتفاق او نحو ذلک استاذ الاستاذ حضرت شاہ عبد العزیز محدث قدس سرہ العزیز بعضے تقریرات مین فرماتے ہین کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہی کہ ترتیب آیات مین خلفائے راشدین نے مطلق دخل واجتہاد نہین فرمایا یہ ترتیب وہی ہی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بایما جبرئیل علیہ السلام فرمائی تھی مگر متفرق تھی صحابہ نے اسکو یکجا کر دیا اور قرآن شریف اسی ترتیب سے لوح محفوظ مین ہی پس اگر کوئی شخص اس ترتیب مین دخل وتصرف کا قصد کرے یا یہ کہے کہ ترتیب اسکی اور طرح سے ہوتی تو بہتر تھا وہ شخص کافر ہی مسلمانون کو اسکی صحبت سے احتراز کرنا لازم ہی مگر ترتیب سورتون مین البتہ اختلاف ہی اکثر محققین کہتے ہین کہ ترتیب سور بھی توقیفی ہی اور جمہور قائل ہین کہ اجتہاد صحابہ سے ہی قال السیوطی فی الاتقان قال ابن انفارس جمع القرآن علی ضربین احدہما تالیف السور کتقدیم السبع الطوال وتعقبہا بالمئین فہذا ہو الذی تولتہ الصحابۃ واما الجمع الآخر فہو جمع الآیات فی سورۃ فہو توقیفی تولاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما اجرید جبرئیل عن امر ربہ وقال الکرمانی فی البرہان ترتیب السور بلذا ہو عند اللہ فی اللوح المحفوظ علی ہذا الترتیب وقال البیہقی ان جمیع السور مرتبہا توقیفی الا سورۃ البراءۃ والانفال مگر محققین متاخرین قائل ہین کہ ترتیب سور وضع آیات سبب بوحی ہی اور اجتہاد صحابہ اسکے مطابق واقع ہوا ہی انتہی اقول الصحیح بالجملہ اس بیان سے ظاہر ہوا کہ ترتیب کلام اللہ سورۃً وآیۃً بوحی الٰہی ہی اب باین ہمہ اگر کوئی شخص اپنی رائے سے اس ترتیب مین سرّاً یا علانیۃً کسی طرح کی گفتگو کرے یا اسکو ناقص کہے خواہ اسکو ترتیب احسن نہ سمجھے وہ شخص اس وعید مین داخل ہی من قال فی القرآن برایہ فلیتبوأ مقعدہ فی النار رواہ الترمذی عن ابن عباس رضی اللہ عنہ مرفوعاً متصلاً یعنی ترمذی نے روایت کی ابن عباس سے کہ کہا ابن عباس نے فرمایا رسول اللہ نے کہ جو کوئی کہے اور کلام کرے قرآن مین بہ رائے وعقل وقیاس بے اسکے کہ کوئی شبہہ از روے نقل صاحب قرآن سے بواسطہ یا بلا واسطہ رکھتا ہو پس چاہیے کہ پکڑے جائے نشست اپنی آتش دوزخ مین

اور ظاہر ہی کہ جب کسی جاہل نے یہ بات کہی کہ ترتیب قرآن مین آیتون کو آگے پیچھے کر دیا ہی اگر یہ ترتیب مسلسل ہوتی تو اچھا تھا پس اُسنے لاریب شک و تشکیک سے قرآن کی نسبت بے ادبی کی اور شک و تشکیک قرآن مین کفر ہی کما روی احمد و ابو داؤد عن ابوہریرہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المراء فی القرآن کفر یعنی فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ شک و تشکیک قرآن مین کفر ہی اور بھی حدیث شریف مین آیا ہی کہ جو کوئی شخص قرآن مین از روے عقل و قیاس اپنے کے گفتگو کرے اور راے اُسکی صواب پر بھی ہو تو بھی اُسنے خطا کی کما روی الترمذی و ابو داؤد عن جندب قال قال رسول اللہ صلعم من قال فی القرآن برائہ فاصاب فقد اخطاء شیخ عبد الحق محدث دہلوی فرماتے ہین کہ اگرچہ در واقع حق و ثواب اتفاق افتاد اما چون در قصد و طریق آن خطا کرد حکم خطا دارد و این برعکس حال مجتہد ست کہ اگرچہ خطا کند بر صواب ست یعنی مثل اجر و ثواب کلام درین مقام تفصیلے دارد اور مولانا استاذ الاستاذ حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ العزیز بجواب سوال مولوی عبد الحی صاحب میفرمایند کہ فہم قرآن و حدیث را اولاً علم لغت و صرف و نحو و اشتقاق و معانی و بیان و فقہ و اصول فقہ و علم عقائد یعنی کلام و علم حدیث و آثار و تواریخ و علم ناسخ و منسوخ و دفع و تعارض و طرق تاویل و توجیہات و اشتقاق لابد ضرور است و بدون معرفت این علوم در آمدن در معانی قرآن و حدیث جائز نیست میزان در معرفت حق و باطل فہم صحابہ و تابعین ست آنچہ این جماعہ از تعلیم آنجناب با نضمام قرائن حالی و مقالی فہمیدہ اند و دران لحظہ ظاہر نگردیدہ واجب القبول است پس اگر کسے بر خلاف فہم قرآن اول عمل میکند در بدعت او ملاحظہ باید کرد اگر مخالف ادلہ قطعیہ است یعنی نصوص متواترہ و اجماع قطعی اورا کافر باید شمرد و اگر مخالف ادلہ ظنیہ قریبۃ الیقین است مانند اخبار مشہورہ و اجماع عرفی گمراہ توان فہمید دون الکفر و الا ازباب اختلاف امتی رحمۃ باید دانست لیکن تمیز این مراتب بعلم وافر تعلق دارد انتہی قولہ بالجملہ سوال مستفتی سے پیدا ہی کہ یہ شخص ترتیب قرآن مین دخل و تصرف کرتا ہی پس مخالف نصوص متواترہ و اجماع قطعی ہوا و فی التوضیح جاحد الخبر المتواتر کافر بالاتفاق اور وعید شدید کے تیر موحدین رکوع مین و من یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الہدی و یتبع غیر سبیل المومنین نولہ ما تولی و نصلہ جہنم و ساءت مصیرا یعنی جو کوئی مخالفت کرے رسول سے جب کھل چکی اُسپر راہ کی بات اور چلے سب مسلمانون کی راہ سے سوائے ہم اُسکو حوالہ کرین وہی طرف جو اُسنے پکڑی اور ڈالین اُسکو دوزخ مین اور بہت بری جگہ پہونچی اور ترمذی نے بسند مرفوع متصل عبد اللہ ابن عمر سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا ہاتھ ہی مسلمانون کی جماعت پر جسنے جدی راہ پکڑی وہ جا پڑا دوزخ مین اور امام احمد و ابو داؤد نے حضرت ابی ذر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے جسنے جدائی کی جماعت سے مقدار بالشت کے بیشک اُسنے کھینچ ڈالا حلقہ اسلام کو اپنی گردن سے اور کتب اصول فقہ مین ہی الاجماع اتفاق مجتہدین

مجتہدین صالحین من ائمۃ محمد صاحم فی عصر واحد علی امر قولی فعلی کفر حاجدہ والاقوی اجماع الصحابۃ یتضا شمل
ان نقولوا اجمعنا علی کذا فانہ مثل الامۃ حتی یکفر حاجدہ دوسرا امر یہ ہی کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ازروے علم وفہم ودانش افضل الامۃ ہین خصوصاً خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین مشکوۃ شریف
مین حضرت عبداللہ ابن مسعود سے روایت ہی عبارۃ ہکذا اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کانوا افضل الامۃ
ابرہا قلوبا واعمقہا علما واقلہا تکلفا اختارہم اللہ لصحبۃ نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم ولاقامۃ دینہ فاعرفوا لہم
فضلہم واتبعوہم علی اثرہم وتمسکوا بما استطعتم من اخلاقہم وسیرتہم فانہم کانوا علی الہدی المستقیم یعنی یاران
محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام امت سے افضل ہین اورازروے صفائی قلوب سب سے بزرگ تر اورازروے
علم وفہم سب سے دوراندیش تر اور تصنع وریا وتکلف مین قلیل تر وکمتر انکو اللہ نے اپنے رسول کی مصاحبت
کے لیے اختیار کیا اور اپنے دین کی اقامت کے واسطے تجویز فرمایا سوتم لوگ چلو انکے پیرون کے نشان پر
اور اختیار کرو انکی روش وخو کہ وہ لوگ تھے راہ راست پر اس سے معلوم ہوا کہ کوئی شخص بعد صحاب کے
علما وفہما انسے زیادہ نہین ہوسکتا کیونکہ اللہ جل شانہ نے جب انکے قلوب متصف بصفات حسنہ پائے
تب انکو اپنے پیغمبر کی مصاحبت کے واسطے منظور کیا اور انکی شان مین ارشاد کیا وانزمہم کلمۃ التقوی
وکانوا احق بہا واہلہا یعنی تھے سزاوار ولائق کلمۂ تقوے کے اور زیادہ تر مستحق اسکے اور انکو اہلیت
بوجوہ کمال تھی آثار مین وارد ہی کہ اللہ تعالے نے اپنے بندون کے قلوب دیکھے تو قلب حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کو روشن تر اور پاک تر پایا کہ نور نبوت اسمین رکھدیا پھر قلوب اصحاب کو صاف تر ولائق تر پائے
پس انکو اپنے پیغمبر کی مصاحبت مین قبول کیا شیخ عبدالحق دہلوی ترجمۂ مشکوۃ مین فرماتے ہین واین خود
ظاہر است وہیچ عاقل نہ پسندد کہ آنہا یاران پیغمبر خدا باشند ومریدان محمد مصطفے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وعمرہا درسایہ تربیت او بودہ وخدمت کردہ باشند وہنوز پاک وصاف نشدہ وبدرجۂ کمال علم
وعرفان نرسیدہ باشند آخر این بنقصان بحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عائد میشود ونعوذ باللہ من سوء الاعتقاد بکمال
علمہم وفہمہم اور مین کہتا ہون کہ آخر کار یہ نقصان اللہ جل شانہ کی طرف عائد ہوتا ہی کیونکہ قطع نظر اور فضائل کے
جو اللہ نے انکے حق مین ارشاد کیے ہین حکم مشورہ مین کہ اپنے پیغمبر سے فرماتے ہین شاورہم فی الامر بھی
قباحت لازم آتی ہی اور دین کی بنا ہی یکسر گری جاتی ہی اور پر ظاہر ہی کہ مشورے عقلا واہل دانش
وذی علم سے لیا جاتا ہی نہ کہ بے علم ونافہم سے پس جو کوئی شخص فہیم اصحاب پر طعن کرے اُسنے درحقیقت
رسول خدا پر طعن کی اور جسنے رسول پر طعن کی وہ مسلمان نہین ہی اور بالاتفاق ثابت ہی کہ جامع قرآن
باین ہیئت مجموعیہ جو فی الحال موجود ہی حضرت شیخین رضی اللہ عنہما ہین اور بحر الرائق مین صاف موجود ہی

کہ من سب الشیخین او طعن فیہما فقد کفر لا تقبل توبتہ و بہ اخذ الدبوسی و ابو اللیث و ہو المختار للفتوی
تیسرا امر یہ ہی کہ معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس بلا شبہہ و شک باجماع
امت محمدیہ قرآن مین داخل ہین جو کوئی انمین سے کسی لفظ کی انکار کرے کافر ہی اور نقل اس مذہب
کی عبد اللہ ابن مسعود سے کہ وہ معوذتین کو قرآن سے نہ جانتے تھے نقل باطل اور موضوع ہی قال البزاز
قد صح ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قرا بہما فی الصلوۃ بکر ابن قتیبہ نے مشکل القرآن مین لکھا ہی کہ عبد اللہ
ابن مسعود کو یہ گمان ہوا تھا کہ معوذین قرآن سے نہین ہین اس سبب سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت حسنین علیہما السلام کو ان دونون سے تعوذ فرماتے تھے مگر یہ ظن اسکا صواب پر نہ تھا کیونکہ جملہ
مہاجر و انصار معوذتین کو قرآن سے کہتے تھے قینہ مین موجود ہی کہ جب عبد اللہ ابن مسعود نے قرآن کو
حضرت علی مرتضی سے پڑھا تو اس قول سے انھون کے رجوع کی اور کہا کہ مین نے انکو عوذتین گمان کیا تھا
اور امام رازی و نووی و ابن حزم نقل اس مذہب کی عبد اللہ ابن مسعود سے بالکل باطل و کذب جانتے ہین
اور معتمد بھی یہی معلوم ہوتا ہی اسلیے کہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کا اس امر پر اجماع ہی
کہ قرارت قرار سبعہ کی صحیح و درست ہی کسی طرح کا کلام اسمین نہین ہی اور قرارت امام عاصم و کسائی
و حمزہ عبد اللہ ابن مسعود سے منسوب ہی سو انکی قرارت مین اور بھی قرارت ابن کثیر و نافع وغیرہ مین جو کہ
منسوب الی ابن کعب کی طرف ہی معوذتین موجود و قال صاحب القنیۃ من زعم ان المعوذتین لیستا
من القرآن فاولئک علیہم لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین اور جو کوئی شخص کہتا ہی کہ مجھکو
اللہ تعالے نے ترتیب کا حکم دیا ہی تو جاننا چاہیے کہ یہ کلام اسکا از قسم جنون و فساد تخیل ہی حکم اسکا
از روے شریعت ظاہر ہی اور قرآن شریف کو شعر جاننا یا رسول اللہ صلعم کو شاعر خیال کرنا ایسا ہی جیسا
حضرت صلعم کے عہد والے کافر تجویز کرتے تھے مگر بعد تجربہ و مشورہ اُن کافرون نے بھی شاعر
کہنے مین تامل کیا اور اسمین شاعر نہونے کے وجوہ بیان کیے ہین کہ بہجۃ المحافل وغیرہ کتب سیر مین
بتصریح موجود ہی اور محققین مفسرین نے بھی اس امر کی تفصیل تفسیر کردیہ ما علمناہ الشعر و ما ینبغی لہ مین
دندان شکن بیان فرمائی ہی جسکو ضرورت ہو مالاحظہ کرے واللہ اعلم بالصواب فقط

بیان مختصرے از حالات مصنف مرحوم

مصنف اس کتاب کے مولوی حسن بخش مرحوم متوطن قصبۂ کاکوری ضلع لکھنؤ کے تھے انکے والد بزرگوار مولوی حسین بخش مرحوم جو قریب ۱۲۴۲ھ کے منصف بمقام اناؤ رہے اور ۲۹ جمادی الاول ۱۲۵۷ھ ہجری میں ایک غلام کے ہاتھ سے بمقام سول آباد ضلع اناؤ شہید ہوئے و بمقام اناؤ اُس مکان کے باغیچہ میں جہاں اُس زمانہ میں عدالت منصفی تھی مدفون ہوئے ایک خظیرہ خوبصورت انکے مزار شریف کا بنا ہوا ہے داد انکے حضرت شاہ میر محمد قلندر تھے رحمۃ اللہ علیہ جو اطراف لکھنؤ میں بڑے نامی اولیاء اللہ مشہور و معروف ہیں ۸ جمادی الاول ۱۲۴۳ھ کو انکی وفات ہوئی اور کاکوری میں بمقام مکیہ شریف روضۂ منورہ میں مدفون ہیں مصنف مرحوم نے ابتدائے تعلیم عربیت اپنے نبی عمام مولانا شاہ حید علی اور مولانا شاہ تقی علی رضی اللہ عنہما سے کاکوری میں کیا پھر لکھنؤ میں مولانا حسن علی محدث اور دیگر اساتذہ سے علوم ظاہری کی تکمیل کی اور علم باطن کو اپنے جد بزرگوار سے حاصل کیا کسب معاش کے لیے مدت تک عدالتہائے انگریزی کے تعلق سے میں نوکری میں قیام پذیر رہے اور ۱۲۸۰ھ سے وہ تعلق چھوڑ کر اب بھی قیام میں پوری نہیں چھوڑا مشاغل روز و شب یہ تھے کہ دن کو علوم دینی کی کتابیں دیکھتے تھے اور رات کو اذکار اشغال میں بسر کرتے تھے یہ برکت توجہ خاص و التفات تام مرشد عالی صفات کی تھی جو ہمیشہ بقید حیات و بعد ممات مبذول رہی یہ کتاب تفریح الاذکیا انکے علم ظاہر و باطن کے ثبوت کے لیے دلیل بین ہے اور فلاوہ اسکے تفریح العاشقین فی مولد سید المرسلین جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حال میلاد میں اور تذکیر العارفین فی احوال سید الکاملین حضرت پیر دستگیر غوث الثقلین رحمۃ اللہ علیہ کے حالات کے بیان میں اور درۃ الکلام فی عقائد الاسلام علم کلام میں و تکملۂ مالا بد منہ ضروریات فقہ میں انکی تصنیفات سے ہیں ۱۹ جمادی الاولے سنہ ۱۳۰۱ ہجری کو بمقام میں پوری انتقال فرمایا اور عیدگاہ کے قریب اپنی وصیت کے موافق مدفون ہوئے خظیرہ کی شمالی دیوار میں ایک بڑے پتھر پر اشعار ذیل کندہ ہیں و خلف الصدق یادگار چھوڑے خلف اکبر مولوی محمد حسن وکیل ہائی کورٹ ممالک مغربی و شمالی اور خلف اصغر مولوی محمد احسن سب جج ضلع بارہ بنکی کے جو لوح جلد اول کتاب ہذا میں خلف اکبر سہو کاتب سے لکھے گئے خدا مصنف کو غریق رحمت کرے اور اس کتاب کو مقبول خواص و عام فرمائے

نظم

تفخر علم و عمل فخر زمن	قبلۂ احسن ابو المجد حسن	از سعیدی و از شہیدی نور عین	ابن ابن میرن و ابن حسین علہ
روز میلادش عزیزی محترم	ریخت بر خود روار باد از قلم ۱۲۲۱ھ	طالعش دمساز دولت یار ماند	از نصیب و بخت برخوردار ماند
علم ظاہر خواند با صد جستجو	از بزرگان خود در لکھنؤ	در طریقت جد عالی جاہ او	ہادی او مرشد او شاہ او
مولدش کاکوری از شصت سال	ہیں پوری بود از ذوالکمال	بود مہری بر غبار مستتر	ماخذش خذ ما صفا فوغ ماکدر
بینوایان را کریمی چارہ ساز	مفتی مستفتیان را دلنواز	در پناہ مصطفےٰ دین را پناہ	عید اسلام و امام عیدگاہ

بست و پنجم از ربیع آخرین — بود کز گشتہ ز بیماری حزین — خواب چون آب و غذا افسانہ شد — اشک غم خوار انش آب و دانہ شد
از دو واکردن مرضہا می فزود — روغن بادام خشکی می نمود — داد از ما و من عالم نجات — بی حواسی قبل سہ روز از وفات
نی بغیر و نی بنجو بہ بردہ خفتن — ہیچکس را ہیچگاہ نشناختن — لیک می جست با عجز و نیاز — مثل اہل ہوش وقت ہر نماز
قبلہ را بعد از تیمم می نشست — صحت ارکان نبی رفتی ز دست — بار ہر گہ میرسیدی تا سلام — بر ہمان پہلو نشیش بالا ترام
نوزدہ از اول جمادی چون رسید — صبح شنبہ سر از بستر کشید — گشت پیدا دفعۃً آثار یاس — از اضطراب بشرہ و نبض و حواس
بر لب او بار بار اللہ بود — بر زبان دلفگاران آہ بود — قبل وقت ظہر آن مہ بین — چید از بہر تیمم آستین
چون بیاسای کمی دمکان دیر — دست و رو — ذکر حق سر کرد با ذوق حضور — گرمی جوش طلیشہا آب کرد
بہر پوشیدن طلب کرد آن زمان — جبہ و عمامہ میر انس و جان — طاقی مرشد پسر بر سر نہاد — از زبان الحمد للہ گفت شاد
چون بہنگام زوال آمد بہار — بر زبانش شد رواں یا رب یار — بر داد امنی بہ پیش خشت خام — زد دو دست ناتوان با ذوق تام
رفت بالای خدا دست ہر دو — چپ بہ پہلو از انجا برنخاست — باز از دست یمین چپ کشید — تا کہ آنہم تاریخ انور رسید
ہمنان شد دو تیمم چارہ گر — ہر دو دست زار او با ہمدگر — از اشارت کرد فرض ظہر ادا — با سلام شوق پیش آمد قضا
رفت سوی عرش اعلی روح او — کل شیٔ ہالک الا وجہہ — ہاتفی از بہر تاریخش نوشت — جای پاکش باد الہی در بہشت

خاتم الشہادۃ

یہ کتاب ہر سو جسکے مضامین پر نام اُسکا اظہار دیتا ہی علم سیر مین جامع اور مفصل ہر زبان سلیس اور بے تکلف ہی اسمین چند باتین ایسی پائے گئے کہ اور کتب سیر سے اُسکو امتیاز ہر اوّل یہ کہ کتب تفسیر اور حدیث اور سیر جو ماخذ اس کتاب کے اور عمل سے زیادہ تعداد مین ہین سب معتبر و مستند ہین دوم یہ کہ جو مقام مختلف فیہ کسی واقعہ یا مسئلہ اہم کے بابت تھا اُسکی تحریر مین مصنف نے تقصیر نہین کی بلکہ جسقدر روایات متعلقہ کتب مدوّنہ ماخوذ عنہ مین پائین سبکو شرح اور بسط کے ساتھ لکھا تاکہ ناظرین کو سب روایات پر عبور ہو جائے سوم یہ کہ واقعات اور روایات مختلف فیہ مین اصول علماء دین کا برتاؤ کیا یعنی تطبیق روایات اور رفع اختلافات کا حسب قاعدہ کیا اور حق مقام ادا کیا اور یہ امر لائق قدر کے ہی - چہارم مصنف نے تمام کتاب مین تعصب مذہبی کو دخل نہین دیا بلکہ جہان کہین اختلافات مذہبی کا موقع آیا وہان سہولت کے ساتھ مہذبانہ بحث کی اور ترجیح مذہب خاص کی جو لازم اہل مذہب ہی فرمائی کوئی فریق جانب مقابل کو موقع شکایت کا نہین دیا پنجم جیسی کہ یہ کتاب اپنے مضامین دینی اور مقاصد پاکیزہ سے مملو ہی ویسی ہی مصنف نے عبارت کتاب کو پاکیزہ اور منزہ الفاظ فحش اور نا ملائم سے رکھا اور اس لحاظ سے مین کہہ سکتا ہون کہ یہ کتاب اسکے بھی قابل ہی کہ عورات اہل اسلام کی

مطالعہ کرین اور اُس سے فائدہ اُٹھائین - اور اہل اسلام کو مصنف کا ممنون ہونا چاہیے کہ ایسی کتاب اپنی قوم کے فائدہ کے لیے جمع کی اور دعا کرنی چاہیے کہ مصنف کو اسکا اجر بارگاہ الٰہی سے عطا ہو

قطعہ تاریخ طبع از نتائج افکار پیر فنی و علی
سید تصدق حسین رضوی مخلص عاشق ملازم مطبع

شکر خدا کہ چھپ گئی تفریح الاذکیا
عاشق نے سال طبع کیا عیسوی رقم
پیغمبرون کے حال مین جو بے عدیل ہی
تاریخ انبیا مین کتاب جلیل ہی
۱۸۸۶ء

ولہ

تفریح الاذکیا بھی عجب خوشنما چھپی
عاشق نے سال طبع یہ ہجری مین لکھدیا
ہر خرد و ہر کلان کی یہ مقبول ہی کتاب
حالات انبیا مین یہ معقول ہی کتاب
۱۳۰۳ھ

قطعہ تاریخ طبع نتیجہ فکر ارجمند منشی اشرف علی صاحب خوشنویس مطبع

چھپا ہی کیا ہی پاکیزہ یہ نسخہ
انیس خاطر اہل زمن ہے
رقم کر مصرع تاریخ اشرف
کلام شاہ اقلیم سخن ہے
۱۳۰۳ھ

ایضاً عیسوی

فضل خدا سے یہ چھپی کیا کتاب
ہوگا ہر اک اہل زبان بہرہ مند
فکر ہی تاریخ مسیحی کی گر
لکھ ہی ریاض سخن دل پسند
۱۸۸۶ء

خاتمۃ الطبع

خدا تعالیٰ کا شکر اور احسان ہی کہ کتاب مستطاب مسمی بہ تفریح الاذکیا فی احوال الانبیا تصنیف قدوۃ العلیا زبدۃ الفضلا حضرت مولوی ابو المحسن حسن بخش کاکوروی طاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ بتائید ایزدی و لطف سرمدی بساعت مجمود و زمان مسعود ماہ مارچ ۱۸۸۶ء مطابق شہر جمادی الاولی ۱۳۰۳ھ مین بمطبع عالیہ جناب منشی نول کشور صاحب طبع ہوئی - اسکے لیے اہالیان مطبع نے اہتمام بلیغ کیا تقطیع اسکی موزون اور مناسب اور کاغذ بامتیاز اسکے خوشنویس کاغذ نہایت عمدہ ہی ابتداؤ تصحیح اسکی جناب مولوی محمد ابو الحسن صاحب نے فرمائی نا بیجھ مولوی میانجان صاحب نے انھین مدد دی حتی الوسع اس کتاب کے عمدہ چھپنے مین دقیقہ

فروگذاشت نہین ہوا اور اگر کہین غلطی باقی رہی تو قابل درگذر ہی اسواسطے کہ کتاب بڑی ضخیم و عظیم ہی انسان کی
نظر چوک ہی جاتی ہی مشکل ہی کہ ایسی بھاری کتاب پاک صاف ایسی ہو کہ غلطی کا نام نہو۔ صاحب فرمایش
جناب مولوی محمد احسن صاحب سپرنٹنڈنٹ جسنے جو توجہ اس کتاب کے طبع اور رواج مین کی
کچھ شک نہین ہی کہ وہ موجب خوشنودی روح مقدس حضرت مصنف مرحوم والد صاحب فرمایش ہوگی اور کیا اس سے
بڑھکر سعادت اور ارجمندی فرزندان سعید کے لیے ہوسکتی ہی کہ بعد از انتقال بزرگان نامدار کے ایسی کتاب
یادگار کو رواج دے جسکے سبب مدتہاے دراز تک نام انکا قائم اور برقرار رہے اور چونکہ یہ کتاب سیر المتاخرین
مستثنےٰ اور لاجواب ہی اور اس زبان مین جو ہند کی ملکی زبان ہی اور تا زمان قیام ہند رہسکا بقا ہی اور روز بروز
اسی زبان مین کتابین بنائی جاتی ہین لہذا امید ہی کہ مدتہاے دراز تک اس کتاب کے اشتہار کے سبب
نام مصنف صفحہ روزگار پر باقی رہیگا اور درحقیقت صاحب فرمایش نے احیاء نام مصنف کیا جسطرح احیاء
انکا انسے ہوا اور یہ ایک نعم البدل ہی اور حق اپنا پورا پورا ادا کردیا۔ اور یہ جدید تصنیف جدید کا رائج اور
فروخت کرنا اسوجہ سے کہ باشندگان ملک کو اطلاع اسکے رطب یابس سے نہین ہوتی دشوار ہوتا ہی
لیکن مالک مطبع منشی نولکشور صاحب کی ہمت اور عالی حوصلگی تعریف کے قابل ہی اور قدرشناسی
کتب کی انھین کا حصہ ہی کہ ایک کثیر التعداد نسخے اس کتاب کے بیدریغ چھپواڈالے از انجا کہ یہ کتاب
مشتمل بر احوال خیر آل حضرت انبیاء مرسلین علی نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام ہی اور بہ نیت خیر اور تعمیم
فیض و برکات تصنیف اور طبع ہوئی اسواسطے امید ہی کہ بہت جلد یہ کتاب تمام ہند مین رواج پائے
اور فائدہ تمام مطبع کو اس سے پہونچے اور دوبارہ سہ بارہ چھپنے کی نوبت آئے بندی عرض یہ کتاب
چھپی اور اعلیٰ درجہ کا اہتمام اسکی طبع مین ہوا اسکا تقاضا یہ تھا کہ ارباب مطبع سب تاریخ اور تطعات
اسکے طبع کے فرماتے لیکن بہ کثرت مشاغل انکو اسقدر رہتے ہین کہ اپنے اپنے خاص کام سے فرصت
سر اٹھانے کی نہین ملتی اور کارخانہ انکی کارگزاری اور عرقریزی کا شکر گزار ہی لہذا خاتمہ کتاب پر صرف
مولوی سید تصدق حسین صاحب مصحح اور منشی شیخ اشرف علی صاحب خوشنویس وقت کی چند
تاریخین زینت بخش خاتمہ بالخیر ہوئین اللہ تعالیٰ مصنف مرحوم اور مالک مطبع اور کارگزاران مطبع کو اس کتاب
بابرکات کے وسیلہ سے اجر عظیم اور کامیابی فخیم عطا کرے اور کارخانہ منشی نولکشور صاحب کو مدت دراز تک قائم
رکھے کہ اسکے باعث ہزارون بلکہ لاکھون کتب علوم دینی و دنیوی کے طبع ہوکر موجب ترقی علوم و
فنون ہوتی ہین اور قدیم و جدید کتابین جو کبھی دیکھنے مین بھی نہین آتی تھین ہر ایک شخص کو
بآسانی و ارزانی میسر آتی ہین فقط۔

باب - ذکر کرامت وخرق عادات
سد مصنفہ شاہ الہدایہ۔
سروری - معروف بہ گنج تاریخ تاریخ ولادت
ات اولیا اللہ اور سلاطین ہند اسلامی کا ذکر ہے
علام سرور لاہوری۔
ان مذاہب - اعتقادات مذاہب کا بیان
ہ باسم نامہ نگار۔
ب القلوب فارسی مصنفہ شاہ عبدالحق دہلوی
یات القلوب - نوادر کتب معتبرہ مذہب امامیہ سے
ی بہت سندی مصنفہ قدوۃ العلما ملا محمد باقر
ملسی تین جلد۔
ا جلد میں احوال انبیا کا باسناد رواۃ از آدم
السلام تا حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہت شرح و
سط کے ساتھ۔
۲ جلد خاص احوال بامہرات پیغمبر آخر الزمان
حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں
و بیان غزات وغزوات۔
۳ جلد - بیان امامت واثبات امامت بائمہ
اثنا عشر صلوات اللہ علیہم بہ براہین ونص قرآنی
دیث سرور دوجہانی۔
را الاولیا - اسمیں بائیس فصل ہیں اور ہر
۰۰ انواع واقسام رموزات اہل اللہ کا ذکر ہے
فریدالدین شکر گنج۔
ی - خصائل علوم وغیرہ کا ذکر ہے چالیس
ب مصنفہ مولوی محمد علی یزدی۔

مصباح الہدایت - ترجمہ عوارف مشتمل بر ذکر مبانی و
اصول طریقت اہل تصوف مترجمہ حضرت محمود الکاشانی۔
مصباح التہذیب - باسم تاریخی حکایات نصائح
مصنفہ شیخ کمال الدین۔
صد پند سود مند - یقان حکیم مع چار رسائل جلی قلم خوشخط
ا رسالہ سعادت نامہ۔
۲ - رسالہ خواجہ عبداللہ - انصاری۔
۳ - رسالہ تحفۃ الملوک۔
۴ - رسالہ منہاج العارفین۔
مطالب رشیدی - رموزات فقر وتصوف از
شاہ تراب علی کاکوروی۔
سرور العباد - شرح قصیدہ بانت سعاد مصنفہ مولوی
حاجی عبدالحافظ محمد نذیر۔
پند نامہ عطار - نصائح رموزات تصوف مصنفہ
حضرت شیخ فریدالدین عطار۔
کیمیائے سعادت - جو جامع شریعت وحقیقت ہے
مصنفہ امام محمد غزالی رحمہ اللہ۔
اخلاق جلالی - محشی مصنفہ ملا جلال الدین دوانی۔
اخلاق ناصری مصنفہ محقق نصیر الدین طوسی۔
اخلاق محسنی - درسی متداول از ملا حسین واعظ کاشفی
گلشن اسرار - رموز تصوف کا بیان مصنفہ مولوی
نور علی صاحب۔
می باید شنید - لب لباب اندرز ونصائح حکیمانہ
مصنفہ مولوی رفعت علی رفعت۔
حدیقہ حکیم سنائی - درسی کتاب مذاق تصوف میں

مکتوبات امام ربانی - تین جلد مین مع رسالہ
رد روافض و رسالۂ مصطلحات حضرات صوفیہ اسمین
مکاتیب و ارشادات حضرت مجدد الف ثانی ہین -
۱ جلد مین ایک سو تیرہ مکتوب ہین جمع کردہ
شاہ یار محمد بموجب ارشاد حضرت امام ربانی -
۲ جلد - تالیف شاہ محمد عبد الحق -
۳ جلد - تالیف شاہ محمد نعمان -
مع جلد - رسالۂ رد روافض -
و جلد - رسالہ مصطلحات صوفیہ -
گنجینۂ عرفان - بعنوان مذاق اہل تصوف مصنفہ
حضرت شیخ فرید الدین عطار وغیرہ عرفا -
رسالۂ غوثیہ بسمی بہ نشاط العشق - از ارشادات
حضرت غوث اعظمؒ -
بوستان مخشی - جلی قلم مانند اوسط قلم قطعہ کمال خوشخط
مصنفہ حضرت شیخ سعدیؒ -
ایضاً - دو مصرعہ جلی خوشخط -
ایضاً - بوستان قلم اوسط -
ایضاً - سہ مصرعی تمن و حاشیہ مین -
ایضاً - مترجم مترجمہ نظم نظم اردو ہمورن شعر بشعر مترجم از
نتیجہ طبع منشی گوبند پرشاد فضا تخلص -
انفاس الملا کابر و انوار الضمائر - دو رسالہ معرفت
و عرفان مین مصنفہ مولوی محمد نعیم اللہ -
مثنوی شاہ بو علی قلندر - عارفانہ مضمون از شاہ
بو علی قلندر -
مثنوی مولوی روم - نہایت خوشخط چار مصرعی

ہر شش و فتر مشہور از نتیجہ طبع عرفانی حضر
جلال الدین رومی بالحاق دفتر ہفتم -
شرح مثنوی روم - حاصل المتن بسیط شرح
مولانا عبد العلی ملقب بہ بحر العلوم تین جلد
ایضاً بسمی بہ لطائف معنوی تصنیف مولو
ایضاً بسمی بہ کاشفات رضوی مصنفہ مولوی
مجموعہ کلیات مثنویات - مشمولہ دہ رس
حضرت شیخ فرید الدین عطار -
۱ - رسالہ جواہر الذات - ۲ - رسالہ
۳ - رسالہ الٰہی نامہ - ۴ - رسالہ مخت
۵ - رسالہ منطق الطیر - ۶ - رسالہ بلبل
۷ - رسالہ نزہۃ الاحباب - ۸ - رسالہ مفتاح
۹ - رسالہ بیسر نامہ - ۱۰ - رسالہ پند نام
مثنوی سلسبیل - در وعظ از حکیم منور حسین
مجالس العشاق - با تصویر از میر سلطان حسین
شہنشاہ امیر تیمور -
منطق الطیر - نادر مثنوی مخاطبات طرف ط
اور جوابات انکے مصنفہ حضرت شیخ فرید الدین عط
نظم اللآلی - شرح قصیدہ بدا الامالی عربی ز
جسکی شرح نظم فارسی حافظ محمد بخش رفیقی نے فرما
مثنوی بزم و مثال - معرفت کے مذاق مین
مثنوی شیخ بہلول - حکایات اندر زآمیز -
معدن الجواہر - محاسن اخلاق کا بیان مصن
انوار الرحمن لتنویر الجنان - ملفوظات حضرت مولانا عبد